فیوض الرحمٰن

اُردو ترجمہ

تفسیر روح البیان

شیخ القرآن والحدیث فیض ملت حضرت علامہ مفتی

محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

مکتبہ اویسیہ رضویہ

سیلانی روڈ بہاول پور

یوم الرحمن

اردو ترجمہ

روح البیان

پارہ اول، دوئم

تالیف

الامام العالم الفاضل خاتمة المفسرین

حضرت العلامہ الشیخ **محمد اسماعیل حقی** رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

عمدۃ المفسرین ،استاذ العلماء حضرت علامہ

مولانا محمد فیض احمد اویسی صاحب مدظلہ العالی

سعادت اہتمام

صاحبزادہ عطاء الرسول اویسی

ناشر

مکتبہ اویسیہ رضویہ جامع مسجد سیرانی، سیرانی روڈ بہاولپور پاکستان

Mob. 0300-6843281

marfat.ocm

Marfat.com

جملہ حقوق اشاعت بحق ناشر محفوظ ہیں

نام تفسیر ——— فیوض الرحمٰن ترجمہ اردو روح البیان

پارہ ——— اول، دوئم (جلد اول)

تالیف ——— حضرت الشیخ علامہ محمد اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم ——— شیخ القرآن حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی صاحب مدظلہ

پروف ریڈنگ ——— پروفیسر اللہ نواز ناصر، علامہ عاشق مصطفیٰ قادری

قاری محمد اسلم مہروی، قاری نذیر احمد نقشبندی، محمد طارق اویسی

سن طباعت ——— نومبر 2005ء

سعادت اہتمام ——— صاحبزادہ عطاء الرسول اویسی

نگران اشاعت ——— حافظ محمد فدا الرسول اویسی، محمد شفاعت رسول

سعادت کمپوزنگ ——— محمد صفدر علی صابر، محمد شمس الحق چشتی

0301-7597607 0300-7892820

ناشر ——— مکتبہ اویسیہ رضویہ بہاولپور پاکستان

0300.6843281

ہدیہ ———

marfat.com

Marfat.com

انتساب

من بندہ فقیر بہ حضرت حقیر[1] عالی جناب سید الثقلین نبی الحرمین امام القبلتین
وسیلتنا فی الدارین راحۃ العاشقین مراد المشتاقین سیدالانبیاء والمرسلین
سیدنا ومولانا وشفیعنا یوم الجزاء حضور پرنور
سیدنا **محمد مصطفی** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی بیٹی نام سے معنون کر کے اس بارگاہ بے کس پناہ کو خداوند قدوس کا
واسطہ دے کر اس ناچیز ہدیہ کی قبولیت کی التجا کرتا ہوں۔

برگ سبزاست ہدیہ درویش

ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی غفرلہ
۹ صفر المظفر ۱۱۰۰ جولائی 1963ء
بروز جمعرات

[1] خدمت عزیز تفسیر (مصنف)

marfat.ocm
Marfat.com

تعارف مترجم

از:۔ الحاج چودھری مشتاق محمد خان۔۹ ہربھن داس سٹریٹ، بیرون موری گیٹ۔لاہور

خدا کے فضل وکرم سے آج بھی بہت سے علماء اور مشائخ تبلیغ اسلام میں سرگرم ہیں۔بعض نے تو اپنے روز وشب محض اسی مقصد کے لئے وقت کر رکھے ہیں کہ ان کا مقصد حیات صرف اور صرف اسلام کی تبلیغ اور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تقدیس بیان کرنا ہے۔وہ نور رسالت سے شمع اسلام کے نور میں اضافہ فرما رہے ہیں۔انہی بزرگوں میں عالم ربانی، متکلم لاثانی، کشاف الحقائق، مبین الدقائق، صاحب تصانیف کثیرہ، فیض ملت، حضرت، علامہ، الحاج، الحافظ

ابوالصالح مفتی **محمد فیض احمد اویسی** مدظلہٗ العالی

شیخ الحدیث جامعہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاولپور

کی ذات بابرکات کا شمار ہوتا ہے۔

ولادت باسعادت:۔

علم وعرفان کا یہ پیکر، فاضل نبیل، عالم جلیل ۱۳۵۱ھ/1932ء میں حامد آباد ضلع رحیم یار خاں کے مقام پر پیدا ہوئے۔آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی حضرت مولانا نور احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تھا۔

حلیہ مبارک:۔

یہ مرد درویش نہایت ہی سادہ، موزوں قامت، اکہرا جسم، موٹی پر کیف آنکھیں، سر پر سفید رنگ کی دستار، سفید تہبند، ٹخنوں تک نیچا کرتہ، دیسی جوتہ، سفید وسیاہ ریش بزرگی کی علامت، طبعیت میں انکسار وتواضع، سرتاپا ایثار ومحبت، درس وتدریس مشغلہ اور تصنیف وتالیف اوڑھنا بچھونا ہے۔مسلک اہل سنت کا داعی وعلمبردار ہے۔

تعلیم:۔

جب آپ چار پانچ سال کے ہوئے تو آپ کے والد محترم نے خود قرآن مجید ناظرہ کرایا۔یوں آپ کی ابتدائی تعلیم گھر سے شروع ہوئی۔ابتدائی تربیت کے بعد ۱۹۴۳ء میں والد ماجد کی ہدایت اور خواہش کے مطابق حافظ جان محمد صاحب قریہ کنلاں کے پاس حفظ قرآن پاک کے لئے حاضری دی۔ڈیڑھ سال کے عرصہ میں آٹھ پارے حفظ کر لئے۔اس کے بعد حضرت مولانا حافظ سراج احمد صاحب اور حافظ غلام حسین صاحب سے مکمل قرآن کریم حفظ

marfat.com
Marfat.com

کرنے کی سعادت حاصل کی۔ پاکستان کے معرض وجود (اگست ۱۹۴۷ء) میں آنے پر آپ نے پہلی محراب سنائی۔ ستمبر ۱۹۴۷ء میں پندنامہ سعدی سے فارسی کا آغاز کیا اور حکیم مولانا اللہ بخش سے تعلیم حاصل کی۔ علوم عربیہ کی کتب متداولہ حضرت مولانا الحاج خورشید احمد صاحب سے پڑھنے کے بعد جامعہ رضویہ مظہر الاسلام فیصل آباد میں شیخ القرآن والحدیث علامہ سردار احمد رضوی نور اللہ مرقدہ سے درس حدیث کے لئے حاضری دی۔ حضرت مولانا موصوف کے ہاتھوں سے رسم دستار بندی ہوئی اور انہیں سے سند فراغت حاصل کی۔

اثنائے تعلیم میں بسلسلہ سلوک روحانی قادریہ اویسیہ سلسلہ کے سرچشمہ حضرت خواجہ محکم الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سجادہ نشین الحاج خواجہ محمد الدین صاحب کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ ۱۳۸۱ھ میں ان کے وصال کے بعد شیخ الاسلام مقتدائے اہل سنت حضرت مولانا الحاج شاہ مصطفیٰ رضا سجادہ نشین آستانہ عالیہ رضویہ بریلی شریف ومفتی اعظم ہند حضرت مولانا مصطفیٰ رضا خان صاحب بریلوی جگر گوشہ امام اہل سنت مجدد دین وملت شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ العزیز سے بیعت کی درخواست کی جوانہوں نے قبول فرمالی اور آپ کو سلسلہ قادریہ میں سند مجاز مرحمت فرمائی۔

اسمائے گرامی اساتذہ کرام:۔

حضرت مولانا موصوف نے حصول علم کے لئے مندرجہ اساتذہ کرام سے رجوع کیا۔

پرائمری :۔ مولانا خیر محمد صاحب ، مولانا کریم بخش صاحب ، مولانا اللہ بخش صاحب

ناظرہ وحفظ:۔ والد ماجد حضرت مولانا نور احمد صاحب ، مولانا عبدالکریم صاحب ، مولانا خورشید احمد صاحب

مولانا سراج احمد صاحب کھمن ہیلوی ، شیخ القرآن والحدیث علامہ سردار احمد رضوی صاحب فیصل آباد

تبلیغ دین:۔

تحصیل علم سے فراغت کے بعد آپ نے اپنے آبائی گاؤں حامد آباد میں ایک تبلیغی ادارہ ''مدرسہ عربیہ منبع الفیوض اویسیہ رضویہ'' قائم کیا، وہاں تقریباً ۱۵ سال تک علم کی روشنی پھیلاتے رہے۔ چونکہ حامد آباد ایک معمولی سا گاؤں ہے اور آمد ورفت کا معقول انتظام نہیں ہے اس لیے سکونت ترک کر کے ۱۹۶۳ء میں بہاولپور منتقل ہو گئے۔ بہاولپور اس وقت بدعقیدہ لوگوں کی گرفت میں تھا اور اس مرد حق شناس نے جونہی مسلک اہل سنت کی شمع روشن کی اس پر مشکلات کا ایک پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ان کی پرخلوص محنتیں بارآور ثابت ہوئیں اور ۱۹۶۷ء میں آپ نے ملتان روڈ پر زمین حاصل کر کے سیرانی مسجد اور جامعہ اویسیہ رضویہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ راقم الحروف ان دنوں بسلسلہ ملازمت بہاولپور میں مقیم تھا اور اویسی صاحب کے درس قرآن سے کئی بار مستفید ہونے کا موقع نصیب ہوا۔ ان دنوں سے خواہش رہی کہ کبھی ان کے قدموں میں بیٹھ کر خدمت دین کا موقع ملے۔ آخر ایک مدت کے بعد اللہ تعالیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

نے تمنا کسی حد تک پوری فرمادی۔آپ کی روشن کردہ شمع کے پروانوں کی تعداد متعد بہ اضافہ ہورہا ہے۔اشاعت دین کے علاوہ حضرت اویسی صاحب ہر سال رمضان المبارک میں اطراف واکناف سے آنے والے طلبہ کو قرآن پاک کی تفسیر بھی پڑھاتے ہیں۔آپ کی سالہا سال کی مسلسل محنت سے ہزاروں فضلاء،علماء اور حفاظ پیدا ہوئے۔جن کی فہرست بہت طویل ہے اور شمار سے باہر ہیں۔نہ صرف پاکستانی بلکہ بیرونی ممالک میں بھی آپ کے تلامذہ ملکی وملی اور دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔چند مشاہیر کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں۔

مشاہیر گرامی:۔

مولانا حافظ عبدالحمید اویسی الہ آباد، مولانا مفتی مختار احمد درانی خانپوری، مولانا حافظ عبدالستار گھوٹکی، مولانا قاری عبدالرحمٰن ٹھٹھہ (سندھ)، مولانا سید محمد یوسف سرحد، مولانا محمد ریاض احمد امریکہ، مولانا حافظ عبدالواحد مدینہ طیبہ، مولانا عبدالرحمٰن سندھی مدینہ طیبہ، مولانا عزیز اللہ لاڑکانہ، مولانا مفتی غلام مصطفیٰ رضوی ملتان، مولانا غلام محمد کوئٹہ، مولانا محمد وارث خضدار بلوچستان، مولانا محمد جمیل الرحمٰن سعودی عرب، مولانا قاری منظور احمد سعودی عرب، مولانا سید معظم الدین میانوالی مولانا محمد قاسم کوئٹہ، مولانا محمد فاروق القادری کراچی، مولانا محمد فاروق احمد قادری گڑھی اختیار خان، مولانا صاحبزادہ محمد اسمٰعیل نقشبندی سرگودھا، مولانا مفتی غلام سرور لاہور، مولانا مقصود احمد لاہور، مولانا قاری محمود الحسن کولمبو سراندیپ، مولانا محمد اشرف گجرات، صاحبزادہ مولانا علی احمد مانگٹ، مولانا قاری محمد طیب لاہور، مولانا جمال الدین کوئٹہ، مولانا منیر الزماں ابوظہبی [1]

یہ عاشق رسول عقائد کے معاملہ میں بہت متصلب واقع ہوئے اور اہانت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کرنے والوں سے کسی قسم کی رورعایت کے قائل نہیں ہیں۔آپ گستاخانِ رسول کے علاوہ سب کے لئے محبت وایثار کا مجسمہ ہیں۔آپ کے ہاں ہر وقت مسلک تصوف کی محفلیں برپا رہتی ہیں۔

سلسلہ تصانیف:۔

آپ جہاں ایک فاضل مدرس ہیں وہاں تحریر میں بھی خاصی مہارت اور ید طولیٰ رکھتے ہیں۔اب تک ایک تین ہزار کے لگ بھگ کتب ورسائل کی تصنیف فرما چکے ہیں۔[2] ابھی آپ طفل کتب تھے کہ ایک کتاب "انگوٹھے چومنے کا بیان" تالیف فرمائی چند دیگر تصنیفات وتالیفات درج ذیل ہیں۔

فیوض الرحمٰن اردو ترجمہ روح البیان۔۳۰ پارے، نعم الجامی شرح جامی۔۸ جلدیں، فتاوی اویسیہ۔۸ جلدیں، صدائے نودی شرح مثنوی۔۲ جلدیں، شرح مائۃ عامل، شہد سے میٹھا نام محمد، آئینہ شیعہ نما، چشمہ نور افزاء، تفسیر روح البیان کا

---

[1]۔ان میں بعض وہ حضرات ہیں جو آپ کے زمانہ طالبعلمی کے شاگرد ہیں اور بعض وہ ہیں جنہوں نے آپ سے چند اسباق پڑھے اور بعض مستقل شاگرد ہیں۔ [2]۔علم کے موتی کے کے عنوان سے آپ کی کتب کی فہرست کراچی اور مکتبہ اویسیہ بہاولپور سے شائع ہو چکی ہے

marfat.ocm
Marfat.com

اردو ترجمہ "فیوض الرحمٰن" کر کے حضرت علامہ اویسی صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے دین اسلام کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔اس کے لئے وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہوں کہ ان کی خدمت دین متین کے لئے عمر دراز عطا فرمائے۔ ہر برس کے دن ہوں پچاس ہزار

خدا تعالیٰ ان کی اس کاوش کو شرف قبولیت بخشے۔ آمین ثم آمین

اولاد امجاد:۔

بفضلہٖ تعالیٰ علامہ اویسی صاحب کے چار صاحبزادے ہیں اور الحمدللہ تعالیٰ چاروں خدمت دین متین میں گوناگوں مصروف ہیں۔

۱۔علامہ حافظ محمد صالح اویسی ،مفتی جامعہ اویسیہ رضویہ بہاولپور،خطیب جامع مسجد

۲۔علامہ حافظ محمد عطاء الرسول اویسی،مدرس جامعہ اویسیہ رضویہ بہاولپور،مدیر اعلیٰ فیض عالم،خطیب جامع مسجد

۳۔علامہ حافظ محمد فیاض احمد اویسی،مدرس جامعہ اویسیہ بہاولپور،ایڈیٹر ماہنامہ فیض عالم،خطیب جامع مسجد

۴۔علامہ حافظ ریاض احمد اویسی، ناظم جامعہ اویسیہ بہاولپور،خطیب جامع مسجد

اور ایک صاحبزادی صاحبہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان سب کو اپنے والد مکرم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مشتاق محمد خان

لاہور

marfat.ocm
Marfat.com

وجہ تالیف تفسیر روح البیان

از:۔ حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۔ھ)

الحمد للّٰہ الذی اظھر من نسخة حقایقة الذاتیة الکمالیة نقوش العوالم والاعلام واخرج من نون الجمع الفاقی انواع الحروف والکلام انزل من مقام الجمع والتریه قرءانا عربیاً غیر ذی عوج وجعله معجزة علیٰ وجه کل زمان ساطعة البراهین والحج والصلوة والسلام علی من هو فاتح باب الحضرة فی العلم والعین والیقین سیدنا محمد الذی کان نبیاً وادم بین الماء والطین وعلیٰ اله واصحابه المتخلیقین بخلق القرءان ومن تبعهم باحسان الیٰ اخرالزمان ۔

حمد ودرود کے بعد عرض پرداز ہے بندہ فقیر حضرت ذبیح اللہ علیہ السلام کا ہم نام اسماعیل حقی واعظ مہاجر (رحمۃ اللہ علیہ ،اللہ تعالیٰ انہیں صبح وشام اور دوپہر کے فتنوں کے محفوظ رکھے) جب میرے شیخ امام علامہ اور میرے استاد جو بڑے عالم اور فہیم اور اپنے وقت کے سلطان اور اپنے زمانہ میں بے نظیر ہیں اور وہ علم وعرفان کی وجہ سے مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کی حجت اور انوار عنائت وتوفیق کے مطلع اور اسرار خلافت کے علی التحقیق وارث اور ان کے لئے گیارہویں صدی کے مجدد ہونے پر لوگ متفق ہیں وہ الہام ربانی کے معدن اور حسبی نسبی سید ہیں۔ حضرت عثمان بن عفان رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہٗ کے ہم نام اور قسطنطنیہ میں مقیم ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرے اور ان کے طفیل ہماری امداد فرمائے، کا ارشاد ہوا کہ تم شہر بروسا (جو اولیاء کرام کا مرکز ہے، اللہ تعالیٰ اسے ہر شر وفساد سے محفوظ رکھے) کی طرف چلے جاؤ۔ حسب الحکم ۱۰۶۰ھ میں وہاں پہنچا تو وہاں سوائے وعظ ونصیحت کے اور کوئی چارہ نظر نہ آیا۔ یہ سلسلہ جامع مسجد کبیر (جو نورانی عبادت گاہ، مشہور ومعروف مقام ہے) میں ہوا اس سے قبل جب کہ روم کے بعض شہروں میں مقیم تھا تو میرے پاس چند صحیفے جمع تھے ان میں تفاسیر ودیگر علوم جمع کیے گئے تھے۔ وہ بھی سورہ آل عمران سے کچھ تھوڑا سا آگے کی تفسیر پر مشتمل تھا اور ان میں طوالت کے باوجود متفرق اوراق تھے۔ میرا ارادہ ہوا کہ ان کا خلاصہ بیان کروں اور ان میں جو کمی بیشی ہو ترمیم وتنسیخ کروں اور جو مضامین بڑھانے کے لائق ہوں ان کا اضافہ کروں۔ اگرچہ میں قلیل البضاعۃ ہوں لیکن اگر اللہ تعالیٰ نے مہلت بخشی تو بوقت فرصت اسے تحریر میں لاؤں گا۔ تاکہ میرے لئے یوم آخرت کا ذخیرہ ہو بلکہ میرے لیے سفارشی

marfat.ocm
Marfat.com

بنے اس یوم میں کہ جہاں نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی شفاعت کرنے والا نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سے سوال ہے کہ اسے صالحات الاعمال، خالصات الآثار اور آخر عمر تک باقیات الصالحات سے بنائے۔ کیونکہ وہ کریم جب کسی بندہ سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے اعمال لوگوں کی نظروں میں اچھے بنا دیتا ہے اور اسے ان خیرات کا اہل بنا دیتا ہے جو نہایت اعلیٰ اور مرغوب ہیں اور وہی فیاض ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سبب ترجمہ ھذا

از:۔ شیخ القرآن والحدیث، فیض ملت علامہ مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ العالی

بحمدک یامفیض الجود الخیر علی عبادک الاخیار یاستار ویاغفار اغفر ذنوبنا واستر عیوبنا واعصمنا من فتن المبطلین والاشرار انت الباقی بلا زوال لم یطر علیک ونقص ولا یجری علیک نکص انت القادر والقدیر والمختار علی حبیبک الاعظم ونبیک الاکرم ونورک المعظم وسرک الافخم سید الانبیاء والابرار امام الانبیاء وقدوۃ الاصفیاء وصفوۃ الانام واکرم الکرام ھادم بنیان الکفر والشر والاشرار وعلی الہ الاطھار واصحابہ الصغار والکبار۔

امابعد فقیر ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی غفرلہٗ کو عرصہ سے ایک جامع تفسیر تحریر کرنے کا شوق دامن گیر تھا علمی بضاعتی کے علاوہ کم ہمتی بھی مانع تھی اور نہ ہی تفسیروں کا ذخیرہ میسر تھا۔ طویل عرصہ گذر جانے کے بعد تفسیر روح البیان کا مطالعہ نصیب ہوا۔ اس نے میرے شوق سابق کے خوابیدہ تصورات کو بیدار کیا۔ وہی کچھ ملا جو میں تفاسیر شتی سے چاہتا ہتا تھا کہ لغت بھی ہو اور فقہ بھی، حدیث بھی ہو اور تفسیر بھی۔ اہل ظواہر بھی فائدہ اٹھائیں، اہل تصوف بھی مستفید ہوں۔ محققین بھی اس سے استفادہ فرمائیں اور مبتدی حضرات بھی۔ جس طرح مدرسین کی نظروں میں منظور ہوا اسی طرح واعظین کا مطمع نظر بھی ہو۔ چنانچہ اس کے ترجمہ کا آغاز یکم جنوری ۱۹۵۸ء سے ہوا اور یکم جنوری ۱۹۵۹ء میں "ماہ طیبہ" کوٹلی لوہاراں، ضلع سیالکوٹ کی مسلسل اشاعتوں میں شائع ہوتا رہا۔

فقیر ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہٗ

marfat.ocm
Marfat.com

روح البیان اور اس کا مصنف مرحوم

مصنف روح البیان جناب اسماعیل حقی قدس سرہٗ العزیز ایک عارف کامل اور علامہ دوراں اور یگانہ زمان تھے جن کے عرفان اور فضل وکمال کا اعتراف مخالفین کو بھی ہے۔ چنانچہ مولوی محمد صدیق حسن خان بھوپالی نے اپنی معروف تصنیف" اکسیر فی اصول تفسیر "صفحہ ۸۲ میں لکھا کہ: روح البیان فی تفسیر القرآن للشیخ العارف الکامل الشیخ اسماعیل حقی رحمة الله علیه ۔۔۔۔یعنی یہ تفسیر آپ نے اپنے شیخ عارف کامل حضرت عثمان قدس سرہٗ کے حکم سے قسطنطنیہ میں لکھی۔ خود مصنف رحمة اللّٰہ تعالیٰ علیہ نے بھی اسی پارہ اول کے مقدمہ میں لکھا۔

تفسیر روح البیان کا تعارف:۔

مولوی بھوپالی "روح البیان" کے تعارف میں لکھتا ہے کہ وھو فی ستة مجلدات لم یذکرہ فی کشف الظنون وقد طبع فی ھذا الزمان بمصر القاھرہ یحتوی علی معارف وحقائق علی لسان التصوف یعنی وہ چھ جلدوں میں ہے اسے کشف الظنون (جو تصانیف پر مشتمل ہے) میں نہیں لایا گیا یہ تفسیر معارف (معرفۃ کی جمع) اور حقائق (حقیقۃ کی جمع) کو حاوی ہے اور تصوف کے رنگ میں لکھی گئی ہے۔

صدیق حسن بھوپالی کا تعارف:۔

۱۔ مخالفین کا یہی محقق خود اپنے لیے یوں لکھتا ہے:۔ الاما م العلامه البحر الفهامه البر کة الشامله لمن هو فی الهند و القهامه الخ (حاشیہ وہابی مذہب)

۲۔ مولوی اسماعیل سلفی گوجرانوالہ نے لکھا:۔ دقتِ نظر، وسعتِ مطالعہ، زہد وتقوی کے لحاظ سے ان کا مقام یقیناً اونچا ہے اور فہم قرآن میں ان کا ذہن بے حد صاف ہے بہت اکابر قدماء سے بھی ان کی رائے صائب معلوم ہوتی ہے۔ (حیات النبی، صفحہ ۴۶، ۴۷)

۳۔ مولوی اشرف سندھو نے لکھا ہے کہ:۔ نواب صدیق حسن خان اہلحدیث مسلک کے علمبردار ہیں اور وسیع النظر محقق ہیں۔ (تاریخ التقلید، صفحہ ۱۴۹)

۴۔ نواب صدیق حسن بھوپالی "مجدد" تھے۔ (اہلحدیث امرتسر ۱۹۱۲ء، صفحہ ۲۸)

marfat.ocm
Marfat.com

انصاف اے اہل انصاف!

مولوی محمد صدیق حسن خان بھوپالی کی شخصیت سامنے آگئی اور ان کا اعتراف بھی پڑھ لیا گیا کہ یہ تفسیر معارف وحقائق کا گنجینہ ہے۔ پھر اس کے بعد خلجان کیوں؟ وہ صرف اسی لیے کہ تصوف کے مسائل بھی اس میں موجود ہیں اور پھر اس لیے کہ یہ تفسیر (روح البیان) عارف کامل حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ کے اشعار پر مشتمل ہے اور کے بھی چھ دفتر ہیں اس لیے بعد صدیق حسن مذکور نے دل کی بھڑاس نکالی ہے:

"مزج فيه العربية بالفارسية من غير امتياز بينهما "یعنی مفسر نے عبارت عربی، فارسی ملا کر لکھی ہے۔

جواب:۔

i۔ اولاً تو تفسیر روح البیان پر مذکورہ بالا الزام غلط ہے اس لیے کہ فارسی عبارات تفسیر ہذا میں لائی ضرور گئی ہیں لیکن نہ ہونے کے برابر اور وہ بھی کسی معتبر اور مستند کتاب، تفسیر کی نقل کے طور پر، اس طرح سے مصنف کو داد دینی چاہیے کہ انہوں نے تفسیر بالرائے سے کام نہیں لیا بلکہ مضمون کو دوسرے محققین اور مستند علما سے مؤید وموثق کیا ہے۔

ii۔ ہمارے درو میں انگریزی زبان علاج عروج پر ہے۔ جو مصنف اپنی تصنیف میں انگریزی حروف وجملے لاتا ہے اسے جدت کا تاج پہنا کر تحسین وآفرین کے ڈونگرے برسائے جاتے ہیں۔ صاحب روح البیان کے زمانہ میں فارسی زبان کا طوطی بولتا تھا۔ اسی لیے وہ اپنی تحریر میں فارسی جملے لائے تا کہ جدت پسند حضرات تفسیر کو سر آنکھوں پر رکھیں۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا کہ جتنی مقبولیت تفسیر روح البیان کو حاصل ہے کسی دیگر تفسیر کو نصیب نہیں۔ صدیق حسن مذکور نے اور لکھا:۔

واتى بارا جيف كثيره لاينبغى الالتفات لاينبغى اليها وفتاوى ضيعة لا يعتمد عليها وليس فى الحقيقة من التفسير للكتاب العزيز بشئى واورد دفيه اشعار كثيرة من الفرس سيما من مثنوى الشيخ جلال الدين الرومى وهو من توابعه من الاعتقاد والمعرفة الذ اسمعى كل جزء من اجزاء التفسير بالدفتر واجتراء على كتاب الله بادخال ليس منه ۔

یعنی تفسیر میں اراجیف کثیرہ لایا ہے۔ یاد رہے کہ اراجیف بالفتح ارجاف کی جمع ہے بمعنی بیہودہ لوگ، جھوٹی اور بے بنیاد باتیں۔ (غیاث اللغات)

اویسی کی بھی سنیے:۔

ناظرین! آپ نے دیکھ لیا، اسے کہتے ہیں تعصب اور سچ ہے دروغ را حافظہ نباشد ابھی تو اس تفسیر کو

marfat.ocm
Marfat.com

''معارف وحقائق کا گنجینہ اور مصنف کو عارف لکھا'' اور پھر اس کی تفسیر کو اراجیف جیسے گندے الفاظ جڑ دیے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) اور ''فتاوی ضعیفہ'' کا الزام بھی بے بنیاد ہے۔ یہ تعصب کی کاروائی ہے ورنہ الحمدللہ مصنف روح البیان قدس سرہٗ نے حوالہ جات تفسیر میں لکھے ہیں۔ان میں کوئی بھی ضعیف حوالہ نہیں۔

مولانا روم کی اقتدا:۔

بھوپالی صاحب نے اپنے تئیں معقول الزام لگایا ہے کہ مصنف روح البیان مولانا روم کا نہ صرف متبع بلکہ اتنا بڑا معتقد ہے کہ تفسیر کو مثنوی کے چھ دفتروں کے مطابق چھ دفتروں میں لکھ دیا۔

عرض اویسی غفرلہٗ:۔

مخالف نے یہ الزام لگا کر اپنی بدمذہبی کا اظہار اور ہمارے ممدوح کی تفسیر پر علم وعرفان سے بھرپور ہونے کی مہر ثبوت لگادی ہے۔ **الحمد للہ علی ذالک**

اہل سنت اور صوفیہ کو دعوت مطالعہ:۔

مولانا روم قدس سرہٗ کی مثنوی کے عشاق بخوبی واقف ہیں اس مقدس کتاب کا صرف مطالعہ ہی صاحب عرفان بنادیتا ہے۔چنانچہ مولوی اشرف علی تھانوی نے فیوض الرحمٰن (ملفوظات) میں اعتراف کیا ہے کہ صرف مثنوی کے مطالعہ سے بے ایمانوں کو ایمان اور ایمان داروں کو عرفان کی دولت نصیب ہوئی جس کی تفصیل فقیر کی کتاب **'' فیض القوی فی فضائل المثنوی ''** میں ہے۔یوں سمجھئے کہ تفسیر روح البیان اہل سنت کے مسلک اور احناف اور تصوف اسلام کا عطر ہے صرف یہی ایک تفسیر ان جملہ برکات کی جامع ہے۔

اہل سنت کے مایہ ناز عالم دین کی تصدیق:۔

حضرت مولانا فقیر محمد جہلمی یوں رقم طراز ہیں:۔''شیخ اسماعیل حقی آفندی عارف کامل، فاضل مفسر، مستند سراج العلماء، زبدۃ الفضلاء تھے۔امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مذہب کی تائید اور اعانت کی اور انہیں کے مذہب کے موافق آیات قرآنی کی تفسیر فرمائی۔'' (حدائق الحنفیہ)

اہل سنت خواص وعوام سے اپیل ہے کہ جب آپ حضرات مسلک سنی اور مذہب حنفی اور تصوف کے متلاشی بلکہ عاشق ہیں۔تو پھر روح البیان سے بے اعتنائی اور لاپروائی کیوں؟ آپ مخالفین کے غلط پروپیگنڈے سے متاثر کیوں ہیں؟ جب کہ ان کی تنقید کا نشانہ نہ صرف تفسیر روح البیان ہے بلکہ انہوں نے تو تمہارے اکابر اسلاف صالحین کو بھی معاف نہیں کیا۔امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ جیسی شخصیت کے لئے کہتے ہیں وہ تو صرف سولہ سترہ احادیث جانتے تھے اور بس اور نبوت وولایت پر تو ان کی تنقید مشہور ہے۔جب وہ مرکز

marfat.ocm

Marfat.com

کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتے تو پھر مرکز کو مضبوط کرنے والوں کو کب اچھی نگاہ سے دیکھ سکتے ہیں۔اسی لیے مخالفین اہل سنت اور احناف اور اصفیاء کو اپنی تحریر وتقریر میں ہدف تنقید بناتے ہیں۔

یقین کیجئے!

عوام اہل سنت کو یقین ہونا چاہیے کہ تفسیر روح البیان نہایت معتبر اور مستند کتاب ہے۔اصول تفسیر کے عین مطابق ہے۔اس کے مفصل دلائل تو فقیر نے " الفیضان " میں لکھے ہیں یہاں بھی چند ایک ملاحظہ ہوں۔

شرائط تفسیر:۔

حضرت امام جلال الدین سیوطی قدس سرہٗ نے قرآن مجید کی تفسیر کے لیے پندرہ علوم وفنون میں مہارت تامہ کی شرط لگائی ہے اور لکھا ہے کہ جو شخص ان پندرہ علوم وفنون میں سے کسی ایک میں بھی ناقص ہو اسے قرآن مجید کی تفسیر کرنے کا حق نہیں۔ (اتقان) وہ پندرہ علوم یہ ہیں۔

۱۔لغت عربیہ ۲۔علم النحو ۳۔علم الصرف ۴۔علم الاشتقاق ۵۔علم المعانی
۶۔علم البیان ۷۔علم البدیع ۸۔علم القرأت ۹۔قواعد شرعیہ ۱۰۔اصول فقہ
۱۱۔علم اسباب النزول ۱۲۔علم ناسخ ومنسوخ ۱۳۔فقہ ۱۴۔علم الحدیث ۱۵۔علم الموہبہ

بعض دیگر مفسرین نے پچیس علوم کی شرط لگائی ہے۔ان کی تفصیل فقیر نے اپنی کتاب ''احسن البیان'' حصہ اول میں لکھ دی ہے۔

افسوس! کہ آج کل بعض حضرات معمولی عربی گرائمر جاننے والے اور دو چار اردو کتابیں پڑھنے کے بعد قرآن مجید کی تفسیر کرنے لگ جاتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ہمارے دور میں تفسیر قرآن کی کوئی قدر نہیں رہی بلکہ معاملہ الٹا ہو گیا کہ تحقیقی تفاسیر کو ضعیف اور غیر تحقیقی کو قوی سمجھا جا رہا ہے۔مثلاً عوام کے سامنے ''تفسیر ابن کثیر'' کا پرچار کیا جاتا ہے اور اس کا اردو ترجمہ ہاتھوں ہاتھ لوگوں تک پہنچایا جا رہا ہے اور ''تفہیم القرآن'' کے مقابلے میں تمام سابقہ تفاسیر کو ہیچ ثابت کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔حالانکہ تاریخ شاہد ہے کہ ''تفسیر ابن کثیر'' ابن تیمیہ کے مقلد اور خارجی مذہب کے پیروکار کی لکھی ہوئی ہے جس میں ہزاروں بلکہ بے شمار غلیظ عقائد کو درج کر کے خارجیت کا درس دیا گیا ہے اور ''تفہیم القرآن'' کے مصنف کا تو سب کو پتا ہے کہ وہ ماڈرن دین کا داعی تھا یعنی وہ اسلام کا رخ مدینہ منورہ کی بجائے انگلینڈ اور امریکہ کی طرف پھیرنا چاہتا تھا فلہذا عوام خود سوچ لیں کہ ایسی تفاسیر کے مطالعہ سے انہیں کیا حاصل ہوگا!

ایسے ہی سابقہ تفاسیر میں '' تفسیر کبیر'' بلند پایہ سہی مگر شرائط مذکورہ سے یکسر خالی۔اسی لیے علماء

marfat.com
Marfat.com

کرام نے فرمایا: تفسیر کبیر رازی میں تفسیر کے سوا باقی سب کچھ ہے۔ یعنی فخر الدین رازی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں بہترین مضامین لکھے، لیکن تفسیری مضامین سے یکسر خالی۔ ایسے ہی "تفسیر ابن جریر" کو علماء کرام نے "ام التفاسیر" کا لقب دیا مگر وہ بھی شرائط مذکور پر صحیح نہیں اترتی اسی طرح آپ متعدد تفاسیر پڑھ جائیں گے لیکن تفسیری شرائط ان میں بہت کم ملیں گی۔

شرائط مفسر:۔

مفسر قرآن کے لئے جن شرائط کا ہونا مستند مفسرین نے ضروری قرار دیا ہے۔ وہ یہ ہیں:

۱۔ ذکی، فہیم ہو۔ قرآن فہمی کی کامل و مکمل مہارت رکھتا ہو۔

۲۔ علوم مذکورہ باضابطہ، ماہر و حاذق اور تجربہ کار اساتذہ سے سبقاً پڑھے ہوں۔

۳۔ علمائے معاصرین اور فضلائے ہم زمان کی نظر میں اس کا علم، فہم اور تقوی مسلم اور معتبر ہو۔

۴۔ خود رائے اور متکبر نہ ہو۔ ۵۔ سنی اور صحیح العقیدہ ہو۔

الحمد للہ جملہ اوصاف صاحب روح البیان رحمہ اللہ میں بدرجہ اتم موجود تھے۔ جس کا اعتراف مخالفین کو تھا اور ہے، ایک حوالہ بھوپالی کا اس کے ثبوت کے لئے پیچھے گذر چکا، تفصیل "الفیضان" میں دیکھئے۔ افسوس، اہل سنت!

بدمذاہب کی تفاسیر کو ہمارے اکابرین رحمہم اللہ تعالی ہاتھ تک نہیں لگاتے تھے بلکہ اپنے متبعین کو ان کے نہ پڑھنے کا حکم فرماتے۔ مثلاً زمخشری کتنا بڑا فاضل اور علامہ تھا لیکن ہمارے بزرگوں نے اس کے مطالعہ کو زہر قاتل قرار دیا، تو پھر آج کیوں تفسیر ابن کثیر اور بدمذاہب کی تفسیروں کو پڑھتے ہو؟ جب ان میں اہل سنت اور صوفیائے کرام کے خلاف زہر اگلا گیا ہے اور تفسیر روح البیان جو ہمارے سنی مسلک و مذہب حنفی اور مشرب صوفیہ کے عین مطابق ہے اور تفسیری شرائط کے مطابق ہے۔ پھر اس سے بے اعتنائی کیوں؟ صرف اس لیے کہ اسے مخالفین نہیں مانتے وہ کیوں مانیں جب مصنف عارف رومی اور شیخ اکبر اور امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا متبع ہے

قواعد تفسیر:۔

تفسیر کے پانچ قواعد ضروری ہیں۔

۱۔ تفسیر القرآن بالقرآن ۲۔ تفسیر القرآن بالحدیث ۳۔ تفسیر القرآن باقوال الصحابہ

۴۔ تفسیر امور سے جو لغت عربیہ اور قواعد اسلامیہ کے متعلق ہوں۔ ۵۔ تفسیر کی وہ قسم جو وجوہ مذکور میں سے کسی ذریعہ سے ثابت اور متین نہ ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

''روح البیان'' میں جملہ شرائط بدرجہ اتم موجود ہیں۔طرفہ یہ کہ صاحب تفسیر کوئی مضمون حوالہ دیے بغیر درج نہیں کرتے بلکہ ہر ایک کو شرائط تفسیر کے مطابق بیان کرتے ہیں۔انہوں نے احناف کے مسلک کے مطابق اور اہلسنت کے اصول کے مطابق اپنے اشہب قلم کو دوڑایا ہے اور تصوف کے وہ اسرار ورموز جو ہم عارف رومی، سعدی، جامی اور حضرت ابن العربی قدس اسرارھم سے سننا چاہتے تھے وہ صاحب روح البیان نے ''روح البیان'' میں یوں بیان کر دیے گویا کوزہ میں دریا بند کر دیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ ''روح البیان'' تفسیری قواعد وضوابط اور جملہ اصول کی جامع ہونے کے ساتھ ساتھ فقہ حنفی اور تصوف اسلامی پر مشتمل ہے اور دور حاضرہ کے وہ مسائل جن میں اہلسنت کے ساتھ مخالفین کو اختلاف ہے ان سب کو علمی، تحقیق سے واضح کیا گیا ہے۔لیکن افسوس کہ اہل اسلام کو اس کے مطالعہ سے اندھیرے میں رکھا گیا ہے۔مخالفین تو اپنی عادت پر مجبور ہیں لیکن سخت افسوس ان علمائے اہل سنت پر ہے جنہوں نے اس تفسیر سے بے اعتنائی برتی۔جس سے عوام اہل اسلام کو یقین ہونے لگا کہ ممکن ہے کہ بقول مخالفین ''روح البیان'' غیر مستند ہو۔ حالانکہ ایسی محقق اور مستند اور کوئی تفسیر نہیں۔فقیر نے اس تفسیر کے متعلق ایک کتاب '' الفیضان علی روح البیان '' لکھی ہے۔جو انشاء اللہ تعالیٰ تفسیر کی تکمیل طباعت کے بعد علیحدہ علیحدہ مقدمہ ہدیہ ناظرین ہوگی!

خصوصیات تفسیر ہذا از مصنف روح البیان قدس سرہٗ

☆.....اس تفسیر میں بکثرت وجوہ تفسیر بیان کرنے کے بجائے اختصار کو ملحوظ رکھ کر آیات کے اصل منشاء کو واضح کرنے کی کوشش کی جائے گی۔البتہ حقدمین کی معتبر ومستند تفاسیر کا خلاصہ ضرور بیان کیا جائے گا اس سے میری تفسیر کو مقبولیت حاصل ہوگی۔

☆..... ہر آیت کے تحت مناسب لیکن دلپذیر پند ونصائح ضرور بیان کروں گا تا کہ ان سے قلوب کو جلاء اور ارواح کو سرور حاصل ہو۔

☆.....موقعہ کے مطابق فارسی اشعار بھی لکھوں گا تا کہ اہل دل ان سے روحانی تسکین پائیں۔

☆.....جن تفاسیر معتبرہ اور کتب فقہ واحادیث مبارکہ کا حوالہ دوں گا حتی المقدور ان کی اصل عبارت لکھنے کی کوشش کی کروں گا۔البتہ کہیں کہیں بوقت ضرورت صرف عبارات میں ترمیم واضافہ کروں گا لیکن مطالب ومقاصد میں حبہ بھر فرق نہیں آنے دوں گا۔

☆..... بہت کم ایسے مواقع آئیں گے جہاں اپنا نظریہ (بقول الفقیر سے) پیش کروں گا لیکن وہ بھی بحمدہٖ تعالیٰ کسی شیخ کامل اور معتبر ولی اللہ کی تقریر کا خلاصہ ہوگا۔

marfat.ocm
Marfat.com

آغاز تصنیف روح البیان:۔

اس دفتر کا آغاز ۲۲ شعبان ۱۱۰۲ھ میں ہوا۔ پہلے دفتر کی طرح اس کا آغاز شہر بروسہ میں ہوا جب کہ اسی شہر کی طرف ہجرت کر کے مقیم ہو گیا تھا۔ خدا کرے یہ شہر ارواح قدسیہ والے حضرات کا مرکز بنا رہے۔

اے الہ العالمین ! جس طرح تو نے مجھے اس کے دفتر کے اتمام کی توفیق بخشی ہے اپنے فضل وکرم سے اس کے بقایا حصص کی تکمیل بھی توفیق عطا فرما اور میری اس تحریر کو قیامت کے دن میرے چہرے کی سفیدی کا سبب بنا جیسے تیرے اولیاء کرام کے چہرے نورانی ہوں میرا بھی چہرہ نورانی ہو اور اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میرے گناہوں کے سیاہ دفتروں کو دھو ڈال اور میں بھی صبح وشام تا دم زیست تجھ سے دعائیں مانگتا رہوں گا اور اس میں مجھے ناامیدی بھی نہیں۔ فلک الحمد فی الاولی والاخری علی عنایتک الکبری واخر دعواهم ان الحمد للہ رب العالمین۔

سبب تالیف ''فیوض الرحمٰن'' ترجمہ تفسیر ہذا:۔

ناکارہ وآوارہ الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہٗ عرض پرداز ہے کہ فقیر نے زمانہ طالبعلمی میں اپنے اکابر اہل سنت سے تفسیر روح البیان کا غلغلہ سنا۔ مخالفین اہل سنت نے اسے ضعیف اور غیر معتبر گردانا۔ تحصیل علوم وتکمیل فنون کے بعد ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۱ء میں اپنے گاؤں حامد آباد ضلع رحیم یار خاں میں تعلیم وتدریس میں مشغول ہو گیا۔ انہی دنوں تفسیر ابن کثیر کا اردو ترجمہ شائع ہوا۔ عوام میں تاثر پیدا کر دیا گیا کہ یہ زمانہ قدیم کی معتبر تفسیر ہے۔ حالانکہ ابن کثیر ابن تیمیہ کا شاگرد اور اس کے مذہب ومسلک کی خاطر سر دھڑ کی بازی لگانے والا ہے۔ اس نے تفسیر ابن کثیر میں اہل سنت کے خلاف بہت کچھ لکھا۔ یہ تفسیر اہلسنت وجماعت کے عقائد کے بھی خلاف ہے اور مسلک حنفیت کے بھی۔

فقیر قلیل البضاعۃ وعدیم الفرصت کو اتنی جرأت کہاں کہ تفسیر جیسے اہم ومشکل ترین فن کو اپنائے۔ لیکن فضل ایزدی پر امید رکھ کر روح البیان کے ترجمہ کا آغاز کیا۔ یہ تفسیر بحمدہٖ تعالیٰ اصول وضوابط اور قوانین تفسیر کے عین مطابق ہے اور مخالفین حضرات اسے محض اس لئے غیر معتبر وضعیف گردانتے ہیں کہ صاحب روح البیان نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور صوفیائے کرام میں سے سیدنا ابن العربی اور حضرت مولانا روم قدس سرہما کا مسلک پیش کیا ہے۔ بعینہٖ یہی ہمارا مدعا ہے اور مخالفین کے لئے موت اور سم قاتل۔

تفسیر ابن کثیر نہ صرف غیر مفید ہے بلکہ اس کا مطالعہ عقائد ومسائلِ احناف کے لئے مضر بھی ہے اور روح البیان کا مطالعہ عقائد اہلسنت ومسائلِ احناف کو جلا بخشے گا اور حضرت مولانا روم اور عارف باللہ سیدنا ابن

marfat.ocm
Marfat.com

العربی قدس سرھما کے عارفانہ کلام سے ارواح کو تازگی بخشے گا۔

معتبر تفسیر روح البیان:۔

کسی کو زبان سے غیر معتبر اور ضعیف کہہ دینا صرف مخالفین کی اپنی بڑ ہے۔ ورنہ مطالعہ کے بعد قاری خود محسوس کرے گا کہ عالم اسلام کی جملہ تفاسیر سے بوجہ اصول وقواعد وضوابط فن تفسیر کے تفسیر ہذا کتنا بلند مرتبہ رکھتی ہے ۔طرفہ یہ کہ جناب اسماعیل حقی قدس سرہٗ نے ہر ایک مضمون کو مشہور ومعروف اور نہایت معتبر اور مستند تفاسیر وکتب احادیث وفقہ حنفی کے حوالہ جات سے مزین فرمایا ہے اور صوفیانہ تفسیر کو اصول تفسیر میں حق مانا گیا ہے۔ جس کا مخالفین کے اکابر نے اعتراف کیا ہے۔ اسی لیے تعصب سے بالا ہو کر اس تفسیر کا مطالعہ کیا جائے تو حق واضح اور روشن ہوگا۔

خصوصیات ترجمہ:۔

☆.....فقیر نے ترجمہ میں کسی قسم کی ترمیم واضافہ نہیں کیا محض اس نیت سے کہ عوام اس تفسیر کے مطالعہ کے بعد خود اس نتیجہ پر پہنچیں اور سمجھیں کہ گیارھویں صدی میں عقائد ومسائل یہی تھے جن کی امام اہل سنت مجدد دین وملت شیخ الاسلام والمسلمین سیدنا شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہٗ نے چودھویں صدی میں ترجمانی کی ہے۔ ان کے دلائل ومسائل کو بدعت کہنا ایسے ہے جیسے امام الانبیاء، حبیب کبریاء، شافع روز جزا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مشرکین عرب نے بدعتی گردانا اور منافقین نے مشرک[1] حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خارجیوں نے مشرک وبدعتی ہونے کا فتوی جڑا۔ اسی طرح ابن تیمیہ کی پارٹی اور عبدالوہاب نجدی نے تمام اہل حق کو مشرک وبدعتی گردانا۔ اب اگر اعلیٰ حضرت بریلوی اور ان کے تلامذہ اور معتقدین ومتعلقین کو وہابی، دیوبندی، مودودی، تبلیغی، پرویزی وغیرہ بدعتی اور مشرک کہیں تو وہ مجبور ہیں

تاریخ گواہ ہے کہ سوائے مشرکین عرب ومنافقین کے باقی ہر دور میں ہمارے اکابر واسلاف صالحین کو بدعتی اور مشرک گردانے والے اپنے آپ کو موحد (اہل توحید) کہلاتے ہیں۔ تفصیل فقیر کی تصنیف "ابلیس تا دیوبند" میں دیکھئے

☆.....چونکہ تفسیر ہذا عربی میں اور دور قدیم کی طرز پر لکھی گئی ہے اس لیے فقیر نے دور حاضرہ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی ہے جگہ بہ جگہ عنوانات قائم کیے ہیں۔ حسب ضرورت کہیں توسین میں کچھ لکھ دیا ہے یا مختصراً حواشی میں۔

☆.....ادیبانہ طرز پر نہیں اپنے جیسے عوام کی خاطر سادہ اور آسان ترین اردو زبان استعمال کی ہے اور چونکہ فقیر نے صرف پرائمری تک سکول میں تعلیم حاصل کی ہے، پھر حفظ قرآن اور عربی علوم وفنون کی تحصیل کی، پھر ان کی

---

[1] دیکھئے فقیر کی تصنیف "الفیضان علی روح البیان"

marfat.ocm
Marfat.com

تدریس وتعلیم میں مصروف ہوگیا، اس لیے ممکن ہے اردو قواعد میں غلطی ہوئی ہو۔ لیکن بفضلہ تعالیٰ تفسیر کا اصل منشاء ادا کیا ہے اسے صرف عوام تک پہنچانا مقصود ہے ادباء وعلماء سے داد لینا نہیں بلکہ میں ان سے نہایت عاجزی سے ملتجی ہوں کہ وہ اپنے علوم ودانش کے صدقے فقیر کے ٹیڑھے میڑھے ترجمے سے کیڑے نکالنے کی بجائے اصلاح فرما کر فقیر کو براہ راست مطلع فرما کر شکریے کا موقع دیں فقیر اور عوام الناس کے درمیان روڑے نہ اٹکائیں۔ ممکن ہے مناع للخیر کی وعید ان پر صادق آجائے۔

فقیر نے تفسیر روح البیان کے سمجھنے اور اسے معتبر ومستند تفسیر احناف ثابت کرنے کے لئے کتاب "الفیضان علی روح البیان" لکھی ہے۔ جو زیر طباعت ہے۔

تفسیر صوفیانہ:۔

اس بحث کو لکھنا ضروری ہے کہ صوفیہ کرام کی تفسیر حق ہے یا باطل؟ چونکہ صاحب روح البیان نے تفسیر عالمانہ کے ساتھ تفسیر صوفیانہ بھی بیان کی ہے۔ اس لیے مخالفین یہ تأثر دیتے ہیں کہ روح البیان میں زیادہ تر تفسیر صوفیانہ ہی بیان کی گئی ہے فلہٰذا یہ تفسیر صرف صوفی منش لوگوں کے لئے ہے اور بس۔ یہ ان کی نظروں کا دھوکا اور دماغ کا خلل ہے ورنہ تفسیر ہذا میں تفسیر عالمانہ اور تفسیر صوفیانہ ساتھ ساتھ چلتی ہیں اور صوفیانہ تفسیر اہل اسلام کے نزدیک حق ہے۔ چنانچہ مخالفین کے معتمد علیہ حضرت آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صوفیہ اور عارفین کا کلام آیات قرآنیہ میں بطریق تفسیر نہیں ہوتا اس لیے کہ تفسیر تو صرف آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہ اجمعین کی بیان کردہ مراد کا نام ہے۔ بلکہ وہ تو رموز واشارات اور وہ لطائف ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ ان کے قلوب پر فائض فرماتا ہے۔ ارباب سلوک کے قلب باطنی ریاضتوں کی وجہ سے منور ہوتے ہیں اور ان پر تجلیات غیبیہ کا ورود ہوتا رہتا ہے تو گاہ بگاہ ان کی زبان سے آیات کلام اللہ کی تشریح میں کچھ ایسے لطائف اور معارف جاری ہوتے ہیں جن کا تعلق ظاہری علوم سے نہیں ہوتا بلکہ وہ صرف روحانی تلقین اور تفہیم غیبی ہوتے ہیں۔ یہ باطنی اشارات کلام اللہ کے اس مفہوم اور مدلول قطعی کو برقرار رکھتے ہوئے معتبر ہوں گے جو اصول شریعت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تفسیر سے ثابت ہے اس لیے اگر ارباب تصوف سے کوئی ایسی چیز منقول ہو کہ جس سے ظاہر احکام شریعت اور حدود کا انکار لازم آتا ہو تو وہ ہرگز مقبول اور معتبر نہ ہوگی قابل اعتبار صرف وہی لطائف واشارات ہوں گے جن سے نہ احکام شریعت پر کوئی زد پڑتی ہو اور نہ کسی ایسے امر کا صراحۃً یا دلالۃً رد لازم آتا ہو جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کی تفسیر سے ثابت ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مروی ہے:۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم لکل اٰیۃ ظھر وبطن ولکل حرف حد ولکل حد مطلعٌ

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ہر آیت کے لیے ایک ظاہر ہوتا ہے اور ایک باطن اور ہر حرف کے لئے ایک حد یعنی حکم شرعی ہوتا ہے اور ہر حکم شرعی کے لیے ایک اطلاع پانے کی جگہ ہوتی ہے۔ (کتاب اللہ میں سے)

ابن النقیب بیان کرتے ہیں ظہر آیات سے وہ معانی ہیں جو اہل علم ظاہری اور قواعد شریعت کے ذریعہ جانتے ہوں اور بطن سے مراد وہ اسرار ہیں جن پر اللہ تعالیٰ ارباب حقائق (اور عارفین) کو مطلع فرماتا ہے اور لکل حرف حد کے معنی یہ ہیں کہ ہر حرف کے معانی اور حقائق کا ایک منتہی ہوتا ہے جو بھی اللہ تعالیٰ ارادہ فرمائے۔ یہی وہ اسرار و حقائق ہیں جن کے بارہ میں فرمایا گیا ہے:

ھو الذی لاتنقضی عجائبہ قرآن اللہ کا وہ کلام ہے کہ اس کے عجائب ولطائف کبھی ختم نہ ہوں گے۔

تو مدلول قرآنی تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کی تفاسیر سے مقررہ متعین ہے جس میں ادنیٰ تغیر اور ردوبدل کا امکان نہیں۔ اس مدلول قطعی اور طے شدہ مفہوم (جس پر تمام احکام شریعت کا دارومدار ہے) کے بعد باطنی اسرار و نکات اور معارف کی کوئی حد وانتہا نہیں۔

شیخ تاج الدین بن عطاء اللہ کتاب "**لطائف المنن**" میں بیان فرماتے ہیں کہ کلام اللہ اور حدیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تفسیر وتشریح میں حضرات صوفیہ اور عارفین کے بیان کردہ نکات اور اس قسم کے غرائب بیان کرنا کلام اللہ کو اس کے ظاہر مفہوم سے متغیر کرنا نہیں ہے۔ اس لیے کہ آیت کا ظاہری مفہوم تو وہی مراد ہوتا ہے جس پر آیت ناطق ہے اور وہ قواعد عربیہ اور اصول شریعت سے سمجھا جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ غرائب محض رموز واشارات اور باطنی تفہیم ہوتے ہیں جو غیبی طور پر اللہ کی طرف سے ارباب باطن پر القا کئے جاتے ہیں۔[1]

قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ آیت **اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً** کی تفسیر وتشریح فرمانے کے بعد آخر میں اسی نوع کے عارفانہ نکتہ بیان کرتے ہیں:۔

ولعلہ سبحانہ وتعالی اراد من الایت الاخیرۃ مع مادل علیہ الظاھر وسیق الکلام فیہ اشارۃ الی تفصیل خلق الانسان وما افاض علیہ من المعانی والصفات علی طریقۃ

---

[1] ۔ بحوالہ مفتاح السعادۃ جلد اول صفحہ ۴۲۲

marfat.ocm
Marfat.com

التمثیل فمثل البدن بالارض والنفس باسماء والعقل بالماء وما افاض علیه من الفضائل العلمیه والنظریة المحصلة بوساطة استعمال العقل للحواس وازدواج القویٰ بالنفسانیة والبدنیة بالثمرات المتولد ة من ازدواج القویٰ السماویة الفاعلیة والارضیة المنفعلة بقدرة الفاعل المختار فان لکل اٰیة ظهراً وبطناً ولکل حدٍ مطلعاً۔

(تفسیر بیضاوی جلد اول صفحه ۴۳)

اور شاید یہ کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ نے آیت اخیرہ (یعنی الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً) سے ارادہ فرمایا اس مدلول کے باوجود جس پر ظاہر کلام دلالت کررہا ہے اور جس مقصد کے لئے کلام جاری فرمایا گیا اشارہ فرمانے کا تخلیق انسانی اور اس پر فائض کردہ اوصاف ومعانی اور اس کے فضائل علمیہ اور نظریہ کی تفصیل کی جانب بطریق تمثیل، تو بدن انسانی کو تشبیہ دی گئی ارض (زمین) سے اور اس کے نفس کو سماء (آسمان) سے اور عقل کو ماء (پانی) سے اور انسان کو عطا کردہ فضائل عملیہ اور کمالات نظریہ کو جو حواس کے لئے استعمال عقل کے توسط اور قوائے نفسانیہ اور قوائے بدنیہ کے امتزاج واختلاط سے حاصل ہوتے ہیں ان ثمرات سے تعبیر فرمایا جو کہ آسمان کی قوت فاعلیہ اور زمین کی قوت منفعلہ (قابلیہ) کے امتزاج کی وجہ سے فاعل مختار کی قدرت سے پیدا ہوتے ہیں (اور یہ اشارہ) اس لیے کہ ہر آیت کے لیے ظہر وبطن ہے اور ہر حکم کے لئے ایک اطلاع کا مقام ہے۔

بہر حال عارفانہ لطائف کا کلام اللہ سے استنباط ایسا ہی ہے جیسا کہ اس شعر سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا نام ''علی'' اخذ کیا جاتا ہے۔

چشم بکشا زلف بشکن اے یار من　　بہر تسکین دل بریان من

انہی لطائف واسرار کو صاحب روح البیان حضرت علامہ محمد اسماعیل حقی نور اللہ مرقدہ نے بیان فرمایا ہے جسے ہم نے ''تفسیر صوفیانہ'' سے موسوم کیا ہے۔ سیدنا ابن العربی قدس سرہٗ اور ان کے معتقدین نے متعدد تصانیف وتفاسیر لکھیں اور اسی موضوع پر قلم اٹھایا ہے جسے فقیر نے تفاسیر کی بحث اور دیگر مقامات پر عرض کردیا ہے۔ چونکہ فقیر کو صوفیہ کرام سے عقیدت ہے اور تمنا رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی محبت وعقیدت میں مارے اور انہی کے زمرے میں اٹھائے اور میدان حشر میں ان کی رفاقت نصیب فرمائے۔ اسی لیے مضمون کو انہی کے مقدس ذکر پر ختم کرتا ہوں۔

احب الصالحین ولست منهم　　لعل اللّٰه یرزقنی صلاحاً

شنیدم کہ در روز امید وبیم　　بداں را بہ نیکاں ببخشند کریم

marfat.ocm

Marfat.com

۱ سورۃ الفاتحۃ مکیۃ ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا — بہت مہربان رحمت والا — روز جزاء کا مالک

الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا

ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں — ہم کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

سیدھا راستہ چلا — راستہ ان کا جن کو تو نے احسان کیا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۶﴾

نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا

تفسیر عالمانہ

قرآن پاک کی تلاوت سے پہلے اعوذ باللہ شریف پڑھنے میں حکمت یہ ہے کہ اعوذ باللہ شریف ایک قسم کی طلب اجازت اور بمنزلہ دروازہ کھٹکھٹانے کے ہے کیونکہ شاہانِ زمان کی عادت ہے کہ جب کوئی ان کے حضور میں حاضر ہونا چاہتا ہے کہ اس کے لیے لازم ہوتا ہے کہ پہلے اجازت طلب کرے پھر بارگاہ میں حاضر ہو اس کی طرح جس کا قرآن پاک کی تلاوت کا ارادہ ہوتا ہے تو وہ چاہتا ہے کہ میں اپنے محبوب کے ساتھ مناجات کا شرف حاصل کرلوں، تو مناجات جیسی باریابی کے لیے اسے زبان کو پاک و صاف کرنے کی ضرورت درپیش ہوتی ہے کیونکہ فضول کلام کرنے اور کسی پر بہتان باندھنے سے زبان نجس ہو جاتی ہے پھر زبان کو اعوذ باللہ سے پاک کر کے تلاوت شروع کرتا ہے۔ (کیونکہ اس سے زبان پاک ہو جاتی ہے)

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ اہل معرفت فرماتے ہیں کہ یہ کلمہ طالبینِ تقرب کا وسیلہ اور خائفین کی مضبوط رسّی اور مجربین کی مسرت گاہ اور ہالکین کا مرجع اور محبین کی فرصت ہے۔یعنی خالقِ کائنات کے فرمان (جو کہ سورہ نحل میں ہے)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (کہ جب تم قرآن پڑھو تو اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو) کی تعمیل ہے)

مسئلہ : تمام اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ اعوذ باللہ شریف قرآن پاک کی تلاوت سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

سوال : نحویوں کا قانون ہے کہ جزا شرط کے بعد ہوتی ہے اور (آیت میں) فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ جزا ہے تو چاہیے تعوذ قرآن کی تلاوت کے بعد ہو۔

جواب : آیت اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ کا معنی **اذا اردت القرأة** ہے۔یعنی تم تلاوت کا ارادہ کرو تو پھر اعوذ باللہ پڑھو۔(گویا آیت مؤول ہے) اور یہ تاویل عام مشہور ہے۔اس تاویل کو حقیقیہ عرفیہ کا قائم مقام کہتے ہیں۔

ف: مختار قول جمہور کا ہے وہ یہ کہ اعوذ باللہ شریف کے الفاظ **اعوذ باللّٰه من الشيطٰن الرجيم** ہیں کیونکہ باعتبار روایت کے یہی الفاظ زیادہ مناسب ہیں۔حدیث شریف میں ہے:

اقرانيه جبريل عن القلم عن اللوح المحفوظ ۔یعنی مجھے جبریل علیہ السلام نے قلم اور لوحِ محفوظ سے اسی طرح نقل کر کے سنایا ہے۔

اگرچہ باعتبار روایت اور مامور بہ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ کے مطابق **استعيذ بالله من الشيطٰن الرجيم** ہے۔

شانِ نزول سب سے پہلے جو چیز جبریل علیہ السلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور کے لئے لائے وہ یہی تعوذ اور بسم اللہ شریف اور آیت اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ ہے۔

حل لغات : اعوذ بمعنی التجا ، یعنی پناہ چاہتا ہوں یا بمعنی **استجير** یعنی امان چاہتا ہوں۔ یا بمعنی استعین یعنی امداد چاہتا ہوں۔ یا بمعنی استغیث یعنی فریاد چاہتا ہوں۔ عَوَذٌ عِيَاذٌ لَوذ و لِيَاذٌ اور صومٌ و صِيَامٌ کی طرح مصدر ہے۔

ف: تعوذ پڑھنے والے کا قول **اعوذ باللّٰه** الخ ایک قسم کی خبر ہے جو دراصل وہ اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کا سوال کر رہا ہے۔گویا کہہ رہا ہے: اَعِذْنِيْ يَا رَبّ اے میرے رب! مجھے پناہ دے دے۔

اور انشاء سے خبر کی طرف عدول کرنے میں تفاؤل بالوقوع (یعنی اچھی فال کے واقع ہونے) کا فائدہ حاصل ہوا۔ گویا پناہ مانگنا واقع ہو گیا اور یہ اسی کی خبر دے رہا ہے۔

نکتہ : تفسیر کبیر میں ہے اللہ تعالیٰ اور اس بندے کے مابین ایک وعدہ ہے۔جس کو اللہ نے وَاَوْفُوْا

marfat.ocm
Marfat.com

بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ (تم میرا وعدہ پورا کرو میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا) میں بیان فرمایا ہے۔ پس گویا بندہ کہتا ہے اے میرے اللہ! میں باوجود نقص بشریت کے اپنا وعدہ عبودیت پورا کر رہا ہوں کہ اعوذ باللّٰہ یا استغفر اللّٰہ کا ورد کر رہا ہوں۔ پس اے کریم! آپ کے شایان شان ہے کہ اپنے عہد ربوبیت کو پورا فرمائیو اور مجھے اپنی پناہ میں لے لی جیو۔

تفسیر عالمانہ بِاللّٰہِ اہل حق کا مذہب ہے کہ یہ لفظ (اللہ) کسی کلمہ سے مشتق نہیں۔ کیونکہ اس کی کُنہ میں ادراک عاجز ہے۔ اسی لئے علامہ تفتازانی تفسیر کشاف کے حاشیہ پر تحریر فرماتے ہیں کہ جس طرح اس کی ذات وصفات میں وہم وادراک حیران ہیں اسی طرح اس کے لفظ میں بھی جو اس پر دلالت کرتا ہے کے ادراک میں بھی حیران ہیں کہ نہ معلوم وہ اسم ہے یا صفت، مشتق ہے یا غیر مشتق، علم ہے یا غیر علم۔ واللّٰہ اعلم۔

حضرت مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں:۔

ذات اورا در تصور کنج کو — تا در آید در تصور مثل او

ترجمہ: اس کی ذات تصورات کے گوشوں میں نہیں آسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی مثل کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

ف: استعاذہ کے تین کلمات ہیں:۔ ۱۔صفاتیہ ۲۔افعالیہ ۳۔ذاتیہ

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں کو اپنی اس دعا میں جمع فرمایا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری رضا کی بدولت تیری ناراضگی سے اور تیری معافی کی بدولت تیری عقوبت سے اور تیری ذات کی بدولت تجھ سے پناہ چاہتا ہوں۔

تعوذ میں اسم جلالی کو لیا گیا ہے جو جامع ہے تا کہ استعاذہ کی عبارت اپنے جمیع انواع کو شامل ہو جائے۔

ف: تفسیر کبیر میں ہے کہ شرور یا اعتقادیات سے ہیں اور تعوذ میں جمیع مذاہب اور تمام گمراہ فرقوں کے (جو کہ بہتر ہیں) کے عقائد داخل ہو جاتے ہیں۔ یا اعمال بدنیہ سے۔ پھر اعمال بدنیہ بعض تو وہ ہیں جو دین کو نقصان پہنچانے والے ہیں جو دین میں رخنہ تو نہیں ڈالتے مگر ہیں تباہ کن، جیسے امراض، جمیع قسم کے درد، آگ وغیرہ کا جلانا، پانی وغیرہ میں ڈوبنا، مفلسی، اندھاپن، ہاتھ پاؤں کا شل ہونا اور دیگر جملہ بلائیں اور مہلک بیماریاں کہ جن کا شمار نہیں کیا جاسکتا۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: تعوذ تمام اقسام مذکورہ (شرور اعتقادیات، اعمال بدنیہ) کو شامل ہے۔ پس عاقل پر لازم ہے کہ جس وقت اعوذ باللہ شریف پڑھنے کا ارادہ کرے تو ان مذکورہ بالا آفتوں کے جمیع اقسام ثلاثہ اور جمیع اقسام متناولہ کو دل میں لائے اور پہلے بتایا جا چکا ہے کہ امراض کا شمار غیر ممکن ہے اور مخلوق کی قدرت کی بھی اس کے دفع کرنے کے لئے غیر مکتفی ہے تو چاہیے یوں عرض کرے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْقَادِرِ عَلٰى كُلِّ الْمَقْدُوْرَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْمَهَالِكِ وَالْاٰفَاتِ

(میں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں، وہ اللہ جو تمام مقدورات پر قادر ہے، تمام خوفناک مقامات و جمیع آفات سے)

ف: بعض لوگ کہتے ہیں کہ تمام علوم باری تعالیٰ نے چہار کتب سماویہ (توارۃ، انجیل، زبور، قرآن مجید) میں جمع فرمائے ہیں اور ان چہار کتب کا علم قرآن پاک میں اور قرآن کا علم سورۃ فاتحہ میں اور سورۃ فاتحہ کا علم بسم اللہ شریف میں اور بسم اللہ شریف کا علم بسم اللہ کی باء میں۔

نکتہ: تفسیر میں ہے کہ جمیع علوم کے بسم اللہ کی باء میں مجتمع ہونے میں یہ حکمت ہے کہ علم میں سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ بندہ کو اپنے مولا کا وصال نصیب ہو جائے اور بسم اللہ کی باء الصاق کی ہے اور اب معنی یہ ہوا کہ بسم اللہ کی باء بندہ کو اپنے مولا سے ملا رہی ہے۔ اس کے علاوہ باء کے متعلق نکتے ہیں جو بسم اللہ شریف کی تفسیر میں آئیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

مِنَ الشَّيْطٰنِ شیطان بمعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہونے والا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جب شیطان نے اپنے مالک کی نافرمانی کی تو مالک لم یزل نے اسے اپنی رحمت سے دور فرمایا۔ اسی نافرمانی کی وجہ سے شیطان ہو گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ شیطان اس نام سے بعد از لعنت موسوم ہوا۔ ورنہ اس سے پہلے اس کا نام عزازیل یا نائل تھا۔

سوال: تعوذ میں مستعاذ منہ یعنی جس سے پناہ لی گئی ہے یعنی اس کے قبائح اور اس کے نقصانات مثلاً دھوکہ دینا، مکر و فریب کرنا، بہکانا، وسوسہ ڈالنا، ناچاقی کرانا وغیرہ وغیرہ کا ذکر کیوں نہیں کیا گیا۔

جواب: (مترجم) قانون ہے کہ جب مفعول کا ذکر نہ کیا جائے تو فعل عام ہو جاتا ہے۔ یہاں بھی مفعول کو حذف کیا گیا ہے تا کہ شیطان کی تمام برائیوں سے پناہ کا ارادہ ہو۔

ف: روضۃ الاخیار امام غزالی میں ہے کہ شیطان مذکر بھی ہے مؤنث بھی، بچہ بھی جنتے مگر مرتے نہیں بلکہ ہمیشہ رہیں گے (تا نفخ صور) اور جنات مذکر بھی ہیں اور مؤنث بھی۔ یہ بھی بچہ جنتے ہیں مگر ان پر موت آتی ہے اور فرشتے نہ مذکر ہیں نہ مؤنث، نہ بچے جنتے ہیں نہ کھاتے پیتے ہیں۔ اس سے جنات کی حقیقت اور ان کا وجود

Marfat.com

ثابت ہوا اور جنات کے وجود کا سوائے فلسفیوں کی چھوٹی سی جماعت کے بعض جاہل افراد یا بعض اطباء وامثالہا (یعنی ان جیسے اور) کے اور کسی نے انکار نہیں کیا۔

حکایت:۔ محی السنۃ امام غزالی قدس سرہٗ (آپ ثقلین (جن وانس) کے مفتی اعظم تھے) نے ایک دن جنات سے دنیا کے کارناموں کے متعلق پوچھا انہوں نے عرض کی کہ زمخشری ایک کتاب تفسیر لکھ رہا ہے۔ جواب تک نصف حصہ تحریر کر چکا ہے۔ آپ نے فرمایا وہی تحریر کردہ کتاب (تفسیر) لے آئے آپ نے اس کو نقل کر کے واپس کر دیا۔ ایک روز زمخشری کو امام غزالی قدس سرہٗ کے حضور میں حاضری کا شرف ملا تو آپ نے وہی تفسیر زمخشری کو دکھلائی۔ زمخشری دیکھ کر متعجب ہوا اور عرض کی کہ اگر کہوں کہ یہ وہی تفسیر ہے تو پھر یہاں کیسے آئی! اگر کہوں کسی دوسرے کی ہے تو بھی عقل نہیں مانتی کیونکہ اس کے الفاظ ومعانی اور وضع وترتیب بعینہٖ میری کتاب جیسی ہے تو دو مصنفوں کا ایک ہی طرح کے الفاظ ومعانی، وضع وترتیب پر غائبانہ متفق ہو جانا محال ہے۔ امام غزالی نے فرمایا کہ یہ کتاب تیری تفسیر کی نقل ہے۔ ہم کو جنات کے ذریعہ پہنچی ہے۔ زمخشری قبل ازیں جنات کے وجود کے قائل نہیں تھے۔ اس حیرت انگیز کرشمہ کو دیکھ کر اسی وقت جنات کے وجود کے قائل ہو گئے اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ جنات کو علم غیب حاصل ہے۔ مولا عزوجل بھی فرماتے ہیں: تَبَیَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ یعنی جب سلیمان علیہ السلام زمین پر آئے جنوں کی حقیقت کھل گئی۔ (یعنی وہ غیب نہیں جانتے) اگر غیب جانتے ہوتے تو اس خواری کے عذاب میں مبتلا نہ ہوتے۔

ف: پھر ان کی حقیقت ان لوگوں کے نزدیک (جو جنات کو مجردات نہیں مانتے یہ ہے) جنات ہوائی اجسام ہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ یہ ناری اجسام ہیں۔ یہ مختلف شکلوں میں متشکل ہونے پر قادر ہیں۔ مثلاً، بچھو، کتے، اونٹ، گائے، بکری، گھوڑے، خچر، گدھے اور انسان کی شکل اختیار کرنا بھی ان کے اختیار میں ہے۔ ان میں عقل بھی ہے اور فہم بھی اور بہت بڑے بڑے کام کر لیتے ہیں۔ جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے محل اور تصویریں اور بڑے حوضوں کے برابر لگن اور لنگر دار دیگیں تیار کرتے تھے اور وہ لوگ جو ان کے مجردات کے قائل ہیں تو وہ ان کی دو اقسام مانتے ہیں۔

i۔ ارضیہ سفلیہ ii۔ عالیہ

ارضیہ سفلیہ:۔ یہ اس لئے کہ مجردات یعنی وہ مجردات جو نہ متحیز ہیں اور کسی متحیز میں حلول کرنے والے ہیں۔

عالیہ:۔ ان میں بعض وہ عالی ہیں جو اجسام کی تدبیر سے مقدس ہیں اور وہ ملائکہ مقربین ہیں جنہیں مشائین معزات عقول سے تعبیر کرتے ہیں اور اشراقین صاحبان ان کا انوار عالیہ قاہرہ نام رکھتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو

Marfat.com

جسم کی تدبیر سے تعلق رکھتے ہیں ان کو مشائین نفوس سماویہ اور اشراقین انوار مدبرہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں ان سب سے برگزیدہ حاملین عرش ہیں جو اس وقت چار ہیں اور قیامت میں آٹھ ہو جائیں گے ان کے بعد وہ جو کہ عرش کے اردگرد کھڑے ہیں۔ پھر کرسی والوں کا درجہ، پھر ساتویں آسمان والوں کا، اسی طرح درجہ بدرجہ آسمانوں کے ملائکہ کا، مثلاً آسمانوں کے ملائکہ میں سب سے اہم درجہ ساتویں آسمانوں والوں کا، اسی طرح اول تک۔ پھر کرہ اثیر اور اس ہوا والوں کا، جو نسیم کی طبع رکھتی ہے۔ پھر کرہ زمہریر والوں کا، پھر پہاڑ والوں کا، پھر ارواح سفلیہ والوں کا، جو نباتات اور حیوانات کے اجسام میں تصرف کرنے والے ہیں اور یہی پچھلے بعض تو نورانی شکل کے ہوتے ہیں اور نہایت درجہ کے صالح ہوتے ہیں جن کو جنات صالحین کہا جاتا ہے اور بعض کالے رنگ اور شریر قسم کے ہوتے ہیں اور شیطان اسی پچھلی قسم سے ہیں۔ (کذافی التفسیر الفاتحہ للفناری) ظاہر یہ ہے کہ لفظ شیطان سے ابلیس اور اس کے خدماء مراد ہیں۔

تفسیر صوفیانہ جو بھی متکبر اور سرکش ہو، جو ذکر الٰہی سے روکے، وہ شیطان ہے، خواہ وہ جن ہو یا انسان۔ کما قال تعالیٰ: شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ (شیاطین اور انسان بھی ہوتے ہیں اور جن بھی)

تفسیر عالمانہ الرَّجِيْمِ بمعنی فرشتوں کے ہٹانے سے آسمانوں سے زمین کی طرف پھینکا ہوا اور آسمانوں کی چنگاریوں کا مارا ہوا۔ جب کہ وہ آسمانوں کی جانب جانے کا ارادہ کرتا ہے۔ یہ شیطان کی بہت بڑی مذموم صفت ہے۔ قرآن پاک میں شیطان کے اسماء بہت منحوس قسم کے گنے گئے ہیں اور اس کی صفتیں بہت مذموم طرز کے ساتھ بیان کی گئی ہیں اور یہ لفظ رجیم اس کی تمام برائیوں کا مجموعہ ہے۔ کیونکہ جتنی عقوبات اس پر عائد ہوتی ہیں یہ لفظ ان سب کا جامع ہے۔ اسی لیے ابتداء میں اس کے اسماء صفات میں اسی لفظ الرَّجِيْمِ کو اختیار کیا گیا ہے۔

تفسیر صوفیانہ استعاذہ میں فقط زبانی جمع خرچ نہ ہونا چاہئے بلکہ اس وقت حضور قلب کا ہونا نہایت ضروری ہے اور قول حال و فعل کے بالکل مطابق ہو۔ یعنی ایسا نہ ہو کہ زبان سے تو کہہ رہا ہو اعوذ باللہ، مگر حال و فعل کا ورد اعوذ بالشیطان ہو۔

عارف کا استعاذہ: عارف رویت غیر اللہ اور حجاب کثرت سے پناہ سے مانگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شیطان عارف کے نور سے دور بھاگتا ہے۔

حکایت: حضرت ابوسعید خراز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابلیس کو خواب میں دیکھا تو اسے اپنے عصا سے مارنے کا ارادہ فرمایا شیطان نے عرض کی:۔ اے ابوسعید! میں عصا کی مار سے نہیں ڈرتا۔ ہاں آفتاب معرفت کی

marfat.ocm
Marfat.com

شعاع سے ضرور کانپ جاتا ہوں۔یعنی وہ آفتاب معرفت جو قلب مبارک کے نورانی آسمان سے طلوع ہوتا ہے۔

سوال :۔ شیطان سے پناہ پناہ مانگنا غیر اللہ سے ڈرنا اور یہ عبودیت کے خلاف ہے۔

جواب :۔ دشمن کو دشمن سمجھنا بھی محبت کی نشانی اور غیر اللہ سے بھاگ کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا بھی عبودیت کی علامت ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں طاعت کے لئے تیار ہونا یونہی نصیب ہوتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے نہ ڈرتا ہے اس سے ڈرنا اپنی عاجزی کا اظہار کرنا ہے جیسا کہ منقول ہے:

اَخَافُ مِنَ اللّٰہِ اللہ سے ڈرتا ہوں یعنی اس کے عذاب وغضب سے

اور منقول ہے:اَخَافُ مِمَّنْ لَا یَخَافُ اللّٰہَ اس سے ڈرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا۔یعنی اس کے برے افعال سے۔مولانا روم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: ؎

آدمی را دشمن پنہاں بسیست آدمی با حذر عاقل کسیست

ترجمہ :۔ آدمی کے چھپے ہوئے دشمن بہت ہیں۔سمجھدار آدمی وہ ہے جو دشمن سے ڈرتا ہو۔

ف:۱۔تفسیر کبیر میں ہے کہ اعوذ باللّٰہ پڑھنا مخلوق سے اعراض اور خالق کی طرف رجوع کرنا ہے اور حاجت کامل (جو نفس کو درپیش ہوتی ہے) سے روگردانی کر کے غنائے تام حقی کے ساتھ جمیع خیرات کے حصول کی طرف راغب ہونا اور اسی کی بدولت تمام بلیات کو دفع کرنا ہے۔یہی راز ہے۔ فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ [1] میں اس ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا قرب بجز عجز کے حاصل نہیں ہوتا اور عجز سالک کا انتہائی مقام ہے۔

۲۔حضرت حسن فرماتے ہیں جس نے حقیقی طور پر پناہ مانگی،یعنی حضور قلب کے ساتھ،تو اللہ تعالیٰ اس کے اور شیطان کے درمیان تین سو پردے لٹکا دیتا ہے۔ہر پردہ کے مابین زمین آسمان کے درمیان جتنی مسافت ہوتی ہے.

حدیث در حکایت شیطان خبیث :۔ حضرت ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے باہر نکلے تو وہاں ابلیس ملعون کھڑا تھا۔آپ نے فرمایا:۔اے کم بخت! کیا چیز تجھے مسجد کے قریب لائی ہے؟اس نے عرض کی:حضور! مجھے اللہ تعالیٰ نے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے کا حکم دیا ہے۔آپ نے فرمایا:اللہ تعالیٰ نے تجھے میرے ہاں کیوں بھیجا؟ شیطان نے عرض کی حضور! تاکہ آپ مجھ سے حسب منشاء کچھ پوچھیں۔حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ پہلے آپ نے اس سے نماز کے متعلق پوچھا،فرمایا کہ اے ملعون! میری امت کو نماز باجماعت سے کیوں روکتا ہے؟عرض کی:حضور! جس وقت آپ کا کوئی امتی نماز باجماعت کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو مجھے تپ محرقہ گھیر لیتا

---

[1] :۔ترجمہ:پس اللہ تعالیٰ کی طرف بھاگو۔ اویسی غفرلہٗ

marfat.ocm
Marfat.com

ہے۔ جب تک وہ واپس نہیں ہوتا میں اس مرض میں مبتلا رہتا ہوں۔ پھر آپ نے پوچھا کہ تو ان کو علم و دعا سے کیوں روکتا ہے؟ عرض کی: اس لئے کہ ان کی دعا سے اندھا اور بہرا ہو جاتا ہوں۔ مجھے اس وقت شفا ہوتی ہے۔ جب وہ فراغت پاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ان کو قرآن پڑھنے سے کیوں روکتا ہے؟ عرض کی: قرأت سے میں قلعی کی طرح (آگ میں) پگھلتا رہتا ہوں۔ پھر آپ نے فرمایا: ان کو جہاد سے کیوں روکتا ہے جب کہ وہ جہاد کے لئے نکلنے کا ارادہ کرتے ہیں۔ عرض کی: جب وہ جہاد کے لئے نکلتے ہیں تو اس وقت میرے قدموں میں زنجیر ڈالے جاتے ہیں یہاں تک کہ واپس نہ لوٹیں، اسی طرح جب وہ حج کو جاتے ہیں تو ان کی واپسی تک میرے گلے میں طوق اور پاؤں میں زنجیر ڈالے جاتے ہیں۔ اسی طرح جب وہ صدقہ کا ارادہ کرتے ہیں تو میرے سر پر کلہاڑے چلتے ہیں جو مجھے ایسے کاٹتے ہیں جیسے لکڑیوں کو کاٹا جاتا ہے۔

روحانی نسخہ: ۱۔ شیطان بنی آدم کی طبیعتوں پر کھانے پینے کی وجہ سے مسلط کیا گیا۔ جب بنی آدم کھانے پینے کو خیر باد کہہ دے تو پیٹ اور فرج کی شہوت کی بیخ کنی ہوگی۔ بعد ازاں شیطان کی مداخلت (یعنی گمراہ کرنا) بھی نہ۔

۲۔ نفس کی اصلاح کا سبب یہی پانچ نمازیں ہیں کہ کیونکہ ان کی فرضیت بھی اصلاح نفس کے لئے ہے، اس لئے کہ نماز میں تین طرح کی عاجزی ہے۔

i۔ بہت بڑے بادشاہ کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا۔ ii۔ رکوع کر کے عاجزی ظاہر کرنا۔

iii۔ سجدہ کر کے اظہار عجز کرنا اور نفس بھی خشوع و خضوع اور عاجزی سے اصلاح پذیر ہوتا ہے۔

حکایت: ۔ حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہیں: ۔ کہ جب سیدنا نوح علی نبینا علیہ السلام کشتی سے (بعد از طوفان) باہر تو ابلیس ملعون حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا: اے بدبخت! یہ بتا کہ بنی آدم کے کون سے عادات تجھے اور تیرے لشکر کو گمراہ اور ہلاک کرنے میں معاونت کرتے ہیں؟ ابلیس ملعون نے جواب دیا کہ جب ہم بنی آدم کو کنجوس، بخیل، بدخواہ، سرکش اور جلد باز پاتے ہیں تو ہم گٹھڑی کی طرح اسے جھپٹ لیتے ہیں جب کسی انسان میں یہ تمام مذکورہ عادات جمع ہوتی ہیں تو ہم اس کا شیطان مرید (سرکش) نام رکھتے ہیں۔

انجو بہ: ۔ حدیث شریف میں ہے کہ ابلیس ملعون کے سامنے ہر روز دنیا پیش ہوتی ہے۔ پھر یہ کم بخت اعلان کرتا ہوا کہتا ہے۔ کہ کوئی ہے جو مجھ سے وہ چیز خریدے جس میں اس کا نقصان اور پریشانی ہو۔ تو دنیا دار لوگ یہ منادی سن کر کہتے ہیں کہ اس کے خریدار ہم ہیں۔ شیطان انہیں سمجھاتا ہوا کہتا ہے: بھائیو! اتنی جلدی نہ کرو، ذرا سوچ لو، یہ تو بڑی عیب دار تجارت ہے۔ دنیا دار کہتے ہیں کوئی بات نہیں ہم اسے ضرور خریدیں گے۔ شیطان کہتا ہے اس کا ثمن نہ دار ہم ہیں نہ دنانیر بلکہ اس کا ثمن تمہارا وہ نیک نصیب ہے جو تمہیں بہشت سے عطا ہوگا۔ میں تم

marfat.com
Marfat.com

سے تمہارے نصیبہ کو چار چیزیں دے کر خریدتا ہوں:

i۔اللہ تعالیٰ کی لعنت ii۔اس کا غضب iii۔اس کا عذاب iv۔اس کی دوستی سے انقطاع

یہ اشیاء دے کر میں تم سے بہشت خریدوں گا دنیادار سن کر کہتے ہیں۔بسر وچشم۔یعنی ہیں یہ سودا منافع میں ہے۔ پھر شیطان کہتا ہے کہ میری خواہش ہے کہ مجھے ثمن کچھ بڑھادو (کیونکہ مجھے تجارت میں نقصان معلوم ہوتا ہے) وہ اس طرح کہ اپنے قلوب پر ان اشیاء کا ایسا گھر نہ بناؤ اور پکا ارادہ کرلو کہ اس سے تم ہرگز نہ ہٹو گے۔دنیادار کہتے ہیں ہم پہلے ہی عزم بالجزم کر چکے ہیں۔یہ کہہ کر دنیادار دنیا لے لیتے ہیں۔شیطان ہنس کر کہتا ہے:

بِئْسَتِ التِّجَارَة (یہ بہت بری تجارت ہے)

حافظ شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

مجو درستی عہد از جہاں سست نہاد کہ ایں عجوزہ عروس ہزار داماد ست

ترجمہ:۔اس جہان کمزور طبیعت سے وفا کی امید نہ رکھو اس لئے کہ اس بڑھیا نامراد کے ہزاروں داماد ہیں۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

بر مرد ہشیار دنیا خسیست کہ ہر مدتے جائے دیگر کسیست

منہ بر جہاں دل کہ بیگانہ ایست کہ مطرب کہ ہر روز در خانہ ایست

نہ لائق بود عشق با دلبرے چو ہر بامدادش بود شوہرے

ترجمہ:۔ ہوشیار مرد کے نزدیک دنیا کوئی شئے نہیں کیونکہ ہر آن اس کی جگہ بدلتی رہتی ہے۔

جہان دنیا سے دل نہ لگا کیونکہ یہ جہان بیگانہ ہے، جیسے کہ سرود بجانے والا ہر روز نئے گھر میں ہوتا ہے۔

اس محبوب سے دل لگانا اچھا نہیں جو ہر صبح نیا شوہر انیتا کے

حدیث شریف: حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شیطان کے وسوسہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: چور اس گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں کوئی شئے نہ ہو۔یہ وسوسہ تو ایمان کی وجہ سے ہوتا ہے۔

فرمان علی:۔سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں کہ ہماری نماز اور کتاب کی نماز میں فرق صرف وسوسہ کی وجہ سے ہے کیونکہ شیطان کفار کے عمل سے تو فارغ ہو چکا ہے۔کفار کا ہر فعل اس کی مرضی کے موافق ہوتا ہے اور مومن چونکہ اس کی مخالفت اور اس کے ساتھ مجادلہ کرتے ہیں تو وہ بھی ان سے مقابلہ کرتا ہے۔یعنی ان کے دلوں میں وسوسہ ڈال کر ان کی مخالفت کرتا ہے۔

حکایت:۔ایک شخص خراسان سے عراق جاتا رہتا تھا اور ہر ایک دفعہ ایک مولوی صاحب کی خدمت میں

marfat.ocm
Marfat.com

حاضری دیتا تھا۔مولوی صاحب نے اسے رفتہ رفتہ علم وحکمت کی چار ہزار احادیث یاد کرادیں۔واپس وطن جانے کے لئے اپنے استاد صاحب سے اجازت طلب کی۔استاد صاحب نے فرمایا:۔میں تجھے ایک ایسا کلمہ نہ سکھادوں جوان احادیث سے بھی زیادہ مفید ہو؟عرض کیا:ہاں جی،ضرور سکھایئے۔مولوی صاحب نے فرمایا: تمہارے خراسان میں شیطان بھی ہے؟عرض کیا:ہاں جی فرمایا:کیاوسوسہ بھی ڈالتا ہے؟عرض کیا:ہاں جی۔فرمایا: تو پھرتم اس کے دفعیہ کے لئے کیا کرتے ہو؟عرض کیا:اسے ہٹاتے ہیں۔فرمایا:اگر پھر وسوسہ ڈالے تو؟عرض کیا: پھر اسے دفع کرتے ہیں۔مولوی صاحب نے فرمایا:جب یہ خدا کا دشمن تمہیں تکلیف دے اور عبادت سے روکے تو تم اس کے وسوسہ کے روکنے کے درپے نہ ہو بلکہ ایسے ہوجاؤ جیسے چرواہے کے کتے کے ساتھ کوئی اجنبی آدمی ہوتا ہے۔اس سے اللہ تعالی کی پناہ مانگو کیونکہ وہ منجملہ کتوں کے ایک کتا ہے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کے مکروشر سے بچائے۔آمین۔

تفسیر عالمانہ

بِسْمِ اللّٰہ کے نام کے ساتھ۔

مسئلہ :۔ زیادہ صحیح اور مقبول قول متاخرین احناف رحمھم اللہ تعالیٰ کا یہ ہے کہ بسم اللہ شریف ایک آیت ہے مگر کسی سورت کا جز نہیں۔محض سورتوں کے فرق بتانے کے لئے نازل ہوئی ہے ہر کام شروع کرتے وقت اس سے تبرک لیا جاتا ہے۔جیسا کہ اس کے ذکر سے تبرک حاصل کیا جاتا ہے۔

ف:۱۔بسم اللہ شریف قرآن پاک کی کنجی ہے۔ ۲۔یہ وہ پہلا کلمہ ہے جو سیدنا آدم علیہ السلام پر نازل ہوا۔

شان نزول: کفار کی عادت تھی کہ ہر کام شروع کرتے وقت اپنے بتوں کے نام لیتے تھے۔یعنی بسم اللات و العزّٰی کہتے۔پس مومن اہل توحید پر لازم ہوا کہ اپنا ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک زبان پر لائے تا کہ اللہ تعالیٰ کا نام مقدس رہے اور فعل مؤخر۔یہی وجہ ہے کہ یہاں فعل مؤخر کر کے محذوف مانا جاتا ہے۔یعنی اصل عبارت بسم اللہ اقراہ یا اتلوا وغیرہ تھی۔

تفسیر صوفیانہ

مفسرین فرماتے ہیں کہ جمیع علوم بسم اللہ کی باء میں امانت رکھے گئے ہیں۔گویا بسم اللہ شریف کا اصل معنی یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔جو کچھ تھا مجھ سے تھا اور جو کچھ ہوگا مجھ سے ہوگا اور تمام عالم کا ہونا میرے توسط سے ہے اور میرے سوا کسی دوسرے کا وجود نہیں،اگر ہے تو مجازی واسمی۔یہی مطلب ہے صوفیاء کرام کے اس قول کا،جو فرماتے ہیں میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ جس میں اللہ تعالیٰ کا جلوہ نہ ہو۔

حدیث شریف:۔اور یہی مقصد ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف کا فرماتے ہیں:۔

marfat.ocm
Marfat.com

"دہر کو گالی مت دو، کیونکہ دہر تو اللہ تعالیٰ ہے"

سوال :۔ کیا وجہ ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کی ابتدا میں جمیع حروف میں سے بَا کو اختیار فرمایا، نہ الف سے بلکہ بسم اللہ شریف میں ہے تو الف کو حذف کر کے بَا کو اس کے قائم مقام رکھا گیا ہے۔

جواب :۔ اس میں دس حکمتیں ہیں۔

☆.....الف میں بلندی، تکبر، تطاول اور بَا میں عجز، تواضع، انکساری ہے۔ پس بمطابق قاعدہ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ باالف سے رتبہ میں بڑھ گئی۔

☆.....بَا الصاق کے لئے آتی ہے (جس کا معنی ملنا، ملانا ہے) بخلاف اکثر حروف، بالخصوص الف کے کہ وہ حرف قطع سے ہیں (جس کا معنی جدائی ہے)

☆.....بَا ہمیشہ مسکور پڑھی جاتی ہے جب کہ اس کے ظاہر و باطن میں عجز و انکسار پایا گیا ہے۔ پس اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عندیت یعنی قرب کا درجہ نصیب ہوا۔ جیسا کہ حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں ان قلوب کے قریب ہوں جو میری خاطر ہمیشہ عجز و انکساری میں رہتے ہیں۔

☆.....بَا میں بظاہر عجز و انکسار، مگر بہ باطن اس میں بلندی درجات و علو ہمت ہے اور یہ صفات صدیقین کے ہیں۔ یہ صفات الف میں نہیں ہیں۔ بلندی درجہ تو یہ کہ اس میں نقطہ ہے اور الف میں نہیں اور بلندی ہمت یہ کہ اس کو بہت سے نقطے پیش کیے گئے تو اس نے سوائے ایک کے باقی کو قبول نہیں فرمایا تا کہ اس کا حال اس عاشق صادق جیسا ہو جائے جو صرف ایک محبوب کی طلب رکھتا ہے۔

☆.....بَا میں قربت حق کی طلب صادق ہے کیونکہ جب اسے نقطہ ملا تو کوا اپنے قدموں میں پھینک دیا اور نقطہ ملنے سے نازاں بھی نہیں ہوئی۔ جیم اور یا میں یہ بات نہیں اس لیے ان کے نقطے ان کے نیچے نہیں بلکہ باعتبار وضع حروف کے وسط میں ہیں۔ ان کو دوسرے حروف سے ملانے سے ان کے نقطے نیچے ہو جاتے ہیں۔ مگر اس وقت نقطوں کا نیچے ہونا اس لیے ہے کہ جیم کو خَا سے اور یَا کو تَا سے مشابہت نہ ہو جائے بخلاف بَا کے کہ اس کا نقطہ ہمیشہ اس کے نیچے ہوتا ہے خواہ وہ تنہا ہو یا کسی دوسرے حرف سے ملی ہوئی ہو۔

☆.....الف حرف علت ہے بخلاف بَا کے۔

☆.....بَا باعتبارِ معنی حرف تام اور متبوع ہے اگرچہ باعتبارِ ظاہر کے تابع ہو کر آئی ہے (یعنی حروف کی وضع کے وقت الف کے بعد میں واقع ہوئی ہے اور معنی کے لحاظ سے الف بَا کے تابع ہوا کرتا ہے بخلاف بَا کے کہ وہ الف کے تابع نہیں آئی اور جو چیز معنوی اعتبار سے متبوع ہو وہ اقوی ہوتی ہے)

marfat.com
Marfat.com

☆.....بأ حرف عامل اور متصرف اپنے غیر میں ہے۔اسی وجہ سے یہ صاحب قدرت ہے بدیں وجہ ابتداء کے لائق ہوئی بخلاف الف کے وہ عامل نہیں۔

☆.....بأ اپنے نفسی صفات کے اعتبار سے حرف کامل ہے بایں طور کہ الصاق واستعانت واضافت کے لئے آتی ہے۔دوسری بات اس میں یہ ہے کہ اپنے غیر کو مکمل کرتی ہے۔یعنی اپنے مدخول کو مجرور کرتی ہے اور اسے مکسور بمعنی متواضع بناتی ہے۔ایسا متواضع کہ اپنے صفات اس میں پہنچاتی ہے اسے یہی بلند درجہ اور قدرت حاصل ہے کہ اپنے غیر میں توحید وارشاد کی تکمیل کراتی ہے۔اسی تقریر کے موافق سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ارشاد ہے کہ میں وہ نقطہ ہوں جو بأ کے نیچے ہے۔پس بأ کو ارشاد ودلالة علی التوحید کا مرتبہ عطا کیا گیا ہے۔

☆.....بأ حرف شفوی ہے اس کے پڑھنے سے جتنے ہونٹ کھلتے ہیں کسی دوسرے حرف شفوی میں نہیں کھلتے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان نے عالم ارواح میں اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے جواب میں بَلٰی بولتے وقت پہلے بأ سے اپنا منہ کھولا تھا۔پس یہی پہلا حرف ہے جو انسان نے بولا اور اسی سے منہ کھولا (یہ خصوصیات بأ کی ہیں) اسی وجہ سے حکمت الٰہیہ کا تقاضا ہوا کہ اس کو باقی حروف سے چن لے۔لہذا تمام حروف سے اس کو چنا اور اس کی قدر ومنزلت تمام حروف سے بلند فرمائی اور اس کے برہان کو ظاہر کیا اور اس کو کلام وکتاب وخطاب کا مفتح ومبتداء بنایا۔ (کذافی التاویلات النجمیہ)

اسم اللہ وہ ہے جو باعتبار ذات یا کسی صفت صفات سلبیہ میں جیسے قدوس (یہ صفت سلبیہ ہے) یا باعتبار کسی صفت صفات ثبوتیہ میں سے جیسے علیم (یہ صفت ثبوتیہ ہے) یا باعتبارِ کسی فعل اس کے افعال سے جیسے خالق کے اس پر اطلاق کرنا صحیح ہو۔لیکن اس کے اسماء بعض علماء کے نزدیک توقیفیہ ہیں۔ (شرح المشارق لابن الملک)

ف : مختار یہ ہے کہ لفظ اسم اعظم ہے۔

سوال :. اسم اعظم تو وہ ہے کہ جس کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے جو کچھ طلب کیا جائے وہ عطا فرمادے۔ہم تو اس کے وسیلہ سے بہت کچھ مانگتے ہیں مگر اکثر اوقات محروم رہتے ہیں۔

جواب :. دعا کے لئے چند آداب سب سے پہلے باطن کی اصلاح لقمہ اجل حلال سے کی جائے۔جیسا کہ اس کے حق میں کہا گیا ہے: دعا آسمان کی کنجی ہے مگر اس کے دندانے لقمہ اجل ہے۔سب سے آخری شرط اخلاص وحضور قلب ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (اللہ کو پکارو نرے اس کے بندے ہوکر)

marfat.ocm
Marfat.com

کیونکہ انسان کا فقط زبان کو متحرک کرنا اور فقط منہ سے آواز نکالنا، جس نکالنا، جس میں حضور قلب نہ ہو۔ دروازے پر ٹھہرنے والے کی طرح محض واویلا کرنا اور چھت پر چڑھ کر کسان کے آواز دینے کی مانند ہے۔ بہر حال قلب حاضر ہو تو حضوری قلب مالک کی بارگاہ میں دعا مانگنے والے کے لئے سفارش کرے گی۔

تحقیق اسم اعظم:۔ حضرت شیخ مؤید الدین جندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں وہ اسم اعظم کہ جس کا ذکر مشہور ہو گیا ہے اور جس کی خبر چار سو پھیل گئی ہے اور جس کا چھپانا لازم اور ظاہر کرنا حرام ہے وہ حقیقۃً و معنی عالمِ حقائق و معانی سے ہے اور صورۃً ولفظاً عالم صورت والفاظ سے ہے۔ جمیع حقائق کمالیہ سب کی سب احادیث کا نام حقیقت ہے اور اس کا معنی وہ انسان کامل ہے جو ہر زمانہ میں ہوتا ہے۔ یعنی وہ قطب الاقطاب جو امانت الٰہیہ کا حامل اور اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہوتا ہے اور اسم اعظم کی صورت ولی کامل کی ظاہری صورت کا نام ہے۔

ف: اسم اعظم کا علم سابقہ امم پر حرام کر دیا گیا تھا جب تک کہ حقیقت انسانیہ کا اپنی اکمل صورت میں ظہور نہ ہوا، بلکہ اس کا ظہور اس زمانہ کے کامل کی قابلیت پر موقوف تھا۔ جس اسم اعظم کا معنی اور اس کی صورت رسول پاک صاحبِ تاج لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مقدس سے پایا گیا تو محض اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ وسلم کے صدقے اسم اعظم کا علم مباح فرما دیا۔

اَلرَّحْمٰنِ رحمت لغت میں رقت یعنی نرمی قلب اور انعطاف یعنی کسی پر مہربانی کرنے کہتے ہیں۔ اسی لیے بچہ دانی کو رحم کہتے ہیں کیونکہ وہ اپنے مافیہا پر مہربان ہوتی ہے۔ یہاں فضل واحسان مراد ہے یا بہ نسبت ہمارے سبب بول کر مسبب قریب یا بعید مراد لیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے اسماء باعتبارِ نتائج لیے جاتے ہیں اور وہ غایات ونتائج افعال ہیں۔ باعتبار مبادی کے اور وہ مبادی انفعلات ہیں اور ذات باری تعالیٰ انفعال سے مبرا ہے۔ پس معنی یہ ہوا کہ وہ اپنی مخلوق پر مہربان فرمانے والا ہے ان کو رزق دینے سے یا ان سے بلیات کو دفع کرنے سے، نہ تو متقی کا رزق بوجہ تقویٰ بڑھاتا ہے نہ اور نہ مجرم کے جرم کو دیکھ کر اس کے رزق میں کمی کرتا ہے بلکہ ہر ایک کو اپنی مرضی کے مطابق رزق دیتا ہے۔ اَلرَّحِیْم وہ رحم کرنے والا ہے جس سے سوال کیا جائے تو عنایت کر دے اور جس سے طلب نہ کیا جائے تو غصہ کرے بخلاف بنی آدم کے کہ وہ سوال کیے جانے پر غضب ناک ہوتے ہیں۔ رحمت اللہ تعالیٰ کی ذاتی صفات میں سے ہے اس لیے کہ رحمت بمعنی غیر پر ارادہ خیر کرنا اور اس سے دفع شر کرنا اور ارادہ ذات کی صفت ہے کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ اس صفت سے موصوف نہ ہوتا تو جمیع موجودات کو پیدا نہ کرتا۔ پس جب اس نے جمیع مخلوق کو پیدا فرمایا تو ہمیں پتا چلا کہ رحمت اس کی ذاتی صفت ہے کیونکہ خلق بمعنی مخلوق کو وجود کی خبر پہچانا اور ان کو عدم کے شر سے بچانا اور وجود سب کا بہتر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف: حضرت فرماتے ہیں کہ رحمت صفات الٰہیہ کی ایک صفت ہے اور رحمت ایک حقیقت ہے لیکن دو قسم پر ہے۔

i۔ذاتی ii۔صفاتی

اور اسمائے ذاتی وصفاتی کا تقاضا بھی یہی ہے (کہ رحمت دو قسم ہو) پھر ان دونوں کی دو دو قسمیں ہیں، عام وخاص۔اس اعتبار سے رحمت چار قسم ہوئی۔پھر ان کے کئی انواع ہیں جن کا مجموعہ ایک سو تک پہنچتا ہے۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:۔اللہ تعالیٰ کی ایک سو رحمتیں ہیں۔ان میں سے صرف ایک رحمت تمام اہل دنیا کو عطا فرمائی اور ننانوے آخرت میں اپنے بندوں پر رحم فرمانے کے لئے مخفی رکھی ہیں۔

ف: رحمت عام وخاص ذاتی وہ ہیں کہ جن کا ذکر بسم اللہ شریف کے لفظ رحمٰن ورحیم سے ہوا ہے۔ان میں سے رحمت رحمانیہ عام ہے اس لئے کہ وہ تمام اشیاء کو علماً وعیناً شامل ہوتی ہے اور رحمت رحیمیہ خاص ہے۔کیونکہ یہ اس رحمت عامہ کی تفصیل ہے جو ہر ایک عین کی تعیین (جو استعداد خاص کے ساتھ فیض اقدس کے حصول کے لئے ہوتی ہے) کی موجب ہے اور رحمت عام وخاص صفاتیہ وہ ہے جو فاتحہ شریف کے رحمٰن ورحیم میں ہے۔ان میں رحمت رحمانیہ عام ہے کیونکہ یہ ان فیوضات (رحمت عامہ ذاتیہ سے وجود عام علمی پر ہوئے) پر مرتب ہے اور دوسری رحمت خاصہ ہے اور اس کی تخصیص اس استعداد اصلی کے مطابق ہے جو ہر ایک عین میں پائی جاتی ہے اور یہ دونوں رحمتیں (صفاتیہ جو فاتحہ کے رحمٰن ورحیم میں ہیں) رحمت ذاتیہ عامہ وخاصہ ہیں۔

فضائل بسم اللہ شریف ☆.....بعض روایات سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تین ہزار اسماء ہیں۔ایک ہزار کو سوائے ملائکہ کے کوئی نہیں جانتا اور ایک ہزار سوائے انبیاء علیہم السلام کے کسی کو معلوم نہیں اور تین سو توارۃ میں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے علم میں رکھا ہے۔پس ان تین ہزار اسماء کا معنی ان تین اسماء اللہ، رحمٰن اور رحیم میں ہے۔جس نے ان تینوں کو جانا یا ان کو پڑھا تو گویا اس نے اللہ تعالیٰ کو اس کے تمام اسماء کے ساتھ یاد کیا۔

☆.....حدیث شریف میں ہے۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب مجھے معراج ہوئی تو تمام بہشتیں میرے پیش کی گئیں تو ان میں میں نے چار نہریں دیکھیں۔

i۔پانی کی ii۔دودھ کی iii۔شراب کی iv۔شہد کی

میں نے جبرائیل سے نہروں کے متعلق پوچھا کہ یہ نہریں کہاں سے آتی ہیں اور کہاں جاتی ہیں؟ جبرائیل نے کہا: حضور! جاتی تو حوض کوثر میں ہیں اور یہ مجھے معلوم نہیں کہ آتی کہاں سے ہیں، آپ اپنے رب سے پوچھئے، وہ آپ کو بتائے گا یا دکھادے گا۔حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب سے التجا کی۔

marfat.com
Marfat.com

رب تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ حاضر ہوا، تحفہ سلام پیش کر کے عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آنکھیں بند کیجئے میں نے آنکھیں بند کیں۔ پھر عرض کی آنکھیں کھولئے۔ میں نے دیکھا تو مجھے ایک درخت نظر آیا جو مجھے سفید موتی کا ایک قبہ معلوم ہوا۔ اس کا ایک مقفل دروازہ سونے کا تھا اور وہ اتنا وسیع تھا کہ اگر دنیا کے جن وانسان جمع ہو کر اس پر بیٹھیں تو ایسے معلوم ہوں گے جیسے پہاڑ پرندے بیٹھے ہوں۔ پس میں نے ان نہروں کو دیکھا کہ وہ اس قبہ کے نیچے سے آرہی ہیں۔ یہ نظارہ دیکھ کر میں واپس ہونے لگا۔ فرشتے نے عرض کی: حضور! اس قبہ کے اندر داخل کیوں نہیں ہوتے؟ میں نے کہا: اس میں دخول کیسے ہو، اس پر تو تالا لگا ہوا ہے اور کنجی بھی نہیں ہے۔ اس نے عرض کی: اس کنجی تو بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے۔ پس میں نے تالا کے قریب بسم اللہ شریف پڑھی۔ بمجرد بسم اللہ شریف کے میم سے اور دودھ کی اللہ کی ہاَ سے اور شراب کی رحمٰن کے میم سے اور شہد کی رحیم سے اب مجھے معلوم ہوا کہ چار نہروں کا منبع بسم اللہ شریف ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے محبوب (صلی اللہ علیہ وسلم)! جو شخص تیری امت میں ریاَ سے پاک ہو کر خالص نیت سے مجھ کو ان اسماَ سے یاد کرے گا اور کہے گا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تو میں اسے چار نہروں سے پانی پلاؤں گا''

☆.....حدیث شریف میں ہے۔ وہ دعا مردود نہیں ہوتی جس کے اول میں بسم اللہ شریف ہو۔

☆.....حدیث شریف میں ہے کہ: جس نے وہ کاغذ کہ جس پر بسم اللہ شریف لکھی ہو اس کی تعظیم وتکریم اور اللہ تعالیٰ کے نام کی بزرگی کو دیکھ کر گرد وغبار اور کیچڑ وغیرہ سے زمین سے اٹھایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کا صدیقین جیسا درجہ ہوگا اور اس کے والدین سے عذاب کی تخفیف کی جائے گی اگر چہ وہ مشرک ہی ہوں۔

☆.....امجد بونی لطائف الاشارات میں تحریر فرماتے ہیں کہ شجر ووجود بسم اللہ شریف سے متفرع ہوا اور تمام عالم اس کے سبب سے قائم ہے۔ باعتبار اجمال وتفصیل کے یہی وجہ ہے جو شخص اس کا ورد کرتا ہے عالم علوی وسفلی میں اس کی ہیبت چھا جاتی ہے۔

حکایت:۔ ☆.....روم کے بادشاہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف عریضہ بھیجا کہ مجھے سر میں ایسا درد ہے کہ اس کے علاج سے اطباء عاجز آگئے ہیں اگر آپ کے پاس کوئی دوا موجود ہے تو ارسال فرمایئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ٹوپی بھجوائی۔ جب شاہ روم اس کو اپنے سر پر رکھتا تو اس کا درد تھم جاتا جب اسے اتارتا تو درد سر شروع ہو جاتا۔ بڑا متعجب ہوا ٹوپی کو کھولا تو اس میں ایک کاغذ رکھا ہوا پایا جس پر مرقوم تھا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

☆.....شیخ اکبر قدس سرہ العزیز فتوحات میں فرماتے ہیں کہ جب سورت فاتحہ پڑھی جائے تو بسم اللہ شریف کو

Marfat.com

اس کے ساتھ ملا کر ایک دم پڑھنی چاہئے فصل درمیان میں ہرگز نہ ہو۔

☆.....حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم قسم کھا کر حضرت جبرائیل سے روایت کرتے ہیں وہ قسم کھا کر حضرت میکائیل سے اور وہ قسم کھا کر حضرت اسرافیل سے اور وہ قسم کھا کر اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے (اسرافیل کو) فرمایا اے اسرافیل! مجھے اپنی عزت وجلالت اور سخاوت کی قسم ہے جس نے ایک بار بسم اللہ شریف کو الحمد شریف کے ساتھ ملا کر پڑھا تم گواہ ہو جاؤ کہ میں نے اسے بخش دیا، اس کی تمام نیکیاں قبول فرمائیں اور اس کے گناہ معاف کر دیے اور اس کی زبان کو ہرگز نہ جلاؤں گا اور اس کو عذابِ قبر، عذابِ نار، عذابِ قیامت اور بڑے خوف سے نجات دوں گا اور وہ تمام انبیاء واولیاء سے پہلے میرے حضور میں پہنچے گا۔

(واللہ اعلم)

سورۃ فاتحۃ الکتاب

اسماء سورۃ فاتحہ مع وجہ تسمیہ

☆.....اس کو فاتحہ اس لیے کہتے کہ مصاحف وتعلیم وتلاوتِ قرآن اور نماز کا آغاز اسی سے ہوتا ہے۔ یا اس لیے کہ حمد سے ہر کلام کی ابتدا ہوتی ہے۔ یا اس لیے کہ تمام سورتوں سے پہلے نازل ہوئی۔ یا اس لیے کہ لوح محفوظ پر پہلے اسی کو لکھا گیا۔ یا اس لیے کہ دنیا میں ابواب مقاصد کا افتتاح اور آخرت میں عذاب جنان کی ابتداء اسی سے ہے۔ یا اس وجہ سے کہ کتاب اللہ کے ابواب خزائن، اسرار کے کھلنے کا وسیلہ یہی سورت ہے۔ کیونکہ یہ سورت لطائفِ خطاب کے خزانوں کی کنجی ہے۔ یا اس لیے کہ اس کے جلا سے اہل بیان پر قرآن پاک کے مطالب منکشف ہو جاتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ جس نے اس کے معانی سمجھ لیے اس پر متشابہات کے تالے کھل جاتے ہیں اور اس کی نورانیت سے آیات کے انوار کا اقتباس کیا جاتا ہے۔

☆.....اس کا نام ام القرآن بھی ہے اور ام شے کے اصل کو کہتے ہیں اور یہ سورت ام القرآن اس لیے ہے کہ قرآن پاک سے چار چیزیں مقصود ہوتی ہیں۔

۱۔ الوہیت کا اقرار ۲۔ نبوت کا اقرار ۳،۴۔ قضاء وقدر کا منجانب اللہ سمجھنا

پس اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الوہیت پر دلالت کرتا ہے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ یوم آخرت پر اور اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ جبر وقدر کی نفی کرتا ہے اور قضائے الٰہی کو ثابت کرتا ہے۔

☆.....اس کو سبع مثانی بھی کہتے ہیں اس لیے کہ اس کی سات آیات ہیں یا اس لیے کہ اس کی ہر آیت قرآن پاک کے ساتویں حصہ کے برابر ہے یا جس نے اس سورت کو پڑھا گویا اس نے سارے قرآن کر پڑھ لیا یا اس

marfat.com
Marfat.com

لیے کہ جس نے ان سات آیات کو پڑھا اس پر دوزخ کے ساتوں دروازے بند ہو گئے۔ یہ سبع کے وجوہ تھے۔ مثانی اس کو اس لیے کہا جاتا ہے کہ نماز میں دوبار پڑھی جاتی ہے یا مثانی سے مراد یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ ہر رکعت میں حقیقۃً یا حکماً دوسری سورت ہوتی ہے یا اس لیے کہ اس کا نزول دوبار ہوا، پہلی بار مکہ معظّمہ میں، دوسری بار مدینہ طیبہ میں۔

☆.....اس کا نام سورۃ الصلوۃ ☆.....سورۃ الشفاء ☆.....الشافیہ ☆.....اساس القرآن

☆.....الکافیہ ☆.....الوافیہ ☆.....سورۃ الحمد ☆.....سورۃ السوال ☆.....سورۃ الشکر

☆.....سورۃ الدعا بھی رکھا گیا ہے۔ کیونکہ یہ سب چیزیں اس سورت میں پائی جاتی ہیں۔

☆.....اس کو سورۃ الکنز بھی کہتے ہیں۔ حدیث قدسی میں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ سورۃ الفاتحہ میرے عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔[1]

تفسیر عالمانہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ میں لام عہد کی ہے۔ یعنی الحمد بمعنی حمد کامل اور کامل وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی حمد خود فرمائی یا وہ جو انبیاء علیہم السلام کی زبانوں سے نکلی، یا وہ جو اولیاء ایزد تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں۔ یا لام عموم استغراق کے لئے ہے۔ اب الحمد بمعنی جمیع محامد واثنیہ محمود (اصلی) اور ممدوح ماؤل اور معبود حق کے لئے، خواہ حامد عینی ہوں یا عرضی، فرشتوں سے ہوں یا آدمیوں سے یا ان کے غیر سے۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ مخلوق میں کوئی ایسی شے نہیں جو اللہ تعالیٰ کی حمد نہ کرتی ہو۔

تفسیر صوفیانہ صوفیہ کے نزدیک حمد محمود کے کمال ظاہر کرنے کا نام ہے اور اللہ تعالیٰ کا کمال اس کے صفات وافعال اور اس کے آثار ہیں۔ شیخ داؤد قیصری فرماتے ہیں کہ حمد تین قسم ہے۔

۱۔قولی ۲۔فعلی ۳۔حالی

حمد قولی :۔ زبان سے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا، جیسا کہ اس نے اپنی حمد انبیاء علیہم السلام سے کرائی ہے۔

حمد فعلی :۔ وہ ہے جو اعمال بدنیہ سے ادا کی جائے، خواہ عبادات خیرات سے۔ جس میں صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس بارگاہ تک پہنچنا مقصود ہو کیونکہ جیسے انسان کو حمد کا زبان سے ادا کرنا لازم ہے اسی طرح ہر عضو کے

---

[1] اس سورت کے باقی: سماء فقیر کی کتاب "احسن التعریف" میں ہیں ۱۲ ادیبی

marfat.com
Marfat.com

مطابق حمد کی ادائیگی ضروری ہے بلکہ اس کے ہر عضو پر حمد کی ادائیگی ایسے لازم ہے جیسے شکر کی ادائیگی ہر عضو پر بلکہ انسان اپنے ہر حال میں حمد کی ادائیگی کا ورد رکھے۔ **کما قال انبیاء علیھم السلام۔**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی حمد ضروری ہے۔

اور ہر عضو کا حمد بجالانا ناممکن ہے بجز اس کے کہ اپنے ہر عضو کو جس کام کے لیے وہ پیدا گیا ہے، محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی عبادت اور تعمیل سمجھ کر وہ مشروع میں استعمال نہ کرے۔ نہ تو اس میں نفس کی لذت کو دخل ہوا اور نہ اس کی خوشنودی مقصود ہو۔

حمد حالی :۔ وہ ہے جو روح وقلب سے ادا کی جائے یعنی روح وقلب کا کمالات علمیہ وعملیہ سے موصوف ہونا اور متخلق باخلاق ہونا وجہ یہ ہے کہ لوگوں کو انبیاء علیھم السلام نے فرمایا کہ وہ ایسے متخلق باخلاق اللہ ہوں کہ کمالات ان کے نفوس وذات کا ملکہ بن جائیں اور دراصل یہ وہی حمد ہے جو اللہ تعالیٰ نے مقام تفصیلی میں خود اپنی حمد فرمائی۔ جس کو صوفیہ مظاہر کے ساتھ موسوم کرتے ہیں اسے مظاہر سے موسوم کرنے کی وجہ ظاہر ہے کہ ان مظاہر کو اس سے مغایرت نہیں اس کا اپنی حمد ذات کا مقام جمعی میں بطریق حمد قولی کے اپنی حمد کرنا وہ ہے جو اس نے اپنی ذات کے صفات وکمالات اپنے صحائف وکتب میں درج فرمائے ہیں اور اس کی حمد فعلی وہ ہے جو اس نے اپنے کمالات جمالی وجلالی غیوبت سے شہود کی طرف اور باطن سے ظاہر کی طرف اور علم سے عین کی طرف اپنی صفات کے میدانوں میں اور اپنے اسماء کی ولایت کے مقاموں میں ظاہر فرمائے ہیں۔

اور حمد حالی وہ تجلیات ہیں جو اس کی ذات میں بطریق فیض اقدس اولیٰ وبطریق ظہور انوار ازلی کے موجود ہیں اس سے معلوم ہوا کہ حامد بھی وہی ہے اور محمود بھی وہی۔ اجمالاً بھی تفصیلاً بھی۔

کسی شاعر نے کیا خوب فرمایا ہے:۔

لَقَدْ کُنْتُ دَھْرًا قَبْلَ اَنْ یُّکْشِفَ الْغِطَاءَ اَخَاکَ انّی ذاکرٌ لّک شاکرٌ

فلما اضاء اللّیل اصبحت شاھدًا بانک مذکورٌ ذکرٌ وّ ذاکرٌ

ترجمہ:۔ پردہ کھلنے سے پہلے بہت عرصہ میں اس خیال میں رہا کہ شاید میں تیرا شاکر وذاکر ہوں۔ مگر جب اندھیرے سے اجالا ہوا تو دیکھتا ہوں سبحان اللہ! کہ یا الٰہی! ذکر بھی تو ہے اور مذکور بھی تو اور ذاکر بھی تو اور ہر حمد قولی

marfat.ocm
Marfat.com

ادا کرنے والا اپنے محمود کو ان صفات کمال سے جانتا ہے جو اس کی طرف منسوب ہیں۔ یہی بات تعریف کو مستلزم ہے

ف: حمد وثناء شکر ومدح سب کو شامل ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو اس سے شروع فرمایا کہ لِلّٰہ میں اپنی حمد ثناء بیان فرمائی اور شکر کا بیان رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ میں بیان فرمادیا اور مدح کا ذکر الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ میں آ گیا۔

تنبیہ:۔ بندے کو چاہیے کہ ان تینوں طریقوں کو حمد حقیقی سمجھ کر حمد نہ کرے بلکہ مقلد بن کر اور مجازی حمد سمجھ کر حمد کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی مدح وثنا (جس طرح اس کی ذات وصفات کے لائق ہیں) اس کی ذات وصفات کی حقیقت سے واقف ہونے کی فرع ہے اور اس کی ذات وصفات کی معرفت حقیقت ہے۔ **کما قال تعالیٰ**

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ۔ اسے معلوم کرنے پر احاطہ نہیں کر سکتے۔

وقال تعالیٰ:۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖۤ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر شناسی کا حق ادا نہیں کیا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج اللہ تعالیٰ کی حمد کا حکم ہوا کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم! میری حمد فرمایئے، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

لا احصی ثناء علیک مجھ سے تیری تعریف ناممکن ہے

اس سے معلوم ہوا کہ حمد کی ادائیگی میں صرف تعمیل فرمان اور اظہار عبودیت مقصود ہوتا ہے۔ پھر **لااحصی** الخ کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا:۔ **انت کما اثنیت علی نفسک**

اس سے ثابت ہوا کہ حمد سے مراد یہی تقلیدی حمد ہے اور ہمیں بھی حمد تقلیدی کا حکم ہے۔ **کما قال تعالیٰ**:

وقل الحمد للّٰہ وقال فاتقوا اللّٰہ مااستطعتم (التاویلات النجمیہ)

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

عطائیست ہر موئے از وبر تنم چگونہ بہر موئے شکرے کنم

ترجمہ:۔ میرے جسم کا ہر بال اس کی نعمت ہے پھر مجھ سے کب ممکن ہے کہ میں ہر بال کے لئے علیحدہ طور پر شکر ادا کروں۔

شاہراہ سلوک:۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ منہاج العابدین میں فرماتے ہیں کہ حمد وشکر ان سات عقبات کا

marfat.ocm
Marfat.com

آخری عقبہ ہے کہ جن کا عبور سالک کے لئے نہایت ضروری ہے تا کہ اپنے حصول مقاصد پر فتح مند ہو۔ سب سے پہلا وہ امر کہ جس کے سبب سے بندہ راہ سلوک پر چلنے کے لیے متحرک ہوتا ہے۔ الہام سماویہ وتوفیق خاص الہیہ ہے (چنانچہ) اسی طرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: کہ جس وقت بندے کے دل میں نور داخل ہوتا ہے اس کا دل کھل جاتا ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کی اس کی کوئی علامت بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں اس کا پہلا وار غرور سے کنارہ کشی، دوسرا وار خلود کی طرف رجوع، تیسرا موت کے نزول سے پہلے تیار رہنا۔ پس جب کہ بندے کے دل میں پہلے یہ بات کھٹکے کہ بے شک میرا ایک منعم ہے جس نے مجھے طرح طرح کی نعمتیں عطا کی ہیں اور پھر وہ مجھ سے ان نعمتوں کا شکرانہ اور خدمت طلب کرے گا، میں ان سے غفلت کروں تو شاید وہ نعمتیں چھین کر مجھے عذاب میں مبتلا کر دے۔ اس کا یہ کیا تھوڑا احسان ہے کہ اپنے پیغمبران عظام کو معجزات دے کر ہماری طرف بھیجا اور ان کے ذریعہ ہمیں خبر دی کہ ہمارا رب ایک ہے جو عالم اس بات پر قادر ہے کہ مطیع کو ثواب دے اور مجرم کو سزا۔ نیکی کا حکم دینے والا بھی وہی ہے اور برائی سے روکنے والا بھی وہی۔ انہی خیالات سے بندہ کے دل میں مقام خوف پیدا ہو جاتا ہے۔ پھر اس سے خلاصی کی کوئی راہ نہیں بجز اس کے کہ اپنے صانع کی صنعت کو دیکھ کر اس کے وجود پر استدلال نہ ہو۔

اوصاف مذکورہ کی وجہ سے بندہ کو اپنے رب کے وجود کا یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ اسی کو عقبہ علم ومعرفت کہتے ہیں یہی وہ پہلا عقبہ ہے جو سلوک کو راہ طے کرتے وقت درپیش ہوتا ہے اور اسی کی بدولت علم کے حصول کی بصیرت اور علماء آخرت سے سوال کرنا نصیب ہوتا ہے۔

جب اسے اپنے رب کے وجود کا یقین ہو جاتا ہے تو عبادت کے لئے معرفت اسے برانگیختہ کرتی ہے لیکن وہ عبادت کے طریقہ سے لاعلم ہوتا ہے۔ پھر فرائض شرعی ظاہری (جو اس پر لازم ہیں) سیکھتا ہے۔ جب علم معرفت کی فرائض سے تکمیل کی تو عبادت کے لیے تیار ہوتا ہے مگر اپنی بدکرداریوں سے شرمسار ہوتا ہے (جیسا کہ عام طور پر لوگوں کی حالت ہے) دل میں کہتا ہے کہ میں اطاعت کے کب لائق ہوں جب کہ مجھ سے بار بار گناہ ہوئے اور جرائم میں سرتاپا ملوث ہوں۔ اسی سے اسے خیال آتا ہے کہ کیوں نہ ہو اب تمام برائیوں سے تائب ہو جاؤں تا کہ گناہوں کی قید سے چھوٹ جاؤں اور اپنی برائیوں سے پاک وصاف ہو کر عبادت کے لائق

marfat.ocm
Marfat.com

ہوجاؤں۔یہی ہے وہ عقبہ جوراہ سلوک طے کرتے وقت بندے کے سامنے ہوتا ہے۔جب سالک کو اپنے حقوق وشرائط کے ساتھ سچی توبہ نصیب ہوجاتی ہے۔تو کیادیکھتا ہے کہ اسے چاروں طرف سے ایسے چندعوائق گھیرے ہوئے ہیں جواسے عبادت سے مانع ہورہے ہیں۔غور سے دیکھنے سے یہ چار چیزیں معلوم ہوئیں۔

i۔دنیا ii۔خلق خدا iii۔شیطان iv۔نفس

اسی کوعقبہ عوائق کہتے ہیں۔اسی عقبہ کو طے کرنے کے لیے چار چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

i۔دنیا سے کنارہ کشی ii۔خلق خدا سے علیحدگی iii۔نفس سے جنگ iv۔شیطان سے جنگ

ان سب امور سے نفس کے ساتھ جنگ کرنا سخت مشکل ہے کیونکہ اس سے علیحدگی بھی مشکل ہے اور یہ بھی نہیں ہوسکتا کہ یکبارگی سختی کر کے تابع کیا جائے (جیسا کہ شیطان کوتابع کرنا مشکل ہے) کیونکہ یہ تو ہر وقت سوار اور ہر برائی کا آلہ ہے اور اس سے اطاعت الٰہیہ پر موافقت کی بھی امید نہیں کیونکہ یہ برائی کا خوگر ہے یہی امور خواہشات اور اس کے متعلقات کے اصل الاصول ہیں۔

ہمی تازدایں نفس سرکش چناں کہ عقلش تواند گرفتن عناں

کہ تانفس وشیطاں برآید بزور مصاف پلنگاں نیایدزمو

ترجمہ:۔اس نفس سرکش کی جنگ کے لیے تقوی کی لگام کی ضرورت پڑتی ہے تا کہ اسے تابع کر کے نیکی کی راہوں پر بآسانی چلایا جاسکے اور برائی کے مقامات سے اسے روکا جاسکے۔

سالک جب یہ منزل طے کرنے کے بعد فارغ ہوتا ہے تو چند ایسی چیزیں عارض ہوتی ہیں جو عبادت سے رکاوٹ کا موجب بنتی ہیں۔غور سے دیکھا جائے تو یہ چار چیزیں ہیں۔

☆.....رزق کہ جس کی طلب میں نفس دوڑتا پھرتا ہے، جس کی سے ضرورت ہے۔

☆.....ہر اس شئے سے خائف ہونا کہ جس سے وہ ڈرتا بھی ہے اور اس کے ساتھ امیدیں بھی وابستہ رکھتا ہے۔ اسے چاہتا بھی ہے اور اس سے کراہت بھی کرتا ہے۔اسے یہ بھی علم نہیں کہ امر میں اس کی بہتری ہے یا نقصان.

☆.....وہ شدائد وتکالیف جو اس کو ہر سو گھیر لیتی ہیں، بالخصوص وہ مخالفت جو خلق خدا سے خلاف کرنے اور شیطان کی محاربت اور نفس کو نقصان پہنچانے سے لاحق ہوتی ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

☆.....قضائے الٰہی کے مختلف امتحانات، اسی کا نام عقبہ عوارض ہے۔ جب سالک یہ عقبہ پیش آئے تو اس کے قطع کرنے کے لیے ان چار چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

☆۔رزق کے لئے اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا ☆۔اپنے جمیع امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا

☆۔قضائے حاجت الٰہی پر راضی ہونا ☆۔صبر کرنا

جب سالک اس عقبہ کو طے کر لیتا ہے تو اپنے نفس کا جائزہ لیتا ہے تو اس کو انتہائی درجہ کا کاہل وسست پاتا ہے۔(جیسا کہ اس کے لائق ہے) نہ عبادت میں اس کا جی لگتا ہے اور نہ اس سے اس کو خوشی ہوتی ہے۔ بلکہ غفلت، دھوکہ بازی اور گمراہی منہمک ہے اور اسراف وفضول کا خوگر ہے (نفس کی اس بڑی خرابی کو دور کرنے کے لیے) اسے ایک راہنما کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کی اطاعت کی راہنمائی کرے اور گناہوں سے اسے باز رکھے۔ اس کے رہنما خوف ورجا ہیں۔ رجا ان کرامات کے لیے ہے جو سالک کو بھلائی کا وعدہ دیا گیا ہے اور خوف ان صعوبتوں سے ہے جو اس کی عقوبات اور اہانات سے دھمکایا گیا ہے۔ یہ عقبہ بواعث ہے جو سالک کو طے کرنا پڑتا ہے۔ اس عقبہ کو طے کرتے وقت وہ ان دونوں (خوف ورجا) کا محتاج ہوتا ہے۔

جب اس عقبہ سے فراغت پاتا ہے تو بعد ازاں نہ کوئی شے رکاوٹ پیدا کرتی ہے اور نہ کوئی مشغلہ۔ بلکہ عبادت کے موجب وباعث حاصل ہو جائیں گے کہ جن کے سبب سے عبادت بڑے شوق سے کرنے کو جی چاہے گا۔ لیکن تھوڑے سے تامل سے معلوم ہوگا کہ ابھی دو بڑی آفتیں باقی ہیں جن کا نام ریاء وعجب (خود بینی) ہے (اگر چہ عبادت میں جی خوش ہوگا مگر) کبھی اطاعت لوگوں کو دکھاوے کی غرض پر کرے گا۔ کبھی اپنی عبادت کو عظیم الشان تصور کر کے اپنے آپ کا مکرم ترین سمجھے گا۔ اسی عقبہ کو عقبہ قوادح کہا جاتا ہے۔ اس کے قطع کرنے کے لیے خلوص اور باری تعالیٰ کے احسانات مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

جب اس عقبہ کو باری تعالیٰ کی حسن عصمت وتائید سے طے کرے گا تو اسے عبادت کماحقہٗ ادا کرنے کی توفیق نصیب ہوگی۔ اس حال میں اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے دریا میں ڈوبا ہوا دیکھ کر خائف ہوگا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کے شکر کی ادائیگی میں غفلت ہو جائے اور کفران نعمت سے موصوف ہو کر مرتبہ رفیعہ (جو کہ صالحین کی روحانی غذا ہے) سے گر جائے (اس کی وفا کے لئے حمد وشکر کا دامن تھامے رکھے) یہی عقبہ حمد وشکر ہے جو

marfat.ocm
Marfat.com

سالک کی راہ میں درپیش ہوتا ہے اور سالک اس کے ورد کی کثرت سے عقبہ ہذا کو طے کرتا ہے۔ جب اس عقبہ سے فارغ ہوتا ہے تو اپنے مطلوب ومقصود کو پہنچ جاتا ہے۔ پھر بقیہ عمر اسی نعمت میں بسر کرتا ہے۔ اس کا ظاہری جسم دنیا میں ہوتا ہے لیکن اس کا دل آخرت میں معلق رہتا ہے اور ہر روز پیک اجل کا انتظار کرتا ہے اور دنیا سے متنفر رہتا ہے یہاں تک کہ اس کا شوق اس کو ملاء اعلیٰ تک پہنچا دیتا ہے۔ اب رب العالمین کا قاصد آکر اسے رب تعالیٰ کی خوشنودی کی بشارت دے کر کہتا ہے: مژدہ باد (اے سالک!) تیرا رب تجھ سے نارض نہیں۔ اسی حال میں ملائکہ اس سے بہت خوش حالت میں ملاقات کرتے ہیں۔ باقی لوگ بھی اس دنیا فانی کر چھوڑ کر بارگاہ ایزدی میں اور جنت کے باغات میں جاگزیں ہوتے ہیں اور یہ سالک اپنے نفس فقیر کو کریم کی نعمتوں اور بہت بڑے ملک میں پاتا ہے۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

عروسی بود نوبت ماتحت　　گرت نیک روزی بود خاتمت

ترجمہ:۔ وہ تیرے لیے موج بہار ہوگی جب کہ تیرا خاتمہ ایمان پر ہو۔

حضرت امیر خسرو قدس سرہٗ اپنے وقت وصال فرما رہے تھے:

زونیا می رود خرو بزیر لب ہمی گوید　　دلم بگرفت از غربت تمنائے وطن دارم

ترجمہ:۔ بوقت نزع حضرت امیر خسرو آہستہ آہستہ کہہ رہے تھے کہ دنیا سے جی گھبرا گیا ہے۔ اب دل کو وطن کی تمنا ہے۔

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ربط: حمد کو اسم ذاتی کے بالمقابل لانے میں جب اس طرف تنبیہ فرمائی کہ جمیع محامد کا بالذات مستحق میں ہوں۔ تو اس کے بعد اسمائے صفاتیہ لائے۔ تاکہ دونوں استحقاق کا یکجا اجتماع ہو جائے اور وہ یعنی رب العالمین اس بات کی برہان ہے کہ جمیع محامد ذاتی وصفاتی اور دنیوی واخروی کا وہی مستحق ہے۔ رب بمعنی تربیت واصلاح، عالمین کے حق میں یہ ہے کہ ان کی تربیت کی غذا اور ان کے وجود کو باقی رکھنے کے تمام اسباب تیار فرماتا ہے۔ انسان کی تربیت یہ ہے کہ اس کے ظاہر (نفس) کو نعمتوں سے مالا مال کرتا ہے اور اس کے باطن (دل) کو اپنی رحمت سے مزین کرتا ہے۔ عابدین کے نفوس کو احکام شریعت سے اور مشتاقین کے قلوب کو آداب طریقت سے، اسرار محبین کو انوار حقیقت سے روشن اور منور کرتا ہے۔ کبھی انسان کی تربیت اس کے نیک اعمال

marfat.ocm
Marfat.com

سے کرتا ہے کبھی فیض کے قوی انوار کو اعضاء تک پہنچاتا ہے۔اس کی بہت بڑی شان ہے کہ اس نے ہڈیوں کو سننے کی، چربی کو دیکھنے کی اور گوشت کو بولنے کی توفیق بخشی۔کبھی انسان کی نباتات کے دانوں اور پھلوں کی غذاؤں سے تربیت کرتا ہے اور حیوانات کے لحوم وشحوم سے، زمینوں کے اشجار وانہار اور آسمانوں کے کواکب وانوار سے انسان کی تربیت کا سامان تیار کرتا ہے۔

نصیحت :۔ اے انسان! تیرا سکون رات میں بنایا۔نقصان پہنچانے والے اور موذیوں کی حرکات کو رات میں چلنے پھرنے سے تیرے لیے روکا اور اپنے فضل کی طلب کے لئے تجھے دن جیسی نعمت بخشی۔اے مغرور انسان! وہ بے پروا کیسی تربیت کرتا ہے۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا گویا تیرے سوا کوئی عبد نہیں۔مگر تو اس کی خدمت (عبادت) سے گریزاں ہے۔اگر تجھے نصیب بھی ہوتی ہے تو تیرا مطمع نظر کوئی غیر ہوتا ہے۔

العالمین عالم کی جمع ہے اور لفظ عالم ایسی جمع ہے کہ جس کا اپنے لفظ سے کوئی واحد نہیں۔

ف: حضرت وہب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے اٹھارہ ہزار عالم ہیں اور یہ دنیا ان میں سے ایک ہے اور اس کی آبادی اس کے ویرانے کے مقابلہ میں اتنی مقدار رکھتی ہے جتنی جنگل میں ایک خیمہ۔

ف: حضرت ضحاک رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: کل عالم تین سو ساٹھ ہیں ان میں تین سو ننگے پاؤں اور ننگے جسم والے ہیں اور وہ ایسے ہیں جن کو اپنے خالق کا بھی علم نہیں، وہ جہنم کا ایندھن ہیں اور باقی ساٹھ وہ ہیں جو کپڑے پہنتے ہیں۔ذوالقرنین ان سے ملاقی ہوا ان سے ہم کلام بھی ہوا۔

ف: حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں کہ عالم کا صحیح اندازکرنا محال ہے۔ **کما قال اللہ تعالیٰ:** وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ (اور تیرا رب اپنے لشکر کو خود جانتا ہے)

ف: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اولاً مخلوق کو چار قسم بنایا:

۱۔ملائکہ ۲۔شیاطین ۳۔جنات ۴۔انسان

پھر ان سب کے دس اجزا بنائے، ان میں سے نو حصے سالم فرشتگان ہیں، باقی ایک جز انسان وجن وشیاطین ہیں۔پھر ان کے دس اجزا ہوئے۔ان میں نو حصے شیاطین ہیں، باقی ایک حصہ انسان وجنات کا ہے۔ پھر ان دونوں کو دس اجزاء پر منقسم فرمایا ان میں سے نو حصے جنات کے ایک حصہ انسان کا ہوا۔پھر انسان کو ایک

marfat.ocm
Marfat.com

سو پچیس اجزاء پر تقسیم فرمایا۔ان میں سے پورا ایک سو بلاد ہند میں پیدا فرمایا، بعض ان میں سادہ لوح ہیں یعنی وہ انسان کہ جن کے سر کتوں جیسے ہیں۔بعض ان میں سے مالوخ ہیں یعنی وہ انسان کہ جن کی آنکھیں سینہ پر پڑی ہوئی ہیں اور بعض ان میں ماسوخ ہیں یعنی وہ لوگ کہ جن کے کان ہاتھیوں کے کانوں جیسے ہیں اور بعض ان میں مالوف ہیں یعنی وہ انسان کہ جن کے پاؤں اپنے قابو میں نہیں ان کا نام دوال پا ہے۔ان سب کا ٹھکانا جہنم ہے اور ان پچیس سے بارہ اجزاء کو بلادِ روم میں بھیجا جو کہ نسطوریہ، ملکانیہ، اسرائیلیہ کے نام سے موسوم ہیں۔پھر ان ہر ایک کے چار گروہ ہیں۔ان سب کا ٹھکانا بھی جہنم ہے اور باقی چھ بلاد مشرق میں بھیجے جنہیں یاجوج ماجوج، ترک، خاقان، ترک حد خلخ، ترک خزر، ترک جریر کہا جاتا ہے اور باقی چھ بلاد مغرب میں بھیجے جو زنج، زط، حبشہ، نوبہ، بربر، مشرکین عرب کے نام سے موسوم ہیں ان سب کا ٹھکانا بھی جہنم ہے اور باقی ایک حصہ بنی نوع انسان سے اہل توحید کا ہے۔باقی سب کے سب کافر و مشرک ہیں۔پھر اہل توحید بھی تہتر فرقے ہو گئے بہتر سب کے سب خسارہ میں، یعنی اہل بدعت وضلالت ہیں، صرف ایک ان میں ناجی ہے اور وہ اہل السنت والجماعت ہیں اور گمراہ فرقوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے۔جنہیں چاہے بخش دے جنہیں چاہے عذاب میں مبتلا کرے

حدیث شریف:۔میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔کہ بنی اسرائیل کے بہتر گروہ ہوئے میری امت تہتر گروہ ہوگی ان میں سے ایک کے سوا باقی دوزخ میں جائیں گے۔صحابہ نے عرض کی: حضور! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ لوگ ہیں جو میرے اور میرے صحابہ کے متبع ہیں یعنی جس اعتقاد اور قول وفعل کا میں اور میرے صحابہ پابند ہیں وہ بھی اس طرح ہوں گے۔یہی قول حق ہے اور فلاح تک پہنچانے والی یہی راہ ہے۔اس کے ماسوا باقی سب طریقے باطل اور دوزخ کی طرف کھینچ لے جانے والے ہیں۔اگر وہ لوگ ان طریقوں کو جائز و حق سمجھ کر عمل کرتے ہیں تو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے ورنہ چند روز۔

تفسیر عالمانہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اس کے تکرار میں کئی وجوہ ہیں۔

☆.....بسم اللہ شریف میں جن دو رحمتوں کا ذکر تھا وہ رحمتیں ذاتی تھیں اور فاتحہ میں دو رحمتیں صفاتیہ، کمالیہ کا بیان کیا جا رہا ہے۔

☆.....تاکہ واضح ہو کہ بسم اللہ شریف سورۃ فاتحہ کا جز نہیں۔اگر ایسا ہوتا تو ایک سورت میں رحمت کا دو بار ذکر نہ

Marfat.com

ہوتا کیونکہ قاعدہ ہے کہ دو ہم جنس چیزوں کو ایک مقام پر دوبار ذکر کرنا خلاف قاعدہ ہوتا ہے (اور یہ اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں)

☆..... بندگان الٰہی کے لیے مستحسن ہے کہ اسے بار بار یاد کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی محبت کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ اس کے ذکر کے ساتھ بھی محبت ہو۔ حدیث شریف میں ہے: مَنْ اَحَبَّ شَیْئاً اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ ۔ (جو کسی سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر بہت زیادہ کرتا ہے)

☆..... جب بندہ نے (فاتحہ کی تلاوت کے وقت) کہا رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تو گویا کسی نے پوچھا کہ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کون ہے؟ بتایا گیا کہ وہ رحمٰن ہے جو اپنے بندوں کو دنیا میں روزی دیتا ہے اور رحیم ہے جو ان کی قیامت میں مغفرت فرمائے گا۔ یہی نکتہ لفظ رحیم کے بعد مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ کے بیان میں ہے۔ یعنی اس کی ربوبیت رحمانیہ یعنی دنیا میں روزی دینے کی وجہ سے ہے یا رحیمیت یعنی آخرت میں مغفرت فرمانے کی وجہ سے۔

☆..... قاعدہ ہے کہ حمد سے رحمت نصیب ہوتی ہے۔ جیسا کہ منقول ہے کہ سب سے پہلے حمد کرنے والے سیدنا آدم علیہ السلام ہیں۔ جب پیدا ہوئے تو انہیں چھینک آئی۔ اس پر انہوں نے کہا الحمد للّٰہ ۔ ملائکہ نے انہیں جواب میں کہا: یَرْحَمُکَ رَبُّکَ وَلِذَالِکَ خَلَقَکَ (تیرے اوپر رحم فرمائے اسی لیے اللہ نے آپ پیدا فرمایا) اسی لیے خداوند قدوس نے اپنے بندوں کو حمد سکھائی کہ میری رحمت کا حصول میری حمد سے ہوگا۔

☆..... تکرار تعلیل کے لئے ہے۔ کیونکہ الحمد شریف کو ان اوصاف پر مرتب کرنا ان اوصاف کے ماخذ کی علیت کی علامت ہے۔ مثلاً رحمانیت اور رحیمیت اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ وہ باری تعالیٰ احسان کرنے میں مختار بالذات ہے کسی سبب کا محتاج نہیں۔

رحمٰن اور رحیم میں فرق:۔ رحمٰن و رحیم میں فرق یہ ہے کہ لفظ رحمٰن باری تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے (کسی دوسرے پر اس کا اطلاق جائز نہیں) یا یہ کہ اس سے رحمت عالم مراد ہوتی ہے (دنیا و آخرت میں) یا یہ کہ اس بہت بڑی نعمتیں مراد ہوتی ہیں۔ پس بہ بنائے وجہ اول رحمٰن وہ صفت ہوگی کہ اس جیسی جنس کا صدور بندگان سے محال ہے اور رحیم وہ صفت ہے کہ اس جیسی جنس کا صدور بندگان سے کچھ نہ کچھ ممکن ہے۔ جیسا کہ ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کی حکایت ذیل دلالت کرتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حکایت:۔ف: حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللّٰہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک دن ملال ہوا استراحت کے لیے دریائے نیل پر سیر کرنے کے لئے گیا۔ دریائے نیل کے کنارے پر ایک بچھو کو تیز دوڑتا ہوا دیکھا، میں بھی اس کے پیچھے ہولیا۔ بچھو مینڈک پر سوار ہو کر دریا عبور کرنے لگا، میں بھی کشتی پر سوار ہو کر پیچھے پیچھے چل دیا۔ بچھو دریا سے نکل کر پھر دوڑنے لگا۔ میں بھی اس کے ساتھ ساتھ ہولیا۔ بالآخر بچھو ایک نوجوان (جو ایک درخت کے نیچے آرام کر رہا تھا) کے پاس پہنچا۔ ایک بہت زہریلا سانپ درخت سے نیچے اتر رہا تھا قریب تھا کہ اس نوجوان کو ڈستا مگر بچھو نے جاتے ہی سانپ سے لڑائی شروع کر دی۔ بچھو اور سانپ نے ایک دوسرے کو خوب ڈسا، بالآخر دونوں مر گئے اور اس نوجوان کی جان بچ گئی۔

اعجوبہ:۔ کوے کا بچہ جب انڈے سے باہر نکلتا ہے تو وہ سرخ گوشت کی طرح ہوتا ہے۔ ماں اسے آگ کی چنگاری سمجھ کر چھوڑ جاتی ہے۔ چھوٹے چھوٹے مچھر اسے آگ جان کر پروانہ بن کر خود بخود اس کے منہ میں گر کر اس کا لقمہ بنتے ہیں یہاں تک کہ اس کے بال و پر اگنے لگتے ہیں۔ اس کی ماں اسے آ کر اپنی پرورش میں لے لیتی ہے۔ اسی رحمت عامہ کا کرشمہ دیکھ کر کہا گیا ہے: **یارزاق الغراب فی عمعه** (اے پروردگار! کوے کے بچے کو آشیانہ میں پالنے والے) یا یہ کہ لفظ رحمٰن لفظ رحیم سے عام ہے۔

سوال:۔ جب رحمت کا یہی تقاضا ہے تو پھر ہم پر مرض و تکالیف کا نزول کیوں؟ بلکہ ہم قسم قسم کے حوادثات کا نشانہ بنتے ہیں؟

جواب:۔ بہت سی چیزوں کو ہم رحمت سمجھتے ہیں حالانکہ وہ دراصل زحمت ہوتی ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے عَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اور (جس کو ہم رحمت سمجھتے ہیں اصل میں وہ زحمت ہوتی ہے) اس کے متعلق کوئی شاعر کہتا ہے۔

ان الشباب والفراغ الجدة　　مفسدةٌ لكم اى مفسدة

ترجمہ:۔ بے شک جوانی و فراغت و غنا آدمی کو بہت نقصان پہنچانے والی ہیں۔

دیکھیے بظاہر یہ تینوں (جوانی، فراغت، غنا) رحمت ہیں مگر شاعر انہیں زحمت سے تعبیر کر رہا ہے اور دوسرا یعنی جسے ہم زحمت سمجھتے ہیں حقیقت میں وہ رحمت ہوتی ہے۔ جیسے چھوٹے بچے کو مدرسہ میں مجبور کرنا اور اسے مار پیٹ کر

Marfat.com

تعلیم کے زیر بار کرنا، اور آکلہ کے مرض کے ہاتھ کو کاٹنا، بے وقوف تو ان کو برا محسوس کرے گا مگر دانا کی نظر باطنی اسرار پر ہوگی۔ پس مشقت و تکلیف میں رحمت و عطیہ الٰہی مضمر ہوتا ہے۔ ایک چھوٹے سے شر کو دیکھ کر خیر کو ترک کر دینا شر کثیر ہے۔

روحانی نسخے:۔ ☆.....تکالیف ارواح کو علائق جسدانیہ سے پاک کرتی اور دوزخ کو پیدا کرنے میں بھی یہی حکم ہے کہ ابرار و اشرار میں تمیز ہو سکے۔ اسی طرح شیطان کی پیدائش میں بھی یہی حکمت ہے کہ بندگان مخلصین و غیر مخلصین میں امتیاز ہو۔ پس محقق کی یہ شان ہے کہ حقائق کو مدنظر رکھے۔ جیسا کہ حضرت خضر و حضرت موسیٰ علیہما السلام کے قصہ میں ہوا۔

☆.....جس سے طبیعت کراہت کرے اس کے تحت بھی مخفی اسرار اور بلیغ حکمتیں مستتر ہوتی ہیں۔ اگر اس کی رحمت نہ ہوتی تو اس کا غضب سبقت کر جاتا ہے۔ تو پھر دنیا میں کوئی وجود بھی نہ ہوتا اور نہ اسم منعم کا ظہور ہوتا۔

ف: بہر حال بڑی نعمتوں کے لئے ہے اس کے بعد اسم رحیم کا ذکر فرمایا تا کہ اسم وہم کا دفعیہ ہو جائے کہ جب اسم رحمٰن بڑی نعمتوں کے لئے ہے تو پھر اس سے حقیر اشیاء کا طلب کرنا بے ادبی ہوگی۔ جیسا کہ دستور ہے کہ کسی بڑے آدمی سے کہا جائے کہ میں آپ سے معمولی چیز کا سوال کرتا ہوں تو وہ فرمائیں گے کہ اگر سوال معمولی ہے تو کسی معمولی آدمی سے طلب کیجئے۔ بنابریں گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں فقط رحمٰن رہوں تو تم ڈر کے مارے مجھ سے ہر شے مانگنے سے باز رہو گے۔ لیکن تمہیں معلوم ہو کہ میں رحیم بھی ہوں لہذا مجھ سے ہر چیز طلب کرو، یہاں تک کہ اپنے جوتوں کا تسمہ اور ہنڈیا کا نمک بھی مجھ سے مانگو۔ شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

محالست اگر سر بریں در نہی — کہ باز آیدت دست حاجت تہی

ترجمہ:۔ اگر اسی دروازہ پر سر رکھو گے پھر محال ہے کہ اس کے بعد تیری ضرورت پوری نہ ہو۔

تفسیر صوفیانہ

اہل حقیقت فرماتے ہیں کہ وہ حضرات کلیہ جو اسم رحمٰن کے ساتھ مخصوص ہیں تین ہیں۔

۱۔ حضرت الظہور ۲۔ حضرت البطون ۳۔ حضرت الجمع

اور تمام موجودات کے یہی تین مراتب ہیں اور ان تینوں مراتب سے خالی ہیں اور انہی مراتب کے احکام ذیل کے لوگوں پر منقسم ہیں۔

☆..... اشقیاء ☆..... سعداء

marfat.com
Marfat.com

☆.....وہ حضرات جو صرف روحانی نعمتوں سے مالا مال ہوتے ہیں لیکن جسمانی نعمتوں سے دور رہتے ہیں۔ جیسے ارواح مجردہ۔

☆.....اس کے برعکس یعنی صرف جسمانی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور روحانی نعمتوں سے محروم۔

☆.....اور جامعین بین الامرین یعنی روحانی اور جسمانی دونوں نعمتوں سے پر دامن ہوتے ہیں۔

اسی طرح اہل جنت کی بھی کئی اقسام ہیں:

☆.....روحانی اعتبار سے علوم سے منافع یافتہ سعادت مند حضرات، یعنی وہ نہ صرف ظاہری صورتوں سے نفع پانے والے ہیں۔ بلکہ روحانی طور پر بھی مزین ہوتے ہیں کیونکہ ان حضرات نے جنت کے لیے وہ اعمال نہیں کمائے جو صرف ظاہری نعمتوں کا فائدہ پہنچائیں بلکہ انہوں نے باطنی نعمتوں کے لیے بھی کچھ کیا، اگر چہ یہ لوگ بہ نسبت دیگر حضرات کے بہت تھوڑے ہوتے ہیں۔

☆.....مذکورہ حضرات کے برعکس، جیسے وہ زاہد و عابد جو لاعلم ہیں، کیونکہ ان کی ارواح روحانی نعمتوں سے کم نفع پانے والی ہیں۔ کیونکہ ان کو حضرات علمیہ الٰہیہ کے ساتھ کوئی مناسب نہیں ہے۔ کیونکہ عمل کرتے وقت ان کے ارادے میں سوائے عمل کرنے کے اور کچھ نہیں ہوتا، بلکہ اسی عمل کو اپنی غرض و غایت سمجھتے ہیں اسی لیے یہ لوگ موعودہ امور کی رغبت میں اور جن چیزوں سے ڈرایا گیا ہے۔ ان کی رہبت میں رہتے ہیں۔

☆.....جامعین حضرات یعنی وہ مقدس گروہ جو روحانی جسمانی نعمتوں کے جامع ہیں۔ وہ علم و عمل کی لذتوں پر فائز المرام ہیں۔ جیسے انبیاء علیہم السلام اور ان کے کامل وارث یعنی اولیاء کرام علیہم الرحمۃ والغفران۔ مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

ہر کبوتر می پرد در مذہبے　　دیں کبوتر جانبے بے جانبے

ترجمہ:۔ ہر کبوتر اپنی راہ چلتا ہے لیکن یہ کبوتر ایسی جانب اڑتا ہے جس کی کوئی جانب اور طرف نہیں۔

تفسیر عالمانہ

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ عرب میں یوم اس وقت کو کہتے ہیں کو مابین طلوع شمس تا غروب واقع ہو اور شریعت میں طلوع فجر یعنی صبح صادق اور غروب شمس کے مابین کا نام ہے اور یہاں مطلق مراد وقت ہے کیونکہ قیامت میں شمس نہیں ہوگا۔ معنی یہ ہوا کہ وہ قیامت میں مالک ہے اور مالک کی یوم کی

marfat.ocm
Marfat.com

طرف اضافت ادنی مناسبت کی وجہ سے ہے جیسے تمام ظروف کی اضافت ان مظروف فیہ (کہ جن میں حوادثات واقع ہوئے ہیں) کی طرف ہوتی ہے۔جیسے کہا جاتا ہے: یوم الاحزاب ،یوم الفتح ۔

اور مالک کی اضافت یوم کی طرف، یوم کے عظیم الشان ہونے اور اس کی سختی کو ظاہر کرنے کے لئے ہے۔یا اس کو علیحدہ کرنے میں یہ راز ہے کہ اس میں صرف احکام جاری ہوں گے۔باقی جمیع تعلقات مابین مالک ومما لک کے بالکلیہ منقطع ہو جائیں گے۔(ملک وملک میں ربط) سختی قوت کے لیے ملک کہتے ہیں۔ درحقیقت قوت کاملہ اور ولایت نافذہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور حکم کا نفوذ اور تصرف کا حق اگر بندگان کو حاصل ہے تو مجازاً کیونکہ ان کی ملک کا ابتداء وانتہاء ہے اور بعض پر کہ کل پر اس طرح جسم پر نہ کہ عرض پر اسی طرح نفس پر نہ کہ روح پر۔اسی طرح ظاہر پر نہ کہ باطن پر، زندہ پر نہ کہ مردہ پر، بخلاف معبود حق کے کہ نہ اس کے ملک کو زوال ہے نہ انتقال۔

مسئلہ :۔مالک کو الف کے ساتھ پڑھنے میں الف کے سوا (ملک) پڑھنے سے زیادہ ثواب ہے۔کیونکہ مالک میں ایک لفظ زائد ہے۔

حکایت:۔**ف**: ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

کہ میری عادت تھی کہ میں ہمیشہ مالک کو الف کے ساتھ پڑھتا تھا۔ایک دن کسی ادیب سے سنا کہ ملک (الف کے سوا) مالک (الف کے ساتھ) سے زیادہ بلیغ ہے۔میں نے سن کر ملک (الف کے سوا) پڑھنا شروع کر دیا۔نیند میں دیکھا کہ کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے کہ تو نے اپنی دس نیکیاں کیوں کم کر دی ہیں۔کیا تجھے معلوم نہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس نے قرآن مجید کا ایک حرف پڑھا تو اسے ہر حرف کے عوض دس نیکیاں ملیں گی اور اس کے دس گناہ معاف ہوں گے اور دس درجے بلند ہوں گے۔پھر میں نے برسم سابق مالک کو الف کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔پھر مجھے نیند میں کسی کہنے والے نے کہا کہ تو نے ملک (الف کے سوا) کو کیوں ترک کر دیا؟ کیا تو نے حدیث شریف نہیں سنی کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: قرآن کو عظیم الشان کر کے اور بلیغ الفاظ سے پڑھو۔

پس میں نے امام قطرب (لغت کے ماہر) کی خدمت میں آ کر مالک اور ملک کا فرق پوچھا۔انہوں نے

marfat.com
Marfat.com

فرمایا ان کے مابین بہت بڑا فرق ہے۔فرمایا: مالک وہ ہے جو دنیا میں کسی چیز کا مالک ہو اور ملک وہ ہے جو بادشاہوں کا بادشاہ ہو۔تفسیر ارشاد میں ہے کہ اہل حرمین محترمین ملک کو الف کے بغیر پڑھتے ہیں اور ملک سے مشتق کرتے ہیں۔جس کا معنی ہے سلطان قاہرہ، استیلائے جابر، غلبہ کامل، امور عامہ اور امر ونواہی میں تصرف کلی اور یوم کی طرف اضافت کی وجہ یہی یعنی ملک (الف کے بغیر) زیادہ مناسب ہے۔دونوں کے لئے ترجیح ثابت ہے جو کتب تفاسیر میں مفصلاً مذکور ہے اگر مزید تحقیق مطلوب ہو تو تفاسیر کا مطالعہ کیجئے۔

ربط بین الاسماء الخمسہ:۔ اوصاف خمسہ کو بالترتیب ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے میرے بندے! میں نے تجھے پیدا کیا ہے اسی لیے عبادت کا مستحق میں ہوں۔پھر میں نے تجھے نعمتوں سے پالا ہے اسی لیے میں تیرا رب ہوں پھر تو میرا نافرمان ہوا، میں نے تجھے بخش دیا، اسی لیے میں رحیم ہوں۔پھر میں تیرے عمل فعلی وقولی پر تجھے جزو سزا دوں گا اسی لیے میں مالک یوم الدین ہوں۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ میں اشارہ ہے کہ دین سے مراد اسلام ہے، جیسے کہ اس کا فرمان اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین اسلام ہے) دلالت کرتا ہے۔

اسلام دو قسم کا ہے: ۱۔اسلام ظاہری ۲۔اسلام باطنی

اسلام ظاہری: زبان کے اقرار اور اعضاء کے اعمال کے نام ہے اسی کو اسلام جسدانی کہتے ہیں اور جسدانی ظلمانی ہے اسی لئے رات کو ظلمت سے تعبیر کرتے ہیں۔یعنی یہ اسلام درجہ میں کم ہے اور دوسرا اسلام باطنی ہے۔ قلب اور صدر کا نور الٰہ سے منشرح ہونے کا نام اسلام باطنی ہے اور یہ اسلام روحانی نورانی ہے اسی لیے دن کو نور سے تعبیر کرتے ہیں (گویا اسلام دن کی طرح چمکتا دمکتا اور نہایت باطنی ہے) اور یہ اسلام جسدانی کا تقاضا ہے کہ جسم اوامر ونواہی کا پابند ہو جائے اور اسلام روحانی کا تقاضا ہے کہ قلب وروح احکام ازلی اور قضا وقدر کے لیے سر تسلیم خم ہو جائیں۔پس ہر وہ شخص جو اسلام جسدانی تک پہنچا اور اس کو اسلام روحانی کا مرتبہ حاصل نہ ہوا تو وہ دین کی سیر میں متردد ومتحیر رہتا ہے اور اسے کئی ملوک وملاک دکھائی دیتے ہیں جیسا کہ سیدنا خلیل علی نبینا وعلیہ السلام کا واقعہ ہے کہ جب رات ہوئی اور آپ کو ستارہ نظر پڑا تو کہنے لگے: یہ میرا رب ہے اور جس کی سعادت کا

marfat.com
Marfat.com

ستارہ چمک پڑنے اور اس کے جبل نفس کی طرف سے جب مشرق قلب سے شمس ایمان نورانی کا طلوع ہو جائے تو وہ رب کے نور تک پہنچا۔ پھر اس پر یوم الدین کے کشف واضح ہو جاتے ہیں۔ پس اس کے وقت کا ورد وَاَصْبَحْنَا اَصْبَحَ الْمَلَک (ہم اور اللہ تعالیٰ کا فرشتہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں) پر ہو جاتا ہے۔ پھر عین الیقین بلکہ حق الیقین سے اس بات کا اسے مکاشفہ ہو جاتا ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کا ملک حقیقی نہیں اور مالک یوم الدین کے سوا کوئی مالک حقیقی نہیں جب اسے نورانی تجلی نصیب ہوئی اور مالک کے آمنے سامنے ہو کر مخاطب ہوا تو بالمشافہ ایاک نعبد و ایاک نستعین کے مبارک الفاظ سے مناجات کرنے لگ جاتا ہے۔

نکتہ: ۔ قانون ہے کہ شہنشاہ کی مخالفت جہان کی بربادی اور مخلوق کی تباہی کا باعث ہے۔ پس شاہوں کے شہنشاہ کی مخالفت کا کیا حال ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ سورہ مریم میں خود فرماتا ہے: تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ (قریب ہے کہ آسمان اس سے پھٹ پڑیں)

۲۔ اطاعت بہت مصالح کا موجب ہے جیسا کہ سورہ طٰہٰ میں فرماتا ہے۔ نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى (ہم تمہیں رزق عطا فرماتے ہیں اور نیک انجام تقویٰ سے نصیب ہوتا ہے) رعیت پر لازم ہے کہ کہ اپنے بادشاہ کی فرمانبردار رہے اور بادشاہ پر واجب ہے کہ شاہوں کے شاہ کی اطاعت میں سرگرم رہے تاکہ تمام عالم کے نظام کا نیک انجام ہو۔

۳۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ کا لفظ ظاہر کرتا ہے کہ اس کا تمام ملک عدل و انصاف کے ساتھ ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَیْئًا (ہم قیامت میں عدل و انصاف کا ترازو رکھیں گے۔ پس کسی پر ذرہ برابر بھی عذاب نہ ہوگا) پس بادشاہ مجازی اگر منصف مزاج ہو تو اس کی شاہی کے تمام انتظامات اچھے رہتے ہیں۔ چنانچہ جانوروں کے تھنوں میں دودھ بکثرت ہو جاتا ہے اور کھیت بکثرت سرسبز ہو جاتے ہیں۔ اگر بادشاہ ظالم ہو تو اس کی شاہی میں سراسر نقصان ہوتا ہے اور بھلائی دنیا سے اٹھ جاتی ہے۔

حکایت در موجب توبہ نوشیرواں: ۔ نوشیرواں اپنے لشکر سے دور ہو کر ایک باغ میں پہنچا۔ وہاں ایک لڑکا بیٹھا تھا اس سے ایک انار مانگا۔ لڑکے نے انار پیش کیا۔ نوشیرواں نے انار کو توڑا تو اس میں بہت پانی تھا اور میٹھا بھی خوب تھا۔ اسے پینے سے اس کی پیاس بجھ گئی۔ متعجب ہوا اور دل میں ٹھان لی کہ وہ یہ باغ اس سے ضرور چھینے گا۔ دوسری بار لڑکے سے انار مانگا [illegible]

marfat.com
Marfat.com

تھوڑا پانی نکلا اور وہ بھی ترش۔لڑکے سے اس کی وجہ پوچھی تو اس نے عرض کیا: معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ کا ارادہ ظلم کرنے کا ہوگیا ہے۔نوشیرواں یہ بات سنتے ہی وہیں تائب ہوا۔پھر انار طلب کیا۔لڑکے نے پیش کیا۔بادشاہ نے توڑا تو پہلے سے بھی زیادہ میٹھا پایا۔لڑکے نے کہا اغلب امید ہے کہ بادشاہ نے اپنا ارادہ بدل لیا ہے اور توبہ کرلی ہے۔نوشیرواں اس راز سے آشنا ہوگیا اور تہ دل سے توبہ کرکے آئندہ ظلم کرنے سے بالکل باز آگیا، جس کی برکت سے تاہنوز بادشاہ عادل کے نام سے مشہور ہے اور رہتی دنیا تک مشہور رہے گا یہاں تک کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فخراً یہ کلمات ارشاد فرمائے ہیں ''میں بادشاہ عادل کے زمانے میں پیدا ہوا ہوں''

ازالہ:۔ تفسیر فناری نے سورۃ فاتحہ میں تحریر فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمانہ نورانی میں ظہور فرمانے کی وجہ سے فخر فرمایا ہے جس کی دلیل نوشیرواں کے عدل وانصاف کے زمانے کو بنایا۔کیونکہ وہ کافر کہ جس پر کفر کا غلبہ ہو اس کے اچھے حال یعنی عدل کے لفظ سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا۔امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ مقاصد حسنہ میں فرماتے ہیں کہ حدیث مذکورہ کا کوئی اصل نہیں اور نہ ہی یہ درجہ صحت تک پہنچتی ہے اگر بفرض محال صحیح بھی ہو تو اس پر لفظ عادل کا اطلاق اس کے اسی اسم کے دعویٰ کی وجہ سے ہے نہ اس کو اس سے موصوف کرنا مطلوب ہے اور نہ اس کے عادل ہونے کی شہادت دینا مقصود ہے یا اس کو اس وصف سے موصوف کرنا محض ان کے معتقدین کے اعتقاد کی وجہ سے ہے جب لوگ کہتے ہیں کہ وہ عادل تھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ (بتوں کے متعلق) فرماتا ہے۔فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ (پس انہیں ان کے خداؤں نے نہ بچایا) یہاں معبودانِ باطلہ کو الہ کہا گیا ہے ورنہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جو شخص غیر اللہ کے حکم کا پابند ہوا سے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اچھے لفظ سے تعبیر کریں۔

حدیث شریف:۔حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ حاکم وقت کو قیامت میں حاضر کیا جائے گا، حکم ہوگا کہ اس کو پل صراط پر لے جاؤ، جب وہ پل صراط کے قریب جائے گا تو پل صراط اس کو دیکھ کر لرز جائے گا اور اس کا ہر ذرہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا۔پھر وہ حاکم اگر اللہ تعالیٰ کے فرمان کا پابند ہوکر آیا ہوگا تو پل صراط پر سے بآسانی گذر جائے گا اور اگر نافرمان ہوکر آیا ہوگا تو پل صراط پھٹ جائے گی جس کی وجہ سے وہ جہنم میں گر پڑے گا اور وہاں پچاس ہزار سال بسر کرے گا۔ کذافی تذکرۃ الموتی لام القرطبی

marfat.com
Marfat.com

شیخ سعدی فرماتے ہیں:

مہاز ورمندی مکن بر کہاں — کہ بر یک نمط نماند جہاں

نماند ستم گار بد روزگار — بماند بر و لعنت پائیدار

ترجمہ:۔اے بڑے چھوٹے پر زیادتی مت کر، اس لیے کہ جہاں ایک طرز پر نہیں رہے گا۔ظالم کا وقت بیت جائے گا لیکن اس پر ہمیشہ لعنت برستی رہے گی۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ ربط: اس سے قبل حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے کلام کو ان چیزوں سے شروع فرمایا جو عارف کے حال وذکر وفکر اور اس کے اسماء میں تاویل کرنا اور اس کی نعمتوں میں نظر کرنا اور اس کے عظیم شان وتاثیر سلطان پر اس کے صنائع سے دلیل پکڑنے کے مساوی ہیں۔اب عارف کے انتہائی امر کا ذکر فرماتا ہے اور اس کا انتہائی امر یہ ہے کہ اس کے کہنہ وصال میں غور وخوض کر کے اہل مشاہدہ سے ہو کر اس کو عین وعیاں دیکھے اس کے ساتھ آمنے سامنے مناجات کرے: اے اللہ تعالیٰ! ہمیں واصلین سے بنا، ہمیں ان لوگوں میں نہ رکھ جو سنی سنائی باتوں پر خوش رہتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ عابد پر واجب ہے کہ (عبادت سے) پہلے معبود اور اس کی ذات کو دیکھے پھر اس کی عبادت کی طرف رجوع کرے اس حیثیت سے نہیں کہ عبادت اس سے ظاہر ہو رہی ہے بلکہ اس حیثیت سے کہ اسے اللہ تعالیٰ سے نسبت وتعلق ہے۔اس لئے کہ عارف وصال کو اس وقت حق سمجھتا ہے جب کہ جناب قدس کے مشاہدہ میں مستغرق ہو کر ماسوا سے غائب ہو جائے یہاں تک کہ اپنے آپ کو بھی ہرگز نہ دیکھے اور نہ کسی حال پر نگاہ رکھے۔ہاں اس حیثیت سے ملاحظہ کرے کہ یہ اس کے ملاحظہ اور منتسب الیہ ہے۔ اسی لیے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول (جو حکایتاً قرآن نے نقل فرمایا جب کہ آپ نے غار ثور میں فرمایا:۔لَاتَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا خوف نہ کھایئے اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

یہاں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی ذات کو ملحوظ رکھا کو سیدنا کلیم علی نبینا وعلیہ السلام کے قول پر فضیلت دی گئی ہے اس لئے کہ انہوں نے اپنا ذکر مقدم رکھا۔

تفسیر عالمانہ مفعول بہ کو مقدم کرنے میں اختصاص مقصود ہے۔معنی یہ ہیں کہ تجھ کو عبادت کے لیے خاص

marfat.ocm
Marfat.com

کرتے ہیں نہ کہ تیرے غیر کو۔ عبادۃ" نہایت درجہ کے خضوع وزاری کو کہتے ہیں (قانون) حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن میں ہر جگہ عبادت سے توحید اور تسبیح سے نماز اور قنوت سے طاعت مراد ہوگی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ جبرائیل علیہ السلام نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ آپ پڑھیے اِیَّاکَ نَعْبُدُ اور اس سے مراد یہ ہو کہ تجھی سے تمنا اور امید رکھتے ہیں نہ کہ تیرے غیر سے۔

مسئلہ :۔ نَعْبُدُ اور نَسْتَعِیْنُ میں جو ضمیر مستتر ہے اس سے قاری اور اس کے ساتھ رہنے والے ملائکہ اور حاضرین نماز باجماعت مراد ہیں یا وہی اور تمام اہل توحید مراد ہیں۔

نکتہ:۔ اپنی عبادت میں اس توحید کو عبادت اور اپنی حاجت میں ان کی حاجت کو داخل کر رہا ہے تا کہ ان کے صدقے اور ان کی برکت سے اس کی عبادت قبول ہو جائے اور اس کی حاجت پوری ہو جائے۔

مسئلہ :۔ اسی نکتہ کی بنا پر نماز کو باجماعت پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

سیدی حضور شیخ الاکبر قدس سرہٗ اپنی کتاب " العظمة " میں فرماتے ہیں کہ جب بندہ اپنے نفس کو نَفْعَلُ کے نون سے تعبیر کرتا ہے تو یہ نون عظمت کا نہیں ہوتا۔ اور جب اللہ تعالیٰ کو ضمیر مفرد سے بیان کرتا ہے تو یہ بندہ کے قلب پر سلطان پر توحید کے غلبہ اور تحقیق کی وجہ سے ہے کہ یہ اس کی کلیت میں ایسا سرایت کر چکا ہے کہ اس کے بولنے سے وہ لفظ ظاہر ہو رہا ہے جو کہ اس کے عقیدہ وعلم ومشاہدہ ومعائنہ میں ہے۔

مسئلہ :۔ نَعْبُدُ کا نون جمع کا ہے کیونکہ بندہ اگرچہ فراوانی الطیفہ اور واحدانی فی الحقیقت ہے مگر دراصل بحیثیت اپنے لطیفہ اور ترکیب وشکل وقالب کے غیر وحدانی وفراوانی ہے۔

مسئلہ :۔ انسان کا کوئی جز ایسا نہیں کہ جس میں حق تعالیٰ کی حقیقت ربانیہ کا ظہور نہ ہو اور ان اجزاء کی لیاقت کے مطابق ان پر عبادت مقرر فرمائی اور یہ اجزاء اگرچہ مدبرہ ہیں مگر ان کے لئے مخصوص تکلیف (جو کہ ان کے ذاتی اعتبارات کے لئے مناسب ہے) مختص ہے اسی جمعیت کو دیکھ کر بندہ عرض کرتا ہے۔

وَلَکَ نُصَلِّی وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَاِیَّاکَ نَعْبُدُ

marfat.ocm
Marfat.com

(ہم تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف رجوع رکھتے ہیں اور کوشاں رہتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار اور صرف تیری عبادت کرتے ہیں)

ف: اسی طرح تمام خطابات جو قرآن مجید میں آئے ہیں ان کا یہی جواب ہے۔ علماء ظواہر سے کسی نے مجھ سے اس مسئلہ کا سوال کیا اور وہ مسئلہ میں بہت حیران تھا۔ میں نے اسے بہت سے جوابات دیے ان میں ایک جواب یہ بھی تھا۔ بِحَمْدِہٖ تعالی اس کی پوری تشفی ہوگئی۔

نکتہ : عبادت کا لفظ اللہ تعالیٰ کے لئے اس لیے مخصوص ہے کہ عبادت نہایت درجہ کے خضوع کو کہتے ہیں اور اس جیسا خضوع اس ذات کے لیے شایان ہے جو نہایت درجہ کا منعم ہو اور وہ باری تعالی ایسا منعم ہے کہ اس نے ہمارے لیے نفع بخش چیزیں پیدا فرمائیں اور ہمیں حیات اعلی عطا فرمائی جس سے ہم نفع اٹھا رہے ہیں۔ کما قال اللہ تعالی: كُنْتُمْ اَمْوَاتًا تم مردہ تھے اور فرمایا: جو زمین میں ہے میں نے تمام تمہارے لیے پیدا کیا ہے۔

نکتہ : بندہ کے احوال تین زمانوں سے خالی نہیں:

۱۔ماضی ۲۔حال ۳۔مستقبل

زمانہ ماضی میں اس کو عدم، موت، عجز، جہالت سے منتقل فرما کر حیات، قدرت، علم کا جامہ پہنایا اور زمانہ حال میں اس پر ابواب حاجات کھول دیے اور اسباب ضروریات لازم کر دیے انہی وجوہ سے وہ اپنے بندہ کے لیے رب بھی ہے اور رحمٰن و رحیم بھی اور زمانہ استقبال میں مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ہے کہ اپنے بندہ کو اعمال کی جزا دے گا معلوم ہوگیا کہ بندہ کے مصالح ان تین زمانوں سے خالی نہیں اور یہ امور سوائے اللہ تعالیٰ کی امداد کے پورے ہو بھی نہیں سکتے لہذا عبادت کا مستحق بھی وہی ہے۔

لغوی بحث: اس کا اشتقاق یا تو عبادت سے ہے یا عبودیت سے عبادت، عابدیت اور عبودیت، عبدیت کو کہتے ہیں اور صلوۃ بلا غفلت، صوم بلا غیبت، صدقہ بلا منت، حج بلا خصومت، صبر بلا شکایت، یقین بلا شبہت، شہود بلا غیب، ایصال بلا قطعیت عبادت کے اقسام ہیں۔

معتقدات و عبادت کے اقسام عبادت کے اقسام:۔ (جن کو حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کتاب اربعین میں فرمائے ہیں) دس ہیں۔ جیسا کہ ان عبادات کے اقسام سے پہلے معتقدات دس ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

پس وہ ذات ازلی، ابدی جو کہ صفات جلال واکرام جیسی صفات سے موصوف ہے۔ وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن ہے۔ یعنی اول ہے اپنے وجود میں اور آخر ہے اپنے صفات وافعال میں اور ظاہر ہے شہادت ومکونات کے ساتھ اور باطن ہے غیبت ومعلومات کی وجہ سے۔ ۲۔ وہ ان چیزوں سے مقدس ہے جو اس کے کمال کے لائق نہیں اور اس کے جمال کو عیب دار کرتی ہے نقائص ہوں یا رذائل۔ ۳۔ اس کی قدرت تمام ممکنات کو شامل ہے۔ ۴۔ اس کا علم تمام معلومات کو محیط ہے یہاں تک کہ چیونٹی کے سخت پتھر پر اندھیری رات میں چلنے کی آواز بلکہ اس سے زیادہ پوشیدہ باتیں جیسے کہ حرکات وسکنات کے علاوہ جتنی مخفی باتیں ہیں سب کو جانتا ہے۔ ۵۔ اس کا ارادہ تمام کائنات کو شامل ہے کوئی کام قلیل ہو یا کثیر، ملک میں ہو یا ملکوت میں اس کی قضا ومشیت کے سوا جاری ہو ہی نہیں سکتا۔ ۶۔ اشیاء کو اوقات معینہ میں پیدا کرنے میں ازل ہے اور نہ اس کی بصر سے تاریکی حائل ہے کانوں کے سوراخ کے بغیر سنتا ہے اور حدقہ واجفان کے بغیر دیکھتا ہے۔ ۷۔ اس کا کلام ازلی اور قائم بذاتہ ہے اس کے کلام کو آواز کی تجی نہیں جیسا کہ مخلوق کا کلام آواز کا محتاج ہے اور قرآن مقروء ومکتوب (پڑھا ہوا اور لکھا ہوا) اور محفوظ ہے باوجود اس کے قدیم اور قائم بذاتہ ہے اور سیدنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا کلام بغیر صورت وحرف کے سنا جیسا کہ اولیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ مولا کریم کی ذات کو بغیر شکل ورنگ کے دیکھتے ہیں (یعنی خواب میں)۔ ۸۔ اس کے افعال خالص دل سے موصوف ہیں۔ کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کے فعل سے حادث اور اس کے عدل سے فائز نہ ہو۔ کیونکہ اس کے غیر کی طرف کوئی ملک منسوب نہیں۔ جب ہر شے اُس کی مِلک ہے فلہٰذا اس کے تصرف کو ظلم نہیں کہا جا سکتا بلکہ اس سے ظلم کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا (یعنی اس سے ظلم ممتنع ہے) اور نہ کوئی اس پر واجب ہے بلکہ اس کی ہر نعمت کو فضل اور اس کے ہر عذاب کو عدل کہا جائے گا ۹۔ یوم آخرت۔ ۱۰۔ نبوت کہ جس میں ملائکہ کا بھیجنا اور کتابوں کا نازل کرنا بھی اہل ہے اور وہ اس قسم کی عبادات یہ ہیں۔ ۱۔ نماز۔ ۲۔ زکوٰۃ۔ ۳۔ روزہ۔ ۴۔ حج۔ ۵۔ تلاوت قرآن۔ ۶۔ ہر حالت میں اللہ کا ذکر کرنا۔ ۷۔ طلب حلال۔ ۸۔ مسلمانوں کے حقوق میں پابندی صحت کے حقوق۔ ۹۔ امر بالمعروف ونہی عن المنکر۔ ۱۰۔ اتباع سنت جو دراصل سعادت کی کنجی ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت کی علامت ہے۔ کما قال تعالیٰ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ (اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو)

marfat.ocm
Marfat.com

ف:۔ مولانا جامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

یا نبی السلام علیک　　انما الفوز والفلاح لدیک

گر نہ رفتم طریق سنت تو　　ہستم از عاصیاں اُمت تو

ماندہ ام زیرِ بار عصیان پست　　رفتم از پائے گر نہ گیری دست

ترجمہ :۔ اے نبی پاک! آپ پر سلام ہو۔ فلاح و بہبود آپ کے پاس ہے اگر میں آپ کی سنت پر عمل نہ کروں تو گنہگار ہو جاؤں۔ گناہوں کے بوجھ سے میں نہایت کمزور ہو گیا ہوں۔ اگر آپ دستگیری نہ فرمائیں تو میرا کوئی ٹھکانہ نہیں۔

مراتب عباد اللہ :۔ متوجہین الی اللہ کے مراتب کے بیان میں آیا ہے کہ جب بندہ کوئی نیکی کا کام کرتا ہے تو اس سے اس کا ارادہ غیر حق کا ہو تو وہ ابھی تک حُر ہے بندہ نہیں اور اگر کسی خاص امر کا ارادہ نہیں کیا بلکہ اس ارادہ پر نیکی کرتا ہے کہ یہ اچھا امر ہے یا مامور بہ سمجھ کر اس لیے کر رہا ہے کہ اس کا اسے حکم دیا گیا ہے مگر مطلقاً نہیں بلکہ اس حیثیت سے کہ اپنے آمر کے ہاں حضوری کے حصول کی غرض پر تو وہ مرد ہے اگر اس سے زائد مرتبہ حاصل کیا یعنی امر کی ادائیگی کے وقت غیر حق کا ارادہ نہیں کرتا تو یہ کامل فی الرجولیت ہے۔ اگر مذکورہ بالا امور کے ساتھ ساتھ اپنے فعل میں حضور مع الحق ایسا رکھتا ہو کہ نفس کو بالکل ترک کر کے بعین حق، حق کا مشاہدہ کرتا ہو بایں حیثیت کہ مشہود کی اضافت اسی طرح فعل اور اس کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف کرتا ہو نہ کہ اپنے نفس کی جانب، تو یہ عبد مخلص ہے اور اس کی عبادت خالص ہے اگر اس میں مذکورہ بالا امور کا غلبہ بھی اور ماقبل کے احکام بھی اس میں پائے جاتے ہوں تو یہ مقام فنی یسمع کا ہے (مگر وہ نہ تو ان مذکورہ اشیاء کی کسی شے سے مقید ہے نہ ان کے مجموعہ سے) جس میں ہر مرتبہ و نسبت میں سریان حکم مشہود واحدی کی شمولیت بھی ہے نہ یہ کہ کسی متعین امر میں ثابت ہے۔ بلکہ اپنی فراخی اور اپنے علم صحیح سے (جس سے وہ موصوف ہوا) اور جس سے وہ ہر وقت و ہر حال میں جدا ہوا ہے (نہ غفلت و حجاب سے) ہر وصف و حکم کو قبول کرنے کی وجہ سے ثابت ہے تو یہ کامل فی العبودیت والخلافۃ و الاحاطۃ والاطلاق ہے۔

(کذا فی تفسیر الفاتحہ للصدر القونوی قدس سرہٗ)

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں (اِیَّاکَ نَعْبُدُ کی تفسیر میں) مرقوم ہے کہ بندہ کے غیبت سے خطاب کی طرف رجوع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ مالک و مملوک کے مابین سوائے مملوک کے نفس

marfat.ocm
Marfat.com

کے ملک کے کوئی حجاب نہیں جب اس نے نفس کے ملک کے حجاب کو طے کرلیا تو مالک کے مشاہدہ کے ملک تک پہنچ گیا۔ جیسا کہ حضرت ابویزید رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بعض مشاہدات میں اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ "یا الٰہی! تجھ تک پہنچنے کی کون سی راہ ہے؟" اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اپنے نفس کو ترک کر کے میرے پاس چلا آ"۔

نفس کے اوصاف چار ہیں:۔

۱۔امّارہ ۲۔لوّامہ ۳۔ملہمہ ۴۔مطمئنہ

پس عبد مملوک کو بھی چاہیے کہ اپنے مالک کو چار صفتوں سے یاد کرے۔

۱۔الوہیت ۲۔ربوبیت ۳۔رحمانیت ۴۔رحیمیت

پھر بعد از مدح الٰہیت وشکر ربوبیت وثنائے رحمانیت وتمجید رحیمیت نفس کے ملک کے صفاتِ اربعہ کے حجابات کو ان چار اوصاف مبارکہ کی قوتِ جاذبہ کے طفیل عبور کرتا ہے۔ پھر اپنے نفس کی خرابی کی شبِ ظلمات سے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کی صبح صادق کے طلوع سے نجات پاتا ہے۔ ان منازل کو طے کرنے کے بعد عبد مملوک کسی شے پر قادر نہیں ہوتا بلکہ جماد کی مانند عاجز ہو کر رہ جاتا ہے تو پھر اس پر اس کا مالک رحم فرماتا ہے اور اس کو اپنی لسانِ کرم سے اپنا وعدہ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ یاد دلاتا ہے اور اسے اپنے پاس بلاتا ہے اور مخاطب ہو کر فرماتا ہے يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ پھر ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ کے پاک جذبہ سے غیبتِ نفس سے نکال کر شہودِ مالکیت میں کھینچ لیتا ہے جس سے عبد مملوک مشاہدہ جمال مالک حقیقی سے مالا مال ہو کر بندہ عاجز ذلیل، خاشع وخاضع کی طرح سامنے کھڑے ہو کر پکار اٹھتا ہے جیسا کہ بعض قرأت میں اِيَّاكَ نَعْبُدُ کی نداء کی وجہ سے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کو منصوب پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے۔

ف:۔ نفس دنیوی ہے اور عبادت بھی اپنی خواہشات دنیوی کی کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ اور قلب اُخروی ہے اسی لیے عبادت بھی جنت کی کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى (نفس کو خواہش سے روکا تو جنت اس کا ٹھکانہ) اور رُوح قربی ہے اس لیے عبادت بھی قربت ومعندیت کی کرتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ (مالک قادر کے نزدیک ان کا قیام صدق معتمد میں ہے) اور سر حضرتی سے عبادت بھی حق

Marfat.com

تبارک وتعالیٰ کی کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس میں فرمایا ہے: سِر" بینی وبین عبدی لا یسمعه فیه ملک مقرب ولا نبی مرسل

پھر جب اللہ تعالیٰ نے اپنے عبد کو نعمتِ نماز جیسا انعام بخشا تو اس کو اپنے اور بندہ پر دو حصص پر منقسم فرمایا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس پر فرمایا:

قسمت الصلوٰة بینی وبین عبدی نصفین فنصفها لی ونصفها لعبدی ولعبدی ماسأل

پس بندہ اس نصف سے اللہ تعالیٰ کے جلال وجمال پر حمد وثناء وشکر ادا کرتا ہوا بارگاہِ لایزال کا قرب حاصل کر لیتا ہے اور پھر وہ مالک قدیم بھی محض اپنے کرم وانعام سے بندہ کے قریب ہوتا ہے۔ جیسا کہ خود فرماتا ہے:

من تقرب الی تقربت الیه ذراعا (جو میرے قریب ہوا میں اس کے بالشت بھر قریب ہوا)

یہ سب اس کے اس نصف کی بدولت ہے جو اس کی بندگی عبودیت غیر سے نجات ہو رہی ہے۔ پھر اس کو خواہشات نفس بد کے ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ سے نکالا جاتا ہے اور قلب کی مراد اور روح کے تعلق کو غیر اللہ سے علیحدہ کر کے نورِ وحدانیت اور شہود وفردانیت کے ساتھ معلق کیا جاتا ہے، جس سے اس کے نفس کی زمین اور روح کا عرش اور راز کی کرسی رب کے نور سے چمکنے لگ جاتے ہیں اور ایسے بندگان اپنے معبودِ حق (جو ان کا خالق بھی ہے اور مالک وملک بھی) کے ساتھ ایمان لاتے ہیں اور ان معبودانِ باطلہ (کہ جن کی پرستش میں شب وروز مصروف تھے) سے روگرداں ہو کر بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى کو تھام کر ایک عبادت میں مشغول ہو کر کہتے ہیں اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

تفسیر عالمانہ

وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ سوال :۔ اِيَّاكَ کو دوبارہ کیوں لایا گیا؟

جواب :۔ تا کہ اس بات پر نص ہو جائے کہ جیسے عبادت اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے اسی طرح استعانت (بالاستقلال) بھی اس کے ساتھ مخصوص ہے۔ اَلْاِسْتِعَانَةُ بمعنی طلب عون (مدد طلب کرنا)

قانون :۔ یہ باب با کے ساتھ اور بغیر با کے بنفسہٖ متعدی ہوتا ہے اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کے معنی یہ ہیں کہ ہم تیری عبادت کرنے پر یا ان چیزوں پر کہ جن کی ہمیں طاقت نہیں ہے یا شیطان (جو کہ تیری عبادت کے مانع ہے) کی جنگ پر یا ان امور پر جو ہمیں دین ودنیا میں فائدہ پہنچائیں تجھ سے امداد طلب کرتے ہیں اور ان اقوال کے لئے جامع معنیٰ یہ ہے کہ اے اللہ! ہم تجھ سے امداد مانگتے ہیں کہ ہمیں ادائے حق اور اقامت فرائض اور تحمل تکالیف

marfat.ocm
Marfat.com

اور طلب مصالح کی توفیق بخش۔

سوال :۔ عبادت کو استعانت پر مقدم کیوں لائے؟

جواب :۔ ۱۔ تا کہ آیات کے رؤس موافق رہیں۔

۲۔ اس لئے کہ معلوم ہو جائے کہ طلب کے لئے تقدیم وسیلہ سے اجابت جلد تر ممکن ہوتی ہے۔

ف:۔ جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ کہا گیا تو اس سے تکبر و تعجب پیدا ہو گیا۔ پھر اس کے ازالہ کے لئے اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بولا گیا تا کہ تکبر و تعجب بالکل مٹ جائیں۔

نکتہ :۔ اس آیت میں افتخار و افتقار کو یکجا جمع کیا گیا ہے۔ فخر تو اس طرح کہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ پڑھنے سے بندہ کو خیال گزرے گا کہ میں عبد بھی ہوں عابد بھی اور افتقار یوں کہ اقرار کرنا پڑا کہ یہ عبادت مجھے اللہ تعالیٰ کی امداد توفیق سے نصیب ہوئی۔

مسئلہ :۔ اس آیت سے اہل سنت کے مذہب کی تائید ہو گئی کہ فعل کا کسب بندہ سے ہے اور اس کی توفیق اللہ جل جلالہٗ سے ہے جیسا کہ کسب بندہ سے اور فعل کا پیدا کرنا اللہ تعالیٰ سے ہے اور اِيَّاكَ نَعْبُدُ سے جبریہ کا رد بھی ہے جو کہ بندہ سے کسی فعل کے صدور کے قائل نہیں ہیں اور اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ میں معتزلہ کا رد بھی ہے کہ وہ توفیق و خلق من اللہ کے قائل نہیں ہیں۔ پس حق عبادت و استعانت کا یہ ہے کہ سوائے اس مالک لم یزل کی بارگاہ کے کسی کے آگے نہ سر جھکائے نہ کسی کو مستقل مستعان سمجھے۔

حکایت:۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ مغرب کی نماز پڑھ رہے تھے جب آپ نے اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھا تو بے ہوش ہو کر گر پڑے جب ہوش میں آئے تو سبب پوچھا گیا، آپ نے فرمایا کہ جب میں نے اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھا تو مجھے ڈر ہوا کہ میں اس وقت کیا جواب دوں گا جب مجھے کہا جائے گا کہ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھتا تھا تو پھر اطباء و سلاطین کے دروازہ کو کیوں کھٹکھٹایا تھا!

حکایت و فائدہ:۔ استعانت کو مخصوص باللہ کرنے میں حضرت سیدنا خلیل علیٰ نبینا وعلیہ السلام کی اقتداء ہے جبکہ وہ نمرود لعین کی قید میں تھے تو اس وقت ان کی خدمت میں سیدنا جبریل علیہ السلام حاضر ہو کر کہنے لگے

marfat.ocm
Marfat.com

کیا تجھے کوئی حاجت ہے؟ آپ نے فرمایا حسبی من سؤالی علمه بحالی [1] یہاں عبد عرض کرتا ہے الٰہی! میں اس وقت تیرے خلیل علیہ السلام سے عاجزی میں کچھ کم نہیں ہوں کہ تیرے خلیل علیہ السلام کے صرف دونوں ہاتھوں و پاؤں کو باندھا گیا اور میں سب کا سب باندھا ہوا ہوں کہ نہ پاؤں سے چلتا ہوں اور نہ ہاتھوں سے حرکت کرتا ہوں اور نہ آنکھوں سے دیکھتا ہوں اور نہ کانوں سے سنتا ہوں اور نہ زبان سے بولتا ہوں باوجود اس کے نارِ جہنم کے کنارے پر ہوں۔ پس جیسا حضرت خلیل علیہ السلام سے تجھ پر کچھ کم نہیں عطا فرماتا چنانچہ ان کے لئے فرمایا تھا قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ [2] اور تجھ کو تو نار جہنم سے نجات دے کر بہشت کے باغات بخشے۔ بلکہ کلام قدیم کے سننے کی تجھے توفیق بخشی اور نارِ جہنم کو تیرے لیے مامور فرمایا کہ جب اس کے قریب تیرا گذر ہوگا تو تجھے عرض کرے گی: اے مردِ مؤمن! مجھ سے جلد گذر جا کیونکہ تیرے نور نے میرے شعلوں کو سرد فرما دیا۔ سیدی مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

آتش عشق ازیں روائے صفی — می شود دوزخ ضعیف و منطفی

گویدش بگذر سبک اے محتشم — ورنہ ز آتشہائے تو مرد آتشم

ترجمہ:۔ ایسے نیک بخت سے دوزخ بھی کمزور ہو کر بجھ جائے گی اور عرض کرے گی یا حضرت! جلد گذر فرمایئے ورنہ آپ کے عشق کے شعلوں سے میری گرمی مٹ جائے گی۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ تعلق:۔ ۱۔ امداد مطلوبہ کا بیان ہے گویا کہا گیا ہے (اے میرے بندے) میں تمہاری مدد کیسے کروں؟ تو بندوں نے عرض کی: اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۲۔ نیز عبادت کے بعد دعا مانگنا قاعدہ شرعیہ (بھی) ہے۔

نـ:۔ ۳۔ تفسیر تیسیر میں ہے کہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ میں توحید کا اظہار ہے اور اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ میں توحید کی امداد طلب کرنا ہے اور اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ میں دین پر ثابت رہنے کی استدعا تحقیقِ عبادت اور اس پر ثابت رہنے کا نام ہے۔ کیونکہ ہدایت پر ثابت قدم رہنا جمیع حاجات کا خلاصہ ہے اسی لیے اس کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان نے طلب فرمایا ہے۔ کما قال یوسف علیٰ نبینا وعلیہ

---

[1] سوالی کی ضرورت نہیں وہ میرے حال کو خوب جانتا ہے۔ [2] اے آگ ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا۔

marfat.ocm
Marfat.com

السلام :۔ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا اے اللہ مجھے مسلمان فوت کرنا۔اور فرعون کے جادوگروں نے (بعداز اسلام) کہا تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ اور صحابہ کرام نے عرض کیا: تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ اے اللہ ہمیں ابرار کے ساتھ فوت کرنا۔

یہ استدعا اس لیے ہے کہ ظاہر حال پر اعتماد نہ کیا جائے کیونکہ انجام کبھی تبدیل ہوجاتا ہے جیسے ابلیس و برصیعیا وبلعم بن باعورا کا حال ہوا۔سیدی مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

صدھزاراں ابلیس وبلعم در جہاں — ہم چنیں بودست پیداؤ نہاں

ایں ھر دورا مشہور گرداینداللہ — تا کہ باشند ایں دو بر باقی گواہ

ایں دو دزد آویخت بر دار بلند — ورنہ اندر قہر بس دزداں بدند

ترجمہ :۔ بیشمار ابلیس اور بلعم ایسے ہی پوشیدہ اور چھپے ہوئے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے صرف ان دو کو مشہور فرمایا تا کہ ان دو کو دوسروں کی علامت بنائی جائے صرف ان دو کو سولی پر لٹکایا ورنہ ان جیسے ہزاروں چور اور بھی ہیں

تفسیر صوفیانہ قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر میں ہے کہ جب اس کلمہ کو عارف واصل باللہ کہتا ہے تو اس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ اے الٰہ! ہمیں اپنی سیر کے طریق پر چلا تا کہ ہم سے ہمارے احوال کے ظلمات مٹ جائیں اور ہمارے ابدان کے پردے ہم سے ہٹ جائیں پھر ہم تیرے مقدس نور سے نورانی ہوکر تجھی کو دیکھیں۔

مسئلہ :۔ مولانا فناری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سیر فی اللہ غیر متناہی ہے جیسا کہ قطب المحققین فرماتے ہیں کہ معلومات ومقدورات الٰہیہ کی کوئی انتہا نہیں، پس جہاں تک معلوم ومقدور ہے نہ بندہ کا شوق سکون پاتا ہے اور نہ وہ زائل ہوتا ہے۔

قانون:۔ فعل ہدایت کو لام اور الی سے متعدی کرکے اس کے ساتھ اختیار (جو کہ قرآن پاک میں وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَهٗ واقع ہوا ہے) جیسا معاملہ کہا جاتا ہے (یعنی مفعول ثانی کی طرف بلاواسطہ متعدی ہوتا ہے)

قانون:۔ صراطِ مستقیم ملّتِ اسلام اور دینِ حق سے استعارہ ہے۔وسیلہ مقصود کو وسیلہ مقصد سے، محل روحانی کو محل جسمانی سے تشبیہ دینا ہے۔

سوال :۔ دین کو صراط کیوں کہتے ہیں؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب :۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اگرچہ مکانات سے ارفع واعلیٰ ہے مگر چونکہ بندہ کو قطع مسافات ومس آفات اور تکالیف کا نشانہ بننا لازم ہوگا تا کہ وصال وموافات سے نوازا جائے (اور یہ چیزیں دین کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں بنا بریں اس کا نام صراط ہوا) باوجود ہدایت یافتہ ہونے کے پھر ہدایت کی طلب کرنے میں کئی نکتے ہیں:

نکات :۔ ۱۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت کے بعد اس راہِ راست کی معرفت ضروری ہے جو اعمال شہوانیہ وغضبانیہ اور انفاقِ مال کے مابین افراط وتفریط سے پاک ہو اومطلوب بھی یہی ہے کہ راہِ راست کی ہدایت نصیب ہو۔

۲۔ اگر چہ بندہ کو اللہ تعالیٰ کی معرفت دلیل سے ثابت ہوگی مگر وہاں دلائل بھی ہوں گے۔ تو پھر اِھْدِنَا کے معنیٰ یہ ہوئے کہ اے اللہ! ہمیں وہ عرفان نصیب فرما جس کی وجہ سے ہر شے میں عین تیری ذات وصفات اور افعال کی معرفت کے دلائل کے جلوے نظر آئیں۔

۳۔ اِھْدِنَا کا معنیٰ بموجب قولہ تعالیٰ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا ماسوا اللہ سے اعراض کی طلب ہے اگر چہ اس کا اپنا نفس کیوں نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی طرف بالکلیہ متوجہ ہونے کی طلب میں اگر چہ بحکمِ ایزدی اپنے پیارے بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم ہو جیسے سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کے ذبح کا حکم یا خود ذبح کے لئے تیار ہو جانا پڑے جیسا کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ذبح ہونے کے لئے تیار ہو گئے یا اپنے آپ کو دریا میں پھینکنا پڑے جیسا کہ حضرت یونس علیہ السلام نے کیا باوجود اعلیٰ درجات پر فائز ہونے کے تکالیف کا نشانہ بننا پڑے جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں قتل یا ٹکڑے ٹکڑے ہونا پڑے تو صبر سے کام لے جیسا کہ حضرت یحیٰی وحضرت زکریا علیہما السلام نے کیا۔

ف :۔ یہ مقام بڑا خطرناک ہے۔ اس صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ میں آسانی ہے بہ نسبت اس کے کہ اگر فرماتے صراط الذین قتلوا وضربوا، اور اس میں بحیثیت انعام کے انبیاء واولیاء علیہم السلام کے مقام کی طرف ترغیب ہے۔

استقامت کے فضائل :۔ استقامت اور پھر اس پر ثابت قدم رہنا بڑی مشکل بات ہے۔ چنانچہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے سورہ ہود اور اس کی ہم مثل سورتوں نے بوڑھا کیا۔ کیونکہ اس میں فَاسْتَقِمْ كَمَا اُمِرْتَ کا حکم ہے۔ وجہ یہ ہے کہ انسان اپنے قوائے ظاہر یہ وباطنیہ سے تین چیزوں پر مشتمل ہے:۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔صفات ۲۔اخلاق طبعیہ ۳۔روحانیہ

ان تینوں کے لئے افراط وتفریط کی دو دو طرفیں ہیں تو ان میں سے طرف وسط کی پہچان اور اس پر ثابت قدم رہنا ضروری ہوا۔چنانچہ اسی پر بہت سی آیات ونصوص دلالت کرتی ہیں۔

۱۔ قال تعالی وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً الخ اس میں بخل واسراف میں اعتدال کی ترغیب ہے۔۲۔حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس صحابی کو جس نے گوشہ نشینی اور صیام الدہر وقیامت اللیل کی درخواست پیش کی۔زجر وتوبیخ کے بعد فرمایا: تجھ پر تیرے نفس کا حق ہے اور تیری زوجہ کا تجھ پر حق ہے اور تیرے ملاقاتیوں کا تجھ پر حق ہے۔پس روزہ رکھو اور افطار بھی کرو۔رات کو قیام بھی کرو اور نیند بھی۔اسی طرح اپنے جمیع امور میں فرمایا:

۳۔ قال تعالیٰ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا (اپنی نماز میں نہ آواز بلند کرو اور نہ پست)

۴۔ وقال تعالی لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا (اور نہ ہی وہ حد سے بڑھے اور نہ ہی تنگی، اور وہ اس کے درمیان میانہ رو ہیں)

۵۔وقال تعالی مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى (نہ ہی آنکھ ٹیڑھی ہوئی اور نہ بہکی)

۶۔ایک روز حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اونچی آواز سے قرآن پڑھتے سنا تو آپ نے سبب پوچھا۔عرض کی: حضور! سوتوں کا جگاتا ہوں اور شیطان کو ہٹاتا ہوں آپ نے انہیں فرمایا: آواز ذرا نیچی رکھو پھر جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لائے تو ان کو آہستہ قرأت کرتے پایا۔ان سے سبب پوچھا عرض کی: حضور! جس ذات سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہے اس کو تو سنا رہا ہوں آپ نے فرمایا اس سے ذرا اونچی آواز سے پڑھا کرو۔اسی طرح تمام عادات اوخلاق میں میانہ روی چاہیے۔(مثلاً شجاعت ایک بہتر وصف ہے جو دلیری اور بزدلی کا درمیانہ امر ہے) اسی طرح بلاغت بھی اعلیٰ وصف ہے جو ایجاز ناقص اور اطناب زاید کے مابین ہے۔

ف:۔ ہماری شریعت بھی میزانِ اعتدال کی دلیل ہے ہر ترغیب وترہیب میں اور ہر حکم وصف وخلق میں یہاں تک کہ صفتِ مذمومہ کے حدود بھی بیان فرمائے۔مثلاً جس وقت صفتِ مذمومہ کو اس حدِ شرعی کے مطابق استعمال کیا جائے تو وہ صفت مذموم محمود ہو جاتی ہے جیسے کسی کو برائی سے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے روکنا یا کسی کے ساتھ اللہ

marfat.ocm
Marfat.com

تعالیٰ کی رضا کے لئے بغض رکھنا (اگر چہ یہ فعل مذموم ہے مگر جب رضائے الٰہی مدنظر ہو تو یہ صفتِ مذموم محمود ہو جائے گی)

مستقیم کے اقسام:۔ مستقیم کئی قسم پر ہے:

۱۔ مستقیم بفعله وقوله وقلبه

۲۔مستقیم بفعله وقوله دون قوله

(یعنی کسی کو اپنی استقامت کا پتہ نہ دے۔ان دونوں کے لئے کامیابی ہے مگر پہلے کا درجہ اعلیٰ ہے)

۳۔مستقیم بفعله وقوله دون قبله (اس کے لئے بھی غیر سے نفع کی امید ہے)

۴۔مستقیم بقوله وقلبه دون فعله

۵۔مستقیم بقوله دون فعله وقلبه

۶۔مستقیم بفعله دون قوله وفعله

۷۔مستقیم بفعله دون قوله وقلبه

ان چاروں (اواخر کے) عامل کو سراسر نقصان ہے ان کو نفع کی امید بھی نہیں چاہیے۔اگر چہ مراتب میں یہ چاروں ایک دوسرے سے ادنیٰ واعلیٰ ہیں۔

ف:۔ استقامت بالقول سے یہ مراد نہیں کہ غیبت وچغلی یا ان جیسے اور قبیح افعال کا ترک ہو۔ان کو تو استقامت بالفعل بھی شامل ہے بلکہ استقامت بالفعل سے یہ مراد ہے کہ کسی کو راہِ راست کی رہنمائی کی جائے۔

ف:۔ جس کی طرف راہ دکھائی جاتی ہے اس بات سے یہ استقامت خالی بھی ہوتی ہے۔استقامت بالفعل والقول والقلب کے اجتماع کی مثال یہ ہے کہ مثلاً ایک مرد مسائل فقہ سے واقف ہے اور پوری تحقیق سے اس کے مسائل کا عالم بن کر کسی کو یہ مسائل سکھا دے اس معنیٰ پر یہ شخص مستقیم بالقول ہے اور جب نماز کا وقت آ گیا تو بہ مطابق مسائل ظاہری ارکان کے موافق نماز ادا کی تو اس بنا پر یہ شخص مستقیم بالفعل ہے۔پھر اسے علم ہوا کہ نماز میں اِهْدِنَا الصِّرَاطَ سے اللہ تعالیٰ کی مراد حضور قلب ہے تو نماز میں حضورِ قلب بھی کیا تو اس اعتبار سے یہ شخص مستقیم بالقلب ہے۔علیٰ هذا القياس باقی اقسام۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ ہدایت تینگھ قسم پر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ہدایت عامہ: یعنی عام حیوانات کو حصول منافع اور ترک نقصانات کی ہدایت کرنا۔ والیہ اشارہ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی اللہ نے ہر شئے کو صورت عطا کر کے ہدایت دی اور فرمایا وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ہم نے دو راستے بتائے۔

ہدایت خاصہ: یعنی مؤمنوں کو جنت کی راہ دکھلانا۔ والیہ اشارہ قولہ تعالیٰ: يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ اللہ انہیں ان کے ایمان کی ہدایت دیتا ہے۔

ہدایت اخص: درحقیقت ہدایت اسی کا نام ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس کی ذات کی رہبری کرنا۔ چنانچہ یہ آیات اس معنیٰ کی طرف اشارہ فرماتی ہیں۔

۱۔ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى فرمایا بیشک ہدایت صرف اللہ ہی کی ہے۔

۲۔ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّیْ سَيَهْدِيْنِ میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہی مجھے ہدایت دے گا۔

۳۔ اَللّٰهُ يَجْتَبِیْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِیْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۴۔ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

یعنی آپ اپنے صحرائے وجود میں محوِ خیال تھے تو ہم نے آپ کو اپنے وجود سے طلب فرمایا اور آپ کو اپنے فضل ولطف میں پایا اور اپنے جذبات عنایت ونورِ ہدایت سے آپ کو اپنی طرف ہدایت دیتا ہوں۔ اب جو آپ کی تابعداری کریں گے اور آپ کی رضا کے طالب ہوں گے تو ان کو بشری وجود کی تاریکیوں سے نکال کر وجودِ روحانی کے نور تک پہنچا دوں گا اور ان کو راہِ راست کی ہدایت بھی دوں گا۔ کما قال تعالیٰ:

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ

صراط مستقیم:۔ وہ دین قویم ہے کہ جس کی شہادت قرآن پاک میں درج ہے یعنی سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلق مبارک۔ کما قال تعالیٰ: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ بیشک آپ عظیم خلق والے ہیں

ف:۔ صراط مستقیم سے مراد بہشت کی راہ ہے جو کہ اصحاب یمین کے لئے ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ:

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ اور اللہ دار السلام کی دعوت دیتا ہے۔

ف:۔ صراط مستقیم سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف کا سلوک جو کہ سابقین مقربین کے لئے ہے کما قال تعالیٰ: اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ صِرَاطِ اللّٰهِ

marfat.ocm
Marfat.com

ف:۔ ہر وہ راہ جو اصحاب یمین کو نصیب ہو وہ سابقین مقربین کو بھی حاصل ہے کیونکہ اصحابِ یمین کو جو جو شہود وجمال اور کشف وجلال حاصل ہوئے۔ سابقین مقربین حضرات کو ان سے پہلے نصیب ہوئے اور یہ سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذات پاک کا خاصہ ہے یا ان کے صدقے ان کے تابعداروں کو بھی ہوا کما قال اللہ تعالیٰ: قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں ؎

برآتش نشاندسجادہ ات　　اگر جز بحق میرود جادہ ات

ترجمہ:۔ تیرا ٹھکانہ جہنم ہے اگر تیرا طریقہ صحیح نہ ہو۔

تفسیر عالمانہ

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ یہ جملہ اول جملہ سے بدل الکل ہے اور انعام بمعنی ایصالِ نعمت ہے اور یہ دراصل اس حالت کا نام ہے جس سے انسان لذت پائے پھر اس کا اس لذت پر اطلاق کیا گیا جو دین سے حاصل ہوتی ہو۔

ف:۔ ابوالعباس ابن عطا فرماتے ہیں کہ منعم علیہم (جن حضرات پر انعام کیا گیا) کے کئی طبقات ہیں:

۱:۔ عارفین، ان پر اللہ تعالیٰ نے اپنی معرفت کا انعام کیا۔

۲:۔ اولیاء، ان پر صدق وزضا اور یقین وصفوۃ کا انعام ہوا۔

۳:۔ ابرار، ان پر علم ورافت کا لطف ہوا۔

۴:۔ مریدین، ان کو حلاوت طاعت کا لطف ہوا۔

۵:۔ مؤمنین، ان پر استقامت کا فضل ہوا۔

بعض کہتے ہیں کہ منعم علیہم انبیاء وصدیقین وشہداء وصالحین ہیں۔ کما قال تعالیٰ:

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

ف:۔ یہاں صِرَاطَ کی اضافت بندوں کی طرف ہے اور وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا میں اللہ تعالیٰ نے صراط کو اپنی طرف مضاف کیا، جیسا کہ دین وہدایت کو کبھی اپنی طرف مضاف کیا۔ کما قال تعالیٰ: اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ اور اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى اور کبھی بندوں کی طرف بھی کما قال تعالیٰ: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ

marfat.com
Marfat.com

اور فَهُدْ نَهُمُ اقْتَدِهْ ہدایت ودین وصراط کو کبھی اپنی طرف اور کبھی بندوں کی طرف مضاف کرنے چند نکتے ہیں:

نکات :۔۱۔یہ اشیاء اس نے مشروع فرمائیں صرف ہمارے نفع کے لئے۔ کما قال تعالیٰ : شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ تمہارے لئے دین شروع فرمایا۔

۲۔ان میں اس کی رضامندی واختیار ہے اور ہمارا کام ہے ان پر چلنا اور فرماں برداری۔

۳۔جب اپنی طرف انہیں مضاف کیا تو بندہ کی رعونت کا قلع قمع کیا (کہ سب اشیاء اس کے قبضہء قدرت میں ہیں) پھر بندہ کی طرف مضاف کیا تا کہ اسے تسلی ہو۔

۴۔بندہ کی طرف مضاف کرنے میں اس کی عزت افزائی کی اور اپنی طرف مضاف کیا تا کہ شیطان کو دخل اندازی کا طمع نہ ہو۔ جیسا کہ منقول ہے کہ جب آیت وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ نازل ہوئی تو شیطان نے کہا کہ اگر چہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت چھیننے پر قادر نہیں ہوں لیکن مؤمنین کی عزت ضرور چھین لوں گا تو اللہ تعالیٰ نے فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا فرما کر اسے طمع سے مایوس فرما دیا۔

(کذا فی التیسیر)

ف: صراط کے تکرار میں اس طرف اشارہ ہے کہ صراط دراصل دو ہیں:۔

۱۔عبد سے رب کی طرف۔ ۲۔رب سے عبد کی طرف۔

وہ راستہ جو عبد سے رب کی طرف ہے وہ خطرناک ہے کہ بہت سے قافلے اس میں لٹ گئے اور بہت رہ گیر اس میں رہ گئے اور منادیِ عزت اہلِ عزت کو ندا دیتا ہے کہ اس راہ کی طلب مردود اور راہ مسدود ہے کیونکہ اس راہ پر جانے والے پر ڈاکہ زنی ہوتی ہے۔ چنانچہ شیطان ملعون کا قول قرآن پاک میں ہے لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ لیکن وہ راہ جو رب سے عبد کی طرف ہے پر امن ہے اس راہ پر چلنے والے بسلامت جاتے ہیں اور ان کی منزلیں نعمتوں سے پُر ہیں۔ اس راہ پر چلنے والوں کو آسانی میسر ہوتی ہے۔ ان کے قائدین انبیاء و صدیقین اور شہداء وصالحین ہیں۔ یہ وہ قائدین ہیں جن کے قلوب اللہ تعالیٰ کے انوار سے پر اسرار ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فیوضات وتجلیات کی بارش کے مورد ہیں اور شیطان کے مکر وفریب اور عیاریوں سے انہیں معصوم ومحفوظ ومامون فرمایا گیا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: نعمتیں ظاہری ہیں یا باطنی۔ جیسے انبیاء علیہم السلام کو مع کتابوں کے بھیجنا اور ان کی دعوت کو قبول کرنے کی توفیق بخشنا اور اتباع سنت واجتناب بدعت اور پھر نفس کو اوامر ونواہی کا پابند کر دینا اور صدق پر ثابت قدمی عنایت فرمانا اور عبودیت کا لزوم عطا فرمانا وغیرہ۔

تفسیر صوفیانہ ارواح پر ابتدائے فطرت میں اپنے نور کے قطرات برسائے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو ظلمت میں پیدا فرما کر پھر ان پر اپنے نور کے قطرات برسائے۔ جس شخص پر اس نور سے کچھ پہنچا وہ ہدایت یافتہ ہو گیا اور جو اس سے محروم رہا وہ گمراہ ہو گیا۔ گویا صراط اللہ کی راہ کھلنا اس نور سے ہے اور پہلی بارش وہی قطرات ہیں جس کی وجہ سے مؤمنین برسانے والے کے مشاہدات سے بہرہ یاب ہوتے ہیں اور ہمیشہ اور ہمیشہ اس ابرِ رحمت کے منتظر ہو کر بارگاہِ لم یزل میں عرض کرتے ہیں: اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ یعنی ہمیں ان لوگوں کی راہ پر چلا کہ جن پر تو نے اپنے الطاف خاص کے دروازے کھولے، جس کی بدولت تیری امداد سے تجھی کو پایا اور انہوں نے تجھے پالیا ان الطاف کے واسطے جو تو نے انہیں عنایت کیے۔ (کذا فی التاویلات النجمیہ)

تشریح حدیث شریف: ۔ شیخ صدرالدین قونوی قدس سرہ اس حدیث کی تاویل میں فرماتے ہیں کہ اس میں شک نہیں کہ وجود محض کے مقابلہ میں عدم (جو وجود کی نقیض ہے) سمجھا جاتا ہے کیونکہ لامحالہ عدم کے لئے تعین متعین ہے اور عدم کے لئے ظلمت ہے جیسا کہ وجود کے لئے نور ہے۔ اس لیے ممکن کو ظلمت سے موصوف کیا جاتا ہے کیونکہ ممکن وجود سے نور پا کر ظاہر ہوتا ہے پس ظلمت ممکن عدم کی ایک وجہ سے ہے جو اسے متصل ہے اور ہر وہ کمی جو ممکن کو لاحق ہوتی ہے (اور اس کمی سے ممکن موصوف بھی ہوتا رہتا ہے) یہ اس نسبت عدمیہ کے احکام سے ہے۔ اسی طرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول مذکورہ میں اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ ۔۔۔۔۔ الخ، والخلق فی ظلمة.. الخ (جس کا ترجمہ اوپر گزرا) اشارہ ہے اور اس حدیث شریف میں خلق بمعنیٰ تقدیر ہے کیونکہ ایجاد سے سابق ہے اور رش النور سے ممکنات پر وجود کا پہنچنا مراد ہے۔

تفسیر عالمانہ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ یہ الَّذِيْنَ سے بدل ہے معنی یہ ہے کہ منعم علیہم وہ لوگ ہیں جو غضب اور گمراہی سے بچ گئے۔ کلمہ غَيْرِ کے تین معنی ہیں:

Marfat.com

۱۔ بمعنیٰ مغایرت، فارسی میں بمعنیٰ جز۔ قال تعالیٰ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ تا کہ تو اس کے سوا ہمیں اختر اکرے

۲۔ بمعنیٰ لا، فارسی میں بمعنیٰ نہ، قال تعالیٰ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ تو جو مجبور ہو جائے نہ بغاوت سے نہ حد سے بڑھ کر۔

۳۔ بمعنیٰ الاّ، فارسی میں بمعنیٰ مگر، قال تعالیٰ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ تو ہم اس میں نہیں پایا سوائے مسلمانون کے گھر کے۔ یہاں ہر سہ معانی کا معنی متحمل ہے۔

ف: جب غَيْرِ بمعنی استثناء (الاّ) ہو تو غَيْرِ کو منصوب پڑھنا ہوگا اور غضب بمعنیٰ بدلہ کے وقت نفس کا جوش کرنے اور دل کے خون سے انتقام کے ارادہ سے حاصل ہوتی ہے اور یہاں بمعنیٰ رضا کی نقیض ہے یا ارادہ انتقام یا تحقیق الوعد یا اخذ الیم یا بطش شدید یا ہتک استار، یا تعذیب بالنار مراد ہے۔ کیونکہ علم تفسیر کا قاعدہ ہے کہ وہ افعال کہ جن کے اوائل ہدایات اور اواخر غایات ہوں اور ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف باعتبار ہدایت کے غیر ممکن ہوں تو اسناد کے وقت ان کے غایات کا ارادہ کیا جاتا ہے۔ جیسے غضب وحیا اور تکبر واستہزا وغیرہ۔ اسی طرح غم وفرحت اور ضحک وبشاشت وغیرہ اور ضلال بمعنی سیدھی راہ سے عمداً یا خطا ہٹ جانا۔

مسئلہ: الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ (جن پر غضب کیا گیا) سے بے فرمان اور الضَّالِّينَ سے اللہ تعالیٰ کی ذات سے جاہل لوگ مراد ہیں۔ کیونکہ منعم علیہم وہ لوگ ہیں جو جامع بین العلم والعمل ہیں۔ اب ان کی نقیض وہ لوگ ہوں گے جو ان دو قوتوں عاقلہ وعاملہ میں کسی ایک میں سے ناقص ہوں پس عمل سے ناقص مغضوب علیہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ قاتل بالعمد کے متعلق فرماتا ہے۔ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ تو حق کے بعد گمراہی کے سوا کچھ نہیں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ سے یہودی مراد ہوں جیسا کہ اللہ تعالیٰ ان کے حق میں فرماتا ہے: مَنْ لَّعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ (جس پر اللہ نے لعنت وغضب فرمایا) اور الضَّالِّينَ سے نصاریٰ مراد ہوں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا ہے: قَدْ ضَلُّوا مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا اس سے پہلے وہ گمراہ ہوئے اور گمراہ کیا۔

ف: غضب سے یہود کی طرف اور ضلال سے نصاریٰ کی طرف منسوب ہونے سے تخصیص مراد نہیں کیونکہ غضب کی نسبت قرآن پاک میں نصاریٰ کی طرف بھی ہوتی ہے اور اسی طرح ضلال کی نسبت یہود کی طرف بھی، بلکہ مراد یہ ہے کہ جب یہ دونوں متقابل ہوں اور جبکہ غضب بمعنیٰ ارادہ انتقام ہو تو اس معنیٰ یہود زیادہ لائق ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ یہ لوگ کفر کرنے میں بڑے سرکش ہیں۔ مثلاً حد سے تجاوز کرنا اور انبیاء علیہم السلام کو شہید کرنا اور ان کا یہ قول: اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ بیشک اللہ فقیر ہے اور ہم غنی۔

سوال :۔ اگر اعتراض پیدا ہو کہ جب منعم علیہم ان دونوں فرقوں کے غیروں کو کہتے ہیں کہ تو پھر منعم علیہم کے بعد صرف ان کے ذکر سے کیا فائدہ۔

جواب :۔ اس میں فائدہ یہ ہے کہ منعم علیہم ایمان کے وصف کو کمال رجاء (جس کو اللہ تعالیٰ نے اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ سے تعبیر فرمایا ہے) سے بیان کرنے کے بعد ان دونوں فرقوں سے منعم علیہم کے ایمان کے وصف کو کمال خوف سے ذکر کرنا مطلوب ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر مؤمن کے خوف و رجاء کو تولا جائے تو دونوں برابر ہوں گے۔

ف: غضب الٰہی کا حکم مرتبہ قبضہ بائیں ہاتھ کی تکمیل ہے اگرچہ اس کے دونوں مقدس ہاتھ مبارک ہیں لیکن ہر ایک کا حکم ایک دوسرے کے خلاف ہے تمام زمین اس کی ایک مٹھی ہے اور تمام آسمان اس کے سیدھے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہیں۔ اسی لیے اس کے ایک ہاتھ کے لئے عموم سعادت، رحمت اور نرمی اور دوسرے ہاتھ کے لئے قہر و غضب اور اس کے لوازمات کو منسوب کیا جاتا ہے۔

نکات :۱۔ غضب کے حکم میں راز وہی تکمیل ہے جس کی طرف دونوں ہاتھوں کے مابین جمع کرنے کا اشارہ کیا گیا ہے

۲۔ غضب کرنے میں اپنے بندے کی حفاظت کرنا مقصود ہے جیسے آکلہ کا مریض جبکہ اس کے کسی عضو کے کاٹنے میں عجلت کریں گے اس لیے کہ اس میں اچھا ہونے کی صلاحیت نہیں رہی۔

۳۔ غضب کرنے سے اپنے بندے کو پاک کرنا ہے، جیسے سونا کہ جس میں قلعی اور تانبہ کی ملاوٹ ہو تو اس سونے کو قلعی و تانبہ کی ملاوٹ سے پاک کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اس سونے کو جلتی آگ میں ڈالا جائے۔

تفسیر صوفیانہ

ضلال حیرت کو کہتے ہیں، یہ دو قسم ہے۔ ۱۔ مذموم۔ ۲۔ محمود۔

حیرت محمودہ کے تین مراتب ہیں:

۱۔ مبتدیوں کی حیرت۔ ۲۔ اہل کشف و حجاب کے متوسطین کی حیرت۔ ۳۔ اکابر محققین کی حیرت۔

پہلی یعنی مبتدیوں کی حیرت پانچ چیزوں سے دفع ہوتی ہے:

marfat.com
Marfat.com

i۔ موصل راجح کو متعین کرنا، مثلاً اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے قرب وشہود ذاتی کی طلب۔

ii۔ موصل الی المطلوب کی راہ کی پہچان، مثلاً شریعتِ کاملہ پر ثابت قدم رہنا۔

iii۔ وہ سبب جو مقصود حاصل کرادے، مثلاً مرشد کریم کا دامن پکڑنا۔

iv۔ اپنے مقصود کی تحصیل پر مدد دینے والی چیزوں کا التزام رکھنا، جیسے ذکر وفکر وغیرہ۔

v۔ مقصود سے روکنے والی چیزوں کی معرفت پھر اس کو دفع کرنے کی تجاویز کی پہچان، جب یہ پانچ چیزیں حاصل ہوجائیں گی تو حیرت خود بخود ہٹ جائے گی۔ اور اکابر کی حیرت سب کی سب محمود ہے اس میں گمان بھی نہ لانا کہ ان کی حیرت کا سبب قصور فی الا دراک ہے اور کمال جلا واستجلاء سے نقص مانع ہے بلکہ یہ ایک ایسی حیرت ہے کہ جس کا حکم بعد کمال تحقیق بالمعروف والشہود اور ہر راز کے وجود کے معائنہ اور احدیت کے وجود پر اطلاع تام کے ہوگا

ف: تفسیر نجمیہ میں ہے کہ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ سے وہ لوگ مراد ہیں جن کو وہ نور مسطورہ بالا نہ مل سکا تو خواہش نفسانی کے جنگل میں گم ہوکر طبع وتقلید کی ظلمتوں میں جا پڑے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر یہود کی طرح غضب فرمایا اور طرد وتبعید کے ساتھ ملعون بھی ٹھہرایا۔ یہاں تک کہ شرع قویم کی طرف ہدایت نہ پاسکے اور صراطِ مستقیم سے بھی ہٹ گئے یعنی مرتبہء انسانیت (جسے فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ سے تعبیر کیا گیا ہے کہ جس میں انسان کو پیدا کیا گیا ہے) سے دور ہوکر بندر وخنزیر سے مسخ ہوگئے صورتاً بھی اور معناً بھی۔ یا جس وقت راہِ راست سے بھٹک کر سدِّ بشریت میں پڑے تو الطافِ ربوبیت کو بھلا دیا۔ اور راہِ توحید سے چُوکے تو شیطان نے ان کے شرک کرانے پر تسلط پالیا جیسے نصاریٰ نے اپنی خواہشات اور دنیا کو معبود سمجھا اور اللہ تعالیٰ کے لئے کہتے تھے ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ انہوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلایا تو اللہ تعالیٰ نے بھی بے توجہی فرمائی۔ یہ تقریر بموافق حال اوّل کے ہے۔ اس میں ایک وجہ اور بھی ہے اور اس وجہ میں عارض المآل معتبر ہے وہ وجہ یہ ہے کہ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ ---الخ سے وہ لوگ مراد ہیں کہ جس کو حضور کی غیبت اور سرور کے بعد محنت اور نُور کے بعد ظلمت نصیب ہوئی (نعوذ باللہ من الحور بعد الکور)

تفسیر عالمانہ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ یعنی ان لوگوں کی راہ نہ دکھا جنہوں نے فسق وفجور کے غلبہ سے سرور کو سرور کی تبدیلی کی وجہ سے گمراہ ہوئے اس میں تیسری وجہ اور بھی ہے وہ یہ ہے کہ (صراط

Marfat.com

مستقیم کو) ملک الملوک کی طرف راہ چلنا مراد ہو (اب معنیٰ یوں ہوا کہ یا اللہ! ان لوگوں کی راہ پر نہ چلا کہ منازل کو طے کرنے سے رُک کر قافلوں سے منقطع ہوئے تو تو نے ان پر غضب کیا اور نہ ان گمراہوں کی راہ پر چلا جو مقصود سے دُور ہوئے)

آمِّيْنَ آمِّيْنَ اسم فعل بمعنیٰ استجب ہے یا بمعنیٰ افعل یا رب ہے۔

قانون:۔ یہ لفظ اَیْنَ اور کَیْفَ کی طرح التقائے ساکنین کی وجہ سے مبنی علی الفتح ہے۔

مسئلہ : سنت یہ ہے کہ اسے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد ایک دفعہ پڑھا جائے جیسا کہ ذیل کی حدیث بتاتی ہے

۱۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے جبریل علیہ السلام نے آمین سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد سکھائی اور عرض کیا کہ فاتحہ کے لئے آمِّيْنَ ایسی ہے جیسے کتاب کی مُہر۔

ف: سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، اس حدیث کی توضیح فرماتے ہیں کہ آمِّيْنَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ کی مُہر ہے جس سے اپنے بندہ کی دعا پر مہر لگاتا ہے۔

نکتہ:۔ جس طرح مہر لگے ہوئے لفافہ کے بعد مکتوب الیہ بغیر کسی کو مطلع ہونے اور تصرف کرنے کی اجازت نہیں ہوتی اسی طرح آمین بندہ کی دعا کو نقصان سے محفوظ کرتی ہے۔

۲۔ حضرت وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آمین کے ہر حرف سے ایک ایک فرشتہ پیدا کیا جاتا ہے اور وہ فرشتے آمین کہنے والے کے لئے بخشش کی دعا طلب کرتے رہتے ہیں۔

مسئلہ :۔ حدیث شریف میں ہے کہ دعا مانگنے والا اور آمِّيْنَ کہنے والا دونوں دعا میں شریک ہیں۔ اسی لیے حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام سے فرمایا: قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا حالانکہ فقط موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی اور ہارون علیہ السلام نے آمین کہی مگر باری تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف منسوب فرمایا۔

۳۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب امام وَلَا الضَّآلِّيْنَ کہے تو آمِّيْنَ کہو کیونکہ وَلَا الضَّآلِّيْنَ کے بعد فرشتے بھی آمین کہتے ہیں پس جس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے موافق ہوگا تو اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے اس حدیث کا نکتہ حضرت وہب کے قول میں مذکور ہو چکا ہے۔

شرح:۔ ملائکہ کی موافقت میں علماء کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں زمانہ کی موافقت، بعض کہتے ہیں اخلاص اور توجہ احدی

marfat.com
Marfat.com

یعنی انسان کے نگران فرشتے ہیں، بعض کہتے ہیں ان کے غیر ہیں اس کی تائید حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس قول سے بھی ہوتی ہے "فان وافق قوله قول اهل السماء الخ "تو جس کا قول اہل آسمان کے قول کے موافق ہوا

ف: ان دونوں اقوال کا توافق یوں ہوسکتا ہے کہ دونوں مراد ہوں حفظ بھی اور اہل سماء بھی۔

تفسیر صوفیانہ

مولانا فناری رحمۃ اللہ علیہ الباری فاتحہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ فاتحہ اس شخص کے لئے نسخہ ءکمال ہے جو ظلمتِ عدم سے نکل کر تکمیل تک پہنچا اور استہلاک نور قدم سے خارج ہوکر انوار روحانیت کی طرف چلا۔ پھر نفخ کے واسطہ سے عالمِ جسمانیہ کی طرف پہنچ جائے تا کہ اس مرتبہ انسانیت کی تکمیل ہوجائے کہ جس کی جمعیت میں انانیت کا گمان ہے۔ بدیں وجہ جس راہ سے آیا ہے اس کی طرف ہدایت کی طلب کی محتاجی درپیش ہوئی تا کہ وجود سے عدم کی طرف حدوث سے قدم کی طرف واپسی ہو۔ پس سالک موجود کو ایسا مقصود سمجھے کہ گویا اس کا حاصل ہونا پھر ناممکن ہے (اسی خیال سے) اسے گم شدہ مقصود ایسا حاصل ہوجائے گا کہ پھر اس کے مٹ جانے کا احتمال بھی باقی نہ رہے۔

ف: جب بندوں کو اس سوال کے قبول ہونے کے بعد مرتبہ کمال ہوا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا الا لعبدی ماسأل میں وعدہ تھا پھر اپنی طرف العبدی میں لا تملیک کے ساتھ مضاف کیا پھر اکرم الا کرمین نے اس دعا کو آمین کی مُہر سے ختم فرمایا:

ف: یہ اس طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے ایسے مخلص ہیں کہ عام دنیا میں کسی کو طاقت نہیں کہ ان پر تصرف کر کے اللہ تعالیٰ کی لگائی ہوئی مہر کو توڑ سکے۔ اسی لیے تو شیطان خبیث (مخلص بندوں سے) ناامید ہوکر إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ کہہ چکا ہے۔

مسئلہ: جمہور کے نزدیک بالاجماع فاتحہ کی سات آیتیں ہیں۔ اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ بسم اللہ شریف آیت مستقل نہیں اور آخری آیت غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ہے اور بعض اس کے برعکس بسم اللہ شریف کو مستقل سمجھتے ہیں اور غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ سے آیت نہیں سمجھتے بلکہ صِرَاطَ الَّذِينَ سے سمجھتے ہیں۔

ف: تفسیر تیسیر میں ہے کہ اس کے کل کلمات پچیس (۲۵) اور کل حروف ایک سو تیئیس (۱۲۳) ہیں اور عین

Marfat.com

معانی میں اس کے کل کلمات ستائیس (۲۷) اور کل حروف ایک سو بیالیس (۱۴۲) بیان فرمائے ہیں۔

فضائل فاتحہ:۔ (۱) جب اس سورہ کو حضرت جبریل علیہ السلام حضور علیہ السلام کی خدمت میں لائے تو ان کے ساتھ اس وقت سات ہزار فرشتے تھے۔

(۲) مروی ہے کہ شام سے ایک قافلہ ابوجہل کے لئے بہت سامال لیکر آیا یہ قافلہ سات گروہ پر مشتمل تھا رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ اس قافلہ کو دیکھ رہے تھے اس وقت اکثر صحابہ غریب تھے اس منظر کو دیکھ کر صحابہ کی وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے احساس فرمایا جس پر اللہ تعالیٰ نے اس سورہ کو نازل کیا اور فرمایا اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ یعنی ابوجہل کے ہر قافلہ کے عوض آپ کو فاتحہ عطا فرمائی پس باوجود آپ کے اس بڑی عطیہ کے ابوجہل آپ کے عطیہ کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا تو آپ بھی اس کی دنیائے کمینہ کو نظر انداز فرمایئے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آرزو جو کہ صرف صحابہ کے لئے تھی نہ کہ اپنے لیے تو ارشاد فرمایا اے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! غم نہ کھایئے اس سورت کی برکت اور نفع مال کے نفع سے بہت زاید ہے پس آپ اپنے صحابہ کے لئے اپنے بازو بچھا دیجئے کیونکہ آپ کا تواضع کرنا ان کے لیے ان کی آرزو پوری ہوجانے سے بہت مرغوب ہے۔

(۳) رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر یہ سورت تورات میں ہوتی تو موسیٰ علیہ السلام کو قوم یہودیت کی طرف میل نہ کرتی اور گر انجیل میں ہوتی تو عیسیٰ علیہ السلام کی قوم نصرانی نہ ہوتی اور گر زبور میں ہوتی تو داؤد علیہ السلام کی قوم کو مسخ نہ ہوتا۔ پس جس نے اسے پڑھا اللہ تعالیٰ اسے اتنا دے گا کہ گویا اس نے سارا قرآن پاک پڑھا ہے اور گویا اس نے تمام مؤمنین مرد و عورت پر صدقہ (خیرات) کیا ہے۔

(۴) اس کے حروف معجمہ بائیس (۲۲) ہیں اور حضور علیہ السلام کے بعد آغاز وحی بھی بائیس سال تھے۔

(۵) اس میں سات حروف نہیں، ثا ثبور کی، جیم جحیم کی، خا خوف کی، زا زقوم کی، شین شقاوت کی، ظا ظلمت کی، فا فزاق کی، پس جو شخص اس سورۃ کو صحیح اعتقاد اور پوری تعظیم سے پڑھے گا تو وہ ان اشیاء مذکورہ سے پُر امن رہے گا

(۶) حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب بھیجنے کا پختہ ارادہ فرمالیتا ہے مگر جب اس قوم کے بچے مدرسہ میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھتے ہیں

Marfat.com

تو اس قوم سے چالیس سال تک عذاب اٹھالیتا ہے۔

(۷) پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جمیع علوم کتب سماویہ میں ہیں اور ان کے علوم قرآن پاک میں ہیں اور قرآن شریف کے علوم سورہ فاتحہ میں ہیں۔ پس گویا جو شخص اس سورت سے واقف ہو اور جس نے اسے پڑھا اس نے تمام علوم کو پڑھا۔

ف: تفسیر کبیر میں ہے کہ اس کا سبب یہ ہے کہ مقصود تمام کتب سے علوم اصول فروع، مکاشفات کا حاصل کرنا ہے اور یہ سورت تمام علوم کو شامل ہے جیسا کہ معلوم ہو چکا۔

خلاصہ سورہ فاتحہ: ۔ مولانا فناری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معلوم ہو چکا ہے کہ فاتحہ کے اوّل سے **یَوْمِ الدِّیْنِ** تک ان عقاید کا بیان ہے جو الٰہیات کے ساتھ ذاتاً وصفۃً وفعلاً متعلق ہیں کیونکہ حمد کا حصر کمالات ذاتیہ وصفاتیہ وافعالیہ کو مقتضی ہے بعد ازاں نبوت وولایت کا بیان ہے کیونکہ یہ سب سے بڑی اور مخصوص نعمتیں ہیں۔ پھر عقاید اخرویہ کا ذکر ہے کیونکہ وہ باری تعالیٰ آخرت کے جمیع امور کا مالک ہے۔ پھر ان دونوں کے مابین **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** واقع ہے یعنی عبادات کے وہ احکام جو عابد معبود کے مابین رابطہ پیدا کرتے ہیں یہ عبادات یا تو معاملات ہیں یا وعیدات۔ کیونکہ استعانت یا تو حصول نفع کے لئے ہوتی ہے یا نقصان کو دفع کرنے کے لئے۔ پھر اس کے آخری حصہ میں مؤمن کو وجوہِ ہدایت کی طلب کا طریقہ ترتیب مذکورہ پر سکھایا گیا ہے۔ مثلاً قسمِ اول میں ایمان کی طرف اور قسم دوم میں اسلام کی طرف اشارہ فرمایا گیا یہی احسان کے وجوہ ہیں۔ یعنی مراتب ثلاثہ جو کہ اخلاق روحانیت محمودہ ہیں۔ پھر ان مراتب معہودہ کا بیان ہے جس کو سیدِ دو جہاں علیہ السلام نے اپنے ارشادِ گرامی "ان تعبد ربک کانک تراہ" میں ارشاد فرمایا گیا ہے۔ پھر ان کمالاتِ مشہودہ کا ذکر ہے جو مطالع جلال کے استغراق کے وقت حاصل ہوتے ہیں۔ یعنی وہ استغراق جو کاف تشبیہ (جو کہ ان تعبد ربک کانک تراہ میں مذکورہ ہے) کو ہٹانے والا اور تنزیہ جبر کے غضب اور نسبت قدر کی گمراہی کا دافع ہے اسی کو علومِ مکاشفات سے موسوم کرتے ہیں۔

(واللہ اعلم باسرار کلیۃ المنطبقات)

marfat.ocm
Marfat.com

۲ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ۸۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں

بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

اور نماز قائم رکھیں اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری راہ میں اٹھائیں اور وہ کہ ایمان لائیں اس پر

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ

جو اے محبوب تمہاری طرف اترا اور جو تم سے پہلے اترا اور آخرت پر یقین رکھیں وہی لوگ

عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں بے شک وہ جن کی قسمت میں کفر ہے

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى

انہیں برابر ہے چاہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان لانے کے نہیں اللہ نے ان کے دلوں

قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

پر اور کانوں پر مہر کردی اور ان کی آنکھوں پر گھٹا ٹوپ ہے اور ان کے لئے بڑا

عَظِيْمٌ ﴿۷﴾ ع

عذاب

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ سورہ بقرہ مدینہ ہے اس کی ۲۸۶ آیتیں ہیں۔اہل تفاسیر فرماتے ہیں کہ سب سے لمبی سورت بقرہ اور سب سے چھوٹی سورہ کوثر ہے اور سب سے لمبی آیت آیہ مداینۃ یعنی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ (آل عمران ۲۸۲) اور سب سے چھوٹی آیت وَالضُّحٰى اور وَالْفَجْرِ ہے اور سب سے لمبا کلمہ فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ہے۔

سوال :۔سورہ بقرہ سب سورتوں سے لمبی کیوں ہے،اس میں کیا حکمت ہے؟

جواب :۔ وہ یہ ہے کہ اس میں احکام کو تفصیل وار اور مثالیں دے کر اور دلائل قائم کر کے ذکر فرمایا ہے اور دوسری سورتوں میں یہ طرز نہیں ہے۔اسی لئے اس کا نام فسطاط القرآن بھی ہے۔

ف:۔ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ احکام القرآن میں فرماتے ہیں کہ میں نے بعض بزرگوں سے سنا ہے کہا اس میں ایک ہزار امر اور ایک ہزار نہی اور ایک ہزار حکمتیں اور ایک ہزار خبریں ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اس کی عظمِ فقاہت سے اسے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حفظ کرنے میں آٹھ سال صرف فرمائے (کذافی اسئلۃ الحکم)

حکایت:۔امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں کہہ بیٹھا کہ اس سورہ کریمہ کے فوائد و نفاس سے دس ہزار مسائل اخذ کیے جاسکتے ہیں اس بات کو بعض حاسدین اہل بغی (سرکشوں) نے بہت بعید سمجھا۔جب میں نے قرآن کی تفسیر (کبیر) کی تصنیف کا ارادہ کیا تو پہلے اس کا مقصد لکھا تا کہ یہ مقدمہ تنبیہ کی طرح ہو جائے اس بات پر کہ جو کچھ ہم نے کہا ہے وہ امر ممکن الحصول اور قریب الوصول ہے۔

سوال :۔سورتوں کو لمبا،درمیانہ،چھوٹا کیوں مقرر کیا گیا؟

جواب :۔ تا کہ تنبیہ ہو کہ معجزہ کے لئے سورہ کا لمبا ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ سورہ کوثر جس میں صرف تین آیتیں ہیں ایسے ہی معجزہ ہے جیسے سورہ بقرہ۔

ف:۔ سورتوں کو مقرر کرنے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ تعلیم میں آسانی اور اطفال کو تدریجاً بڑی سورت پڑھانے میں سہولت ہو جائے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جو بندوں پر فرمایا اور اس میں ترغیب بھی ہے اور توسیع فضلیت بھی۔نماز میں بھی اور دیگر اعمال میں بھی۔مثلاً سورہ اخلاص کو ایک بار پڑھنے سے قرآن پاک کی تہائی کے برابر ثواب ملتا ہے جس نے یہ راز سمجھا وہ سورتوں کے مقرر کرنے کے بھید سے آشنا ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

سوال :۔ اس میں کیا حکمت ہے کہ نزولِ قرآن کے متعدد مقامات میں مختلف مشاہد ہیں مثلاً کوئی آیت مکیہ ہے اور کوئی مدینہ، کوئی لیلیہ ہے کوئی نہاریہ، کوئی سفریہ ہے کوئی حضریہ، کوئی شتائیہ ہے کوئی صیفیہ اور کوئی نومیہ کوئی برزخیہ ہے۔ یعنی لیل ونہار کے مابین نازل ہونے والی اور کوئی ارضیہ ہے کوئی سماویہ اور کوئی غاریہ ہے یعنی وہ جو غار میں نازل ہوئی۔ یعنی زمین کے تحت اور برزخیہ وہ جو کہ مکہ شریف ومدینہ طیبہ کے مابین نازل ہوئی اور کوئی عرشیہ معراجیہ ہے یعنی معراجیہ وہ جو معراج میں سورہ بقرہ کی آخری آیات نازل ہوئیں۔

جواب :۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحیِ الٰہی کا نزول جن مقامات یا اوقات میں ہوا اس سے ان کو شرافت وبزرگی نصیب ہوئی جیسا کہ شبِ معراج کے نکات میں سے ایک نکتہ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ حضور سرورِ انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان مقامات پر تشریف لے جانا محض ان مقامات کی عزت افزائی کے لئے تھا گویا کہ کون ومکان وجنات کا ہر ہر مقام لسانِ حال سے پکار رہا تھا کہ الٰہی! اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک قدموں کے قدوم سے ہمیں سرفراز فرماتا کہ اعیان وکبار کی آنکھیں تیرے محبوب سیّد السادات ومفخر الموجودات کی نعلین مبارک کی غبار کو سُرمہ بنالیں تیرا محبوب وہ ہے کہ اگر وہ نہ ہوتا تو نہ کون کو وجود کی خوبو نصیب ہوتی اور نہ حضرتِ کون سے لمعہء شہود ظاہر ہوتا۔

حدیث شریف :۔ جیسا کہ حدیث قدسی میں فرمایا گیا:

لولاک لما خلقت الا فلاک یعنی اے محبوب! آپ نہ ہوتے تو میں افلاک کو پیدا نہ کرتا

(صلی اللہ علیٰ حبیبہ باعث الکونین ووراث الثقلین جدّ الحسن والحسین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین)

الٓمّٓ سوال : سورہ بقرہ کو الٓمّٓ (کلام متشابہ) اور سورہ فاتحہ کو حرف ظاہر (محکم) سے ابتدا فرمانے میں کیا حکمت ہے؟

جواب :۔ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اتقان میں فرمایا ہے کہ سورہ بقرہ کو الٓمّٓ سے شروع فرمانے کی نسبت یہ اِخیال یہ ہے کہ سورہ فاتحہ کو حرفِ ظاہر سے شروع کیا گیا تا کہ ہر خاص وعام کو اس کے سمجھنے میں کسی قسم کی دقت نہ ہو تو پھر سورہ بقرہ میں حرفِ متشابہ لایا گیا تا کہ اس کا مرتبہ عقلاء وحکماء کو معلوم ہوتا کہ وہ اس کے مقابلہ سے عاجز ہو کر کلامِ الٰہی میں ان حروف سے عبرت پکڑ کر اس کی آیات میں تدبّر کریں۔

(کذا فی خواتم الحکم وحل الرموز وکشف الکنوز باللہ للشیخ المعروف بہ علی دده)

marfat.ocm
Marfat.com

ف:۔ مفسرین نے حروفِ مقطعات کے بارے میں بہت کلام کیا اور ان کی مراد میں بہت بڑی لمبی چوڑی بحث کی ہے۔ بعض فرماتے ہیں کہ یہ علوم مستورہ واسرار محجوبہ ہیں۔ یعنی ان متشابہات سے ہیں کہ جن کا علم اللہ تعالیٰ نے پوشیدہ رکھا ہے۔ یہ قرآن کا مخفی راز ہے۔ ہمارے لیے ان کے ظاہر پر ایمان لانا ضروری اور اُن کا علم اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا لازمی ہے۔ اِن کے ذکر کرنے میں ایک فائدہ یہ ہے کہ ان کے ساتھ بھی ایمان ہونا چاہیے یا یوں کہو کہ الف اللہ کا ہے، لام لطیف کا اور میم مجید کا۔ گویا اللہ تعالیٰ لطیف ومجید ہوں اور الٓرٰ کا معنی کَھٰیٰعٓصٓ ہے اور قٓ بمعنیٰ انا اللہ الکریم الھادی الحکیم الصادق ہے۔[1] اسی طرح نٓ میں اس طرف اشارہ ہے کہ میں اللہ قادر وقاہر ہوں اور اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا میں اشارہ ہے کہ میں اللہ وناصر ہوں۔ خلاصہ یہ کہ یہ حروفِ مقطعات سب سے سب اللہ تعالیٰ کے کسی اسم سے لیے گئے ہیں اور کلمہ کے بعض حروف کو لیکر باقی کو حذف کرنا کلامِ عرب میں شائع ہے۔ کما قال الشاعر:

قلت لها قفی فقالت قٓ

یعنی میں نے اسے کہا ٹھہر جا تو اس نے کہا قٓ وقفت یعنی میں ٹھہر گئی ہوں۔

اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ حروف بعض سورتوں کے اوّل میں ذکر کیے گئے ہیں تا کہ یہ حروف دلالت کریں کہ قرآن پاک ان حروف ا ب ت ث سے مرکب ہے پھر ان کے بعض علیحدہ ہو کر آئے اور بعض مرکب ہو کر، تا کہ قرآن کے مقابل کو تنبیہ ہو اور یہ آگاہ کرنا بھی مقصود ہے کہ قرآن شریف ان حروف سے مرکب ہے جن سے تم لوگ اپنے کلام مرکب کرتے ہو اگر یہ بشر کی طاقت سے باہر نہ ہوتا اور خالق کائنات کی طرف سے نازل کردہ نہ ہوتا تو وہ لوگ اس جیسا قرآن لانے پر قادر ہوتے یہ وہ تقریر ہے جس پر اہل تحقیق کامیاب ہوئے لیکن اس پر ایک اعتراض پڑتا ہے وہ یہ کہ اس تقریر کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے معنی واسرار نہیں ہیں حالانکہ سرورِ انبیاء علیہ التحیۃ والثناء کو اولین وآخرین کے علوم دیئے گئے ہیں۔

قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ اور باقی حروف مقطعات ان مواضع مخفی اسرار سے ہیں کہ جن کے الفاظ سے مابین محبوب ومحب کے پردہ دیا گیا ہے کہ ان کے سوا ان کا علم کسی اور کو نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا علم اپنے پیارے حبیب صلی

[1]:۔ میں اللہ کریم ہادی حکیم اور سچا ہوں۔

marfat.ocm
Marfat.com

۱۔قیام: کما قال اللہ تعالیٰ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ (فرمانبردار ہوکر اللہ کے لئے قیام کرو)

۲۔رکوع:۔ کماقال اللہ تعالی وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ (رکوع والوں کے ساتھ رکوع کرو)

۳۔سجود:۔ کما قال اللہ تعالیٰ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (سجدہ کرو اور قریب ہو جاؤ)

پس الف سے (جو الم میں ہے) قیام کی طرف اشارہ ہے اور لام سے رکوع کی طرف اور میم میں سجدہ کی طرف یعنی جس نے سورۃ فاتحہ (جو کہ نماز میں اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونا ہے جو کہ مومنین کی معراج ہے) پڑھی تو اللہ تعالیٰ اسے وہ راہ ہدایت عنائت فرمائے گا جو بندہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ میں طلب کر رہا ہے۔

مسئلہ :۔ تلاوت کا اجر جیسے محکم سے حاصل ہوتا ہے ایسے ہی متشابہ سے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس نے کتاب اللہ سے ایک حرف پڑھا اسے ایک نیکی ملے گی جو کہ دس نیکیوں کے برابر ہے اور میں یہ نہیں کہتا کہ الٓمّٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف اور میم ایک حرف پس الٓمّٓ پڑھنے سے تین نیکیاں (جو کہ تیس کے برابر ہوں گی) عطا ہوں گی۔

تفسیر عالمانہ

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ یہ اشارہ جو ذٰلِكَ سے فرمایا گیا ہے اشارہ بعید ہے حالانکہ یہ کتاب بعید نہیں تو یہ اس لئے ہے کہ یہ کتاب (قرآن) چونکہ موعود تھی اور اس کا کتب سابقہ میں وعدہ کیا گیا تھا۔ اس لیے اس لحاظ سے اسے بعید قرار دے کر فرمایا گیا (کہ وہ کتاب، جس کا وعدہ کتب سابقہ میں کیا گیا تھا)

حدیث شریف: خدا تعالیٰ نے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل فرمائی تو وہ ایک ہزار سورۃ پر اور ہر سورت ایک ہزار آیت پر مشتمل تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: الٰہی! اس کتاب کو کون پڑھ سکے گا اور کون اسے زبانی یاد کر سکے گا؟ خدا تعالیٰ نے جواب دیا: اے موسیٰ! میں اسے سے بھی زیادہ ضخیم کتاب نازل فرماؤں گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: کس پر؟ فرمایا؟ خاتم النبیین پر۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: الٰہی! ان کی امت اسے کیسے پڑھ سکے گی جب ان کی عمریں بہت تھوڑی ہوں گی۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا: میں ان پر وہ کتاب ایسی آسان کر دوں گا کہ ان کے چھوٹے بچے بھی اسے پڑھ سکیں گے۔ موسیٰ علیہ

marfat.ocm
Marfat.com

السلام نے عرض کی: الٰہی! اور تو یہ کیسے فرمائے گا؟ فرمایا: میں نے زمین پر ایک سو تین کتابیں نازل فرمائی ہیں پچاس شیث علیہ السلام پر، تیس ادریس پر، بیس ابراہیم پر، تورات تجھ پر، زبور داؤد پر، انجیل عیسیٰ پر اور ساری کائنات کا ان میں میں ذکر کیا اور ان ساری کتابوں کے جملہ معانی کو میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی کتاب میں ذکر کروں گا اور ان سب حقائق کو میں قرآن کی ایک سو چودہ سورتوں میں جمع کردوں گا اور ان سورتوں کو میں تیس پاروں میں اور ان سب کے مطالب کو سورۃ فاتحہ کی سات آیتوں میں اور پھر ان کے معانی کو سات حرفوں میں اور وہ سات حرف بسم اللہ کے ہیں پھر ان سب حقائق کو الٓمٓ کے الف میں جمع کردوں گا پھر سورۃ بقر شروع فرماؤں گا۔ پس جب توراۃ میں اللہ نے اس کا وعدہ فرمایا اور پھر حضور علیہ السلام پر نازل فرمایا تو یہودیوں نے اس بات سے انکار کیا کہ یہ وہی کتاب موعود نہیں ہے تو اللہ نے فرمایا:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ یعنی یہ وہی کتاب ہے جس کا وعدہ فرمایا گیا تھا۔ (کذافی تفسیر التسیر تحت آیت ھذا)

اس کے علاوہ اعراب کے دیگر وجوہ بھی ہیں جو دیگر تفاسیر میں ہیں۔

لَا رَيْبَ فِيْهِ لفظ ریب لا کا اسم ہے اور فیہ اس کی خبر ہے اور ریب دراصل ریبنی الشئی سے مشتق ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ متکلم کو کسی بات کا شک ہو اور نفس کے قلق واضطراب کو بھی ریب کہتے ہیں اور شک کو بھی ریب اسی لیے کہتے ہیں نفس کو اضطراب میں ڈال کر اس سے اطمینان زائل کردیتا ہے۔

حدیث شریف: اسی لیے حدیث شریف میں فرمایا گیا:۔

دع ما یریبک الی ما لا یریبک (جو تجھے شک میں ڈالے چھوڑ اس کی طرف متوجہ ہو جو تجھے شک میں نہ ڈالے)

اور ہے بھی اسی طرح کہ شک میں اضطراب ہے اور صدق میں اطمینان اسی لغت کی مناسبت سے حوادثات (جس میں خوف ہو) ریب سے تعبیر کرتے ہیں اور ریب شک سے اخص ہے۔ پس ہر ریب کو شک کہا جاسکتا ہے اور ہر شک کو ریب نہیں کہا جاسکتا اور شک اس تردد بین النقیضین کو کہتے ہیں جس میں شک کرنے والا (ایک) نقیض کو دوسری نقیض پر ترجیح نہ دے سکے۔

سوال: ظرف کو یعنی فیہ کو ریب پر کیوں مقدم نہیں کیا گیا؟

جواب: تاکہ یہ گمان نہ ہو کہ دیگر کتب میں تو شک ہے مگر اس میں نہیں۔ کیونکہ قانون ہے کہ ظرف کی تقدیم

marfat.ocm
Marfat.com

سے حصر مقصود ہوتی ہے۔

سوال :۔ کفار کو اس میں شک تھا، چنانچہ وہ اس کے کتاب اللہ ہونے کے منکر تھے اور مبتدعین اہل قبلہ کو متشابہات کے معانی میں شک تھا۔ چنانچہ وہ اس کے ظاہری معنوں کی وجہ سے گمراہ ہو گئے اور علماء کرام کو متشابہات کے وجوہ میں شک ہے۔ چنانچہ وہ کسی یقینی معنی پر نہیں جم سکے اور عوام کو خود متشابہات میں شک ہے کیونکہ وہ ان معانی سے بے خبر ہیں پھر آیت میں لاریب فرما کر نفی شک کا کیا معنی؟

جواب : یہ نفی کتاب سے ہے نہ کہ لوگوں سے یعنی یہ وہ کتاب ہے جس میں شک کا گزر بھی نہیں ہوا اور نہ اس میں عیب کی گنجائش ہے۔

ف: اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں خبر بمعنی نہی ہو یعنی لاریب بمعنی فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ جیسا کہ اس آیت میں (نفی بمعنی نہی ہے) بمعنی **لا تفسقوا ولا تجادلو** (**کذافی الوسیط والعیون**)

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ، هُدًى بمعنی رشد و بیان، لِلمتقین یعنی یہ قرآن پاک ان لوگوں کے لئے ہدایت ہے جسے ہدایت کی طرف میلان ہے اور اس کی طرف رجوع رکھتے ہیں۔

اسی طرح حدیث میں **قتل قتیلا فلہ سلبہ** کی تقریر ہوگی اور تفسیر الارشاد میں ہے کہ متقین وہ لوگ ہیں جو حالاً و مآلاً تقوی سے موصوف ہیں۔

سوال : ہدایت میں صرف متقین کو کیوں مخصوص کیا گیا؟

جواب :۔ وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ اس سے نور حاصل کرنے والے اور اس کے آثار سے نفع پانے والے ہیں اگرچہ اس کی ہدایت ہر ناظر مومن و کافر کو شامل ہے چنانچہ دوسری جگہ فرمایا:

هُدًى لِّلنَّاسِ یعنی یہ قرآن تمام لوگوں کے لیے ہدایت یعنی بیان ہے اور راہ دکھانے کی بنا پر (خصوصی طور) متقین کے لیے ہدایت ہے۔

تیسیر میں فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی شئے سے نفع حاصل کرنے والا ہو تو اسے کہا جا سکتا ہے کہ یہ صرف تیرے لیے ہے یعنی تو اس سے نفع حاصل کرنے والا ہے نہ کوئی اور۔ پس وہ لوگ جو اس کتاب سے ہدایت یاب نہ ہو سکے تو کتاب اللہ کے ہادی ہونے کے منافی نہیں، جیسے سورج سورج ہی ہے اگرچہ نابینا اس کی روشنی سے بے

marfat.ocm
Marfat.com

بہرہ ہے اور شہد شہد ہی ہے اگر چہ صفراوی مزاج اس کے ذائقہ سے محروم ہے اور مشک مشک ہی ہے اگر چہ مزکوم کی ناک اس کی خوشبو سے بے نصیب ہے بہت بڑی خرابی ہے اس بد بخت کے لیے کہ اس کے سامنے بحر ذخار بھی موجود ہے مگر وہ ابھی پیاسا ہے اور ماہ بدر اپنی پوری روشنی میں چمک رہا ہے مگر وہ ابھی اندھیرے میں ہے اور پاک کرنے والا بھی حاضر ہے مگر وہ تا ہنوز خباثت سے پاک نہیں ہوسکا۔ باغات پر رونق بھی سامنے ہیں مگر وہ ابھی سوکھا ہے بلکہ بڑی حسرت تو اس بدنصیب کے لئے ہے جو فسق وفجور سے پاک نہیں ہوسکا حالانکہ قرآن جیسا آمر وناہی اور رغبت ورہبت کے فرق بتانے والا (کہ جس کے وعدے متواتر اور اس کی وعیدیں متظاہر ہیں) اس کے گھر کا مہمان ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ

المتقی، افتعال کے باب کا اسم فاعل وقایۃ سے مشتق ہے (وقایۃ بمعنی بہت زیادہ بچاؤ) مفسر بغوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اتقاء" سے ماخوذ ہے اور اتقاء دراصل حاجز بین الشیئین کا نام ہے۔ اسی محاورے کو لے کر اہل عرب بولتے ہیں۔

اتقی بترسہ یعنی فلاں شخص نے اپنی ڈھال کو اپنے (اور جس کا وہ ارادہ کر رہا ہے) کے مابین حاجز بنا دیا۔

حدیث شریف:۔ میں ہے: کنا اذا احمر الناس اتقنا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی جب جنگ اپنی شوخی میں آجاتی تو ہم خدا کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دشمنوں کے مابین حاجز ہو جاتے ہیں۔ پس گویا متقی اللہ کی فرمانبرداری اور اس کے نواہی سے اجتناب کو اپنے اور عذاب الٰہی کے مابین حاجز بناتا ہے۔ عرف شرع میں تقوی ہر اس چیز سے پوری طرح بچاؤ کو کہتے ہیں جو آخرت میں نقصان پہنچائے اس کے تین درجے ہیں۔

۱۔ کفر سے بری ہو کر ہمیشہ والے عذاب سے بچنا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى اور ان تقوی کا کلمہ لازم کر دیا۔

۲۔ جو علم یا ترک عمل گناہ میں ڈالیا گر چہ صغائر ہوں (عند البعض) سے کنارہ کشی کرنا۔ یہی تعریف شرع میں متعارف ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول سے اس معنی کی مراد لی گئی ہے۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا اگر بستی والے ایمان لائیں اور خدا سے ڈریں۔

marfat.com
Marfat.com

۳۔اس چیز سے بچنا جو اللہ تعالیٰ کے راز سے باز رکھے اور اس سے باطل کو جدا کر دے۔ درحقیقت یہ وہی تقوی ہے جس کا حکم قرآن پاک کی اس آیت میں دیا گیا ہے۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ اے ایمان والو اللہ سے خوب ڈرو۔

ف : تقوی کے انتہائی مراتب وہ ہیں جہاں انبیاء کرام علیہم السلام پہنچے جنہوں نے ریاست نبوت وولایت دونوں کو حاصل فرمایا اور ان کو عالم اشباح کی کسی چیز نے عالم ارواح کو پرواز سے نہ روکا اور نہ مصالح خلق کے خلط وملط نے (انہیں) شئون حق کے استغراق سے رکاوٹ کی کیونکہ ان حضرات کے نفوس زکیہ (جو قوت قدسیہ سے تائید دئے گئے ہیں) کمال استعداد رکھتے ہیں۔

مسئلہ : کتاب مبین کی ہدایت ان تمام مذکورہ صاحبان مراتب کو شامل ہے (مثلاً) عوام کو ہدایت اسلام اور خواص کو ہدایت ایقان واحسان اور خاص الخاص کو ہدایت کشف حجاب ومشاہدہ اعیان نصیب ہوتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ متقین وہ لوگ ہیں جنہوں نے میثاق کے بعد اللہ تعالیٰ کے عہد کی وفا کی اس تقریر کی تائید قرآن کی اس آیت وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ یعنی اے میرے بندے! جب تم نے روز میثاق میں اپنے قول بلی سے میری ربوبیت کا اقرار کیا تھا تو اب تمہیں چاہیے کہ جس کا عہد کر چکے ہو اسے ایفاء کرو اور وہ وعدہ یہ تھا کہ تم خالص میرے عبد ہو جاؤ پھر میں بھی جو تمہارے ساتھ وعدہ کر چکا ہوں اسے پورا کروں گا اور وہ وعدہ یہ تھا کہ میں تمہیں اپنی طرف پہنچاؤں اور سیدھی راہ پر چلاؤں گا۔

حکایات: ☆.....رسالہ قشیریہ میں ہے کہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ جیسا متقی ہونا چاہیے ان کے متعلق مشہور ہے کہ ان کے پاس گھی کے چالیس بڑے گھڑے تھے ان میں سے ان کے غلام نے چوہا نکالا۔ انہوں نے پوچھا: کس گھڑے سے نکالا؟ غلام نے کہا: یاد نہیں رہا۔ آپ نے یہ سنتے ہی ان تمام گھڑوں کو پانی کی طرح زمین پر بہا دیا

☆.....حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے مقروض کے درخت کے سایہ کے نیچے نہ بیٹھتے تھے آپ سے وجہ پوچھی جاتی تو آپ فرماتے حدیث شریف میں ہے: جس قرض سے نفع اٹھایا جائے وہ سود ہے۔

☆.....حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک جنگل میں اپنا کپڑا دھویا تو آپ کے ساتھی نے عرض کی

marfat.ocm
Marfat.com

کہ سامنے والے باغ کی دیوار میں میخ گاڑ کر کپڑے کو خشک کرلو۔ آپ نے جواب دیا کہ غیر کی دیوار میں میخ گاڑنا درست نہیں ہے۔ پھر اس نے عرض کی: کسی درخت کی ٹہنی پر لٹکا دیجئے آپ نے فرمایا: میرے کپڑے کے بوجھ درخت کی ٹہنیاں ٹوٹ پڑیں گی اور یہ بھی ٹھیک نہیں۔ پھر اس نے عرض کی کہ اس کو زمین پر ڈال دو۔ آپ نے فرمایا: میرے کپڑے کی وجہ سے جانوروں کی گھاس چھپ جائے گی اور یہ بھی نامناسب ہے۔ بالآخر آپ نے اپنی پیٹھ پر کپڑے کو ڈال دیا جس سے ایک جانب کو خشک کیا اسی طرح پھر جانب ثانی کو۔

تفسیر عالمانہ

اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ یہ جملہ متقین کی صفت مقیدہ ہے۔ اگر تقوی کی تفسیر ترک مایبغی سے کی جائے تو اس جملہ کا متقین کے بعد آنا ایسے ہوگا جیسے خالی از زیورات کو زیورات سے آراستہ کیا جائے اور صیقل شدہ لوہے پر تصویر بنائی جائے اور یہ صفت موضحہ بھی ہوسکتی ہے اگر تقوی کی تفسیر ایسی عام ہو جو فعل طاعت وترک معصیت پر مشتمل ہو کیونکہ یہ تفسیر اصل اعمال واساس حسنات یعنی ایمان، نماز، صدقہ کو شامل ہے اور یہ تینوں چیزیں اصل واساس ہیں اس لیے کہ یہ تمام اعمال نفسانیہ اور عبادات بدنیہ ومالیہ کی جڑ ہیں اور تمام گناہوں سے بچنا انہی سے ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ "بے شک نماز فحش اور برائی سے روکتی ہے"

اور حضور علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "نماز دین کا ستون اور زکوۃ اسلام کا پل ہے"

ف: ایمان تصدیق بالقلب کو کہتے ہیں اور ایمان بمعنی امن دینا۔ چونکہ تصدیق کنندہ ومصدق (جس کی تصدیق کی جائے) کو امن دیتا ہے۔ یعنی اپنی تکذیب سے اسے امن والا بنا دیتا ہے یا اس لیے کہ تصدیق کنندہ اسی فعل سے اپنے آپ کو عذاب الٰہی سے بچا لیتا ہے (اسی لیے ایمان کو ایمان کہتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ کو مومن اس لیے کہتے ہیں کہ وہ اپنے فضل سے اپنے بندوں کو عذاب سے امان دینے والا ہے۔

ف: کواشی میں فرماتے ہیں کہ شریعت میں ایمان تصدیق بالجنان واقرار" باللسان وعمل بالارکان کو کہتے ہیں اور اسلام خضوع وانقیاد کا نام ہے۔ پس ہر اسلام ایمان نہیں۔ جب کہ کسی شخص میں تصدیق نہ ہو۔ مثلاً شخص ظاہر میں تو مسلمان ہے مگر باطن میں غیر مصدق۔

مسئلہ : ف :. ابوسعود رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ایمان شریعت میں نہیں متحقق ہوسکتا جب

marfat.ocm
Marfat.com

تک کہ ضروریات دین (جن کے متعلق معلوم ہو چکا ہو کہ یہ ہمارے سچے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی ضروریات سے ہیں) جیسے توحید ورسالت اور قیامت کے بعد اٹھنا اور اس کی جزا وغیرہ کی تصدیق نہ کی جائے۔

ف : پھر اس میں اختلاف ہے کہ کیا اتنا کافی ہے یا اس میں اقرار کا ہونا بھی ضروری ہے۔ پہلا مسلک شیخ ابوالحسن اشعری اور ان کے تابعین کا ہے اور دوسرا مذہب (سیدنا) امام ابوحنیفہ اور ان کے متبعین رحمہم اللہ تعالیٰ کا ہے اور یہی حق ہے۔ کیونکہ امام صاحب نے ان دونوں کو ایمان کے دو اجزا قرار دیا ہے۔ صرف فرق اتنا ہے کہ اقرار ایسا رکن کہ عذر کے وقت ساقط ہو جانے کا احتمال رکھتا ہے جیسا کہ اکراہ کے وقت ساقط ہو جاتا ہے۔

ف: جمہور محدثین اور معتزلہ وخوارج کا خیال ہے کہ ایمان تین چیزوں کا نام ہے۔

تصدیق بالجنان (دل سے) **اقرار" باللسان** (زبان سے) **عمل بالارکان** (اعضاء سے)

پس جس کے اعتقاد میں خلل ہے وہ منافق ہے اور جس کے اقرار میں نقص ہے وہ کافر ہے اور جس کے عمل میں کمی ہے وہ ہمارے نزدیک بالاتفاق فاسق ہے مگر خوارج کے نزدیک کافر ہے اور معتزلہ کے نزدیک خارج از ایمان ہے مگر درجہ تک تا ہنوز نہیں پہنچا۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ غیب مصدر ہے مگر توسعاً بمعنی غائب ہے۔ جیسے اہل عرب زائر کو "زَوْر" کہتے ہیں اور عرف میں غیب وہ ہے جو حس اور عقل سے ایسا پوشیدہ ہو کہ ان دونوں کے ادراک میں ابتداء بطریق البداہۃ نہ آسکے۔

یہ دو قسم ہے: پہلا وہ کہ جس پر کوئی دلیل نہ ہو۔ وعندہ مفاتح الغیب میں یہی غیب مراد ہے۔

دوسرا وہ کہ جس پر دلیل قائم کی جاسکے۔ جیسے صانع اور اس کے صفات اور نبوات اور اس کے متعلقات جیسے احکام وشرائع اور یوم آخرت جیسے بعث ونشور حساب وجزا اور آیت میں بھی یہی غیب مراد ہے۔

قانون :۔ لفظ با (بالغیب میں) مفعول کے قائم مقام ہے اگر غائب کو اپنے حال پر چھوڑ کر بمعنی غیبۃ (مصدر) کیا جائے تو باء کا متعلق محذوف ہو کر فاعل سے حال واقع ہوگا۔ گویا اصل عبارت یوں ہے۔

یومنون بالغیب متلبسین بالغیبة ایمان لاتے ہیں غیب کے ساتھ الحالیکہ وہ غیب سے متلبس ہیں۔

یا یوں ہے: **یومنون غائبین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر مشاهدین لما فیه من شواهد النبوة**

اسی معنی پر روایت ذیل ولایت کرتی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

روایت مع حکایت :۔ حضرت حارث بن نضیر (تابعی) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ (صحابی) سے عرض کی: اے اصحاب محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم! ہم آپ کو اس لیے افضل سمجھتے ہیں کہ تم حضور نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی زیارت وصحبت سے باریاب ہو چکے ہو۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم بھی تمہیں اعلیٰ قدر تصور کرتے ہیں کہ تم نے بغیر زیارت ایمان قبول کیا۔ کیونکہ افضل ایمان وہ ہے جو بغیر دیکھے ہو پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ نے (استشہاداً) یہ آیت اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ تلاوت فرمائی۔ (کذافی تفسیر ابی اللیث) یا یہ عبارت یوں ہے:

یؤمنون بالغیب ای غائبین عن المومنین یومنون بالغیب کا معنی ہے اہل ایمان سے وہ غائب ہیں۔ نہ منافقین کی طرح کہ وہ جب مومنین کو ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم مومن ہیں اور جب اپنے رؤسا کے پاس جاتے ہیں تو کہتے ہم تمہارے ہین۔

ف : بعض کہتے ہیں کہ غیب سے مراد قلب ہے۔ کیونکہ قلب پوشیدہ یعنی غائب ہے اب معنی یہ ہوئے کہ لوگ دل سے ایمان لاتے ہیں نہ یہ کہ زبان سے تو دعوی ایمان مگر قلوب اس کے خلاف۔ پس اس معنی پر بالغیب میں باصرف آلہ کے لئے ہوگی۔

حدیث جبرئیل: حضرت عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل پاک میں ہم بیٹھے تھے کہ ایک مرد تشریف لایا جو سفید پوشاک پہنے ہوئے تھا اور نہایت سیاہ بالوں والا تھا۔ اگرچہ دور کا معلوم ہوتا تھا مگر اس پر سفر کے آثار ناپید تھے ہم میں سے کوئی بھی اس کا واقف نہیں تھا تشریف لاتے ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نہایت قریب بیٹھ گیا یہاں تک کہ اس کے گھٹنے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں کو مس کر رہے تھے۔ عرض کی۔

حضور! اسلام کیا شئے ہے؟ آپ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک اور مجھے اس کا رسول برحق ماننا اور نماز قائم کرنا اور زکوۃ ادا کرنا اور روزہ رمضان رکھنا اور بیت اللہ کا حج کرنا اگر وسعت ہو تو۔

لہ ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم غائب ہو کر ایمان لاتے ہیں یعنی آپ کے شواہد نبوت کا مشاہدہ نہیں کرتے۔

marfat.ocm
Marfat.com

جواب سن کر: صدقت یارسول اللہ[1] صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس کے سوال اور پھر اس کی تصدیق پر بڑا تعجب ہوا۔ پھر عرض کی: حضور ایمان کسے کہتے ہیں؟

آپ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر اور موت کے بعد اٹھنے اور جنت و نار پر اور اس کی بری اور بھلی تقدیر پر ایمان لانا۔

جواب سن کر کہا: صدقت (آپ نے سچ فرمایا)

پھر عرض کی: حضور! احسان کے متعلق بھی تشریح فرما دیجئے۔

آپ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کی عبادت ایسے کرو گویا اسے دیکھ رہے ہو۔ اگر ایسا نہیں ہو سکتا تو کم از کم اتنا ضرور خیال ہو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

عرض کی: صدقت

پھر عرض کی: حضور! قیامت کب آ گئے گی؟

آپ نے فرمایا کہ جس سے سوال ہو رہا ہے وہ سائل سے (اس معاملہ میں) زیادہ عالم نہیں۔

پھر عرض کی: حضور! اس کے علامات تو بیان فرما دیجئے۔

آپ نے فرمایا: قرب قیامت میں لونڈی اپنے سردار کو جنے گی اور ننگے جسم اور ننگے پاؤں والے اور چرواہے تنگدست اپنی اپنی بلڈنگوں پر نازاں ہوں گے۔ عرض کی: صدقت بعد ازاں وہ صاحب تشریف لے گئے۔ تھوڑی دیر بعد مجھ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! جانتے ہو یہ کون شخص تھا؟

میں نے عرض کی: اللہ ورسولہ اعلم

آپ نے فرمایا: یہ جبریل علیہ السلام تھے تمہارے ہاں تشریف لا کر تم کو دین کی باتیں سکھاتے ہیں اور میرے ہاں جس صورت میں تشریف لاتے ہیں میں انہیں پہچان لیتا ہوں اور اب بھی میں نے پہچان لیا تھا۔

---

[1] یارسول اللہ آپ نے سچ فرمایا۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: غیب[1] دو قسم ہے ایک وہ جو تجھ سے غائب ہے دوسرا وہ جسے تو غائب ہے۔ پس وہ غائب جو تجھ سے غائب ہے وہ عالم ارواح ہے کہ تو اس کے ہاں حاضر تھا جب کہ تو اس عالم میں روح کے ساتھ تھا اور اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ میں ایک ذرہ کی طرح تیرا وجود تھا اور اس وقت حق کے خطاب سن رہا تھا اور آثار ربوبیت کا مطالعہ فرما رہا تھا اور فرشتگان کا مشہود بھی ہوتا تھا اور ارواح انبیاء اور اولیاء وغیرہم سے بھی تعارف ہوتے رہے۔ جب تو عالم جسمانیت سے متعلق ہوا اور جب تو حواس خمسہ کے ساتھ یعنی محسوسات جو کہ عالم اجسام سے ہے کو دیکھنے لگا تو پھر وہ غیب تجھ سے غائب ہو گیا اور وہ دوسرا غیب کہ جس سے تو غائب ہے وہ غیب الغیب ہے یعنی بارگاہ لم یزل کا حضور کہ تو اپنے وجود کے اعتبار سے اس سے غائب ہے مگر وہ اپنے وجود کے اعتبار سے تجھ سے غائب نہیں وہ تیرے ساتھ ہے جہاں بھی تو ہے تو اس سے بعید ہے مگر وہ تیرے ہر وقت قریب ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ:

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

دوست نزدیک تر از من بمنست — دین عجب تر من از وے دورم

چہ کنم با کہ تواں گفت کہ او — در کنار من و من مہجورم

ترجمہ:۔ میرا دوست میری ذات سے بھی زیادہ قریب ہے اور یہ بات اس سے بھی زیادہ عجیب ہے کہ میں اس سے دور ہوں میں کیا کروں کس سے بات کہی جا سکتی ہے کہ وہ میری بغل میں ہے اور میں اس سے جدا ہوں

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ بمعنی الدعا ہے۔ جیسے آیت **وَصَلِّ عَلَيْهِمْ** میں صلوۃ بمعنی دعا ہے اور بمعنی ثنا بھی آیا ہے کہ میں **اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ** بمعنی ثنا ہے اور بمعنی قرأۃ بھی جیسا کہ **وَلَا تَجْهَرْ**

---

[1]۔ جو شئے ہمیں نظر نہ آئے وہ ہمارے لیے غیب ہے مثلاً فرشتے، یہ ہمیں نظر نہیں آتے یہ ہمارے لیے غیب ہیں۔ ایک ذات پاک ایسی بھی ہے جو ان فرشتوں کے لیے بھی غیب ہے اور وہ ذات پاک خداوند کریم جل شانہٗ کی ہے گویا خدا تعالیٰ غیب در غیب ہے اور ہمارے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج اس غیب در غیب کو بھی دیکھ لیا۔ پھر غور فرمایئے کہ جس مبارک آنکھ نے غیب در غیب کو بھی دیکھ لیا ہو اس پیاری آنکھ سے اور کون سی چیز غائب رہ سکتی ہے۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے فرمایا ؎ اور کیا غیب تم سے نہاں ہو بھلا — جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود (اویسی غفرلہٗ)

Marfat.com

بِصَلَاتِكَ میں صلوۃ بمعنی قرأۃ ہے اور بمعنی رحمت بھی جیسا کہ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ میں بمعنی رحمت ہے اور بمعنی مخصوصہ افعال واذکار جنہیں شرع پاک نے مقرر فرمایا ہے اور شرع میں بھی صلوۃ کو صلوۃ اس لیے کہتے ہیں (کہ اس میں معانی مذکورہ پائے جاتے ہیں) مثلاً اس کے قیام میں قرأت ہے اور تعوذ میں ثناء ودعا ہے اور اس کے عامل کو رحمت نصیب ہوتی ہے اور آیت ہذا میں لفظ صلوۃ اہم جنس ہے جس سے پانچوں نمازوں کا ارادہ کیا گیا ہے اور اقامت بمعنی مواظبت ہے۔ قَامَتِ السُّوق سے ماخوذ ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ بازار کی رونق گرم ہو جائے یا یہ معنی کہ اس کی ادائیگی میں ایسی جدوجہد کرتے ہیں کہ اس میں فتور وسستی کو راہ تک بھی نہیں ملتی جیسا کہ کہا جاتا ہے: قَامَ الْاَمْرُ اَقَامَهٗ یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کسی امر کو جدوجہد کے ساتھ کیا جائے اس کی نقیض قعد عن الامر وتقاعد ہے یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی امر میں سستی برتی جائے۔ یا اقامت بمعنی ادائیگی ہے جیسا کہ مؤذن کہتا ہے: قد قامت الصلوۃ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ لوگ نماز میں شروع ہو گئے اور ادائیگی کو اقامت سے اس لیے تعبیر کیا گیا ہے کہ اس میں قیام جیسا کہ اسے قنوت اور رکوع وسجود سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس کی بھی یہی وجہ ہے کہ اس میں یہ اشیاء پائی جاتی ہیں یا اقامت بمعنی تعدیل ارکان وحفاظت ہے یعنی اس کی ایسے حفاظت کرتے ہیں کہ اس کے فرائض وسنن میں کسی قسم کا نقص واقع نہیں ہوتا اس کی بھی یہی وجہ ہے کہ اس میں یہ اشیاء پائی جاتی ہیں یا اقامت بمعنی تعدیل ارکان وحفاظت ہے ۔یعنی اس کی ایسی حفاظت کرتے ہیں کہ اس کے فرائض وسنن میں کسی قسم کا نقص واقع نہیں ہوتا اس کی شہادت اہل عرب کے قول "اقام العود" سے ہوتی ہے کہ وہ اس قول کو اس وقت بولتے ہیں جب کہ لکڑی کو سیدھا اور پورے موقعہ پر کھڑا کیا جائے۔ یہی معنی زیادہ ظاہر ہیں کیونکہ زیادہ مشہور اور اقرب الی الحقیقت ہے اور مندرجہ تنبیہ پر متضمن ہونے کی وجہ سے زیادہ مفید ہے اور مدح کے لائق بھی وہی شخص ہے جو نماز کے حدود ظاہرہ از قسم فرائض وسنن اور حقوق باطنہ جیسے خشوع اور دل سے خدا کی طرف متوجہ ہوتے ہونے کی طرف رعایت کرتا ہے نہ وہ نمازی جو اپنی نمازوں میں غفلت کرتے ہیں۔

ف : حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب کسی کو دیکھو کہ نماز پڑھتے وقت رکوع وسجود میں عجلت کر رہا ہے تو اس کے عیال پر رحم کرو (یعنی ایسا کرنے سے معاش میں تنگی ہوتی ہے)

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: حاتم زاہد عاصم بن یوسف کی خدمت میں حاضر ہوئے تو عاصم نے کہا: اے حاتم! تو نے نماز کو کبھی اچھا کر کے ادا کیا ہے؟ اس نے کہا: ہاں۔ عاصم نے کہا: وہ کیسے؟ حاتم نے کہا: جب نماز کا وقت قریب ہوتا ہے تو کامل وضو کر کے نماز پڑھنے کے مقام پر پہنچ کر اطمینان سے نماز پڑھنا شروع کر دیتا ہوں۔ پس نماز کی ادائیگی میں یہ خیال کرتا ہوں کہ گویا کعبہ میرے سامنے ہے اور مقام ابراہیم سینہ کے بالمقابل ہے اور میرا مالک میرے دل کو ملاحظہ فرما رہا ہے اور میرا یہ قدم پل صراط پر ہے اور جنت میرے دائیں اور دوزخ میرے بائیں اور ملک الموت میرے پیچھے ہے اور یہی تصور ہوتا ہے کہ یہ میری آخری نماز ہے۔ پھر تکبیر کہتا ہوں احسان کی اور قرأت پڑھتا ہوں تفکر کی اور رکوع کرتا ہوں تواضع کا اور سجدہ کرتا ہوں خشوع کا پھر قعدہ کرتا ہوں خوف ورجا کے مابین، پھر صبر پر پابند ہوں۔ عاصم نے کہا: اے حاتم! تم ایسے نماز ادا کرتے ہو؟ حاتم نے کہا: ایسے نماز ادا کرتا ہوں، نہ صرف ایک بار بلکہ تیس سال کامل ہو گئے۔ عاصم رو پڑے اور کہنے لگے: ہائے افسوس! میں ایسی نماز کبھی ادا نہ کر سکا۔ (کذافی تنبیہ الغافلین)

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

کہ داند چو در بند حق نیستی　　اگر بے وضو در نماز ایستی

فضائل و مسائل نماز: اللہ تعالیٰ نے نماز میں چند چیزوں کا حکم فرمایا ہے۔

۱۔ اقامت کا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ نماز قائم کرو

۲۔ محافظت و مداومت کا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ

۳۔ پورے وقت میں ادا کرنے کا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا نماز اہل ایمان پر فرض ہے۔

۴۔ جماعت کے ساتھ ادا کرنے کا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ رکوع والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

۵۔ خشوع کے ساتھ ادا کرنے کا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ بہ بنائے ایں

marfat.ocm
Marfat.com

وجوہ لوگ بھی چند قسم ہوئے۔

۱۔سرے سے نماز کے منکرین۔ان سب کا سردار ابوجہل ہے اس کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔
فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی ان کا انجام بھی بیان فرمایا ہے: مَا سَلَكَكُمْ فِیْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ تا وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۲۔اس کی حقانیت کے قائل تو ہیں مگر ادا نہیں کرتے یہ اہل کتاب ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ خلف سے مراد اہل کتاب ہیں۔پھر فرمایا: اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ پھر ان کے انجام کے متعلق فرمایا: فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا عنقریب دوزخ میں داخل ہوگئے۔

ف: لفظ غی متعلق کہا گیا ہے کہ دوزخ کا ایک ایسا طبقہ ہے جو تمام طبقات سے زیادہ سخت ہے جس سے لوگ دن میں کئی بار فریادی ہوتے ہیں بعدازاں فرمایا: اِلَّا مَنْ تَابَ یعنی یہودیت ونصرانیت سے توبہ کرلے اور فرمایا: وَاٰمَنَ یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے وَعَمِلَ صَالِحًا یعنی نماز کا پابند ہوجائے تو پھر اس طبقہ سے بچ جائے گا ورنہ نہیں۔

۳۔بعض وہ ہیں کہ بعض نمازیں ادا کرتے ہیں اور بعض قاصر اور کامل ترین ہوتے ہیں۔یہ لوگ منافق ہیں ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰی اور ان کا انجام وَیْلٌ ہے اور وَیْلٌ جہنم میں ہے کہ اگر اس میں تمام دنیا کے پہاڑ ڈالے جائیں تو اس کی گرمی سے پگھل جائیں گے۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔جس نے نماز کو چھوڑے رکھا، یہاں تک کہ اس کا وقت چلا گیا تو اس کو جہنم میں ایک حقب تک رکھا جائے گا اور حقب اسی سال کا ہے اور سال تین سو ساٹھ دن کا اور اس کا ہر ایک دن تمہاری گنتی کے ہزار سال جیسا ہے۔

مسئلہ: نماز کو وقت سے بے وقت کر کے پڑھنا گناہ کبیرہ ہے اور کبیرہ گناہوں سے سب سے چھوٹے کے متعلق کہا گیا ہے، کہ گویا اس نے اپنی ماں کے ساتھ ستر بار زنا کیا۔ (کذافی روضۃ العلماء)

۴۔وہ حضرات ہیں جو اس کی فرضیت کے قائل ہیں اور پورے وقت میں شرائط کے مطابق ادا کرتے ہیں۔ان

marfat.ocm
Marfat.com

سب کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ بے شک تیرا رب جانتا ہے کہ تم رات کی دو تہائی حصہ قیام کرتے رہو گے اور فرماتا ہے: قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

وہ اہل ایمان کامیاب ہوئے جو نمازوں میں خشوع کرتے ہیں ان کے انجام کے متعلق بھی یہ مژدہ سنایا:

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ وہی جنت الفردوس کے وارث ہیں۔

ف: بہشت کا ایک بلند مقام اور پررونق مقام ہے۔ مومن وہاں پہنچ کر اپنی من بھاتی آرزو پائے گا اور اپنے مالک کے دیدار سے بھی سرشار ہوگا۔

لطیفہ: حکماء فرماتے ہیں کہ: ستارہ ہو جا، اگر تجھے طاقت نہیں تو چاند ہو جا، ورنہ سورج ہو جا۔

تشریح:۔ یعنی ساری رات عبادت میں مصروف رہ جیسا کہ ستارہ تمام رات چمکتا ہے یا چاند کی طرح ہو جیسا کہ وہ رات کے بعض حصہ میں روشن رہتا ہے تو بھی رات کے بعض حصہ میں عبادت گذار ہو ورنہ سورج کی طرح ہو یعنی رات کو اگر تجھے عبادت کا موقع میسر نہیں ہوتا تو دن کی عبادت کو غنیمت سمجھ (کذا فی زھرۃ الریاض)

نماز باجماعت کے مسائل: نماز باجماعت ادا کرنا فرض کفایہ ہے مگر عام علماء کے نزدیک فرض نہیں یہاں تک کہ تنہا نماز پڑھنے سے ان کے نزدیک نماز ہو جاتی ہے مگر جماعت کی فضیلت سے محرومی ہے۔

۲۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نماز باجماعت ادا کرنا سنت نہیں بلکہ فرض ہے اگر کسی نے جماعت کے بغیر نماز پڑھی تو اس کی نماز نہ ہوئی۔

۳۔ لیکن ہمارے (احناف) کے نزدیک اگر چہ نماز باجماعت فرض نہیں مگر مسلمان پر ضروری ہے کہ اس کی محافظت و مداومت ضرور کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ اے میری قوم اللہ کے داعی کا کہا مانو!

دَاعِيَ اللّٰهِ سے مراد بعض کے نزدیک وہ موذنین ہیں جو پانچوں اوقات نماز کے لئے بلاتے ہیں۔

مسئلہ: شرابی، قاتل ناحق، چغل خور، والدین کے بے فرمان، کاہن، ساحر، گمراہ گوان سب سے تارک

marfat.ocm
Marfat.com

جماعت برا ہے۔توراۃ، انجیل، زبور، قرآن میں اسے ملعون کہا گیا ہے اور ملائکہ اسے ملعون کے نام سے پکارتے ہیں یہ جب بیمار ہوتو اس کی طبع پرسی نہ کرو اور جب مرجائے تو اس کے جنازہ پر بھی نہ جاؤ۔

نماز باجماعت کے فضائل: حدیث شریف:۔حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تارک جماعت مجھ سے نہیں اور نہ میں اس سے ہوں اور اللہ تعالیٰ نہ اس کی فرضی عبادت قبول کرے گا نہ نفلی اگر اسی حالت میں اس پر موت آ گئی تو وہ جہنم کا مستحق ہوگا۔(کذافی روضۃالعلماء)

حدیث شریف: نصاب الاحتساب میں ہے۔حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مجھے خیال آتا ہے کہ کسی کو نماز پڑھانے کا حکم دے کر اس قوم کا معائنہ کروں جو جماعت میں حاضر نہیں ہوتی۔پس ان کی اس حالت (ترکِ جماعت) کو دیکھ کر ان کے گھروں کو جلادوں۔

مسئلہ :۔اس حدیث سے ثابت ہوا کہ جو سنت مؤکدہ کا تارک ہو اس کے گھر کو جلانا جائز ہے۔

تنبیہ :۔ تارک سنت کے لیے اتنا سخت حکم ہے اب تم خود سوچ لو کہ فرض وواجب کے ترک پر کتنی سزا ہوگی۔[1]

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ معصیت کے آلات کو جلانا جائز بلکہ ضروری ہے۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کلمہ شہادت کے لئے مبعوث فرمایا۔جب اس کی تصدیق ہوگئی تو نماز کا حکم دیا اس کی تصدیق کے بعد زکوۃ کا حکم دیا اس کے بعد روزہ رمضان کا حکم صادر فرمایا۔پھر حج کا ارشاد نازل فرمایا بعد ازاں جہاد کا اس پر دین متین تکمیل کی ہوگئی۔

ف: حضرت مقاتل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام مکہ معظمہ میں دو رکعت صبح کو اور دو رکعت شام کو پڑھتے تھے پھر جب آپ کو معراج ہوئی تو آپ کو پانچوں نمازوں کا حکم ہو۔(کذافی روضۃ الاخیار)

سوال : نماز شب معراج میں کیوں فرض ہوئی؟

جواب :۔چونکہ شب معراج افضل الاوقات اور اشرف الحالات اور اعز المناجات ہے اور نماز بھی بعد از ایمان

---

[1] نیز منقول ہے کہ بے نماز کو قرض بھی نہ دینا چاہئے اس لیے کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کا عائد کردہ "قرض" ادا نہیں کرتا تو وہ تمہارا قرض کب ادا کرے گا۔ اویسی غفرلہٗ

marfat.ocm
Marfat.com

افضل الطاعات اور ادائیگی کے لحاظ سے احسن الہیات ہے پس افضل عبادت کو اس افضل وقت (کہ جس میں بندہ کو اپنے رب کا وصال اور اس کا قرب حاصل ہوا) فرض کیا گیا۔

نکات :۔ ۱۔نماز کی فرضیت میں ایک حکمت یہ ہے کہ جب حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم آسمانوں پر تشریف لے جا کر ملک سموت کے ذرہ ذرہ کی سیر فرمائی اور اس کے مکینوں یعنی ملائکہ کی عبادات کا بھی معائنہ فرمایا تو ان کی کثرت عبادت پر آپ کو رشک ہوا۔آپ نے اللہ تعالیٰ سے امت کے لئے ملائکہ کی عبادت کا عرض کیا اللہ تعالیٰ نے بمطابق معروض تمام ملائکہ کی عبادت کا مجموعہ صلوۃ خمسہ میں جمع فرمادیا۔بایں طور کہ وہ فرشتے بعض قیام میں تھے اور بعض رکوع میں اور بعض سجدہ میں اور بعض تسبیح کہہ رہے تھے وغیرہ وغیرہ پس اللہ تعالیٰ نے ان تمام ملائکہ کی عبادات کے اجر وثواب صلوۃ خمسہ کی ادائیگی پر عطا فرمادیے۔

۲۔نماز دو یا تین، چار رکعت اس لیے فرض ہوئی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج بعض ملائکہ کو دیکھا بعض دو پروں والے تھے بعض تین والے بعض چار والے۔تو اللہ تعالیٰ نے ان کی ہیئات کو انوارِ صلوات میں متشکل فرمادیا۔بایں طور کہ جب اعمال کے ملائکہ ارواح عبادات کو آسمان کی طرف لے جاتے ہیں تو یہ عبادات نورانی شکلوں میں متمثل ہوتی ہیں چنانچہ اس کے متعلق احادیث میں وارد ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کے پروں کو تین مراتب میں منقسم فرمایا اور نمازی کو بھی انہی تین قسموں کے پر عطا ہوئے کہ وہ ان سے ملائکہ کے موافق ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف پرواز کرے تا کہ ملائکہ اس کے لیے استغفار کریں۔

۳۔نماز کو پانچ اوقات میں اس لیے فرض کیا گیا کہ جب حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج اللہ تعالیٰ سے امت کے لیے تخفیف کی عرض کی اور واپسی کا عزم فرمایا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یامحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) انھن خمس صلوت کل یوم ولیلۃ بکل صلوۃ عشر حسنات فتلک خمسون صلوۃ یعنی اے میرے حبیب (صلی اللہ علیہ وسلم) دن اور رات میں پانچ نمازیں ہیں اور ہر نماز دس کے برابر ہے اس لحاظ سے ان کی پچاس نمازیں ہوئیں۔

ف: ہم سے پہلی امتوں پر پچاس نمازیں فرض تھیں پس شب معراج امت پر تخفیف فرما کر پانچ مقرر کر دیں مگر اپنے فضل وکرم سے ثواب پچاس کا عنائت فرمائے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

۴۔سابقہ امتوں پر نماز متفرق طور پر فرض تھی۔پس اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے لیے تفریق کو جمع سے بدل دیا کیونکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دین و دنیا کے جمیع فضائل و کمالات کے جامع ہیں۔اسی آپ کی امت سابقہ امم کے اعتبار سے۔

ف:۱۔سب سے پہلے فجر کی نماز سیدنا آدم علیہ السلام نے پڑھی اور ظہر کی سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اور عصر کی یونس علیہ السلام نے اور مغرب کی عیسی علیہ السلام نے اور عشاء کی موسی علیہ السلام نے۔

تنبیہ :۔یہی راز ہے نماز کو پانچ اوقات میں ادا کرنے کا۔

۲۔بعض روایات میں ہے کہ ان پانچ نمازوں کو سب سے پہلے ادا کرنے والے سیدنا آدم علیہ السلام ہیں پھر بعد میں انبیاء علیہم السلام متفرق طور پر ادا فرماتے رہے۔

۳۔وتر سب سے پہلے ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں ادا فرمائے اسی لیے آپ نے فرمایا: میرے لیے میرے رب نے ایک اور نماز زائد فرمائی ہے۔یعنی پنجگانہ سے یارات کی نماز سے۔

۴۔سب سے پہلے (آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کے حکم میں) سجدہ کرنے والے جبریل علیہ السلام ہیں جس کی وجہ سے وہ تمام انبیاء علیہم السلام کے خادم و رفیق مقرر ہوئے۔

۵۔سب سے پہلے سبحان اللہ کہنے والے حضرت جبریل اور الحمدللہ کہنے والے حضرت آدم اور لا الہ الا اللہ کہنے والے حضرت ابراہیم اور لاحول قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنے والے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔یہ تمام مذکورہ بالا تقاریر کشف الکنوز و حل الرموز کی ہیں۔

ف:۶۔حکم شاذلیہ اور اس کی شرح میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں تھا کہ انسان سے کئی مذاہب ظاہر ہوں گے تو پھر (بہ بنائے مصلحت) اس کی طاعات کے انواع بھی کئی مقرر فرمائے۔تا کہ جب ایک نوع سے ملال کرے تو دوسرے نوع میں شروع ہو کر راحت حاصل کرے اور یہ بھی علم تھا کہ انسان میں وہ حرص ہے جو اسے مختلف ملتوں کی طرف کھینچ کر اسے مقصود اعلی تک پہنچنے سے روکے رکھے گا تو پھر اس پر چند واقعات کی پابندی لگا دی۔ مثلاً آٹھویں پہروں میں پانچ وقت کی نماز اور سال میں ایک ماہ کا روزہ اور دو سو درہم سے پانچ درہم زکوۃ اور عمر بھر میں صرف ایک دفعہ حج بیت اللہ پھر فرض کی تفاصیل کے لیے وہ وقت ہے جو دوسرے فرض کی صلاحیت

marfat.ocm
Marfat.com

نہیں رکھتا۔ یہ سب کچھ انسان کے لیے رحمت اور اس کے عبد بننے کی سہولت کے موجبات ہیں تا کہ اس سے ان کی ادائیگی کا خیال ہٹ نہ جائے اور اوقات میں وسعت کردی تا کہ بندہ کو اس میں ادائیگی کا خیال باقی ہو۔

حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

گر نباشد فعل خلق اندر میاں　　پس مگو را چرا کردی چناں

یک مثال اے دل پے فرقے بیار　　تا بدانی جبر را از اختیار

دست کاں لرزاں بود از ارتعاش　　وانکہ دستے را تو لرزانی ز جاش

ہر دو جنبش آفریدہ حق شناس　　لیک نتواں کرد ایں بآں قیاس

ترجمہ: ۱۔ اگر مخلوق کا درمیان میں دخل نہ ہو تو پھر تم آپس میں کیوں کہتے ہو کہ تم نے یہ کیوں کیا۔

۲۔ تمہیں صرف ایک مثال دیتا ہوں کہ تم جبر و اختیار کے درمیان فرق کر سکو۔

۳۔ دیکھئے ایک ہاتھ کانپتا ہے رعشہ کی بیماری سے، لیکن تم اپنا ہاتھ ہلاتے ہو اپنے اختیار سے۔

۴۔ اگر ان دونوں ہاتھوں کی حرکتوں کا خالق اللہ تعالیٰ ہے لیکن ایک مجبوراً کانپ رہا ہے دوسرا اختیار سے ہل رہا ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ نماز کی ابتداء اقامت سے ہے۔ پھر اس پر مداومت کا حکم ہے نماز کی اقامت کا یہ مطلب ہے کہ اس کو اپنے اوقات میں ادا کرنے اور اس کے رکوع وسجود کو پورا کرنے اور اس کی حدود پر ظاہراً و باطناً پابندی کرنے پر محافظت کی جائے اور نماز پر مداومت کا مطلب یہ ہے کہ اس نجات ربوبیت کے لئے جمع ہمت کے ساتھ مداومت کرنا اور وہ نجات نماز میں امانت رکھے گئے ہیں جیسا کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ نماز کی ظاہری صورت صورت تعرض ہے اور اس امر کی صورت جذبۃ الحق ہے جو کہ غیر کی عبودیت کے ارتکاب سے روکتا ہے اور نماز کی باطنی صورت حقیقی تعرض ہے پس نماز کی ہر ظاہری شرط اور رکن اور سنت وہیئت میں ایک راز ہے جو حقیقی تعرض کی طرف دلالت کرتا ہے۔

صوفیہ کا وضو۔ نماز کی شرائط میں سے ایک شرط وضو ہے۔ جس کے ہر مستحب وسنت وفرض میں راز ہے جو ایسی طہارت پر دلالت کرتا ہے جس سے اقامت صلوۃ کی استعداد پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً ہاتھ دھونے میں نفس کو

marfat.com
Marfat.com

گناہوں کے کیچڑ اور قلب کو صفات ذمیمہ، حیوانیہ اور سبعیہ، شیطانیہ کے کیچڑ سے صاف کرنے کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا ہے۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ یعنی اپنے ثیاب کو پاک کرو۔ تفاسیر میں ثیاب بمعنی قلب بھی آیا ہے اور منہ دھونے میں اس طرف اشارہ ہے کہ اپنے ارادہ کے منہ کو ظلمتِ حبِ دنیا کی گرد و غبار سے پاک رکھا جائے کیونکہ حبِ دنیا تمام گناہوں کی جڑ ہے۔

صوفیہ کی نماز:۔ نماز کی شرائط سے ایک شرط استقبال قبلہ بھی ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ قرب مناجات کے لیے طلب حق کے ماسوا سے اعراض اور حضرتِ ربوبیت کی طرف توجہ ہونی چاہئے اور رفع الیدین میں اس طرف اشارہ ہے کہ ارادوں کے ہاتھ دنیا و آخرت کی طلب سے دور ہوں اور تکبیر میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم مقصود ہو۔ کیونکہ وہ کریم مومن کے دل میں باعتبار طلب و محبت تعظیم کے سب سے بڑا ہے اور تکبیر کے ساتھ نیت کی۔ مقارنت میں اس طرف اشارہ ہے کہ طلب میں نیت ہو پس بندہ کو چاہیے کہ اس سے سوائے ا ، کی ذات کے کسی اور کی طلب نہ کرے۔ کیونکہ جس نے اس کے غیر کو طلب کیا تو گویا اس نے اسی کو اپنا بڑا اور م مطلوب سمجھا نہ کہ اللہ تعالیٰ کو۔ بنابریں اس کی حقیقۃً نماز جائز نہ ہوگی۔ جیسا کہ بظاہر اس کی نماز سوائے تکبیر تحریمہ کے جائز نہیں ہوتی۔ مثلاً اگر کوئی شخص (بجائے اللہ اکبر کے) **الدینا اکبر یاالعقبی اکبر** کہے تو اس کی نماز جائز نہیں جب تک کہ اللہ اکبر نہ کہے۔ اسی طرح حقیقۃً بھی (نماز صحیح نہ ہوگی) جب تک کہ نماز میں اس کی ذات کو مقصود نہ سمجھے اور سیدھے ہاتھ کو بائیں ہاتھ اور سینے پر رکھنے میں اشارہ ہے کہ بندے اپنے مالک کے سامنے یونہی پیش ہوتے ہیں اور (سینہ پر ہاتھ رکھنے سے) قلب کو ماسوا اللہ کی محبت سے محفوظ کرنا ہے اور انی وجھت وجھی للذی سے شروع کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ حق کی طرف توجہ اور غیر سے اعراض ہونا چاہئے اور اس میں فاتحہ کے وجوب اور قرأۃ کی فرضیت اور ان کے سوا نماز کے عدم جواز میں بندے کی حقیقت تعرض (جو کہ نفحات الطاف ربوبیت کی طلب میں ہوتا ہے) کی طرف اشارہ ہے۔ اس لحاظ سے کہ اس کو باری تعالیٰ کی حمد و ثناء و شکر اور طلب ہدایت سے طلب کیا جائے اور یہ ہدایت دراصل وہ جذبات الٰہیہ ہیں کہ جس کا ایک جذبہ ثقلین کے عمل کے برابر ہے اور بندے کا تقرب نصف نماز میں ہے جو کہ بندہ اور مالک لم یزل کے مابین نصف و نصف تقسیم کی گئی ہے اور قیام و رکوع و سجود میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ کا رجوع عالم ارواح اور مسکن غیب کی طرف ہے اس

marfat.com
Marfat.com

لیے کہ یہ (اس عالم ومسکن سے آیا ہے) پھر اس کا پہلے تعلق نباتیہ سے ہوا پھر حیوانات سے، پھر انسانیت سے پس قیام انسان کا خاصہ ہے اور رکوع حیوانیت کا اور سجود نباتات کا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ بندے کا ان ہر سہ مراتب سے نفع بھی ہے اور نقصان بھی اور روح علوی جو کہ نورانی ہے اس کا اس جسد سفلی (جو کہ ظلماتی ہے) سے متعلق کرنے میں بھی نفع مقصود ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے۔

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''میں نے مخلوق کو اس لیے پیدا فرمایا کہ وہ مجھ سے بہرہ یاب ہو (نہ اس لئے کہ میں اس سے فائدہ حاصل کروں) تا کہ روح سفلیات کے تمام مراتب سے فائدہ اٹھائے جو کہ وہ مراتب علویات سے نہ پا سکا۔ اگر چہ وہ پہلے خسارہ کی آزمائش میں مبتلا ہوا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یعنی بندہ نور ایمان وعمل صالح سے بلائے خسران (جو کہ مراتب سفلیہ سے ہے) نجات پا کر ان مراتب علویہ کے منافع سے باریاب ہوگا۔ مثلاً نماز کے قیام (جو کہ عاجزی وتواضع کے ساتھ ہو) سے تکبر وتجبر (جو کہ انسان کا فطرتی ہے) سے نجات پا کر کامل انسان ہو جائے گا اور اس کے بعد اس کی زبان انا ربکم الاعلی کہہ اٹھے گی (مگر باجود ایں ہمہ) علو ہمت کے منافع سے کامیاب ہوگا۔ جو کہ یہ انسانی تکمیل ہے جب اس تکمیل سے کامیاب ہو جاتا ہے تو مکون (یعنی خالق کائنات) کی طلب میں عالم کون کی طرف التفات بھی نہیں کرتا جیسا کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا (شب معراج) حال تھا۔ جس کو قرآن پاک یوں بیان فرماتا ہے۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ۝ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی نہ آنکھ ٹیڑھی ہوئی اور نہ دوڑے بے شک اپنے رب کی بہت بڑی نشانی دے گی۔ پس جب بندہ تکبر انسانی سے نجات پاتا ہے تو قیام انسانی سے رکوع حیوانی کی طرف رجوع کرتا ہے جو کہ خضوع وانکسار کا حامل ہے۔ پس رکوع کی بدولت صفۃ حیوانیہ کے خسارہ سے نجات پا کر تحمل اذی اور حلم کی سعادتوں سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ پھر رکوع حیوانی سے فارغ ہو کر سجود نباتی کا رخ کرتا ہے۔ پس سجود کی برکت سے ذلتِ نباتیہ ونأت سفلیہ کے خسران سے نجات پا کر اس خشوع کے منافع سے بہرہ یاب ہوا۔ جس میں فلاح ابدی ونور سرمدی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ خشوع عبودیت کے عروج کا کامل آلہ ہے اسی سے انسان کو جسد نوران سے تعلق نصیب ہوا اور اسا خشوع عالم میں کسی کو نہیں عنایت ہوا۔ وہی

Marfat.com

راز امانت ہے کہ جس کے تحمل سے ملائکہ وغیرہ نے انکار کردیا تھا جس کو آیت وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ میں ذکر کیا گیا ہے۔

کیونکہ اباءِ خشوع کی نقیض ہے اور انسان میں چونکہ استعداد خشوع موجود تھی اس کی بدولت امانت کا بوجھ اٹھالیا اور خشوع کی تکمیل سجدہ سے ہوتی ہے کیونکہ اسی سے صورتِ انسانی وہیئت نماز میں کمال درجہ کے عجز کا اظہار ہوتا ہے۔علاوہ ازیں اسی سے روح کا عالم سفلی سے قطع تعلق احسن طریق سے ہوتا ہے اور مراتب انسانیہ وحیوانیہ ونباتیہ سے اعراض وعالم روحانی علوی کی طرف اسی انانیت وجود کی بدولت ہوتا ہے اور نفحات الطافِ حق کے لئے تعرض اسی سے ہوتا ہے اور بذل المجهود جو کہ نمازی کے لیے شرط اول ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ اسی سے میسر ہوتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ رزق لغت میں بمعنی عطا ہے اور عرف میں اہل سنت کے نزدیک وہ شئے ہے جس سے حیوان نفع اٹھائے خواہ حلال ہو یا حرام اور یہاں قرینہ کی وجہ سے حلال شئے مراد ہے کیونکہ یہ مدح کا مقام ہے اور مفعول کی تقدیم میں دو فائدے ہیں: ۱۔اہتمام ۲۔رؤس آیات کی محافظت اور مِنْ تبعیضیہ داخل کر کے اسراف (جو کہ شرعاً ممنوع ہے) سے منع کیا گیا ہے۔

سوال : رزقنا جمع کا صیغہ ہے اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ناجائز ہے کیونکہ وہ تو وحدہٗ لاشریک ہے۔

جواب : جمع کے صیغے بادشاہوں کے لئے بولے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ مالک الملک ہے اور شاہوں کا شاہ ہے

ف: بادشاہوں کی اپنی گفتگو چار طریقوں سے ہوتی ہے۔

۱۔صیغہ واحد کے ساتھ، جیسے کوئی بادشاہ کہے: فَعَلْتُ كَذَا میں نے ایسے کیا۔

۲۔جمع کے ساتھ، جیسے فَعَلْنَا كَذَا ہم نے ایسے کیا۔

۳۔صیغہ مجہول کے ساتھ، جیسے رُسِمَ لَكُمْ تمہارے لیے کہا گیا۔

۴۔اپنے آپ کو غائب قرار کر کے فعل کی نسبت اپنے اسم کی طرف کر دینا۔جیسے خود کہے: اَمَرَ كُمْ سُلْطَانُكُمْ اور قرآن پاک چونکہ عرب کی لغت میں نازل ہوا، بنابریں اللہ تعالیٰ نے انہی چار طریقوں کو اپنے لیے استعمال فرمایا ہے۔چنانچہ اپنی ذات سے خبر دیتے ہوئے فرمایا۔ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا یعنی صیغہ واحد کے

marfat.ocm
Marfat.com

ساتھ مجھے اور اسے چھوڑ جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔اور فرمایا: اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ صیغہ جمع کے ساتھ۔ بے شک ہم نے اسے لیلۃ القدر میں اتارا۔اور فرمایا: كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ وغیرہ تم پر روزے فرض ہوئے اور طریقہ غیب بھی کئی بار فرمایا۔ کماقال: الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وغیرہ وغیرہ (کذافی تفسیر التیسیر) وہ جس نے تمہیں پیدا کیا۔

میرے شیخ قدس سرہٗ کی تقریر اس کے متعلق یوں ہے کہ واحد کا صیغہ باعتبار ذات کے ہے اور جمع کا باعتبار اسماء وصفات کے اور کثرت اسماوصفات وحدۃ ذات کے منافی نہیں کیونکہ مآل ہر ایک کا ایک ہی ہے۔انفاق وانفاد ایک ہی شئے ہے۔صرف فرق اتنا ہے کہ انفاد میں تمام مال خرچ کرنا مراد ہوتا ہے اور انفاق میں ایسا نہیں ہوتا اور یہاں انفاق سے نیک راہ میں خرچ کرنا مقصود ہے فرض ہو یا صدقہ یا نفل اور جس نے صرف زکوۃ مراد لی ہے تو اس نے خیرات کی بہترین نوع اور ان کے اصل کا ذکر کر کے باقیوں کو ترک کر دیا اور زکوۃ مراد لینا موزوں ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جمیع عطا کردہ معاون مراد ہیں خواہ ظاہری ہوں یا باطنی۔اس کی تائید اس حدیث شریف سے ہوتی ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جس علم سے کچھ ظاہر نہ کیا جائے اس خزانہ کی طرح ہے کہ جس سے کچھ خرچ نہ کیا جائے اور جن حضرات نے اس آیت کی تفسیر [1] ومما خصصنا هم به من انوار المعرفة یفیضون سے کی ہے وہ بھی تعمیم کے قائل ہیں۔مگر زیادہ مناسب یہ ہے کہ انفاق سے مراد زکوۃ ہے لیکن ہر شئے کی زکوۃ اس کی جنس سے ہوا کرتی ہے۔جیسا کہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ دار کی زکوۃ یہ ہے کہ اس میں ایک مہمان خانہ بھی تیار کیا جائے۔

(کذافی الرسالة القشیریه)

نمکین اقوال:۔ ☆.....اہل شرع کا انفاق اموال کی حیثیت سے ہوتا ہے لیکن جاہل اہل حقیقت کا جان سے مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

آں درم دادن سخی را لائق است　　جاں سپردن خود سخائے عاشق است

ترجمہ: عوام کی سخاوت پیسے خرچ کرنا اور عاشق کی سخاوت جان جانجاناں کو پیش کرنا ہے۔

---

[1] وہ جنہیں ہم نے انوار معرفت سے مخصوص کیا وہ فیض پہنچاتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

☆.....اغنیاء کا انفاق مال سے ہوتا ہے کہ مال کو ضرورت مندوں سے روک نہیں رکھتے اور عابدین کا انفاق نفوس سے ہوتا ہے کہ نفوس کو خدمات کے وظائف سے باز نہیں رکھتے اور عارفین کا انفاق قلوب سے ہوتا ہے کہ قلوب کو مراقبہ کے حقائق سے دور نہیں فرماتے اور عاشقین کا انفاق ارواح سے ہوتا ہے کہ ارواح کو جاری کردہ قضاء سے نہیں روکتے۔

☆.....اور یہ بھی کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اغنیاء کا انفاق جیب سے مال نکالنا اور فقراء کا انفاق قلوب سے اغیار کا نکالنا ہے۔

نکتہ: آیت میں اوّلاً ایمان کا ذکر ہے اسے قلوب سے تعلق ہے پھر نماز کا اسے بدن سے، پھر انفاق کا اسے مال سے، اور یہ تینوں عبادات کا مجموعہ ہیں چنانچہ ایمان میں نجات ہے اور صلوۃ میں مناجات اور زکوۃ میں درجات (یا یوں کہو کہ) ایمان میں بشارت ہے اور صلوۃ میں کفارہ اور زکوۃ میں طہارت (یا یوں کہو کہ) ایمان میں عزت ہے اور صلوۃ میں قربت اور زکوۃ میں زیادۃ۔

شان خلفائے راشدین: آیت ہذا میں چار چیزوں کا بیان ہے۔

۱۔تقوی ۲۔ایمان بالغیب ۳۔اقامت صلوۃ ۴۔ انفاق

اور یہی چار اوصاف خلفائے راشدین کے ہیں مثلاً آیت میں مومنین کی فضیلت تقوی سے بیان فرمائی اور یہ صفت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں فرمایا:۔

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ اور ایمان بالغیب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفت ہے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اور اقامت صلوۃ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفت ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّقَآىِٕمًا

انفاق حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفت ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ

ف: بعض قوم یعنی صوفیہ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک عطا کے لحاظ سے سخاوت پہلا رتبہ ہے۔اس کے

marfat.com
Marfat.com

بعد جود، اس کے بعد ایثار، مثلاً کوئی شخص اپنا کچھ مال اپنے لیے رکھ لے اور کچھ خیرات کردے اسے صاحب سخاوت کہیں گے اور کوئی ایسا شخص ہو کہ کچھ مال اپنے لیے رکھ کر باقی اکثر خرچ کردے اسے صاحب جود کہا جائے گا اور کوئی ایسا شخص ہو کہ خود تو اپنی ضرورت کے لیے تنگ ہو مگر جو کچھ اسے حاصل ہو وہ دوسروں کے لیے خرچ کردے اسے صاحب ایثار کہا جائے گا۔ انفاق کے بہت سے فضائل ہیں منجملہ ان کے ایک حکایت ملاحظہ فرمایئے۔

انفاق کے فضائل :۔ حکایت۔ ابوعبداللہ الحارث الرازی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی ایک نبی کی طرف وحی بھیجی کہ میں نے فلاں شخص کے لیے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ اس کی نصف عمر فقر میں بسر ہو اور نصف دولت مندی میں آپ نے اسے بلا کر پوچھا کہ وہ کس طرح چاہتا ہے اسے بلایا گیا اور سارا ماجرا سن کر عرض کی: مجھے اجازت ہو تا کہ میں اپنی زوجہ سے مشورہ کرلوں اس نے اپنی عورت کو حال سنایا تو اس نے کہا: پہلے دولت مندی کی تمنا ظاہر کرو۔ مرد نے کہا میرا خیال ہے کہ پہلے فقر ہونا چاہئے کیونکہ سکھ کے بعد دکھ مصیبت عظیم ہے اور دکھ کے بعد سکھ نعمت عظمیٰ اور موجب راحت ہے۔ عورت نے کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں مگر اس بار میرے کہنے پر عمل کرلو اس شخص نے بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر دولت مندی کی آرزو ظاہر کردی۔

نبی علیہ السلام کی دعا سے وعدہ پورا ہوا اور وہ شخص صاحب جائیداد ہو گیا۔ عورت نے کہا: اگر تو اس دولت کی پائیداری چاہتا ہے تو اسے خلق خدا پر خرچ کر۔ چنانچہ اس نے اس پر عمل کیا جب وہ کپڑا خریدتا تو دوسرا کسی مسکین کے لیے بھی خرید لیتا۔ جب نصف عمر ختم ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا کہ اگرچہ اب اس کی باری فقر کی آگئی مگر چونکہ اس نے میری نعمتوں کا حق ادا کیا فلہٰذا اسے مژدہ سنادو کہ اس کی باقی عمر بھی دولت مندی میں بسر ہوگی۔ مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ' فرماتے ہیں ۔

ہر کہ کارد گرانبارش تہی　　لیکش اندر مزرعہ باشد بہی

وانکہ درانبار ماند وصرفہ کرد　　اسپش وموش حوادثہا ش خورد

ترجمہ :۔ کھیتی بوتے وقت بندہ خالی ہاتھ ہو جاتا ہے لیکن اس کا ثمرہ کھیتی پیدا ہو جانے کے وقت ہوتا ہے اور اپنی گندم نہیں بوتا اسے گھر میں رکھ چھوڑتا ہے تو اسے جانور کھا جاتے ہیں یا چوہے، یا دیمک کا شکار ہو جائے گی۔

marfat.ocm
Marfat.com

حضرت حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

احوال گنج قاروں کا یام داد بر باد　　باغنچہ باز گوید تا زر نہاں ندارد

ترجمہ :۔ قاروں کے خزانے کے حالات سخاوت کے زمانے کی طرح برباد ہیں باغیچے سے کہو کہ وہ اپنا دفینہ پوشیدہ نہ رکھے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ کا معنی یہ ہے کہ وہ وجود کے اوصاف (جو کہ ہم نے عطا کئے ہیں) اس نماز (جو کہ بندہ اور اس کے مولی کے مابین منقسم ہے) کے حق نصف میں خرچ کرتے ہیں۔ جب کار دشوار ہونے لگتا ہے اور تعرض منتہا کو پہنچتا ہے تو عنایت ازلیہ نفحات الطاف کے ساتھ بندہ کو مدرک ہوتی ہے اور اسے درجات قرب کی ہدایت دی جاتی ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج کے خطابات سے جذبہ حق حاصل ہوا۔ ایسے ہی بندہ کو وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ کے خطابات سے جذبہ حق نصیب ہوتا ہے۔

صوفیہ کی تشہد وفراغت از صلوۃ :۔ سجدہ کے بعد تشہد پڑھنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ حجابات انانیت سے نجات پاکر جذبات ربانیہ کی بدولت شہود جمال حق میں پہنچ رہا ہے اور اس میں الفاظ (مخصوصہ) پڑھنے میں یہ طریقہ سکھایا جارہا ہے کہ بادشاہوں کی بارگاہ میں تحائف ثناء اور اظہار طلب دیدار کے ساتھ حاضری دینی چاہئے اور دائیں بائیں سلام پھیرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ دارین پر سلام ہو اور ہر اس داعی جاہل پر بھی جو بندہ کو دائیں جانب سے نعیم جنت کی طرف اور بائیں جانب سے لذات وشہوات کی طرف بلاتا ہے اور بندہ مقام اجابات ومناجات اور درجات قربات کا ہے اور وہ اس وقت بحر کرامات میں مستغرق ہوتا ہے بلکہ (یوں کہئے کہ) جذبات الٰہیہ کی قید میں مقید ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا

مسئلہ :۔ اس وقت اہل شرع تو نماز سے فارغ ہو جاتے ہیں مگر اہل حق دائمی صلوۃ میں ابھی داخل ہو رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ　　اور وہ نمازوں پر مداومت کرتے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: بعض لوگ ایسے ہیں جو نماز کی حفاظت کرتے ہیں اور نماز ان کی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ بے شک نماز فحش اور برائی سے روکتی ہے۔

یہ وہی لوگ ہیں جو ایمان بالغیب رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور اللہ کے دیے ہوئے سے ان نعمتوں کے عوض خرچ کرتے ہیں جو ان کے لئے آخرت میں تیار ہے جس کی جزا اللہ تعالیٰ نے دی ہے کہ میں نے اپنے بندوں کے لئے ایسی اعلیٰ شے تیار کر رکھی ہے کہ جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی بشر کے دل میں اس کا خیال گزرا ہے۔ ان کو جب معلوم ہوا کہ ہمارے لیے وہ شئے تیار کی گئی ہے جو نہ آنکھوں کے ادراک میں آسکتی ہے اور نہ کانوں کے، نہ قلوب کے اور یہ بھی انہیں معلوم نہیں ہوا کہ ان تیار شدہ نعمتوں اور ہمارے مابین سوائے ہمارے اپنے وجود کے کوئی شئے حائل نہیں ہے تو ان کی خواہش ہوئی کہ انہیں وہ نار نصیب ہو (جو ان کے لیے حجاب بنا ہوا ہے) اسے جلا دے۔ چنانچہ انہیں اس صلوۃ کی جانب نار محسوس ہوئی جب وہ اس کے قریب پہنچے تو ندا آئی کہ مبارک ہے وہ شخص جو اس نار کے اندر ہے اور جو اس کے قریب ہے پاکی ہے رب العالمین کے لیے۔ پھر وہ حضرات وجود کے اوصاف کو اس نار کا ایندھن بنا کر وجود کو اسی نار میں جلاتے ہیں۔ اسی طرز پر وہ حضرات نماز میں قائم رہتے ہیں یہاں تک کہ ہاتف غیبی ندا دیتا ہے کہ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ اَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ [1] خلاصہ یہ کہ وجود اور اشیاء جو اس کے لیے تیار کی گئی ہیں، مال ہو، خواہ جاہ، قربت الی اللہ کے راہ پر خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے وجود عنائت فرماتا ہے۔ جیسا کہ اپنے حبیب علیہ السلام کو فرمایا: الفق علیک جس کی وجہ سے یہ شخص انانیت الوجود کے ساتھ باقی رہے گا اور اسے اپنے نور سے دائمی صلوۃ نصیب ہوگی جس کی برکت سے یہ شخص انبیاء علیہم السلام پر ایمان لائے گا۔

تفسیر عالمانہ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ **شان نزول**:۔ یہ آیت اہل کتاب (یعنی جو اہل اسلام ہیں) کے حق میں نازل ہوئی اور اس کا ماقبل وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ تک مومنین عرب کے حق میں نازل ہوا۔ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ سے سالم قرآن اور تمام شریعت مراد ہے۔

سوال:۔ اگر اس سے تمام قرآن مراد ہو تو پھر اس کو ماضی سے تعبیر کرنا ٹھیک نہیں کیونکہ اس آیت کے نزول

[1]:۔ اور وہ جسے اللہ کے سوا پوجتے ہیں وہ جہنم کا ایندھن ہیں اور تم اس میں داخل ہونے والے ہو۔

marfat.com
Marfat.com

کے بعد بہت کچھ نازل ہوا۔

جواب :۔ ۱۔ یہاں پر تغلیب کا حکم جاری کیا گیا ہے۔ یعنی جو نازل ہو چکا اس کو جو ابھی نازل نہیں ہوا غالب قرار دے کر تمام کو نازل شدہ تصور کیا گیا۔

۲۔ جو ابھی نازل نہیں ہوا اسے بمنزلہ واقع کے قرار دیا گیا جیسا جنات کے قصہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا:۔

اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى بے شک ہم نے ایسی کتاب سنی جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد اتری یہاں جنات کہہ رہے ہیں کہ ہم نے وہ کتاب سن لی جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی تھی حالانکہ انہوں نے بعض آیات سنیں۔

۳۔ کواشی میں ہے کہ قرآن پاک حکماً ایک شئے ہے کیونکہ اس کے بعض پر ایمان لانا گویا تمام قرآن پر ایمان لانا ہے۔

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ اس سے وہ قرآن مراد ہے جو تلاوت کیا جاتا ہے اور وہ وحی مراد ہے جو تلاوت نہیں کی جاتی اور تلاوت کردہ یہی سورتیں اور آیات ہیں تلاوت نہ کی ہوئی وحی وہ ہے جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے تعداد رکعات اور نصاب زکوۃ اور حدود جنایات بیان فرمائے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى

ف: آیت ہذا میں اُنْزِلَ بمعنی وحی ہے اور بمعنی اعلاء یعنی نیچے سے اوپر کو جانا اور اگر اُنْزِلَ کو اوپر سے نیچے آنے پر محمول کیا جائے تو معنی یوں ہوگا کہ جبریل علیہ السلام تبلیغ کے لئے اوپر سے نیچے لے آئے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ یعنی اُنْزِلَ بمعنی اوپر سے نیچے آنا اور وہ اس طرح ہوا کہ معانی نیچے پہنائے گئے ان ذوات مقدسہ کے توسط سے جو ان معانی کی حامل تھیں۔

ف: باقی کتب الٰہیہ کے نزول کے متعلق صحیح علم اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے لیکن کہا جاتا ہے کہ فرشتہ اللہ تعالیٰ کی جناب سے لوح محفوظ سے حاصل کر کے انبیاء علیہم السلام پر نازل کرتا تھا پھر وہ حضرات اس فرشتہ سے یاد فرما لیتے وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ سے توراۃ، انجیل اور دیگر آسمانی کتابیں مراد ہیں۔

مسئلہ :۔ ان کتابوں پر مجملاً ایمان لانا فرض عین ہے اور قرآن پاک پر اس حیثیت سے کہ ہم اس کی تفاصیل

marfat.ocm
Marfat.com

کے مطابق عبادت بجالانے والے ہیں۔ بالتفصیل ایمان لانا فرض کفایہ ہے کیونکہ اس کی تفصیل پر ایمان لانے کا وجوب تمام لوگوں پر خرچ اور معاش میں خلل پڑنے کا موجب ہے۔

ف : تیسیر میں فرمایا ہے کہ تمام کتب پر ایمان لانا باوجود یہ کہ ان کے احکامات ایک دوسرے کے مخالف ہیں دو قسم ہے۔

۱۔اس بات کی تصدیق کرنا کہ یہ تمام اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔

۲۔اور ان پر ایمان لانا کہ جن کے احکام منسوخ نہیں ہوئے۔

وَبِالْاٰخِرَةِ آخر (جو کہ اول کا مقابل ہے) کی تانیث ہے اور معدودات کا وہ اسم ہے جو کسی کا لاحق ہو، اور یہ دراصل دار (محذوف) کی صفت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ دوسری جگہ فرماتا ہے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ اور یہ ان صفات سے ہے جن پر اسمیت غالب ہوتی ہے اور ایسے ہی لفظ الدنیا اور اخر (بفتح الخا) وہ جو اول کے قریب ہے یعنی دوسرا۔

ف : دنیا کو دنیا اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ باعتبار آخرت کے قریب ہے اور آخرت کو اسی لیے آخرت کہتے ہیں کہ وہ مؤخر ہے اور دنیا کے بعد ہے۔

هُمْ يُوْقِنُوْنَ الایقان بمعنی نظر واستدلال سے شک اور شبہ کی نفی کر کے کسی شئے کے علم میں پختگی حاصل کر لینا اسی لیے اللہ تعالیٰ کے علم کو یقین سے موسوم نہیں کیا جاتا اور نہ ہی علوم بدیہہ کو اب **هُمْ يُوْقِنُوْنَ** کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ لوگ ایسا یقین رکھتے ہیں کہ ان میں وہ اوہام وشکوک نہیں جو اہل کتاب میں پائے جاتے ہیں جو کہ منجملہ ان کے یہ شکوک بھی ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ بہشت میں یہود ونصاریٰ کے سوا اور کوئی نہیں داخل ہوگا اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ہمیں نار جہنم مس نہیں کرے گی مگر چند روز، اور ان کا اس بات کا اختلاف کہ کیا بہشت کی نعمتیں دنیا کی نعمتوں کی طرح ہیں یا وہ دیگر نعمتیں ہیں اور کیا یہ نعمتیں دائمی ہیں یا چند روزہ ان میں سے ایک گروہ تو اس بات کا قائل تھا کہ بہشت میں کھانے اور پینے اور نکاح کی اشیاء کی لذتیں دنیوی لذتوں جیسی ہوں گی اور بعض کہتے ہیں نہیں بلکہ یوں ہوگا کہ دنیا میں ان اشیاء کی محتاجی جسم کے تزاید اور تناسل وتوالد کی بنا پر ہے اور چونکہ اہل جنت ان باتوں سے مستغنی ہوں گے بنابریں صرف وہ نسیم ورواح عقبہ اور سماع لذیذ وسرور کی لذتیں پائیں گے

marfat.ocm
Marfat.com

سوال :۔ یُوْقِنُوْنَ پر هُمْ ضمیر کو مقدم کر کے حصر کیوں کیا گیا؟

جواب :۔ اہل کتاب پر تعریض ہے اس لئے کہ وہ جس طرح امر آخرت کو ثابت کرتے ہیں وہ حقیقت کے خلاف ہے کیونکہ آخرت کے بارہ میں جو اعتقاد رکھتے ہیں کسی حد تک صحیح نہیں، چہ جائیکہ انہیں مرتبہ یقین حاصل ہو اس سے معلوم ہوا کہ ضمیر کی تقدیم تخصیص کے لیے ہے یعنی جو لوگ قرآن پاک اور کتب سابقہ پر یقین رکھتے ہیں وہ آخرت حقیقت پر متصور جو اس عقیدہ کی طرف متجاوز نہیں کہ جس کا کفار و اہل کتاب اثبات کرتے ہیں۔

ف :۱۔ ابواللیث رحمہ اللہ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یقین تین قسم ہے۔

۱۔ یقین عیاں ۲۔ یقین خبر ۳۔ یقین دلالت

☆ ..... یقین عیاں وہ ہے جو بجرد کے دیکھنے سے شک زائل ہو جائے۔

☆ ..... یقین دلالت وہ ہے کہ مثلاً کوئی دور سے دھواں دیکھے تو اس سے اسے آگ کا یقین ہو جائے اگرچہ اُسے آگ دکھائی بھی نہیں دے رہی۔

☆ ..... یقین خبر وہ ہے کہ کسی ایک کو مثلاً یقین ہے کہ اس عالم دنیا میں ایک شہر ہے جسے بغداد کہا جاتا ہے اگرچہ وہ وہاں تک نہیں پہنچا اور آیت میں یقین خبر اور یقین دلالت مراد ہیں کیونکہ آخرت حق ہے علاوہ ازیں خبر دیکھنے سے معائنہ ہو جاتی ہے۔

ظاہر شریعت کا نام علم الیقین اور اس میں خلوص کرنے کا نام عین الیقین اور اس کے مشاہدہ کا نام حق الیقین ہے علم الیقین وہ علم ہے جو ادراک باطنی کے ساتھ فکر صائب و استدلال سے حاصل ہو اور یہ علم ان علماء کو حاصل ہے جو مومنین بالغیب ہیں اور یہ مرتبہ علمیہ ارواح قدسیہ کی مناسبت کے بغیر زائد نہیں ہوتا اس مرتبہ کے حصول کے بعد یہ علم عین ہو جاتا ہے اور عین کا سوائے اس یقین (جو کہ معلوم کے مشاہدہ سے حاصل ہوتا ہے) کے کوئی مرتبہ نہیں اور یہ مرتبہ زائد نہیں ہوتا کہ دوئی دور نہ ہو پھر یہ مرتبہ حق ہو جائے گا اور اس مرتبہ یعنی حق الیقین کی زیادتی اس وقت ہوتی ہے جب کہ اس کے بعد کو حجاب کا ورود نہ ہو۔

۳۔ عین الیقین اولیاء کرام کو حاصل ہوتا ہے اور حق الیقین انبیاء عظام کو۔

روحانی نسخے :۔ یہ درجات و مراتب مجاہدہ کے بغیر حاصل نہیں ہوتے۔ ہمیشہ باوضو رہنا اور تھوڑا طعام کھانا

marfat.ocm
Marfat.com

اورذکر کثیر کرنا اور ملکوت السموت والارض میں فکر کے ساتھ خاموش رہنا اور سنن وفرائض ادا کرنا اور ماسوائے حق (اغراض نفسانی) کو ترک کرنا۔ اسباب دنیویہ قلیل اور نیند بھی کم اور اکل حلال وصدق مقال کا پابند رہنا اور قلب کو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ کرنا یہ امور مذکورہ بالا معائنہ ومشاہدہ کی کنجی ہیں۔

(کذافی شرح النصوص المسمی باسرار البرور بالوھول الی عین النور)

۲۔ آخرت سے عین الیقین کا ثمرہ اس بات میں ہے کہ اس کی تیاری میں رہنا چاہئے۔ چنانچہ بزرگوں کا قول کہ دس آدمی بہت بڑے دھوکہ میں ہیں۔

۱۔ جسے یقین ہے میرا خالق اللہ ہے مگر وہ اس کی عبادت سے قاصر ہے۔

۲۔ جسے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ میرا رازق ہے مگر وہ اس سے غیر مطمئن ہے۔

۳۔ جسے یقین ہے کہ دنیا فانی ہے مگر اس پر سہارا کرتا ہے۔

۴۔ جسے یقین ہے کہ میرے ورثہ میرے دشمن ہیں مگر ان کے لیے مال جمع کر رہا ہو۔

؎ تو با خود ببر توشہ خوشتن — کہ شفقت نیاید ز فرزند وزن

ترجمہ:۔ تو اپنا زاد راہ اپنے ساتھ لے جا مرنے کے بعد نہ تیری عورت تیری خبر گیری ہوگی نہ تیرا لڑکا۔

۵۔ جسے یقین ہے کہ موت ہرگز نہیں چھوڑے گی مگر اس کی تیاری نہیں کرتا۔

۶۔ جسے یقین ہے کہ اس کا رہنا سہنا قبر میں ہے مگر اس کی تعمیر نہیں کرتا۔

۷۔ جسے یقین ہے کہ اس کا محاسب اس سے پائی پائی کا حساب لے گا مگر اپنے حساب کو درست نہیں رکھتا۔

۸۔ جسے یقین ہے کہ پل صراط پر سے اس کا گزر ہونا ہے مگر اپنے گناہوں کے بار کو ہلکا نہیں کرتا۔

۹۔ جسے یقین ہے کہ دوزخ فجار کا مقام ہے مگر اس سے نہیں بھاگتا۔

۱۰۔ جسے یقین ہے کہ جنت نیک لوگوں کی قرارگاہ ہے مگر اس کے لیے نیک عمل نہیں کرتا۔ (کذافی التیسیر)

۳۔ حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یقین قصر امل اور قصر امل زُہد کا موجب ہے اور زہد حکمت پیدا کرتا ہے اور حکمت نیک انجام کی طرف غور کرنے کی توفیق بخشتی ہے۔

ف: حضرت ابوالآفاق رحمہ اللہ تعالیٰ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مبارک (جو کہ آپ

marfat.ocm
Marfat.com

نے حضرت عیسی علیہ السلام کے لیے فرمایا ہے کہ اگر وہ ان کا یقین زیادتی میں نہ ہوتا تو وہ ہوا کی طرح نہ اڑتے) کے بارہ میں فرماتے یہ دراصل اپنا حال (جو کہ آپ کے ساتھ شب معراج میں ہوا) بیان فرمایا کیونکہ معراج کے لطائف سے ایک لطیفہ یہ ہے کہ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں نے براق کو دیکھا وہ اڑنے سے ٹھہر گیا مگر ہم اوپر کو جارہے تھے۔

حکایات: ۱۔حضرت ابوتراب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک لڑکے کو دیکھا جو خرچ کے بغیر جنگل میں جارہا تھا میں نے دل میں کہا اگر اسے یقین نہ ہوتا تو جنگل میں ہلاک ہو جاتا۔آخر میں نے لڑکے سے پوچھا: اے بیٹے! تو ایسے جنگل میں خرچ کے بغیر کیسے سفر کر رہا ہے؟ لڑکے نے جواب دیا: اے بزرگ! ذرا سر اٹھا کر غور سے دیکھئے، کیا آپ کو اللہ کا غیر دکھائی دیتا ہے؟ میں نے کہا: بیٹے! جاؤ جہاں دل چاہے، تمہارے لیے بہت کامیابی ہے۔

۲۔حضرت ابراہیم خواص رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں معاش کی طلب میں چلا اور خیال تھا کہ اکل حلال نصیب ہو۔اسی اثنا میں مچھلی کا شکار کیا ایک دن میں نے جال دریا میں پھیلایا جس سے ایک مچھلی ہاتھ آئی دوسری بار دوسری ہاتھ آئی۔تیسری بار ارادہ ہوا جس پر ہاتف غیبی نے کہا "خدا کرے تجھے معاش نصیب نہ ہو۔ تو شکار بھی انہیں کرنے آیا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہیں اور تو اللہ کے ذاکرین کو قتل کر رہا ہے" میں نے یہ آواز سنتے ہی جال کو توڑ ڈالا اور ہمیشہ کے لئے شکار کرنا ترک کر دیا۔

تفسیر صوفیانہ جو شخص حجاب وجودی کی ذلت سے نجات پاتا ہے تو اسے امور اخرویہ کے ایقان کی عزت نصیب ہوتی ہے۔اس سے قبل وہ من وراء الحجاب ایمان رکھتا ہے۔اب حجابات اٹھ جانے سے موقن ہو گیا جیسا کہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ اگر حجاب ہٹ جائے تو میں یقین میں زیادتی حاصل کرلوں گا کیونکہ جس سے حجابات ہٹ جائیں تو اس کے لئے امور اخرویہ کے پردے حائل نہیں ہوں گے۔حجابات ہٹ جانے سے بندگان خدا مرتبہ ایمان سے خلاص پا کر مرتبہ ایقان تک پہنچ جاتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

لیکن یہ ایقان خاص ہوگا کیونکہ ایمان باللہ وبالکتب سے ہمیشہ تک خلاص نہیں پاتا یہ ایک راز کی بات ہے

marfat.com
Marfat.com

اور میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ ان دونوں مراتب کے مابین فرق کرتا ہو کیونکہ انسان کے بس کی بات نہیں کہ وہ تمام امور اخرویہ کا دنیا میں کشف کے ساتھ مشاہدہ کرے۔ ہاں آخرت میں بطریق مشاہدہ کے ان امور سے ایقان حاصل کرے گا اگرچہ اس سے قبل ان سے صرف ایمان رکھتا تھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ تو ہم نے تیرا پردہ اٹھایا تو آج تیری آنکھ تیز ہے۔

باقی رہا اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، یہ تو کسی انسان کے امکان میں نہیں کہ ان کا کلی طور پر مشاہدہ کرے کیونکہ وہ کل اور جز سے منزہ ہے اور ارباب مشاہدہ اگرچہ شہود و جمالیہ وجلالیہ کے مشاہدہ سے عین الیقین بلکہ حق الیقین کے ساتھ بہرہ ور ہوئے ہیں۔ لیکن وہ مشاہدات کہ جن کے مشاہدہ سے تاہنوز محروم ہیں ان کے ساتھ ایمان رکھنے کے مرتبہ سے انہیں خلاص میسر نہیں ہوا اور نہ تو الیٰ ابدالآباد اس کے علم کو احاطہ کر سکتے ہیں بلکہ اس کے علم میں سے کچھ بھی حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس کے لئے وہ مالک حقیقی چاہے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

تفسیر عالمانہ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۔۔ اُولٰٓئِكَ یہ جملہ محل رفع میں ہے اگر متقین کے دو موصول سے ایک کو اس سے علیحدہ کیا جائے تو یہ جملہ اس کی خبر ہے (اور وہ مبتداء) گویا کہ جب هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ کہا گیا تو سائل نے پوچھا کہ ان کا کیا حال ہے کہ یہ لوگ ہدایت سے کیوں مخصوص ہو رہے ہیں تو جواب میں کہا گیا الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ اگرچہ یہ جملہ سابقہ کی خبر نہ ہو تو جملہ مستانفہ قرار دیا جائے گا۔ پھر مطلب یہ ہوا کہ یہ جملہ سابقہ احکام اور صفات حقدمہ کا نتیجہ ہوگا اور یہ ایسی جمع ہے کہ اس کا اپنے لفظ سے کوئی واحد نہیں۔ یہ مبنی علی الکسر ہے یہ کاف ذٰلِكَ کے کاف کی طرح خطاب ''کا'' ہے یعنی اس سے پہلے جو مذکور ہے۔ یعنی وہ متقین جو موصوف بالایمان بالغیب اور باقی دیگر اوصاف کے موصوفین تھے اور اس کے امور میں منسلک ہیں باقی رہا اس میں اسم بعید کے ساتھ اشارہ کرنا سو وہ ان کے بلند درجات اور فضل میں رفع مراتب کی وجہ سے ہے۔ اُولٰٓئِكَ مبتدا ہے اور عَلٰى هُدًى اس کی خبر اور هُدًى میں جو تنکیر سے ابہام سمجھا جا رہا ہے یہ تفخیم شان کے لئے ہے گویا کہا گیا ہے کہ وہ لوگ بڑی ہدایت پر ہیں کہ جس کی کنہ کو نہیں پہنچا جا سکتا اور نہ اس کی قدر معلوم ہو سکتی ہے جیسا کہ محاورہ عرب میں کہا جاتا ہے لَوْ اَبْصَرْتَ فُلَانًا اَبْصَرْتَ رَجُلًا

Marfat.com

سوال :۔ لفظ علیٰ کو یہاں لانے سے کیا فائدہ حاصل ہوا؟

جواب :۔ ان کے حال کو (جو ہدایت کے ساتھ ملابس ہے) اس شخص کے حال سے تشبیہ دینا مقصود ہے جو کسی شئے کو قبول کر کے اس پر ایسا حاوی ہو جائے کہ اس میں وہ جیسے چاہے تصرف کرے۔

روحانی نسخہ :۔ یہ اوصاف یعنی جن کے لئے دلائل قائم کئے گئے ہیں، فکر کو فارغ کر کے ان کی طرف نظر کو دائما متوجہ رکھنے اور نیک عمل میں نفس کے محاسبہ کرنے سے حاصل ہوتے ہیں یعنی ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں قبل از موت ہدایت دے کر اور فلاح کی راہ جتلا کر مکرم فرمایا ہے۔

مِّنْ رَّبِّهِمْ سے محذوف سے متعلق ہو کر هُدًى کی صفت مبینہ ہے اور اس کی تاکید کر رہی ہے۔ یعنی یہ لوگ اس ہدایت پر ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں نصیب ہوئی ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے تمام انواع اور اس کی توفیق کے جمیع فنون کو شامل ہے اور اس میں عنوان ربوبیت اور پھر ان کی طرف اضافہ کرنے میں صرف موصوف یعنی ہدایت اور مضاف الیہم یعنی مومنین کی تفخیم شان اور ان کی بزرگی کا اظہار مقصود ہے اور آیت ہذا میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہ ہدایت ان لوگوں کے لئے ہے جو ان صفات مذکورہ کے موصوف ہیں اور ان آیات قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا سے لے کر فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا میں اشارہ ہے کہ یہ ہدایت طاعات کے بغیر اقرار اور اعتقاد سے حاصل ہوتی ہے اور یہ فرق اس لئے ہے کہ یہاں پر ایمان کی شرافت اور اس کی قدر سے عظیم شان اور اس کے امر علو کا تذکرہ ہو رہا ہے کیونکہ ایمان میں جب پختگی پائی جائے تو نفس کی مخالفات اسے نقصان نہ پہنچائیں گی بلکہ ان پر قابو پا کر نفس کو گناہوں کی سرکشی کے بعد توبہ کی راہ دکھلائے گی پھر وہ جیسے آج دنیا میں ایمان کی راہ حاصل کرے گا تو کل آخرت میں بہشت کی راہ پر سیدھا چلا جائے گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ

بے شک مومن اور نیک لوگوں کو اس ایمان کی دعوت دیتا ہے۔

اس وجہ سے کہ مطیعین کے سامنے اور دائیں جانب ان کے ایمان کا نور دوڑتا ہوگا اور وہ اپنی طاعات کی سواریوں پر سوار ہوں گے اور ملائکہ ان کے استقبال کے لئے آئیں گے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى

Marfat.com

الرَّحْمٰنِ وَفْدًا اس دن ہم متقیوں کو وفد بنا کر ہم اس کے ہاں جمع کریں گے اور فرماتا ہے: وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ انہیں ملائکہ ملیں گے اور مجرمین تن تنہا پڑے ہوں گے قیامت کی تکالیف برداشت کر رہے ہوں گے نہ تو ان کے لئے نور طاعات ہوگا اور نہ ملائکہ استقبال کے لئے آئیں گے پھر نہ انہیں کوئی راہ ملے گی نہ راہ بتانے والا اور انہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے مجرم بندے! جنت والے آج کے دن میوہ خوری میں مشغول ہیں اور وہ اپنے بہترین ثواب کے حصول کی وجہ سے تم سے تمہارے لئے فارغ بھی نہیں اور اہل نار خور شدت عذاب میں مبتلا ہیں وہ بھی تم پر رحم نہیں کر سکتے۔

اے مسکینو! تم پر میری طرف سے سلام ہو۔ اب تم کس حال میں ہو اگر چہ تمہارے ہم جنس لوگ تم سے سبقت لے گئے اور تمہیں ہدایت نہ دے سکے پس اس وقت تمہیں راہ راست دکھاتا ہوں اگر میں وہ معاملہ کروں کہ جس کے تم مستحق ہو پھر میرے کرم کا اظہار نہیں ہوگا۔ (کذافی تفسیر)

شیخ سعدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

نہ یوسف کہ چنداں بدرید بلند — چوں حکمش رواں گشت قدرش بلند

گنہ عفو کرد آل یعقوب را — کہ معنے بود صورت خوب را

بکردار بدشاں مقید نہ کرد — بضاعات فرجات شان ردنکرد

زلطف ہمیں چشم داریم نیز — بریں بے بضاعت بہ بخش اے عزیز

بضاعت نیاوردم اِلاَّ اُمید — خدایا ز عفو مکن نہ امید

ترجمہ:۔ نہ حضرت یوسف علیہ السلام کہ جنہوں نے جلاوطنی اور قید و بند کی مصیبتوں کو جھیلا جب آپ کا حکم رواں ہوا تو آپ کی قدر بلند ہوگئی۔

۲۔ تمام آل یعقوب کے گناہوں کو معاف کر دیا کیونکہ خوب صورتی کے لئے خوب سیرتی بھی لازمی ہے۔

۳۔ ان کے برے کردار کی وجہ سے ان کو قید نہ کیا، ان کے معمولی سامان کی طرف بھی توجہ نہ کی۔

۴۔ آپ کی مہربانی سے بھی ہم یہی امید رکھتے ہیں کہ اے عزیز! اس بے سروسامان کو بھی کچھ دے دے۔

۵۔ میں امید کے سوا کوئی سامان نہیں لایا۔ اے خدا! مجھے اپنی معافی سے ناامید نہ کر۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

marfat.com
Marfat.com

سوال : اُولٰٓئِكَ کا تکرار کیوں؟

جواب :۔ تا کہ دلایت ہو کہ ہدایت یافتہ کی غیروں سے تمیز دینے میں دونوں ضروری ہیں اور حرف عطف میں درمیان میں لانے سے اس طرف تنبیہ ہے کہ دونوں درحقیقت متغایر ہیں اور مبتداء وخبر کے مابین ضمیر فصل کی لانے میں بتایا گیا ہے کہ اس کا مابعد خبر ہے صفت نہیں اور یہ بھی بتایا گیا کہ مسند صرف مسند الیہ کے لئے ثابت ہے نہ اس کے غیر کے لیے اب معنی یہ ہوگا کہ فلاح کی صفت صرف ان لوگوں پر مقصود ہے ان کے ماسوا کسی غیر یعنی یہود ونصاری پر پہنچتی بھی نہیں اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ متقین کی صفت سوائے فلاح کے اور کوئی ہے بھی نہیں یہ قصر قصر الصفت علی الموصوف ہے کہ برعکس جب یہ بات ہے تو مذکورہ خرابی کیوں لازم آئے۔ **المفلح** فائز المرام کو کہتے ہیں۔ گویا مفلح وہ ہے جس کے لیے کامیابی کے دروازے کھلے ہیں اور ان پر بند نہیں ہوئے۔

قاعدہ : یہ ترکیب (ف ل ح) شق فتح قطع کے معنی پر دلالت کرتی ہے اسی لیے کسان کو فلاح کہتے ہیں کہ وہ زمین کو چیرتا ہے۔ عرب میں کہاوت مشہور ہے۔

الحَدِيْدُ بِالْحَدِيْدُ يُفْلَحُ اَیْ يُقْطَعُ لوہا لوہے کو کاٹتا جاتا ہے۔

اب معنی یہ ہوا کہ وہ لوگ قیامت میں جنت میں فائز المرام اور دوزخ سے نجات پانے والے ہوں گے۔

مسئلہ :۔ متقین کے لئے دنیا اور آخرت میں فلاح بہبودی قطعی الثبوت اور یقینی ہے۔

ف : فلاح تین قسم ہے۔

۱۔ نفس پر قابو پالینا، بایں طور کہ اس کی خواہشات کی متابعت نہ کرنا اور دنیا کے امور پر قابو پانا، بایں طور کہ اس کے وسوسہ اور برے دوستوں کی صحبت میں مبتلا نہ ہونا ایسے لوگ نفس وشیطان سے محفوظ رہتے ہیں۔

۲۔ کفر اور ضلالت اور بدعت وضلالت اور غرور نفس ووسوسہ شیطان اور زوال وفقدان ایمان اور وحشت قبور اور سہول یوم النشور اور پل صراط کی لغزش اور زبانیہ کی شدید وغلیظ کی تسلیط اور بہشت کی محرومی اور قطع رحمی اور دوستوں کے ساتھ چیں بجبیں کے اسباب سے نجات پانا۔

۳۔ ملک ابدی اور نعمت سرمدی اور لازوال ملک ونعمت غیر منقلہ کے حصول اور وہ سرور کہ جس میں حزن نہ ہو اور وہ جوانی کہ جس میں بڑھاپا نہ ہو اور راحت کہ جس میں شدت نہ ہو اور وہ صحت کہ جس میں مرض نہ ہو اور وہ

marfat.ocm
Marfat.com

حصول نعمت کہ جس میں حساب نہ ہو اور وہ دیدار کہ جس کے سامنے نقاب نہ ہو۔ (کذا فی تفسیر التیسیر)

ف: اسی آیت سے فرقہ وعیدیہ نے فساق اہل قبلہ کا دائمی عتاب میں مبتلا ہونے کا استدلال کیا ہے ان کو جواب یوں دیا جائے گا کہ مفلحون سے مراد کامل فی الفلاح نہیں بنا بریں جو لوگ متقین کے ان اوصاف سے موصوف نہیں کہ ان کو فلاح کامل نصیب نہیں نہ یہ کہ انہیں سرے سے فلاح حاصل نہیں۔ (کذا فی التفسیر البیضاوی)

تفسیر صوفیانہ

حضرت شیخ نجم الدین دایہ قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ هُدًى کو نکرہ کر کے اس لئے لایا گیا ہے تا کہ معلوم ہو کہ وہ لوگ اپنے رب کے کشوف سے ایک کشف اور اس کے انوار سے ایک نور اور اس کے رازوں سے ایک راز اور اس کے الطاف سے ایک لطف اور اس کے حقائق سے ایک حقیقت پر ہیں۔ کیونکہ وہ انعامات جو انبیاء عظام و اولیاء کرام پر اپنے کمال ذات وصفات اور انعام واحسان سے فرماتے ہیں۔ یہ تمام بہ نسبت اس کے جو کہ اس کے ہاں ہے اس کے بحر محیط سے ایک قطرہ ہے جس سے ہمیشہ ہمیشہ خرچ کرنے سے واقعی کمی نہیں ہوتی۔

حدیث شریف:۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ پُر ہے کہ جس کو شب و روز کی سخاوت کم نہیں کرتی۔

اس میں لطیف اشارہ ہے کہ متقین اس ہدایت کے سبب سے بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ پر ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر بھی انہیں یقین ہے اور وہ ہیں بھی ایسے کامیاب کہ وہ نور نار حیات سے وجود کے حجابات سے نجات پا کر آخرت کا مشاہدہ کر چکے ہیں اور ان کو عنایت ربانی کشش فرما کر مقامات قربت اور اسرار پر عزت کی طرف رہنمائی فرمائی ہے اور کسی مرتبہ کو سوائے فنا ہیت کے نہیں چھوڑتے۔ ان حضرات نے سعادت عظمیٰ اور مملکت کبریٰ سے کامیابی پائی ہے اور درجہ عالیہ کو حاصل کر چکے ہیں اور قول حق ان کو محقق ہو چکا۔ حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں۔

گر ہمی خواہی کہ بفروزی چوں روز — ہستی ہمچوں شب خود را بسوز

ہستیت دہ بدست آں ہستی نواز — ہمچو مس از کیمیا اندر گداز

ترجمہ:۔ اگر تو چاہتا ہے کہ دن کی طرح چمکے اپنی ہستی کو رات کی طرح جلا دے۔ اپنی ہستی کو اس ہستی نواز کے ہاتھ میں

marfat.com
Marfat.com

دے دے جس نے تانبے کو پگھلا کر سونا کر دیا۔

تفسیر عالمانہ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ **ربط** ۔جب خداوند قدوس نے اپنے مخصوص بندوں اور مخلص ولیوں کے ذکر کے ساتھ ان کے ان اوصاف (کہ جن کے سبب سے وہ ہدایت وفلاح کے اہل ہوئے) کا ذکر کیا تو بعد میں ان کے ان اضداد سرکش اور نافرمانوں کو بیان فرمایا کہ جن کو نہ ہدایت نے نفع پہنچایا اور نہ آیات ونذر نے فائدہ دیا۔

ف : اسم موصوف کی تعریف یا تو عہد کے لئے ہے تو اس سے مخصوص آدمی مراد ہیں جیسے ابولہب، ابوجہل، ولید بن مغیرہ اور احبار یہود وغیرہم۔ یا جنس کے لئے ہے اس صورت میں اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو کفر پر ایسے مُصِر ہیں کہ جن کے پھرنے کا امکان بھی نہ ہو اور غیر مُصِر دونوں مراد ہو سکتے ہیں۔ مگر یہاں موصول کے مسند سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ مُصِرین سے مختص ہونے کی دلیل سے غیر مصرین مراد نہیں ہو سکتے۔

الکفر لغت میں بمعنی تغطیہ وستر ہے اور شریعت میں ان احکامات اور اعتقادات کے انکار کو کہتے ہیں جن کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لانا واضح طور پر معلوم ہو چکا ہے۔

سوال :۔ لباس اغیار اور شذز نار بلا اضطرار و دیگر وہ شعائر کفریہ (جو ان دونوں کے مشابہ ہیں) کو کفر کیوں شمار کیا گیا ہے؟

جواب :۔ چونکہ یہ چیزیں تکذیب پر دلالت کرتی ہیں بنا بریں یہ بھی کفر میں شمار کی گئی ہیں کیونکہ جو شخص بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کا دم بھرتا ہے تو اس کو ان اعمال کے ارتکاب کی جرأت نہیں ہو سکتی کیونکہ ان اعمال کے ارتکاب کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے، جیسے زنا، شراب وغیرہ اسی بنا پر یہ کفر میں شمار ہوتے ہیں نہ یہ کہ تمام فی نفسہ کفر ہیں۔

ف : لفظ کافر قرآن پاک میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

☆..... **نقیض المومن**

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستہ سے روکا۔

marfat.ocm
Marfat.com

☆.....انکار از وجوب

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ وہ جو کفر کرے تو اللہ عالمین سے بے نیاز ہے۔ یہاں پر کفر بمعنی انکار عن وجوب الحج مراد ہے۔

☆..... نقیض الشاکر

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ میرا شکر کرو میری ناشکری نہ کرو۔ بری ہونے والا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ یعنی قیامت میں اے کافرو! تم ایک دوسرے سے برأت ظاہر کرو گے۔ (کذافی التیسیر)

ف: بغوی فرماتے ہیں کہ کفر کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ کفر الانکار . وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کو جانتا ہو نہ اس کی ذات کا معترف ہو۔

۲۔ کفر الجھود ، وہ یہ کہ دل میں تو اللہ تعالیٰ کو خوب جانتا ہو مگر زبان سے معترف نہ ہو۔ جیسے ابلیس کا کفر۔

۳۔ کفر العناد ، وہ یہ کہ دل میں تو جانتا ہو مگر زبان سے اقرار نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ لیکن اس عدم اعتراف کو اپنا دین نہ سمجھتا ہو۔ جیسے ابو طالب کا کفر چنانچہ وہ کہتا ہے ۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُ بِاَنَّ دِيْنَ مُحَمَّدٍ مِنْ خَيْرِ اَدْيَانِ الْبَرِيَّةِ

لَوْلَا الْمَلَامَةُ اَوْ حِذَارُ مُسُبَّةٍ لَوَجَدْتَنِيْ سَمْحًا بِذَالِكَ مُبِيْنًا

یعنی بے شک مجھے علم ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین دنیا کے تمام ادیان سے بہتر ہے اگر ملامت اور عرب کی گالیوں کا خطرہ نہ ہوتا تو میں اس دین کو واضح طور پر بیان کرتا۔

۴۔ کفر النفاق ، وہ یہ کہ زبان سے اقرار، مگر دل میں اعتقاد صحیح نہ رکھتا ہو۔

مسئلہ :۔ ان تمام انواع کا حکم یہ ہے کہ جب بندہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہوگا اگر ان چاروں میں سے کوئی ایک قسم اس میں پائی گئی تو اسے اللہ تعالیٰ نہیں بخشے گا۔

ف: ابو طالب کے متعلق وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ کی تفسیر میں مفصل بیان آئے گا۔ انشاء اللہ

Marfat.com

تعالیٰ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ میں عَلَيْهِمْ بمعنی عِنْدَهُمْ اور سَوَآءٌ اسم ہے بمعنی اِسْتَوَاء" یہ بھی بطریق مبالغہ کے دوسرے مصادر کی طرح لغت میں بمعنی مستوٍ واقع ہوا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ دوسرے مقام پر فرماتا ہے۔
تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اس کو مرفوع ہونا ان کی جز کی وجہ سے ہے۔

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ اس کے مخاطب حضور علیہ السلام ہیں اس کا مرفوع ہونا بہ بنائے فاعلیت ہے۔ کیونکہ ہمزہ اور لفظ اَمْ کو ان کے مدخولین میں اِسْتِوَاء کے معنی کو محقق کرنے کے لئے استفہامیت سے خالی کیا گیا ہے جیسا کہ قرآن پاک کی اس آیت اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ میں امر و نہی کو اپنے معنی سے خالی کیا گیا ہے اور اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا اَيَّتُهَا الْعِصَابَه کو محض تخصیص کے لیے ندا سے خالی کیا گیا ہے گویا اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور علیہ السلام کو کہا گیا ہے جن لوگوں نے کفر کیا ان کو آپ کا ڈرانا نہ ڈرانا برابر ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ان زیدا مختصم اخوہ وابن عمّہ الانذار دراصل اس اعلام کو کہتے ہیں کہ جس میں تخویف ہو۔ پس ہر منذر (ڈرایا ہو) معلم (خبر دیا ہوا) ہوتا ہے لیکن ہر معلم منذر نہیں ہوتا۔ (کذافی تفسیر ابی اللیث) یہاں اللہ تعالیٰ کے عذاب اور معاصی پر سزا ملنے سے خوف دلانا مقصود ہے۔

سوال۔ یہاں بدوں بشارت کے انداز پر اقتصار کیا گیا ہے، کیوں؟

جواب۔ یہ لوگ بشارت کے اہل نہیں ہیں۔ علاوہ ازیں انداز اور نفوس پر زیادہ اثر کن ہے اس لیے کہ دفع ضرر جلب نفع سے اہم ہوتا ہے اور یہ لوگ نہ تو جلب نفع کے پیچھے لگے اور نہ بشارت کی طرف دھیان لگایا۔

سوال۔ یہاں پر سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ کے بجائے سواء" علیک کیوں نہ فرمایا۔ جیسا کہ بت پرستوں کے لیے فرمایا: سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ پکارو یا چپ رہو تمہارے لیے برابر ہے۔

جواب۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے انداز اور اعلام برابر نہیں تھا بلکہ آپ کو انداز کا ثواب ملتا تھا اگرچہ کفار ایمان نہ بھی لائیں بخلاف عبدۃ الاصنام کے کہ ان کے لیے دونوں امر برابر تھے۔ اس کی نظیر امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے۔ کہ آمر کو تو ثواب حاصل ہوگا خواہ مامور اس پر عمل بھی نہ کرے گویا یہ لوگ ہود علیہ السلام کی قوم کی طرح تھے کہ انہوں نے حضرت ہود علیہ السلام کو کہا۔
سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ہمیں نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لیے برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ ان

Marfat.com

کے متعلق فرماتا ہے۔ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اور یوم قیامت انہیں کہا جائے گا۔

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ [1] اور اللہ تعالیٰ ان کے قول جو کہ وہ یوم قیامت میں کہتے ہوں گے سے خبر دیتے ہیں۔ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ یعنی ہمارے لیے نصیحت وترک نصیحت دونوں برابر ہیں۔

ف: جوانی اور بڑھاپے میں یکساں نافرمان رہنا، اسی طرح حالت مرض وصحت میں اور نعمت ومحنت میں اپنے مالک سے اعراض کرتے رہنا۔ اسی طرح قریبی وبعیدی رشتہ داروں پر سنگدل رہنا، اسی طرح ظاہر وباطن میں ٹیڑھا رہنا وغیرہ مذکورہ افعال کے مرتکب کو ڈرنا چاہیے کہ جب اسے یہ افعال یکساں معلوم ہوتے ہیں تو کیا اسے ذیل کی باتوں سے کوئی بات بھلی لگتی ہے۔ موت کے وقت توبہ نصیب ہو یا نزع روح کے وقت گناہوں پر اصرار کرنا اور پھر توبہ سے سکوت، اولیاء اللہ کی زیارت یا اس سے محرومی اور مشکل امور میں سفارشی کا ہونا نہ ہونا۔ جب یہ باتیں یکساں اچھی نہیں لگتیں تو اس کے لئے گذشتہ افعال یکساں نہ ہونے چاہئیں بلکہ اچھے اعمال پر استقامت اور برے اعمال سے اجتناب چاہیے۔ (کذافی تفسیر التیسیر)

لَا يُؤْمِنُوْنَ (ترکیب) یہ مستقل اور علیحدہ جملہ اور ماقبل کی تاکید کرنے والا ہے اور ماقبل میں جو استواء کے اعتبار سے جمال تھا اس کو بیان کرنے والا ہے بنابریں اس پر اعراب کا کوئی محل نہیں ہے۔

اس میں حضور علیہ السلام کے لیے تخفیف بھی ہے اور ان کو تسلی بھی دلائی جارہی ہے کہ اے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو معلوم ہو کہ کفار ایمان نہیں لائیں گے۔ جیسا کہ حضرت نوح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بہت طویل مدت نصیحت فرماتے اور دکھ درد اٹھاتے دیکھا تو فرمایا:۔ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ جب نوح علیہ السلام کو اس خبر کا یقین ہوا تو ان کی ہلاکت کے لئے دعا فرمائی۔ اسی طرح تمام انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوا۔

ف: اگر اسم موصول سے مخصوص لوگ مراد ہیں تو آیت میں غیبی خبر کا اظہار ہے یہ بھی حضور علیہ السلام کا معجزہ

---

[1] ۔ دوزخ میں داخل ہو کر پھر صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لیے برابر ہے کہ تم اپنے کردار کی سزا بھگتو گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ہے کہ قبل از وقت واقعہ کی خبر دے دی۔

مسئلہ :۔ آیت میں بندگان خدا کے افعال کا ثبوت ہے کیونکہ لَایُؤْمِنُوْنَ کے فاعل بندگان ہی ہیں۔

آیت سے ثابت ہوا کہ بندہ کفر اپنے خیال سے کرتا ہے نہ اس پر جبر ہوتا ہے نہ اکراہ، ورنہ فرماتا: لَایَسْتَطِیْعُوْنَ بلکہ فرمایا: لَایُؤْمِنُوْنَ

سوال : جب اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ کفار ایمان نہیں لائیں گے تو پھر اپنے پیارے محبوب کو تبلیغ کے لئے کیوں تکلیف دی؟

جواب :۔ جاننے کے باوجود انداز کا حکم اتمام حجت کے لیے تھا جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی ہدایت کے لیے بھیجا، حالانکہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ فرعون ایمان نہیں لائے گا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰہِ حُجَّۃٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ [1] اور فرمایا:۔ وَلَوْ اَنَّآ اَہْلَکْنٰہُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِہٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَیْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰیٰتِکَ ہم نے اس سے پہلے انہیں عذاب سے ہلاک کیا تو کہتے کہ ہمارے ہاں رسل کیوں نہ بھیجے کہ ہم تیری آیات کی تابعداری کرتے۔

سوال :۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر دی کہ یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے تو پھر خبر دے کر انہیں ہلاک کیوں نہ کیا جیسا کہ حضرت نوح علیہ السلام کو کفار کے حال کی خبر دے کر انہیں ہلاک کر دیا۔

جواب :۔ چونکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں ہے اور فرمایا: وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَہُمْ وَ اَنْتَ فِیْہِمْ وَمَا کَانَ اللّٰہُ مُعَذِّبَہُمْ وَہُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ بنابریں نہ انہوں نے عذاب کی دعا مانگی اور نہ اللہ تعالیٰ نے کفار پر عذاب بھیجا۔

ف : کسی چیز کے وقوع کی خبر دینے سے اس پر بندہ کی قدرت کی نفی نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ اپنے فعل یا کسی بندے کا اس کے اپنے اختیار سے کسی فعل کی خبر دے تو اس سے تکلیف مالایطاق کا جواز لازم نہیں آتا۔

تفسیر صوفیانہ امام قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی صفت کے پردہ میں شہود حق سے محجوب ہوتا ہے اس کو یہ دونوں قول (ایک جو اسے حق کی راہ دکھائے، دوسرا وہ جو اسے حق

---

[1] :۔ رسول کرام بھیجے خوشخبری دیں ڈرائیں تا کہ رسل کرام آنے کے بعد اللہ کی لوگوں پر کوئی حجت نہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

نفسانی کے منافع حاصل کرنے پر امداد کرے) برابر معلوم ہوتے ہیں بلکہ ایسا دائمی غفلت کی طرف زیادہ مائل ہوتا ہے اور غفلت کی طرف زیادہ کان دھرتا ہے۔ جیسا کہ کافر (جسے ازل سے بدبختی نصیب ہو وہ) بھی شہود وغیب اور حق سے محجوب رہتا ہے۔ پھر وہ نہ ہو تو راہ راست کو دیکھ سکتا ہے اور نہ ہی اس پر چلنے کا قصد کرتا ہے اور فرمایا جو شخص وادی ظلمات میں جا پڑتا ہے تو اس کے سامنے ناصح کی نصیحت اور گمراہ کن لوگوں کی گمراہی یکساں معلوم ہوتی ہے کیونکہ اس کے احوال سے اللہ تعالیٰ نے انصاف (حق و باطل کی تمیز) کی برکات چھین لی ہیں اسی لیے وہ دائمی ارشاد کی طرف دل بھی نہیں لگاتا جیسا کہ مقولہ مشہور ہے۔ وَعَلَى النَّصُوْحِ نَصِيْحَتِيْ وَعَلٰى عِصْيَانِ النُّصُوْحِ نصوح کو میری نصیحت تو پہنچی لیکن نصوح گناہ پر کمربستہ ہے۔

تفسیر عالمانہ

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ربط :۔ جب اللہ تعالیٰ نے کفار کی صفات اور ان کے حالات ذکر فرمائے تو بعد ازاں ان کی سزاؤں کا بیان شروع فرمایا گویا یہ آیت مضمون سابق کی بمنزلہ تعلیل کے ہے۔

حل لغات :۔ خَتَمَ بمعنی چھپانا۔ شئے کو مہر لگا کر پختہ کرنے کو ختم اس لئے کہا جاتا ہے کہ گویا اسے آخری منزل تک پہنچا کر لوگوں کی نگاہوں سے چھپایا گیا ہے۔ قرآن مجید کے ختم کو بھی اسی لحاظ سے ختم کہا جاتا ہے کہ یہ آخری فعل تھا کہ جہاں ہم اسے جمع کرتے کرتے آخر کو پہنچے، یہاں حقیقۃً ختم کرنے کا معنی نہیں بنتا۔

سوال:۔ کفار کے قلوب پر مہر لگانے کا کیا معنی ہے؟

جواب :۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے دلوں میں ایک ایسی ہیئت موجود ہے جو انہیں کفر کو پسند اور گناہوں پر جرأت کرنے اور ایمان اور طاعات کو قبیح سمجھنے پر مجبور کرتی ہے اس لیے کہ ان پر گمراہی سوار ہے اور تقلید کفر میں منہمک ہیں اور صحیح نظر کے استعمال سے دور پھرتے ہیں۔ بنابریں ان کے قلوب نہ تو اب انداز سے گھبراتے ہیں اور نہ ہی ان پر حق اثر انداز ہوتا ہے استعارۃً اسے ختم سے تعبیر کیا گیا دوسری آیت میں اس ہیئت کو طبع'' سے تعبیر کیا گیا ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ: طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ اللہ نے ان کے قلوب کانوں اور آنکھوں پر مہر لگائی اور ایک مقام پر اسے اغفال (غافل کر دینا) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا اور [illegible] کر قلب [illegible]

marfat.com
Marfat.com

سے غفلت کی مہر لگائی ہے، اور ایک مقام پر اسے اقساءٔ (دل کھوٹا کرنا) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً اور ہم نے ان کے دل کھوٹے بنادئے۔

سوال :۔ کیا وجہ ہے کہ ان کا اسناد کبھی اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتا ہے اور کبھی کفار کی طرف؟

جواب :۔ چونکہ تمام ممکنات کا وجود اس باری تعالیٰ کی قدرت سے ہے اسی اعتبار سے ان کا اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتا ہے اور پھر چونکہ ان کے اسباب خود کفار نے بنائے بنا بریں ان کی طرف ان کا اسناد ہوتا ہے۔ قال اللّٰہ تعالیٰ :۔ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان پر مہر لگائی اور فرمایا يَاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ بایں وجہ کہ وہ ایمان لائے پھر کافر ہوئے تو ان کے دلوں پر مہر لگادی گئی۔

ف: یہ آیت خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ الخ ان کی بری صفات کو ظاہر کرنے اور ان کے برے انجام کو بیان کرنے کے لئے ہے۔

حل اشکال: یہ مہر لگانا ان کے کفر کی جزا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ہدایت کے راستے آسان فرمادیے لیکن وہ ان سے عمداً روگرداں رہتے ہیں۔ اب وہ اعتراض خود بخود رفع ہوگیا جو کہا جاتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگادی ہے تو ہدایت پانے سے تو معذور ہوگئے پھر ان کو سزا کا کیا معنی؟

ف: شیخ نے اپنی تفسیر میں فرمایا ہے کہ لفظ ختم کا اسناد اللہ تعالیٰ کی جانب اسی لیے ہے تاکہ تنبیہ ہوجائے کہ کفار کے قلوب وغیرہ پر مہر لگ جانا اہل حق کے نزدیک عقوبت الٰہی ہے جو کہ نہ تو بندے کو ایمان سے روکتی ہے اور نہ یہ کفر پر مجبور کرتی ہے۔ بلکہ یہ انہیں اس بات کی سزا ملی ہے جو انہوں نے اپنے اختیار اور سرکشی سے اختیار کی۔ (یعنی کفر) جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے اس لطف سے محروم ہوگئے جو اس نے ان کے لئے راہ ہدایت آسان فرمایا تاکہ اس کی وجہ سے ایمان کی دولت سے نوازے جاتے اور کفر جیسی مصیبت سے محفوظ ہوجاتے۔

مسئلہ : اس سے ثابت ہوگیا کہ ایمان لانے کے خطاب کا جو اللہ تعالیٰ نے عموماً حکم فرمایا:۔ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر میں داخل ہیں اور جو اس نے عموماً کفر

marfat.ocm
Marfat.com

سے اپنے ارشادگرامی میں فَمَالَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (ان کے لیے کیا ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے) روکا ہے روکے گئے ہیں۔ اگر وہ ایمان لانے سے مجبور محض اور بالکل عاجز ہوتے تو ان کو نہ ہی خطاب ہوتا نہ ہی زجر وتوبیخ کی جاتی جیسے قیامت میں ان کے منہ پر مہر لگ جائے گی اور وہ بول نہ سکیں گے۔ پھر چونکہ وہاں وہ لوگ حقیقۃً کلام کرنے سے عاجز ہوں گے اسی لیے ان سے خطاب نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اس سے ثابت ہوا کہ بندہ اپنے افعال میں مختار ہے اگرچہ ان افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

حل لغات :۔ القلوب قلب کی جمع ہے بمعنی دل اور قلب کو اس لیے قلب کہا جاتا ہے کہ وہ جملہ امور میں متقلب اور جملہ اعضا میں متصرف ہے۔ شیخ کی تفسیر میں ہے کہ قلب ایک گوشت کا ٹکڑا ہے صنوبری شکل کا رگ دتین کے ساتھ الٹا لٹکا ہوا ہے اور دتین ایک رگ ہے جو قلب کے اندر ہے۔ جب بندہ مرتا ہے تو اسے کاٹ دیا جاتا ہے اسے ابہر بھی کہتے ہیں اور تفسیر کواشی میں ہے کہ قلب دل میں کالے رنگ کا ایک گوشت کا ٹکڑا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ صنوبری شکل کا ہے جو دتین کے ساتھ الٹا لٹکا ہوا ہے۔ تعریفات سید میں ہے کہ قلب ایک لطیفہ ربانی ہے اسے اسی دل سے تعلق ہے جو صنوبری شکل کا سینہ کی دائیں جانب رکھا ہوا ہے۔ اور اسی لطیفہ کو ہی حقیقت انسان کہا جاتا ہے۔

عارف جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

نیست ایں پیکر مخروطی دل — بلکہ ہست ایں قفس طوطی دل

گر تو طوطی ز قفس نشناسی — بخدا ناس نہ نساسی

ترجمہ: یہ ٹیلے جیسی شکل والا جسم نہیں ہے بلکہ دل کی طوطی کا یہ پنجرہ ہے اگر تو پنجرے میں سے طوطی کو نہ پہچانے خدا کی قسم تو انسان نہیں بلکہ نساس ہے۔

آیت میں قلب سے دل کی قوت عاقلہ کامحل مراد ہے۔ کبھی اس سے معرفت اور عقل مراد لی جاتی ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ بے شک اس میں اس کے لئے نصیحت ہے جس کا دل ہے۔ یا مہر لگائی ان کے کانوں پر ان کے کانوں کو ایسا کر دیا کہ وہ حق سننے سے بالکل معطل ہو چکے ہیں اور نہ ہی حق کی طرف لو لگاتے ہیں نہ اسے محفوظ رکھ سکتے ہیں اور نہ اسے قبول کرتے ہیں گویا انہیں مہر لگا کر

marfat.ocm
Marfat.com

حق سننے سے محفوظ کر لیے گئے ہیں یہ ان پر سزا ہے بوجہ اس کے کہ انہوں نے برائی کو اختیار کیا اور باطل کی طرف رجوع کیا بلکہ حق پر باطل کو ترجیح دی اور سمع قوت سامعہ کے ادراک کا نام ہے کبھی اس قوت پر اور کبھی اس عضو پر (جو اس قوت کا حامل ہے) پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔ یہاں پر یہی عضو مراد ہے کیونکہ مہر لگانے کا یہی معنی مناسب ہے اور مہر بھی اسی پر لگائی گئی۔

سوال : قلوب کی جمع اور سمع کو واحد کیوں لایا گیا ہے؟

جواب : اس کے کئی جواب ہیں۔ ا۔ سمع دراصل مصدر ہے اور مصدر نہ تثنیہ ہوتا ہے نہ جمع اس لئے کہ مصدر میں ہر سہ معانی یعنی واحد تثنیہ جمع کی صلاحیت ہے۔ **قال تعالیٰ**:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ بے شک وہ مکر کرتے ہیں اور میں ان کے مکر کی انہیں سزا دوں گا۔

سوال : لفظ بصر کو واحد اور جمع کے ساتھ کیوں استعمال کیا گیا حالانکہ وہ بھی تو سمع کی طرح مصدر ہے۔

جواب : بصر عین کا اسم ہے۔ جب وہ اسم ہوا تو مصدریت ختم ہوگئی اس کے بعد اسے جمع لانا بھی جائز ہو گیا۔

۲۔ (برائے سوال نمبر ا) یہاں دراصل مضاف محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں تھی۔

ای علی مواضع سمعهم وحواسه (ان کی سمع وحواس کی جگہوں پر)

جیسے اس آیت میں مضاف محذوف ہے۔ **قال تعالیٰ**: وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ ای اَهْلَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ اس محذوف سے ثابت ہوا کہ سمع فعل ہے اور فعل پر مہر نہیں بلکہ محل فعل پر لگائی جاتی ہے۔

۳۔ سمع سے سارے کا فر مراد ہیں اس لیے کہ جمع کی طرف مضاف کرنے سے تمام افراد مراد ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں واحد کے صیغے میں التباس نہیں ہوتا، جیسے كُلُوا فِيْ بَعْضِ بَطْنِكُمْ اَیْ بُطُوْنِكُمْ کیونکہ ایک بطن سب کو مشترک نہیں۔

۴۔ سیبویہ کا قول ہے کہ یہ دو جمعوں یعنی قلوب وابصار کے درمیان واقع ہوا ہے لہٰذا اس کی دلالت بھی جمع پر ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ای الی الانوار یہاں ظلمات جمع کی وجہ سے نور بمعنی انوار ہوگا۔ (انہیں ظلمات سے انوار کی طرف نکالتا ہے)

سوال : مہر کے لئے قلوب کا ذکر پہلے کیوں؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب : تا کہ پتا چلے کہ ایمان نہ لانے میں اصل دل ہے باقی اعضاء اس کی فرع ہیں۔

سوال : سمع کو ابصار پر کیوں مقدم کیا گیا ہے؟

جواب : اس لئے کہ سمع اور قلوب کا آپس میں اشتراک ہے بخلاف ابصار اور قلوب کے۔

ف: سمع بصر سے افضل ہے کیونکہ قرآن پاک میں اول سمع کا ذکر کیا گیا ہے بعد کو بصر کا۔ دوسرا یہ کہ کوئی نبی بہرا پیدا نہیں کیا گیا۔ اس بنا پر سمع نبوت کی شرط واقع ہوئی بخلاف بصر کے۔ تیسرے یہ کہ سمع بھی عقل کی تکمیل ہے اس لیے کہ وہ حصول عرفان کے لئے عقل کی مدد دیتی ہے۔

وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ ۔ اَبْصَار، بصر کی جمع ہے۔ بصر آنکھ کے ادراک کو کہتے ہیں۔ کبھی مجازاً قوت باصرہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور اس معروف کو بھی کہا جاتا ہے اور یہاں پر یہی مراد ہے اس لئے کہ پردہ آجانے کے لیے عضو کا معنی زیادہ مناسب ہے۔ **غِشَاوَةٌ** بمعنی پردہ اور یہاں پر حقیقی پردہ مقصود نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ ان کی آنکھوں پر ایک ایسی حالت پیدا کر دی گئی ہے جس کی وجہ سے وہ آنکھیں آیات ربانیہ (جو ان کے نفوس اور زمانہ میں پائی جاتی ہیں) کا ادراک نہیں کر سکتیں جیسے کہ دیکھنے والوں کی آنکھوں کا کام ہے گویا کہ ان پر پردہ آگیا ہے جس کی وجہ سے وہ اشیاء کو نہیں دیکھ سکتیں۔ **غِشَاوَةٌ** کو نکرہ لانے میں اس طرف اشارہ ہے۔ کہ ان کی آنکھوں پر ایک قسم کا پردہ ہے جو عرفی معنی کے برعکس ہے یعنی آیات ربانیہ سے اندھا ہو جانا۔ **غِشَاوَةٌ** مبتدا مؤخر اور **عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ** اس کی خبر مقدم ہے۔

سوال : قلوب اور سمع کے لئے مہر اور ابصار کے لئے پردہ۔ اس کا کیا مطلب ہے۔

جواب : قلب اور سمع کا ادراک جمیع جوانب سے ہوتا ہے اسی لئے ان ان پر مہر لگانا جمیع جوانب کے لحاظ سے ہے اور بصر کا ادراک جانب مقابل سے ہوتا ہے اسی لیے اس کے لئے پردہ اس کے مقابلہ کے اعتبار سے ہے۔

ف: تیسیر میں ہے کہ آیت میں قلوب، سمع، ابصار کا ذکر اس لئے ہے کہ خطاب ان تینوں کے اعتبار سے ہے۔

کما قال تعالیٰ :

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا نہیں سمجھتے ہو) **اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ** (کیا نہیں دیکھتے ہو) **اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ** (کیا نہیں سنتے ہو)

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (**حل لغات**) یعنی وہ عذاب جو شدید القوۃ ہے اسی سے عظم (ہڈی) کو لیا گیا ہے

Marfat.com

اور عذاب وزن اور معنی کے لحاظ سے "نکال" کی طرح ہے۔ عرب میں کہتے ہیں:

اعذاب عن الشئی (وہ فلاں شئے سے زیادہ روکنے والا ہے) یہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی شے سے روکا جائے اور عذاب کو عذاب بھی اسی لیے کہتے ہیں کہ عاقل اگر تامل سے کام لے تو یہ عذاب اسے برائی سے روک لیتا ہے اور اسی سے اَلْمَاءُ الْعَذَاب کو لیا گیا ہے کیونکہ میٹھا پانی پیاس کو ہٹا دیتا ہے بخلاف ملح (نمکین پانی) کے کہ وہ پیاس کو الٹا بڑھاتا ہے۔ اس پر یہ علامت بتاتی ہے کہ انہوں نے (میٹھے) پانی کا نام نقاح رکھا ہے کیونکہ یہ پیاس کو ہٹاتا ہے اور فرات کو اسی لیے فرات کہتے ہیں کہ وہ دل کو تسکین بخشتا ہے اور فرات میٹھے پانی کو کہتے ہیں۔ رفت سے ماخوذ ہے یعنی قلب اور بعض نے کہا: عذاب کو عذاب اس لئے کہا گیا ہے کہ یہ اس کی وہ جزا ہے جس سے اس کا دل خوش ہوا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَنُذُرِ (پس میرے عذاب کو چکھو)

سوال: چکھنا تو اچھی شئے کے لئے ہوتا ہے اور یہاں اچھائی کیسی؟

جواب: یہ اس اچھائی کی جزا ہے جو اس نے دنیا میں اپنی خواہش پوری کرنے پر عمل میں لائی اور العظیم حقیر کی نقیض ہے۔ اسی اعتبار سے عظیم، کبیر سے فوق ہوگا جیسا کہ حقیر، صغیر سے کم ہے۔

ف: تفسیر تیسیر میں فرمایا کہ عظیم بمعنی کبیر یا کثیر یا دائم ہے یعنی دوزخ میں ہمیشہ کے لئے عذاب دینا۔ چونکہ وہ عذاب بہت بڑا ہوگا اسی وجہ سے اسے عظیم سے موصوف کیا گیا اور اس میں دوزخیوں کی بیڑیاں اور زنجیر بڑے بڑے ہوں گے اس لئے یہ آیت بمنزلہ وعید کے ہوگی اور جس کے وہ آخرت میں مستحق ہیں اس کا بیان ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ دنیا میں قتل اور قید کی سزا اور آخرت میں جہنم کی آگ میں جلانا اور عظیم سے اسی لیے موصوف کیا گیا کہ اس کے ہم جنس پر قیاس کیا جا سکے اور نکرہ بھی اس لیے کہ ان کو اتنا بڑا عذاب ہوگا کہ جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے سمجھدار کو چاہئے کہ وہ عذاب الیم اور عقاب عظیم سے بچتا رہے یعنی گناہوں پر اصرار نہ کرے اور نہ ہی کسی گناہ کا ارتکاب کرے بعض نے کہا ہے کہ اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ زبان کو ہر برائی سے روکے۔ شیخ سعدی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

بگر اہ گفتن نکو میروی — گناہ بزرگست و جور قوی
مگر شہد شیریں شکر فائقست — کسی را کہ سقمونیا لائقست

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : کسی کو گمراہ کہنا یہ بہت اچھی روش ہے دراصل گناہ بڑا اور ظلم قوی ہے یہ بات مت کہو کہ میٹھا شہد شکر سے بڑھ کر ہے اس شخص کے لئے کہ جس کی طبعیت کے لئے سقمونیا (زہریلی دوائی) زیادہ لائق ہے۔

حدیث شریف:۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔ بنی آدم کے قلوب لوہے کی طرح زنگ آلود ہو جاتے ہیں۔ عرض کیا گیا: ان کی صفائی کا کیا علاج ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ۱۔ تلاوت قرآن ۲۔ کثرت ذکر اللہ ۳۔ کثرت ذکر موت

ف : تمام گناہوں کی اصل تین چیزیں ہیں۔ ۱۔ حرص ۲۔ حسد ۳۔ کبر

پھر ان تین چیزوں سے چھ اور حاصل ہو جاتی ہیں جس سے کل نو ہوئیں۔

۱۔ سیر ہو کے کھانا، ۲۔ نیند بہت کرنا، ۳۔ دنیوی راحت کے درپے رہنا، ۴۔ مال، ۵۔ مرتبہ، ۶۔ حکومت کی محبت حب مال و ریاست بہت بڑے گناہ ہیں جو اپنے صاحب کفر و ہلاکت کی طرف کھینچ کر لے جاتے ہیں۔

حکایت : ایک نوجوان بادشاہ نے اپنے خادموں سے کہا مجھے بادشاہی کرنے میں بڑی راحت ہوتی ہے (بتاؤ) کیا تم لوگ بھی لذت پاتے ہو یا صرف مجھے اس کی لذت محسوس ہوتی ہے؟ سب نے کہا ہم لوگ بھی بادشاہی سے متلذذ ہوتے ہیں۔ اس نے کہا: تو پھر کیا کوئی ایسی تجویز ہے کہ جس سے مجھ سے یہ بادشاہی نہ چھنے اور میں ہمیشہ کے لئے بادشاہ رہوں۔ انہوں نے کہا: ہاں ایک تجویز ہے۔ وہ یہ کہ آپ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں سرگرم رہیں اور اس کی نافرمانی سے کنارہ کش رہیں۔

اس پر اس نے اپنے شہر کے تمام علماء و صلحاء بلائے اور ان سے کہا کہ تم لوگ میرے نگران رہو، جو کام نیک ہوں ان کا مجھے حکم دو اور جو برے ہوں ان سے مجھے روکے رہو۔ چنانچہ وہ اسی طرح کئی سال عامل رہا جس کی برکت سے اس کو چار سو سال بادشاہی کرنا نصیب ہوئی ایک دن اس کے پاس ابلیس ملعون انسانی شکل میں آپہنچا اور آکر پوچھا؟ آپ کون ہیں؟ بادشاہ نے کہا: بنی نوع انسان سے ایک انسان ہوں۔ اس نے کہا: نہیں اگر آپ بنی آدم سے ہوتے تو جس طرح باقی لوگ مر چکے ہیں آپ بھی مر چکے ہوتے، بلکہ آپ تو معبود ہیں آپ کو چاہئے کہ آپ تمام لوگوں سے اپنی پرستش کرائیں۔ یہ بات بادشاہ کے دل میں اتر گئی۔ چنانچہ اس نے ایک دن منبر پر علی الاعلان کہا کہ اے لوگو! اب تک جو بات میں نے تم سے چھپائے رکھی تھی اب اس کے اظہار

Marfat.com

کا وقت آ گیا ہے۔ وہ یہ کہ میں تم لوگوں کا عرصہ دراز سے مالک بنا بیٹھا ہوں۔ اگر میں بھی بنی آدم ہوتا تو مجھ پر موت آجاتی اس سے ثابت ہوا کہ میں بنی آدم سے نہیں ہوں بلکہ تمہارا خدا ہوں، اب تمہیں میری عبادت کرنی چاہئے اس پر اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے نبی کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا کہ آپ اس بادشاہ کو متنبہ کر دیں کہ میں نے اسے بادشاہی اسی لیے دے رکھی تھی کہ اس نے میری عبادت سے منہ نہیں پھیرا تھا۔ اب جب کہ اس نے میری اطاعت سے منہ پھیر لیا ہے میں بھی اس سے بادشاہی چھین کر اس پر بخت نصر (بادشاہ) کو مسلط کرتا ہوں۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا اور اس پر اسی روز سے بخت نصر غالب آ گیا، اس نے اس کی گردن ماری اور اس کے خزانہ کو اٹھانا شروع کیا۔ اس سے ستر کشتیاں سونے کی برآمد ہوئیں (علاوہ دیگر سامان کے)۔

مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

جز عنایت کے کشد چشم را　　جز محبت کے نشاند خشم را

جہد بے توفیق خود کس را مباد　　در جہان واللہ اعلم بالرشاد

ترجمہ:۔ مہربانی کے سوا وہ اپنی آنکھ کو کب کھولتا ہے اور محبت کے سوا وہ غصہ کو کب پیتا ہے اس کی توفیق کے بغیر کس کی طاقت ہے کہ دنیا میں ہدایت کو اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

ختم میں سوابق احکام قدر کی طرف اشارہ ہے کہ جن کا خلیفہ کے لئے بموافق حکمت اور ارادہ ازلیہ سعادت وشقاوت کے ساتھ آغاز ہوا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ (بعض ان میں بد بخت اور بعض نیک بخت ہیں) باوجودیکہ ان میں ایمان وکفر قبول کرنے کی بہتر استعداد پائی جاتی ہے اس لیے جب اللہ تعالیٰ نے ان کے ذرات کو اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے خطاب سے مخاطب فرمایا تو ان سب نے بَلٰى کہا۔ پھر ان ذرات کو ان کے قلوب میں املئہ رکھا۔ پھر قلوب کو اجسام میں اور اجسام کو دنیا میں، گویا ذرات کو تین اندھیروں میں بند کیا گیا۔ پھر دل کا دریچہ عالم غیب کی طرف بواسطہ ذرات کے کھلا رہتا ہے جو کہ امانت رکھے ہوئے ہیں جنہوں نے اللہ کے خطاب کو سنا اور کمال حق کا مشاہدہ کیا یہاں تک کہ بچے کی ولادت ہوتی ہے۔

حدیث شریف: جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی بنائیں یا نصرانی یا مجوسی۔

marfat.com
Marfat.com

اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اشقیاء کو والدین کی تربیت میں سپرد فرماتا ہے۔ اَنْتُمْ وَاٰبَاءُ كُمْ فِيْ ضَلَالٍ مُبِيْنٍ اس بنا پر اس کی شقاوت مقدرہ تقلید اور صفات نفسانیہ، ظلمانیہ اور خواہش وطبیعت میں مضمر تھی۔ پھر اس شقاوت کی تاثیر وظلمت اور میل کچیل دل میں داخل ہو کر اس میں شقاوت اور سیاہی پید اکر دیتی ہے اور اس پر پردہ ڈال دیتی ہے یہاں تک کہ وہ دریچہ جو ذرات کی طرف کھلا ہوا تھا اسے بند کر دیتی ہے جس کی وجہ سے دل اندھا اور بہرہ ہو جاتا ہے اسی وجہ سے اہل شقاوت نہ تو ذرات کے ساتھ (جو بجانب حق تھے) دیکھ سکتے ہیں اور نہ سن سکتے ہیں۔ اسی بنا پر انبیاء علیہم السلام کا انکار کرتے ہوئے کفر کی وجہ سے ان پر شقاوت کی مہر لگاتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا: بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ (ان کے کفر کی وجہ سے ان پر مہر لگائی)

تقدیر ایک پوشیدہ راز ہے جسے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ سعادت مندی کے آثار سعادت مندوں کے اقرار اور بدبختی کے آثار بدبختوں کے انکار سے ظاہر ہوتے ہیں۔ تقدیر سے انکار کرنے کی مثال بیج جیسی ہے جو زمین میں پوشیدہ ہوتا ہے کہ اس کا اظہار شجر کی وجہ سے ہوگا۔ کیونکہ وہ شجرہ میں مستور ہے۔ اب درخت سے خارج ہو کر ٹہنیوں میں جاگزیں ہے لیکن ہے پوشیدہ۔ یہاں تک کہ ٹہنیوں سے خارج ہو کر ثمرہ کی شکل میں آجاتا ہے لیکن اب بھی مخفی ہے۔ یہاں تک کہ ثمرہ سے ظاہر ہو گیا اور بیج کے ظہور کا خاتمہ ہو گیا ثمرہ کی وجہ سے اسی طرح تقدیر کا راز ہے اور یہ بھی سعادت وشقاوت کا بیج ہے جو اللہ تعالیٰ کے علم میں پوشیدہ ہے یہاں تک کہ انسان کے وجود کے شجرہ سے ظاہر ہوا۔ پھر اس انسانی شجرہ میں وہی سعادت وشقاوت پوشیدہ رہی پھر اس کا ظہور اخلاق کی ٹہنیوں سے ہوا لیکن وہی بیج اب بھی ان ٹہنیوں میں پوشیدہ ہے اب وہ اعمال کے ثمرہ میں ظاہر ہونے لگی۔ یعنی اقرار وانکار اور ایمان وکفر۔ اب جب کہ ان کا ظہور ہوگا تو تقدیر کے راز پر مہر لگ گئی اور وہی یعنی سعادت وشقاوت ثمرہ ایمان وکفر سے ظاہر ہوئی پس تقدیر کا راز سعادت وشقاوت کی مہر لگانے سے ظاہر ہو گیا۔ پس جن لوگوں کے دلوں پر کفر کی مہر لگائی اگرچہ اس مہر کے نقش احکام ازلیہ اور تقدیر کے راز سے ہیں یہاں تک کہ وصال کی دولت سے محروم ہو گئے اس سے ان کے کانوں پر مہر لگائی کہ اب وہ مالک ذوالجلال کے خطاب کو نہیں سن سکتے اور ان کی آنکھوں پر اندھاپن اور گمراہی کے پردے ہیں کہ اب وہ اس جلال وکمال کو نہیں دیکھ سکتے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ

اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝

فریب دیا چاہتے ہیں اللہ کو اور ایمان والوں کو اور حقیقت میں فریب نہیں دیتے مگر اپنی جانوں کو مگر انہیں شعور نہیں۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا

ان کے دلوں میں بیماری ہے تو اللہ نے ان کی بیماری اور بڑھائی اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے بدلہ ان کے

يَكْذِبُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝

جھوٹ کا۔ اور جو ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو سنوارنے والے ہیں۔

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ

سنتا ہے وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں اور جب ان سے کہا جائے ایمان لاؤ جیسے

اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

اور لوگ ایمان لائے ہیں تو کہیں کیا ہم احمقوں کی طرح ایمان لے آئیں سنتا ہے وہی احمق ہیں مگر

لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا

جانتے نہیں۔ اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوں تو کہیں

اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ

ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم تو یونہی ہنسی کرتے ہیں۔ اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا

ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی تو

marfat.ocm
Marfat.com

رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ

ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا اور وہ سودے کی راہ جانتے ہی نہ تھے۔ ان کی کہاوت اس کی طرح ہے جس نے آگ روشن کی

نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ

تو جب اس سے آس پاس جگمگا اٹھا اللہ ان کا نور لے گیا اور انہیں اندھیریوں میں چھوڑ دیا

ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ

کہ کچھ نہیں سوجھتا۔ بہرے، گونگے اندھے تو پھر آنے والے نہیں۔ یا جیسے آسمان سے

مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ

اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾

کڑک کے سبب موت سے ڈرتے اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا

بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی آنکھیں اچک لے جائے گی جب کچھ چمک ہوئی اس میں چلنے لگے

فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

اور جب اندھیرا ہوا کھڑے رہ گئے اور اللہ چاہتا تو

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

ان کے کان اور آنکھیں لے جاتا بیشک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

تفسیر عالمانہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ (ربط) جب باری تعالیٰ نے اپنی مبارک کتاب کے حال کی شرح کا آغاز فرمایا تو اس کے بعد ان لوگوں کا ذکر فرمایا جو اس کی خاطر دین کو خالص

marfat.ocm
Marfat.com

کرنے والے ہیں اور اس معاملہ میں ان کی زبانیں ان کے قلوب کے موافق ہیں۔ پھر دوسرے نمبر ان لوگوں کا بیان ہوا جنہوں نے ظاہراً و باطناً کفر سے حصہ لیا اور تیسرے نمبر پر ان لوگوں کا ذکر ہوا جو نمبر تیسرے میں ہیں۔ یعنی وہ لوگ جنہوں نے صرف زبان سے ایمان کا اظہار کیا لیکن ان کے قلوب نعمتِ ایمان سے بہرہ ور نہیں۔ اس تیسرے گروہ کا بیان تقسیم کی تکمیل کے لئے ہے۔

ف: یہ منافق کفار سے بہت زیادہ خبیث اور اللہ کے نزدیک مبغوض ترین لوگ ہیں کیونکہ انہوں نے فریب اور استہزاء کرتے ہوئے کفر میں خلط وملط کر دیا اس لیے ان کی خباثت بیان کرنے میں طوالت کی گئی۔

نکتہ : قاشانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ان کفار (جو اپنے کفر پر اصرار کرنے والے ہیں اور ان کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے) کے ذکر میں صرف دو آیتوں پر اکتفا کرنے اور منافقین کے اوصاف (قبیحہ) بیان کرنے میں تیرہ آیتوں کو لانے میں نکتہ یہ ہے کہ کفار سے پوری طرح اعراض اس لئے کیا گیا کہ ہے اب ان میں نہ کلام اثر کرتا ہے اور نہ ان کو خطاب فائدہ پہنچاتا ہے بخلاف منافقین کے کہ کبھی ان میں توبیخ وتعبیر اثر کر جاتی ہے اور ان پر طعن وتشنیع اور ان کے اپنے حالات وعادات اور اندرونی امراض وخباثتِ نیت ظاہر کرائے جانے میں ہوسکتا ہے کہ شاید اس طریق سے اپنی بری عادات سے باز آجائیں اور ان کی صورتِ حال کو قبیح طرز میں بیان کرنے اور ان کو ان کے نفوس فرمانبرداری میں آجائیں گے اور وہ رذائل کہ جن میں وہ خراب ہو رہے ہیں ان سے دور ہو جائیں گے پھر وہ اس دائرہ میں آسکیں گے جس کو اللہ تعالیٰ نے اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِیْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ وَسَوْفَ یُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَجْرًا عَظِیْمًا ، النَّاس انسان کی جمع ہے ، انسان کو انسان اس لیے کہا گیا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کا وعدہ بھلا دیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا اس معنی پر اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ کی تفسیر میں آیا ہے کہ لَكَنُوْدٌ بمعنی نعمتوں کے بھلا دینے والا اور تکالیف کو بہت زیادہ یاد کرنے والا۔

بعض کہتے ہیں کہ انسان کو انسان اس لیے کہا گیا کہ وہ ان ظہور کی وجہ سے اٰنَسَ بمعنی اَبْصَرَ سے مشتق ہے اور یہ ظاہر ہیں اور نظر آنے والے ہیں اس لیے ان کو بھی بشر کہتے ہیں جیسا کہ جنات کو جن کہا گیا ہے ان کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے یعنی وہ لوگوں کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ اُنس سے مشتق ہے (جو کہ وحشت

marfat.ocm
Marfat.com

کی ضد ہے) کیونکہ وہ اپنے ہم جنس سے مانوس ہوتے ہیں یا اس لئے کہ ان کے ارواح ان کے اجسام سے ان کے اجسام ان کے ارواح سے مانوس ہیں۔

قانون: النَّاسِ میں لام جنس کی ہے اور مَنْ يَقُوْلُ میں مَنْ موصوفہ ہے کیونکہ کوئی مخصوص انسان مراد نہیں، گویا کہ کہا گیا ہے **ومن الناس ناس** " **من يقول** یعنی صرف زبان سے اقرار کرتے ہیں۔

۳۔وہ معنیٰ جو نفس میں متصور ہوتا ہے جسے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ۴۔بمعنیٰ رائی۔ ۵۔مذہب۔

پچھلے تینوں معانی مجازی ہیں۔

سوال: يَقُوْلُ میں ضمیر واحد کی لائی گئی ہے اور اٰمَنَّا میں جمع کی، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: لفظ مَنْ میں دو اعتبار ہوتے ہیں: **لفظی**، معنوی، اس کے لفظی اعتبار سے يَقُوْلُ میں ضمیر مفرد کی لائی گئی کیونکہ لفظ مَنْ لفظاً مفرد ہے اور اٰمَنَّا میں اس کے معنی کا اعتبار کیا گیا ہے کیونکہ مَنْ معناً جمع ہے۔ یا النَّاسِ میں لا عہد کی ہے اور معہود وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور مَنْ موصولہ ہے۔اس سے مراد عبداللہ بن ابی بن سلول اور اس کے ساتھی اور اس کے ہم مثل وہ منافقین ہیں کہ جنہوں نے اسلام کا معتقد ہونا اس لیے ظاہر کیا تا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب کرام علیہم الرضوان سے بچ جاویں حالانکہ ان کے اعتقادات فی الحقیقت ان کے خلاف تھے اکثر ان میں یہودی تھے وہ تو منافقت پر ہمیشہ کمر بستہ رہتے اسی بنا پر ان کو بھی ان کفار میں گنا گیا جن کے قلوب پر مہر لگائی جا چکی ہے اور اس زیادتی سے جو کہ انہوں نے کفر پر زیادتی کی (یعنی منافقت) کی خصوصیت سے ان کا کفار میں داخل ہونے سے انکار کیا جا سکتا ہے کیونکہ ہر جنس کا نوع ہوتا ہے اور یہ بھی چند زیادتیوں سے ان کے بعض بعض سے متنوع ہیں۔اس تقریر کی بنا پر دوسرے گروہ کی یہ تقسیم ہوئی۔

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ یعنی ہم اللہ تعالیٰ کو صدق دل سے مانتے ہیں اور آخرت پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور یوم آخر سے مراد حشر لے کر اسی مانیا یہ ہے یعنی وقت دائم جو کہ ختم ہونے والے اوقات کا آخری وقت اور اس سے مراد قیامت کا دن ہے یا حشر سے لیکر بہشتیوں کا بہشت میں اور دوزخیوں کا دوزخ میں داخل ہونے تک، کیونکہ ایام معدودہ کا یہ آخری یوم ہے کیونکہ اس کے ماسوا کی کوئی حد نہیں اور اس کو آخر بھی اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ دنیا

marfat.ocm
Marfat.com

میں بعد میں آنے والا ہے۔

سوال : ایمان کو ان دونوں یعنی باللہ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ پر کیا تخصیص ہے؟

جواب : وہ لوگ مدعی تھے کہ ہم ایمان کی دونوں جانبین کو حاوی ہیں اور اس کی دونوں اطراف کو احاطہ کرنے والے ہیں اس پر انہیں خبردار کر دیا گیا کہ تم لوگ اپنے اس گمان پر پورے نہیں بلکہ منافقت کر رہے ہو۔ علاوہ ازیں وہ اس قول کے کرنے سے منافقت کر سکتے ہیں کیونکہ یہ لوگ یہودی تھے اور یہودی اگرچہ اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے تھے مگر ان کا یہ ایمان کالعدم تھا کیونکہ ان میں ذیل کی خرابیاں پائی جاتی ہیں۔ ان کے اعتقاد میں یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کو بندوں سے تشبیہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے۔

اور کہتے تھے کہ بہشت میں سوائے ہمارے کوئی بھی داخل نہ ہوگا۔

اور کہتے تھے کہ ہم دوزخ میں نہیں ہوں گے مگر چند روز، وغیرہ۔

اور گمان رکھتے تھے کہ وہ ہمارے اور مومنین کے ایمان میں کوئی فرق نہیں۔

ف: ان کی عبارت کو بعینہٖ نقل کرنے میں ان کی کمال خباثت کا بیان کرنا ہے کیونکہ وہ باتیں جو وہ کہا کرتے تھے اگرچہ کبھی ان کے بلا دھوکہ اور فریب صادر بھی ہو جاتیں تو ان کو ایمان نہیں کہا جا سکتا کیسے کہا جائے جبکہ یہی اقوال مومنین کو دھوکا دینے اور ان کے ساتھ استہزاء کرنے کی بنا پر کہہ دیا کرتے تھے تو یہ خالص ان کی خباثت اور نرا کفر ہی کفر ہوگا۔

وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ لفظ لَيْسَ کا نائب ہے اس لیے اس کے بعد باء زائدہ آئی ہے اب معنیٰ یہ ہوا کہ وہ لوگ تصدیق کرنے والے نہیں کیونکہ جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اس کا خلاف دل میں رکھتے ہیں بلکہ یہ لوگ منافق ہیں۔

ف: ان پر یہ حکم لگانا کہ یہ لوگ مومن نہیں ہیں ان کے اس دعویٰ کی نفی ہے کہ وہ بالیقین والقطع مدعی تھے کیونکہ ما کی خبری باء داخل کر کے ان سے اصل ایمان کی نفی داخل کر دی گئی ہے اس لیے تو **وما هم من المؤمنين** نہیں فرمایا علاوہ ازیں وجہ کے پہلا جملہ یعنی وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ دوسرے یعنی **وما هم من المؤمنين** سے زیادہ بلیغ ہے۔

مسئلہ : اس آیت سے معلوم ہوا کہ وہ دعویٰ مردود ہوتا ہے کہ جس کی صحت پر دلائل صحیح نہ پائے جائیں۔

حکمت : اہل عرب کہتے ہیں کہ جس نے اپنے آپ کو اس بات سے سنوارا کہ جو اس میں نہیں ہے تو وہ اپنے

marfat.ocm
Marfat.com

دعویٰ کرنے سے امتحان کے وقت شرمسار ہوگا اور جو شخص اپنی تعریف کرتا ہے ندامت اٹھائے گا اور جو اپنی مذمت کرتا ہے وہ تعریف کیا جائے گا جیسا کہ فرعون نے اپنی مدح میں کہا:

وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (اور میں مسلمانوں سے ہوں) تو اس کی مذمت ان الفاظ سے کی گئی۔

وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ (اور تو مفسدوں سے تھا)

اور حضرت یونس علیہ السلام نے تواضعاً فرمایا: اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (بیشک میں ظالموں سے ہوں) تو ان کے لئے فرمایا گیا: فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ (اگر وہ نہ ہوتا تسبیح کرنے والوں سے)

حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

خوش بود گر محک تجربہ آید بمیاں — تا سیہ رُو شود ہر کہ غش باشد

ترجمہ: اچھا ہے اگر پرکھنے اور امتحان کے لئے کسوٹی درمیان میں ہوتا کہ جس کسی کے اندر کھوٹ ہو وہ سیہ رو ہو جائے۔

حکایت: ایک شخص کا ایک شاگرد ہمیشہ اپنے لیے امانت کا دعویٰ کرتا تھا مگر شیخ کو اس کے خلاف آثار نظر آتے تھے مگر تلمیذ بہت اعتماد سے کہتا کہ مجھے آزما لیجئے۔ اس سے اس کا مقصود یہ تھا کہ مجھے اسرارِ الٰہیہ سے کسی ایک راز کا انکشاف بخشا جائے گا ایک دن شیخ نے اپنے ایک اور شاگرد جو اس کا ساتھی تھا پکڑ کر اپنے گھر چھپا لیا، اور مینڈھے کو پکڑ کر ذبح کر کے ایک صندوق میں رکھ لیا اس اثنا میں وہی امانت کا مدعی تلمیذ آ گیا استاد صاحب کو دیکھا کو خون آلود ہیں اور صندوق بھی سامنے پڑا ہے اور چھری ہاتھ میں ہے۔ تو عرض کی کہ حضرت جی! یہ کیا ماجرا ہے؟ استاد صاحب نے فرمایا کہ میں نے اس کی خواہشات نفسانیہ کی ایسی بیخ کنی کر دی ہے تا کہ وہ میری مخالفت نہ کرے۔ اس نابکار شاگرد نے سمجھا کہ وہ مقتول تلمیذ اسی صندوق میں ہے۔ پھر استاد صاحب نے اس شاگرد سے فرمایا کہ اے میرے عزیز! اس راز کو اپنے دل میں رکھنا اور اس مقتول تلمیذ کے صندوق کو جو میرے سامنے ہے میرے گھر دفن کر دو۔ (اس امر سے اصل میں نابکار شاگرد کی آزمائش کرنا مقصود تھا) اور بعد ازاں اتنے میں اس گمشدہ تلمیذ کا باپ جو اپنے بیٹے کی تلاش میں تھا وہی نابکار شاگرد اس کے باپ سے کہنے لگا کہ تیرے بیٹے کو ہمارے استاد صاحب نے قتل کر کے اپنے گھر میں دفن کر دیا ہے شدہ شدہ یہ بات سلطانِ زمان تک پہنچی۔ بادشاہ

marfat.ocm
Marfat.com

نے سن کر توقف فرمایا کیونکہ اس بزرگ کی بزرگی سے وہ خوب واقف تھا مگر تا اہم شیخ کی خدمت میں قاضی اور دیگر فقہاء کو بھیج کر تفتیش شروع کر دی۔ اس واقعہ سے تلمیذ نابکار بڑا خوش ہوا اور استاد صاحب کا خوب گالیاں دیں اور گواہوں کو ساتھ لیکر آئے تا کہ مذبوح لڑکے کو بچشم خود دیکھ سکیں۔ چنانچہ جب صدوق کو کھولا گیا تو ذبح شدہ مینڈھا اس میں پایا اور اس گھر سے وہ لڑکا صحیح سلامت باہر نکل آیا جس سے اس شاگرد کو سخت شرمندگی اٹھانا پڑی۔ مگر اب ندامت سے کیا فائدہ؟ (کذافی الرسالة الموسوم بالحکم المربوط فیمایلزم اهل طریق الله من الشروط مصفنه شیخ الا کبر ابن العربی قدس سرهٗ العزیز)

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ اسرار مبینوں کو دیے جاتے ہیں اور انوار ادیبوں کو دیے جاتے ہیں حضرت حافظ شیرازی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

حدیثِ دوست نہ گویم مگر بحضرت دوست — کہ آشنا سخن آشنا نگہ دارد

ترجمہ : دوست کی بات دوست کو کہی جاتی ہے اس لیے کہ راز دان راز دان کی بات کو با حفاظت رکھتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ مِنَ النَّاسِ میں النَّاسِ سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے وعدہ یوم میثاق کو بھلا دیا۔ پھر ان میں بعض تو وہ ہیں جو منہ سے تو کہتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لائے لیکن ان کے قلوب اس کے خلاف گواہی دیتے ہیں۔ ایمان حقیقی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے نور سے ہو جس کو اللہ تعالیٰ اپنے خواص کے قلوب میں ڈالتا ہے اور یوم آخر پر ایمان لانے کا معنی یہ ہے کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نور سے یوم آخرت کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر کے آخرت پر ایمان لاتے ہیں۔ پس جس نے اللہ تعالیٰ کے نور سے نہ دیکھا تو اسے عالم غیب کا مشاہدہ بھی نصیب نہ ہوا۔ نہ وہ غیب کو جان سکے گا نہ مومن باللہ ہوگا اور نہ مومن بالیوم الآخر اس لیے تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ یہ وہ لوگ نہیں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے نور سے ایمان لاتے ہیں۔ اس آیت کا معنی اور بھی ہے وہ یہ کہ وہ لوگ حقیقی ایمان کی طرف جانے کے لئے تیار نہیں کیونکہ وہ لوگ نہایت غفلت وخذلان میں ہیں۔

تفسیر عالمانہ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ (ربط) جملہ سابقہ میں جو يَقُوْلُ گزرا ہے اس کا بیان ہے اور منافقین جو اپنی غرض اٰمَنَّا بِاللّٰهِ بیان کرتے تھے اس کی ان کو توبیخ ہو رہی ہے یا جملہ مستانفہ ہے

marfat.ocm
Marfat.com

جوایک سوال مقدر کا جواب۔سوال یہ ہے کہ گویا سائل نے پوچھا کہ ان منافقین کی جزا کیا ہے جو منہ سے تو گواہی دیتے ہیں لیکن وہ مومن نہیں۔تو اس کے جواب میں یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ معلوم رہے کہ یُخٰدِعُوْنَ بمعنی یَخْدَعُوْنَ ہے۔ فَعَلَ کو فَاعَلَ کے وزن پر مبالغہ لایا گیا ہے۔یُخٰدِعُوْنَ اپنے ظاہری معنی پر نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ سے تو کوئی شے مخفی نہیں اور منافقین کا دھوکہ بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ نہیں بلکہ ان کی غرض دھوکا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات تھی۔اس معنی پر مضاف محذوف ہوگا۔یعنی یخٰدعون رسول اللّٰہ ،یا یوں ہو کہ جو معاملہ رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے کیا جارہا ہے یہ دراصل اللہ تعالیٰ سے ہورہا ہے کیونکہ آپ در اصل زمین پر اللہ تعالیٰ کے نائب ہیں اس کے بندوں کو اسکے اوامر ونواہی سناتے ہیں۔

مسئلہ : ثابت ہوا کہ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بہت ارفع واعلیٰ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ دھوکا کرنے کو اپنے ساتھ دھوکا کرنے سے تعبیر فرمارہا ہے۔

سوال: وہ منافقین تو کفار سے بھی زیادہ خبیث اور اھل الدرک الا سفل من النار تھے پھر ان پر مومنین کے احکام جاری کرنے کا کیا معنیٰ ؟

جواب : یہ صرف مہلت دینے کی وجہ سے ہوا۔

سوال : رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور مومنین ان کی منافقت کو جانتے ہوئے بھی ان پر اسلام کے احکام جاری کرتے اور ان کے حال کو کسی پر ظاہر نہ کرتے مخفی رکھتے یہ کیوں؟

جواب : اللہ تعالیٰ کے فرمان کو مان کر،تا کہ مخادعہ دونوں جانت سے ہوجائے اگر ان پر یہ احکام جاری نہ ہوتے تو کافروں میں مل جاتے اور پھر ان کو اس دھوکا دہی کی جزا کیسے ملتی۔

حل لغات : خَدَع" بمعنی برائی کے پہنچانے کے ارادہ پر اپنے ساتھی کو اپنے ارادہ کے خلاف پاکر اسے دھوکا میں رکھ کر خود بآسانی مکروہ امر سے نجات پانا۔اہل عرب کے قول خبّ"،خادع"،وخَدِع" سے ماخوذ ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ شکاری اپنا ہاتھ گوہ کے ہاتھ میں ڈالے اور سے خیال ہو کہ شاید وہ میری طرف متوجہ ہے حالانکہ وہ کسی دوسرے دروازہ سے نکل جائے یہاں پر دونوں معنی مناسب ہیں کیونکہ منافقین کا ارادہ بھی یہی تھا کہ مومنین کے مخالفین کو راز بتا کر خود تکالیف سے بچ جائیں جو باقی کفار کو مومنین کی جانب سے بوجہ

marfat.ocm
Marfat.com

قتل یا مال چھن جانے اور قید ہو جانے سے پہنچتی تھیں۔ علاوہ ازیں ان کا دنیاوی مصلحتوں کے نظم ونسق کو بھی حاصل کرنا مقصود تھا بایں طور کہ جس طرح مومنین کو عطیہ جات ملتے تھے انہیں بھی ملتے رہیں۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا یعنی مومنین سے بھی دھوکا کرتے ہیں جب انہیں دیکھ کر اٰمَنَّا بِاللّٰهِ کہتے ہیں حالانکہ وہ ایماندار نہیں ہیں۔ اس کا عطف پہلے جملے پر ہے یہاں پر "مُخَادِعَة" کا حقیقی معنی ہوگا۔ کیونکہ حقیقی معنی ممکن ہے۔

وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ **حل لغات** : نفس" شے کی ذات اور حقیقت کو کہتے ہیں کبھی روح کو بھی نفس کہتے ہیں۔ کیونکہ نفس اسی سے زندہ ہے اور قلب کو بھی نفس کہتے ہیں کیونکہ یہ قلب کا محل اور متعلق ہے۔ اور خون کو بھی نفس کہتے ہیں کیونکہ نفس کا قوام اسی کے ذریعے سے ہے اور پانی کو بھی نفس کہتے ہیں کیونکہ اس کی نفس کو بہت ضرورت ہے یہاں پر پہلا معنی مراد ہے کیونکہ بیان یہ کرنا ہے کہ دھوکا بازی کا نقصان دراصل صرف انہیں ہوگا کیونکہ ان کے فعل کا دائرہ نہیں پر بند ہے۔ جنہوں نے صیغہ (مفاعلہ) کے معنی صحیح رکھنے کا پورا اہتمام رکھا تو وہ اس طرح ترجمہ کریں گے کہ وہ معاملہ جو دھوکا بازوں کے معاملہ سے مشابہ ہے سوائے اپنے نفسوں کے کسی دوسرے کے ساتھ نہیں کرتے۔ کیونکہ یہ نقصان سوائے ان کے دوسرے کو محیط نہ ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی منافقت کی اطلاع دیدے گا جس کی وجہ سے وہ دنیا میں شرمساری اٹھائیں گے اور آخرت میں سخت عذاب کے مستحق ہوں گے۔ مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

بازی تو دیدم اے شطرنج باز　　بازی خصمت ببیں پہن دراز

ترجمہ : اے شطرنج کھیلنے والے! میں نے تیرا کھیل دیکھا ہے اپنے دشمن کا کھیل بھی دیکھ جس کا میدان وسیع ہے۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ جیسے یہ لوگ کر رہے ہیں قیامت میں بھی ان سے ایسا ہی کیا جائے گا چنانچہ مروی ہے کہ جب یہ لوگ جہنم میں ڈالے جائیں گے تو عرصہ دراز تک عذاب میں مبتلا رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ سے فریادی ہوں گے اور بخشش کی طلب کریں گے تو کہا جائے گا دروازے کھلے ہیں جہنم سے نکل کر جب بہشت کے قریب پہنچیں گے تو دروازے بند کر دیئے جائیں گے اور انہیں لوٹا کر شیاطین وطواغیت کے ساتھ دوزخ میں بند کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا (بیشک وہ مکر کرتے ہیں اور میں ان کے مکر کی انہیں جزا دوں گا) (بیشک وہ مکر کرتے ہیں اور ہم بھی ان کے مکر کی انہیں سزا دیں گے)

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف: بعض لوگوں کو بہشت میں داخل ہونے کا حکم ہوگا، جب وہ بہشت کے قریب ہوں گے اور اس کی خوشبوئیں ان کے دماغوں میں پہنچیں گے اور اس کے محلات پر نظر کریں گے اور ان اشیاء کو دیکھیں گے جو اللہ تعالیٰ نے بہشت کے لئے تیار فرمائیں انہیں ندا ہوگی کہ بہشت سے دور ہو جاؤ تمہارے لیے اس میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ حسرت وندامت کے ساتھ لوٹیں گے جس طرح ان کی یہ رسوائی ہوگی ایسی نہ پہلے کسی سے ہوئی اور نہ آئندہ کسی سے ہوگی۔ عرض کریں گے: **الٰہ العالمین** ! قبل اس کے کہ وہ اشیاء جو تو نے اپنے اولیاء کے لئے بہشت میں تیار کی ہیں ہمیں دکھاتا اور دوزخ میں داخل فرمالیتا تو اچھا ہوتا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: یہ میں نے ارادہ کیا ہے کیونکہ تم وہی تو ہو کہ جب تم تنہائی میں ہوتے تو اپنے وساوس سے میرے ساتھ قسم قسم کے جنگ وجدال میں رہتے اور جب مومنوں سے ملتے تو بات کو چھپا کر ریا سے کام لیتے ہوئے کو کچھ دل میں ہوتا اس کے خلاف کا اظہار کرتے تم دنیا والوں سے تو ڈرتے تھے مگر میرا ڈر تم کو کبھی یاد نہ آیا۔ لوگوں کو تم نے بزرگ سمجھا مگر میری بزرگی کا تمہیں لحاظ نہیں تھا اور لوگوں کے لئے تم (غلط روی) کو چھوڑ دیتے مگر میرے لئے تم نے کوئی (برا عمل) نہ چھوڑا پس آج کے دن میں تم کو اپنی نعمتوں سے محروم رکھ کر عذاب شدید میں مبتلا کر رہا ہوں۔ (کذافی **روضة العلماء وتنبيه الغافلين**)

وَمَا يَشْعُرُوْنَ (ربط) یہ جملہ، جملہ **وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ** کی ھُمْ ضمیر سے حال ہے یعنی اپنے نفوس پر دھوکا کے وبال سے کمی نہیں اور غفلت وغوایت میں منہمک ہونے کی وجہ سے اس خرابی کا انہیں علم بھی نہیں ہوتا۔ طوق وبال خداع اور پھر اس کے نقصان کا عود اس کی طرف لوٹنے کے ظہور کو ایسا کا لمحسوس بیان کیا کہ سوائے ماؤف الحواس کے کسی پر مخفی نہیں۔ ان کو بمنزلہ جمادات کے بنایا گیا، بلکہ بہائم کے رتبے سے بھی انہیں گرا گیا بایں طور کہ ان سے حسن حیوانی سلب کی گئی ہے پس ان کے حق میں کہا جاسکتا ہے **بَلْ هُمْ اَضَلُّ**

وَمَا يَشْعُرُوْنَ یہ **لَا يَعْلَمُوْنَ** سے زیادہ احسن اور بلیغ ہے۔ **الشعور بمعنی الا حساس** ہے یعنی **علم الشئی** بمعنی علم حسن ہے اور مشاعر انسان بمعنی حواس، انسان کی وجہ یہ ہے کہ انسان کا ہر حاسّہ شعور اور نصیحت قبول کرنے کا محل ہے پس منافق جو بھی عمل کرتا ہے اس کا اس کے وبال کا اسے علم بھی نہیں ہوتا اور مومن چونکہ اپنے ہر عمل کے وبال کو جانتا ہے کہ بنا بریں اللہ تعالیٰ کے سامنے منافق کو کوئی عذر قبول نہیں ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

سوال : اس آیت میں تو اس کے جاننے کی نفی کی گئی اور دوسری آیت میں ان کے جاننے کا ثبوت ہے۔

جواب : اس کا حقیقۃً تو انہیں علم تھا لیکن انہیں اپنے کیے کا علم نہیں ہوتا تھا لہٰذا وہ لاعلم ہی تھے ان کی مثال صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ والی آیت ہے وہ لوگ اگرچہ ناطق اور سامع اور ناظر تو تھے لیکن چونکہ وہ اس سے نفع نہ اٹھا رہے تھے بنابریں گویا وہ گونگے اور بہرے اور اندھے ہیں مثلاً ایک شخص کے پاس ہتھیار ہو مگر وہ اسے استعمال نہیں کرتا تو وہ اور وہ شخص جس کے پاس ہتھیار نہ برابر ہیں۔ اسی طرح وہ عالم جو اپنے علم کے مطابق عامل نہ ہوا اور جاہل برابر ہیں۔ اسی طرح دولت مند جو اپنے مال سے نفع نہیں اٹھاتا وہ اور مفلس برابر ہیں۔ پس کفار کے لئے علم ثابت الزام حجت کے لئے ہے اور ابوجہل کا اثبات ان کی کمی کے اظہار کے لئے ہے بخلاف اہل ایمان کے ان کے لئے علم کا اثبات ان کی کرامت کے اثبات کے لئے اور ذکر جہل معصیت میں معذور ہونے کی تلقین سکھانے کے لئے ہے۔ (کذافی التیسیر)

سبق : مومن کے شایان شان یہ ہے کہ علم و عمل کے زیور سے آراستہ ہو اور خطا و گناہ سے کنارہ کش رہے اور اپنے رب کی خالص رضا کی خاطر اس کی اطاعت کرے اور قلب سلیم سے اس کی عبادت میں مصروف ہے۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں اپنی امت پر جیسا کہ ان کے شرک اصغر سے خائف ہوں ان کے کسی اور عمل سے خائف نہیں۔ عرض کیا گیا: شرک اصغر کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: ریاء (شرک اصغر ہے) قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اعمال کی جزا دے گا تو ریاکار لوگوں کو فرمائے گا کہ تم ان حضرات کے پاس جاؤ جن کے سامنے دنیا میں اپنے اعمال ریاء کے طور پر کرتے تھے کیا تمہارے لیے ان کے پاس کوئی بھلائی ہے (نہیں ہرگز نہیں) یہ ان کو اس لیے کہا جائے گا کہ ان کا یہ عمل بطور دھوکا کے ہوگا بنابریں ان کے ساتھ بھی وہی معاملہ کیا جائے گا جو دھوکا بازوں کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ (تنبیہ الغافلین)

شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ؎

چہ قدر آور بندہ ریش کہ زیر قبا دارد اندام پیش

ترجمہ : اس آدمی کی کیا قدر جو ریاکاری کا لباس پہنے ہوئے ہے کہ وہ اپنی قبا کے نیچے کئی جسم رکھتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ جب اللہ تعالیٰ نے بعض بندوں کے لئے شقاوت مقدر فرمائی تو پوشیدہ تقدیر کا بیج ان کے

marfat.ocm
Marfat.com

اعمال میں بویا جس سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دھوکا بازی کا پھل نمودار ہوا اور یہ اسے معلوم بھی نہیں ہوتا کہ یہ دھوکا دہی پوشیدہ تقدیر کے بیج کا نتیجہ ہے جس اس کو نظروں میں زینتِ دنیا اور اس کے قلب میں حُبِّ شہوات کے ذریعہ ظاہر ہو رہا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ

(لوگوں کے لئے شہوات کی محبت سنگاری گئی ہے) تو یہ بندہ زینتِ دنیا اور طلبِ شہوات میں اللہ تعالیٰ اور سعادتِ اخرویہ سے دھوکا کھا بیٹھا پس دراصل وہی دھوکا باز مکر ساز ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ (وہ اللہ تعالیٰ سے دھوکا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے دھوکا کی انہیں سزا دے گا)

اس تقدیر پر اب معنی یہ ہوا کہ یہ لوگ درحقیقت دھوکا نہیں دیتے مگر اپنے آپ کو، جس کی حقیقت ان کے اللہ تعالیٰ اور مومنوں کے ساتھ دھوکا دہی سے ظاہر ہو رہی ہے۔ کیونکہ یہ لوگ کفر کی وجہ سے دھوکا دینے سے پہلے دوزخ کے مستحق ہو چکے تھے اگرچہ ان سے ایمان کا امکان تھا مگر چونکہ وہ بطور دھوکا دہی کے منافقت کے اظہار میں شروع ہوئے تو ان کے قدم درک اسفل من النار میں پھسلے جس سے ان کا ایمان قبول کرنا اور ان سے ممکن ہونے کی استعداد ختم ہوگئی پس ان کے دھوکا دینے اور مکر کرنے کا نقصام ان کی طرف راجع ہوتا ہے جس کی انہیں خبر بھی نہیں ہوتی وَمَا يَشْعُرُوْنَ یعنی انہیں تقدیر ازلی کے راز کا پتہ نہیں کہ ان کا مکر وفریب کرنا اس کی تقدیر کے راز کے نتائج سے ہے وجہ در اصل یہ ہے کہ ان کے قلوب بیمار ہیں اور روحانی مریض تقدیر کے راز سے واقف نہیں ہوتا۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا حل لغات: زاد کبھی متعدی ہو کر آتا ہے جیسا کہ اس آیت شریف میں ہے اور کبھی لازم ہو کر، جیسا کہ آیت وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ [1] میں ہے اور مَرَضٌ درحقیقت اس عارضہ کو کہتے ہیں جو بدن کو لاحق ہوتا ہے اور اس کو حدِ اعتدال (جو اس کے لائق ہے) سے خارج کر کے اس کے اعضاء میں ایسا خلل واقع پیدا کر دے کہ اسے درجہ موت تک پہنچا دے اور مجازاً عوارض نفسانیہ پر بولا جاتا ہے کہ جن سے انسانی کمالات میں خلل واقع ہو جائے جیسے جہل سوءِ عقیدت، حسد، کینہ گناہوں کی محبت اور حقیقیہ ابدیہ کے زوال کے موجب ہیں اور آیت کریمہ اس مجازی وحقیقی دونوں معنوں کا احتمال رکھتی ہے کیونکہ ان کے قلوب اس ریاست جو انہیں حاصل تھی کے چھن جانے سے جل چکے تھے اور حضور

[1] ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زائد لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔

marfat.ocm
Marfat.com

سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے امر میں ترقی اور ان کی شان میں روز بروز زیادتی سے حسد میں آ کر آزار رسیدہ تھے اور علاوہ ازیں ان کے دل چونکہ کفر اور برے عقائد اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دشمنی کی وجہ سے صدمہ یافتہ ہیں اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کی بیماریوں میں یوں اضافہ فرمایا ہے کہ ان کے دلوں پر مہر ثبت فرمائی (کیونکہ اسے علم تھا کہ ان پر نہ تو نصیحت اثر کرے گی اور نہ ہی کسی کا ڈر کارگر ہوگا) اس لیے جب بار بار وحی نازل ہوتی اور تکالیف شرعیہ کا حکم صادر ہوتا اور مسلمانوں کو فتح و نصرت نصیب ہوتی تو ان (منافقین) کے مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر جوں جوں تکالیف شرعیہ کا نزول ہوتا جاتا اسی قدر ان کی بیماری، کفر بڑھتی جاتی سب سے بڑا بوجھ ان پر شہادت کے کلمہ شریف کا تھا جس کے پڑھنے سے وہ کتراتے بعد ازاں طاعات کے احکام ہوتے گئے تو وہ بھی کفر میں بڑھتے گئے اسی وجہ سے کل قیامت میں انہیں لحظہ بہ لحظہ عذاب بڑھتا رہے گا کما قال اللہ تعالیٰ: وَزِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ (اور ان کا ہم نے عذاب پر عذاب بڑھا دیا) اور اسی طرح مومنین بھی روز بروز ہدایت میں بڑھتے رہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى (اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ہدایت میں بڑھاتا ہے) اس لیے کل قیامت میں انہیں فضل و کرم فراواں نصیب ہوگا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ (اور قیامت میں اپنا فضل انہیں بڑھ کر عطا فرمائے گا)

تفسیر صوفیانہ

حضرت قطب علامہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ دل کے امراض یا تو دین سے متعلق ہیں جیسے بُرے عقائد اور کفر، یا اخلاق سے متعلق ہیں۔ اخلاق کی دو قسمیں ہیں۔
رذائل فعلیہ، جیسے خیانت، حسد یا رذائل انفعالیہ، جیسے ضعف اور بزدلی پر مرض کو اولاً محمول کیا جائے کفر ہے۔ پھر ہیات فعلیہ پر، پھر ہیات انفعالیہ پر۔

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں کہ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ بدعا ہے۔

جواب: یہ مطلب غلط ہے کیونکہ بدعا تو عجز پر دلالت کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ عجز سے پاک ہے۔

ف: بندوں کو دعا کا طریقہ سمجھایا گیا ہے کہ جب تم سے کام نہ بنے تو دعا کو عمل میں لایا کرو اور یہ بھی بتایا گیا کہ منافقین کے لئے بددعا کرنا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے درک اسفل تیار کیا ہے اسی طرح محمول ہوں گے قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ و عَفَا اللّٰهُ وغیرہ وغیرہ۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ یعنی آخرت میں ان کے لئے سخت عذاب ہے اس عذاب کا دردان کے قلوب تک پہنچے گا اور اَلِيْمٌ بمعنیٰ مولم بفتح اللام، اسم مفعول از ایلام عذاب کو اَلِيْمٌ سے موصوف کرنا مبالغہ کی بنا پر ہے وہ دراصل معذب بفتح الذال کی صفت ہے جیسا کہ اہل عرب کے قول جد جدہ میں جدّ جادّ کی صفت ہے اور مبالغہ لانے میں وجہ یہ ہے کہ اَلَمّ ایسے درجہ پر پہنچ گیا ہے کہ معذب عذاب جو کہ اس کا متعلق بہ ہے کی طرف سرایت کر گیا ہے۔

بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ بـــاء سببیت کی ہے یا مقابلہ کی اور ما مصدریہ، دراصل يَكْذِبُوْنَ پر داخل ہے اور لفظ كَانُوْا زائد ہے جو دوام اور تجدید کا فائدہ دے رہا ہے۔ یعنی ان کے کذب متجدد و مستمر جو کہتے ہیں اٰمَنَّا کی وجہ سے (انہیں) دردناک ہوگا اس میں اشارہ ہے کہ کذب قبیح اور بہت برا عمل ہے اور تنبیہ ہے کہ منافقین کو عذاب صرف ان کے کذب کی وجہ سے ہے۔ چنانچہ عبارت کے ظاہر سے ثابت ہے کہ ان کے عذاب کا سبب صرف کذب ہے۔ حالانکہ سامع کو بخوبی معلوم ہے کہ عذاب مختلف وجوہ سے ہوگا اور صرف کذب کی وجہ پر اقتصار کرنے میں یہ سمجھانا مقصود ہے کہ کذب نہایت درجہ کا قبیح ہے اس سے کمال درجہ کی نفرت چاہیے۔

ف: واقعہ کے خلاف وقوع کی خبر دینے کا نام کذب ہے۔

سوال: سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے متعلق تین جھوٹ کی روایت کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اس روایت میں کذب بمعنی تعریض ہے اور چونکہ ان باتوں کو لفظاً کذب سے مشابہت ہے بنا بریں ان پر کذب کا اطلاق کیا گیا۔

سوال: ان تین جھوٹی باتوں کی تفصیل کیا ہے؟

جواب: پہلا وہ قول جو کہ آپ نے کفار کو فرمایا: اِنِّيْ سَقِيْمٌ یعنی میں بیماری یا موت کی جانب جانے والا ہوں یا میں تمہارے برے عمل جو کہ تم جا کر نجوم پرستی کرو گے تو میں غصہ میں آ کر بیمار ہو جاؤں گا یہ آپ نے اس لیے فرمایا تا کہ وہ لوگ انہیں ساتھ لے جانے پر مجبور نہ کریں اور ان سے باز رہ کر ان کے بتوں کو ان کی عدم موجودگی میں پارہ پارہ کر دیں۔ دوسرا ان کا وہ قول ہے جو انہوں نے بتوں کو توڑ کر کلہاڑا بڑے بت کے کندھے پر رکھ دیا تو قوم نے پوچھا: یہ خرابی کس نے کی؟ تو آپ نے فرمایا: بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ (بلکہ یہ ان کے بڑے نے کیا ہے)

marfat.ocm
Marfat.com

یہ قول آپ نے علیٰ سبیل الالزام فرمایا کہ بالفرض والتقدیر اگر اسے سمجھا جائے تو یہ کام اس نے ہی کیا ہے کیونکہ جو معبود ہوتا ہے تو اسے قدرت حاصل ہوتی ہے کہ یہ کام کر سکے اگر وہ ایسے کام نہیں کر سکتا تو وہ عاجز ہوگا اور عاجز الوہیت کے درجہ سے محروم ہوتا ہے اور نہ ہی وہ عبودیت کا مستحق ہے جب تم نہیں مانتے تو ان کو سجدہ کرنا بے سود ہے۔ گویا آپ نے یہ قول ان کے ساتھ بطور تمسخر واستہزاء کے فرمایا۔

تیسرا آپ کا وہ قول کہ جب ظالم بطور ظلم مسافرین کو پکڑ کر عورتوں سے بدفعلی کرتا تھا جب اس ظالم کے سپاہی پکڑنے آئے اور آپ سے بی بی سارہ کیے متعلق پوچھا کہ یہ آپ کی کیا لگتی ہے تو آپ نے فرمایا ھٰذِہٖ اُخْتِیْ اس سے مراد آپ کی اخوت دینی تھی یہ آپ نے اس لیے فرمایا تا کہ ان کی بیوی اس ظالم کے پنجہ سے بچ جائے کیونکہ اس کی عادت تھی کہ وہ ان عورتوں کو پکڑتا جن کے شوہر موجود ہوتے کیونکہ اس کا خیال یہ تھا کہ جب یہ عورت اپنے شوہر سے راضی ہے تو بادشاہ اس کے شوہر سے زیادہ حقدار ہے اور جن عورتوں کے شوہر نہیں ہوتے تھے ان کی مرضی کے سوا اس کا کوئی چارہ نہیں تھا۔

سوال : سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے ستاروں اور چاند سورج کو دیکھ کر کیوں فرمایا ھٰذَا رَبِّیْ حالانکہ آپ کو یقین تھا کہ (یہ سورج، چاند، ستارے وغیرہ) معبود نہیں؟

جواب : یہ استدراج ہے یعنی خصم کے ساتھ نرم بات کہہ کر اپنی طرف مائل کرانا یہ بھی تعریض کی ایک قسم ہے کیونکہ اس قول سے آپ کی غرض ان کے قول کی نقل حکایت تھی تا کہ ان کے اپنے قول سے ان کا ابطال ہو جائے

کذب کی مذمت :۔ جھوٹ کبیرہ ذنوب اور برے عیوب میں سے اور تمام گناہوں کا سرچشمہ اور اسی سے دل سیاہ ہو جاتا ہے اور تمام بری عادتوں سے مبغوض ترین اور ایمان کا بالمقابل یہی کذب ہے بہر حال اس سے دور رہنا ہی بہتر ہے۔

حدیث شریف : میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہم سے مخاطب ہو کر فرمایا: میں تمہیں جھوٹ میں ایسے گرتا ہوا دیکھتا ہوں جیسے پروانہ آگ میں گرتا ہے۔

مسئلہ : جھوٹ کیسا ہی ہو جھوٹ لکھا جائے گا۔ ہاں تین ایسے جھوٹ ہیں جن کا گناہ نہیں لکھا جاتا۔

۱۔ جنگ میں جھوٹ بولنا اَلْحَرْبُ خَدْعَۃٌ (جنگ دھوکا ہے) ۲۔ دو آدمیوں کی آپس میں صلح کرانے میں۔

marfat.ocm
Marfat.com

۳۔اپنی عورت سے ایسی بات کرنا کہ جس سے وہ خوش ہو۔مثلاً یوں کہے کہ دنیا میں مجھے تجھ سے زیادہ محبوب کوئی نہیں۔اسی طرح عورت بھی اپنے مرد کو کہہ سکتی ہے۔

یہ تین ایسے فعل ہیں جن کے متعلق احادیث میں صراحۃً استثناء وارد ہوا ہے۔اسی کے مطابق وہ مسئلہ ثابت کیا گیا ہے کہ اپنے یا غیر کے لئے کوئی ایسی بات خلافِ واقعہ کہہ دے کہ جس سے جائز غرض ہو۔فارسیوں کا مشہور مقولہ ہے: دروغ مصلحت آمیز بہ از راست فتنہ انگیز (جھوٹ مبنی بر مصلحت اس سچ سے بہتر ہے جو فتنہ انگیز ہے) لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ غیر کی خاطر ہو اگر اپنے لیے ہو تو سچ بولنا ہی اولیٰ ہے۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

تا نیک ندانی کہ سخن عین صوابست　　باید کہ گفتن دہن از ہم نکشائی

گر راست سخن گوئی و در بند بمانی　　بہ زانکہ دروغت دہد از بند رہائی

ترجمہ :جب تک تجھے پتہ نہ ہو کہ بات اچھی ہے چاہیے کہ تو اس کے کرنے کے لئے منہ نہ کھولے۔ اگر تو سچی بات کہے اور منہ کو بند رکھے تو یہ اس بات سے بہتر ہے کہ تو جھوٹ کو قید سے رہائی دلائے۔

مسئلہ : کذب درحقیقت کذب فی العبودیت اور قیام بحقوق الربوبیت ہی ہے جیسا کہ منافقین اور ان کے متبعین کا طریقہ تھا جو لوگ جھوٹ کے عادی ہیں ان کی اقتداء نہیں کرنی چاہیے کیونکہ وہ ہلاکت اور مالکِ کائنات کی رحمت سے دور ہٹاتے ہیں،مثنوی شریف میں ہے: ؎

صبح کاذب کاروانہا زد ست　　کہ بوئے روز بیروں آمد ست

صبح کاذب خلق را رہبر مباد　　کہ دہد بس کاروانہا را بباد

ترجمہ : صبح کاذب نے بہت سے قافلے مارے اس لئے کہ دن کی خوشبو سے آئی ہے خدا کرے صبح کاذب کی رہبر نہ ہو،اس لئے کہ اس نے بہت سے قافلے برباد کیے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ

علامہ قاشانی علیہ الرحمہ اس آیت کے معنی میں فرماتے ہیں کہ منافقین کے قلوب رذائل نفسانیہ،شیطانیہ اور صفات بشریہ کی وجہ سے تجلیات ربانیہ سے محجوب و مستور رہیں تاویلات نجمیہ میں ہے کہ منافقین کے دلوں میں مرض ہے یعنی وہ غیر اللہ کی طرف متوجہ ہیں۔اللہ تعالیٰ نے ان کی مرض میں اضافہ فرمایا ہے۔اس کی توضیح یوں ہے چونکہ وہ غیر اللہ کی طرف متوجہ ہو کر دھوکا دہی کی بیماری میں

Marfat.com

مبتلا ہو گئے ہیں اس وجہ سے وصالِ حق اور دیدار رب سے محروم ہوئے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے کہ وصول الی اللہ سے محروم رہیں گے جھوٹ بولنے کی وجہ سے کہ صرف زبانی طور پر کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لائے حالانکہ درحقیقت وہ مومن نہیں ہیں۔ایمان حقیقی ایک نور ہے جب کسی مومن کے دل میں داخل ہوتا ہے تو اسے اس کی حقیقت منکشف ہو جاتی ہے۔جیسے حضرت حارث رضی اللہ عنہ کو مکشوف ہوا کہ حضور علیہ السلام نے ان سے پوچھا: **کیف اصبحت یا حارثہ** (اے حارثہ! کیسے گزری؟) اس نے جواباً عرض کی: **اصبحت مومناً حقاً** (میں نے مومن برحق ہو کر گزاری) آپ نے فرمایا: مومن کے ایمان کی ایک حقیقت ہوتی ہے تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ عرض کی: میں نے اپنے نفس کو دنیا سے روگرداں کر لیا ہے۔اب شب و روز نہایت حسین گزر رہے ہیں۔یہاں تک کہ اب سونا اور پتھر میرے لئے برابر ہیں اور یہ کیفیت ہے کہ بہشت اور دوزخ میرے سامنے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **اَصَبْتَ فَالْزَمْ**۔ٹھیک ہے اور اسی پر قائم رہ۔

مولانا روم قدس سرہٗ نے فرمایا:

اہل صیقل رستہ انداز بوو رنگ — ہر دمی بیند خوبی بے درنگ
نقش و قشر و علم را بگذاشتند — رایت عین الیقین بفراشتند
برتر انداز عرش و کرسی و خلا — ساکنانِ مقعدِ صدقِ خدا
علم کاں نبود ز ہو بے واسطہ — آں نباید ہمچوں رنگ ماشطہ

ترجمہ: قلعی گر رنگ و بو سے آزاد ہو گئے ہر سانس میں بغیر کسی انتظار کے خوبی دیکھتے ہیں۔
انہوں نے نقش، چھلکے اور علم کو چھوڑ دیا ہے اور عین الیقین کی ولایت میں جھنڈے گاڑ دیئے ہیں۔
وہ عرش، کرسی اور خلا سے بلند مرتبہ رکھتے ہیں وہ خدا کی سچائی کی بیٹھک میں رہنے والے ہیں۔
ان کا علم اللہ ہو سے بے واسطہ نہیں ہے۔وہ کنگھی کرنے والی کے رنگ کی طرح ظاہری زیبائش نہیں ہوتا۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ یعنی جب ان منافقین کو اہلِ اسلام کہتے ہیں کہ زمین میں فساد نہ کرو۔ لَا تُفْسِدُوْا کا اسناد قِیْلَ کی طرف لفظی ہے۔گویا انہیں یہی قول کہا گیا۔اس کی مثال ایسے ہے جیسے تم کہو کہ یہ الف ان تینوں حرکتوں میں ایک ہے اور فساد بمعنیٰ کسی شے کا اعتدال سے خارج ہونا اور اصلاح کی ضد ہے [illegible]

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ تم زمین میں جنگ اور ایسے فتنے (جو بندوں کے احوال کی استقامت کا زوال اور ان کی معاش و معاد کے امور میں اختلال کا موجب ہے) برانگیختہ نہ کرو اور جس فعل سے انہیں روکا گیا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ مومنین کے اسرار کو کفار تک پہنچاتے اور پھر ان کو مسلمانوں کی جنگ پر برانگیختہ کرتے۔ علاوہ ازیں طرح طرح کے شرور وفتن کے مرتکب ہوتے ہیں اور اس عمل سے چونکہ فساد برپا ہو جاتا ہے بنابریں انہیں کہا گیا لَاتُفْسِدُوْا الخ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کو کہا جائے۔

لا تقتل نفسک بیدک " یعنی اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو قتل مت کر" یا کہا جاتا ہے **لاتلق نفسک فی النار** "یعنی اپنے آپ کو آگ میں نہ ڈال" یہ جملے اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص ایسا عمل کر رہا ہو جس کا انجام وہی ہو جس کا ذکر کیا گیا ہے۔

ف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت مبارکہ سے قبل کھلے بندوں زمین پر معاصی ارتکاب ہوتا آپ کی بعثت شریفہ کی برکت سے وہ فسادات دفع ہو گئے تو پھر نتیجہ یہی ہوا کہ یہ لوگ نیکی و اصلاح کے بعد فساد برپا کرنے والے ہیں۔ (کذا فی تفسیر ابی اللیث)

قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ یہ جملہ کا جواب اور ناصح کا علی سبیل المبالغہ رد ہے اب اس عبارت کا معنی یہ ہوا کہ ہمیں ایسی نصیحت کرنا بے سود ہے کیونکہ ہمارا کلام تو اصلاح کے سوا کچھ ہے ہی نہیں اور ہمارا حال فساد کی ملاوٹوں سے بالکل پاک اور مبرا ہے اور ان کا یہ جواب اس لیے تھا کہ انہیں اپنا فساد بصورتِ اصلاح معلوم ہوتا تھا کیونکہ ان کے قلوب فساد کے مرض میں مبتلا تھے جیسا قرآن مجید پاک میں ہے:

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا (تو کیا جس کا برا عمل ایسا سنگارا گیا کہ جسے وہ اچھا سمجھتا ہے) اسی لیے انہوں نے اپنے فعل کو فساد پر محمول کرنے کا انکار کرتے ہوئے اس کے لئے خالص اصلاح کا دعویٰ کر دیا۔

ف: اس جملہ میں اِنَّمَا زَيْد" مُنْطَلِق" کی طرح **قصر الموصوف علی الصفة** ہے۔ ابن الحمید فرماتے ہیں کہ جب انہیں مسلمانوں نے کہا: لَاتُفْسِدُوْا تو انہوں نے سمجھا کہ مسلمانوں کا مقصد یہ ہے کہ ہم لوگ فساد و اصلاح میں خلط و ملط رکھتے ہیں تو ان کے جواب میں کہہ دیا کہ ہم تو صرف اصلاح کے کاربند ہیں۔ اصلاح سے ہم تجاوز کر کے افساد کی طرف جاتے بھی نہیں ہیں۔ جب ہمارا یہی کام ہے تو ہم میں لزوماً خلط نہ رہا ان کی یہ

marfat.ocm
Marfat.com

تقریر قصر الافراد کے قبیل سے ہوگی کیونکہ یہ لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ مسلمان ہمارے لیے افساد واصلاح کے مابین شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں ان کے اس خیال کے جواب میں خداوند قدوس نے فرمایا:

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ خبردار! اے مسلمانوں! جان لو کہ بیشک وہ لوگ فساد کرنے والے ہیں کیونکہ وہ لوگ اپنے لیے ان دونوں صفات میں سے ایک کا اثبات اور دوسری کی نفی کر کے اس کا اعتقاد ظاہر کر رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اعتقاد کا عکس کر کے جس بات کی اثبات کر رہے ہیں اس کی نفی کی اور جس کی وہ نفی کر رہے ہیں اس کا اثبات فرمایا۔ اب معنی یہ ہوا کہ یہ لوگ اپنے آپ کو فساد میں ڈالنے اور لوگوں کی ایمان سے ہٹانے والے ہیں یہ تو فساد سے نکل کر اصلاح کی طرف جاتے بھی نہیں۔ یہ تقریر قصر الشئ علی الحکم سے ہوگی بس یہ لوگ فساد سے گزر کر دوسری طرف چل بھی نہیں سکتے اس لیے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کے سوا اور کوئی مفسد بھی نہیں۔ اس کے بعد استدراکا فرمایا وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ اور لیکن انہیں معلوم بھی نہیں ہوتا کہ ہم مفسد ہیں۔ باوجودیکہ انہیں امورِ محسوسہ کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ تم مفسد ہو لیکن ان میں ایسی حس نہیں کہ جس سے انہیں اپنا فساد محسوس ہو سکے۔

ف: شیخ صاحب اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ شعور کو افساد کے بالمقابل لانا نہایت موزوں ہے کیونکہ ان کا افساد عادۃً کالمحسوس ہے۔

مسئلہ : اس آیت سے مسلمانوں کی شرافت اور منافقین کی شرارت کا ثبوت ملا۔ منافقین نے جو اعتراضات مسلمانوں پر کیے ان کا جواب خود دیا۔ جیسا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ہے کہ جب ولید بن مغیرہ نے آپ کو کہا کہ آپ مجنون ہیں تو اس کے قول کی نفی میں خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ تم اپنے رب کی نعمت کی وجہ سے مجنون نہیں۔ پھر اس ملعون کی مذمت میں فرمایا: وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ یعنی وہ بدبخت حلاف ہے حقیر عیب دار ہے لوگوں کے پاس چغل خوری کی غرض پر جاتا ہے مال کے لئے بخیل اور ظالم وفاجر غلیظ القلب اور خشک انسان ہے علاوہ ازیں ولد الزنا (حرام زادہ) ہے۔ اس کی اصل وجہ تو یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بمقتضائے قول باری تعالیٰ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا جس نے خداوند قدوس کو اپنے

marfat.ocm
Marfat.com

معاملات کا کفیل کار سمجھ لیا تو پھر اللہ تعالیٰ بھی آپ کے جملہ امور کی کفایت فرماتا ہے جیسا ک ہ اہل حقائق فرماتے ہیں کہ خوارق عادات اقطاب اور خلفاء سے بہت سے کم صادر ہوتے ہیں بلکہ زیادہ تر ان کے وزراء اور خلفاء سے صدور ہوتا ہے کیونکہ وہ تو عبودیتِ تامہ میں مستغرق اور فقرِ کلی کے ساتھ موصوف ہوتے ہیں اسی لیے وہ اپنے لیے تصرف کرتے ہی نہیں اور اقطاب کے کمالات اور جو اللہ تعالیٰ کے ان پر الطاف ہوتے ہیں من جملہ ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ انہیں جہلاء کی صحبت میں مبتلا نہیں کرتا بلکہ انہیں علماء، ادباء، امنا کی صحبت نصیب فرماتا ہے۔ پھر یہی لوگ ان کے بار اٹھاتے ہیں اور ان کے احکام واقوال کا اجراء کرتے ہیں ان کی مثال کے لئے آصف بن برخیاء حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر کا واقعہ ہی کافی ہے کہ وہ اس وقت اپنے زمانہ کے قطب اور متصرف فی الامور اور اللہ تعالیٰ کے خلیفہ تھے اس سے جو ظاہر ہوا وہ ہر ایک کو ہی معلوم ہی ہے کہ بلقیس کا بہت بڑا تخت لے آئے جیسے کہ قرآن مجید نے بیان فرمایا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ان دونوں آیتوں وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ کی تحقیق میں اشارہ فرمایا کہ انسان کو اگر چہ ابتداءً زمین کی خلافت کا اہل بنا کر پیدا کیا جاتا ہے مگر وہ ہوا وہوس اور صفات نفسانیہ سے مغلوب ہو کر فساد کی طرف مائل ہو جاتا ہے اسی لیے ملائکہ نے اس کے متعلق کہا: قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا پس شریعت کے اوامر ونواہی ہی سے معدنِ نفس کے چنگل سے نکل کر جوہر خلافت کا اہل بن جاتا ہے پس اہل سعادت تو وہ مومن ہیں جو داعی الی الحق کے فرمانبردار ہو کر اس کے اوامر ونواہی کے پابند ہو جاتے ہیں اور اہل شقاوت وہ کافر، منافق ہیں جو دین سے خروج کر کے نفس کی خواہشات کے خوگر ہو جاتے ہیں جب انہیں کہا جاتا ہے کہ زمیں فساد نہ ڈالو یعنی اپنی حسنِ استعداد وصلاحیت للخلافۃ فی الارض کو خواہشات نفسانیہ کی اتباع اور دنیا کے حصول کے حرص میں آخر ضایع نہ کرو تو اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ تو مصلح ہیں پس اسی دھوکا میں وہ کسی کی نصیحت قبول نہیں کرتے جس کی وجہ سے وہ حقیقت سے غافل ہو جاتے ہیں۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

کسے را پند اور در سر بود ۔۔۔ پند ار ہرگز کہ حق شنود

marfat.ocm
Marfat.com

زعلمش ملال آید از وعظ ننگ　　شقایق بباراں نروید ز سنگ

ترجمہ: جس کسی کے دماغ غرور ہوتا ہے تو اس کے متعلق خیال نہ کرو کہ وہ سچی بات سنے گا اسے علم سے ملال پیدا ہوگا اور اسے وعظ سے بدنامین پیدا ہوگی پتھروں کے نیچے باوجود بارش ہونے کے بھی گلِ شقایق نہیں اُگتا۔

ان کے اس غلط خیال کی اللہ تعالیٰ نے تکذیب فرمائی اور فرمایا: اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ یعنی آخرت کی بہتری کو دنیا کی بہتری سے خراب کرتے ہیں۔ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ یعنی انہیں اپنے حال کو ضائع کر دینے اور برے اعمال اور بہت بڑے وبال جو کہ اچھے فعل کو خراب کرتا ہے اور پھر اس پر بہتری کے دعویٰ کرنے کا شعور بھی نہیں ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا الآیۃ (کیا ہم تمہیں ان لوگوں کی خبر نہ دیں جو اعمال کے لحاظ سے سب سے زیادہ خسارہ والے ہیں)

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

اے کہ خود را شیرِ یزداں خواندہ　　سالہا شد باسگے در ماندہ

چوں کند ایں سگ برائے شکار　　چوں شکار سگ شد ستی آشکار

ترجمہ: اے فلاں! تو جو اپنے آپ کو خدا کا شیر سمجھتا ہے بہت عرصہ گزر گیا لیکن تا حال کتا ہی رہا، جب تجھے کتا شکار کرتا ہے تو پھر تو کتے کے شکار کی صورگ میں ظاہر ہو گیا۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا یعنی جب مومنین کو جانب سے انہیں بطریق امر بالعروف ونہی عن المنکر (جو کہ نصیحت کا اتمام اور رہبری کا اکمال ہے) کہا جاتا ہے کیونکہ ایمان کا کمال ان دونوں چیزوں سے ہوتا ہے یعنی جو چیز بندہ کے شایاں نہیں اس سے اعراض کرنا، وہ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ میں بیان کیا گیا اور جو چیز حاصل کرنے کے لائق ہے اسے اٰمِنُوْا میں بیان فرمایا ہے۔

نکتہ: مومن بہ کو بیان نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ خود بخود ظاہر ہے یعنی اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان لاؤ۔

ف: اٰمِنُوْا بمعنی افعلوا الایمان ہے۔

كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ یہ کاف محلا منصوب ہے بایں معنی کہ یہ مصدر محذوف کی صفت ہے اب عبارت یوں ہوگی: آمنوا مما ثلا لایمانهم یعنی ایمان لاؤ جو کہ مومنین کے ایمان کے مماثل ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

یہ ماصدریہ کا کلمہ ہے یعنی ایمان کو محقق کرو جیسا کہ مومنین کا ایمان محقق ہے النّاس میں الف لام جنس کا ہے یعنی وہ لوگ جو کامل فی الانسانیۃ اور عاقل باقتضاء العقل ہیں یا الف لام عہد کا ہے اور اسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ مراد ہیں یا ان منافقین کے دوست مراد ہیں یعنی ان کے ہم جنس لوگ جیسے عبداللہ بن سلام اور اس کے اصحاب رضی اللہ عنہم اب معنی اس طرح ہوگا کہ وہ ایمان لاؤ جو کہ خالص اخلاص اور نفاق کی ملاوٹوں سے پاک وصاف اور مومنین کے ایمان کے مماثل ہو یعنی امر ابالمعروف کے بالمقابل صاف صاف انکار کرتے ہوئے کہتے ہیں: **قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ** اس جملہ میں ہمزہ انکار کا ہے اور لام کا مشار بہا الناس الکاملین ہیں یا معہودین یا مطلق مومنین اور وہ بھی ان کے گمان فاسد کی بنا پر ان میں داخل ہیں۔ السفہ بمعنی خفۃ العقل اور سخافۃ رائی۔ یہ دونوں چیزیں قصور عقل کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے بالمقابل الحلم والاناۃ مستعمل ہوتے ہیں اور مومنوں کو اس صفت کی منسوب کر رہے ہیں باوجود یکہ وہ حضرات رشد وہدایت ووقار کے انتہائی مراحل طے کیے ہوئے ہیں وہ اس لیے کہ ان لوگوں کے نفوس کمال درجہ کے ساتھ سفاہت میں منہمک اور گمراہی میں غرق ہیں اور وہ برے اعمال کو اچھے سمجھنے والے لوگ ہیں پس جو شخص گمراہی کو ہدایت اور ہدایت کو گمراہی سمجھتا ہو اس کا کیا علاج ہے؟ یا مومنین کو ان کی حقارت کی وجہ سے سفاہت سے منسوب کرتے تھے کیونکہ اکثر مومنین فقراء ومحتاج تھے بلکہ بعض ان میں سے غلام تھے جیسے حضرت صہیب اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما اور محض تکبر اور مومنین کی شان میں اہانت کرتے ہوئے کہہ دیا۔ یہ اس وقت ہوگا جب النّاس سے حضرت عبداللہ بن سلام اور ان جیسے صحابہ مومنین مراد ہوں (رضی اللہ عنہم)

سوال: جب وہ کلمہ کفر **قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ** کہتے ہیں تو پھر ان کو منافق کہنا کس طرح درست ہو سکتا ہے۔

جواب۔ منافقین لعنہم اللہ یہ کلمات اپنے دل میں کہتے نہ کہ زبان سے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے راز فاش فرماتے ہوئے ان کے بھید ظاہر فرما دیے تاکہ ان کی ضلالت کی انہیں سزا مل جائے۔ اس کی مثال مومنین کا وہ سوال ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حسن کلام (جو کہ ان کی [illegible])

marfat.com
Marfat.com

ظاہر فرمادیا۔ جیسا کہ سورہ دھر میں فرمایا یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا ۝ وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا حالانکہ یہ قول مومنین کے دل میں تھا، انہوں نے زبان سے کہا تھا مگر خداوند قدوس نے ان کی عزت افزائی اور ان کی شان کو بلند فرماتے ہوئے ظاہر فرمادیا یہ قول صاحب تیسیر کا ہے۔

۲۔ یہ قول منافقین آپس میں کہتے اور مومنین سے بالکل مخفی رکھتے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنین کو مطلع فرمادیا۔ یہ قول مفسر بغوی کا ہے۔

۳۔ ابو السعود تفسیر الا رشاد میں فرماتے ہیں کہ یہ قول اگرچہ مومنین کے سامنے ظاہر بھی ہوگیا ہو جبکہ انہیں نصیحت کی گئی اور ان کی نصیحت کے جواب میں یہ کہہ دیا ہو تب بھی ان کی منافقت میں فرق نہیں آتا اور نہ ہی انہیں مجاہر کہا جاسکتا ہے کیونکہ کفر کے اقسام ہیں یہ ایک عجیب قسم اور اس کے فنون میں سے ایک عجیب فن ہے کہ اس میں بھی شر کا احتمال ہے اور خیر کا بھی یوں محمول کیا جاسکتا ہے کہ منافقین نے مومنین کو نصیحت کے جواب میں کہا کہ ہم اچھے لوگوں کی طرح ایمان لانے والے ہیں نہیں اور منافقت کی جو تم ہمیں تہمت لگاتے ہو اس سے ہم بری ہیں نہ ہی ہم سفہاء کی طرح ایمان لاتے ہیں اور نہ ہی پاگلوں کی طرح۔

۴۔ ناصحین کو نصیحت کرنے کے بعد منافقین نے استہزاء کیا۔

۵۔ ریا کرتے ہوئے جواب دیا اس میں ان کا ارادہ خیر بیان کرنے کا تھا اور مومنین تو انہیں پہلے معنی کی وجہ سے ایمان کا حکم دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید یوں فرمائی۔

اَلَآ اِنَّہُمْ ہُمُ السُّفَہَآءُ وَلٰکِنْ لَّا یَعْلَمُوْنَ یہی لوگ بیوقوف ہیں، بے وقوفی کی بیماری کی وجہ سے وہ اپنے نقصان کو معلوم نہیں کرسکتے اور مومنین چونکہ ایمان واخلاص کی وجہ سے بیوقوفی سے دور ہو کر علم وحق میں راغب ہیں یہ بنی اسرائیل کے علماء اور ان کے متبعین کا وصف ہے اس جملہ میں ان کے رد اور ان کی جہالت بیان کرنے میں بڑا مبالغہ ہے کیونکہ وہ جاہل جو خلاف واقعہ پر اپنی جہالت پر جما ہوا ہو وہ اس بیوقوف اور معترف بالجھل سے زیادہ گمراہ اور جہالت میں زیادہ مکمل ہے کیونکہ واقف معترف بالجھل کو معذور سمجھا جاتا ہے اور کبھی اسے آیات وعیدات نفع دے دیں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: پہلی آیت وَمَا یَشْعُرُوْنَ میں ان کی حس کی نفی ہے اور دوسری آیت میں دانائی کی (کہ جس میں صلاح وفساد کے مابین تمیز کی جاتی ہے) اور تیسری آیت میں علم کی نفی ہے اور ان تینوں کی اس طرز سے نفی کرنے میں ایک لطیف اور دقیق معنی پیدا ہو جاتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے:

۱۔ حس کی نفی تو بدیہی ہے کہ ان کی دھوکا سازی کمال درجہ کی جہالت ہے جو کہ ان کی حس نہ ہونے کی دلیل ہے۔

۲۔ اور دوسری بات میں انہیں پتا نہیں چلتا، اس بات پر تنبیہ ہے کہ اس بات کا پتہ نہ چلنا انہیں لازم ہے کیونکہ جسے حس نہ ہو تو اس سے دانش خود بخود مفقود ہو جاتی ہے۔

۳۔ تیسری آیت میں علم کی نفی فرمائی۔ یہ بھی اس ملازمہ کی بدولت کہ جسے دانش نہیں اسے علم کی دولت سے بھی محرومی ہوتی ہے۔

مکالمہ جبریل و آدم علی نبینا وعلیہم السلام

جب اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم کو پیدا فرمایا تو جبریل ان کے پاس تین تحفے لائے: ۱۔ علم ۲۔ حیا ۳۔ عقل اور فرمایا: اے آدم! ان تینوں میں جسے دل چاہے اختیار کرو۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عقل کو اختیار فرمالیا۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے علم وحیا کو اشارہ کیا کہ تم اپنے اپنے مقامات پر واپس چلے جاؤ۔ انہوں نے کہا عالمِ ارواح میں ہم یکجا تھے اب عالم اشباح میں ایک دوسرے سے جدائی گوارہ نہیں فلہٰذا اب ہم عقل کے پیچھے ہوتے ہیں جبریل علیہ السلام نے فرمایا: اچھا چلو جاؤ۔ آدم علیہ السلام کے دماغ میں عقل ٹھہر گئی اور دل میں علم اور آنکھ میں حیا۔ مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں:

جملہ حیوان را بے انسان بکش — جملہ انسان را بکش از بہر ہُش

ہُش چہ باشد عقل کل ہوشمند — ہوش جزی ہش بود اما نزند

لطف او عاقل کند مر نیل را — قہر را ابلہ کند قابیل را

ترجمہ: تمام حیوانات کو انسان پر اور تمام انسانوں پر ہوش پر قربان کیجئے۔ ہوش کیا ہے؟ ہوشمند کی عقل اور وہ ہوش حقیقی کا جز ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم نیل کا عاقل بنا دیتا ہے ایسے ہی اس کا قہر قابیل کو بیوقوف بناتا ہے۔

سبق: عاقل کو چاہیے کہ علم ومعرفت کے حصول میں جلدی کرے تا کہ ان کی بدولت توحید الفعل والصفۃ کے

marfat.ocm
Marfat.com

مرتبہ کو پائے۔

ف: امام قشیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: عقل کے نجوم شیطان کے لئے رجوم اور علوم کے لئے چاند اور اصل قلب کے انوار واستبصار اور معارف کے سورج ہیں اور ان کا عارفین کے اسرار پر طلوع ہے۔

ف: علم لدنی وہ ہے جو کسی خارجی سبب مالوف کے بغیر بیتِ قلوب میں تشریف لائے اور قلب کے دو دروازے ہیں ایک الی الخارج جو کہ حواس سے علم حاصل کرتا ہے اور دوسرا الی الداخل جو الہام کے ذریعے علم حاصل کرتا ہے دل کی مثال اس حوض جیسی ہے جس میں پانچ نہریں جاری ہوتی ہیں جب تک اس میں نہروں سے پانی پہنچتا رہے گا پانی میلا کچیلا ہوگا بخلاف اس صورت کے کہ اس کا پانی اس کی گہرائی سے لیا جائے تو وہ پانی صاف شفاف ہوگا اسی طرح دل کا حال ہے کہ جب اسے حواس ظاہرہ سے علم ہوتا ہے تو اس میں میل کچیل اور شک وشبہ کی ملاوٹ ہوتی ہے بخلاف اس کے کہ جب اسے صمیم قلب سے بطریق فیض کے حاصل ہو تو وہ نہایت صاف اور افضل واعلیٰ ہوتا ہے اور شیخ زین الدین الحافی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: بڑا تعجب ہے اس شخص کے لئے کہ وہ اس طریقہ میں داخل ہو اور ارادہ کرے کہ حقیقت کی طرف پہنچ جائے اور اسے وہ اصطلاحات بھی نصیب ہو جائیں کہ جن سے وہ قرآن وحدیث سے معانی کا استخراج کر سکتا ہے مگر باوجود اس کے پھر بھی ذکر اللہ ومراقبہ اعراض ماسواء اللہ میں مشغول نہیں تاکہ اس کے دل میں علم لدنیہ کی بارش ہو اگر اسی طرح ہزار برس صرف اصطلاحات کی تدریس وتصنیف میں بسر کرے تو نہ علوم لدنیہ کی خوشبو نصیب ہوگی اور نہ ہی ان کے آثار وانوار سے روشنی میسر ہوگی پس وہ شخص جو عالم بلا عمل ہے وہ عقیم ہے اور عامل بلا علم بیمار اور سقیم ہے اور عمل بالعلم صراطِ مستقیم ہے۔ مثنوی شریف میں ہے:

آنکہ بے ہمت چہ باہمت شدہ — وآنکہ باہمت چہ بانعمت شدہ

ترجمہ: بے ہمت باہمت کیا ہوگا، باہمت نعمت سے بہرہ ور ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ جب اہل غفلت ونسیان کو کہا جاتا ہے کہ ان لوگوں کی طرح ایمان لاؤ کہ وہ بھی تمہاری طرح انسان ہیں کہ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کو بھلا چکے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی ہمتوں اور اس کی آیات میں تدبر کر کے سنبھل کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ معاہدہ علی التوحید والعبودیۃ

marfat.ocm
Marfat.com

پر ملازمت کرلی جس سے وہی مواعد ومواثیق یاد آ گئے۔ پھر انہوں نے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم (اور جو احکام آپ اپنے ساتھ لائے) پر ایمان لایا تو ان کو اہل شقاوت کہتے ہیں کہ کیا ہم ایمان لائیں سفہاء کی طرح اسی طرح غافلین مدعیانِ اسلام کو جب ایمان تقلیدی (جو کہ انہیں آباء واجداد سے وراثت میں ملا ہے) سے ایمان حقیقی کی طرف جو سچی طلب سے حاصل ہوتا ہے اور ترک محبت دنیوی اور ترکِ اتباع ہوا وہوس اور رجوع الی الخلق اور باطل میں مشغلہ بازی سے چلا جاتا ہے تو اربابِ قلوب واصحاب کرامات عالیہ کو بیوقوفی اور جنوں کی طرف منسوب کرتے ہیں اور انہیں عجز وذلت وقلت ومسکینی کی حالت میں پا کر حقارت سے دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم دنیا کو چھوڑ دیں جیسے ان سفہاء، فقراء نے ترک کردی ہے پس ہم مخلوق کے محتاج رہیں جیسے کہ یہ لوگ مخلوق کے محتاج ہیں اور وہ اس بات سے لاعلم ہیں کہ دراصل وہی بیوقوف ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ (خبردار وہی بیوقوف ہیں لیکن وہ نہیں جانتے) یہ لوگ دو وجہوں سے بیوقوف ہیں۔ ایک تو اس طرح کہ یہ لوگ دنیا کو دین میں اور باقی کو فانی کے عوض بوجہ اپنی بیوقوفی اور عدمِ رشد کے بیچتے ہیں۔ دوسرے اس طرح کہ انہوں نے اپنی عقل کو بیوقوفی میں ڈالا اور یہ نہ جانا کہ ان میں قربت ودرجاتِ علیاء کی حسنِ استعداد ہے اس بناء پر وہ حیاۃِ دنیا پر راضی ہو کر متقیوں کے مراتب اور عقل والوں کے مشارب سے منہ موڑ دیا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ملت ابراہیمی سے بیوقوف ہی روگردانی کرتا ہے۔ کیونکہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا یعنی جس نے اپنے رب کو پہچان لیا اس نے غیر کو بالکل ترک کردیا اور اہل اللہ وخاصانِ خدا کو پہچان لیا پھر نہ تو ان سے منہ موڑتا ہے نہ انہیں سفاہت کی طرف منسوب کرتا ہے بلکہ ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے کیونکہ جو فقراء ہیں دراصل وہی تحت آسمان بادشاہ ہیں اور ان کے چہرے اللہ کی بارگاہ میں سورج اور چاند کی طرح نورانی ہوتے ہیں لیکن عزت کے قبوں کے نیچے پوشیدہ اور غیروں کی نظروں سے محجوب ہوتے ہیں۔ مثنوی شریف میں ہے:

مہر پاکاں در میاں جاں نشاں — دل مدہ الا مہر دل خوشاں

گر تو سنگ وسحرہ در مرمر شوی — چوں بصاحب دل رسی جوہر شوی

آنہم محجب قبائی آمنون — جز کہ بزدایشاں نداند ز آزمون

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : نیک لوگوں کی محبت میں جان دے دے، دل صرف انہی کو دے جو خوش دل ہیں۔ اگر چہ تو سخت پتھر اور سنگِ مرمر ہے جب اللہ والوں کے ہاں حاضر ہوگا گوہر ہو جائے گا۔ وہ آمنون کی قبا میں مخفی رہتے ہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے ان کے حالات کو اور کوئی نہیں جانتا۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (ربط) اس آیت میں منافقین کے اس معاملہ کا بیان ہے جو کہ وہ مومنین اور کفار کے ساتھ کرتے تھے اور جو باتیں ان سے سرزد ہوئیں ان کا بیان ہے پس اس میں ان کے مذہب کا بیان اور ان کی منافقت کی تمہید ہے۔

ف: اس سے ثابت ہو گیا کہ یہ آیت مضمون کے لحاظ سے مکرر نہیں یعنی جب مومنین کو دیکھتے ہیں اور ان سے ملاقات اور ان سے باتیں کرتے ہیں۔

ف: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے مراد مہاجرین وانصار ہیں۔ قَالُوْٓا بطورِ جھوٹ کہتے ہیں اٰمَنَّا تمہاری طرح ہم ایمان لاتے اور تصدیق کرتے ہیں۔

شان نزول :۔ مروی ہے کہ ایک دن عبداللہ ابن اُبی رئیس المنافقین اور اس کے ساتھی شہر سے باہر نکلے۔ اُدھر صحابہ کرام بھی تشریف لا رہے تھے۔ عبداللہ بن ابی اپنے ساتھیوں کو کہنے لگا: دیکھئے میں ان سفہاء کو تم سے کیسے ہٹاتا ہوں۔ چنانچہ صحابہ کرام قریب ہوئے تو سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کو پکڑ کر خوشامد کرنے لگا کہ مرحبا، مرحبا! صدیق آپ ہیں بنی تمیم کے قبیلہ کے سردار اور شیخ الاسلام اور ثانی فی الغار ہیں اپنے جان و مال کو اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر نثار کرنے والے ہیں، پھر سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی ایسے ہی کہنے لگا کہ مرحبا! آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد اور بنی ہاشم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا تمام کے سردار ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا "اے عبداللہ! خدا تعالیٰ سے خوف کر، منافقت چھوڑ دے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک منافقین بدترین ہیں" عبداللہ بن اُبی منافق نے کہا: "اے ابوالحسن! بات نہ بڑھایئے، واللہ باللہ ہم آپ لوگوں کی طرح ایمان دار ہیں اور لوگوں کو اسلام کی تصدیق کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ" جب وہ کمبخت اپنے دوستوں سے ملا تو کہتا تھا "تم نے دیکھ لیا میں نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے! اب تم بھی جب ان سے ملو تو ایسا ہی کیا کرو" اس کے ساتھی اس

marfat.ocm
Marfat.com

کی تعریفیں کرتے ہوئے کہتے تھے کہ خدا کرے جب تک زندہ رہو عیش وآرام سے بسر کرو۔ جب مسلمان حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں واپس آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ سارا ماجرا سنایا جس پر یہی آیت اتری۔

وَاِذَا خَلَوْا اور جب وہ اپنی خلوت گاہ میں جمع ہوتے ہیں۔ اِلٰی بمعنی مع ہے یا یہ معنی ہے کہ جب خلوت میں جاتے ہیں۔ اب اِلٰی بمعنی باء یا مع کے ہوگا۔ اس محاورہ کے مطابق کہا جاتا ہے۔ خلوت بِفُلَانٍ اِلَیْهِ (میں فلاں کے ساتھ خلوت میں رہا) یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ متکلم کسی کے ساتھ خلوت میں جائے۔

اِلٰی شَیٰطِیْنِهِمْ جو کہ تمرد وعناد میں ان کے ہم مثل ہیں اور ان کی طرح کفر کو ظاہر کرنے والے ہیں۔ شیاطین کی اضافت منافقین کی طرف مماثلت فی الکفر کی وجہ سے ہے یا شیاطین سے مراد ان کے سردار ہیں اور قائلین ان کے چھوٹے اور ہر متمرد کو شیطان کہا جاتا ہے۔ امام ضحاک فرماتے ہیں کہ شیاطین سے مراد ان کے کاہن ہیں وہ کاہن بنی قریظہ میں کعب بن اشرف اور بنی اسلم میں ابو بردہ اور جُہینہ میں عبد الدار اور بنی اسد میں عوف بن عامر اور شام میں عبد اللہ بن سوداء تھے اور اہل عرب کا ان کے حق میں یہ اعتقاد تھا کہ یہ لوگ غیب پر مطلع ہیں اور پوشیدہ اسرار کو اچھی طرح جانتے اور مریضوں کا علاج کرتے ہیں عرب میں ایسا کوئی کاہن نہ تھا جس کے ساتھ ایک شیطان نہ ہو، جو اس کی طرف کہانت کا القاء نہ کرتا ہو اور ان کا قرآن نے شیطان نام اس لیے رکھا کہ یہ لوگ حق سے دور تھے اور شیطان کا اشتقاق بھی شطون سے ہے بمعنی بُعد (کذا فی التیسیر)

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ کہتے ہیں کہ ہم تمہارے دین واعتقاد کے موافق ہیں یہاں تک کہ تم میں سے ہم کسی حال میں جدا نہیں ہوں گے۔ ان کی اس تقریر گویا ان پر اعتراض ہوا کہ جب تم لوگ ہمارے ساتھ ہو تو پھر مومنین کے کلمہ شہادت پڑھنے اور ان کی مجلسوں اور مسجدوں میں آنے جانے اور ان کے ساتھ حج کرنے اور جنگ کے لئے جانے میں کیا فائدہ؟ تو ان کے جواب میں کہتے ہیں **اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ** یعنی مومنین کے ہاں ایمان ظاہر کر کے ہم ان سے استہزاء کرتے ہیں یہاں تک کہ اس وقت ہمارے دلوں میں ایمان کی حقیقت کا خیال بھی نہیں گزرتا۔ انہیں ہم صرف یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ ہم لوگ ظاہراً وباطناً تمہارے ساتھ ہیں حالانکہ ہم ان کے ساتھ صرف ظاہر میں ہیں تاکہ ہم ان سے اموال غنیمت اور ان کی لڑکیوں سے شادیاں اور ان کے پوشیدہ اسرار

marfat.com
Marfat.com

سے مطلع اوران سے اپنے اموال واولاد اور عورتوں کی حفاظت کرسکیں۔

حل لغات : الاستھزاء بمعنی دوسرے کو جاہل سمجھنا اوراس سے مسخری کرنا اور حقیر سمجھنا۔اب معنی ہوں ہوا کہ ہم اپنا اسلام ظاہر کر کے حضور علیہ السلام اوران کے اصحاب کو جاہل سمجھ کران کا تمسخراڑاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی مذکورہ تقریر کے رد میں فرمایا: اَللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ یعنی اللہ تعالیٰ انہیں استہزاء کی سزا دے گا یا یہ کہ اس استہزاء کا وبال ان کی طرف لوٹے گا پھر وہی استہزاء کیے ہوئے ٹھہریں گے یا ان پر حقارت وخرابی نازل ہوگی جو کہ استہزاء کو لازم ہے یا ان کے ساتھ مُسْتَھْزِی جیسا معاملہ کیا جائے گا یا دنیا میں ان پر مسلمانوں کے احکام جاری کر کے چند روز مہلت دے کر اور نعمتوں میں زیادتی کر کے ان کی سرکشی وطغیانی کر بڑھاتا ہے آخرت میں ان کے ساتھ ایسے ہی ہوگا۔

چنانچہ مروی ہے کہ جب یہ لوگ دوزخ میں ہوں گے تو ان کے لئے بہشت کا دروازہ کھولا جائے گا یہ لوگ بہشت کی طرف دوڑیں گے جب بہشت کے قریب پہنچیں گے تو دروازہ بند کرلیا جائے گا پھر ان کو دوزخ کی طرف لوٹایا جائے گا۔مومنین تخت پر بیٹھ کران کی اس حالت کو دیکھ کر ہنسیں گے جیسا کہ یہ لوگ دنیا میں مومنین پر ہنستے تھے۔یہ فعل ان کے ساتھ دنیا کے فعل کے عوض ہوگا۔اوراسی طرح ان کے ساتھ کئی بار کیا جائے گا۔

وَیَمُدُّھُمْ ان کو بڑھائے گا اور قوت دے گا۔

حل لغات : مَدَّ الْجَیْشَ وَاَمَدَّہٗ سے ماخوذ ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ لشکر کو قوت ھو اَمَدّ فی العمر (یعنی عمر میں زیادتی کرنا) سے ماخوذ نہیں کیونکہ وہ اُمْلِیْ لَھُمْ کی طرح لام سے متعدی ہوتا ہے۔اسی پر ابن کثیر کی قرأت دلالت کرتی ہے۔

فِیْ طُغْیَانِھِمْ اس کا متعلق یَمُدُّھُمْ ہے اور طُغْیَان بمعنی مر میں حد سے تجاوز کرنا اس سے سرکشی میں ان کی زیادتی اور ان کا کفر میں غلو کرنا مراد ہے اور طغیان مضاف ہونے میں اس طرف اشارہ ہے کہ سرکشی ان کے ساتھ مخصوص ہے اور اس بات کی تائید ہے کہ ان کے بُرے اختیار کی وجہ سے انہیں مہلت دی گئی ہے۔

یَعْمَھُوْنَ یعنی گمراہی میں حیران پھرتے ہیں یہ دنیا میں ان کو استہزاء کی سزا ہے اور ھُمْ ضمیر منصوب یا مجرور سے حال ہے کیونکہ مصدر مضاف ہے اور وہ حکماً مرفوع ہے اور اَلْعَمَہ بصیرت کا اندھاپن، جیسے عُمْیٌ کا

marfat.ocm
Marfat.com

بصارت کا اندھاپن۔ بصیرت کا اندھاپن بمعنی تحیر اور تردد ہے، بایں حیثیت کہ اسے علم نہ ہو کہ وہ کہاں جا رہا ہے

تفسیر صوفیانہ ان دونوں آیتوں میں اشارات ہیں قولہ تعالیٰ اِنَّا مَعَكُمْ یہ کہ شخص اپنے ارادہ اور لوگوں کی جبلی عادت کو جمع کرنا چاہے تو یہ محال ہے کیونکہ: اَلضِّدَّانِ لَا يَجْتَمِعَانِ (دو ضدیں کبھی جمع نہیں ہوتی) جس کے ہر طرف دوست ہوں اور اس کا ہر سو دل کا تعلق ہو تو اس کے کئی تصورات ہوں گے اور علائق میں بٹ جائے گا۔

یہی حال منافقین کا ہے کہ وہ ہمیشہ تردد میں رہتے ہیں کفار کے ساتھ رہ کر ان کے مفاسد اور مسلمانوں کے ساتھ اٹھ بیٹھ کر ان کی بھلائیاں جمع کرنا چاہتے ہیں اور یہ محال ہے جیسے اجتماع النقیضین محال ہے، بنا بریں بیچارے دار اور دروازے کے درمیان پھنس رہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ:

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ

اسی طرح ان دونوں کا ہے جو چاہتے ہیں لیکن عادت کو نہیں چھوڑتے۔ مقاصدِ دارین کے طالب ہوتے ہیں اور دن کے مراتب کے متمنی ہوتے ہیں لیکن دنیا کی خواہشات میں تر بتر رہتے ہیں اس وجہ سے اپنے مقاصد میں پورے نہیں اترتے۔

حدیث شریف: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

لَيْسَ الدِّيْنَ بِالْمُتَمَنِّى (دین صرف آرزو کرنے سے نہیں حاصل ہوتا)

اور فرمایا: بُعِثْتُ لِرَفْعِ الْعَادَاتِ وَدَفْعِ الشَّهَوَاتِ (میں عادات کو بلند کرنے اور خواہشات کو مٹانے کے لئے مبعوث ہوا ہوں)

حدیث شریف: حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:۔

الدنیا والاخرہ ضرتان (دنیا و آخرت آپس میں سوکنیں ہیں)

جو شخص ان دونوں کو جمع کرنا چاہے وہ دھوکا میں ہے اور فریب خوردہ ہے اور جو شہوت رانی کر کے بلند درجات تک پہنچنے کا خواہش مند ہے اسے مسخرہ سمجھو جو اس راہ پر چلنے کے ساتھ استہزا کرتا ہے نقصان اٹھاتا ہے بہت سے اس راہ پر چلنے والے اس دریا میں غرق ہوئے اللہ تعالیٰ دنیا کے حرص رکھنے والوں کو مہلت دیتا ہے یہاں

marfat.ocm
Marfat.com

تک کہ اس کی طلب میں حد احتیاج سے متجاوز ہو کر دنیاوی مقاصد کے دروازوں پر دستک دینے میں منہمک ہوتے ہیں جس قدر زیادہ دنیاوی امور میں انہماک ہوتا ہے اسی قدر ان کی طلب میں حیران رہتے ہیں۔

کما قال اللہ تعالیٰ: اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى (بیشک انسان سرکش ہے یہ کہ اسے دیکھا تو بے پرواہ ہو گیا) اس لیے دنیا کی طلب میں قسم قسم کے حیلے کرتے ہیں اس کی سزا استہزاء ہے اور استہزاء کی سزا رسوائی اور مہلت دنیا ہے جس کی وجہ سے وہ سرکشی میں پھنسے اور سرکشی کی سزا حیرانی ہے جو ہمیشہ گمراہی میں حیران پھرتے ہیں جنہیں باطل سے نکلنا اور حق کی طرف رجوع کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

ف: اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ میں ایک اشارہ بھی ہے وہ یہ کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ مومنین کا اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا مرتبہ ہے بایں معنیٰ کہ کفار کا ان سے استہزاء کا بدلہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرم لگایا ہے کہ انہیں کفار کے استہزاء کے جواب کے لئے معارضہ کی ضرورت نہ پڑے مومنین کی طرف سے استہزاء کا معاملہ ایسا اتم فرمایا کہ جس کے بعد اس سے اور کوئی مزید بلیغ استہزاء نہیں ہے حالانکہ کسی دوسرے سے استہزاء سے روکا ہے کما قال: لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ (کوئی قوم کسی دوسری قوم سے استہزاء نہ کرے) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں استہزاء کو جہالت سے تعبیر فرمایا کما قال: قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا (انہوں نے کہا کیا آپ ہمارے ساتھ استہزائے کرتے ہیں) اور فرمایا: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (میں پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں سے ہو جاؤں)

ف: جب لوگوں سے استہزاء قبیح امر ہے پھر اللہ تعالیٰ سے استہزاء کس قدر قبیح ہوگا۔

حدیث شریف:۔ میں ہے: اَلْمُسْتَغْفِرُ مِنَ الذَّنْبِ وَهُوَ مُصِرٌّ عَلَيْهِ كَالْمُسْتَهْزِئِ بِهٖ (جو گناہوں کی معافی مانگنے بعد پھر اس پر اصرار کرے تو یوں سمجھو کہ اس نے اللہ تعالیٰ سے استہزاء کیا) تیسرا اشارہ یہ بھی ہے کہ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ سے بتایا گیا ہے کہ بندوں کے لئے لائق نہیں کہ وہ اپنی لمبی لمبی عمروں سے فریب خوردہ ہوں اور مال و اولاد کی زیادتی سے دھوکا کھائیں۔ چنانچہ طویل العمر اور کثیر المال والاولاد دشمنوں کے لئے فرمایا ہے۔ چنانچہ: وَيَمُدُّهُمْ یعنی ان کی عمریں بڑھا دیتا ہے اور اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ یعنی وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کے مال اور اولاد میں اضافہ کرتے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

پھر جتنی زیادتی ہو جائے گی اسی قدر سزا زائد ہوگی۔ کما قال: وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا (دنیا میں اپنے دشمن کا مال بڑھاتا ہے) کما قال: مَالًا مَّمْدُوْدًا (مال بڑھا ہوا) (اور اپنے دوستوں کے لئے بہشت کے باغات بڑھائے گا) کما قال: وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (اور سائے دراز)

قصہ معراج کا ایک عطیہ:۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شب معراج میں فرمایا کہ یہ بھی ایک نعمت ہے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لوگوں کی عمریں چھوٹی بناؤں گا تا کہ ان کے گناہ زیادہ نہ ہوں اور ان کے مال تھوڑے کردوں گا تا کہ قیامت میں ان کا حساب لمبا نہ ہو اور سب سے پیچھے انہیں اس لیے بھیجا تا کہ قبروں میں انہیں زیادہ دیر نہ رہنا پڑے۔

معراج میں حضور کو حکم ربانی:۔ مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ شب معراج میں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: اے محبوب! (صلی اللہ علیہ وسلم) اچھے لباس اور بہترین طعام اور اعلیٰ بچھونے سے احتراز فرمایئے اس لیے کہ نفس تمام برائیوں کا مرکز اور منبع ہے اسے نیکی کی طرف بلاؤ تو وہ برائی کی طرف کھینچتا ہے اور طاعت کے لئے تو اس کا جی چاہتا ہی نہیں۔ ہاں برائی کا شیدائی ہے اور جب سیر ہوتا ہے تو سرکشی کرتا ہے اور کثیر مال پاتا ہے تو تکبر کرتا ہے جو اچھی بات ہوتی ہے اسے بھلا دیتا ہے عیش وطرب میں غفلت کا خوگر ہے شیطان کا گہرا دوست ہے۔ (کذا فی مشکوٰۃ الانوار)

تفسیر عالمانہ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وہ منافقین جن کے اوصاف شنیعہ بیان کیے گئے ہیں اب وہ لوگ اپنے ماسوا سے ایسے علیحدہ ہو چکے ہیں کہ گویا وہ موجود ومشاہد ہیں اور اس میں بُعد کا معنیٰ بوجہ ان کے سوء حال اور شر میں بُعد مرتبہ کے ہے اُولٰٓئِكَ بوجہ مبتدا ہونے کے مرفوع ہے اور اس کی خبر الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ہے۔

حل لغات: اشْتَرَوْا دراصل مطلوبہ اشیاء کے حصول میں ثمن خرچ کرنے کا نام ہے۔ پھر اس چیز کے لئے استعارہ کیا گیا ہے جو قبضہ میں ہو۔ دوسرے چیز کے حاصل کرنے کے لئے، پھر اس سے بھی کچھ آگے وسعت دیتے ہوئے کسی شئے میں رغبت کرنا اس طمع پر کہ اس کے عوض کوئی دوسری چیز ملے گی، کے لئے استعمال کیا جاتا

marfat.ocm
Marfat.com

ہے اور یہاں پر اشْتَرَاء سے ان کا وہ معاملہ مراد ہے جو ان کے حالات میں گزر چکا ہے۔

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ ضلالت سے کفر اور حق وصواب کرنا مراد ہے۔ بالْهُدٰى، هـــدىٰ سے ایمان اور سلوک فی الصـــراط المستقیم اور اس پر استقامت پکڑنا مراد ہے۔ اس میں استعارہ کیا گیا ہے۔ یعنی ضلالت میں رغبت کرنے سے ایمان کی بجائے گمراہی لینا ہے اور پھر ایمان سے روگردانی کرنے کا مطلب لیا گیا ہے۔ یعنی انہوں نے ایمان کی بجائے گمراہی کو پسند کیا اور ایمان کو گمراہی سے تبدیل کر لیا اور ایمان کے بجائے گمراہی لے لی

سوال : انہوں نے ہدایت دے کر گمراہی خریدی۔ کیا ہدایت ان کے ہاتھ میں تھی؟

جـــواب: استعارہ تو آپ سن چکے، استعارہ کا یہ معنی ہے کہ ہدایت حاصل کرنے کی انہیں قدرت تھی اور وہ وہی استعداد ہے جو ہر شخص میں رکھی گئی ہے پھر انہوں نے گمراہی کی طرف میلان کر کے ہدایت کو ضائع کر دیا۔ یعنی ہدایت کو ترک کر دیا اور باء معاوضات میں متروک شئے پر داخل ہوتی ہے۔

مسـئلہ : اس سے ثابت ہوا کہ اگر ایجاب وقبول نہ بھی ہو تب بھی لینے دینے سے بیع ہو جاتی ہے کیونکہ ان لوگوں کو ترکِ ہدایت واخذ ضلالت پر مشتری کہا جا رہا ہے اگر چہ اس تبادلہ میں انہوں نے کوئی کلام بھی نہ کیا۔

کذافی التیسیر

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ یہ مجاز کے لئے ترشیح ہے یعنی انہوں نے اس تجارت میں نفع نہ پایا کیونکہ نفع کا اسناد تو درحقیقت اربابِ تجارت کی طرف ہوتا ہے اور اس میں خود تجارت کی طرف اسناد کرنا بہ بنائے توسع ہے کہ تجارت کو فاعل سے متلبس اور مشابہ کر کے فاعل کا حکم لگا دیا گیا یہاں تک اب ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ خود تجارت نفع ونقصان کا سبب ہے اور فاء کو اس لیے داخل کیا گیا کہ یہ کلام شرط کے معنی کو متضمن ہے دراصل عبارت یوں تھی واذا اشتروا فما ربحوا (کواشی) (جب انہیں خریدا تو نفع نہ پایا) اور تجارت تاجروں کی ایک صنعت کا نام ہے جو نفع کے حصول کی غرض سے بیع وشراء کا کام کرتے ہیں اور ربح اس زیادتی کا نام ہے جو راس المال سے زائد ہوتی ہے۔

وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ یعنی تجارت کے طریق پر وہ ہدایت یافتہ نہیں ہیں کیونکہ تجارت سے مقصد یہ ہوتا ہے کہ راس المال بھی بچ جائے اور نفع بھی حاصل ہو۔ اگر ایک نفع دستیاب نہ ہو سکے تو دوسری بیع میں اصل کی بقاء کی وجہ سے جبراً نقصان ہو جائے گا لیکن جس کا اصل مال بھی ضائع ہو جائے اس کی تجارت کا ہے کی اور ان لوگوں نے تو

marfat.ocm
Marfat.com

اپنے راس المال کو ہی ضائع کر رکھا ہے کیونکہ ان کا راس المال فطرۃ سلیمہ اور عقل خالص تھا جب انہوں نے ان گمراہیوں کا اعتقاد اپنے میں راسخ کرلیا تو ان کی استعداد باطل اور عقل ختم اور سرے سے راس المال ہی نہ رہا جس سے وہ حق وکمال کو پہنچ کر کچھ فائدہ مند ہوں۔ لیکن اس لحاظ سے وہ خاسر ہو کر اپنے نفع سے ناامید ہو گئے اور اصل کو گم کرتے ہوئے تجارت کی راہ سے ہزاروں کوس دور جا پڑے۔

نکتہ : مہتدی: وہ ہے جو دنیا اور خواہشِ نفسانی ترک کر کے طاعت وعبادت میں مشغول ہو، نہ وہ جو کہ نفسانی خواہش کا حکم کرے تو اس پر عمل کر کے ہدایت کو خواہش سے مخلوط کر دے۔

حکایت: شیخ استاذ ابی علی وقاص رضی اللہ عنہ کا ایک دولت مند تاجر مرید تھا وہ بیمار ہو گیا، شیخ صاحب اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور بیماری کا سبب پوچھا، عرض کی، حضور! رات کو تہجد کی ادائیگی کا ارادہ ہوا اور اٹھ کر وضو کرنے کا قصد کیا تو گرمی کے آثار نمودار ہوئے اور اب یہاں تک نوبت ہے کہ مجھے سخت بخار ہے۔ شیخ نے فرمایا: بیٹے! فضول بات سے بچو، تجھے ایسی تہجد فائدہ نہیں دے گی جب تک کہ تم دنیوی معاملات کو ترک کر کے دنیا کی الفت دل سے خارج نہ کرو گے اب تیرے لیے پہلے یہ ضروری ہے، پھر نوافل ادا کرو۔ در دسر کے اندر ہو اور دو اپاؤں پر ملتے رہو، اسی طرح ہاتھ کو نجاست لگی ہو اور دامن وغیر کو دھوتے رہو تو اس سے کے فائدہ! ایسے ہی تم اپنا حال سمجھو۔

ف: بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ خواہشات کی ایک علامت یہ ہے کہ بندہ خیرات ونوافل میں تو تیز ہو مگر واجبات کے حقوق میں ست ہو اور یہ حالت عام مخلوق میں ہے (مگر جسے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے) چنانچہ تم خود ہی تجربہ کرلو کہ بعض صاحبان ایسے ہوتے ہیں کہ نوافل واوراد غیر واجبہ (جو سخت سے سخت ہوں گے) کی ادائیگی میں بڑے چست وچالاک ہوں گے مگر ضروری فرض کی ادائیگی میں کماحقہٗ دلچسپی نہیں ہوگی۔ عاقل کو چاہیے کہ اولاً راس المال کو حاصل کرے پھر اس نفع کے حصول میں کوشش کرے کہ جو کہ اصل راس المال سے حاصل ہو اور یہ عمل اختیاری ہے نہ یہ اضطراری اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے معاملہ میں ست وکمزور دیکھ کر اپنی طاعت وعبادت فرض فرمائی ہے کیونکہ انہیں اس کی اطاعت وعبادت کی طرف لے آنے والی کوئی ایسی شے نہیں جو انہیں مجبور کر کے لے آئے لیکن یہ حال اکثر مخلوق کا ہے ہاں اہل اللہ واولیاء کرام اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں۔

مولانا روم قدس سرہ' فرماتے ہیں: ؎

marfat.ocm
Marfat.com

اختیار آمد عبادت را نمک ورنہ میگردد بنا خواہ ایں فلک

گردش اورا نہ اجر و نہ عقاب کہ اختیار آمد ہنر وقتِ حساب

ائتیا کرھا مہار عاقلاں ائتیا طوعا بہارِ عاشقاں

ایں محب دایہ لیک از نہر شیر واں دگر دل دادہ بہر آں ستیر

ترجمہ : اختیاری معاملہ عبادت کو فائدہ دیتا ہے ورنہ افلاک تو شب و روز عبادت میں گھوم رہا ہے۔
لیکن بے اختیار ہو کر افلاک کی گردش پر نہ ثواب نہ عذاب اس لیے کہ اختیار سے ہی عبادت لکھی جاتی ہے۔

ائتیا کرھاً (مجبور ہو کر آؤ) عاقلوں کی مہار اور ائتیا طوعاً (خود بخود آؤ) عشاق کی دام ہے۔ بچہ دایہ کا عاشق ہے لیکن صرف دودھ کے لئے اور وہ اپنے محبوب کا دائمی عاشق ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندہ پر اپنی اطاعت واجب فرمائی ہے اور دراصل اس پر طاعت واجب فرمانے کا مقصد یہ ہے کہ وہ بہشت میں داخل ہو کیونکہ اس امر کا مرجع بہشت ہی ہے اور یہ اسباب عدمیہ ہیں اور نفس کی ہمیشہ یہی عادت ہے کہ اچھی باتوں سے ہٹ کر برے کاموں میں مشغول ہوتا ہے جسے خواہش ہو کہ اسے اللہ تعالیٰ اس خواہشِ نفسانی سے محفوظ رکھے جو نیکیوں سے باز رکھنے والی ہے اور اس غفلت سے بچالے جو اسے بہترین حالات سے دور رکھتی ہے تو اسے چاہیے کہ وہ قادرِ قدیر ہے کہ وہ قادرِ قدیر کی بارگاہ میں گڑگڑائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا (اور اس کی قدرت ہر شے سے متعلق ہے) اور اس کی نیکی کو پالینا بھی ایک شے ہے جو اللہ تعالیٰ عطا فرمادے۔ اگر تو چاہتا ہے کہ تجھے یہ مقام حاصل ہو تو، تو اپنے جیسے لوگوں کو دیکھ کر انہوں نے ان مراتب کو کیسے حاصل کیا جیسے حضرت ابراہیم بن ادہم و فضیل بن عیاض و ابن المبارک و ذوالنون مصری و مالک بن دینا اور اسی طرح کے دیگر محرم رازِ حق (رضی اللہ عنہم) حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

عاشق کے شند کہ یار بحالش نظر نہ کرد اے خواجہ درد نیست ورنہ طبیب ہست

ترجمہ: عاشق اپنے معشوق کے ہاں حاضر ہوا لیکن اس نے توجہ نہ فرمائی، اسے کہو کوئی حرج نہیں درد نہ ہو تب بھی طبیب موجود ہے تجھے بفضلہٖ تعالیٰ درد بھی ہے۔

تفسیر صوفیانہ

قاشانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ آیت میں ہدایت سے نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ (سورہ نور) کا دوسرا نور مراد ہے اور وہ نورِ فطری ازلی ہے جسے محققین فیضِ ربانی کی استعداد مراد لیتے

Marfat.com

ہیں اور ضلالۃ سے مراد وہ فطرۃ ہے جو اس نورِ ازلی کے لئے حاجب ہے جو طبیعت فاسدہ اور مقاصد ہیولانیہ فلسفہ خواہشات نفسانیہ اور طوقِ شیطانیہ کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی اور ربح سے مراد وہ نورِ اول ہے جسے بندگان حاصل کرتے ہیں لیکن توجہ حق واتصال بعالم قدس اور غیر اللہ سے بالکل علیحدگی اختیار کرنے کی وجہ سے اور پھر اس مالک کی قوت کو شاملِ حال سمجھ کر اور غیر وہم ایسا بھول جائے کہ روح صرف مشاہدہ ربانی میں مصروف ہو بلکہ ذاتِ حق کی تجلیات میں ایسا جَل بھُن جائے کہ ہستی موہوم بالکل رہے بھی نہ اور خسران سے مراد یہ ہے کہ ان لوگوں نے اپنا دارین کا فائدہ ضائع کر دیا اور اس خرابی سے نورِ حق ان سے محجوب ہو گیا۔ کما قال اللہ تعالیٰ:

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ [1] اور

تاویلات نجمیہ میں ہے: ان لوگوں کا سرکشی میں پھنس کر اندھا ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ دنیوی امور میں خوش ہیں اور اس سے مطمئن ہیں۔ اس وجہ سے گمراہی ان اسی وجہ سے گمراہی ان کے دلوں کی گہرائیوں پر اثر کر گئی ہے پھر یہی سزا نصیب ہوئی جس کا ذکر آیت میں ہے اسی لیے آیت اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ میں فعل کی نسبت ان کی طرف ہوئی اشْتَرَاء کا لفظ بھی اسی لیے فرمایا کہ انہوں نے ہدایت کی استعداد اپنے سے بالکل نکال دی ہے اب اس کی طرف راجع ہوتے بھی نہیں اور نہ ہی اس تجارت سے انہیں کوئی نفع ہے اور جو شخص آخرت کی بجائے دنیا سے راضی ہو اس کا نقصان بھی ظاہر ہے اور جو صرف دنیا و عقبیٰ کا طالب ہو اور مولا کا طالب نہ ہو۔ وہ تو بہت زیادہ گھاٹے میں ہے اور اس سے زیادہ محروم کوئی بھی نہیں۔ جب اخروی نعمتوں سے محروم ہو جائے تو اسے جہنم کی سزا ہے پھر جو اپنے محبوب کی طلب اور اس کے دیدار سے محروم ہو تو اس سزا کتنی زیادہ ہو گی اور پھر انہیں ہدایت بھی کب نصیب ہو جبکہ انہوں نے قبولِ ہدایت کی استعداد ہی ختم کر ڈالی ہے۔

تفسیر عالمانہ

مَثَلُهُمْ مثل دراصل نظیر کو کہتے ہیں پھر ہر اس قول کو کہا جانے لگا جو اس واقعہ واردہ کے مشابہ ہو اور پھر اس میں کسی قسم کی تبدیلی بھی نہ کی جائے اور مثل بھی ہر اس قول میں بیان کی جاتی ہے جس میں ایک قسم کی غرابت ہو اس لیے سے تغیر سے محفوظ رکھا جاتا ہے۔ پھر استعارہ کیا گیا ہے ہر اس حال یا قصہ یا صفت کے لئے کہ جس میں عجیب و غریب شان اور غرابت ہو جیسا کہ قرآن پاک میں ہے:

---

[1]:۔ خبردار ان کے قلوب پر زنگ چڑھ گیا اس وجہ سے جو وہ عمل کرتے خبردار ایسے لوگ اپنے رب سے حجاب میں ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ اور وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی یعنی وہ صفت کہ جس میں شانِ عظمت وجلال ہے۔

ربط : جب اللہ تعالیٰ نے منافقین کی حال حقیقت بیان فرمائی تو اس کے بعد مزید وضاحت کی خاطر مثال دی کیونکہ مثال عقل کا اچھا ذریعہ اور وہم کو قابو کرنے میں اقویٰ وسیلہ ہے۔ غبی جاہل کو سمجھانے اور منکر سرکش کے حملہ سے محفوظ ہونے میں کیونکہ نہ ہو جبکہ تمثیل میں منکر کو معروف کی صورت میں دکھایا جاتا ہے اور وحشی کے سامنے ہیئت مالوف میں ظاہر ہون اور خیالی شے کو محقق بنا کر دکھانا اور معقول کو محسوس کی شکل میں پیش کرنا اور معانی کو اشخاص (یعنی ملبوس) کی تصویر میں لانا یعنی مثال سے خفی کو جلی سے اور غائب کو حاضر سے تشبیہ دینا مقصود ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابوں میں انہی تمثیلات کو بہت بیان فرمایا ہے اور انجیل میں تو ایک سورۃ کا نام سورۃ الامثال ہے اور قرآن پاک میں ہزار آیات ہیں جن میں امثال وعبرتیں ہیں اور علامہ سیوطی علیہ الرحمہ ''اتقان'' میں لکھتے ہیں کہ قرآن پاک کے اعظم علوم میں سے علم امثال بھی ہے لیکن لوگ اس سے غافل ہیں۔

مَثَلُهُمْ کا معنی یہ ہے کہ ان کا حال عجیب الشان ہے۔

كَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ تخفیف کی خاطر اسم موصول کی جمع کی بجائے واحد کو رکھا گیا کیونکہ یہ لفظ الَّذِی اپنے صلہ کی وجہ سے جمع کا معنی دیتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَخُضْتُمْ كَالَّذِیْ خَاضُوْا (اور تم نے ان کی طرح غور وخوض کیا جنہوں نے پہلے ایسے کیا تھا) اور الَّذِی بمعنی الـذیـن پر کلام کا ماقبل ومابعد قرینہ ہی ہے علاوہ ازیں اسْتَوْقَدَ نَارًا میں ضمیر واحد کا لایا گیا ہے اس کے ظاہر کا اعتبار کر کے اور باقی آئندہ افعال میں صیغہ جمع کا ہے الَّذِی کے معنی کا اعتبار کر کے اسْتَوْقَدَ نَارًا الاستیقاد بمعنی طلب الوقود اور اس کے حصول میں سعی کرنا یعنی آگ کا روشن کرنا اور اس سے شعلے بلند کرنا نَارًا اور نار ایک جوہر لطیف ہے جو روشنی دینے والی اور جلانے والی شے ہے اور نور اس کے ضوء کا نام ہے اسی طرح ہر نورانی شے کے ضوء کو بھی نور کہتے ہیں جو ظلمت کی نقیض ہے ۱ یعنی جنگل میں اندھیری رات میں درندگان وغیرہ کے خوف سے بہت بڑی آگ جلائی فَلَمَّآ اَضَآءَتْ الا ضاءۃ یعنی فَرْطُ الْاِنَارَةِ یعنی بہت زیادہ روشن ہونا یا کرنا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا سے پتہ چلتا ہے یعنی ان کی مثال اس شخص جیسی ہے جو آگ جلائے پھر جب روشن ہو جائے

marfat.ocm
Marfat.com

مَاحَوْلَهٗ آگ جلانے والے کے اردگرد جو مکان واشیاء ہیں اگر اَضَاءَتْ متعدی ہو لفظ مـا اس کا مفعول ہوگا اور مَاحَوْلَهٗ کی نصب علی الظرفیہ ہوگی اور اگر اسے لازم قرار دیا جائے تو فعل کا اسناد لفظ ما اور تانیث کی طرف ہوگا کیونکہ اس شخص کا گرداگرد وامکنہ واشیاء کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے اور حل بمعنی دوران ہے سال کو بھی اسی لیے حل کہتے ہیں کہ وہ چکر لگاتا ہے اور لـمّـا کا جواب ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ ہے یعنی اسے بالکلیہ لے جائے اور اس کی آگ بجھادے جو کہ ان کے نور کا دارومدار ہے۔

سوال: اذھاب کو نور سے کیوں معلق کیا گیا ہے نار سے کیوں نہیں کیا گیا؟

جواب: نار کے جلانے سے مقصود نور ہی ہوتا ہے۔

سوال: اذھاب کا اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں کیا گیا ہے؟

جواب: ا۔ ہر چیز کا خالق وہی ہے اس اعتبار سے اس کی طرف اسناد کیا گیا۔

۲۔ آگ بجھنا سبب خفی سے ہوا یا کوئی امر سماوی پہنچا جیسے ہوا یا بارش۔

۳۔ یا بطور مبالغہ کے ہے جیسا کہ اسے با سے متعدی کرنے سے پتہ چلتا ہے کیونکہ با میں مصاحبت وامساک کا معنی ہوتا ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے: ذھب السلطان بمالہ یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ مال بادشاہ لے لے اور جسے اللہ تعالیٰ لے کر بند کرلے پھر اسے کون چھڑانے والا ہے۔ اسی لیے ضوء سے (اگرچہ بہ اقتضائے ظاہر یہی ہونا چاہیے تھا) سے عدول کر کے نور کو اختیار کیا کیونکہ ضیاء کے ذھاب سے نور کا بقاء ہوسکتا ہے کیونکہ ضعیف کا نہ ہونا قوی کے نہ ہونے کو مستلزم نہیں ہے اور یہاں پر مراد اس نور کا بالکلیہ زائل کرنا مراد ہے جیسا کہ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ سے پتہ چلتا ہے کیونکہ ظُلُمٰتٍ بمعنی نور کا نہ ہونا بالخصوص اس وقت جبکہ دوسری (اس کی) تہ بہ تہ ہو کہ اس کے بعض پر ہو جیسا کہ اسے جمع اور تنکیر تضخیمی سے معلوم ہوتا ہے اور اس کا مابعد لَا يُبْصِرُوْنَ کا معنی بھی نہیں محقق ہوسکتا جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو کہ نور کا نام ونشان نہ رہے اور ترک دراصل طرح دخلی کے ہے اسے ایک مفعول چاہیے لیکن صبر کے معنی کو ضمن میں رکھ کر افعالِ قلوب سے ہو کر دو مفعول کا

ا نقیض وہ ضد ہے جو دوسری ضد کو اپنے مقابل نہ آنے دے جیسے دن کی نقیض رات، موت کی نقیض زندگی، یعنی بیک وقت ان میں سے ایک ہی چیز کا ظہور ہوگا تو دوسری چیز مفقود ہوگی دونوں کا بیک وقت واقع ہونا محال ہے (مترجم)

marfat.com
Marfat.com

طالب ہوتا ہے اب عبارت یوں ہوئی صیّرھم فی ظلمٰتٍ لَا یبصرون ما حولھم اس عبارت کے اعتبار سے فِیْ ظُلُمٰتٍ اور لَایُبْصِرُوْنَ ،صیّر کے دو مفعول ہوں گے اور اگر اسے اپنے اصلی معنیٰ پر لیا جائے یہ دونوں مفعول یعنی ضمیر ھُمْ سے حال ہوں گے مترادفین یا متداخلین اور معنیٰ یوں ہوگا کہ ان کا حال عجیب ہے کہ انہوں نے گمراہی کو خریدا جسے ظلمت کفر و نفاق کہا جاتا ہے جسے ظلمت غضب الٰہی اور ظلمت یومِ قیامت (کہ جس دن دیکھو گے کہ نور ان کے دائیں بائیں دوڑتا ہوگا) اور ظلمت القاب دائمی شامل ہے وہ ہدایت جو ان کو فطری نوری تھی کہ جس سے دلائل حق مشاہدہ کر چکے دے کر ان کا حال اس شخص جیسا ہے جو ایک بہت بڑی آگ جلائے قریب تھا کہ وہ اس سے بہرہ یاب ہو کہ اللہ تعالیٰ اس آگ کو بجھا کر انہیں ان ظلمات میں چھوڑ دے جو ان کے لئے حائل ہوں اور جس سے آنکھوں کو کچھ نظر نہ آسکے۔

التیسیر والعیون میں ہے کہ منافقین نے کلمہ ایمان زبان سے نکالا تو اس کی بدولت نور یاب ہوئے اور اس کی عزت کی وجہ سے عزت پائی اور اس کے سبب سے امن پایا، مسلمان عورتوں سے نکاح کیے مسلمانوں کے وارث بنے اور ان کو غنیمتیں تقسیم کیں اور اپنی اولاد و اموال میں امن پایا جب آخر العمر کو پہنچے تو ان کی زبان گنگ ہوگئی اور ہمیشہ ہمیشہ تک ظلمات کفر میں رہے جس کی وجہ سے خوف و ظلمت کی طرف لوٹے۔

صُمٌّ یعنی وہ منافقین حق کو سننے سے بہرے ہیں یعنی حق کو قبول نہیں کرتے اور جب وہ حق کو قبول نہیں کرتے تو گویا وہ سنتے ہی نہیں اور الصُّمُّ دراصل سننے کے مواضع کے سوراخوں کا ایسا بند ہو جانا کہ وہاں تک ہوا کا گزر بھی نہ ہو سکے کہ اس تموج سے آواز حاصل ہوتی ہے بُکْمٌ حق سے گنگ ہیں کہ اسے بیان نہیں کرتے جبکہ وہ چھپا رکھا ہے اس کے خلاف بولتے ہیں گویا کہ وہ بولتے بھی نہیں ہیں اور گنگ زبان کی ایسی آفت ہے جس کی وجہ سے مواضع الحروف پر اعتماد کرنے سے اسے قدرت نہیں ہوتی عُمْیٌ یعنی انہوں نے وہ آنکھیں گم کر دی ہیں کہ جن سے نظر کریں اور وہ نظر انہیں عبرت دے کر ہدایت کی طرف کھینچ کر لے جائے بلکہ یہ لوگ بصیرت کی بینائی بھی گم کر چکے ہیں کیونکہ جس کی بصیرت مٹ گئی گویا اس کی بصارت بھی مٹ گئی بنابریں یہاں پر عُمْیٌ عدم البصیرۃ والبصر دونوں کے لئے مستعمل ہے اور یہ صفات ان کے دنیا میں ہیں اسی لیے آخرت میں انہیں ایسی ہی سزا ملے گی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا اور ہم

marfat.ocm
Marfat.com

نے انہیں قیامت میں چہروں پر گونگے اور اندھے بنا کر اٹھائیں گے اس دن نہ تو وہ اللہ تعالیٰ کا کلام سن سکیں گے نہ اس سے کلام کر سکیں گے اور نہ ہی اس کے دیدار سے مشرف ہوں گے بخلاف اہلِ اسلام کے کہ وہ حق کے سننے والے اور حق کو دیکھنے والے ہیں اسی لیے قیامت میں اللہ تعالیٰ کے خطاب اور دیدار اور اسلام سے نوازے جائیں گے۔ لَا يَرْجِعُوْنَ یعنی بوجہ اوصاف مذکورہ کے وہ لوگ گمراہی سے ہدایت متروکہ کی طرف نہیں لوٹ سکتے یہ آیت تمثیل کا خلاصہ ونتیجہ ہے اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ لوگ سلامت آلات کی وجہ سے ہدایت کی طرف رجوع کر سکتے ہیں کیونکہ ہدایت کو ترک کرنے پر مذمت کے مستحق ہوئے اور صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ سے آلاتِ حس کی نفی تو نہیں ان کے استعمال نہ کرنے کی نفی ہے۔ شیخ سعدی قدس سرہ فرماتے ہیں:

زباں آمد ز بہر سپاس — بغیبت مگردانش حق شناسی

گزرگاہ قرآن و پند است گوش — بہ بہتان باطل شنیدن مکوش

دو چشم از پئے صنع باری نکوست — زعیب بردار فرو گیر و دوست

ترجمہ :i۔ زبان صرف شکر کرنے کے لئے ہے لیکن تم اسے کسی کی غیبت میں ملوث نہ کرو۔

ii۔ کان قرآن پاک اور نصیحت سننے کے لئے ہیں لیکن تم انہیں گندی باتوں کے سننے میں مت لگاؤ۔

iii۔ دو آنکھیں اللہ تعالیٰ کی صنعت کے نظاروں کو دیکھنے کے لئے ہیں انہیں اور دونوں ہاتھوں کو غلطیوں سے محفوظ رکھیے۔

ف: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو رجوع الی الائتمار بامرہ وانتہاء نہیہ کا اختیار دیا ہے جیسا کہ فرمایا ہے: وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ اور ایسے ہی ہم آیات تفصیل سے بیان کرتے ہیں تا کہ لوٹ آئیں۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف بالاختیار راجع نہ ہوا تو اسے اس کی طرف موت سے راجع کریں گے کما قال: كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ہر جی موت کا ذائقہ چکھے گا پھر وہ ہماری طرف لوٹ آئیں گے اور جس نے اس کی طرف دنیا میں بفضلہ رجوع کیا اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کے قول کو محقق کیا تو اس کا یہ رجوع بالکرامۃ ہوگا اور وہ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً کے خطاب سے مشرف ہوگا

حکایت: زمانہ سابقہ میں ایک جبار سرکش تھا جس نے ایک محل تیار کیا اور اسے بڑا پختہ بنوایا اور بہت سجایا پھر قسم کھائی کہ جو شخص اس کے قریب جائے گا یا اس کی طرف بُری نظر سے دیکھے گا اسے قتل کرا دے گا اور بعد ازاں

Marfat.com

کئی لوگوں کو اس جرم میں قتل کروادیا گیا ایک شخص اس کے پڑوسیوں میں تھا اسے بڑی نصیحت کی مگر وہ نہ مانا ایک مرد صالح نے اس شہر سے باہر جا کر ایک جھونپڑی تیار کی جس کا کوئی دروازہ تھا نہ سوراخ عبادت کی خاطر تنہائی اختیار کی ادھر وہ سرکش بادشاہ اس محل میں عیش سے زندگی بسر کر رہا تھا ایک دن محل میں بیٹھا اس کے ساتھی اس کی خدمت میں حاضر تھے ادھر ملک الموت ایک حسین وجمیل نوجوان کی شکل میں تشریف لائے اور محل کے اردگرد گھوم رہے تھے اور بار بار اس کی چوٹیوں کو دیکھ رہے تھے کسی نے بادشاہ سے کہا کہ تیرے محل کو ایک نوجوان دیکھ رہا ہے۔ دیکھا تو کہا یہ پاگل معلوم ہوتا ہے کوئی ناواقف یا مسافر ہے لیکن تم سے کوئی جا کر اسے بلا لائے۔ چنانچہ ان میں سے ایک شخص گیا اور سختی سے یوں پیش آیا کہ نیام سے تلوار نکال کر اسے مارنے کا ارادہ کیا تو ملک الموت نے اس کی روح قبض کر لی، جس سے وہ بیہوش ہو کر گر پڑا۔ بادشاہ کو کسی نے آ کر کہا وہ دیکھو آپ کے فرستادہ کو ان نوجوان نے مار ڈالا ہے بادشاہ نے غصے میں آخر دوسرے آدمی کو تلوار دے کر حکم دیا کہ جاؤ اسے قتل کر دو اس نے دوسرے کا بھی وہی حال کیا۔ بادشاہ کو اس دوسرے کے قتل ہو جانے کے غیظ وغضب نے محل سے نکلنے پر مجبور کر دیا تلوار پکڑ کر خود باہر آیا اور ملک الموت سے کہنے لگا: تجھے موت کا ڈر نہیں ایک تو تو میرے محل کے قریب گھوم رہا ہے دوسرے دو آدمیوں کو قتل بھی کر ڈالا۔ ملک الموت نے کہا: بادشاہ سلامت! ذرا سوچ کر بولیے آپ کو علم ہے میں کون ہوں! میں قابض ارواح عزرائیل ہوں۔ بادشاہ یہ کلمہ سنتے ہی کانپنے لگا اور تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی اور کہا: ہاں، میں نے آپ کو پہچان لیا۔ یہ کہہ کر واپس ہونے لگا، ملک الموت نے فرمایا شاہ جی! کہاں جا رہے ہو میں تو آپ کے لئے کھڑا ہوں اب تو آپ نے قبر میں جانا ہے۔ بادشاہ نے کہا: صرف ایک منٹ کی مہلت چاہیے تا کہ میں اپنے اہل وعیال سے کچھ بات چیت کر لوں اور انہیں کچھ وصیت بھی کر لوں ملک الموت نے فرمایا: اب تک آپ کہاں رہے، اب کوئی فرصت نہیں یہ کہہ کر ملک الموت نے روح قبض کر لی اور چلتے بنے مرنے کے بعد رونا کیسا؟

ملک الموت اس فراغت کے بعد سیدھے اس مرد صالح کے پاس پہنچے اور فرمایا: مبارک باد تمہارا وہ سرکش بادشاہ آج موت کے کڑوے گھونٹ پی کر مر گیا تمام واقعہ سنایا۔ مرد صالح کا ارادہ ہوا کہ واپس اپنے گھر جائے۔ ملک الموت کو اس کی موت کا حکم آ پہنچا، چنانچہ ملک الموت نے اس مرد صالح سے کہا: آیئے، اب آپ کی باری بھی

marfat.ocm
Marfat.com

آ گئی۔ مرد صالح نے کہا: سر و چشم، اگر مہلت عنایت ہو سکے تو میں گھر جا کر ان سے کچھ باتیں اور وصیت کر لوں حکم ایزدی ہوا کہ اسے مہلت دیدو، چنانچہ مہلت لے کر چند قدم چلے سوچا اور نادم ہو ملک الموت سے کہا مجھے خطرہ لاحق ہوا کہ اگر گھر جاؤں تو کہیں کسی برے فعل کا ارتکاب نہ کر بیٹھوں، اللہ تعالیٰ میرے اہل کا آپ مالک ہے وہ مجھ سے بہتر جانتا ہے آیئے میری روح قبض کر لیجئے۔

سبق : بعض عارفین فرماتے ہیں کہ بہت تعجب ہے اس شخص پر جو اس امر سے بھاگتا ہے جو ضروری ہونے والا ہے وہ مالک ہے جس نے بندہ پر ہر بھلائی کی منت اور ہر نعمت عطا فرمائی اور اپنے بندہ سے وہ چیز طلب کرتا ہے جو اس کے ساتھ باقی رہنے والی ہے یعنی خواہشات خواہ وہ دنیا سے متعلق ہیں یا آخرت سے اس لیے کہ بات نہ آنکھیں دیکھ رہی ہیں نہ ہی دل جو سینوں میں پوشیدہ ہے۔

ف: بصیرت کا اندھا ہونے کے تین اسباب ہیں۔

۱۔ اپنے اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں میں مطلق العنان کر دینا۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت ریا کے طور کرنا۔

۳۔ خلق خدا سے طمع بازی، کیونکہ جب دل اندھا ہو جاتا ہے تو سالک اللہ تعالیٰ سے منہ موڑ موڑ کر غیر اللہ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

یہ مثال اس سالک کی ہے جو ابھی راہِ حق میں گامزن ہوا ہے اور مدت تک آزمائش و تکالیف و مصائب کا نشانہ بنا رہتا ہے پھر وہ طلب کی آگ کو جلاتا ہے اور اپنے اردگرد روشن پاتا ہے جس سے وہ اپنے سعادت و شقاوت کے اسباب دیکھ لیتا ہے تو پھر اسے کسی کامل کی صحبت میسر ہو جاتی ہے اس کی خدمت کرتا ہے خلوت گزیں ہوتا ہے نفس کو دنیا سے دور ہٹاتا ہے خواہشات کا قلع قمع کرتا ہے جس سے اس کا دل شوق کے انوار سے چمک اٹھتا ہے اور اس کی روح ذوق تجلیات سے اجاگر ہوتی ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے مامون ہو جاتا ہے اور نفس کی فریب کاریوں سے بچ جاتا ہے اس کے بعد اسے شیطانی خطرات اور اس کے وساوس اسے گھیر لیتے ہیں اب قہقہہ کے ساتھ الٹے پاؤں لوٹتا ہے یعنی دنیا کی پست حالتوں کو پہنچ جاتا ہے اور دنیوی سوچ میں گم ہو جاتا ہے اور نفس کی اندھیریوں میں ڈوب جاتا ہے مقصد تک

marfat.ocm
Marfat.com

پہنچنے سے پیشتر ہی وصال کی رسی ٹوٹ جاتی ہے باوجودیکہ نعمتوں کی جنت میں قدم رکھ پاتا ہے لیکن اس سے اسے نکال لیا جاتا ہے پھر بیچارہ ملال اور تنگدستی کے قدموں پر چل کر برے سے برے حال میں پہنچایا جاتا ہے کما قال: وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ اور اس کے لئے وہ ظاہر ہوا جس کا انہیں گمان نہ تھا صُمٌّ یعنی ان کے دل بہرے ہو چکے ہیں کہ جن سے یومِ میثاق کا خطاب سنا تھا اور زبانیں بھی کہ جن سے بَلٰی کا لفظ عرض کیا تھا اور ان کی آنکھیں اندھی ہو چکی ہیں کہ جن سے جمال حق کے دیدار سے مشرف ہوئے اور پھر انہیں اس کا عرفان نصیب ہوا اسی وجہ سے وہ رجوع کرنے والے نہیں خطائر قدس کی منازل کی طرف رجوع کرنے والے نہیں ہیں بلکہ اُنس کے باغات کے رجوع سے بھی محروم ہو گئے کیونکہ ان کے دل کا دریچہ جو یومِ میثاق کو کھولا گیا عالم قدس کی جانب کھلنے والا ہے اب انہوں نے اسے خود ہی بند کر دیا ہے اور تتبع شہوات اور لذات کے درپے ہو کر اور دھوکا سازی اور منافقت کاری کی وجہ سے اب ان پر نہ تو جناب قدس کا ہوائیں چلتی ہیں اور نہ ہی فحاتِ ارواح کی نسیم ان کو نصیب ہوتی ہے اس وجہ سے ان کے دل بیمار ہو گئے۔ پھر ان کیلئے ایسا طبیب بھیجا جو اپنے ساتھ بیماری کی شفاء بھی لایا۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (اور ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو عالمین کے لئے شفا اور رحمت ہے) مومنین سے مراد وہ ہیں جو اطباء کی تصدیق کرتے اور ان کی ادویات کو مانتے ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے نہ اطباء کو مانا، نہ ہی ان کی ادویات کو، تو سمجھ لو کہ انہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا ان کے لیے دوا بیماری بن جائے گی اور شفاء وبا کما قال تعالیٰ: وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا (اور ظالموں کا خسارہ بڑھاتا ہے) جب یہ لوگ اہلِ رحمت نہ ہوئے تو ان کو لعنت نے گھیر لیا جو ان کے بہرے اور اندھے ہونے کا سبب بنی۔ کما قال تعالیٰ: اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ

تفسیر عالمانہ

اَوْ كَصَيِّبٍ یا منافقین کی کہاوت صَیِّب" کی طرح ہے یعنی اصحابِ صیت کی طرح ہے

حل لغات: صَیِّب" اس بارش کو کہتے ہیں جو موسلا دھار ہو اور اس کا ماخذ الصَّوْبُ ہے اور صَوْب" بمعنی نزول ہے اور لفظ صَیِّب" دراصل صیوب" تھا اور کاف مرفوع المحل ہے جس کا عطف كَمَثَلِ الَّذِي کے کاف پر ہے اور تخییر و تساوی کے لئے ہے یعنی منافقین کا حال اور ان دو

marfat.ocm
Marfat.com

قصوں کے مشابہ ہے اور چونکہ یہ دونوں قصے مستقل قصے ہیں اس لیے ہر ایک میں سے منافقین کے لئے مثال دی جائے تو بھی حق ہے اور اگر دونوں کو ان منافقین کے لیے مثال دی جائے تب بھی درست ہے۔

مِّنَ السَّمَآءِ صَيِّبٌ'' کے متعلق ہے اور السَّمَآءِ بمعنی دنیا کی چھت اور اسے معروف بالام لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ بارش کا آنا صرف ایک کنارہ سے نہیں ہوتا کیونکہ ہر ایک کنارہ ان کے کناروں میں سے ہے یعنی ہر اس چیز کو جسے آسمان کا ایک کنارہ احاطہ کرتا ہے اسی کا نام علیحدہ آسمان ہے اب معنی یوں ہوا کہ وہ عام بارش جو بھرے ہوئے بادل سے نازل ہوتی ہے وہ بادل آسمان کے پکڑے ہوئے ہے اور آسمان سے بادل گرتا اور پانی بھی اسی سے لیتا ہے ایسا نہیں جیسا کہ بعض لوگوں نے گمان کیا ہے کہ بادل پانی دریا سے لیتا ہے۔

ف: امام ترمذی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بارش ان بخارات سے حاصل ہوتی ہے جو کہ زمین سے نکل کر ہوا میں اوپر کو جاتے ہیں پھر وہاں خلاء کی ٹھنڈک کی سختی سے جم کر پانی بن کر گرتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی اس غلط فہمی کا ابطال من السماء سے فرمایا۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرش کے نیچے ایک دریا ہے جس سے حیوانات کے رزق نازل ہوتے ہیں۔ اس کی طرف وحی کی جاتی ہے جس کی وجہ سے حسب مشیت ایزد متعال اپنا پانی نیچے والے آسمان کی طرف گراتا ہے پھر وہ نیچے والے کو، اسی طرح سب سے نیچے والے آسمان تک یہی سلسلہ رہتا ہے۔ پھر بادل کو حکم ہوتا ہے کہ تو چھلنی ہو جا، تو وہ چھلنی بن جاتا ہے جس سے وہی پانی قطرات کی شکل اختیار کر لیتا ہے پھر کوئی ایسا قطرہ زمین پر نہیں گرتا جس کے ساتھ ایک فرشتہ نہ ہو، جہاں ضرورت ہو وہی فرشتہ اس قطرہ کے لے کر وہاں پہنچاتا ہے اور یہ بھی ہے کہ ہر قطرہ کیل معلوم کے ساتھ گرتا ہے بخلاف یوم طوفان کے کہ وہ بارش بلا کیل وزن کے تھی۔

(کذافی تفسیر التیسیر)

فِيْهِ ظُلُمٰتٌ یعنی بارش میں تاریکیاں ہوتی ہیں یعنی وہ تاریکیاں کئی قسم کی ہیں ان میں سے ایک تاریکی وہ ہے جو بہت سخت گھٹائی ہے بوجہ بارش کے قطرات کے پے در پے ہونے اور پھر بادل کے سایہ کرنے اور رات کی اندھیریوں کی شمولیت کی وجہ سے اور آیت میں ایسی کوئی بات نہیں جو دلالت کرے کہ اس میں رات کی تاریکی مراد نہیں لیکن ہو سکتا ہے کہ اس میں رات کی تاریکی بھی ہو جیسا کہ آنے والی آیت يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ اور

marfat.ocm
Marfat.com

اس کے بعد والی آیت وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ برق کا آنکھ کو جھپک لینا عموماً اندھیری راتوں میں ہوتا ہے اور اسی طرح چلنے والے کا چلنے سے ٹھہرنا اس وقت ہوتا ہے جبکہ رات کی ایسی تاریکی ہو کہ چلنے والے کی آنکھوں کو آگے دیکھنے سے روک لے، بخلاف بادل کا سیاہ ہونا اور پھر اس کا کثیف ہونا دن میں ایسی صورت نہیں پیدا کرتا کہ چلنے والے کو چلنے سے روک دے۔

(کذافی حواشی ابن التمجید)

سوال : بارش ظلمات کا محل کیوں قرار دیا گیا ہے حالانکہ ضروری نہیں کہ بارش میں اندھیریوں کا محل ہو ہاں رات ہو تو پھر اس میں تاریکی کا وہم نہیں ہوتا ہے اس میں رات کی تاریکی کو تابع اور بارش کی تاریکی کو متبوع مقرر کیا گیا ہے حالانکہ معاملہ برعکس ہے۔

جواب : صرف مبالغہ مقصود ہے اور بارش سے ڈرانا مقصود ہے، تنبیہ کرنا ہے کہ بارش کی تاریکی ایسی سخت ہوتی ہے کہ رات کی تاریکی اس کے مقابلے میں کچھ نہیں ہے ظلمات کا مرفوع ہونا ظرف کی وجہ سے ہے کیونکہ اس کا اعتماد موصوف پر ہے کیونکہ جملہ محل جر میں ہے اس لئے کہ ایک قول کے مطابق صَيِّب کی صفت ہے۔ وَرَعْدٌ وہ سخت آواز جو بادل سے سنائی دیتی ہے وَبَرْقٌ وہ چمک جو بادل سے (جبکہ اس کے اجزاء ایک دوسے ملیں) حاصل ہوتی ہے۔

سوال : وَرَعْدٌ وَّبَرْقٌ کا محل بارش کو کیوں قرار دیا گیا حالانکہ اس کا محل تو بادل ہے۔

جواب : بادل سے یہ دونوں بارش کے واسطہ سے متعلق ہیں اور اسی واسطہ کے لحاظ سے ان کا محل بارش کو بنایا گیا اور حکماء میں یہ مشہور ہے کہ رَعْد کی وہ آواز ہے جو بادل کے اجرام کے آپس میں ٹکرانے سے نکلتی ہے یا وہ آواز ہے جو ہوا کے جھونکوں سے جب بعض اجزاء بعض سے خارج ہوتے ہیں تو پیدا ہوتی ہے وہی رَعْد ہے لیکن حقیقت وہی ہے جو حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ نے روایت کی ہے۔

حدیث شریف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہود نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ فرمایئے: رَعْد کیا شئے ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ فرشتہ ہے جو بادل

marfat.ocm
Marfat.com

پر مقرر کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ آگ کا چابک ہے جس سے وہ اس بادل کو ہانکتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ پھر انہوں نے عرض کی: یہ آواز (جو سنائی دیتی ہے) کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس کی زجر ہے جو بادل کو وہاں پہنچنے کا حکم دیتا ہے جہاں پر حکم دیا گیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا: آپ نے سچ فرمایا۔ اس سے ثابت ہوا کہ آیت میں رَعْد سے مراد اس فرشتہ کی آواز ہے نہ کہ خود فرشتہ، جیسا کہ بعض روایات میں ہے کہ رَعْد ایک فرشتہ ہے جو بال کے پھیرنے، گھیرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ جو اس بادل کو اس جگہ لے جاتا ہے جس جگہ کا حکم ہوتا ہے اور اپنے انگوٹھے سے پانی جاری کراتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھتا ہے جب وہ تسبیح پڑھتا ہے تو آسمان میں کوئی ایسا فرشتہ نہیں ہوتا جو اس کے ساتھ مل کر تسبیح نہ پڑھے تب اس وقت سے پانی کے قطرے گرنے شروع ہو جاتے ہیں اور بَرْقٌ سے مراد چابک ہے جس سے فرشتہ بادل کو مارتا ہے اور مخاریق مخراق کو جمع ہے یہ دراصل اس کپڑے کو کہتے ہیں جس کو لڑکے لپیٹ کر ایک دوسرے کو مارتے ہیں اور یہاں پر وہ آلہ مراد ہے جس سے فرشتے بادل کو ہانکتے ہیں۔ ساکن جلوتیہ مرجع طریقت شیخ یعنی افتادہ آفندی فرماتے ہیں کہ ان دونوں اقوال میں کوئی اختلاف نہیں ان کی مطابقت یوں ہونی چاہیے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ابتداء کا اعتبار کیا اور حکماء نے انتہاء کا۔

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ یہ تمام ضمائر مضاف محذوف کے لئے ہیں کیونکہ دراصل عبارت یوں ہے۔ او کاصحاب صیّب موسلا دھار بارش والوں کی طرح۔ جیسا کہ گزرا اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ جملہ مستانفہ ہو کیونکہ جب رَعْد اور بَرْقٌ وغیرہ کا بیان کیا گیا تو گویا سائل نے پوچھا کہ ایسی حالت میں اصحاب صیّب کا کیا حال ہوگا؟ تو جواب میں فرمایا يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ اور اَصَابِعَهُمْ بمعنی انا ملهم ہے اور اس میں مبالغہ ہے جو انا ملهم کہنے سے ادا نہیں ہو سکتا تھا گویا کہ وہ لوگ شدت حیرت کی وجہ سے اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتے تھے نہ صرف (انگلیاں) انامل جیسا کہ عادت ہے یا اس طرف اشارہ ہے کہ وہ ایسی کمال حیرت اور سخت دہشت اور ایسے حال کو پہنچے ہوئے تھے کہ وہ اپنے اعضاء کو اصلی صورت پر استعمال کرنے سے عاجز تھے یہی بات ہے کسی خاص انگلی مثلاً سبابہ کے ذکر نہ کرنے میں لیکن یہ اس لئے ہوا کہ ادب کا تقاضہ یہی ہے کہ اس کا ذکر نہ کیا جائے کیونکہ وہ سبّ (گالی دینا) سے مشتق ہے اور قرآن کے آداب میں یہی اولیٰ ہے یہی وجہ ہے کہ

Marfat.com

اہلِ عرب اب اسے مسمہ اور مہلکہ وغرہما سے تعبیر کرتے ہیں اور اس جیسے الفاظ کو بھی ذکر نہ کیا: کیونکہ ایسے استعمالات جدیدہ ہیں کہ جس سے عوام بے خبر تھے۔

مِنَ الصَّوَاعِقِ، یَجْعَلُوْنَ کے متعلق ہے یعنی صواعق کی وجہ سے اور صواعق صاعقہ کی جمع ہے رَعْد کی وہ گرج جس سے دل دھڑکتے ہیں پھر اس کے ساتھ ایک شعلہ بھی ہوتا ہے جہاں پھر وہ اپنی لطافت کی وجہ سے فوراً بجھ جاتا ہے۔

حکایت: ایک کھجور پر بجلی گری تو وہ آدھی جل گئی پھر بجھ گئی اس کے بعد لوگ کہتے ہیں کہ کھجور کی چوٹی اور آسمان کے مابین ایک آگ دکھائی دیتی پھر کھجور کی چوٹی ٹکڑے ہونے لگ جاتی جس سے ہلکی سی آواز خارج ہوتی۔

(کذافی روضۃ العلماء)

ف: بعض کہتے ہیں کہ صاعقہ سے مراد آگ کی وہ چنگاریاں ہیں جو بادل کے ٹکڑوں کے آپس میں ٹکرانے سے خارج ہوتی ہیں پھر وہ جب بھی کسی شے پر گریں تو اسے جلا کر رکھ دیتی ہیں پھر زمین کے اندر گھس کر پانی پر پہنچ کر بجھ جاتی ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ جب سورج زمین پر چمکتا ہے تو اس کی چمک سے خشک زمین کے چند اجزاء ناریہ خارج ہوتے ہیں جن کے کچھ ارضی الجزات بھی شامل ہوتے ہیں ان دونوں کے اختلاط کا نام دخان ہے دونوں مل کر اوپر جاتے ہیں اور کرّہ باردہ میں پہنچ کر بادل بن جاتے ہیں۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص رَعْد کی آواز سن کر سُبْحٰنَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھے اگر اس کا نقصان ہو تو اس کا تاوان میرے ذمہ ہے۔

گرج کے وقت کی دعا: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب رَعْد اور اس کی گرج سنتے تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ

(کذافی تفسیر الشیخ وشرح الشرعہ)

حَذَرَ الْمَوْتِ کا مفعول لہٗ ہے اسی لیے منصوب ہے اور کانوں میں انگلیاں ٹھونسنے کی علت ہے یعنی ہلاک

marfat.ocm
Marfat.com

ہونے کی وجہ سے۔

ف: موت حیات کی بنیاد کے فساد کا نام ہے۔

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ اَلْاِحَاطَةُ بمعنى الاحداق بالشئى من جميع جهاته اور یہ معنیٰ اللہ تعالیٰ کے لئے مجاز ہوگا اب معنی یوں ہوا کہ: واللّٰهُ محدق بعلمه وقدرته [1] بِالْكٰفِرِيْنَ یعنی اللہ تعالیٰ سے کافر نہیں چوک جائیں گے جیسے محیط سے محاط نہیں چوکتا۔ قیامت میں اللہ تعالیٰ انہیں جمع کر کے عذاب دے گا یہ جملہ معترضہ ہے اس میں تنبیہ ہے کہ کانوں میں انگلیاں ٹھونسنا وغیرہ۔ انہیں عذاب سے نہیں بچائے گا کیونکہ قدر کو حزر نہیں ہٹاتا اور نہ ہی حیلے اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دفع کر سکتے ہیں اور هُمْ ضمیر کی بجائے الکفرین لانے میں اشارہ ہے کہ ان کو یہ عذاب وغیر جو پہنچ رہا ہے ان کے کفر کی وجہ سے ہے۔ يَكَادُ الْبَرْقُ، يَكَادُ بمعنى يقرب۔ یہ دوسرا جملہ مستانفہ ہے ایک سوال کا مقدر کے جواب میں واقع ہوا ہے گویا سائل نے پوچھا کہ اس برق میں ان کا کیا حال ہوگا تو اس کے جواب میں فرمایا يَكَادُ الخ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ یعنی اپنی شدت ضوء کی وجہ سے ان کی آنکھیں اُچک لے كُلَّمَآ ظرف ہے اس کا عامل اس کا كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ جواب ہے یعنی مَشَوْا اور اَضَآءَ متعدی ہے بمعنی انار البرق الطريق فى الليلة المظلمة یہ تیسرا جملہ مستانفہ ہے۔ گویا کسی نے پوچھا کہ یہ لوگ بجلی کے ظاہر ہونے اور مٹنے پر کیا کرتے تھے کیا یہاں بھی وہی حالت تھی جو کانوں میں کرتے تھے یا اس کے خلاف، تو جواب میں فرمایا کہ بجلی کی روشنی میں ان کو راہ مل جاتی تھی تو مَشَوْا فِيْهِ اس راہ پر چل پڑتے جہاں پر نور کی شعاعیں پڑتیں تو چند قدم چلتے لیکن یہ خوف انہیں ہر وقت رہتا کہ شاید بجلی آنکھ کی بینائی اچک لے مشی ء" کی بجائے مبصی اور رَعْد نہ کہا۔ اس میں اشارہ ہے کہ ان پر اتنی دہشت طاری تھی کہ دوڑنے کی طاقت نہ رکھتے تھے۔ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ یعنی جب بجلی گم ہو جاتی تو راستہ پر اندھیرا چھا جاتا قَامُوْا یعنی جہاں ہوتے متحیر ہو کر ٹھہر جاتے دوسری گھڑی کا انتظار کرتے کہ شاید انہیں مقصود تک پہنچنے کی راہ مل جائے یا کوئی پناہ مل جائے کہ جس سے وہ اس تکلیف سے بچ جائیں وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ اس کا مفعول محذوف ہے یعنی اگر چاہے کہ ان کے کان جو سر میں ہیں اور بینائی جو آنکھ میں ہے چھین لی جیسے کہ ان کے دل کی

---

[1] اور اللہ تعالیٰ اپنے علم و قدرت سے محیط ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

سمع وبصر چھین لی۔ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ صوت رعد اور نور برق سے ان کی سمع وبصر چھین لے انہیں سزا دینے کی بنا پر کیونکہ اس سے وہ باری تعالیٰ عاجز نہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ جو بھی ممکنات میں سے موجودات ہیں سب پر قادر ہے اور خود باری تعالیٰ پر اگرچہ شئے کا اطلاق کیا جاسکتا ہے لیکن وہ موجود بالوجوب ہے نہ بالامکان، اور عاقل پر مخفی نہیں کہ اس جیسی عبارت میں شئے سے ماسوا باری تعالیٰ مراد ہے اور دلالت عقل سے آیت ہذا میں جن کو لفظ شئے شامل ہے اللہ تعالیٰ کی ذات مستثنیٰ ہے اب معنیٰ یوں ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے ماسوا پر قادر ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے فلان "امین" یعنی وہ اپنے ماسوا تمام لوگوں میں سے امین ہے اس میں اس کا نفس داخل نہیں اگرچہ یہ بھی منجملۃ الناس ہے۔ (کذافی حواشی ابن التمجید)

ف: ہر شئے کا فاعل اللہ تعالیٰ جس طرح اس کی حکمت کا تقاضا ہے کہ نہ حکمت کی اقتضاء سے کوئی شئے زاید ہوسکتی ہے اور نہ کم اور یہ تمثیل کشف بعد کشف اور ایضاح بعد ایضاح کے پہلی تمثیل سے زیادہ بلیغ ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے منافقین کی حیرت اور ان کا گمراہی میں مخبوط العقل ہونا اور پھر ان کے امر کی شدت اور ان کی رسوائی وفضیحت کو اس شخص سے تشبیہ دی کہ جیسے اندھیری رات میں بارش نے گھیرا ہو پھر اس میں بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک اور صواعق کا خوف، پھر موت کا ڈر ہو۔ یہ اس وقت ہے کہ جبکہ یہ مثال مرکب ہو اسی وجہ سے قرآن پاک کو بلاغت کا اعلیٰ درجہ دیا جاتا ہے غور سے دیکھا جائے اور پھر اس ہیئت حاصلہ کو بھی کہ جس سے یہ صورت مرکب ہے تو اس میں عجیب قسم کی بلاغت حاصل ہوتی ہے جو مفردات میں نہیں ہے جیسا کہ مجموعہ آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اس قسم کی بارش گھیر لیتی ہے کہ جس میں اندھیریاں ہوں اور بادلوں کی ظلمات ہوں علاوہ ازیں گرج اور کڑک بھی اور بجلی کا گرنا بھی اور جن پر بارش واقع ہورہی ہے ان کا موت سے گھبرانا بھی تو ایک عجیب امر پیدا ہوجاتا ہے اور یہ کیفیت اس وقت پیدا نہیں ہوتی جب کہ ایک ایک شئے سے علیحدہ علیحدہ کو واقع۔

ف: قرآن مجید کے معارف وحقائق پر دائمی حیات کا دارومدار ہے کہ بارش سے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ بارش زمین کی زندگی کا باعث ہے پھر اس بارش کی تکالیف سے جو انسان کو غم والم اور ملال پیش آتا ہے قرآن کی وعیدوں سے تشبیہ دی گئی اور رَعْد سے یہ وہ وعیدیں ہیں کہ جن سے انسان وعیدوں کو سن کر ڈرتا ہے جس کی وجہ سے کانوں میں انگلیاں ٹھونستا ہے حالانکہ اسے اس سے نجات نہیں ہے اور خوش اس لئے ہوتے ہیں کہ اس میں

marfat.ocm
Marfat.com

ان کی خوشی کی باتیں ہیں اور غم اس لیے کہ ان کی وعیدوں کا بیان ہے بعینہٖ یہی منافقین کا حال ہے۔

سبق: دانا کے لئے ضروری ہے کہ شریعتِ مطہر پر ثابت قدم رہے اور اس کے خلاف باتوں سے کنارہ کرے تا کہ خاتمہ ایمانی کی دولت سے نوازا جائے۔

حکایت: حضرت حسن بصری علیہ الرحمہ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کا کیا حال ہے؟ آپ ہنس کر فرمانے لگے: مت پوچھیے آپ نے فرمایا: ان لوگوں پر کیا گزرتی ہے جو دریا میں کشتی پر سوار ہوں لیکن کشتی راہ میں ٹوٹ جائے اور ہر ایک اپنے اپنے تختے پر لٹک جائے اب بتایئے ان لوگوں کا کیا حال ہوگا! اس شخص نے کہا: وہ بڑی سخت پریشانی میں ہوں گے، آپ نے فرمایا: میرا اس سے برا حال ہے کیونکہ موت میرا دریا اور حیات میری کشتی ہے اور گناہ تختے ہیں اب تو بتا کہ جس کی یہ حالت ہو اس کا کیا حال ہونا چاہیے فلہٰذا گناہ کو ترک کرتے ہوئے علام الغیوب کی طرف رجوع چاہیے۔

حدیث شریف: جس کی ہجرت اللہ جل شانہٗ و رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف ہے پس اس کی ہجرت واقعی الٰہی کی طرف ہے اور جس کی طرف ہجرت دنیا کے حصول یا عورت کے بیاہ کے لئے ہے پس جس مقصد کے لئے اس نے ہجرت کی وہی اسے ملے گا۔ دیکھئے اس میں ہر ارادہ والے کو اس کے ارادہ پر کیسے جزا دی گئی ہے اور عبرت کا مقام ہے کہ دنیا کا دوبارہ ذکر نہیں کیا تا کہ اس کے عدمِ اعتبار کا پتہ چل سکے اور یہ بھی علم ہو جائے کہ دنیا صرف لہو و لعب کا نام ہے گویا اس کا وجود ہی نہیں کسی نے کیا خوب کہا ہے:

بہ مرد ہشیار دنیا چیست　　کہ ہر مدتے جائے دیگر کیست

ترجمہ: ہشیار مرد کے نزدیک کچھ نہیں کیونکہ ہر آن اس کی نئی جگہ ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول مقدس فھجرتہٗ الی ما ھاجر الیہ اور اس کا مضمون قابلِ غور ہے کہ ماسواء کے ترک کا اشارہ ہے اور عورت اور دنیا کے ذکر میں ہر شئے جو دنیا میں شہوانی ہے سب آ گئی اور حدیث شریف کا مقصود یہ ہے کہ دنیا مافیہا سے نکل کر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنا چاہیے۔

حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

غلام ہمت آنم کہ زیر چرخ کبود　　ز ہر چہ تعلق پزیرد آزاد است

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ: یعنی ہر شئے خواہ مال ہو یا اولاد اسباب ہے سب سے تعلق توڑ کر مالکِ لایزال کے ساتھ محبت ہو۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے: اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ الخ دو آیتوں کے متعلق یہ اشارہ ہے کہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے تشبیہ دی اس حدیث کے آرزومند اور ذکر میں مشغول ہونے اور ہدایت میں قرآن کے پیچھے لگنے والے اور پھر اس کی طلب میں کوشش کرنے والے اور بعد ازاں جو اس پر عالم غیب کی جو بات ظاہر ہوتی ہے یہاں تک کہ نفس کا غلبہ ہوتا ہے اور پھر وہ فترۃ کی آفت میں جا پڑتا ہے اور وقفہ کو اس کے حال سے کہ اندھیری رات اور برسات میں چلنے والا ہو اور ذکر و قرآن کو مینہ سے تشبیہ دی کیونکہ یہ دل میں ایمان اور حکمت کو جنم دیتا ہے جیسے پانی انگوری کو فِيْهِ ظُلُمٰتٌ یعنی ہم شکل اشیاء اور ملتی جلتی چیزیں جو سالک کو اثناء سلوک میں ظاہر ہوتی ہیں اور دقیق معانی کہ جن کا حل اور سمجھنا اور اس کے عہدہ آفات سے خارج ہونا ناممکن ہو سوائے اس کے کہ جس کی عقل تائید رحمٰن سے ایمان کے ساتھ منور ہو کما قال تعالیٰ: اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ رحمٰن نے قرآن سکھایا۔

جیسے اندھیرے میں چلنا سوائے چراغ مشکل ہے اسی طرح قرآن کے حقائق و دقائق کی سیر بھی ناممکن ہے اسی طرح ظلمات بشریہ کی سیر کا حال ہے جب تک ہدایت ربوبیت کی روشنی نصیب نہ ہو اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا یعنی نورِ ہدایت سے چلتے ہیں وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا یعنی جب ظلماتِ بشریہ ان پر چھا جاتی ہیں۔ وَرَعْدٌ یعنی خوف و خشیت و ہیبت جو ذکر اور قرآن کے جلال کے وجہ سے ہیبت دل میں پہنچتی ہے کما قال تعالیٰ: لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ [1]

وَبَرْقٌ یعنی قرآن و ذکر کے انوار کا چمکنا جبکہ قلوب میں سرایت کرتا ہے کہ جس سے ان کو جلود و قلوب ذکرِ الٰہی کے لئے نرم ہو جاتی ہے پھر اس میں قرآن اور دین کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے جسے قلوب پہچانتے ہیں کما قال تعالیٰ: وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ (اور جب وہ سنتے ہیں جو رسول کی طرف نازل کیا گیا) اور جب ان پر سعادت کے انوار چمک اٹھتے ہیں تو وہ طبیعت کی ظلمات سے نکل کر ارادہ کی حبل اللہ تھام لیتے ہیں تاکہ کامیاب لوگوں کے درجات کو پالیں۔ لیکن انگلیوں کو کانوں میں ٹھونسنے یعنی اپنے اعمال فاسدہ کی انگلیاں اپنے کانوں

[1] اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو تم اسے ڈر سے پھٹنے والا دیکھتے اللہ کے ڈر سے ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

میں ٹھونستے یعنی وہ کان جو صواعق اور داعی حق سے ڈرنے والے تھے موت کے خوف سے یعنی نفس کی موت سے کیونکہ نفس مچھلی کی طرح ہے اور دنیا اس کا دریا ہے اور خواہش اس کا پانی اگر اسے اس سے نکالا جائے تو وہ اسی وقت مرجائے گا یہی مطلب ہے قولہ علیہ السلام موتوا قبل ان تموتوا کا۔

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ اس میں اشارہ ہے کہ وہ کافر کہ جس کی حیات طبعیہ حیوانیہ ہے اگر مالوفات سے بالارادہ مرجائے تو اسے اللہ تعالیٰ انوارِ شریفہ سے زندہ کرے گا۔ کما قال تعالیٰ: اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ اگر وہ بالارادہ نہ مرے تو اللہ کفار کو محیط ہے یعنی انہیں ہلاک کرنے والا ہے اور دنیا میں انہیں صورت وقلب کی موت دینے والا ہے اور آخرت میں عذاب کی موت پھر نہ مریں گے نہ جئیں گے۔ يَكَادُ الْبَرْقُ. یعنی ذکر اور قرآن کا نور يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ یعنی ان کے نفسِ امارہ کے ابصار كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ یعنی ہدایت کا نور مَّشَوْا فِيْهِ قدمِ صدق کے ساتھ راہِ حق پر چلتے ہیں وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ یعنی نفس کی صفات کی ظلمات اور خواہشات ان پر غلبہ کرتے اور دنیا کی طرف رغبت کرتے ہیں قَامُوْا یعنی سیر سے ٹھہر جاتے اور متحیر ودمتردد ہوتے ہیں اصل وجہ سے ان پر آفات کی بھرمار ہوتی ہے اور فترات ان کو آپہنچتے اور شیطان ان پر قابو پالیتے ہیں اور نفس ان کو خواہشات کی طرف کھینچ لے جاتا ہے یہاں تک کہ وہ ہلاکت کے گڑھے میں جا گرتے ہیں۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ یعنی اگر اللہ تعالیٰ کا ان کی ہدایت کا ارادہ ہوجائے لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ تو ان کے کان لے جائے جو شیطان کے وساوس اور اس کے غرور کی طرف لو لگاتے ہیں وَاَبْصَارِهِمْ یعنی ان کی وہ آنکھیں جن سے زینت دنیا کو دیکھتے ہیں۔ کما قال تعالیٰ: وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا اگر ہم چاہیں تو ہر نفس کو ہدایت دیں۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ یعنی اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ ان کی شنوائی وبصارت کو سلب کرلے یہاں تک کہ نہ وہ وساوسِ شیطانی وخطراتِ شہوانی کو سن سکیں اور نہ مقتضیات دنیوی اور لذات حیوانی کو دیکھ سکیں تاکہ اس سے دھوکہ نہ کھائیں اور نہ دین بیچ کر دنیا خریدیں لیکن اللہ تعالیٰ اپنے ارادہ سے جس طرح چاہے کرتا ہے اور اپنے غلبہ سے جس طرح چاہتا ہے حکم فرماتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

اے لوگوں اپنے رب کو پوجو جس نے تمہیں اور تم سے اگلوں کو پیدا کیا یا امید کرتے ہوئے کہ تمہیں پرہیزگاری ملے۔

تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ

اور جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو عمارت بنایا اور آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا

پانی اتارا تو اس سے کچھ پھل نکالے تمہارے کھانے کو تو اللہ کے لئے جان بوجھ کر برابر والے

وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ

نہ ٹھہراؤ۔ اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے خاص بندے پر اتارا تو اس جیسی ایک سورت

مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا

تو لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے سب حمایتیوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر نہ لاسکو

وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ

اور ہم فرمائے دیتے ہیں کہ ہرگز نہ لاسکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں تیار کی

لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

ہے کافروں کے لئے اور خوشخبری دے انہیں جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ

نہریں رواں جب انہیں ان باغوں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا (صورت دیکھ کر) کہیں گے یہ تو وہی

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا

رزق ہے جو ہمیں پہلے ملا تھا اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کے لئے باغوں میں ستھری بیبیاں ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ

marfat.ocm
Marfat.com

خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ

رہیں گے۔ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرمایا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیزوں کا ذکر فرمائے مچھر ہو یا

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے تو وہ جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر وہ کہتے ہیں

فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا

ایسی کہاوت میں اللہ کا کیا مقصود ہے اللہ بہتوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے

يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠

انہیں گمراہ کرتا ہے جو بے حکم ہیں۔ وہ جو اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں پکا ہونے کے بعد

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور کاٹتے ہیں اس چیز کو جس کو جوڑنے کا خدا نے حکم دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہی نقصان

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

میں ہیں۔ بھلا تم کیونکر خدا کے منکر ہو گے حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں جلایا پھر تمہیں مارے گا

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ

پھر تمہیں جلائے گا پھر اسی کی طرف پلٹ کر جاؤ گے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے بنایا جو کچھ زمین میں ہے پھر آسمان کی طرف

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۹﴾

قصد فرمایا تو ٹھیک سات آسمان بنائے وہ سب کچھ جانتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ یہ آیت توحید و رسالت کے اثبات و تحقیق (جو کہ ایمان کی اصل ہیں) کے لئے بیان کی گئی ہے اور لفظ ناس " مومنین اور منافقین کا اسم ہے اور نداء غافلین کی تنبیہ اور

marfat.ocm
Marfat.com

غائبین کے احضار اور ساکنین کی تحریک اور جاہلین کی تعریف اور مشغولین کی تفریغ اور معترضین کی توجیہ اور محبین کی برانگیختی اور مریدین کی تشویق کے لئے ہے۔

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ اب خطاب اس لیے ہو رہا ہے تا کہ بندہ کو جو عبادت سے کلفت واقع ہوئی وہ لذتِ خطاب سے دفع ہو جائے اب معنی یہ ہوا کہ مونس نے میرے انس کو جو کہ قبلِ ولادت تھا نہ بھلایا یہ مطلب ہے کہ اے نسیان کے پتلے! تجھے متنبہ ہو جانا چاہیے اور اس وقت کو فراموش مت کر جبکہ تو ایک بھولا بھلایا تھا بلکہ ایک غیر مذکور شے تھا پھر میں نے تجھے پیدا کیا اور گارے میں تجھے ملا گیا تو ایک نطفہ کے بعد خون بنا پھر گوشت کا ایک لوتھڑا ہوا پھر نوجوان ہوا پھر تمام انتہائی بڑھاپے میں پہنچا ان تمام حالتوں میں میری نعمتوں میں پلتا رہا لیکن افسوس ہے کہ اب تو میرے غیر کی خدمت میں مصروف اور نفس وخواہش کی عبادت میں مشغول ہے دین بیچ کر دنیا خرید رہا ہے تجھے چاہیے کہ اسے فراموش نہ کر جس نے تجھے پیدا کیا اور شے غیر مذکور کی حالت سے نکال کر تجھے کریم اور مشکور العمل بنایا۔ تجھے قوت دی تجھے باعزت بنایا اور جو کچھ دینا تھا، دیا، یہ خطاب نفس اور بدن دونوں کو ہے۔

ف: تفسیر تیسیر میں فرمایا کہ اگر انسان کا ماخذ نسیان ہو تو اس میں عتاب بھی ہے اور تلقین بھی عتاب تو اس لئے کہ گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے لوگو! تم نے میری نعمتوں کے عوض ناشکری کی یا یہ کہ میرے حکم کے عوض نافرمانی کا مظاہرہ کیا اور تلقین عذر یوں ہوگی کہ گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ہمارے احکام کے مخالف (نسیان میں آکر نہ کہ عمداً وسہواً) ہم نے تیرے عذر تیرے نسیان کی وجہ سے قبول کر لیا اور تیرے ایمان کی وجہ سے گناہ معاف کر دیے۔

اُعْبُدُوْا رَبَّكُمُ کفار کو فرمایا جا رہا ہے اپنے رب کی معرفت میں مخلص ہو جاؤ اور مطیعین کو فرمایا اپنے رب کی معرفت میں ثابت قدم رہو اور یہ لفظ ان تمام معانی کا احتمال رکھتا ہے اور اس کا نام جوامع الکلم ہے۔

(کذا فی التفسیر لابی اللیث)

ف: عبادت کہتے ہیں طاقت کو طاعت کی تکمیل میں خرچ کرنا اور خشیت کے استحضار میں معصیت سے بُعد حاصل کرنا۔ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ یہ صفت ہے، تعظیم وتعلیل کے لئے جاری ہوئی یعنی تم اس اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا کہ تم نیست ونابود تھے اس نے تمہیں ہست کر دیا اور خلق بمعنی اختراع

marfat.ocm
Marfat.com

الشئی یعنی شئے کا شئے سے ایسا پیدا کرنا کہ جس کی پہلے کوئی نظیر نہ ہو وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ اور ان لوگوں کو پیدا کیا جو تم سے پہلے تھے یعنی وہ امتیں جو تمہارے زمانے سے پہلے تھیں۔ مِنْ ابتدائیہ ہے اس کا متعلق محذوف ہے اور رَبَّكُمُ کو وصف سے موصوف کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ اس کی عبادت تم پر واجب ہے یعنی تمہارے اصول کو پیدا کرنا عبادت کے موجبات سے ہے اور اس میں شمول قدرت کی طرف دلالت بھی ہے اور غفلت کی نیند سے بیدار کرنے کی تنبیہ بھی یعنی وہ لوگ تھے آئے اور ختم ہوئے پس تم مقامِ رجوع کو نہ بھلاؤ اور نہ اس میں کوتاہی کرو۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ، اعْبُدُوْا کی ضمیر سے حال ہے یعنی اس امید میں رہو کہ شاید تم ان متقین سے ہو جاؤ جو ہدایت وفلاح سے کامیاب ہوئے اور اللہ تعالیٰ کے جوار کے مستحق ہوئے۔ لفظ لَعَل امید اور طمع دلانے کے لئے آتا ہے اور وجوب کے لئے بھی آتا ہے کیونکہ کریم کو کسی قسم کا طمع نہیں ہوتا۔

ف: پہلے اور پچھلے سب اس امر بالتقویٰ میں داخل ہیں اور مخاطبین کو ذکر خاص کر کے عامین کو تغلیباً داخل کر لیا۔

ف: اس میں تنبیہ یہ کہ تقویٰ سالکین کا انتہائی درجہ ہے اور تقویٰ بمعنیٰ ماسویٰ سے بری ہو جانا۔

سبق: عابد کے لئے لائق ہے کہ وہ اپنی عبادت پر مغرور نہ ہو بلکہ اسے خوف درجا میں رہنا چاہیے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وہ اللہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں خوف اور طمع سے اور اس کی رحمت کی امید کرتے ہوئے شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔

اگر مردی از مردی خود مگو — نہ ہر شہسوار بدر برد گوی

ف: یعنی ہر عابد ایسا نہیں کہ وہ اپنی عبادت میں مخلص ہو۔ اَلَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ یہ جملہ رَبَّكُمُ کی دوسری صفت ہے۔

عجائبات دنیا

۱۔ عالمِ دنیا (کہ جسے بحر محیط گھیرے ہوئے ہے) کی فراخی چوبیس ہزار فرسخ ہے ہر ہر فرسخ تین میل کا اور ہر میل بارہ ہزار ہاتھ کا اور ہر ہاتھ چھتیس انگلی کا ہوتا ہے اور ہر انگلی جَو کے چھ دانوں کی ہوتی ہے اس زمین کے بارہ ہزار فرسخ پر سودان آباد ہیں اور آٹھ ہزار بیضان اور تین ہزار پر اہلِ فارس اور ایک ہزار میل پر اہلِ عرب، یہ اہل لغت کی تحقیق ہے۔ (کذا فی کتاب الملکوت)

marfat.ocm
Marfat.com

ف: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ارض کو اس لیے ارض کہتے ہیں کہ جو کچھ اس کے اندر ہوتا ہے اُسے کھا جاتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ حوافر و اقدام سے روندی جاتی ہے اس لیے اسے زمین کہا جاتا ہے۔

فِرَاشًا اسے فراش بنانے کا یہ مطلب ہے کہ اس کے بعض کو پانی سے ظاہر کر دیا حالانکہ اس کی طبیعت کا تقاضا یہ تھا کہ یہ بھیگی ہو اور اسے سختی و نرمی میں بین بین بنایا جس پر بیٹھنا اور سونا آرام سے ہو سکتا ہے جیسے بستر بچھا ہوا ہو اور اس کے لئے ضروری نہیں کہ اس کی سطح حقیقی ہو کیونکہ اس کی کُروی شکل باوجود جسم کی موٹائی کے افراش کا لائق ہے.

وَالسَّمَآءَ سماء اسے کہتے ہیں جو اوپر اور سایہ کیے ہوئے ہو۔ بِنَآءً یعنی آسمان تمہارے اوپر قبہ کی طرح بنایا ہوا ہے اور ہر آسمان دوسرے آسمان پر قبہ کی طرح ہے اور جو زمین کے اوپر ہو وہ آسمان ہے اس کے اطراف زمین کی جانب لٹکے ہوئے ہیں۔ (کذافی تفسیر ابی اللیث)

وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً یعنی بارش جو کہ آسمان سے بادل پر پھر بادل سے زمین پر گرتی ہے اس میں ان لوگوں کا رد ہے جو گمان کرتے ہیں کہ بادل دریا سے پانی لیتا ہے۔ فَاَخْرَجَ بِهٖ یعنی اللہ تعالیٰ انگوری اگاتا ہے اس پانی کے سبب جو آسمان سے نازل ہوتا ہے۔ مِنَ الثَّمَرٰتِ یہی جو ہم کھاتے ہیں اناج، میوہ جات وغیرہا، جو زمین اور درختوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ (کذافی التیسیر)

رِزْقًا لَّكُمْ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پانی میں قوتِ فاعلیت اور زمین میں قوتِ منفعلیت امانت رکھی ہے ان کے آپس میں ملنے سے پھل پھول وغیرہ پیدا ہوتے ہیں آسمان سے زمین پر پانی نازل ہونے کو عقدِ نکاح سے اور پھر اس پانی کے سبب سے اس زمین سے جو ثمر نکلتے ہیں نس سے تشبیہ دی جو کہ حیوانات پیدا ہوتے ہیں یہ سب کچھ انسان کے رزق کا سامان ہے اور مِنَ الثَّمَرٰتِ میں مِن بیانیہ ہے رِزْقًا یعنی تمہارے لیے طعام اور تمہارے جانوروں کے لئے گھاس ہے۔ اب معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر انعا کیا تا کہ تم اس کی خالقیت و رزاقیت کا اقرار کرتے ہوئے اس کی توحید پر کار بند ہو جاؤ۔ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّا، اَنْدَادًا وَّا کی جمع ہے بمعنی ہم مثل یعنی اللہ تعالیٰ کا ہم مثل کسی کو نہ بناؤ تا کہ ان کی عبادت کرو۔

عقیدہ: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یوں نہ کہو کہ فلاں نہ ہوتا تو مجھے مصیبت نہ آتی اور اگر کتا میرے گھر نہ بھونکتا تو میری چوری ہو جاتی۔

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وَلَوْ سے بچو (یعنی گزشتہ بات جس کی تلقین ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمائی) کیونکہ یہ منافقین کا کام ہے۔ کما قال تعالیٰ: لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا اگر وہ ہمارے ہاں ہوتے تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے۔

شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

اگر عز و جاہست و اگر ذل و قید　　من از حق شناسم نہ از عمرو زید

ترجمہ: یہ عز و جاہ اور قید و بند سب اللہ تعالیٰ سے ہیں نہ کہ زید و عمرو سے۔

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ یعنی تم جانتے ہو کہ تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو اور آسمان و زمین اور تمہاری روزی اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائی نہ کہ بتوں نے وہ تو نہ نفع دے سکتے ہیں نہ نقصان۔

نصیحت: آیت میں فرمایا: جَعَلَ لَكُمُ اور فرمایا: رِزْقًا لَّكُمْ اگر قیامت میں بندہ سے اللہ تعالیٰ فرمائے کہ یہ سب کچھ تو میں نے تیرے لیے پیدا فرمایا، بتا تو نے میرے لئے کیا کیا؟ اس وقت بندہ کیا جواب دے گا؟

حکایت: ایک دن شیخ شبلی وعظ فرما رہے تھے لوگوں کو قیامت کے احوال و اہوال سے ڈرا رہے تھے ادھر شیخ ابو الحسن نوری گزرے اور فرمایا: انہیں مت دھمکاؤ قیامت میں کوئی اتنا لمبا حساب نہیں ہوگا وہاں تو صرف یہ پوچھا جائے گا کہ:

من ترا بودم تو کرا بودی　　(یعنی میں تو تیرا تھا، بتا اے بندے! تو کس کا تھا)

آیت میں یہ بتایا گیا کہ عبادت میں خلوص چاہیے اغیار دل سے دور ہو اور مالک لایزال کا تصور منقش ہو۔

شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا:

گرت بیخ اخلاص در بوم نیست　　دریں در کسی چوں تو محروم نیست

ترجمہ: اگر تیرے ملک میں اخلاص کی جڑ نہیں تو تیرے جیسا محروم اور کوئی نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو ایک دلچسپ وعظ:۔

۱۔ اے معاذ (رضی اللہ عنہ) میں تجھے ایک بات بتاتا ہوں تو نے اسے بھلا دیا تو سمجھ لینا کہ پھر تیری حجت اللہ تعالیٰ سے ختم ہو گئی اے معاذ (رضی اللہ عنہ) اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان [illegible] سے پہلے [illegible]

Marfat.com

فرمائے ان کو ہر ایک آسمان کے لئے علیحدہ علیحدہ نگران مقرر کیا۔ پھر جب نگہبانانِ عمل بندہ کے عمل جو کہ صبح سے شام تک ہوتے ہیں پہلے آسمان تک لے جاتے ہیں اور عمل کا نور سورج کے نور کی طرح ہوتا ہے جب پہلے آسمان میں پہنچتا ہے تو زیادہ صاف ہو جاتا ہے اور اس کی نورانیت میں اضافہ ہو جاتا ہے چنانچہ جب وہ اوپر کو جانے کا ارادہ کرتے ہیں کہ تو وہی فرشتہ کہتا ہے: ٹھہر جاؤ! اس عمل کو صاحب عمل کے منہ پر دے مارو۔ کیونکہ یہ گلہ گو ہے اور مجھے حکم ہے کہ جس بندہ کی عادت گلہ کی ہو اس کے اعمال اوپر نہ جانے دوں اور یہ بندہ چونکہ گلہ گو ہے بنابریں اس کے اعمال کو واپس زمین پر بھیج دو۔

زبان آمد از بہر شکر و سپاس　　بغیبت نگر داند حق شناس

ترجمہ: زبان صرف شکر اور تعریف کرنے کے لئے بنی ہے اس کو کسی کی غیبت کے ساتھ حق شناس یعنی خدا کو پہچاننے والی نہیں بنایا جا سکتا۔

۲۔ پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اس بندہ کے دیگر اعمال صالحہ حفظ (فرشتے) لاتے ہیں جس سے ان اعمال کو اوپر دوسرے آسمان کی جانب جانے کی اجازت ملتی ہے لیکن دوسرے آسمان تک پہنچتے ہی ملک فرشتہ مقرر شدہ آجاتا ہے اور کہتا ہے: یہ عمل صاحب عمل کو لوٹا دو کیونکہ یہ متکبر انسان ہے اور مجھے حکم ہوا ہے کہ متکبر کے اعمال اوپر نہ جانے دو اور یہ بندہ اپنے اعمال سے اسبابِ دنیا کے حصول کا خواہشمند ہے۔

چہ زنار مغ درمیانت چہ دلق　　کہ در پوشی از بہر پندار خلق

ف: ہوشمند اور عقلمند انسان عاجزی کو اختیار کیے ہوئے ہوتا ہے کیونکہ پھل سے بھری ہوئی شاخ اور ٹہنی زمین پر سر رکھے ہوئے ہوتی ہے یعنی جھکی ہوئی ہوتی ہے۔

۳۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ پھر اس کے اعمال اوپر چڑھائے جاتے ہیں جنہیں صوم و صدقہ اور صلوٰۃ کی وجہ سے نرالی رونق ہوتی ہے جسے حفظ (فرشتے) دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں لیکن جب تیسرے آسمان تک پہنچتے ہیں تو فرشتہ موکل کہتا ہے: ٹھہر جاؤ اس کے اعمال اوپر نہیں جا سکتے کیونکہ یہ شخص متکبر ہے جہاں بیٹھتا ہے تکبر کرتا ہے اور مجھے حکم ہے کہ ایسے آدمی کے اعمال اوپر نہ جانے دوں فلہٰذا اس کے اعمال اس کے منہ پر دے مارو۔

فروتن بود ہوشمند گزیں　　نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمیں

ترجمہ: ہوشمند اور پسندیدہ انسان عاجزی کو اختیار کرنے والا ہے اس لئے کہ میوہ سے بھرپور ٹہنی ہی سرزمین پر رکھتی ہے۔

Marfat.com

۴۔حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ پھر اس کے اعمال اوپر چڑھائے جاتے ہیں اس کی صلوٰۃ اور تسبیح وحج وعمرہ کی وجہ سے ستارہ کی طرح اعمال میں رونق ہوتی ہے یہاں تک کہ چوتھے آسمان میں پہنچتے ہیں وہاں پر مقرر شدہ فرشتہ کہتا ہے: ٹھہر جاؤ اس کے اعمال اس کے منہ دے مارو یہ ت خود بینی میں مبتلا ہے اور مجھے حکم ہے کہ خود بین کے اعمال اوپر کو نہ آنے دوں۔

چوں روئے بخدمت نہی برزمیں　　خدارا ثنا گوئی خود را مبیں

ترجمہ : جب تم اپنا چہرہ خدمت کے طور پر زمین پر رکھ دو تو پھر خدا کی تعریف کرو اپنے آپ کو نہ دیکھو۔

۵۔حضور علیہ السلام فرماتے ہیں: جب اسے پانچویں آسمان کی جانب لے جاتے ہیں ایسے معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ عمل نئی دلہن ہے جو اپنے دولہا کے ہاں بھیجی جارہی ہے یہاں بھی وہی مؤکل فرشتہ کہتا ہے کہ ٹھہر جاؤ اس کے عمل اس کے منہ پر دے مارو اس میں حسد کا مرض ہے اور مجھے حکم ہے کہ جس میں حسد کی بلا ہے اس کے اعمال اوپر نہ جانے دوں۔

عقبہ زیں صعب تر در راہ نیست　　ای خنک آنکس حسد ہمراہ نیست

ترجمہ : کوئی عقبہ راہ سلوک میں اس سے سخت تر نہیں، وہ خوش قسمت سالک ہے جس کے اندر حسد نہیں۔

۶۔حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ملائکہ عملِ صوم وصلوٰۃ وحج وعمرہ کو چھٹے آسمان پر لے جاتے ہیں تو حسبِ دستور فرشتہ آجاتا ہے کہتا ہے: ٹھہر جاؤ اس کے عمل اس کے منہ پر مارو۔ یہ تو کسی پر رحم نہ کرتا تھا بلکہ انہیں اگر کوئی تکلیف پہنچتی تھی تو ان کو گالیاں دیتا اور مجھے حکم ہے کہ جو لوگوں پر رحم نہ کرے اس کے عمل اوپر نہ جانے دوں۔

اشک خواہی رحم کن بر اشکبار　　رحم خواہی بر ضعیفاں رحم را

ترجمہ : اگر تجھے دائمی راحت مطلوب ہے تو آنسو بہانے پر رحم کر، رحم الٰہی کی طلب ہے ت ضعیفوں پر رحم کیجئے۔

۷۔حضور علیہ السلام نے فرمایا: بندہ کے اعمال کو ساتویں آسمان کی جانب لے جاتے ہیں جو کہ صوم وصلوٰۃ وفقہ واجتہاد وورع پر مشتمل ہوتے ہیں اس کی آواز شہد کی طرح ہوتی ہے اور اس کی روشنی سورج کی روشنی کی طرح ہوتی ہے اور اس کے ساتھ تین ہزار فرشتے ہوتے ہیں تو مقرر فرشتہ کہتا ہے: ٹھہر جاؤ اس کے عمل اس کے منہ پر مارو کیونکہ یہ تو اس لئے عمل کرتا تھا کہ میرا فقہاء کے سامنے درجہ بلند ہوا۔ علماء پر میرا سکہ جما ہوا ہو شہروں میں میری شہرت ہو بنابریں اللہ تعالیٰ کے دیدار سے محروم ہے اور اس کے دل پر مہر لگ چکی ہے اسے میں آگے

marfat.com
Marfat.com

نہیں جانے دوں گا کیونکہ مجھے حکم ہے کہ جو ریا کار ہو اسے دربارِ خداوندی میں مت آنے دوں۔

بروئے ریا خرقہ سہلست دوخت　　گرش با خدا در توانی فروخت

ترجمہ : ریا کا خرقہ پہننا آسان ہے لیکن بارگاہِ خداوندی میں ایسے خرقہ کی رسائی نہیں۔

۸۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں بندہ کے اعمال ساتوں آسمان سے گزر کر کے حجابات کو طے کرتے ہوئے مالکِ لایزال کے حضور میں جا پہنچتے ہیں اور ملائکہ عرض کرتے ہیں: اے الٰہ العالمین! یہ صرف تیرے لیے خالص مخلص ہو کر حاضر کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے فرشتو! تم اس کے ظاہر پر نگہبانی کرتے ہو مجھے اس کے دل کے اسرار کا علم ہے یہ تو خالص میرے لئے عمل نہیں کرتا تھا بلکہ اس کا میرے غیر کی طرف دھیان تھا پس اس پر میری لعنت ہے، فرشتے کہتے ہیں: تیری لعنت ہے تو ہم سب کی بھی اس پر لعنت، بلکہ ساتوں آسمانوں و زمین اور جو ان میں ہے سب اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔

معاذ رضی اللہ عنہ کی معروض:۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں: حضور! اب تو نجات مشکل ہے کیونکہ ہم میں نہ تو خلوص ہے اور نہ احسن عمل۔ آپ نے فرمایا: اے معاذ! میری اقتداء کو نہ چھوڑ، یقین پختہ رکھ عمل میں کوتاہی ہوا ہی کرتی ہے، اپنی زبان کو اپنے بھائیوں کے گِلہ سے بچا، اپنے آپ کو اچھا نہ سمجھ، اور دنیا کے عمل کو اُخروی امور میں داخل مت کر اور لوگوں میں تفریق نہ ڈال تا کہ تجھے دوزخ کے گڑھے پھار نہ ڈالیں اور اپنے اعمال میں ریا کاری مت کر۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

اے ہنرہ انہاہ بر کف دست.　　عیبہا بر گرفتہ زیر بغل

تا چہ خواہی خریدن اے مغرور　　روز درماندگی بسیم وغل

ترجمہ : اے فلاں! تو ہنر تو ہاتھ کی ہتھیلی پہ لیے پھرتا ہے لیکن اپنے عیوب بغلوں میں اس سے تجھے کیا حاصل، جبکہ سودا خریدتے وقت تیرا سکہ ہی کھوٹا ہے۔

حکایت: حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ تیس سال متواتر عبادت سے ایک روز میرا جی اُکتا رہا تھا کہ نیند میں کسی کا یہ فرمان سنائی دیا کہ اے ابو یزید! اللہ تعالیٰ کے خزینے عبادت سے پُر ہیں اگر تو اسے ملنا

marfat.ocm
Marfat.com

چاہتا ہے تو عجز اور زاری وذلت اختیار کر، اسی بنا پر ابو یزید قدس سرہٗ نے عرض کی:

چار چیز آوردہ ام شاہا کہ در گنج تو نیست　　نیستی وحاجت وجُرم وگناہ آوردہ ام

ترجمہ: اے شاہا! چار چیزیں تیرے خزانے میں نہیں۔ ۱۔نیستی، ۲۔حاجت، ۳۔جرم، ۴۔گناہ۔

یہ آپ نے اس وقت کہا جبکہ اس پر حقیقت کے مبشرات نے طلوع کر کے کہا کہ ہمیں کچھ دیجئے، جب آپ نے یہی ہدیہ پیش کیا تو کہا گیا واقعی تو نے قابلِ تحسین ہدیہ پیش کیا اب دربار میں داخل ہونے کا مستحق ہے فلہٰذا بڑی خوشی سے دربار میں حاضر ہو جا۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ میں لوگ مخاطب ہیں جو روزِ اول کے عہدِ الوہیت اور اقرارِ ربوبیت کو بھول گئے اور ان کے معاہدہ ہو چکا تھا کہ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاہُ لیکن یہ اس کے برعکس ہوئے اور عہد کو توڑ کر اصنامِ دنیا وخواہش نفسانی اور شیطان کے پیچھے پڑ گئے جس نے ان کے اقدام راہِ توحید سے بھٹک کر شرک وہلاکت کے گڑھے میں جا پہنچے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف انبیاء ورسل علیہم السلام کتابیں دیکر مبعوث فرمائے جو کہ انہوں نے آکر نسیان وشرک کی خبر دی اور توحید وعبادت کی دعوت دی اور فرمایا یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ یعنی تمہارے اور تم سے پہلے لوگوں کے ارواح پیدا کیے اور تم سے عہد وپیمان لیے فلہٰذا تم اپنے وعدوں کو پورا کرو زبان کو توحید سے تر اور دل کو تجرید سے مزیک اور روح کو تفرید سے آراستہ اور ترکِ محظورات اور اقامتِ طاعات سے نفس کا تزکیہ کرو لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ تا کہ تم غیر اللہ کی عبادت کرنے کے شرک سے بچ جاؤ۔ پھر اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ پورا فرمائے گا کہ تمہیں دوزخ کے عذاب سے نجات اور جنت میں رفع درجات اور دنیا میں قربات کی کرم بخشی اور آخرت میں کرامات سے نوازش فرمائے گا جیسا تمہیں دنیا میں نوازا کہ اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ کی تعریف اور بندوں پر منت اور انسان کو جمیع مخلوقات سے فضیلت کا بیان فرمایا۔ اپنی قدرتِ کاملہ کی تعریف اَلَّذِیْ جَعَلَ میں اور بندوں پر بیان لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً میں یعنی خاص طور پر یہ اشیا تمہارے لیے پیدا فرمائیں اور انسانوں کو جمیع مخلوقات پر فضیلت اس لحاظ سے ہے کہ یہ اشیا تمام ان کے لئے پیدا فرما کر پھر ان کے لئے مسخر فرما دیا۔ کما قال تعالیٰ: وَسَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی

marfat.ocm
Marfat.com

مخلوق کا وجود انسان کے وجود کا تابع ہے اور جو شے کسی کی تابع ہو وہ مقصود لذاتہ نہیں ہوا کرتی یہی وجہ ہے اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا اور آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد پر غیر اللہ کا سجدہ حرام کر دیا ملائکہ اگرچہ آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا ہوئے اور تمام مخلوق سے افضل تھے لیکن جب آدم علیہ السلام پیدا ہوئے تو ملائکہ کے مسجود الیہ اور مخلوقات سے افضل واکرام قرار دیے گئے آدم زادے تمام کے متبوع اور باقی ان کے تابع ہوئے۔ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ تحقیق یہ ہے کہ مَآءً سے مراد قرآن شریف ہے اور ثمرات سے ہدایت، تقویٰ، نور، رحمت، شفا، برکت، ویمن، سعادت وقربت، حق الیقین، نجات ورفعت، صلاح وفلاح، حکمت وحلم وعلم، آداب واخلاق، عزت وغنیٰ، المتین عروۃ الوثقیٰ سے تمسک، حبل اللہ کا اعتصام، ہر بھلائی کو جمع کرنا، ہر سعادت پر خاتمہ اور باطل وجود انسانی کا مٹنا جبکہ حقیقتِ صفاتِ ربانیہ کی تجلیات کا ورود مراد ہے۔ کما قال عزوجل: قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اب معنیٰ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کے سبب سے اپنے بندوں کو قلوب کی زمین میں مذکورہ ثمرات لگائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ثمرات (تمہارے رزق کے لئے) نکالنے پر بندوں پر منت لگائی۔ اگرچہ اس میں حیوانات کا رزق بھی ہے لیکن انسان کے تابع ہو کر، لیکن اس کا ادراک ان عقول کو ہو سکے گا جو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مؤید ہیں۔ اسی لحاظ سے فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا اللہ تعالیٰ کے لئے شریک مت ٹھہراؤ۔

اس میں تین تقریریں ہیں: ۱۔ یہ جو میں نے تمہاری پیدائش اور آسمان وزمین اور جو ان میں ہے صرف تمہارے لئے بنائے لیکن یہ میرے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا اسی لحاظ سے تمہیں چاہیے کہ میرے لئے شریک مت ٹھہراؤ۔ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اس کا تمہیں علم بھی ہے۔

۲۔ یہ آسمان وزمین اور سورج وچاند سب تمہارے رزق کے اسباب ہیں اور روزی رساں صرف میں ہی ہوں اب تمہیں چاہیے کہ وسائل مت پوچھو، اس لحاظ سے نہ سورج عبادت کے لائق ہے نہ چاند۔

۳۔ میں نے تمام موجودات کو پیدا کیا اور ہر موجود کے لئے شے دیگر خط مقرر فرمایا اور انسانوں کا خط میری محبت ومعرفت ہے اور قاعدہ ہے کہ جس سے خط منقطع ہو جائے وہ ہلاک ہو جاتی ہے اب تم بھی اپنے خطوط کو منقطع نہ کرو کہ میری محبت ومعرفت سے ہٹ کر بتوں کی محبت میں پھنس رہے ہو اور پھر شرک کے گڑھے میں ہلاک

marfat.ocm
Marfat.com

ہورہے ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ اس معنیٰ پر یہاں اَنْدَادًا بمعنی کسی کا محبوب جو اللہ تعالیٰ کا غیر ہو پھر اس کے بعد ان کا ذکر کیا جو اللہ تعالیٰ کی محبت سے منقطع نہیں ہوئے۔ کما قال عزوجل :اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (وہ جو مومن ہیں وہ اللہ کی محبت میں سخت ہیں) یعنی جو لوگ محبت سے غیر اللہ کو معبود ٹھہراتے ہیں وہ حقیقۃً مومن نہیں اگرچہ دعویٰ کرتے ہوں کہ ہم مومن ہیں۔

تنبیہ : اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھ لے۔ ایمان تقلیدی جو تجھے وراثت میں ملا ہے اس پر مغرور نہ ہو۔

تفسیر عالمانہ

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا یعنی وہ قرآن جو محمد عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہم نے نازل کیا ہے اگر تم اس میں شک کرتے ہو اس بات میں کہ اللہ تعالیٰ سے وحی منزل ہے یا نہ۔

حل لغات: تنزیل بمعنیٰ علیٰ سبیل التدریج نازل ہونا، قرآن پاک کو پہلے یکبارگی آسمانِ دنیا میں بیت العزۃ کی طرف نازل کیا گیا۔ پھر اس سے تھوڑا تھوڑا حسب ضرورت تیئس سال کے عرصے میں نازل کیا گیا تاکہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یاد کرلیں کیونکہ وہ اُمّی نبی تھے جو نہ لکھتے تھے اور نہ پڑھتے تھے بنابریں آہستہ آہستہ نازل کیا گیا تاکہ قرآن پاک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اچھی طرح محفوظ ہو جائے بخلاف باقی انبیاء علیہم السلام کے کہ وہ لکھے پڑھے تھے ان پر کتاب کے تمام اجزاء یاد کرنا آسان تھا اسی لئے دیگر کتب کو یکبارگی نازل کیا گیا۔

فَاْتُوْا شرط کا جواب ہے اور یہ امر تعجیز کا ہے۔ بِسُوْرَةٍ تولاؤ ایک سورت۔ سورت قرآن کے اس ٹکڑے کو کہتے ہیں جس کا اول و آخر معلوم ہو اور کم از کم تین آیتیں ہوں، اس کا مآخذ سورۃ الاسد و سورۃ الشراب ہے بمعنیٰ قوت ہے اور چونکہ یہ آیت سے زیادہ قوی ہوتی ہے اس لیے اس نام سے موسوم ہوئی لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ واؤ اصلی ہو اگر ہمزہ سے منقلب ہو تو اس کا مآخذ سئور بمعنیٰ بقیۃ من الشئی ہوگا اور سورۃ بھی قرآن پاک کا ایک ٹکڑا ہوتی ہے اور دیگر سورتوں سے جدا ہو کر بمنزلہ بقیہ کے ہوتی ہے اس لیے اس نام سے موسوم ہوئی مِّنْ مِّثْلِهٖ یعنی وہ سورۃ قرآن کی طرح ہوگی غریب بیان اور علو طبقہ اور حسنِ نظم میں مِثْلِهٖ کی ضمیر اَنْزَلْنَا کی

marfat.com
Marfat.com

طرف راجع ہوگی یعنی تم اس طرح لے آؤ اگر تمہارے گمان میں یہی ہے کہ یہ کلام بشر کا ہے تم اور وہ جو ہر خلقت وزبان میں برابر ہو وہ پیدائشی حیثیت سے تم سے اولیٰ نہیں ہے۔

مسئلہ : قرآن پاک چونکہ بے نظیر کلام ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت اور اس کا کلام اور وحی ہے اور اس کے صفات کی اس کی ذات کی طرح کوئی شے مثل نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے یہ اے کفار! تمہارے گمان کے مطابق اس کی کوئی مثل ہے تو لے آؤ، کیونکہ وہ لوگ کہتے تھے: **لو شئنا لقلنا مثل هذه** (کذافی التیسیر) اگر ہم چاہیں تو ایسا کہہ دیں۔

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ شہداء شہید کی جمع ہے بمعنیٰ حاضر یا قائم **الشهادة** یا ناصر مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ یہ یا تو اُدْعُوْا کے متعلق ہے اب معنیٰ یوں ہوگا کہ تم انہیں بلاؤ جو اللہ تعالیٰ کے ماسوا تمہارے پاس حاضر ہیں جو بھی ہو قرآن کے معارضہ میں تمہاری مدد کریں یا وہ لوگ جو تمہارے مشاہد ومحاضر میں تمہارے رؤسا وشرفاء کہ جن کی طرف تم اپنی تکالیف میں گڑگڑاتے اور اپنے دکھ ودرد میں ان پر بھروسہ کرتے ہو یا وہ لوگ جو تمہاری شہادت (جو تمہارے مابین جاری ہے) پر قائم ہیں یعنی تمہارے گمان کے مطابق انسان ہیں یا جن تاکہ تمہاری مدد کریں یا یہ تو اُدْعُوْا کے متعلق ہے اب اس سے مراد ان کے بُت ہیں۔

ف: دُوْنِ بمعنیٰ تجاوز ہے اور ظرف مستقر ہے جو مخاطبین کی ضمیر سے حال واقع ہوا ہے اور اس کا حال شُهَدَآءَكُمْ کا مدلول ہے اب عبارت یوں ہوگی: **اُدعوا اصناكم الذين اتخذتموهم الهة وزعمتهم انهم يشهدون لكم يوم القيٰمة.** الخ یعنی اپنے ان بتوں کو بلاؤ جن کو تم اپنا معبود سمجھتے ہو اور تمہارا گمان ہے کہ وہ قیامت میں تمہارے لیے گواہی دیں گے کہ تم حق پر تھے تم اللہ تعالیٰ کے ماسوا ان کو اپنا معبود سمجھتے ہو۔

مسئلہ : مخلوق سے مدد طلب کرنے کا کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی وہ کسی تکلیف کو دفع کر سکیں گے لہٰذا تمہیں چاہیے کہ اپنے حوائج صرف اس ذات کے سامنے پیش کرو جس پر ضرورت کا پورا کرنا مشکل نہ ہو اور سوال اس سے کرو جس کے خزینے نہ مٹنے والے ہوں اور سہارا صرف اسی پر کرو جو کسی سے عاجز نہ ہو کسی کی مدد کرنے میں کسی دیگر کی امداد نہ مانگے اور وہ ہر طرح کی حفاظت کرے کسی ذریعہ کے بغیر اور مال کے بغیر غنی کو دے اور جب کسی کو مدد کرنا چاہے تو اعداد کثیر قلیل ہو جائیں اور جب کسی کی کفایت کرے تو تھوڑا سا مال کثیر ہو جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ اگر تم سچے ہو کہ سید عربی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس قرآن کو اپنی طرف سے بناتے ہیں اور تمہارے معبود بھی تمہارے ساتھ ہیں یہ شرط ہے اس کی جزاء محذوف ہے یعنی فافعلو ا یعنی تم اس جیسا لے آؤ اگر تم سچے ہو تو کرو۔ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا یعنی وہ جو تمہیں قرآن جیسی نظیر لانے کا حکم دیا گیا ہے اگر اپنی جدوجہد کرنے کے بعد بھی تم نہیں کر سکتے وَلَنْ تَفْعَلُوْا اور زمانہ مستقبل میں بھی تم ہرگز نہیں لاسکو گے اس میں قرآن کا معجزہ ظاہر کرنا ہے جو دراصل نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے شرط و جزاء کے مابین جملہ معترضہ لایا گیا ہے اور یہ ایسا معجزہ جو ایسے غیب کی خبر دی گئی ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کا خاص تھا اور وہ ہو کر رہا کیوں نہ ہوا گر ان لوگوں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معارضہ کیا ہوتا تو سلف سے خلف میں کوئی ناقل اسے نقل کرتا لیکن نہ معارضہ ہوا نہ کسی نے نقل کیا فَاتَّقُوا النَّارَ یعنی جب تم معارضہ قرآن سے عاجز ہو گئے اور اس کی مثال نہ لا سکے تو تم پر حجت لازم ہو گئی کہ اس بات کا اقرار کرو کہ محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم میرے رسول برحق ہیں اور قرآن پاک میری ہی نازل کردہ کتاب ہے کیونکہ تم پر بوجہ لزوم حجت ان کی تصدیق کرنا اور ان پر ایمان لانا لازم ہو گیا اگر تم پھر بھی ایمان نہ لاؤ گے تو تم اہلِ نار ہو گئے پس تم ڈرتے رہو۔

کشاف میں ہے کہ دوزخ سے بچنے کا سبب ترک عناد ہے اس حیثیت سے کہ اس کے نتائج سے جو عناد کو چھوڑے گا وہ دوزخ سے بچ جائے گا اس بنا پر فاتر کوا العناد کی بجائے فَاتَّقُوا النَّارَ کہا گیا الَّتِیْ وَقُوْدُ ، وَقُوْدُ ہر وہ شے (کہ جس سے آگ جلائی جائے) کو کہا جاتا ہے النَّاسِ یعنی مجرم لوگ وَالْحِجَارَةُ یعنی کبریت کا پتھر، اسے اس لئے ایندھن بنایا گیا کہ اس میں آگ جلدی اثر کرتی ہے اور پھر بجھتا دیر سے ہے اور اس میں گرمی بڑی شدت کی اور بدبو ہوتی ہے اور بدن پر جلد چمٹتا ہے یا الْحِجَارَةُ سے مراد کفار کے بُت ہیں جن کی وہ عبادت کرتے۔

سوال :بُتوں نے کون سا جرم کیا کہ ان کو بلاوجہ عذاب دیا جا رہا ہے؟

جواب : تا کہ یہ پتہ چل جائے کہ یہ عبادت کے مستحق نہ تھے اور کفار دیکھ لیں کہ جنہیں وہ عزیز ترین سمجھتے تھے دراصل ذلیل ترین ہیں اور کفار نے بتوں کی پرستش کی ان سے اس بات کی امید رکھ کر کہ اللہ تعالیٰ نے بتوں کو عذاب دیا تا کہ ان کی جہالت کا اظہار اور ان کی بت سے امید منقطع ہو جیسے بڑے لوگوں کے تابعدار ان سے فائدہ کی امید پر ان کی خدمت کرتے ہیں پھر کفار اپنے بتوں سمیت دوزخ میں جائیں گے تا کہ ان پر عذاب کی

marfat.ocm
Marfat.com

شدت ہو اور ان سے امیدیں منقطع ہوں۔

سوال : کیا تمام جہنم کا ایندھن آگ اور پتھر ہوں گے یا مختلف مقامات اور مخصوص طبقات؟

جواب: مخصوص طبقات کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوں گے، جیسے کہ نار" کی تنکیر بتاتی ہے۔ کما قال عزوجل قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا (خود کو اور اپنے اہل کو آگ سے بچاؤ) اور فرمایا: فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى (میں نے ڈرایا ایسی آگ سے جو شعلہ مارتی ہے) اور ہوسکتا ہے کہ جنات، کفار اور ان کے شیاطین کے لیے قسم کی آگ ہو اور انس کی نسل اور شیاطین کے لئے دوسری قسم کی آگ ہو وہ اس کے ایندھن اس لئے بنائے جائیں گے تا کہ ان کے اعمال کی سزا ملے کیونکہ ہر جنس کا عذاب اعمال کے موافق ہونا چاہیے۔ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ یعنی جہنم ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی جو قرآن کو نہیں مانتے۔

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ دوزخ مخلوق ہے اور اس وقت موجود ہے معتزلہ فرقہ اس کا منکر ہے۔

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کا پڑھنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار دوزخ سے بچنے کا ثمر ہیں کہ جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہیں۔

مسئلہ : قرآن اور قرآن خواں کی فضیلت کا بیان بھی ہو گیا چنانچہ علامہ بغوی علیہ الرحمہ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ سورۃ سے ایک بلند مرتبہ حاصل کر لیتے ہیں یہاں تک کہ سورتوں کو ختم کرنے پر تمام مراتب طے کر لیتے ہیں۔

حکایت: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر شام کو ہر شیطان اپنے سردار کی طرف واپس ہو کر اپنے کردار کا پتا دیتا ہے کوئی کہتا ہے میں نے یوں کیا، کوئی کہتا ہے کہ میں نے فلاں زاہد کو دھوکا کے در برائی کرالی یہاں تک کہ سب سب ذلیل ترین شیطان کہتا ہے کہ میں نے ایک لڑکے کو قرآن پڑھنے سے روک لیا ہے اس بات پر شیطان اٹھ کر اس کی تعظیم کرتا ہے اور اسے اپنے ساتھ بٹھاتا ہے اور بہت خوش ہوتا ہے۔

مسئلہ : ماں باپ پر اولاد کے تین حقوق ہیں:۔

۱۔نام اچھا رکھنا ۲۔قرآن وادب سکھائیں ۳۔لڑکے کا ختنہ کرائیں

ف: قرآن سے اصلی غرض اس پر عمل کرنا اور اس کے آداب سے متادب ہونا ہے مراد از نزول قرآن تحصیل

marfat.com
Marfat.com

سیرت خوب است نہ ترتیل سورہ مکتوب۔ **ترجمہ** :(نزول قرآن کا مقصد اچھی سیرت بنانا ہے نہ کہ صرف اچھی ترتیل)

ف: قرآن کا ایک ظاہر اور ایک باطن، پھر اس کا باطن اور باطن کا باطن، یہاں تک کہ سات باطن مثنوی شریف میں ہے:

تو ز قرآن اے پسر ظاہر مبین — دیو آدم را نہ بیند جز کہ طین
ظاہر قرآن چو شخص آدمیست — کہ جسمش ظاہر و جانش خفیست

ترجمہ :اے بیٹے! تو قرآن کے ظاہر کو دیکھ صرف ظاہر تو شیطان نے آدم کی مٹی کا گارا دیکھا۔

ظاہر قرآن کی مثال انسان کے ظاہر چمڑے کی ہے اور اس کے باطن کی مثال اس کی روح کی ہے جو انسان کے اندر پوشیدہ ہے

تفسیر صوفیانہ

شیخ نجم دایہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ قرآن ظاہر تو وہی ہے جس کی تفسیر علماء نے فرمائی اور باطن وہ ہے جس کی حقیقت اہلِ حق نے بیان کی لیکن شرط یہ ہے کہ کتاب وسنت کے موافق ہو اور قرآن وحدیث اس تفسیر کی شہادت دیں ورنہ نرا الحاد وزندقہ ہے کما قال عزوجل:

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ، وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا معترضین کے اعتراض کو اپنے حبیب علیہ السلام کے لئے اپنی غیرت کے نقاب کھڑے کر دیئے تا کہ اس حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا مشاہدہ نہ کر سکیں اور معترضین کے اعتراض کو اپنے عزت کے پردے متعین کیے تا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب کے اسرار سے یہ لوگ محروم رہیں۔

سوال : اپنے صلی اللہ علیہ وسلم پر عبد مطلق کا اطلاق کیوں کیا حالانکہ دیگر عباد کو مقید کر کے یاد فرماتا ہے۔ کما قال تعالیٰ : وَاذْكُرْ عَبْدَنَا اَيُّوْبَ اور فرمایا: وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ وغیرہما۔ ہمارے عبد ایوب اور داؤد وغیرہما کو یاد کیجئے۔

جواب : کمال عبودت کے لئے سوائے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی دوسرا تیار نہیں ہوا اور کمال عبودیت ماسوی اللہ سے آزاد ہونے کا نام ہے اور یہ رتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مخصوص ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے: مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ، فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ سے وہ لوگ مراد ہیں جو یوم میثاق میں تمہارے ساتھ تھے کیونکہ تم اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کا خطاب سننے والے تھے اور بَلٰى

marfat.ocm
Marfat.com

کہنے میں سب شریک تھے پس اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی طرف سے قرآن بنانے پر قادر ہیں تو تم بھی فطرتِ انسانی میں ان کے برابر ہو فلہٰذا تم بھی قرآن اپنے طور بنا کر لے آؤ۔ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ اگر تم سچے ہو پس اگر نہیں کر سکتے اور ہرگز نہیں کر سکو گے تو آگ سے ڈرو یعنی قہر سے جو غضب حق کی صورت میں ظاہر ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے فرمایا: ''تو میرا عذاب ہے تیرے سبب سے جسے چاہوں عذاب دوں'' وَقُوْدُهَا النَّاسُ، وَقُوْدُهَا سے مراد انسان کی انانیت ہے جس کی خصوصیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بھلا دے وَالْحِجَارَةُ یعنی سونا کہ جس سے نفس کے شہوات وخواہشات اور اس کی طبعی اغراض حاصل ہوتی ہیں انسان کی انانیت عبادت کرتی ہے اسے الْحِجَارَةُ سے اس لیے تعبیر کیا کہ کفار کے بت اکثر پتھروں کے تھے اور انسان کی انانیت کو النَّاس سے اس لئے تعبیر فرمایا کہ وہ انانیت معاہدہ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ اور حق کو بھلا کر غیر کی پرستش کرتی اور غیر کی طالب رہتی ہے اسی لیے اسے نار کا ایندھن بنایا۔ کما قال عزوجل:

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ (بیشک تم اور تمہارے بُت جہنم کا ایندھن ہیں)

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ خصوصاً وہ آگ صرف کفار کے لئے تیار کی گئی ہے لیکن مجرموں مومنوں کو کفار کی تابعداری میں انہیں پاک کرنے کی خاطر دوزخ میں داخل کیا جائے گا۔

جیسا کہ بہشت پیدا تو متقین کے لئے کی گئی ہے لیکن گنہگار مومن کو دوزخ میں داخل کر کے طاہر ومطہر کر کے داخل کیے جائیں گے متقین کی تابعداری کے لحاظ سے جیسے کہ حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

''میں بہشت پیدا کی اور پھر اس کے اہل بھی پیدا کیے جو بہشت والے عمل کر کے بہشت میں داخل ہوتے ہیں اور دوزخ پیدا کی اور اس کے اہل بھی پیدا کیے جو دوزخ والے عمل کر کے دوزخ میں داخل ہوں گے۔''

تفسیر عالمانہ

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا **حل لغات**: بشارۃ ہر اس خبر کو کہتے ہیں جسے سن کر سرور وفرحت حاصل ہو۔ اب معنی یہ ہوا کہ محمد سید عربی صلی اللہ علیہ وسلم جو یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی جانب سے نازل ہوا ہے ان کے دلوں کو خوش فرمایئے اس معنیٰ کے لحاظ سے خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوگا۔

(بعض مفسرین) فرماتے ہیں کہ یہ خطاب ہر اس کے لئے ہے جسے یہ خوشخبری ملے گی جیسا کہ حدیث شریف میں

marfat.ocm
Marfat.com

ہے: بشر المشامین الی المساجد الخ۔ (مساجد کو جانے والوں کو خوشخبری دو) یعنی مساجد کی طرف اندھیری راتوں میں جانے والوں کو قیامت میں نورِ تام کی خوشخبری ہو۔ یہ خطاب ہر اس شخص کو ہے جسے یہ خوشخبری حاصل ہوگی، یہ کسی ایک فردِ مخصوص کو خطاب ہے۔

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اور نیک عمل کرتے ہیں اور صالح عمل وہ ہے جو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔

مسئلہ : عمل کے ایمان پر عطف لانے میں اشارہ ہے کہ ایمان و عمل ایک دوسرے کے غیر نہیں اور بتایا جارہا ہے کہ بہشت کے داخلہ کا دارومدار دونوں پر ہے کیونکہ ایمان بمنزلہ اساس کے ہے اور عمل صالح بمنزلہ تعمیر کے جس اساس پر تعمیر نہ ہو وہ اساس بھی بیکار اور عمل صالح کے بغیر بہشت کی طلب سفہاء کا کام ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بہشت کے داخلہ کا سبب عمل صالح قرار دیا ہے اگرچہ اللہ تعالیٰ کسی بندے کو صرف ایمان کی وجہ سے بہشت میں داخل کردے لیکن عمل صالح ایمان کی نورانیت کو بڑھاتا ہے اور اسی سے انسان کا دل روشن ہوتا ہے ان میں سب سے پہلا عقبہ ایمان کا ہے اس میں دیکھا جاتا ہے کہ اس عقبہ سے اس کا ایمان بچ گیا یا نہ، اس لحاظ سے عمل صالح لازم ہوا تاکہ باقی عقبات سہولت سے طے ہوں۔

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ ان کے لئے باغات ہیں جن میں پھلدار درخت ہیں اور جنت اسے بھی کہتے ہیں جس میں کھجور کے درخت ہوں اور فردوس وہ ہے جس میں انگور ہوں۔ کذا قال الضراء، اور جنت کو جنت اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں درختوں کی ٹہنیاں ایک دوسری سے لپٹی ہوتی ہیں اور پھر وہ مقام درختوں سے ڈھکا چھپا ہوتا ہے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ ایک پردہ ہے اور جنّة "بروزن فعلة" یکبار کرنے کے معنیٰ میں ہے۔

سوال : دارالثواب کو دارالثواب کیوں کہتے ہیں؟ حالانکہ وہ تو ایسی جگہ ہے کہ نہ تو اس کے محلات گنے جاسکتے ہیں اور نہ ہی درجے۔

جواب : اس لیے کہ یہ نعمتوں کا بہت بڑا ماویٰ وملاذ ہے۔

سوال : جنّات کو جمع اور پھر نکرہ کر کے کیوں لایا گیا؟

جواب : دراصل جنت دارالثواب کے مجموعے کا نام ہے اور اس میں کئی جنتیں ہیں اور عابدین کے مراتب کے مطابق ہر ایک کے درجات مقرر ہیں پھر ان کے ہر الگ الگ طبقہ کا نام جنت ہے اور وہ کُل آٹھ ہیں:

marfat.com
Marfat.com

۱۔دارالجلال: یہ تمام نور ہی نور ہے شہر، گھر، محلات، برتن، دروازے، کھڑکیاں، بالاخانے، اوپر نیچے، پردے اور زیورات غرضیکہ جو شئے بھی اس میں ہے تمام نور کی ہے۔

۲۔ دارالقرار : اس میں تمام اشیاء مرجان کی ہیں۔

۳۔ دارالسلام : اس میں تمام چیزیں یاقوت احمر کی ہیں۔

۴۔ جنة عدن: اس کی تمام اشیاء زبرجد کی ہیں۔

۵۔ جنة الماویٰ : یہ خالص سونے کی ہے۔

۶۔ جنة الخلد : یہ خالص چاندی کی ہے۔

۷۔جنة الفردوس : یہ لؤلؤ (موتی) کی ہے اور اس کی دیوار کی آینٹیں ایک سونے اور ایک چاندی کی اور ایک یاقوت اور ایک زبرجد کی اور اس کا گارا مشکِ خالص کا ہے اور اس کے محلات یاقوت اور بالا خانے لؤلؤ کے اس کا میدان سونے کا اور زمین چاندی کی اور روڑے مرجان کے اور مٹی مشک کی اور انگوری، زعفران وعنبر کی۔

۸۔ جنة النعیم: یہ زبرجد کی ہے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ جب مومن بہشت میں داخل ہوگا ستر ہزار باغ دیکھے گا اس باغ میں ستر ہزار درخت ہوں گے اور ہر درخت پر ستر ہزار پتے ہوں گے اور ہر پتے پر لکھا ہوگا لا الہ الا محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم اُمَّة" مذنبة وربّ" غَفُوْر")اور ہر پتے کی چوڑائی کی مسافت مشرق ومغرب کے مابین فاصلہ ہے۔

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یہ جملہ جَنّات کی صفت ہے اور انهٰر، نهر بفتح الهاء وسکونها کی جمع ہے یہ جدول سے بڑی اور دریا سے چھوٹی اور پانی کے جاری ہونے کا نام ہے جیسے نہل جو مصر کی نہر ہے اس سے اس کا پانی مراد ہے۔

سوال : باغات کے نیچے نہریں کیسے جاری ہوں گی؟

جواب: آپ نے دیکھا ہوگا کہ نہروں کے کنارے درخت ہوتے ہیں اور پھر ان کے نیچے پانی جاری ہوتا ہے

marfat.com
Marfat.com

اسی طرح بہشت کے باغات ہوں گے۔

ف: مسروق فرماتے ہیں کہ بہشت کی نہریں بغیر گڑھے کے جاری ہوں گی۔

ف: سب سے زیادہ پاکیزہ اور اچھا باغ وہ ہوتا ہے کہ جس کے درخت گھنے اور ان میں نہریں جاری ہوں اس کے بغیر باغ میں حسن وکمال اور راحت وسرور پیدا نہیں ہوتا پھر وہ باغ تصویر کی مانند ہوگا جس میں روح نہ ہو یا مثل اس جسم کے کہ جس میں جان نہ ہو اس لیے اللہ تعالیٰ نے جہاں بہشت کا ذکر فرمایا ہے وہاں نہر جاری کا بیان بھی فرمایا۔

ف: نہریں چار قسم کی ہوں گی۔ ۱۔شرب کی ۲۔دودھ کی ۳۔شہد کی ۴۔پانی کی

جب پانی کی نہر سے کچھ پئیں گے تو ان کے بدنوں میں تربیت آجائے گی کہ اس کے بعد پھر کم نہیں ہوں گے جب شہد سے کچھ پئیں گے تو شفاء وتندرستی پائیں گے اس کے بعد پھر بیمار نہیں ہوں گے جب شراب کی نہر سے پئیں گے تو سرور وراحت پائیں گے پھر اس کے بعد غمگین نہیں ہوں گے مثنوی شریف میں ہے:

آب صبرت جوئے آب خلد تست — سوئے شیر خلد مہر تست

ذوق طاعت گشت جوئے انگبیں — مستی وشوخی تو جوئے خمر بیں

ایں سبیہا چوں بفرمان تو بود — چار جو ہم مرتر افرمان بود

ترجمہ: تیرے صبر کا بدلہ خلد بریں ہے خلق پر مہر محبت کا بدلہ بہشت کا دودھ۔

طاعت کی چاشنی کا بدلہ شہد جنت ہے عبادت کی شوخی اور چستی شراب طہورا ہے۔

فرامین الٰہی کی بجا آوری اس کا سبب ہیں کہ یہ چار نہریں تیرے زیر فرمان ہوں۔

ف: عرش کے پائیں پر چوڑا کر کے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو لکھا گیا ہے بسم کی میم سے پانی کا چشمہ اور اللہ کی ھا سے دودھ کا چشمہ اور الرحمن کی میم سے شراب کا چشمہ اور الرحیم کی میم سے شہد کا چشمہ جاری ہے یہ ان نہروں کا منبع ہے پھر یہ سب کی سب کوثر میں جاتی ہیں جسے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض کہتے ہیں وہ ابھی بہشت میں موجود ہے اور قیامت کے میدان میں صرف مومنین کی پیاس بجھانے کے لئے اسے منتقل کیا جائے گا پھر وہاں سے اسے بہشت میں پہنچایا جائے گا۔

ف: بہشت میں ایک چشمہ کافور کا ہے دوسرا زنجبیل کا تیسرا سلسبیل کا اور چوتھا رحیق کا کہ جس کا مزا تسنیم سا ہے

Marfat.com

ملائکہ کے واسطہ سے اہلِ جنت کو پلایا جائے گا لیکن مومنین کو اللہ تعالیٰ بلا واسطہ شراب طہور خود پلائے گا۔

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا جبکہ دیے جائیں گے بہشت سے روزی یعنی جب کھلائے جائیں گے ثمر میں سے۔ ثمرہ سیب یا انار خاص ہی مراد نہیں ہیں بلکہ انواع اثمار میں سے ایک نوع مراد ہے اور لفظ مِنْ پہلا اور دوسرا دونوں ابتداء غایت کے لئے ہیں کیونکہ رزق کی ابتداء جنت سے اور جنت کے رزق کی ابتداء ثمرہ سے ہوگی مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا رِزْقًا، رُزِقُوْا کا مفعول ہے اور جس طعام سے حیوان نفع اٹھائے اور رزق کہتے ہیں۔ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ یعنی یہ تو اس کی مثل ہے جو ہم کو اس سے قبل دنیا میں دیا جاتا تھا لیکن چونکہ ان میں مکمل مشابہت ہوگی بنابریں اسے ایک ہی کہا گیا بہشت کے میووں کو دنیا کے میوہ جات کی مثل اس لیے بنایا گیا تا کہ نفس انہیں دیکھ کر میلان کرے کیونکہ دیکھی ہوئی چیز کی طرف طبائع میل اور غیر معروف شے سے نفرت کرتی ہیں اور یہ بھی ہے کہ بہشت کے ثمرات کی فضیلت ظاہر ہو کیونکہ اگر غیر معہود جنس ہوتی تو گمان ہو سکتا تھا کہ یہ اسی طرح ہی ہوں گے اگرچہ اس سے اچھے ہوں پس جب دنیا کے کسی انار کو دیکھیں گے اور اس کے حجم وغیرہ پر غور کریں گے تو دنیا کے بڑے سے بڑا انار چھوٹے تربوز کے برابر بھی نہیں ہو سکتا لیکن اس کے برعکس جب بہشتی انار کو ایسا بڑا اور موٹا دیکھیں گے تو وہ تمام اہلِ دار کو سیر کر دے گا بنابریں اس کی فضیلت ظاہر اور سرور و مستی حاصل ہوگی تعجب بھی بڑھے گا کہ موسم نہ ہونے کے باوجود بھی بہشت میں موجود ہے كُلَّمَا کا عموم دلالت کرتا ہے کہ ان کا یہ قول بار بار ہوگا کہ پہلے قول کے بعد مرة بعد مرة اس سرور و مستی اور فرطِ تعجب کا ظاہر کرتے ہوں گے جو ان کے مابین فرق ہوگا کہ لذت تو بہت بڑی ہے اور شکل و صورت بھی ایک ہے گویا کہیں گے کہ یہ بعینہٖ وہی میوہ جات ہیں جو ہم نے دنیا میں کھائے تھے لیکن یہ رتبہ لذت و خوشبو کا انہیں کہاں سے ملا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے: اِنَّهٗ لَيْسَ فِي الْجَنَّةِ مِنْ اَطْعَمَةِ الدُّنْيَا اِلَّا الْاِسْمَ یعنی بہشتی میوے صرف نام سے ہمارے میووں کے مطابق ہوں گے ورنہ ایں کجا آں کجا۔ بہشت کا میوہ نقصان نہیں دے گا تا کہ معلوم ہو کہ دنیاوی میوہ جات کے مقابلہ میں بہشت کے میوہ جات کتنے نرم، خوشنما اور لذیذ ہیں۔ اس سے وہم نہ ہو کہ دنیا اور بہشت کے میوہ جات کے مابین مشابہت ہی نہیں ہوگی یہ عقلاً بھی محال ہے اس لیے کہ قاعدہ ہے کہ اسماء کا اطلاق اتحاد نوعی کے ساتھ ہوتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاُتُوْا بِهٖ وہ رزق یا مرزوق دنیوی اور اُخروی دیئے جائیں گے ضمیر کا مرجع فحوائے کلام ہے جو دارین دیئے گئے۔اس کی نظر یہ آیت ہے: اِنْ یَّکُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰی بِهِمَا ای بجنس الغنی و الفقیر

مُتَشَابِهًا یعنی رنگ اور جوت میں ایک دوسرے کے مشابہ ہوں گے پس جب اہل بہشت بہشت کے میوہ جات کھائیں گے تو اس کا مزہ غیر پائیں گے کہ بہشتی میوے بہتر اور لذیذ ترین ہوں گے یعنی ان کی کوئی شے ردّی نہیں ہوگی۔

ف: حضرت مسروق سے مروری ہے کہ بہشت کی کھجوریں جڑ سے لے کر ٹہنیوں تک تہ بہ تہ ہوں گی۔یعنی ان کے بعض بعض پر منضود ہوں گے یعنی متراکب و مجتمع ہوں گے یعنی دنیا کے اشجار کی طرح نہیں ہوں گے ان کی ٹہنیاں اور اثمار متفرق ہوتے ہیں جب اس کے ثمر توڑے جائیں گے تو پھر اس جگہ اور تیار ہوں گے اور ان کے گچھے بارہ ہاتھ کے ہوں گے اگر تمام مخلوق اس کے ایک گچھے پہ جمع ہو جائے تو سیر ہو جائے۔

حکایت: ایک شخص حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اے ابوالقاسم! آپ کا گمان ہے کہ اہلِ جنت کھائیں گے بھی اور پئیں گے بھی۔آپ نے فرمایا ہاں! اللہ کی قسم، جس کے قبضہ قدرت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے بیشک ایک بہشتی کو کھانے پینے اور جماع میں دنیا کے ستر آدمیوں کی طاقت دی جائے گی میں نے کہا جو کھاتا ہے تو قضائے حاجت کی بھی ضرورت ہوتی ہے حالانکہ بہشت اس سے پاک ہے آپ نے فرمایا: وہاں کی قضائے حاجت پسینہ ہے جو کہ مشک سے بھی زیادہ خوشبو ناک ہوگا۔

وَهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ان کے لئے بہشت میں اَزْوَاجٌ یعنی عورتیں اور حوریں ہوں گی۔ مُطَهَّرَةٌ پاک احوال یعنی حیض ونفاس اور بول وغائط اور منی مخاط، بلغم، وریم، میل وکچیل اور سر کا درد اور دیگر درد اور ولادت اور طبع کی کراہت اور بدخلقی اور طبع کا میلان الی الغیر وغیرہ وغیرہ سے صاف ستھری ہوں گی اور مُطَهَّرَةٌ مطهرة وطاهرة سے زیادہ بلیغ ہے اور خبر دے رہا ہے کہ انہیں کسی مطہر نے طاہر کیا ہے اور مطہر سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں۔

ف: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: دراصل حوریں یہی عورتیں ہوں گی جو دنیا میں تھیں اب

marfat.ocm
Marfat.com

انہیں صاف ستھرا کر کے بہشت میں بھیجا جائے گا۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حُورِعین پاؤں کی انگلیوں سے لے کر گھٹنوں تک زعفران سے پیدا کی گئی ہے اور پھر گھٹنوں سے پستان تک خالص مشک سے، پھر پستانوں سے گردن تک عنبر اشہب یعنی ابیض سے پھر گردن سے سر تک کافور سے جب متوجہ ہوتی ہے تو اس کے منہ کے نور کی چمک ایسے معلوم ہوتی ہے جیسے اہلِ دنیا کے لئے سورج کے نور کی چمک۔

وَهُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ ہمیشہ زندہ رہیں گے مریں گے نہیں اور نہ ہی بہشت سے نکلیں گے۔

ف: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اہلِ جنت تیس سال کے جوان معلوم ہوں گے مرد عورتیں ایک ہی سن کے ہوں گے ان کے قد اپنے باپ حضرت آدم علیہ السلام کی طرح ستر گز قد کے ہوں گے نوجوان اور بے عیب ہوں گے ان پر ستر پوشاکیں ہوں گی پھر ہر پوشاک ہر لحظہ ستر رنگ بدلے گی نہ تھوکیں گے نہ کھنکاریں گے اور نہ ہی بری اور مکروہی شے ان میں پائی جائے گی۔ ہر دن جمال وحسن میں بڑھتے رہیں گے جیسے اہلِ دنیا ہر دن بڑھاپے وکمزوری میں بڑھتے رہتے ہیں نہ ان کا شباب ختم ہوگا نہ ان کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے۔

ف: جان اے جانِ من! لذات میں سب سے بڑی لذتیں مکان، طعام اور نکاح ہیں جیسے کہ استقراء کا تقاضا ہے اور ان سب کی اعلیٰ لذتِ دوام وثبات ہے کیونکہ ہر وہ نعمت خواہ وہ کتنی ہی بڑی ہو لیکن وہ زوال پذیر ہو تو وہ انسان کے ذوق کے منغض کرنے والی ہوتی ہے اب مومن کو ان نعمتوں کی خوشخبری سنائی گئی ہے اور ساتھ ہی اور ساتھ فرمایا گیا ہے کہ یہ نعمتیں ہمیشہ رہیں گی تا کہ ان کی خوشی ورونق میں اضافہ ہو۔

تفسیر صوفیانہ

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یعنی انہیں حقیقی ایمان کے بیج اور ان کے اعمال صالحہ قلبیہ اور روحیہ وسریہ جن میں توحید وتجرید حقیقی ہے توکل ویقین وزہد وورع وتقویٰ وصدق واخلاص وہدایت وقناعت وعفت ومروت فتوت ومجاہدہ ومکاہدہ ورغبت ورہبت اور خوف وخشیت اور رجاء وصفاء وطلب وارادہ اور محبت وحیاء اور کرم وسخاوت وشجاعت وحلم ومعرفت وعزت ورفعت وقدرت وعلم وعفو ورحمت وہمت عالیہ وغیرہ جو مقامات واخلاق ہیں کے اشجار۔ قربت کی بہشتیں حاصل ہوتی ہیں جن کے نیچے عنایت وتوفیق اور راحت وعظمت ونقل کی

marfat.ocm
Marfat.com

نہریں جاری ہیں كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا جب ان کو اشجار کے ثمرات مشاہدات ومکاشفات معائنات سے عنایات ہوتے ہیں۔

رِزْقًا یعنی مہربانی وصحت وعطیہ حاصل ہوتا ہے تو قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہم کو اس سے قبل دیا گیا تھا اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اصحاب مشاہدات ومجاہدات کے ثمرات کی وجہ سے ایک صورت میں مختلف احوال دیکھتے ہیں تو جوان میں متوسط ہیں وہی کہتے ہیں کہ یہ مشاہدہ تو وہی ہے جو پہلے دکھائی دیا حالانکہ اس کی صورت ایک ہوتی ہے اور حقیقت دیگر اس کی نظر یہ ہے کہ سالک نور کو نار دیکھتا ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے نور ہدایت کو نار محسوس کیا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا پھر کبھی وہی نار بصورت غضب ناک نمودار ہوتی ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے متعلق مشہور ہے کہ آپ جب غصہ میں آتے تو آپ کی ٹوپی مبارک سے آگ کے شعلے نظر آتے تھے اور کبھی آگ محسوس ہوتی تھی اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ محبت کی نار نفس کی محبوب اشیاء میں پہنچ کر انہیں جلا دیتی ہے اور کبھی یوں ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آگ جلانے والی دلوں پر پہنچ کر ان کے وجود کو راکھ کر دیتی ہے پس ان کی شکلیں ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں اسی لیے فرمایا وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا لیکن سالک تو ہر نار سے نرا ذوق اور نئی لذت پاتا ہے وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ یعنی ارباب کے لئے قربات کی جنت میں عورتیں ہیں جو ابکار غیب سے صاف وستھری، جن کو اغیار کی ملاوٹ تو کیا اغیار کی ہوا تک نہ لگی ہوگی وہ ان باکرہ عورتوں کی بکارت میں ہمشیہ رہیں گے جیسا کہ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں: کہ بیشک بعض علوم خالص موتی کی طرح ہوتے ہیں انہیں عارفین باللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا جب وہ ان علوم کو ظاہر کرتے ہیں تو ان کا انکار سوائے جاہلین کے اور کوئی نہیں کرتا۔

ف: ہر وہ شئے جس کا عالم شہادۃ میں مشاہدہ کیا جاتا ہے جیسے اس کی صورت دنیا میں ہوتی ہے اس کا معنی غیب کے عالم میں بھی ہوتا ہے اس لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں پڑھتے۔ اللھم ارنا الاشیاء کماھی ۔قیامت میں اشیاء کی صورتیں وحقیقتیں حاصل ہوں گی لیکن اس وقت صورت پر معنی وحقیقت غالب ہوگی۔اس لیے شے کی صورت بعینہٖ نظر آئے گی اسے دیکھ کر کہے گا۔

هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ پھر اس وقت صورت اور معنی ایک شئے ہوں گی جیسے کہ پہلے تھی لیکن ذوق پہلی

marfat.com
Marfat.com

صورت کا غیر معلوم ہوگا اسی لیے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بہشت میں دنیوی اشیاء کے اسماء کا غیر ہوگا جیسا کہ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بندہ جو کلمہ بھی اللہ کی راہ میں بولتا ہے قیامت کے بعد اس کی حالت ایسے ہوگی جیسے کہ کسی کو جسم میں تیر لگے اور اس سے خون جاری ہو۔ اس روز اس کا رنگ تو خون جیسا ہوگا لیکن اس کی خوشبو مشک جیسی۔ آج تو صرف خون کے رنگ کی شکل معلوم ہوتی ہے لیکن اس کی خوشبو کا پتہ نہیں چلتا لیکن قیامت میں اس کی دنیوی شکل بھی نظر آئے گی اور خوشبو بھی سونگھی جائے گی۔

تفسیر عالمانہ

شان نزول: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً حضرت حسن وقتادہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مکھی اور عنکبوت کا ذکر کتاب مجید میں فرمایا اور اس کے ساتھ کفار ومشرکین کے لئے کہاوت بیان فرمائی تو یہود ہنس پڑے، کہنے لگے کہ اسے اللہ کے کلام الٰہی سے کون سی مشابہت ہے۔

حیاء اس تغیر وانکسار کو کہتے ہیں جو انسان کو (بوجہ اس خوف کے جو اسے عیب دار کرے یا سے مذمت کا نشان بنائے) سے عارض ہوتا ہے یہ بطریق تمثیل کے ہے۔ مچھر کی مثال دینے کو ترک نہیں کیا جاتا اس شخص کی طرح نہیں کہ حقارت بھری چیزوں سے اس کی تمثیل رک جاتی ہے۔ اَنْ يَّضْرِبَ کا محل نصب ہے یعنی بہ بنائے مفعولیت منصوب ہے اور ما اسمیہ ابہامیہ ہے اپنے قریب والے اسم کو ابہام میں بڑھاتا ہے گویا کہا گیا ہے کہ امثلہ میں سے کوئی مثال جس طرح بھی ہو پس یہ اپنے ماقبل کی صفت ہوگی اور بَعُوْضَةً، مَثَلًا سے بدل ہے بَعُوْضَةً چھوٹے مچھر کو کہتے ہیں اور اس نام سے بھی اسی لیے موسوم ہے گویا یہ بڑے مچھر کا بعض ہے۔

فَمَا فَوْقَهَا یعنی خواہ اس سے بڑے کی تمثیل ہو۔ جیسے مکھی اور عنکبوت یا اس سے صغر میں کم۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ اضداد میں سے ہے کہ چھوٹے اور بڑے دونوں اس پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اور وہ ایسا جانور ہے کہ وہ ٹھہرنے میں چھپ جاتا ہے اور تحرک میں ظاہر ہوتا ہے یعنی ظاہر نہیں ہوسکتا جب تک اسے تحرک نہ ہو۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے ان کے معبودانِ باطلہ کی تمثیل عنکبوت کے گھر اور مکھی سے تو دی ہے لیکن مچھر کا ذکر کہیں نہیں آیا۔

جواب: ربیع بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مچھر سے تمثیل اہلِ دنیا کے لئے عبرت ہے کیونکہ وہ جب

marfat.ocm
Marfat.com

تک بھوکا رہتا ہے زندہ رہتا ہے اور جب سیر ہوتا ہے مرجاتا ہے۔اسی طرح انسان جب غنی ہوجاتا ہے تو سرکش ہوجاتا ہے اور اسے ردی خیالات حائل ہوتے ہیں۔

ف: امام ابومنصور علیہ الرحمہ فرماتے ہیں یہ ایک عجوبہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایک صغیر الجثہ دلالت کررہا ہے اور کبیر الجسم تو بطریق اولیٰ، کیونکہ اگر تمام مخلوق جمع ہوکر مچھر یا مکھی کی شکل کی صورت بنائیں اور وہ ترکیب جس کی اسے ضرورت ہے جیسے منہ، ناک، آنکھ، پاؤں اور ہاتھ اور مدخل ومخرج تو قادر نہیں ہوسکیں گے چہ جائیکہ وہ بہت بڑے اجسام کو تیار کرسکیں علاوہ ازیں مچھر باوجودیکہ حقیر اور صغیر جانور ہے لیکن اسے ہاتھی (جوکہ کثیر الجثہ اور قوی القدرۃ ہے) کی طرح ہے تمام آلات رکھتا ہے۔

ف: اس میں انسان کے حال اور اس کے کمال استعداد کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: انَّ اللّٰہ آدم علٰی صورتہ ای علٰی صفتہ (بیشک اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی صورت یعنی صفت پر پیدا فرمایا) پس باوجودیکہ انسان ضعیف القدر لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے جمال واجلال کے اوصاف کا ایک نمونہ اور عکس بنایا ہے تاکہ اپنے صفات کے شیشہ میں اللہ تعالیٰ کے صفات کا مشاہدی کرے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّه ' (جس نے خود کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا) اور یہ مخصوصہ صفت سوائے انسان کے کسی اور کو نصیب نہیں ہوئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ الخ مثنوی شریف میں ہے:

آدمِ خاکی زحق آموخت علم — تا ہفتم آسمان افروخت علم
نام وناموس ملک رادر شکست — کور پئے آنکس کہ درحق شکست
قطرہ دل را یکے گوہر فتاد — کاں بدریا ہادگر دونہاد نداد
چندصورت آخر صورت پرست — جان بے معنیت ازصورت نرست
گر بصورت آدمی انساں بُدے — احمد وبوجہل خود یکساں بُدے

ترجمہ: آدم خاکی نے اللہ تعالیٰ سے علم سیکھا اسی لیے تو اس نے ساتویں آسمان پر اپنا جھنڈا گاڑا۔جس نے فرشتے کا نام

marfat.ocm
Marfat.com

وناموس کوتوڑ دیا وہ بڑا بد بخت ہے اور حق تک نہ پہنچ سکا۔ قطرہ دل میں ایک گوہر پہنچا تو اس نے دریا کو کچھ نہ سمجھا۔ اے صورت پرست! کب تک صورت پرستی میں کب تک رہو گے جان بے معنی ہو تو وہ صورت پرستی نے نجات نہ پا سکے گا۔

اگر صرف انسانی شکل کا نام انسان ہوتا تو حضرت احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ابو جہل ایک شے ہوتے۔

ف: بعض فرماتے ہیں کہ ضعیف کے ذکر سے ضعیف قلوب کو قوت بخشی گئی ہے اور مخلوق کو اپنی قوت دکھائی ہے کہ ضعیف جانوروں کو قوی جانوروں کی شکل وہیئت میں پیدا فرمایا گیا ہے کیونکہ مچھر صغیر ہے اور ہاتھی کبیر ہے لیکن ان کی ہیئت ایک ہے بلکہ مچھر میں الٹا دو پر زاید ہیں پس اس کے کرم سے کچھ بعید نہیں کہ قلیل العمل کو وہ عنایت فرمائے جو کثیر العمل کو عطا فرمائے گا جیسا کہ صغیر الجثہ کو وہ کچھ عطا فرمایا جو کثیر الجثہ کو عنایت ہوا۔

ف: عجیب تر بات یہ ہے کہ صغیر الجثہ کبیر الجثہ کو ایذاء پہنچاتا ہے پھر اس کریم کے کرم سے کیا بعید ہے کہ اس نے شیر کو بڑی قوت کے ساتھ پیدا فرمایا اور مچھر نہایت کمزوری میں لیکن مچھر اور مکھی میں اڑنے کی ہمت کے ساتھ وہ جرأت عنایت فرمائی کہ لوگوں کے سامنے اڑتے پھرتے ہیں باوجودیکہ لوگ ان کے ایذا دینے اور ہٹانے کی سر توڑ کوشش کرتے ہیں لیکن شیر میں کتنی بزدلی ہے کہ وہ انسانوں سے دور رہتا ہے بلکہ ان کی راہوں کو بھی چھوڑ جاتا ہے اور اگر یہ بھی مچھر اور مکھی کی طرح جرأت دار ہوتا تو لوگ اس کی دلیری سے ہلاک ہو جاتے یہ اللہ تعالیٰ کی شان ہے کہ ضعیف میں دلیری پیدا کر دی اور قوی میں بزدلی اور پھر ضعیف پر انسان کو عاجز بنا دیا لیکن قوی پر طاقت پیدا کر دی۔ لاتثیروا الزنابیر الخ یعنی بھڑوں کو مت چھیڑو ایسا نہ ہو کہ تمہیں ڈس دیں۔ اسی طرح جاہلوں کو مت چھیڑو کہ کہیں گالیاں نہ دیں اور انجیل میں ہے لا تدخروز اذخائر کم الخ یعنی اپنے ذخائر جمع نہ کرو کہیں انہیں دیمک نہ چٹ کر جائے اور نہ کہیں جنگلوں میں رکھو کہ چور یا زہریلے جانور نہ ضائع کریں اور انجیل میں یہ بھی ہے کہ ملکوت السماء کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کسان اپنے گاؤں میں شاندار گندم ہوئے لیکن جب لوگ سو جائیں تو اس کا دشمن آ کر اس میں کڑوا بیج بو دے جب کھیتی بڑی ہو تو اس میں اس کڑوے بیج کے پودے بھی ہوں، مالک کو کہا جائے کہ یہ کیا ہوا تم نے تو اس میں گندم کا بیج بویا تھا وہ جواب دے کہ جب گندم کاٹنے کا وقت آئے تو گندم کو کاٹتے جاؤ اور کڑوے بیج کے پودوں کو جلا دو۔ اس تمثیل سے مقصد یہ ہے کہ کسان سے مراد ابو البشر ہیں اور قریہ سے مراد عالم دنیا ہے اور گندم سے مراد طاعت ہے اور کڑوے بیج بونے والا شیطان ہے اور کڑوا بیج نافرمانی ہے اور کاٹنے والے ملائکہ ہیں جو بنی آدم پر موت طاری کرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

حکایت: ماموں بادشاہ خطبہ دے رہے تھے کہ مکھی اس کی آنکھ میں آپڑی کئی دفعہ اسے ہٹایا مگر پھر آ گئی یہاں تک کہ خطبہ بند کرنا پڑا جب نماز سے فارغ ہوا تو ابو ہذیل معتزلی کو بلایا اس سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے مکھیوں کو کیوں پیدا کیا؟ اس نے کہا: اس لیے کہ سرکش بادشاہوں کو ذلیل کرے اس نے کہا: ٹھیک ہے۔

(کذافی روضة الاصفیاء)

ف: مکھی جیسی شئے پیدا کرنے میں لاکھوں حکمتیں و مصلحتیں ہیں۔ حضرت وکیع فرماتے ہیں کہ اگر مکھیاں اور ہوا نہ ہوتیں تو دنیا بدبو سے بھر جاتی اس کے عجائبات سے ایک عجوبہ یہ بھی ہے کہ جب انسان کے منہ پر بیٹھتی ہے تو اس کا دل تنگ ہو جاتا ہے اور عیش فاسد اور باغ باغیچے بے لذت معلوم ہوتے ہیں۔ عجیب تر بات یہ ہے کہ باوجودیکہ یہ ضعیف ہے لیکن انسان کو عاجز کر دیتی ہے اور اس کے منہ پر بیٹھنے سے انسان کو عار ہوتی ہے۔ اب انسان سوچے کہ مکھی کے ہٹانے میں انسان کتنی جدوجہد کرتا ہے مگر سے خیال نہیں کہ قبر میں بڑے بڑے سانپ اور بچھو ہوں گے انہیں کیسے ہٹائے گا۔

عقیدہ: امام قشیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے سامنے ہر شے کا پیدا کرنا ہوا میں اڑتی ہوئی غبار سے بھی آسان تر ہے بلکہ اس کی قدرت کے آگے مکھی اور عرش کا پیدا کرنا برابر ہے نہ اس پر عرش کا پیدا کرنا مشکل ہے نہ مکھی کا، اس کی ذات عُسر و یُسر کے لحوق سے مقدس ہے۔

ف: حقیر کی حقیر سے مثالی دی جاتی ہے، جیسے اعلیٰ کی اعلیٰ سے مثال دی جاتی ہے اگرچہ تمثیل دینے والا بڑی اونچی شان والا ہو، جیسا کہ انجیل میں سنیے کے کھوٹ کو آٹے کے چھان سے تمثیل دی۔ **کما قال: لاتکونوا منخل یخرج منه الدقیق** ۔ الخ یعنی چھلنی کی طرح نہ ہونا کہ اس میں سے اچھا آٹا نکل آتا ہے اور چھان اسی میں رہ جاتا ہے اسی طرح تمہارے منہ سے حکمت کی باتیں نکل آتی ہیں لیکن چھان کی طرح کھوٹ اندر رہ جاتا ہے اور بیوقوفوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کو بھڑوں کی چھیڑ چھاڑ سے تشبیہ دی۔ ویسے بھی اہلِ عرب کہاوتیں بیان کرتے ہیں: **کما قالوا: هُوَ جَمْع" مَنْ ذَرَّة** (وہ ذرہ کا مجموعہ ہے) ان کا یہ خیال ہے کہ ذرہ میں سات سال کی قوت ہے اور کہتے ہیں: **اَجْرَأُ مِنَ الذُّبَابِ** (وہ مکھی سے زیادہ جرأت مند ہے) کیونکہ مکھی شاہوں کی ناک پر بیٹھنے سے نہیں ڈرتی اور کہتے ہیں: **وَجَفْنُ الْاَسَدِ فَاذَا ذَبَّ آبَ اَیْ اِذَا مُنِعَ رَجَعَ** (شیر کا چلہ ہے کہ اسے

marfat.ocm
Marfat.com

ہٹاؤ تو واپس آجاتا ہے) اور کہتے ہیں: اَسْمَعُ مِنْ قراد ان کا خیال ہے کہ یہ اونٹ کی ہلکی سی آواز سات راتوں کے سفر یا سات میل کے سفر سے سن لیتی ہے اور کہتے ہیں: فُلان" اَعْمَرُ مِنْ قِرَادٍ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی سات سو سال تک عمر ہوتی ہے اور کہتے ہیں: اَعْمَرُ مِنَ النَّسْرِ (وہ گدھ سے زیادہ عمر والا ہے) کیونکہ اس کی عمر تین سو سال تک ہوتی ہے اور کہتے ہیں: فلان" اَصْرَدُ مِنْ جَرَادَاةٍ کیونکہ ٹڈی سردیوں میں باہر نہیں نکلتی اور اصرد بمعنیٰ ابرو ہے اور کہتے ہیں: اَطْیَشُ مِنْ فِرَاشَةٍ کیونکہ وہ گرم مزاج ہے۔ اور کہتے ہیں: اَعَزُّ مِنْ مُخَالْبُعُوض کیونکہ مچھر کی چربی ہوتی ہے۔ اسے نادر الوجود شے کے لئے ہی بولا جاتا ہے اور کہتے ہیں: اَضْعَفُ مِنْ بُعُوْضَةٍ (مچھر سے زیادہ کمزور ہے) اسی طرح کہتے ہیں: اَكْلُ مِنَ السُّوْسِ وہ کیڑا ہے جو گندم اور جَو کھاتا ہے اور اس کیڑے کو بھی کہتے ہیں جو اُون وغیرہ کو خراب کرتا ہے۔

مختصر یہ کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کو سمجھانے کے لئے مثالیں دیتا ہے اور حق سے حیاء نہیں فرماتا اور اس کی مثالوں میں ہزاروں حکمتیں اور مصلحتیں ہوتی ہیں لیکن عقل والوں کے سوا کسی اور کو نصیب نہیں ہوتی ہیں۔

حضرت جلال الدین رومی قدس سرہ فرماتے ہیں:

بیت من بیت نیست اقلیمست ہزل من ہزل نیست تعلیمست

ترجمہ: میرے اشعار نہیں بلکہ مستقل اقلیم ہیں، میرا مذاق بھی تعلیم ہے۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا یعنی جو لوگ قرآن اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں۔ فا دلالت ہے کہ مابعد ماقبل کے مدلول پر مرتب ہے گویا کہا گیا ہے کہ پس یہ مثال بیان کی گئی تو مومن فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ جانتے ہیں کہ یہ مثال جو مچھر، مکھی کے ساتھ دی گئی ہے الْحَقُّ حق ہے یعنی ثابت ہے کہ جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مِنْ رَّبِّهِمْ یہ جملہ جو ضمیر حق کی ضد ہے یا وہ ضمیر (جو مثل کی طرف عائد ہے) سے حال ہے یعنی یہ کہا وت اللہ تعالیٰ سے ہے پس مومن اس حق مثال میں تفکر کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر صغیر و کبیر کو پیدا کرتا ہے یہ سب کچھ اس کی قدرت کے آگے برابر ہے، اس لیے ان کا ایمان ہے۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا یعنی یہود اور مشرک فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ کہتے ہیں کہ یہ کیا بات ہے یا اس سے کیا شے اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا اس خسیس تمثیل سے اللہ تعالیٰ نے مراد لی ہے اور اس سے مشار" الیہ کی تحقیر مقصود ہے۔ مثلاً یہ مثال دے کر جب

marfat.ocm
Marfat.com

اس سے الف ولام محذوف کیا گیا تو یہ حال واقع ہوا بمعنیٰ مثلاً یا تمیز کی بنا پر منصوب ہے ان کے جواب میں ارشاد ہوا یُضِلُّ بِهٖ یعنی اس مثال کے سبب سے رسوا کرتا ہے اور اضلال بمعنی حق سے باطل کی طرف پھیرنا اور اضلال کی نسبت بمعنی خلق الضلال اللہ تعالیٰ کی طرف کرنے میں اشارہ ہے کہ ہر شئے اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ہے اگرچہ کسب کے لحاظ سے افعال بندوں کی طرف مسند ہوتے ہیں کَثِیْرًا یعنی بہت سے کفار، اس لیے کہ وہ ان مثالوں کا انکار کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ گمراہی میں بڑھ جاتے ہیں۔ وَیَهْدِیْ بِهٖ اس کی بدولت توفیق دیتا ہے۔ کَثِیْرًا بہت سے مومنوں کو کہ وہ اس کی تصدیق کرنے سے ہدایت میں بڑھ جاتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ یہ لوگ گمراہی کو اختیار کریں گے انہیں گمراہ کرتا ہے اور جن کے لئے جانتا تھا کہ ہدایت کو پسند کریں گے انہیں ہدایت دیتا ہے۔

سوال: ہدایت یافتہ لوگوں کو کثرت کا حکم کیوں لگایا، حالانکہ وہ تو قلیل تھے۔

جواب: درحقیقت اہل ہدایت کثیر ہیں اگرچہ وہ قلت سے موصوف ہوتے ہیں اور ان کی قلت اس لیے بیان ہوتی ہے کہ وہ بہ نسبت اہل ضلال کے قلیل ہوتے ہیں۔

عقیدہ: ہدایت یافتہ لوگ اگرچہ بظاہر قلیل ہوں درحقیقت کثیر ہوتے ہیں کیونکہ یہ حق پر ہوتے ہیں اور وہ (گمراہ) باطل پر۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سوادِ اعظم وہ ہے جو حق پر ہو اگرچہ ایک ہو۔

وَمَا یُضِلُّ بِهٖٓ اس مثال کی تکذیب سے رُسوا نہیں کرتا۔ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ مگر ان کافروں کو جو اللہ تعالیٰ کو نہیں جانتے اور اس کے فرمان سے باہر ہیں۔ فسق لغت میں بمعنی خروج ہے اور عرفِ شرع میں کبیرہ گناہ کے ارتکاب سے اللہ تعالیٰ کی طاعت سے خارج ہو جانا۔

مسئلہ: گناہ صغیرہ بار بار کرنے سے کبیرہ ہو جاتا ہے۔

فائدہ: فسق کی تین اقسام ہیں:

۱۔ تغابی یعنی کسی گناہ کو قبیح سمجھ کر عمل میں لانا۔

۲۔ اس گناہ کے ارتکاب میں منہمک ہونا۔

marfat.ocm
Marfat.com

۳۔گناہ کاارتکاب کرنااس کے قبح کامنکر ہوکر۔

عقیدہ : یہ تیسرا طبقہ کفر کے مراتب سے ہے جب تک فاسق اس تیسرے درجے تک نہ پہنچے اس کاایمان سلب نہیں ہوتا کیونکہ اس میں تصدیق تو موجود ہے کہ جس پر ایمان کادارومدار ہے۔

الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ یعنی اللہ تعالیٰ کے امر کی مخالفت کرتے اور اس کے امر کو چھوڑتے ہیں۔نقض بمعنی فسخ اور ترکیب کاتوڑنا۔

سوال : ابطالِ عہد میں نقض کو کیوں استعمال کیا گیا؟

جواب : استعارہ کرکے عہد کو حبل (رسی) کے معنی میں لیا گیا اس لیے کہ دو عہد کرنے والوں کے مابین اتصال (دھاگے) کی طرح ہوتا ہے۔

عقیدہ : اللہ کے عہد تین ہیں:

۱۔ذُرّیتِ آدم علیہ السلام سے یہ وعدہ لیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کااقرار کرنا۔

۲۔سادات انبیاء علیہم السلام سے وعدہ لیا گیا کہ اس کے دین کو قائم کریں گے اور اس میں تفرقہ پیدا نہ ہو۔

۳۔علماءِ کرام سے وعدہ لیا گیا کہ حق ظاہر کریں اور اُسے ہرگز نہ چھپائیں۔

مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ یعنی وعدہ کی توثیق اور اسے قبول کرنے کے بعد۔اس معنی پر ضمیر کامرجع عہد ہے یا اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ نے کتابوں کو نازل کرکے انبیاء علیہم السلام کو بھیج کر اس وعدہ کو پختہ کیا۔اس معنی پر ضمیر کامرجع اللہ تعالیٰ ہوگا اور یہاں میثاق اپنے مصدری میں ہے نہ کہ بمعنی عہد۔

حکایت: حضرت مالک بن دینار علیہ الرحمہ کے چچازاد بادشاہِ زمانہ کاملازم تھا۔لوگوں کو ستاتا اور ظلم کرتا تھا وہ ایک دفعہ بیمار ہوگیا اس حالت میں منت مانی اور اللہ تعالیٰ سے عہد کیا کہ اگر مجھے آرام آگیا تو ملازمت سے مستعفی ہوجاؤں گا۔اللہ تعالیٰ نے اسے شفاء دے دی۔لیکن عہد بھلا کر ملازمت اختیار کرلی اور پہلے سے زیادہ ظلم شروع کردیا پھر بیمار ہوا اور وہی نذر مانی، آرام آگیا، پھر پہلے سے بھی زیادہ ظلم ڈھانے لگا اب بہت زیادہ بیمار ہوا۔حضرت مالک بن دینار علیہ الرحمہ عیادت کے لئے تشریف لائے اور فرمایا: بھائی! کچھ نذر معین مانو اور اللہ تعالیٰ سے پختہ وعدہ کرو کہ آئندہ ہرگز ظلم نہیں کروں گا۔امید ہے تجھے شفا نصیب ہوگی۔بیمار نے کہا کہ

marfat.com
Marfat.com

آج سے میرا پختہ وعدہ ہے کہ مجھے بیماری سے تندرستی نصیب ہو جائے تو میں ہرگز بادشاہ کی ملازمت اختیار نہیں کروں گا۔ اس حالت میں ہاتف نے ندا دی کہ اے مالک! ہم نے اسے بارہا آزمایا ہے اب اسے نذر کوئی فائدہ نہ دے گی یہ بہت جھوٹا ہے۔ چنانچہ وہ نوجوان اسی حالت میں مر گیا۔ (کذافی روضة العلماء)

مثنوی شریف میں ہے:

نقض[1] میثاق وشکست توبہا موجب لعنت شود در انتہا

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ، اَنْ يُّوْصَلَ کا محل نصب ہے کیونکہ یہ موصول کی ضمیر سے بدل ہے یہ ای ما امر اللّٰه به ان یوصل ہے۔ اس سے ہر وہ قطع مراد ہے جس سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں۔ مثلاً قطع رحمی اور مومنوں کی دوستی سے قطع اور انبیاء کرام علیہم السلام اور کتب سماویہ کے مابین تفرقہ اور فرض جماعات کا ترک اور اسی طرح ہر بھلائی کو چھوڑنا اور ہر برائی کا عمل کرنا اللہ تعالیٰ اور اس کے بندہ کے مابین قطع پیدا کر دینا ہے

احادیث:

۱۔ جب لوگ اپنا علم ظاہر اور عمل ضائع کریں اور زبان سے اُلفت کا اظہار اور دل میں بغض وعداوت اور قطع رحمی کریں تو اللہ تعالیٰ ان پر لعنت بھیجتا ہے خدا کرے وہ کانوں سے بہرے ہوں اور آنکھوں سے اندھے۔

۲۔ تین انسان ایسے ہیں کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ کے عرش کے سایہ تلے ہوں گے۔

i۔ وہ عورت جس کا شوہر مر جائے اور اس کے ہاں چھوٹے چھوٹے یتیم ہوں اسے نکاح کے لئے کہا جائے تو وہ یہ کہہ کر انکار کر دے کہ میں اپنے بچوں کی پرورش کروں گی، یہاں تک کہ وہ نوجوان ہوں یا وہ یتیم مر جائے یا وہ عورت۔

ii۔ وہ جس نے اپنے مال سے اچھا طعام تیار کیا اور یتامیٰ ومساکین کو کھلا دیا۔

iii۔ وہ انسان جو صلہ رحمی کرے اس کے رزق میں وسعت کی جائے گی اور اجل میں بھی فراخی دی جائے گی اور قیامت میں عرش کے سایہ میں ہوگا۔

وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ایمان سے منع کر کے اور حق کے ساتھ استہزاء کر کے اور اس وصل کا قطع کہ جس پر نظام

[1] میثاق کے خلاف کرنا اور توبہ توڑنا بالآخر لعنت کا سبب بنتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

عالم اور اس کے صلاح کا دارومدار ہے۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ یہی لوگ آخرت میں بہشت میں پہنچنے کی بجائے عذاب میں مبتلا ہوں گے کیونکہ انہوں نے وفا کی بجائے نقض اور وصل کی بجائے قطع اور اصلاح کی بجائے فساد اور ثواب کی بجائے عتاب کو پسند کیا۔

مسئلہ : ہر مومن و کافر کی بہشت میں ایک منزل ہوتی ہے اور اس میں اس کے اہل و خدام ہوتے ہیں۔ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے تو وہ سب کچھ اسے دیا جاتا ہے ورنہ ان اشیاء کا مومن کو وارث بنایا جاتا ہے جس سے اس کافر کو رشک آتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا وَاَمَّا الَّذِيْنَ یعنی جنہیں نورِ ایمانی نصیب ہے وہ معانی و حقائق کا صور و امثلہ میں مشاہدہ کرتے ہیں کہ وہ حق اور اللہ تعالیٰ سے ہے اور جو لوگ کافر ہیں وہ تو حق کا انکار کرتے ہیں پھر ان کے افکار کی ظلمت کے پردے میں ان کی آنکھوں میں لٹکائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ حقائق کا مشاہدہ امثلہ کی کسوت میں نہیں کر سکتے۔ جیسے عجمی آدمی لغت عربیہ کے حقائق سے ناواقف ہوتا ہے اسی طرح کفار اور جہال حقائق امثال کے ادراک میں متحیر ہو کر کہتے ہیں: مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا پھر اپنے جہل کی وجہ سے انکار میں پڑ جاتے ہیں یہاں تک کہ جہالت کے قدموں کے ساتھ گمراہی کی وادی میں جا گرتے ہیں۔

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا گمراہ کرتا ہے ان لوگوں کو جو اس نور سے چوک گئے جو روزِ ازل ہر ایک کو عنایت ہوگا۔

حدیث شریف : میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ظلمت میں مخلوق کو پیدا کیا پھر ان پر اپنے نور سے قطرات نازل کیے جنہیں اس نور سے کچھ پہنچا وہ ہدایت یاب ہوئے اور جو اس نور سے محروم رہے وہ گمراہ ہو گئے اور جو عالمِ ارواح میں اس نور سے محروم رہا اسے دولتِ ایمانی نصیب نہ ہوئی اور جو دولتِ ایمان سے محروم رہے انہیں نورِ قرآن سے محروم رکھا گیا اور جو نورِ قرآن سے دور ہے انہیں ہدایت نہ ملی، اور جن کو عالم ارواح میں وہ نور پہنچا ان کو نورِ ایمان ملا اور جو نورِ ایمان سے بہرہ یاب ہوئے انہیں نورِ ایمان سے نوازا گیا اور جنہیں نورِ قرآن سے نوازا گیا وہ یہی لوگ ہیں جن کے متعلق ارشاد ہے۔ وَيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا اسی لیے قرآن بعض لوگوں کے لئے شفاء اور بعض لوگوں کے لئے شقاوت و عذاب ہے۔ کیونکہ یہ اس کا کلام اور اس کی صفت ہے جو لطف اور قہر دونوں پر مشتمل

Marfat.com

ہے۔ لطف سے صادقین کو ہدایت نصیب ہوتی ہے اور قہر سے فاسقین گمراہ ہوتے ہیں. کما قال اللہ تعالیٰ: وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ یعنی فاسق وہ جو اس نورِ ازل سے محروم رہے۔ اب ان لوگوں کے نتائج کا پتہ دیتے ہیں جو اس نور سے خارج ہوئے اور عہدِ ازلی کا ایفاء نہ کر سکے۔ کما قال عزوجل: الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ یعنی اس کو توڑتے ہیں جو روزِ میثاق وعدہ کر آئے کہ ہم خلوص سے عبادت واطاعت کریں گے وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ یعنی اس راہِ سلوک پر پورے نہیں اترتے جن کا حکم ہے کہ یہ راہ اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والا ہے اور خلقِ خدا سے دور رہنے کا عمل بجا نہیں لاتے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے: وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا یعنی غیر اللہ سے بالکلیہ دور ہو جا۔

وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ یعنی اپنی عادات کی زمین میں توحید کے فطری بیج کے ساتھ شرک اور انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت قبول کرنے اور اس توحید کے بیج ایمان وعمل صالح کے پانی سے اعراض کی ملاوٹ کرتے ہیں اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ یعنی کمال انسان (جو ان میں فطرۃً موجود ہے) سے خسارہ پالیا۔ جیسے وہ گٹھلی کہ جس میں کھجور کے پیدا ہونے کی استعداد تھی زمین میں پہنچ کر پانی نہ ملنے کے سبب خسارہ میں آجاتی ہے۔ کما قال عزوجل: وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تفسیر عالمانہ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ لفظ كَيْفَ منصوب ہے تَكْفُرُوْنَ کی ضمیر سے حال ہے یعنی تم سرکش ہو۔ کفر کرتے ہو، یعنی انکار کرتے ہو۔ باللہ اس کی وحدانیت کا، باوجودیکہ تمہارے پاس دلائل انفسیہ وآفاقیہ بھی موجود ہیں جو تمہیں کفر سے ایمان کی طرف لے جانے والے ہیں اور استفہام انکاری ہے نہ بمعنی انکار الوقوع بلکہ بمعنی انکار الواقع ہے۔ یہ استفہام بات کو بعید بتانے اور تعجب میں ڈالنے کے لئے کیونکہ اللہ تعالیٰ سے تعجب یونہی ہوتا ہے کہ بندے کو تعجب میں ڈالے اور اس کا یہی طریقہ ہے کہ بندے کو تعجب کی طرف بلائے۔ گویا فرماتا ہے کہ تم تعجب نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرتے ہو۔

(کذا فی تفسیر ابی اللیث)

اور قاضی صاحب فرماتے ہیں یہ استفہام استخباری ہے، گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے خبر دو کہ تم کس حال میں کفر کرتے ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

كُنْتُمْ اَمْوَاتًا اموات "میت" کی جمع ہے جیسے اقوال "قِیل" کی جمع ہے یعنی حالانکہ تم مردہ تھے یعنی ایسے جسم تھے کہ ان میں حیات نہ تھی صرف عناصر تھے اغذیہ اور نطفے اور بوٹیاں، نقشہ نہ بنے ہوئے تھے۔

سوال: انہیں مردہ کیسے کہا گیا حالانکہ وہ تو جماد تھے میت تو اسے کہا جاتا ہے کہ جس میں پہلے حیات ہو۔

جواب: یہ غلط ہے بلکہ حیاۃ نہ بھی ملی ہو اسے بھی میت کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بَلْدَةً مَّيْتًا (شہر ویران) فَاَحْيَاكُمْ ارواح پیدا کر کے تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تمہاری ارواح پھونکیں۔ پھر دنیا میں بھیجا یہ الزام صرف قیامت میں اٹھنے کے لئے ہے اور فَا دلالت کر رہی ہے کہ یہ امور متعاقباً ہوئے کیونکہ زندہ کرنے کا مفہوم تب ہوگا جب ان کو پہلے میت تصور کیا جائے اگرچہ اس حالت میں ان پر مختلف حالات وارد ہوں گے جو یکے بعد دیگرے ہوں گے جیسا کہ ابھی گزرا اور چونکہ دنیا میں کچھ مدت گزرے گی اس لیے ثُمَّ تراخی کا لایا گیا۔ کما قال اللہ تعالیٰ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ یعنی جب تمہارے اجل ختم ہوں گے تو تم پر موت طاری کر دے گا۔

سوال: اِمَاتَت کا قادر کی قدرت پر دال ہونا تو ظاہر ہے لیکن اُسے نعمتوں سے کیسے شمار کیا جا سکتا ہے اور یہاں پر نعمتوں کا بیان ہو رہا ہے۔

جواب: چونکہ یہ موت حیات ابدی کا وسیلہ ہے اسی لیے یہ بھی ایک نعمت ہے۔ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ پھر تمہیں قبروں میں سوال و جواب کے لئے زندہ کریں گے اس وقت بندہ زندہ ہوتا ہے یہاں تک کہ آنے جانے والوں کے لئے جوتوں کی آہٹ اور من ربک ومن نبیک وما دینک کا سوال سنتا ہے اور ثُمَّ تعقیب (جو علی التراخی کے لئے ہے) اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ یہاں پر احیاء سے بعث" مراد نہیں کیونکہ وہ احیاء تو رجوع الی اللہ اور حساب کے لئے ایسے فوراً ہوگا کہ جس میں تراخی کا احتمال بھی نہیں ہے۔

عقیدہ: آیت سے عذاب و راحتِ قبر کا ثبوت ملتا ہے۔ (کذا فی التیسیر)

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ پھر اسی مالک کی طرف تم کو لوٹنا ہوگا، نہ کسی غیر کی طرف، پھر وہ تمہارے اعمال کے مطابق تمہیں جزا و سزا دے گا۔ اگر نیکی ہوگی تو بھلائی نصیب ہوگی اگر برائی ہوگی تو سزا پاؤ گے۔ اسی کی طرف قبروں سے اٹھو گے۔ اب بڑا تعجب ہے کہ تم اس حال جان کر کفر کر رہے ہو۔

سوال: کفار اس بات کو مانتے تھے کہ ہم پہلے لاشے تھے، پھر پیدا کیے گئے اور پھر مر جائیں گے لیکن یہ نہیں

Marfat.com

مانتے تھے کہ مرنے کے بعد اٹھنا اور اللہ تعالیٰ کی حاضری بھی دینی ہے جب وہ اس بات کو مانتے بھی نہیں تھے تو اب انہیں تعجب دلانے کا کیا معنیٰ ؟

جواب: انہیں یہ تو قدرت حاصل تھی کہ دلائل سن سمجھ کر یہ بات مان لیں اب اس کی قدرت کو بمنزلہ علم کے قرار دیا گیا، اس بنا پر ان کے عذر کے ازالہ کے لئے اتنی بات کافی ہے۔

مسئلہ : آیت میں دلیل ہے کہ جو ذات پہلی بار پیدا کرنے پر قدرت رکھتی ہے وہ بارِ دیگر بھی پیدا کرنے پر قادر ہے کیونکہ اس کے لئے بارِ دیگر پہلی بار کی پیدائش سے مشکل نہیں ہے۔

ربط :۔ یہ دیگر نعمت کا بیان ہے یعنی ان تمام اشیاء کو تمہارے دینی و دنیوی فوائد کے لئے مقدر فرمایا خَلَقَ'' بمعنی تقدیر اس لیے ہے کہ اس وقت تمام اشیاء پیدا نہیں ہوئی تھیں مَا فِی الْاَرْضِ یعنی جو کچھ اس میں ہے۔ جَمِیْعًا منصوب ہے موصول ثانی سے حال ہے۔

قاعدہ : اس آیت سے اِنَّ الْاَصْلَ فِی الْاَشْیَاءِ الْاِبَاحَۃُ (یعنی اشیاء میں دراصل اباحت ہے) والا قاعدہ حاصل ہوا۔ (کذافی الکواشی)

ف: بعض متصوفین اور جُہلاء یہاں سے اباحۃ علی الاطلاق کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ نہ کوئی خطرہ ہے اور نہ نہی نہ امر۔ جب معرفت حاصل ہوگئی اور محبت کا حصول ہو چکا تو اب خدمت کا کیا معنیٰ اور محبوب کو محب تکلیف نہیں دیتا اور نہ ہی اسے کسی بات سے روکتا ہے ان کی یہ بات صریح کفر ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے امور سے نہی فرمائی ہے اور بہت سے احکام کا امر فرمایا ہے اور اس کے اوامر میں خطر بھی ہے اور وعد بھی اور وعید بھی۔ بشارتیں بھی ہیں اور تہدیدات جس پر نصوص ظاہر ہیں اور بے پناہ دلائل موجود ہیں بنا بریں جو شخص اس آیت سے مطلق اباحت کا ثبوت دیتا ہے وہ دین سے خارج ہے۔ (کذافی التیسیر)

ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ پھر آسمانوں کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا اور وہ ارادہ مقدسہ ایسا مضبوط کہ جو نہ کسی پھیرنے والے سے پھرے اور نہ کسی روکنے والے سے رُکے اور جیسے اشیاء کو پیدا فرمایا نہ کسی کے کہنے سے بڑھے اور نہ کم۔

سوال : یہاں پر آسمانوں کی پیدائش کا بیان زمین کی پیدائش کے بعد ہے اور دوسری جگہ فرمایا:

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ زمین کو بعد میں پیدا کیا گیا آیات میں تناقص آ گیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

جواب: یہ تناقص نہیں کیونکہ دَحٰهَا دَحْو" سے ماخوذ ہے بمعنی بچھانا، اور خَلْق" اور دَحْو" میں بہت بڑا فرق ہے۔

ف: حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے (جہاں اب بیت المقدس ہے) زمین کو ایک پتھر کی شکل میں پیدا فرمایا جو صرف ایک کفِ دست کے برابر تھا، اس پر ایک دُھواں چمٹا ہوا تھا اُس دُھویں کو اوپر اڑایا جس سے آسمان پیدا کیے اور اس پتھر والی شکل سے زمین بچھائی۔ (کذافی الکواشی)

ف: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے ایک جوہر پیدا فرمایا جس کا طول وعرض ہزار در دہ ہزار سال کی مسافت کا تھا، پھر اس کی طرف ہیبت کی نگاہ فرمائی جس سے وہ جوہر پگھلا اور متحرک ہوا جس سے ایک دُھواں اُڑا اور باقی ماندہ شئے (جوہر) جمع ہو کر جھاگ کی طرح ہو گیا۔ جو پانی پر ٹھہر گیا باری تعالیٰ نے اس جھاگ سے زمین پیدا فرمائی اور اس اڑتے ہوئے دھوئیں سے آسمان بنائے۔ اسی لیے عربی کہتے ہیں: اَلسَّمَاءُ مِنْ دُخَانٍ خُلِقَتْ الخ یعنی آسمان دھوئیں سے پیدا اور ہوا سے اونچے، پھر اشارہ سے متفرق ہوئے اور ستون کے بغیر قائم ہیں اور ایک پھونک سے ٹوٹ جائیں گے۔ فَسَوّٰىهُنَّ یعنی انہیں مکمل یعنی ابتداء ہی ٹیڑھے پن سے محفوظ کر کے سیدھا پیدا فرمایا: یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ پہلے ٹیڑھے تھے اب انہیں سیدھا کیا گیا۔ اس میں ضمیر مبہم ہے جس کی تفسیر سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ہے اور منصوب علی التمیز ہے جیسے رَجُلًا کا منصوب ہونا علی التمیز ہے۔

ف: حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ آسمان سات ہیں:

پہلے آسمان کا نام رقیع ہے جو سبز زمرد کا ہے۔

دوسرے آسمان کا نام ارقلون ہے جو سفید چاندی کا ہے۔

تیسرے کا نام قیدوم ہے جو سرخ یاقوت کا ہے۔

چوتھے کا نام ماعون ہے جو سفید موتیوں کا ہے۔

پانچویں کا نام وبقاء ہے جو سرخ سونے کا ہے۔

۱۔ اس کے بعد یعنی آسمان کی پیدائش کے بعد زمین کو بچھایا۔

marfat.ocm
Marfat.com

چھٹے کا نام وفناء ہے جو زردیا قوت کا ہے۔

ساتویں کا نام عروباء ہے جو نور سے چمک رہا ہے۔

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اس میں علت بیان کی گئی ہے، گویا کہا گیا کہ چونکہ وہ اشیاء کی کُنہ کو جانتا ہے اسی لیے انہیں پیدا کیا، جیسے کہ ان کے لائق اور ان میں نفع تھا اس میں دلیل ہے کہ جس نے ان اشیاء کو بنایا وہ ان کو جانتا بھی ہے کیونکہ افعال کا اتقان واحکام اور احسن وانفع وجہ کے ساتھ خاص وہی کرتا ہے جو علیم وحکیم ورحیم ہو اور اس میں کفار کے وہم کا ازالہ بھی ہے کہ ان کا خیال تھا کہ جب اجسام ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر زمین میں مل جائیں گے بلکہ مٹی ہو جائیں گے پھر کس طرح دوبارہ ان اجزاء کو جمع کیا جائے گا حالانکہ اس کی کوئی شئے باقی نہیں رہے گی اور نہ اس کے ساتھ کسی شئے کو ملایا جا سکتا ہے کہ جس سے وہ پہلی حالت میں عود کر آئے۔

تفسیر صوفیانہ اس آیت میں مراتب روحانیت کی طرف اشارہ ہے۔ پہلا عالم ملکوت ارضیہ اور قوائے نفسانیہ کا ہے، دوسرا عالم نفس کا، تیسرا عالم قلب کا ہے، چوتھا عالم عقل کا، پانچواں عالم سِرّ کا، چھٹا عالم روح کا، ساتواں عالم خفا کا ہے جسے سِر روحی کہتے ہیں، اسی طرف سیدنا شیرِ خدا رضی اللّٰہ عنہ اشارہ فرماتے ہیں جیسے زہد، تقویٰ، توکل، رضا وغیرہا"

ف: حضرت شیخ المعروف بافتادہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ "توحید کے بارھباب ہیں جنہیں صوفیہ جلوتیہ توحید کے ذریعہ طے کرتے ہیں کیونکہ اس کا سِرّ یقین میں ہے اور وہ باب خلوتیہ اسماء کے ذریعہ بھی طے کیے جا سکتے ہیں کیونکہ ان کا سِرّ برزخ میں ہے کہ جنّۃ تین قسم کی ہے:

۱۔ جنۃ الافعال ۲۔ جنۃ الصفات ۳۔ جنۃ الذات

کیونکہ بروایت حضرت ابن عباس رضی اللّٰہ عنہما جنتیں سات ہیں، ان میں سے چار اہل یقین کے لئے یعنی جلوتیہ کے لئے اور تین اہلِ برزخ کے لئے یعنی خلوتیہ کے لئے وہ یہی تین ہیں۔ یعنی جنۃ الافعال والصفات والذات۔

ف: تاویلات نجمیہ میں ہے کہ۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ یا یہ خطاب توحید کا ہے جو مومنین کو ہو رہا ہے۔ یعنی تم اللہ اور اس کے انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ کیسے کفر کرتے ہو حالانکہ تم روحانی طور پر آدم علیہ السلام کی پشت

marfat.ocm
Marfat.com

میں تھے پھر تمہیں زندہ کیا یعنی تمہیں پشتِ آدم سے نکالا اور اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ جیسا لذیذ خطاب چکھایا اور اس خطاب کی لذت کے ساتھ تمہیں جواب باصواب کی توفیق بخشی کہ تم نے بَلٰی کہہ دیا طَوْعًا نہ کہ کَرْهًا تمہیں موت بخشی یعنی صلب آدم سے اصلابِ آباء میں پہنچا کر عالمِ طبعیہ انسانیہ کی طرف راجع کیا۔ پھر انبیاء کرام علیہم السلام کی تشریف آوری سے ان کی دعوت قبول کرنے سے پھر تمہیں زندہ کیا اور انبیاء کرام علیہم السلام کی رہبری سے میری طرف ہی لوٹ آؤ گے۔ یا یہ خطاب تشریف کا ہے جو اولیاء و انبیاء کو ہو رہا ہے یعنی تم کیسے کفر کرتے ہو حالانکہ تم اموات یعنی کتمِ عدم میں تھے پھر تمہیں عالمِ ارواح میں زندہ کیا پھر تمہارے ارواح کے گارے کو نورِ عنایت کے پانی سے بنایا جسے محبت کے ہاتھ نے وصال کی چالیس صبح سے تخمیر کیا۔ پھر تمہارے شہود و جمال سے جدا کر کے مقبرہ حسن و خیال کے طرف موت دے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ انبیاء کرام علیہم السلام کو نورِ روحی سے اور اولیاء کرام کو نورِ ایمان کی روح سے، پھر تم میری طرف لوٹ آؤ گے۔ انبیاء کرام علیہم السلام تو عروج سے اور اولیاء کرام جذباتِ حق کی طرف رجوع کرنے سے۔ کما قال تعالیٰ: اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ (اپنے رب کی طرف لوٹ) جب یہ ثابت ہو گیا کہ اس کی طرف رجوع ضروری ہے یا تو اپنے اختیار سے، جیسے کہ یعقوب کی قرأۃ (بفتح التا و کسر الجیم) دلالت کرتی ہے یا اضطرار سے جیسے باقی قرأء کی قرأۃ سے معلوم ہوتا ہے۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا یعنی تمام اشیاء کو تمہارے لیے اور تمہیں صرف اپنی ذات کے لئے پیدا کیا۔ کما قال تعالیٰ: وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ (میں نے تمہیں اپنے لیے چن لیا)

اس کا معنی یہ ہے کہ تو کسی اور کے لئے نہ ہو جب میں سوائے تیرے اور کسی کے لئے نہیں ہوں میں اپنی شان کے ساتھ صرف اور صرف تیرا ہوں جیسے کہ حدیث شریف میں ہے: ”جو اللہ کا ہو جاتا ہے اللہ اس کا ہو جاتا ہے“

سبق: موجودات میں کوئی ایسا نہیں جس کا یہ رتبہ ہو کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کا اور اللہ تعالیٰ اس کا ہو۔ اس میں راز ہے اور راز کا اظہار کفر ہے۔ اے سالک! تیرے لیے لائق ہے کہ اس کے سوا (کہ جس کے لئے تو ہے) مشغول نہ ہو ورنہ اس کے سوا باقی رہ جائے گا (اور یہ خسارہ ہے)

ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ اس سے معلوم ہوا کہ ساتوں آسمانوں کا وجود انسان

marfat.com
Marfat.com

کے تابع ہے۔ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ یعنی تمام کی پیدائش جانتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ انہیں کس لیے پیدا کیا اور مخلوق کا کوئی ذرّہ ایسا نہیں جو اس کی ذات اور صفات کی حمد نہ کرتا ہو اور اس کی احدیت وصمدیت کی گواہی نہ دیتا ہو۔ ہر شئے گواہی دے کر کہتی ہے: رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا (اے ہمارے رب! تو نے اسے عبث پیدا نہیں کیا تو پاک ہے)

مولانا جامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

در جہاں جلوہ گاہ وحدتِ تو　　شہد اللہ گواہ وحدتِ تو

ترجمہ: جہان کی جلوہ گاہ میں تیرائی وحدت ہے شہد اللہ تیری وحدت کا گواہ ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا

اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں بولے کیا

اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ

ایسے کو (نائب) کرے گا جو اس میں فساد پھیلائے گا اور خون ریزیاں کرے اور ہم تجھے سراہتے ہوئے

بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَعَلَّمَ

تیری تسبیح کرتے اور تیری پاکی بولتے ہیں فرمایا مجھے معلوم ہے جو تم نہیں جانتے۔ اور اللہ تعالیٰ

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِىْ

نے آدم کو تمام (اشیاء کے نام) سکھائے پھر سب (اشیاء) کو ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا

بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

سچے ہو تو ان کے نام تو بتاؤ۔ بولے پاکی ہے تجھے ہمیں کچھ علم نہیں

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ

مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بیشک تو ہی علم و حکمت والا ہے۔ فرمایا اے آدم بتا دے

بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ

انہیں سب اشیاء کے نام جب آدم نے انہیں سب کے نام بتا دیے فرمایا میں نہ کہتا تھا کہ میں جانتا ہوں

اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ

آسمانوں اور زمین کی سب چھپی چیزیں اور میں جانتا ہوں جو کچھ تم ظاہر کرتے اور

تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

جو تم چھپاتے ہو۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے

marfat.ocm
Marfat.com

اَبٰی وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔ اور ہم نے فرمایا اے آدم! تو اور تیری بی بی

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

اس جنت میں رہو اور کھاؤ اس میں سے بے روک ٹوک جہاں تمہارا جی چاہے مگر اس پیڑ کے پاس نہ جانا

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

کہ حد سے بڑھنے والوں میں ہو جاؤ گے۔ تو شیطان نے جنت سے انہیں لغزش دی اور جہاں رہتے تھے

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى

وہاں سے انہیں الگ کر دیا اور ہم نے فرمایا نیچے اترو آپس میں ایک تمہارا دوسرے کا دشمن اور تمہیں ایک وقت

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ

تک زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے۔ پھر سیکھ لیے آدم نے اپنے رب سے کچھ کلمے

فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ

تو اللہ تعالیٰ نے اس کی توبہ قبول کی بیک وہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ ہم نے فرمایا تم سب جنت سے اتر جاؤ

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے تو جو میری ہدایت کا پیرو کار ہوا سے نہ کوئی

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اندیشہ نہ کچھ غم اور وہ جو کفر کریں اور میری آیتیں جھٹلائیں گے وہ دوزخ والے ہیں

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۹﴾

ان کو ہمیشہ اس میں رہنا

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرمایا:

سوال: وقت کے ذکر کا حکم کیوں دیا گیا ہے حالانکہ مقصود تو ان حوادث کو یاد کرنا ہے جو ان میں واقع ہوئے۔

جواب: محض مبالغہ ہے کیونکہ جو اس وقت کو یاد کرے گا لامحالہ واقعات بھی اس کے سامنے آجائیں گے۔

لِلْمَلٰٓئِكَةِ فرشتوں سے۔ لام تبلیغ کے لئے اور جار مجرور کی تقدیم اہتمام کے لئے ہے جیسے مطول میں تفصیلاً مذکور ہے اور مابعد کا شوق دلانا بھی ہے اور ملائکۃ، ملک" کی جمع اور تاء جماعت کی تانیث کی تاکید کے لئے ہے اور وہ اس نام سے اس لیے موسوم ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ اور لوگوں کے مابین پیغام کے لئے مقرر ہیں کیونکہ مَلَک" دراصل ملاک"، مالک" کا مقلوب ہے، اُلوک" (بمعنی رِسالۃ") سے مشتق ہے اور ملائکہ اکثر مسلمانوں کے نزدیک اجسامِ لطیفہ ہیں یعنی وہ لطیف اجسام جو مختلف شکلوں میں متشکل ہوتے ہیں دلیل یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام انہیں دیکھا کرتے تھے۔ چنانچہ مروی ہے کہ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی تو فرشتوں کی ایک جماعت کو دیکھا کہ اوپر کو چڑھ رہے ہیں اور ایک دوسرے کے سامنے چل رہے ہیں۔ حضرت جبریل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کہاں جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: مجھے اس کا کوئی علم نہیں، اتنا جانتا ہوں کہ جب میں پیدا ہوا تو سب سے پہلے انہیں آتے جاتے دیکھا، واللہ! یہ کب سے آجا رہے ہیں۔ ان میں سے ایک فرشتے سے پوچھا: تم کب پیدا ہوئے؟ انہوں نے کہا: ہمیں بھی کوئی خبر نہیں، صرف اتنا جانتے ہیں کہ اللہ ہر چار ہزار سال کے بعد ایک ستارہ پیدا کرتا ہے اور جب سے میں پیدا ہوا ہوں میرے بعد چار ہزار ستارے پیدا کر چکا ہے۔ پاکی ہے اس ذات کے لئے جس کی اتنی بڑی شان اور اس کا اتنا وسیع ملک ہے۔

ف: جن ملائکہ سے مشورہ لیا گیا وہ زمین کے تھے، اس کی دلیل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو پیدا فرمایا تو ملائکہ اور جنات بھی پیدا ہوئے۔ ملائکہ کو آسمان میں ٹھہرایا، جنات کو زمین میں، جنات کا بابا جان تھا جس طرح انسانوں کا بابا آدم (علیہ السلام) ہے اور جان صاحب کو ایسی آگ کے شعلہ سے پیدا کیا گیا کہ جس میں دُھواں نہیں تھا اُسے زمین پر ٹھہرنے کا حکم ہوا جب پھر اس کی نسل بڑھی۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: معلوم ہوا کہ یہ معاملہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے ساٹھ ہزار سال کا ہے اور وہ زمین پر بہت طویل عرصہ تک ٹھہر رہے، تقریباً ستر ہزار سال، پھر ان میں حسد اور بغاوت پھیلی اور لڑے مرے۔ ان کی طرف فرشتوں کو بھیجا، جن کا امیرِ قوم ابلیس تھا اس کا نام عزازیل تھا، ان سے علم میں زائد تھا، زمین پر اُترتے ہی جنات کو شکست دی اور انہیں زمین سے نکال کر دریاؤں کی غاروں میں بھگا دیا اور خود وہیں رہنے سہنے لگے۔ اب ان پر عبادت آسان ہوگئی کیونکہ قاعدہ ہے کہ ملائکہ جو آسمانوں پر بلند ہیں زیادہ خوف زدہ ہیں اور جو ملائکہ آسمانِ دنیا پر ہیں یہ بہ نسبت دوسروں کے آسانی میں ہیں۔ اس کے بعد ابلیس کو زمین و آسمانِ دنیا کی سلطنت دی گئی اور بہشت کا خزانہ بھی سپرد ہوا، اس کے دو زمرد کے پرتھے بنا بریں کبھی زمین پر عبادت کرتا کبھی آسمان پر اور کبھی جنت میں، اسی وجہ سے اسے عجب لاحق ہوا اور اپنے دل میں کہنے لگا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہی شاہی اس لیے دی کہ مجھ سے زیادہ مکرم ملائکہ میں کوئی ہے نہیں اور قاعدہ ہے کہ جو بھی دنیا میں آکر بستا ہے اس کو ایک وقت ضرور دنیا سے برطرف ہونا پڑتا ہے بنا بریں اللہ تعالیٰ نے ابلیس اور اس کے لشکر کو فرمایا: اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ اِنِّیْ جَاعِلٌ میں بنانے والا ہوں فی الْاَرْضِ زمین میں، کیونکہ بغاوت اور ظلم زمین پر ہی تھا: خَلِیْفَةً یعنی آدم علیہ السلام کو، کیونکہ جنات کے خلف ہو کر اور ان کے بعد تشریف لانے والے یہی تھے۔ علاوہ ازیں زمین میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ یہی تھے۔ یعنی میرا ارادہ ہے کہ زمین میں تمہارے عوض ایک دوسرا پیدا کروں وہ تم سے ہوگا بھی بلند قدر یہ بات ان ملائکہ کو شاق گزری، کیونکہ یہ دیگر ملائکہ سے عبادت میں آسانی سے تھے۔

ف: اللہ تعالیٰ عالمِ دنیا کو خلیفہ کی بدولت محفوظ فرماتا ہے جیسا کہ خزائن کو مہر سے محفوظ کیا جاتا ہے اور عالمِ دنیا میں ہر زمانہ میں خلیفہ صرف ایک ہوتا ہے جس کی ابتداء حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی ہے اور اس کی انتہاء حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ہوگی۔ خلیفہ بھیجنے میں ایک حکمت یہ ہوتی ہے کہ مخلوق میں فیض لینے کی استعداد کم ہوتی ہے اور بلا واسطہ برکات لینے کی اہلیت نہیں رکھتے۔ کیونکہ فیض دینے والا تنزہ و تقدس میں ہے اور فیض لینے والے علائق دَنیہ میں پھنسے ہوئے ہیں مثلاً اکل و شرب کا نشہ اور عوائق طبعیہ میں سرگرم اخلاقِ ذمیمہ میں معروف اور اس سے فیض کا پہنچانا ذوجہتین کے واسطہ سے ہوسکتا ہے جو تجرد میں بھی یکجا ہوا اور تعلقِ دنیا سے بھی وابستہ ہو اور یہ صفات خلیفہ کی ہونی چاہئیں جو کسی بھی زمانہ میں ہوا، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے نبی ملائکہ سے نہیں بھیجے کیونکہ

marfat.ocm
Marfat.com

عام انسان ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے، کیونکہ وہ اس کی جنس سے نہیں ہیں۔

اس کی مثال یوں سمجھو کہ ہڈیاں گوشت سے غذا لینے میں عاجز ہیں کیونکہ ان کو آپس میں تباعد ہے تو درمیان میں غضروف (حلق) کو پیدا فرمایا تا کہ گوشت سے طعام لے کہ ہڈیوں تک پہنچائے اسی طرح بادشاہ اور رعایا کے مابین وزیر ہوتا ہے کیونکہ رعایا وزیر سے زیادہ قرب میں ہیں اس سے جلد مستفید ہو سکتے ہیں اسی طرح لکڑی اور آگ کے درمیان تو اوسیلہ بنایا جاتا ہے۔ وغیرہ۔

مسائل : اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے مشورہ چار وجہوں سے لیا:۔

ا۔ مشورہ لینے کی تعلیم ہو جائے کہ اپنے تمام امور میں مشورہ لینا سنتِ الٰہیہ ہے اور مشورہ معتمد علیہ اور خیر خواہی سے لیا جائے اگرچہ باری تعالیٰ اپنے علم وسیع اور حکمتِ بالغہ سے مشورہ لینے سے پاک ہے۔ مولانا روم قدس سرہ، فرماتے ہیں: ؎

مشورت ادراک وہشیاری دہد　　عقل ہا مر عقل را یاری دہد

گفت پیغمبر بکن رائے زن　　مشورت کالمستشار مؤتمن

ترجمہ: ☆.....مشورہ تمہیں ادراک اور ہشیاری دے گا عقل عقل کی مدد کرتی ہے۔

☆..... پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا رائے لے اس لیے کہ مشورہ مفید ہوتا ہے اور جس سے مشورہ لیا جائے وہ زمین ہوتا ہے۔

☆..... سکانِ ملکوت کے سامنے آدم علیہ السلام کے عظم شان کا اظہار مقصود ہے کہ وہ ابھی پیدا بھی نہیں ہوئے اور خلیفہ کے لقب سے نوازے جا رہے ہیں۔

☆.....اس کے اپنے فضل راجح اور ان کے مفاسد سیئہ مرجوحہ کا اظہار کہ جبکہ انہوں نے کہا: اَتَجْعَلُ فِیْهَا تو اس کے جواب میں فرمایا: اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ الخ

☆.....جس میں خیر کا غلبہ ہو وہاں حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ شر قلیل کے خطرے سے خیر کثیر کو نہ چھوڑا جائے جیسا کہ مرض آکلہ کے ماؤف عضو کو کاٹنا ایک قلیل شر ہے اور تمام بدن کی سلامتی خیر کثیر ہے۔ کیونکہ اگر اس عضو کو نہ کاٹا جائے تو اس مرض کا اثر تمام بدن میں پھیل جائے گا جو کہ موجب ہلاکت اور شرِ کثیر ہے۔

قَالُوْا یہ جملہ مستانفہ ہے گویا کہا گیا کہ ملائکہ نے کیا جواب دیا، انہوں نے کہا: اَتَجْعَلُ فِیْهَا یعنی تو زمین میں

marfat.ocm
Marfat.com

اسے پیدا کرتاہ جو مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا فساد برپا کرے گا جیسا کہ جنّات نے فساد برپا کیا، ظرف کے تکرار سے استبعاد کی تاکید کا فائدہ حاصل ہورہا ہے۔ وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ظلماً خون ریزی کرے گا جیسا کہ جنّات نے کیا تھا اور قتل کے بجائے يَسْفِكُ الدِّمَآءَ اس لیے استعمال کیا گیا ہے کہ قتل کے انواع میں یہ سب سے زیادہ قبیح فعل ہے۔

ف: بعض عارفین فرماتے ہیں کہ آدم کے حق میں جھگڑنے والے ملائکہ نہ جبروتی تھے اور نہ ملکوتی سماوی، کیونکہ وہ تو اپنے نوری غلبہ اور مراقبہ علیا کے احاطہ سے انسان کی شرافتِ کاملہ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کے بلند مراتب کو جانتے تھے (اگرچہ وہ بھی اس کی اصل حقیقت سے عاجز تھے) بلکہ جھگڑنے والے زمین کے ملائکہ اور وہ جن شیاطین تھے جن پر ظلمت غالب تھی۔

ف: اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً میں صرف لفظی تخصیص بذکر الارض ہے، ورنہ وہ تو درحقیقت تمام عالم کا خلیفہ تھا، اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ طاعنین زمینی ملائکہ تھے کیونکہ یہ گمان وہاں صادر ہوتا ہے جو اس منصب کے معرض میں ہو اور اہلِ سماوات تو اس سے بری ہیں اور بلند مرتبہ، اور ملائکہ ارضیہ نے جو کچھ کہا یہ اس کے مطابق تھا جس پر ان کی فطرت تھی کہ منصب خلافت فی الارض میں رشک اور اس ملک کے مرتبہ لینے کی غیرت اور اپنی اس عبادت کی وجہ سے تھا جو تسبیح وتقدیس کیا کرتے تھے، برتن سے وہی چیز اچھلتی ہے جو اس میں ہوتی ہے۔

ف: حکیم مطلق کے فعل پر اعتراض کرنا اور اس کی صنعت میں جھگڑنا محض اس کی کمال حکمت اور پختہ صنعت کی وجہ سے اس کے حضور میں معاف ہوجاتا ہے۔

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:۔

زانکہ ایں دَمہا اگرچہ نالاقست — رحمت من بر غضب سابقست

اپ زپئے اظہار ایں سبق اے ملک — در تو بنہم داعیہ اشکال وشک

تا بہ گوئی در نگیرم بر تو من — منکر حلمم نیارد دم زدن

صد پر صد مادر حلم ما — ہر نفس زاید در افتد در فنا

حلمِ ایشاں کف غیر حلم ماست — کف رود آید و لے دریا بجاست

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ :☆..... اس وقت وہ اگر چہ نالائق ہے لیکن اسے معلوم ہونا چاہیے کہ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے ☆.....اسی وجہ سے اے میرے بندے! تیرے اندر غلطیاں پیدا کرتا ہوں۔☆.....تا کہ تجھے معلوم ہو کہ میں مجرم کی گرفت کر سکتا ہوں لیکن منکر کو یقین ہو کہ میں کتنا بُردبار ہوں۔☆.....میرے حوصلہ کے ہزاروں حوادث پیدا ہو کر فنا ہو جاتے ہیں ☆.....عوام کے حوصلے تو میرے حوصلہ کے بالمقابل ایسے ہیں جیسے جھاگ کو دریا سے نسبت ہوتی ہے۔

ف: فتوحات شریف میں ہے: آدم کے بارہ میں ہاروت و ماروت نے جھگڑا کیا اسی بنا پر ان پر فساد و خونریزی ظاہر کر کے مبتلا فرمایا: یہی راز ہے حضور علیہ السلام کے اس قول میں کہ اپنے بھائی کو گالی مت دو، ورنہ اللہ تعالیٰ اسے تو معاف کر دے گا اور تمہیں کسی مصیبت میں مبتلا کر دے گا۔ طعنہ بازوں میں وہ ملائکہ تھے جو مجاہدین کی نصرت و امداد کے لئے آئے تھے کہ انہیں پتہ چلے کہ انسان کی خونریزی اللہ کے دین اور اس کی شریعت کی غیرت کے لئے ہے۔ (کذافی حل الرموز والکنوز)

وَنَحْنُ حالانکہ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ تیری تسبیح پڑھتے ہیں یعنی اس چیز سے تیری تنزیہ کرتے ہیں جو تیری شان کے لائق نہیں، یعنی وہ تسبیح جو تیری حمد سے ملتبس ہے اور حمد بھی اس لیے کہ تو نے ہمیں قسما قسم کی نعمتوں سے نوازا۔ منجملہ ان کے ایک یہ بھی ہے کہ تو نے ہمیں اپنی عبادت کو توفیق بخشی پس تسبیح صفات جلالیہ کے اظہار کے لئے اور حمد صفات انعام کی تذکیر کے لئے ہوتی ہے وَنُقَدِّسُ تیری بہت تقدیس کرتے ہیں۔ لَكَ یعنی تیری وہ صفت کرتے ہیں جو تیری بلند شان اور عزت کے لائق ہے، لام بیان کے لئے ہے جیسے سقیالک میں ہے اور یہ مصدر محذوف کے متعلق ہے اور ہو سکتا ہے زائد ہو یعنی نُقَدِّسُ کَ

فائدہ : تیسیر میں فرماتے ہیں کہ جو شئے شان کے لائق نہیں اس کی نفی کا نام تسبیح اور جو شئے شان کے لائق ہے اس کے اثبات کا نام تقدیس ہے۔

ف: شیخ داؤد قیصری فرماتے ہیں کہ تسبیح تقدیس سے عام ہے کیونکہ تسبیح کہتے ہیں حدوث و امکان کے نقائص سے حق کو منزہ جاننے کو اور تقدیس کہتے ہیں حدوث و امکان کے نقائص سے بھی اور اکوان کے لوازمات سے بھی منزہ ماننا۔ کیونکہ وہ لوازمات کا اکوان کی جانب منسوب کرنے میں سے اطلاق سے خارج ہو کر تقلید نکے واقع ہو جائیں گے۔ ملائکہ نے کہا کہ خلیفہ اسے بنایا جا رہا ہے جس کی اولاد سے فساد صادر ہوگا، حالانکہ خلیفہ سے اس کا صدور نہیں ہونا چاہیے، اس سے ان کا مقصود اپنے احق ہونے کا اظہار اور یہ بھی پوچھنا مقصود تھا کہ بنی آدم

marfat.com
Marfat.com

کو کیوں ترجیح دی جارہی ہے حالانکہ اس سے تو فساد کی توقع ہے، پھر گویا کہا گیا کہ ملائکہ کو اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا: تو جواب دیا گیا قَالَ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ یعنی آدم علیہ السلام کے خلیفہ بنانے کی مصلحت و حکمت جو میں جانتا ہوں تمہیں اس کا علم نہیں۔ آدم علیہ السلام کی اولاد میں فرمانبردار بھی ہوں گے اور عاصی بھی پھر عدل و فضل کا مظاہرہ ہوگا۔ تم میری حکمت و تقدیر کے پیچھے نہ پڑو اور نہ ہی میری پوشیدہ تدبیر کا انکشاف کراؤ۔ ہر مخلوق کا کام نہیں کہ خالق کے غیبی راز پر مطلع ہو نہ ہی تمام رعیت بادشاہ کے راز سے واقف ہوتی ہے۔

مسئلہ : آیت میں سالک کے لئے تنبیہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے خلفاء و مشائخ و علماء کے حضور میں با ادب رہے تا کہ ان کے سامنے انانیت اور علم کا اظہار نہ ہو جائے کیونکہ وہ طریقِ فناء کا سالک ہے اور فانی کو طاؤس کی طرح نہ ہونا چاہیے کہ اپنے آپ پر ہی عاشق ہوتا ہے اور اپنی ذات پر ہی نازاں ہوتا ہے بلکہ اسے چاہیے کہ اپنے وجود سے بھی بے خبر ہو، اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو اِنِّیْٓ اَعْلَمُ الخ زجر فرما کر نصیحت فرمائی ہے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

نرود مرغ سوئے دانہ فراز چوں دگر مرغ بیند اندر بند
پند گیر مصائب دیگراں تا نہ گیرند دیگراں از تو پند

تفسیر صوفیانہ

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً تاویلات نجمیہ میں ہے کہ آیت میں "خالق" کی بجائے جَاعِلٌ فرمانے کی دو وجہیں ہیں۔

۱۔ جاعلیت خالقیت سے اعم ہے اس لیے کہ جاعلیت میں خالقیت کے معنی کے علاوہ ایک اور معنی بھی ہے وہ یہ کہ جسے پیدا کیا جائے اس میں صفت خلافت بھی ہو کیونکہ یہ اختصاص ہر ایک میں نہیں ہوتا۔ جیسا کہ داؤد علیہ السلام کے لئے فرمایا: یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ یعنی اے داؤد! ہم نے تجھے خلافت کا مستعد بنا کر پیدا کیا پھر تمہیں خلافت عنایت فرمائی۔

۲۔ جاعلیت کو عالمِ امور یعنی ملکوت سے خصوصی تعلق ہے اور یہ عالمِ خلق کی ضد ہے کیونکہ عالمِ اجسام و عالمِ محسوسات کا نام ہے۔ **کما قال تعالیٰ**: اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ یعنی ملک اور ملکوت اسی کے ہیں۔

قاعدہ ثمہرا: جہاں پر عالمِ امر کا تعلق ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے جاعلیت کو استعمال فرمایا ہے کیونکہ عالم

marfat.ocm
Marfat.com

امر عالم خلق سے ممتاز ہے۔ کما قال تعالیٰ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ آسمان وزمین چونکہ عالمِ اجسام ومحسوسات سے ہیں اس لیے انہیں خلقیۃ سے اور ظلمات ونور عالمِ ملکوت غیر محسوس سے ہیں اس لیے انہیں جاعلیت سے تعبیر فرمایا۔

سوال : ظلمات ونور ملکوتیات سے کیسے ہیں؟

جواب : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ ظلمات اور نور ملکوتیات سے ہیں، ہاں وہ نور اور ظلمات جو محسوسات سے ہیں وہ آسمان وزمین کے حکم میں ہیں۔

قاعدہ نمبر ۲: جہاں پر صرف آدم علیہ السلام کی روحانیت کا ذکر ہے وہاں جعل کو لایا گیا ہے۔ چنانچہ فرمایا: اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ الخ

ف: اِنِّیْ جَاعِلٌ میں ایک اور اشارہ بھی ہے وہ یہ کہ ملائکہ پر آدم علیہ السلام کی عزت ظاہر ہو جائے تاکہ اسے بنظرِ تعظیم دیکھیں اور جو اس سے یا اس کی اولاد سے اوصافِ بشریت ظاہر ہوتے ہیں دیکھ کر انکار نہ کریں، کیونکہ ان کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا کیا۔

نکات : ۱۔ آدم علیہ السلام کو خلیفہ سے موسوم فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں ایسی کرامت کا شرف سوائے آدم علیہ السلام اور اس کی اولاد کے کسی کو نہیں بخشا۔

☆..... اسے خلیفہ سے موسوم کرنے میں دو وجہیں ہیں۔

۱۔ تمام مخلوق سے بعد میں تشریف لایا۔ ۲۔ اس کے بعد اور کوئی نہیں ہوا۔ اسی میں عالم کی پیدا کردہ روحانیات ہوں یا جسمانیات، سماویات ہوں یا ارضیات دنیویات ہوں یا اخرویات یا جمادات ہوں ملکوتیات کی ہر شئے موجود ہے۔ یہ درحقیقت ہر شئے کا خلیفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اس پر خصوصی کرم ہے کہ اس میں اپنی روح بخشی۔ عالم کی کوئی شئے اس سے مکرم تر نہیں۔ بایں معنیٰ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ میں اشارہ ہے اسی اختصاص کی بنا پر عالم کا کوئی فرد صلاحیت نہیں رکھتا کہ سوائے آدم کے باری تعالیٰ کا خلیفہ بنے۔

۳۔ آدم علیہ السلام باری تعالیٰ کے صورۃً ومعناً خلیفہ اور نائب ہیں۔ صورۃً اس لیے کہ ظاہر انسان کا وجود در حقیقت حق کے وجود (موجود ہونا) کا خلیفہ ہے کیونکہ انسان کا وجود (موجود ہونا) اپنے موجد کے وجود (موجود ہونا)

marfat.ocm
Marfat.com

پر دلالت کرتا ہے، جیسے بنا کی دلالت بانی پر ہوتی ہے اور انسان کی وحدانیت حق کی وحدانیت اور اس کی ذات حق کی ذات اور اس کی صفات کا خلیفہ ہیں۔ اسی طرح اس کی حیات حق کی حیات اور اس کی قدرت حق کی قدرت اور اس کا ارادہ حق کا ارادہ اور اس کی سمع حق کی سمع اور اس کی بصر حق کی بصر اور اس کا کلام حق کا کلام، اس کا علم حق کا علم اور اس کی روح حق کی لامکانیت اور اس کی لاجہتیت کی خلیفہ ہے۔

ف: مخلوقات کا کوئی نوع حق کا خلیفہ نہیں ہوسکتا جیسے آدم اس کا خلیفہ ہے۔ اگر چہ ان کے بعض میں یہ صفات موجود ہیں لیکن صفات کا حق کا اجتماع سوائے انسان کے کسی اور میں نہیں اور نہ ہی اس کی صفت کا تجلی سوائے انسان کے قلب کے شیشہ کے کسی پر پڑتا ہے اور حیوانات میں اگر چہ بعض صفات موجود ہیں لیکن اپنے موجد کے وجود (وجود ہونا) کا علم نہیں اور ملائکہ کو گو اپنے موجد کے وجود کا علم ہے لیکن ان کے علم کا مبلغ اس مقام کو نہیں پہنچا کہ وہ اپنے نفوس کو اپنے جمیع صفات کے ساتھ پہچانیں۔ وہ حق کو بجمیع صفاتہ نہیں جانتے، اسی لیے تو کہہ بیٹھے سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا تو پاک ہے ہمیں صرف وہی علم ہے جو تو نے ہمیں سکھایا اور یہ انسان کا خاصہ ہے کہ اسے اپنے نفس کے لئے خلافت کے استحقاق کا بھی عرفان ہے اور اسمائے حق تعالیٰ کا بھی اور آدم حق تعالیٰ کا معنا خلیفہ اور نائب اس لیے ہے کہ عالم میں سوائے انسان کے کوئی ایسا چراغ نہیں کہ نور اللہ کی روشنی سے روشن ہو کر بطور خلافت زمین پر اس کی صفات کے انوار کو ظاہر کرے کیونکہ انسان میں اللہ تعالیٰ کے نور سے فیض قبول کرنے کی استعداد ہے کیونکہ اس کے قلب کے فانوس میں راز حقانی کا چراغ رکھا گیا ہے اور وہ فانوس جسد کے طاق میں ہے اور قلب کے فانوس میں روح کا تیل (زیتون) ہے۔ قریب ہے کہ اس کا تیل صفاتِ عقل سے بھڑک اٹھے اگر چہ اسے نور کی آگ نہ چھوئے اور راز حقانی کے چراغ فتیلہ خفا ہیں۔ پس جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہوتا ہے کہ زمین میں کسی کو خلیفہ بنائے تو سرِ انسانی کے چراغ کو اپنے جمال کے نور سے جلوہ دیتا ہے۔ پھر اپنے نور سے جس فتیلہ خفا کو چاہتا ہے راہ بتاتا ہے پھر وہ نور الٰہی کی آگ سے روشن ہوتا ہے۔ پس وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔ اسی درجہ سے وہ زمین پر اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہوتا ہے۔ اس کے صفات کے انوار عالم میں ظاہر کرتا ہے۔ عدل و احسان اور رافت و رحمت کے ساتھ ان کے مستحقین کے لئے اور قہر و غضب و انتقام میں ان کے مستحقین پر۔ چنانچہ فرمایا: يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ

marfat.ocm
Marfat.com

سَبِیْلِ اللہ اور اپنے حبیب علیہ السلام کے لئے فرمایا: بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ اور پھر اپنے محبوب علیہ السلام اور مؤمنین کے حق میں فرمایا: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ ایسے صفات کا ظہور نہ حیوانات پر ہوا اور نہ ملائکہ پر۔ اس تقریر کی دلیل کے لئے ہاروت وماروت کا واقعہ ہی کافی ہے کہ جب انہوں نے اولادِ آدم علیہ السلام پر اتباعِ ہوئی اور قتل وظلم وفساد کے متعلق اعتراض کیا اور کہا کہ اگر ہم ان کے بجائے زمین پر خلیفے ہوتے تو جس طرح یہ کر رہے ہیں ہم ہرگز نہ کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں لباس بشریت پہنا کر زمین پر بھیجا اور فرمایا کہ لوگوں کے مابین حق کا فیصلہ کرنا اور شرک نہ کرنا اور نہ ہی ناحق قتل کرنا نہ زناء کا ارتکاب کرنا اور نہ شراب پینا، حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان پر ایک ماہ بھی نہ گزرنے پایا تھا کہ منہیات کے مرتکب ہو گئے شراب بھی پی لی، خون بھی بہایا، زناء بھی کیا اور ناحق قتل بھی اور بُت کو سجدہ بھی کیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ خلافت انسان کا خاصہ ہے اور نورِ الٰہی کے فیضان کو قبول کرنا بھی اس سے مخصوص ہے۔ اگر ملائکہ اس کے اہل ہوتے تو وہ ان اوصافِ مذمومہ بہیمیہ میں مبتلا نہ ہو جاتے۔ دیکھئے انبیاء کرام علیہم السلام ایسے رذیل صفات وخسیس اخلاق سے منزہ ومعصوم ہیں۔ اگرچہ ان کے صفاتِ بشریہ کو یہ اوصاف لازم تھے لیکن تجلیءِ حق کے نور سے ان کے دل کے چراغ روشن ہو چکے اور ان کے قلوب کے نور سے ان کے اجسام کے فانوس نوریاب ہوئے ظاہراً بھی اور باطناً بھی اور ان کی زمین (اجسام وارواح) اپنے رب کے نور سے جگمگا رہی ہے۔ بناء بریں ان صفاتِ رذیلہ کے ظلمات کو ظہور کی مجال بھی نہیں کیونکہ ان پر انوارِ حق کا غلبہ ہے۔ پس ملائکہ نے جب آدم علیہ السلام کے جسمِ اطہر کو ابتداءً دیکھا تو بنظر ملکوتی الملکی ان کو ملکوت جسد پر ظلمات بشریہ وحیوانیہ وسبعیہ سامنے آگئیں اور یہ صفات ان سے غائب بھی نہیں تھیں بنا بریں کہہ بیٹھے: قَالُوْۤا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ملائکہ کے اس قول میں چند نکتے ہیں:

۱۔ یہ قول واصل اللہ تعالیٰ نے ہی ملائکہ سے کہلوایا تاکہ ہمارے لیے متحقق ہو جائے کہ یہ مذموم صفات ہماری طینت میں مُودع ہیں اور ہماری جبلت کی ترکیب انہی سے ہے ہمیں اپنے نفسِ امّارہ کے مکر سے بے خوف نہ رہنا چاہیے اور نہ ہی اسے بے قصور سمجھیں جیسا کہ یوسف علیہ السلام نے فرمایا: وَمَاۤ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۲۔ تاکہ ہمیں پتہ چل جائے کہ ہر وہ عمل صالح جو ہم بجالاتے ہیں یہ صرف اس کی

marfat.ocm
Marfat.com

مہربانی ہے کہ اس نے ہمیں نیک عمل کرنے کی توفیق بخشی اور وہ فساد وظلم جو ہم سے سرزد ہوئے اسے اپنی طبعی شامت اور خاصہء فطرت سمجھیں۔ **کما قال تعالیٰ:** مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ اور ہر وہ فساد وظلم جس سے ہم بچ جاتے ہیں یا ہم اس کے مرتکب نہیں یہ اس کی حفاظت وکرم کا نتیجہ ہے۔ **کما قال تعالیٰ:** اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ۳۔تا کہ ہمیں معلوم ہوا کہ اس کریم نے اپنے فضل وکرم سے اپنی عبودیت وخلافت کے لئے چن لیا (ورنہ ہم اس کے اہل کب تھے) اور پھر اپنے حسنِ کرم سے ہمارے لیے ملائکہ کو فرمایا: اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (ورنہ ہم اس کے لائق کب تھے) تا کہ ہم اس کی رحمت سے نا امید نہ ہو جائیں اور نہ اس کی خدمت (عبادت) سے دور نہ جا پڑیں۔

۴۔تا کہ معلوم ہوا کہ استعداد کا فاسد ہونا ایک عظیم امر ہے اور خلافت کی بنا بھی استعدادِ قابلیت پر ہے اور ملائکہ کو بھی یہ استعداد اور قابلیت نصیب نہ ہوئی پھر ہمیں اس سعادتِ عظمیٰ سے غفلت نہ کرنی چاہیے بلکہ اس کے حصول کے لئے سر توڑ کوشش کرنی چاہیے۔

۵۔ملائکہ نے اَتَجْعَلُ فِيْهَا الـخ اس لیے کہا کہ انہوں نے جسدِ آدم کو قبل از نفخ روح دیکھا اور بنظرِ ملکی اس کے جسد کے ملکوت میں جو کہ عناصر اربعہ متضادہ سے پیدا ہے صفاتِ بشریہ، بہیمیہ اور سبعیہ (جو کہ اضداد وعناصر کی ترکیب میں متولد ہوتی ہیں) کو ملاحظہ فرمایا۔ جیسے کہ وہ حیوانات اور درندگان (پھاڑ کھانے والے) کے اجساد کو ملاحظہ کرتے تھے بلکہ ان سب کا آدم علیہ السلام کی پیدائش سے قبل معائنہ کر چکے تو آدم علیہ السلام کا ان پر قیاس کر لیا جبکہ آدم علیہ السلام ان احوال کا مشاہدہ محققانہ طور پر کر چکے اور یہ احوال ان سے غیب میں نہیں تھے بلکہ یہ احوال ہم سے غیب ہیں کیونکہ ہم تو بذریعہ حواس معلوم کرتے ہیں اور حس والوں کے لئے ملکوت غیب ہوتا ہے اور بعض ہم میں وہ بھی ہیں جو بنظرِ ملکوتی دیکھا کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ ملائکہ اور روحانی ملکوتیات کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ **کما قال تعالیٰ:** وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور فرمایا: اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس لحاظ سے اشیاء غیب نہیں ہوں گی، کیونکہ غیب وہ ہے جو ہم سے پوشیدہ ہو اور جس کا مشاہدہ کر لیں تو وہ غائب نہیں ہوگی بلکہ شہادت (حاضر) ہوگی۔ پس ملکوت ملائکہ کے لئے شہادت ہوگی اور "الحضرۃ الالٰہیۃ" ان کے لئے غیب ہے کیونکہ حضرت الٰہیہ تک ملائکہ کی رسائی نہیں، اور انسان کو عالمِ شہادت محسوسہ سے

marfat.ocm
Marfat.com

صورت حاصل ہوئی اور عالمِ غیب ملکوتی غیر محسوس ہے روح ملی اور ایک رازِ حقانیہ نصیب ہوا۔ جس کی بدولت اسے نورِ الٰہیہ کے فیضان کے قبول کرنے کی استعداد ہے۔ پھر تربیت شیخ سے عالمِ شہادت سے ترقی کر کے عالمِ غیب (جس کا نام عالمِ ملکوت ہے) تک پہنچتا ہے۔ پھر رازِ حقانی کی متابعت اور خصوصیتِ حقہ سے عالمِ ملکوت سے ترقی کر کے عالمِ جبروت وعظموت جس کا نام غیب الغیب ہے تک پہنچ جاتا ہے پھر نورِ ربانی (جو ہے رازِ حقانی کی متابعت کے ذریعہ نصیب ہوا) کے انوارِ جمال وجلال کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اس موقعہ پر خلافتِ حق میں غیب وشہادت کا جاننے والا ہو جاتا ہے۔ کما قال تعالیٰ: عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا یعنی مخصوص غیب، یعنی غیب الغیب پر اَحَدًا (کسی ایک) یعنی ملائکہ کو مسلط نہیں کرتا۔ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ مگر جس کسی ایک رسول یعنی انسان کامل سے راضی ہو پس یہی راز مخفی ہے جو اس انسان میں مرکوز (جو اللہ تعالیٰ کے علم میں تھا اور ملائکہ سے یہ راز پوشیدہ تھا)

کما قال تعالیٰ: اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

۶۔ جب ملائکہ نے اپنی عبادات اور استعدادِ عصمت اور آدم علیہ السلام کی صفاتِ نفسانیہ کو دیکھا تو اپنے آپ کو اعلیٰ شان اور آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد کو حقیر سمجھ کر کہا: اَتَجْعَلُ فِيْهَا یعنی ان کو زمین کا خلیفہ بنا کر بھیج رہا ہے باوجودیکہ اس سے زمین میں فساد پھیلانے اور خونریزی کا امکان ہے، حالانکہ ہم تیری تسبیح وتقدیس میں مصروف ہیں۔ بنابریں ان اوصاف کی وجہ سے خلافت کے حقدار تو ہم ہیں، ان کا اعتراض بنی اسرائیل کی طرح ہے جبکہ ان پر اللہ تعالیٰ نے طالوت کو بادشاہ بنا کر بھیجا تو کہنے لگے: یہ ہم پر بادشاہ کیسے بن گیا، بادشاہی کے حقدار تو ہم ہیں کیونکہ اس کے پاس تو اتنا وسیع مال نہیں ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا کہ بادشاہی کا استحقاق مال پر موقوف نہیں بلکہ یہ تو میرا اپنا انتخاب ہے بلحاظ: بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ اسی لئے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ اسی طرح یہاں بھی اجمالاً ملائکہ کو یونہی فرمایا کہ: اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ بیشک میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ پھر تفصیل فرمائی کہ:

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ بیشک آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا اور فرمایا: وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا آدم علیہ السلام کو کل اسماء سکھائے اور فرمایا: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اس شے نے تجھے روکا کہ تو اسے سجدہ کرتا جسے میں نے اپنے ہاتھ سے پیدا فرمایا: تاکہ ملائکہ کو پتہ چل جائے کہ ملک خلافت کی استعداد واستحقاق کثرت

marfat.com
Marfat.com

طاعات کی وجہ سے نہیں بلکہ وہ مالک الملک اپنا ملک جسے چاہے دے دے اور جس سے چاہے چھین لے اور جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے اور چونکہ ملائکہ نے اپنی طاعات کی وجہ سے آدم علیہ السلام پر فخر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو علمِ اسماء سے نوازا تا کہ فرشتگان کو معلوم ہو جائے کہ اگر ہم اہلِ طاعت وخدمت ہیں تو وہ آدم علیہ السلام اہلِ عقل ومنت ہے۔ اہلِ طاعت وخدمت اور اہلِ عقل ومنت میں بہت بڑا فرق ہے پس فخر کرنے پر انہیں حکم ہوا کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں تا کہ انہیں پتہ چلے کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادت سے مستغنی ہے، اور آدم علیہ السلام پر احسان کی بناء پر ملائکہ کا مسجود بنایا تا کہ انہیں خبر ہو جائے کہ فضل اس کے ہاتھ میں ہے جسے چاہے دے۔

ف: اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ میں ایک اور اشارہ بھی ہے، وہ یہ کہ جس طرح آدم علیہ السلام کے ایسے فضائل ہیں جن کی ملائکہ کو خبر نہیں، اسی طرح ان کے رذائل اور اوصاف ہیں کہ جن کا ان کو علم نہیں، کیونکہ ان کو پتہ نہیں کہ آدم علیہ السلام کے ان اوصافِ مذمومہ کا جوان کے جسم کا نتیجہ ہیں جو دیگر حیوانات میں مشترک ہیں، جو اس کے ملکوت میں مُودع ہیں اور یہ ان اوصافِ مذمومہ کے غیر ہیں جو نفسِ امّارہ کے نتائج سے ہیں جو کہ شرع کو استعمال نہ کرتے ہوئے روح کی نظر نفس کے تابع ہوتی ہے جیسے عُجب، ریاء، سمعۃ، حسد، حبِ دنیا کو آخرت سے پسند کرنا، بدعۃ، دل کا کھوٹ اور برا اعتقاد اور دیگر وہ معاملات اس کے شریک ہیں۔

تفسیر عالمانہ

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو مٹی کو وحی الہام ہوا کہ تجھ سے اللہ تعالیٰ کے خلیفہ پیدا ہونے والے ہیں، ان میں بعض تو فرمانبردار ہوں گے جو بہشت میں داخل ہوں گے اور بعض نافرمان، جو دوزخ کا ایندھن ہوں گے، زمین نے عرض کی: کیا مجھ سے بھی نافرمان پیدا ہوں گے اور وہ دوزخ کے بھی مستحق ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ سے حکم ہوا: ہاں، ایسے ہی ہوگا، یہ حکم سن کر زمین روئی جس سے چشمے بہ نکلے جو قیامت تک جاری رہیں گے۔

آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ

اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ جا کر زمین کے چار گوشوں سے سیاہ، سرخ، سفید، اطب

Marfat.com

اخبث، نرم، سخت، پہاڑی ہر قسم کی مٹی لے آؤ۔ جبریل علیہ السلام زمین سے مٹی اٹھانے لگے تو زمین نے کہا: تجھے اس ذات کی قسم ہے جس نے تجھے میرے ہاں بھیجا، مجھ سے ذرّہ برابر بھی مٹی نہ اٹھانا کیونکہ بادشاہ کے قرب میں اگرچہ بیشمار منافع ہیں لیکن اس سے خطرات بھی بہت ہیں، جیسے کہ کہا گیا ہے:۔

بدریا در منافع بے شمار است　　اگر خواہی سلامت بر کنار است

ترجمہ: اگر دریا میں بیشمار منافع ہیں، اگر سلامتی چاہتا ہے تو کنارے پر رہو۔

جبریل علیہ السلام خالی لوٹے اور بارگاہِ لایزال میں عرض کی کہ مجھے زمین نے تیری ذات کی قسم دی ہے اس لیے مٹی اٹھانے میں مجھے شرم محسوس ہوئی، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے میکائیل علیہ السلام کو بھیجا اس کے ساتھ بھی زمین نے وہی کیا جو جبریل علیہ السلام سے کیا تھا، وہ بھی خالی آ گئے اور جبریل علیہ السلام کی طرح معذرت کی، پھر اسرافیل علیہ السلام کو روانہ کیا گیا اس سے بھی زمین نے وہی التجا کی، وہ بھی خالی آئے، اور جبریل ومیکائیل علیہما السلام کی طرح معذرت ظاہر کی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ملک الموت علیہ السلام کو حکم فرمایا وہ جب مٹی اٹھانے لگے تو زمین نے کہا: میں تجھے اس ذات کا واسطہ دیتی ہوں جس نے تجھے مجھ سے مٹی اٹھانے کے لئے بھیجا، مجھ سے مٹی نہ لے جا کہ اس سے ایسی مخلوق پیدا ہوگی جو اپنے مالک کی نافرمان ہو کر دوزخ کا ایندھن بنے گی، عزرائیل علیہ السلام نے کہا: میں بھی تجھے اس ذات کا واسطہ دیتا ہوں کہ میں تجھ سے مٹی ضرور اٹھاؤں گا تا کہ مجھے نافرمانوں میں شمار نہ کیا جائے۔ عزرائیل علیہ السلام نے یہ کہہ کر زمین کے چار گوشوں سے چالیس گز برابر مٹی اٹھالی۔ زمین کے مختلف رنگوں کی وجہ سے بنی آدم کے بھی مختلف رنگ ہیں کہ ان میں بعض سفید ہیں، بعض سیاہ، بعض نرم، بعض سخت۔

ف: اس مٹی کا ہر ذرّہ ہر انسان کا اصل بدن ہو گیا جس جگہ سے جس انسان کی مٹی کا ذرہ لیا گیا وہاں ہی وہ مدفون ہوگا مٹی لے کر حضرت عزرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حضور پہنچے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عزرائیل! کیا تمہیں زمین کی فریاد سے رحم نہ آیا۔ عرض کی: الٰہی! تیری فرمان کے آگے اس کی زاری کا کیا حق تھا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اب آدم کی ارواح قبض کرنے پر تجھے مامور کرتا ہوں۔

میت کو خوشبو لگانے میں حکمت:۔ روضۃ العلماء میں ہے کہ زمین نے شکایت کی: یا اللہ! مٹی اٹھانے سے

marfat.ocm
Marfat.com

تو مجھ میں کمی آ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: گھبراؤ مت، تجھ میں جب واپس آئے گا تو پہلے سے زیادہ حسین و خوشبودار ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ مُردے کو عطر و مشک سے معطر کیا جاتا ہے۔

پھر عزرائیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ اس کے نصف کو دوزخ اور نصف کو جنت میں ڈبو کر وادی نعمان جو مکہ وطائف کے درمیان ہے جا کر رکھ دو۔ اللہ تعالیٰ نے حسبِ منشاء اس مٹی کو وہاں رکھا۔ بعد ازاں اسے وہاں سے نکال کر اس پر ابرِ کرم کی بارش برسائی جس سے اس مٹی کا لیسدار گارا بن گیا۔ اس سے آدم علیہ السلام کا جسم تیار کیا گیا۔

ف: آدم علیہ السلام کی پیدائش میں علماء کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ آسمانِ دنیا میں پیدا ہوئے، بعض کہتے ہیں کہ زمین کے باغات میں سے ایک باغ ہے جو ایک عزت والا مکان ہے جس سے دریائے نیل جاری ہوتا ہے، اسی طرح دیگر نہریں، لیکن اکثر مفسرین فرماتے ہیں کہ جنتِ عدن میں پیدا کئے گئے، پھر وہاں سے نکالے گئے۔ (کذافی کشف الکنوز)

حدیث قدسی: میں ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے آدم علیہ السلام کی مٹی کو اپنے ہاتھ سے خمیر کیا اور پھر اسے چالیس سال تک چھوڑے رکھا (یاد رہے) کہ اس عرصہ کا ایک دن دنیوی سالوں کے ایک ہزار سال کا تھا، یہاں تک کہ وہ خشک ہو کر صلصال ہو گیا، صَلصَال اس مٹی کو کہتے ہیں جو نہایت خشک ہو کر ٹھیکری کی طرح بجے، پھر اس پر انتالیس سال غم کا مینہ برسایا، بعد ازاں صرف ایک سال راحت و سرور کی بارش ہوئی، یہی وجہ ہے کہ بنی آدم کو غم والم گھیرے ہوئے ہوتے ہیں۔ لیکن ان کا انجام سرور پر ہوتا ہے، جیسا کہ مقولہ مشہور ہے:

آغاز کا انجام ہوتا ہے — اور ہر دکھ کا آرام ہوتا ہے
اِنَّ مع العُسرِ یُسرش قفاست — شاد برانم کہ سلامِ خداست

ف: ملائکہ ان کے پاس سے گزرے، ان کی اچھی صورت اور بلند قامت دیکھ کر تعجب کرتے کیونکہ ان کا قد پانچ سو گز کا تھا (واللہ اعلم) گز کتنا لمبا تھا کہ آدم کا سر آسمان کو مس کرتا تھا اور اس سے قبل اُس جیسی شکل انہوں نے دیکھی نہیں تھی۔

ایک روز ابلیس کا بھی گزر ہوا، دیکھ کر کہنے لگا کہ یہ کس وجہ سے پیدا ہوا ہے اپنا ہاتھ ان کے جسم پر مارا تو

marfat.ocm
Marfat.com

کھوکھلا معلوم ہوا، اس کے اندر گھس گیا اور پیچھے سے نکل آیا اور اپنی جماعت (وہ ملائکہ جو اس وقت اس کے ساتھ تھے) سے کہنے لگا یہ (آدم) کھوکھلا پیدا کیا گیا ہے فلہٰذا یہ کسی بت پر ثابت قدم نہ رہ سکے گا۔ اب مجھے بتاؤ اگر اسے تم سے افضل بنایا گیا تو تم کیا کرو گے؟ انہوں نے کہا: ہم اپنے مالک کا فرمان مانیں گے۔ ابلیس ملعون نے اپنے دل میں کہا اگر اسے مجھ سے افضل بنایا گیا تو میں اس کے تابع نہیں رہوں گا۔ (اگر اسے میری فرمانبرداری میں دیا گیا تو ذلیل کروں گا)

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود گرچہ با آدمی بزرگ شود

پھر اپنی تھوک جمع کر کے مقامِ ناف (آدم علیہ السلام) پر ڈال دی۔ اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ اس تھوک کو نافذ سے کر دیں۔

انسان کی ناف سے کُتّے کی پیدائش: ناف کی گہرائی جبرائیل علیہ السلام کے مقامِ ناف (آدم علیہ السلام) سے مٹی کر یدنے کی وجہ سے ہے۔ پھر اس کریدی ہوئی مٹی سے کُتّے کو پیدا کیا گیا۔ اسی لیے کتے میں تین عادتیں پائی جاتی ہیں:

۱۔ آدمی سے مانوس اس لیے ہے کہ آدم علیہ السلام کی مٹی سے اس کی پیدائش ہوئی۔

۲۔ رات بھر اس لیے بیدار رہتا ہے کہ مٹی کو جبرائیل علیہ السلام نے چھوا۔

۳۔ اس کا انسان وغیرہ کو کاٹنا اور دیگر شرارتیں کرنا شیطان کی تھوک کا اثر ہے۔

ف: حضرت آدم علیہ السلام کو جمعہ کی عصر کے بعد پیدا کیا گیا۔

آدم کی وجہ تسمیہ اور روح کا داخلہ: آدم علیہ السلام کو اس نام سے اس لیے موسوم کیا گیا کہ ان کی ترکیب اذیم الارض یعنی زمین کے مختلف رنگوں سے ہے۔

جب آدم علیہ السلام میں اللہ تعالیٰ نے نفخ روح کا ارادہ فرمایا تو روح کو حکم فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے اندر داخل ہو جا۔ روح نے عرض کی: الٰہی! یہ جگہ نہایت گہری اور بہت تاریک مکان ہے، دوسری بار حکم ہوا تو اس نے پھر وہی معذرت کی۔ تیسری بار حکم ہوا تب بھی وہی کہا: اس کے بعد روح آدم علیہ السلام کے اندر خود بخود داخل ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بلا رضا (مجبورا) داخل ہو رہی ہے تو پھر نکلنے میں سخت دشواری ہو گی۔ یہی

marfat.ocm
Marfat.com

وجہ ہے کہ جب روح نکلتی ہے تو سخت تکلف ہوتی ہے۔ جب نفخ روح کیا گیا تو پہلے سر اور پیشانی اور دونوں کانوں اور زبان میں پہنچی پھر تمام جس میں پھیلنے لگی یہاں تک کہ قدموں تک پہنچی تو آگے کوئی راہ نہ تھی واپس ناک کے سوراخوں سے نکلی تو آدم علیہ السلام کو چھینک آ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں فرمایا: کہو:
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ آدم علیہ السلام نے کہی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یرحمک اللہ (اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم کرے) جب روح گھٹنوں کے اندر داخل ہوئی تو آدم علیہ السلام نے چلنے کو چاہا، لیکن چل نہ سکے۔ جب روح قدموں میں پہنچی تو چلنے لگے (آدم علیہ السلام کی عجلت کو دیکھ کر) باری تعالیٰ نے فرمایا: خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ (انسان جلد باز پیدا کیا گیا) اسی سے پورا بشر ہوا، جس میں گوشت، خون، ہڈیاں، عصب، آنتیں وغیرہ جمع کیے گئے۔ پھر ان کو ناخنوں کی طرح کا ایک لباس پہنایا، جس سے آدم علیہ السلام کے حسن میں روز بروز اضافہ ہوتا گیا اسی سے ملبوس تھے اور اسی سے ان کا تاج تھا۔

آدم علیہ السلام کے جسم میں نَو دروازے

اُن میں سات دروازے تو ان کے سر میں رکھے گئے۔ (۱،۲) دو کان جن سے کلام سنیں۔ (۳،۴) دو آنکھیں جن سے اشیاء کو دیکھیں۔ (۵،۶) ناک کے دو سوراخ جن سے ہر بودار شئے کو سونگھیں۔ منہ میں زبان ہے جس سے بولیں۔ (۷) حلق کا باب ہے کہ جس سے ہر شئے کا ذائقہ محسوس ہو۔ (۸،۹) دروازے دیگر جسد میں یعنی قُبل دُبر کہ جس سے طعام کا فضلہ خارج ہو۔ عقل کو دماغ میں اور حرص کو رانوں میں اور غضب کو جگر میں اور شجاعت کو قلب میں اور رغبت کو حلق میں اور ضحک کو طحال میں، خوشی و غم کو منہ میں رکھا گیا، پاک ہے وہ ذات جس نے ہڈی کو سننے کی اور چربی کو دیکھنے کی اور گوشت کو بولنے کی اور خون کو پہچاننے کی طاقت بخشی۔

آدم علیہ السلام کا علم: جب آدم علیہ السلام کے جسم مبارک کی تکمیل ہو گئی تو انہیں تمام اشیاء کے اسماء کا علم دیا یعنی اسماء کا علم ان کے دل پر الہام کیا۔ پھر بات بھی زبان پر ظاہر ہوئی۔ مختصر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جمیع لغات کے تمام مسمیات کے اسماء سکھا دیے۔ بایں معنی کہ جس جنس کو جس طرح پیدا فرمایا اس کو سامنے لا کر فرمایا کہ اس کا نام گھوڑا ہے، اس کا نام اونٹ وغیرہ، ساتھ ہی یہ بھی بتایا گیا کہ ان کو فلاں منافع دینیہ و دنیویہ کے لئے پیدا فرمایا گیا ہے اور تمام ملائکہ کے اسماء بتائے اور تمام (اولاد آدم) کے اسماء اور اسی طرح جمیع

Marfat.com

حیوانات و جمادات کے اسماء بتائے اور ہر کاریگری، تمام شہروں اور بستیوں کے نام اور تمام پرندوں اور درختوں کے نام اور ان سے جو ضروریات پوری ہوں گی وغیرہ، اور ہر ذی روح شئے جو بھی قیامت تک پیدا ہوگی، ہر معلوم اور ہر مشروب کے اسماء اور بہشت کی ہر نعمت کا نام، یہاں تک کہ پیالہ اور تھال اور ٹب کے اسماء بتائے۔

مسئلہ : کشف الکنوز میں فرماتے ہیں کہ اہلِ علم کے جم غفیر نے اجماع کیا ہے کہ تمام اسماء توقیفیہ ہیں۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام میں علم ضروری پیدا فرمایا کہ جس سے انہیں الفاظ و معانی کی معرفت ہو جاتی اور انہیں معلوم ہو جاتا کہ یہ الفاظ فلاں فلاں معانی کے لئے موزوں ہیں۔

حدیث شریف نمبر ۱:۔ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو اس میں حروف کے اسرار کو پھیلا دیا جبکہ فرشتگاں اس بات سے محروم رہے، پھر حروف آدم علیہ السلام کی زبان سے فنون لغات خارج ہوتے۔ پھر اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کے لئے ان حروف کی صورتیں بنا دیتا جو مختلف اشکال میں متشکل ہو کر ان کے سامنے آجاتے۔

حدیث شریف نمبر ۲: آدم علیہ السلام کو سات لاکھ لغت سکھائی گئیں۔ جب شجرِ ممنوعہ دکھایا تو لغت عربیہ کے سوا باقی تمام لغتیں سلب ہو گئیں۔ پھر جب انہیں نبوت عطا ہوئی تو تمام لغات لوٹا دی گئیں۔ یہ ان کا معجزہ تھا کہ قیامت تک ان کی اولاد جتنی لغات بولے گی سب آدم علیہ السلام جانتے اور بولتے بھی تھے۔ مثلاً عربی، فارسی، رومی، سریانی، یونانی، عبرانی، زنجی وغیرہ۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو کاروبار کی ہزار صنعتیں سکھائیں اور فرمایا کہ اپنی اولاد سے کہہ دو کہ ان صنعتوں سے دنیوی فوائد جس قدر چاہیں حاصل کریں، لیکن دین اور احکامِ شرع کو اپنا ذریعہ معاش نہ بنائیں۔

ف: آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے۔[1] نوح علیہ السلام بڑھئی تھے۔ ادریس علیہ السلام درزی۔ صالح علیہ السلام تاجر۔ داؤد علیہ السلام زرہ باف تھے۔ سلیمان علیہ السلام اپنی سلطنت میں زنبیل بنتے اور بیچ کر گزارہ کرتے۔ بیت المال سے ہرگز نہ کھاتے۔ حضرت موسیٰ، حضرت شعیب علیہما السلام اور حضرت محمد

---

[1] تفسیر "فتح القدیر" میں ہے کہ اَوَّلَ مَنْ خَاکَ آدَمُ علیہ السلام (سے سے پہلے آدم علیہ السلام نے کپڑا بُنا) اور شیث علیہ السلام بھی کپڑا بنتے تھے۔ (مترجم)

marfat.ocm
Marfat.com

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم راعی تھے اور ہمارے پیارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں اکثر خیاطت کا کام کرتے۔

مسئلہ : حدیث شریف میں ہے کہ مردوں میں ابرار کا کام خیاطت ہے اور عورتوں کا کام چرخہ کاتنا۔

(کذافی روضۃ الاخیار)

ف: علماء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا قول وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ ، اَلْاَسْمَآءَ استغراق کا تقاضا کرتا ہے اور کُلَّھَا شمول کو واجب کرتا ہے اب جس طرح انہیں مخلوق کے اسماء بتائے اسمائے حق بھی ضرور بتائے ہوں گے۔اب وہ مخلوق کے اسماء جاننے سے مخصوص ہو کر مسجود ملائکہ ٹھہرے۔نہ معلوم اسمائے حق جاننے سے انہیں کیا رتبہ ملا ہوگا۔

ثُمَّ عَرَضَھُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ یعنی مسمیات کو ملائکہ کے سامنے پیش کیا۔

سوال : عَرَضَھُمْ میں ضمیر مذکر کیوں لائی گئی؟

جواب : مسمیات میں عُقلاء بھی شامل ہیں ان کی وجہ سے تغلیباً ضمیر مذکر لائی گئی۔الغرض بمعنیٰ اظھار الشئی للغیر، تا کہ شئے کا حال معلوم ہو۔

حدیث شریف میں ہے:۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''سب چیزوں کے نمونے آدم علیہ السلام کے سامنے چھوٹی چھوٹی کیڑیوں کی طرح پیش کیے گئے''

ف: ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر نوع کے افراد بطور نمونہ پیش فرمائے ہوں تا کہ اس سے باقیوں کے احوال واحکام معلوم ہوں۔

نکتہ : آدم علیہ السلام کو اسماء کی تعلیم پھر ملائکہ کے سامنے پیش کرنے میں آدم علیہ السلام کی بلند قدری اور ان کا چناؤ مقصود تھا اور اپنے اسرار اور علوم مکنونہ (جو اس کے مخصوص غیب سے ہیں) جس کی زبان پر چاہے ظاہر کر دے وہ باری تعالیٰ آدم صفی اللہ علیہ السلام کو اسماء سکھائے اور مکرم بنایا تا کہ اپنے علم ومعرفت میں کسی فرشتہ وغیرہ کا محتاج نہ ہو، یہ اللہ تعالیٰ کی وہ رحمت ہے جو ہر شئے کو واسع ہے۔فَقَالَ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو تعجیزاً و تبکیتاً فرمایا:

مسئلہ: تعجیز کا خطاب جائز ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

قاعدہ: خطاب تعجیز وہ ہے جو کسی شئے کے لانے کا حکم کیا جائے لیکن اس شئے کا لانا مقصود نہ ہوتا کہ مخاطب کا عجز ظاہر ہو جائے۔ اگرچہ وہ شئے فی نفسہٖ محال ہو، جیسے قیامت میں مصورین کو اس صورت کے احیاء کا حکم ہوگا کہ بناؤ وہ صورتیں جسے وہ دنیا میں بناتے تھے تاکہ ان کا عجز ظاہر ہو جائے اور انہیں ندامت ہو۔ اگرچہ اس وقت ندامت کام نہیں آئے گی۔

اَنْۢبِـُٔوْنِیْ مجھے خبر دو۔ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ ان موجودات کی۔ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ اگر تم اپنے گمان میں سچے ہو کہ خلافت کے حقدار ہم ہیں۔ جیسے آدم علیہ السلام تمام حالات بتا رہے ہیں تم بھی بتاؤ۔

مسئلہ: علمِ توحید کے بعد علم لغت کا سیکھنا اولیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو آدم علیہ السلام کی فضیلت اس کی وجہ سے ظاہر فرمائی۔

مسئلہ: مدعی سے دعویٰ پر حجت کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ جیسے ملائکہ نے اپنی فضیلت کا دعویٰ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان سے دلیل کا ارشاد فرمایا۔ انہوں نے غیب کی بحث چھیڑی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں مشاہدہ کی بات سے عاجز کیا یعنی جس شئے کو دیکھ کر بھی تم معلوم نہیں کر سکتے، پھر جن کو تم نے دیکھا بھی نہیں ان کے لئے فساد کا دعویٰ کیسے کر رہے ہو۔

تنبیہ: اے لفظی مدعیو! حقیقت کی تلاش کرو، اور اے معرفت کے دعویدارو! محبت کا ہونا تمہارے لیے ضروری ہے اور محبت کا دم بھرنے والو! تمہارے لیے طاعت لازمی ہے۔

نکتہ: حضرت ابوبکر واسطی فرماتے ہیں محال ہے کہ بندہ اپنے آقا کو پہچان لے اور اس سے محبت نہ کرے اور پھر محال ہے کہ اس سے محبت تو ہو لیکن اسے یاد نہ کرے اور پھر یہ بھی محال ہے کہ اسے یاد کرے لیکن اسے یاد کرنے میں اس کے ذکر میں حلاوت نہ پائے اور محالات سے ہے کہ اس کے ذکر کی حلاوت پا کر غیر سے مشغول ہو۔

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا جملہ مستانفہ ہے۔ سوال کا جواب ہے گویا سوال کیا گیا کہ جب انہیں حکم ہوا تو کیا وہ اس حکم سے عہدہ برآ ہوئے یا نہ؟ جواب میں فرمایا گیا: سُبْحٰنَكَ ہم تیری ذات کی تنزیہ بیان کرتے ہیں ان امور سے جو تیری شان اقدس کے لائق نہیں۔ منجملہ ان کے یہ بھی کہ تیرے افعال مصلحتوں اور حکمتوں سے خالی نہیں ہوتے۔

marfat.ocm
Marfat.com

قاعدہ :۔ دراصل یہ کلمہ توبہ سے پہلے لایا جاتا ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا:۔ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ اِلَيْكَ تو پاک ہے میں نے تیرے ہاں توبہ کی اور یونس علیہ السلام نے کہا:۔ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ پاک ہے تو بے شک میں ظالموں میں سے ہوں۔

قاعدہ :۔ سُبْحٰنَ مصدر کا قائم مقام ہو کر آتا ہے اور اضافت کے بغیر نہیں ہوتا جب اضافت کے بغیر ہو تو اس وقت تسبیح کا علم ہو کر غیر منصرف پڑھا جائے گا بسبب علمیت اور الف ونون زائدتان کے لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ملائکہ کو جس وقت تسبیح کا حکم کیا گیا اس کے لانے سے عجز کا اعتراف کر رہے ہیں کہ ہمیں صرف اتنا علم ہے جتنا تو نے ہمیں عطا فرمایا۔

مسئلہ :۔ اس سے معلوم ہوا کہ ان کا سوال استفسار اتھا اعتراض کے طور نہ تھا۔ کیونکہ آیت کا معنی یہ ہے کہ ہمیں علم نہیں مگر وہ جو ہمارے لئے مناسب تھا ہماری قابلیت کے مطابق سکھایا اور جو شئے ہماری استعداد کے دائرہ سے خارج ہے ہماری قدرت میں نہیں۔ اگر ہم اس کے اہل ہوتے تو ہمیں عنائت فرما دیتا۔ مـا مصدر یہ ہے اب عبارت یوں ہوگی۔ ای لاعـلـمـنـا علمتناہ مگر اتنا کہ تو نے ہمیں سکھایا۔ اس کا محل رفع ہے ترکیب میں لا، علم کے موضع سے بدل ہے جیسے لا الہ الا اللّٰہ میں۔

اِنَّكَ اَنْتَ، اَنْتَ ضمیر فصل کی ہے اس پر اعراب کا کوئی محل نہیں اَلْعَلِيْمُ وہ ذات کہ جس پر کوئی شئے مخفی نہیں۔ ملائکہ " اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ " کہہ کر " اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ " کی تحقیق وتوثیق کر رہے ہیں۔ اَلْحَكِيْمُ اپنی مصنوعات کی حکمتوں کو پختہ کرنے والا ہے اور کوئی کام نہیں کرتا مگر اس میں بڑی حکمت مضمر ہوتی ہے۔

تنبیہ :۔ بندہ کو چاہیے کہ اپنے نقصان اور اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے غافل نہ ہو اور نہ ہی جس کا اسے علم نہیں اس سے لاعلمی کے اظہار میں عار کرے اور جس کا اسے علم ہے نہ چھپائے اسی لئے علماء فرماتے ہیں۔ لاادری (میں نہیں جانتا) کہنا نصف علم ہے۔

حکایت: قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک مسئلہ پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا:۔ لاادری لوگوں نے کہا بیت المال سے اتنا اتنا مال کھاتا ہے اور پھر کہتا ہے: لاادری آپ نے فرمایا میں تو یہ اپنے علم کے اندازہ کے مطابق کھاتا ہوں۔ اگر جہالت کی وجہ سے مجھے کچھ ملے تو پھر دنیا میرے پاس ان گنت ہوتی۔

Marfat.com

حکایت: ایک عالم سے منبر پر ایک مسئلہ پوچھا گیا، انہوں نے فرمایا: لاادری، لوگوں نے کہا: یہ منبر جاہلوں کے لئے نہیں۔ انہوں نے فرمایا: منبر پر بیٹھنے کا شرف مجھے علم کی وجہ سے ملا ہے۔ اگر مجھے جہالت کی وجہ سے بلندی ملتی تو اب تک میں آسمان پر پہنچ جاتا۔

قَالَ یہ جملہ بھی مستانفہ ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ اے آدم ان کو خبر دے دو بِاَسْمَآىِٕهِمْ یعنی وہ اسماء کہ جن کے علم سے فرشتگان نے عاجز آ کر اسماء کے مراتب تک پہنچنے تک اپنی ہمت کے قصور کا اعتراف کرلیا۔ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآىِٕهِمْ مروی ہے کہ آدم علیہ السلام کو منبر پر بٹھا کر حکم دیا گیا کہ اسماء کی خبر ملائکہ کو دیں۔ جب وہ منبر پر بیٹھے اور ملائکہ ان کے سامنے بیٹھے تھے۔ آدم علیہ السلام انہیں ہر اسم کا نفع بتا رہے تھے۔ قَالَ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یہ استفہام تقریری ہے یعنی بیشک میں نے تمہیں فرمایا تھا کہ جو کچھ زمین و آسمان میں پوشیدہ ہے میں جانتا ہوں، اس غیب پر نہ کوئی دلیل ہے اور نہ کوئی راہ۔ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ جو تم ظاہر کر رہے تھے کہ اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا اسے میں بھی جانتا ہوں وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ وہ تم اپنے دل میں کہہ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہم سے زیادہ برگزیدہ اور کسی کو پیدا نہیں کرے گا، اس کا بھی علم ہے۔ یہ قول اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ کی طرح ہے یہ صرف اس سے زیادہ بسیط ہے تاکہ ان پر حجت قائم ہو سکے کیونکہ وہ کریم آسمان و زمین کے جمیع امور و احوال ظواہر و بواطن کو جانتا ہے اور جو کچھ ملائکہ کے علم میں نہیں اسے بھی جانتا ہے۔

ف: اس آیت میں ملائکہ کو ترکِ اولیٰ پر عتاب ہے ان کے لئے اولیٰ یہ تھا کہ فرمان کے منتظر رہتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بات ظاہر کی جاتی۔

مسئلہ: یہ آیات انسان کی شرافت اور اس کے علم کی زیادت اور عبادت کی افضلیت پر دلالت کرتی ہیں کیونکہ ملائکہ آدم سے فضیلت میں زیادہ ہیں لیکن اس کے باوجود خلافت کے مستحق ٹھہرے کیونکہ آدم علیہ السلام ان سے اعلم تھے اور اعلم افضل ہوتا ہے۔ **کما قال تعالیٰ:** قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

تنبیہ: علم ایک اعلیٰ جوہر ہے لیکن بندوں کے لئے ضروری ہے کہ علم کے ہوتے ہوئے عبادت میں معروف

marfat.ocm
Marfat.com

رہیں کیونکہ علم بمنزلہ شجر کے ہے اور عبادت بمنزلہ ثمر کے۔ اگر چہ بلحاظ اصالت کے شجر کو فضیلت ہے لیکن درخت سے نفع لینا ثمر کی وجہ سے ہوتا ہے۔

حدیث شریف ۱:۔ والد، کعبہ مکرمہ اور قرآن پاک اور عالم دین کی زیارت عبادت ہے:۔ جس نے عالم (دین) کی زیارت کی گویا اس نے میری (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) زیارت کی اور جس نے عالم سے مصافحہ کیا گویا اس نے میرے ساتھ مصافحہ کیا۔ جو عالم کی مجلس میں بیٹھا وہ گویا دنیا میں میری مجلس میں بیٹھا۔ اسے قیامت میں اللہ تعالیٰ میرے ساتھ بٹھائے گا۔

حدیث شریف ۲:۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہ اہل علم کی مجلس میں حاضر ہونا ہزار رکعت پڑھنے اور ہزار مریض کی طبع پرسی اور ہزار جنازہ کی حاضری سے افضل ہے۔ عرض کیا: یارسول اللہ! کیا تلاوتِ قرآن سے بھی؟ آپ نے فرمایا: قرآن علم کے بغیر نفع نہیں دیتا۔

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

خاتم مُلک سلیمانست علم　　جملہ عالم صورت و جانست علم

ترجمہ: ملک سلیمان کی مہر علم ہے تمام جہان جسم اور علم جان ہے۔

حدیث شریف ۳:۔ جو چاہے کہ میں دوزخ سے آزاد شدہ لوگوں کو دیکھوں تو وہ دین کے طالب علموں کی زیارت کرے مجھے (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) اس ذات کی قسم کہ جس کے قبضہ قدرت میں میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے ہر وہ طالب علم جو علم کے دروازہ پر جاتا ہے اس کے ہر قدم پر سال کی عبادت لکھی جاتی ہے اور ہر قدم پر بہشت میں پورا شہر بنایا جاتا ہے۔ طالب علم زمین پر چلتا ہے زمین اس کے لئے بخشش کی دعا مانگتی ہے اور ہر صبح و شام اسے مغفورین میں شمار کیا جاتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے: عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا اسماء تین قسم ہیں:

۱۔ اسماء الروحانیات والملکوتیات۔ ۲۔ اسماء الجسمانیات۔ ۳۔ اسماء الالٰہیات۔

۱۔ اسماء الروحانیات والملکوتیات: یہ ملائکہ کا مقام اور مرتبہ ہے ان کو ان کے بعض کا علم ہوتا ہے اور جن کا

marfat.ocm
Marfat.com

انہیں علم نہیں ہوتا ان کی خبر دینے کی انہیں استعداد ہے کیونکہ روحانیات اور ملکوتیات ان کے لئے ایسے ہیں جیسے ہمارے لیے جسمانیات۔

۲۔ اسماء الجسمانیات: یہ پہلے مرتبہ سے کم درجہ ہے۔ان کی خبر دینا ملائکہ کے امکان میں ہے کیونکہ جسمانیات ان کے لئے ایسے ہیں جیسے حیوانات ہمارے لئے اس لیے کہ یہ مرتبہ انسان کے مرتبہ سے کم ہے اور انسان کے لئے اس کی خبر دینا ممکن ہے۔

۳۔ اسماء الالٰہیات: یہ ملائکہ کے مرتبہ سے فوق الدرجہ ہے۔ کما قال تعالیٰ: یَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ اپنے رب سے اوپر سے ڈرتے ہیں۔

انسان کو ممکن نہیں کہ ان کی خبر دے سکے اور نہ ہی ملائکہ کو۔ جتنا کہ اللہ تعالیٰ نے علم دیا اس سے آگے کچھ بتا سکیں۔ کیونکہ غیب ہے اور انہیں عالمِ غیب کی جانب ترقی نہیں ملتی اس لیے کہ یہ عالم جبروت ہے اور ملائکہ اہلِ ملکوت ہیں ان کا مقام محدود و معلوم ہے اس سے متجاوز نہیں ہوتے۔ جیسا کہ جبریل علیہ السلام نے شب معراج سدرۃ المنتہیٰ پر ٹھہر کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: اگر میں انگلی کی مقدار آگے بڑھوں تو جل جاؤں گا۔

نکتہ ۱:۔ اس علم سے صرف آدم علیہ السلام کو مخصوص کیا گیا کیونکہ آپ عالم کے خلاصہ ہیں۔ آدم علیہ السلام کی روح شجر عالم کا بیج ہے اور آپ کا جسم شجرہ عالم کا ثمر۔ اسی لیے تمام عالم کی پیدائش کے بعد آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا۔ جیسے ثمر، درخت کی تکمیل کے بعد پیدا ہوتا ہے۔

نکتہ ۲:۔ جیسے ثمر تمام درخت کے اجزاء کو عبور کرتا ہوا درخت کے اوپر نمودار ہوتا ہے۔ ایسے ہی آدم علیہ السلام موجودات کے درخت کے اجزاء کو عبور فرمایا۔ خواہ علوی دنیا تھی خواہ سفلی اور موجودات کے ہر جز میں نفع بھی تھا اور مضرت بھی اور مصلحت بھی اور فساد بھی۔ پھر ہر شئے کا نام بمطابق نفع و نقصان رکھا گیا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں تھا آدم علیہ السلام سکھایا گیا۔ یہ وہ علم تھا جو آدم علیہ السلام کو دیا گیا۔ جس سے ملائکہ لاعلم تھے یہ آدم علیہ السلام کے کمال سے تھا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء کو بمطابق نفع و نقصان معلوم کر لیا۔ پھر غیر کے اسماء کا علم تو ادنیٰ درجہ تھا۔ اسماءِ الٰہی کے علم کا مطلب یہ ہے کہ آدم علیہ السلام مخلوق ہیں تو اللہ تعالیٰ خالق ہے اور آدم علیہ السلام مرزوق ہیں تو وہ رازق ہے۔ آدم علیہ السلام عبد ہیں تو وہ معبود ہے۔ آدم معیوب ہیں تو اللہ تعالیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

ستار ہے۔آدم مذنب ہیں تو وہ غفار ہے۔آدم تائب ہیں تو وہ تواب ہے۔آدم نفع لینے والے ہیں تو اللہ نافع ہے آدم ضرر پانے والے ہیں تو اللہ ضار ہے۔آدم علیہ السلام ظالم ہیں تو وہ عادل ہے۔آدم علیہ السلام مظلوم ہیں تو اللہ تعالیٰ منتقم وغیرہ۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قُلْنَا یعنی یاد کیجئے اے محمد! جبکہ ہم نے۔ لِلْمَلٰٓئِكَةِ تمام ملائکہ کو، جیسا کہ دوسری جگہ سے معلوم ہوتا ہے۔ **کما قال** : فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۔ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ آدم علیہ السلام کے لئے سجدہ میں گر جاؤ۔

حل لغات : السجود: داصل تذلل مع طمانیت کو کہتے ہیں: اور شرع میں وضع الجبهة علی قصد العبادة والمامور به ۔یہاں پر اگر شرعی معنیٰ لیا جائے تو ملائکہ دراصل سجدہ تو اللہ تعالیٰ کو کر رہے تھے اور آدم علیہ السلام کی شان بڑھانے کے لئے ان کو ملائکہ کا قبلہ قرار دیا گیا۔اگر لغوی معنیٰ مراد ہو تو یہ تواضع پر محمول ہوگا جو ملائکہ آدم علیہ السلام کی تعظیم میں سجدہ کر رہے تھے وہ ایسے تھے جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے سجدہ تحیۃ کیا۔

مسئلہ : سجدہ تحیہ پہلی امتوں میں جائز تھا پھر ہمارے لیے منسوخ ہوا، جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو فرمایا جب انہوں نے آپ کو سجدہ کرنے کا ارادہ کیا تو آپ نے فرمایا: ''سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو سجدہ کرنا روا نہیں، اگر میں کسی کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے''

مسئلہ : اس امت کا تحیہ السلام علیکم کہنا ہے۔لیکن سر جھکانا مکروہ ہے کیونکہ اس سے یہود سے تشبیہ ہوتی ہے۔(کذافی الدار)

ف: یہ ارشاد گرامی (سجدہ کا حکم) اسماء کے انباء کے بعد تھا۔

ف: بعض مفسرین فرماتے ہیں: جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا تو ملائکہ کو وہم تھا کہ کیا ہم اعلیٰ ہیں یا آدم (علیہ السلام) پھر جب ان سے اسماء کے متعلق پوچھا گیا اور وہ بتا نہ سکے اور حضرت آدم علیہ السلام نے بتا دیا اب انہیں پتا چلا کہ آدم علیہ السلام اعلم ہیں۔پھر ان کو اشکال ہوا کہ ہم افضل ہیں یا آدم۔ جب ان کو سجدہ کا حکم ہوا تو انہیں معلوم ہوا کہ آدم علیہ السلام افضل ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

نکتہ : ہمارے باپ کو سجدہ کرایا جارہا ہے لیکن ہمیں ارشاد ہوتا ہے لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا یہ اس کا خاص کرم ہے جو صرف ہمارے لیے ہے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ اسْجُدُوْا کے تین معانی ہیں:

۱۔ ملائکہ! تم اللہ تعالیٰ کو تو سجدہ باعتبار طبیعت ملکیہ وروحانیہ کرتے ہو اب آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو اگرچہ یہ تمہاری طبیعت کے خلاف ہے۔ یہ بھی انقیاد للامر اور امتثال للحکم ہے۔

۲۔ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو، اس کی شانِ عظمت کی تعظیم اور مخصوص فضیلت کی تکریم کی وجہ سے نہ ہے اس لیے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کا جلوہ پایا جاتا ہے۔ جس نے اسے سجدہ کیا تو گویا اس نے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرمایا: اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ بیشک وہ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں بیشک وہ میری بیعت کرتے ہیں۔

۳۔ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ یعنی آدم علیہ السلام کی خاطر سجدہ کرو۔ کیونکہ اس کی طاعت وعبادت ان کے لئے ثواب وترقی درجات کا موجب نہیں بلکہ اس کا فائدہ انسان کی طرف راجع ہوگا۔ اس کی دو وجہیں ہیں اول تو یہ کہ انسان طاعت میں ملائکہ کی اقتدا کرے گا اور امتثال امر میں ان کی عادت سیکھے گا اور طاعت سے اِباء واستکبار سے ملائکہ کو دیکھ کر بچ جائے گا تا کہ لعن وطعن کا مستحق نہ ہو۔ جیسے ابلیس ہوا اور ملائکہ کی طرح اللہ تعالیٰ کا ممدوح ومکرم ومقبول ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کے لئے فرمایا: لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ

۲۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل ورحمت سے ملائکہ کی طاعت اور تسبیح وتحمید کو انسان کی مغفرت کے لئے متعین فرمایا۔ کما قال تعالیٰ عزوجل : وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ اسی لیے ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا تا کہ انسان عبادت کا طریقہ سیکھے اور پھر ملائکہ کی عبادت انسان کی مغفرت کا سامان بنے۔

تفسیر عالمانہ

فَسَجَدُوْا یعنی ملائکہ نے سجدہ کیا اس لیے وہ نور سے پیدا کیے گئے کما قال علیہ السلام فرشتے نور سے پیدا کیے گئے ہیں اور نور کی شان انقیاد وطاعت ہے۔

ف: سب سے پہلے جبریل علیہ السلام نے سجدہ کیا اس لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں انبیاء کرام علیہم السلام خصوصاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پیام رسانی کا شرف بخشا۔ پھر میکائیل پھر اسرافیل پھر عزرائیل

marfat.ocm
Marfat.com

پھر تمام ملائکہ نے سجدہ کیا۔

ف: بعض کہتے ہیں کہ سب سے پہلے سجدہ کرنے والے اسرافیل ہیں۔ جب انہوں نے سجدہ سے سر اٹھایا تو ان کی پیشانی پر قرآن لکھا ہوا تھا۔ یہ صرف اس سجدہ کی برکت تھی۔

ف: فَسَجَدُوْٓا میں فــــا ان کے امتثال میں عجلت اور عدمِ غفلت کے اظہار کے لئے ہے کہ سجدہ کا حکم سنتے ہی فوراً سجدہ میں گر گئے۔

اِلَّآ اِبْلِيْسَ یعنی ابلیس نے سجدہ نہ کیا اس لیے کہ اس کی پیدائش نار سے تھی۔ نار کا کام استکبار اور علو کی طلب ہے۔

اس استثناء کے بارہ میں علماء کرام کے دو قول ہیں:

۱۔ استثناء متصل ہے کیونکہ ابلیس اگرچہ جن تھا لیکن ملائکہ کی کروڑوں کی تعداد میں ایک کا کیا شمار اور ان کے اوصاف سے بھی متصف تھا پھر تغلیباً فَسَجَدُوْٓا سے استثناء کیا گیا۔

ف: اکثر مفسرین کی رائے یہ ہے کہ ابلیس ملائکہ میں سے تھا کیونکہ سجدہ کا خطاب ملائکہ کو ہی تھا۔ بغوی علیــــہ الرحمہ فرماتے ہیں یہی اصح ہے۔

مسئلہ: تیسیر میں فرماتے ہیں کہ ملائکہ کو عدمِ عصیان وعدمِ استکبار کے ساتھ موصوف کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان سے بھی گناہ سرزد ہو سکتا ہے کیونکہ اس سے عصیان کا تصور نہ ہوتا تو ان کو عدمِ عصیان سے موصوف کرنا کوئی معنیٰ نہیں رکھتا۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ طاعت ان کی فطرت ہے اور عصیان ان سے تکلفاً ہوگا۔ جیسے بشر سے عصیان کا ہونا فطرت ہے اور اطاعت تکلف۔ ملائکہ سے عصیان کا امکان کیوں نہیں جبکہ ہاروت وماروت کا واقعہ ہمارے سامنے ہے۔ مثنوی شریف میں ہے:

امتحان میکرد شان زیر و زبر ۔ کے بود سرمست راز ما خبر

ترجمہ: ان کا زیر و زبر میں امتحان لینا ہے سرمست کو اس کی کیا خبر!

۲۔ استثناء منقطع ہے کیونکہ وہ ملائکہ سے تو تھا نہیں بلکہ وہ جن تھا۔

کما قال عزوجل: كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ وہ جن تھا کہ اس کے حکم سے پھر گیا۔

ف: حافظ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جن اور ملک ایک جنس ہے فرق صرف اتنا ہے جو طاہر رہتا ہے وہ ملک

marfat.ocm
Marfat.com

ہو جاتا ہے اور جو خبیث رہتا ہے وہ شیطان، اور جو بین بین ہو وہ جن۔

اَبٰی یعنی جس کا سے حکم دیا گیا اس سے رُک گیا اور اِبَاء اس انکار کو کہتے ہیں جو اختیار سے کیا جائے۔

وَاسْتَكْبَرَ اور اس نے اپنے آپ کو عظیم الشان سمجھ کر اپنی بڑائی ظاہر کی۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت و تعظیم و تحیہ کو باطل سے مزین کر کے تکبر کی طلب کی۔

سوال : اِباء کی تقدیم درست نہیں کیونکہ استکبار اِباء کا سبب ہے اور ہمیشہ سبب مقدم ہوتا ہے نہ کہ مسبب۔

جواب : اِباء استکبار سے ظاہر ہے اور اس کا اثر واضح ہے بخلاف استکبار کے۔

مثنوی شریف میں ہے:۔

ایں تکبر چیست غفلت از لباب　　منجمد چوں غفلت یخ ز آفتاب

چو خبر شد ز آفتابش یخ بماند　　نرم گشت و گرم گشت تیز راند

ترجمہ : ا۔ تکبر کیا ہے؟ عقل سے بے خبری۔ منجمد ہے غفلت کی طرح کہ پھر وہ یخ سورج کی گرمی سے پگھلتی ہے۔

۲۔ جب خبر ہوئی کہ سورج کی گرمی ہے تو یخ حالت ہوتی ہے کہ وہ نرم و گرم ہو کر تیز دوڑتی ہے۔

سجدہ میں ملائکہ کا قصہ:۔ جب ملائکہ سجدہ میں گرے تو ابلیس نے آدم علیہ السلام سے منہ پھیر کر پیٹھ کر لی یہاں تک کہ وہ سجدہ سے فارغ ہوئے اور سجدہ میں ایک سو سال تک پڑے رہے۔ بعض روایات میں پانچ سو سال آیا ہے۔ جب انہوں نے سر اٹھا کر دیکھا تو ابلیس کھڑا ہوا ہے بلکہ اُلٹا آدم علیہ السلام سے منہ پھیرے ہوئے ہے اور اس فعل سے نادم بھی نہیں ہوتا بلکہ اُلٹا عزم بالجزم میں ہے۔ تو اس کے امتناع اور اپنی فرمانبرداری کی توفیق کی وجہ سے دوبارہ سجدہ میں گرے۔ ان کے لئے دو سجدے ہو گئے۔ ایک آدم علیہ السلام کے لئے، دوسرا اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ جب یہ سجدہ کر رہے تھے ابلیس دیکھ رہا تھا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کی صفت، حالت، صورت، ہیئت، نعمت سب کو متغیر فرمایا۔ **کما قال تعالیٰ**: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ف: بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اس کا جسم خنزیر کی شکل اور منہ بندر کی طرح مسخ ہو گیا۔ شیطان کی اولاد بھی ہے۔

سوال : جو مسخ ہو جائے اس کی تو اولاد نہیں ہوا کرتی۔

marfat.ocm
Marfat.com

جواب : چونکہ اس نے انظرنی کہہ کر مہلت طلب کر لی۔ بناء بریں اس کے لئے نسل کا سلسلہ بھی باقی رکھا۔

حکایت: اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعد میں شیطان کو حکم ہوا کہ آدم علیہ السلام کی قبر کو سجدہ کر، میں تیری توبہ قبول کر کے تیرے گناہ معاف کر دوں گا۔ شیطان نے عرض کی: جب میں اس کے جسم کو ساجد نہ ہوا تو پھر اس کی قبر اور میت کو کیسے سجدہ کروں!

حدیث شریف: میں ہے کہ اللہ تعالیٰ شیطان کو قیامت میں ہزار سال دوزخ میں رکھنے کے بعد نکال کر آدم علیہ السلام کے سامنے کھڑا کر کے سجدہ کا حکم دے گا تب بھی وہ سجدہ سے انکار کرے گا۔ پھر اسے دوزخ میں ہمیشہ کے لئے داخل کیا جائے گا۔

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ وہ ابلیس اللہ تعالیٰ کے علم میں کافرین میں سے تھا، یا اس وقت کافر ہوا جبکہ یہ اعتقاد رکھ کر کہ میں افضل ہوں اور افضل مفضول کے سامنے نہیں جھکتا اس لیے اس نے آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کیا جبکہ اللہ تعالیٰ کا اسے حکم تھا۔ اس نے امرِ الٰہی کی اہانت کی جیسا کہ اس کا جواب بتاتا ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے سے فرمایا: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ صرف ترک واجب سے کافر نہیں ہوا۔

عقیدہ: اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ "سعید شقی ہو سکتا ہے" کافر جب اسلام لائے گا وقتِ اسلام تک اسے کافر سمجھا جائے گا، اسلام لانے پر اسے مسلمان کہیں گے۔ اب اس کی سرگزشت کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے اور (معاذ اللہ) جو مسلم کافر ہو جائے اسے بھی وقتِ کفر تک مسلمان کہیں گے۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ اس کے گزشتہ اعمال خبط ہو جائیں گے۔

سوال : كَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ کیوں فرمایا حالانکہ اس وقت سوائے اس مردود کے اور کوئی کافر تھا نہیں۔

جواب : اللہ کے علم میں تھا کہ آنے والی مخلوق میں بہت سے بندے کافر ہوں گے۔ یعنی یہ ابلیس ان لوگوں میں

marfat.ocm
Marfat.com

۲۔آیت میں سمجھایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری لازمی ہے اس کے راز میں غور وخوض نہ کیا جائے۔

۳۔امر وجوب کے لئے ہے۔

۴۔جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے کہ یہ کفر پر مرے گا وہ ضرور کافر ہوگا۔ کیونکہ دارومدار خاتمہ پر ہے اگرچہ اس کا ظاہر حال اہلِ ایمان جیسا ہو۔اسے مسئلة الموافاة کہتے ہیں۔یعنی تمام عمر کا اعتبار وفات کے وقت کا ہے۔

اب جبکہ اعتبار خاتمہ کا ہے انسان کو چاہیے کہ طاعاتِ الٰہی بجالانے کی سعی کرے۔کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ جس کے لئے جنت یا دوزخ پیدا کیا گیا اس کے اعمال بھی اس سے سرزد ہوتے ہیں خصوصاً عمر کے آخری سال اور خاتمہ کے وقت،اب نیک عمل کرے تاکہ اس کا خاتمہ نیک اعمال پر ہو۔

حکایت: حضرت رابعہ عدویہ سے سفیان ثوری علیہما الرحمہ نے فرمایا: دنیا میں تو نے چند روز رہنا ہے۔ جب زندگی ایک یوم گزر جائے تو سمجھ لو کہ عمر کا بعض حصہ گزر گیا۔جب عمر کا بعض حصہ گزرا تو اسی طرح تمام عمر گزر جائے گی۔اس کا سب کو علم ہے۔جب یہ کیفیت ہے تو ہمیں نیک عمل کرنے چاہئیں۔اس کا تو ہرگز افسوس نہ کرنا چاہیے کہ میرے پاس مال وجاہ درہم ودینار نہیں، بلکہ اس کا افسوس کرنا چاہیے کہ جو دن گزر گیا اس میں مَیں نے کون سا عمل کیا ہے۔کیونکہ دن گزرنے سے عمر بسر ہوتی ہے۔

حکایت: ایک عابد پر حالتِ نزع تھی اور کہہ رہے تھے کہ مجھے موت سے تو کوئی خطرہ نہیں البتہ اس کا مجھے سخت افسوس ہے کہ جو رات نیند میں گزری اور جو دن روزہ کے بغیر بسر ہوا اور جو گھڑی اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بغیر عظمت میں گزار دی۔

سبق: حضرت علاء بن زیاد نے فرمایا: دنیا کا کوئی دن نہیں جو آتے ہی نہ کہتا ہو: ”اے لوگو! میں نیا دن ہوں مجھ میں جو عمل بھی کرو گے قیامت میں اس کی گواہی دوں گا اور جب میرا سورج غروب ہوگا میں تمہارے پاس قیامت تک نہیں لوٹ کر آسکوں گا“

حدیث شریف: میں ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی: ”یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

marfat.ocm
Marfat.com

لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے؟ فرمایا: ''جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے عمل اچھے ہوں'' پھر عرض کیا گیا: ''لوگوں میں بد بخت کون ہے؟'' آپ نے فرمایا: ''جس کی عمر لمبی لیکن عمل اچھے نہ ہوں۔'' پھر عرض کیا گیا: ''لوگوں میں بد بخت کون ہے؟'' آپ نے فرمایا ''جس کی عمر لمبی ہو لیکن اس کے عمل بُرے ہوں، اس کے شر سے لوگوں کو خطرہ ہو اور اس سے خیر کی کسی کو امید نہ ہو''

حکایت: حضرت حسن رضی اللہ عنہ اپنی مجلس والوں سے فرماتے کہ اے بوڑھے لوگو! بتاؤ جب کھیتی کے پکنے کا وقت آجائے تو اس سے کس بات کی امید کی جاسکتی ہے؟ انہوں نے کہا: کاٹنے کی۔ پھر نوجوانوں سے فرمایا کہ اے نوجوانو! خوب سمجھ لو کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کھیتی کو پکنے سے پہلے آفت اور بلا دبوچ لیتی ہے جس سے وہ کھیتی برباد ہو جاتی ہے۔ کسی نے کیا خواب فرمایا:

اَلاَ مَهِّدْ لِنَفْسِکَ قَبْلَ مَوْتٍ ۔۔۔ فَاِنَّ الشَّیْبَ تَمْهِیْدُ الْحِمَام

وَقَدْ جَدَّ الرَّحِیْلَ فَکُنْ مَجِدّاً ۔۔۔ لِحَطِّ الرَّحْلِ فِیْ دَارِ الْمَقَام

ترجمہ: ۱۔ خبردار! موت سے پہلے تیار ہو جا اس لیے کہ بڑھاپا موت کا ہی پیغام ہے۔

۲۔ اور کوچ کا وقت ہر روز ہوتا ہے تمہیں بھی دار مقام میں اپنا سامان جا کر رکھنا ہے۔

سبق: حضرت حسن سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اے ابنِ آدم! سارے سال کا غم مت کھا، اور نہ ہی اس کے لئے سامان جمع کرنے کی تکلیف اٹھا۔ جس دن کو تو طے کر رہا ہے اس کی کفایت تیرے مالک سے ہوگی اگر سال تمام تیری زندگی کا باقی ہے تو اس کا رزق بھی اللہ تعالیٰ تجھے عنایت فرمائے گا۔ اگر تیری عمر ختم ہے تو پھر اس کے لئے کیوں دکھ اٹھا رہا ہے۔ جو تیرے لیے نہیں تو اسے ہرگز نہیں کھا سکے گا، بلکہ بسا اوقات وہ تیرے دشمن کا لقمہ بنے گا۔

حکایت: حضرت ابی درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر آئے دن میں سورج کے کنارے دو فرشتے ہوتے ہیں اور وہ پکار کر کہتے ہیں (جسے جن وانس کے سوا زمین کے رہنے والے سب سنتے ہیں) اے لوگو! اپنے رب کی طرف دوڑو۔ جو رزق تھوڑے پر کفایت کرے، اس سے بہتر ہے کہ زیادہ ہو اور وہ اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے۔ پھر جب سورج غروب ہوتا ہے تو بھی اس کے کنارے پر دو فرشتے پکار کر کہتے ہیں (جسے جن وانس کے سوا تمام

marfat.com
Marfat.com

زمین والے سنتے ہیں)''اے اللہ! جو تیری راہ میں خرچ کرتا ہے تو اسے اس کا نعم البدل عطا فرما اور جو تیری راہ سے روکتا ہے تو اس کا مال جلد ضائع فرمایا''

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

ناں دہی از بہر حق نانت دہند　　جاں دہی از بہر حق جانت دہند

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام پر روٹی دو گے تو تجھے روٹی دیں گے حق کے لئے جان دو گے تو تمہیں جان دیں گے۔

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ قرطبی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو کفر کے بعد بہشت سے نکال دیا اور اس سے بالکل دور کر دیا بعد ازاں آدم علیہ السلام کو فرمایا کہ اے آدم! بہشت میں اقامت پذیر ہو جاؤ اور اسے اپنا مسکن بنالو۔

اُسْكُنْ سے سکون کا محل مراد ہے نہ کہ حرکت کی ضد بلکہ معنیٰ یہ ہے کہ بہشت کو لبث و استقرار گاہ بنالو۔

وَزَوْجُكَ یعنی بی بی حوا علیٰ نبینا وعلیہا السلام ۔عورت کے لئے زوج اور زوجہ دونوں جائز ہیں لیکن زوج زیادہ صحیح ہے۔ کما قال فی تفسیر ابی اللیث۔

سوال: اولاً دونوں کو کیوں مخاطب کیا؟

جواب: تا کہ پتہ چل جائے کہ اس خطاب سے مقصود آدم علیہ السلام ہیں اور معطوف علیہ اس کا تابع ہے۔

الْجَنَّةَ مفسرین کا اجماع ہے کہ جنت سے مراد دار الثوب ہے۔ معتزلہ اور قدریہ اختلاف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جنت سے مراد ایک باغ ہے جو فلسطین میں یا فارس اور کرمان کے مابین واقع ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے امتحان کے لئے پیدا فرمایا اور ھُبُوط'' جو کہ اهْبِطُوْا مِنْهَا کی تاویل کرتے ہیں کہ انہیں اس باغ سے زمین ہند کی طرف چلے جانے کا حکم فرمایا؛ جیسے اِهْبِطُوْا مِصْرًا میں ھبوط بمعنیٰ انتقال ہے۔ معتزلہ کی تاویل بیکار ہے۔ کیونکہ ہُبوط بمعنیٰ انتقال اس وقت ہوتا ہے جبکہ حقیقی معنیٰ ممتنع ہو۔ یہاں پر حقیقی معنیٰ میں کسی قسم کا امتناع نہیں۔

ف: بی بی حوا کی پیدائش میں اختلاف ہے کہ وہ بہشت کے داخلہ سے قبل ہوئی یا بعد؟ پہلے قول کی تائید حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول سے ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی ایک جماعت کو

marfat.ocm
Marfat.com

بھیجا کہ آدم وحوا علیہما السلام کو سونے کے تخت (جس کا جڑاؤ یاقوت، لؤلؤ اور زمرد سے تھا) پر بٹھا کر لے آئیں۔ اس وقت آدم علیہ السلام کے سر پر پٹکا تھا جس میں موتیوں اور یاقوت کا جڑاؤ تھا۔ ان دونوں کو بہشت میں لایا گیا۔

دوسرے قول کی تائید حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے ارشاد سے ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے بہشت کو پیدا فرمایا اور آدم علیہ السلام اس میں رہنے سہنے لگے تو اس وقت اکیلے تھے۔ ان پر نیند طاری کی گئی۔ ان کی بائیں پسلی سے ایک ٹکڑا لیا گیا، اس کے بجائے گوشت بھرا گیا اس سے بی بی حوا علیہا السلام پیدا کی گئیں۔

سوال: اگر کوئی اعتراض کرے کہ یوں کہنا کہ آدم علیہ السلام کے ایک ٹکڑے کو کاٹ کر بی بی حوا علیہا السلام پیدا کی گئیں یہ ایک نقص ہے اور انبیاء علیہم السلام ہر نقص سے پاک ہوتے ہیں۔

جواب: بظاہر آدم علیہ السلام کے لئے یہ نقص ہے۔ لیکن درحقیقت ان کی ایک تکمیل ہے کہ بی بی حوا علیہا السلام سے انہیں سکون ملا، وحشت دور ہوئی، جب آدم علیہ السلام بیدار ہوئے تو بی بی حوا علیہا السلام کو اپنے سرہانے بیٹھا پایا۔ ان سے پوچھا: تو کون ہے؟ بی بی نے کہا: میں عورت ہوں، انہوں نے فرمایا: تو کس لیے پیدا ہوئی؟ بی بی نے کہا: تیرے لیے، تاکہ تو مجھ سے قرار حاصل کرے اور میں تجھ سے سکون پاؤں۔

فرشتوں نے پوچھا: اے آدم! اس کا نام کیا ہو؟ آپ نے فرمایا: حوا (علیہا السلام) فرشتوں نے حوا کہ وجہ تسمیہ پوچھی۔ آپ نے فرمایا: اس لیے کہ زندہ انسان سے پیدا کی گئی ہے۔ یا اس لیے کہ یہ ہر حی کی اصل ہے۔ یا اس لیے کہ ان کی ذقن میں ایک مائل بسیاہی سرخ رنگ کا نشان تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ نشان لب پر تھا۔

ف: عورت کو امرأۃ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ امرأ سے پیدا کی گئی ہے۔ جیسے آدم علیہ السلام کو اس لیے آدم کہا گیا کہ انہیں ادیم الارض سے پیدا کیا گیا ہے۔ بی بی حوا علیہا السلام آدم علیہ السلام کی وفات کے بعد سات سال سات ماہ زندہ رہیں۔ اُن کی عمر نو سو ستانوے سال تھی۔

اعجوبہ: اللہ تعالیٰ نے ایک کو بغیر ماں باپ کے پیدا فرمایا۔ جیسے آدم علیہ السلام اور دوسرے کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا: جیسے عیسیٰ علیہ السلام اور باقی وہ جنہیں ماں اور باپ دونوں کے ذریعے سے پیدا فرمایا۔ جیسے تمام

marfat.ocm
Marfat.com

اولادِ آدم۔ **فسبحان من اظهر من عجائب صنعه ما يتحير افيه العقول**

حکمتیں:۔ اللہ تعالیٰ نے بی بی کو حوا پیدا فرمایا، اس میں چند حکمتیں ہیں:

۱۔ تا کہ آدم علیہ السلام ان سے قرار پائیں اور ان سے وحشت دور ہو۔ کیونکہ بی بی انہی کی جنس سے تھیں۔

۲۔ تا کہ اولادِ آدم تا قیامت باقی رہے۔ کیونکہ ان کی بقاء انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت اور تشریع احکام شرعیہ کا سبب ہے اور یہی اولاد امر معرفۃ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ اسی لیے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا فرمایا۔

نکاح کرنے کے دنیوی واخروی بڑے فائدے ہیں:

۱۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کسی ایک نبی کا ذکر نہیں فرمایا جس نے نکاح نہ کیا ہو۔ یحیٰی علیہ السلام کے لئے بھی منقول ہے کہ انہوں نے نکاح تو کیا تا کہ یہی فضیلت حاصل ہو لیکن جماع نہ کیا۔ کیونکہ ان کی شریعت میں جماع نہ کرنا عزیمت تھی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی مدح میں حَصُوْرًا ارشاد فرمایا۔

۲۔ اشباہ میں ہے کہ کوئی ایسی عبادت نہیں جو آدم علیہ السلام سے لیکر ہم تک پہنچی ہو اور وہ قیامت تک ہمیشہ رہی ہو صرف نکاح اور ایمان ہے جو قیامت تک جاری رہے گا۔

مسئلہ : شادی شدہ کی غیر شادی شدہ پر ایسے فضیلت ہے جیسے مجاہد کی غیر مجاہد پر۔

مسئلہ : شادی شدہ کی ایک رکعت غیر شادی شدہ کی ستر رکعت سے بہتر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شادی (نکاح) بقائے نسل کا سبب اور زنا سے بچنے کا موجب ہے۔

ف: لیکن نکاح کرنے کی ترغیب گیارہ سال تک ہے۔ اس کے بعد نکاح نہ کرنا بہتر ہے۔ کہا قال علیہ السلام جب میری امت پر ایک ہزار سال ایک سو اسی سال گزرے تو ان کے لئے نکاح نہ کرنا اور تنہا رہنا اور چوٹی پہاڑوں پر رہنا بہتر ہوگا کیونکہ (ایک ہزار کے بعد) دو سو سال کی مخلوق اہلِ حرب وقتل ہوگی۔ اس وقت بکری کا بچہ آدمی کے بچے کے پالنے سے بہتر ہے اور اگر اس وقت عورت بجائے انسان کے سانپ جنے تو کئی حصے افضل ہے۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

زناں بردار اے مرد ہشیار — اگر وقتِ ولادت مار زانید

ازاں بہ نزدیک خردمن — کہ فرزند ناہموار زانید

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : اے مرد ہشیار! اگر حاملہ عورت سانپ جنے تو بہتر ہے اس لڑکے سے جو نالائق ہو۔

وَكُلَا مِنْهَا یعنی بہشت سے کھاؤ۔ دونوں کو خطاب کرنے کی وجہ یہ ہے کہ مامور بہ کو عمل میں لانے میں دونوں برابر ہیں۔ بی بی حوا علیہا السلام کے کھانے میں برابر کی شریک تھیں بخلاف سکونت کے کہ اس میں آدم علیہ السلام کے وہ تابع تھیں پھر کھانے اور اس میں مشغول ہونے کا حکم دینے کی حکمت یہ تھی (اگرچہ ان کو خلافت کے لئے چنا اور مخصوص کیا) تا کہ پتہ چل جائے کہ آدم علیہ السلام بھی ایک مخلوق ہیں اور مخلوق کے لئے سکونت اور اشیائے خوردنی لازم ہوتے ہیں۔ رَغَدًا یعنی وسیع طور بغیر رکاوٹ اور اندازہ کے۔ بہشت میں جہاں سے چاہو ان کو بہشت کی ہر جگہ سے کھانے کی وسعت اس لیے دی جارہی ہے تا کہ منہی عنہ شجرہ کے کھانے کے بعد کوئی عذر نہ پیش کرسکیں اور نہ ہی کوئی علّت ثابت ہوسکے۔ وَلَا تَقْرَبَا اور اس درخت کے کھانے کے قریب بھی نہ جاؤ اگر صرف درخت کے قرب سے رکاوٹ ہوتی تو راء کو مضموم پڑھا جاتا۔ هٰذِهِ الشَّجَرَةَ شَجَرَةَ منصوب ہے یا تو هٰذِهِ اسم اشارہ سے بدل ہے یا هٰذِهِ بتاویل اسم مشتق کی صفت ہے یعنی عبارت یوں سمجھی جائے:

هٰذه الحاضرة من الشجرة — یہ موجود سامنے والا درخت

یعنی اس درخت سے مت کھانا۔ اس کے قریب نہ جانے سے کھانے کی نہی میں مبالغہ کیا گیا۔

شَجَرَةَ سے مراد گندم کا دانہ ہے اور یہی زیادہ مشہور ہے اور صوفیہ کرام کے نزدیک بھی یہی معنیٰ زیادہ موزوں اور جامع ہے کیونکہ نوع انسانی کو گندم کا دانہ سے زیادہ مناسبت ہے اور اس میں ہر قسم کا رنگ موجود ہے اور اس کا ثمر شہد سے زیادہ میٹھا اور مکھن سے زیادہ نرم اور برف سے زیادہ سفید ہے اس کا ہر دانہ کلیہ بقرہ (گائے کا گردہ) کی طرح ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے دنیا میں اسے اولادِ آدم کا رزق بنایا۔ اسی لیے مشہور ہے کہ آدم علیہ السلام نے گندم کا دانہ کھایا۔ اب ان کی اولاد اس کی کھیتی باڑی میں مبتلا ہے یا شجرہ سے مراد انگور ہے اسی لیے اب (اس کا نچوڑ جب شراب بن جائے) حرام ہے یا شجرہ سے مراد زیتون ہے اسی لیے اس کے پتوں کے لباس میں آدم علیہ السلام مبتلا ہوئے۔ اس کے علاوہ اور بھی اقوال ہیں لیکن اس کا تعین نہ چاہیے کیونکہ اس کے لئے نص قطعی میں کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ لَا تَقْرَبَا پر عطف کی وجہ سے محروم ہے۔ یا اس نہی کا جواب ہے۔ بنابریں منصوب ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

پہلی تقریر کے مطابق یوں ہوگا: **لمالایکن منکما قربان الشجرة و کونکما من الظالمین** اور بمطابق دوسری تقریر معنیٰ یوں ہوگا۔ **ان تقربا هذه الشجرة تکون من الظالمین**۔ بہرحال جو بھی ہو مطلب یہ ہے کہ اکل شجرہ کے سبب سے تم ظالمین میں سے ہو جاؤ گے۔

الظّٰلِمِیْنَ بمعنیٰ وہ لوگ جو نفسوں پر ظلم کریں معصیت کے ارتکاب سے جو عمل ان کی کرامت و نعمت میں خلل انداز ہو اسے عمل میں لا کر اپنے حظوظ میں کمی یا حدود اللہ سے تجاوز کریں۔

ف: امام قرطبی فرماتے ہیں: اربابِ معرفت کا مسلک یہ ہے کہ وَلَاتَقْرَبَا سے اشارہ ہو رہا ہے کہ آدم علیہ السلام سے اس امر کا وقوع ضرور ہوگا اور وہ بہشت سے ضرور نکالے جائیں گے اور اس میں ہمیشہ نہیں رہیں گے کیونکہ جو اس میں ہمیشہ قیام پذیر ہوگا اس پر امر و نہی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس پر دلیل باری تعالیٰ کا یہ قول ہے: اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً خلافت کا وقوع زمین پر ہونا تھا۔ اس لیے بہشت سے باہر تشریف لانا پڑی۔

تفسیر صوفیانہ

شیخ نجم الدین قدس سرہ' فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو آزمائشی خطاب سے مخاطب کیا اور عشوہ و ناز کی نہی سے نوازا۔ گویا یوں فرمایا کہ اے آدم! میں تجھے شجرۃ کے سوا تمام بہشت عنایت کرتا ہوں یہ درخت چونکہ محبت و معرفت کا ہے اور محبت کے لئے سخت کی سواری لازمی ہے اور اس شجرہ سے رکاوٹ الٹا اس کے کھانے کی تحریص ہے کیونکہ انسان کو جس فعل سے روکا جائے الٹا اس کے ارتکاب پر حرص کرتا ہے۔ آدم علیہ السلام کا نفس حوا علیہا السلام اور بہشت سے سکون و قرار پذیر ہوا لیکن شجرہ معرفت کا شوق دل میں جاں گزیں رہا کیونکہ یہ قلب کی غذا تھا اور اس میں من وجہ نفس کا حظ بھی تھا۔ بنابریں اس کا شوق بڑھتا رہا اور اس کے خیال میں رہا۔ یہاں تک کہ اسے چند روز بعد حاصل کر لیا۔ اس سے خلافت، محبت، محنت، راز کھلا، مظاہرِ جلال و جمال، جیسے توّاب، غفور، عفوّ"، قہار، ستّار ظہور پذیر ہوئے مختصر یہ کہ اللہ تعالیٰ کا علم میں تھا کہ آدم علیہ السلام اس شجرہ کو ضرور کھائیں گے۔ اس پر انہیں اس سے روک دیا گیا تا کہ ان کا کھانا عصیان کا ذریعہ بن جائے۔ جس سے توبہ، محبت، طہارت از تلوث ذنوب ظاہر ہوں گے۔ کما قال عزوجل: اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ اور اکل شجرہ سے بسبب نسیان عصیان کے مرتکب ہوئے پھر توبہ عصیان کے ذریعہ وراثت میں دی گئی پھر توبہ سے محبت نصیب میں آئی۔ محبت سے

marfat.ocm
Marfat.com

طہارت کا شرف ملا۔

حدیث شریف: ''جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اس کو گناہ نہیں دیتا۔ یعنی اسے گناہ سے محفوظ کر لیتا ہے۔ اگر اس سے گناہ سرزد ہوتا ہے تو اسے توبہ وندامت کی توفیق مل جاتی ہے اور ہر وہ لغزش کہ جس کا انجام توبہ، تشریف، اجتباء ہو اسے **زلة تنزیهه** کہتے ہیں۔ آدم علیہ السلام کو نہی کے بعد ملامت کی گئی۔ یہ نہی تنزیہی اور **حسنات الابرار سیئات المقربین** سے ہے۔

ف: شیخ نے فرمایا کہ ہمارے طریقہ جلوتیہ جو شیخ ہدائی کی طرف منسوب ہے یہ ہے کہ دعوت الی الجنۃ سے مراد بنی آدم کے وجود دعوت الی **مقام الروح** ہے گویا قلب انسان کو فرمایا: ''اے انسان کے قلب! تو اور تیری زوج یعنی نفس انسانیہ روح میں طاعت وعبادات میں مصروف رہو اور کھاؤ بلا رکاوٹ اس سے یعنی معرفتِ الٰہیہ سے کیونکہ روح مقامِ معرفت ہے جو طاعات وعبادات سے حاصل ہوتی ہے۔

حَيْثُ شِئْتُمَا یعنی وہ عمل جو تمہیں محبوب ہو، خیرات وصالحات سے۔ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ یعنی مخالفت کے شجرہ کے قریب مت جاؤ۔

مسئلہ: یہ خطاب چونکہ قیامت تک آنے والے تمام بندوں کو ہے (صرف آدم وحوا علیہما السلام پر منحصر نہیں) بنا بریں مومن کے لئے ضروری ہے کہ طاعات وعبادات سے اللہ تعالیٰ کی طرف ترقی کرے اور مخالفت سے اجتناب کرے تاکہ مہالک وتکالیف میں نہ پڑے۔

حضرت مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

داروی مری بخور اندر عمل — تا شوی خورشیدِ کرم اندر حمل

جُہد کن تا نور تو رخشاں شود — تا سلوک وخدمت آساں شود

تا جلاء باشد مریں آئینہ را — کہ صفا آید ز طاعت سینہ را

ترجمہ: ۱۔ عمل میں خوشگوار دوائی کھا تاکہ تو حمل میں خورشیدِ کرم ہو۔

۲۔ کوشش کیجئے تاکہ نور چمک اُٹھے اور سلوک وخدمت کی راہ آسان ہو۔

۳۔ تاکہ اس شیشہ میں روشنی تیز ہو اس لیے کہ طاعات سے ہی سینہ میں صفائی نصیب ہوتی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا یعنی آدم اور حوا علیہما السلام کو لے گیا اور بہشت سے دور کیا، جیسے کہا جاتا ہے: زَلَّ عَنِّیْ کَذَا اِذَا ذَهَبَ. اِزْلَال بمعنی اِزلاق اور زَلَّة، بالفتح بمعنیٰ الخطاء یعنی قصد کے بغیر راہِ صواب سے ہٹ جانا۔ مقصد یہ ہے کہ شیطان نے انہیں وسوسہ ودھوکا اور دغا سے خطا پر اکسایا۔

سوال: شیطان کافر ہے اور کافر کا بہشت میں داخلہ ممنوع ہے۔

جواب: بہشت میں اس کا داخلہ علی وجہ التکریم (جیسے ملائکہ داخل ہوتے ہیں) ممنوع ہے نہ کہ آدم وحوا علیہما السلام کے امتحان کی خاطر وسوسہ ڈالنے سے۔

فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ جن نعمتوں اور کرامات میں آدم وحوا علیہما السلام تھے ان کو ان سے خارج کرالیا اور ابلیس کا مقصد ان کو بہشت سے نکالنا نہیں بلکہ ان کو مرتبہ علیا سے گرانا مقصود تھا۔ پورا نہ ہوا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى پس اللہ تعالیٰ نے اس کی توبہ قبول کر کے راہِ ہدایت بخشی۔

شیخ صدرالدین قدس سرہٗ فرماتے ہیں: جب آدم علیہ السلام نے ابلیس کو کہتے سنا: مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ تو آدم وحوا علیہما السلام نے اس کے اس قول کی تصدیق کی۔

صاحب الفکوک کو دو اشکال: ۔ صاحب الفکوک فرماتے ہیں کہ دو اشکال ایسے ہیں جن سے نہ میں متنبہ ہو سکا اور نہ ہی کسی اہلِ علم ظواہر و بواطن سے ان کا حل مل سکا۔

۱۔ جب آدم علیہ السلام کو ملائکہ سجدہ کر رہے تھے اور وہ آنکھوں سے دیکھ رہے تھے کہ ان کو ملائکہ پر ترجیح دی جا رہی ہے اور انہیں تمام اسماء کا علم بھی نصیب ہوا اور خلافت سے بھی نوازے گئے اور وصیت حق کا شرف بھی ملا پھر کیسے ان سے مخالفت وقوع میں آئی اور ابلیس کے قول: اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا سے کیوں دھوکا کھا گئے۔

۲۔ انہیں کیوں نہ معلوم ہو سکا کہ جس بہشت کی شریعت نے تعریف فرمائی ہے اس میں جو داخل ہوتا ہے اس سے بھی وہ نہیں نکالا جاتا۔ نیز بہشت کا عالم کون وفساد کو قبول نہیں کرتا کیونکہ اس کی لذات خلود کی مقتضی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بہشت وہ بہشت نہیں جس کی چوڑائی ہفت سموات وارضین ہیں اور جس کی زمین کرسی ہے۔ جو آٹھواں آسمان ہے اور جس کی چھت عرشِ رحمٰن ہے۔ اس بہشت میں جو بھی داخل ہو وہ کون و

marfat.com
Marfat.com

فساد سے محفوظ ہو جاتا ہے کما لا یخفی اور نہ ہی اس کی نعمتیں مقرر وقت تک اور ممکن الانقطاع ہیں کیونکہ وہ ایسا مقام ہے کہ جس میں ایسی معرفت نصیب ہوتی ہے جو حقیقت کو مقتضی ہوتی ہے۔ یعنی ان کی نعمتیں غیر منقطع ہوں، خواہ موت سے یا کسی اور شئے سے۔ کما قال تعالیٰ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ یعنی ایسی نعمتیں جو غیر منقطع اور غیر متناہی ہیں.

نکتہ : بی بی حوا اور آدم علیہما السلام کا حال بنی اسرائیل جیسا ہے کہ ان کے حق میں فرمایا :
قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ الایۃ اسی مناسبت و مشارکت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے سورہ بقرہ میں آدم علیہ السلام کے قصہ کے بعد موسیٰ علیہ السلام کا قصہ بیان فرمایا۔ اگرچہ ان کے مابین بہت طویل مدت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے حال اور فعل کی مناسبت کی رعایت فرمائی اور زمانے کا کوئی اعتبار نہ فرمایا۔ قرآن مجید کے اسرار میں سے ایک یہ بھی ہے۔

سوال : اللہ تعالیٰ نے انسان کو ابتداءً بہشت میں کیوں نہ پیدا فرمایا اور پھر اس کی آزمائش بعد خروج از بہشت کیوں ہوئی؟

جواب : ۱۔ نعمتوں کی تعظیم بندوں پر واجب ہے۔ اگر دنیا میں ابتداءً نہ پیدا کیے جاتے تو بہشت سے ناواقف رہتے۔

۲۔ تاکہ انہیں معلوم ہو کہ بہشت میں ان کا داخلہ جزاء سے ہو نہ کہ ابتداءً۔

۳۔ تاکہ ہم بعد داخلہ زوال سے بچ جائیں۔

۴۔ ہم دنیا میں اسی لیے پیدا کیے گئے تاکہ طیب و خبیث اور مطیع و مخالف کی تمیز ہو۔

صفات جلالیہ کا تقاضا یونہی تھا کیونکہ بہشت مظاہر جلال کا مقام نہیں۔ اگر ہم بہشت میں پیدا ہو کر بہشت میں رہ جاتے تو صفاتِ جلالیہ کا ظہور نہ ہوتا۔ جیسا کہ ملائکہ میں ظاہر نہیں ہوا۔ اسی لیے حکمتِ الٰہی کا تقاضا یونہی ہوا کہ انسان کی پیدائش دنیا میں ہوتا کہ اس میں رحمت و غفران کا ظہور ہو۔ اگر آدم علیہ السلام بہشت میں رہ جاتے تو نصف کمال کا یعنی تجلیات قہریہ ظاہر نہ ہوتیں۔ انسان دنیا میں آیا تاکہ اس سے اسمائے جلال و جمال کے مظاہر کا تحقق ہو۔ پھر اسے عالمِ جنان میں فضائل و کمالات سے کامل و مکمل کر کے لوٹایا جائے۔ اس سے مقصود صرف

marfat.ocm
Marfat.com

یہی تھا کہ خبیث وطیّب کی تمیز ہو جائے۔

نکتہ : اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کی پشت میں مقدر کر چکا تھا کہ سردارِ انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیائے کرام اور دیگر مومنین پیدا ہوں گے اور پھر ان کی مٹی کے ساتھ ہر مومن و کافر کا بھی خمیر ہوا۔ اب انہیں زمین پر بھیجا تا کہ ان سے وہ خارج ہو جائیں جنہیں بہشت میں داخل نہیں ہونا ہے۔

حکایت: شیخ کامل علی ردّہ کشف الکنوز وحل الرموز کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ سیدی ابن نور الدین کرسی پر جامع مسجد میں وعظ فرما رہے تھے کہ اہل ملحد نے حافظ شیرازی کا یہ شعر پڑھ کر ضمناً اعتراض کیا اور جواب کا منتظر تھا:۔

من ملک بودم و فردوس بریں جایم بود　　آدم آوردد ریں دیرِ خراب آبادم

ترجمہ : میں فرشتہ تھا اور فردوسِ بریں میرا قیام تھا آدم مجھے اس ویران دنیا میں لے آئے۔

شیخ صاحب فوراً اس کی مراد کو پہنچ گئے اور بلا تامّل جواب میں فرمایا: ''تو نے آدم علیہ السلام کو بہشت سے نکلوایا اس لیے کہ تو نے فساد والحاد کو ظاہر کرنے کے لئے ان کی پشت مبارک میں ہیجان پیدا کیا۔ پھر وہ اگر بہشت سے نہ نکلتے تو تجھ جیسے فاجر وملحد بہشت میں رہ جاتے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی غیرت کا تقاضا ہوا کہ تجھ جیسوں کو بہشت سے خارج کرنے کے لئے چند ایام آدم علیہ السلام کو دنیا میں بھیج دیا۔

سوال : شیخ بومدین قدس سرہٗ سے پوچھا گیا کہ آدم علیہ السلام بہشت سے کیوں نکالے گئے۔ جب وہ جانتے تھے کہ اکل شجرہ سے روکا گیا ہوں پھر اس کا ارتکاب کیوں کیا؟

جواب : اگر آدم علیہ السلام جانتے کہ مجھ سے سید الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوں گے تو وہ درخت کا ثمر کیا اس کی جڑیں تک کھا جاتے تا کہ زمین میں جلد تر کمالِ محمدی اور جمالِ احمدی کا ظہور ہو۔

سوالِ خلیل اللہ علیہ السلام:۔

الٰہی! تو نے آدم علیہ السلام کو بہشت سے کیوں نکالا؟

جوابِ باری تعالیٰ:۔ اے خلیل! تو حبیب کا شدید جفا نہیں جانتا

marfat.com
Marfat.com

نکتہ : سلسلہ جلوتیہ کے مرجع طریقت شیخ بافتادہ آفندی قدس سرہ' فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام کا دنیا میں تشریف لانے میں راز یہ ہے کہ آدم علیہ السلام جس مرتبہ میں تھے اس سے توحیدی مرتبہ کا شانِ بلند پایا۔ عرض کی: الٰہی! یہی مرتبہ عطا کردے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ مرتبہ آہ وفغان سے ملے گا۔ عرض کی: آہ وفغان مجھے منظور ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بہشت گریہ کا مقام نہیں بلکہ یہ تو سرور ومستی کا مرکز ہے۔ عرض کی: تو پھر مجھے دنیا میں ہی بھیج دے۔ اُن سے اس مرتبہ اعلیٰ کی وجہ سے بطریق حسنات الابرار سیئات المقربین فعل سرزد ہوا جس سے دنیا میں تشریف لائے۔ (کذافی واقعات الھدائی)

تفسیر صوفیانہ

شیخ نجم الدین قدس سرہ 'فرماتے ہیں کہ آدم غلبہ السلام جب محمول العنایۃ اور مسجود الملائکۃ قرار پائے اور ان کے سرِ مبارک پر کرامت کا تاج اور لباس سعادت سے ملبوس اور کمر بند قربت اور گردن میں نزدیکی کا طوق ڈالا گیا تو اس سے فوق کوئی مرتبہ اور آپ جیسا ہم مرتبہ کسی کو نہ پایا تو ہر لحظہ ندا آرہی تھی: ''جب قضا آتی ہے تو تمام راستے بند ہو جاتے ہیں''

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

چُوں قضا آید رود دانش بخواب مہ سیہ گردد بگیرد آفتاب

ترجمہ : جب تقدیر آتی ہے عقل نیند میں چلی جاتی ہے چاند سیہ ہو جاتا ہے اور سورج گرفت میں آجاتا ہے۔

ابھی اسی دور میں تھے کہ ان سے لباس اتار کے ان سے اُنس چھینا جارہا ہے۔ ملائکہ نہایت سختی سے کہہ رہے ہیں کہ ''ابھی بہشت سے نکل جاؤ۔ دیر کی ضرورت نہیں۔ نہ ہی بحث کا وقت ہے'' اپنی تدبیر سے تقدیر کے ہاتھ ان دونوں کو عزت وقرابت سے نکال رہے تھے اور شیطان مسکین اس امر میں یوسفی بھیڑیئے کی طرح تھا کہ اسے یوسف علیہ السلام کا قاتل قرار دے کر اس کے منہ کو جھوٹے خون سے خون آلود کیا گیا حالانکہ بھائیوں نے انہیں کنویں میں گرادیا۔ اسی طرح شیطان کی عدمِ عنایت کی وجہ سے گرفت ہوئی اور اس کی سونڈ کو جھوٹی نصیحت سے خون آلود کیا گیا کہ شیطان نے ان دونوں کو سلامت سے نکال کر ملامت میں، خوشی سے نکال کر غم میں اور نعمت سے نکال کر عذاب میں اور محبت سے نکال کر محنت میں اور قربت سے نکال کر غربت میں اور الفت سے نکال کر کلفت میں اور وصال سے نکال کر فراق میں پہنچا دیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

اس سے قبل حضرت آدم علیہ السلام ہر شئے سے مانوس تھے اور ہر ایک سے دوستی تھی۔اس لیے ان کا نام انسان ہے۔لیکن جب شجرہ محبت کا مزا لیا تو ہر شئے سے غیر مانوس تھے بلکہ ہر ایک کو اپنا دشمن بنالیا۔

مسئلہ : صحیح محبت میں بھی یہی شرط ہے کہ محبوب کے ماسوا کو دشمن بنالے۔

جیسے محبوب حقیقی اپنی عبادت میں کسی دوسرے کو شریک کرنا نہیں چاہتا اسی طرح محبت میں بھی کسی کی شرکت نہیں چاہتا۔اسی لیے فرمادیا:

تفسیر عالمانہ

اِهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ابتداء حضرت خلیل علیہ السلام کا یہی حال تھا کہ چاند، ستارہ اور سورج کو دیکھ کر فرماتے: هٰذَا رَبِّیْ یہ میرا رب ہے۔

لیکن جب شجرہ خلت کا مزہ چکھا تو فرمایا: لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ میں گم ہونے والے کو دوست نہیں رکھتا اور فرمایا: اَنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

وَقُلْنَا اهْبِطُوْا یہ خطاب حضرت آدم اور بی بی حوا علیہما السلام کو ہے اور جمع کی ضمیر اس لیے کہ وہ تمام جنس کے اصل ہیں۔گویا وہ دونوں تمام جنس ہیں۔یا پانچوں کو خطاب ہے، پانچواں مور ہو۔یہ امر اگرچہ ایک کلمہ سے تمام کو شامل ہے لیکن ان سب کا اترنا یکبارگی نہیں تھا۔بلکہ ابلیس تب اترا جب اسے لعنت کا طوق پہنایا گیا اور آدم وحوا علیہما السلام بعد کو اترے۔ہاں یوں کہا جائے کہ ابلیس کو دوبارہ نکالا گیا جب وہ وسوسہ کے لئے داخل ہوا.

ف: اِهْبِطُوْا سے معلوم ہوا کہ حضرت آدم وحوا علیہما السلام جنت الخلد میں تھے جیسا کہ انحدار کے حکم سے ثابت ہو رہا ہے۔کیونکہ انحدار اوپر سے نیچے اترنے کو کہتے ہیں۔اس کے متعلق سابقہ آیات میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے۔

آدم علیہ السلام کی زمین پر رہائش میں کیا حکمت تھی:۔

امام قرطبی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا زمین پر اترنے اور پھر اس پر قیام فرمانے میں حکمت ازلیہ کا تقاضا یہ تھا یہ آپ کی اولاد زمین پر پھیلے اور پھر ان کو مکلف بنا کر ان سے آزمائش کر کے ان پر اُخروی سزا و جزا مرتب کی جائے کیونکہ دوزخ اور بہشت دار التکلیف نہیں۔یہی اصل موجب ہے آدم علیہ السلام کا اکل شجرہ کا پھر بہشت سے نکالے گئے اور زمین پر اتارے گئے۔کیونکہ ان کی پیدائش

marfat.ocm
Marfat.com

زمین سے تھی اور وہ زمین پر اللہ تعالیٰ کے خلیفے بننے والے تھے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے اس سے کون پوچھنے والا خود بھی فرمایا: اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً بیشک میں زمین پر خلیفہ بنانے والا ہوں۔ یہی ان کی بڑی منقبت اور فضیلت و بزرگی ہے۔

مختصر یہ کہ آدم علیہ السلام کا بہشت سے زمین پر تشریف لانا الٹا ان کی بزرگی وفضیلت پر دلالت کرتا ہے اور اولاد کے امتحان کے لئے بھی تھا تا کہ سعید وشقی کے مابین فرق ہو جائے۔ جیسا کہ خلافتِ الٰہیہ کا تقاضا ہے۔ اسی طرح کشف الکنوز میں ہے اکثر مفسرین کی رائے یہ ہے کہ اِهْبِطُوْا بمعنی اِنْزِلُوْا اِسْتِخْفَافاً بِکُمْ زمین پر اترو یہ تمہاری خفّت ہے لیکن بات وہی صحیح ہے۔

مولانا ابن الکمال رسالہ قضاء وقدر میں فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ میں عتابِ دوستانہ ہے نہ کہ رنج وغصہ کا اور بہشت سے زمین پر اترنا۔ اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا کے قبیل سے ہے۔ یہ بھی تکمیل ہے۔ کیونکہ بسا اوقات بُعد بھی قرب ہوتا ہے۔ جیسا کہ شاعر کے قول سے مراد ہے: سَاَطْلُبُ بُعْدَ الدَّارِ عَنْكُمْ لِتَقْرَبُوْا

(ہم تجھ سے دوری اس لیے اختیار کر رہے ہیں کہ تا کہ تم میرے قریب ہو جاؤ)

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ یہ جملہ حال ہے لیکن ضمیر سے واؤ سے مستغنی ہے۔ یعنی ایک دوسرے سے مخالف ہو جاؤ گے اور ایک دوسرے کو گمراہ کرنے کی کوشش کرو گے۔ عَدُوٌّ واحد وجمع ہر دو طرح مستعمل ہے۔ اس لیے اعداء نہیں فرمایا جس طرح ابلیس ان دونوں کا دشمن ہے اسی طرح وہ اس کے دشمن ہیں اور سانپ بنی آدم کا دشمن ہے تو بنی آدم اس کے دشمن ہیں۔ وہ بنی آدم کو ڈستا ہے تو وہ بھی اسے زندہ نہیں چھوڑتے اور اگر ابلیس بنی آدم کو گمراہ کرنے سے باز نہیں آتا تو وہ بھی ہمیشہ لعنتی سے یاد کرتے ہیں۔ اسی طرح بنی آدم کی آپس میں عداوت کا حال ہے۔ مثلاً دنیوی حسد اور دینی اختلاف۔ ابلیس و بنی آدم کا اختلاف چونکہ دینی ہے اس لیے جب تک دین قائم ہے ان کا اختلاف مٹنے والا نہیں اور سانپ کے ساتھ طبعی دشمنی ہے۔ اسی طرح جب تک طبیعت قائم ہے دشمنی قائم ہے۔ پھر ہماری اور ان کی مخالفت مؤکد ہو چکی ہے۔ لیکن فتح ونصرت اس گروہ کو ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہے (یعنی انسان کے ساتھ)

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ: بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ جملہ خبر یہ ہے امر نہیں کہ جس کے حصول میں کوشش کی جائے۔

نکتہ : جب باری تعالیٰ نے لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فی فرمایا تو حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَنَا لَكُمْ عَدُوّ'' شکرِ خدا کہ میں تمہارا دشمن ہوا۔ عَدُوٌّ اس دشمن کو کہتے ہیں جو اپنے مخالف کی ایذاء میں حد سے تجاوز کر کے دکھ پہنچائے۔ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ یعنی زمین پر قرارگاہ یا قبر میں۔

ف: انسان کی قرارگاہیں تین ہیں:

۱۔ماں کا پیٹ۔ **قال تعالیٰ** : فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ یعنی باپ کی پشت میں امانت رکھا گیا۔البتہ اس کی قرارگاہ ماں کا پیٹ ہے۔

۲۔دنیا۔**قال تعالیٰ**: وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ تمہارے لیے زمین میں قرارگاہ۔

۳۔عقبیٰ یا بہشت میں۔**قال تعالیٰ**: اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا دوزخ کس طرح قرارگاہ ہے۔**قال تعالیٰ** : اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا الا یۃ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ بیشک وہ دوزخ تمہاری ٹھہرنے اور رہنے کی جگہ ہے۔ یعنی اسباب جس سے فائدہ اٹھائے اور اس نفع اٹھانا زندگی کے خاتمہ تک ہے۔یعنی موت تک یا قیامت تک۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اِلٰى حِيْنٍ فرما کر آدم علیہ السلام کو خوشخبری سنائی جارہی ہے کہ اس دنیا میں آپ چند روزرہ کر پھر بہشت میں تشریف لائیں گے۔

آدم، حوا علیہما السلام سانپ اور شیطان کے زمین پر اترنے کا واقعہ:۔

جب ان سب کو بہشت سے نکال کر دنیا میں اتارا گیا تو آدم علیہ السلام ہند میں سراندیپ کے پہاڑ پر اترے۔ان کی وجہ سے وہاں کے درخت خوشبوناک ہو گئے کیونکہ آدم علیہ السلام بہشت کی خوشبو ساتھ لائے تھے اور اس وقت بادل آپ کے سر مبارک کو مس کرتا تھا تو اس سے آپ کے بال گر گئے۔آپ کی اولاد کو اسی سے گنجاپن کی بیماری میں مبتلا کیا گیا اور بی بی حوا علیہا السلام جدہ میں آئیں ان کے مابین سات سو فرسخ کا فاصلہ تھا اور مور کو ہند کے کھیتوں میں اور سانپ کو بجستان کا اصفہان کے علاقے میں اور شیطان کو یاجوج وماجوج کی دیوار کے قریب اتارا گیا۔اگر بجستان میں عربدنہ ہوتا تو سانپ کو فنا کر دیتے۔یہی وجہ ہے کہ بجستان میں سانپ بہت زیادہ ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: آدم علیہ السلام کو ہند میں کھیتی باڑی اور دیگر کاروبار میں لگایا گیا اور بی بی حوا حیض اور حمل اور طلاق اور نقصانِ عقل میں مبتلا کی گئیں اور سانپ کے پاؤں کو اس کے پیٹ سے چمٹایا گیا اور اس کی خوراک مٹی مقرر کی گئی اور مور کے پاؤں کو قبیح تر بنایا گیا اور ابلیس کی صورت بھدی بنائی گئی اور اس کو نہایت ذلیل حالت میں رکھا گیا۔

ف: آدم اور حوا علیہما السلام بہشت میں یومِ آخرت کے ایام میں صرف ظہر اور عصر کے مابین کے وقت ٹھہرے اور اس کے ہر یوم کی مقدار دنیا کے ہزار برس کے برابر ہے۔

ف: بہشت میں سانپ آدم علیہ السلام کا خادم تھا لیکن اس نے خیانت کرتے ہوئے شیطان کو پیٹھ پر بٹھا کر بہشت میں پہنچا کر اپنی دشمنی کا ثبوت دیا اور جب دنیا میں اترے تو اب دشمنی اور بڑھ گئی۔ اسی لیے اتارتے وقت کہا گیا تھا کہ تو بنی آدم کا دشمن ہے اور وہ تیرے دشمن ہوں گے۔ جہاں تجھے پائیں گے زندہ نہیں چھوڑیں گے۔

حدیث شریف: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اقتلوا الحیات واقتلوا ذات الطفتین والابتر فانها یخطفان البصر ویسقطان الحمل

(سانپوں کو قتل کرو خصوصاً ابتر اور ذو طفتین کو کہ وہ آنکھ کو چھین لیتے اور حمل گرا دیتے ہیں)

اگرچہ وہ الحیات کے عموم میں داخل تھے اس لیے ان کا خاص ذکر کیا گیا تا کہ اس کے بہت بڑے ضرر پر تنبیہ ہو جائے۔

مسئلہ: جو سانپ گھروں کے سوا جہاں بھی مل جائے مار دیا جائے کیونکہ امر کے عموم اور ظاہری الفاظ سے ایسے معلوم ہوتا ہے۔

مسئلہ: اور سانپ گھروں میں ہوں انہیں مارنا نہیں چاہیے جب تک تین دن نہ گزریں اور اسے گھر سے نکل جانے کے لئے روزانہ کہہ بھی دیا جائے کہ (سانپ جی! نکل جاؤ)

حدیث شریف: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ شریف میں بعض ایسے جن بھی ہیں جو مسلمان ہو چکے ہیں انہیں دیکھو تو مارنے کی کوشش نہ کرو بلکہ ان کو تین دن کی مہلت دو۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: ابن الملک شرح المشارق میں فرماتے ہیں کہ جن چونکہ لطیف جسم والے ہوتے ہیں اسی لیے وہ سانپوں کی شکل میں بھی آجایا کرتے ہیں اور جو جن سانپوں کی شکل میں آتے ہیں ان کو قتل کرنے سے روکا گیا ہے اور جو جن سانپ بن کر آتا ہے وہ سفید، چھوٹا ہوتا ہے اور جب چلتا ہے تو پیچھے نہیں مڑتا۔

مسئلہ: اور صحیح یہی ہے کہ سانپ کو گھروں میں مارنے کی ممانعت صرف مدینہ شریف میں ہی مخصوص نہیں بلکہ تمام بلاد میں ہے۔ جس گھر میں ہوں یہی حکم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ

مسئلہ: جب کوئی گھر میں سانپ دیکھے تو اسے یہ سنوائے: اُنْشِدُكُمْ بِالْعَهْدِ الَّذِیْ اَخَذَهٗ عَلَيْكُمْ نُوْحٌ'' علیہ السلام اُنْشِدُكُمْ بِالْعَهْدِ الَّذِیْ اَخَذَهٗ عَلَيْكُمْ سُلَيْمٰنَ علیہ السلام اَنْ لَّا تُؤْذُوْنَا اس دعا کے بعد بھی سانپ اگر گھر کو نہ چھوڑیں تو مار دینا جائز ہے۔ سانپ اور بچھو سے بچنے کے لئے پڑھیے: سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے حفاظت ہوگی۔

مسئلہ: ہر جانور کی فطرت یہ ہے کہ وہ ایذا دے پس موذی کو قبل از ایذا قتل کر دینا جائز ہے۔ جیسے سانپ، بچھو اور چوہا اور چھپکلی وغیرہ۔ (اس پر تمام امت کا اتفاق ہے)

مسئلہ: حواشی الجنات علی الھدایہ میں ہے کہ حیوان کا قتل کرنا دو طرح سے ہے:

۱۔ ضرر دفع کرنے کے لئے۔ ۲۔ نفع حاصل کرنے کے لئے۔

مسئلہ: مذکورہ علت کی بنا پر شہد کی مکھی اور ریشم کے کیڑے وغیرہما کو اگر قتل کیے بغیر ان سے نفع حاصل کرنا ممکن نہ ہو تو ان کو قتل کرنا جائز ہے۔

ف: سانپ کی جبلی فطرت خیانت ہے کہ اس نے آدم علیہ السلام سے خیانت کرتے ہوئے اس کے دشمن ابلیس کو اپنے جبڑوں کے اندر چھپا کر بہشت میں لایا۔ اگر وہ آدم علیہ السلام سے ڈر کر ابلیس کا ساتھ نہ دیتا تو وہ کبھی بہشت میں نہ آتا اور ابلیس نے سانپ کو کہا تھا کہ تو کوئی فکر نہ کر تیری ذمہ داری میرے اوپر رہے گی۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سانپ کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔

حدیث شریف: اُقْتُلُوْهَا وَاِنْ كُنْتُمْ فِی الصَّلٰوةِ یعنی سانپ اور بچھو کو جہاں پاؤ قتل کر دو اگرچہ نماز کی

marfat.otm
Marfat.com

حالت میں ہو۔

ف: چھپکلی دیگر جانوروں کے مابین ابراہیم علیہ السلام کی آگ پر پھونک مارتی تھی اس لیے ملعون ٹھہری۔

حدیث شریف: میں ہے جس نے چھپکلی کو قتل کیا گویا اس نے کافر کو قتل کیا۔

ف: چھپکلی زہردار جانوروں سے ہے۔اسی لیے طعام اس کے منہ لگانے سے خراب ہوجاتا ہے۔ورنہ نمکین تو ضرور ہوجاتا ہے۔اگر طعام کو خراب کرنے کا اسے موقعہ نہیں ملتا تو چھتوں پر چڑھ کر طعام کے بالمقابل گندگی ڈالنے کی کوشش کرتی ہے۔بسا اوقات اس طریق سے کامیاب بھی ہوجاتی ہے۔

ف: اشیاء کو کاٹنا چوہے کی فطرت ہے۔چنانچہ جب نوح علیہ السلام کی کشتی میں سے دنیا کی خبر لانے کے لئے بھیجا تو وہ مردار پر ٹوٹ پڑا اور وہاں مست ہوگیا۔

مسئلہ: گدھ اور تمام درندے (پھاڑ کھانے والے) اور باؤلا کتا، تمام کا حکم سانپ کی طرح ہے۔

مسئلہ: اُقتلوا کا امر ارشادی ہے۔یعنی ان کے ضرر کو دفع کرنے کے لئے انہیں قتل کیا جاتا ہے۔حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

سنگ بردست و ما بر سنگ　　خیرہ رائے بود قیاس و درنگ

ترجمہ: سانپ کو فوراً پتھر مار کر مار ڈالو اس میں دیر کرنا بیوقوفی ہے۔

اور فرماتے ہیں: ؎　ترحم بر پلنگ تیز دنداں　　ستمکاری بود بر گوسفنداں

ترجمہ: تیز دانتوں والے چیتے پر رحم کرنا بکریوں پر ظلم کرنا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ محبت کا سانپ آدم علیہ السلام کے دل میں بیج کی طرح مستقر ہوا تو اس کی ذات کی قرارگاہ قلب کو اور زمین کو اس کے جسم کی جائے قیام قرار دی گئی۔ اس لیے فرمایا: وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ یعنی محبت کے بیج کو طاعات اور عبودیت کے پانی سے ملا کر ثمرہ معرفت کے حصول تک نفع اٹھاتے رہو۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر فرمایا: ثُوْنِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا اور محقق بات یہ ہے کہ مخلوق کا ثمر صرف معرفتِ الٰہی ہی ہے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ یعنی جن وانس کو صرف معرفت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔معرفت کا ثمر اگرچہ

marfat.com
Marfat.com

عبادت کی ٹہنیوں پر ظاہر ہو جاتا ہے لیکن اس کی جڑ دراصل محبت کے بیج سے ہی ہے۔ جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ داؤد علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے التجا کی کہ یا اللہ! تو نے مخلوق کو کس لیے پیدا کیا؟ تو اللہ تعالیٰ نے جواب دیا: میں ایک مخفی خزانہ ہوں، میں نے اپنی معرفت کے لئے مخلوق کو پیدا کیا مولانا روم قدس سرہ، مثنوی شریف میں فرماتے ہیں: ؎

آفتابِ معرفت را نقل نیست　　مشرق او غیر جان و عقل نیست

ترجمہ: معرفت کے آفتاب کی نقل نہیں اس کا مشرق سوائے جان و عقل کے نہیں۔

تفسیر عالمانہ

فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَـ دلالت کر رہی ہے کہ توبہ مامور بہ کے تحقق سے پہلے اور ہبوط کے امر کے بعد قبول ہوئی۔ اسی لیے قرطبی علیہ الرحمہ نے فرمایا: ''آدم علیہ الرحمہ کی توبہ پہلے قبول ہوئی۔ پھر بعد کو زمین پر اُترے۔

اِهْبِطُوْا کو دوبارہ لانے میں بھی اسی طرف اشارہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہبوط کا امر حقارت یا کسی رنج و غصہ کی وجہ سے نہیں تھا۔ کیونکہ توبہ قبول ہونے کے بعد رنج و غصہ کا ہے کا'' خلاصہ یہ ہے کہ آدم علیہ الرحمہ زمین پر بعد میں اترے ان کی توبہ پہلے قبول ہوئی۔ **تلقی الکلمات** کا معنی ہے ان کو حاصل کرنے کی طرف متوجہ ہوئے اور قبول ہو گئے اور جب انہیں جان لیا تو ان پر عمل کرنے کی توفیق مل گئی۔

سوال: وہ کلمات کون سے تھے؟

جواب: وہ کلمات وہی تھے جو اللہ تعالیٰ نے خوب بیان فرمائے یعنی رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ الایۃ حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ؎

زاہد درداشت سلامت نبرد راہ　　باندازرہِ نیاز بدارالسلام رفت

ترجمہ: زاہد کو غرور تھا اس لیے سلامت نہ جا سکا۔ ہاں راہِ نیاز اختیار کرنے سے دارالسلام نصیب ہوتا ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ محبوب وہ کلام ہے جو بابا آدم علیہ السلام نے پڑھا۔ یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔

marfat.ocm
Marfat.com

وسیلہ نبوی علٰی صَاحبها السلام :۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام نے کہا: بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَنْ تَغْفِرْلِیْ (اے اللہ! مجھے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل بخش دے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَکَیْفَ عَرَفْتَ مُحَمَّداً صلی اللہ علیہ وسلم (اے آدم! تو نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے پہچانا) آدم علیہ السلام نے کہا: لَمَّا خَلَقْتَنِیْ وَنَفَخْتُ فِی الرُّوْحِ فَتَحْتُ عَیْنِیْ فَرَأَیْتُ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَعَلِمْتُ اَنَّهٗ اَکْرَمُ الْخَلْقِ عَلَیْکَ حَتّٰی رَأَیْتُ اِسْمَهٗ بِاِسْمِکَ (اے اللہ! جب تو نے مجھے پیدا کر کے میرے اندر روح پھونکی تو میں نے آنکھ کھول کر عرش پر لکھا دیکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس سے مجھے معلوم ہوا کہ وہ تیرے ہاں تمام مخلوق سے برگزیدہ ہیں کہ ان کے اسم گرامی کے ساتھ تیرا نام لکھا ہوا ہے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: نَعَمْ (ہاں، ایسے ہی ہے)

ف: آدم علیہ السلام کی توبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسمِ گرامی کے طفیل قبول ہوئی۔

ف: بعض کے نزدیک کلمات سے وہ کلمات مراد ہیں کہ جب آدم علیہ السلام بہشت سے نکلے تو اللہ تعالیٰ سے کہا: یَا رَبِّ اَلَمْ تَخْلُقْنِیْ بِیَدِکَ مِنْ غَیْرِ وَاسِطَةٍ۔ (اے اللہ! کیا تو نے مجھے بلاواسطہ پیدا نہیں فرمایا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہاں ایسے ہی ہے۔

پھر کہا: یَارَبِّ اَلَمْ تَسْکُنِّی جَنَّتِکَ (اے اللہ! کیا تو نے مجھے اپنے بہشت میں نہیں ٹھہرایا)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہاں ایسے ہی ہے۔

پھر کہا: یَارَبِّ اَلَمْ تَسْبِقْ رَحْمَتُکَ غَضَبِکَ

(اے اللہ! کیا تیرے غضب سے تیری رحمت سبقت نہیں کر گئی)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہاں، ایسے ہی ہے۔

پھر کہا: یَارَبِّ اَرَأَیْتَ اَنْ اَصْلِحَتْ وَرَجَعْتُ وَتُبْتُ اُرَاجِعُ اَنْتَ اِلَی الْجَنَّةِ

(اے اللہ! کیا ہو سکتا ہے اگر اپنی اصلاح کر کے تیری طرف رجوع کر لوں
اور اپنے کیے کی معافی مانگ لوں پھر تو مجھے بہشت میں جانے دے گا)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ضرور، ایسے ہی ہو گا۔

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ یہ کہ کلمات سے عہود انسانیہ اور مواثیق آدمیہ اور وہ مناجات جو بندہ رب سے کرتا ہے۔ جیسا کہ آدم علیہ السلام نے معصیت سے توبہ کر کے گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے اپنی خطاء وسہو کا عذر پیش کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا۔

فَتَابَ عَلَيْهِ یعنی آدم علیہ السلام کی توبہ اپنی رحمت سے قبول فرمائی۔ توبۃ": دراصل رجوع کو کہتے ہیں، جب وہ بندہ کی طرف منسوب ہو تو بمعنیٰ گناہوں سے طاعت کی طرف رجوع کرنا اور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہو تو بمعنیٰ عقوبت سے مغفرت کی طرف رجوع فرمانا۔

ف: فاء میں اس طرف اشارہ ہے کہ کلمات کے حصول میں ہی توبہ کی قبولیت مضمر تھی۔

توبہ کی شرائط

۱۔ گناہ سے توبہ کے وقت سخت ندامت ظاہر کرے۔

۲۔ گناہ کو اب اور آئندہ بھی تادمِ زندگی چھوڑنے کا پختہ عزم کرے۔

۳۔ حقوقِ عباد واپس کرے۔

۴۔ اپنے خصم کو راضی کرے۔ زبان سے دکھ پہنچایا ہے یا ہاتھ سے، ہر طرح سے معافی مانگے۔

ف: بی بی حوا علیہا السلام کا ذکر آدم علیہ السلام کے ذکر میں تبعاً آ گیا۔ کیونکہ بی بی حوا بابا آدم علیہما السلام کی تابع تھیں۔ اسی لیے قرآن وحدیث میں اکثر جگہ عورتوں کا ذکر نہیں آیا۔ وہاں بھی تبعاً مردوں کے حکم میں ہیں۔ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ بندوں کی مغفرت کی طرف بہت رجوع کرنے والا۔ یا بندوں کی توبہ پر زیادہ مدد دینے والا الرَّحِيْمُ بہت رحم کرنے والا۔ ان دو وصفوں کو یکجا بیان کرنے میں تائب کو عفو وغفران کے بہت بڑے وعدے سے نوازا جا رہا ہے۔ یہ جملہ فَتَابَ عَلَيْهِ کے لئے تعلیل ہے۔ مولانا روم مثنوی شریف میں فرماتے ہیں۔

مرکب توبہ عجائب مرکبیست — بر فلک تا بد بیک لحظہ زپست

چوں برآرند از پشیمانی انیں — عرش لرزد از انیں المذنبیں

ترجمہ: ۱۔ تیرا گھوڑا عجائبات سے مرکب ہے ایک ہی منٹ میں آسمان تک پہنچ جاتا ہے۔

۲۔ جب وہ پریشانی سے روتے ہیں تو گنہگاروں کے رونے سے عرش لرز جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حوا و حضرت آدم علیہما السلام بہشت کی نعمتوں کے چھن جانے سے دوسو سال روتے رہے۔ چالیس روز کچھ کھایا نہ پیا اور سو سال آدم علیہ السلام بی بی حوا علیہا السلام کے قریب نہ گئے۔

ف: شہر بن حوشت فرماتے ہیں کہ مجھے ایک روایت ملی ہے کہ جب آدم علیہ السلام زمین پر اترے تو اللہ تعالیٰ کے حیا سے تین سو سال اوپر سر نہ اٹھایا۔ اگر تمام زمین کے آنسو جمع کیے جائیں تو داؤد علیہ السلام کے آنسوؤں کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ پھر داؤد علیہ السلام اور تمام روئے زمین کے آنسو ملائے جائیں تو آدم علیہ السلام کے آنسوؤں کے سامنے کچھ نہیں ہوں گے۔

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

چوں خدا خواہد کہ با یاری کند — میل ما را جانب زاری کند

اے خنک چشمے کہ آں گریان اوست — اے ہمایوں دل کہ آں بریان اوست

آخر ہر گز بہ آخر خندہ ایست — مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

باش چوں دولاب نالاں چشم تر — تا ز صحن جاں بروید خضر

ترجمہ ۱۔ جب اللہ تعالیٰ کسی سے یاری کا ارادہ کرتا ہے تو ہماری طبیعت میں زاری کا میلان پیدا فرما دیتا ہے۔

۲۔ وہ آنکھ خوش قسمت ہے جو گریہ کرتی ہے، وہ دل مبارک ہے جو اس کے دل میں ہے۔

۳۔ انجام بکار خوشی حاصل ہوتی ہے، بخیر انجام پر نظر رکھنے والا شخص مبارک ہے۔

۴۔ دولاب کی طرح روتا رہ تا کہ دل کے صحن میں روحانی سبزی پیدا ہو۔

تنبیہ: ۱۔ جب یہ معمولی خطا والے کا کام ہے تو جو گناہوں میں غرق ہوا سے کیسے کرنا چاہیے۔

۲۔ توبہ صابن کی طرح ہے۔ جیسے صابن ظاہر میل کچیل دور کرتا ہے اسی طرح توبہ باطنی خرابیوں کو صاف کر دیتی ہے

۳۔ جب بندہ گناہوں سے رجوع کر کے اپنا حال درست بنائے تو اللہ تعالیٰ بھی اس بندے کا حال اچھا کر دیتا ہے اور چھینی ہوئی نعمت لوٹا دیتا ہے۔

حکایت: حضرت ابراہیم بن ادھم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے ایک مرد نے بکرے کے

marfat.ocm
Marfat.com

سامنے اس کا بچہ ذبح کیا تو فوراً ہی اس کا ہاتھ سوکھ گیا۔ ابھی اس حال میں بیٹھا ہی تھا کہ چڑیا کا بچہ گھونسلے سے گر کر نیچے آپڑا۔ بچے کی ماں بچے کے اردگرد گھومتی پھر رہی تھی اس نے مرد نے اٹھ کر بچے کے گھونسلے میں اسے رکھ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے ہاتھ کو تندرست کر دیا۔ اس سے نتیجہ نکلا کہ نیکی کرنے سے خطائیں معاف ہو جاتی ہیں۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ ہے کہ وہ پہلی انگوری جو محبت کے دانے سے الہاماتِ ربانیہ کی بارش نے قلب آدم میں بوئی گئی وہ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ تھی کیونکہ آدم علیہ السلام اپنے نورِ ایمان سے بہت زیادہ باخبر تھے کہ وہ ظالم لنفسہ ہیں۔ جب انہوں نے محبت کا دانہ کھایا اور محنت و مذمت کے جال میں پھنسے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ان کی کوئی امداد نہ کی جس کی وجہ سے بشریت کی پستی میں جا گرے اور وہ سعادت ازلیہ کہ جس کی استعداد رکھتے تھے وہ بھی چھین لی گئی اس کے بعد اصلی مقام تک نہ پہنچ سکے۔ آخر اللہ تعالیٰ سے فریاد کی اور کہا: رَبَّنَا ظَلَمْنَآ الخ اور اس کے ہبوط میں بھی یہی حکمت تھی کہ وہ مضطرب ہو کر اپنے مالک کو یاد کریں۔ پھر وہ اسے مضطرب دیکھ کر جواب دے اور سابقہ عنایات کی طفیل لطف فرمائے اور اپنی رحمت کی بارش برسائے یعنی توبہ قبول فرمائے اس لیے کہ وہ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ہے۔ کلمات کی انگوری سے اجتباء کا درخت پیدا فرمایا اور اس درخت پر توبہ کے شگوفے اگائے اور ہدایت کے ثمر سے اسے ثمر کیا۔ یعنی اپنی معرفت عنایت فرمائی جیسے کہ خود فرماتا ہے: ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى

تفسیر عالمانہ

قُلْنَا یہ نیا جملہ ہے ایک سوال کے جواب میں واقع ہوا ہے۔ گویا کسی نے پوچھا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو توبہ کے بعد کیا حکم ہوا تو فرمایا ہم نے: اهْبِطُوْا مِنْهَا اتر جاؤ بہشت سے۔ جَمِيْعًا سب کے سب۔ جمع کی ضمیر سے حال ہے۔ جماعت (یعنی آدم و حوا علیہما السلام اور سانپ و مور) کے معنیٰ کے لئے تاکید ہے۔ گویا کہا گیا کہ تم سب اتر جاؤ۔ اس سے بیک وقت ان سب کی یکبارگی اترنا ثابت نہیں ہوتا۔ اهْبِطُوْا کے تکرار نے بتایا ہے کہ جو اس کا مقتضیٰ ہے وہ ضرور وقوع پذیر ہوا۔

تنبیہ: ہے کہ آدم علیہ السلام عنقریب توبہ کے پیچھے پڑیں گے اور ان کو معافی بھی مل جائے گی یا اس لیے کہ اهْبِطُوْا کے حکم سے ان کو زمین پر چلے جانے کے لئے ہے کہ وہاں جا کر بسیں گے لیکن اس میں ہمیشہ نہیں

marfat.ocm
Marfat.com

رہیں گے۔ دوسرے اِهْبِطُوْا سے اشارہ ہے کہ ان کو دنیا میں مکلف بنا کر ٹھہرانا ہے۔ مختصر یہ کہ ان دونوں سے مقصود علیحدہ علیحدہ ہے۔ بہتر یہ ہے کہ ان کو قریب قریب ذکر کیا جاتا۔ لیکن درمیان میں جملہ معترضہ تلقی الکلمات اور قبول توبہ کا ذکر فرمایا۔ پھر جب اِهْبِطُوْا کا تکرار ہوا تو سابقہ مضمون کا ربط نہ ٹوٹا۔ یعنی عبادات کا مکلف بنانا اور نیکی سے نجات دینا اور گناہوں پر سزا۔ ارشاد میں ہے کہ دوسرا اهبطوا ایتاء هُدًی کے وعدہ سے مقرون ہے جو کہ نجاتِ ابدی کی طرف پہنچانے والا ہے اور جو اس میں وعید عقاب ہے وہ ذاتی طور مقصود نہیں بلکہ وہ تو بندے کے برے اختیار کی وجہ سے لازم ہو جاتا ہے۔

تنبیہ: آیت سے ثابت ہوا کہ برے عمل سے نعمت چھین لی جاتی ہے کیونکہ بابا آدم علیہ السلام کی ایک خطا سے ان کو بہشت سے باہر بھیجا گیا۔ اس لیے شاعر نے فرمایا:

اِذَا تُمَّ اَمْرٌ فانقضه توقع زوالا قیل تم

اذا کنت فی نعمة فارعها فان المعاصی تنزیل النعم

ترجمہ: جب کوئی کام مکمل ہو جاتا ہے تو اس کا نقص بھی قریب ہو جاتا ہے۔ جب کہا جائے کہ کام مکمل ہو گیا تو اس کے زوال کا انتظار کرو۔ جب تجھے کوئی نعمت نصیب ہو جائے تو اس کی حفاظت کر۔ کیونکہ معاصی نعمتوں کو ملیا میٹ کر دیتے ہیں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ اگر تمہارے پاس آئے۔ فا ترتیب کے لئے ہے جو اپنے مابعد کو اِهْبِطُوْا کے امر سے مرتبط کر رہی ہے۔ هُدًی نبی علیہ السلام اور کتاب کے ذریعے رشد و ہدایت اور شریعت کا بیان تمہیں نصیب ہو گا اور یہ خطاب آدم علیہ السلام اور شیطان کو ہے۔ ضمناً ان کی اولاد مراد ہے۔ شرط کا جواب شرط ثانی مع جواب شرط اول کا جواب ہے اور نیز قولہ تعالیٰ: فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ پس جس نے میری شریعت کی اقتداء کی۔

سوال: هُدًی کا تکرار نہ ہونا چاہیے تھا بلکہ اس کے لئے ضمیر لائی جاتی۔

جواب: دوسری ہدایت عام ہے۔ یعنی وہ احکام جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لائے۔ اقتصادیات و عملیات یا وہ احکام جن کے لئے عقل مقتضی ہو۔ یعنی جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے احکام کی تابعداری کی وہ احکام جو دلائل آفاقیہ و انفسیہ کے علاوہ عقل کے تقاضا کے مطابق ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

فَلَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ یعنی دونوں جہانوں میں ان کو مکروہ امر سے کوئی خوف نہیں وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ اور نہ ان سے ان کو کوئی خطرہ ہے کہ جو مطلوب فوت ہو گیا۔

ف: خوف کا اطلاق متوقع امر پر ہوتا ہے اور حزن کا واقعہ پر۔ یعنی ان پر ایسے عوارض وارد نہیں ہوں گے جو خوف وحُزن کے موجب ہوں یہ معنیٰ نہیں کہ خوف وحزن کے اسباب ان پر وارد تو ہوتے ہیں لیکن وہ خائف ومحزون نہیں ہوتے اور یہ معنیٰ بھی نہیں کہ ان پر کبھی خوف وحزن وارد ہوتا ہے بلکہ وہ ہمیشہ مسرور ومفروح رہتے ہیں۔ یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے جبکہ ان پر اللہ تعالیٰ کے جلال کا خوف ہر وقت طاری ہے۔ اسی وجہ سے وہ ہمیشہ حقوقِ عبودیت میں سرگرم رہتے ہیں اور یہ کام خواص ومقربین کا ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَمَنْ تَبِعَ پر عطف ہے۔ گویا معنیٰ یہ ہیں کہ فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ الخ ومن لم يتبع الخ

سوال: ومن لم يتبع کو چھوڑ کر وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ کیوں فرمایا؟

جواب: تاکہ ضلالت کے حال کے تقطیع ہو جائے اور اس کے کمال قبح کا اظہار ہو جائے اسم موصول جمع لانے میں اس طرف اشارہ ہے کفار بکثرت ہیں۔ یعنی وہ کفار جنہوں نے ہمارے رسولوں کے ساتھ کفر کیا۔

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ یعنی جو کتابیں ہم نے ان کی طرف بھیجیں ان کو جھٹلایا۔ اُولٰٓئِكَ اس کا اشارہ الَّذِيْنَ موصول کی طرف ہے باعتبار اس کے کہ وہ کفر وتکذیب سے موصوف ہے کہ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا اس کا صلہ واقع ہوئے ہیں۔

اَصْحٰبُ النَّارِ یعنی دوزخ سے ایسی ملازمت وملابست کرنے والے کہ کبھی بھی ان سے جدا نہیں ہوتے۔ چونکہ صحبت میں میل جول ہوتی ہے۔ ان پر وہی اطلاق کیا گیا کہ یہ لوگ اس میں ہمیشہ گزریں گے گویا کہ اس کے مالک ہو کر اس میں ہمیشہ کی زندگی بسر کریں گے۔ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ وہ کفار اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ جملہ نصب کے سابقہ جملہ کا حال ہے۔

مسئلہ: ان دو آیتوں سے معلوم ہوا کہ بہشت اوپر کی جانب ہے۔ جیسے اهْبِطُوْا مِنْهَا سے ثابت ہو رہا ہے۔

مسئلہ: جو ہدایت کے متبع ہیں ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

مسئلہ: دوزخ کا عذاب دائمی ہے اور کفار اس میں ہمیشہ رہیں گے اور کافر کے بغیر اور کوئی اس میں ہمیشہ نہیں ٹھہرے گا جیسے هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ سے پتا چلا کیونکہ یہ جملہ حصہ کا فائدہ دیتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : شرف وبزرگی اتباعِ ہدایت میں ہے۔جیسا کہ شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا ؎

سگ اصحاب کہف روزے چند پئے نیکاں گرفت مردم شد

ترجمہ : اصحابِ کہف کے لئے نیکوں کا دامن پکڑا،ان کی صحبت میں رہا تو مرد بن گیا۔

تنبیہ : مؤمن اگر اطاعت کرے گا تو بہشت میں داخل ہوگا۔اگر نافرمانی کرے گا تو دوزخ میں جائے گا۔ تعجب ہے کہ جمادات اور دیگر غیر مکلّف چیزیں تو اللہ تعالیٰ کے خوف سے خائف رہتی ہیں اور ان کے حقوق کی پابندی کرتی ہیں لیکن مکلّف بندے عموماً غفلت میں رہتے ہیں۔

حکایت: حضرت مالک بن دینار علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میرا ایک لڑکے کے پاس سے گزر ہوا جو مٹی سے کھیل رہا تھا کبھی ہنستا اور کبھی روتا تھا۔میرا ارادہ ہوا کہ اسے السلام علیکم کہوں لیکن نفس نے تکبر دلا کر روکا کہ تو اتنا بڑا، تیرے لیے اس چھوٹے سے بچے کو سلام کرنا درست نہیں۔میں نے کہا: اے نفس! تجھے معلوم نہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر چھوٹے بڑے کو "السلام علیکم" فرماتے تھے۔میں نے لڑکے کو کہا: السلام علیکم لڑکے نے کہا: وعلیک السلام ورحمة اللہ وبرکاته یامالک بن دینار میں نے اسے کہا کہ تو نے مجھے کیسے پہچان لیا، حالانکہ اس سے قبل تو نے مجھے کبھی دیکھا بھی نہیں۔اس نے کہا آپ کی اور میری روح کی روزِ میثاق ملاقات ہوئی تو میرا اور آپ کا ایک دوسرے سے اللہ تعالیٰ نے تعارف کرایا۔میں نے کہا: بیٹے! بتایئے، عقل اور نفس میں کیا فرق ہے؟ اس نے کہا: تیرے نفس نے تو السلام علیکم سے روکا۔لیکن تیری عقل نے تجھے اس عنایت سے سرفرازی بخشی میں نے کہا: پھر مٹی سے کیوں کھیل رہا ہے؟ جواب دیا: اس لیے کہ ہم اس سے پیدا ہوئے اور اسی میں دفن ہوں گے۔میں نے کہا: کبھی روتے اور کبھی ہنستے ہو، اس کی کیا وجہ؟ اس نے کہا: جب اللہ تعالیٰ کا عذاب یاد کرتا ہوں تو رونے لگ جاتا ہوں اور جب مجھے اللہ تعالیٰ کی رحمت یاد آجاتی ہے تو ہنسنے لگ جاتا ہوں۔

میں نے کہا: بچے! تو تو گناہوں سے پاک ہے پھر رونے کا کیا معنیٰ ؟

اس نے کہا: میں نے اپنی امی جان کو آگ جلاتے دیکھا کہ وہ آگ میں پہلے چھوٹی لکڑیاں ڈالتی تھی بعد میں بڑی

مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ؎

طفل یک روزہ ہمیں داند طریق کہ بگیریم تا رسد دایہ شفیق

marfat.ocm
Marfat.com

تو نمے دانی کہ دانہ رائیگاں　　کم دہد بے گریہ شیر اورا ئیگاں

گفت فلیبکوا کثیرا گوش دار　　تا بریزد شیر فضل کردگار

ترجمہ:۱۔چھوٹا بچہ یہ جانتا ہے کہ روؤں گا تو ماں دودھ دے گی۔ ۲۔تو نہیں جانتا کہ دانہ ضائع ہو رہا ہے اور بچہ جانتا ہے کہ رونے سے دودھ ملے گا۔ ۳۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا زیادہ روؤ تا کہ فضل الٰہی کی بارش ہو۔

جب آدم علیہ السلام کو زمین پر اترنے کا حکم ملا تو ساتھ ہی خوشخبری سنائی کہ میرے اور آپ کے مابین رابطہ الہام اور وحی کے ذریعے قائم رہے گا اور تیری اولاد سے ہدایت منقطع نہیں ہوگی۔انبیاء علیہم السلام اور کتابیں بھیج کر ان کی رہبری کرتا رہوں گا۔اس کے بعد جب میری ہدایت انہیں پہنچے تو انہوں نے اگر میری ہدایت قبول کر کے تابعداری کی جیسے آدم علیہ السلام نے توبہ سے اور نوح علیہ السلام نے بکاء واستغفار سے تابعداری کی اور جس نے محبت کے بیج بو کر اطاعت اور بندگی سے تربیت کی یہاں تک کہ توحید اور معرفت کا ثمر نکل آئے تو مستقبل میں ان پر کوئی خوف نہیں کہ محبت کے بیج میں صفاتِ حیوانیہ وسبعیہ افساد کا وبال آجائے یا استعداد سعادت ابدیہ، تمتعاتِ دنیویہ کی وجہ سے باطل ہو جائے اور نہ ان کو کوئی غم اور نہ حزن نیچے اترنے میں ہے کیونکہ ان کے محبت کے بیج تربیت یافتہ ہیں کیونکہ لوگ تو جذبا عنایت اور ہدایت کے تابع ہو کر خطائر قدس کے اعلیٰ مرتبہ کو پہنچے ہوئے ہیں۔جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی اور بیشک اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر ان لوگوں کا ذکر کیا گیا جنہوں نے ان کی ہدایت سے کفر کیا اور اپنا ٹھکانہ جہنم کو بنایا وہ یہ ہیں۔سے کفر کیا اور اپنا ٹھکانہ جہنم کو بنایا وہ یہ ہیں وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا یعنی جنہوں نے تعلقات شہوات نفسانیہ سے محبت کے بیج کو چھپایا اور جہالتِ انسانیہ کی وجہ سے آیات بینات کی تکذیب کر کے استعداد فطری کو ضائع کر دیا۔ وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا یعنی انبیاء علیہم السلام کے معجزات اور کتابوں کی تکذیب اور انبیاء علیہم السلام وحی، الہام اور اس رُشد کی تکذیب کی حالانکہ ان سے محبت کے بیج کی تربیت ہوتی ہے اور توحید ومعرفت اور بلند درجات کو پہنچا اور نعیم جنات اور عرفات کو حاصل کرنے سے شجرِ انسانیہ باثمر ہوتا۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا یعنی نارِ جہنم اور نارِ ہجر میں خٰلِدُوْنَ ہمیشہ رہیں گے کیونکہ وہ خود دنیا میں شہواتِ نفسانیہ کے پیچھے پڑے رہے۔شریعت کے پانی سے ان کی محبت کا بیج انگوری نہ دے سکا جس کی وجہ سے درجات جحیم اور خسرانِ عظیم میں ہمیشہ ہمیشہ رہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا

اے یعقوب کی اولاد یاد کرو میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا اور میرا

بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۴۰﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ

عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا اور خاص میرا ہی ڈر رکھو۔ اور ایمان لاؤ اس پر

اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا

جو میں نے اتارا اس کی تصدیق کرتا ہو جو تمہارے ساتھ ہے اور سب سے پہلے اس کے منکر نہ بنو اور میری آیتوں کے

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۠ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ

بدلے تھوڑے دام نہ لو اور مجھی سے ڈرو۔ اور حق سے باطل نہ ملاؤ اور دیدہ

تَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

دانستہ حق نہ چھپاؤ۔ اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ

اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔ کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور

اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ

اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو تو کیا تمہیں عقل نہیں۔ اور صبر اور

وَالصَّلٰوةِ ۭ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَي الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ ۙ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ

نماز سے مدد چاہو اور بیشک نماز ضرور بھاری ہے مگر ان پر نہیں جو میری طرف جھکتے ہیں۔ جنہیں یقین ہے

اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾

کہ انہیں اپنے رب سے ملنا ہے اور اسی کی طرف پھرنا

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ بنون کا لفظ مرد وزن دونوں کے لئے مستعمل ہے جب وہ کہیں یکجا واقع ہوں۔ اِسْرَآءِیْلَ یعقوب علیہ السلام کا نام ہے۔ اِسْرَآءِیْلَ کا معنی ہے عبداللہ۔ کیونکہ اِسْرَآء لغت عبرانیہ میں (اور یہی یہودیوں کی لغت ہے) بمعنی عبد، اور اِیل بمعنی اللہ۔ یعنی اے یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔ یہ خطاب ان یہودیوں کو ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں موجود تھے جو مدینہ طیبہ کے ارد گرد بنو قریظہ اور بنو نضیر وغیرہ تھے اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے تھے۔

سوال : صرف ان کے ذکر کرنے کی کیا تخصیص ہے؟

جواب : وہ لوگ اس وقت نعمتوں سے مالا مال تھے اور نعمت کا کفران بھی ان میں زیادہ تھا۔

اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ ذُکْر " بضم الذال ، دل کے یاد کرنے سے مختص ہے۔ یعنی وہ حفظ جو نسیان کی ضد ہے اور ذِکْر "بالکسر عام ہے خواہ دل سے ہو یا زبان سے۔ اس میں حکم ہو رہا ہے کہ نعمت کا شکریہ دل سے بھی کرو اور زبان سے بھی۔ اذْکُرُوْا بمعنیٰ اِحْفَظُوْا وَاشْکُرُوْا بِاللِّسَانِ نِعْمَتِیْ (یعنی میری نعمت کو دل میں محفوظ رکھو اور زبان سے شکریہ ادا کرو) کیونکہ نعمت اسمِ جنس بمعنیٰ جمع ہے ہر قسم کی نعمت پر اس کا اطلاق ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ اس میں اشارہ ہے کہ انہوں نے نعمتوں کو ایسا بھلا دیا تھا کہ کبھی بھی ان کے دل پر اس کا خیال نہیں گزرتا تھا۔ یہ مطلب نہیں کہ وہ ادائیگی شکر میں تساہل کرتے تھے۔ نِعْمَةَ کو عَلَیْکُمْ سے اس لیے مقید کیا کہ انسان فطرۃً غیر تمند اور حاسد ہے جب کسی دوسرے کو نعمت سے مالا مال دیکھتا ہے تو اسے غیرت اور حسدِ کفران نعمت اور رنج وغصہ پر ابھارتے ہیں۔

حدیث شریف : میں ہے اپنے سے زائد نعمت والے کو نہ دیکھو تا کہ تمہیں پریشانی نہ ہو اور نعمتِ الٰہی سے روحانی نسخے کی ناقدری نہ ہو کیونکہ جس نے اپنے اوپر نعمت کی وجہ سے دیکھا تو اسے نعمت کی محبت رضامندی اور شکر کی ادائیگی پر ابھارے گی۔

نکتہ : اربابِ معانی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو نعمت کے ذکر کا حکم دیا اور امتِ محمدیہ علی

marfat.ocm
Marfat.com

صاحبها السلام کوذکرنعمت سے علیحدہ کر کے صرف اپنے ذکر کا حکم دیا۔ کما قال :فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ (تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں)اس میں نکتہ یہ ہے کہ امتیں نعمت کو یاد کر کے منعم تک پہنچیں اور امت محمد یہ علٰی صاحبها السلام خود ذات کو بلاواسطہ یاد کریں نعمت خود بخود حاضر ہوگی کیونکہ جب منعم ملا تو نعمت کہاں محجوب رہ سکے گی۔

اَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ یعنی میری نعمت کو پورا کرو اس عہد کا ایفاء کرو جو تم نے روزِ میثاق قبول کیا تھا اور عہد عام ہے۔تمام اوامر ایمان وطاعت اور نواہی ووصایا مراد ہیں۔اس میں وہ عہد بھی شامل ہیں جو یہود سے توراۃ میں حضرت سیدنا محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کے لیے لیا گیا۔

عہد بمعنی ہر گھڑی شئے کی حفاظت ونگرانی کرنا۔اس سے جمیع وعدے اور وصیتیں مراد ہیں۔ عهد'' مصدر ہے اپنے فاعل کی طرف مضاف ہے۔

اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ میں تمہاری جزا کو مکمل کروں گا بہتر ثواب دے کر، اور اسے قبول کر کے تمہیں بہشت میں داخل کروں گا عہد، معاہد اور معاہَد دونوں کی طرف مضاف ہوتا ہے۔لیکن یہاں پر مفعول کی طرف مضاف ہے کیونکہ اللہ تعالٰی نے دلائل قائم کر کے اور رسولوں کو بھیج کر اور کتابیں نازل کر کے ان سے ایمان وعمل وصالح کا عہد لیا اور پھر ان سے ان کی نیکیوں پر ثواب دینے کا وعدہ کیا۔

مسئلہ : انسان سے اس وعدہ کا پہلا ایفاء کلمہ شہادت اور اس پر ایمان لانا ہے اور اللہ تعالٰی سے تکمیل عہد یہ ہے کہ وہ ہمارے اموال اور جان کو محفوظ رکھے اور ہمارا آخری عہد یہ ہے کہ ہم توحید میں ایسے مستغرق ہو جائیں کہ غیروں کی خبر تو بجائے ماند اپنے آپ کو بھی بھول جائیں اور اللہ تعالٰی سے ایفائے عہد یہ ہے کہ وہ ہمیں دائمی بقاء سے باریاب فرمائے۔چنانچہ رسالہ قشیریہ میں ہے کہ:

اَوْفُوْا بِعَهْدِيْ فِيْ دَارِ الْجَنَّةِ ،اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ فِيْ دَارِ الْقُرْبَةِ الخ

یعنی تم دارِ حجت میں میرے عہد کی پاسبانی کرو میں دار القربۃ میں تمہارے ساتھ ایفاء عہد کروں گا۔یعنی وصال کے فرش پر کھڑا کر کے دائمی انس اور رؤیت سے مالا مال کروں گا اور زمانِ دنیا سے رب رب کہہ کر تم میرے عہد کی پاسداری کرو اور میں تمہیں عبد کہہ کر ایفاءِ عہد کروں گا۔ وَاِيَّايَ محذوف فعل کی وجہ سے منصوب ہے دراصل یوں تھا: وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْ ،فَارْهَبُوْنِ اگر تم کسی سے ڈرتے ہو تو صرف مجھ سے ڈرو۔

marfat.com
Marfat.com

الرَّهبة بمعنیٰ خوف سے تحرز۔

مسئلہ : آیت میں وعدہ بھی ہے، **کما قال** : اُوْفِ اور وعید بھی، **کماقال**: وَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ اور حکم بھی ہے کہ شکر کی ادائیگی اور ایفائے عہد واجب کیا گیا ہے۔

تنبیہ : مومن کے لئے ضروری ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی اور سے نہ ڈرے۔ کیونکہ اِیَّایَ کی تقدیم از فعل حصر کا معنیٰ ثابت ہورہا ہے۔ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ جسے میں نے نازل کیا اے بنی اسرائیل! تم اس پر ایمان لاؤ۔

سوال : جب اَوْفُوْا میں ہر شے مندرج تھی تو اب قرآن کو علیحدہ ذکر کرکے ایمان لانے کا حکم کیا دے رہے ہیں؟

جواب : ایفائے عہد میں یہ سب سے زیادہ اہم ہے یعنی ایمان لاؤ اس قرآن پر جسے میں نے سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا۔

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ قرآن پاک کی یہ شان ہے کہ وہ تمہاری توراۃ کی بھی تصدیق کرتا ہے کیونکہ یہ اسی کے موافق نازل ہوا ہے کہ جس طرح تمہاری کتاب میں اس کا ذکر ہے۔ اَنْزَلْتُ عَلَيْكُمْ کو مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ نے اس لیے مقدم کیا گیا تاکہ حکم کی فرمانبرداری کے وجوب کی تاکید ہوجائے کیونکہ جس پر ان کا ایمان ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ جو شئے اس کی تصدیق کرے اس پر بھی ایمان لانا واجب ہے۔ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ یعنی سب سے پہلے قرآن کے ساتھ تم کافر نہ بنو کیونکہ مقتدی کا گناہ پہلے اس پر ہوتا ہے جس نے اس عمل کی بنیاد رکھی۔ مولانا روم قدس سرہ' فرماتے ہیں ؎

ہر کہ بنہد سنت بد سے اے فتا ۔ تا در افتد او خلق از عما

جمع گردد بروے آں جملہ بزہ ۔ کاہ سرے بودست وایشاں دم غزہ

ترجمہ : اے عزیز! جو برے طریقے کی بنیاد رکھتا ہے اس خیال پر کہ لوگ بھولے سے بھٹکیں تو تمام گناہ پہلے اس کے نامہ اعمال میں لکھے جائیں گے کیونکہ یہ ان کی اصل ہے اور دوسرے اس کی شاخیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

یعنی تم کفر کرنے میں سبقت نہ کرو۔ کیونکہ تمہارا عمل تو یوں ہونا چاہیے کہ تم اس کے سبب سے پہلے ایمان لانے والے ہو، کیونکہ تم اس کی حقیقت اور اس کی شان اپنی کتابوں سے پڑھ، سن کر خوب جانتے ہو۔ جیسے تم اپنی اولاد کو جانتے ہو۔ اس سے قبل اس کی بدولت تم فتح طلب کرتے رہے اور اس کی آمد کے منتظر تھے۔ پس اب اپنی متوقع امید کو ضائع نہ کرو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو سب سے پہلے ان کی تکذیب کرنے والے مدینہ کے یہودی تھے، پھر بنو قریظہ اور بنو نضیر۔ پھر خیبر والے۔ پھر ان کے تابع ہو کر تمام یہود نے تکذیب کی۔

وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ اپنے نفسوں کے لئے میری آیات کے بدلے ثَمَنًا قَلِيْلًا تھوڑا ثمن نہ لو۔ ثمن قلیل سے دنیوی لذتیں مراد ہیں کیونکہ اگرچہ یہ کتنی ہی بڑی ہوں لیکن وہ نعمتیں جو ایمان کی بدولت انہیں ملیں گی اور یہ چھوڑ بیٹھے۔ ان کی نسبت دنیوی نعمتیں نہایت قلیل اور بالکل لاشئے ہیں۔

ف: عام یہود اپنے احبار علماء کو کھیتوں کے پھلوں سے کچھ دیتے تھے اور انہیں ہدایا بھیجتے اور رشوتیں دیتے تا کہ وہ کتاب کے معانی کی تحریف کریں اور ایسے آسان مسائل تیار کریں جو بالکل نرم نرم ہوں۔ اسی طرح شاہانِ وقت بھی انہیں بہت کچھ دیتے تا کہ وہ حق چھپائیں اور کلمات کی تحریف کر ڈالیں۔ احبار کی معاش کا چونکہ صرف یہی ایک ذریعہ تھا انہیں خطرہ لاحق ہوا کہ ہم حق ظاہر کر دیں گے۔ یعنی سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لا کر ان کی تابعداری قبول کریں تو ہماری شان و شوکت اور دنیا و دولت ہاتھ سے نکل جائے گی اگرچہ توراۃ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت اور صدق کا ذکر بھی تھا لیکن محروم رہے اور ہمیشہ کتاب توراۃ میں تبدیلیاں کرتے رہے۔

شانِ نزول: کعب بن اشرف نے ایک دن احبار یہود کو کہا کہ تم لوگ حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں کیا جانتے ہو؟ انہوں نے کہا: وہ تو نبی ہیں۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) کعب بن اشرف نے کہا: تمہارا وہ انعام اور صلہ جو مجھ سے ملتا تھا آج سے ختم۔ اگر اس کے خلاف ثابت کرو تو پھر تمہارا انعام و صلہ بدستور جاری رہے گا۔ بعض اہل کتاب عذر کرتے ہوئے جواب دیتے کہ چونکہ انہوں نے ہمیں بلا سوچے سمجھے جواب دیا ہے ہمیں تھوڑی سی مہلت دے دو ہم تورات کو دیکھ کر جواب دیں گے۔ کچھ دیر کے بعد انہوں نے کعب بن اشرف

marfat.com
Marfat.com

کوتورات دکھائی جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت شریف لکھی تھی وہاں دجال کی تعریف لکھ دی پھر کعب بن اشرف کو سنائی۔کعب بن اشرف نے ہرایک کوایک صاع جَو اور چار گز کپڑا عطیہ دیا۔اسی لیے مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

بود در انجیل نام مصطفیٰ　　آں سرِ پیغمبراں بحر صفا

بود ذکر حلیہا و شکل او　　بود ذکر عز و صوم و اکل او

ترجمہ : انجیل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی تھا وہ بحرِ صفا اور سرتاجِ رسل ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ اور شکل مذکور تھی آپ کا کھانا پینا اور روزہ وغیرہ مندرج تھا۔

وَاِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ مجھے سے ڈرو ایمان لاکر اور حق کی تابعداری کر کے اور دنیوی طمع سے روگردانی کر کے۔

سوال : فَارْهَبُوْنِ اور فَاتَّقُوْنِ دونوں تقریباً ہم معنیٰ ہیں پھر تکرار کا کیا فائدہ؟

جواب : فَارْهَبُوْنِ کا معنیٰ ہے مجھ سے ڈرو ایفائے عہد کے بارے میں اور فَاتَّقُوْنِ کا معنیٰ ہے کہ مجھ سے ڈرو نعمتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم چھپانے کی وجہ سے۔یا پہلے کا حکم عام تھا۔ہرایک مقلد اور عالم کو وہاں رھبت کا حکم دیا گیا کہ سلوک کی یہ پہلی منزل ہے اور دوسرے میں صرف علماء مطلوب ہیں کہ ان کو تقویٰ کا حکم ہوا جو آخری مرحلہ ہے۔ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ اس کے ماقبل پر عطف ہے۔**اللبس بالفتح**، بمعنی ملانا، یعنی وہ حق جو منزل من اللہ ہے اس کو باطل سے خلط ملط نہ کرو۔اس باطل کے خلط سے جسے تم حق کے درمیان لکھتے ہو یا تاویل کر کے اسے بیان کرتے ہو۔ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ یہاں پر لامقدر ہے یا اَن مقدر کی وجہ سے منصوب ہے اور واؤ بمعنیٰ جمع کے ہے۔اب معنیٰ یوں ہوا کہ **لا تجتمعوا لبس بالباطل و کتمان**(حق کو باطل سے ملا چھپا کر جمع نہ کرو) لَا تَلْبِسُوا تغیر سے نہی کی گئی ہے اور وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ میں کتمانِ حق سے نہی کی گئی۔کیونکہ وہ کہتے تھے کہ تورات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت ہمیں نہیں ملی۔اس سے معلوم ہوا کہ لبس اور ہے اور کتمان اور۔

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ یعنی تمہارا حال یہ ہے کہ تم جانتے بھی ہو کہ تم حق میں ملاوٹ کر رہے ہو اور اسے چھپا رہے ہو یا یہ کہ تم جانتے بھی ہو کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم برحق نبی ہیں۔حال کا لانا منعیٰ کی تقیید کے لئے ہے بلکہ ان کے حال کی قباحت میں اضافہ مطلوب ہے کیونکہ جاہل کبھی معذور ہوتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: تفسیر میں ہے کہ یہ خطاب تمام مسلمانوں اور ان کی ہر صنف کو ہے۔ گویا یوں حکم ہے کہ اے شاہانِ وقت! عدل کو جور سے، اور اے قاضیان! حکم کو رشوت سے نہ ملاؤ۔ اسی طرح ہر فریق کو سمجھتے جاؤ اور اگر یہ خطاب صرف بنی اسرائیل کو ہو تو یہ حکم اس کو بھی شامل ہوگا جو ان جیسا عمل کرتے ہوں۔ مثلاً جو حق کی تغیر اور ابطال کے لئے رقم لیتا ہے یا جو کچھ اس پر علم سکھانا واجب ہے، پڑھانے سے رک جاتا ہے یا علم کے باوجود عمل نہیں کرتے۔ سب پر یہی حکم صادر ہوگا۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مَنْ تَعَلَّمَ عِلْماً لاَ يَنْبَغِيْ بِهٖ وَجْهِ اللّٰهِ لاَ يَتَعَلَّمَهٗ اِلَّا يُصِيْبَ بِهٖ

غَرْضاً مِّنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ غُرَفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

(جو شخص علم حاصل کرتا ہے اس میں رضائے الٰہی مقصود نہیں محض دنیا مطلوب ہے تو قیامت میں اسے بہشت کے بالا خانے نصیب نہیں ہوں گے)

تنبیہ: جس نے اللہ تعالیٰ سے ڈر کر تقویٰ کرتے ہوئے اپنے علم کا عوض نہ لیا اور نہ ہی وصیت و نصیحت سے کچھ طمع رکھی بلکہ حق کو ظاہر کرنے میں اسے دکھ و تکلیف بھی آئی تو صبر سے برداشت کی تو وہ اس زمرہ میں داخل ہوگا جن کو نہ خوف ہے نہ غم۔ یعنی اولیاء کے گروہ میں۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لاَ يَمْنَعَنَّ اَحَدُكُمْ هَيْبَةُ اَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ اَوْ يَقُوْمَ بِالْحَقِّ حَيْثُ كَانَ

(مجھے کسی کی ہیبت حق بات کہنے سے نہیں روکتی خواہ وہ کیسے ہی ہوں)

قرآن پاک میں ہے: يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اور وہ ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈرتے۔

ابو حازم کی گواہی: سلیمان بن عبدالملک مکہ مکرمہ جا رہا تھا۔ راستہ میں مدینہ طیبہ چند روز قیام پذیر ہوا تو لوگوں سے پوچھا: کوئی ایسا آدمی بھی زندہ ہے جسے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہو۔ لوگوں نے کہا: حضرت ابو حازم رضی اللہ عنہ ہیں۔ ان کی خدمت میں کسی کو بھیج کر اپنے ہاں بلایا۔ حضرت ابو

marfat.ocm
Marfat.com

حازم تشریف لائے تو خلیفہ سلیمان بن عبد الملک نے ان سے کہا کہ اہلِ مدینہ کے بڑے بڑے لوگ میرے ملنے کے لئے آئے آپ کیوں تشریف نہ لائے۔آپ نے فرمایا: اس سے قبل نہ آپ مجھ سے متعارف ہیں اور نہ ہی میں آپ کو جانتا ہوں۔

سلیمان نے ساتھ بیٹھے ہوئے محمد بن شہاب زہری کی طرف دیکھا تو انہوں نے کہا: واقعی شیخ سچ فرماتے ہیں: اب سوال وجواب کا سلسلہ شروع ہو گیا:

سلیمان: اے ابو حازم! کیا وجہ ہے کہ ہم موت کو مکروہ سمجھتے ہیں؟

ابو حازم: اس لیے کہ تم نے آخرت کو خراب کر ڈالا اور دنیا کی تعمیر میں لگے رہے۔اب تمہیں یہ بات شاق گزرتی ہے کہ آبادی کو چھوڑ کر ویران جگہ چلے جاؤ۔

سلیمان: اے ابو حازم! تو نے ٹھیک فرمایا اب بتایئے کل اللہ تعالیٰ سے کیسے ملاقات ہوگی۔

ابو حازم! اگر نیک ہے تو ایسے آئے گا جیسے کوئی گھر سے باہر چلا جائے پھر جب واپسی ہوتی ہے تو اہل وعیال میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔اگر بُرا ہے تو ایسے ہوگا جیسے بھاگا ہوا نوکر اپنے آقا کے ہاں لوٹ آئے۔سلیمان رو پڑا اور کہا نا معلوم ہمارا اللہ تعالیٰ کے ہاں کیسے معاملہ ہوگا؟

ابو حازم: اپنے اعمال کتاب اللہ کے موافق بنانے کی کوشش کرو۔

سلیمان: آخرت میں مجھ سے کون اچھا ہے؟

ابو حازم: اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ۚ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ (ابرار بہشت کی نعمتوں میں ہوں گے اور فجار سجین میں)

سلیمان: اے ابو حازم: اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ (اللہ تعالیٰ کی رحمت محسنین کے قریب ہے)

سلیمان: اے ابو حازم! اللہ تعالیٰ کے ہاں کون سا بندہ مکرم ترین ہے؟

ابو حازم: مردہ اور عقل والے۔

سلیمان: کون سا عمل افضل ہے؟

ابو حازم: فرائض کی ادائیگی اور محارم سے اجتناب۔

سلیمان: کون سی دعا زیادہ مستجاب ہے؟

marfat.ocm
Marfat.com

ابوحازم: محسن الیہ کی دعا محسن کے لئے۔

سلیمان: کون سا صدقہ افضل ہے؟

ابوحازم: تنگدست، فقیر اور بڑی سخت تنگی والے کو صدقہ دے کر منت اور احسان نہ جتانا اور نہ ہی اسے ایذا دینا۔

سلیمان: کون سا قول اچھا ہے؟

ابوحازم: جس سے تو ڈرتا ہے یا جس سے کوئی امید وابستہ ہے۔

سلیمان: اللہ تعالیٰ کے ہاں کون سا مومن اعلیٰ مرتبہ والا ہے؟

ابوحازم: وہ مرد جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے اور دوسرے کو بھی اس کا حکم دے۔

سلیمان: کون سا مومن احمق ہے؟

ابوحازم: وہ شخص جو خواہشاتِ نفسانیہ پر ٹوٹ پڑے حالانکہ وہ ظالم ہے یہ ایسا احمق ہے کہ غیر کی خاطر اپنی آخرت کو دینا کے عوض بیچ رہا ہے۔

سلیمان: بہت خوب! لیکن فرمایئے ہم کیسے ہیں؟

ابوحازم: اے امیر المومنین! مجھے اس کے متعلق معاف فرمایئے۔

سلیمان: نہیں، ضرور بتانا پڑے گا۔ یہ ایک نصیحت ہوگی جو مجھے آپ کی طرف سے حاصل ہوگی۔

ابوحازم: اے امیر المومنین! تمہارے آباء نے لوگوں پر تلوار کے ساتھ جبر وتشدد کیا اور لوگوں کے مشورے کے بغیر ظلماً یہ ملک چھینا یہاں تک کہ بہت بڑی خون ریزیاں ہوئیں اور آخر کار لوگ اپنا ملک چھوڑ کر چلے گئے۔ کاش! تجھے وہ کلمات معلوم ہوتے جو لوگوں نے تیرے آباء کے متعلق کہے۔

ایک ہم نشین نے کہا: اے ابوحازم! تو نے غلط بیانی کی۔

ابوحازم نے فرمایا: کیوں جھوٹ بول رہے ہو، علماء سے اللہ تعالیٰ نے وعدہ لیا کہ وہ لوگوں کو حق کی بات بتائیں اور حق ہرگز نہ چھپائیں۔

سلیمان: اب ہم اپنی اصلاح کس طرح کریں؟

ابوحازم: لوگوں کو بلا کر مروۃ سے کام لو اور ہر ایک کا حصہ برابر تقسیم کر دو۔

marfat.ocm
Marfat.com

سلیمان: ہم مال کہاں سے حاصل کریں؟

ابو حازم: حلال مال کما کر اس کے اہل کو دو۔

سلیمان: اے ابو حازم! چند روز ہمارے ہاں قیام فرمایئے تا کہ ہم آپ سے نصیحت حاصل کریں۔

ابو حازم: پناہ بخدا! یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ میں ڈرتا ہوں کہ مجھ سے کوئی ایسا عمل نہ ہو جائے کہ جس سے مجھے دنیا وآخرت کی رسوائی اٹھانی پڑے۔

سلیمان: کم از کم اپنی ضروریات تو بتا دیجئے تا کہ ہم آپ کی امداد کریں۔

ابو حازم: مجھے جہنم سے نجات دلا کر بہشت میں داخل کرا دیجئے۔

سلیمان: سبحان اللہ! مجھ سا اس کام کو کب کر سکتا ہے!

ابو حازم: میری تو یہی حاجت ہے۔

سلیمان: اچھا، میرے لیے کوئی دعا فرمایئے۔

ابو حازم: یا اللہ! اگر سلیمان تیرا دوست ہے تو اس کی دنیا وآخرت کی بھلائی میں آسانی فرما۔ اگر تیرا دشمن ہے تو اسے تو پکڑ جیسا تو چاہے۔

سلیمان: کچھ نصیحت بھی فرمایئے۔

ابو حازم: اگر تو اہل ہے تو میں تجھے بہت کچھ کہہ چکا اور اگر تو نا اہل ہے تو پھر اب میری کمان میں تیر نہیں۔ یعنی اتنا ہی کافی ہے۔

سلیمان: مجھے کچھ نصیحت فرمایئے۔

ابو حازم: میں تجھے یہ وصیت کرتا ہوں کہ باری تعالیٰ کو بہت بڑی ذات سمجھنا اور جس عمل کا اس نے تجھے حکم دیا ہے اس کی ادائیگی میں کوشش کرنا اور جس سے تجھے روکا ہے اس سے بچتے رہنا۔ جب ابو حازم گھر جانے لگے تو سلیمان نے سو دینار روانہ کر کے لکھا کہ اسے خرچ کرو، اور اتنا اور بھی آپ کا میرے پاس باقی ہے۔

ابو حازم نے وہ رقم لوٹا کر لکھا کہ اے امیر المومنین! میں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں۔ کیا تیرے وہ سوالات مسخری کے طور تھے اور یہ رقم واپس ہے میں اسے نہیں لینا چاہتا۔ میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سنت ادا کی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

شعیب وموسیٰ کی ملاقات کا ایک واقعہ:۔

جب موسیٰ علیہ السلام مدین میں تشریف لے گئے تو وہاں چرواہوں کو پانی کھینچتا ہوا پایا۔ادھر دیکھا تو دولڑکیاں بھی پانی کھینچنا چاہتی تھیں تو آپ نے ان کو کنویں سے پانی نکال دیا۔آپ نے ان سے پوچھا:تم نے پانی پہلے کیوں نہیں لیا؟انہوں نے کہا: جب تک یہ لوگ فارغ نہ ہوتے ہم پانی نہیں نکال سکتیں۔ہمارا باپ (شعیب)بوڑھا ہے۔موسیٰ علیہ السلام نے پانی بھر کر سایہ کے نیچے بیٹھ کر کہا:''یا اللہ تو نے مجھے فقر وفقیری میں ہی رکھا'' آپ نے یہ اس لیے کہا کہ آپ بھوکے تھے اور خوف زدہ بھی اور اطمینان بھی نہیں تھا۔اسی لیے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا اور لوگوں سے کچھ نہ مانگا۔چرواہوں نے تو کچھ نہ سمجھا لیکن وہ لڑکیاں بھانپ گئیں۔ باپ کے پاس جا کر سارا ماجرا سنایا اور وہ الفاظ بھی سنائے۔حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا:تم میں سے ایک جائے اور اسے بلا لائے۔جب وہ لڑکی موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچی تو منہ چھپائے ہوئے کہا کہ میرا باپ آپ کو بلا رہا ہے تا کہ آپ کو وہ مزدوری دیں جو آپ نے ہمیں پانی بھر کر دیا تھا۔موسیٰ علیہ السلام کو یہ بات ناگوار گزری۔لیکن جانے کے سوا کوئی چارہ بھی نہ تھا۔کیونکہ پہاڑی علاقہ تھا اور ویسے بھی آپ خوف زدہ تھے۔جب چل پڑے تو تیز ہوا چلنے لگی۔راستہ بتانے کے لئے وہ لڑکی آگے آگے چل دی۔ہوا کے جھونکے سے لڑکی کا کپڑا ادھر ادھر ہوتا تو اس کی رانیں دکھائی دینے لگتیں۔(اس لڑکی کی رانیں بھی کچھ موٹی تھیں)موسیٰ علیہ السلام نامحرم عورت کو دیکھنا گوارہ نہ کرتے اس لیے کبھی اپنا منہ چھپا لیتے اور کبھی کھول لیتے۔آخر رہا نہ گیا آپ نے کہا:اے اللہ کی بندی!مجھے آگے چلنے دے اور تو مجھے راستہ بتاتی چل۔بالآخر حضرت شعیب علیہ السلام کی خدمت میں وہ دونوں پہنچ گئے۔حضرت شعیب علیہ السلام اس وقت شام کا کھانا کھانے کے لئے تیار بیٹھے تھے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ کر فرمایا:اے بیٹے!بیٹھیے اور طعام کھائیے۔موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:میں آپ کا طعام نہیں کھاؤں گا۔شعیب علیہ السلام نے فرمایا:آپ بھوکے تو ہیں ہی۔پھر کھاتے کیوں نہیں؟موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا''مجھے خطرہ ہے کہ جو کام میں نے فی سبیل اللہ کیا،کہیں یہ کھانا اس کا عوض نہ ہو جائے،کیونکہ میں اس قبیلہ سے ہوں کہ جو اپنے دین کے کسی عمل کو بیچتے نہیں۔اگر چہ اس کے عوض دنیا کے برابر سونا ملے۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں بھی تمہیں اس کا عوض نہیں دے رہا۔بلکہ میری اور میرے آباء کی

marfat.ocm
Marfat.com

عادت ہے کہ ہم مہمان نوازی کرتے ہیں اور بھوکوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔تب موسیٰ علیہ السلام نے بیٹھ کر طعام تناول فرمایا۔

ف: اس حکایت کے بعد ابوحازم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر یہ سو دینار میرے اس کلام اور نصیحت کی بدولت ہیں تو مجبوری کے وقت خنزیر اور مردار اور دم مسفوح کھا پی لینا اس سے زیادہ بہتر ہے اور اگر بیت المال سے مجھے یہ حق مل رہا ہے تو میرے جیسے اور بہت آپ کو مل جائیں گے انہیں دے دیجئے۔لیکن یاد رکھیے مجھے اس کی ضرورت نہیں۔

سبق: امام قرطبی نے اس حکایت کو نقل کر کے فرمایا اسی کا نام ہے **اقتداء بالکتاب والسنة**۔

مسئلہ: علماء کا اختلاف ہے کہ کیا تعلیم قرآن اور علم پر اجرت لینا اس آیت کی رو سے جرم وگناہ ہے یا نہیں آج کل کے زمانے میں تعلیم قرآن اور فقہ پر اجرت لینا جائز ہے تا کہ تعلیم و دیگر امورِ خیر ضائع نہ ہو جائیں۔

حدیث شریف: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **اِنَّ اَحَقَّ مَا اُخِذَ عَلَيْهِ اَجْراً كِتَابُ اللّٰهِ** یعنی جس عمل کی تم مزدوری لیتے ہو ان میں سب سے زیادہ حق قرآن کریم کی تعلیم پر ہے۔

مسئلہ: آیت کی وعید اس شخص کے لئے ہے جو اس پر تعین کرے یہاں تک کہ جب تک اسے کچھ نہ ملے تو وہ تعلیم دینا چھوڑ دے اور وہ شخص جو اس پر تعین نہیں کرتا اس کے لئے اجرت لینا اس مذکور حدیث کے مطابق جائز ہے۔جیسے غسال (مردہ نہلانے والا) کہ وہاں پر سوائے اس کے غسل نہیں دے سکتا۔جیسے گاؤں اور دور افتادہ علاقوں میں ہوتا ہے تو اس کے لئے اجرت لینا جائز ہے کیونکہ وہاں پر سوائے اس کے اور کوئی نہیں۔اگر اس کے سوا اور بھی موجود ہوں، جیسے عام شہروں میں ہوتا ہے تو پھر بھی اسے اجرت لینا جائز ہے لیکن تعین نہ کرے اس وقت اگر غسل نہ دے تب بھی گنہگار ہوگا۔

مسئلہ: اگر اس کی وجہِ معاش سوائے اس عمل کے اور کوئی نہیں تو اسے تعلیم پر اجرت مقرر نہیں کرنی چاہیے بلکہ کسی اور صنعت وحرفت کو اجرت کے لئے متعین کرے، اور امام (حاکمِ وقت) کے لئے لازم ہے کہ اس کا کوئی وظیفہ مقرر کر دے ورنہ عام مسلمانوں کو چاہیے کہ اس کا وظیفہ مقرر کریں۔کیونکہ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو خلافت سپرد ہوئی تو آپ کے وجہِ معاش کے لئے کچھ بھی نہ تھا کہ اپنے اہل وعیال پر خرچ کریں

marfat.ocm
Marfat.com

تو آپ اپنا کپڑا بازار میں بیچنے کے لئے جارہے تھے لوگوں نے کہا: اس طرح کیوں؟ آپ نے فرمایا: تو پھر میں کہاں سے خرچ کروں؟ لوگوں نے کہا: واپس جایئے ہم اس کا انتظام کریں گے۔ چنانچہ انہوں نے مِل جُل کر آپ کی معاش متعین کردی۔

مسئلہ: اسی طرح امام اور مؤذن وغیرہما کا حکم ہے کہ وہ اجرت اسی طور سے لے سکتے ہیں۔

مسئلہ : قرآن پاک کی بیع وفروخت جائز ہے اس لیے کہ یہ بیع اوراق اور کتابت کی اجرت ہے نہ کہ اصل قرآن کی۔

مسئلہ : ہمارے زمانے میں بعض مسائل کے لئے جواز کی صورت پیدا کرنی پڑی۔ کیونکہ زمان کے تغیر سے مسائل بھی متغیر ہوجاتے ہیں تا کہ علم اور دین نہ مٹ جائے۔ ان مسائل میں سے چند ایک یہ ہیں:

۱۔ علماء کا سلاطین کی ملازمت اختیار کرنا۔

۲۔ گاؤں میں جا کر اپنی معاش کا سبب تلاش کرنا۔

۳۔ تعلیمِ قرآن اور اذان وامامت کی اجرت لینا۔

۴۔ عزل حرۃ اس کے اذن کے بغیر۔

۵۔ شرابیوں وغیرہ کو السلام علیکم کہنا۔

ف: ان کے لئے جواز کا فتویٰ دیا گیا تا کہ ضرر ونقصان کے وقوع سے حفاظت ہوجائے۔

(کذافی نصاب الا حتساب)

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

عاشقاں را شادمانی وغم اوست　　دست مزدو اجرت خدمت ہم اوست

غیر معشوق ز تماشائی بود　　عشق نبود ہر زہ سرائی بود

عشق آں شعلاست کہ چوں برفروخت　　ہر کہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ یہ خطاب بنی اسرائیل کو ہے۔ یعنی اسے قبول کرو اور اس کی فرضیت کا اعتقاد رکھتے ہوئے اس کو شرائط وحدود کے ساتھ مسلمانوں کی طرح ادا کرو۔ کیونکہ اس کے سوا نماز نامقبول ہے۔ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ مسلمانوں

marfat.ocm
Marfat.com

کی طرح زکوٰۃ ادا کرو۔ کیونکہ اس کے سوا زکوٰۃ نا قابلِ قبول ہے۔

ف: نفس کو کرم کے ثمرہ سے حصہ مل جائے یا زکوٰۃ بمعنیٰ طہارت ہے۔ کیونکہ یہ مال کو خبث سے اور نفس کو بخل سے پاک کرتی ہے۔

مسئلہ : کفار ان اوامر کے مخاطب نہیں جو سقوط کا احتمال رکھتے ہیں۔ جیسے نماز، روزہ وغیرہ اور عندالاحناف ان کے ترک کرنے پر ان کو سزا نہیں ملے گی۔ ان پر ان کا مکلف ہونا عندالحنفیہ اعتقاد اور قبول کی وجہ سے ہے۔

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ نماز با جماعت ادا کرو۔

مسئلہ : جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا تنہا پڑھنے سے ستائیس درجے زیادہ ثواب رکھتا ہے۔

نکتہ : کیونکہ جماعت میں نفوس قدسیہ کا تعاون ہوتا ہے۔

نکتہ: نماز جنگ کی طرح ہے اسی لیے اس کے لئے محراب ہوتا ہے۔ بمعنیٰ محل حرب اور جنگ میں ضروری ہوتا ہے کہ وہاں جماعت میں صفیں ہوں۔

نکتہ : جماعت میں قوت ہے۔

حدیث شریف: میں ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مَا اِجْتَمَعَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ جَمَاعَةٍ اَرْبَعُوْنَ رَجُلاً اِلَّا وَفِيْهِمْ رَجُل "مَغْفُوْر" لَهٗ فَاَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّغْفِرَ لَه'

(جہاں بھی مسلمانوں کی جماعت کے چالیس آدمی جمع ہوں گے وہاں ان میں سے ایک ضرور بخشا ہوا ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے شان میں نہیں ہے کہ اسے تو بخش دے اور باقیوں کو محروم و خاسر لوٹا دے)

نکتہ : نماز با جماعت کو تنہا پڑھنے سے ستائیس درجے اس لیے فضیلت دی گئی کہ جماعت جمع سے ماخوذ ہے اور جمع کو کم از کم تین پر اطلاق ضرور ہوتا ہے۔ تنہا نماز پڑھنے سے دس نیکیاں ضرور ملتی ہیں ان دسوں میں ایک اصلی نیکی اور باقی نو فضلِ کریم نے عطا ہوئیں۔ جب یہ تضعیفات آپس میں جمع ہوں گے تو ستائیس ہو جائیں گے ۔

مسئلہ : امام قرطبی فرماتے ہیں کہ جو شخص با جماعت نماز کے ترک کی ہمیشگی اختیار کرے اور عذر بہ نہ ہو تو اسے سزا دینی چاہیے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: حضرت ابوسلیمان درانی فرماتے ہیں: مجھے چالیس سال گزر گئے مجھے کبھی احتلام نہ ہوا۔ ایک روز میں مکہ مکرمہ میں پہنچا تو وہاں مجھ سے حدث واقع ہوئی۔ اب تو یوں ہوا کہ ہر شب احتلام میں مبتلا ہو جاتا اور حدث کا موجب یہ ہوا کہ ان سے عشاء کی نماز با جماعت ادا نہ ہو سکی۔

حدیث شریف: میں ہے کہ

مَا افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى خَلْقِهٖ بَعْدَ التَّوْحِيْدِ فَرْضاً اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الصَّلٰوةِ وَلَوْ كَانَ بِشَيْءٍ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الصَّلٰوةِ لِتَعَبُّدُ بِهٖ مَلٰئِكَتُهٗ فَمِنْهُمْ رَاكِعٌ وَسَاجِدٌ وَقَائِمٌ

(اللہ تعالیٰ نے توحید کی سب سے زیادہ محبوب عبادت اپنے بندوں کو نماز عنایت فرمائی اور اگر کوئی اور عبادت زیادہ محبوب ہوتی تو ملائکہ کو اسی عبادت کا حکم ہوتا۔ لیکن فرشتے بعض رکوع میں تھے اور بعض سجدہ میں اور بعض قیام میں)

تنبیہ: نمازیوں کے لئے ضروری ہے کہ نماز کو حضور قلب سے ادا کریں۔ سلف صالحین کا طریقہ یہ تھا کہ نماز میں اگر مال کا خیال آجاتا تو اس مال کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیتے تا کہ حضورِ قلب کی فوتیدگی کا کفارہ ہو جائے۔ کیونکہ اصلی عبادت عمل باطن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَاتَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى [1] یعنی جب تم (حب دنیا کے) نشہ میں یا کسی خیال میں مبتلا ہو جاؤ تو نماز کے قریب [2] نہ جاؤ۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ صرف اس نمازی کو دیکھتا ہے جو حضورِ قلب سے نماز ادا کر رہا ہو۔ اسی لیے ضروری ہے کہ نماز میں کوئی خطرہ نہ آئے۔

حضرت مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

اول اے جان دفع شر موش کن — وانگہ در جمع گندم کوش کن

بشنو از اخبار آں صدر الصدور — لَا صَلٰوةَ تَمَّ اِلَّا بِالْحُضُوْر

---

[1]: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى (ایمان والو! نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ جب تک۔ اپنی ہوش نہ ہو کہ جو کہو اسے سمجھو اور ناپاکی کی حالت میں نہائے مگر مسافری میں اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا تم سے کوئی قضائے حاجت سے آیا یا تم نے عورتوں کو چھوا اور پانی نہ پایا تو پاک مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں مسح کرو بیشک اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے)

[2]: قارئین حضرات اس کو ترجمہ قرآن کی تحریف خیال نہ فرمائیں حب دنیا بھی نشہ آور چیز ہے۔ یہ ترجمہ صوفیانہ ہے۔ (مترجم)

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : اے عزیز! پہلے اپنے آپ سے چوہے کے شر کو دفع کر، پھر گندم جمع کرنے کی کوشش کر۔ حضور علیہ السلام کی حدیث سُن۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز حضورِ قلب کے بغیر نہیں ہوتی۔

نصیحت: حضرت الشیخ الشہیر بافتادہ آفندی اپنے وصایا شریف میں عارف حدائی قدس سرہما کو فرماتے ہیں کہ جب تم نماز میں شاغل ہو تو اس میں تمہیں اظہارِ عبودیت و تعظیم کے سوا کوئی فکر نہ آئے کیونکہ جب عبودیت مکمل ہوتی ہے تو مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔ نماز کے بعد اس ملاحظہ و مراقبہ میں گزارو کہ میں نہیں ہوں بلکہ وہ ذاتِ حق موجود ہے اور بس۔ توحید سے بھی یہی مقصود ہے اور توحید سے کوئی اور عبادت اعلیٰ نہیں اسی لیے بندے کو اولاً اسی کا مکلّف بنایا گیا۔ اس کے بعد نماز پھر روزہ کیونکہ ان دونوں میں نفس کی اصلاح ہوتی ہے ان کے بعد زکوٰۃ کا حکم دیا۔ اس سے بخل کو دور کرنے پر نفس کی اصلاح ہوتی ہے۔ اس کے بعد حج پر مامور ہوا۔ اس میں من وجہ مال خرچ کرنا ہے۔ پہلی تین عبادتوں کو اس لیے مقدم کیا گیا کہ ان میں اغنیاء و فقراء سب برابر ہیں اور باقی دو عبادتوں سے فقراء مستثنیٰ ہیں۔ اگرچہ اغنیاء کے گھر جواہرس پر ہوتے ہیں تو فقراء کے بطون بھی نور سے معمور ہیں یہاں تک کہ یوم آخرت اغنیاء تمنا کریں گے کہ کاش ہم بھی فقراء ہوتے۔ مثنوی شریف میں ہے:

مکرہا در کسب دنیا بار واست — مکرہا در ترک دنیا وار واست
چیست دنیا از خدا غافل بدن — نے قماش نقرہ و فرزند و زن
کوزہ سربستہ اندر آب رفت — از دل برباد فوق آب رفت
باد درویشی چوں در باطن بود! — بر سرِ آبِ جہاں ساکن بود [1]

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ یعنی نماز قائم کرو مراقبہ قلوب و ملازمت خشوع و خضوع کے ساتھ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ اور زکوٰۃ ادا کرو یعنی نفس کو حرص امور دنیویہ اور اخلاق ذمیمہ سے پورے طور پاک و صاف کرو اور دل کو اعمال سیئہ اور مطالبہ ماسوی اللہ سے پاک کرو، کیونکہ حق کی طلب میں تعدی ہے اور تعدی کمال کے لئے نقصان دہ ہے وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے

ترجمہ : ۱۔ دنیوی کاروبار میں دیکھو کہ نقصان ہے، ترک دنیا کے لئے ہی احکام وارد ہیں۔ ۲۔ دنیا کیا ہے خدا سے غافل ہونا نہ مشاغل میں نہ دولت میں نہ فرزندوں کی مشغولی میں۔ ۳۔ کوزہ سربستہ پانی لینے گیا دل برباد کر کے پانی کے اوپر خالی ہاتھ حیرتا نظر آیا۔ ۴۔ درویشی کی ہوا باطن میں ہے پانی کے اوپر ہی جہاں ساکن ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ساتھ یعنی انکسار اور نفی وجود میں ان لوگوں کی اقتدا کرو جو منکسر حال اور موجود کی طلب میں اپنے وجود کو نیست ونابود کرنے والے ہیں۔

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ یہ خطاب یہودیوں کو ہے۔ الامر بمعنی آپ سے کم درجہ والے کہنا (اِفْعَل) یہ کام کرو۔ النَّاسَ یہودیوں کے کم طبقہ کے لوگ مراد ہیں۔ بِالْبِرِّ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اعتراف اور اولہ نبوت کی پیروی۔ بِـــر" بمعنی خیر میں توسیع اور دراصل برّ واسع فضا کو کہتے ہیں ہمزہ استفہامیہ تقریر مع توبیخ وتعجب کے لئے ہے۔ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ یعنی اپنے نفسوں کو نیکی سے دور رکھتے ہو گویا تمہیں یاد بھی نہیں۔

سہو ونسیان میں فرق:۔ نسیان اور سہو ہر دونوں بمعنی ترک مستعمل ہوتے ہیں لیکن جو چیز پہلے معلوم پھر کسی عارضہ سے اس کی طرف توجہ نہ ہو اسے سہو کہتے ہیں اور نسیان وہ ہے کہ اسے ذہن میں لائے لیکن بوجہ ضعف حافظہ ذہن میں اتر نہ سکے۔

شانِ نزول:۔ احبار ان فقراء کو کہا کرتے ہیں کہ جن سے انہیں نفع کی قطعاً امید نہ تھی کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایمان لاؤ، کیونکہ یہ وہی برحق نبی ہیں اور دولت مندوں کو کہتے کہ ان میں آخر الزمان نبی کی علامات تو پائی جاتی ہیں اور بعض نہیں ہیں۔ لہٰذا ان بعض کا انتظار کرلو اور خود بالکل دور رہتے، حالانکہ ان کو عزم بھی تھا کہ ان کی تابعداری کرلیں۔

مسئلہ: اسی طرح اس عاصی کا حال ہے جو کہتا ہے کہ پڑھاپے میں گناہوں سے توبہ کریں گے لیکن جب موت کا شکار ہو گیا تو حسرت کا ہاتھ ملتا ہے۔

حضرت حافظ شیرازی فرماتے ہیں:

آں قہقہہ کبک خراماں حافظ کہ زسر پنجہ شاہین فضا غافل بود [1]

وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ حالانکہ تم تورات پڑھتے بھی ہو۔ اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت واضح طور پر موجود ہے اور اس میں ان کے ساتھ ایمان لانے کا حکم بھی درج ہے۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ کیا تم میں عقل نہیں کہ سمجھو کہ بات بہت قبیح ہے کہ اپنی اصلاح تو کرتے ہو لیکن دوسروں کو سمجھانے میں مشغول ہو۔ (اَلْعُقُلُ) اصل

[1] اے حافظ اس کبک ٹہلنے والی (متکبر) کو دیکھ کر تعجب کیجئے کہ وہ فضا میں اڑنے والی شاہین کے حملہ سے غافل ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

میں بمعنی منع وامساک ہے۔اسی سے عقال ماخوذ ہے۔یعنی وہ رسی کہ جس سے اونٹ کے پاؤں کو کہنیوں تک باندھا جاتا ہے تا کہ حرکت کرنے سے باز رہے۔نیز نورِ روحانی کہ جس سے نفس کو علومِ ضروریہ ونظریہ کا ادراک ہوتا ہے۔کو بھی عقل اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ قبیح عمل سے روکتا اور اچھے عمل کو معلوم کرتا ہے اس کا محل دماغ ہے، کیونکہ دماغ حس کا محل ہے اور بعض کے نزدیک ایک کا محل قلب ہے کیونکہ قلب معدن حیوۃ اور مادہ حواس ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ ایک نور ہے جو آدمی کے بدن میں ہوتا ہے۔

ف: یہ توبیخ لوگوں کے امر کرنے کے لئے نہیں بلکہ اس سے برے عمل سے ترک کے لئے ہے۔انکار وتوبیخ کا دارومدار جملہ معطوف یعنی وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ پر ہے۔نہ وہ کہ جس پر اس جملہ کا عطف ہے یعنی اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ

ف: اس آیت سے وہ شخص استدلال نہیں کرسکتا جو قائل ہے کہ جو شخص خود عمل کا پابند نہ ہو وہ دوسرے کو امر بالمعروف نہیں کرسکتا بلکہ اس کے لئے لازم ہے کہ نیک عمل پر پابندی کرے اور امر بالمعروف کو بھی نہ چھوڑے

حدیث شریف:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَاِنْ لَمْ تَعْلَمُوْا بِهٖ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَاِنْ لَمْ تَنْتَهُوْا عَنْهُ

نیکی کا حکم دو اگر چہ تم خود اس کے کاربند نہ ہو اور برائی سے روکو اگر چہ تم خود اس میں مبتلا ہو۔

مسئلہ: جس نے کسی دوسرے کو امر المعروف کیا اور خود اس کا عامل نہیں تو اس نے صرف ایک واجب کا ترک کیا اور اگر خود امر بالمعروف بھی ترک بیٹھے تو اس نے دو واجبوں کو چھوڑا اور خود امر بالمعروف بھی ایک نیکی ہے اگر چہ اس امر کے مطابق عمل نہیں کرسکتا۔

نصیحت: ہاں یہ ضرور ہے کہ بے عمل واعظ کا اثر بہت کم ہوتا ہے۔

مسئلہ: جو شخص امر بالعروف کرتا ہے پہلے خود اس کا پابند بنے۔اسی طرح جو کسی کو برائی سے روکتا ہے اسے چاہیے کہ اس برائی سے پہلے خود باز آئے۔

ف: یہ آیت واعظِ بے عمل کی مذمت کر رہی ہے کہ وہ دوسروں کو برائی سے روکتا ہے لیکن خود اس میں مبتلا رہتا ہے اور اس کے کردار بتاتے ہیں کہ وہ پکا جاہل اور نرا احمق ہے۔

سبق: معلوم باد کہ اس سے مراد یہ ہے کہ واعظ کو چاہئے کہ تزکیہ نفس میں جدوجہد کرے اور اپنی تکمیل کے

marfat.com
Marfat.com

لئے کوئی کسر باقی نہ رکھے تا کہ حق قائم ہو اور اس کے قدسی نفس کے طفیل دوسروں کو جلیل مرتبہ نصیب ہو لیکن اس بات سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ واعظ فاسق سرے سے وعظ کرنا بھی چھوڑ دے کیونکہ دو مامور بہما میں سے ایک کی کمی دوسرے کے لئے خلل انداز نہیں۔

حکایت: ایک عالم دین بڑے مؤثر الکلام اور قلوب پر تصرف ڈالنے والے تھے۔ان کے وعظ کی کوئی ایک مجلس خالی نہیں ہوگی کہ ایک یا دو تین اس کے وعظ کی تاثیر سے نہ مرے ہوں اور اس کے شہر کی ایک بڑھیا تھی اس کا نیک لڑکا تھا وہ رقیق القلب اور سریع الانفعال ہمیشہ اپنے بیٹے کو اس عالم کی مجلس میں جانے سے روکتی رہتی تھی۔ایک روز وہ اپنی ماں سے چوری مجلس وعظ میں جا بیٹھا تو تقدیر الٰہی غالب آ گئی آخر وہ مر گیا، ایک روز وہی بڑھیا اسی واعظ کو راستہ میں ملی اور یہ شعر پڑھ کر سنائے۔

اتهدی الانام و لاتهتدی — الا انّ ذالک لا ینفع

فیا حجر الشحذ حتّٰی متٰی — تسین الحدید و لا تقطع

ترجمہ: دوسروں کو تو ہدایت دیتا ہے لیکن خود ہدایت سے محروم ہے خبردار! یہ بات نفع مند نہیں۔اے پتھر! کب تک تیز تر رہے گا کہ لوہے کو تو تیز کرتا ہے لیکن خود کاٹ نہیں سکتا یعنی بیکار ہے۔

جب اس واعظ نے یہ اشعار سنے تو ایک چیخ مار کر گھوڑے سے بے ہوش ہو کر نیچے گر پڑا اسے اٹھا کر گھر لے گئے، اور اسی حالت میں اس کا انتقال ہوا۔حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

واعظاں کیں جلوہ در محراب و منبر کنند — چوں بخلوت میروند آں کارِ دیگر میکنند

مشکلے دارم زدانش مند مجلس باز پرسی — توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر میکنند

ترجمہ:۔ ا۔یہ واعظین جو محراب و منبر پر جلوہ گر ہوتے ہیں تنہائی میں کچھ اور کام کرتے ہیں۔۲۔پھر ایسے دانشوروں سے باز پرس بھی مشکل ہے دوسروں کو توبہ کی تلقین کرنے والے خود توبہ بہت کم کرتے ہیں۔

عالم بے عمل کی سزا (حدیث شریف)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شب معراج میرا ایک قوم پر گذر ہوا تو ان کے ہونٹ آگ کی مقراضوں سے کاٹے جا رہے تھے۔میں نے کہا: اے جبرائیل! (علیہ السلام) یہ کون لوگ ہیں؟ جبرئیل

marfat.ocm
Marfat.com

علیہ السلام نے کہا کہ یہ آپ کی امت کے وہ خطباء ہیں جو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے لیکن خود اس کے کاربند نہیں ہوتے تھے۔ اسی لیے ان کا حصہ جہنم میں ایسے ہی مقرر ہوا۔ پھر ان سے پوچھا گیا کہ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: ہم وہ ہیں کہ لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے تھے لیکن خود کو کبھی نصیحت نہ کرتے۔

حضرت اوزاعی نے فرمایا کہ نوالین نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کی کہ یا اللہ کفار کے مردار کی بدبو ہمیں سخت تکلیف دے رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ بدبو علمائے سوء کے پیٹ کی بدبو سے کہیں اور زیادہ ہے۔

حدیث شریف: حدیث شریف میں ہے:

ما من عبد یخطب خطبة الا واللّٰه سائلها عنهما یوم القیامة ما ارادبها

ہر وہ بندہ جو قوم کو خطاب کرتا ہے قیامت میں اللہ تعالیٰ اسے پوچھے گا کہ تیرا اس خطاب سے مطلب کیا تھا۔

ف: حضرت شیخ افتادہ آفندی نے فرمایا کہ اگر واعظ کو معلوم ہوتا کہ میری بھلائی وعظ سنانے کی بجائے سننے میں ہے تو وہ کبھی وعظ کرنے کے درپے نہ ہوتا۔

حدیث شریف: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كَمْ مِنْ وَاعِظٍ يَلْعَبُ بِهِ الشَّيْطَانُ بہت سے ایسے واعظ ہیں کہ جن سے شیطان کھیلتا ہے۔

ہاں اگر اس کا یہ ارادہ ہو کہ مجھ سے نفع یاب ہوں اگر اس کے باوجود بھی اسے عذاب ہو تو وہ اس کے لئے ایک قسم کی فنا ہوگی۔ لیکن پھر بھی دھیان رکھے کہ اس میں حظ نفسانی کو دخل بالکل نہ ہو۔ نیز فرمایا کہ لوگوں کو اگر اس لیے وعظ سناتا ہے کہ لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے جس کا مجھے پتہ ہے یا یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ جس کا میں معتقد ہوں ان کو کوئی علم نہ چلے۔ پہلے کو تو وعظ کرنے کی ضرورت نہیں، دوسرا بھی غلطی میں مبتلا ہے کہ لوگوں کو جاہل تصور کرتا ہے اور خود کو فاضل، تو یہ ایک تکبر ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ نفس کے حیلے بیشمار ہیں۔ اس سے خلاصی وہ پا سکتا ہے جسے فضلِ الٰہی نصیب ہو۔

کم از کم اس حدیث شریف کا مضمون ملحوظ رہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **ان اللّٰه یؤید هذا الدین بالرجل الفاسق** اللہ تعالیٰ اپنے

marfat.ocm
Marfat.com

دین کی تائید ایک فاسق سے کراتا ہے۔ جب تک سالک حقیقت تک نہ پہنچے تب تک گمراہی میں پڑنے سے خائف رہے۔

حدیث شریف: حدیث شریف میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الناس کلھم سکاری الا العالمون (تمام لوگ مخمور ہیں صرف علماء باہوش ہیں)

مخلصین تو ہمیشہ بڑے خطرے میں ہیں۔ البتہ مخلصین (بالفتح) امن وسلامتی میں ہیں۔ مخلص (بالفتح) تو وہ سالک ہے جو توحید حقیقی تک پہنچا اور فانی ہو کر قہر سے محفوظ اور اللہ تعالیٰ کا کرم وجود وعدم کی حد سے باہر ہے۔ اسی کا نام فنا کلی ہے اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ سے یہی لوگ مراد ہیں۔

تنبیہ: ہر مرتبہ میں شریعت کی پاسداری ضروری ہے، کیونکہ کمال اسی کا نام ہے ورنہ شریعت سے روگردان سالک ناقص ہے اسی لیے مجذوب نقصان سے خالی نہیں ہوتے۔ اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی ایک کے متعلق جنون اور سفاہت کا طاری ہونا نہیں سنا گیا کیونکہ وہ مرتبہ کمال میں کامل اور وہ عقل کل کے مالک ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ دروازہ کے بند ہونے والی آواز سے بھی وہ ہر حالتِ استغراق میں اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اوْصلنا الی الکمالِ (اے اللہ! ہمیں کمال کے مرتبہ تک پہنچا)

تفسیر عالمانہ وَاسْتَعِیْنُوْا اے بنی اسرائیل! اپنی ضروریات کو بِالصَّبْرِ صبر سے طلب کر کے فتح یابی کے منتظر رہو لیکن اس میں بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ پر ہو۔ یا صبر سے مراد روزہ ہے، کیونکہ روزے میں کھانے پینے والی چیزوں سے صبر کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں کسر شہوت اور تصفیۂ نفس ہے۔ وَالصَّلٰوةِ یعنی نماز کو وسیلہ بناؤ اور اس کے ذریعے سے التجا کرو۔ یہاں تک کہ مقصود کو پہنچ جاؤ اور مصائب وتکالیف سے بچ جاؤ۔

ربط: جب بنی اسرائیل کو ایسے امور یعنی تکلیف اور ریاست ومرتبہ کا ترک اور مال سے روگردانی کا حکم دیا گیا جو ان پر شاق تھے۔ اب ان کا علاج بتایا جا رہا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف: حدیث شریف میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی امر غم میں ڈالتا تو آپ نماز میں مشغول ہو جاتے۔

حکایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سفر میں تھے تو آپ کو لڑکی کی فوتیدگی کی اطلاع ملی۔ آپ نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھ کر فرمایا کہ وہ ایک عورت تھی جسے اللہ تعالیٰ نے ڈھانپا اور وہ ایک بوجھ تھا جسے اللہ تعالیٰ نے میرے لیے آگے محفوظ فرمایا۔ پھر راستہ سے ہٹ کر آپ نے نماز ادا فرمائی اور سواری پر سوار ہو کر پڑھتے تھے۔ وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ (استعانت حاصل کرو صبر اور نماز سے) وَاِنَّھَا اور بیشک وہ نماز لَکَبِیْرَۃٌ بہت بھاری ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لئے مقرر فرمایا جیسا کہ خود فرمایا: اِلَّا عَلَی الْخٰشِعِیْنَ ہاں خاشعین پر نماز کوئی بوجھ نہیں۔ خاشعین بمعنی عاجز سوالی لوگ۔

ف: خشوع جوارح سے ہوتا ہے اور خضوع قلب سے۔ یا خشوع بصر سے ہوتا ہے اور خضوع باقی اعضا سے۔

سوال: خاشعین پر نماز کیوں ثقیل نہیں۔

جواب: اس لیے کہ وہ اپنے رب کی مناجات میں ایسے مستغرق ہوتے ہیں کہ ان کو تکالیف اور مشقتوں کا احساس بھی نہیں ہوتا۔ اسی لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وقرۃ عینی فی الصلوٰۃ کیونکہ آپ کو نماز کی مشغولی میں راحت و سرور ملتا۔ اسی لیے آپ نے دنیوی امور کو الٹا تکلیف سے تعبیر فرمایا۔

اَلَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ وہ لوگ جو یقین رکھتے ہیں۔ اس لیے کہ ظن کبھی یقین کا معنی دیتا ہے اور کبھی شک کا، کیونکہ یہ اضداد سے ہے۔ جیسے لفظ رجاء بمعنی امن و خوف کے لئے آتا ہے۔ (کذا فی تفسیر الکواشی)

اَنَّھُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّھِمْ یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ملنے والے ہیں۔ اس میں قیامت کی حاضری کی طرف اور وہاں پر سوال ہونے کا اشارہ ہے یہی وجہ موزوں ہے۔

حدیث شریف:۔

۱۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من احب لقاء اللہ احب اللہ لقائہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقائہ۔ یعنی جسے اللہ تعالیٰ کی زیارت کا اشتیاق ہے، اس کے ملنے کو بھی اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے اور جو

marfat.ocm
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کو ملنا نہیں چاہتا اسے اللہ تعالیٰ بھی نہیں چاہتا۔اس لقاء سے مراد موت ہے۔

حدیث شریف:۔

۱۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:من احب لقاء اللّٰہ احب اللہ لقاءَ وہ ومن کرہ لقاء اللّٰہ کرہ اللّٰہ لقائہ یعنی جسے اللہ تعالیٰ کی زیارت کا اشتیاق ہے،اس کے ملنے کو بھی اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کو ملنا نہیں چاہتا اسے اللہ تعالیٰ بھی نہیں چاہتا۔اس لقاء سے مراد موت ہے۔

۲۔ لقی اللّٰہ وھو علیہ غضبان ۔یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ملے گا،حالانکہ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوگیا۔اس سے مراد موت ہے۔اب معنیٰ یوں ہوا کہ انہیں یقین ہے کہ وہ عنقریب مریں گے۔

وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اور انہیں یقین ہے کہ وہ قیامت میں اللہ تعالیٰ کی طرف واپس ہونے والے ہیں۔یعنی ان کو اپنے اعمال کی جزا وسزا ملے گی اور جن کو جزا کا یقین نہیں اور نہ ہی ثواب کی امید رکھتے ہیں اور نہ ہی عذاب سے ڈرتے ہیں تو پھر یہ نماز ان کے لئے بوجھ ہے۔جیسے منافقین اور ریاکار لوگوں پر بوجھل محسوس ہوتی ہے۔

مسئلہ : طاعات کے دکھ پر صبر کرنا نفس کے ساتھ جہاد کرنا اور اسے شہوات سے روکنا اور لمبی آرزوؤں سے اسے باز رکھنا ہے۔عادات انبیاء اور صالحین کے ہیں۔

ف: حضرت یحیٰی بن ایمان فرماتے ہیں کہ صبر یہ ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے مقسوم لکھ دیا ہے اس سے زائد کی طلب نہ کرنا اور رضا یہ ہے کہ جو فیصلہ تقدیر نے دنیا وآخرت کا کر دیا ہے اس پر خوش ہونا اور بس ۔یہ عمل سلوک میں ایسے ہے جیسے تمام بدن کے لئے روح۔

حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔

گویند سنگ لعل شود در مقام صبر　　آرے شود ولیک بخونِ جگر شود

ف: اللہ تعالیٰ نے ہر عمل کی علیحدہ علیحدہ تعریف فرمائی ہے۔اور ہر ایک کی حد وانتہا بیان فرمائی ہے مثلاً فرمایا: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اور صدقہ فی سبیل اللہ کے متعلق فرمایا: مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ الایۃ اور صابرین کے متعلق اجرِ بے حساب کا وعدہ فرمایا چنانچہ صبر والوں کے متعلق فرمایا: اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ اور اپنے لیے صبر کی تعریف فرمائی

marfat.ocm
Marfat.com

جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے: **لیس بشیء اجر علی اذی سمعه من الله تعالیٰ انهم لیدعون له ولدا وانه لیعافیهم ویرزقهم** (اللہ تعالیٰ سے زیادہ صبر والا کوئی نہیں ہوگا کہ وہ اپنے متعلق مکروہ امر سنے اور صبر کرے لوگ میرے لیے اولاد ثابت کرتے ہیں، لیکن میں ان کو معاف کر دیتا ہوں اور روزی بھی بدستور جاری رکھتا ہوں)

حلیم اور صبور میں فرق:۔

اللہ تعالیٰ کے لئے صبر کا معنی حلم ہے یعنی مستحقین سے عقوبت کی تاخیر خطا کار گناہ کے بعد صبور کے عذاب سے مطمئن نہیں ہوتا، لیکن حلیم کے عذاب سے مطمئن ہوتا ہے۔

ف: خشوع کو کہا گیا کہ تو لوگوں کی امامت کرنا چاہتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ خشوع غصہ پینے کو نہیں کہا جاتا بلکہ خشوع یہ ہے کہ شریف اور کمینہ کو حق میں برابر سمجھنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ نے جو فرض مقرر فرمائے اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے پورا خوف دل میں رکھ کر ادا کرنا چاہیے۔ جس نے دل و جان سے خوفِ خدا نہ کیا اس نے منافقت کا ثبوت دیا۔

ف: حضرت سہل بن عبداللہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ تجھے خشوع کی تکمیل اس وقت ہوگی جب کہ جسم کا ہر بال خوف خدا سے سرشار ہو یہی اعلیٰ درجہ کا خشوع ہے کیونکہ جب دل پر اثر ڈالتا ہے تو اس کا ظہور جسم کے ہر ذرّہ پر نمایاں ہوتا ہے پھر وہ جتنا اپنے آپ کو چھپائے، نہیں چھپ سکے گا۔ اس کا سرنگوں اور ادب سے بھرپور اور تواضع کا مجسمہ ہوگا۔ سلف صالحین تو ایسے عمل کو چھپانے کی کوشش میں رہتے۔

مسئلہ: خشوع مذموم بھی ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ تکلف کر کے رونی شکل بنائے اور سر نیچا رکھے جیسے جاہلوں کی عادت ہے کہ وہ اس طرح کر کے لوگوں کو پھنسانے کی ٹوہ میں رہتے ہیں تا کہ لوگ ہمیں نیک اطوار سمجھیں۔ یہ شیطان کا ایک دھوکہ ہے اور نفس کا ایک مکر ہے۔

ف: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب بولتے تو کھلے لفظوں میں اور جب چلتے تو نہایت تیز چلتے اور جب کسی کو سزا دیتے تو سخت ترین اور نہایت درجہ کے عبادت گذار اور صدق کے پتلے اور خشوع سے پُر اور حق کے مظہر تھے۔

(کذافی تفسیر القرطبی)

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے: وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ یعنی نفس کو شہوات اور اس کی خواہش کے

marfat.ocm
Marfat.com

متابعت پر صبر کے ذریعہ مدد طلب کرو۔ وَالصَّلٰوۃِ یعنی بابِ غیب اور بارگاہ رب پر حاضر باشی کا التزام کرو۔ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ یعنی صبر اور نماز سے استعانت امر عظیم اور سخت ترین شئے ہے۔ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ یعنی ان لوگوں پر سخت نہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی جلوہ گری ہے۔ اسی لیے ان کے نفوس قدس اللہ تعالیٰ سے خاشع رہتے ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذا تجلی اللّٰہ شیئا خضع لہٗ ۔ جب اللہ تعالیٰ کسی شئے پر جلوہ گری فرماتا ہے تو اسے خضوع نصیب ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا خشوع قلبی تجلی حق مع الحق کا وارث بناتی ہے اور مخلوق سے دوری پیدا کرتی ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ یعنی وہ لوگ جو تجلی حق کا یقین رکھتے ہیں۔ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ یعنی انہیں یقین ہے کہ انہیں جمال حق کا مشاہدہ نصیب ہوگا۔ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ جذبات حق کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے ہیں اور جذباتِ حق کا ایک جذبہ ثقلین کے عمل کے برابر ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

marfat.ocm
Marfat.com

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

اے اولاد یعقوب! یاد کرو میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا اور یہ کہ سارے زمانہ پر تمہیں بڑائی دی

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّ

اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ ہو سکے گی اور نہ (کافر کے لئے) کوئی سفارش مانی جائے گی اور

لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

نہ کچھ لے کر (اس کی) جان چھوڑی جائے اور نہ ان کی مدد ہو۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم کو فرعون والوں سے

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ

نجات بخشی کہ تم پر برا عذاب کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے اور اس میں

ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ

تمہارے رب کی طرف سے بڑی بلا تھی (یا بڑا انعام) اور جب ہم نے تمہارے لئے دریا پھاڑ دیا تو تمہیں بچا لیا

اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ

اور فرعون والوں تمہاری آنکھوں کے سامنے ڈبو دیا۔ اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ فرمایا پھر اس کے پیچھے تم نے

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

بچھڑے کو پوجا شروع کر دی اور تم ظالم تھے۔ پھر اس کے بعد ہم نے تمہیں معافی دی

ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ

کہ کہیں تم احسان مانو۔ اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی اور حق و باطل میں تمیز کر دینا

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ

کہ تم راہ پر آؤ۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم تم نے بچھڑا بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا تو اپنے پیدا کرنے والے کی

marfat.ocm
Marfat.com

الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ

طرف رجوع لاؤ تو آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو یہ تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک بہتر ہے

عَلَيْكُمْ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى

تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی بیشک وہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تمہارا یقین نہ

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ

لائیں گے جب تک اعلانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں تو تمہیں کڑک نے آلیا اور تم دیکھ رہے تھے۔ پھر مرے پیچھے ہم نے تمہیں زندہ کیا کہ کہیں تم احسان مانو۔

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ

اور ہم نے ابر کو تمہارا سائبان کیا اور تم پر من وسلویٰ اتارا

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾

کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں اور انہوں نے کچھ ہمارا نہ بگاڑا ہاں اپنی ہی جانوں کو بگاڑ کرتے تھے۔

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ

اور جب ہم نے فرمایا اس بستی میں جاؤ پھر اس میں جہاں چاہو بے روک ٹوک کھاؤ اور دروازہ میں سجدہ کرتے داخل ہو

سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ

اور کہو ہمارے گناہ معاف ہوں ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے اور قریب ہے کہ نیکی والوں کو اور زیادہ دیں۔ تو ظالموں نے

ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

اور بات بدل دی جو فرمائی گئی تھی اس کے سوا تو ہم نے آسمان سے

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾

ان پر عذاب اتارا بدلہ ان کے بے حکمی کا۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ بنی اسرائیل ذکر کرو یعنی شکر کرو۔ نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ میری ان نعمتوں کو جو میں نے تمہیں عطا فرمائیں۔ مثلاً من وسلویٰ کا نازل کرنا اور بادل کو سایہ بنانا اور پتھر سے پانی نکالنا۔

سوال : یہ انعامات تو ان کے آباؤ اجداد کو ملے ان کو یاد دلانے کا کیا فائدہ؟

جواب : باپ کی شرافت کا اثر بیٹے پر ہوتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا۔

وَاَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ میں نے تمہیں فضیلت دی یعنی فضلت آبائکم (میں نے تمہیں تمہارے آباء واجداد کو فضیلت دی) نہیں فرمایا، کیونکہ آباء کی فضیلت ہوتی ہے وَ اور یاد کرو۔ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ میں نے تمہیں اہلِ عالم پر فضیلت بخشی۔ یہ عطف الخاص علی العالم ہے۔ صرف ان کی بزرگی کے اظہار کے لئے یعنی میں نے انہیں علم وایمان اور عمل صالح اور انبیاء اور عاقل بادشاہ بنا کر ان کے ہم زمان لوگوں پر فضیلت دی اور یہ وہی حضرات تھے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ اقدس میں تھے۔ ان کے بعد والے بھی وہی لوگ مراد ہیں جنہوں نے فساد اور بگاڑ پیدا نہیں کیا اس آیت کی نظیر وہ آیت ہے جو بی بی مریم علیہا السلام کے لئے فرمایا۔ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ تیرے رب نے تجھے تمام عالم سے برگزیدہ فرمایا۔ یعنی تیری ہم زماں عورتوں پر، کیونکہ بی بی خدیجہ اور بی بی عائشہ اور بی بی فاطمہ (رضی اللہ عنہن) ان سے افضل ہیں۔ (صرف مصنف کے خیال کے مطابق، جمہور کے نزدیک توقف بہتر ہے) اسی بنا پر بنی اسرائیل کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے فرمایا ہے:

کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ (تم بہترین امت ہو لوگوں کو نصیحت کے لئے بھیجے گئے ہو) (کذا فی التفسیر)

اس سے معلوم ہوا کہ الْعٰلَمِیْنَ استغراقی عرفی ہے حقیقی نہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بنی اسرائیل میں سے جو بھی ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے انہیں دوسرے لوگوں پر فضیلت ہوگی اور انہیں دوہرا اجر ملے گا ایک لحاظ سے کہ وہ اپنے نبی پر ایمان لایا، دوسرا ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کی وجہ سے۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ تین شخص ایسے ہیں جن کو دوہرا ثواب ملتا ہے: ۱۔ جس نے لونڈی خریدی اور اس کی تربیت کر کے اسے مفت آزاد کر دیا اور نکاح بھی کر دیا

marfat.com
Marfat.com

۲۔وہ عبد جو اپنے آقا اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے۔

۳۔وہ اہلِ کتاب جو ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو کر ان کی رسالت کی گواہی دے

ف: امام قشیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی نفوس کی فضیلت کی شہادت دی ہے چنانچہ ان کے متعلق فرمایا: وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کو فضل ربی سے تعبیر فرمایا۔ کما قال: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ (فرمایئے! اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت سے) اور ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔ان کی گواہی دی ان کی نفوس کی وجہ سے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فضل کی گواہی دی ہوئی فضل ربی ہے جس فضل میں نفس کو دخل ہو اس پر عجب پیدا ہوتا ہے اور جس فضل میں رب تعالیٰ کی رحمت ہو تو اس میں ایجاب ہوتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

شانِ نزول: یہود کہتے تھے کہ ہم "خلیل اللہ علیہ السلام" کی اولاد سے ہیں اور ہمارا باپ ذبیح اللہ حضرت اسحاق علیہ السلام ہے اللہ تعالیٰ ان دونوں کی شفاعت ہمارے حق میں قبول فرماتا ہوا ہمیں معاف کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ردّ میں آیت نازل فرمائی:

وَاتَّقُوْا اے بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ یَوْمًا قیامت کے دن سے یعنی حساب وعذاب کے دن سے۔ یَوْمًا محل کا ذکر کر کے حال کے ارادہ کرنے کے قبیل سے ہے۔ لَا تَجْزِیْ یعنی اس میں نہ کسی کی کوئی کفایت کرنے والا اور نہ کچھ ادا کرنے والا اور نہ کسی کو بچانے والا ہوگا۔ عائد اس میں محذوف ہے اور یہ جملہ نَفْسٌ کی صفت ہے۔ عَنْ نَّفْسٍ (مؤمن) کافر سے شَیْئًا کسی چیز کا جو اس پر حقوق لازم ہوں گے اس کی نصب مفعول بہ ہونے کی وجہ سے ہے۔لفظ نَفْسٌ کو نکرہ لانے میں تعمیم مقصود ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ [1] اور یہ نفع بھی کیسے دے سکیں گے جب کہ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ [2] میں حکم عام ہے۔مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

چوں یفر المرء آید من اخیہ — یہرب المولود من بابیہ

زاں شود بر دوست آں ساعت عدو — کہ بت تو بود از رہ مانع او

---

[1] تمہاری رشتہ داریاں اور تمہاری اولاد تمہیں فائدہ نہیں دے گی۔ [2] اس دن مرد اپنے بھائی سے بھاگے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْہِ قرآن میں آیا ہے کہ بچہ باپ سے بھاگے گا اس وقت دوست دوست کا دشمن ہوگا تیرا بہکانا راہ حق سے مانع ہے۔

مسئلہ : یہ زجر کفار کے لئے ہے۔ مومن کو اللہ تعالیٰ نے مستثنیٰ فرمایا ہے۔ **کما قال** : یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۙ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ یعنی جو قلب شرک سے خالی ہوگا صرف اسے مال اور اولاد نفع دے گا یعنی قیامت میں۔

وَلَا یُقْبَلُ مِنْھَا شَفَاعَۃٌ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے چھڑانے کے لئے کافر کے حق میں مؤمن کی شفاعت قبول نہیں ہوگی۔ شَفَاعَۃٌ شافع اور شفیع کا مصدر ہے۔ شافع و شفیع اسے کہتے ہیں جو دوسرے کی قضائے حاجت کا طلب گار ہو۔ شفیع سے ماخوذ ہے، کیونکہ یہ شخص اپنے نفس کو (جس سے اپنی طلب مراد کر رہا ہے) کا ساتھی بناتا ہے۔

مسئلہ : کافر کے لئے کوئی شفاعت نہیں ہے۔ ہاں مؤمن کی شفاعت ضرور ہوگی۔

حدیث شریف: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میری امت کے اہلِ کبائر کے لئے میری شفاعت ضروری ہوگی۔

مسئلہ : جو آپ کی شفاعت کی تکذیب کرتا ہے اسے شفاعت نصیب نہیں ہوگی۔

قاعدہ : جہاں پر شفاعت کی نفی ہے وہاں کفار مراد ہیں۔

وَلَا یُؤْخَذُ مِنْھَا مشفوع لہ سے نہیں لیا جائے گا اور مشفوع لہ سے نفس ثانیہ یعنی عاصی کار مراد ہے۔ عَدْلٌ فدیہ مال سے یا کوئی دوسرا نفس اس کے عوض یا توبہ جو اسے نار سے نجات دلائے۔ **العدل بالفتح** شے کا مثل خلاف جنس سے اور (بالکسر) شئے کا مثل اس کی جنس سے اور فدیہ کو اس نام سے اس لیے موسوم کیا گیا کہ وہ اس کے مساوی اور اس کے قائم مقام ہوتا ہے۔ وَلَا ھُمْ یُنْصَرُوْنَ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ان کو کوئی بچانے والا نہیں ہوگا اور نہ اس وقت ان کے لئے کوئی نافع ہوگا اور نہ شافع اور نہ دافع۔

سوال : ضمیر جمع اور پھر مذکر کی کیوں حالانکہ پہلے نفس کا لفظ مستعمل ہو رہا ہے۔ جو واحد مؤنث ہے؟

جواب : نفس ثانیہ نفی کے تحت واقع ہے جو نفوس کثیرہ پر دال ہے اور چونکہ نفس سے مراد عباد اور انسان مراد ہیں بنابریں جمع کا صیغہ لایا گیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

فائدہ: یہاں پر نصرۃ معونۃ سے عام ہے۔ کیونکہ نصرہ صرف دفع ضرر سے مخصوص ہے اور معونۃ عام ہے۔ یہ آیت غایت بلاغت میں ہے۔ کیونکہ اس میں ان تمام وجوہ کو جمع کرلیا ہے کہ جن سے انسان دنیوی مصیبتوں سے چھوٹ جاتا ہے اور وہ چار ہیں:

۱۔ اپنے بوجھ اٹھانے کے لئے دوسرے کو قائم مقام مقرر کردے۔

۲۔ مال دے کر آئی مصیبت سے بچ جائے۔

۳۔ کوئی شخص اس کا سفارشی ہو اجو سفارش کر کے اسے چھوڑا لے۔

۴۔ کوئی مددگار مدد کر کے عذاب سے بچالے۔

یہاں پر اللہ تعالیٰ نے تمام وسائل سے کفار کو ناامید کردیا۔

روایت بطرز حکایت: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص قیامت میں اپنے لڑکے کو لپٹ کر بولے گا۔ اے میرے پیارے بیٹے! میں دنیا میں تیرا باپ تھا آج مجھے تیری نیکیوں میں سے صرف رتی برابر ایک نیکی کی ضرورت ہے۔ براہ کرم مجھے دیدے تا کہ میں اس مصیبت سے بچ جاؤں۔ لڑکا جواب دے گا جس طرح آج تجھے خطرہ ہے مجھے بھی ہے لہٰذا مجھ سے دور ہو میں تجھے کچھ نہیں دے سکتا۔ پھر وہ شخص اپنی زوجہ سے جا کر کہے گا: اے فلانی! دنیا میں تیرا شوہر تھا۔ وہ عورت اسے دیکھ کر اس کی بہت تعریف کرے گی۔ مرد کہے گا: مجھے تیری ایک نیکی درکار ہے، براہ مہربانی ایک نیکی دیدے۔ وہ عورت جواب دے گی کہ اس خوف سے تو میں بھی کانپ رہی ہوں۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: وَلَنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ یعنی جس پر گناہوں کا بھاری بار آپڑے گا تو اس سے اس کا گناہ کوئی دوسرا نہیں اٹھائے گا۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

لے برخند ہر کس درود آنچہ کشت — نماند بجز نام نیکو وزشت

ہر آں خورد سعدی کہ بیخے نشاند — کسے بر دخرمن کہ تخمے فشاند

لے:۔ ۱۔ ترجمہ۔ لوگ گئے اور اٹھائیں گے وہی جو بویا دنیا میں یا نیک نامی رہی یا بدنامی۔ ۲۔ اے سعدی! جیسا بیج بویا وہی اٹھائے گا خرمن وہی اٹھائے گا جو بیج بوئے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ اس کا ظاہر عام ہے لیکن اس باطن خاص ہے۔اس کا تعلق اس قوم سے ہے جو بنی اسرائیل سے تھی۔اللہ تعالیٰ نے بھلائی جان کر انہیں پوشیدہ طور پر اپنا خطاب سنایا۔جس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کو یاد کیا جو ان کو عطا ہوئی اور نور کے قطرات کے قبول کرنے کی استعداد پیدا کی۔جب کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو ظلمت میں پیدا کیا تو پھر اس پر اپنے نور سے قطرات ڈالے اس کی برکت سے انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لایا۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام فرماتے ہیں: ''جسے اس نور سے قطرہ نصیب ہوا اسے ہدایت نصیب ہوئی اور جو اس سے چوک گیا وہ بہک گیا''

وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ اس نعمت کی بدولت یعنی میں نے تمہیں حضرات کے ساتھ رفاقت کی فضیلت عطا فرمائی جن پر میرا انعام ہے یعنی انبیاء وصدیقین وشہداء وصالحین بسبب اس نعمت کے جو اس وقت نور کے قطرہ کے عطا ہوئی اور فضیلت ان لوگوں پر ہے جن کو وہ قطرہ نصیب نہیں ہوا۔وَاتَّقُوْا يَوْمًا یعنی اس دن کے عذاب سے ڈرو کہ جس سے عوام کو اپنے افعال سے ڈراتا ہے جیسا کہ فرمایا: فَاتَّقُوا النَّارَ الخ اور خواص کو اپنے صفات سے، جیسا کہ فرمایا: اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ بیشک ہم جانتے ہیں اسے جو وہ چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں اور فرمایا: لِيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ اور سچوں سے ان کے صدق کے متعلق سوال فرمائے گا اور خاص الخاص کو اپنی ذات سے جیسا کہ فرمایا: وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ اور فرمایا: اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ اور اللہ تعالیٰ سے مکمل طور ڈرو۔

لَا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ کیونکہ اس دن امر صرف اسی کے ہاتھ میں ہوگا۔وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ صرف اسی کے حق میں نہ اس کے غیر کے لئے اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر جیسا کہ فرمایا: مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

ترجمہ: کون ہے جو اس کے ہاں سفارش کرے سوا اس کی اجازت کے۔

تفسیر عالمانہ

وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ یعنی کوئی فدیہ کیونکہ انسان کو صرف اپنی کمائی ہی ملے گی اور اپنی سعی کو خود ہی دیکھ لے گا اور اسے پتہ چلے گا۔آج کس کی سعی قبول ہے۔

وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ کیونکہ انہوں نے حق کی امداد نہ کی۔اس لیے ان کی مدد نہ کی جائے گی۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ اگر اس کے دین کی مدد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ یہ خطاب بنی اسرائیل کو ہے یعنی یاد کرو جب کہ ہم نے تمہیں یعنی تمہارے آباء کو نجات دی۔ کیونکہ پہلے لوگوں کو نجات دینا پچھلے لوگوں کو نجات دینا ہے۔ جیسا کہ اہل عرب کہتے ہیں: **قتلنا یوم عکاظ** (عکاظ کے دن ہمارے آباء نے تمہارے آباء کو قتل کیا) اور نجوی دراصل اس مکان کو کہتے ہیں جو زمین سے اونچا ہو کیونکہ جو شخص اس پر مکین ہوتا ہے وہ بچ جاتا ہے۔ اب ہر فائز کو ناجی کہتے ہیں، کیونکہ وہ تنگی سے نکل کر فراخی میں جا پہنچتا ہے۔ یعنی ہم نے تمہارے آباء کو ایک محفوظ مکان میں کر دیا اور ایذاء سے اٹھالیا۔ مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ فرعون اور اس کے متبعین اور اس کے اہلِ دین سے۔ فِرْعَوْنَ دراصل عمالقہ کے بادشاہوں کا لقب ہے جیسے کسریٰ فارسیوں کے بادشاہوں کا اور قیصر روم کے بادشاہوں کا اور خاقان ترکوں کا اور نجاشی حبشہ کا تبع اہل یمن کا لقب ہوتا ہے۔

ف: عمالقہ ایک جابر قوم تھی جو لاوَ بن ام بن سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے تھی۔ ان میں شام کے ساکنین کو جبابرہ اور مصر کے بادشاہوں کو فراعنہ سے تعبیر کیا جاتا۔ جو سرکشی کرتا ہوا سے کہتے ہیں: تفرعن الرجل یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ وہ سرکش اور متمرد ہو جائے۔ یہاں پر استغراق یعنی عموم نہیں بلکہ وہ لوگ مراد ہیں جو مصر میں رہتے تھے۔

فرعون کی مختصر سوانح:

موسیٰ علیہ السلام کے فرعون کا نام ولید بن مصعب بن الریان تھا۔ قبطیوں میں سے تھا۔ اس نے چار سو سال عمر گذاری منقول ہے کہ وہ اصفہانی عطار تھا۔ اس پر قرض غالب آ گئے۔ تنگ آ کر اپنے اصلی مسکن کو چھوڑ کر شام میں چلا گیا۔ وہاں بھی اسے آسانی میسر نہ ہوئی۔ پھر مصر میں جا بسا۔ وہاں کی ایک الٹی چال دیکھی کہ گاؤں میں تو سالم بوری تربوز کی صرف ایک درہم میں دستیاب ہو جائے لیکن بازار میں صرف ایک درہم سے ایک تربوز بکتا تھا۔ دل میں خیال کیا کہ اس طریق سے میرا قرض بہ آسانی ادا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ گاؤں سے ایک بوری ایک درہم میں خریدی۔ راستہ میں ایک ایک درہم میں خریداروں کو بیچتا جاتا پھر بازار میں ایک ایک درہم میں ایک ایک تربوز بیچتا۔ اسی طرح کئی روز کرتا رہا۔ لیکن شہریوں وغیرہ کو دیکھا کہ بھولے بھالے ہیں کسی کو کسی سے خطرہ نہیں اور نہ ہی وہ سیاسی امور سے واقف ہیں۔ اچانک شہر میں وباء پھیلی موت بکثرت واقع ہونے لگی۔

marfat.com
Marfat.com

گورستان میں جا بیٹھا اور اہل اموات سے کہتا کہ قبرستان میں میت دفن کرنے کی اجازت نہیں جب تک پانچ درہم تاوان نہ ادا کرو۔ چنانچہ ہر ایک نے بغیر سوچے تاوان ادا کر دیا اور کئی عرصہ تک ادا کرتے رہے اور اس کے پاس تین ماہ کے عرصہ تک ادا کرتے رہے اور اس کے پاس تین ماہ کے عرصہ میں بہت دنیا جمع ہوگئی کوئی بھی اسے پوچھنے والا نہیں تھا۔ بالآخر ایک روز اسی شہر کے لوگ آئے اور حسب دستوران سے تاوان مانگا۔ انہوں نے انکار کیا اس نے بھی ضد کی۔ آخر بادشاہِ مصر (جس کا لقب فرعون تھا) اس تک نوبت پہنچی اسے بلایا گیا۔ اس نے کہا تمہیں کس نے تاوان کے لئے مقرر کیا ہے۔ اس نے کہا: مجھے کسی نے مقرر نہیں کیا اور نہ ہی مجھے یہ دنیا درکار ہے یہ بہانہ اس لیے کیا کہ کسی طرح میں آپ کے ہاں بلایا جاؤں اور حاضر ہو کر آپ کو آگاہ کروں کہ آپ کی قوم بڑی نااہل ہے اور تو ان سے بالکل بے خبر ہے۔ دیکھئے! یہ مال میں نے اسی معمولی ڈھنگ سے جمع کر لیا ہے۔ لیجئے! یہ آپ کا ہے لیکن مجھے اپنی سلطنت کا متولی مقرر کر دیجئے۔ میں نہایت دیانت داری و وفاداری سے کام کروں گا. چنانچہ اس نے تمام امور اس کے سپرد کر دیئے۔ اس نے ایسی احسن کارکردگی دکھائی کہ لشکر کے مصالح نہایت منتظم ہو گئے اور رعیت کا حال بھی بالکل ٹھیک ہو گیا۔ ان میں کافی عرصہ رہا عدل و انصاف میں بے نظیر ثابت ہوا یہاں تک کہ وہاں کا بادشاہ مر گیا۔ اس کے بعد سلطنت کا مالک اسی کو قرار دیا گیا۔ پھر جس عروج کو وہ پہنچا دنیا جانتی ہے۔

ف: حضرت یوسف علیہ السلام کے فرعون کا نام ریان تھا لیکن اس فرعون اور موسوی فرعون کے مابین چار سو سال سے کچھ زائد عرصہ کا فاصلہ ہے۔ يَسُوْمُوْنَكُمْ تم سے طلب کرتے۔ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ برا عذاب اور سب سے زیادہ قبیح بہ نسبت دیگر امور کے اس کا تمہارے لیے ارادہ کرتے اور اعمال شاقہ کا مکلف بناتے، تمہیں عذاب چکھاتے اور اسی پر مداومت کرتے۔ يَسُوْمُوْنَكُمْ سام السلعة سے ہے۔ یہ اس وقت بولتے ہیں جب سامان طلب کرے اور "سوم" بمعنیٰ یبغی ہے۔ بلاواسطہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہے اسی لیے سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَسُوْمُوْنَكُمْ سے منصوب اور مفعول بہ ہے اور جملہ يُنَجِّيْنَكُمْ کی ضمیر مفعول سے حال ہے۔ اب معنیٰ یہ ہے: تم اقبح عذاب کے لئے طلب کیے گئے تھے۔ اس کی نظیر اہلِ عرب کا وہ قول ہے جو کہتے ہیں: رایت زید یضربه عمر ۔ یعنی میں نے زید کو اس حال میں دیکھا کہ وہ عمرو کا مضروب تھا۔

marfat.ocm
Marfat.com

اس کی وجہ یہ تھی کہ فرعون نے انہیں خادم اور نوکر بنا رکھا تھا۔ بعض ان میں سے اس کے ملازم اور بعض ان سے مکانات کے معمار اور بعض ان میں سے کسان تھے جو کھیتی باڑی کرتے اور بعض ان میں سے اس کی ہر وقت خدمت میں رہتے اور جو کوئی خدمت نہ کرتا اس سے جزیہ لیا جاتا۔

ف: حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل فرعون کی مختلف خدمات پر متعین تھے۔ جو بہت بڑی قوت والے ہوتے وہ پہاڑوں کو کھود کر چٹانیں سر پر اٹھا کر لاتے یہاں تک کہ ان کی گردنیں اور ہاتھ زخمی اور ان کی پیٹھیں پھٹ گئیں اور بعض ان میں سے وہ تھے جو پتھر اور گارا اٹھا کر مکانات کی تعمیر کرتے۔ بعض ان میں سے وہ تھے جو کچی اینٹیں تیار کر کے پھر انہیں پختہ کرتے۔ بعض ان میں سے درودگر تھے۔ بعض لوہار اور جو کمزور تھے وہ روزانہ جزیہ ادا کرتے۔ اگر سورج ڈوبنے سے پہلے نہ ادا کر سکتے تو ان کے ہاتھ گردن سے منہ تک باندھے جاتے اور ان کی عورتوں سے چرخہ کا کام لیا جاتا اور کاتنے کے بعد وہ سوت بنتیں۔

ف: بعض کہتے ہیں: يَسُوْمُوْنَكُمْ کی تفسیر يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ ہے۔ گویا انہوں نے کہا: فرعونی کون سا عذاب ہم پر کرتے۔ تو جواب میں فرمایا: يُذَبِّحُوْنَ الخ یعنی انہیں مار ڈالتے تھے اور تشدید تکثیر کے لئے ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ فتحت الابواب اور ابناء سے مراد صرف مذکر نہیں۔ اگرچہ یہ لفظ نر و مادہ دونوں کے لئے بولا جاتا ہے جیسا کہ لفظ بنین یا بنی اسرائیل سے معلوم ہوتا ہے اور ابناء سے مراد لڑکے ہیں اور وہ بھی چھوٹے نہ بڑے۔ کیونکہ وہ صرف چھوٹوں کو ذبح کرتے تھے۔ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ لڑکیوں سے سبقت کر جاتے یعنی انہیں زندہ چھوڑتے۔

سوال: یہاں پر نِسَآءَ کیونکہ بولا گیا ہے حالانکہ نساء بڑی عورتوں کو کہتے ہیں اور یہاں پر چھوٹی لڑکیاں مراد ہیں؟

جواب: مال وانجام کے اعتبار سے نِسَآءَ بولا گیا ہے۔ کیونکہ جب انہیں زندہ چھوڑا گیا تو وہ لامحالہ بڑی ہی ہوئیں۔ علاوہ ازیں وہ لڑکیوں سے درگذر کرتے تو ان کی مائیں بھی بچ جاتیں اور قاعدہ ہے کہ اختلاط کے وقت بڑی اور چھوٹی دونوں پر لفظ نِسَآءَ بولا جاتا ہے۔

فرعون کے ظلم کا آغاز:۔ فرعون نے خواب میں ایک آگ کو دیکھا کہ بیت المقدس سے آئی ہے اور مصر کو

marfat.ocm
Marfat.com

احاطہ کرتے ہوئے قبطیوں کو مصر سے نکال لیا، لیکن بنی اسرائیل کو کچھ نہ کہا۔ یہ بات اسے بہت خوفناک معلوم ہوئی۔ کاہنوں اور جادوگروں سے تعبیر پوچھی۔ انہوں نے کہا: بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہونے والا ہے جو تمہاری ہلاکت کا موجب ہوگا اور تمہارا ملک تم سے چھین لے گا۔ اس پر فرعون نے ہر بنی اسرائیل کے نومولود بچے کو مار ڈالنے کا حکم دیدیا اور شہر کی ہر دایہ کو بلایا اور کہا کہ بنی اسرائیل کے ہر نومولود بچے کو مارتی جاؤ اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑتی جاؤ۔ انہوں نے حکم بجالایا۔ حتی کہ اس نومولود یعنی موسیٰ علیہ السلام کے قتل کرنے کے ارادہ پر بارہ ہزار زندہ موجود اور نوے ہزار نومولود لڑکے مارے گئے۔

ف: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان تمام لڑکوں کی قوت دی گئی۔ اگر وہ زندہ ہوتے تو ان سب کی قوت اور موسیٰ علیہ السلام کی قوت برابر ہوتی۔ اسی وجہ سے ان کے معجزات میں ایک معجزہ ان کا زورِ بازو بھی تھا۔ بہرحال ادھر لڑکوں کی کشت خون ادھر بڑے بڑے مرنے لگے۔ قبطیوں کے سردار فرعون کے پاس پہنچے اور کہنے لگے: بڑوں کو موت فنا کر رہی ہے اور چھوٹوں تو مروا رہا ہے۔ عنقریب یہ تمام امور ہمارے سروں پر آجائیں گے فرعون نے یہ سن کر حکم جاری کر دیا کہ ایک سال بچوں کو مارو اور ایک سال زندہ رہنے دو۔

جس سال کے بچے زندہ رکھے جاتے تھے ہارون علیہ السلام پیدا ہوئے اور جس دوسرے سال مارے جاتے تھے موسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی قضا ان کی کوشش پر غالب آگئی چنانچہ فرعون نے کوشش میں کوئی کسر نہ چھوڑی کہ قضا سے سبقت کر جائے مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے ارادہ کی تکمیل فرمائی کہ موسیٰ علیہ السلام بچ ہی گئے۔ وَفِیْ ذٰلِکُمْ یہ اشارہ ذبح اور لڑکیوں کو زندہ رکھنے کی طرف ہے۔ بَلَآءٌ مشقت اور بلاء اور لڑکیوں کو زندہ رکھنا ان کے لئے تکلیف اور بلاء تھی۔ باوجودیکہ بظاہر معافی اور ترک عذاب تھا کیونکہ بعد میں انہیں لونڈیاں بنایا جاتا اور بہت بڑے مشقت بھرے امور میں انہیں لگایا جاتا۔ یا اس لیے کہ نرینہ اولاد کے قتل ہونے کے بعد لڑکیوں کے بچ جانے میں آباء کے لئے مصیبت عظیم تھی۔ مِنْ رَّبِّکُمْ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کا تم پر مسلط ہو جانا عَظِیْمٌ بلاء کی صفت ہے اور دونوں کا نکرہ ہونا تفخیم کے لئے ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ذٰلِکُمْ کا اشارہ فرعون سے نجات دینے کی طرف ہے اور بَلَآءٌ بمعنی نعمت ہو کیونکہ دراصل بَلَآءٌ آزمائش کو کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کبھی نعمت دے کر آزمائش کرتا ہے تاکہ بندے شکر کریں۔ پھر وہی آزمائش عطیہ اور نعمت

marfat.ocm
Marfat.com

ہو جاتی ہے اور کبھی مصائب کے ساتھ آزماتا ہے تا کہ صبر کریں پھر وہی آزمائش محبت ہو جاتی ہے اور آزمائش خیر وشر دونوں میں ہوتی ہے۔ کما قال تعالیٰ: وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ الخ ہم تمہیں خیر وشر سے آزماتے ہیں۔ مِنْ رَّبِّكُمْ میں اشارہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو بھیج کر اور انہیں توفیق دے کر تمہیں فرعون سے نجات دیں گے

تفسیر صوفیانہ آل فرعون سے نجات میں نفس امارہ سے نجات دینے کی طرف اشارہ ہے اس سے نجات کا یہ مطلب ہے کہ اس کے صفات ذمیمہ اور اخلاق رذیلہ سے نجات ملی۔ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یعنی روح کے صفات روحانیہ حمیدیہ کو ذبح کر کے ان کی خدمات بجالانے کے لئے قدرت حیوانیہ کے اعمال میں اس کے بعض صفات جلیلہ کو باقی رکھنا اور صفاتِ ذمیمہ سے نجات پا جانا سوائے اللہ تعالیٰ کی مہربانی کے مشکل بلکہ ناممکن ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا: ''تم میں کسی کو عمل نہیں نجات دلانے کا'' صحابہ کرام نے عرض کی: حضور! آپ بھی۔ آپ نے فرمایا: ''ہاں، میں بھی لیکن مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل میں لے لیا ہے۔

وَفِيْ ذٰلِكُمْ یعنی نفس صفات کا غلبہ روح وقلب پر بلاء عظیم بڑا امتحان ہے۔ خیر وشر میں بڑا امتحان ہے جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے اور اس کے حال کو بہتر بنا دے تو اسے نجات دینے میں لطف فرماتا ہے اور وہ نجات پا جاتا ہے جسے اللہ تعالیٰ گمراہ اور رسوا کرے تو وہ زمین میں رہ کر نفس کی اتباع کرتا ہے پھر اس کا انجام برا ہوتا ہے۔

سبق: آیت میں تنبیہ ہے کہ بندہ کو جو دکھ اور سکھ پہنچے تو وہ اللہ تعالیٰ کی آزمائش سمجھے۔ اسے چاہئے کہ راحت میں شکر اور مصیبت میں صبر کرے۔

حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: اگر

لطف بخوانی مزید الطافست وگر بقہر برانی دروں ما صاف است[1]

اور اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ ہے کہ اپنے بندوں کو اپنی عبادت کی طرف رزق فراخ اور دائمی عافیت دے کر بلاتا ہے تا کہ اس کی طرف اس کی نعمت سے رجوع کریں۔ پس اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو پھر انہیں دکھ اور سکھ میں مبتلا کرتا ہے تا کہ وہ اس کی طرف راجع ہوں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ اس کے بندے اس کی طرف طوعاً یا

---

[1] ۔ اگر لطف سے بلاؤ تو بڑی مہربانی، اگر ہٹا دو تو بھی ہمارا دل صاف ہے۔

marfat.com
Marfat.com

کرھار جوع کریں۔لیکن پہلاطریقہ احرار کا ہےاور طریقہ ثانی اغیار کا۔

حکایت: داؤد بن رشید جو کہ محمد بن حسن کے تلامذہ میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ میں ایک رات نماز کے قیام میں تھا کہ سردی نے آن گھیرا میں اپنی مفلسی پر رو پڑا۔آخر مجھے نیند آ گئی۔خواب میں مجھے کوئی کہہ رہا ہے: اے داؤد! ہم نے تجھے قیام کی توفیق دی اور دوسروں کو نیند دیدی۔اس کے بعد داؤد بن رشید رات کو کبھی نہ سوتے تھے۔ (کذا فی روضۃ الاخیار)

مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

دردِ چشم داد حق تا من زخواب　　برجہم در نیم شب با سوز و تاب

دردہا بخشید حق از لطف خویش　　تا نخسم جملہ شب چوگاؤ میش

حدیث شریف: مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں میں سے کسی ایک نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا: میں نے اپنے بندے پر بلاء نازل فرمائی ہے اس پر اس نے مجھے پکارا۔لیکن میں نے اس میں تاخیر کی جس پر وہ شکایت کرنے لگتا ہے۔میں کہتا ہوں اے میرے بندے! میں اس سے اور کس طرح رحم کروں۔

نسخہ روحانیہ: اگر کوئی تکلیف سے یہ سمجھے کہ مجھ سے اللہ تعالیٰ کا لطف دور ہو گیا ہے تو وہ نہایت غلطی کا شکار ہو گیا عقلاً بھی عادتاً بھی اور شرعاً بھی۔عقلاً تو اس طرح کہ عقل کے امکان میں ہے کہ اس سے بہت بڑی مصیبت میں اپنے بندے کو مبتلا کر دے اور آخرت میں کافر کو اس سے کہیں اور زیادہ عذاب دے تو وہ قادر ہے جب وہ اتنی بڑی قدرت والے نے بڑے عذاب یا مصیبت سے بچا کر معمولی میں مبتلا کیا ہے تو یہ بھی اس کی نوازش ہے اس سے زیادہ دکھ پہنچاتا تو اس سے کون پوچھتا اور عادتاً اس طرح کہ ہر دکھ اور تکلیف کا انجام نیک ہوتا ہے اور یہ بھی ہے کہ اسے دوسری بڑی مصیبت میں مبتلا نہیں کیا گیا۔مثلاً جو جذام میں مبتلا ہے وہ نابینائی کی مصیبت سے اچھا ہے۔اگر دونوں میں مبتلا ہو جائے تب بھی فقر و افلاس کا تو شکار نہیں اور اگر فقر و افلاس بھی گھیر لے تب بھی اسے خوش ہونا چاہئے کہ اس کا دین تو محفوظ ہے اور شرعاً اس طرح کہ حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس بندے کو اللہ تعالیٰ اپنا محبوب بناتا ہے تو اسے کسی مصیبت میں

marfat.ocm
Marfat.com

مبتلا کر دیتا ہے۔ اگر وہ اس پر صبر کرتا تو اس پر راضی ہوتا ہے، تو اسے اپنے خاص بندوں میں داخل فرمالیتا ہے۔

سبق: مصیبت میں گرفتار بندے کو یہ بات معمولی نہ سمجھنی چاہیے کہ اسے مصیبت میں کس نے مبتلا کیا اور پھر اس پر جو اس نے عطیات اور اجر وثواب مقرر فرمایا ہے اس کے مقابلے میں یہ دکھ درد کیا حقیقت رکھتا ہے۔

تفسیر عالمانہ وَاِذْ فَرَقْنَا اور یاد کرو اے بنی اسرائیل! جب کہ ہم نے بِكُمُ تمہاری نجات کے لئے دریا کو چیرا۔ باء سببیت کی ہے اور یہی اولیٰ ہے۔ کیونکہ یہاں پر اپنے احسانات و انعامات شمار فرمارہے ہیں اور سببیت میں ان کی تعظیم بھی ہے اور یہ بھی منجملہ انعامات کے ہے اور بعض کہتے ہیں: بـاء بمعنیٰ لام کے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے اس قول ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ میں ہے۔ اَلْبَحْرَ دریائے قلزم مراد ہے جو فارس کے دریاؤں میں سے ایک دریا ہے۔ یا کوئی اور دریا تھا جس کا نام اساف ہے یہاں تک کہ اس میں بنی اسرائیل کے اسباط کی گنتی کے مطابق بارہ راستے ہو گئے۔

ف: سبط پوتے کو کہتے ہیں اور اسباط بنی اسرائیل میں عرب کی طرح قبائل کو کہا جاتا ہے اور وہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہے۔

فَاَنْجَيْنٰكُمْ یعنی تم کو کنارے لگا کر غرق نہ ہونے دیا۔ وَاَغْرَقْنَآ غرق بہنے والی شئے میں ڈوبنے کو کہا جاتا ہے۔ اسی طرح رسوب چنانچہ اہلِ عرب کہتے ہیں:

رسب الشئی فی الماء رسوبا ۔ یہ اس وقت ہیں جب کہ کوئی چیز پانی میں نیچے ہو جائے۔ **الاغراق** بمعنی پانی میں ہلاک کرنا۔ اٰلَ فِرْعَوْنَ فرعون اور اس کی قوم مراد ہے۔ کیونکہ اس میں وہی داخل ہوئے اور یہی مراد لینا اولیٰ ہے۔ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ تم آنکھوں سے دیکھ رہے تھے کہ جب تم دریا میں چلے تو وہ پھٹ گیا اور جب وہ آئے تو دریا ان پر بہہ چلا اور تم بسلامت پار کنارے لگ گئے اور تم دیکھ رہے تھے کہ ان کے مردے غرق ہو کر دریا کے کنارے سے باہر نکالے جا رہے تھے۔

ف: امام قرطبی فرماتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو نجات دی اور فرعونیوں کو غرق کیا تو بنی اسرائیل کہنے لگے: اے موسیٰ علیہ السلام! ہمارے قلوب تا ہنوز مطمئن نہیں کہ فرعون غرق ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے دریا کو حکم دیا کہ فرعون کو باہر پھینک دو۔

marfat.ocm
Marfat.com

فرعون اور اس کے لشکر کے غرق ہونے کا مختصر حال: مروی ہے کہ جب فرعون کی ہلاکت کا وقت قریب آیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی بھیجی کہ اپنی قوم کو رات کے وقت مصر سے لے چلیں۔ اس پر موسیٰ علیہ السلام کو رات کو چلنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ قبطیوں سے زیورات عاریۃً لے لیں۔ لیکن جب نکلیں تو ایک دوسرے کو بلائیں نہیں اور صبح سے پہلے تک منتظر رہیں اور جب نکلیں تو اپنے گھروں کے دروازوں کو خون سے آلودہ کر کے چلیں تا کہ انہیں پتہ چل جائے کہ بنی اسرائیل اپنے گھروں سے چل چکے ہیں۔ چنانچہ رات کا نکل چلے۔ اس وقت وہ چھ لاکھ اور بیس ہزار جنگی تھے۔ بیس سال کے لڑکے اور ساٹھ سال کے بوڑھے ان کے علاوہ تھے۔ قبطی اس سے بے خبر تھے اور ان پر موت واقع ہوگئی اور وہ مردگان کے دفن میں مصروف ہوئے جس سے ان کی طلب میں رک گئے۔

مزار یوسف علیہ السلام:۔

بنی اسرائیل جب رات کو چلے تو آگے جنگل میں جا کر راستہ بھول گئے اور انہیں پتہ نہ چل سکا کہ کہاں جا رہے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم کے بوڑھوں کو بلا کر سبب پوچھا تو انہوں نے کہا کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کے انتقال کا وقت قریب ہوا تو اپنے بھائیوں سے وعدہ لیا کہ جب مصر سے باہر نکلو تو مجھے بھی ساتھ لے جانا۔ اس وجہ سے راستہ بند رہے گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: ان کا مزار کہاں ہے؟ ان کے مزار کا علم سوائے ایک بڑھیا کے کسی کو نہ تھا۔ اس بڑھیا سے دریافت کیا گیا۔ تو اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کی: اگر میں بتا دوں تو کیا میری منہ مانگی بات مان لو گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اللہ تعالیٰ سے پوچھتا ہوں جیسا کہ فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ معاملہ پیش کیا تو حکم ہوا کہ اسے کہہ دیجئے کہ تیرا سوال پورا کیا جائے گا۔ بوڑھی نے کہا: میں ایک طویل عمر بوڑھی ہوں چل نہیں سکتی مجھے ایک سواری عطا ہو اور مصر سے مجھے بھی نکال لے چلو۔ یہ تو دنیاوی سوال ہے اور آخرت میں یہ چاہتی ہوں کہ جہاں تیری قیام گاہ ہو میں تیرے ساتھ رہوں۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تیرے سوال دونوں پورے کیے جائیں گے۔ بوڑھی نے کہا: یوسف علیہ السلام کی مزار دریائے نیل کے اندر ہے۔ دعا فرمایئے! اس سے پانی ہٹ جائے۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی اور ساتھ یہ بھی عرض کی کہ طلوع فجر نہ ہو جب تک کہ ہم یوسف علیہ السلام کا مزار

marfat.ocm
Marfat.com

تلاش کر کے انہیں ساتھ نہ لے چلیں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اس جگہ کو کھدوا کر قبر سے صندوق مبارک (جو صنوبر کا تھا) نکال لیا۔

ف: مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام نے یوسف علیہ السلام کا صندوق دریا کی موج سے اللہ کی دی ہوئی توفیق سے نکالا۔ یہ وہ پہلا علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے عنایت فرمایا اور سب سے پہلے یہ علم حضرت آدم علیہ السلام کو عنایت ہوا پھر توارثاً عطا ہوتا رہا۔ آخر یوسف علیہ السلام کے صندوق کو اٹھایا گیا اور شام میں جا کر دفن کیا گیا۔ اس کے بعد ان پر راہ کھل گئی اور چل پڑے۔ حضرت ہارون علیہ السلام قوم کے آگے اور موسیٰ علیہ السلام قوم کے پیچھے پیچھے۔[1] جب فرعون کو علم ہوا تو قوم کو جمع کر کے بنی اسرائیل کے تعاقب کو نکلا۔ ان سب کے آگے والے لشکر (جو کہ ستر ہزار تھا) میں ہامان کو بھیج کر روانہ کیا کہ جس میں تمام گھوڑوں پر سوار تھے۔ ان میں کوئی مادہ گھوڑی نہ تھی اور ہر ایک کے سر پر خود اور ہاتھ میں تلوار تھی۔ ادھر بنی اسرائیل چل کر جب دریا کے کنارے پہنچے تو دیکھا کہ دریا اپنی پوری طغیانی میں تھا۔ یہاں تک کہ فرعون کا لشکر قریب آ گیا۔ اشراق کا وقت تھا فرعون نے بنی اسرائیل کو دیکھ کر اپنی جماعت سے کہا: یہ تو بہت قلیل جماعت ہے۔ ادھر بنی اسرائیل فرعونیوں کو دیکھ کر گھبرائے اور حیرانگی میں موسیٰ علیہ السلام کو کہنے لگے: اے موسیٰ علیہ السلام! تم ابھی پیدا نہیں ہوئے تو بھی ہم دکھ میں تھے اور اب تمہاری پیدائش کے بعد بھی ہمیں تکلیف سے نجات نہیں، کیونکہ ہمارے دریا آگے ہے اگر آگے بڑھیں تو ڈوبتے ہیں اور پیچھے فرعون ہمارے قریب آ پہنچا ہے جو ہمیں مارے بغیر نہیں رہے گا۔ اب کیا کیا جائے؟ بتایئے تمہارے رب کا وعدہ کہاں ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: گھبرایئے مت۔ میرا رب عنقریب اور ضرورت بالضرورت کوئی راہِ نجات نکالے گا۔ ابھی گفتگو ہو رہی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا پتھر پر مارو۔ انہوں نے عصا مارا لیکن کچھ نہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ سے پھر حکم ہوا کہ اب مارو۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے عصا بھی مارا اور کہا: راستہ دیجئے اے ابو خالد! اتنا کہنے پر دریا پھٹ دیا اور اس میں بارہ راستے بن گئے اور ہر راستہ پہاڑ

---

[1] ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قوم کے پیچھے پیچھے چلنے کا مقصد یہ تھا کہ قوم کو پیچھے سے تعاقب کرنے والوں کا خطرہ تھا اس لیے اس خطرہ کے مقابلہ کے لئے ہر وقت اور سب سے پہلے نفس بہ نفس تیار رہے۔ کاش! آج کل کے رہنما اس اصول کو سمجھیں اور اپنائیں۔ (اویسی غفرلہٗ)

marfat.ocm
Marfat.com

برابر تھا اور ہر ایک علیحدہ علیحدہ بارہ قبیلوں کے لئے، جن پر وہ لوگ گذرے۔ دریا پھٹنے پر اللہ تعالیٰ نے ہوا کو چلنے کا حکم دیا اور دھوپ تیز کر دی جس سے وہ بالکل خشک ہو گئے۔ بنی اسرائیل اس میں کود پڑے۔ لیکن ہر ایک کے راہ کے آگے پہاڑ کے برابر پانی حائل ہو گیا جس سے ایک دوسرے کو دیکھ نہ سکتے تھے کہنے لگے: کیا بات ہے کہ ہم ایک دوسرے کو نہیں دیکھ رہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے بھائی مارے گئے۔

موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: چلو وہ بسلامت چل رہے ہیں۔ ان کا راستہ بھی تمہارے جیسا ہے۔ لیکن انہوں نے نہ مانا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: یا اللہ! تو ان کی بری عادتوں کو دیکھ رہا ہے جس طرح کہتے ہیں اسی طرح کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا کہ اپنا عصا دائیں بائیں دریا کے پانی میں مارو۔ چنانچہ ایسا کرنے پر ہر ایک قبیلہ کے مابین چھوٹی چھوٹی کھڑکیاں ہو گئیں۔ (سوراخوں کی طرح) جن سے وہ سب ایک دوسرے کو دیکھ کر باتیں سن رہے تھے اسی طرح چلتے چلتے آخر کار دریا کو عبور کر گئے۔ جب موسیٰ علیہ السلام کی قوم دریا سے پار ہو گئی تو فرعون کا لشکر دریا کے کنارے آ پہنچا اور دیکھا پہاڑ پھٹا ہوا تھا۔ فرعون لشکر کو کہنے لگا: دیکھو! یہ میرے خوف سے پھٹ گیا ہے قوم نے کہا: اگر تو خدا ہے تو دریا میں چل جیسے موسیٰ علیہ السلام چلے۔ فرعون سیاہ گھوڑے پر سوار تھا اور لشکر میں کسی کی بھی مادہ گھوڑی نہ تھی۔ جبریل علیہ السلام ایک تیز رو گھوڑی پر سوار ہو کر آگے سے گذرے فرعون کے گھوڑے نے اس کی بو سونگھی اور پیچھے دوڑا۔ جبریل علیہ السلام دریا میں چلے گئے اور فرعون کا گھوڑا بھی چلا آیا۔ فرعون نے بہت روکا مگر وہ نہ رکا۔ گھوڑا دریا میں کود پڑا۔ قوم نے فرعون کو دریا میں جاتے دیکھ کر اپنے اپنے گھوڑے پیچھے پیچھے کر لیے اور وہ جبریل علیہ السلام نہ دیکھ سکا اور میکائیل علیہ السلام ایک اور گھوڑے پر ان سب کے پیچھے تمام قوم کو ہانکتے ہوئے دریا میں لائے یہاں تک کہ ایک بھی باقی نہ رہا۔ سب کے سب دریا میں کود پڑے۔ ادھر فرعون کا لشکر تمام داخل ہوا ادھر موسیٰ علیہ السلام کی قوم دریا سے باہر نکلی فرعون کا پہلا لشکر دریا سے باہر نکلنے والا تھا کہ دریا موج مارتا ہوا ان سب کو ڈبو گیا۔

فرعون نے ڈوبتے وقت کہا: ''میں مانتا ہوں کہ معبود وہی ایک ہے اور میں ایمان لایا ہوں اس معبود پر جس پر بنی اسرائیل نے ایمان لایا اور میں سچا پکا مسلمان ہوں'' ادھر بنی اسرائیل دیکھ کر کہہ رہے تھے کہ اب فرعون باہر آ کر ہمیں قتل کر دے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے حکم سے چھ سو بیس ہزار افراد دریا سے باہر نکلے جن کے سروں پر لوہے کے زنجیر جکڑے ہوئے تھے اور فرعون کی لاش بھی باہر پھینکی گئی۔ جس کو دیکھ کر ایسے معلوم ہوتا تھا کہ گویا وہ سرخ بیل ہے۔ اس کے بعد ڈوبے کو پانی سے ظاہر کر دیا۔ یہ واقعہ موسیٰ علیہ السلام کا ایک بہت بڑا معجزہ تھا اور ان کی نعمت کے لئے ادائیگی شکر کا موجب تھا۔

نبی علیہ السلام کا علمِ غیب اور معجزہ:

بعینہٖ یہی قصہ ہمارے نبی علیہ السلام کا معجزہ جلیلہ ہے کہ اس سے ہر منکر کا دل اور عقل مند کی عقل مطمئن ہو سکتی ہے۔ انہیں چاہیے کہ بطیب خاطر اسے قبول کریں، کیونکہ ہمارے نبی علیہ السلام نے باوجود یکہ آپ امّی تھے خبر دی۔ حالانکہ آپ نے کسی کتاب سے پڑھا اور نہ ہی کسی سے سنا۔ یہ ایک غیب ہے جس کا اہلِ عرب کو علم نہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کی خبر دینا دلیل ہے کہ آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اور یہی بات نبوت کی پختہ علامت ہے۔

ف: جس طرح بنی اسرائیل کے اسلاف اس واقعہ کو آنکھوں سے دیکھنے کے باوجود دریا سے نجات پا جانے کے بعد بچھڑے کی پرستش میں مبتلا ہو گئے اور بعد میں سادات انبیاء ورسل علیہم السلام کو قتل کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر احسان کیا لیکن احسان کا بدلہ عجیب دیا کہ نافرمان ہو گئے۔ دین سے دور جا پڑے اور بُرے اخلاق کے خوگر ہو گئے اسی طرح ان کے اسلاف کا حال ہے کہ وہ واقعہ صحیح ماننے کے باوجود اثر پذیر نہ ہوئے بلکہ الٹا تورات کو بدل ڈالا اور اللہ تعالیٰ پر طرح طرح کے بہتان باندھے اور اپنی مرضی کے مطابق قوانین بنا ڈالے۔ صرف کوڑی کے چند ٹکوں کے طمع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت میں تل گئے۔ وغیرہ وغیرہ۔

سبق: آیت میں کافروں کو تہدید کی جا رہی ہے تا کہ ایمان لائیں اور مومنوں کو تنبیہ ہو رہی ہے تا کہ عبرت پکڑیں اور ہر وقت گناہوں سے بچ جائیں خصوصاً اس روز جب کہ موسیٰ علیہ السلام کو مع بنی اسرائیل کے غرقابی سے نجات ملی۔ یعنی دسویں محرم کا دن۔

عاشورہ کے فضائل ومسائل:۔ حدیث شریف:۔ ۱۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو یہودیوں کو دسویں محرم کے دن روزہ

marfat.com
Marfat.com

رکھتے دیکھ کر فرمایا: ماھذا الیوم الذی تصومونه (اس دن تمہارے روزہ رکھنے کا موجب کیا ہے) تو انہوں نے کہا: وہ بڑا دن ہے۔ جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو دریا سے نجات ملی اور فرعون اور اس کی قوم غرق ہوئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ادائیگی شکر پر روزہ رکھا ہم بھی ان کی اقتداء کرتے ہیں اور روزہ رکھتے ہیں۔ حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نحن احق واولی بموسیٰ منکم وامر بصیامه (رواہ مسلم) (ہم موسیٰ علیہ السلام کی اقتداء کے زیادہ لائق وحقدار ہیں بہ نسبت تمہارے اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روز روزہ رکھنے کا حکم دیا)

ف: اس حدیث شریف کی اقتداء کرتے ہوئے خود بھی روزہ رکھا اور امت کو بھی حکم دیا۔ حالانکہ یہ اس حدیث شریف کے خلاف ہے جسے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے روایت کیا کہ عاشورہ کا وہ مقدس دن ہے کہ جاہلیت میں اس روز قریش روزہ رکھتے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی قبل از دعویٰ نبوت تا ہجرت اس روز روزہ رکھا اور صحابہ کرام کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ لیکن جب رمضان شریف کے روزوں کی فرضیت نازل ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کا روزہ چھوڑ دیا اور فرمایا جو چاہے عاشورہ کا روزہ رکھے اور جو چاہے ترک کر دے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ فرضیت کے منسوخ ہونے کے بعد صرف اباحت باقی تھی۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کے بعد وہ اباحت سنت سے بدل گئی اس سے دو متضاد روایتوں میں تطبیق واضح ہوگئی۔

حدیث شریف: ۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"التمسوا فضله فانه مبارک اختاره اللّٰه من الایام من صام ذالک الیوم جعل اللّٰه له نصیبا من عبادة جمیع من عبده من الملائکة والانبیاء والمرسلین والشهداء والصالحین"

(اس دن کی فضیلت حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ کیونکہ یہ وہ مبارک دن ہے جسے اللہ تعالیٰ نے باقی ایام پر فضیلت بخشی ہے (سوائے رمضان شریف کے) جس نے اس دن روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اس کی عبادت کو وہ حصہ عطا فرمائے گا جو ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام اور صدیقین وصالحین کو عطا فرمایا۔ یعنی وہ عبادت مقبول ہوگی۔ یہ فضائل روزے کے متعلق تھے۔ نماز کے متعلق بھی فضائل وارد ہیں۔

عاشورہ کے دن نماز: ۔ عاشورہ کے دن کی نماز کے متعلق حضور غوث پاک سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر

marfat.ocm
Marfat.com

جیلانی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس رضی اللّٰہ عنہ اپنی ایک طویل حدیث میں فرماتے ہیں کہ جس نے عاشورہ کے دن چار رکعت نماز اس طریق سے پڑھی کہ ہر رکعت میں ایک دفعہ فاتحہ شریف اور پچاس دفعہ سورہ اخلاص تو اس کے آئندہ زندگی کی پچاس سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور ملاء اعلیٰ میں اس کے لئے نور کے ہزار منبر بنائے جائیں گے۔

مسئلہ : عاشورہ کی ساری رات جاگنا مستحب ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

"من احیا لیلة عاشورا فکانما عبد اللّٰه بعبادة ملائکة القربین "

(جو عاشورہ کی ساری رات جاگتا رہا اس نے گویا مقربین ملائکہ جیسی عبادتِ الٰہی بجالائی)

تفسیر صوفیانہ بحر سے مراد دنیا ہے اور اس کا پانی لذات و شہوات ہیں اور موسیٰ سے قلب اور قوم سے صفات مطلوب ہیں۔ فرعون نفس امارہ ہے اور اس کی قوم سے نفس کے صفات مراد ہیں۔ یہ سب موسیٰ (قلب) اور اس کی قوم کے اعداء ہیں وہ چاہتے ہیں کہ ان کو بالکل مٹا دیں اور قلب اور اس کے صفات اللہ تعالیٰ کی طرف جانے والے ہیں اور ان کا دشمن ان کے پیچھے ہے اور دنیا کا دریا ان کے آگے ہے انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف اس دریا کو عبور کر کے جانا اور دریا کا پار کرنا ہے۔ **لا اله الا اللّٰه** کے عصا کی ضرب کے بغیر پہنچانا ناممکن ہے اور وہ عصا موسیٰ (قلب) کے ہاتھ میں ہے کیونکہ اس کا بھی سفید ہاتھ ہے اگر وہ عصا اس کے ہاتھ میں نہ ہوتا تو وہ غرق ہو جاتے فرعون اور اس کی قوم غرق ہوگئی اور اگر یہی عصا فرعون اور اس کی قوم (نفس امارہ اور اس کے صفات) کے ہاتھ میں ہوتا تو یہ معجزہ دریا کا پھٹنا ان سے سرزد نہ ہوتا۔ جب موسیٰ کا ذکر کا عصا مارتا ہے تو بحر (دنیا) اور اس کا پانی (شہوات ولذات) دائیں بائیں ہٹ جاتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اپنے لطف کی ہوا اور ہدایت کے سورج کو دنیا کے دریا کے گڑھے پر چلاتا ہے تو وہ دریا (دنیا) شہوات ولذات کے پانی سے خشک ہو جاتا ہے۔ پھر موسیٰ (قلب) اور اس کی قوم (صفات) دریا میں کود پڑتے ہیں اور دنیا کے دریا کو صحیح وسالم ہو کر عبور کر جاتے ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ کے لطف نے نجات بخشی اور کنارے پہنچ کر اللہ تعالیٰ کے ساتھ واصل ہوئے پھر فرعون (نفس) اور اس کی قوم (شہوات) کو حکم ہوا کہ تم ڈوب کر جہنم کی آگ میں داخل ہو جاؤ۔

(کذا قال صاحب التاویلات النجمیه قدس اللّٰه تعالیٰ نفسه اکذکیه)

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓی اور یاد کرو اے بنی اسرائیل! جب کہ ہم نے وعدہ دیا۔ مفاعلہ کا صیغہ بمعنیٰ ثلاثی ہے یا اپنے اصل پر ہے۔ کیونکہ یہ وعدہ اگرچہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھا لیکن موسیٰ علیہ السلام نے اسے قبول کیا تھا اور قبول کرنا وعدہ کرنے کے مشابہ ہے یا اس طرح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے وحی بھیجنے کا وعدہ کیا اور موسیٰ علیہ السلام نے طور پہاڑ پر حاضری کا وعدہ کیا۔ مُوْسٰٓی، وٰعَدْنَا کا مفعول ثانی ہے۔

موسیٰ کی وجہ تسمیہ:۔ عبرانی لغت میں مُو بمعنیٰ آپ اور شی بمعنی شجر، شین کو عربیت میں سین سے تبدیل کیا گیا ہے اور اس نام سے اس لیے موسوم ہوئے کہ ان کی امنی جان نے فرعون کے ڈر سے انہیں صندوق میں رکھ کر پھینک دیا۔ پھر دریا کی موجوں نے انہیں فرعون کے گھر کے قریب درختوں کے مابین کھڑا کر دیا۔ آسیہ (فرعون کی گھر والی) کی نوکرانیاں نہانے کے لئے آئیں تو صندوق کو دیکھ کر فرعون کے گھر لے گئیں۔ بنابریں اس مکان کی وجہ سے کہ جس میں وہ پائے گئے۔ اس سے موسوم ہوئے اس لیے کہ وہاں پانی اور شجر تھا۔

موسیٰ علیہ السلام کا نسب نامہ:۔

موسیٰ بن عمران بن یصہر بن فاہت بن لاوی بن یعقوب اسرائیل اللہ بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام۔

اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً چالیس راتوں کو مکمل کرنا۔ یہاں دراصل مضاف محذوف ہے۔ دراصل (تَمَامَ اربعین لیلة) تھا یہ وٰعَدْنَا کا مفعول ثانی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو تیس دن روزہ رکھنے کا حکم دیا اور وہ ذیقعدہ کا مہینہ تھا۔ پھر اس پر دس دن ذوالحج کے اور بڑھائے اور انہیں لَيْلَةً سے اس لیے تعبیر فرمایا کہ مہینوں کی ابتداء رات سے ہوتی ہے اور عرب کے مہینوں کی وضع بھی چاند کی سیر پر وضع کی گئی ہے۔ اسی لیے تاریخ پر واقع ہوتی ہے۔ اسی حیثیت سے مہینوں میں اصل رات ہے دن اس کے تابع ہوتے ہیں۔ یا اس لیے کہ ظلمت روشنی سے پہلے ہوتی ہے۔ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ عِجْلَ بقرہ گائے کے بچے کو کہتے ہیں۔ یعنی سامری نے بچھڑے کا مصنوعی معبود بنا کر پیش کیا تو تم نے اس کی پرستش شروع کر دی۔ مِنْۢ بَعْدِهٖ وعدہ کے وقت گذرنے کے بعد اور لفظ ثُمَّ اس لیے لایا گیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو وعدہ دیا کہ تم طور پر تشریف لاؤ تمہیں تورات دی جائے گی جس میں بنی اسرائیل کی فضیلت ہے تاکہ خاصری کو بلند درجات پر تنبیہ اور غائبین کے لئے تعریف اور

marfat.ocm
Marfat.com

دین کی تکمیل ثابت ہو چونکہ توراۃ بہت بڑی نعمتوں سے ایک نعمت تھی۔ جب انہوں نے سب سے زیادہ قبیح قسم کا کفر و جہل کا عمل کیا تو یہ بات محل تعجب ہوئی کہ بڑے انعام کے بعد بڑی بے فرمانی کیوں اس لیے ان کی عقل کی قباحت کی دلالت پر لفظ ثُمَّ لائے اس کی مثال ہوگی کہ جیسے کوئی شخص کسی کو کہے کہ میں نے تجھ پر احسان کیا اور فلاں فلاں انعام دیئے۔ لیکن تو نے میرے لیے فلاں برائی اور نقصان کا ارادہ کیا۔

وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ اور تم ظالم ہو شریک ٹھہرانے اور عبادت کو اپنے محل سے غیر محل میں رکھنے کی وجہ سے یعنی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بچھڑے کی عبادت کرتے ہو۔ یہ جملہ اتَّخَذْتُمُ کی ضمیر سے حال ہے۔

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ توبہ کے بعد ہم نے تمہارے گناہ معاف کر دیئے مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ بچھڑے کی پرستش کے بعد جو قبح میں انتہائی درجہ کا عمل بد تھا۔ اس پر ہم نے تمہیں کوئی سزا نہ دی۔ بلکہ موسیٰ علیہ السلام کی واپسی تک مہلت دیدی۔ انہوں نے آ کر تمہیں متنبہ فرما کر اور تمہارے گناہوں کے کفارہ کی خبر دی۔ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ تا کہ تم نعمت کی معافی کا شکریہ ادا کرو اور اس کے بعد طاعت پر دوام حاصل کرو کیونکہ انعام شکر کا موجب ہے۔ دراصل شکر کہتے ہیں: نعمت کے تصور و اظہار کو اور اس کی حقیقت یہی ہے کہ شکر سے اپنا عجز ظاہر کرے۔

شیخ سعدی قدس سرہ فرماتے ہیں:

خرد من طبعان منت شناس　　بدوزند نعمت بمیخ سپاس

ترجمہ: منت شناس اور دانا طبع لوگ شکر کی میخ سے ہی نعمت کو سیتے ہیں۔

وَاِذْ اٰتَيْنَا اور جب کہ ہم نے دیا۔ مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ تورات جو اس بات میں جامع تھی کہ وہ کتاب بھی تھی اور حق و باطل کے فرق بتانے میں حجت بھی۔ جیسے کوئی کہتا ہے: لقیت الغیث واللیث یعنی میں اس شخص کو ملا جو جُود و جرأت جامع ہے۔ اس لحاظ سے کتاب و فرقان سے ایک ہی شئے مراد ہے۔ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ تا کہ اس میں تدبر اور جو اس میں موجود ہے اس پر عمل کرو۔ یہ جملہ حکمت بیان کرنے کے لئے ہے نہ کہ علت بیان کرنے کے لئے یعنی اس میں نازل کرنے کی ایک حکمت یہ ہے کہ تم اس میں تدبر کرتے ہوئے عمل کرو۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اسے اس لیے نازل کیا تا کہ نبی علیہ السلام کی نبوت کی صحت پر دلالت کرے۔ پھر تم اس کی ہدایت کی اتباع میں کوشش کرو۔ جب تم یہ عمل کرو گے تو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایمان لا چکے

marfat.ocm
Marfat.com

کیونکہ یہ بھی معجزات لے آئے ہیں جو ان کے دعویٰ نبوت کی صحت پر دلالت کر رہے ہیں۔

تورات کا شانِ نزول:۔ مروی ہے کہ جب بنی اسرائیل اپنے دشمن سے بے خوف ہوئے کیونکہ وہ تو دریا میں غرق ہوگیا اور یہ مصر میں آئے تو ان کے پاس کوئی کتاب تھی اور نہ کوئی شریعت کہ جس سے اپنے دینی و دنیوی مسائل کا حل سوچیں۔ اللہ تعالیٰ نے تورات دینے کا وعدہ فرمایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کے پاس کتاب لانے کے لئے جاتا ہوں جس میں تمہارے لیے اوامر و نواہی کا بیان ہوگا اور چالیس روز کا وعدہ فرمایا اور ان پر ہارون علیہ السلام کو خلیفہ مقرر فرمایا۔ جب وعدہ کا دن آ گیا تو جبریل علیہ السلام ایک گھوڑے پر تشریف لائے (جسے فرس الحیاۃ) کہا جاتا ہے کہ جس شئے پر اس کا قدم آتا تو وہ زندہ ہو جاتا۔ اس گھوڑے پر وہ موسیٰ علیہ السلام کو لینے آئے تھے۔

سامری نے بچھڑا کس طرح تیار کیا:۔ جب سامری نے جبریل علیہ السلام کے گھوڑے کی یہ کیفیت دیکھی اور تھا وہ سنار اہل باجرمی کے قبیلہ سے تھا۔ اس کا نام میجا تھا۔ گھوڑے کی یہ کیفیت دیکھی کہ جہاں بھی قدم رکھتا ہے وہ جگہ سرسبز ہو جاتی ہے وہ دراصل منافق تھا اور اس قوم سے تھا جو گاؤ پرست تھی جب گھوڑے کا وہ کرشمہ دیکھ چکا تو دل میں سوچا کہ اس میں ضرور کچھ ہے۔ چنانچہ اس کے قدموں سے ایک مٹھی بھر مٹی لے لی۔

جبریل کا موسیٰ:۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ جبریل علیہ السلام کو پہچانتا تھا، کیونکہ یہ بھی اس سال پیدا ہوا کہ جس سال فرعون کے زمانہ میں بچوں کو قتل کیا جاتا تھا۔ اس کی ماں نے خوف کے مارے جنگل میں جنم لیا۔ تو جبریل علیہ السلام آ کر اسے غذا دے جاتے۔ چنانچہ وہ سیدھے انگوٹھے کو چوستا تو اس سے شہد پیتا اور بائیں انگوٹھے سے دودھ (یہاں تک کہ جوان ہو کر واپس قوم میں چلا گیا) جب دریا عبور کرتے وقت جبریل علیہ السلام کو پہچانا تو اس کی گھوڑی کے پاؤں کے نیچے سے ایک مٹھی بھر مٹی لے لی اور اپنے قابو میں رکھی یہاں تک کہ اسے یہ وقت میسر ہوا

بچھڑے کی صفت و پرستش اور موسیٰ علیہ السلام کی واپسی:۔

جب موسیٰ علیہ السلام طور کی طرف چلے تو یہی سامری بنی اسرائیل کا وقت یاد رکھتا تھا جب کہ ان کا ایک قوم پر گذر ہوا (جو بت کی پرستش میں مست تھی) دیکھ کر موسیٰ علیہ السلام کو کہنے لگے: ہمارا خدا بھی ایسا ہی ہونا چاہیے جیسے ان لوگوں کا معبود ہے۔ سامری کو یہ قول یاد تھا اور خیال رکھتا تھا کہ اسی ذریعہ سے بنی اسرائیل کو گمراہ

Marfat.com

کروں گا۔چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی روانگی کے بعد وہ زیورات جو بنی اسرائیل نے فرعونیوں سے ایک شادی کے لئے مانگے تھے وہ ان کے پاس موجود تھے۔بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے وعدہ کو گنتے رہے اور بیس دن گزرنے پر کہنے لگے: اب موسیٰ علیہ السلام کا وعدہ ختم ہوگیا۔انہوں نے رات اور دن علیحدہ علیحدہ ایک ایک یوم قرار دیا۔کہنے لگے: موسیٰ علیہ السلام نے وعدہ خلافی فرمائی۔سامری نے کہا: وہ زیورات مجھے دو جو تم فرعونیوں سے لے آئے تھے۔وہ دراصل موسیٰ علیہ السلام نے جمع کر کے ایک گڑھے میں دفن کرا دیئے تھے۔سامری نے وہ اٹھا کر تین دنوں کے اندر بچھڑا تیار کرلیا اور اس میں وہی مٹی ڈال دی جو کہ جبریل علیہ السلام کے گھوڑے کے پاؤں کے نیچے سے اٹھائی تھی۔اس سے وہ بچھڑا نہایت خوبصورت تیار ہوگیا اور اس سے بچھڑے جیسی آواز نکلتی تھی۔اس میں گوشت پوست خون بال وغیرہ سب کچھ تھا۔بعض کہتے ہیں کہ آواز پیچھے سے داخل ہو کر آگے منہ سے نکلتی تو بچھڑے کی آواز کے مشابہ ہو جاتی۔

بچھڑے کو سامنے لا کر قوم سے کہنے لگا: یہ تمہارا اور موسیٰ علیہ السلام کا معبود ہے۔موسیٰ علیہ السلام بھول گئے ہیں۔یعنی انہیں راستہ نہیں ملا۔حالانکہ ان کا معبود تو یہیں پر تھا۔سب کے سب بچھڑے کی عبادت میں ٹوٹ پڑے سوائے حضرت ہارون علیہ السلام اور ان کے بارہ ہزار متبعین کے۔ہارون علیہ السلام نے انہیں بہت روکا اور کہا: اے میری قوم! تم اس گناہ میں مبتلا ہو چکے ہو۔تمہارا رب رحمٰن ہے۔تم میری اتباع کرو اور میرا کہا مانو۔ انہوں نے کہا: نہیں ہم تو اس کی پرستش کو نہیں چھوڑیں گے۔جب تک موسیٰ علیہ السلام واپس نہیں آئیں گے۔ بعض مفسرین کہتے ہیں: موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو تیس دنوں کا وعدہ دے کر گئے تھے پھر دس دن بعد میں بڑھا دیئے گئے۔انہی دس دنوں میں قوم گمراہ ہوئی کیونکہ موسیٰ علیہ السلام پر تیس دن گذرے اور واپس نہ آئے تو قوم نے سمجھا کہ فوت ہوگئے۔ادھر بچھڑے کی خوبصورتی اور سامری کی گمراہ کن باتوں سے بہک گئے اور بچھڑے کی عبادت میں منہمک ہوگئے۔ (کذا فی تفسیر امام ابی اللیث اور فرمایا یہی طریق صحیح ہے)

جب موسیٰ علیہ السلام واپس ہوئے تو قوم کی اس حالت کو دیکھ کر غصہ میں آگئے اور تختیاں پھینک دیں ان میں سے چھ جز آسمان پر اٹھا لیے گئے صرف ایک جز باقی رہ گیا کہ جس میں حلال وحرام تھا اور جس کی طرف ان کی ضرورت تھی پھر بچھڑے کو آگ میں جلا دیا اور اسے ذرہ ذرہ کر کے دریا میں پھینکا گیا۔لوگوں نے اس سے پانی

marfat.ocm
Marfat.com

پیا، صرف بچھڑے کی محبت سے اس کا اثر ان کے ہونٹوں سے زردی کی طرح ظاہر ہوا۔ پھر پیٹ پھول گئے۔ اس کے بعد توبہ ظاہر کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اب توبہ اس طرح قبول ہو سکتی ہے کہ تم اپنے آپ کو قتل کر ڈالو۔ اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔

مسئلہ : گذشتہ حکم موسوی امت کے لئے تھا۔ ہمارے لیے ظاہری جسم کو قتل کرنے کا حکم نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر کے نفس امارہ کو قتل کرنے کا حکم ہے جو کہ خواہش کے بچھڑے کی پرستش کرتا ہے۔

مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

اے شہاں کشتیم ما خصم بُروں — ماند خصمے زو بتر در اندروں

کشتن ایں کار عقل و ہوش نیست — شیر باطن سخرہ خرگوش نیست

نفس اژدہاست او کے مردہ است — از غم و بے آستی افسردہ است

گر بیابد آلتِ فرعون او — کہ بامراد ہمی رفت آبِ جو

آنکہ او بنیاد فرعونی کند! — راہ صد موسیٰ و صد ہارون زند [1]

عدد چالیس کے فضائل:۔

چونکہ چالیس کو درجہ کمال حاصل ہے اسی لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چالیس روز تورات کے لئے ٹھہرایا گیا۔ اس کی فضیلت کی چند وجوہ ہیں:۔

۱۔ گنتی کے اعداد اصول حیثیت سے صرف چار ہیں۔

۲۔ احاد (یعنی ایک سے نو تک) عشرات (یعنی بیس، تیس، چالیس تا نوے) ۳۔ مآت (یعنی سو، دو سو، تین سو تا نو سو)

۴۔ الوف (یعنی ایک ہزار، دو ہزار تا نوے ہزار۔ عشر کا عدد خود کامل ہے۔ **کما قال تعالیٰ: تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ**

جب عشرہ کے عدد کو چار بار دہرا کیا جائے (گنتی کے اعداد کا کمال اسی میں ہے) تو چالیس ہو جاتے ہیں۔ اسی کا نام

[1] **ترجمہ** :۔ ۱۔ اے بزرگو! ہم نے باہر دشمنوں کو تو ختم کر ڈالا لیکن اندرونی دشمن نہیں مر سکا حالانکہ اس سے بدتر ہے۔ ۲۔ اس کا مارنا عقل و ہوش کا کام نہیں شیر باطنی کو خرگوش مارے یہ کوئی مذاق ہے۔ ۳۔ نفس اژدھا ہے اسے مردہ کیسے ہو سکتا ہے اور غم و صلح نہ کرنے سے دور ہے۔ ۴۔ اگر اسے فرعون کی قوت مل جائے تو اس کے حکم سے امور طے ہوں گے ۵۔ وہ اس وقت فرعونت کرتا ہے اور وہ کئی سینکڑے گمراہ کرے گا۔

marfat.com
Marfat.com

کمال الکمال ہے۔

۱۔حضرت آدم علیہ السلام کی مٹی کی تخمیر چالیس روز ہوئی جیسے کہ حدیث قدسی ہے:

طینت طینة آدم بیدی اربعین صباحاً۔(میں نے آدم علیہ السلام کی مٹی کو چالیس روز تک خمیر میں رکھا)

۲۔چالیس کے عدد میں ایسی تاثیر رکھی گئی ہے جو دوسرے اعداد میں نہیں۔جیسا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:**ان خلق احدکم مجمع فی بطن اُمه اربعین یوماً نطفة ثم یکون علقة مثل ذالک ثم یکون مفغة مثل ذالک ۔(الحدیث)**

ترجمہ : تم سب کی تخلیق کے آغاز کا حصہ تمہاری ماؤں کے پیٹ میں نطفہ کی صورت میں چالیس روز تک جمع رہتا ہے۔ پھر وہ علقہ بنتا ہے تو وہ بھی چالیس روز میں، پھر گوشت کا لوتھڑا ہوتا ہے تو بھی چالیس روز میں اسی طرح وغیرہ وغیرہ۔

۳۔جس کے طلسم کو کنز روحانی کا کا پتلا بنانے میں بھی چالیس روز لگتے ہیں۔

۴۔پھر اسے صحیح کرنے میں بھی چالیس روز صرف ہوتے ہیں۔یہ اللہ تعالیٰ کا ایک ایسا دستور ہے کہ کبھی اس کے برعکس ہونے والا نہیں۔

اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً میں رات کی تخصیص کی دو وجوہ ہیں:

۱۔رات صرف تعبد وتقرب الٰہی کے لئے مخصوص ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: **ان اقرب مایکون العبد من الرب فی جوف اللیل** (بندے کا اپنے مولیٰ سے قرب کا بہترین وقت آدھی رات ہے)

دوسرے حدیث شریف میں ہے: **ینزل اللّٰه کل لیلة الی السماء الدنیا** (الحدیث)

(اللہ تعالیٰ کی (رحمت خاص) کا ہر شب آسمان دنیا میں نزول ہوتا ہے) اسی معنیٰ کو لے کر اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ (الایة) (اور رات کو تہجد پڑھیے اور آپ کے لئے زائد ہے) اور فرمایا: سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (الآیة) (پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے عبد مقدس کو راتوں رات مسجد حرام سے سیر کرائی)

۲۔اگر لَیْلَةً کی بجائے دن کا ذکر کیا جاتا تو وہم پیدا ہوتا کہ شاید عبادت صرف دن کو کی جائے اور رات محض استراحت کے لیے ہے۔ **کما قال تعالیٰ** : هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا (وہ اللہ تعالیٰ جس نے تمہارے لیے رات بنائی تا کہ تم اس میں سکون کرو اور دن کو بنایا تا کہ تم راستہ دیکھو)

marfat.com
Marfat.com

جب رات کا نام لیا گیا تو موسیٰ علیہ السلام کو یقین ہو گیا کہ جس طرح عبادت دن کو کی جاتی ہے اسی طرح رات کو بھی کی جائے۔ (کذا فی تاویلاتِ النجمیہ)

مسئلہ : شیخ شہیر بافقادہ آفندی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس روز کو عبادت کے لئے متعین نہیں فرمایا بلکہ آپ نے رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف اختیار فرمایا۔ ہاں، ہاں موسیٰ علیہ السلام کے عمل کا بھی اس سے ثبوت ملتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ (اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو تیس راتوں کا وعدہ دیا اور ہم نے اسے دس راتوں کو مکمل کیا) جو حضرات خلوت میں بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں وہ اس آیت سے استدلال کرتے ہیں۔

(کذا فی واقعات الشیخ الهدائی قدس سرہٗ اللہ نفسہ الزاکیہ)

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ شکر تین وجوہ سے کیا جاتا ہے:

۱۔ اقوال سے ۲۔ اعمال سے ۳۔ احوال سے

اقوال سے تو اس طرح کہ نعمت کا بیان یوں کیا جائے کہ نفس کو اس نعمت کا اقرار ہو اور لوگوں کے سامنے اظہار ہو اور اپنے مالک کے سامنے اپنی عاجزی کا اعتراف ہو۔ کما قال تعالیٰ : وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: التحدث بالنعم شکر (یعنی نعمت کو بیان کرنا بھی شکر ہے) اور اعمال سے شکر کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو اس کی اطاعت میں صرف کیا جائے اور بے فرمانی سے بچے اور جو طاعات اس سے رہ گئیں ان کے تدارک میں کوشش کی جائے اور گناہوں سے کنارہ کشی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا (اے آل داؤد شکر کا کام کرو) احوال سے شکر کا طریقہ یہ ہے کہ صفت شکور یہ سے اپنے نفس کو معمور کرے۔ ہر نعمت میں اپنے منعم کے سوا کسی دوسرے کا تصور نہ کرے اور شکر میں صرف شکور کا خیال ہو۔ نعمتوں میں منعم کو دیکھے اور نعمت کو منعم سے سمجھے اور اسی طرح شکور کو شکر میں دیکھے اور شکر کو شکور سے۔ اس اعتبار سے منعم کا تصور اور شکر کو دو نعمتیں خیال کرے یہ نعمت بھی میرے منعم سے مجھے ملی۔ جس سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ وجودِ نعمت منعم کے جمال کا آئینہ ہے اور نعمت کا شکر شکور کے جمال کے آئینہ ہے پھر منعم اور نعمت کا دیکھنا دیگر نعمت ہو جائے گی۔ الیٰ غیر نہایۃ اس سے معلوم ہوا کہ اس کے شکر کی ادائیگی نہیں ہو سکتی اور اس کا شکر

marfat.ocm
Marfat.com

شکور کے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ (اور جو نیکی کا کام کرتا ہے ہم اس کو نیکی میں بڑھاتے ہیں بیشک اللہ تعالیٰ غفور و شکور ہے)

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ یہ پانچواں انعام ہے یعنی جب کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی اس قوم کو جو بچھڑے کی پجاری تھی سے فرمایا کہ تم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا۔ یٰقَوْمِ کی اضافت شفقت کے لئے ہے۔ جانوں پر ظلم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے عذاب کو واجب کر کے ضرر پہنچایا اور اس ثواب کو جو موسیٰ علیہ السلام کی خدمت گذاری سے نصیب ہوتا تھا اسے کم دیا۔ بِاتِّخَاذِكُمُ بچھڑے کو معبود بنا کر۔ اس کے بعد انہوں نے عرض کی: اب ہم کیا کریں؟ تو فرمایا: فَتُوْبُوْٓا یعنی توبہ کا پختہ ارادہ کر لو۔ فاء سببیت کی ہے کیونکہ ظلم توبہ کا سبب تھا۔ اِلٰى بَارِئِكُمْ یعنی جس نے تمہیں پیدا کیا جو تمام عیوب و نقائص اور تفاوت سے بری ہے اور تمہارے بعض کو بعض سے مختلف ہیات اور شکلوں میں ممیز کیا اور لفظ باری" اس طرف اشارہ کر رہا ہے کہ یہ لوگ جہالت اور عبادت کی انتہا کو پہنچ چکے ہیں کہ اس علیم و حکیم کی عبادت کو چھوڑ بیٹھے کہ جس نے انہیں پیدا کیا۔ اپنی لطیف حکمت سے جو تمام تفاوت و تنافر سے بڑی ہے اور اس بچھڑے کی عبادت میں مصروف ہوئے جو عبادت میں مشہور ہے اور جو شخص اپنے منعم حقیقی کے حقوق کو پہچانے تو اس کا مستحق ہے کہ اس سے نعمتیں چھینی جائیں۔ اسی لیے وہ خود آپ کو قتل کرنے اور ترکیب انسانی کو توڑنے پر مامور ہوئے پھر انہوں نے عرض کی: ہم کیسے توبہ کریں تو جواب میں فرمایا: فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ یعنی تمہارا بے گناہ تمہارے مجرم کو قتل کریں اور اَنْفُسَكُمْ اس لیے فرمایا کہ مومن آپس میں بھائی ہوتے ہیں اور بھائی گویا دوسرے بھائی کی جان ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ یعنی اپنے بھائی مسلمان کے شکوے مت کرو۔ (کذا فی السیر)

تفسیر ابی اللیث میں ہے کہ فاء تعقیب کی ہے اور ان کی توبہ کا نام نفس کا قتل ہے یعنی توبہ کا پختہ ارادہ کر کے اپنے نفسوں کو قتل کرو۔ (کذا فی الکشاف)

تفسیر کبیر میں ہے کہ توبہ کی تفسیر قتل نفس نہیں بلکہ قتل نفس اس توبہ کا بیان ہے۔ گویا فرمایا کہ تمہاری توبہ نہیں مکمل ہو سکتی جب تک کہ تم اپنے نفسوں کو قتل نہ کرو۔ وہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ

marfat.com
Marfat.com

مرتد کی توبہ کی تکمیل قتل میں ہے۔

ذٰلِكُمْ تمہاری توبہ اور قتل خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ اللہ تعالیٰ کے دربار میں زیادہ نافع ہے تمہارے اس فعل سے رک جانے سے جو سراسر عذاب ہے اور قتل شرک کے لئے طہارت اور دائمی زندگی اور سرمدی رونق کا وسیلہ ہے۔ فَتَابَ عَلَيْكُمْ یہ خطاب اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے یعنی تم جس کے مامور ہوئے اسے بجالاؤ۔ پس اللہ تعالیٰ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی اور تم سے درگذر فرمایا۔

سوال :فتاب علیھم کیوں نہ فرمایا تا کہ ضمیر قوم کی طرف لوٹائی جاتی؟

جواب : چونکہ یہ نعمت کی تذکیر ہو رہی ہے اور یہ زیادہ مناسب مخاطبین کے لئے ہے نہ کہ گذشتہ لوگوں کے لئے

سوال : اللہ تعالیٰ نے تو انہیں قتل کرنے کا حکم دیا اور قتل کرنا نعمت نہیں؟

جواب : اللہ تعالیٰ نے انہیں بہت بڑے گناہ پر متنبہ اور اس پر آگاہ فرمایا کہ اس بڑی مصیبت سے یوں چھوٹ سکتے ہو اور یہ بھی دینی نعمتوں سے ایک نعمت ہے۔

اِنَّهٗ وہ اللہ تعالیٰ: هُوَ التَّوَّابُ بندوں کی توبہ کی بکثرت توفیق دینے والا اور ان کی توبہ کو بہت قبول کرنے والا ہے الرَّحِيْمُ مطیعین کے لئے کثیر الرحمۃ ہے یہاں پر ان کے قتل کو ان کے گناہوں کا کفارہ مقرر فرمایا۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

فرومانگان را برحمت قریب تضرع کنانرا بدعوت مجیب

ترجمہ : عاجزوں کو رحمت سے قریب ہے عاجزوں کی دعا کو قبول کرنے والا ہے۔

بنی اسرائیل کی توبہ کا واقعہ:۔ مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کے قتل کا حکم فرمایا تو وہ جنگل میں نہایت عاجزی وانکساری سے بیٹھ گئے اور انہیں کہا کہ جو بھی اپنے قاتل کی طرف ہاتھ بڑھائے گا یا اسے دیکھے گا یا اپنے ہاتھ یا پاؤں سے اسے ہٹانا چاہے گا وہ ملعون اور مردود التوبہ ہوگا۔ پھر وہ اپنی گردنوں کو اوپر اٹھاتے تا کہ آسانی سے مارنے والے گردن اڑائیں لیکن مارنے والے کے سامنے کسی کا بیٹا ہوتا کسی کا باپ کسی کا بھائی۔ کسی کا دوست تو مارنے سے ہاتھ رک جاتے اور موسیٰ علیہ السلام کو عرض کی: اب کیا کیا جائے اس پر اللہ تعالیٰ نے سیاہ بادل بھیجا تا کہ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں۔ چنانچہ شام تک اسی طرح قتل کرتے رہے

marfat.ocm
Marfat.com

جب کشت وخون بکثرت ہوئی تو موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام نے رب سے دعا مانگی اور رونے لگے زاری سے کہا: یا اللہ! بنی اسرائیل بہت مارے گئے اب انہیں کچھ تو باقی رکھ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بادل ہٹالیا اور توبہ قبول فرمائی اور انہیں قتل کرنے سے روکا گیا۔ اس وقت ستر ہزار افراد قتل ہو چکے تھے۔ جو مر گئے وہ شہید کے حکم میں اور جو بچ گئے ان کے گناہ معاف کر دیئے گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ قاتل ومقتول دونوں بہشت میں داخل کیے جائیں گے یہ اس روایت کے مطابق ہے جس میں ہے کہ مجرم کو مجرم قتل کرے۔ اب فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ کا یہ معنیٰ ہوا کہ مجرم ایک دوسرے کو قتل کریں ورنہ گذشتہ روایت کے مطابق قاتل سے مراد وہ مرد ہے جو بے گناہ تھا۔

سابقہ امتوں کے مسائل:۔

مسئلہ : اپنے نفسوں کو قتل کرنا وہ سخت امر ہے جو انہیں اس پر عمل کرنا لازم تھا۔ اسے اغلال سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

مسئلہ : جس عضو سے خطا ہو جاتی اسے کاٹنا ضروری تھا۔

مسئلہ : نماز سوائے مسجد کے اور جگہ جائز نہ تھی۔

مسئلہ : پانی کے بغیر ان کی طہارت نہیں ہو سکتی تھی۔

مسئلہ : روزے دار کو شام کے افطار کے بعد اگر نیند آ جائے پھر طعام کھانا حرام تھا۔

مسئلہ : گناہوں کی وجہ سے بہت پاک چیزیں ان پر حرام ہو گئیں۔ اسی وجہ سے من وسلویٰ کی بندش ہوئی۔

مسئلہ : زکوٰۃ تمام مال سے چوتھائی حصہ دینا لازم تھی۔

مسئلہ : جو گناہ ان سے رات کے وقت سرزد ہوتا تو صبح کے وقت ان کے دروازوں پر لکھ دیا جاتا۔

مسئلہ : مروی ہے کہ بنی اسرائیل جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اُون کا موٹا لباس پہنتے اور اپنے ہاتھوں کو گردنوں سے باندھ دیتے۔

مسئلہ : یوں بھی ہوتا کہ کھوپڑی میں سوراخ نکال کر لوہے کی زنجیر اس پر رکھ کر ستون سے باندھ دیتے اور اس حالت میں عبادت ادا کرتے۔

ان سب امور کو "اَصر" یعنی اعمال شاقی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف : یہ تمام امور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہم سے اٹھا لیے گئے۔

توبہ کے مراتب :۔ توبہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے جو خداوند قدوس نے صرف امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عنایت فرمائی ورنہ اگلی امتیں اس طرح کی توبہ سے محروم رہیں۔ اس کے چار مراتب ہیں:۔

۱۔ پہلے مرتبہ کا نام توبہ ہے اور سالک کی یہ پہلی منزل ہے اور یہ نفس امارہ کے لئے مقرر کی گئی ہے اور یہ ہے بھی عوام کے لئے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تمام برائیوں سے رک کر مامورات الٰہی بجالانے پر مستعد ہو جائے اور فوت شدہ نماز وغیرہ کو ادا کرے اور جن کے حقوق دینے ہیں انہیں واپس لوٹائے جن لوگوں کو ناراض کیا ہے انہیں راضی کرے اور گذشتہ بُرے اعمال پر افسوس کا اظہار کرے اور پختہ ارادہ کرے کہ آئندہ کسی برائی کے نزدیک نہ جائے گا۔

۲۔ توبہ کے دوسرے مرتبہ کا نام اِنَـــابَۃ" ہے (یعنی رجوع الی اللہ) یہ نفسِ امارہ کے لئے ہے اور ہے بھی خواص مومنین اولیاء اللہ کے لئے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو اور دنیا سے روگردانی اور اس کے اسباب سے بالکل دوری اور عاداتِ سنجیدہ کا اختیار اور نفس کو بری عادات سے باز رکھ کر اس کا تزکیہ اور اس کی خواہشات کی مخالفت اور اس کے ساتھ جہاد کرنے پر مداومت کرنا کیونکہ نفس جب رجوع الی اللہ کا خوگر ہو جاتا ہے تو قلب کے حکم میں اور اس کے اوصاف سے موصوف ہو جاتا ہے۔ کیونکہ رجوع الی اللہ قلب کی صفت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ الخ

۳۔ تیسرے مرتبہ کا نام رَوْبَۃ" (رغبت الی اللہ ہے) اور یہ مرتبہ خواص الیاء کا ہے اور رغبت الی اللہ شوق لقائے الٰہی کی علامات سے ہے جب نفس رغبت الی اللہ سے تکمیل پاتا ہے تو وہ روح کا مقام حاصل کر لیتا ہے اور راغب الی اللہ مشتاق لقائے الٰہی کی علامات سے ایک علامت یہ ہے کہ وہ اپنی طبعی عادت کو تنہائی کا عادی کرے اور بظاہر نشست و برخاست دوستوں سے رکھے، مخلوق سے دور رہے اور حق سے انس پیدا کرے اور نفس سے کونین کے تعلقات قطع کرنے کے لئے سخت جہاد کرے۔

۴۔ چوتھا مرتبہ یہ نفس مطمئنہ کو نصیب ہوتا ہے اور یہ مقام بھی سادات حضرات انبیاء علیہم السلام اور اخص الخواص اولیاء کا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ یہ ایک جذبہ عنایت ربانیہ ہے جو انبیاء

marfat.ocm
Marfat.com

علیہم السلام اور اخص اولیاء کے نفوس قدسیہ کا انانیت سے کھینچ کر ھُوَیت حق کی جانب پہنچاتی ہے یعنی ان کے نفوس طاعتِ الٰہی میں لقائے ربانی کے لئے مطیع رہتے ہیں پھر ان کو اسیر الی اللہ کی راہ میں چلنے کا موقع ملتا ہے۔ گویا اپنے نفوسِ قدسیہ کو مشاہدہ لقائے ربانی میں مٹا کر دُوئی کا تصور ختم کر کے دائمی لقا حاصل کر لیتے ہیں۔

حکایت: جب حضرت حلاج علیہ الرحمہ کو قتل گاہ میں لایا گیا تو پہلے ان کا دایاں ہاتھ کاٹا گیا تو آپ ہنس پڑے۔ پھر دوسرے ہاتھ کو کاٹا گیا تو بہت ہنسے اور خیال کیا کہ شاید خون سے منہ میں تغیر نہ آئے تو اپنے منہ کو جہاں سے خون بہہ رہا تھا اس کے آگے کر دیا جس سے اس کا رخ مبارک خون آلود ہو رہا تھا اور آپ اشعار ذیل پڑھ رہے تھے۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ اَنَّ الرُّوْحَ قَدْ تَلَفَتْ ۔۔۔ شَوْقاً اِلَیْکَ وَلٰکِنِّیْ اُمَنِّیْھَا

وَنَظْرُکَ یَا سَوْئِیْ وَیَا اَمَلِیْ ۔۔۔ اَشْھٰی اِلَیَّ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا

یَا قَوْمِ اِنِّیْ غَرِیْبٌ فِیْ دِیَارِکُمْ ۔۔۔ سَلَّمْتُ رُوْحِیْ اِلَیْکُمْ فَاحْکُمُوْا فِیْھَا

مَا اُسَلِّمُ النَّفْسَ لِلْاِسْلَامِ تَتْلَفُھَا ۔۔۔ اِلَّا لِعِلْمِیْ بِاَنَّ الْوَصْلَ یُحْیِیْھَا

نَفْسُ الْمُحِبِّ عَلَی الْآلَامِ صَابِرَۃٌ ۔۔۔ لَعَلَّ مُسْقِمُھَا یَوْماً اَرِمُلِیْھَا

ترجمہ۔ ۱۔اے اللہ! تجھے معلوم ہے کہ میں اپنی روح کو تیرے شوق میں خرچ کر رہا ہوں اور میری آرزو تھی یہی ہے۔۲۔ اے میرے محبوب! اور میری تمنا تیری ہی نظر میرے لیے دنیا اور مافیہا سے زیادہ پیاری ہے۔۳۔اے قوم! میں تمہارے دیار میں اجنبی ہوں اور میں نے اپنی روح تمہیں دیدی اب تمہاری مرضی جس طرح چاہو کرو۔۴۔میں اپنے نفس کو ان بیماریوں سے دور رکھنا چاہتا ہوں جو اسے مٹا رہی ہیں کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ وصال کے بعد میرا نفس ہمیشہ کے لئے زندہ ہو جائے گا۔۵۔ عاشق دکھ اور درد سے صبر کرتا ہے امید پر کہ جس نے زخمی کیا وہ کبھی تو مرہم بھی لگائے گا۔

اس کے بعد حضرت حلاج نے آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہا: اے میرے آقا! میں تیرے بندوں میں ایک اجنبی ہوں اور تیرا ذکر مجھ سے غریب ہے اور غریب کو غریب سے محبت ہوتی ہے۔ اسی حال میں ایک مرد نے ان سے پوچھا: یَا شَیْخُ مَا الْعِشْقُ عشق کسے کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اس کے ظاہر کو تم دیکھ رہے ہو لیکن

marfat.ocm
Marfat.com

اس کا باطن مخلوق سے نہایت ہی مخفی راز ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلاتِ نجمیہ میں ہے کہ ہر قوم کا ایک بچھڑا ہوتا ہے جو اس کی پرستش کرتے ہیں اور وہ دراہم وہ ہیں کہ جن کی پرستش میں ہر وقت لگے رہتے ہیں اور دوسری ایک قوم ہے جو شہوات کے بچھڑے کی پرستش کرتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو جاہ وجلال کے بچھڑے کی پرستش میں سرمست ہیں یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں مبغوض ترین ہیں پھر اللہ تعالیٰ ہر سعید کے موسیٰ (قلب) پر الہام کرتا ہے اور فرماتا ہے: یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ اے قوم! ماسوائے دور رہ کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو اور یہ سوائے نفس کو مارنے کے بغیر حاصل نہیں ہو سکے گا۔ کیونکہ شہوات نفس کی حیات ہے۔ انہی شہوات کی وجہ سے فرعون ربوبیت کا مدعی ہوا اور بنی اسرائیل بھی شہوات کی وجہ سے بچھڑے کے پجاری بنے اور شہوات سے ہی شیطان نے سجدہ سے انکار کیا اور متکبر بنا یا یہ معنیٰ ہے کہ نفس کو منہیات سے دور رکھ کر اسے قتل کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے قتل کرو۔ کیونکہ نفس کو ظاہری قتل کرنا مومن اور کافر کے لئے آسان ہے لیکن باطن میں بڑا مشکل امر ہے صرف خواص اولیاء کے لئے سہل ہے جو صدق کی تلوار لے کر نفس کو اللہ تعالیٰ کی مدد سے قتل کرتے ہیں اسی لیے صدیقین کا مرتبہ شہداء سے بلند ہے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنگ سے واپس لوٹتے تو فرماتے: رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ (ہم جہاد اصغر سے فارغ ہو کر اب جہاد اکبر کی طرف جا رہے ہیں) اس کی وجہ یہ ہے کہ مجاہد جب کافر کی تلوار سے مارا جاتا ہے تو وہ دکھ سے صرف ایک بار راحت پاتا ہے۔ لیکن جب صدق کی تلوار سے مارا جائے تو وہ دن میں ہزار بار نفس کو زندہ کرتا ہے اور ہر بار اسے نئی بصیرت نصیب ہوتی ہے اور نفس کے مکر میں ہر بار اضافہ ہوتا ہے۔ اسی لیے مجاہد اس جہاد سے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی راحت نہیں پا سکتا اور نہ ہی اس کے مکر سے اسے اطمینان ہوتا ہے۔ اصل صورت یہ ہے کہ نفس تدبیر حق کی ایک صورت ہے اور اللہ تعالیٰ کی تدبیر خفی سے صرف خاسرین ہی مطمئن رہتے ہیں۔ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ یعنی نفس کو صدق کی تلوار سے قتل کرنا تمہارے لیے بہتر ہے کیونکہ ہر ایک قتل کے وقت مالک کے ہاں تمہارے لیے رفع درجات ہوتے ہیں کیونکہ نفس کو قتل کرنے اور شہوات کے دور کرنے سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور قرب توبہ کی توفیق سے نصیب ہوتا ہے۔ یہی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جیسے

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث قدسی میں ہے: مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْراً تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ ذِرَاعاً ۔ جو بندہ میرے ہاں ایک بالشت نزدیک ہوتا ہے میں اس کے ایک گز قریب ہو جاتا ہوں ۔ اسی کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَتَابَ عَلَیْکُمْ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

مثنوی شریف میں ہے:۔

ثمر اگر بگذشت بخش ایں دم است — آب تربش دہ اگر او بے نم است

بیخ عمرت را بدہ آبِ حیات — تا درختِ عمر گردد با نبات [1]

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قُلْتُمْ یہ چھٹا انعام ہے یعنی یاد کرو ۔ اے بنی اسرائیل ! اپنے اسلاف کے ان ستر افراد کے قول کو کہ جب موسیٰ علیہ السلام انہیں کوہ طور پر گوسالہ پرستی کے عذر پیش کرنے کے لئے لے گئے تھے لیکن یہ ستر افراد ان ستر افراد کے غیر ہیں ۔ جن کو فرعون کے غرق ہونے کے بعد تورات لینے کے لئے کوہ طور پر پہلی بار لے گئے تھے ۔ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ ہم تیرے اس قول کی تصدیق نہیں کریں گے یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے اور میں نے اس کا کلام سنا ہے اور تیرا یہ کہنا کہ ہمیں اس کتاب کے قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا ہے ۔ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ یہاں تک کہ اسے ایسا ظاہر دیکھ لیں کہ اس کے اور ہمارے مابین کوئی چیز حائل نہ ہو ۔

ف: جہر مسموعات میں ہوتا ہے جس طرح معائنہ مبصرات میں ہوتا ہے ۔

ف: اس کا نصب علی المصدریه ہے ۔ کیونکہ یہ بھی رؤیت ہے کی ایک قسم سے ہے گویا کہ فعل ناصب کا مصدر ہے یا فاعل سے حال ہے ۔ ای حتی نری اللّٰه مجاهراً (بفتح الهاء)

فَاَخَذَتْکُمُ الصّٰعِقَةُ ، الصّٰعِقَةُ اس جلانے والی آگ کو کہتے ہیں کہ جس میں آواز ہو اور وہ آسمان سے نازل ہو اور دراصل ہر اس امر کو کہتے ہیں جو ڈرانے والا مار دینے والا یا عقل و فہم کو زائل کرنے والا ہو ۔ اس میں آواز بھی ہوتی ہے اور آگ بھی وغیرہ وغیرہ ۔

فائدہ: انہیں صاعقہ نے اس لیے جلایا کہ انہوں نے وہ سوال کیا جو کہ دنیا میں محال ہے یا اس لیے کہ ان کی سرکشی اور ضد حد سے بڑھ گئی ۔

---

[1] **ترجمہ**: ۱۔ ثمر گیا جو تو باقی ہے اسے تر پانی سے تر و تازہ کر کہ نمی سے خالی نہیں ہے ۔ ۲۔ اپنی زندگی کی جڑ کو آبِ حیات دے تا کہ تیرے ثمر کا درخت پھل دے سکے ۔

marfat.ocm
Marfat.com

عقیدہ : رؤیت مقدسہ بحیثیت کیفیت کے مومنین کو نصیب ہوتی لیکن آخرت میں بعض انبیاء کو دنیا میں باعتبار بعض احوال کے دنیا میں حاصل ہوئی۔ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ تم اس صاعقہ کو آسمان سے نازل ہوئے دیکھ رہے تھے اگر وہ نار تھی تو پھر تمام نے دیکھا اگر وہ آواز تھی تو پھر جو مر گئے ان کے بقایا نے سنی دیکھی جو مر گئے۔ اسے مجازاً رؤیۃ الموت سے موسوم کرتے ہیں۔

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ پھر ہم نے تمہیں زندہ کیا۔ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ اس صاعقہ سے سبب تمہاری موت کے بعد۔

سوال : بعث کو مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ سے کیوں مقدم کیا گیا حالانکہ بعث بھی موت کے بعد اٹھنے کا نام ہے؟

جواب : کبھی بعث کا اطلاق اغماء اور نیند پر بھی ہوتا ہے اس لیے وہم پیدا ہوتا ہے کہ یہاں بھی یہی معنی ہے۔ اس وہم کے زائل کرنے پر من بعد بیوتیم اضافہ کیا گیا۔

ف: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہیں زندہ اس لیے فرمایا تا کہ وہ اپنی بقایا زندگی اور رزق پورا کرلیں کیونکہ ان کی یہ موت وقت سے پہلے تھی اور ان کے حق میں یہ موت ایسے تھی جیسے دوسروں کے لئے سکتہ طاری ہوتا ہے۔ کیونکہ اگر وہ اپنی میعاد پر مرتے تو پھر قیامت تک نہ اٹھتے۔

سوال : موت کے بعد مکلف بنانا اگر جائز ہے تو پھر آخرت میں بعد از موت کیوں نہیں مکلف بنایا جاتا؟

جواب : ان کے مکلف بننے سے مرنے کے بعد زندہ ہونے سے مانع ہے کہ انہیں قیامت کے دن بہشت کی لذتوں اور دوزخ کی تکالیف کی معرفت پر مجبور کیا گیا۔ علم بدیہی کے بعد تکلیف ہٹ جاتی ہے اور ان کو علم بدیہی حاصل نہ تھا اور نہ ہی معرفت۔ قیامت بہشت کی نعمتوں اور دوزخ کی تکالیف کی معرفت پر ان کو مجبور کیا گیا۔ بلکہ موت کے بعد زندہ ہونا بمنزلہ نوم و اغماء کے تھا اب ان کو مکلف بنانے میں کسی قسم کا اشکال نہیں۔

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ تا کہ تم اس کی نعمتوں کا اظہار اور اس کی توحید بیان کر کے اور فرمانبردار ہو کر صاعقہ سے اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دیکھ کر ایمان کی نعمت کا شکریہ ادا کرو بعد اس کے کہ تم حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً کہہ کر کافر ہو چکے تھے۔ کیونکہ نعمت کی زیادتی کی طلب میں نعمت کا ترک کفرانِ نعمت ہے۔ یعنی تم ایمان کی نعمت کا شکریہ ادا کرو۔ پس اس معجزہ کے ظہور کے بعد کسی اور شئے کی طلب ہرگز ہرگز نہ کرنا۔

بنی اسرائیل پر صاعقہ کا وقوع:۔ جب موسیٰ علیہ السلام طور سے واپس قوم کے ہاں پہنچے تو ان کی قبیح

marfat.ocm
Marfat.com

حالت کو دیکھ کر اپنے بھائی اور سامری سے جو گفتگو فرمائی وہ مشہور ہے۔ پھر بچھڑے کو جلا کر اس کی راکھ دریا میں ڈال دی۔ اب قوم نے نادم ہو کر موسیٰ علیہ السلام سے عرض کی: اگر ہمارے رب نے ہمارے گناہ نہ بخشے تو ہم خاسرین سے ہوں گے۔ آپ ہمارے لیے سفارش فرمایئے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: آپ ان کو لے کر ان کی کوتاہی کی معافی چاہیں۔ چنانچہ آپ نے ان میں سے برگزیدہ ستر افراد کو چن لیا۔ جب کوہ طور کے قریب پہنچے تو انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے لیکن ہوا یوں کہ ہم اس کا کلام بلا واسطہ سن لیں۔ موسیٰ علیہ السلام سے کوہ طور کے قریب گئے تو آپ کو ایک بادل نے گھیر لیا آپ خود اس میں داخل تھے اور قوم کو بھی فرمایا کہ تم بھی اس میں داخل ہو جاؤ۔ چنانچہ وہ بھی داخل ہوئے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا۔ جس میں امر و نہی تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کلام فرمایا تو موسیٰ علیہ السلام کی پیشانی سے ایک نور چمکا کہ جس کو وہ ستر آدمی دیکھ نہ سکتے تھے۔ جب انہیں موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کلامِ الٰہی کے سننے کا شرف حاصل ہوا اور اوامر و نواہی کے فرامینِ مقدسہ سنے تو دیدار الٰہی میں طمع ظاہر کر بیٹھے۔ اس پر انہیں صاعقہ نے گھیرا تو بیہوش ہو کر گر پڑے اور ایک دن اور ایک رات مرے رہے۔ اب موسیٰ علیہ السلام روئے اور اللہ تعالیٰ کے دربار اقدس میں گڑگڑاتے ہوئے آسمان کی طرف ہاتھ پھیلا کر عرض کرتے ہیں کہ الٰہی میں نے بنی اسرائیل کے برگزیدہ ستر آدمی چنے تا کہ ان کی توبہ قبول ہونے پر وہ میرے گواہ بنیں۔ اب میں ان کے پاس جا کر کیا جواب دوں گا؟ تو نے انہیں ہلاک کر دیا۔ اگر انہیں بچھڑے والوں کے ساتھ ہلاک کر دیتا تو اچھا ہوتا۔ کیا تو مجھے قوم کے ذریعہ ہلاک کرنا چاہتا ہے۔ ان کی عجز و زاری سے اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ فرمایا۔ ان کے ارواح واپس لوٹائے۔ اب توبہ کی قبولیت اس شرط میں مشروط ہوئی کہ وہ لوگ اپنے آپ کو قتل کریں۔

سوال: موسیٰ علیہ السلام نے بھی تو دیدار کا سوال کیا تھا۔ لیکن ان پر موت طاری نہ ہوئی کیونکہ ان پر جو بیہوشی طاری ہوئی وہ موت نہیں تھی بلکہ غشی تھی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَلَمَّآ اَفَاقَ لیکن قوم کا کونسا جرم تھا کہ جب اپنی توبہ قبول کرانے جا رہے ہیں اور اس میں دیدار کا سوال کر بیٹھے جس پر ان بے چاروں کو موت کا تیر کھانا پڑا۔

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سوال محض اشتیاق اور عاجزی کے اظہار کی بناء پر تھا اور قوم کا سوال

marfat.ocm
Marfat.com

تکذیب اور گستاخی پر مبنی تھا۔ ان کا سوال استرشادی نہ تھا۔ بلکہ عنادی تھا کیونکہ ان کا خیال یہ تھا کہ شاید باری تعالیٰ کسی جسم میں متشکل ہے اس ظن کے مطابق اس کے دیدار کو جسم کی شکل میں تصور کر کے دیدار کا شوق کر بیٹھے اور یہ بات محال تھی۔

مسئلہ : آیت سے نفی رؤیت کا ثبوت نہیں ملتا۔ بلکہ اس میں الثارویت کے امکان کو ثبوت مل رہا ہے۔ کیونکہ ان ستر افراد نے دیدار کی تمنا ظاہر کی تو انہیں اس سے روکا نہ گیا۔ اسی طرح خود حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رویت کی التجا کی تھی۔ ان کو بھی منع نہیں کیا گیا۔ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ رویت کو استقرار مکان پر معلق کر کے ثبوت دیا جا رہا ہے کہ رویت از قبیل ممکنات ہے۔

دنیا میں دیدار الٰہی کے امتناع کے وجوہ:۔

۱۔ دنیا دار الاعداد ہے اسی لیے اسے جنت الکافر سے تعبیر کیا گیا ہے اور اغیار میں محبوب کا جلوہ نہیں دکھایا جاتا۔

۲۔ اگر مومن کو دیدار نصیب ہو جائے تو کافر کہیں گے کہ ہم بھی اگر اسے دیکھ لیں تو اس کی عبادت کریں گے۔ اب سلسلہ مساوی ہو تو پھر ان دونوں میں کیا فرق رہے گا۔

۳۔ جو مزا (غیب) انتظار میں ہے وہ (عین) دیدار میں نہیں۔

۴۔ دنیا محل معشیت ہے اگر اس کا دیدار نصیب ہو جائے تو پھر معاش اور بود و باش کے سلسلہ میں خلل پڑ جائے گا

۵۔ اس زیارت کو قلب سے متعلق کیا گیا تا کہ ملائکہ کو مومنین کے قلب کی صفائی کا اندازہ ہو۔

۶۔ اس کی شان کی رفعت مطلوب ہے۔ کیونکہ جس امر سے روکا جائے تو اس کے حصول میں طبیعت کا اشتیاق زوروں پر ہوتا ہے۔

۷۔ اس دیدار کی ممانعت سے بھی بندوں پر رحم کرنا مقصود ہے۔ کیونکہ دنیا میں بندوں کی فطرت کو غیرت سے مزین کیا گیا ہے اگر دیدار الٰہی ان کے علاوہ کسی دوسرے کو نصیب ہو جائے تو ان کے دل پھٹ جاتے ہیں جیسے پہاڑ سے ان کی کیفیت ہوئی کہ اسے دیدار الٰہی کے جلوے تو نصیب تھے ہی لیکن جب موسیٰ علیہ السلام نے بھی شرکت چاہی تو پہاڑ غیرت سے پاش پاش ہو گیا۔

ف: دیدار کا مطالبہ کر کے پھر اس کے دیکھنے سے غفلت کر جانا بڑی بے ادبی اور ترک تعظیم تھی اور یہ بعیدی اور

marfat.ocm
Marfat.com

شقاوتِ قلبی کی علامات سے ہے اس کے بعد عدل کی بناء پر جلالِ الٰہی نے ان کو صاعقہ سے گرفت کر کے ان پر نعمتوں سے نوازا۔ کما قال تعالیٰ: ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

اس میں بھی اپنے فضل کا اظہار فرمایا سعادت اور قرب کی ایک علامت و دلالت یہ ہے کہ بندہ اپنے مولیٰ کے جلووں کے مکاشفے حاصل کرتا جائے اور ساتھ اس کے الطافِ کریمانہ کا ملتجی رہے۔

ف: جس کے حال کی اصلاح باری تعالیٰ فرماتا ہے اس کی حالت یہ ہوتی ہے کہ وہ لسانِ جہل کو بند کر کے رحمت کے دروازے پر سوالی بن کر سوال و جواب میں ادب کو ملحوظ رکھتا ہے۔

مثنوی شریف میں ہے:

پیش شاہاں میکنی ترک ادب　　نار شہوات را ازاں کشی حطب

چوں نداری فطنت و نور ہدی　　بہر کوراں روئے را میزن جلا

ترجمہ: ا۔ بادشاہوں کے سامنے ترک ادب کرتا ہے وہ یہ نار شہوت کی لکڑیاں جمع کر رہا ہے۔ ۲۔ جب تیرے ہاں سمجھداری اور نور ہدایت نہیں تمہیں اندھوں کے لئے کوئی روشنی تیار کرنی چاہیے۔

نفس امارہ کو قتل کرنا ضروری ہے۔ اسے قتل کر کے عالم حقیقت میں جو چاہے حکم دے۔ امام قشیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: توبہ میں نفوس کو قتل کرنے کا حکم اس امت کے لئے منسوخ نہیں ہوا صرف فرق یہ ہے کہ بنی اسرائیل کو نفوس کا قتل کرنا ظاہری طور پر تھا اور ہم اپنے نفوس کو قتل کرنے میں اپنے تک محدود رکھتے ہوئے باطنی طور پر یہ حکم بجالائیں۔ اس سے صرف اللہ تعالیٰ تک پہنچنا اور نفس کا خرابیوں سے نکلنا مقصود ہو۔ بعض کا یہ گمان ہے کہ توبہ میں بنی اسرائیل کے لئے نفوس کا قتل کرنا سخت امر تھا۔ یہ غلط ہے بلکہ ہمارے لیے یہ حکم سخت ہے۔ کیونکہ وہ تو ایک بار قتل ہو کر جان چھڑا گئے لیکن خواص اولیاء کے لئے ہر آن اپنے نفوس کو قتل کرنے کا حکم ہے جیسا کہ کسی نے کہا ہے:

لَيْسَ مَنْ مَّاتَ فَاسْتَرَاحَ بِمَيْتٍ　　اِنَّ الْمَيِّتَ مَيِّتُ الْاَحْيَاءِ

ترجمہ: یعنی جو مر گیا اسے میت مت کہو وہ تو مر کر جان چھڑا گیا بلکہ موت اس کے لئے ہے جو زندہ ہو کر ہر موت کا مزا چکھتا ہے

مثنوی شریف میں ہے:

قوت از حق خواہم و توفیق و لاف　　تا بسوزانم بر کنم ایں کوہ قاف

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ : میں اللہ تعالیٰ سے ہی قوت وتوفیق ومدد چاہتا ہوں۔تا کہ سوئی سے کوہ قاف کو ٹکڑے ٹکڑے کرسکوں۔

تفسیر عالمانہ

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ یہ ساتواں انعام ہے۔یعنی اے بنی اسرائیل! ہم نے تم پر بادل کو سایہ بنایا۔واقعہ یوں ہے کہ جب بنی اسرائیل مصر سے نکلے اور دریا عبور کر کے آگے جنگل میں (جو کہ مصر وشام کے درمیان ہے) جا پڑے اس میں کوئی مکان وغیرہ نہ تھا اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا کہ جبارین کے شہر میں داخل ہو کر ان سے لڑو۔اس حکم کو قبول کرتے ہوئے جب شہر کے قریب پہنچے تو سنا کہ وہاں کے لوگ بڑے سرکش اور سنگ دل اور بڑے لمبے قد والے ہیں۔ہر ایک کا قد ستر گز کا تھا ان سے لڑنے کیلئے رک گئے اور کہا: اے موسیٰ! تو اور تیرا رب جا کر ان سے لڑو ہم تو یہیں بیٹھتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے ان پر سزا مقرر فرمائی کہ چالیس سال جنگل میں حیران پھرتے رہیں اور وہ جنگل بارہ فرسخ یعنی چھتیس میل لمبا چوڑا تھا۔اس سے انہیں سخت گرمی پہنچی اور بھوک نے ستایا تو موسیٰ علیہ السلام کو عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم فرمایا کہ آسمان سے نور کا ستون نازل فرمایا۔جو رات کو ان کے ساتھ رہتا اور جس رات چاند نہ ہوتا بجائے چاند کے چمکتا رہتا اور ان پر ایک سفید بادل نرم نرم بھی بھیجا جو برسانے والے بادلوں سے نہایت اطیب تھا جو انہیں سورج کی گرمی سے بچاتا چھتری کی طرح ان کے اوپر رہتا۔بادل کو غمام اس لیے کہتے ہیں کہ وہ آسمان کو چھپا لیتا ہے اور حزن کو بھی غم اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ قلب کو ڈھانپ لیتا ہے بعد ازاں انہوں نے طعام طلب کیا۔موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے التجا کی۔دعا مستجاب ہوئی۔چنانچہ فرمایا: وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ یعنی ہم نے ترنجبین (الفتح الراء وتسکین النون) اتاری۔یہ سفید رنگ برف کی طرف ایک طعام جو شہد جیسی گھی سے مرکب غذا تھی۔یا مَن ان نعمتوں کو کہا جاتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے بندوں پر بلا تکلیف اور بغیر کھیتی باڑی کرنے کے عنایت فرمائیں۔

کھمبی کے فضائل:۔ یہ بھی اسی مَن سے ہے جس کے متعلق حضور علیہ السلام فرماتے ہیں: اَلْكَمْأَةُ مَنٌّ ۔ یعنی کھمبی مَنٌّ سے ہے جس کا پانی آنکھوں کی شفا ہے۔

ف: ظاہر بات یہ ہے کہ صرف اس کا پانی بغیر کسی دوسری چیز کی ملاوٹ کے آنکھوں کی شفا ہے کیونکہ حضور علیہ السلام نے بلا قید ذکر فرمایا۔جس میں کسی چیز کی ملاوٹ کا بیان نہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے تین کھمبیاں نچوڑیں اوران کا پانی ایک شیشی میں بند کر کے رکھ دیا۔اس سے میری لونڈی نے سرمہ کی طرح استعمال کیا جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحت یاب ہوگئی۔

بقایاواقعہ: جب وہ لوگ اس سے اکتا گئے تو کہنے لگے: اے موسیٰ علیہ السلام! ہم اس کی چاشنی سے تنگ آ گئے ہیں ہمیں گوشت چاہیے۔اللہ تعالیٰ نے ان پر سلویٰ نازل فرمایا۔ وَالسَّلْوٰی یعنی سلویٰ کو جنوب کی ہوا جمع کر کے ان کے سامنے کر دیتی ۔ ہوا سے ان کا حلق کاٹا جاتا اور پیٹ چیرا جاتا اور بادل دور ہو جاتے ۔ پھر سورج کی گرمی سے پک جاتا۔اس کے بعد اس مَنّ کے ساتھ کھاتے (گویا سلویٰ ایک پرندہ تھا)

ف: اکثر مفسرین یوں فرماتے ہیں کہ انہیں پکڑ کر ذبح کرتے اور مَنّ برف کی طرح طلوع فجر سے لے کر غروب شمس تک آسمان سے نازل ہوتی رہتی اور سلویٰ بھی۔ ہر شخص کل تک کی کفایت کا روزینہ لے لیتا۔صرف جمعہ کے روز دو دنوں کا اکٹھا لیتے کیونکہ ہفتہ ان کی عبادت کا دن تھا اور نہ ہی ہفتہ کو نازل کیا جاتا۔اگر کوئی شخص روزینہ کفایت سے زائد لیتا تو وہ گل سڑ کر بدبودار ہو جاتا۔

كُلُوْا اور ہم نے کہا: کھاؤ۔ **مِنْ طَيِّبٰتِ** حلال چیزوں سے۔ **مَا رَزَقْنٰكُمْ** جو کچھ ہم نے عطا فرمایا۔ من و سلویٰ سے۔لیکن یاد رہے کہ اسے ذخیرہ بنانے کی خاطر نہ اٹھانا اور نہ ہی میری نافرمانی کرنا لیکن انہوں نے ضرورت سے زائد اٹھایا اور گوشت کو خشک کر کے رکھا۔اس خطرہ سے کہ شاید ختم ہو جائے۔اگر وہ ایسا نہ کرتے تو ہمیشہ تک جاری رہتا۔طیب ہر اس شئے کو کہتے ہیں کہ جس سے نہ طبع نفرت کرے اور نہ شرع کراہت کرے۔

وَمَا ظَلَمُوْنَا اور ہم نے ظلم نہ کیا بلکہ انہوں نے خود ہی اس بہت بڑی نعمت سے ناشکری کر دی اور رکاوٹ کے باوجود بھی اسے ذخیرہ کرنے لگے اور نہ ہی ہمارے حق کا خیال رکھا۔ **وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ** لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے کہ میرے عذاب کی طلب کی اور وہ رزق جو ان پر بلا مشقت و بلا تکلیف نازل ہوتا تھا۔ناشکری کر کے اسے بند کرا دیا۔وہ طعام ایسا تھا کہ نہ دنیا میں انہیں تکلیف اور نہ آخرت میں ان سے حساب ہم نے وہ طعام ان سے ہٹا لیا جب کہ انہوں نے ہم سے بھروسہ چھوڑ دیا۔

مثنوی شریف میں ہے: ؎

marfat.ocm
Marfat.com

سالہاں خوردی وکم نامدز خور ترک مستقبل کن وماضی رانگر

ترجمہ : تونے بہت سال کھایا لیکن کم نہ ہوا مستقبل کا خیال چھوڑ کر ماضی کو غور سے دیکھ۔

حدیث شریف :۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو نہ کوئی طعام بدبودار ہوتا اور نہ گوشت خراب ہوتا اور اگر بی بی حواعلیہا السلام کی خیانت نہ ہوتی تو ہمیشہ تک عورتیں اپنے شوہروں کی خیانت نہ کرتیں۔ کیونکہ بدبو اس وقت سے شروع ہوئی۔

قاعدہ یہ کہ جو شخص کسی امر کی ابتداء کرتا ہے تو وہ امر دوسرے کے لئے سبب بنتا ہے۔ اسی طرح عورتوں کے لئے خیانت جاری رہے گی۔ ان کی ماں نے سب سے پہلے یوں خیانت کی کہ ابلیس کی بات مان کر گندم کا دانہ کھالیا پھر آدم علیہ السلام کے پاس آکر انہیں طرح طرح کی باتوں سے رغبت دلا کر گندم کا دانہ کھلا دیا۔ اسی روز سے عورتوں کی خیانتیں اپنے شوہروں کے لئے شروع ہوئیں۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

کراخانہ آباد وہمخوابہ دوست خدارا برحمت نظر سوئے اوست

ترجمہ : کسی کا گھر آباد اور گھر والی موافق ہے تو سمجھو کہ اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت ہے۔

مسئلہ : (الاشباہ والنظائر) میں فرماتے ہیں کہ طعام جب متغیر ہو جائے اور اس کا تغیر بڑھ جائے تو وہ نجس ہے اس کا استعمال حرام ہے۔

مسئلہ : تیل، دودھ اور گھی جب بدبودار ہو جائیں تو ان کا استعمال حرام نہیں۔

تفسیر صوفیانہ جب اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو غربت کی سزا دی تو عین اس غم میں رحمت ہے بھی نوازا اور انعامات عنایت فرمائے کہ ان کے سروں پر بادل کو سایہ اور من وسلویٰ جیسے بہشتی طعام بھجوائے۔ اس سفر میں نہ تو ان کے بال لمبے ہوئے اور نہ ہی ناخن بڑھے اور نہ ہی ان کے کپڑے پھٹے۔ بلکہ میل کچیل سے بھی صاف ستھرے رہے اور جو صغیر لڑکے تھے جوں جوں وہ بڑے ہوتے کپڑے بھی ان کے جسموں کے مطابق بڑھتے رہے اور سورج بھی اپنی شوخی سے باز رہا۔ اسی طرح اس کا حال ہے جس نے اپنا سارا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔ تو اس کے لئے بھلائی کے اسباب تیار ہو جاتے ہیں لیکن بنی اسرائیل کی

marfat.ocm
Marfat.com

شومی قسمت کہ وہ الٹا خرابیوں کی طرف جھک گئے۔

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ یعنی امر شرع کے مطابق تم ہمارے رزق کو کھاؤ۔ وَمَا ظَلَمُوْنَا یعنی جب کہ انہوں نے شرعی امور میں اپنی طبع کے مطابق تصرف کرنا شروع کیا تو انہوں نے ہمارا کیا بگاڑا۔ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ بلکہ انہوں نے اپنی جانوں پر خود ظلم کیا حرصِ دنیا اور شہواتِ نفسانیہ کی طرف جھک گئے۔

ف: تنویر میں فرماتے ہیں کہ جس امر میں تمہارا داخلہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہوتا ہے تو اس کی تولیت اللہ تعالیٰ خود اپنے ذمہ کرم لگا لیتا ہے۔ جس کی وجہ سے تجھے اس کی امداد شاملِ حال رہتی ہے اور اگر تو اپنی مرضی کے مطابق اس امر کو شروع کرتا ہے تو پھر تجھے نفس کے سپرد کیا جاتا ہے۔ (پھر وہ جس گھڑے میں ڈال دے)

حکایت:۔ ایک شخص جنگل میں جا رہا تھا اسے پیاس نے ستایا تو بڑی تلاش کے بعد اسے کنواں مل گیا۔ کنویں پر پہنچا تو پانی خود بخود باہر آ گیا۔ اب وہ آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہنے لگا یا الٰہ العالمین! مجھے یقین ہے کہ تو اس پر قادر ہے، لیکن مجھے تو اتنی طاقت بھی نہیں کہ اس سے پانی اٹھا کر پیوں۔ براہ کرم کسی اعرابی کو بھیج تا کہ وہ اس سے چلو بھر کر میرے منہ میں ڈالے مجھے یقین ہے کہ یہ بھی تیرے الطافِ خفیہ سے ہے۔ لیکن میں تیری تدبیر سے بھی بے خوف نہیں ہوں۔

سبق: بندے کو اس کی ظاہری اور باطنی نعمتوں سے مفرور نہ ہونا چاہیے بلکہ اسے چاہیے کہ اس کی نعمتوں کے شکر کی ادائیگی میں جدوجہد کرے اور نعمتوں کو فرمانبرداری میں صرف کرنے کی کوشش کرے ورنہ گمراہ ہو کر بدبختی کا شکار ہو جائے گا۔

حضرت شیخ ابوعبداللہ قرشی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جو شخص (ولی) اور خوارق عادات سے کراہت نہیں کرتا جیسے عامی آدمی اپنے گناہوں سے کراہت نہیں کرتا وہ حق کے مابین حجاب اور رحمت و نعمت کے لئے اس سے پردہ بن کر ثابت ہوگی جینے وہ کبھی سعادت کا سبب بنتی ہے۔ اسی طرح وہ شقاوت و استدراج کا موجب بھی ہو جاتی ہے۔

جیسے کہ مثنوی شریف میں ہے:۔

بندہ می نالد بحق از درد و نیش — صد شکایت میکند از رنج خویش

marfat.com
Marfat.com

حق ہمی گوید کہ آخر رنج و درد — مرترا لابہ کناں او دوست کرد

ایں گلہ زاں نعمتی کن کت زند — از یاد در مطرودت کند!

ترجمہ:۔ ۱۔بندہ اپنے درد والم سے حق کے آگے روتا ہے اپنے درد ورنج کی ہزاروں شکایتیں عرض کرتا ہے۔۲۔حق تعالیٰ اسے کہتا ہے کہ رنج و درد تیرے ساتھ مذاق کرتے ہیں کہ یہ تو مجھے دوست سے نصیب ہوتے ہیں۔۳۔یہ گلہ تجھے نعمت سے ہونا چاہیے جو تجھے حق تعالیٰ سے مردود بناتی ہے۔

سبق: مومن سالک کے لئے ضروری ہے کہ ذات وصفات وافعال سے مستغنیٰ ہوکر امر ونہی پر ہر حال میں عمل پیرا ہوتا کہ وہ صدیقین اور اہلِ یقین سے ہوجائے۔اے اللہ ہمیں ان لوگوں سے بنادے جو ہر آن تیرے ساتھ ہوتے ہیں اور اپنے تمام معاملات میں تجھے مقدم رکھتے ہیں۔ آمین آمین آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

تفسیر صوفیانہ

وَاِذْ قُلْنَا یہ آٹھواں انعام ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان پر شہر کا داخلہ مباح کرکے جنگل کی وحشت دور فرمائی یعنی یاد کرو اے بنی اسرائیل! جب کہ تمہارے آباء کو جنگل کی تکلیف سے نجات پانے کے بعد ہم نے فرمایا: اُدْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ اس گاؤں میں داخل ہوجاؤ۔قریہ کی نصب علی الظرفیہ ہے۔بیت المقدس کو قریہ سے تعبیر فرمایا اور قریہ کے قاف کو بالفتح وبالکسر وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں قری (بمعنی جمع ہونا) سے ماخوذ ہے۔ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا بغیر روک ٹوک کے خوشگوار جہاں سے چاہو کھاؤ۔ رَغَدًا کی نصب علی المصدریہ ہے۔ كُلُوْا سے حال ہے۔ ای راغدین متوسعین اس میں اشارہ ہے کہ انہیں داخلہ کا حکم اقامت وسکنیٰ کے لئے تھا۔ تیسیر میں فرمایا کہ ہم نے تمہارے لیے ہر شئے مباح کی اور تم پر فراخی کردی کہ اس میں عیش کرو۔ جہاں سے چاہو نہ کوئی تنگی ہے اور نہ کوئی رکاوٹ۔ ہر شئے کا مالک کردیا۔ بطریق غنیمت کے اور صرف کھانے کا ذکر اس لیے ہے کہ اصلی مقصود وہی ہے۔

وَادْخُلُوا الْبَابَ یعنی قریہ کے ابواب کے کسی دروازہ سے داخل ہوجاؤ اس کے اس وقت سات دروازے تھے اور اس سے مراد دوسرا باب ہے جسے ہمارے زمانہ میں باب الحطہ اور باب القبہ کہتے ہیں۔جس میں موسیٰ وہارون علیہما السلام عبادت کرتے اور بنی اسرائیل ساتھ ہوکر اس میں نماز ادا کرتے۔ سُجَّدًا یعنی سر کو تواضعاً نیچے

marfat.ocm
Marfat.com

کرتے ہوئے جب کہ اس کا حقیقی معنی کیا جائے یا یہ سجدے کرتے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری میں کہ اس نے تمہیں جنگل سے نکالا تو یہ معنی شرعی ہوگا۔

وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ حطه بالخبر یہ مرفوع ہے۔ اس کا مبتدا محذوف ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی۔ مَسْئَلَتُنَا مِنَ اللّٰهِ اَنْ يُحَطَّ ذُنُوْبُنَا ۔ یا منصوب ہے۔ "اَیْ حُطَّ عَنَّا ذُنُوْبُنَا حِطَّةً بعض کہتے ہیں کہ اس سے کلمہ شہادت مراد ہے۔ یعنی تم وہ کلمہ شہادت کہو جو گناہوں کو گرا دینے والا ہے۔ یعنی اور کہو: حِطَّةٌ

نَغْفِرْ لَكُمْ مجزوم ہے۔ اس لیے کہ امر کا جواب ہے۔ نغفر غفر سے مشتق ہے بمعنیٰ ستر ای نستر علیکم ۔ ہم تمہارے گناہ بخش دیں گے۔ خَطٰيٰكُمْ خطية ۔ خطاء سے (جو کہ صواب کی ضد ہے) مشتق ہے۔ یعنی اس کے طفیل تمہیں سزا نہیں دی جائے گی۔ جب کہ تم اس سجدہ اور دعا کے امر کو بجالاؤ گے۔ یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے گوسالہ پرستی کی تھی اور پھر تائب ہوئے۔ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ہم ان میں محسنین کو اپنے فضل سے ثواب میں بڑھائیں گے اور ان سے وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے گوسالہ پرستی نہ کی۔ الْمُحْسِنِيْنَ اسے کہتے ہیں جو اپنے اور غیر کے فعل میں نیکی کرے۔ بعض کہتے ہیں: محسن وہ ہے جو عقیدہ توحید پر مداومت کرے اور اپنے نفس کے جملہ امور کو ٹھیک رکھے اور ادائیگی فرائض میں چست و چالاک رہے اور برائیوں سے رُکے۔ بعض کہتے ہیں: محسن وہ ہے جو ان اعمال پر پابند ہو جو نفس کو سنوار دیں اور شرعاً محمود ہوں۔

ف: اس جملہ کو امر کے جواب سے بدل بنا کر وعدہ کے ساتھ ذکر کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ محسن دائما زیادتی ثواب کے درپے رہتا ہے۔ اگرچہ حِطَّةٌ نہ بھی کہے اور استغفار کرے پھر تو سبحان اللہ! مختصر یہ کہ ان کو دو چیزوں کا حکم ہوا۔ عمل یسیر اور قول صغیر ہے یعنی داخلہ کے وقت سر جھکا کر منہ سے حِطَّةٌ پکاریں تا کہ گناہ معاف اور حسنات میں زیادتی نصیب ہو۔

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا یعنی ظالموں نے استغفار اور توبہ کے لفظ کو معصیت سے تبدیل کر ڈالا۔ قَوْلًا یعنی دوسرا وہ جو مامور بہ کے خلاف تھا (بدل) کا مفعول ثانی محذوف ہے۔ غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ ، غَيْرَ الَّذِيْ قَوْلًا کی صفت ہے.

سوال: بدل میں مغایرت کا مفہوم تو نکل سکتا تھا، اسے دوبارہ ذکر کرنے میں کیا فائدہ؟

جواب: تا کہ ان کی مخالفت پر نص ہو اور معلوم ہو جائے کہ ان کی مخالفت ہر طرح تھی قولاً بھی اور فعلاً بھی۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: مروی ہے کہ انہوں نے حِطَّةٌ کی بجائے حنطۃ (گندم) کہا۔ بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بولی میں حِطَّةٌ کے بجائے حطا سمقانا (یعنی سرخ گندم) اور اس سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی حقارت مقصود تھی۔

ف: حضرت مجاہد علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ قریہ کا دروازہ بہت نیچا رکھا گیا تا کہ وہ داخل ہوتے وقت اپنے سر سجدہ کے لئے جھکا دیں۔ لیکن چونکہ وہ سجدہ کے منکر تھے اسی لیے اپنے آپ کو گھسیٹتے ہوئے داخل ہوئے۔

اس وقت انہوں نے قولاً کی طرح فعلاً بھی حکم کی مخالفت کی اور نیک لوگوں نے ہر طرح کی فرمانبرداری کی اسی لیے: فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا الخ فرمایا ورنہ فبدلوا ہونا موزوں تھا۔

ف: ظاہری عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے صرف قولاً مخالفت کی عملاً نہیں جیسا کہ بعض جماعت کا خیال ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ان کی مخالفت جس طرح قولاً تھی اسی طرح عملاً بھی۔ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ کا معنیٰ یہ ہے کہ انہوں نے اس امر کو تبدیل کیا جس کا انہیں حکم ہوا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا امر بھی تو ایک قول ہے۔ اس بنا پر انہوں نے تمام امر الٰہی کی مخالفت کی۔ فَاَنْزَلْنَا۔ ان کی مخالفت کے بعد۔ عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ہم نے ظالموں پر نازل کیا یعنی ان لوگوں پر جنہوں نے ہمارے فرمان کو تبدیل کیا۔

سوال: عَلَيْهِمْ کیوں نہ فرمایا تا کہ کلام مختصر ہوتا۔ حالانکہ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اس سے قبل بھی گذر چکا ہے؟

جواب: اس سے تکرار لازم آیا۔ اس سے قبل الْمُحْسِنِيْنَ کا لفظ بھی گذرا ہے۔ اگر عَلَيْهِمْ کہتے تو الْمُحْسِنِيْنَ کے دخول کا احتمال ہوتا اور الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا سے تکرار لازم نہیں آتا اس لیے کہ ظلم کا اطلاق صغیرہ اور کبیرہ ہر دونوں پر ہوتا ہے اور فسق صرف کبائر کے لئے مستعمل ہوتا ہے یہاں ظلم سے کبیرہ گناہ مراد ہیں کیونکہ اس کے بعد فسق کا ذکر آ گیا۔ اس قرینہ سے ظلم کا معنیٰ گناہ کبیرہ ہوگا اور پہلے ظلم سے صغیرہ مراد ہے۔

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ ہم نے ان پر وہ عذاب مقدر کیا جو آسمان سے نازل ہوا۔ رِجْزًا کی تنوین تہویل وتفخیم کے لئے ہے بِمَا یہ مـــا مصدریہ ہے۔ كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ یعنی یہ عذاب انہیں اس لیے مل رہا ہے کہ وہ طاعتِ الٰہی سے نکل گئے۔ رِجْزًا دراصل اس مکروہ شئے کو کہتے ہیں جس سے طبیعت نفرت کرے۔ اسی طرح رجس سے یہاں طاعون مراد ہے۔ مروی ہے کہ صرف ایک گھڑی میں چوبیس ہزار افراد مر گئے اور یہ بیماری ان کے لئے لگاتار رہی یہاں تک کہ ستر ہزار افراد فوت ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

طاعون کے فضائل ومسائل:۔

حدیث شریف:۔حدیث شریف میں ہے کہ طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل پر یا پہلے لوگوں پر نازل کیا گیا۔جس گاؤں کے متعلق تمہیں معلوم نہیں وہاں طاعون ہے تو اس گاؤں میں ہرگز نہ جاؤ اور اگر تمہارے گاؤں میں طاعون آجائے تو اس سے ہرگز نہ نکلو۔

حدیث شریف:۔حدیث شریف میں ہے کہ میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام بخار اور طاعون دونوں کو لائے۔میں نے بخار کو مدینہ شریف میں رہنے کا حکم دیا اور طاعون کو شام کی طرف بھیج دیا پس طاعون میری امت کے لئے رحمت ہے اور کافروں کے عذاب۔

مسئلہ : طاعون میں مرنے والا شہید ہے اور قبر کے عذاب سے بھی محفوظ رہے گا اسی طرح طاعون میں صبر کرنے والا اگرچہ طاعون کے بغیر کسی دوسری بیماری میں مرجائے تو قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔کیونکہ وہ! مرابط فی سبیل اللہ کی طرح ہے۔خلاصہ یہ کہ طاعون کی بیماری اور اسہال اور استسقاء سے مرنے والا بھی شہید ہے کیونکہ مرتے دم تک اس کا ذہن اور عقل صحیح رہتا ہے۔

مسئلہ : سل کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے اسی طرح پانی میں غرق ہونے والا اور دیوار کے نیچے دب کر مرنے والا شہید ہے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرنے والا تو شہید ہے ہی۔

مسئلہ : ذات الجنب اور جل کر مرنے والا شہید ہے جو عورت وضع حمل کے وقت مرجائے وہ بھی شہید کے حکم میں ہے۔

مسئلہ : جو اچانک کی موت مرے اور سرسام یا برسام اور بخارات اور قولنج اور پتھری سے مرنے والے شہید کے حکم میں داخل نہیں۔اس لیے کہ ان کی عقلیں شدت درد سے مختل اور دماغوں پر ورم اور مزاجوں میں فساد آجاتا ہے۔

ف : طاعون ایک مرض ہے جو لوگوں میں اکثر واقع ہوتا ہے لیکن وہ صرف ایک قسم کی بیماری ہے اور وباء عام بیماری ہے کبھی تو وہ طاعون کے ساتھ آجاتی ہے اور کبھی اس کے بغیر۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف:۔ حدیث شریف میں ہے: **فناء امتی بالطعن والطاعون**

(میری امت طعن اور طاعون سے فنا ہوگی)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ کرام نے پوچھا کہ طعن تو ہم جانتے ہیں اور طاعون کیا شئے ہے؟ آپ نے فرمایا: **ورجزا عدائکم من الجن** (تمہارے اعداء جنوں کی سزا کو طاعون کہا جاتا ہے) لیکن ہر دونوں سے مرنے والا شہید ہوگا۔

ف: ابن الاثیر فرماتے ہیں: طعن بمعنیٰ تیر سے قتل کرنا اور رجزا بمعنیٰ طعن بلا نفاذ ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے منافی نہیں جو آپ نے فرمایا: **غدۃ کغدۃ البعیر تخرج فی مراق البطن** طاعون اونٹ کے غدہ کی طرح ایک غدہ ہے جو مراق بطن سے خارج ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جن مراق بطن کی رگ میں نشتر لگاتا ہے اس کی نشتر اندازی سے ایک غدہ نکلتا ہے جن کی نشتر اندازی غدہ کے خروج کا سبب بنتی ہے اور غدہ گوشت کے اندر سے نکلتا ہے اور مراق پیٹ کے نچلے حصہ پر ہے۔

حدیث شریف:۔ حدیث شریف میں ہے: **اذا بخس المکیال حبس القطر اذا کثر الزنیٰ کثر القتل واذا کثر الکذب الھرج** یعنی جب تول میں کمی ہوگی تو بارش بند ہو جائے گی اور جب زنا بکثر ہو جائے گا تو خون ریزی بہت واقع ہوگی اور جب جھوٹ عام پھیل جائے گا تو فتنے اور فساد برپا ہو جائیں گے۔ وجہ یہ ہے کہ زنا سے جیتے جی کو مار ڈالتا ہے کیونکہ جو نطفہ زنا سے ٹھہرا وہ حکمی طور پر مارا گیا۔ اسی لیے اس کی سزا فوری موت مقرر ہے۔ (یعنی سنگساری) کیونکہ عمل کے مطابق سزا دی جاتی ہے۔ اسی لیے تو کم تولنے کی سزا بارش کی بندش بندوں کے رزقوں کی کمی کا باعث ہے یونہی کذب کو سمجھو کہ وہ بندوں میں تفرقہ اور عداوت کا موجب ہے۔ اس لیے اس کی سزا بھی ہرج متعین ہوئی جو کہ فتنہ اور فساد کا سبب ہے۔

سوال: طاعون اس جیسی اور بیماری کو عام کیوں کر دیا جاتا ہے؟

جواب: تاکہ وہ بیماری شیطانوں کے لئے عذاب اور اہلِ ایمان کے لئے شہادت اور رحمت ثابت ہو۔ کیونکہ موت مومن کے لئے تحفہ اور فاسق کے لئے حسرت ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ ہر ایک کو قیامت میں اعمالِ دنیا کے مطابق اٹھائے گا اور اجر و سزا ہوگی۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : طاعون سے بھاگنا حرام ہے۔ کیونکہ طاعون سے بھاگنا اپنے مالکِ مختار کو فراموش کرنے کا ثبوت دینا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ طاعون سے بھاگنے والے اور مقیم کے لئے خود طاعون فتنہ ہے بھاگنے والا کہے گا کہ مجھے اس سے بھاگنے سے نجات ملی اور مقیم کہے گا کہ میں ٹھہر گیا اس لیے مجھے موت آئی۔

حدیث شریف:۔ حدیث شریف میں ہے کہ طاعون سے بھاگنے والا جنگ سے بھاگنے والے کی طرح ہے اور اس میں صبر کرنے والا جنگ میں صبر کرنے والے کی طرح ہے۔

ف: زحف سے وہ جنگ مراد ہے جس میں مخالف کی جماعت بکثرت معلوم ہوتی ہو اس فرار سے لشکر سے جنگ میں بھاگ جانا مراد ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ اسے مثل اور ضعف سے مقید کیا جائے۔

مسئلہ : اس حدیث سے ثابت ہوا کہ طاعون سے بھاگنا حرام ہے کیونکہ یہ بھی گناہ کبیرہ ہے۔

نکتہ : ہوسکتا ہے کہ اس جنگ سے بھاگنا کوتاہی عمر کا سبب بن جائے جیسے کہ جہاد سے بھاگنا قصر عمر کا سبب بن جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا (فرمایئے تمہیں بھاگنا نفع نہ دے گا اگر موت یا قتل سے بھاگو گے تو اس وقت تم زندگی کا نفع نہ اٹھاؤ گے مگر تھوڑا)

مسئلہ : فرار کی نیت کے بغیر کسی اور وجہ سے چلا جانا جائز ہے۔ لیکن رخصت کے لئے چند شرائط ہیں اور ہیں بھی سخت۔ صرف محدود افراد اس پر کامیاب ہوسکیں گے۔

۱۔ اعتقاد کی حفاظت۔ ۲۔ مرض کے اسباب عادیہ سے احتراز مثلاً چلنے سے یہ نہ سمجھے کہ بیماری اسی ہوا سے پھیلی ہے وغیرہ وغیرہ۔ موت سے بچنے کے لئے مختلف تدابیر سوچنا بیوقوفی اور عبث فعل ہے۔ اس کی حرمت کو عوام الناس جانتے ہیں پھر خواص کا کیا کہنا۔

ف: بعض بیماریاں متعدی ہوتی ہیں۔ لیکن ان میں بھی اذنِ الٰہی کا تصور ذہن میں ضرور رہے حدیث شریف میں ہے: حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان من القرف التلف یعنی بعض ملاقاتیں ہلاکت ہیں قرف بالتحریک بمعنی بیماروں سے ملنا جلنا۔

سوال : حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا عدویٰ۔ یعنی کسی ایک کی

marfat.ocm
Marfat.com

بیماری دوسرے کو نہیں لگتی۔ یہ تو پہلی حدیث کے خلاف ہے؟

جواب : اس میں طبعی تعدی کی نفی ہے۔ مطلقاً سرایت کی نفی نہیں چونکہ جاہلیت کے لوگ تعدی کے قائل تھے اس لیے ان کے غلط نظریہ کو دور کرنے کے لئے یہ ارشاد ہوا عوام اور مبتدی سالک کی ایک اسباب پر نظر ہونی چاہیے اور متوسطین کو توکل کا کاربند ہونا چاہیے اور کاملین کے احوال کسی معاملہ کے پابند نہیں۔ توکل اور تسبب ان کے ہاں یکساں ہیں۔ مثنوی شریف میں ہے: ؎

درحذر شوریدن شور وسراست	رد توکل کن توکل بہتر است
با قضا پنجہ مزن اے تند و تیز	تا نہ گیرد ہم قضا با تو ستیز
مردہ باید بود پیشِ حکمِ حق!	تا نیابد زخم از رب الفلق

ترجمہ : ۱۔ خطرہ کے وقت شور مچانا شور وفغان ہے جا توکل کر اس لیے کہ توکل بہتر ہے۔ ۲۔ اے تند و تیز مزاج قضا سے پنجہ نہ اڑا تا کہ تیرے ساتھ قدر کی جنگ نہ ہو جائے۔ ۳۔ حکم الٰہی کے آگے مردہ کی طرح ہونا چاہیے تا کہ تجھے رب الفلق سے سزا نہ ہو۔

حکایت : جالینوس نے اپنے شاگردوں کو دو ٹکیاں فندق کے برابر کی دے کر فرمایا کہ میرے مرنے کے بعد ایک کو لوہے کی سنان پر رکھ دینا اور دوسری کو پانی کے بھرے ہوئے گھڑے میں ڈال کو توڑ دینا۔ اس کی وصیت کے مطابق عمل کیا گیا تو جس گولی کو لوہے کے سنان پر رکھا گیا تو لوہے کی طرح بہ کر نیست ونابود ہو گیا اور جسے پانی میں ڈالا گیا تو پانی منجمد ہو کر پتھر بن گیا۔

حکماء فرماتے ہیں: جالینوس کا اس سے مطلب یہ تھا کہ میرے پاس وہ ادویہ موجود ہیں جو لوہے جیسی شدید شے کو پانی پانی کر سکتی ہیں اور بہتے ہوئے پانی کو بہنے سے روک سکتی ہیں لیکن موت ایک ایسا مرض ہے کہ جس کا کوئی علاج نہیں کسی نے کیا خوب فرمایا: ؎

الا یا ایھا المفرور رتب من غیر تاخیر	فان الموت قدیاتی ولو میرت قارون!
بسل مات ارسطالیس بقراط با فلاج	وافلاطون بسرسام وجالینوس مبطوفاً

ترجمہ :۔ اے دھوکہ میں آیا ہوا انسان جلد گناہوں سے توبہ کر لے۔ کیونکہ موت ضرور آئے گی۔ اگرچہ قارون جیسا بھی مالدار بن جائے۔ ارسطو سل سے مرا اور بقراط فالج سے اور افلاطون برسام سے اور جالینوس اسہال سے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تو ہم نے فرمایا اس پتھر پر اپنا عصا مارو فوراً اس میں سے

مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ

بارہ چشمے بہہ نکلے ہر گروہ نے اپنا گھاٹ پہچان لیا کھاؤ اور پیو خدا کا دیا

رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ

اور زمین میں فساد اٹھاتے نہ پھرو ۔ اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم سے

نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

تو ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہوگا تو آپ اپنے رب سے دعا کیجئے کہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں

مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

ہمارے لئے نکالے کچھ ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز فرمایا کیا ادنیٰ چیز کو

الَّذِىْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ

بہتر کے بدلے مانگتے ہو اچھا مصر یا کسی شہر میں اتر وہاں تمہیں ملے گا

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

جو تم نے مانگا اور ان پر مقرر کردی گئی خواری اور ناداری اور خدا کے غضب میں لوٹے یہ بدلہ تھا

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ

اس کا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے اور انبیاء کو ناحق شہید کرتے

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝

یہ بدلہ تھا ان کی نافرمانیوں کا اور حد سے بڑھنے کا۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى یہ دیگر نعمت ہے جس کا بنی اسرائیل نے کفران کیا۔ یعنی یاد کرو اے بنی اسرائیل! جب موسیٰ علیہ السلام نے پانی کی طلب کی۔ لِقَوْمِهٖ اپنی قوم کی خاطر یہ اس وقت تھا جب جنگل میں پیاس سے مر رہے تھے تو موسیٰ علیہ السلام کے ہاں فریادی ہوئے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے پانی طلب کیا فَقُلْنَا پس ہم نے وحی کے ذریعہ فرمایا کہ: اضْرِبْ بِّعَصَاكَ اپنے عصا کو مارو وہ جنت کے مورد کے درخت سے تیار شدہ تھا جس کا طول بمطابق موسیٰ علیہ السلام کے قد مبارک کے دس گز تھا اس کی شاخیں تھیں جو اندھیرے میں روشن ہو جاتی تھیں۔ حضرت آدم علیہ السلام نے بہشت سے اٹھایا تھا۔ نوارثاً انبیاء علیہم السلام کو ملتا رہا۔ یہاں تک کہ شعیب علیہ السلام کے ہاں پہنچا پھر انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیدیا۔ الْحَجَرَ لام عہد کی ہے۔ مخصوص پتھر کی طرف اشارہ ہے۔

حجرِ موسوی کا واقعہ: ۔ مروی ہے کہ یہ پتھر طوری تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھ اٹھا رکھا تھا بالکل ہلکا اور آدمی کے سر کی طرح چوڑا تھا۔ اس کی طرفین چار تھیں اور ہر طرف میں تین آنکھیں تھیں۔ یا یہ وہ پتھر تھا جو موسیٰ علیہ السلام کے کپڑے اٹھا کر بھاگ گیا تھا جب کہ موسیٰ علیہ السلام نے نہاتے وقت اپنے کپڑے اس پر رکھے اور وہ قوم کے پاس پہنچا۔ اس سے اللہ تعالیٰ نے اس کی برأت ظاہر کی ہے جس کے متعلق قوم موسیٰ علیہ السلام کو ایک عیب لگاتی تھی۔ جبریل علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا کہ اس کو اٹھا لیجئے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے اور تیرے لیے معجزہ بن کر رہے گا۔

حدیث شریف: ۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بنی اسرائیل کی عادت تھی کہ وہ نہاتے وقت ایک دوسرے کے ستر کو دیکھا کرتے لیکن موسیٰ علیہ السلام اس قبیح عادت سے بَری تھے۔ وہ اکیلے جا کر غسل فرماتے ایک دن اپنے کپڑے پتھر پر رکھے تو وہ کپڑے لے کر بھاگا اور موسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے ہو لیے جب قوم کے نزدیک پہنچے تو انہیں دیکھ کر کہنے لگے کہ انہیں تو اُورہ نہیں ہے اور وہ بالضم خصیہ کی پھونک (موٹاپن) کو کہا جاتا ہے۔ یا الحجر کی لام جنس کی ہے یعنی اپنا عصا ایسی شئے کو مارو جو کہ پتھر کی جنس سے ہو اور حجۃ میں یہی زیادہ ظاہر ہے کیونکہ کسی ایک پتھر پر عصا مار کر پانی نکالنا زیادہ دلالت ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے ثبوت میں بہ نسبت معین پتھر کے کیونکہ احتمال ہوگا کہ

marfat.ocm
Marfat.com

شاید اس مخصوص پتھر میں پانی کی تاثیر موجود ہو جیسا کہ مخصوص پتھر میں مقناطیس ہوتا ہے کہ لوہے کو کھینچ لیتا ہے۔ فَانْفَجَرَتْ پس انہوں نے مارا جس سے بہ نکلے۔ اضْرِبْ محذوف کے ساتھ متعلق ہے اور انجفار بمعنی انسکاب اور بخاس بمعنی ترشح۔ پہلے پانی اچھلتا ہے پھر بہتا ہے۔ مِنْهُ اس پتھر سے۔ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا بارہ چشمے میٹھے پانی کے۔ قوم کی تعداد کے مطابق بہ نکلے تا کہ ہر قبیلہ کا علیحدہ چشمہ ہو۔

فائدہ : جب کسی جگہ پر نازل ہوتے تو عصا مارتے تو پانی بہنا شروع ہو جاتا۔ جب کوچ کرتے تب بھی عصا مارتے تو پانی بند ہو جاتا۔ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ ہر ایک نے بارہ قبیلوں میں سے جان لیا۔ مَشْرَبَهُمْ یعنی اپنا خاص چشمہ یا اپنے پانی پینے کی جگہ تا کہ ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کے پانی پر نہ جائے۔ مشرب مصدر میمی ہے یا ظرف مکان ہے۔

بارہ چشمے کیوں تھے :۔ چونکہ ان بارہ قبیلوں کی اپنی اپنی جماعت تھی اور ایک دوسرے پر فوقیت رکھنے کا شوق رکھتے تھے اسی لیے ایک قبیلہ کا آدمی دوسرے قبیلہ میں عقد نکاح نہ کر سکتا تھا۔ محض طبعی فاخرانہ عادت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے ہر ایک قبیلہ کے لئے علیحدہ علیحدہ نہر تیار کر دی تا کہ خود بھی پئیں اور جانوروں کو بھی پلائیں اور ایک دوسرے کے ساتھ نہ لڑیں نہ جھگڑیں اور پتھر کے ہر ایک گوشے کی تین راہوں سے ایک ایک چشمہ بہتا ہوا نہروں کی شکل بنکر ہر قبیلہ کے پاس پہنچتا اور وہ چھ ہزار افراد تھے اور لشکر بارہ میل تک پھیلا ہوا تھا۔

سوال : اللہ تعالیٰ قادر ہے بغیر پتھر کے پانی جاری کر سکتا تھا اور عصا کی ضرورت کے بغیر نہریں جاری فرما سکتا تھا۔ عصا کے ذریعے پانی بھیجنے کی کیا ضرورت تھی؟

جواب : یہ اس کی حکمتِ بالغہ ہے کہ مسببات کو اسباب سے متعلق کرتا ہے تا کہ بندے اپنی مراد کو اسباب سے حاصل کریں پھر ان اسباب کے ذریعہ ان کے لئے ثواب مرتب ہو اور آخرت میں سزا و جزا مقرر ہو سکے۔

منکر معجزہ کی تردید:۔ جو شخص اس جیسے معجزہ کا منکر ہے وہ اپنی جہالت و قلب تدبر کا ثبوت دیتا ہے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کریمہ سے یہ بات بعید سمجھی کیونکہ جب پتھر سے یہ بات ممکن مانتا ہے کہ پھر بال کاٹ اور لوہے کو کھینچ سکتا ہے تو کون سی شئے مانع ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں زمین میں سے پانی نکالنے کی قدرت پیدا کر دے یا ہوا کو اطراف سے کھینچ لے جس میں تدبر کی قدرت ہے اس کے سبب سے پانی ٹھنڈا ہو جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

محمدی وموسوی معجزہ کا موازنہ:۔

امام قرطبی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھوں اور انگلیوں سے جو معجزات دکھلائے وہ بہت بڑے معجزات شمار کیے جاتے ہیں۔ کیونکہ ہم آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ رات دن پتھروں سے پانی نکل رہا ہے۔ لیکن جو معجزہ ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھایا وہ پہلے کسی نبی علیہ السلام سے ہرگز ہرگز ظاہر نہیں ہوا۔ کیونکہ گوشت اور خون سے پانی کا نکلنا ایک لاحل عقدہ ہے اس بات کی [1] تہہ کو پہنچنے والا نہ کوئی دماغ اور نہ کوئی میٹر آج تک پیدا ہوا نہ آئندہ ہوگا عجز کے سوا چارہ نہیں گویا حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات بھی تا قیامت اس قدر پُر زور عاجز کن ہیں کہ کسی کو کچھ کہنے کی مجال ہی نہیں۔ کُلُوْا یہاں قُلْنَا مقدر ہے یعنی ہم نے کہا یا انہیں کہا گیا کہ کھاؤ۔ وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰہِ وہ جو ہم نے من وسلویٰ اور پانی عنایت فرمایا کھاؤ اور پیو۔ اکل کا تعلق پہلے دو یعنی من وسلویٰ سے اور شرب کا تعلق پانی سے ہے۔

سوال: من رزقنا کیوں نہ فرمایا۔ حالانکہ فَقُلْنَا سابقہ کا تقاضا یونہی ہے کہ رزقنا ہونا چاہیے۔؟

جواب: اشارہ ہے کہ اکل وشرب کا حکم بذریعہ خطاب نہ تھا بلکہ موسیٰ علیہ السلام کے واسطہ سے تھا۔

وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ "عثی" بمعنیٰ سخت فساد برپا کرنا یعنی انہیں کہا گیا کہ فساد میں سرکشی مت کرو۔ درآنحالیکہ تم فساد کرنے والے ہو۔ اس حال سے ان کی تعریف مقصود ہے کہ وہ فساد میں رہتے ہیں۔ عامل کو مقید کرنا مطلوب نہیں ورنہ معنیٰ یوں ہوگا تمادوا فی العناد حال کونکم مصلحین اور یہ بالکل ناجائز ہے۔ نیز یوں ہو کہ عَثٰی کا اصل معنیٰ ہے: مطلقاً تعدی۔ اگرچہ بمعنیٰ فساد میں اکثر آتا ہے پس حال سے مقید کرنا عامل کے معنیٰ کو خاص کرنا ہے۔

امتِ محمدی کی امتِ موسوی وغیرہ پر فضیلت:

آیت سے امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا السلام کی فضیلت پر دلالت ہو رہی ہے کہ بنی اسرائیل جب پانی کے محتاج ہوں تو موسیٰ علیہ السلام کو عرض کریں اسی طرح بقل وقثاء وغیرہ کے محتاج ہو کر موسیٰ علیہ السلام کو

[1] ۔ یہ عبارت ہماری ہے بطور تبصرہ بر تفسیر امام قرطبی علیہ الرحمہ ۔ اویسی غفرلہٗ

marfat.ocm
Marfat.com

کہتے رہے۔لیکن ہمارے لیے یہ حکم ہے کہ تم جب محتاج ہوتو کر براہِ راست اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کرو۔ چنانچہ فرمایا: اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ یہ بہت بڑی بشارت ہے۔دوسرا یہ کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے پانی وغیرہ طلب کیا اور عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے مائدہ مانگا۔لیکن ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مغفرت چاہی اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔چنانچہ فرمایا: وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طلب پر قوم کی ضرورت پوری کردی تو ہمیں بھی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سوال پورا فرمالیا ہوگا۔

مسئلہ: آیت سے ثابت ہوا کہ پانی طلب کرنے کے لئے دعائیں کرنا جائز ہے۔یہ اس وقت جبکہ بارش نہ ہوئی ہو اور اس کی ضرورت سخت ہو پس اس وقت حکم ہے کہ اپنی عبودیت اور فقیری و مسکینی وذلت کو ظاہر کریں کیونکہ ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی عیدگاہ کی طرف متواضع ومتذلل ہو ومتشح ومتوسل ومتضرع ہوکر پانی کی طلب میں کئی بار تشریف لے گئے۔

معجزہ:۔حضرت جندبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن ایک اعرابی حاضر ہوا اور عرض کی کہ حضور: **ھلکت الکراع والمواشی واجدبت الارض** (ہماری بھیڑ بکریاں جانور مرتے جارہے ہیں اور زمین سوکھی پڑگئی) دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ ہمیں بارش عطا فرمائے۔حضور علیہ السلام نے ہاتھ اٹھائے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس وقت آسمان گویا شیشہ تھا یعنی بادل کا نشان بھی نہیں تھا ادھر ہاتھ اٹھے ادھر بادل اٹھا اور لگا برسنے۔دوسرے جمعہ تک لگاتار بارش ہوتی رہی۔

مثنوی شریف میں ہے:۔

تا فرود آید بلا بے دافعے — چوں نباشد از تضرع شافعے

تا سقاہم ربہم آید خطاب — تشنہ باش اللہ اعلم بالصواب

ترجمہ: ۱۔نہ ٹلنے والی بلا جب نازل ہو تو درگاہ حق میں تضرع کے سوا کوئی بہتر سفارشی نہیں۔

۲۔پیاسا رہ تا کہ سقاہم ربہم (انہیں اللہ رب پلائے گا) کا خطاب آئے۔

مسئلہ: دکھ دور کرنے کے لئے دعا نہ مانگنا اہل طریقت کے نزدیک بہت برا ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اس کی تکالیف کو برداشت کرنے کا دعویٰ کرنا ہے۔

شیخ محقق ابن الفارض قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ؎

ویحسن اظہار التجلد للعدی ویقبح غیر المعجز عنه الا حبة

(دشمن کے سامنے اپنی طاقت ظاہر کرنا ضروری ہے، لیکن دوستوں کے سامنے قوت کا اظہار قبیح ہے)

حدیث شریف:۔

زمین چالیس مردوں سے (جو کہ خلیل الرحمٰن علیہ السلام کی طرح ہوں گے) خالی نہیں رہے گی۔ ان کی بدولت تمہیں بارش حاصل ہوتی ہے اور ان کے صدقے تم مدد دیئے جاتے ہو ان میں سے جب ایک فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے عوض دوسرا مقرر فرما دیتا ہے۔ ؎

گر نہ داری تو دم خوش در دعا رو دعا ے خواہ از اخوان صفا

ترجمہ: اگر تمہیں دعا کا کوئی طریقہ نہیں آتا تو جاؤ محبوبان خدا سے دعا مانگنے کا عرض کرو۔

حدیث تریف:۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی سال دوسرے سال سے بارش میں کم نہیں ہوتا۔ لیکن جب کوئی قوم گناہوں میں زیادہ مبتلا ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان سے بارش کو پھیر کر دوسرے لوگوں کو دے دیتا ہے۔ جب سب لوگ گناہوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بارش کو جنگلوں اور ویرانوں میں برساتا ہے۔

مسئلہ: شیخ بافتادہ آفندی فرماتے ہیں کہ سالک کی ترقی سنن مصطفویہ علٰی صاحبہا التحیۃ والثناء پر مداومت کرنے میں ہوتی ہے۔

حکایت: ایک سال حجاج کے زمانہ میں بارش بند ہو گئی۔ لوگ کئی بار نماز استسقاء پڑھ چکے لیکن کچھ نہ ہوا۔ انہیں کسی ذریعہ سے فرمایا گیا کہ اگر وہ شخص دعا کرے کہ جس کی عصر اور عشاء سے پہلی والی چار رکعتیں ترک نہ ہوئی ہوں، تو بارش ہو جائے گی ورنہ اگر چالیس سال دعا مانگتے رہو گے تب بھی بارش نہیں ہوگی۔ ایسی عادت کا

marfat.ocm
Marfat.com

انسان بہت تلاش کیا گیا لیکن مل نہ سکا آخر حجاج نے ظاہر کیا کہ مجھ سے کبھی یہ سنتیں ترک نہیں ہوئیں۔اس نے دعا مانگی تو فوراً بارش شروع ہوگئی۔

سبق: دیکھئے! یہ حجاج کتنا ظالم تھا، لیکن سنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے بارش حاصل ہوگئی۔

مسائلِ استسقاء:۔

مسئلہ : استسقاء سے پہلے سب لوگ گناہوں سے توبہ کریں اور حسبِ توفیق خیرات کریں اور روزے رکھیں اور نیک لوگوں کو سفارشی بنائیں اور پانی جانوروں اور بہائم اور ضعیف لڑکوں کے لئے طلب کریں۔اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے پانی عطا فرمائے گا۔

مسئلہ : داعی دعا کے وقت یقین رکھے کہ میری دعا ضرور مستجاب ہوگی۔کیونکہ دعا قبول نہ ہونے کے تین اسباب ہیں۔یا تو اللہ تعالیٰ اجابت دعا سے عاجز ہے۔یا اللہ تعالیٰ کا کرم بالکل نہیں یا اللہ تعالیٰ داعی کی دعا سے بے خبر ہے اور یہ سب امور اللہ تعالیٰ کے لئے منتفی ہیں کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کریم ہے عالم ہے قادر ہے۔اجابت دعا سے عاجز ہرگز نہیں۔وہ مومنین کے بالکل قریب ہے وہ دعا سنتا ہے اور زاری قبول کرتا ہے۔دعا جب بھی ہو ہر وقت اجازت ہوتی ہے۔

مسئلہ : چاہیے کہ دعا کے لئے ان نیک لوگوں کو ساتھ لے جائیں جن کی اجابت میں قوی امید ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ بعض کی دعا قبول فرمائے گا تو اس کے کرم کے خلاف ہے کہ باقیوں کی دعا کو رد کرے۔

حدیث شریف:۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان زبانوں سے دعا کراؤ کہ جن سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہوئی ہو۔صحابہ کرام نے عرض کی: حضور! ہم میں وہ کون ہیں جو ایسی زبانیں رکھتے ہوں۔حضور علی علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے بعض تمہارے بعض کے لئے دعا کریں کیونکہ نہ تو نے اس کی زبان سے اللہ تعالیٰ کی بے فرمانی کی ہے اور نہ اس نے تیری زبان سے۔

مسئلہ : تفسیر الفاتحہ للفناری میں ہے کہ طلب کے وقت توجہ میں استقامت اور دعا کے وقت ندا کا ہونا ضروری ہے تاکہ قبولیت حاصل ہو۔اس میں پھر اپنے آپ کو ملامت کرے کہ اللہ تعالیٰ کو اجابت کے لئے نہ

marfat.com
Marfat.com

پکار سکا کیونکہ اس کا خیال تو ان تصورات کی طرف مبذول ہے جو اس پر غالب ہیں۔ پھر اجابت دعا کا کیا معنی.

حکایت: فرعون نے قبل از دعویٰ الوہیت حکم دیا تھا کہ اس کے دروازہ پر بسم اللہ شریف لکھ دی جائے۔ جب موسیٰ علیہ السلام پر وہ ایمان نہ لایا تو موسیٰ علیہ السلام نے اس پر عذاب کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی لیکن اس سے کچھ نہ ہوا۔ پھر بارگاہِ الٰہی میں عرض کی: یا اللہ! میں اس کے لئے التجا کر رہا ہوں، لیکن تو توجہ نہیں فرماتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تیرا خیال تو یہ ہے کہ اسے عذاب میں مبتلا کروں لیکن تو اس کے کفر کو دیکھ رہا ہے اور میں اس کے ان کلمات کو دیکھ رہا ہوں جو اس کے مکان کے دروازے پر لکھے ہوئے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ انسانی روح اور اس کے صفات عالم قلب میں بمنزلہ موسیٰ علیہ السلام کے ہیں کہ وہ اپنے رب سے پانی اس لیے طلب کرتے ہیں تا کہ وہ حکمت اور معرفت سے معمور ہو جائیں اور اسے **لا الہ الا اللہ** والے عصا کی ضرب کا حکم ہے اور اس عصا کی دو طرفیں نفی اور اثبات کی ہیں جن سے نور چمکتا ہے جب کہ صفاتِ نفس کی تاریکیاں حملہ آور ہوتی ہیں اور اس عصا کو حضرت باری تعالیٰ کی جنت سے اٹھایا گیا اور حجرِ قلب پر مارا جاتا ہے اور یہ قلب پتھر سے بھی زیادہ سخت ہے۔ پھر اس سے بارہ چشمے حکمت کے پانی کے بہ نکلے، کیونکہ **لا الہ الا اللہ** کے حروف ہیں کہ انسانی صفات کی ہر صفت نے اپنا گھاٹ معلوم کر کے **لا الہ الا اللہ** کے ہر حرف کو اپنا سائق اور قائد بنالیا۔ **لا الہ الا اللہ** کے چشموں سے کسی کا گھاٹ میٹھا اور اعلیٰ ذائقہ دار ہے اور کسی کا کڑوا اور بے لذت ہے۔ نفس کا چشمہ تو خواہشات و شہوات کا ہے اور قلب تقویٰ و طہارت اور اطاعت سے پیاس بجھاتی ہے اور روح کی سیرابی کشف و مشاہدہ اور اسرار سے ہوتی ہے جو اسے حقائق کے چشموں سے تجلی صفات کے پیالے ساقی کے ہاتھوں نصیب ہوتے ہیں ایسے لوگوں کو باری تعالیٰ شراب میں حقیقتِ ذات کے جلوے ملا کر خوب سیراب کرتا ہے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا اے حقیقت شناس لوگو! اللہ تعالیٰ کے امر سے اس کے رزق کو خوب کھاؤ اور پیو۔ **وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ** لیکن اس کے امر کی نافرمانی اور گناہوں کو اختیار کر کے اور دین کو دنیا سے ہیچ کر کے اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتے ہوئے اور ان دونوں کو اپنے مولیٰ سے اعلیٰ سمجھ کر زمین پر فساد مت پھلاؤ۔

(کذافی التاویلات النجمیہ)

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ وَاِذْ قُلْتُمْ ان کے اسلاف کی اور خرابی کی یا دہانی ہورہی ہے کہ انہوں نے نعمتِ الٰہی کیناشکری کی۔ موجودہ اہل کتاب کو بمنزلہ گذشتہ اہلِ کتاب کے قرار دے کر ان سے خطاب فرمایا، کیونکہ ان کے اور ان کے مابین اتحاد ہے اور اس قول کے قائلین وہ لوگ تھے جو جنگل سے نکل کر من وسلویٰ عطا کیے گئے۔ جب وہ اس کھانے سے اکتا گئے اور انسان کی فطرت کا تقاضا بھی یونہی ہے کہ جب ایک شئے پر مداومت کرتا ہے تو پریشان ہوجاتا ہے۔ انہیں وہی پہلی معاش یاد آگئی جو انہیں مصر میں حاصل تھی اور تھے وہ جاٹ اسی لیے ان کی طبیعتوں نے اپنی عادات کی طرف شوق کیا تو کہنے لگے: يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ طعام وہ ہے جو غذا کے کام آئے۔ اس سے مراد منّ وسلویٰ ہے۔

سوال: طَعَامٍ وَّاحِدٍ کہہ رہے ہیں حالانکہ وہ تو دو تھے۔ منّ وسلویٰ؟

جواب: ان کو آپس میں ملا کر کھاتے۔ اسی لیے واحد کہا۔ یا طعام واحد اس لیے کہا کہ اس میں تبدل واختلاف نہ تھا۔ اگر ایک شخص کے دسترخوان پر مختلف قسم کے کھانے نہ ہوں ہو تو اچھا ہے، تو اس کے لئے کہا جاتا کہ ایک طعام پر اکتفا کرتا ہے۔ تفسیر بغوی میں ہے کہ عرب کی عادت ہے کہ دو چیزوں کو ایک سے تعبیر کرتے ہیں جیسے قرآن شریف میں ہے: يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ حالانکہ لؤلؤ اور مرجان نمکین پانی سے خارج ہوتے تھے نہ کہ میٹھے سے۔

بعض مفسرین کہتے ہیں: انہوں نے کہا ہم دولت مندی پر اکتفا نہیں کرتے۔ کیونکہ ہم سب غنی ہیں تو اس لحاظ سے ایک دوسرے کی امداد نہیں کرتے کیونکہ ہر ایک دولت مند ہے یہی ہیں سب سے پہلے نوکر وخادم مقرر کرنے والے۔

فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ سے سوال کیجئے۔ فاء سببیت کی ہے یعنی دعا سے صبر نہ کرنے کے سبب سے يُخْرِجْ لَنَا یعنی ہمارے لیے ظاہر کرے اور کوئی شئے پیدا کرے۔ مفعول محذوف ہے اور جزم امر کے جواب کے لیے ہے۔ کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کی دعا اجابت کا سبب تھی یعنی اگر آپ نے اپنے رب سے ہمارے لیے دعا مانگیں تو آپ کو رب ہمارے لیے ظاہر کرے۔

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ یہ اسناد مجازی ہے۔ قابل (ارض) کو فاعل (اللہ) کے قائم مقام رکھا گیا ہے۔ من تبعیضیہ

marfat.com
Marfat.com

اور ما موصولہ ہے۔ مِنْ بَقْلِهَا مِنْ بیانیہ ہے۔ ضمیر سے حال کے قائم مقام ہے۔ ای مما تنبت کائنا من بقلها بقل وہ سبزی جو زمین اگاتی ہے۔ لیکن یہاں پر مطلق سبزیاں مراد ہیں اور وہ چیزیں جنہیں لوگ عمل میں لاتے ہیں جیسے پودینہ وگرفہ اور گندنا وغیرہ وغیرہ۔

وَقِثَّآئِهَا کھیرا۔ یہ ایک شئے ہے جو ککڑی کے مشابہ ہوتی ہے۔ وَفُوْمِهَا یعنی گندم۔ کیونکہ عدس، کا ذکر دلالت کرتا ہے کہ یہاں پر گندم مراد ہو۔ کیونکہ وہ اس کی جنس ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ "فوم" سے مراد تھوم ہے کیونکہ بصل کا ذکر دلالت کرتا ہے کیونکہ تھوم پیاز کی جنس سے ہے۔

ابن التمجید فرماتے ہیں کہ فوم سے تھوم مراد لینا زیادہ موزوں ہے کیونکہ اس کے قریب قریب بصل اور عدس کا ذکر ہوا اور عدس کو پیاز اور تھوم سے پکایا جاتا ہے۔ وَعَدَسِهَا مشہور دانہ ہے کہ جس کی کیل وزن برابر ہی ہے وَبَصَلِهَا مشہور سبزی ہے۔ اس سے ہانڈیوں یعنی سالن کو درست کیا جاتا ہے۔ قَالَ جملہ مستانفہ ہے۔ سوال مقدر کے جواب میں واقع ہوا ہے۔ گویا پوچھا گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یا موسیٰ علیہ السلام نے انہیں کیا جواب دیا تو کہا گیا کہ اس نے بطور انکار فرمایا: اَتَسْتَبْدِلُوْنَ اپنے نفسوں کے لئے بدلتے ہو اور وہ چیز پسند کرتے ہو۔ الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی جو نہایت کم مرتبہ اور گھٹیا درجہ کی ہے۔ بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ اس کے عوض میں اچھی چیز کیونکہ "باء" زائل شئے کی مصاحبت میں آتی ہے نہ کہ جو شئے آنے والی ہو۔ من وسلویٰ کی لذت اور بلا مشقت حاصل ہونے کی خیریت بیّن ہے اور تھوم اور مسور اور پیاز وغیرہ کی خساست بھی ظاہر ہے۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ گندم اگرچہ من وسلویٰ سے افضل ہے لیکن اب تو قیمت کے لحاظ سے کم ہے۔ آیت سے قطعی ثابت نہیں ہوتا کہ انہوں نے یہ ارادہ کیا ہو کہ من وسلویٰ بالکل نہ ہوں اور ان کے عوض وہ اشیاء ہوں اور استبدال صرف صوری ہے بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ کبھی من وسلویٰ ہو اور کبھی یہ چیزیں اسی لیے تو انہوں نے کہا: لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ

اِهْبِطُوْا جنگل سے نکلو اگر تمہارا ارادہ ان اشیاء کے حصول کا ہے۔ مِصْرًا کسی ایک شہر میں۔ کیونکہ تم جنگل میں ہو اور جس چیز کے خواہشمند ہو وہ یہاں نہیں مل سکے گی۔ بلکہ اس کا حصول آبادیوں میں ہے۔

فوائد :۔ ف: ۱۔ اس مصر سے مصرِ فرعون مراد نہیں کیونکہ انہیں فرمایا گیا: یٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِیْ

marfat.com
Marfat.com

كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ جب انہیں اس ارض مقدسہ کے داخلہ کا حکم دیا گیا تو اب مصر کا فرعون مراد لینا کیسے ہوسکتا ہے۔ لہٰذا یہی مطلب زیادہ مناسب ہے۔

ف: ۲۔ مصر ہر بڑے شہر کو کہتے ہیں۔ مصر الشیء یمصرہ سے ماخوذ ہے بمعنیٰ انقطاع۔ چونکہ مصر اپنی عمارت کے اعتبار سے خالی میدان سے منقطع ہوتا ہے۔ بنابریں اس نام سے موسوم ہوا۔

ف: ۳۔ کبھی قریہ کو مصر کہا جاتا ہے جیسے کبھی مصر کو قریہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

ف: ۴۔ مصر منصرف بھی ہوتا ہے اور غیر منصرف بھی۔ یہاں پر منصرف ہے کیونکہ ایک غیر معیّن شہر مراد ہے۔

ف: ۵۔ بعض مفسرین کہتے ہیں یہاں پر مصر فرعون ہی مراد ہے۔ لیکن اس کا منصرف ہونا سکون الاوسط کی وجہ سے ہے۔ جیسے ھِنْد" و رَعْد" اور نُوْح" ہیں۔ یا تاویلاً منصرف ہے کہ اس سے شہروں سے کوئی شہر مراد ہے نہ خاص مصر پھر اس میں صرف علمیت پائی گئی بنابریں منصرف ہے۔

فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ شہر میں چلے جانے کی علت ہے۔ یعنی اب تمہارے لیے وہی زمین سے اگائی ہوئی سبزیاں ہیں جن کی تمہیں طلب ہے۔ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ ذلت اور خواری وَالْمَسْكَنَةُ فقر و افلاس۔

ف: فقیر کو مسکین اس لیے کہا جاتا ہے کہ فقر اسے ساکن کر دیتا ہے اور گویا چلنے پھرنے سے بٹھا دیتا ہے یعنی انہیں ہر دو نوں قبلہ کی طرف محیط ہو گئے یا انہیں چمٹ گئے اور انہیں ذلت و فقر اس لیے لازم کیا گیا کہ انہوں نے کفرانِ نعمت کیا۔ اس کی سزا یہ ملی کہ ذلت و فقر کا نشانہ ہو گئے۔ جیسے کار و دیوار کو لازم ہوتا ہے انہیں بھی فقر و افلاس یونہی لازم ہوا کہ اب یہود کو دیکھا جاتا ہے کہ اگر چہ وہ دولت مند ہوتے ہیں لیکن فقراء معلوم ہوتے ہیں۔

وَبَآءُوْ راجع ہوئے۔ بِغَضَبٍ بڑے بڑے رنج کے ساتھ۔ مِّنَ اللّٰهِ جو اللہ تعالیٰ سے ہوا۔ اس کے مستحق ہوئے اور ان کو لازم ہو گیا۔ اسی محاورہ سے حضور علیہ السلام کا قول ہے: اَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ یعنی اپنے نفس پر تیری نعمت کا لازم پکڑنا اور نفس کو اس کے قریب کرتا ہوں۔

ف: اللہ تعالیٰ کے غضب کا یہ معنی ہے کہ دنیا میں ان کی مذمت کی اور آخرت میں انہیں بُری سزا دے گا۔

ذٰلِكَ ذلت و مسکنت اور عظیم غضب کا لازم ہونا۔ بِاَنَّهُمْ اس سبب سے ہے کہ یہود كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

marfat.ocm
Marfat.com

ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے آیات سے کفر کرتے ہیں۔آیات سے یہی معجزات مراد ہیں جو موسیٰ علیہ السلام سے ظاہر ہوئے اور یہ بھی ہے کہ وہ قرآن پاک اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ صفات جو تورات میں تھیں ان کا انکار کرتے اور عیسیٰ علیہ السلام اور انجیل کو جھٹلاتے ہیں۔ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ نبیوں کو ناحق شہید کرتے تھے جیسے شعیب وزکریا ویحیٰ علیہم السلام کو شہید کر دیا تھا۔

ف: بِغَيْرِ الْحَقِّ کی قید سے اشارہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا قتل حق کی وجہ سے محال ہے اور وہ کفار قاتلین بھی ان کے قتل کو قتلِ ناحق سمجھتے تھے۔

سوال: انبیاء علیہم السلام کی شان بڑھانا اور ان کے مراتب میں اضافہ تھا تا کہ ان سے وہ معاملہ ہو جو کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں نہ کہ اس میں معاذ اللہ ان کی رسوائی مطلوب ہوتی۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قتل وہ انبیاء علیہم السلام ہوئے جنہیں جہاد کرنے کا حکم نہیں ملا تھا اور جنہیں جہاد کرنے کی اجازت تھی۔ان میں سے کوئی نبی بھی شہید نہیں ہوا۔اس تقریر سے ثابت ہوا کہ آیات ذیل میں تعارض نہیں۔مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ (اور انبیاء علیہم السلام کو ناحق شہید کرتے تھے) اور فرمایا: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا (ہم اپنے رسولوں کی مدد کریں گے) اور فرمایا: وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ (اور بیشک ہمارا کلمہ ہمارے بندوں یعنی رسل کرام پر سبقت کر گیا اور مدد کیے جائیں گے) علاوہ گذشتہ تقریر کے یہ معنیٰ بھی ہو سکتے ہیں کہ نصر سے حجت اور حق کا بیان مراد ہے۔اس معنیٰ سے تمام انبیاء علیہم السلام مدد دیئے ہوئے تھے۔

ف: مروی ہے کہ صرف ایک دن میں ستر نبی شہید ہوئے (علیہم السلام) مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

چوں سفیہانہ است ایں کار و کیا — لازم آید یقتلون الا نبیاء
انبیاء را گفتہ قوم راہ گم — از سفہ ا تا تطیر نا بکم

ذٰلِكَ یہ جو مذکور ہوا۔یعنی ان کا آیات عظام سے کفر اور انبیاء علیہم السلام کو شہید کرنا۔ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ بسبب اس کے ہے کہ وہ میرے امر سے متجاوز ہو گئے اور اللہ تعالیٰ کے محارم کے مرتکب ہو بیٹھے۔یعنی انہیں چھوٹے گناہوں نے ان بڑے گناہوں اور سرکشی کی طرف کھینچا کہ جن کی طرف پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے

marfat.ocm
Marfat.com

کیونکہ قاعدہ ہے کہ چھوٹے گناہوں کی مداومت سے بڑے گناہوں کا ارتکاب ہوجاتا ہے جیسا کہ چھوٹی عبادات کی عادات سے بڑی عبادت ادا کرنے کی طلب حاصل ہوجاتی ہے۔

نسخہ روحانی:۔ قلب کی غفلت ایک بیماری ہے جو ایمان کی لذت سے محروم رکھتی ہے کیونکہ بیمار بسا اوقات میٹھے کو کڑوا محسوس کرتا ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ غفلت دل کے لئے زہر قاتل ہے جس طرح ہم زہر دار طعام سے کوسوں دور بھاگتے ہیں اسی طرح اللہ والے غفلت سے دور ہو رہتے ہیں۔

ف: بندے اور مولیٰ کی مراد میں بہت بڑا فرق ہے۔ جس چیز کا اللہ تعالیٰ ارادہ فرماتا ہے اس میں بھلائی ہوتی ہے بخلاف بندے کے کہ ضروری نہیں کہ اس کے ہر ارادے میں بھلائی ہو۔

ف: اگر بنی اسرائیل کے بجائے امت محمدیہ علی صاحبها التحية والثناء ہوتی تو یہ بنی اسرائیل کی طرح باتیں نہ بناتے کیونکہ ان کے قلوب انوار سے معمور اور سینے اسرار سے مسرور ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف میں فرمایا: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا

تفسیر صوفیانہ جس طرح بنی اسرائیل ایک طعام پر صبر نہ کرتے ہوئے غیر معقول باتیں کہہ بیٹھے۔ اسی طرح انسان کا نفس اپنی کم ہمتی کی بنا پر اس طعام (یعنی اسرارِ غیبی جو اللہ تعالیٰ سے اسے نصیب ہوتے ہیں) کہتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبر کرتے جب کہ آپ پر واردات ہوتے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا: لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ فَاِنِّیْ اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ يُطْعِمُنِیْ وَيُسْقِنِیْ

(مجھ جیسے تم کب ہو سکتے ہو مجھے تو میرا رب کھلاتا پلاتا ہے)

بلکہ یہ انسان صبر نہ کر کے قلب موسیٰ سے کہتا ہے: فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ یعنی اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ ہمیں بشریت کی زمین شہواتِ حیوانیہ کی سبزی اور لذاتِ جسمانیہ کی ککڑی عنایت فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اَتَسْتَبْدِلُوْنَ کیا تم باقی پر فانی کو ترجیح دیتے ہو۔ اِهْبِطُوْا مقاماتِ روحانی علوی سے اتر کر قالب سفلی کے شہر میں چلے جاؤ۔ فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ تمہیں وہی کچھ ملے گا جو تم نے خسیس مطالب طلب کیے۔

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ جانوروں اور حیوانوں کی طرح تم پر ذلت وخواری مسلط کی جائے گی بلکہ اس سے بھی زیادہ ذلیل رہو گے کیونکہ تمہارا انجام اللہ تعالیٰ کے غضب کا مستعد ہو چکا ہے۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ یہ

marfat.com
Marfat.com

اس لیے کہ وہ لوگ وارداتِ غیبیہ اور مکاشفات روحانیہ سے کفر کرنے والے تھے۔ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ اور عالمِ غیب سے انبیاء علیہم السلام کے مقام سے جو کچھ ان کو عطیہ ملا اس کا باطل قرار دیتے اور ان کے اسرار کا انکار کرتے ہیں اور یہ خرابیاں انہیں ان کی شامتِ اعمال ہیں جو انہوں نے اللہ تعالیٰ کے عہد توڑ کر اپنی جدوجہد طاعت کے بجائے معصیت میں جاری رکھی اور حق کی طلب کے بجائے ماسوا کی تمنا میں رہتے ہیں

مسئلہ : آیت سے ثابت ہوا کہ اچھا اور لذیذ طعام کھانا جائز ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم میٹھے طعام اور شہد کو محبوب رکھتے اور ٹھنڈا میٹھا پانی نوش فرماتے تھے۔

مسئلہ : مسور کی دال اور زیتون صالحین کا طعام ہے۔

مسور کی دال کے فضائل:۔

۱۔ حدیث شریف میں ہے: عَلَيْكُمْ بِالْعَدَسِ فَاِنَّهٗ مُقَدَّس" مسور کی دال کو لازم پکڑو اس لیے کہ وہ مبارک اور مقدس اناج ہے۔ اس لیے کہ وہ قلب کو رقیق کرتی اور آنکھوں سے آنسو لاتی ہے۔ اس کے لئے ستر انبیاء اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی ہے۔

۲۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز علیہ الرحمہ کا معمول تھا کہ ایک روز زیتون سے، ایک روز مسور کی دال سے، ایک روز گوشت سے کھانا کھاتے تھے۔ اگر اس میں کچھ فضیلت نہ ہوتی تو ان کا یہ معمول نہ ہوتا۔

۳۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مہمان نوازی کا کوئی طعام ضیافت سے خالی نہ تھا جس میں مسور کی دال نہ ہو۔

۴۔ اس کا خاصہ ہے کہ جسم کو ہلکا پھلکا رکھتی ہے جس سے عبادت میں راحت میسر ہوتی ہے۔

۵۔ اس سے شہوتِ نفسانیہ میں اضافہ نہیں ہوتا جیسے گوشت اور گندم سے ہوتا ہے۔

مسئلہ : پیاز اور لہسن کی طرح ہر بدبودار پاک شئے کا کھانا مباح ہے۔

حدیث شریف میں ہے: مَنْ اَكَلَ الْبَصَلَ وَالثُّوْمَ وَكُرَّاثَ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا

(جس نے پیاز، لہسن اور گندنا کھایا وہ ہماری مساجد کے قریب نہ آئے)

کیونکہ جس طرح بدبو سے بنی آدم کو دکھ ہوتا ہے اسی طرح ملائکہ کو بھی ہوتا ہے۔

ف: اس سے وہ ملائکہ مراد ہیں جو عبادت کے وقت اترتے ہیں نہ کہ وہ فرشتے جو بندوں کے ساتھ ہر وقت رہتے ہیں

Marfat.com

ف: ملائکہ کو بدبو سے دکھ ہونا انہی مخصوص اشیاء سے یا عام ہر بدبودار شئے سے ہوتا ہے اس کا علم شارع کو ہے۔

مسئلہ : اس علّت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں اگر چہ کوئی بھی نہ ہو تب بھی یہ اشیاء کھا کر نہ جانا چاہیے۔ کیونکہ مسجدیں فرشتوں کی نزول گاہ ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنْ کُنْتُمْ لَابُدَّ لَکُمْ مِنْ اَکْلِهَا فَاَمِیْتُوْهَا طَبْخاً

(یعنی اگر تمہیں ضرور کھانا ہی ہے تو ان کی بدبو کو مٹا کر، یعنی پکا کر کھاؤ)

مسئلہ : اسی سے فقہاء نے مسئلہ اخذ کیا ہے کہ جہاں بھی لوگ جمع ہوتے ہوں وہاں بدبودار چیزیں کھا کر نہیں جانا چاہیے۔

مسئلہ : اسی طرح لہسن و پیاز پر قیاس کرتے ہوئے ہر بودار شے کے مسئلے کا قیاس کیا گیا ہے۔

نکتہ : حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے پیاز وغیرہ سے اس لیے کراہت فرمائی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وحی آیا کرتی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم رب تعالیٰ سے ہمکلام ہوتے لیکن اپنے ماسوا باقیوں کے لئے مباح فرمادیا۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آخری عمر میں اسے بیانِ جواز کی خاطر تناول فرمایا۔

مسئلہ : رخصت کے ساتھ سالک کے لئے عزیمت (اعلیٰ طریقہ) یہ ہے کہ اپنے قول و فعل و حال میں اپنے نبی پاک شہِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرے۔ حضرت عارف رومی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ — اِنَّمَا الْفَوْزُ وَالْفَلَاحُ لَدَیْکَ

گر نرفتم طریقِ سنت تو — ہستم از عاصیانِ امت تو

ماندہ ام زیر بارِ عصیاں پست — رفتم از پا نگیری دست

marfat.ocm
Marfat.com

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰی وَالصّٰبِـُٔوْنَ مَنْ اٰمَنَ

بیشک ایمان والے نیز یہودیوں اور نصرانیوں اور ستارہ پرستوں میں سے کہ وہ سچے دل سے اللہ اور پچھلے دن پر ایمان

بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

لائیں اور نیک کام کریں ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور نہ انہیں کچھ اندیشہ ہو

عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ

اور نہ کچھ غم۔ اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تم پر طور کو اونچا کیا

خُذُوْا مَاۤ اٰتَیْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِیْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ

تو جو کچھ تم کو دیتے ہیں زور سے اور اس کے مضمون کو یاد کرو اس امید پر کہ تمہیں پرہیزگاری ملے۔ پھر اس کے بعد تم پھر گئے

مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ

تو اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم ٹوٹنے والوں میں سے ہو جاتے۔

الْخٰسِرِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِی السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ

اور بیشک ضرور تمہیں معلوم ہے کہ تم میں کہ وہ جنہوں نے ہفتہ میں سرکشی کی تو ہم نے ان سے

كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕیْنَ ﴿۶۵﴾ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهَا وَمَا خَلْفَهَا

فرمایا کہ ہو جاؤ بندر دوکارے ہوئے۔ تو ہم نے (اس بستی کا) یہ واقعہ اس کے آگے اور پیچھے والوں کے لئے عبرت کر دیا

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِیْنَ ﴿۶۶﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖۤ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ

اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا خدا تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو

تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْۤا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

بولے کہ آپ ہمیں مسخرہ بناتے ہیں فرمایا خدا کی پناہ کہ میں

marfat.ocm
Marfat.com

الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

جاہلوں سے ہوں۔ بولے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں بتادے گائے کیسی کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے

بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾

نہ بوڑھی اور نہ ادسر بلکہ ان دونوں کے بیچ میں تو کرو جس کا تمہیں حکم ہوتا ہے۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

بولے اپنے رب سے دعا کیجئے ہمیں بتادے اس کا رنگ کیا ہے کہا وہ فرماتا ہے وہ ایک پیلی گائے ہے

صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ

جس کی رنگت ڈھڈہاتی دیکھنے والوں کو خوشی دیتی۔ بولے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ ہمارے لئے صاف

لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۷۰﴾

بیان کردے وہ گائے کیسی ہے بیشک گایوں میں ہم کو شبہ پڑ گیا اور اللہ چاہے تو ہم راہ پا جائیں گے۔

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ

کہا وہ فرماتا ہے وہ ایک گائے ہے جس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ زمین جوتے اور نہ کھیتی کو پانی دے

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا

بے عیب ہے جس میں کوئی داغ نہیں بولے اب آپ ٹھیک بات لائے تو اسے ذبح کیا اور ذبح کرتے

يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾

معلوم نہ ہوتے تھے۔

تفسیر عالمانہ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا یعنی وہ لوگ جو صرف زبان سے ایمان رکھتے ہیں لیکن دل ان کے موافق نہیں وہ منافق ہیں جیسا کہ انہیں کفار کے بیان میں ذکر کرنے کا قرینہ بتاتا ہے اور

marfat.ocm
Marfat.com

انہیں ایمان کے ساتھ تعبیر اور نفاق کی تصریح نہ کرنا اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ اگرچہ ان کو مومن کہا جارہا ہے لیکن ان کو ایمان کوئی فائدہ نہیں دے گا اور نہ ہی انہیں کفر کے گڑھے سے بچا سکتا ہے۔

وَالَّذِیْنَ هَادُوْا یہ لفظ یا تو عربی ہے هَـادَ سے مشتق ہے۔ یہ لفظ اس بولتے ہیں جب کوئی برے فعل سے توبہ کرلے اور ان کو یہود اس لیے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے گوسالہ پرستی سے توبہ کی تھی اور ان کو اس نام سے اس لیے خاص کیا گیا کہ ان کی ایسی توبہ تھی کہ جان دینے پر قبول ہوئی۔ یا یہودا کا معرب ہے گویا یعقوب علیہ السلام کے بڑے صاحبزادے کے نام سے منسوب ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ انہیں یہود اس لیے کہا جاتا ہے کہ جب ان کے پاس نبی یا رسول تشریف لاتے تو اسے بادشاہ کی طرف لاکر شہید کردیتے۔

وَالنَّصٰرٰی ،نَـصـران" کی جمع ہے جیسے نَـدْمٰی ، نَـدْمـان کی جمع ہے۔ اس نام سے اس لیے موسوم ہیں کہ انہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کی نصرت کی تھی یا اس لیے کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اس بستی میں تھے جس کا نام ناصرہ ہے یا وہ نصرت کی طرف منسوب ہیں کہ وہ ایک بستی ہے کہ جس میں عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے۔

وَالصّٰبِئِیْنَ ،صَبـاَء" سے مشتق ہے۔ یہ اسے کہتے ہیں جو دین سے خارج ہوجائے اور انہیں صابی اسی لیے کہا جاتا ہے کہ وہ یہودیت ونصرانیت سے خارج ہوکر ستارہ وملائکہ پرستی میں مشغول ہوگئے۔

مسئلہ : ان کا بُت پرستوں جیسا حکم ہے کہ نہ کہ ان کے ذبائح کھائے جائیں اور نہ ان کی عورتوں سے نکاح کیا جائے اگرچہ وہ زبور بھی پڑھتے تھے۔

حدیث شریف:۔ ایک اعرابی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: حضور! صائبین کو صائبین کیوں کہا جاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وجہ یہ ہے کہ جب ان کے پاس کوئی نبی یا رسول تشریف لاتا تو وہ انہیں گرفتار کرلیتے اور پانی گرم کرکے ان کے سروں پر ڈالتے رہتے یہاں تک کہ وہ زخمی ہوکر پھٹ جاتا۔ (کذافی روضۃ العلماء)

مَنْ مبتدا ہے اور اس کی خبر فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ ہے پھر یہ جملہ اِنَّ کی خبر ہے۔ اٰمَنَ جو بھی ایمان لایا ان کفار میں سے باللہ اللہ اور تمام نبیوں پر اور جو کچھ ان پر نازل کیا گیا (اس پر بھی ایمان لایا) وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یوم قیامت پر یعنی جو

marfat.com
Marfat.com

شخص ایمان ظاہر کرے مبدا اور معاد کے لئے لائق طریق پر اور اسلام میں پوری طرح داخل ہو جائے۔

وَعَمِلَ اور عمل کرے صَالِحًا جو اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ ہے۔ فَلَهُمْ فَـــا سببیت کی ہے۔ پس ان کے لئے

اَجْرُهُمْ ان کا اجر جس کا ان کو وعدہ دیا گیا ہے۔ عِنْدَ رَبِّهِمْ ان کے مالک کے نزدیک اور ان کا انجام کمال لائق کی طرف ہوگا اور عِنْدَ کا متعلق وہ ثبت (فعل) ہے جو لهـم کا متعلق ہے اس میں خبر دی جا رہی ہے کہ ان میں سے جو بھی ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو ان سے برے اعمال اور ان کے آباء کی غلطیوں کا مواخذہ نہیں ہوگا اور نہ ہی ان کے ثواب میں کچھ کمی ہوگی۔

وَلَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ اس کا عطف جملہ پر ہے۔ ای فلهم اجرهم ولا خوف عليهم یعنی انہیں اس وقت کوئی خوف نہیں ہوگا جبکہ کفار خوف سے ڈرتے ہوں گے۔

وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ اور نہ ہی انہیں کوئی ڈر ہوگا اس وقت جبکہ قصوروار لوگ عمر کو ضائع کرنے اور ثواب کے فوت ہو جانے سے ڈر رہے ہوں گے۔ مطلب یہ ہے کہ ہمیشہ کے لئے ان سے خوف وحزن اٹھا لیا جائے گا۔ خلاصہ یہ کہ جو بھی مخلص ہو کر ایمان لائے اور اچھے عمل کرے اسے بہشت میں داخل کیا جائے گا۔

ف: اسلام کے حسن کی دھاک تو ہر نفس میں سمائی ہوئی ہے اس سے روگردانی بشری بیماری یا اندھی تقلید سے کی جاتی ہے کیونکہ پیدائش کے وقت فطرتاً اور طبعاً ہر ایک میں دین موجود ہوتا ہے اگر اسے اسی حالت میں چھوڑا جائے تو سوائے دین کے اور کچھ اس سے سرزد بھی نہ ہو۔ جیسے کہ حدیث شریف میں ہے:

كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْ يُنَصِّرَانِهٖ اَوْ يُمَجِّسَانِهٖ

یعنی ہر نومولود میں فطرۃ اسلامی موجود ہوتی ہے پھر ماں باپ کی مرضی کہ اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنائیں

ف: ابن الملک اس حدیث شریف کی شرح میں فرماتے ہیں کہ فطرتِ اسلام سے مراد وہ لفظ بَلٰی ہے جو روزِ میثاق بندوں نے اللہ تعالیٰ کے فرمان: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے جواب میں فرمایا۔

سوال: جس لڑکے کو حضرت خضر علیہ السلام نے قتل کر دیا اس کے بارے میں آپ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کی فطرت میں کفر سمایا ہوا ہے اور حدیث ان کے خلاف ہے۔

جواب: حضرت خضر علیہ السلام نے اس کی فطرۃ کے متعلق نہیں فرمایا بلکہ آپ فرما رہے ہیں کہ پیدائش سے

marfat.ocm
Marfat.com

اس کے متعلق کفر لکھا جا چکا ہے اور حدیث شریف کا اشارہ اس سے قبل یعنی میثاق کی طرف ہے۔ چنانچہ تحقیق یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ذریت آدم علیہ السلام کو ان کی پشت سے ظاہر کر کے اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ فرمایا اس وقت تو ذاتِ باری تعالیٰ کے مشاہدہ سے ہر ایک نے ایمان ظاہر کر دیا لیکن کفار کو اس قول سے نفع نہ ہوا کیونکہ وہ تو اس سے قبل ہی ایمان کے دائرہ سے خارج تھے۔ اس وقت سے مومن اور کافر سب ایک ہو گئے ان کے مابین کوئی تمیز نہ تھی جب اپنی اپنی ماؤں کے بطون میں آئے تو اس وقت کافر و مومن کے مابین امتیاز نہ ہوا کیونکہ وہ فرشتہ جو اس وقت شقاوت وسعادت لکھنے پر متعین ہے اس نے بطونِ امہات میں سعید و شقی اس لحاظ سے لکھا کہ انہوں نے آگے چل کر مومن بننا ہے یا کافر۔ اقرار والے قول کا اعتبار نہیں کرتا۔ اب اسی فطرت یعنی بَلٰی والے قول پر پیدا ہوتے ہیں۔

مقاماتِ اربع کی تحقیق: ۔ مقامِ اول، علمِ الٰہی، اسے بطن معنوی اور صوفیہ کی اصطلاح میں **بطن الام** اور **بطن ام الکتاب** کہتے ہیں۔ مقامِ ثانی، مقام بَلٰی ہے اسے مولودِ معنوی کہا جاتا ہے۔ مقامِ ثالث **بطن الام الصوری** ہے۔ مقامِ رابع مولود صوری یعنی صورۃ مولود معنوی۔ اس مقام پر سعید و شقی میں کوئی امتیاز نہیں ہوتا۔ جیسے عالم اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ میں امتیاز نہیں تھا البتہ بطن صوری جسے صورۃ علم اللہ کہا جاتا ہے اس وقت سعید و شقی کے مابین امتیاز ہوا کرتا ہے۔ یہاں حدیث شریف: اَلسَّعِیْدُ سَعِیْد" فِیْ بَطْنِ اُمِّہٖ وَالشَّقِیُّ شَقِیّ" فِیْ بَطْنِ اُمِّہٖ (سعادت مند اپنی ماں کے پیٹ سے ہی سعید ہے اور بد بخت اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت ہے) کا معنی واضح ہو گیا اور اس حدیث کا مطلب بھی ظاہر ہو گیا کہ فرمایا گیا ہے: **السعید قد یشقیٰ والشقی قد یسعد۔** یعنی سعید کبھی بد بخت ہو جاتا ہے اور کبھی شقی کو بھی سعادت نصیب ہو جاتی ہے اور **کل مولودٍ یولود علی فطرۃ الاسلام** کا مفہوم بھی سامنے آ گیا۔ (کذا حققہ الشیخ بالی الصوفیوی قدس سرہٗ)

صاحبِ روح البیان کی تحقیق: ۔ میں (اسماعیل حقی علیہ الرحمہ) کہتا ہوں کہ میرے شیخ کتاب اللامحات الباقیات میں فرماتے ہیں کہ **بطن الام** اہل مشرب کے نزدیک **باطن الغیب المطلق الذاتی** کا نام ہے۔ یعنی **السعید سعید** باطنی غیب مطلق ہے۔ ازلاً اور ظاہر شہادت مطلقہ میں ابداً ان دونوں حالتوں میں اس کی سعادت میں شقاوت بالکل داخل نہیں ہو سکے گی اور **اَلشَّقِی شَقِی** غیب مطلق کے باطن میں ازلاً اور شہادۃ

marfat.ocm
Marfat.com

مطلقہ کے ظاہر میں ابدًا ان دونوں حالتوں میں اس کی شقاوت میں سعادت کو کسی قسم کا دخل نہیں البتہ عالمِ برزخ جوان دونوں کا جامع ہے کبھی سعادت مند کی سعادت میں شقاوت اور شقی کی شقاوت میں سعادت داخل ہو سکے گی۔اس لحاظ سے سعادت مند ذاتی اعتبار سے سعید ہوگا اور عارضی طور پر شقی ہوگا اور شقی ذاتی طور پر شقی ہوگا اور عارضی طور پر سعید۔پھر اس کا خاتمہ ذاتی اعتبار پر ہوگا۔اگر وہ ذاتی طور پر سعید ہے تو اس کی عارضی شقاوت دور ہو جائے گی اور سعادت ذاتی کا غلبہ ہو جائے گا جس کی وجہ سے خاتمہ خیر پر ہوگا اور اسے سعید لوگوں میں داخل کیا جائے گا اور جس کی شقاوت ذاتی ہے اور سعادت عارضی تو خاتمہ کے وقت سعادت دور ہو جائے گی اور شقاوت ذاتی کے غلبہ سے اشقیاء کے زمرہ میں داخل ہوگا۔یہی مطلب ہے اس حدیث شریف کا، جس میں فرمایا: السعید قد یشقی والشقی قد یسعد۔معلوم ہوا کہ تبدل عارضی میں ہے نہ کہ ذاتی میں اور اعتبار ذاتی کا ہوتا ہے نہ کہ عارضی کا۔

تفسیر صوفیانہ جس کے قلب کا انشراح اللہ تعالیٰ کے نور سے ہوتا ہے تو اس کا ایمان تقلیدی نہیں ہوتا اور نہ کسی رسم وعادت اور آباء کی اقتداء سے ہوتا ہے ایسے لوگوں کے لئے فرمایا گیا: لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ یعنی ان کو انانیت کے حجاب سے کوئی خوف نہیں۔ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ اور نہ ان کو دوئی کا خطرہ ہے کیونکہ وہ تو وحدیت اور ہُویت کے نور سے حاصل ہو چکے ہیں۔

تفسیر عالمانہ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ اہلِ کتاب کے اسلاف کی دیگر خیانت کا تذکرہ ہے یعنی اے بنی اسرائیل! یاد کرو جب ہم نے تمہارے اسلاف سے وعدہ لیا کہ تورات پر عمل کرو۔

ف: یہ حکم جنگل میں جانے سے پہلے کا ہے جب موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ مصر سے نکلے اور غرقابی سے نجات پائی۔ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ہم نے تمہارے اوپر پہاڑ چھتری کی طرح بلند کیا۔ یہاں تک کہ تم نے احکام قبول کر لیے اور وعدے لیے گئے۔طور سریانی زبان میں پہاڑ کو کہتے ہیں۔

واقعہ یوں ہوا کہ جب موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس تورات لے کر آئے تو اس میں دیکھا کہ تکالیف اور مشقت بھرے احکام ہیں تو قبول کرنے سے انکار کر گئے۔اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ پہاڑ کو ان کے سروں پر چھتری کی طرح لا کر کھڑا کر دیں۔اب موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اگر احکام قبول کر لو تو درست (چنانچہ

marfat.ocm
Marfat.com

پہاڑ ان کے سروں پر کھڑا کر دیا) ورنہ یہ پہاڑ تمہارے اوپر گرا دیا جائے گا۔ جب انہوں نے سوائے قبول کرنے کے کوئی چارہ نہ دیکھا تو قبول کر لیا اور سجدہ میں گر گئے لیکن آنکھ کے گوشہ سے پہاڑ کو دیکھتے رہے۔ اب بھی یہود کی یہی عادت ہے منہ کی ایک طرف سے سجدہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ چونکہ ہمارے بڑوں سے اسی طرح سجدہ سے عذاب ہٹا تھا لہٰذا ہم ایسے ہی سجدہ کرتے رہیں گے لیکن یہ رفعِ طور اس لیے نہیں تھا کہ وہ تورات کو قبول کر لیں کیونکہ یہ تو جبر ہے اور اسلام میں جبر نہیں اور جبر اختیار کو سلب کر لیتا ہے۔ یہ امر تشریعی ہے جیسا کہ کفار کے لئے جنگ کرنے کا حکم ہے۔

سوال : یہ جبر ہی تو ہے اور قرآن پاک فرماتا ہے: لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ دین میں جبر و اکراہ نہیں؟

جواب : یہ آیت لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ آیۃ قتال سے منسوخ ہے۔

ف: ابن عطیہ فرماتے ہیں کہ ایسا کرنا سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں سجدہ کے وقت ایمان پر مجبور فرمایا۔ بظاہر مجبوراً ایمان قبول کر رہے تھے اور قلوب غیر مطمئن تھے۔

خُذُوْا یہاں قولو ا مقدر ہے یعنی ہم نے فرمایا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ جو حکم ہم نے کتاب میں دیا اسے لے لو۔ بِقُوَّةٍ ساتھ جد و جہد و عزیمت و مواظبت کے وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ حفظ کر لو جو کچھ اس میں ہے اور اس سے پڑھ لو نہ اسے بھلاؤ نہ اس سے غفلت کرو۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تم کو امید وار ہونا چاہیے کہ تم متقی ہو جاؤ گے۔ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ پھر تم نے میثاق اور اس کے ایفاء اور اس کی مداومت سے اعراض کیا مِنْۢ بَعْدِ بعد پختہ وعدہ ہو جانے کے۔ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ اس کا عطف مہلت دینے اور عذاب کی تاخیر کی وجہ سے ہے۔ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ہو جاتے تم خاسرین میں سے۔ لیکن تم پر اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا کہ طور کو اٹھایا یہاں تک کہ تم نے توبہ کی پھر تم سے ہٹ گیا اگر اس کا فضل نہ ہوتا تو تم پر گر پڑتا اور تم مارے جاتے۔ الخسران دراصل راس المال کے چلے جانے کو کہتے ہیں۔ یہاں پر ہلاکتِ نفس مراد ہے۔

ف: اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والسلام پر فضل فرمایا ہے کہ احکام یکے بعد دیگرے فرض فرمائے جب ایک کا استقرار ان کے دلوں پر ہو جاتا پھر دوسرا نازل ہوتا اور بنی اسرائیل پر احکام یکبارگی فرض ہوئے۔ بنابریں ان پر شاق گذرا جس کی وجہ سے منکر ہو گئے۔ یہاں تک کہ عذاب دیکھ کر قبول کیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : اللہ تعالیٰ نے آیت میں چار چیزوں کا حکم دیا:

۱۔حفظ الاحکام۔ ۲۔ان پر عمل کرنا۔ ۳۔ان کو فراموش نہ کرنا۔ ۴۔انہیں ضائع نہ کرنا۔

پھر فرمایا: وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ کتب الٰہیہ سے مقصود بھی یہی ہوتا ہے کیونکہ ان کا مقتضیٰ صرف تلاوت و ترتیب ہی نہیں بلکہ ان پر عمل کرنا مطلوب ہے۔

عجیب تمثیل :۔اس کی مثال یوں ہے کہ بادشاہ اپنے کسی ملازم کی طرف مراسلہ بھیجے کہ اتنے عرصے کے اندر ایک عظیم الشان کوٹھی تیار کرادو۔اب اس مراسلہ کو ملازم صاحب پڑھتے تو روزانہ ہیں لیکن کوٹھی تیار نہیں کراتے یہاں بادشاہ تشریف لائے اب وہ اس ملازم کو صرف زجر و توبیخ نہیں فرمائیں گے بلکہ سخت سزا دیں گے۔اسی طرح قرآن بھی ہمیں اپنے مالک کی طرف سے اس حکم کو لایا ہے کہ ہم اس کے ارکانِ اسلام یعنی نماز، روزہ وغیرہما کی تعمیر کریں ورنہ سزا پائیں گے۔اس کی محض تلاوت پر اکتفا نہ کریں بلکہ اس پر عمل کرنے کی جد و جہد کریں۔مثنوی شریف میں ہے:

ہست قرآن حالہائے انبیاء ماہیان بحرِ پاک کبریا

در بخوانی و نہ قرآن پذیر انبیاء و الیاء راہ دیدہ گیر

ترجمہ : قرآن انبیاء کے حالات ہیں وہ بحرِ کبریا کے شناور ہیں اگر قرآن پڑھو یا نہ پڑھو کوئی فرق نہیں پڑتا انبیاء و اولیاء وابستگی پیدا کرو۔

حدیث شریف:۔حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز آسمان کی طرف دیکھ کر فرمایا: یہ وہ وقت ہے جس میں لوگوں سے علم چھینا جائے گا یہاں تک کہ اس سے تھوڑی سی مقدار پر بھی قابو نہیں پا سکیں گے حضرت زیاد بن لبید انصاری نے عرض کی کہ حضور! ہم سے کیسا علم چھینا جائے گا جبکہ قرآن کو ہم خود بھی پڑھتے اور اپنی عورتوں اور بچوں کو بھی پڑھاتے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے زیاد! تجھے تیری ماں روئے، یہی تورات اور انجیل یہود و نصاریٰ کے پاس نہیں تھی، پھر ان کو ان سے کیا فائدہ ہوا؟

حکایت: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کسی کو فرما رہے تھے کہ تو ایسے زمانے میں ہے کہ جس میں فقہاء کثیر ہیں اور قرأ قلیل۔اس وقت قرآن کے حدود کی حفاظت کی جاتی ہے اگرچہ حروف کی نگہداشت نہیں

marfat.com
Marfat.com

ہورہی۔اس وقت سائل تھوڑے ہیں اور عطا کرنے والے بکثرت ہیں۔لمبی نمازیں پڑھنے والے ہیں اور خطبہ میں اختصار کرنے والے ہیں۔اعمال پہلے اور خواہشات بعد میں ظاہر کرتے ہیں۔ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں فقہاء قلیل ہوں گے اور قرأ بکثرت اس وقت قرآن کے حروف کی تو بڑی حفاظت کی جائے گی لیکن حدود کی پابندی بالکل نہ ہوگی۔سوالی بکثرت ہوں گے اور معطی تھوڑے۔خطبے لمبے لمبے اور نمازوں میں اختصار کریں گے اور اعمال سے پہلے اپنی خواہشات ظاہر کریں گے۔

تفسیر صوفیانہ آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ وعدہ لینا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ میں عام تھا پھر بعض نے دل وجان سے قبول کیا اور بعض نے خوف سے۔یہ وعدہ اس لیے کیا تا کہ ثابت ہو کہ ہر حال میں تمام امور اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہیں جسے چاہے ہدایت کا خطاب سنائے اور جسے چاہے گمراہی کا۔ کیونکہ کوئی برہان رفع طور سے زیادہ اظہر نہیں جو کہ ان کے سروں پر کھلم کھلا تھا۔شومی قسمت سے جب وہ ذلیل وخوار ہوئے تو اظہارِ برہان نے انہیں کوئی فائدہ نہ دیا۔

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ میں اس طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اوامر ونواہی اور طاعات کو لینا قوتِ انسانیہ کے بس کی بات نہیں جب تک کہ اس میں تائید الٰہی اور قوتِ ربانی نہ ہو۔وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ اس میں جو رموز واشارات اور دقائق وحقائق ہیں ان کو یاد کرو۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تا کہ تم ماسوا اللہ کے کسی سے نہ ڈرو۔ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ یعنی اس کے بعد تم نے اتباعِ شرع اور طریقِ حق سے طبعیہ کے غلبہ کی وجہ سے باوجود یہ کہ تم سے وعدہ بھی لیا گیا اور طریق حق پر چلایا گیا لیکن تم نے روگردانی کی۔ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ یعنی ابتداء میں سبقت عنایت اور وسط میں اخذ میثاق بالقوۃ کی توفیق اور انتہا میں قبول توبہ اور اس کی توفیق پھر اس پر ثابت قدم رکھنا نہ ہوتا لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ تو تم گناہوں پر اصرار کرنے والے اور عقوبت وخسران میں گرفتار اور دنیا وآخرت کو چھین کر عذابِ دنیا وآخرت میں مبتلا ہو جاتے۔جیسا کہ تم میں سے بعض کو یہ تمام خرابیاں پیش آئیں۔

تفسیر عالمانہ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ یہ خطاب حضور علیہ السلام کے ہم زمان یہود سے ہے۔ای بالله قد عرفتم الخ۔اللہ تعالیٰ کی قسم کہ اے بنی اسرائیل! بیشک تمہیں معلوم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ (ظلما) حد سے بڑھ گئے تمہارے اسلاف میں سے۔ مِنْكُمْ کا محل نصب ہے کیونکہ حال ہے فِی السَّبْتِ ہفتہ کے دن یعنی تجاوز کر گئے اس حد سے جو ان کے لیے مقرر کی گئی کہ صرف عبادت کے لئے مستعد رہیں اور اس کی تعظیم کریں لیکن شکار میں مشغول ہوئے۔

ف: سَبت: دراصل قطع کو کہتے ہیں اور یہود کو بھی یہی حکم تھا کہ وہ دیگر اعمال سے قطع تعلق کر کے صرف عبادت میں مشغول رہیں اور نیند کو بھی سُبات اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ بھی حرکاتِ اختیار کو قطع کرتی ہے۔

سبق: اس میں تحذیر وتہدید ہے گویا فرماتے ہیں کہ تم جانتے ہو کہ ایسا انہیں کیسا عذاب پہنچا۔ پس تم بھی بچو شاید تم پر بھی ان کی طرح عذاب آ پہنچے۔

واقعہ یوں ہے کہ داؤد علیہ السلام کے زمانہ اقدس میں ایلہ (ایک مقام ہے دریائے قلزم کے کنارے پر شام و مدینہ کے مابین) کے ساکنین پر اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار حرام فرما دیا اور ادھر یہ ہوا کہ سوائے ہفتہ کے باقی تمام دنوں میں مچھلی چھپی رہتی اور ہفتہ کے روز ظاہر ہوتی تا کہ ان کی آزمائش ہو یا اس لیے کہ اسی دن اس مچھلی (کہ جس نے حضرت یونس علیہ السلام کو پیٹ میں محفوظ رکھا) کی زیارت کے لئے تمام دریا کی مچھلیاں حاضر ہوتیں چنانچہ ہفتہ کے دن اتنا ہجوم ہوتا کہ پانی کے اوپر مچھلی ہی مچھلی ہوتی پانی کی ایک بوند بھی نظر نہ آتی۔ ہفتہ کے دن کے بعد متفرق ہو کر دریا کے اندر ایسی گم ہو جاتی کہ کہیں مچھلی کی بو تک نہ آتی۔

بالآخر شیطان نے ان کے دلوں میں وسوسہ ڈالا کہ تمہارے لئے ہفتہ کے روز شکار حرام ہے نہ کہ کوئی اور امر۔ چنانچہ انہوں نے دریا کے کنارے گہرے گڑھے کھود لیے اور جمعہ کی شام کو ان گڑھوں کی طرف دریا سے نالیاں بنالیں۔ اب صبح ہفتہ کو مچھلیاں ان گڑھوں میں آ پہنچتی تھیں لیکن ان کی گہرائی کی وجہ سے باہر نہ نکل سکتی تھیں۔ ان لوگوں نے اتوار کے دن ان مقید مچھلیوں کو پکڑنا، بیچنا اور اپنے کھانے میں لانا شروع کر دیا جس سے انہیں بکثرت مال حاصل ہوتا۔ اب اس طرح ان کی عادت ہو گئی یہاں تک کہ چالیس سال یا ستر سال تک یہی عمل جاری رہا۔

لیکن کوئی عذاب نازل نہ ہوا وہ خائف ضرور تھے مگر جب کچھ نہ ہوا تو خوش ہوئے اور یقین کر لیا کہ اب ہفتہ کا شکار ان کے لئے حلال ہے۔ بنابریں دیگر گناہوں پر بھی جرأت کرتے گئے۔ یہی طریقہ ان کی اولاد میں جاری

marfat.ocm
Marfat.com

رہا۔اگر وہ ایک دو بار کرتے تو انہیں کچھ نہ ہوتا۔جب یہ عمل کیا تو اس وقت ستر ہزار اس کے مرتکب تھے۔ان کے تین گروہ ہو گئے ایک تو اس کام سے کلی طور پر باز آ گیا بلکہ دوسروں کو بھی روکا۔دوسرے گروہ والے خود تو رک گئے لیکن دوسروں کو نہ روک سکے۔تیسرا گروہ کہ جنہوں نے فرمانِ ایزدی کی بے قدری کی۔روکنے والے گروہ کی تعداد بارہ ہزار تھی۔انہوں نے کہا اے بھائیو! تم نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور سنتِ نبی کے خلاف کیا ہے۔تمہیں چاہیے کہ ایسی برائی سے رک جاؤ قبل اس کے کہ ہم پر کوئی عذاب نازل ہو۔انہوں نے سُنی اَن سنی کر دی اور ان کی نصیحت کو قبول نہ کیا۔اللہ تعالیٰ نے انہیں عذاب میں مبتلا کر دیا۔

فَقُلْنَا لَهُمْ پس ہم نے بطورِ قہر کے فرمایا: كُوْنُوْا قِرَدَةً بندر ہو جاؤ۔ قرد کی جمع ہے جیسے دیکة دیک" کی جمع ہے۔فارسی میں اسے بوزینہ (بندر) کہتے ہیں۔

ف: یہ امرِ تحویل کا ہے کیونکہ انہیں ایک صورت سے دوسری صورت کی طرف بدلنے کی قدرت تو نہیں تھی اس میں اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ کی طرف اشارہ ہے جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ یہ شئے ہو جائے تو وہ ہمارے ارادہ کے مطابق کسی رکاوٹ اور تاخیر کے بغیر فوراً ہو جاتی ہے۔

خَاسِئِيْنَ یہ اور قِرَدَةً دونوں كُوْنُوْا کی خبریں ہیں ای كونوا جامعين بين القردة والخسىء اور خَاسِئِيْنَ خسیء سے ہے بمعنیٰ صغار وطرد" یعنی ذلت وخواری۔

واقعہ یوں ہوا کہ مجرمین نے نصیحت قبول کرنے سے انکار کیا تو روکنے والوں نے کہا ہم تمہارے ساتھ اس بستی میں نہیں ٹھہرتے۔چنانچہ بستی میں ایک دیوار کھینچی گئی۔اس کے بعد داؤد علیہ السلام نے ان پر لعنت کی اللہ تعالیٰ کا قہر نازل ہوا صرف ان کے گناہ پر اصرار کی وجہ سے رات کے وقت ان کی شکلیں بگڑیں۔صبح کو روکنے کے لئے سارا گروہ ان کے گھروں میں گیا۔دروازے بند تھے اب نہ ان سے کوئی آواز آتی نہ ان کے گھروں سے آگ کا دھواں ظاہر ہوتا۔دیواروں کو پھاند کر اندر داخل ہو گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ان کے نوجوان بندر بنے بیٹھے ہیں اور بوڑھے خنزیر، ان کے کان بھی ہیں اور بندروں اور خنزیر جیسی آواز بھی، اس گروہ نے انہیں نہ پہچانا لیکن ان بندروں اور خنزیروں نے انہیں پہچان لیا۔اب وہ بندر اور سور اپنے رشتہ داروں کے قریب ہوتے ہوئے ان کے کپڑے سونگھ کر آٹھ آٹھ آنسو روتے ہیں وہ انہیں جواب میں کہتے ہیں کہ کیا ہم نے تمہیں روکا

marfat.ocm
Marfat.com

نہیں تھا؟ لیکن تم نے نہ مانا۔ وہ سروں کو ہلا کر نعم کا اشارہ کرے اور آنسو بہاتے۔

مسئلہ : اس سے ثابت ہوا کہ بعد از مسخ ان میں فہم وعقل باقی تھا۔

ف: بندروں کی ابتداء یہاں سے نہ ہوئی بلکہ اس سے پہلے بھی بندر تھے۔ یہ صرف ان جیسی شکل میں تبدیل ہوئے کیونکہ یہ شکل قبیح ہے اور ان کے اعمال وافعال بھی قبیح ہیں اور وہ تین دن کے بعد مر گئے ان سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ یہ بندر جو دنیائے عالم میں پھیلے ہوئے ان بندروں کی اولاد ہیں جو ان سے پہلے موجود تھے۔

فَجَعَلْنٰهَا پس ہم نے اس امت کے مسخ وعقوبت کو نَكَالًا عبرت بنایا۔ اس سے عبرت پکڑے جو عبرت کا ارادہ رکھتا ہے۔ یعنی یہ عبرت ان جیسے عمل کرنے سے روک لے گی۔ نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا یعنی جو امم وقرون پہلے تھے اور جو بعد میں آئیں گے۔ کیونکہ ان کے مسخ کا ذکر پہلے لوگوں کی کتابوں میں آیا ہے۔ تو انہوں نے عبرت پکڑی اور وہ بھی عبرت حاصل کریں گے جو بعد میں آئیں گے۔ پس مَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا ماضی کے لئے وَمَا خَلْفَهَا مستقبل کے لئے مستعار ہیں۔

وَمَوْعِظَةً اور نصیحت ہے لِّلْمُتَّقِيْنَ متقیوں کے لئے۔ وہ نیک لوگ جنہوں نے ایسے برے عمل سے روکا تھا یا ہر وہ متقی جو اس واقعہ کو سنے گا۔ پس بہر دو تقدیر لام استغراقی عرفی کے لئے ہے۔

شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

نرود مُرغ سوئے دانہ فراز — چوں دگر مرغ بیند اندر بند
پند گیر از مصائب دگراں — تا نہ گیرند دیگر از تو پند

ترجمہ :۔ ا۔ پرندہ اس دانے کی طرف نہیں جاتا جب وہ دیکھتا ہے کہ دوسرا اسی وجہ سے پھنسا ہے۔ ۲۔ دوسروں کی مصیبتوں سے نصیحت حاصل کر، نہ کہ دوسرے تجھ سے نصیحت پائیں۔

تفسیر صوفیانہ یہ سزا ان لوگوں کے لئے ہے جو احسان کی قدر نہیں جانتے نہ ہی منعم کی نعمتوں کا بدلہ بجائے شکر کے ناشکری سے دیتے ہیں۔ پس انہیں وصال کی عزت سے ہجر کی ذلت میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ اگلی امتوں کو جسموں کے خسف ومسخ سے سزا دی جاتی اور اس امت کی سزا قلوب پر ہوتی ہے

marfat.ocm
Marfat.com

اور قلوب کی سزا اجسام کی سزا سے شدید تر ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ (اور ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو پھیر دیتے ہیں)

اسی طرح وہ سزا کا مستوجب ہے جو بادشاہوں کی خدمت میں پورا نہیں اترتا اور سلوک کی راہ میں صحیح طور پر نہیں چلتا اور جو شخص قربت کے فرش پر حرمت کے قدموں سے نہیں چلتا تو وہ محرومی اور خسارہ اٹھاتا ہے اور بادشاہ کی نظروں سے گر جاتا ہے۔۔

ف: مسخ کی علامت خنزیر جیسی ہے اور وہ حرام کھاتا ہے جسے حرام کا کھاتا دیکھو، یقین کرلو کہ اس کا دل مسخ ہو چکا ہے۔ قلب کے مسخ کی تین علامتیں ہیں:

۱۔ طاعت کی لذت نہ پائے۔ ۲۔ بلا خوف وخطر نافرمانی کرے۔ ۳۔ کسی کی موت سے عبرت نہ لے بلکہ ہر روز وہ دنیوی امور میں منہمک رہے۔ (کذافی زھرۃ الریاض)

ف: حضرت عوف بن عبداللہ اہلِ خیر سے تھے جسے کچھ لکھتے تو تین نصیحتیں فرماتے:

۱۔ جو آخرت کے کام میں مصروف ہو اس کی دنیوی معاش خود بخود درست ہوگی۔

۲۔ جو اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے مابین نیک اطوار بنائے اللہ تعالیٰ اس کے لئے لوگوں کے مابین اچھائی پیدا کردے گا۔ ۳۔ جو اپنے باطن کو درست رکھے گا اس کے ظاہر کو اللہ تعالیٰ درست کردے گا۔

ف: محمد بن علی ترمذی فرماتے ہیں: صلاح کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ لڑکوں کی اصلاح کتابوں سے ہوتی ہے۔ ۲۔ ڈاکوؤں کی اصلاح قید خانے سے۔ ۳۔ عورتوں کی گھر میں۔ ۴۔ بوڑھوں کی مساجد میں۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ بنی اسرائیل کے اسلاف کی غلط کاریاں یاد دلا کر زجر وتوبیخ فرمائی جارہی ہے۔ یعنی یاد کرو اپنے آباء واجداد کے اس وقت کو جب موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: لِقَوْمِهٖ اپنی قوم سے اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً اللہ تعالیٰ تمہیں بقرہ (گائے) ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے۔

ف: بیل کی قسموں سے ایک مادہ گائے کو بقرہ کہتے ہیں۔ یا بقرہ کا واحد ہے۔ خواہ مذکر ہو یا مؤنث۔ بقر اُسے مشتق ہے بمعنیٰ چیرنا۔ اس نام سے اس لیے موسوم ہے کہ یہ بھی زمین کو کھیتی کے لئے چیرتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

واقعہ یوں ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک بوڑھا دولت مند تھا اسے اس کے چچازاد بھائیوں نے میراث کی طمع میں قتل کر کے شہر کے دروازے کے سامنے یا کسی دوسری بستی کے قریب میدان میں چھوڑ آئے اور پھر خود ہی آ کر واویلا کرتے ہوئے اس کی دیت کے مطالبے کے درپے ہوئے۔ بلکہ چندلوگوں پر اس کے قتل کا الزام لگا دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے پوچھا وہ منکر ہو گئے۔ موسیٰ علیہ السلام پر یہ بات شاق گزری اور یہ واقعہ قسامۃ [1] کے حکم کے نزول سے پہلے کا ہے۔ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے دعا کی التجا کی تا کہ بات ظاہر ہو کہ کس نے قتل کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ایک گائے ذبح کر کے اس کے بعض حصہ کو مقتول کے جسم پر لگاؤ وہ زندہ ہو کر خود بتا دے گا کہ اس کا قاتل کون ہے۔ قَالُوْا گویا سوال کیا گیا کہ پھر انہوں نے اس حکم پر کیا کیا۔ کیا فرمانبرداری کی یا رک گئے؟ تو جواب میں کہا: قَالُوْا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا کیا تو ہمیں ٹھٹھا کی جگہ خیال کر کے ہمارے ساتھ استہزاء کرتا ہے۔ ہم قتیل کے بارے میں پوچھتے ہیں تم گائے کے ذبح کا حکم دیتے ہو ان کے مابین مناسبت بھی نہیں ہے۔

بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ جواب انہوں نے جہالت کی وجہ سے دیا، نہ تو ان کا فرمانبرداری کا ارادہ تھا اور نہ ہی ذبح کرنے کا خیال تھا۔

قَالَ جملہ مستانفہ ہے یعنی موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ پناہ کا طالب ہوں کہ میں جاہلین میں سے ہو جاؤں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی تبلیغ میں استہزاء کرنا جہل اور بیوقوفی ہے۔

مسئلہ: اس سے ثابت ہوا کہ دین کے مسائل میں استہزاء کرنا گناہِ کبیرہ ہے۔

مسئلہ: اسی طرح اہلِ اسلام سے استہزاء کرنا بھی گناہِ کبیرہ ہے۔

مسئلہ: اسی طرح صاحبِ عزت و تعظیم سے استہزاء کرنا گناہِ کبیرہ ہے کیونکہ یہ جہالت ہے اور استہزاء کرنے والا مستحق وعید ہے۔

مسئلہ: مزاح استہزاء سے نہیں کیونکہ سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ایسا مزاح کہ اس سے انسان غصہ آور شکل سے بچ جانے کے لئے کرے تو جائز ہے۔

---

[1] ادائیگی دیت کا حکم۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: ایک شخص عبیداللہ بن حسین کوفہ کے قاضی کے پاس آیا تو اس پر اُون کا جُبہ تھا۔ آپ نے اس سے پوچھا: یہ جبہ مادہ کی اون سے ہے یا نَر کی اون سے؟ اس نے کہا: اے قاضی! تو تو جاہل ہے۔ عبیداللہ قاضی نے پوچھا: تجھے کیسے معلوم ہوا کہ مزاح بھی جہالت ہے۔ تو اس نے یہی آیت پڑھی۔ قاضی صاحب نے اس سے روگردانی کی اور کہا کہ یہ ایسا جاہل ہے کہ اسے تمیز نہیں کہ استہزاء کیا ہے اور مزاح کیا ہے۔

ف: قوم نے جب دیکھا کہ بقرہ کا ذبح کرنا ضروری ہے تو اس کی صفتیں پوچھنے لگے: جیسا کہ مفصل بیان ہوتا ہے اگر وہ کوئی گائے بھی ذبح کر لیتے تو جائز ہوتا۔ لیکن چونکہ انہوں نے جتنی زیادہ کرید کی، سختی بڑھتی گئی لیکن اس کے تحت ایک حکمت تھی۔

ایک ولی کی کرامت کا بیان: ۔ بنی اسرائیل میں ایک مرد صالح تھا اس کا ایک چھوٹا لڑکا اور ایک بچھیا تھی بچھیا کو جنگل میں لے جا کر اللہ تعالیٰ سے عرض کی:

اللّٰھم انّی استودعک ھٰذہ العجلۃ لِابْنِیْ حتّٰی یکبر

(اے اللہ! میرا لڑکا جب تک جوان نہ ہو یہ بچھیا تیری امان میں ہے)

اس کے بعد وہ فوت ہو گیا اور وہ بچھیا جنگل میں جوان ہوئی اور اس کی عادت تھی کہ جس آدمی کو دیکھتی تو بھاگ جاتی یہاں تک کہ لڑکا جوان ہو گیا اور تھا بہت نیک۔ اپنی ماں کا بڑا خدمت گزار تھا۔ رات کے تین حصے کرتا، ایک حصہ میں نماز ادا کرتا، ایک حصہ میں نیند کرتا اور ایک حصہ ماں کے سرہانے بیٹھا رہتا۔ صبح کو لکڑیاں جمع کر کے بازار میں بیچ کر جو کچھ حاصل کرتا ایک حصہ اللہ کی راہ میں، ایک حصہ خرچ کرتا، ایک ماں کی خدمت میں حاضر کرتا۔ ایک دن اس کی ماں نے کہا: بیٹا! تیرے باپ نے تیرے لیے ایک بچھیا چھوڑی تھی اور فلاں جنگل میں ہے۔ جا اور ابراہیم و اسحٰق علیہما السلام کے معبود سے دعا مانگ، امید ہے کہ وہ تیرے پاس آجا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ جب تو اسے دور سے دیکھے گا تو تجھے ایسا معلوم ہوگا کہ اس کے چمڑے سے شعاعیں نکل رہی ہیں اس کی خوب صورتی اور زردی کی وجہ سے اس کا نام مُذہبہ بھی تھا۔ کیونکہ اس کی حسن کی تھی نہ کہ عیب کی۔ نوجوان جب جنگل میں آیا تو اسے دیکھا گھاس چر رہی ہے آواز دیتے ہوئے (میں تجھے ابراہیم و اسحٰق و یعقوب علیہم السلام کے رب کی قسم دیتا ہوں) میرے پاس آجا۔ چنانچہ وہ سن کر دوڑتی ہوئی

marfat.com
Marfat.com

کے پاس آ کر ٹھہری۔نوجوان اس کی گردن کو پکڑے ہوئے روانہ ہوا۔گائے بول پڑی۔کہنے لگی: حضور! مجھ پر سوار ہو جایئے۔یہ تیرے لیے زیادہ سہولت کی بات ہے۔نوجوان نے کہا: میری ماں نے مجھے سوار ہونے کا حکم نہیں دیا تھا بلکہ فرمایا تھا کہ گردن سے پکڑ کر گھر لے آؤں۔گائے نے کہا: بنی اسرائیل کے رب کی قسم! اگر تو مجھ پر سوار ہو جاتا تو میں کبھی تیرے قابو میں نہ آتی، اب کے بعد اگر تو پہاڑ کو بھی حکم دے کہ اپنی جگہ سے ہٹ جا۔تو وہ ہٹ جائے گا کیونکہ یہ سب کچھ تجھے اپنی والدہ کی خدمت گزاری سے مل رہا ہے۔آخر وہ گائے کو اپنی والدہ کے پاس لے آیا۔ماں نے کہا! بیٹا! تو مفلس ہے اور بہت دکھ اٹھاتا ہے، رات کو قیام کرتا اور دن کو لکڑیاں اکٹھی کرتا ہے، جاؤ اسے بیچ آؤ۔عرض کی: کتنے میں بیچوں؟ ماں نے کہا: صرف تین دینار میں۔لیکن پھر بھی مجھ سے مشورہ کر لینا۔دراصل اس کی قیمت تھی بھی صرف تین دینار ہی۔وہ اسے فروخت کرنے کے لئے بازار میں لیے جا رہا تھا ادھر اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو بھیجا یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ لڑکا ماں کا کہا مانتا ہے یا دنیا کی لالچ میں آ جاتا ہے اگرچہ وہ علیم وخبیر ہے تاہم لڑکے کی آزمائش کے لئے فرشتہ بھیج دیا۔فرشتے نے لڑکے کے پاس آ کر کہا: اے نوجوان! اس گائے کی کیا قیمت ہے؟ اس نے کہا: صرف تین دینار، لیکن شرط خیار ہے کہ میں اپنی والدہ سے پوچھ کر بیچوں گا۔فرشتے نے کہا: چھ دینار لے لے مگر والدہ سے مشورہ مت لے۔نوجوان نے کہا: اگر اس گائے کو سونے سے تول کر بھی قیمت دے دو تب بھی ماں کے مشورہ کے بغیر نہیں دے سکتا۔ماں کے پاس پہنچ کر ماجرا سنایا۔ماں نے کہا: چلو چھ دینار میں بیچ دو لیکن پھر بھی مجھ سے پوچھ لینا۔نوجوان نے واپس آ کر فرشتے سے کہا: مجھے چھ دینار منظور ہیں لیکن شرط وہی ہے۔فرشتے نے کہا: بارہ دینار لے لے مگر ماں سے مشورہ لینے کے لئے مت جا۔نوجوان نے کہا: ہرگز نہیں، مشورہ تو ضروری ہے۔نوجوان پھر ماں کے پاس پہنچا۔ماں نے کہا: بیٹا! جو خریدار ہے وہ اللہ تعالیٰ کا فرشتہ ہے، جو تیرے امتحان کے لئے آدمی کی شکل بن کر آیا ہے۔اب جاؤ اسے کہو کہ ہماری ماں کہتی ہے کہ اس گائے کو بیچ دیا جائے یا نہ؟ نوجوان نے واپس جا کر اس آدم نما فرشتے سے کہا: میری ماں یوں کہتی ہے۔اس نے کہا: اسے اب فروخت نہ کرو اسے موسیٰ بن عمران علیہما السلام بنی اسرائیل کے ایک مقتول کے لئے خریدیں گے تو اسے دنانیر سے تول کر فروخت کرنا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ سے بنی اسرائیل کے لئے یوں یوں صفات پوچھتے گئے اللہ تعالیٰ اس گائے کی صفتیں بیان فرماتا

marfat.ocm
Marfat.com

گیا۔ یہاں تک کہ اس گائے کی صفات مکمل ہوگئیں۔

ف: یہ صلہ ماں کی خدمت گزاری کا ہے جو اس نوجوان کو نصیب ہوا۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کا فضل ہے۔

سوال: جانوروں سے اس گائے کی تخصیص کس لیے؟

جواب: وہ گائے اور بچھیا کے پجاری تھے۔ اس کی محبت میں وارفتہ تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت گھر کر گئی۔

پھر تائب ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت وعبادت میں مشغول رہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کی محبوب شئے کے ذبح کا حکم دیا تا کہ ان سے توبہ کی حقیقت کا اظہار ہو اور وہ چیز ہٹ جائے جس کی محبت میں مبتلا تھے۔

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ گائے کا حکم اس لیے ہوا کہ ان دنوں ان کے ہاں بہترین قربانی گائے کی تھی تا کہ تقرب افضل واعلیٰ شئے سے ہو۔

قَالُوا گویا سوال ہوا کہ اس کے بعد موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کیا جواب دیا؟ تو اس کے جواب میں کہا گیا کہ وہ لوگ حکم کی تعمیل کی طرف مائل ہوئے اور کہا اے موسیٰ! اُدْعُ لَنَا ہمارے لیے دعا کیجئے رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا اپنے رب سے کہ واضح کرے اور ہمیں بتائے مَا هِيَ۔ مَا مبتدا ہے اور هِيَ اس کی خبر ہے اور جملہ محل نصب میں ہے۔ یعنی بیان کرے ہمارے اس سوال کو۔ انہوں نے اس کے حال اور صفت سے سوال کیا جبکہ انہوں نے ایسی گائے کا ذکر سنا کہ جس کا بعض حصہ لگانے سے مردہ زندہ ہو جائے۔ پس لفظ مَا اس جگہ صفت وحال سے سوال کے لئے ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے: ما زید"؟ تو جواب میں کہتے ہیں: طبیب او عالم یعنی انہوں نے پوچھا کہ اس کا سن اور اس کی صفت کیسی ہے؟ چھوٹی ہے یا بڑی؟ قَالَ یعنی موسیٰ علیہ السلام نے کہا بعد اس کے کہ انہوں نے دعا فرمائی اور وحی آئی حکم ہوا۔ اِنَّهٗ کہ وہ اللہ تعالیٰ يَقُوْلُ اِنَّهَا فرماتا ہے وہ ذبح کرو کہ جس کے متعلق ذبح کرنے کا حکم ہے۔ بَقَرَةٌ وہ گائے ہے۔ لَّا فَارِضٌ بوڑھی سن رسیدہ نہیں۔

فرض سے مشتق ہے بمعنیٰ قطع۔ گویا وہ سن کو قطع کر کے آخر وقت کو پہنچ چکی ہے۔ وَّلَا بِكْرٌ اور نہ ہی چھوٹی ہے

سوال: بِكْرٌ اور فَارِضٌ پر تانیث کیوں نہ لائی گئی؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب : یہ لفظ حائض کی طرح مؤنث کے لئے خاص ہے اس لیے تانیث کی حاجت نہیں ہوئی۔

عَوَانٌ درمیانی ہے۔ بَيْنَ ذٰلِكَ اس ذکر کردہ فَارِضٌ و بِكْرٌ کے مابین فَافْعَلُوْا یہ امر موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے ہے۔ مامور بہ مذکور کی صفت بیان کرنے پر متفرع ہے۔ مَا تُؤْمَرُوْنَ ، مَا تُؤْمَرُوْنَ بِهٖ کے حکم میں ہے۔ یعنی جس کا حکم تمہیں دیا گیا ہے۔ گائے کے ذبح کرنے کا۔ اس فعل میں جارہ کا حذف کرنا عام ہو چکا ہے یہاں تک کہ متعدی بدو فعل کے احکام میں لاحق ہو چکا ہے۔ قَالُوْا گویا پوچھا گیا۔ اس بیان ثانی اور امر متکرر کے بعد انہوں نے کیا کیا تو جواب میں فرمایا: اُدْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا دعا فرمایئے تا کہ ہمیں پتہ چلے کہ اس کے الوان میں سے کون سا لون ہے جس کا ہمیں حکم دیا جا رہا ہے۔ لَوْن عرض مشاہد کو کہتے ہیں۔ جو بعض جوہر میں پایا جاتا ہے۔ قَالَ موسیٰ علیہ السلام نے بعد از مناجات کے فرمایا: اِنَّهٗ وہ اللہ تعالیٰ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ فرماتا ہے کہ وہ زرد رنگ کی گائے ہے۔ صفرۃ وہ رنگ ہے جو بیاض وسواد کے مابین ہوتا ہے اور مشہور رنگ ہے اور یہاں پر صفرۃ سے سیاہ رنگ مراد نہیں جیسا کہ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ میں صُفْرٌ سے سیاہ رنگ والے اونٹ مراد ہیں اور اس میں سواد کو صُفْرٌ سے تعبیر کرنا اس لیے ہے کہ صفرۃ سواد کے مقدمات سے ہے یا اس لیے کہ اونٹوں کی سیاہی زردی کے اوپر ہوتی ہے۔ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا مبتدا اور خبر ہے اور یہ جملہ بَقَرَةٌ کی صفات ہے فقوع بمعنیٰ زردی کی اور اس کا خالص ہونا تاکید میں کہا جاتا ہے۔ اصفر فاقع جیسا کہ کہتے ہیں اَسْوَدُ حَالِک''۔

سوال : فَاقِعٌ کا اسناد لون کی طرف کیوں ہے حالانکہ یہ بھی تو ملوّن یعنی گائے کے احوال سے ہے۔

جواب : فَاقِعٌ کو لون سے ملابست ہے جیسا کہ اس کی تاکید بتاتی ہے۔ گویا در اصل عبارت یوں تھی: صفراء شدیدا لصفرۃ صفرتھا ۔ جیسا کہ جدّ جدہ کہنا صحیح ہے۔ یعنی اس کا رنگ پکا ہے۔ بعض مفسرین کہتے ہیں وہ گائے تمام زرد تھی یہاں تک کہ اس کے سینگ اور کُھر بھی۔

تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ دیکھنے والے اسے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں یعنی اس کا حسن اور اس کے رنگ کی صفائی دیکھنے والوں کو بھاتی اور دلوں کو لبھاتی تھی بوجہ تکمیل خلقت اور سینگوں اور کُھروں کی لطافت کے، اور السرور نفع کے حصول یا اس کی امید سے دل میں لذت پانا۔

مسئلہ : حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے زرد رنگ کا جوتا پہنا اس کے غم قلیل ہو جائیں گے

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ اس رنگ کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تَسُرُّ النّٰظِرِیْنَ دیکھنے والوں کو خوش کرتی ہے۔

مسئلہ : حضرت ابن الزبیر اور محمد بن کثیر سیاہ رنگ کے جوتے پہننے سے روکتے تھے کیونکہ سیاہ رنگ غم والم ڈالتا ہے۔

مسئلہ : مذکورہ حضرات فرماتے ہیں کہ سرخ رنگ کا موزہ فرعون کا تھا۔ اس کے وزیر ہامان کا سفید رنگ کا۔

مسئلہ : علماء کا موزہ سیاہ ہونا چاہیے کیونکہ مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا موزہ سیاہ رنگ کا تھا۔ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ کیا وہ گائے سانمہ ہے یا کام کرنے والی اور کشاف میں ہے کہ سوالات کا تکرار صرف اس کے حال اور صفت کے پوچھنے اور زاید معلومات کے انکشاف کے لئے تھا تا کہ اس کے وصف معلوم کرنے میں تزاید حاصل ہو۔

مسئلہ : کسی بات کے کھوج میں پڑنا نحوست ہے۔

حکایت: عمر بن عبدالعزیز علیہ الرحمہ نے اپنے خادم سے فرمایا: اگر میں تجھے کہتا ہوں میرے پاس فلاں بکری لے آ، تو تم پوچھنا شروع کر دیتے ہو "اَضَانِنَ" "اَمْ مَاعِز" ۔ اگر میں بیان کر دیتا ہوں تو تم پھر پوچھتے تو نر یا مادہ۔ اگر اس کی بھی خبر دے دیتا ہوں تو پھر کہتے ہو: سیاہ یا سفید۔ اس کی کیا ضرورت ہے؟ پس جب میں کہوں لے آؤ تو پھر بار بار سوال نہ کرو، جو مرضی ہو لے آؤ۔

حدیث شریف: میں ہے: بہت بڑا مجرم وہ شخص ہے کہ اس شئے کے متعلق پوچھتا ہے جس کی تحریم نازل نہیں ہوئی پھر اس کے سوال کی وجہ سے حرام ہو جائے۔

اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا یعنی گائے مذکورہ کی جنس باعتبار عوان ہونے اور زرد ہونے کے ہمیں پتہ نہیں چلتا کہ کیا کیا جائے۔

سوال : پہلے بَقَرَةٌ بولتے رہے اب بقر کیوں بول رہے ہیں؟

جواب : اس لیے کہ اس سے بقرہ کی جنس مراد ہے یا اس لیے کہ قاعدہ ہے کہ جمع کے حروف اپنے واحد سے کم ہو جائیں تو اس سے مذکر و مؤنث دونوں مراد لینا جائز ہوتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ یعنی ہمیں گائے ذبح کرنے کی ہدایت نصیب ہو جائے گی۔

حدیث شریف میں ہے: اگر استثناء یعنی اِنْ شَآءَ اللّٰهُ نہ کہتے تو ان کے لئے گائے کا بیان کبھی نہ ہوتا۔

قَالَ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اِنَّهٗ کہ بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ یعنی وہ ایسی گائے نہیں کہ کام کاج سے ذلیل وخوار ہو۔

ف: عرب کہتے ہیں: دَابَّة'' ذَلُوْل'' بَیِّنَةُ الذِّلَّة ۔صعوبۃ کی ضد کا نام ہے۔ یہ بقرہ کی صفت ہے یعنی وہ گائے غیر ذلول ہے۔

سوال: ذلولة کیوں نہ کہا؟

جواب: فعول جب وصف ہو کر واقع ہو تو اس وقت اس پر تاء تانیث داخل نہیں ہوتی۔ جیسے صبور وغیرہ۔

تُثِیْرُ الْاَرْضَ زمین کو کھیتی کے لئے چیرتی ہے اور یہ ذَلُوْلٌ کی صفت ہے گویا کہا گیا لا ذَلُوْلٌ مُثِیْرَة'' ۔

وَلَا تَسْقِی الْحَرْثَ یعنی وہ سانیہ نہیں ہے کہ جس پر پانی لادا جاتا ہو۔

ترکیب: پہلا لَا نافیہ ہے اور دوسرا تاکید کے لئے، اور یہ لَا زاید ہے پہلے کی تاکید کر رہا ہے۔ کیونکہ معنیٰ یہ ہے کہ انه ذلول تثیر وتسقی۔ علاوہ ازیں یہ دونوں فعل ذَلُوْلٌ کی صفت ہیں۔ گویا کہا گیا ہے۔ لا ذلول مثیرة وساقیة ۔(کذا فی الکشاف)

ف: امام ابو منصور فرماتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ گائے نہیں تھی بلکہ بیل تھا کہ زمین کا چیرنا اور کھیتی کا پلانا بیل کا کام ہے نہ کہ گائے کا۔ باقی رہا تانیث کے ساتھ افعال کا لانا صرف لفظ کی وجہ سے ہے نہ کہ تانیث کی وجہ سے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ تانیث جو افعال میں بیان ہوتی رہی وحدت کے لئے ہے۔

لیکن امام ابو یوسف علیہ الرحمہ بعد از تسلیم کہ اثارة الارض واسقا الحرث بیل کا نام ہے۔ ابو منصور کے خلاف ہو کر فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ اس زمانہ کے لوگ گائے سے کھیتی وغیرہ کا کام لیتے ہوں جیسا کہ ہمارے زمانے میں بیل سے کام لیتے ہیں۔

مُسَلَّمَةٌ اے اللہ تعالیٰ نے عیوب سے پاک رکھا اور کام کاج سے محفوظ فرمایا۔ یا یہ معنیٰ ہے کہ اس کا رنگ خالص ہے سَلَم'' سے مشتق ہے یہ اس وقت ہو سکتا ہے کہ جبکہ سمجھا جائے کہ ایسی خالص تھی کہ اس میں کسی

marfat.ocm
Marfat.com

دوسری قسم کی ملاوٹ نہ تھی۔اس کی تائید اگلا لفظ کرتا ہے لَاشِيَةَ فِيهَا کوئی دوسرا رنگ نہیں، جو کہ اس کے چمڑے کے رنگ کے مخالف ہو یہ زرد رنگ کی تھی یہاں تک کہ سینگ اور کُھر بھی، شِية" کا اصل وشـــی" تھا جیسے عـدة وصـفة وزنة" کا اصل وعـد"اور وصف"اور وزن" تھا اس کا ماخذ وشـیُ الثوب ہے بمعنیٰ استعمال الوان الغزل فی نسجه۔

قَالُوا ان اوصاف کے سننے کے بعد کہنے لگے: الْئٰنَ یہ اسم اشارہ کے معنیٰ کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔ جِئْتَ بِالْحَقِّ گائے کا حقیقی وصف اب بیان کیا ہے اس سے پہلے تمام اشکال کا بیان تھا۔ فَذَبَحُوْهَا فافصیحیہ ہے یعنی انہوں نے اوصافِ مذکورہ جیسی گائے حاصل کر لی جو ایک نوجوان کے پاس تھی اسے سونے کے برابر خریدا گیا۔ وَمَا كَادُوْا نہیں قریب تھا۔ يَفْعَلُوْنَ کہ یہ عمل کرتے۔ یہ جملہ ذَبَحُوْا کی ضمیر سے حال ہے۔

ای ذبحوا والحال انهم كانوا الخ یعنی اسے ذبح کر دیا۔ لیکن اس سے قبل اس سے بچنے کے درپے تھے یعنی بعد توقف اور بہت دیر کے ذبح کرنے پر آمادہ ہوئے۔

ف: بعض مفسرین کہتے ہیں کہ سوالات کرنے میں از ابتداء تا انتہا چالیس سال گزر گئے۔

سبق: عاقل پر لازم ہے کہ سنتے ہی فرماں برداری کا عمل شروع کر دے اس میں کھوج میں نہ پڑے۔ کیونکہ توحید کا اصلی مقصد اسی کا مقتضی ہے۔

مثنوی شریف میں ہے:

تا خیالِ دوست در اسرارِ ماست　　چاکری وجاں سپاری کارِ ماست

ترجمہ: جب تک دوست کا تصور ہمارے دل میں ہے تو غلامی اور جاں سپاری ہمارا کام رہے گا۔

تفسیر صوفیانہ

حِکَم عطائیہ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو صرف اپنا عبد بنانے کے لئے اسے بشریت کے ہر منافق وصف سے خارج کر لیا تا کہ وہ اپنے معبود کی نداء کا جواب دے اور اس کے قہر سے بچ کر اس کے قُرب کا اہل ہو جائے۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی حفاظت کاملہ پر موقوف ہے۔ یہ اس وقت ہے جب کسی معصیت کا مرتکب نہ ہو۔ اگر کسی وقت ارتکاب ہو جائے تو اس پر اصرار نہ کرے کیونکہ اصطلاح میں حفظ الٰہی اسی کا نام ہے کہ بندہ گناہوں سے دور رہے لیکن ان کا صدور اس سے ممکن ہو بخلاف

marfat.ocm
Marfat.com

عصمت کے کہ وہاں گناہوں کا صدور محال ہوتا ہے۔اسی لیے اصطلاحاً عصمتِ انبیاء علیہم السلام کے لئے اور حفظِ اولیاء کرام کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اَلْئٰنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ دلالت کرتا ہے کہ بندہ اپنی غلطیوں اوران پر اصرار نہ کرنے کی بنا پر کہتا ہے، اسی کا نام ایمان خالص ہے۔

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً اس میں نفس بہیمیہ کے ذبح کا حکم ہے کیونکہ اس کے ذبح سے قلبِ روحانی کو زندگی نصیب ہوتی ہے۔یہی وہ جہادِ اکبر ہے جس کے متعلق سرورِ عالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **رجعنا من الجهاد الاصغر الى الجهاد الاكبر**

(جہاد اصغر سے فارغ ہوکر جہاد اکبر کی طرف جارہے ہیں)

اورفرمایا: **المجاهد من جاهد نفسه** (مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے)

اورفرمایا: **مُوتو اقبل انت مُوتوا** (مرنے سے پہلے مرجاؤ)

اسی معنیٰ کی طرف اشارہ ہے: اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا کیا تم ذبح نفس کے بارے میں ہمارے ساتھ استہزاء کرتے ہو۔ نفس کو ذبح کرنا ہر ذی ہمت کا کام نہیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ یعنی میری پناہ ان جاہلوں سے جو گمان کرتے ہیں کہ نفس کو ذبح کرنا بیکار بات ہے۔یہ بات وہ کہیں گے جو نفس کے تابع اور دنیا کے طالب ہیں قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ انہوں نے کہا کہ اپنے رب سے دعا فرمایئے کہ وہ نفس کون سا ہے جسے صدق کی تلوار سے ذبح کیا جائے اب اس کی صفتوں کو بیان فرمایا کہ: لَا فَارِضٌ وہ نہ تو بوڑھا ہو کہ بڑھاپے کے ضعف اور نفسانی قویٰ کی کمزوری سے سلوک کی راہ طے نہ کرسکے جیسا کہ صوفیہ کرام فرماتے ہیں:

"اَلصُّوْفِيُّ بَعْدَ الْاَرْبَعِيْنَ بَارِدٌ" (صوفی چالیس سال کے بعد ٹھنڈا پڑ جاتا ہے)

وَلَا بِكْرٌ اور نہ ہی ایسا نوجوان ہو کہ جوانی کی مستی سے سلوک کی باتوں سے روگردانی کرے۔ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ یعنی کامل العقل ہو۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً (یہاں تک کہ جوانی کو پہنچے اور چالیس سال کا ہو جائے)

فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ پس جس کا تمہیں حکم ہوا سے بجالاؤ۔جب تم اس کے قریب ہوگے تو وہ بھی تمہارے

marfat.ocm
Marfat.com

قریب ہو جائے گا کیونکہ وہ کسی کا عمل ضائع نہیں کرتا خواہ جوان ہو یا بوڑھا قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا انہوں نے کہا کہ ہمارا رب بیان فرمائے کہ وہ نفس کس طرز کا ہو جو جہاد کے کام آسکے۔ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ فرمایا کہ اس کا حکم ہے کہ وہ نفس زرد رنگ کا ہو، اس میں ریاضت کرنے والوں کے منہ کی زردی اور مجاہدہ کرنے والوں کی نشانی کی طرف اشارہ ہے۔ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا اس کا رنگ پکا ہے یعنی ان کا یہ رنگ زینت ہے نہ کہ عیب۔ جیسا کہ ولیوں کے دیدار سے نصیب ہوتا ہے کہ ان کے رخساروں سے رونقِ بہار معلوم ہوتی ہے جو جماعت الٰہی کی غمازی کر رہی ہوتی ہے اور ان کے چہروں سے شواہد غیب کے آثار ٹپکتے ہیں کہ انہوں نے اپنے میں بشریت کے اوصاف کو مٹا کر ربوبیت کے اوصاف کو اپنا لیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ (ان کے رخساروں میں سجدوں کے آثار چمکتے ہیں)

اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا بیشک بقرہ کے آثار ہم پر ملتبس ہو گئے۔ اس میں اشارہ ہے کہ بہت سے گمراہ طالبانِ حق کے لباس میں پھرتے ہیں ان کا بھیس بدل کر لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ بیشک اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ہمیں راہِ راست نصیب ہو جائے گا۔ یعنی کسی اللہ والے کو پالیں گے جب تیری مشیت نے ہمارا ساتھ دیا۔ جیسے موسیٰ اور خضر علیہما السلام کی ملاقات نہ ہوتی۔

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ اس میں اشارہ ہے کہ طالب صادق وہ ہے جو حرص سے دنیا حاصل کرتا ہوا خواہشاتِ نفسانیہ اور دنیا کی رونقوں کے پیچھے نہ پڑے۔ جیسا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عَزَّ مَنْ قَنَعَ وَذَلَّ مَنْ طَمَعَ (جس نے قناعت کی وہ عزت پائے گا اور جس نے طمع کیا وہ ذلیل ہوگا) اور فرمایا: لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يُّذِلَّ نَفْسَهٗ۔ (مومن اپنے آپ کو ذلیل نہیں کرتا)

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ دنیا کی کھیتی کے لئے لوگوں کے ساتھ میل ملاپ نہیں رکھتا۔

چنانچہ فرمایا: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ

(جو دنیا کی کھیتی کا خواہشمند ہوگا اسے ہم دنیا میں دیں گے لیکن آخرت میں اسے کچھ نہیں ملے گا)

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا یعنی نفوس قدسیہ ایسے ہیں جو نفسی صفات سے بالکل آزاد ہو کر خالص مخلص ہو کر اللہ تعالیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

کے احکام کے پابند رہتے ہیں ان کی طلب اور ان کا مقصد صرف ذاتِ حق ہے۔ جیسا کہ ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا

(ان فقراء کے لئے جو روکے گئے اور سفر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے جاہل انہیں دولت مند سمجھتے ہیں تم انہیں ان کے چہروں سے پہچان جاؤ گے وہ لوگوں سے سوال نہیں کرتے)

فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ انہوں نے ذبح کیا لیکن قریب تھا کہ ذبح نہ کرتے۔ اس میں اشارہ ہے کہ نفس کو ذبح کرنا طبیعتِ انسانیہ کے خلاف ہے لیکن صادق لوگوں نے صدق کی تلوار سے اسے ذبح کر دیا لیکن یہ بھی صرف اس کے فضل اور حسنِ توفیق کی بدولت ورنہ طبیعتِ انسانیہ کی رُو سے وہ ہرگز نفس کو ذبح نہ کرتے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝

اور جب تم نے ایک خون کیا تو ایک دوسرے پر اس کی تہمت ڈالنے لگے اور اللہ کو ظاہر کرنا جو تم چھپاتے تھے

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

تو ہم نے فرمایا اس مقتول کو اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو اللہ یوں ہی مردے جلائے گا اور تمہیں اپنی نشانیاں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ

دکھاتا ہے کہ کہیں تمہیں عقل ہو پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں

اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۭ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا

بلکہ ان سے بھی زیادہ کرے جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ وہ ہیں

لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاۗءُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ

جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ وہ ہیں جو اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ

اور اللہ تمہارے کوتکوں سے بے خبر نہیں تو اے مسلمانو! کیا تمہیں یہ طمع ہے کہ یہودی تمہارا یقین لائیں گے

كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ

اور ان میں کا تو ایک گروہ وہ تھا کہ اللہ کا کلام سنتے پھر سمجھنے کے بعد

مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَا

اسے دانستہ بدل دیتے اور جب مسلمانوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب آپس میں

بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاۗجُّوْكُمْ

اکیلے ہوں تو کہیں وہ علم جو اللہ نے تم پر کھولا مسلمانوں سے بیان کئے دیتے ہو کہ اس سے تمہارے رب کے یہاں تمہیں پر حجت

marfat.ocm
Marfat.com

بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

حجت لائیں کیا تمہیں عقل نہیں۔ کیا نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّاۤ

جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اور ان میں کچھ ان پڑھ ہیں کہ جو کتاب کو نہیں جانتے مگر

اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ

زبانی پڑھ لینا یا کچھ اپنی من گھڑت اور وہ نرے گمان میں ہیں۔ تو خرابی ہے ان کے لئے جو کتاب

بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ

اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر کہہ دیں یہ خدا کے پاس سے ہے کہ اس کے عوض تھوڑے دام حاصل کریں

فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَقَالُوْا

تو خرابی ہے ان کے لئے ان کے ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی ان کے لئے اس کمائی سے۔ اور بولے

لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا

ہمیں تو آگ نہ چھوئے گی گنتی کے دن تم فرمادو کہ خدا سے تم نے کوئی عہد لے رکھا ہے

فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗۤ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلٰى مَنْ كَسَبَ

تب تو اللہ ہرگز اپنا عہد خلاف نہ کرے گا یا خدا پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔ ہاں کیوں نہیں جو گناہ

سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾

کمائے اور اس کی خطا اسے گھیر لے وہ دوزخ والوں میں ہے انہیں ہمیشہ اس میں رہنا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ جنت والے ہیں انہیں ہمیشہ اس میں رہنا۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا یہ مضمون لفظاً مؤخر ہے لیکن معناً مقدم ہے کیونکہ مذکورہ بالا کی ابتدا اسی سے ہے۔ یعنی یاد کرو بنی اسرائیل مقتول کو قتل کر کے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آ کر اس کے متعلق سوال کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے۔ انہوں نے کہا: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ الآية۔

سوال: یہ آیت قصہ کی ابتدا میں کیوں مذکور نہ ہوئی؟

جواب: کیونکہ اس مضمون سے قصہ بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ گائے ذبح کر کے مقتول کا پتہ دینا مطلوب ہے۔ پھر جو شئے مقصود آمد نظر ہو وہی مقدم ہوا کرتی ہے۔

سوال: حضور علیہ السلام کے ہم عصر یہود کی طرف یہ قصہ کیوں منسوب کیا جا رہا ہے؟

جواب: یہ لوگ اپنے اسلاف کے اس فعل سے راضی تھے۔

سوال: جمع کو کیوں مخاطب کر رہے ہیں حالانکہ قتل کرنے والی کوئی جماعت تو نہ تھی؟

جواب: مقتول جماعت میں ملا تھا۔ القتل اس بنیاد کو توڑنا جس سے زندگی ختم ہو جائے۔ یعنی یاد کروائے بنی اسرائیل! اپنے اسلاف کے برے عمل کو، جبکہ انہوں نے ایک نفس محرمہ کو قتل کیا۔

ف: مقتول کا نام عامیل بن شراحیل تھا۔

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا، فَادّٰرَءْتُمْ دراصل تدارئتم تھا۔ درء سے مشتق ہے۔ بمعنی دفع، ای تدافعتم وتخاصمتم فی شانها۔ یعنی اس کے حق میں ایک دوسرے کے ساتھ لڑتے جھگڑتے تھے کیونکہ عصماء میں سے ہر ایک مدافعت کرتا اور کہتا میں تو اس فعل سے بری ہوں کوئی اور ہوگا۔ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ وہ جو تم چھپاتے تھے اسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا ہے۔ یعنی وہ جو تم چھپاتے تھے اللہ تعالیٰ اسے مستور و مکتوم نہیں رکھے گا بلکہ ظاہر کر دے گا۔

سوال: مُخْرِجٌ کا عمل کیسے صحیح ہو سکتا ہے حالانکہ وہ ماضی کے معنی میں ہے؟

جواب: گویا یہ حکایت ہے جو کہ آئندہ تدارء" میں ہوگا بمعنی حاضر کے، جیسے باسط ذراعیہ میں حکایت ہے۔

فَقُلْنَا۔ فَادّٰرَءْتُمْ پر عطف ہے۔ درمیان میں کلام بطور جملہ معترضہ کے استعمال کیا گیا ہے۔ اِضْرِبُوْهُ اس

marfat.ocm
Marfat.com

نفس کو مارو۔

سوال : نفس مؤنث سماعی کے لئے ضمیر مذکر کیوں لایا گیا؟

جواب: بتاویل شخص اور انسان کے۔

بِبَعْضِهَا بقرہ کے بعض کے ساتھ جو بھی ہو یا اس کی زبان سے۔ کیونکہ وہ کلام کا آلہ ہے۔ یا دُم کی ہڈی کیونکہ یہی سب سے پہلے پیدا ہوتی ہے اور سب کے بعد گلتی سڑتی ہے اور اسی پر دیگر تمام اعضاء کی تخلیق کی ترکیب ہوتی ہے یا اس کے علاوہ کوئی اور عضو مراد ہے۔

ف: بعض نصف سے کم کو کہتے ہیں۔ معنیٰ یہ ہے کہ پھر انہوں نے اسے مارا جس سے وہ زندہ ہو گیا۔

سوال : اس میں عبارت ف ضربوا فیحیٰ کیوں محذوف ہے؟

جواب : چونکہ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى دال موجود ہے مدلول کا ذکر نہیں کیا گیا۔

واقعہ : مروی ہے کہ انہوں نے وہی ٹکڑا جسم سے لگایا تو وہ مردہ باذن اللہ تعالیٰ زندہ ہوا اور اس کی رگوں سے بدستور خون جاری تھا اور کہا مجھے فلاں بن فلاں نے قتل کیا ہے جو کہ اس کے چچازاد بھائی تھے پھر وہ مر گیا۔ پھر ان دونوں کو پکڑ کر قتل کیا گیا اور انہیں مقتول کی وراثت سے محروم کیا گیا۔

سوال : موسیٰ علیہ السلام نے ان کو اس کے ٹکڑے لگانے کا حکم دیا خود کیوں نہ لگایا۔

جواب: تاکہ ان کی طرف سحر یا حیلہ کی نسبت نہ ہو۔ كَذٰلِكَ یہاں قلنا مقدر ہے۔ یعنی جب انہوں نے مارا اور وہ زندہ ہوا تو ہم نے کہا: كَذٰلِكَ اسی طرح كَذٰلِكَ کا خطاب ان لوگوں کو ہے جو مقتول کے زندہ ہونے کے وقت موجود تھے یعنی مثل اس زندہ کرنے عجیب کے۔ يُحْيِ ا ''الْمَوْتٰى قیامت کے دن اللہ تعالیٰ زندہ کرے گا۔

سوال : بنی اسرائیل کو تو قیامت میں اٹھنے کا اقرار تھا تو پھر انہیں كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ کہہ کر کیوں الزام لگایا جا رہا ہے؟

جواب: واقعی و قولاً اور تقلیداً تو اقراری تھے لیکن انہیں عیان و ایقان کے طور ثبوت دے رہے ہیں۔ جیسے ابراہیم علیہ السلام کا قول لٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ اعیان و ایقان کے لئے تھا۔ ہو سکتا ہے کہ یہ خطاب ان لوگوں کو ہو جو منکرین

marfat.ocm
Marfat.com

قیامت حضور علیہ السلام کے ہم زمان آیات مبارکہ نزول کے وقت موجود تھے۔اب دیگر تاویلات کی ضرورت نہیں بلکہ حکایت کا بِبَعْضِهَا ختم ہو جاتا ہے۔

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ اپنے دلائل تمہیں دکھاتا ہے کہ بیشک وہی ہر شئے پر قادر ہے۔لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ عقل کا مادہ عَقَلْتُ نَفْسِیْ عَنْ کَذَا ہے یعنی میں نے نفس کو اس سے روکا۔یعنی یہ اس لئے ہوا تا کہ تمہارے عقول کی تکمیل ہو جائے اور تم جان لو کہ وہ جب ایک نفس کے زندہ کرنے پر قادر ہے تو وہ تمام نفوس کے زندہ کرنے پر بھی قادر ہے۔

سوال: اس قتیل کے زندہ کرنے میں اتنی شرائط بیان فرمانے میں کیا حکمت تھی کہ گائے ذبح ہو پھر اس کا ایک ٹکڑا مقتول کے بعض حصہ کو لگایا جائے جبکہ وہ باری تعالیٰ بلا واسطہ اس کے زندہ کرنے پر قادر ہے؟

جواب: اس میں تقرب الی اللہ کا اشتمال اور ادائے واجب اور یتیم کو تجارت سے نفع دینا اور اللہ تعالیٰ پر متوکل ہونے کی برکت اور اولاد پر شفقت کرنا اور والدہ کے خدمت گزار کو فائدہ دینے کی وجہ سے بیان کیا گیا ہے۔

مسئلہ: سالک کو چاہیے کہ اپنی قربانی مالک کے حضور پیش کرے۔اسے یہ بھی لائق ہے کہ اچھی قربانی کرے اور قیمتی ہو۔جیسا کہ مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دُنبہ تین سو دینار کی قیمت کا ذبح کیا تھا۔

عقیدہ: مؤثر حقیقی اللہ تعالیٰ ہے۔اسباب تاثیر کے صرف علامات ہیں ان میں کسی قسم کی تاثیر نہیں ہوتی کیونکہ دو موتیں جو دو جسموں (مقتول بنی اسرائیل اور گائے) سے حاصل ہوئیں کسی لحاظ سے بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ ان سے حیات پیدا ہو سکتی ہے۔لیکن اللہ تعالیٰ قادر ہے اس نے حیات پیدا کر دی۔

تفسیر صوفیانہ

جسے چاہیے کہ میں اپنے سب سے بڑے دشمن کی حقیقت معلوم کر لوں جو کہ میری حقیقی موت کے درپے رہتا ہے تو اسے اپنے نفس کی خواہشات کو مٹانا چاہیے۔جب اس سے طفولیت کی حرص زائل ہو جائے گی کیونکہ اس کے بعد اس کا حال عجیب اور خوش منظر طلب دنیا سے دور اس کی گرد وغبار سے ایسا صاف ہو جائے گا کہ خود نفس ایسی باتوں کو قبول کر لے گا جس کی وجہ سے اسے حیات طیبہ نصیب ہو جائے گی اور احوال اس کے سامنے منکشف ہو جائیں گے اور عقل ووہم کا جھگڑا بھی دور ہو جائے گا۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا الخ۔اس میں بعض عارفین فرماتے ہیں کہ جو شخص چاہتا ہے کہ مجھے احیاء قلب نصیب

marfat.ocm
Marfat.com

ہوجائے تو اسے چاہیے کہ اپنے نفس کی خواہشات کو مٹادے کیونکہ جس نے نفس کی خواہشات کو ریاضاتِ شاقی کے ذریعے سے مٹایا تو اس کے دل کو اللہ تعالیٰ انوارِ مشاہدات سے زندہ کردے گا۔ جو نفسانی خواہشات کو مٹا کر طبعی موت سے مرے گا اسے حقیقی حیات نصیب ہوگی۔ پھر جیسے گائے کے ذبح کے بعد اس کی زبان مقتول کو ماری گئی اور وہ زندہ ہوگیا اور کہا کہ مجھے فلاں شخص نے قتل کیا ہے۔ اسی طرح جس نے نفس کو جو کہ سچائی کے چھرے سے مذبوح ہو اس کی زبان کو دائمی ذکر کے ساتھ مقتول کے قلب پر مارا جائے تو بھی اس دل کو اللہ تعالیٰ اپنے نور سے زندہ کرے گا پھر وہ بندہ کہے گا: وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ

حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

شخصم بچشم آدمیاں خوب منظر است — وزجبثِ باطنم سر خجلت فتادہ پیش
طاؤس را نقش ونگاری کہ ہست خلق — تحسین کنند او خجل از پائے زشت خویش

ترجمہ: ا۔ میرا ظاہر تو لوگوں کو اچھا نظر آتا ہے لیکن میں اپنی اندرونی خباثت کی وجہ سے شرمساری سے سر جھکائے ہوئے ہوں۔ ۲۔ مور کی حسین وجمیل شکل پر لوگ تحسین کہتے ہیں وہ اپنے پاؤں کی وجہ سے شرمسار ہے۔

قاعدہ صوفیہ:۔ کسی بزرگ سے اسلام کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا:۔

''مخالفت کر کے نفس کو ذبح کرنا اور نفس کی مخالفت کا مطلب ہے کہ اسے خواہشات سے دور رکھنا''

حکایت: ا۔ حضرت سری سقطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: مجھ سے تیس یا چالیس سال نفس مطالبہ کرتا رہا کہ میں اخروٹ کو کھجور کے شیرہ میں ملا کر کھاؤں لیکن میں نے اسے اس خواہش سے محروم رکھا۔

حکایت: ۲۔ ایک مرد کو ہوا میں اڑتا ہوا دیکھ کر اس سے پوچھا کہ آپ نے یہ مرتبہ کہاں سے پایا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ جب سے میں نے خواہشاتِ نفسانی کو چھوڑا اللہ تعالیٰ نے ہوا کو میرے تابع کر دیا ہے۔

نسخہ روحانی: کسی نے بزرگ سے پوچھا کہ مجھے ایسا طریقہ بتاؤ جس سے میں تجریدی حج ادا کروں۔ بزرگ نے فرمایا: پہلے دل کو سہو سے صاف کرو۔ پھر نفس کو لہو ولعب سے دور رکھو۔ اس کے بعد زبان کو لغویات سے بچاؤ

marfat.ocm
Marfat.com

پھر جہاں چاہو جاؤ۔

تفسیر عالمانہ

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ یہ خطاب اہلِ کتاب کے ان علماء کو ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زمان تھے۔ ثُمَّ ان کی قساوتِ قلبی کے بعد کی وجہ سے ہے کہ بعد ذکر کرنے یعنی باوجودیکہ ہم نے تمہیں وہ امور بتائے ہیں جو دل کو نرم کرتے ہیں اور اس میں رقت پیدا کرتے ہیں لیکن پھر بھی تم شک میں ہو۔

ف :قسوۃ'' اور قساۃ''غلیظ وشدید ہونے کو کہتے ہیں جیسے کہ پتھر میں ہوتی ہے اور قلوب کو اس سے اس لیے موصوف کیا گیا کہ وہ عبرت پکڑنے سے دور ہیں اور نصائح ان پر اثر نہیں کرتے۔

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ بعد ان واقعات کے سننے کے کہ مقتول زندہ ہوا اور وہ لوگ بندر وخنزیر ہوئے اور پہاڑ ان کے سروں پر آیا اور دیگر آیاتِ بینات اور وہ حالات کہ جن کو سُن کر پہاڑ پگھل جائیں اور پتھر ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

فَهِيَ پس یہ قلوب كَالْحِجَارَةِ اپنی شدت وقساوۃ کی وجہ سے پتھر کی طرح ہیں۔ فاء تفریع کے لئے ہے جو قلوب کو پتھر سے مشابہت دی گئی ہے کہ وہ قساوت میں برابر ہیں یہ التشبیہ علیٰ وجہ الشبہ کے قبیل سے ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے۔ اَحْمَرُ خَدَّهٗ فَهُوَ كَالْوَرْدِ (اس کا چہرہ گلاب کی طرح سرخ ہے)

اَوْ اَشَدُّ یا اس سے بھی زیادہ سخت۔ قَسْوَةً تمیز ہے اور اَوْ بمعنی بَلْ ہے یا تخییر کے لئے ہے۔ یعنی اگر تم چاہو اس سے بھی زیادہ سخت شئے۔ مثلاً لوہے سے تشبیہ دو تب بھی موزونیت سے خالی نہیں۔

سوال : اَوْ کا اصلی معنیٰ یعنی شک وتردد کیوں نہیں کیا گیا؟

جواب : شک وتردد اللہ تعالیٰ علام الغیوب سے محال ہے۔

سوال : اَشَدُّ قَسْوَةً کیوں کہا گیا تو یہ ان افعال میں ہوتا ہے جن سے افعل التفضیل وافعل التعجب کی بنا نہ ہو سکے حالانکہ یہ مجرور کا فعل ہے اور اس سے افعل التفضیل وافعل التعجب دونوں مشتق ہو سکتے ہیں؟

جواب : یہی معنیٰ مراد پر زیادہ ظاہر اور قسوۃ کی زیادتی پر زیادہ دال ہے کیونکہ اس میں جو لفظ یعنی قسوۃ بھی موجود ہے اور پھر زیادتی کے معنیٰ کے لئے لفظ اَشَدُّ بھی بخلاف اقسیٰ کے کہ اس میں صرف جوہر کلمہ یعنی قَسْوَةً کی دلالت ہوگی۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال :قساوۃ کی تشبیہ حجارۃ سے کیوں ہے حالانکہ اس سے بہت بڑے سخت لوہا اور تانبہ تو موجود ہیں۔

جواب : وہ آگ وغیرہ سے نرم ہو جاتے ہیں مثلاً لوہے کو آگ نرم کر دیتی ہے اس میں نرمی کا مادہ ہے، جیسے حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں نرم ہو جاتا تھا اور تانبے سے برتن وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں بخلاف پتھر کے کہ نہ اسے آگ نرم کر سکے اور نہ کوئی اور شئے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے کفار کے دلوں کو اس سے تشبیہ دی۔ اللہ تعالیٰ عالم ہے کہ تشبیہ دے رہا ہے اور اسے علم ہے کہ یہ قوم ایمان نہیں لائے گی۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ ربط: اب ان کے دلوں کی پتھر سے زیادہ سختی کا بیان فرماتے ہیں کہ کفار کے قلوب کس طرح پتھر سے شدت میں زیادہ ہیں۔ گویا اب اَشَدُّ قَسْوَةً کی دلیل کو زیادہ پختہ بنانا مطلوب ہے۔

ترکیب : مِنَ الْحِجَارَةِ ، اِنَّ کی خبر ہے اور اس کا اسم لَمَّا الخ ہے۔ لام تاکید کے لئے ہے اور ما سے مراد پتھر ہے۔

لَمَا يَتَفَجَّرُ بہت بار پھٹ جاتا ہے۔ مِنْهُ اس کی ضمیر ما کی طرف راجع ہے۔ اَلْاَنْهٰرُ نہر کی جمع ہے۔ نہر پانی کے جاری ہونے کے مقامات سے ایک جاری ہونے کی وسیع جگہ کا نام ہے۔ یعنی بعض پتھر وہ ہیں کہ ان میں پھٹنا ہوتا ہے کہ جس سے پانی فراوانی سے نکل کر بہتا ہے۔ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ اور بعض پتھروں میں سے وہ ہیں لَمَا يَشَّقَّقُ یہ دراصل يَتَشَقَّقُ تھا یعنی پھٹ جاتے ہیں اور صَدْعٌ بمعنی شئے کے اطراف کو چیرنا۔

فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ اس سے پانی طول یا عرض میں چلتا ہے اور اس سے پانی اُبلتا ہے۔ اس سے چشمے مراد ہیں نہ کہ نہریں۔ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ پہاڑ کی اونچائی سے گر کر نیچے آتا ہے مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ خشیۃ اس خوف کو کہتے ہیں جو علم سے ہو۔ یہاں مجاز ہے کہ وہ ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی وجہ سے اور یہ ممتنع نہیں جس کا ارادہ کیا جا رہا ہے اور کفار وہ ہیں کہ نہ وہ تابعدار ہوتے ہیں اور نہ ہی نرم اور اور نہ ہی ڈرتے ہیں اور نہ وہ جس کے مامور ہیں اس پر عمل کرتے ہیں وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ اور اللہ تعالیٰ بھولنے والا نہیں ہے۔ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ یعنی جو تم عمل کر رہے ہو اس سے بے خبر نہیں۔ یہ شدید وعید ہے اس عمل کی وجہ سے جس پر ان کے قلوب ہیں اور اعمالِ سیئہ کی وجہ سے جن پر یہ وعید مرتب ہو رہی ہے۔

نکتہ : کافر کا دل پتھر سے بدتر اس لیے ہے کہ پتھر میں فہم و فراست کے اسباب و خطاب نہ ہونے کے باوجود

marfat.com
Marfat.com

اللہ سے ڈر رہا ہے اور اس کے لئے فرمانبردار ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

اور کافر کا دل باوجود یکہ اس میں عقل وفہم کے اسباب ہیں اور قبول کرنے کی ہیبت بھی موجود ہے، نہ ڈرتا ہے اور نہ نرم ہوتا ہے۔

مسئلہ: معتزلہ کہتے ہیں: "خشية الحجر على وجه المثل" یعنی اگر ان میں عقل ہوتی تو وہ عمل ضرور کرتے اور اہل سنت وجماعت فرماتے ہیں: پتھر اگرچہ جماد ہے لیکن اللہ تعالیٰ اسے فہم دیتا ہے اور الہام فرماتا ہے پھر اس الہام کی بدولت وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جمادات اور تمام حیوانات میں علم رکھا ہے (خلافاً للعقلاً) اور اس کے سوا دیگر کوئی واقف نہیں ہوتا، ان کی صلوٰۃ بھی ہے اور تسبیح وخشیت بھی، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ اور فرمایا: وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ اور كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ

سبق: سالک کے لئے ضروری ہے کہ اس پر ایمان لائے اور اس کا علم اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے۔

معجزاتِ محمدی: ۱۔ حضور علیہ السلام ایک دن کوہِ ثبیر پر تھے اور کفار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں تھے۔ کوہِ ثبیر نے عرض کی: مجھ سے اتر جایئے، ایسا نہ ہو کہ کافر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑ لیں اور میں اللہ تعالیٰ کی گرفت میں آجاؤں۔ اُدھر حرا پہاڑ نے عرض کی: حضور! میرے ہاں تشریف لے آیئے۔

۲۔ جس کھجور کے تنے کا، جو کہ مسجد کے ستونوں میں سے ایک تھا، آپ سہارا لے کر وعظ فرماتے۔ منبر تیار ہونے پر آپ نے اس سے ٹیک لگانا چھوڑ دیا تو وہ آپ کے فراق میں رو پڑا اور اونٹنی کی طرح اس سے چیخ وپکار کی آواز آرہی تھی یہاں تک کہ عام مسجد والوں نے سنا۔ آپ نے نیچے اتر کر اسے گلے سے لگایا۔ تب اسے سکون نصیب ہوا۔[1] مثنوی شریف میں مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں:

آنکہ اورا نبود اسرار داد　　کے کند تصدیق او نالہ جماد

ترجمہ: جسے عطیہ ایزدی سے اسرار نصیب نہ ہوں وہ جماد کے نالہ کی کب تصدیق کرتا ہے۔

۲۔ ایک یہودی بکریاں چرا رہا تھا کہ بھیڑیئے نے بکری پر حملہ کر کے بکری اٹھالی۔ وہی یہودی اس کے پیچھے بھاگا اور اس سے بکری چھڑالی۔ بھیڑیا یہودی کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا ایک دن ایسا بھی ہوگا کہ ان کا چرواہا

---

[1]: ۔ فقیر نے اس واقعہ کو شرح مثنوی شریف میں تفصیل سے لکھا ہے۔ اویسی غفرلہٗ۔

marfat.ocm
Marfat.com

میرے سوااور کوئی نہیں ہوگا۔لوگوں نے کہا سبحان اللہ! بھیڑیا بھی کلام کرتا ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تو ایمان رکھتا ہوں اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی۔بھیڑیئے کا بولنا کونسی عجیب بات ہے قیامت کے دن کفار کے چمڑے بولیں گے۔

۴۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں کنکریاں تسبیح پڑھتی تھیں۔

۵۔زہر آلود بکری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بول پڑی۔

۶۔دو درخت چل کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے (اور جھک گئے) جن کی اوٹ میں بیٹھ کر آپ نے قضاءِ حاجت فرمائی پھر وہ اپنی جگہوں پر چلے گئے۔وغیرہ۔اس طرح کے بیشمار واقعات ہیں۔[1]

حکایت: قطب وقت شیخ ہدائی اسکداری کے واقعات میں ہے کہ پانی جاری میں چلتے وقت پانی کا ذکر یا دائم یا دائم اپنے کانوں سے سنتے تھے۔

حضرت مولانا روم مثنوی شریف میں فرماتے ہیں:

نطق آب ونطق خاک ونطق گِل ہست محسوس حواس اہلِ دل
فلسفی کو منکر حنانہ است از حواسِ اولیاء بیگانہ است
ہر کرا در دل شک و پیچا نیست درجہان او فلسفی پنہا نیست

ترجمہ: ۱۔پانی مٹی اور گارے کا بولنا اہلِ دل کے حواس کو محسوس ہوتا ہے۔۲۔وہ فلسفی جو حناہ کے نالہ کا منکر ہے وہ حواسِ اولیاء سے بیگانہ ہے۔۳۔جس کے دل میں شک اور ٹیڑھا پن نہیں جہان میں اس کے نزدیک فلسفی بے عقل ہے۔

ف: بعض حکماء فرماتے ہیں کہ: ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ کا معنی یُبِس" بمعنیٰ خشکی ہے۔یعنی تمہارے دل خشک ہوگئے اور دل کی خشکی کا یہ مطلب ہے کہ دل دو پانیوں سے محروم ہوجاتا ہے۔

ایک اللہ تعالیٰ کے خوف کے پانی سے، دوسرا مخلوق پر شفقت کے پانی سے۔

جس دل میں نہ خوفِ خدا ہو اور نہ مخلوق پر شفقت، تو وہ دل پتھر سے بھی زیادہ سخت ہوجاتا ہے۔

---

[1] تفصیلی معجزات کے لئے فقیر کی کتاب "المعجزات" پڑھیے۔اویسی غفرلہٗ۔

marfat.ocm
Marfat.com

روحانی نسخے:۔ حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بغیر کثرتِ کلام سے بچو۔ اس لیے کہ ذکرِ الٰہی کے بغیر کثرتِ کلام سے دل سخت ہو جاتا ہے اور جس کا دل سخت ہو وہ اللہ تعالیٰ کے قرب سے دور ہو جاتا ہے۔

حدیث شریف: فرمایا: چار چیزیں بدبختی کی علامت ہیں:

۱۔ آنکھ کا خوفِ خدا سے آنسو نہ بہانا۔ ۲۔ دل کا سخت ہو جانا۔ ۳۔ طویل آرزو۔ ۴۔ دنیوی معاملات میں حریص ہونا۔

ف: آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہودیوں نے جبکہ بہت بڑے بڑے معجزات دیکھے لیکن چونکہ عنایت ربانی ان کے شامل نہ ہوئی اسی لیے سختی قلت کے سوا انہیں کچھ نصیب نہ ہوا اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں آیاتِ ظاہرہ تو دکھائے اور انہوں نے ظاہری حواس سے انہیں دیکھا لیکن انہیں اس برہان سے محروم رکھا جسے قلب سے دیکھا جاتا ہے۔ یہی بات ان کے لئے آڑ بن گئی اور ان سے تکذیب وانکار سرزد ہوا۔ چنانچہ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ سے معلوم ہوتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ کچھ یہی کیفیت ان بعض سالکین کی ہے کہ جب وہ ریاضت میں شاغل ہوتے ہیں تو روحانیت کی صفائی کی وجہ سے ان پر بعض آیات کا ظہور ہو جاتا ہے اور ان سے خرق عادات کرامات سرزد ہونے لگتے ہیں پھر جبکہ عنایت ربانی ان کے شامل حال نہیں ہوتی تو پھر سوائے عجب وغرور کے انہیں کچھ نصیب نہیں ہوتا اور یہ واردات عموماً رہبانیوں کو حاصل ہوتے ہیں اور ان فلسفیوں کو بھی جنہیں اللہ تعالیٰ خسارہ میں ڈالنے کی وجہ سے مہلت دیتا ہے اور انہیں اس کا علم تک نہیں ہوتا اسی لیے گمراہی میں بڑھتے رہتے ہیں۔

سوال: قلوب کو پتھر سے کیوں تشبیہ دی گئی ہے؟

جواب: جیسے پتھر نرم نہیں ہو سکتا اسی طرح یہ دل بھی ذکر حقیقی سے نرم نہیں ہو سکتے۔ ذکر حقیقی وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اہتمام سے بیان فرمایا: فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ (تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا)

اقسامِ قلب:۔ سختی کے لحاظ سے دل کئی قسم کے ہیں: ۱۔ بعض اس پتھر کی طرح ہیں کہ ان سے نہریں جاری ہوتی ہیں یہ وہ ہیں جن میں صفائی کی وجہ سے روح کے انوار کے غلبوں سے بعض ایسے امور ظاہر ہوتے ہیں جو

marfat.com
Marfat.com

خرق عادات کے مشابہ ہوتے ہیں اور یہ راہبوں اور کاہنوں میں ہوتا ہے۔

۲۔ بعض ان پتھروں کی طرح ہیں کہ جن کے پھٹنے سے پانی نکلتا ہے۔ یہ وہ ہیں جن پر بعض اوقات (جبکہ بشریت کے حجابات انوارِ روح سے دور ہو جاتے ہیں) وہ بعض آیات اور معانی کا مشاہدہ کر لیتے ہیں اور یہ بعض فلسفیوں اور بعض شعراء کو حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ بعض ان پتھروں کی طرح کہ وہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے گر جاتے ہیں۔ یہ وہ ہیں جن میں بعض صفائی ہوتی ہے کہ وہ بقدر صفائی قلب حجابات سے آگے بڑھ کر روح کے انوار کے عکس کے قابل ہوتے ہیں ان میں خوفِ الٰہی بھی ہوتا ہے اور خشیت بھی۔ یہ بات بعض **اھلِ الادیان والملل** میں ہوتی ہے۔ یہ مراتب مشترک ہیں اہلِ اسلام میں ہوتے ہیں اور ان کے غیروں میں بھی۔

سوال: جب یہ مراتب مسلم وغیر مسلم میں مشترک ہیں تو پھر فرق کیا رہا؟

جواب: یہ مراتب اہلِ اسلام کو ایمان کی تائید سے نصیب ہوتے ہیں۔ اسی لیے یہ کرامات وفراسات کی وجہ سے اپنے قرب میں بڑھتے رہتے ہیں اور ان کی یہ کرامات وغیرہ تجلی انوار حق سے ظاہر ہوتی ہیں۔ **کما قال** تعالیٰ: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

(جس کا اللہ تعالیٰ اسلام کے لئے سینہ کھول دیتا ہے تو وہ اپنے رب کے نور پر ہوتا ہے)

۴۔ بعض قلوب ایسے پتھر کی مانند ہیں کہ نہ ان پر قرآن کا اثر ہوتا ہے اور نہ احادیث کا اور نہ ہی وعظ ونصیحت کا اور نہ ہی حکمت کا اور یہ قلوب کفار اور منافقین کے ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ وہ قلوب ہیں جن پر مہر لگ چکی ہے۔

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں تمہیں یا تو جلد از جلد سزا دے گا یا دیر سے۔ جلد سزا یوں کہ تمہارے انکار کو تمہاری **قساوۃ قلبی** کا سبب بنا دے گا جس سے تم انکار کیے جاؤ گے اور تمہارے قلوب کا میلان اعمالِ فاسدہ کی طرف رہے گا پھر تمہارے اس انکار کی وجہ سے تمہارے قلوب پر یہ مہر لگ جائے گی۔

حدیث شریف:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ہر ولی اللہ تعالیٰ کی انگلیوں (قدرت) میں ہے، چاہے تو وہ تمہارے دلوں کو سیدھا رکھے یا انہیں ٹیڑھا کر دے''

marfat.ocm
Marfat.com

اور دیر سے سزا دینے کا مطلب یہ ہے کہ کل قیامت میں تمہارے اعمال کی وجہ سے تمہیں سزا دے گا۔

(کذا فی التاویلات النجمیه)

تفسیر عالمانہ

اَفَتَطْمَعُوْنَ ربط : حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دعوت الی الحق اور کفار کو اس کے قبول کرنے کے بڑے حریص تھے پھر ان کے عناد اور سرکشی سے آپ کا سینہ تنگ ہو جاتا یعنی ملال میں پڑ جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بنی اسرائیل کے گذشتہ حالات سنوائے کہ باوجود آیات کے مشاہدات کے، پھر بھی انہوں نے نہ مانا۔ اس میں صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دینا مقصود تھا اس بارے میں کہ آپ کے ہمعصر اسرائیل حق قبول نہیں کر رہے تو کیا ہوا۔ آپ سے پہلے بھی ایسے ہوتا رہا۔ یہ خطاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام سے ہے اور ہمزہ واقعہ کے انکار و استعباد کی وجہ سے ہے جیسے کہتے ہیں:

"اَتَضْرِبُ اَبَاکَ" (کیا تو اپنے باپ کو مار رہا ہے؟)

یعنی یہ ہمزہ انکاری ہے نہ کہ وقوع کے انکار کے لئے جیسے کہا جاتا ہے: "ءَ اَضْرِبُ اَبِیْ" اور فاء عطف کے لئے جو مقدر پر عطف ہے جس کا مقام مقتضی ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی اَتَسْمَعُوْنَ اَخْبَارَهُمْ وَتَعْلَمُوْنَ اَحْوَالَهُمْ فَتَطْمَعُوْنَ خلاصہ کلام یہ کہ تم ان کے مایوس کن احوال کی تفصیل جانتے ہو پھر بھی تم طمع رکھتے ہو کہ اَنْ یُّؤْمِنُوْا لَکُمْ ایمان لے آئیں گے تمام یہود یا ان کے علماء۔ کیونکہ یہ شدت طمع اور اخلاق ذمیمہ میں ان کے برابر ہیں۔ لہٰذا ان میں سے سوائے ان اعمال کے جو ان اسلاف سے صادر ہوئے کچھ نہیں حاصل ہوگا۔ پس ان کی تکذیب پر غم نہ کھاؤ اور لام لَکُمْ میں استجابت کے معنیٰ کی تضمین کی وجہ سے ہے ای فی ایمانهم مستجیبین لکم، یا تعلیل کے لئے ہے ای فی ان یحدثوا الایمان لاجل دعوتکم، واؤ حالیہ ہے۔ وَقَدْ کَانَ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ ان میں سے ایک گروہ پہلے تھا۔ فَرِیْقٌ ایک ایسی جمع ہے جس کا اپنے لفظ سے واحد نہیں ہے۔ جیسے رهط"۔ یَسْمَعُوْنَ کَلَامَ اللّٰهِ جو تورات سے کلام الٰہی سنتے تھے۔ ثُمَّ یُحَرِّفُوْنَهٗ اس میں جو احکام تھے انہیں تبدیل کرتے جیسے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت اور آیہ رجم۔ بعض کہتے ہیں کہ ستر منتخب شدہ یہود نے اللہ تعالیٰ کا کلام سنا جبکہ طور پر موسیٰ علیہ السلام نے سنا، جس میں امر و نہی تھا۔ پھر انہوں نے کہا ہم نے اللہ تعالیٰ سے

marfat.ocm
Marfat.com

کلام سنا تو اس نے آخر میں فرمایا اگر تم سے ہو سکے تو اسے عمل میں لانا اگر نہ ہو سکے تو کوئی حرج نہیں۔

(کذافی التیسیر)

ازالہ وہم:۔ لیکن بات یہ ہے کہ انہوں نے بلاواسطہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں سنا تھا کیونکہ یہ تو موسیٰ علیہ السلام کا خاصہ تھا۔ ان کے ساتھ دنیا میں کسی کی شرکت نہیں تھی۔ اب معنیٰ یوں ہوا کہ تم اللہ تعالیٰ کا کلام یعنی تورات سنتے تھے جبکہ موسیٰ علیہ السلام پڑھتے تھے۔ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ یعنی بعد اس کے کہ انہوں نے عقل سے اس کلام کو سمجھا اور ضبط کیا کہ ان کو کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہا۔ معنیٰ یہ ہے کہ لوگ کیسے ایمان لا سکتے ہیں جبکہ یہ اپنے اسلاف کی تقلید کرتے ہیں۔ یہ بھی ان اہلِ سوء سے ہیں جو پہلے گذر چکے ہیں لہٰذا ان سے ایمان لانے کی طمع نہ کرو۔ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ جسے تحریف کرتے ہیں انہیں علم تھا کہ ہم کاذب ومفتری ہیں۔ وَاِذَا لَقُوْا جب یہود ملاقی ہوتے ہیں۔ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ان لوگوں سے جو ایمان دار ہیں یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قَالُوْٓا منافقین کہتے ہیں اٰمَنَّا ہم بھی تمہاری طرح ایمان رکھتے ہیں کہ حضور سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وہی رسول مبشر بہ ہیں۔ وَاِذَا خَلَا جب واپس چلے جاتے ہیں بَعْضُهُمْ وہ لوگ جو منافق نہیں ہیں یعنی جب فارغ ہوتے ہیں مومنین کے مشغلہ سے اور متوجہ اور ملنے والے ہوتے ہیں اِلٰى بَعْضٍ ان لوگوں کی طرف جو منافق ہیں اس وقت کہ ان کے نزدیک سوائے ان کے اور کوئی نہیں ہوتا۔ قَالُوْٓا تو وہ گھر میں بیٹھنے والے عتاب دیتے ہیں اس نے اس عمل پر اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ کیا تم خبر دیتے ہو۔ استفہام بمعنیٰ نہی ہے۔ یعنی مومنین کو خبر مت دو۔ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ وہ باتیں جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں خصوصی طور پر تورات میں بتائی ہیں یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف۔ فتح' سے اس لیے تعبیر کر رہے ہیں کہ وہ ایک پوشیدہ راز اور بند دروازہ کی طرح ہے کہ کوئی اس سے واقف نہیں ہے۔ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ لام تحدیث سے متعلق ہے نہ کہ فتح سے، اور ضمیر بہ میں بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ کی طرف راجع ہے یعنی تاکہ وہ حجت پکڑیں۔ پس تم پر حجت قائم کرتے ہوئے تمہیں عاجز کر دیں گے۔

عِنْدَ رَبِّكُمْ اس کے حکم اور کتاب میں جیسے کہتے ہیں۔ ھو عند اللہ اس کی کتاب اور شریعت میں۔ اس واقعہ کو سن کر یہود وغیرہ اگرچہ اس غرض کو حاصل نہیں کر سکتے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے سامنے حجت بازی کرنا لیکن ان کی حماقت اور بیوقوفی کے اظہار کے لئے ایسے ہی بیان فرما دیا۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ان کے کلام سے متصل ہے بطور

marfat.com
Marfat.com

توبیخ وعتاب کے ہے یعنی کیا تم دیکھتے نہیں ہو۔ پھر اس ظاہر فاحش کو معلوم کرلو گے۔ ان کا یہی بیان تم پر حجت ہو جائے گا۔ اس اعتبار سے ان کا عدمِ تعقل ابتداءً ہوگا۔ یا یہ معنیٰ ہے کہ کیا یہ عمل تم کرتے ہو اور فاحش ظاہر کو سمجھتے بھی نہیں ہو جبکہ یہ بات بالکل واضح ہے اس لحاظ سے ان کا عدمِ تعقل فعل کے بعد ہوگا۔ اَوَلَا یَعْلَمُوْنَ ہمزہ انکار وتوبیخ کا ہے اور واؤ عاطفہ ہے اس کا عطف مقدر ہے کہ جس کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے اور ضمیر توبیخ دینے والوں کی طرف لوٹتی ہے یعنی حجت کے خطرہ پر انہیں بیان کرنے پر کیوں ملامت کرتے ہیں۔ کیا انہیں معلوم نہیں ہے کہ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ اللہ تعالیٰ جانتا ہے تمام وہ جو چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ وہ کفر کو چھپاتے تھے اور ایمان کو ظاہر کرتے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ مومنین پر اپنے نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیج کر ظاہر کردے گا۔ اہلِ ایمان حجت پکڑ کر کفار کو عاجز کردینے پر قادر ہو جائیں گے۔ جیسے کہ رجم کی آیت اور بعض محرمات کو حرام قرار دینے کی آیات سے ہوا۔ پس ملامت وعتاب کرنے میں کیا فائدہ؟

وَمِنْهُمْ اور یہودیوں میں سے بعض اُمِّیُّوْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ الْکِتٰبَ تورات کو نہیں جانتے کہ مطالعہ کرکے نبوت کے دلائل کی تحقیق کرکے ایمان لائیں۔ اِلَّآ اَمَانِیَّ "اُمْنِیَّة" کی جمع ہے تمنّی سے ماخوذ ہے اور استثناء منقطع ہے کیونکہ وہ جنس کتاب سے نہیں۔ یعنی نہیں جانتے سوائے شہوات باطلہ کے جو ان کے ہاں ہیں اور وہ مفتریات جن کے وہ مرتکب ہوئے۔ مثلاً: ۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کی تبدیلی۔ ۲۔ ہمیں (یہود کو) چند دنوں کے سوا عذاب نہیں مس کرے گا۔ ۳۔ انبیاء علیہم السلام ہماری شفاعت کریں گے۔ ۴۔ اللہ تعالیٰ ہمارے (یہود کے) گناہوں پر مواخذہ نہیں کرے گا بلکہ ہم پر رحم فرمائے گا۔ یہ اقوال ایسے ہیں کہ ان کی کوئی دلیل ان کے پاس موجود نہیں تھی۔

وَاِنْ هُمْ اور نہیں ہیں وہ اِلَّا یَظُنُّوْنَ مگر گمان کرتے ہیں، ان پر یقین نہیں رکھتے، یعنی وہ نہیں ہیں مگر قصوروار۔ یعنی ان کا امر گمان اور تقلید پر مبنی ہے۔ ان کے پاس کوئی ایسا امر نہیں کہ جس سے وہ مرتبہ علم کو پہنچ سکیں۔ جب ایسی بات ہے تو پھر ان سے ایسے ایمان کی امید کیسے کی جاسکتی ہے کہ جس کی بنیاد یقین پر ہو۔ فَوَیْلٌ "ویل" یہ وہ کلمہ ہے جو ہلاکت میں پڑنے والا کہتا ہے۔ یعنی کسی کے لئے عذاب کی دعا مانگنا بمعنیٰ بہت بڑی سزا۔ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر اس کا مابعد ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وَیْل" :جہنم کی ایک وادی ہے جس میں کافر کو ڈالا جائے گا تو چالیس سال تک وہ اس کی تہ تک نہیں پہنچ پائے گا۔

قولِ حضرت سعید رضی اللہ عنہ:۔ حضرت سعید بن المسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وَیل جہنم کی ایک وادی ہے جس میں اگر دنیا کے پہاڑ ڈالے جائیں تو جل کر راکھ ہو جائیں۔

لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ ان کے لئے خرابی ہے جو تحریف شدہ کتاب کو لکھتے ہیں: بِاَيْدِيْهِمْ اپنے ہاتھوں سے۔ بِاَيْدِيْهِمْ تاکید ہے۔ تاکہ کسی کو یہاں مجازی معنیٰ کا وہم نہ ہو۔ مثلاً کہا جاتا ہے۔ كَتَبْتُ اِلٰى فُلَانٍ (میں نے فلاں کو لکھا) اس میں مجازی معنیٰ کا وہم ہے کہ اس نے دوسرے کو لکھنے کو حکم دیا اگرچہ اس نے خود نہیں لکھا لیکن امرِ کتابت کو اپنی کتابت سے تعبیر کیا ہے۔ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ پھر عوام کو کہتے ہیں هٰذَا یہ تحریف شدہ کتاب مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے یعنی یوں کہتے ہیں کہ یہی وہ اصل توراۃ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے موسیٰ علیہ السلام پر اتری تھی۔

شانِ نزول:۔ جب حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوا تو یہود کے علماء کو خطرہ لاحق ہوا کہ آپ کے اوصاف جو توراۃ میں درج ہیں عوام کو معلوم ہو گئے تو پھر ہمارے کھانے پینے اور عز و جاہ کے تمام راستے بند ہو جائیں گے۔ انہوں نے توراۃ کے اندر جو حضور علیہ السلام کے اوصاف درج تھے تبدیل کر ڈالے عوام کو وہی تحریف شدہ اوصاف سناتے جو حضور علیہ السلام کے اوصاف کے برعکس تھے۔ اسی لیے ان کے عوام حضور علیہ السلام کی تکذیب کرتے رہے۔ اس حیلہ سے ان یہودی علماء کے حلوے مانڈے بحال رہے۔ [1]

اصل توراۃ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک:۔

حسین چہرے والے، گھنگھریالے بالوں والے، شرمیلی آنکھوں والے اور متوسط قد والے صلی اللہ علیہ وسلم بقدر حسن جمالہٖ وعلیٰ آلہٖ وبارک وسلم۔

تحریف شدہ حلیہ کا ذکر: لمبے قد والے، نیلی آنکھوں والے، لٹکے ہوئے اور سیدھے بالوں والے (معاذ اللہ)

---

[1]۔ اس سے وہ لیڈر نما مولوی عبرت پکڑیں جو احکامِ خداوندی کو پسِ پشت ڈال کر امراء و احکام کی خوشنودی کے لئے مسائل بتاتے ہیں ہیرا پھیری کرتے ہیں۔ اولیٰ غفرلہٗ۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: توارۃ میں حضور علیہ السلام کا بیان تھا اور آپ کے حسن و جمال کا ذکر بھی۔ جب یہود اپنے علماء سے پوچھتے تو وہ پچھلے اوصاف سناتے جس کی وجہ سے عوام یہود حضور علیہ السلام کی پیروی سے محروم رہے۔

لِيَشْتَرُوْا بِهٖ تا کہ یہودی علماء تحریف شدہ مسائل کے عوض میں اپنے لیے حاصل کریں ثَمَنًا روپے، پیسے۔ ثمن وہ رشوت مراد ہے جو تحریف اور غلط تاویل کے عوض مال لیتے تھے۔

سوال : ثمن تو وسیلہ ہوتا ہے اور مقصود مبیع۔ یہاں اس کے برعکس کیوں کہا گیا ہے؟

جواب : ان کی غلطی کے اظہار کے لئے کہ جو شئے مقصود بالذات تھی اسے انہوں نے وسیلہ بنایا اور وسیلہ کو اصل مقصود سمجھا ان کی الٹی چال کی وجہ سے آیت میں یوں ذکر ہوا۔ قَلِيْلًا اتنا تھوڑا کہ وہ کسی شمار میں نہ ہو۔

سوال : یہود کے علماء تو بہت مال حاصل کرتے تھے آیت میں اسے قلیل سے تعبیر کیا گیا ہے؟

جواب : اس کا قلیل ہونا یا تو اس کے فناہ ہو جانے کی وجہ سے ہے یا اس لیے کہ اس کا انہیں کوئی ثواب نہیں ملے گا بلکہ الٹا عذاب۔ یا اس لیے کہ وہ حرام تھا اور حرام میں برکت نہیں ہوتی اور اللہ تعالیٰ کے ہاں حرام مال کی کوئی وقعت نہیں ہوتی۔ (کذافی تفسیر القرطبی)

فَوَيْلٌ لَّهُمْ ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ اس وجہ سے جو ان کے ہاتھوں نے لکھا۔ یعنی انہیں یہ سزا ان کی تحریف کی وجہ سے ہے وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ اور انہیں بڑا سخت عذاب ان کے برے عمل کی وجہ سے۔ مثلاً رشوت لینا اور گناہوں کا ارتکاب کرنا وغیرہ۔

اَلْكَسْبُ: اصل میں ایسا فعل جو حصولِ نفع اور دفعِ ضرر کے لئے کیا جائے۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ کی ذات پر نہیں ہوتا۔

فوائد و لطائف:۔ آیات مذکورہ میں چند لطیف اشارے ہیں:۔

☆..... بندے کا علم اور یقین اور معرفت اور اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہو جانا وغیرہ اسے اس وقت تک فائدہ نہیں پہنچاتا جب تک اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت شاملِ حال نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا

(اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت شامل حال نہ ہوتی تو تم سے کوئی ایک بھی نہ بچ سکتا)

marfat.ocm
Marfat.com

یہ بات حق ہے، دیکھئے شیطان ابلیس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے بلاواسطہ کلام کیا اور اس سے مخاطب ہوا۔ کما قال تعالیٰ: یٰۤاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ (اے ابلیس! میں نے تجھے حکم دیا میرے اپنے ہاتھ سے بنائے ہوئے کو سجدہ کیوں نہ کیا) ابلیس کو اتنی قدر افزائی کے باوجود اسے ایمان حقیقی نے فائدہ نہ بخشا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل اس کے شاملِ حال نہ تھا۔ وہ ابلیس مشاہدہ کے باوجود ایمان پر ثابت قدم نہ رہ سکا تو برہان دیکھنے والوں کی کیا امید رکھی جائے مثنوی شریف میں ہے:

جز عنایت کے کشاید چشم را　　جز محبت کہ نشاید خشم را
جہد بے توفیق خود کس را مباد　　در جہاں واللہ اعلم بالسداد
جہد فرعونے چو بے توفیق بود　　ہر چہ او می دوخت آں تفتیق بود

ترجمہ: ا۔عنایت الٰہی کے سوا کب آنکھ کھل سکتی ہے جہاں محبت ہو وہاں غصہ کیسا۔۲۔بے توفیق الٰہی کوشش نہ ہو جہاں میں کوشش سے راہ سیدھی نصیب نہیں ہوتی۔۳۔چونکہ فرعون کی کوشش توفیقِ الٰہی سے نہ تھی اسی لیے اس نے جو کچھ کیا ضائع ہوا۔

☆..... عالم بے عمل (سرکش) اور عوام گمراہی میں برابر ہیں۔ کیونکہ عالم کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے علم کے مطابق عمل پر کاربند ہو اور عوام کو چاہیے کہ ایمان وعقائد میں کسی کی تقلید نہ کریں اور نہ ہی گمان کی راہ پر چلیں کیونکہ ایمان صرف آرزو کا نام نہیں بلکہ تحقیق کا نام ہے۔ جو لوگ محض تقلید آبائی کے پابند ہیں اور اپنے ظنونِ فاسدہ پر عمل کرتے ہیں اور اپنے خیالات کو پیشوا مانتے ہیں انہیں اپنی کتابوں سے سوائے ظاہری قرأت کے اور کوئی فائدہ نہیں ہوتا نہ انہیں معانی کی معرفت نصیب ہوتی ہے اور نہ ہی اسرار وحقائق کا ادراک حاصل ہوتا ہے ہمارے زمانہ کے اکثر لوگوں کا یہی حال ہے کہ ادھر دیکھو تو اسلام کے علمبردار ہیں لیکن اسلام کی تعلیمات سے کوسوں دور ہیں ایسے مدعی اور صرف اسلام کے متمنی کا انجام برا ہوتا ہے۔ انہیں سوائے خسران اور گمراہی اور حسرت وندامت وبال کے اور کچھ نصیب نہیں ہوگا۔ مثنوی شریف میں ہے:

تشنہ را گر ذوق آید از سراب　　چوں رسد در وے گریزد جوید آب
مفلساں گر خوش شوند از زر قلب　　لیکن آں رسوا شود در دار ضرب

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : ۱۔ پیاسے کو اگر چہ سراب سے پیاس بجھانے میں مزہ محسوس ہوتا ہے لیکن جب اس کے قریب پہنچ کر اسے خالی پاتا ہے تو پانی کی تلاش کرتا ہے۔ ۲۔ اگر چہ کھوٹے سونے سے تنگدست خوش ہو جاتا ہے لیکن جب کسوٹی پر پرکھتا ہے تو سر مسار ہوتا ہے۔

☆..... جس نے دین کے کسی مسئلہ کو تبدیل کیا یا تحریف کی یا اس میں وہ عمل بدعت کے طور پر شامل کیا جو اصول دین سے خارج ہے تو وہ بھی اس آیت کی وعید میں داخل ہے۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے آخری دور کے لوگوں کے حالات کو معلوم کر کے فرمایا کہ خبردار! تم میں سے جو اہلِ کتاب تھے بہتر فرقوں میں تقسیم ہو گئے اور میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی۔ وہ سب کے سب جہنمی ہوں گے سوائے ایک فرقہ کے کہ وہ بہشتی ہوگا۔

ف: حدیث شریف میں اس طرف اشارہ ہے کہ دین میں اپنی طرف سے ایجاد بندہ شامل نہ کرو جو کتاب اللہ سنتِ رسول اور سنتِ صحابہ کے خلاف ہو جس سے لوگ گمراہ ہو جائیں۔ جن باتوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو ڈرایا وہی باتیں ان میں گھس گئیں اور جہان میں وہ بیماریاں عام ہو گئیں۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

نخواہی کہ نفرین کنند از پست — نکو باش تا بد نگوید کست

نہ ہر آدمی زادہ از دو بہست — کہ دوز آدمی زادہ بد بہست

ترجمہ : ۱۔ اگر تو چاہتا ہے تیرے بعد تجھے کوئی برا نہ کہے تو نیک ہو جا تا کہ کوئی تیری برائی نہ کرے۔ ۲۔ ہر آدمی جانور سے اچھا نہیں، ظالم آدمی سے جانور بہتر ہے۔

☆..... بعض لوگ نمائشی صوفی بن کر اولیاء اور اہلِ دل لوگوں کی صف میں شامل ہو جاتے ہیں لیکن ان کا دل ان کے طریقوں سے دور ہوتا ہے اور وہ غفلت کی طرف جھکے ہوئے ہوتے ہیں بلکہ ان کے اقوال غمازی کرتے ہیں کہ یہ ان میں سے نہیں اور وہ ہمیشہ اپنی خواہشات کے پابند ہوتے ہیں جہاں خواہشات لے جاتی ہیں وہ اُدھر بھاگ جاتے ہیں۔ اگر انہیں احکامِ الٰہی کی طرف بلایا جائے تو اس سے کتراتے ہیں ان کو اولیاء اللہ کے طریقوں سے ذرہ بھر بھی حصہ نصیب نہیں ہوتا۔ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ان کی ان خرابیوں کا انہیں بہت عذاب ہوگا اور وہ جو الحاد عن الحق اور بُرے عقائد اور مخلوق کو دھوکا دینے اور انہیں

Marfat.com

گمراہ کرنے کا عمل کرتے ہیں، تو اس وجہ سے انہیں وعیدِ شدید ہے۔ وہ خود بھی گمراہ ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ مثنوی شریف میں ہے:

صد ہزاراں دام ودانہ است اے خدا ماچو مرغانِ حریص بے نوا
دمبدم مابستہ دام نویم ہریکے گر باز وسیمرغ شویم

ترجمہ : ا۔لاکھوں دام ودانے ہیں اے اللہ! ہم پرندے کی طرح حریصِ بے نوا ہیں۔۲۔ہم ہر لحظہ نئے دام میں پھنسے ہیں خواہ ہم باز وسیمرغ ہو جائیں تب بھی دام سے نہیں بچ سکتے۔

تفسیر صوفیانہ سالک کے لئے ضروری ہے کہ موجود حق کی طرف پہنچنے کی کوشش کرے اور موہوم مطلق سے بچے بطون امتیازات سے غافل ہو کر حالات کے دھوکہ میں نہ آجائے۔ اُس لیے راہِ حق ہر دقیق سے دقیق اور ماءِ عمیق سے زیادہ گہرا اور دور دراز راہوں سے بھی زیادہ دور ہے۔

ف: سب سے بڑا جاہل وہ آدمی ہے جو نفس کی شرارتوں کے یقین ہونے پر لوگوں کی مدح کی وجہ سے نفس کی اصلاح ترک کر دیتا ہے۔ حضرت حارث بن اسد المحاسبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص کسی کی مدح سے خوش ہوتا ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جس کی مسخریاں کی جاتی ہیں۔ اسے یوں کیوں نہ کہا جائے کہ تیرے پیٹ سے جو فضلات خارج ہوتے ہیں وہ بڑے خوشبودار ہیں۔ کیا اس بات سے خوش ہوگا؟ نہیں ہرگز نہیں۔ تو ایسے ہی مدح سن کر خوش ہونے والے کی کیفیت ہے۔

سبق : دانا کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسی باتوں کی طرف دھیان نہ کرے بلکہ وہ حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کرے۔

ف: اس واعظ کے لئے بھی خرابی ہے جو لوگوں کے ہاتھ پاؤں چومنے پر تکبر کرتا ہے اور فخر محسوس کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں ان لوگوں سے افضل ہوں ایسا شخص صرف مدح وذم کی خرابیوں میں مقید رہتا ہے۔ ہاں اللہ تعالیٰ جس کے دل سے ایسے باطل خیالات دور فرمادے تو وہ بچ جائے گا ورنہ مشکل ہے۔

نسخہ: اچھے لوگوں کے پرکھنے کا خاص طریقہ یہ ہے کہ انہیں تعریف کرنے والے اور طمانچہ مارنے والے برابر

marfat.ocm
Marfat.com

نظر آئیں اور غلط طریقے والے اس کے برعکس ہیں۔

حکایت: حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ نے اپنی مجلس میں فرمایا کہ اگر میں نے حضور علیہ السلام کا یہ ارشاد نہ سنا ہوتا کہ: اِنَّ اللّٰہَ یُؤَیِّدُ الدِّیْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ (اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فاجر بندے سے کراتا ہے) تو میں کبھی وعظ کرنے کی جرأت نہ کرتا۔ اب مجھے سہارا مل گیا کہ وہی فاجر میں سہی دین کو تو فائدہ ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَقَالُوْا اور یہودیوں نے اپنے گمان پر کہا: لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ ہمیں آگ ہرگز نہیں چھوئے گی۔ یعنی آخرت میں ہمارے ہاں آگ نہیں پہنچے گی۔ اِلَّآ اَیَّامًا مَّعْدُوْدَةً ہاں چند گنتی کے دنوں تک وہ یا تو سات دن ہوں گے اس لحاظ سے کہ دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے اور دنیا کے ایک ہزار کے مقابلے میں ایک دن سزا ملے گی اس کا مجموعہ سات یوم ہے یا چالیس یوم مراد ہیں اتنی مقدار کہ ان کے آباء نے بچھڑے کی پرستش کی۔

ف: حضرت ابو منصور علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ یہودیوں نے ان ایام کو سمجھ رکھا جتنے دن ان کے آباء نے نافرمانی میں گزارے۔ یہ لوگ فرقہ جہمیہ کے عقیدہ کی طرح خلود نار کے قائل نہیں یا اس لیے کہ انہوں نے ایامِ قلیل سے تعبیر کیا کہ ان کا عقیدہ تھا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ابناء اور احباء ہیں اور باپ بیٹے کو اور دوست دوست کو اتنا بڑا عذاب نہیں پہنچاتا۔ ہاں کسی وقت زجر و توبیخ ہوتی تو مختصر وقت میں پھر وہ اس سے راضی ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: ان کا یہ مذکورہ خیال فاسد ہے کیونکہ کفر کی سزا دائمی ہے۔ جیسا کہ ایمان کی جزاء دائمی ہے۔ اس لیے جو بھی اپنے کسی دین پر عقیدہ رکھتا ہے تو وہ عقیدہ اس کا دائمی ہوتا ہے نہ کہ مذبذب۔ اسی طرح پھر اس کی جزا کا حال ہے کہ وہ بھی دائمی ہونی چاہیے۔

قُلْ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! انہیں تبکیتاً و زجراً فرمایئے اَتَّخَذْتُمْ، اَتَّخَذْتُمْ کا ہمزہ قطعی ہے کیونکہ یہ ہمزہ استفہامیہ ہے بمعنیٰ توبیخ کے اور ہمزہ وصلی کلام کے ادراج سے گر گیا ہے۔ دراصل ءَ اِتَّخَذْتُمْ تھا۔

عِنْدَ اللّٰہِ عَھْدًا کیا اللہ تعالیٰ سے تم نے کوئی وعدہ لے رکھا ہے۔ کیا تمہیں اللہ تعالیٰ سے اس قسم کی کوئی خبر پہنچی ہے یا تمہارے گمان کے مطابق کوئی تمہارے ہاں اللہ تعالیٰ کا عہد نامہ ہے کیونکہ یہ باتیں کسی عہد قوی کی بنا پر کہی جا سکتی ہیں۔ اس لیے اسے عہد سے تعبیر کیا گیا ہے فَلَنْ یہ فاء فصیحہ ہے شرط محذوف کا پتہ دے رہی ہے دراصل

marfat.ocm
Marfat.com

عبارت یوں تھی۔اِنِ اتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْداً وَاَمَاناً فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ ۔یعنی اگر تمہارے پاس اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد و پیمان ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف ہرگز نہیں کرے گا۔ يُخْلِفَ اللّٰهُ اخلاف سے ہے یعنی وعدہ توڑنا۔ عَهْدَهٗ یعنی وہ عہد جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کر رکھا ہے۔یعنی وہ تو اپنا وعدہ پورا کرتا ہے۔

ف: امام منصور علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: اس آیت میں دو وجہیں ہیں:

۱۔کیا تمہارے پاس اے اہلِ کتاب! اللہ تعالیٰ سے کوئی خبر آئی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں دائمی عذاب میں مبتلا نہیں فرمائے گا اگر کچھ تمہارے پاس خبر ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے عہد و پیمان کے خلاف نہیں کرتا۔

۲۔تمہارے پاس کوئی ایسے نیک اعمال ہیں جن کی وجہ سے تمہیں اللہ تعالیٰ نے بہشت کا وعدہ دے رکھا ہے اس اعتبار سے بھی وہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرے گا۔

اَمْ تَقُوْلُوْنَ کیا تم افتراء کہہ رہے ہو۔ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اللہ تعالیٰ پر ایسا افتراء کر رہے ہیں جس کا تمہیں علم تک نہیں کہ کیا ہونے والا ہے۔یہ اَمْ ہمزہ استفہام کے مضمون کو برابر کرنے کے لئے ہے۔اب مطلب یہ ہوا کہ ان دو امروں میں سے ایک بات تو ضرور ہوگی کیونکہ ان دونوں میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہوا کہ اگر تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کا کوئی وعدہ ہے تو وہ وعدہ خلافی نہیں کرے گا لیکن اس کا تمہارے ساتھ کوئی وعدہ نہیں تم اپنے خیالی پلاؤ میں مست ہو۔

حدیث شریف میں ہے:۔جب قیامت میں ان پر یہی گنتی کے ایام گزریں گے تو جہنم کا داروغہ جہنمیوں کو فرمائے گا اے اللہ تعالیٰ کے دشمنو! تمہارے گمان کے مطابق تو وہ مدت ختم ہوگئی اور تم جہنم میں پڑے ہو، یقین کرلو کہ تم نے اس جہنم میں ہمیشہ رہنا ہے۔

بَلٰى یہ لفظ نفی کے بعد اثبات کے لئے آتا ہے۔گویا کہ یہ نفی کا جواب ہے۔(اثباتا) اور لفظ نعم ایجاب کے جواب میں آتا ہے یعنی اے یہودیو! تم کہتے ہو کہ ہمیں صرف چند روز جہنم میں رہنا ہوگا۔تمہارا یہ گمان غلط ہے تم نے ہمیشہ جہنم میں رہنا ہے۔جیسا کہ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ کا جملہ بتاتا ہے اسی لیے اس مضمون کو شرط و جزا کے طریقہ پر بیان فرمایا۔ مَنْ مرفوع اور مبتدا ہے متضمن بمعنی 'الشرط' کے۔اسی لیے اس کی خبر میں فاء داخل ہوئی ہے اگرچہ یہ جزا ہے شرط کی كَسَبَ الْكَسْبُ بمعنی 'اِسْتِجْلَابُ النَّفْعِ' کے ہے۔یعنی نفع کمانا۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال : کفار کے لئے کون سا نفع ہے؟

جواب : مجازاً نقصان حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا گیا بطریق تحکم کے۔ جیسے ان کے لئے سیئۃ تحکما استعمال ہوا ہے۔ سَيِّئَةً کوئی بڑا گناہ، کبائر سے کوئی ایک کبیرہ وَاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ اور اسے وہ گناہ محیط ہوگیا۔ اس کی جمیع جوانب کو یعنی قلب، زبان ہاتھ کو محیط ہوگیا۔ جیسے دشمن گھیر لیتا ہے۔ یہ معنی صرف کافر کے لئے ہوسکتا ہے اسی لیے اسلاف نے سَيِّئَةً کا ترجمہ کفر کیا ہے۔ فَاُولٰٓئِكَ یہ مذکورہ لوگ کہ جنہوں نے برے اعمال کیے اور خطایا وغیرہ ان کے محیط ہوگئے۔

سوال: یہ اشار جمع کے لئے اور مَنْ کے لیے صیغہ واحد استعمال ہوتا آرہا ہے؟

جواب : مَنْ میں دو پہلو ہیں:

۱۔ لفظاً مفرد اسی لیے اس کے لئے ضمائر واحد لگائے گئے ہیں۔ ۲۔ معناً جمع۔

اَصْحٰبُ النَّارِ جہنم کے ساتھی۔

سوال : کفار کو جہنم کا ساتھ کیوں کہا گیا ہے؟

جواب : ساتھی، ساتھی کے ساتھ رہتا ہے وہ لوگ ہمیشہ اسی میں رہیں گے جیسے دنیا میں جہنم کے اسباب کے ساتھ رہے بنابریں انہیں جہنم کا ساتھی کہا گیا۔

جہنم کے داخلہ کے اسباب:۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کی آیات کی تکذیب۔ ۲۔ اللہ تعالیٰ کے کلام پاک کی تحریف۔ ۳۔ اللہ تعالیٰ پر افتراء پردازی وغیرہ۔

ترکیب: اَصْحٰبُ النَّارِ، اُولٰٓئِكَ کی خبر ہے اور جملہ مبتداء گذشتہ کی خبر ہے۔

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے نہ ان کو ساتویں دن چھٹکارا نصیب ہوگا نہ چالیسویں دن۔ جیسا کہ ان کا گمان ہے۔ یہ جملہ نصب علی الحالیہ کے موقعہ پر ہے۔ چنانچہ دوسرے مقام پر اسے صراحۃً حال بنایا گیا۔ کما قال : اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اس آیت سے کبیرہ کے مرتکب کے لئے جہنم کا خلود ثابت نہ ہوا کیونکہ یہ آیت تو خاص کفار کے لئے ہے۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تہ دل سے تصدیق کرتے ہیں وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اور اچھے عمل کرتے ہیں یعنی

marfat.com
Marfat.com

فرائض کی ادائیگی کرتے اور گناہوں سے بچتے ہیں ۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ یہی لوگ بہشتی ہیں اور وہ اس میں رہیں گے۔یعنی ان پر نہ موت ہوگی نہ ہی اس سے نکالے جائیں گے۔

سوال: جہنمیوں کے ذکر کے بعد بہشتیوں کے ذکر کی ضرورت کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا طریقہ ہے کہ وعدہ کرتا ہے تو وعید کو بھی ساتھ ذکر کر دیتا ہے جیسا کہ اس کی حکمت کا تقاضا ہے کہ بندوں کو صحیح راستہ بتانے پر کبھی ترغیب دے دے تو کبھی ترہیب کبھی خوش کر دیا تو کبھی ڈرا دیا۔نرمی و درشتی سے انسان کمال کو پہنچتا ہے اور اسی طریق سے جمال وجلال کے جلووں سے نوازا جاتا ہے۔

حکایت: ایک شیخ نے اپنے مرید سے فرمایا کہ اگر تو حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمہ کی زیارت کر لے تو تیرے لیے اس شغل سے بہتر ہے کہ جس میں تو مشغول ہے۔مرید نے کہا حضرت بایزید کا دیکھنا کیسے بہتر ہو سکتا ہے جبکہ وہ ایک مخلوق ہے اور اللہ تعالیٰ کے جلوے ہر روز ہمیں ستر بار دکھائی دیتے ہیں اور جو آخرت میں نصیب ہوں گے وہ ان کے علاوہ ہیں۔ایک دن شیخ موصوف اپنے اس مرید کو لے کر حضرت بایزید کی زیارت کے لئے انکے درِاقدس پر پہنچے۔ پتہ کیا تو ان کی محترمہ نے فرمایا: اس کی کیا زیارت کرو گے وہ تو ایک عام آدمی ہے ابھی آجاتا ہے گھر کے لیے جنگل سے لکڑیاں اکٹھی کرنے گیا ہے۔چنانچہ وہ دونوں حضرت بایزید کے راستے میں کھڑے ہو گئے۔دور سے دیکھا کہ حضرت بایزید لکڑیاں شیر پر لادے آرہے ہیں چابک کی جگہ ان کے ہاتھ میں ایک اژدھا ہے، شیر کو اس چابک (اژدھا) سے کبھی کبھی مارتے ہیں۔مرید حضرت بایزید کی اس کیفیت کو دیکھ کر جاں بحق ہو گیا۔حضرت بایزید نے اس کے شیخ سے فرمایا کہ تو نے جہاں مرید کو تجلیاتِ جمالیہ کی تلقین کی تھی وہاں اسے تجلیاتِ جلالیہ کی تلقین بھی کرنا تھی اب وہ اسی وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔وہ تجلیاتِ جلالیہ کا پرتو برداشت نہ کر سکا۔آئندہ محتاط رہنا۔مریدوں کو تجلیات جلالیہ کا مشاہدہ بھی کروایا کرو۔

ف: حضرت الشیخ مشہود بافتادہ آفندی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ حضرت بایزید چونکہ تجلیاتِ جمالیہ اور جلالیہ دونوں کے مظہر تھے اس لیے وہ مرید آپ کی تجلیات جلالیہ کا بوجھ نہ اٹھا سکا۔

حضرت مولانا روم قدس سرہٗ مثنوی شریف میں فرماتے ہیں:

عاشقم بر قہر و بر لطفش بجد ۔۔۔ بوالعجب من عاشق ایں ہر دو ضد

marfat.ocm
Marfat.com

واللہ ارزیں خار دربستاں شوم　　ہمچو بلبل زیں سبب نالاں شوم
ایں عجب بلبل کہ بکشاید دہاں　　تاخورد اوراخاررا باگلستاں
ایں چہ بلبل ایں نہنگ آتشیت　　جملہ ناخوش ماز عشق اورا خوشیت

ترجمہ : ا۔میں محبوب کے لطف وقہر دونوں پر بہ دل عاشق ہوں مجھ پر تعجب بھی ہے کہ میں دو متضاد باتوں کا عاشق ہوں۔ ۲۔بخدا اگر میں اس کانٹے سے نکالا جاؤں اور باغ میں پہنچایا جاؤں تو اس کی جدائی سے بلبل کی طرح گریہ کروں گا۔۳۔اس بلبل پر تعجب ہے جو باغ کے گل کے ساتھ کانٹے کو بھی کھا جائے۔۴۔یہ بلبل تو نہ ہوئی بلکہ آتشیں مگرمچھ ہوا اس سے تمام لوگ ناخوش ہیں لیکن وہ عشقِ محبوب میں خوش ہے۔

تفسیر صوفیانہ

آیات سے ثابت ہوا کہ بعض مغرورین بالعقل جیسے فلاسفر اور طبیعیہ وغیرہ کو غلط فہمی ہے جو کہتے ہیں کہ روح کی صفائی کو افعال واقوال اور اعمال کی قباحت کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی۔جب ارواح اپنے اجسام سے نکل جاتی ہیں تو یَرْجِعُ کُلُّ شَیء " اِلٰی اَصْلِہٖ (ہر شئے اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے) کے مطابق اجساد وعناصر میں مل جاتے ہیں اور ارواحِ حظائرِ قدس میں پہنچتی ہیں۔بنابریں ارواح کو اعمال کے نتائج مزاحم نہیں ہاں صرف چند ایام کے لئے۔لیکن ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے کیونکہ حساً اور عقلاً جانتا ہے کہ شہواتِ حیوانیہ کی تابعداری اور لذاتِ نفسانیہ کو پورا کرنا اخلاق ذمیمہ (حرص، آرزو، حسد، کینہ، بغض، بخل تکبر، کذب، افتراء وغیرہ) پیدا کرتا ہے اور یہ صفات نفس امارہ کے ہیں جو ہمیشہ برائی کا حکم دیتا ہے۔ارواح کا ان سے متعلق ہونا ان کی صفائی میں تکدر پیدا کر دیتا ہے۔وہ اپنے اخلاق (حلم، کرم، مروّت، صدق، حیاء، عفت، صبر شکر وغیرہ) سے تبدیل ہو کر اخلاقِ حیوانیہ شیطانیہ میں پہنچ جاتے ہیں۔ہاں خواہشاتِ نفسانیہ کا قلع قمع کرتا ہے۔ تو اس کو مکارمِ اخلاق سے حصہ نصیب ہوتا ہے اور اس کی روح کو بھی صفائی نصیب ہوتی ہے اور پھر وہ اپنے اصلی وطن کی طرف لوٹنے کا متمنی رہتا ہے۔وغیرہ وغیرہ۔اس بیّن فرق کو معلوم کرنے کے بعد وہ روح جو ہمیشہ نفس امارہ کی تابع ہو جیسے عوام کی کیفیت ہے اس روح کا کب مقابلہ کر سکتی ہے جو الہامات حق کے تابع ہے جیسے خواص اولیاء اللہ کی ارواح کا حال ہے۔

ف: بعض لوگ کہتے ہیں کہ ارواح اگرچہ دنیا میں چند خرابیوں میں مبتلا رہیں لیکن جب اجسام سے جدا ہوتی ہیں

marfat.com
Marfat.com

تو جس قدر ان کو خواہشاتِ طبعیہ سے تعلق تھا اسی قدر چند روز عذاب میں مبتلا ہوں گی جب اس کے کدورتِ دنیویہ اور خواہشاتِ نفسانیہ زائل ہو جائیں گے تو پھر وہ اپنی اصلی حالت پر آجائیں گے۔ ان لوگوں کا خیال بھی باطل ہے کیونکہ اس کے اس خیال کا رد قرآن پاک نے کہا ہے۔ چنانچہ فرمایا: بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ یعنی جب گناہوں کا قلب پر غلبہ ہو جاتا ہے تو گناہوں کی مقدار قلب پر ایک سیاہی جم جاتی ہے۔ اگر بندہ اس گناہ سے توبہ کر لے تو اس کی وہ سیاہی دور ہو جاتی ہے اگر وہ اس گناہ پر ڈٹا رہے تو وہ سیاہی دل کو گھیر لیتی ہے یہاں تک کہ اس سے فطری صفائی بھی دور ہو جاتی ہے اور نورِ ایمان سے فارغ اور اعمال کی روشنی سے محروم ہو جاتا ہے۔ پھر خطیأت جب اس کا احاطہ کر لیتی ہیں تو وہ جہنمی ہو جاتا ہے اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا۔

ف: ان آیات سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ بعض سالکین اثناطلبِ سلوک میں شہوات کی طرف اگر میل کرے تو شیطان اس پر غالب ہو کر اپنے زہد کا دھوکا دیکر عُجب و کبر میں ڈال دیتا ہے جس سے وہ اپنے آپ کو معظم الشان اور دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے، اسی وجہ سے پھر وہ مارا جاتا ہے۔

بعض سالکین کو یوں دھوکا لگتا ہے کہ سلوک اثناء میں اسے بعض کرامات اور رؤیاء صالحہ نظر آتے ہیں۔ ان کے علاوہ اسے مشاہدات اور مکاشفات روحانیہ سے نوازا جاتا ہے نہ کہ رحمانیہ سے۔ تو اسے گمان ہوتا ہے کہ اب عبادت کی منزل طے ہو گئی اور میں کامل اولیاء کے مرتبہ کو پہنچ گیا ہوں فلہٰذا مجھے اب عبادت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس سے دھوکا کھا کر وہ سلوک کی منازل طے کرنے سے رک جاتا ہے اسی وجہ سے اس پر آفات کا حملہ ہوتا ہے تو گرتا ہوا اپنی حالت پر لوٹ آتا ہے۔ ہاں جو مومنین اہلِ طلب ہیں اور قانونِ شریعت پر اپنے شیخ کی ہدایت کے مطابق عمل کرتے ہیں تو وہ حقیقت تک پہنچنے والے ہیں۔ اسی لیے یہی لوگ اصحابِ وصول ہیں۔ جنات الاصول تک انہیں راستہ مل جائے گا اور وہ اس میں سیر کرتے رہیں گے اگرچہ منازل و مقاصد کی حد اور انتہا سے ہے لیکن سیر فی المقصد کی کوئی حد اور انتہا نہیں بخلاف ان لوگوں کے جن پر خطاؤں نے گھیرا پالیا۔ وہ جدائی کے نار میں جلتے رہیں گے۔ نہ ان کے مجاہدات فائدہ دیں گے اور نہ استدلالات بالشبہات انہیں مقصد تک پہنچائیں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۚ وَبِالْوَالِدَيْنِ

اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ

اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

بھلائی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں سے اور لوگوں سے اچھی بات کہو

وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو پھر تم پھر گئے مگر تم میں سے تھوڑے اور تم

مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ

روگردان ہو۔ اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ اپنوں کا خون نہ کرنا اور اپنوں کو اپنی

اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝ ثُمَّ اَنْتُمْ

بستیوں سے نہ نکالنا پھر تم نے اس کا اقرار کیا اور تم گواہ ہو پھر یہ جو تم ہو

هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ

اپنوں کو قتل کرنے لگے اور اپنے میں سے ایک گروہ کو ان کے وطن سے نکالتے ہو ان پر

عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ

مدد دیتے ہو (ان کے مخالف کو) گناہ اور زیادتی میں اور اگر وہ قیدی ہو کر تمہارے پاس آئیں تو بدلہ دے کر چھڑا لیتے اور

اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ

ان کا نکالنا تم پر حرام ہے تو کیا خدا کے بعض احکام پر ایمان لاتے ہو اور بعض سے انکار کرتے ہو تو جو تم

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

میں ایسا کرے اس کا بدلہ کیا ہے مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو اور قیامت

marfat.ocm
Marfat.com

يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ

میں سخت تر عذاب کی طرف پھیرے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے داؤ سے بے خبر نہیں۔ یہ ہیں وہ لوگ

اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی تو نہ ان پر عذاب ہلکا ہوگا

يُنْصَرُوْنَ ۝ ع ۱۰

اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ یاد کرو جب کہ تورات میں ہم نے بنی اسرائیل سے وعدہ لیا۔ مِیْثَاق پختہ وعدہ کو کہتے ہیں۔ وہ دو قسم کا ہے:

۱:۔ عہدِ خلقت وفطرت ۲:۔ عہدِ نبوت ورسالت

اور اِذْ منصوب بفعل اذکر مقدر ہے۔ ہمارے نبی علیہ السلام اور اہل ایمان کو خطاب ہے تا کہ انہیں ان لوگوں کے ایمان لانے سے طمع منقطع ہو جبکہ ان کے اسلاف نے ایمان نہ لایا کیونکہ سانپ سے سانپ پیدا ہوتا ہے۔ سچ ہے: اِذَا طَابَ اَصْلُ الْمَرْءِ طَابَتْ فُرُوْعُهٗ (جب مرد کا جوہر اچھا ہو تو اس کی تمام نسل اچھی ہوگی) یا وہ یہود جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زبان تھے مراد ہیں انہیں زجر کی جا رہی ہے کہ تمہارے اسلاف کا یہ عمل قبیح تھا۔ یعنی یاد کرو جبکہ ہم نے ان سے وعدہ لیا کہ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔

۱:۔ اَنْ گرایا گیا تو تَعْبُدُوْنَ کو مرفوع پڑھا گیا۔ ۲:۔ اس لئے کہ ناصب نہیں رہا۔ ۳:۔ اس لئے کہ مضارع بمعنی نہی ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے: تَذْهَبُ اِلٰى فُلَانٍ تَقُوْلُ كَذَا ۔ اس مضارع سے بھی امر مراد لیا گیا ہے۔ یعنی تَذْهَبُ بمعنی اِذْهَبْ ہے۔

۴:۔ یہ کہ امر و نہی سے زیادہ بلیغ ہے۔

اس لئے کہ اس میں ابہام ہے کہ ممنوع انسان پر لازم ہے کہ جس فعل سے اسے روکا گیا ہے اس سے رکنے کے لئے

marfat.ocm
Marfat.com

اتنی عجلت کرے کہ جسے نہی کے صدور کے بعد کہا جا سکے وہ رک چکا ہے اور اس کی خبر نا ہی دے رہا ہے۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی توحید کے قائل نہ ہو اور نہ ہی اس کے سوا کسی کے لئے الوہیت ثابت کرو۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ قسم کا جواب ہے۔ چنانچہ اس کا معنیٰ اس پر دلالت کرتا ہے۔ گویا کہا گیا ہے۔ وَاَخَذْنَا هُمْ وَقُلْنَا بِاللّٰهِ الخ

وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ای تُحْسِنُوْنَ اِحْسَاناً بمعنیٰ تعبدون ۔ کیونکہ یہ جملہ خبر یہ ہے یا اَحْسِنُوْا یہاں محذوف ہے جبکہ اسے جملہ انشائیہ قرار دیا جائے۔ یعنی بہت احسان اور بہت بڑی خدمت اور ان کے فرمان کی پابندی کرو جبکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔ وَذِی الْقُرْبٰی یعنی قرابت داروں کے ساتھ بھی احسان کرو۔ قُرْبٰی، حُسْنٰی کی طرح مصدر ہے۔ وَالْيَتٰمٰی یتیم کی جمع ہے۔ یتیم اس چھوٹے بچے کو کہتے ہیں جس کا باپ اس کے بالغ ہونے سے پہلے فوت ہو جائے اور حیوانات میں وہ چھوٹا بچہ جس کی ماں مرگئی ہو۔ ان سے احسان کا یہ معنیٰ ہے کہ ان کی تربیت اچھی طرح کرو اور ان کے حقوق کو ضائع نہ ہونے دو۔ وَالْمَسٰكِيْنِ مِسْكِيْن" کی جمع ہے، سُكُوْن" سے مشتق ہے۔ گویا اسے فقر نے حرکت سے اور چلنے پھرنے سے عاجز کر دیا ہے اور ہم نے کہا وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ لوگوں سے کہو حُسْنًا اچھا قول۔ اس قول کو حسن سے موسوم کرنے سے مبالغہ مطلوب ہے اس کے زیادہ حسن میں احسان کرنے کا مخصوص قوم کے لئے حکم دیا گیا ہے۔ وہ والدین، اقربا، یتامیٰ اور مساکین ہیں اور چونکہ مال تمام کے لئے اکتفا نہیں کر سکتا اس لئے حسنِ قول کا حکم دیا گیا کہ اس سے عقلمند عاجز نہیں ہیں۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ ان کے ساتھ حسنِ معاشرت اور حسنِ قول سے نرمی کرو اور انہیں نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو یعنی اے یہودیو! تم سچ اور حق بات کہو۔ میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں سچ اور حق بات کہو۔ جو شخص تم سے ان کے متعلق کوئی بات پوچھے تو سچ بولو اور ان کی جو صفت ہے صحیح طور پر بیان کر دو۔ ان کے فضائل مت چھپاؤ۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ اور نماز قائم کرو زکوٰۃ دو جیسے کہ ان کی شریعت میں تھی انہیں علیحدہ بیان فرمایا۔ اگرچہ یہ بھی تعمیماً عبادت مذکورہ میں داخل تھیں۔

خلاصہ : یہ کہ ہم نے تم سے اے بنی اسرائیل! مذکورہ احکام کا وعدہ لیا، تم نے قبول کر لیا اور تم ان پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوئے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ بطریقہ التفات، یعنی پھر تم نے اعراض کیا ان کی ادائیگی سے باقتضائے میثاق اور وعدہ کو ترک کردیا۔ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ مگر تم میں سے چند ایک نے ایفائے عہد کیا اسلام میں سے جو یہودیت پر قائم رہے اور اخلاف میں سے جو مسلمان ہوئے، جیسے حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے ساتھی وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ یہ جملہ تذلیلیہ ہے یعنی تمہاری عادت ہے کہ اطاعت سے منہ پھیرتے رہے ہو اور حقوق کی رعایت نہیں کرتے۔ یہ واؤ حالیہ نہیں ہے کیونکہ اعراض اور تَوَلّٰی ایک شئے ہیں۔ یہ جملہ معترضہ ہے، توبیخ کی خاطر تاکیداً لایا گیا ہے۔ اعراض دراصل بجائے سامنے سے بجانب عرض چلے جانے کو کہتے ہیں۔

خلاصہ تفسیر : آیت میں چند مسائل بیان ہوئے۔

۱:۔ **عبادت** : عبادت کے شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ بندہ صرف معبود کی عبادت کے لئے تفرد اختیار کرے اور ہر مقصود سے متجرد ہو جائے۔ پس جو شخص اپنی عبادت میں مخلوق کا خیال رکھتا ہے اور اپنی تعریف کا خواہشمند ہے اور اخروی و دنیوی فوائد میں سے اپنے نفس کے لئے عبادت کی آڑ میں کوئی فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے یا کسی اور وجہ کو مخلوط کرتا ہے تو وہ اخلاص سے گرا ہوا ہے۔

حجاب راہ تو کی حافظ از میاں برخیز　　خوشا کسے کہ ازیں راہ بے حجاب رود

ترجمہ : اے حافظ! حجاب راہ تو خود ہے وہ انسان بڑا خوش قسمت ہے جو اس راہ بلا حجاب جاتا ہے۔

۲:۔ **احسان الی الوالدین** : اللہ تعالیٰ نے ان کے حقوق کی عظمت فرمائی کہ ان کے حقوق کو اپنے حقوق سے ملا کر قرآن پاک میں جابجا بیان فرمایا کیونکہ پہلی نشأۃ تو اللہ تعالیٰ ہی سے ہوئی ہے اور نشأۃ ثانیہ والدین سے اور نشأۃ ثانیہ بھی تربیت ہے جو والدین کرتے ہیں۔

ف: مفسرین فرماتے ہیں کہ تین آیات ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں جو ایک کو دوسری سے ملائے بغیر قبول نہیں کی جاتی

۱:۔ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ　۲:۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ　۳:۔ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ

مسئلہ : والدین سے احسان کا معنی یہ ہے کہ ان سے معاشرہ اچھا ہو اور ان کے ساتھ تواضع ہو اور ان کے فرمان کی پابندی اور ان کے دوستوں اور تعلق داروں سے پیار اور ان کی وفات کے بعد مغفرت کی دعائیں کرنا۔ شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔

marfat.ocm
Marfat.com

سالہا تو بگور دکہ گزر　　نکنی سوئے تربت پدرت
تو بجائے پدر چہ کردی خیر　　تا ہماں چشم داری از پسرت

ترجمہ: کئی سال گزر جاتے ہیں تیرا باپ کی قبر پر گزر نہیں ہوتا۔ بتایئے تو نے باپ سے کون سی بھلائی کی ہے جو اپنے بیٹے سے امید رکھتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ میں ہے کہ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا میں اس طرف اشارہ ہے کہ تمام مخلوق میں زیادہ معزز ماں باپ ہیں کیونکہ بندہ کے ظاہری وجود کے یہی سبب ہیں لیکن ان کی خدمت کا حق عبودیت الٰہیہ سے عہدہ برآ ہونے کے بعد ہے کیونکہ درحقیقت سب کے وجود کا موجد وہی اللہ تعالیٰ ہے۔

سبق: جب والدین کے حقوق سے ذاتِ حق کی عبادت مقدم ہے پھر دیگر معاملات کس قطار میں! لہٰذا بندہ کو چاہیے کہ عبادتِ الٰہی میں غیر کا وہم بھی ختم کردے۔ دوسرا حکم یتامیٰ کی پرورش کے متعلق ہے۔

برحمت بکن آبش از دیدہ پاک　　بشفقت بیفشانش از چہرہ پاک

ترجمہ: رحمت سے یتیم کے منہ سے آنسو پوچھ اور شفقت سے اس کے چہرے سے گرد صاف کر۔

فضائل یتامیٰ: حدیث شریف: جس قوم کے دسترخوان میں یتیم شامل ہوں اس کے دسترخوان کے قریب شیطان نہیں بھٹکتا۔

حدیث شریف: جس نے کسی یتیم کو اپنے ساتھ کھانے میں شریک کیا اور اسے گھر کا ایک فرد سمجھا یہاں تک کہ وہ بڑا اور کاروبار کرنے کے لائق ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے گناہ ضرور بخش دے گا۔ ہاں کوئی ایسا عمل اس کے اعمال نامے میں نہ ہو جو بخشش کے لائق نہ ہو۔ (یعنی شرک وغیرہ) اسی طرح اللہ تعالیٰ جس شخص کی دو پیاری چیزیں لے لے اور وہ اس پر صبر کرے اور اسے ثواب جانے تو اس کے بھی گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ آپ سے پوچھا گیا کہ دو پیاری چیزیں کون کونسی ہیں؟ آپ نے فرمایا: دو آنکھیں، یعنی وہ نابینا ہو جائے۔ اسی طرح جس کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں ان پر وہ خرچ کرے اور ان کے ساتھ احسان کرے یہاں تک کہ وہ بڑی ہو جائیں یا مر جائیں تو اس شخص کے بھی گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ ہاں کوئی ایسا عمل اس کے سرزد نہ ہوا ہو جو

marfat.ocm
Marfat.com

بخشش کے لائق نہ ہو۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کو سن کر ایک اعرابی مہاجر نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر کسی کی دو لڑکیاں یا دو بہنیں ہوں ان کے لئے کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہی، یعنی اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یتیم کی پرورش کرنے والا اور میں بہشت میں اکٹھے ہوں گے جیسا یہ دو انگلیاں'' آپ نے درمیانی انگلی اور سبابہ کی جانب اشارہ فرمایا۔ (سبابہ اس انگلی کو کہتے ہیں جو انگوٹھے کے ساتھ ہے) اس کا یہ نام زمانہ جاہلیت میں پڑا کہ کسی کو گالی دیتا تو اس انگلی سے اشارہ کر کے اسلام کے ظہور پر اس نام کو اہلِ اسلام نے مکروہ سمجھا تو اس کا نام مشیرہ رکھا گیا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی توحید بیان کرتے وقت اہلِ اسلام اسی انگلی سے اشارہ کرتے تھے۔

ف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مشیرہ انگلی مبارک دوسری انگلیوں سے بڑی تھی پھر درمیان والی انگلی پھر اس کے ساتھ والی بنصر یعنی چھوٹی انگلی۔

سوال: اس حدیث شریف نے یتیم کو تربیت کرنے والے کو اپنے قریب بتایا حالانکہ دوسری میں تو یوں ہے: اَحْشُرُ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ هٰكَذَا۔ (میں اور ابوبکر اور عمر قیامت میں یوں ہی اٹھیں گے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تین انگلیوں سے اشارہ کیا۔ یہ تناقض ہے۔

جواب: تناقض نہیں اس لئے کہ قیامت میں منازل و مراتب مختلف ہوں گے اور جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے تعلق نہیں تو وہ انضمام اور اقتراب کو قربت پر محمول کرتا ہے جو مقصد کے بالکل خلاف ہے۔ کیونکہ رسل کرام، انبیاء عظام، صدیقین، شہداء اور صالحین کے درجات مختلف ہوں گے، پھر یہ مرتبہ کِفل الیتیم کا کہاں، اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کا مرتبہ کہاں، صرف مطلق فضیلت ہی مطلوب ہے۔

(کذا فی تفسیر القرطبی)

ف: آیت میں تیسرا حکم مساکین پروری کا ہے۔ مساکین وہ لوگ ہیں جنہیں حالات کی جستجو آیاتِ مذکورہ کے خاص موضوع ہیں۔

حدیث شریف: بے شوہر عورتوں اور مسکینوں کی خبر گیری کرنے والا مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: حضرت طاؤس علیہ الرحمہ اپنی بہنوں کی خبر گیری کرنے کو جہاد سے افضل سمجھتے تھے۔

نخواہی کہ باشی پراگندہ دل — پراگندہ را از خاطر مہل
پریشان کن امروز گنجینہ چست — کہ فردا کلیدش نہ در دست تست

ترجمہ: اگر نہیں چاہتے کہ تمہیں پریشانی ہو تو پریشانوں کی خبر گیری کر۔ آج ہی اپنا خزانہ لٹا دے کیونکہ مرنے کے بعد تیرے ہاتھ میں کچھ نہ ہوگا۔

ف: آیت میں چوتھا حکم قولِ حسن ہے۔ جب بندہ عبودیت کے حق کی ادائیگی سے عہدہ برا ہوا اور اس کی رحمت وشفقت اپنے والدین وغیرہ پر عام ہوئی تو اس پر لازم ہوا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے لوگوں کو نرم گفتگو سے حکمت اور موعظ حسنہ کی طرف بلائے اور حق کا راستہ دکھائے بایں طور کہ بات نرم اور چہرہ کشادہ اور نیک اور برے کے ساتھ نرم لہجہ سے پیش آئے خواہ مذہباً سُنّی ہو یا مبتدع، اسے منہ پر شرمسار نہ کرے اور ہاں مبتدع سے ایسی بات کر کے کہ اسے محسوس ہو کہ تم اس کے مذہب سے راضی نہیں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ وہارون علی نبینا وعلیہما السلام کو فرعون کے بارے میں فرمایا: فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا (اس کے ساتھ نرم کلام کرنا) دنیا میں حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام سے (بعض انبیاء کے سوا) کون افضل ہو سکتا ہے اور فرعون جیسا کوئی اور کمینہ کون! حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ نرم کلام کرنے کا حکم دیا اور یہ حکم یہود وغیرہ کے لئے بھی ہے جب ایسے گمراہوں کے لئے یہی حکم ہے تو پھر اپنے مذہب سے نرم کلامی تو بطریق اولیٰ ہے۔ حضرت حافظ شیرازی نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں:

آسائش دو گیتی تفسیر ایں دو حرفست — با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

ترجمہ: دونوں جہان کی آسائش صرف دو لفظوں میں ہے: دوستوں پر لطف اور دشمن کی خاطر مدارات (دنیوی امور میں)

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

درشتی نہ گیر دخرد من پیش — نہ سستی کہ ناقص کند قدر خویش

ترجمہ: دانا سخت گیری کو عمل میں نہیں لاتا، نہ اتنی سستی کہ اس کی اپنی قدر گھٹ جائے۔

تفسیر عالمانہ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ اے یہود! اس وقت کو یاد کرو جبکہ تورات میں ہم نے تم سے اقرار

marfat.com
Marfat.com

اور وعدہ لیا اور تمہیں کہا کہ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ بعض تمہارا بعض کی خونریزی مت کرے۔

ف: غیر کو اپنا قرار دیا گیا اصل نسبت کی وجہ سے یا دین کی وجہ سے۔ اس لئے کہ جب اتصال قوی، نسبی اور دینی انہیں بیان کر دیا گیا تو پھر ان کے ہر ایک کو اپنا نفس قرار دیا گیا۔ بعض مفسرین کہتے ہیں کہ جب کسی نے اپنے غیر کو قتل کیا گویا اس نے اپنے نفس کو قتل کیا۔ کیونکہ اس سے اس کا قصاص لیا جائے گا اور یہ خبر بھی بمعنی نہی کے ہے اس لیے کہ فعل سے رکنے میں اتنی عجلت ہوئی کہ گویا وہ فعل ہو بھی ہو گیا اور پھر اس کی خبر بھی دی گئی۔

وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ تم میں سے کوئی کسی کو اس کے گھر سے نہ نکالے یا یہ کہ اپنے ہمسایوں کو گالی مت دو ایسا نہ ہو کہ وہ تنگ آ کر گھروں سے نکل جائیں۔ اخراج الدیار کو قتل کے ساتھ ذکر کرنے میں اشارہ ہے کہ اخراج بمنزلہ قتل کے ہے۔ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ پھر تم نے میثاق کا اقرار کیا اور معترف ہوئے کہ واقعی یہ میثاق ہم پر لازم و واجب ہے کہ ہم اس کی حفاظت کریں وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ اور اس پر تم شاہد ہو یہ اقرار کی تاکید ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے: فلان" مقر علی نفسہ بکذا شاھد" علیھا۔ یا یہ کہ تم اے یہودیو! آج اپنے اسلاف کے اقرار پر شاہد ہو کہ انہوں نے واقعی پختہ وعدہ کیا تھا۔

ثُمَّ اَنْتُمْ مبتدا ہے۔ هٰٓؤُلَآءِ خبر ہے اور صفات ہونے کے افادہ کا دارومدار اس پر ہے کہ اختلافات صفات بمنزلہ اختلاف ذات کے ہیں۔ جیسے کہا جاتا ہے: رجعت بغیر الوجہ الذی خرجت بہ۔ اب معنی یوں ہوا کہ اس کے بعد تم شاہدین، ناقضین، متناقضین ہوئے۔ یعنی تم لوگ ان اقرار کنندگان کے غیر ہو۔ گویا انہوں نے پوچھا کہ ہم کیسے ہیں؟ جواب میں فرمایا: تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ تم انہیں قتل کرتے تھے جو تمہارے نفوس کے قائم مقام تھے اور یہ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ کا بیان ہے۔ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ کا مرجع فریق ہے اور اس سے مراد ایک طائفہ ہے۔ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ اس میں ایک تاء کو حذف کیا گیا ہے۔

تُخْرِجُوْنَ کے ضمیر سے حال ہے یا اس کے مفعول سے اخراج کی کیفیت کے بیان کرنے کے لئے یہ حال لایا گیا یا اس وہم کو مٹانے کے لئے ہے کہ انہوں نے سمجھ رکھا تھا کہ اخراج کی حرمت صرف بطریق اصالۃ و استقلال کی وجہ سے ہے اور مظاہرہ سے کوئی گناہ نہیں۔ معنی یہ ہے کہ ان پر غلبہ پانے کی وجہ سے تم اپنی تمام قوت خرچ کرتے ہو۔

بالاثم، تَظٰهَرُوْنَ کی ضمیر سے حال ہے۔ معنی یہ ہے کہ متلبسین بالاثم اور اثم وہ فعل ہے کہ جس کا فاعل ذم

marfat.ocm
Marfat.com

وملامت کا مستحق ہو۔ وَالْعُدْوَانُ بمعنیٰ ظلم میں تجاوز کرنا۔یعنی گناہ اور تجاوز کر کے ان پر مظاہرہ کرتے ہو۔

مسئلہ : جیسے ظلم کرنا گناہ ہے اسی طرح ظلم اعانت بھی گناہ ہے۔ (کذا فی التفسیر الکبیر)

وَاِنْ یَّاْتُوْکُمْ اُسٰرٰی اگر وہ تمہارے پاس قیدی ہو کر آتے ہیں۔یعنی تمہارے سامنے اسی حالت میں ظاہر ہوتے ہیں اور اس میں اختیاری طور پر حاضر ہونا مراد نہیں۔

حل لغات : اُسٰرٰی اور اَسْرٰی ،اَسِیْر کی جمع ہیں۔ اَسِیْر وہ ہے جسے قہراً پکڑا جائے۔ فعیل بمعنیٰ مفعول ہے اَسر بمعنی شَدَّ" اور اِیْثَاق" سے ماخوذ ہے۔ اُسٰرٰی اور اَسْرٰی میں فرق یہ ہے کہ جب قیدیوں کو باندھ کر لاتے تو اسے اُسٰرٰی کہتے اور جب بغیر باندھنے کے پکڑ کر لاتے تو اس کا نام اَسْرٰی رکھتے۔

تُفٰدُوْھُمْ یعنی انہیں قید سے نکالتے ہو فدیہ دے کر۔

ف: فدیہ قیدی اور قابلِ فدیہ دونوں پر بولا جاتا ہے۔

وَھُوَ مبتدا ہے اور یہ ضمیر شان کا ہے۔ مُحَرَّمٌ عَلَیْکُمْ اِخْرَاجُھُمْ تم پر ان کا نکالنا حرام تھا۔ مُحَرَّمٌ میں ایک ضمیر ہے جو فاعل کے قائم مقام ہے اور یہ اخراج کے لئے خبر واقع ہوئی ہے اور جملہ ضمیر شان کی خبر ہے۔

واقعہ : اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے تورات میں وعدہ لیا کہ:

۱:۔ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا۔ ۲:۔ایک دوسرے کو گھروں سے نہ نکالنا۔

۳:۔بنی اسرائیل کے کسی عبد یا لونڈی کو جہاں دیکھو اسے خرید کر مفت آزاد کرنا۔

یہود میں سے دو گروہ قریظہ اور نضیر دونوں بھائی تھے۔ اسی طرح اوس اور خزرج، اور تھے مشرک، بتوں کے پجاری نہ ہی قیامت کو جانتے نہ ہی جنت و دوزخ کو اور نہ ہی حلال و حرام کو۔ ان کی آپس میں جنگ چھڑ گئی۔ بنو قریظہ اوس کے معین و حلیف بن گئے اور نضیر خزرج کے۔ پھر جب اوس اور خزرج کے مابین جنگ ہوتی تو بنو قریظہ اوس کے ساتھ اور بنو نضیرہ خزرج کے ساتھ ہو جاتے۔ پھر ہر قوم اپنے خلفاء کی مدد کرتی جس سے خوب خوں ریزی ہوتی۔ جب کوئی گروہ کسی دوسرے پر غالب آجاتا تو ان کے گھروں کو خراب کرتے اور انہیں وہاں سے نکال دیتے۔ حالانکہ ان کے پاس تورات بھی تھی جس میں ہر قسم کی جزا و سزا کا بیان تھا۔ جب جنگ ختم ہو جاتی تو قریظہ خزرج کو اپنے حلفاء کا ہدیہ دے کر ان کے قیدی چھڑا لیتے اور نضیر اوس کو فدیہ دے کر اپنے حلفاء

marfat.ocm
Marfat.com

کے قیدی چھڑا لیتے۔ جب عرب انہیں عار دلاتے ہوئے کہتے کہ تم ان کے ساتھ قتال کی امداد کیوں نہیں کرتے بلکہ فدیہ دے دیتے ہو۔ تو جواباً کہتے اس لئے کہ ہم صرف فدیہ دینے پر مامور ہیں اور جنگ کرنا ہمارے لئے حرام ہے پھر وہ کہتے کہ تم ان کے ساتھ جنگ بھی تو کرتے ہو۔ تو جواباً کہتے کہ جنگ اس لیے کرتے ہیں تا کہ ہمارے حلفاء ذلیل وخوار نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اس منافقت کی مذمت فرمائی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ تم لوگ ہر ایک حکم سے اعراض کرتے ہو صرف فدیہ دینے پر رضامند ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے چار چیزوں کا وعدہ لیا۔

۱:. ترک القتل ۲:. ترک الاخراج ۳:. ترک المظاهره عليهم مع اعدائهم ۴:. فداء اُسارىٰ

مگر انہوں نے فدیہ کے سوا تمام امور سے اعراض کیا۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ اس سے فدیہ مراد ہے اور ہمزہ توبیخی انکار کے لئے ہے اور فاء کا مقدر فعل پر عطف ہے۔ یعنی دراصل عبارت یوں تھی: اَتَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ ۔یعنی تم ان جملہ امور کے خلاف مرتکب ہو کر کتاب کے بعض احکام پر ایمان لاتے ہو۔ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ اس سے مراد حرمۃ قتال واخراج ہے۔ لیکن چونکہ میثاق کا دارومدار تمام احکام پر تھا اس لئے بعض سے انکار اور بعض پر ایمان لانے پر توبیخ کی گئی۔ فَمَا جَزَآءُ نفی ہے یعنی نہیں جزاء مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ وہ جو ایسا کرتا ہے یعنی بعض کے ساتھ کفر اور بعض پر ایمان۔ مِنْكُمْ اے یہودیو! تم میں سے۔ يَّفْعَلُ کے فاعل سے حال ہے۔ اِلَّا خِزْيٌ استثناء مفرغ ہے جو مبتدا کی خبر واقع ہوا ہے۔

هل لغات : خِزْيٌ بمعنی ذلت وخواری۔ یہ کہ بنو قریظہ قتل کئے گئے اور قیدی ہوئے اور بنو نضیر، اذرعات اور ریحا (جو کہ شام سے ہیں) کی طرف جلاوطن ہوئے۔ بعض مفسرین کہتے ہیں کہ خِزْيٌ سے جزیہ لینا مراد ہے۔ یعنی ان کی جزا صرف رسوائی اور ذلت وخواری ہے۔

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا حیاۃ دنیا میں خزیٰ کی صفت ہے بطریق قصر مذکورہ کے ان کی جزا کا بیان ہے تا کہ انہیں اپنے (جو کہ بعض کتاب پر ایمان رکھتے ہیں) سے ناامیدی ہو اور ظاہر کرنا ہے کہ بعض کو کتاب سے کفر کرنے کی وجہ سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ قیامت میں سزائیں ملیں گی يُرَدُّوْنَ لوٹائے جائیں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حل لغات :الردّ بمعنیٰ الرجع بعد الا خذ ۔(پکڑ کر لوٹانا)

اِلٰٓی اَشَدِّ الْعَذَابِ سخت ترین عذاب کی طرف۔یعنی جہنم کے عذاب میں مبتلا کیے جائیں گے۔دنیا کی رسوائی کے علاوہ قیامت میں ہر وہ عذاب انہیں ملے گا جو انہیں پہلے دنیا میں مل چکا ہے۔ہر دوسرا اس سے سخت تر ہوگا۔ کیونکہ پہلے والے عذاب منقطع ہو گئے اور یہ منقطع نہیں ہوگا۔

حدیث شریف: میں ہے:''دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے کم تر ہے''اس لئے کہ ان کی معصیت سب معصیتوں سے سخت تر ہے۔مثنوی شریف میں ہے: ۔

ہر کہ ظالم تر جہش با ہولتر　　عدل فرمود است بدتر را بتر

ترجمہ: جو بڑا ظالم ہے اس کی جگہ (آخرت میں) ہولناک ہے عدل ایسے آدمی کو بدتر سے بدتر کہتا ہے۔

وَمَا اللّٰہُ بِغَافِلٍ اللہ تعالیٰ بھولنے والا نہیں ۔ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اس سے جو تم برے عمل کرتے ہو۔منجملہ ان کے یہ برا عمل بھی ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ سے تمہارے اعمال سے کوئی چیز مخفی نہیں۔اس کی قیامت میں تمہیں سزا دے گا۔یہ تہدید شدید ہے تا کہ گناہوں سے بچے رہیں اور طاعت پر بشارتِ عظیم سنائی جارہی ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ سے غفلت ممتنع ہے اور ہر شئے پر قادر ہے۔اسی بناء پر تمام حقوق ان کے مستحقین کو ضرور پہنچیں گے۔اُولٰٓئِکَ وہ لوگ جو اوصافِ قبیحہ مذکورہ سے موصوف ہیں اَلَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا دنیا سے تبادلہ کی خواہش رکھتے ہیں ۔ بِالْاٰخِرَۃِ آخرت کے عوض میں یعنی آخرت سے اعراض کرتے ہیں باوجود یہ کہ اس کے حاصل کرنے پر قادر ہیں کیونکہ مذکورہ احکام میں بعض سے کفر کرنا صرف حلفاء کی رعایت کی وجہ سے تھا وہ اس لئے کہ ان سے ان کو دینی یا دنیوی منافع حاصل ہوتے تھے۔

فَلَا یُخَفَّفُ عَنْھُمُ الْعَذَابُ ان سے نہ دنیوی عذاب ہلکا ہوگا اور نہ ہی اخروی وَلَا ھُمْ یُنْصَرُوْنَ ان سے عذاب نہیں روکا جائے گا۔کیونکہ ان کا عذاب نہ کسی کی سفارش سے ٹلنے والا ہے اور نہ کسی کے جبر سے لذّات دنیوی واخروی کو جمع کرنا ممتنع اور غیر ممکن ہے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو یہ قدرت دی ہے کہ ان میں کسی ایک کو حاصل کرے جسے چاہے۔پس جب ایک کے حصول میں مشغول ہوتا ہے تو دوسرے کو اپنے اوپر حرام کرتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے یہود کے اعراض عن الایمان بمافی کتبھم اور ان کے حصول ما فی ایدیھم اور

marfat.ocm
Marfat.com

لذات دنیا کو بیع وشرا سے تعبیر فرمایا ہے۔

اس میں اہل کتاب کی بہت بڑی مذمت بیان کی گئی ہے کیونکہ دنیوی کاروبار میں جسے خسارہ ہوتا ہے وہ لوگوں کی نظروں میں حقیر سمجھا جاتا ہے۔تو جو آخرت کے امور میں خسارہ میں ہو اس کو تو حقیر سمجھنا بطریقِ اولیٰ ہے۔

تفسیر صوفیانہ سالک پر لازم ہے کہ وہ آخرت کی بہتر تجارت کی کوشش کرے اور فقط دنیوی امور کی طرف نہ جھکے اور نہ ہی خواہشاتِ نفسانیہ سے شیطان کے کہنے پر کسی کا خون بہائے اور نہ ہی اصل فطرت کے ملک سے ہٹے۔اگر ایسا کرے گا تو گمراہ اور بد بخت ہو جائے گا لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ میں ایک لطیف اشارہ اور بھی ہے وہ یہ کہ اپنے آپ کو کسی مصیبت یا دکھ کی وجہ سے قتل نہ کرے اور نہ جنگلوں میں حیران وسرگردان پھرے۔اگر ایسا کرتے تو وہ اپنے دین سے جہالت کا ثبوت دیتا ہے اور کم عقلی کی دلیل بنتا ہے اسی طرح جمیع باتوں کو سمجھئے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ارادہ ہوا کہ وہ کپڑوں کے بجائے ٹاٹ لپیٹیں اور گھروں میں رہنے کی بجائے جنگلوں میں چلے جائیں اور پھر وہ واپس نہ آئیں اور نہ ہی گوشت کھائیں اور نہ اپنی بیویوں سے ہم بستری کریں۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نماز پڑھتا ہوں اور نفلی روزہ کبھی رکھتا ہوں کبھی نہیں رکھتا اور بیویوں کے پاس جاتا ہوں اور گھروں میں گزارتا ہوں اور گوشت کھاتا ہوں۔یہ سارے کام میری سنتیں ہیں، جو بھی میری سنتوں سے اعراض کرے گا وہ مجھ سے نہیں۔جب صحابہ کرام علیہم الرضوان نے سنا تو ارادوں کو ترک کر دیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

وَاٰتِ كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ (اور صاحب حق کا حق ادا کرو)

کمال صرف اسی میں ہے کہ قیود سے تجاوز کر کے عالمِ شہود تک پہنچنے کی کوشش کی جائے۔عارف کامل تو ہر شئے میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور کچھ نہیں دیکھتا۔وہ یہ سمجھتا ہے کہ کس سے مانگوں اور کہاں بھاگوں جبکہ اسی کا حکم ہے:

اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (جہاں جاؤ گے وہاں اللہ تعالیٰ ہی ہوگا)

یہاں پر مقولہ مشہور ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کے لئے علم حاصل کرتا ہے اسے اگر کہا جائے کہ تو کل مر جائے گا تو پھر بھی کتاب کو نہیں چھوڑتا کیونکہ اسے معلوم ہے کہ میں پڑھتا تو اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لئے ہوں فلہٰذا بقیہ زندگی

marfat.ocm
Marfat.com

تک کتاب کیوں چھوڑ دوں۔اسی لئے طالب حق کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی نیت کو خالص رکھے کیونکہ خلوصِ نیت سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں پھر کیوں نہ نیت کو خالص رکھا جائے تا کہ اسی نیک نیتی پر موت آئے۔

قیدی کئی قسم کے ہیں:

۱:۔بعض وہ جو اپنی خواہشات کے پابند ہیں۔ان کا علاج یہ ہے کہ انہیں راہِ حق کی رہبری کی جائے۔

۲:۔بعض وہ ہیں جو دنیا کی محبت میں گرفتار ہیں،ان کا علاج یہ ہے کہ انہیں موت بار بار یاد دلائی جائے۔

مثنوی شریف میں ہے:۔

ذکر حق کن بانگ غولاں رابسوز　　چشم نرگس رازیں کرگس بدوز

ترجمہ : ذکرِ الٰہی ایسا کر کہ اُلو (نفس) کی آواز دب جائے نرگس کی آنکھ کو اس گدھ سے دور رکھ۔

۳:۔بعض وہ ہیں جو وسوسہ کے مرض میں مبتلا ہیں۔ایسے لوگوں پر شیطان ہر وقت سوار رہتا ہے۔ان کا علاج یہ ہے کہ دلائل اور براہین کے ذریعے انہیں یقین کا راستہ دکھایا جائے تا کہ وہ شکوک وظنیات اور اندازہ سے بچ جائیں اور تقلید آبائی سے نجات پا کر درجہ یقین کو پہنچ جائیں۔

۴:۔بعض اپنے صفات کے خیالات اور اپنے وجود کے توہمات میں پھنسے ہوئے ہیں۔انکا علاج یہ ہے کہ ایسے لوگوں کو وجود حق کا ایسے طریق سے سمجھایا جائے کہ وہ اپنی ہستی موہوم کو تصور میں بھی نہ لاسکیں۔

۵:۔بعض ایسے قیدی ہیں جو بے مثال ذات کے قبضہ میں آجاتے ہیں۔ایسے قیدی کا نہ کوئی علاج ہے اور نہ ہی نجات کا امکان اور نہ ہی کسی کو ان کے چھڑانے کی طاقت اور نہ ہی ان کے لئے کوئی فدیہ یا بدلہ اور نہ ہی وہاں کسی کی رسائی، بلکہ ان تک پہنچنا ممکن ہی نہیں اور نہ ان کو وہاں سے بھاگنے کا چارہ۔یہ اولیاء کاملین کا مقام ہے جس نے یہ طریقہ اختیار کیا وہ اپنے مطلوب تک پہنچ جائے گا اور وہ دل کے اندھاپن سے جائے گا۔مشاہدہ حق سے باریاب ہو کر دنیا و آخرت کی اندھیریوں سے محفوظ ہو جائے گا۔مثنوی شریف میں ہے:۔

اصل صد یوسف جمال ذوالجلال　　اے کم از زن شو فدائے آں جمال

اصل بیند دیدہ چوں اکحل بود　　فرع بیند چونکہ مرد احول بود

سرمہ توحید از کحالِ حال　　یافتہ رستہ زعلت واعتدال

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : ہزاروں یوسف (حسین) کے جمال کے ذات ذوالجلال ہے عورت سے کم نہ ہو تو بھی جمال حقیقی کا فدائی بن جا۔ سرمہ والی آنکھ اصل دیکھتی ہے جس کی آنکھ نہ ہے وہ فرع (مجازی حسن) کو دیکھتی ہے۔ تجھے اگر حال کا سرمہ نصیب ہوا تو علت واعتدال تو نجات پا جائے گا۔

نسخہ : طریقِ حق کے لئے عشق ضروری ہے۔

حکایت: ایک بڑھیا دھاگے کی اٹی لے کر بازار کو چلی اور کہہ رہی تھی مجھے بھی یوسف علیہ السلام کے خریداروں میں شامل کرلو تا کہ قیامت میں میرا نام بھی یوسف علیہ السلام کے عشاق میں لکھا جائے۔

دعا: اے اللہ! ہمیں اپنی ذات اور اپنے جمال سے دور نہ رکھنا اور ہمیں ان لوگوں میں پہنچا جو تیرے وصال سے نوازے جاتے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۖ وَاٰتَيْنَا

اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی اور اس کے بعد پے در پے رسول بھیجے اور ہم نے

عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ

عیسیٰ بن مریم کو کھلی نشانیاں عطا فرمائیں اور پاک روح سے اس کی مدد کی تو کیا جب تمہارے پاس

رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا

کوئی رسول وہ لے کر آئے جو تمہارے نفس کی خواہش نہیں تکبر کرتے ہو تو ان (انبیاء) میں ایک گروہ کو تم جھٹلاتے ہو اور ایک گروہ

تَقْتُلُوْنَ ۝۸۷ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا

شہید کرتے ہو اور یہودی بولے ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں بلکہ اللہ نے ان پر لعنت کی ان کے کفر کے سبب تو ان میں تھوڑے

مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝۸۸ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

ایمان لاتے ہیں اور جب ان کے پاس اللہ کی وہ کتاب (قرآن) آئی جو ان کے ساتھ والی کتاب (توریت) کی تصدیق فرماتی ہے

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَي الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا

اور اس سے پہلے ہوا سی نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لایا

جَاۗءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝۸۹ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ

ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ کی لعنت منکروں پر۔ کس برے مولوں انہوں نے اپنی جانوں

اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ

کو خریدا کہ اللہ کے اتارے سے منکر ہوں اس کی جلن سے کہ اللہ اپنے فضل سے اپنے جس بندے

فَضْلِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰي غَضَبٍ ۭ

پر چاہے وحی اتارے تو غضب پر غضب کے سزاوار ہوئے

marfat.ocm
Marfat.com

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اور کافروں کے لئے ذلت کا عذاب ہے اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کے اتارے پر ایمان لاؤ

قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ الْحَقُّ

تو کہتے ہیں کہ وہ جو ہم پر اترا اس پر ایمان لاتے ہیں اور باقی سے منکر ہوتے ہیں حالانکہ وہ حق ہے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ

ان کے پاس والے کی تصدیق فرماتا ہوا تم فرماؤ پھر اگلے انبیاء کو کیوں شہید کیا اگر تمہیں اپنی کتاب

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

پر ایمان تھا اور بے شک تمہارے پاس موسیٰ کھلی نشانیاں لے کر تشریف لایا پھر تم نے

الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اس کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظالم تھے اور یاد کرو جب ہم نے تم سے پیمان لیا

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ قَالُوْا سَمِعْنَا

اور کوہ طور کو تمہارے سروں پر بلند کیا لو جو ہم تمہیں دیتے ہیں زور سے اور سنو بولے ہم نے سنا

وَعَصَيْنَا ۠ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا

اور نہ مانا اور ان کے دلوں میں بچھڑا رچ رہا تھا ان کے کفر کے سبب تم فرما دو کیا برا حکم دیتا ہے

يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ

تم کو تمہارا ایمان اگر ایمان رکھتے ہو۔ تم فرماؤ اگر پچھلا گھر اللہ کے نزدیک

الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ

خالص تمہارے لئے ہو نہ اوروں کے لئے تو بھلا موت کی آرزو تو کرو

marfat.ocm
Marfat.com

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ

اگر سچے ہو اور ہرگز کبھی اس کی آرزو نہ کریں گے بداعمالیوں کے سبب جو آگے کر چکے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے

عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚۛ وَمِنَ

ظالموں کو اور بے شک تم ضرور انہیں پاؤ گے کہ سب لوگوں سے زیادہ جینے کی ہوس رکھتے ہیں

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ

اور مشرکوں میں سے ایک کو تمنا ہے کہ کہیں ہزار برس جیے اور وہ اسے عذاب سے دور نہ کرے گا

مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اتنی عمر دیا جانا اور اللہ ان کے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا اور اللہ تعالیٰ کی قسم بیشک اے بنی اسرائیل ہم نے مُوْسٰی موسیٰ علیہ السلام کو۔ موسیٰ عبرانی لغت کا کلمہ ہے۔ اس کی تفصیل وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى میں گزر چکی ہے۔ الْكِتٰبَ تورات یکبارگی وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۪ ان کے لئے پے در پے ہم نے رسول بھیجے قَفَّيْنَا، قفا یہ سے ہے بمعنیٰ کسی کو کسی کے بعد بھیجنا۔ اب اس جملہ کا معنیٰ یوں ہوا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے بعد پے در پے رسول بھیجے اور وہ یہ حضرات ہیں: یوشع، شمویل، داؤد، سلیمان، شمعون، شعیا، ارمیا، عزیز، حزقیل، الیاس الیسع، یونس، زکریا، یحییٰ وغیرہم علیٰ نبینا وعلیہم السلام وَاٰتَيْنَا عِيْسَى اور ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیا۔ عیسیٰ جنہیں سریانی میں الیسوع کہا جاتا ہے بمعنیٰ مبارک۔ لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ اور اس طرح اور اسماء جو عربیت میں استعمال ہوتے ہیں۔ کسی سے مشتق نہیں۔ ابنَ کے الف کو ثابت رکھ کر پڑھنا چاہیے۔ جیسے عبداللہ ابن عمر۔ اگر الف نہ لکھا جائے تو بھی جائز ہے۔

سوال : لفظ ابنَ کا قاعدہ ہے کہ جب دو ناموں کے درمیان واقع ہو تو اس کا الف نہیں لکھا جاتا، یہاں اس کے برعکس ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

جواب : ان اسموں کے مابین الف گرتا ہے جہاں ابن باپ کی طرف مضاف ہو جب ماں کی طرف ہو۔ جیسے یہاں ہوا تو الف نہیں گرتا۔

مَرْيَمَ سریانی لغت میں بمعنیٰ خادمہ وعابدہ، چونکہ ان کی والدہ نے انہیں بیت المقدس کی خدمت کے لئے وقف کیا اور کثیر العبادۃ بھی واقع ہوئیں۔ بنابریں اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کے ساتھ اپنی کتاب میں سات بار ذکر فرمایا اور اس کا نام مریم رکھا اور اس سے خطاب اسی طرح فرمایا جیسے انبیاء کرام علیہم السلام سے خطاب کیا جاتا ہے۔ **کما قال تعالیٰ**: يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ یہاں بی بی مریم کو مردوں کے ساتھ شریک کیا۔ الْبَيِّنٰتِ اس سے معجزات مراد ہیں۔ جیسے مردے زندہ کرنا، برص والوں اور کوڑھیوں کو تندرست کرنا اور غیبی خبریں دینا اور انجیل۔ وَاَيَّدْنٰهُ اور ان کو ہم نے قوت دی۔ بِرُوْحِ الْقُدُسِ روح اقدس سے یہ **اضافة الموصوف الى الصفة** کے قبیل سے ہے۔ **اصل بالروح المقدسة المطهرة** تھا۔ اس سے عیسیٰ علیہ السلام کی روح مراد ہے۔ قدس سے کرامت کے وجہ سے موصوف کیا گیا ہے۔ کیونکہ قدس اللہ تعالیٰ خود ہے یا جبریل علیہ السلام ہیں اور انہیں مطہرہ سے اس لیے موصوف کیا گیا ہے کہ ان سے گناہ کبھی سرزد نہیں ہوا تھا اور جبریل علیہ السلام کو روح اس لیے کہا جاتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے پاس ایسے امور پیش کرتے جن میں قلوب کی زندگی کے اسباب ہیں اور انہیں تقویت دینے کا یہ معنیٰ ہے کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے ابتداء سے لے کر بڑھاپے تک شیطان سے محفوظ رکھا۔ یہاں تک کہ بوقتِ ولادت بھی ان کے قریب نہ جا سکا اور جب یہودیوں نے ان کے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو انہیں آسمان پر اٹھالیا۔

سوال : ایسی تقویت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تخصیص کیوں، کہ صرف ان کو عطیہ معجزات اور تائید بروح القدس سے موصوف کیا گیا ہے؟

جواب : باقی حضرات صرف تورات کے احکام کے اجراء کے لئے بھیجے گئے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بہت سے احکام منسوخ کرنے پر مامور کیا گیا اور ان کے زمانہ کے لوگوں کے جتنے غلط عقیدے اور بری رسمیں تھیں ان سب کو مٹانے کا حکم دیا۔ پھر ظاہر ہے کہ غلط عقائد اور بری رسموں کے مٹانے پر مردِ میدان کی ضرورت ہے اور وہ بغیر تائید ایزدی کے مشکل ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کے مابین چار ہزار نبی بھیجے گئے۔ بعض کے نزدیک ستر ہزار اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى یہ خطاب ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زمان اہل کتاب کو ہے مذکورہ امور ان کے بڑوں سے سرزد ہوئے۔ ان سے صرف تکبر کا ارتکاب ہوا۔ لیکن چونکہ ان کے ان امور سے یہ راضی تھے اس لیے ان کو مخاطب کیا گیا۔ یہ فاء عاطفہ ہے، مناسب مقام کے لحاظ سے فعل مقدر ہے۔ مثلاً: ای لم تطیعوھم افکلما جاء کم رسول" بما لا تھویٰ ۔تمہارے پاس رسول علیہ السلام وہ احکام لے آئے جن کو تمہارے نفوس نہیں چاہتے۔

اَنْفُسُكُمُ ان کے لائے ہوئے احکام تمہاری خواہش کے مطابق نہیں اسْتَكْبَرْتُمْ تمہیں ان کی فرمانبرداری اور ان پر ایمان لانے سے انکار ہے اپنے آپ کو بڑا سمجھ کر فَفَرِيْقًا ایک گروہ کی (ان انبیاء علیہم السلام میں سے) كَذَّبْتُمْ تم نے تکذیب کی جیسے عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ایک گروہ کو تم قتل کرتے تھے جیسے زکریا و یحییٰ وغیرہما علیٰ نبینا وعلیھم السلام۔

سوال : دونوں مقامات میں فریق کو کیوں مقدم کیا گیا ہے؟

جواب : اہتمام کے لئے، تاکہ سامع کو شوق ہو جائے کہ انہوں نے ان حضرات سے کیا کیا۔ قصر کے لئے نہیں کہ صرف یہ مانا جائے کہ انبیاء علیہم السلام صرف یہی دو گروہ تھے اور بس۔

سوال : قَتَلْتُمْ ماضی کی بجائے مضارع کیوں استعمال کیا گیا ہے۔؟

جواب: ا۔ مضارع استعمال کیا گیا ہے لیکن مراد تو ماضی ہے۔ ان کو اس حال پر ان کی رسوائی کا اظہار کرنے کی وجہ سے مضارع لایا گیا ہے۔ یوں ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ معاملہ اگرچہ گزر گیا لیکن وہ چونکہ انتہائی طریق سے برا تھا گویا ابھی حاضر ہے اور یہ بھی ظاہر کرنا ہے کہ اس واقعہ کی تذکیر سے عمل کرنے والوں اور ان کی اولاد کو عار دی جائے

۲۔ یا یہ مطلب ہے کہ ایک گروہ کو تم قتل کرو گے اور ابھی تک وہ تمہاری نیت تمہارے دل کی گواہی دے رہی ہے کیونکہ تمہیں تو ہو کہ میرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کے منصوبے بناتے تھے۔ اگر میری حفاظت ان کے شاملِ حال نہ ہوتی تو عرصہ سے ان کا کام تمام کر ڈالتے۔ اسی طرح تم نے ان پر جادو چلایا اور پھر ان کے کھانے (بکری کے گوشت) میں زہر ملا دیا یہاں تک کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے وصال

marfat.ocm
Marfat.com

شریف کے وقت فرمایا "ہمیشہ میرے حلق میں خیبر والا لقمہ عود کرتا رہا اب میری رگِ جاں کے ٹوٹنے کا وقت آ گیا"

ف: بہر وہ رگ ہے جو دل کے اندر ہے جب وہ ٹوٹ جائے تو انسان مر جاتا ہے۔

یہودیوں کے زہر دینے کا واقعہ

واقعہ کی تفصیل یوں ہے کہ جب خیبر (ایک مشہور مقام کا نام ہے جو حجاز میں واقع ہے) فتح ہوا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بکری کا گوشت ہدیۃً پیش کیا گیا۔ اس میں زہر ملائی گئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے فرمایا: میں تم سے ایک بات پوچھتا ہوں، کیا تم سچ کہو گے؟ انہوں نے کہا: ہاں ہم سچ بولیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں اس بکری کے گوشت میں زہر ملانے کا خیال کیونکہ پیدا ہوا؟ انہوں نے کہا: بات دراصل یوں ہے کہ ہم نے سوچا کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم جھوٹے ہیں تو زہر سے مر جائیں گے ہماری جان چھوٹ جائے گی اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں تو زہر آپ کو نقصان نہ دے سکے گی۔

تفسیر صوفیانہ یہود اس لیے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری اختیار نہ کرتے کہ انہیں اپنے جاہ وجلال اور دنیوی شوکت چھن جانے کا خطرہ تھا اسی طرح جب دل میں دنیا کی محبت ہو ایمان کامل نصیب نہیں ہو سکتا۔

ف: نفس کی سات صفتیں نہایت گندی ہیں:

۱۔ عُجب۔ ۲۔ تکبر۔ ۳۔ غضب۔ ۴۔ ریاء۔ ۵۔ حسد۔ ۶۔ مال کی محبت۔ ۷۔ مرتبہ کی محبت۔

اور جہنم کے بھی سات دروازے ہیں جس نے اپنے نفس سے یہ سات گندی عادات دور کیں تو قیامت میں اس سے دوزخ کے ساتوں دروازے بند کر دیئے جائیں گے اور وہ بہشت میں داخل کیا جائے گا۔

حکایت: حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بعض خلفاء کو فرمایا:

كُنْ ذَنَبًا وَلَا تَكُنْ رَأْسًا (ذم بن سرسین)

یعنی سرداری ترک کر کے کسی کا نور بن کر رہنا کیونکہ بوقتِ حادثہ سر کٹ جاتا ہے لیکن دم بچ جاتی ہے۔

مثنوی شریف میں ہے:

marfat.ocm
Marfat.com

تا توانی بندہ شو سلطاں مباش　　زخم کش چوں گوئی شو چوگاں مباش
اشتہار خلق بند محکمست　　دررہ ایں از بندہ آہن کے کم است

ترجمہ : ۱۔حتی الامکان نوکر بننا بادشاہ نہ بننا، گیند کی طرح چوٹیں کھاتا رہ لیکن ڈنڈہ نہ بننا۔ ۲۔مخلوق میں مشہور ہونا ایک مضبوط قید ہے اس راہ میں ایسی قید لوہے کی بیڑی سے کم نہیں۔

حکایت : بعض مشائخ نقشبندیہ سے منقول ہے کہ وہ شیخ المعروف بدوہ عمر روشتی کی طبع پرسی کے لئے تشریف لے گئے۔ چونکہ ان کے دل میں کچھ حُبِّ ریاست گھر کر چکی تھی اس لیے کہ شہر تبریز میں مرجع اصاغر و اکابر سمجھے جاتے تھے۔اسی لیے ان کا حال دگرگوں تھا۔ڈر کے مارے خوفزدہ تھے کہ کہیں موت کے بعد ان کا نتیجہ برا نہ ہو۔

ف: شرح حکم میں ہے کہ اپنے وجود کو یعنی وہ امور جو مخلوق میں شہرت کا سبب بنتے ہیں جیسے علم اور حال، گمنامی کی زمین میں دفن کر دے اور وہ بھی تین باتیں ہیں:

۱۔اپنے آپ کو ہمیشہ گھاٹے میں سمجھ اور جو تیرے علم سے ظاہر ہو اس پر مت اعتبار کرتا کہ اس سے تیرے نفس کی خرابیاں تجھے خرابی میں نہ ڈالیں۔

۲۔اپنے آپ کو اس حیثیت سے دیکھ جیسے کہ تو ہے، اپنی اس حیثیت کو نہ دیکھ کہ جس حیثیت سے چند القابات سے نوازا گیا ہے کیونکہ یہ بھی گھاٹے والی بات ہے کہ تو اپنے آپ کو القابات کی حیثیت سے دیکھے۔اپنے مالک کو ہر کمال سے موصوف سمجھ۔ جو کچھ تم سے ظاہر ہوتا ہے اسے مالک کی مہربانی سمجھ۔اپنی طرف کسی بات کو منسوب نہ کر۔اس سے گمنامی کی صفت حاصل ہو جائے گی۔

۳۔نفس کے ہر دعوی کو مٹا دے اسے کوئی بات نہ ظاہر کرنے دے جس سے عُجب پیدا ہو وہ تجھے خرابی میں لے جائے گی۔جیسے بیج ایسی زمین میں ڈالا جاتا ہے جو زرخیز ہو نہ کہ ردّی۔

تفسیر عالمانہ

وَقَالُوْا وہ یہودی جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں موجود تھے کہتے تھے کہ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ غُلف ، اَغلف کی جمع ہے۔اس اغلف (جلد پردہ دار) سے مستعار ہے جو ابھی ختنہ نہ کیا گیا ہو۔یعنی ہمارے دل جبلی پردوں سے مستور ہیں ان کی طرف (جو احکام نبی پاک صلی

marfat.ocm
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم لے آئے ہیں) نہیں پہنچ سکتے اور نہ ہی وہ انہیں سمجھ سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید فرمائی کہ ان کے دل ایسے ہی پیدا نہیں ہوئے کیونکہ وہ تو فطرت اور قبول کے تمکن پر پیدا کیے گئے ہیں ان کے اس قول سے اعراض فرماتے ہوئے کہا: بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ انہیں رسوائی میں ڈالا ہے اور اپنے دربار سے انہیں ہٹا دیا ہے۔ ان کا یہ حال ان کے کفر کی وجہ سے ہے جو انہیں عارض ہوا اور استعداد کو ایک بار نہ قبول کرتے ہوئے اپنے برے اختیار اور باطل کر دینے کی وجہ سے ہے۔ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ فاء زائدہ ہے مبالغہ کے لئے لائی گئی ہے۔ یعنی تھوڑا ایمان رکھتے ہیں اور وہ جو بعض کتاب سے ایمان تھا اور بعض سے کفر۔ فاء سببیت لعنت کے لئے جو انہیں ایمان نہ لانے کی وجہ سے نصیب ہوئی۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ۔ كِتٰبٌ سے مراد قرآن مجید ہے اور اسے مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ سے موصوف کرنا عزت سے مخصوص بڑھانے کے لئے ہے۔ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ یعنی تورات اور توحید اور بعض شرائع کے موافق ہے۔ ابن التمجید فرماتے ہیں کہ مُصَدِّقٌ صرف بعثت نبویہ علی صاحبہا السلام کے ساتھ اور ان کی علامات صفات سے مخصوص ہے نہ کہ شرائع واحکام سے۔ کیونکہ قرآن تو اس کے اکثر احکام وشرائع کا ناسخ ہے۔ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے مشرکینِ عرب اور کفار مکہ فتح ونصرت کی دعائیں مانگی جاتی تھیں۔ کہا جاتا تھا:

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا بِالنَّبِيِّ الْمَبْعُوْثِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ الَّذِيْ نَجِدُ نَعْتَهُ فِي التَّوْرَاةِ [1]

اور اپنے اعدا سے کہتے کہ وہ وقت قریب ہے کہ نبی آخر الزماں تشریف لائیں گے اور ہماری تصدیق کریں گے ہم ان کے ساتھ ہو کر تمہیں عاد وارم کی طرح قتل کریں گے۔ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا وہ جو کتاب سے جانتے تھے کیونکہ مَا اُنْزِلَ کی معرفت دراصل مَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ کی معرفت ہے۔ اور فاء دلالت کر رہی ہے کہ ان کی طلب فتح کے بعد آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری میں کوئی لمبی مدت نہ گزری تھی کہ وہ اس بات کو بھول جاتے۔ كَفَرُوْا بِهٖ حسد اور حرص علی الریاسۃ کی وجہ سے ان کے ساتھ کفر کیا اور ان کی صفت کو بدل ڈالا اور یہ

---

[1]: اے اللہ! اس نبی علیہ السلام کی برکت سے ہماری مدد فرما جو آخر زمانہ میں مبعوث ہوں گے جن کا ذکرِ خیر ہم تورات میں پاتے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

جملہ لَمَّا اُوْلٰی کا جواب ہے اور لَمَّا ثانیہ محض لمّا اولی کی تائید و تکریر کے لئے ہے۔ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ لعنة الله عليهم (ضمیر) کے بجائے اسم ظاہر لایا گیا۔ اس دلالت کی بنا پر کہ لعنت انہیں صرف ان کے کفر کی وجہ سے لاحق ہوئی ہے اور فاء اس دلالت کے لئے ہے کہ لعنت کا ورود کفر کے بعد ہے۔

ف: کفار پر لعنت کا معنیٰ طـــرد" اور رحمت اور جنت سے مطلقاً دور کرنا اور مومنین جو گنہگار ہیں ان کے لئے لعنت سے یہ مطلب ہے کہ انہیں اس کرامت سے دور کرنا جو ان گناہوں سے پاک ہیں اور انہیں کرامت کا وعدہ دیا گیا جو اس گناہ سے بری ہیں۔

حدیث شریف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "جس نے احتکار کیا وہ ملعون ہے"

یعنی وہ شخص جو کسی چیز کو خریدے اور اس لئے جمع رکھ دے کہ اسے مہنگائی کے وقت بیچے گا تو وہ شخص ابرار کے درجہ سے دور ہے نہ رحمت غفار سے۔

تحقیق لعنت علی الغیر :۔ وہ صفات کہ جن کی وجہ سے لعنت کی جاتی ہے تین ہیں:

۱۔ کفر ۲۔ بدعت ۳۔ فسق اور ان میں سے ہر ایک کے تین مراتب ہیں۔

۱۔ وصف اعم کو لے کر لعنت کرنا۔ جیسے کہا جائے: لعنة الله على الكفرين او المبتدية او الفسقة ۔ کافرین یا مبتدعین یا فاسق پر لعنت۔

۲۔ وصف اعم سے اخص کو لے کر لعنت کرنا جیسے کہا جائے: لعنة الله على اليهود والنصارىٰ او على القدرية والخوارج والرافض او على الزناة والظلمة واكل الرباء ۔ اس طرح سب پر مطلقاً لعنت کرنا جائز ہے

۳۔ ایک متعین شخص پر لعنت کرنا۔ یہ اس وقت جائز ہے جبکہ کفر شرعاً اس سے ثابت ہو چکا ہو بشرطیکہ اس میں کسی مسلم پر ایذاء کا موجب نہ بنے اور اگر ان کا کفر شرعاً ثابت نہ ہو، جیسے کہا جائے: لعنة الله على زيد او عمرو وغيرهما ۔ معین اشخاص پر لعنت کرنا ناجائز ہے کیونکہ اس کے خاتمہ کا حال غیر معلوم ہے۔ بہت بار کا مشاہدہ ہے کہ جسے ہم کافر سمجھتے ہیں وہ مرنے سے پہلے اسلام لاتا ہے یا اپنی غلطی سے توبہ کر کے مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا مقرب ہو جاتا ہے۔ اس بناء پر اس پر لعنت کا حکم کیسے دیا جا سکتا ہے۔

حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا

marfat.ocm
Marfat.com

لیکن پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے جنت کی بشارت دی اور یہی حجت پکڑتے ہیں جو لوگ یزید پر لعنت نہ کرنے کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ اس نے توبہ کی ہو اور پہلے کیے ہوئے فعل سے رجوع کر لیا ہو اس احتمال سے اس پر لعنت نہ کرنا چاہیے اور جو لوگ لعنت کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ یزید کا کفر مشہور ہے اور اس کے شدید شر کی خبر متواتر ہے اس لیے کہ جب اس نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کا حکم دیا تو اس نے کفر کیا علاوہ ازیں اس قول سے کافر ہوا جیسا کہ اس نے شراب نوشی کے وقت کہا: فَاِنْ حُرِمَتْ يَوْماً عَلٰى دِيْنِ اَحْمَدْ. فَخُذْهَا عَلٰى دِيْنِ الْمَسِيْحِ ابْنِ مَرْيَمْ ۔ یعنی آج یہ شراب احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی وجہ سے حرام ہے تو اسے دین عیسوی کی وجہ لے کر پی لے۔

اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے قاتل اور ان کے قتل کے آمر اور مجوز اور راضی ہونے والے تمام پر لعنت جائز ہے۔ جیسا کہ سعد الملۃ والدین التفتا زانی فرماتے ہیں:

"حق بات یہ ہے کہ یزید کا قتلِ حسین رضی اللہ عنہ پر راضی ہونا، اس سے خوش ہونا اور اہلِ بیت کی اہانت کرنا اگرچہ اس کے تفاصیل احاد تواتر بالمعنی ہیں" تو پھر ہم اس کے شان بلکہ ایمان میں کیا شک کریں بلکہ کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اور اس کے انصار و اعوان پر لعنت بھیجے۔ الصاحب بن عباد کی عادت تھی کہ جب پانی میں برف ملا کر پیتے تو یہ شعر پڑھتے:

قَهْقَهَةُ الثَّلْجِ بِمَاءٍ عَذْبٍ تَسْتَخْرِجُ الْحَمْدُ مِنَ الْصَى الْقَلْبِ

یعنی برف میٹھے پانی کے ساتھ حمد کو اقصیٰ قلب سے نکالتی ہے۔

پھر کہتے: اَللّٰهُمَّ جَدِّدِ اللَّعْنَ عَلٰى يَزِيْدَ اے اللہ! یزید پر لعنت کی تجدید فرما۔

عقیدہ: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی لعنت سے زبان کو روکا جائے کیونکہ اس میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہے اس لیے کہ کاتب وحی اور ذو السابقہ اور صاحب فتوحات کثیرہ تھے۔ فاروق و عثمان رضی اللہ عنہما کے عامل تھے لیکن ان سے اجتہادی غلطی سرزد ہوئی اور وہ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت کے طفیل معاف فرما دے گا۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: خیاط علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: مجھے آج تک کسی نے لاجواب نہیں کیا صرف ایک لڑکے سے لاجواب ہوگیا تھا جبکہ اس نے مجھ سے پوچھا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں تیرا کیا خیال ہے؟ میں نے کہا اس کے بارے میں توقف کرتا ہوں۔ پھر اس نے پوچھا: اس کے بیٹے یزید کے حق میں کیا رائے ہے؟ میں نے کہا: اس پر لعنت بھیجتا ہوں۔ پھر پوچھا: جو یزید سے محبت رکھتا ہو اس کے متعلق کیا گمان ہے؟ میں نے کہا: اس پر بھی لعنت۔ لڑکے نے کہا: یقین جانئے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے یزید کو دوست نہیں رکھتے تھے۔ (کذا فی روضۃ الاخیار)

مسئلہ: لعنت پھر لعنت ادا کرنے والے کی طرف لوٹتی ہے جبکہ جس پر لعنت کی جائے وہ اس کا اہل نہ ہو۔

مسئلہ: کسی شئے پر لعنت کرنے سے بسا اوقات اس سے برکت چھن جاتی ہے۔

مسئلہ: اللہ کی مخلوق میں کسی شے پر لعنت نہ کی جائے یہاں تک کہ نہ جماد پر نہ حیوان پر اور نہ انسان پر۔

حدیث شریف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مجھے دوزخ دکھائی گئی تو میں نے اس میں زیادہ عورتوں کو پایا وہ لعنت بکثرت بھیجتی ہیں اور اپنے شوہروں کی نافرمانی کرتی ہیں اگرچہ زمانہ بھر ان کے ساتھ احسان کرتے رہو جب کسی وقت کسی قسم کی کمی دیکھیں گی تو کہیں گی: میں نے تجھ سے کبھی بھلائی دیکھی ہی نہیں۔

مسئلہ: حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

"جو شخص علم کے بغیر فتویٰ دیتا ہے تو اسے آسمان و زمین لعنت کرتے ہیں"

حکایت: علی بلخی کی بیٹی نے اپنے باپ سے پوچھا کہ جب قے حلق تک خارج ہو کیا وضو باقی رہتا ہے؟ علی بلخی نے کہا: نہیں، بلکہ اس پر وضو کا اعادہ ضروری ہے۔ پھر علی بلخی کے ہاں خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا: نہیں اے علی بلخی! وضو نہیں ٹوٹتا جب تک قے سے منہ بھرا نہ ہو۔ میں نے یقین کرلیا کہ ہر فتویٰ حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر کیا جاتا ہے۔ بعد ازاں میں نے قسم اٹھالی کہ آئندہ کسی قسم کا فتویٰ نہیں دوں گا۔ (کذا فی الروضۃ)

بِئْسَمَا نکرہ منصوبہ بئس کے فاعل کے لئے مفسر ہے ای بئس شیئا۔ اشْتَرَوْا صفت ہے۔ اشتری بمعنی

marfat.ocm
Marfat.com

باع وابتاع۔ یہاں پر پہلا معنیٰ مراد ہے۔ بِہٖ اس شئے کے سبب سے۔ای بذلک الشئی۔ اَنْفُسَهُمْ اس سے مراد ایمان ہے نفس کو ایمان کی بجائے ذکر کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ نفس کی خلقت علم وعمل کے لئے ہے۔ جسے ایمان کے لئے تعبیر کیا جاتا ہے اور جبکہ انہوں نے ایمان کو چھوڑ کر کفر کا جامہ پہنا تو گویا کہ انہوں نے نفسوں کو کفر سے تبدیل کیا اور مخصوص بالام ہے۔ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ کتاب (جو ان کے احکام کا تعین کرتی ہے) کے ساتھ کفر کرتے ہیں باوجود یکہ اس کی حقیقت جانتے ہیں۔ بَغْيًا ، اَنْ يَّكْفُرُوْا کی علت ہے۔

ف: حسد اس چیز کو طلب کرنا جو اس کے پاس نہ ہو۔ حاسک کا کام ہے جو مرتبہ وقدر اور خصلت حمید محسود کو حاصل ہے وہ چاہتا ہے وہی مجھے مل جائیں اور باغی وہ ظالم ہے جو اس فعل کو بوجہ حسد کے کرتا ہے۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ بہت بری شئے ہے یہ کہ انہوں نے ایمان دے کر کفر خریدا۔ جس میں بغی کے سوا اور کچھ ہے نہیں اور وہ بغی اس لیے اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ یا حسد اس لئے کہ اَنْ يُّنَزِّلَ الخ کیونکہ حسد کا صلہ علی آتا ہے یعنی نازل کرے مِنْ فَضْلِهٖ اپنے فضل سے عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ جسے چاہے اور جسے چن لے مِنْ عِبَادِهٖ اپنے بندوں میں سے۔ یعنی اس کے وہ بندگان جو اعبائے رسالت کے تحمل کے اہل ہیں۔ اس سے مراد سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

ف: یہود کا عقیدہ تھا کہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لانے والے ہیں لیکن آرزومند تھے کہ سیدنا اسحٰق علیہ السلام کی اولاد سے ہوں۔ جب حضور علیہ السلام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے تشریف لائے تو یہود کو حسد ہوا کہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کو بنی اسرائیل سے ظاہر ہونا چاہیے تھا لیکن ان کے غیر میں ظاہر ہوا ہے۔

فَبَآءُوْ نوٹے جو حلیس ہیں۔ بِغَضَبٍ ساتھ غضب کے جو ہونے والا ہے۔ عَلٰى غَضَبٍ پے در پے غضب اور لعنت در لعنت کے مستحق ہوئے موافق اس کے کہ انہوں نے کفر در کفر کیا کیونکہ نبی برحق کے ساتھ کفر کیا اور بغاوت کی۔ وَلِلْكٰفِرِيْنَ ضمیر کے بجائے اسم ظاہر میں اس طرف اشارہ ہے کہ کفر انہیں محیط تھا عَذَابٌ مُّهِيْنٌ اور کفار کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔ اس سے کفار کی اہانت اور ذلت مراد ہے کیونکہ انہیں لالچ تھا کہ قرآن کا نزول ہماری قوم میں ہوتا۔ اب دوسری قوم میں نازل ہوا تو ان میں حسد پیدا ہو گیا۔ تو اس کی یہ سزا ملی جس ذات سے حسد کرتے ہو ان کی وجہ سے ہی تمہیں ذلیل وخوار کیا جا رہا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: اس سے ثابت ہوا کہ مومنین کا عذاب ان کو ادب سکھانے اور گناہوں سے پاک کرنے کے لئے اور کافروں کو عذاب ان کو ذلیل اور ان پر سختی کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ف: دین و دنیا کا فیض و فضل اللہ تعالیٰ کے کرم پر مبنی ہے۔ کسی پر فیض و فضل ہو جائے تو دوسرے کو اس پر حسد نہیں کرنا چاہیے اور پھر نبوت اور ولایت امور اکتسابیہ سے نہیں کہ بندہ جدو جہد اور خاص اہتمام سے انہیں حاصل کرے۔ نبوت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کسی خاص بندے کو بھیجے۔ تجلی جو اعیان فی العلم کی موجب ہے عنایت کر کے جسے ہی بنا دے اور یہ اس کا ایک فیض ہے جسے جو چاہے دے دے۔ [1]

اسی طرح ولایت بھی ایک خاص عطیہ ہے جسے کسب سے کوئی تعلق نہیں بلکہ تمام مقامات علیا کو یونہی سمجھو کہ وہ اختصاصیہ عطائیہ ہیں کسبیہ نہیں اسے نصیب ہوتے ہیں جس کو فیضِ الٰہی منتخب فرمائے۔ [2]

سوال: عام طور پر مشہور ہے کہ ولایت کسبی ہے اور آپ اسے بھی عطائی کہہ رہے ہیں۔

جواب: چونکہ اس کا ظہور چند شرائط و اسباب کے تحت ہوتا ہے اور وہ شرائط و اسباب آہستگی پذیر ہوتے ہیں اسی لیے محبوب انسان سمجھتا ہے کہ ولایت کسبی ہے حالانکہ ولایت بھی عطائی ہے۔

ف: حسد کرنے سے کیا بنتا ہے صرف اتنا ہوتا ہے کہ جہاں زبانی باتوں سے اپنے محسود کو کچھ نہ کچھ کہہ بیٹھتے ہیں اس سے محسود کو کون سا نقصان پہنچا، بلکہ اسے تو فائدہ ہوا کہ حاسد کے حسد سے اس کے درجات بڑھ گئے۔ ویسے اللہ تعالیٰ کا طریقہ جاری ہے کہ اہل جمال سے اہل جلال ملائے رکھتا ہے تا کہ کمال کا ظہور اچھی طرح ہو۔

حافظ مرحوم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔

دریں چمن گل بے خار کس نچید آرے — چراغ مصطفوی با شرار بولہبیست

ترجمہ: اس چمن میں کوئی گل کانٹے کے بغیر نہیں مصطفیٰ کے چراغ کے ساتھ ابولہب کی چنگاری بھی تھی۔

حکایت: حضرت عارف رومی علیہ الرحمہ جب حضرت شمس تبریز علیہ الرحمہ سے جدا ہوئے تو ان کی تلاش میں گرمی کی پروا کیے بغیر بڑے بڑے شہر چھان مارے۔ ایک سنار کی دکان کے آگے سے گزرے اور وہ

---

[1]: اس سے مرزائیوں کے عقیدے کی تردید ہوئی کہ وہ قائل ہیں کہ نبوت بھی کسبی ہے۔

[2]: اگرچہ اس میں کسب عمل کو بھی دخل ہوتا ہے۔ اویسی غفرلہٗ

marfat.ocm
Marfat.com

دکان شیخ صلاح الدین زرکوب کی تھی۔آپ کو شیخ موصوف نے فرمایا: مولانا! کیوں حیران پھر رہے ہیں؟ مولانا نے فرمایا کہ فلک جب اپنے آفتاب کو گم پاتا ہے تو وہ حیران وششدر ہو کر چکر لگاتا ہے تا کہ اپنے سورج کو پا کر ظلمت کے دکھ سے بچ جائے۔شیخ موصوف نے فرمایا: میں تیرا سورج ہوں میرے قریب آجایئے۔مولانا نے فرمایا: میں کیسے یقین کرلوں کہ آپ میرے شمس ہیں۔شیخ موصوف نے مولانا کو ان کے مراتب کو پوری تفصیل بتادی کہ جن مراتب سے حضرت شمس تبریز نے مولانا کو آگاہ فرمایا تھا۔مولانا نے شیخ موصوف کے ہاتھ چوم لیے اور معذرت کی اور کہا میرے شمس نے پہلے مجھے اپنی جھلک دکھائی اب مجھے اپنے چہرے کی جانب سے نوازا اس کے بعد مولانا ان کے ہاں رہنے لگے اور بہت بڑے مراتب حاصل کیے۔مولانا کے بعض ہوا خواہوں کو معلوم ہوا تا حسد کے طور شیخ موصوف کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔لیکن مولانا نے اپنے سلطان ولد کو بھیج کر ان کو اس ارادہ بد سے روکا۔شیخ موصوف نے فرمایا: مولانا! فکر مت کیجئے اللہ تعالیٰ نے مجھے اتنی طاقت بخشی ہے کہ آسمان کو زمین پر دے ماروں اور اپنے حاسدوں کو پاش پاش کردوں لیکن بہتر ہے کہ اس میں صبر کروں۔آیئے مل کر ان کی اصلاح کی دعا کریں۔شیخ نے دعا فرمائی تو ان لوگوں کے ارادے ٹھنڈے پڑ گئے اور وہ اس ارادہ بد سے تائب ہو کر استغفار کرنے لگے۔مثنوی شریف میں ہے:

چوں کنی بر بے حسد مکر و حسد　　زاں حسد دل را سیاہی بیارسد

خاک شو مردانِ حق را زیر پا　　خاک بر فرق حسد کن ہمچوں ما

ترجمہ: جب بے حسد پر مکر و حسد کرو گے تو اس سے تیرے دل کی سیاہی بڑھے گی۔مردان خدا کا خاکپا اور زیر ہو جا ہماری طرح حسد کے سر پر مٹی پھینک۔

وَلِذَا قِيْلَ لَهُمْ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ اور اس کے گرد ونواح کے یہودیوں کو کہتے ہیں اور لام بمعنی الی تبلیغ کے ہے۔اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ تمام کتب الٰہیہ پر ایمان لاؤ۔قَالُوْا نُؤْمِنُ کہتے ہیں ہم ایمان پر استمرار رکھتے ہیں۔بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا اس سے مراد تورات اور جو کچھ بنی اسرائیل کے انبیاء پر نازل ہوا اس کے ماسوا ہم پر نازل ہوتا ہے کیونکہ اس پر عمل کرنا ان کو لازم ہوتا ہے۔وَ اور وہ يَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ماسوا اس کے جو ان پر نازل ہوا، کے ساتھ کفر کرتے ہیں۔وَهُوَ حالانکہ تورات کے ماسوا قرآن اَلْحَقُّ حق ہے۔یعنی معروف

marfat.ocm
Marfat.com

بالحقیقت ہے اور اس کو لائق ہے کہ علی الاطلاق حق کا اسم اس کے لئے خاص ہو۔ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ تورات کی تصدیق کرتا ہے اس کا مخالف نہیں۔ حق سے حال مؤکدہ ہے اور اس کا عامل فعل ہے اور ذوالحال وہ ضمیر ہے جس پر کلام دلالت کرتا ہے۔ یعنی اُحِقُّهُ مُصَدِّقًا یعنی اس کا حال یہ ہے کہ جو کچھ ان کے پاس ہے اس کی تصدیق کنندہ ہے اس میں ان کے اپنے قول کی تردید بھی ہے۔ کیونکہ جب اس کا انکار کررہے ہیں جو تورات کا انکار ہے اس کے بعد اعتراض فرمایا کہ تم نے انبیاء علیہم السلام کو شہید کردیا باوجودیکہ تمہارا دعویٰ ہے کہ ہم ایمان دار ہیں۔ حالانکہ تورات میں کسی نبی کے قتل کی اجازت نہیں تھی۔ قُلْ اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم! فرمایئے۔ یہ امر تبکیت کا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہورہا ہے۔ ان کے متناقض اقوال کی وجہ سے۔ فَلِمَ دراصل لِمَا تھا۔ اس کی لام تعلیل کی ہے جو ما استفہامیہ پر داخل ہوئی ہے۔ الف گرگیا ہے تاکہ استفہامیہ وخبریہ کے مابین فرق رہے۔ تَقْتُلُوْنَ اَنْبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ استقبال صیغہ حکایت حال ماضیہ کے لئے ہے اور یہ جواب ہے شرط محذوف کے لئے۔ دراصل عبارت یوں تھی: قل لهم ان كنتم مؤمنين بالتورات. الخ آپ فرمایئے کہ اگر تم تورات پر ایمان رکھتے ہو تو پھر اس سے قبل کس وجہ سے انبیاء علیہم السلام کو شہید کرتے تھے۔ حالانکہ یہ فعل تورات میں بھی حرام ہے۔ ان کے آباء کے فعل یعنی قتل کا اسناد اِبْنَا کی طرف صرف ان کی آپس میں ملابست کی وجہ سے ہے۔

مسئلہ: ابواللیث علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے ثابت ہوا کہ گناہ سے راضی ہونے والا گویا اس کا مرتکب ہوا ہے۔ کیونکہ یہود اپنے آباء کے انبیاء کے قتل کرنے پر راضی تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں قاتل الا نبیاء قرار دیا۔ چنانچہ فرمایا: فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ الخ

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ شرط کا جواب محذوف ہے جیسا کہ گزشتہ مضمون دلالت کرتا ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی: ان كنتم مؤمنين فلم تقتلوهم۔ اعتراض کا تکرار محض الزام کی تاکید اور تشدید تہدید کے لئے ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ تبکیت وتوبیخ کا تکملہ ہے۔ یہ بھی امر کے تحت داخل ہے اور یہ لام قسم کی ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی: بِاللّٰهِ لَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى الخ۔ اللہ تعالیٰ کی قسم بیشک موسیٰ علیہ السلام تمہارے پاس معجزات لائے جو ظاہر اور واضح تھے۔ یعنی عصا اور ہاتھ کا نورانی ہونا اور دریا کا پھٹ جانا وغیرہ وغیرہ۔

marfat.ocm
Marfat.com

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ پھر تم نے بچھڑے کو معبود بنالیا۔ مِنْ بَعْدِهٖ بعد ان معجزات لانے کے اور ثُمَّ رتبہ کی تراخی کے لئے ہے اور اس پر دلالت کر رہا ہے کہ ان کا یہ عمل نہایت قبیح تھا۔ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ یہ حال ہے۔ اِتَّخَذْتُمْ کی ضمیر سے۔ یعنی تم بچھڑے کے پجاری ہوئے حالانکہ تم عبادت کو اس کے غیر محل میں رکھنے والے تھے۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ تم میں سے وعدہ لیا۔ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ تم پر پہاڑ کھڑا کر دیا اور ہم نے کہا: خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ اسے بڑی جدوجہد سے پکڑو۔ وَاسْمَعُوْا اور جو کچھ تورات میں ہے اسے قبول کرو اور اطاعت کرو۔ گویا قَالُوْا اپوچھا گیا کہ پھر انہوں نے کیا جواب دیا تو فرمایا: قَالُوْا انہوں نے کہا: سَمِعْنَا ہم نے تیرا قول سنا تو ہے لیکن ہم عمل نہیں کریں گے۔ وَعَصَيْنَا بلکہ تیرے امر کے خلاف کریں گے۔ اگر پہاڑ کے گرنے کا خطرہ نہ ہوتو ظاہراً بھی نہ مانتے جب ان کے اسلاف کا یہ حال ہے کہ تو غور فرمایئے کہ ان کے اخلاف کا کیا حال ہوگا۔

فردوسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

زبد گوہراں بدنباشد عجب　　سیاہی نباشد بریدن زشب

زبد چشم بہی داشتن　　بود خاک در دیدہ پناستن

ترجمہ:

۱۔ بدگوہروں سے برائی نہ ہو تعجب ہے کیا رات سے بھی سیاہی مٹائی جاسکتی ہے؟

۲۔ برے سے بھلائی کی امید رکھنا ایسے ہے جیسے آنکھوں میں مٹی ڈالنا۔

وَاُشْرِبُوْا بیشک وہ پلائے گئے۔ فِيْ قُلُوْبِهِمُ یہ ان کے پلانے کے مقام کا بیان ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہے: اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا۔ اَلْعِجْلَ بچھڑے کی محبت۔ مضاف محذوف ہے۔ کہا جاتا ہے: اُشْرِبَ قَلْبُهٗ كَذَا اى مَحَلَّ الشَّرَابِ۔ یا معنی ہے کہ ان میں بچھڑے کی محبت مخلوط ہوگئی۔ جیسے رنگ کپڑے میں مل جاتا ہے۔ دراصل اَشْرَبَهٗ اور جَعَلَهٗ شَارِبًا۔ کا ایک ہی معنی ہے۔ اب مطلب یہ ہوا کہ انہوں نے بچھڑے کی محبت کو پی لیا تھا اور بچھڑے کی محبت ان کے دل میں ایسے سرایت کر گئی جیسے پانی جسم میں مل جاتا ہے۔

ف: امام راغب علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اہل عرب کی عادت ہے کہ جب کسی شئے کی محبت یا بغض کسی میں دیکھتے ہیں تو پینے کے فعل کو اس کے لئے استعمال کرتے ہیں کیونکہ پینے کی شئے جسم کے ذرہ ذرہ میں سرایت

marfat.ocm
Marfat.com

کر جاتی ہے۔اسی لئے اطبّاء نے کہا ہے کہ پانی اغذیہ اور ادویہ کی سواری ہے۔

بِكُفْرِهِمْ ان کے کفر کی وجہ سے جوان سے پہلے سرزد ہوا وہی اس برے عمل کا سبب بنا۔بعض کہتے ہیں کہ وہ مجسمہ یا حلولیہ مذہب کے لوگ تھے اور بچھڑے کا جسم نہایت اچھا لگا اس لیے اس کی طرف جھک گئے اور ان کا دل بچھڑے سے لگ گیا۔ادھر سامری نے بھی غلط فہمی میں ڈال دیا۔ان کی لذت پرستش کو (جوان کو بچھڑے سے حاصل ہوئی) کفر سے مجازاً تعبیر کیا گیا ہے۔

حکایت: حضرت موسیٰ علیہ السلام جب اپنی قوم کے پاس واپس تشریف لائے تو بچھڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرا کر تمام نہروں میں ذرہ ذرہ کر کے ڈالا پھر فرمایا کہ تم ان نہروں سے پانی پی لو۔جس کے دل میں بچھڑے کی محبت رچی ہوئی تھی اس کے منہ سے سونے کا پانی ظاہر ہو جاتا۔

قُلْ یہ تو نجی امر ہے اور ان یہودیوں سے خطاب ہے جو حضور علیہ السلام کے ہم زمان تھے صرف اس ارادہ پر کہ وہ اپنے آباء واجداد کی تقلید میں پھنس کر صرف ان کے اعمال کی اقتداء کرتے تھے۔ بِئْسَمَا برا ہے وہ فعل يَأْمُرُكُمْ بِهٖٓ جو تمہیں ایسی قباحتوں کا حکم دیتا ہے۔اِيْمَانُكُمْ تمہارا وہ ایمان جو تم نے اپنی بنائی ہوئی تورات سے تیار کیا ہے۔مخصوص بالام محذوف ہے۔یعنی وہ مضمون جو پہلے مذکور ہوا۔جیسے سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا اور ان کا بچھڑے کو پوجنا۔ایمان کی طرف ان کے فعل کی نسبت محض تھکماً ہے اور پھر ایمان کو ان کی طرف مضاف کرنے میں اشارہ ہے۔

کہ ان کا درحقیقت ایمان ہی نہیں کیونکہ ایمان ان کا اپنا تیار کردہ ہے۔چنانچہ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ سے معلوم ہوتا ہے یعنی اگر تم صحیح معنی پر تورات پر ایمان لاؤ تو تورات تمہیں ایسی قباحتوں سے روک لے گی۔لیکن تمہاری یہ کیفیت بتاتی ہے کہ تم مؤمن نہیں ہو۔

مسئلہ: جو منہ سے کہے کہ مومن ہوں۔اس کا عمل بھی تصدیق کرے کہ واقعہ وہ مومن ہے ورنہ وہ کامل مومن نہیں۔

سبق: حضرت جنید بغدادی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ صوفیہ کرام کے نزدیک توحید کا مطلب یہ ہے کہ بندہ

marfat.ocm
Marfat.com

حدوث سے ہٹ کر قدم میں پہنچے۔اس عالم کے بکھیڑوں اور دلی تمناؤں کو مٹا کر عمل اور جہل سے دور ہو کر ذاتِ حق کے ملک میں جا بسیرا کرے۔

طالبِ توحید را باید قدم بہ لا زدن　　بعد ازاں در عالم وحدت دم الا زدن

ترجمہ: طالبِ توحید کو پہلا قدم لا پر رکھنا ہے پھر عالمِ وحدت میں الاّ کا دعویٰ کرنا۔

حکایت: حضرت یعقوب علیہ السلام کو جب قاصد نے خوشخبری سنائی کہ حضرت یوسف علیہ السلام ابھی زندہ ہیں، تو آپ نے اس سے پوچھا: زندہ تو ہیں لیکن یہ بھی تجھے خبر ہے کہ ان کا دین کیا ہے؟ اس نے کہا: ان کا دین اسلام ہے۔تو آپ نے فرمایا: الحمدللہ! اب میں خوش ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کی تکمیل ہوگئی۔

ف: آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ توحید اصل الاصول ہے اور قبولیت کا دارومدار اسی پر ہے اور اس سے گناہوں کی معافی ملتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی عطائیں اسی سے نصیب ہوتی ہیں۔

اسلامِ دحیہ کلبی: حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش تھی کہ دحیہ کلبی مسلمان ہو جائے۔کیونکہ اس کے ماتحت ستر قبیلے تھے اس کے اسلام لانے سے وہ بھی مسلمان ہو جائیں گے۔چنانچہ ایک دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ ارْزُقْ دِحْیَۃَ الْکَلْبِیَّ الْاِسْلَامَ ۔(اے اللہ! دحیہ کلبی کو دولت اسلام سے نواز) اس کے بعد جب دحیہ کلبی نے اسلام لانے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی بھیجی اس وقت حضور علیہ السلام صبح کی نماز سے فارغ ہو چکے تھے۔اللہ تعالیٰ نے بعد سلام ارشاد فرمایا کہ اے پیارے حبیب! ابھی آپ کے پاس دحیہ کلبی حاضر ہوگا۔لیکن آپ کے صحابہ میں سے بعض کی زمانہ جاہلیت سے اس کے ساتھ ناراضگی ہے لہٰذا خیال رہے۔صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جب سنا تو دل سے یہ بات نکال دی اگرچہ حضور علیہ السلام نے انہیں نہیں فرمایا تھا۔چنانچہ جب حضرت دحیہ کلبی مسجد نبوی میں حاضر ہوئے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دحیہ کے لئے اپنی چادر مبارک بچھا دی اور فرمایا کہ اس پر بیٹھ جاؤ۔حضرت دحیہ کلبی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلقِ عظیم کو دیکھ کر رونے لگے اور آپ کی چادر مبارک کو اٹھا کر چوما اور اسے آنکھوں سے لگایا اور ادب سے اسے سر پر رکھ لیا اور عرض کی: حضور! مجھے اسلام کے شرائط بتایئے۔آپ نے فرمایا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) دحیہ نے کلمہ

marfat.com
Marfat.com

شریف پڑھا۔اس کے بعد زاروقطار رونے لگے۔آپ نے فرمایا: دولتِ اسلام کے حصول کے بعد اب رونے کا کیا معنیٰ ؟عرض کی: اپنے گناہوں کو یاد کرتا ہوں تو بے ساختہ رونا آتا ہے اس کا کفارہ جو ہوگا میں ادا کروں گا اپنے رب سے پوچھیے ۔اس کے عوض مجھے اپنے آپ کو قتل بھی کرنا پڑا تو کروں گا۔اگر سارا مال بھی خرچ کرنا پڑے تو دریغ نہ کروں گا۔آپ نے فرمایا: وہ گناہ کیسا ہے؟عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہے کہ میں ایک بادشاہ ہوں اور مجھے عار تھی کہ میں اپنی لڑکیوں کو کسی کے نکاح میں دوں ۔اسی لیے میں نے یکے بعد دیگرے اپنی ستر لڑکیوں کو قتل کیا ہے۔اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم متحیر ہوئے۔اتنے میں جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کی: اللہ تعالیٰ سلام کے بعد فرماتا ہے کہ دحیہ کو فرما دیجئے: مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم! جبکہ تو نے کلمہ پڑھا ہے ہم نے تمہارا ساٹھ سال کا کفر اور ساٹھ سال کے تمام گناہ بخش دیئے ۔اسی طرح لڑکیوں کے مارنے کے گناہ بھی بخش دیئے ۔اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان آبدیدہ ہوگئے اور کہنے لگے: یا اللہ! جب تو دحیہ کلبی کے گناہ ایک بار کلمہ شریف پڑھنے سے بخش دیتا ہے تو مومنین تو کئی بار یہ کلمہ شہادت پڑھیں گے پھر کیوں نہ ان کے گناہ بخش دیئے جائیں گے کیونکہ وہ صدقِ دل اور خالص عمل سے یہ کلمہ شریف پڑھیں گے۔مثنوی شریف میں ہے:

اُذْکُرُ واللّٰہَ کار ہر اوباش نیست　　از فنی بر پائے ہر قلاش نیست

ترجمہ: اللہ کا ذکر ہر اوباش کو نصیب نہیں اور ارجعی کا خطاب بھی ہر قلاش کو نہیں ہوگا۔

حضرت شیخ سعدی نور اللہ مرقدہ' نے فرمایا ہے:

گر بحشر خطابِ قہر کند　　انبیاء۔ راچہ جائے معذرتست

پردہ از روئے لطف معذرتست　　کا شقیا را امید مغفرتست

ترجمہ:

۱۔اگر قیامت میں قہر کا خطاب ہو تو انبیاء بھی معذرت نہ کرسکیں گے۔

۲۔لطف سے پردہ اٹھایئے اس لیے کہ اب تو اشقیاء بھی مغفرت کی امید میں ہیں۔

قُلْ اِنْ کَانَتْ لَکُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ فرمایئے اگر تمہارے لیے آخرت یعنی بہشت خاص ہے۔عِنْدَ اللّٰہِ خَالِصَةً اللہ

marfat.ocm
Marfat.com

تعالیٰ کے نزدیک ظرف جز میں استقرار کے لئے ہے لَکُمُ حال ہے دَار'' سے۔یعنی سالم اور خالص تمہارے لیے۔ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ سوائے لوگوں کے۔یہ خَالِصَةً سے مل کر محل نصب میں ہے یعنی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کے اصحاب کے سوا۔ لا م عہد کے لئے ہے اور یہ اختصاص کے لئے استعمال ہوتا ہے۔جیسے کہا جاتا ہے:هٰذَا لِیْ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ ۔ یعنی میں اس کے ساتھ مخصوص ہوں۔

اب معنیٰ یہ ہوا کہ اگر تمہارا قول صحیح ہے کہ بہشت میں یہود کے سوا اور کوئی داخل نہیں ہوگا۔ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ تو موت کو محبوب سمجھو اور اس کا بہ دل وجان سوال کرو اور کہو: اَللّٰهُمَّ مَیِّتْنَا . (اے اللہ! ہمیں موت دے دے) کیونکہ جسے بہشت کے داخلہ کا یقین ہوتا ہے وہ لامحالہ موت کا اشتیاق ظاہر کرتا ہے اور اس کی نعمتوں کی طرف جلد پہنچنے کا متمنی ہوتا ہے اور خواہش رکھتا ہے کہ اس دار ہلاکت اور پریشانیوں کی قرارگاہ سے چھوٹ جائے۔اس کی طرف پہنچنے کی کوئی راہ نہیں سوائے موت کے۔ بناء بریں اے یہود! تم اس کی آرزو میں جلدی کرو۔

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ اگر تم اپنے قول میں (کہ بہشت صرف تمہارے لیے ہی ہے) سچے ہو تو اس کی آرزو کرو۔ تَمَنِّیْ دراصل نفس میں کسی شئے کو مقدر کرنے کا نام ہے اور اکثر اس میں استعمال ہوتی ہے کہ جس کی کوئی حقیقت نہ ہو وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ اور اس موت کی ہرگز آرزو نہیں کریں گے۔ اَبَدًا ہمیشہ، یعنی زمان مستقبل میں۔کیونکہ لفظ اَبَدًا مستقبل کے جمیع اوقات کے لئے آتا ہے جیسے لفظ قط ماضی کے جمیع اوقات کے لئے ہوتا ہے اور یہ دلیل ہے کہ لفظ لَنْ تابید کے لئے نہیں۔کیونکہ آخرت میں تو موت کی آرزو ضرور کریں گے اگرچہ دنیا میں نہیں کرتے۔ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ بسبب اس کے کہ وہ برے عمل کرتے ہیں جو نار کے موجب ہیں۔جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پاک کے ساتھ کفر کرنا اور تورات کی تحریف کرنا اور ہاتھوں کی تخصیص اس لیے ہے کہ عموماً اعمال انہیں سے ہوتے ہیں اور انسان کے جوراح میں عام صنائع اور اکثر منافع کا دارومدار انہیں اور ان سے جو صادر ہوتا ہے جاننے والا ہے۔یہ تہدید ہے۔

حدیث شریف: اگر یہود موت کی آرزو کرتے تو اپنی تھوک نگلنے کے فوراً بعد مر جاتے۔اس کے بعد پھر کوئی یہودی روئے زمین پر زندہ نہ رہتا۔

پس وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ معجزات سے ہے کیونکہ یہ لَنْ تَفْعَلُوْهُ کی طرح غیبی خبر ہے اور اگر کسی ایک نے موت کی آرزو کی

marfat.com
Marfat.com

ہوتی تو ضرور منقول ہو کر مشہور ہوتا۔

سوال : تمنی قلب سے ہوتی ہے کیا پتہ انہوں نے آرزو کی ہو۔

جواب : آرزو قلب سے نہیں ہوتی بلکہ زبان سے ہوتی ہے۔جیسے کوئی آرزو کرتے ہوئے کہتا ہے: لَیْتَ لِیْ کَذَا۔

حکایت: حضرت نافع فرماتے ہیں کہ ہم ایک یہودی کے پاس بیٹھے تھے وہ ہمارے ساتھ جھگڑ رہا تھا کہ تمہاری کتاب میں فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ ہے اور میں موت کی آرزو کرتا ہوں لیکن مجھ پر موت واقع نہیں ہوگی۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سنا تو گھر میں داخل ہو کر تلوار لٹکائے ہوئے باہر آئے تو یہودی فوراً بھاگ گیا۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میرے آنے تک ٹھہرتا تو اس کی گردن ضرور اڑاتا۔کیونکہ یہ جاہل خیال رکھتا ہے کہ یہ حکم یہود کے لئے ہر آن کے لئے ہر گز نہیں وہ تو صرف ان لوگوں کے لئے تھا جو اس وقت قرآن پاک کی مخالفت اور نبوت کا انکار کرتے تھے جبکہ انہیں نہیں تھا۔

سوال : مؤمن بھی تو یہی عقیدہ رکھتے ہیں کہ جنت کا سوائے ان کے کوئی مستحق نہیں لیکن ان یہود سے ایسی آرزو کسی نے منقول نہیں۔پھر یہود پر یہ حجت قائم کرنا کیسا؟

جواب : ا۔مومنین یہ دعویٰ نہیں رکھتے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑے فضل وشرف اور مرتبہ والے ہیں جیسا کہ یہود کا اپنے لیے دعویٰ تھا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ابناء اور احباء ہیں اور جنت صرف ہمارے لئے ہی ہے اور انسان جس سے محبت رکھتا ہے اس سے ملنے سے کراہت نہیں کرتا اور نہ ہی اس کے انتقام سے خوف رکھتا ہے بلکہ وہ تو اپنے محبوب تک پہنچنے کی کوشش کرتا ہے۔پس جب کہا گیا کہ اے یہود! تم موت کی آرزو کرو۔جب انہوں نے آرزو سے گریز کیا تو ان کے اپنے دعوی از خود ختم ہو گئے اور ان کا کذب ظاہر ہو گیا۔

۲۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی آرزو سے روکا ہے۔فرمایا:

”کوئی تم میں سے دکھ کی وجہ سے موت کی آرزو نہ کرے،لیکن یوں کہہ سکتا ہے اے اللہ! مجھے زندہ رکھ اگر میرے لیے زندگی بہتر ہو اور اگر میرے لیے موت بہتر ہے تو مجھے موت دے دے“

حضرت مقاتل علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

marfat.ocm
Marfat.com

لَوْلَا بَنَاتِیْ وَ صِبْیَانِیْ لَذُبْتُ شَوْقاً اِلَی الْمَحَانِیْ

یعنی اگر میری لڑکیاں اور میرے گناہ نہ ہوتے تو میں موت کی ضرور کرتا۔

اسی وجہ سے جو الزام یہود پر ہوا وہ مومنین پر نہیں آسکتا۔

مسئلہ : حضرت عبداللہ تستری قدس سرہٗ فرماتے ہیں: تین آدمیوں کے سوا موت کی آرزو کوئی شخص نہیں کرتا

۱:۔موت کے بعد حالات سے بے خبر۔

۲:۔اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے بھاگنے والا۔

۳:۔اللہ تعالیٰ کے دیدار کا مشتاق۔

مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔

شداہوائے مرگ طوق صادقاں کہ جہود اں رابدیں دم امتحاں

ترجمہ : موت کی آرزو سچوں کے گلے کا طوق ہے کیونکہ یہودیت کے لئے تو موت ذلت ہے۔

حکایت: حضرت مولانا روم قدس سرہٗ کا جب انتقال قریب ہوا تو حضرت ملک الموت متمثل ہو کر سامنے ہوئے تو آپ نے فرمایا:۔

پیشتر آ پیشتر آ جانِ من پیک در حضرت سلطانِ من

ترجمہ : اے حبیب! آگے آیئے کیونکہ تو تو میرے سرکار کا پیام ہے۔

حکایت: ابو حازم کو کسی بادشاہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی حاضری کیسے ہوگی؟ تو آپ نے فرمایا کہ فرماں بردار تو ایسے حاضر ہوگا جیسے کوئی غائب اپنے گھر والوں کے پاس جو اس کے مشتاق ہوں اور مجرم کی حاضری ایسے ہوگی جیسے بھاگا ہوا نوکر اپنے غصہ ور مالک کے پاس لوٹے۔

انبیاء رانگ آمدایں جہاں چوں شہاں رفتند اندر لامکاں

چوں مرا سوئے اجل عشق وہواست نبی لا تلقوا بایدیکم مراست

زانکہ نبی از دانہ شیریں بود تلخ راخود نبی حاجت کے شود

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ :۱:۔انبیاء علیہم السلام کو یہ جہاں تنگ نظر آتا تھا بادشاہوں کی طرح لامکاں کو تشریف لے گئے۔

۲:۔چونکہ ہماری خواہش وتمنا موت کی ہے اسی لیے ہمیں لا تلقوا (ہلاکت کی طرف ہاتھ نہ بڑھاؤ) کا حکم ہے۔

۳:۔اس لیے کہ میٹھے میوے سے ہی روکا جاتا ہے کڑوے پھل کی رکاوٹ کی ضرورت ہی نہیں۔

ف: موت ایک مصیبت عظمیٰ اور بڑی آزمائش کا نام ہے۔سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ اس سے غفلت کی جائے اور اس کے ذکر سے اعراض کیا جائے اور اس کے بارے میں کوئی فکر بھی نہ ہو۔اس کے لئے کوئی عمل بھی نہ ہو۔صرف اسی کے متعلق بڑی عبرت نصیب ہو۔اگر کوئی عبرت کرے تو اس میں فکر کیا جائے تو بہت کچھ نصیب ہوتا ہے۔چنانچہ مروی ہے کہ ''موت ہی بڑا واعظ ہے اور موت کے ذکر سے لذتِ نفسانیہ کا قلع قمع ہوتا ہے اور مستقبل کی آرزو ختم ہو جاتی ہے۔پھر جتنی بھی دنیاوی تمنائیں ہوتی ہیں سب مٹ کر رہ جاتی ہیں۔اگرچہ غافل دل بہت بڑے واعظ کی محتاج ہیں اور ان کے لئے کچھ الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ اَکْثِرُوْا ذِکْرَھَا ذَمِّ اللَّذَّاتِ لذتوں کو مٹانے والی موت کو زیادہ یاد کرو) اور کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ (ہر جی موت کا ذائقہ چکھنے والا ہے) جیسے ارشادات سمجھ دار کے لئے کافی ہیں۔

سبق: دانا کو ضروری ہے کہ مرنے سے پہلے ہی اپنی تیاری کر لے نہ کہ اس وقت جبکہ موت سر پر آ جائے۔

حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے:۔

اے برادر چو عاقبت خاکست　　خاک شو پیش از انکہ خاک شوی [1]

دعا:اے اللہ! ہمارا راستہ آسان فرما۔ آمین۔

وَلَتَجِدَنَّھُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ ،ولتجدن وجدانِ عقل سے ہے اور وہ علم کے قائم مقام ہوتا ہے۔فرق صرف اتنا ہے کہ وجدان تجربہ وغیرہ کے بعد استعمال ہوتا ہے۔لام قسم کی ہے اصل عبارت یوں تھی نَوَ اللّٰہِ لَتَجِدَنَّ الْیَھُوْدَ الخ ۔اے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ! آپ یہود کو لوگوں سے زیادہ حریص پاؤ گے۔عَلٰی حَیٰوۃٍ وہ موت کی آرزو ہرگز نہیں کریں گے اور حَیٰوۃٍ کی تنکیر نوعی ہے اور اس حَیٰوۃٍ سے متادولہ مراد ہے اور یہ حَیٰوۃٍ وہ ہے جس میں لوگ بسر کر رہے ہیں کیونکہ وہ بھی مطلق الحیاۃ کی ایک نوع ہے۔وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا معنوی لحاظ

---

[1]: اے بھائی! جب انجام خاک ہے اس سے پہلے خاک ہو جا جبکہ تجھے خاک میں جانا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

سے ماقبل پر عطف ہے گویا یوں کہا گیا ہے: اَحْرَصُ مِنَ النَّاسِ ۔

سوال : جب مشرکین بھی ناس کے افراد میں سے ہیں تو پھر انہیں علیحدہ کیوں ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : ا۔ مشرکین سب سے زیادہ حیاۃ ظاہری کے حریص ہیں۔

۲۔ یہودیوں کو توبیخ بھی ہے کہ مشرکین اگرچہ حیوۃ ظاہری کے حریص ہیں تو ہوں کیونکہ ان کا عقیدہ بھی یہی ہے کہ مرنا تو ہے ہی نہیں اور ہمیشہ زندہ رہنا ہے اور یہ حیات ان کے لئے جنت ہے اس لیے ان کا حریص ہونا بجا ہے لیکن اہل کتاب کے حریص ہونے سے تعجب ہے کہ ان کے پاس کتاب ہے جس میں مرقوم ہے کہ یہ حیوۃ عارضی ہے۔

سوال : پھر یہودیوں کو مشرکین سے زیادہ حریص کہنے کا کیا معنیٰ ؟

جواب: مشرکین کا تو حریص ہونا بجا ہے کہ وہ جاہل ہیں اور یہ یہود عالم ہونے کے باوجود حیات کے لئے حرص کرتے ہیں فلہٰذا یہ ان سے زیادہ حریص ہوئے۔

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ ان کی حرص کا بیان ہے اور جملہ مستانفہ ہے یعنی ان مشرکین میں سے ایک فرد آرزو رکھتا ہے۔

لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ کاش ہزار سال عمر دیا جائے۔ یہ ان کی آرزو کی حکایت ہے۔ اگر یہ جملہ تمنائیہ ہوتا تو عبارت یوں ہوتی: لَوْ اُعَمَّرُ الخ ۔ لیکن غائب کا صیغہ لایا گیا ہے۔ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ کی وجہ سے جیسے کہا جاتا ہے: حَلَفَ بِاللّٰهِ لَيَفْعَلَنَّ۔ یہ جملہ محلا منصوب ہے کہ یہود کا معمول ہے۔ قَالَ يَقُوْلُ کے باب کا قانون جاری کیا گیا اس لیے کہ يَوَدُّ قلبی فعل ہے۔ اب مطلب یہ ہوا کہ وہ مشرکین ہزار سال زندہ رہنے کی آرزو کرتے ہیں۔ یہ دراصل مجوس سے خاص ہے۔

سوال : ہزار سال کی حد بندی کیوں، حالانکہ وہ دائمی بقا چاہتے تھے۔

جواب : یہ ان کے اپنے قول کے مطابق ہے کہ جب ان میں سے کسی کو چھینک آتی تو دوسرا دعا دیتے ہوئے یوں کہتا: عِشْ اَلْفَ سَنَةٍ (تو ہزار سال زندہ رہ) اور علیک سلیک کے وقت بھی یونہی کہتے یا یوں کہتے: خِشْ الف نوروز والف مہرجان۔ جس کا فارسی میں ترجمہ ہوگا: ذی ہزار سال (ہزار سال تک زندہ رہ)

سوال : مجوس کو مشرک کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب : مجوس دو خداؤں کے قائل تھے، خالق نور اللہ اور خالق ظلمۃ اھر من۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَمَاهُوَ اہل حجاز کے قانون پر مشبہ بلیس ہے اس کا اسم هُوَ ہے یعنی کوئی ایک ان میں بِمُزَحْزِحِهٖ لفظ مَا کی خبر اور باء زائدہ ہے۔زَحْزَحَ یعنی بعید کرنا۔یعنی اسے بچانے والا نہیں۔ مِنَ الْعَذَابِ عذاب سے اَنْ يُّعَمَّرَ یہ کہ اسے عمر دی جائے۔یہ جملہ مَزَحْزِحِهٖ کا فاعل ہے۔وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال دیکھتا ہے۔بصیر وہ ہے جو شئے کی کنہ کو جانے اور خبیر وہ ہے جو شئے کی کنہ سے باخبر ہو۔یعنی اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کی کنہ کو جانتا ہے۔اس سے کوئی شئے مخفی نہیں۔دنیا میں ان کو رسوائی اور ذلت کی سزا دے گا اور آخرت میں انہیں سخت عذاب میں مبتلا کرے گا یہ حیاۃ چند دنوں کے بعد ختم ہو جائے گی خواہ کوئی ہزار سال یا اس سے زائد عمر گزارے۔

مسئلہ : جو بڑی عمر صرف اس لیے چاہتا ہے کہ اس میں نیکی ہی کرتا رہے تو وہ کامیاب لوگوں میں سے ہے۔ حدیث شریف میں ہے: طُوْبٰى لِمَنْ طَالَ عُمْرُهٗ وَاَحْسَنَ عَمَلُهٗ۔(مبارک ہو اس بندے کو جس کی عمر لمبی ہو اور عمل نیک ہوں)

مسئلہ: جو لمبی عمر صرف گناہوں کے لئے چاہے اس جیسا بد بخت کوئی اور نہ ہوگا۔موت سے ڈرنے سے کیا فائدہ آخر اس نے ایک دن آ کر ہی رہنا ہے۔

مسئلہ : تمام امت کا اتفاق ہے کہ موت کا کوئی سَن مقرر نہیں، نہ ہی میعاد متعین ہے۔نہ ہی معلوم ہوتا ہے کہ فلاں مرض میں موت ہے اور فلاں میں نہیں۔یہ صرف اس لیے کہ مرد اس کی تیاری میں ہر وقت مستعد رہے۔

حکایت: ایک بزرگ ہمیشہ شہر کے قلعہ کے اردگرد چکر لگا کر کہتے تھے: الرحیل الرحیل (لوگو! موت کی تیاری کرلو) جب وہ فوت ہو گئے تو اس شہر کے امیر نے پوچھا اب اس بندہ خدا کی آواز نہیں آتی۔لوگوں نے کہا: وہ فوت ہو گئے ہیں۔امیر نے کہا: ؎

ما زال يحج بالرحيل وذكره ... حتى اناخ ببابه الجمال

فاصابه محتظا متشمرا ... فاريحة لم تلهه الآمال

ترجمہ : ا:۔وہ بزرگ ہمیشہ کوچ کا اعلان کیا کرتے تھے آخر موت نے ان کے دروازے پر اونٹ لا کر بٹھا دیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

۲:۔موت نے انکو بیدار اور جانے کے لئے بالکل تیار پایا کیونکہ انہوں نے پہلے ہی سے رختِ سفر باندھ رکھا تھا انہیں دنیا کی آرزوؤں نے غافل نہیں کیا تھا۔

بانگ طبلت نمی کند بیدار　　تو مگر مردہ نہ در خوابی

تو چراغے نہادہ درراہ باد　　خانہ درمر سیلابی

ترجمہ:

۱:۔تجھے نقارہ کی آواز بیدار نہیں کرتی تو خواب میں نہیں بلکہ مردہ ہے۔　۲:۔تو نے ہوا کے راستہ چراغ رکھا ہوا ہے اور تیرا گھر سیلاب کی گزرگاہ میں ہے۔

سبق: موت کا آنا حق ہے اگرچہ طویل عمر ہی کیوں نہ گزرے آخرکار وہ آکر ہی رہے گی۔گوئی اسے چاہے یا نہ چاہے۔

حکایت: شارح خطیب حضرت وہب بن منبہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت دانیال علیہ السلام ایک جنگل سے گزر رہے تھے کہ آواز آئی **یا دانیال قف ترعجبا** (اے دانیال! ذرا ٹھہریئے ایک کرشمہ دیکھتے جایئے) دانیال علیہ السلام نے اِدھر اُدھر دیکھا مگر کچھ نظر نہ آیا۔دوبارہ ندا آئی۔دانیال علیہ السلام کہتے ہیں میں ٹھہر گیا اور دیکھا کہ ایک گھر سے مجھے کوئی بلا رہا ہے۔میں اندر گیا تو دیکھا کہ ایک چارپائی موتیوں اور یاقوت سے مرصع ہے اور کچھ دکھائی نہیں دیتا چارپائی کے اوپر سے آواز آئی: اے دانیال! آپ عجیب معاملہ دیکھنے والے ہیں۔ میں چارپائی کے اوپر چڑھ گیا اور اس کے اوپر سنہری بستر بچھا ہوا پایا جو مشک اور عنبر سے پُر ہے اور اُس کے اوپر ایک نوجوان مرا پڑا ہے۔ایسا لگتا تھا کہ وہ آرام فرما رہا ہے۔اس کے اوپر نہایت شاندار پوشاکیں اور زیورات تھے جن کا وصف بیان سے باہر ہے۔اس کے بائیں ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی اور سر پر سونے کا تاج تھا اور کمر میں سبز رنگ کی ایک تلوار بندھی تھی۔وہ کہنے لگا: ''اس تلوار کو اٹھایئے اور اس پر لکھی ہوئی عبارت پڑھیے'' میں نے دیکھا کہ اس پر یہ عبارت مرقوم ہے ''یہ تلوار صصام بن نوح بن صعق بن عاد بن ارم کی ہے'' پھر کہا: میں نے ایک ہزار سات سو برس عمر پائی اور بارہ ہزار باکرہ عورتوں سے شادی کی اور چالیس ہزار شہر بنوائے۔افسوس! کہ یہ زندگی ظلم وتشدد اور بے انصافی اور بے وقوفی سے گزری۔میرے خزانے کی چابیاں چار سو خچر اٹھاتے اور دنیا کے بادشاہ مجھے خراج ادا کرتے اور میری شاہی میں کوئی میرا ہمسر نہ تھا۔بنابریں میں نے ربوبیت کا دعویٰ

marfat.ocm
Marfat.com

کر دیا۔ آج مجھے بھوک نے ستایا میں نے ایک ہزار موتی صرف جوار کے ایک دانہ کے عوض دے کر طلب کیا۔ لیکن افسوس کہ آج میں بھوک سے مر گیا ہوں۔ اے دنیا والو! میری موت سے نصیحت پکڑو۔ موت کو بکثرت یاد کرو۔ کسی دھوکے میں نہ رہو میری طرح مارے جاؤ گے۔ اب میرے اقارب میرے گناہوں کی ڈھال نہیں بن سکے۔ حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:۔

چوں ہمہ نیک وبد بباید مرد　　خنک آنکس کہ گوئی نیک برد
برگ عیشے بگور خویش فرست　　کسی نیارد زپیش فرست

ترجمہ : ۱:۔ جب تمام نیک اور بروں نے مرنا ہے اسے مبارک جو نیکی کی گیند لے گیا۔ ۲:۔ عیش کا سامان اپنی قبر میں بھیج تیرے پیچھے اور کوئی نہ لائے گا تو اپنا سامان خود بھیج۔

غافل قلوب کا علاج :۔ پانچ باتوں سے ہوتا ہے :۱۔ وعظ ونصیحت ۔۲۔ تخویف ۔۳۔ ترغیب کی مجالس میں بیٹھنا، اولیاء اللہ کے واقعات سننا۔ اس طریق سے دل نرم پڑ جاتے ہیں اور شاغل الی اللہ ہو جاتے ہیں۔ ۴۔ موت کو بکثرت یاد کرنا کیونکہ اس سے نفس کی خواہشات مٹتی ہیں اس لیے موت کا کام بھی ہے کہ حماقتوں کو منتشر کرتی ہے اور بچوں کو یتیم کرتی ہے۔ ۵۔ جس کو سکرات جاری ہو اس کو دیکھنا۔ کیونکہ موت والے اور اس کی سکرات پر نگاہ ڈالنا نفس کی لذتوں کو ختم کرتا ہے اور دل کی خوشیوں کو بجھاتا ہے اور نیند کو دفع کرتا ہے اور خوشی کو دور کرتا ہے نیک عمل کے لئے برانگیختہ کرتا ہے اور موت کے لئے تیار رہتا ہے کیونکہ یہ کیفیت بھی کچھ ایسی ہے۔

حکایت : حضرت کعب سے پوچھا گیا کہ آپ موت کی کیفیت بتایئے۔ آپ نے فرمایا کہ موت ایسے ہے جیسے کانٹا انسان کے پیٹ میں دیا جائے پھر ہر کانٹے کے ساتھ ایک ایک کر کے آنتوں کو اس طرح نکالا جائے کہ انہیں سختی سے ایک بڑے زور والا آدمی کھینچے۔ اب خود اندازہ لگایئے کہ انسان کی اس وقت حالت کیا ہوگی۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر میت کا درد صرف بال برابر اھل السمٰوٰت والارض پر رکھا جائے تو اس کی سختی سے سب مر جائیں۔ قیامت میں ستر قسم کے درد ہوں گے۔ ان میں سب سے معمولی کی یہ کیفیت ہے کہ سکرات موت کے درد سے ستر گناہ زیادہ ہوں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

تم فرمادو جوکوئی جبریل کا دشمن ہوتو اس (جبریل) نے تو تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾ مَنْ

یہ قرآن اتارا اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتا اور ہدایت و بشارت مسلمانوں کو

كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ

جوکوئی دشمن ہو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل کو تو اللہ دشمن ہے

عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا

کافروں کو اور بیشک ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں اتاریں اور ان کے منکر نہ ہوں گے مگر

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ

فاسق لوگ اور کیا جب کبھی کوئی عہد کرتے ہیں ان کا ایک فریق اسے پھینک دیتا ہے بلکہ

اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ

ان میں بہتیروں کو ایمان نہیں اور جب ان کے پاس تشریف لایا اللہ کے یہاں سے ایک رسول ان کی کتابوں کی

لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۘ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ

تصدیق فرماتا تو کتاب والوں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب اپنے پیٹھ پیچھے پھینک دی گویا وہ کچھ علم

ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ

ہی نہیں رکھتے اور اس کے پیرو ہوئے جو شیطان پڑھا کرتے تھے

عَلٰي مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا

سلطنت سلیمان کے زمانہ میں اور سلیمان نے کفر نہ کیا ہاں شیطان کافر ہوئے

marfat.ocm
Marfat.com

يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ

لوگوں کو جادو سکھاتے — اور وہ (جادو) جو بابل میں دو فرشتوں

هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ

ہاروت و ماروت پر اترا اور وہ دونوں کسی کو کچھ نہ سکھاتے جب تک یہ نہ کہہ لیتے کہ ہم تو نری

فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ

آزمائش ہیں تو اپنا ایمان نہ کھو تو ان سے سیکھتے وہ جس سے جدائی ڈالیں مرد اور اس کی عورت میں

وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ

اور اس سے ضرر نہیں پہنچا سکتے کسی کو مگر خدا کے حکم سے اور وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نقصان دے گا

وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

نفع نہ دے گا — اور بیشک ضرور انہیں معلوم ہے کہ جس نے یہ سودا لیا اور آخرت میں اسکا کچھ حصہ نہیں

خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۲

اور بیشک کیا بری چیز ہے وہ جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانیں بیچیں کسی طرح انہیں علم ہوتا

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا

اور اگر وہ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو اللہ کے یہاں کا ثواب بہت اچھا ہے — کسی طرح

يَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۳

انہیں علم ہوتا۔

تفسیر عالمانہ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ شانِ نزول: جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو ابن صوریا یہودی نے (جو فدک میں رہتا تھا) حاضر ہو کر عرض کی:

marfat.ocm
Marfat.com

"اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی نیند کیسی ہے کیونکہ ہمیں علم دیا گیا ہے کہ نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی نیندیوں ہوگی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میری آنکھیں نیند کرتی ہیں لیکن دل بیدار ہوتا ہے"

اس نے کہا: "صَدَقْتَ" پھر پوچھا: "فرمایئے بچہ باپ سے ہوتا ہے یا ماں سے" تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہڈیاں، عصب، عروق باپ سے ہوتے ہیں اور خون، گوشت، ناخن، بال ماں سے ہوتے ہیں"

اس نے کہا: "صَدَقْتَ" پھر پوچھا: کیا وجہ ہے کہ بچہ کبھی اپنے چچاؤں کے مشابہ ہوتا ہے جس میں اخوال (ماموں) کی کوئی علامت بھی اس میں نہیں ہوتی اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس میں ماموں کی مشابہت تو ہوتی ہے لیکن چچا صاحبان کی کوئی ایک علامت بھی نہیں ہوتی" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس کا پانی غالب ہوگیا اسی سے مشابہت ہوگی" اس نے کہا: "صَدَقْتَ" اور اس طعام کے متعلق پوچھا جو حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے لیے حرام قرار دیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یعقوب علیہ السلام سخت بیمار ہوئے تو آپ نے منت مانی کہ اگر مجھے اللہ تعالیٰ شفا دے تو میں اپنے لیے اپنا محبوب ترین طعام (اونٹ کا گوشت) اور محبوب ترین مشروب (اونٹنی کا دودھ) حرام قرار دوں گا۔ اس نے کہا: "صَدَقْتَ یَا مُحَمَّد"، پھر پوچھا کہ بہشت میں سب سے پہلے کون کونسا طعام ملے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مچھلی" اس نے کہا: "صَدَقْتَ" اس نے کہا: "باقی صرف ایک سوال رہ گیا ہے اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا صحیح جواب دے دیا تو میں آپ پر ایمان لے آؤں گا اور آپ کی فرمانبرداری بھی کروں گا۔ وہ یہ کہ آپ کے پاس کونسا فرشتہ آتا ہے جو کہ عرض کرتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وہ جبریل علیہ السلام ہیں" اس نے کہا: وہ تو ہمارا دشمن ہے کیونکہ عذاب کا فرشتہ ہے جو قتال و عذاب اور کشتیوں کے ٹوٹنے اور تکالیف کے احکام نازل کرتا ہے ہمارے احکام لانے والا فرشتہ تو حضرت میکائیل علیہ السلام ہے کیونکہ وہ رحمت کا فرشتہ ہے جو برسات اور خوشخبریاں اور فراخی رزق کے احکام نازل فرماتا ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کب سے حضرت جبرائیل علیہ السلام کی تمہارے ساتھ عداوت شروع ہوئی۔

اس نے کہا: اس نے تو کئی بار ہمارے ساتھ دشمنی کی اور ہم سے سخت عداوت رکھتا ہے۔ چنانچہ ہمارے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم سنایا کہ بیت المقدس ایک مرد کے زمانہ میں خراب ہوگا جس کا نام بخت نصر ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

پھر جب اس کی خرابی کا وقت آیا تب بھی ہمیں بتایا جب اس نے خرابی کی خبر دی تو ہم نے اپنے بنی اسرائیل میں سے ایک بہادر آدمی اس کی طلب میں بھیجا تو وہ اس کی طلب میں بابل پہنچا تو وہاں ایک لڑکا پایا جو نہایت کمزور تھا اس نے اسے پکڑ کر مارنے کا ارادہ کیا تو اسے جبریل علیہ السلام نے روکا اور کہا اگر اس کریم نے اسی کو تمہاری ہلاکت کے لئے مسلط کیا ہے تو تم اس کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتے اور اگر یہ نہیں ہے تو پھر بلاوجہ کیوں مارتے ہو۔ تو ہمارے فرستادہ اس بات کو مان کر واپس آئے اور بخت نصر جوان ہوا اور بادشاہ بن کر ہمارے ساتھ لڑا اور بیت المقدس کو خراب کر ڈالا اور ہمارا قتال کیا۔ دوم یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسے نبوت کے لئے حکم فرمایا کہ بنی اسرائیل کو دے تو اس نے ہماری بجائے کسی اور دیدی۔ اس وجہ سے ہم اسے دشمن سمجھتے ہیں۔ علاوہ ازیں میکائیل علیہ السلام بھی اس کے دشمن ہیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جیسے تم کہتے ہو ایسے نہیں ہے وہ تو ایک دوسرے کے دشمن ہیں۔ تم حمیر سے زیادہ کافر اور ایک اگر دوسرے کا دشمن ہے تو وہ ضرور اس کا دشمن ہوگا اور جو ان دونوں کا دشمن ہے وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے اس پر یہ آیات نازل ہوئیں: مَنْ كَانَ الخ میں مَنْ کا جواب محذوف ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی: ای من عادیٰ جبریل من اهل الكتاب الخ یعنی جو اہل کتاب یہود میں سے حضرت جبریل علیہ السلام کا دشمن ہے تو اس کی دشمنی کی کوئی وجہ نہیں کہ بلکہ اس کی محبت واجب ہے۔

فَاِنَّهٗ پس جبریل علیہ السلام نے قرآن کو نازل کیا۔ قرآن کو مضمر کر کے بیان کیا اس کی کمال شہرت کی وجہ سے عَلٰى قَلْبِكَ تمہارے دل پر۔ تنزیل کی زیادہ تقریر اور محل وحی کا بیان ہے کیونکہ وہ وحی کا سب سے پہلے قبول کرنے والا ہے اور حفظ وفہم کا مرکز ہے۔ یعنی اس نے آپ کو یاد کر کے سنایا اور سمجھایا کہ کلام کا حق یہ ہے کہ عَلٰى قَلْبِكَ کے بجائے عَلٰى قَلْبِیْ ہونا چاہیے تھا۔ لیکن چونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی حکایتِ کلام واقع ہوا تو وہ جس طرح کلام کرے گا ویسے ہی بیان ہوگا کیونکہ نقل میں عبارت کا بعینہٖ آنا مضمون میں زیادتی کا موجب ہوتا ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قُلْ كَمَا تَكَلَّمْتُ الخ۔ یعنی آپ وہ بیان فرمایئے جو میں نے فرمایا ہے کہ اس نے آپ کے قلب انور پر اتارا۔ بِاِذْنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے امر وتیسیر سے۔ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ جو کتابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے نازل ہوئیں ان کے موافق ہے۔ توحید اور بعض شرائع کے بیان میں یہ نَزَّلَهٗ کی ضمیر مفعول

marfat.ocm
Marfat.com

سے حال ہے۔ وَهُدًى دین حق کی طرف ہادی ہے۔ وَبُشْرٰى اور جنت کی خوشخبری دینے والا ہے۔ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اہل ایمان کے لئے۔ اس بنا پر اس کی دشمنی کی کوئی وجہ نہیں بلکہ اگر انصاف کریں تو اسے محبوب سمجھیں بلکہ اس انزال کتب سے (جو ان کے لئے نفع بخش اور ان کے نازل شدہ احکام کا مصحح ہے) کا شکریہ ادا کریں بعد ازاں شرط و جزاء کی تعمیم سے تردید فرمائی کہ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ جو اللہ کے امر کا بوجہ عناد کے مخالف اور بوجہ مکابرہ کے اس کی اطاعت سے خارج ہے۔ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ ان دونوں کو علیحدہ ان کے افضل شان کے اظہار کی وجہ سے بیان فرمایا گیا گویا وہ کسی اور جنس سے ہیں۔ جو دوسرے ملائکہ سے افضل ہیں کبھی تغایر فی الاوصاف تغایر فی الجنس کا سبب بن جاتا ہے۔ یہاں بھی ایسے ہی ہے۔

ف: حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ جبر و میک و اسراف سریانی لغت میں بمعنی عبد ہیں اور اِیل اور آئیل اللہ تعالیٰ کو کہتے ہیں۔ اب معنیٰ ہوا: عبداللہ یا عبدالرحمٰن۔

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ شرط کا جواب ہے اور فَاِنَّهٗ نہیں فرمایا تا کہ اس ضمیر کے متعلق وہم نہ ہو کہ اس کا مرجع جبریل و مکائیل ہیں۔ لِلْكٰفِرِيْنَ یعنی اللہ تعالیٰ ان کا دشمن ہے۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ جو ان کو دشمن رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دشمن رکھتا ہے انہیں سخت عذاب میں مبتلا کرے گا۔

اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن صوریا نے کہا: آپ کونسی چیز لائے ہیں کہ جس سے ہم اسے پہچانیں؟ اور آپ کے پاس کونسی دلیل ہے کہ جس پر ہم آپ کی فرمانبرداری کریں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ واضح دلیلیں جو معانی اور اس بات پر دلالت کرنے والی ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اور ان آیات کے ساتھ جو حلال و حرام کو واضح کرنے والی اور حدود و احکام کی تفصیل کرنے والی ہیں ان کے کفر سے نہیں کرتا اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ مگر معرد دین الکفر اور خارجین عن الحدود۔ کیونکہ جو شخص اہل کتاب کی طرف ہو۔ حضرت حسن فرماتے ہیں وہ جب فسق معاصی کے کسی نوع میں استعمال ہو تو اس کے بڑے نوع کفر وغیرہ پر واقع ہوا کرتا ہے۔

ف: قرآن پاک ایک نور الٰہی ہے۔ اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے تاریکیوں کو دور فرمایا۔ یہود اسے بجھانا چاہتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے۔ اس میں انہیں سوائے رسوائی اور شرمساری کے کچھ حاصل نہیں

marfat.ocm
Marfat.com

ہوتا۔اس کی مثال ایسے ہے جیسے لوگ اندھیری رات میں حمام میں داخل ہوں اور اس میں اچھے بھی ہوں اور برے بھی۔اس کے بعد کوئی شخص روشن چراغ لے آئے تو اس کے بجھانے کے لئے سوائے اہلِ عیوب کے کوئی عجلت نہیں کرے گا اس خطرہ پر کہ ان کے عیوب ظاہر نہ ہوں اور نہ اسے خرابی کا نشانہ بننا پڑے۔

شمع درخشندہ دراں جمع نخواہند کہ تا　　عیب شاں در شب تاریک بماند مستور

وائے آں وقتیکہ روشن شود ایں راز چو روز　　پردہ بر خود ایں بباید بظہور

ترجمہ:۱۔روشن شمع میں نہیں آئیں گے اس لیے کہ ان کے عیوب اندھیری رات میں پوشیدہ رہتے ہیں۔

۲۔افسوس اس وقت ہوگا جب یہ پوشیدہ رازوں کی روشنی کی طرح روشن ہوگا پردہ اٹھے گا تو یہ ظاہر ہو جائے گا۔

اَوَ ہمزہ انکار کے لئے ہے اور باقتضائے کلام مقدر فعل پر عطف ہے۔یعنی اکفروا بالآیات البیّنات (کیا کفر کرتے ہیں ان آیات بینات کے ساتھ جو نہایت واضح ہیں) کُلَّمَا عٰھَدُوْا عَھْدًا یہ مفعول مطلق ہے۔فعل عٰھَدُوْا کی تاکید کے لئے واقع ہوا ہے۔ نَبَذَہٗ فَرِیْقٌ مِّنْھُمْ انہوں نے عہد کو توڑ ڈالا۔

ف: فریق طائفہ کو کہتے ہیں جو قلیل و کثیر کو شامل ہوتا ہے۔ نَبَذَ کا اسناد بعض کی طرف اس لیے ہے کہ ان میں بعض نے عہد نہیں توڑا تھا۔

بَلْ اَکْثَرُھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ بلکہ ان کے اکثر تو رات پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ دین میں سے کوئی شئے نہیں اس لیے عہد کے توڑنے کو گناہ نہیں سمجھتے اور نہ ہی اس کی پرواہ کرتے ہیں اس میں ان لوگوں کا رد ہے جو وہم کرتے ہیں کہ عہد توڑنے والے تھوڑے تھے۔ وَلَمَّا جَآءَھُمْ رَسُوْلٌ جب ان کے ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ اللہ کی طرف سے۔ جَآءَ کے متعلق ہے۔ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَھُمْ ان کی کتاب تورات کی تصدیق فرماتے ہیں۔ نَبَذَ فَرِیْقٌ مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اہل کتاب کے ایک گروہ نے کتاب کو پھینک مارا۔کتاب سے مراد تورات ہے۔ کِتٰبَ اللّٰہِ ، نَبَذَ کا مفعول ہے یعنی وہ شئے جو ان کو عطا ہوئی ہے۔یعنی تورات۔کیونکہ جب انہوں نے رسول علیہ السلام سے کفر کیا جو ان کی تورات کا مصدق ہے تو گویا انہوں نے تورات کو چھوڑا۔ باوجودیکہ اس میں موجود تھا کہ سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں اور وہ یہ بھی

marfat.ocm
Marfat.com

جانتے تھے کہ واقعی اللہ تعالیٰ کی طرف سے تشریف لائے ہیں وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ عناد کی وجہ سے تورات کو پسِ پشت ڈال دیتے ہیں اور انہیں اس کا علم بھی نہیں ہوتا۔ اس کے تارک اور روگردان کی مثال اس کے ساتھ دی جو کسی چیز کو اس کی لاپرواہی کی وجہ سے اور اس سے روگردانی کرتے ہوئے پس پشت ڈال دیا جائے۔

كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ جملہ حالیہ ہے یعنی اسے پسِ پشت ڈالا ان کا یہ حال تھا کہ انہیں اس کے ساتھ مشابہت تھی جو نہ جانتا ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

ف: یہود کے چار گروہ تھے:

۱۔ تورات پر ایمان والے اور اس کے حقوق پر پابندی کرنے والے جیسے مومنین اہل کتاب، وہ بہت تھوڑے تھے جس کا اشارہ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ میں ہوا۔

۲۔ کھلم کھلا عہد کو توڑ کر متمرد اور فاسق ہوئے نَبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ سے یہی گروہ مراد ہے۔

۳۔ کھلم کھلا عہد کو توڑا لیکن بوجہ جہالت یہی اکثر و بیشتر تھے۔

۴۔ تورات پر بظاہر تو عمل کیا لیکن خفیہ طور پر عہد توڑتے رہے۔ اپنے کو متجاہل کہتے ہیں۔ اس میں اشارہ ہے کہ جو شخص جاہلوں جیسا عمل کرے اور باوجود جاننے کے عمداً خلاف کرے تو اسے بھی جاہلوں میں سے سمجھا جاتا ہے یہی اور جاہل رتبہ میں برابر ہیں۔ جیسے جاہل سے نیکی کا ظہور مشکل ہے اسی طرح عالم بے عمل سے بھی خیر کی امید نہیں کرنی چاہیے۔

اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ زبانی واعظ کا کلام ضائع ہے اور قلبی واعظ کا تیر چلنے والا ہے۔ پہلے مراد عالم بے عمل ہے اور دوسرے سے مراد عالم باعمل ہے کہ جس کا کلام دل پر اثر کرتا ہے اور اس کی بات حکمت و عبرت و فکر انگیز ہوتی ہے۔ عاقل کے لئے ضروری ہے کہ ذوالجلال کی گرفت کے خوف سے فرمانبرداری کی طرف جلدی کرے۔

ف: ندامت چار قسم ہے۔

۱۔ ندامت یومی، یعنی وہ شخص جو گھر سے بغیر کھائے پیے نکلے۔

۲۔ ندامت سال بھر، یعنی وہ شخص جو موقع پر کھیتی نہ کر سکے۔

marfat.ocm
Marfat.com

۳۔ندامت عمر بھر، یعنی وہ شخص جو اپنی غیر مواقع عورت سے بیاہ کرے۔

۴۔ندامت ابدی، یعنی وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے فرمان پر نہ چلے۔

ف: تریاق ظاہر کا کتاب سے مطالعہ کرنا باطل کی زہر کو دور نہیں کرتا، بلکہ اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔اس کی مثال ایسے ہے جیسے کوئی شخص بیمار ہوا اور طب کی کتابوں کو صرف لکھتا رہے تو بیکار ہے جب تک علاج نہ کرے گا ادویہ کا محض دیکھنا کسی کام کا نہیں۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا۔یعنی اس کے اوامر پر عمل فرماتے اور اس کے نواہی سے بچتے۔

ف: علوم ظاہری پر عمل کرنا ناممکن ہے جب تک چار مراتب حاصل نہ ہوں۔مثلاً علم ظاہری سے یہ جانے کہ زانی کا حکم رجم وجلا وطنی ہے۔لیکن بایں معنیٰ کہ جو انسان کے اندر ایک ایسی فطرت بھی ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ انسان جماع، زنا میں مشغول ہو دانا لوگ سرے سے اس بری خصلت کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔اسی طرح کھانے پینے کے متعلق سمجھے کہ انسان میں کھانے پینے کا بھی ایک محل ہے سمجھدار آدمی اس پر محل پر قابو پاتا ہے جس سے اسے خواہشات پریشان نہیں کرتیں۔انسان کتنا ہی بڑا عالم کیوں نہ ہو اور ماہر فی الفنون ہو۔سب کچھ ہو لیکن جب تک اپنے علم پر عمل نہ کرے اس سے اس کا جہل بہتر ہے۔کسی نے کیا خوب کہا ہے:

حَفِظْتُ شَيْئًا وَغَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءَ

(تو نے ایک شئے کو تو قابو کر لیا لیکن بہت سی تجھ سے نکل گئیں)

حکایت: نصیر الدین طوسی ولی اللہ کی خدمت میں زیارت کے لئے حاضر ہوا ان کی خدمت میں عرض کیا گیا: یہ بہت بڑے عالم ہیں جن کا نام نصیر الدین طوسی ہے۔ولی اللہ نے پوچھا: ان کا کیا کمال ہے؟ لوگوں نے کہا: نجوم میں اپنی نظیر آپ ہیں۔ولی اللہ نے فرمایا: سفید گدھا اس سے زیادہ عالم ہے۔طوسی سن کر لوٹ آیا۔ان کی مجلس میں بیٹھنا بھی گوارہ نہ کیا۔آئندہ شب آٹے کی چکی کے دروازے پر شب باشی کا اتفاق ہوا آٹا پیسنے والے نے کہا: مولانا گھر کے اندر تشریف لائیے اگر آپ نے دروازہ بند نہ کیا تو آپ کو برسات گھیر لے گی۔ مولانا نے اس سے پوچھا: بھائی! تجھے کیسے معلوم ہوا ہے؟ اس نے کہا: میرا ایک سفید گدھا ہے جب وہ اپنی دم آسمان کی طرف تین بار ہلاتا ہے تو بارش نہیں ہوتی اور جب زمین کی طرف ہلاتا ہے تو بارش ہو جاتی ہے۔جب

marfat.ocm
Marfat.com

طوسی نے سنا تو اپنے عجز کا اعتراف کرتے ہوئے ولی اللہ کی تصدیق کی اور ان کے متعلق رنج وغصہ زائل ہو گیا۔

حکایت: ایک ولی اللہ نے ابنِ سینا سے فرمایا: تو نے اپنی عمر علومِ عقلیہ میں ضائع کر دی بتایئے تو اس وقت تک کس مرتبہ کو پہنچا ہے؟ اس نے کہا: ہاں مجھے ایک گھڑی معلوم ہوئی ہے جس میں لوہا مٹی ہو جاتا ہے۔ ولی اللہ نے فرمایا: اس گھڑی کے متعلق مجھے بتایئے۔ جب وہ وقت آیا تو خبر دیتے ہوئے لوہے میں انگلی دبا دی۔ انگلی اس کے اندر دھنس گئی۔ وہ گھڑی گزرنے کے بعد ولی اللہ نے فرمایا: اب بھی انگلی لوہے کے اندر دبائی جا سکتی ہے؟ اس نے کہا: نہیں، کیونکہ وہ اس گھڑی کی خصوصیات سے ہے اب تو کوئی امکان نہیں۔ ولی اللہ نے لوہا پکڑا اور اپنی انگلی اس میں دبا دی۔

سبق: عاقل کے لئے ضروری ہے کہ اپنی عمر مٹنے والی اشیاء میں ضائع نہ کرے۔ جیسا کہ ابن سینا نے طریقِ وصول میں استقلال العقل کا دعویٰ کیا تو وہ نار کا مستحق بنا۔

اسی طرح یہود (اللہ ان کو رسوا کرے) نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے روگردانی کی اور استقلال کا دعویٰ کیا جس کی وجہ سے نقصان وخسارا میں پڑے اور رجہل وکفر کی ظلمت میں رہے۔ مثنوی شریف میں ہے:۔

اے کہ اندر چشمہ شواست جات　　تو چہ دانی شط جیحون وفرات
وائے آنکہ زندہ کہ بامردہ نشست　　مردہ گشت وزندگی ازوے برست

ترجمہ: اے فلاں! چشمہ شور میں تیری جگہ ہے تو کیا جانے کہ شط جیحون وفرات کیا ہیں۔
۲۔ اس زندہ پر افسوس کہ مردہ کی صحبت میں بیٹھ کر مردہ ہو گیا اور اس سے زندگی چلی گئی۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ یہود نے کتاب اللہ کو پس پشت ڈالا اور جادوگروں کی کتابوں کی فرمانبرداری کی جنہیں شیاطین پڑھتے اور عمل کرتے۔ شیٰطین سے مراد سرکش جن ہیں۔ تَتْلُوا ماضی حال کی حکایت ہے اور اتباع سے مراد محل وتحض اور اس کی طرف اچھی طرح متوجہ ہونا مراد ہے۔ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ان کے ملک کے زمانہ میں، یہاں پر مضاف محذوف ہے اور عَلٰى بمعنیٰ فِی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حضرت سُدی فرماتے ہیں کہ شیاطین آسمان کی طرف چڑھ جاتے تھے تو ملائکہ کی وہ باتیں سن لیتے جو زمین پر موت وغیرہ سے متعلق واقعات ہونے والے ہوتے۔ پھر جادوگروں کے پاس آ کر سنی ہوئی ایک ایک بات کے ساتھ ستر جھوٹ ملا لیتے اور خبر دیتے۔ ان باتوں کو لوگ لکھ لیتے۔ بنی اسرائیل میں مشہور ہو گیا کہ جنات غیب جانتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے لوگوں کے ذریعہ وہ کتابیں جمع فرمائیں اور ایک صندوق میں بند کر کے کرسی کے نیچے دفن کر دیں اور فرمایا: میں آئندہ کسی سے یہ نہ سننے پاؤں کہ جنات غیب جانتے ہیں۔ جو یہ کہے گا اس کی گردن مار دوں گا۔ پھر جب حضرت سلیمان علیہ السلام کا وصال ہو گیا اور دیگر متعدد علماء بھی خدا کو پیارے ہو گئے جو سلیمان علیہ السلام کے فرمان اور کتابوں کے دفن کے مقام کو جانتے تھے۔ صرف نااہل لوگ باقی رہ گئے تو شیطان بصورتِ انسان کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ کیا میں تمہیں ایسے خزانے کی نشان دہی نہ کروں جو تم ہمیشہ کھاتے رہو تب بھی ختم نہ ہو؟ انہوں نے کہا: ضرور، ہمیں اور کیا چاہیے۔ اس نے کہا: کرسی کے نیچے سے کھودو۔ وہ خود بھی ساتھ تھا انہیں وہ جگہ دکھا دی اور خود دور کھڑا رہا۔ انہوں نے کہا: آپ بھی ہمارے قریب آ جایئے۔ اس نے کہا: نہیں، میں یہیں ٹھہرتا ہوں اور تم گڑھا کھودو اگر وہ خزانہ نہ ملے تو بیشک میرا سر تن سے جدا کر دینا۔ اس کے خود قریب نہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اگر کوئی شیطان اس کرسی کے قریب ہوتا تو جل جاتا۔ چنانچہ اس کے حکم کے مطابق گڑھا کھودا گیا اور اس میں وہ کتابیں نکال لی گئیں۔ شیطان نے کہا: سلیمان علیہ السلام جن وانس وشیطان و پرندوں کو انہی کتابوں کے ذریعے قابو کر لیتے تھے۔ بعد ازاں یہ بات کہہ کر شیطان اڑ گیا اور لوگوں میں مشہور ہو گیا کہ سلیمان علیہ السلام جادوگر تھے۔

بنی اسرائیل نے یہ کتابیں لے لیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہود میں اکثر جادو پایا جاتا ہے۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی برأت فرمائی: اِتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ۔

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ سلیمان علیہ السلام سحر کے علم سے کافر نہیں تھے یعنی وہ ساحر نہیں تھے۔ ساحر کافر ہوتا ہے۔ جادو کو تاکیداً کفر کرنے کی وجہ یہی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نہایت پاکیزہ انسان تھے انہیں کفر سے کیا واسطہ!

marfat.ocm
Marfat.com

یہ سب کذب بیانی یہود کی ہے۔ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا لیکن شیاطین جادو کے استعمال اور اس کی تعلیم وتدوین کی وجہ سے کافر ہوئے۔ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ انہوں نے کفر کیا اس لحاظ سے یہ وہ لوگوں کو اغواء وضلالت کے لئے سکھاتے تھے۔ مروی ہے کہ سحر شیطان کا استخراج ہے اس لیے کہ شیطان کا جوہر لطیف ہے اور فہم وذکاء دقیق وَمَآ اور سکھاتے تھے لوگوں کو وہ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ دو فرشتوں پر نازل کیا گیا۔ یعنی جو انہیں الہام سے معلوم ہوا۔ یعنی علمِ سحر۔ وہ دونوں لوگوں کے امتحان کے لئے اتر کر جادو سکھانے آئے جو بھی اسے سیکھتا اور عمل کرتا تو وہ کافر ہو جاتا اور جو اس کو سیکھ کر کنارہ کش ہوتا یا سیکھ تو لیتا اور اس پر عمل پیرا نہ ہوتا اور اس سے بچتا تو وہ مومن ہوتا۔

عَرَفْتُ الشَّرَّ لَا لِلشَّرِّ وَلٰكِنْ لِلتَّوَقِّيَةِ

(میں شر کو شر کی خاطر نہیں بلکہ بچاؤ کی خاطر سیکھتا ہوں)

مسئلہ: اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کاہن کے پاس آئے صرف بطور امتحان اس سے سوال کرے تاکہ اس کے متعلق معلومات حاصل کر کے صدق وکذب کی تہ تک پہنچے تو یہ جائز ہے۔

ف: امام فخر الدین فرماتے ہیں کہ ان کے نازل کرنے میں ایک حکمت یہ تھی کہ جادوگر شیطان سے باتیں چرا لیتے پھر جو کچھ سنتے اس میں خلط ملط کر کے لوگوں کو سناتے۔ یہ وحی نازل علی الانبیاء پر اشتباہ کا سبب بن گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان دو فرشتوں کو نازل کیا تاکہ لوگوں کو جادو کی کیفیات سکھائیں تاکہ انہیں جادو اور اللہ تعالیٰ کے کلام میں فرق معلوم ہو۔

بِبَابِلَ باء بمعنی فِی ہے۔ اُنْزِلَ کے ساتھ یا محذوف سے متعلق ہے۔ اَلْمَلَكَيْنِ سے حال ہے۔ اس بابل سے مراد عراق یا بابل ارض کوفہ مراد ہے۔

اس کا غیر منصرف ہونا عجمیت اور علمیت کی وجہ سے ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ میں قولِ حسن یہ ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام جودی پہاڑ سے نیچے اترے تو آپ نے ایک گاؤں تیار کرایا جس کا نام ثمانین رکھا۔ ایک دن اٹھے تو ان کی اسی بولیاں ہو گئیں۔ ان میں سے ایک لغتِ عربی تھی اور وہ ایک دوسرے کی بولی نہ سمجھتے تھے۔ (کذافی القرطبی) گویا یہ تَبَلْبُل "بمعنی مختلف ہونا ہے۔ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ، اَلْمَلَكَيْنِ سے عطف بیان ہے۔ یہ ان دونوں فرشتوں کا نام ہے اور ان کا منع صرف ہونا عجمیت اور علمیت کی وجہ سے ہے ہاروت وماروت کے متعلق بہترین

marfat.ocm
Marfat.com

توضیح ان کے متعلق جو مشہور ہے کہ (معاذ اللہ) انہوں نے شراب پی اور خونریزی کی اور زنا کیا اور ایک شخص کو قتل کیا اور بت کو بھی سجدہ کیا۔ یہ بات قابلِ اعتماد نہیں کیونکہ اس کا دارومدار یہود کی روایت پر ہے۔ علاوہ ازیں دلائلِ عقلیہ ونقلیہ کے بھی خلاف ہے۔

تفسیر صوفیانہ یہ مقولہ امثال اور موز سے ہے جس میں دانا اور سمجھدار کے لئے ارشاد کی خاطر ترغیب و ترتیب کی گئی ہے اس لیے کہ اَلْمَلَکَیْن سے عقل نظری اور علمی مراد ہے اور زہرہ عورت سے نفسِ ناطقہ مراد ہے۔ نشاۃِ اولیٰ میں ظاہر ہے کہ یہ دونوں اس کی تعلیم کے لئے معترض ہوتے ہیں جو نشاۃِ ثانیہ میں اس کی استعداد ہے۔ لیکن وہ نفس انہیں گناہ کی طرف رغبت دلاتا ہے اپنی اصلی عادت کے مطابق جو کہ اس کا تقاضا ہے کہ وہ ہمیشہ ردی امور کی طرف جائے اور آسمان کی طرف اس کا اڑ جانا اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ نفس جب ان دونوں سے کچھ سیکھ لیتا ہے تو وہ ملأ الاعلیٰ کی جماعت سے مل جاتا ہے کیونکہ وہ قدوسین کے اوصاف سے موصوف ہو جاتا ہے۔ اسی طرح بعض صوفیہ کرام نے فرمایا ہے۔

ہاروت وماروت کے متعلق صاحب روح البیان کا نظریہ:۔

ان مجلس کا جامع فقیر کاتب الحروف (حقی) عرض کرتا ہے کہ میں نے بڑی بڑی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے خواہ وہ صوفیہ کرام ہوں یا اہلِ شرع، سب اس بات پر متفق ہیں کہ ہاروت وماروت کا واقعہ درست ہے۔ پھر یہ بات دور ہے کہ تمام لوگ یہود کے غلط نظریہ پر اتفاق کریں۔ ہاں میرا نظریہ اس میں یہ ہے کہ ان سے عصیان کا وقوع ممکن ہے۔ اگرچہ بالتکلف ان کی فطرت میں طاعت ہے۔ جیسے انسان کی فطرۃً عصیان ہے لیکن اس سے نیکی بالتکلف ہوتی ہے دلیل اس کی یہی آیاتِ ذیل ہیں جنہیں جمہور نے بیان کیا ہے۔

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ (وہ رات دن اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ اس سے تھکتے نہیں)

اور فرمایا: وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (اور وہی عمل کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ہوا ہے) دیکھئے ان سے گناہ کا سرزد ہونا ممکن نہ ہوتا تو ان کی مدح کیوں ہوتی۔ مدح تو اس فعل پر ہوتی ہے جس کا کرنا ممتنع نہ ہو۔ (کذا فی التیسیر)

شانِ نزول:۔ قطع نظر اس کے شانِ نزول سے بھی یونہی معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ ادریس علیہ السلام کے زمانے میں جب ملائکہ کرام نے بنی آدم پر عار کا اظہار کیا کہ یہ لوگ گناہ زیادہ کرتے ہیں اور نیکی کم۔ پھر ان

marfat.com
Marfat.com

کے درجات بھی جلد بلند ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اگر تم ان کی جگہ ہوتے اور تمہارے اندر بھی ان کی طرح شہوات ہوتے تو تم سے بھی گناہ سرزد ہوتے۔ فرشتوں نے کہا: نہیں یارب! ہرگز نہیں ہم سے ایسا ہونا غیر متوقع ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اپنے سے اپنی پسند کے دو فرشتے لو جنہیں میں زمین پر بھیج دوں۔ انہوں نے ہاروت و ماروت کو چنا۔ یہ دونوں تمام فرشتوں سے زیادہ نیک اور عبادت گزار تھے۔ ان دونوں کو بشری خواہش دے کر زمین پر اتارا گیا پھر اس نے وہی کچھ سرزد ہوا جو ان کے بارے میں مشہور ہے اور یہ کوئی بعید بھی نہیں۔ ویسے فرشتوں کا زمین پر اترنا گناہ کے لئے نہیں جب تک ان میں بشری تقاضے پیدا نہ کیے جائیں۔ ابلیس میں شہوت کا مادہ رکھا گیا ہے اور اس کی ضروریات میں بھی۔ لیکن اس کے باوجود اس کا ملائکہ میں شمار ہوتا ہے جیسے کہ بعض کا قول ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ شہوات اس میں اس وقت رکھی گئی جبکہ اس کا نام فرشتوں سے کاٹا گیا۔ اسی اعتبار سے جائز ہے کہ ہاروت اور ماروت میں زمین پر اتارتے وقت شہوت رکھی گئی ہوتا کہ ان میں ترکیب بشریت کا مادہ پایا جائے اور ان کا امتحان لیا جا سکے۔

ف: آکام المرجان میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان، فرشتہ اور جن میں فرق رکھا ہے صورت میں بھی اور شکل میں بھی۔ یہاں تک کہ اگر فرشتے کو انسان کی صورت میں تبدیل کر دے تو ملکیت سے خارج ہو جاتا ہے۔ اسی طرح شیطان کو انسان کی صورت میں تبدیل کر دے تو وہ شیطانیت سے خارج ہو جائے گا۔

حکایت: ہاروت و ماروت سے جب غلطی سرزد ہوئی تو حضرت ادریس علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے ان کے متعلق سفارش کی کہ ان کے لئے تخفیف کی جائے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان سے پوچھئے کہ آخرت اور دنیا کے عذاب سے جسے چاہیں انہیں دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں دنیا کا عذاب دیا جائے کیونکہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے کم تر ہے۔ چنانچہ اب وہ بابل کے ایک کنوئیں میں لٹکے ہوئے ہیں اور ان کو ان کے بالوں سے لٹکایا گیا اور انہیں قیامت تک ایسے ہی رکھا جائے گا۔ حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ اس کنوئیں کو آگ سے بھر دیا گیا ہے پھر اس میں ان کو لٹکایا گیا ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ انہیں الٹا لٹکایا گیا ہے ان کی زبان اور پانی کے درمیان چار انگل کا فاصلہ ہے اس طرح وہ پیاس کے عذاب میں مبتلا کیے گئے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

ف: حضرت شیخ مشہور بافتادہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ وہ موم جو چربی سے تیار ہو اس کی بدبو بہت گندی ہوتی ہے ملائکہ کو اس کی بدبو سے سخت تکلیف پہنچتی ہے۔ بنابریں ہاروت و ماروت کو اس بدبو سے عذاب دیا جاتا ہے ہاں وہ موم جو شہد سے حاصل ہوتی ہے اس کی بو اچھی ہوتی ہے۔ (کذافی واقعات الھرائی)

حدیث شریف: حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دنیا سے بچو، اللہ کی قسم وہ ہاروت و مارت سے بھی زیادہ جادو رکھتی ہے''

ف: علماء فرماتے ہیں کہ دنیا شہوت اس لیے زیادہ رکھتی ہے کہ اس سے دنیوی خواہشات بڑھتی ہیں اور ان کی رغبت زیادہ ہوتی ہے اسے جمع کرنے نہ کرنے کا یہی نتیجہ ہے کہ جو اسے جمع کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت اور اس کے دیدار سے محروم ہو جاتا ہے اور جو اسے اپنے سے دور رکھتا ہے وہ اللہ کی اطاعت اور اس کے دیدار سے سرشار ہوتا ہے۔

ف: دنیا کے سحر کا معنیٰ یہ ہے کہ دنیا کی محبت اور اس کی لذتوں میں مبتلا ہو جانا اور پھر اس کے ذریعے جھوٹی آرزوئیں سر ہو جائیں۔ یہاں تک کہ اس کا دل پر قبضہ ہو جائے اس لیے حدیث شریف میں ہے:

''جب تیری کسی سے محبت ہو جاتی ہے تو پھر تو نہ اس کے عیب کو دیکھ سکتا ہے اور نہ اس کے عیب سن سکتا ہے''

ف: اس حدیث کا مطلب یہی ہے کہ دنیا کی محبت میں نہ حق کا راستہ دکھائی دیتا ہے اور نہ ہی حق کی بات سنی جا سکتی ہے اور ہے بھی اسی طرح جب کسی کی محبت غالب ہو جاتی ہے اور عقلی دلائل بھی اس سے منع کرنے والے نہ ہوں تو وہ حق سے اندھا ہو جاتا ہے۔ کسی شئے کی محبت سے رُوکنے کا یہی معنیٰ ہے کہ اس کی محبت میں مستغرق نہ ہو جاؤ۔

حضرت امیر خسرو دہلوی قدس سرہ' فرماتے ہیں:۔

برایں مردار چندت گاہ زاری گاہ زور چوں غلیوانی کہ شش ماہ مادہ و شش ماہ نر ست

ترجمہ: اس مردار پر کتنی مدت گزارے گا کبھی اس کے لئے زاری کرتا ہے کبھی زور لگاتا ہے جیسے چیل کہ وہ چھ ماہ نر رہتی ہے اور چھ ماہ مادہ۔

سبق: اس قصہ میں اشارہ ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل پر بھروسا ہو اور بس اور کسی گناہ سے بچاؤ ہو تو بھی اس کی مہربانی سے ہے۔ مثنوی شریف میں ہے

marfat.com
Marfat.com

همچو ہاروت و ماروت شہر — از بطف خوردند زہر آلود تیر
اعتماد بود شان بر قدس خویش — چیست بر شیر اعتماد گاؤمیش
گرچہ او با شاخ صد چارکند — شاخ شاخش شیر نر پارہ کند
گر شود پر شاخ ہمچوں خار پشت — شیر خواہد گاؤ رانا چار مشت

ترجمہ : ۱۔مشہور ہاروت و ماروت کی طرح انہوں نے کبر سے زہر آلود تیر کھایا۔۲۔انہیں اپنے تقدس پر ناز تھا، گائے کو شیر پر اعتماد کیسا۔۳۔اگر چہ وہ اپنی سو شاخوں سے کئی سیکڑے بھی لائے تب بھی شیر اسے پاش پاش کردے گا۔۴۔بلکہ وہ سراپا سینگ بن کر بھی شیر کا مقابلہ کرے تب بھی شیر اسے دبوچ لے گا۔

تفسیر عالمانہ

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ مفعول بہ ہے اور مِنْ زائدہ ہے۔وہ استغراق (جو کہ اَحَدٍ سے معلوم ہورہا ہے) تاکید کا فائدہ دے رہا ہے۔لیکن شیاطین نے کفر کیا کہ لوگوں کو وہی باتیں سکھاتے ہیں اور اکسانے کے لئے فرشتے لے آئے تاکہ لوگ سخت گمراہ ہوجائیں اور وہ فرشتے بھی لوگوں کو جادو نہ سکھاتے۔ حتّٰی یہاں تک کہ پہلے نصیحت کرتے اور اسے عمل سے روکتے تھے۔ يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ کہتے ہیں کہ بیشک ہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش بن کر آئے ہیں جس نے ہم سے جادو سیکھ کر اس کی حقیقت کا اعتماد رکھا تو وہ کافر ہوجائے گا اور جو اس پر عمل کرنے سے بچا بلکہ اسے دھوکہ دہی سے بچنے کا ذریعہ سمجھا تو وہ ایمان پر باقی رہے گا۔

اَلْفِتْنَةُ آزمائش و امتحان کو کہتے ہیں۔مثلاً اہل عرب کہتے ہیں فَتَنْتُ الذَّهَبَ بِالنَّارِ ۔یہ اس وقت بولتے ہیں جب سونے کو پوری طرح پرکھ لیا جائے پھر کہا جاسکے کہ یہ کھرا ہے یا کھوٹا۔اس فتنہ سے وہ افعال مراد ہیں جو مکروہ ہیں۔جو اللہ تعالیٰ یا بندوں کی طرف سے آئیں بلاء، مصیبت، قتل، عذاب وغیرہ۔کبھی یہ فتنہ دین میں بھی ہوتا ہے۔جیسے ارتداد و معاصی، اور کسی کو معاصی پر مجبور کرنا۔

سوال : فِتْنَةٌ واحد ہے اسے تثنیہ ہونا چاہیے تھا کیونکہ فرشتے دو تھے؟

جواب : فِتْنَةٌ مصدر ہے اور مصدر میں تثنیہ نہیں ہوتا۔

سوال : مصدر کسی پر محمول نہیں ہوتا؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب: جب مبالغہ مقصود ہوتو جائز ہے۔ یہاں مبالغہ مقصود ہے۔

فَلَا تَكْفُرْ اس کی حقیقت کا اعتماد رکھ کر یہ کفر نہ کر۔ یہ اس لیے کہ اس کا سیکھنا گویا فتنہ کا عین ہے۔

سوال: فرشتے فتنہ نہیں تھے حالانکہ آیت میں ان کو صرف فتنہ کہا گیا ہے؟

جواب: چونکہ اس وقت ان کا یہی کام تھا اس لیے ان کو صرف فتنہ کہا گیا ہے۔ جادو گمراہی نہیں اور نہ ہی اس پر عمل کرنا گمراہی ہے اگر ہے تو اس کو حق سمجھنے میں، یہ قول کفر مت کر اس کو سات بار کہتے، اور اگر وہ کہتا کہ ضرور سیکھوں گا تو اسے سکھاتے۔

فَيَتَعَلَّمُوْنَ جملہ منفیہ پر عطف ہے کیونکہ یہ مثبت کی قوت میں ہے۔ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ کہنے کے بعد اسے سکھاتے اور ضمیر واحد کے لئے جو معنوی اعتبار سے النّاس کے لئے ہے یعنی لوگ سیکھتے تھے۔

مِنْهُمَا ان فرشتوں سے مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ اس کے سبب اور استعمال سے بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ وہ جو زن وشوہر کے درمیان تفریق ڈالے بایں طور کہ اللہ تعالیٰ ان کے مابین تفرقہ اور نافرمانی پیدا کردے جبکہ وہ سحر استعمال کریں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ مسیات کے بعد اسباب عادیہ پیدا کرتا ہے آزمائش کی خاطر، کیونکہ بظاہر وہی سحر مؤثر تھا۔

جادو سیکھنے کے بعد لوگوں کی کیفیت:۔

حضرت سُدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی جادو سیکھنے آتا تو اسے کہتے کہ ہم سے جادو مت سیکھ کیونکہ ہم فتنہ ہیں۔ اگر وہ نہ مانتا تو اس کے سامنے راکھ رکھ کر اس پر پیشاب کردے۔ جب اس پر وہ پیشاب کرتا تو اس سے آسمان کی طرف نور چمک اٹھتا۔ وہ ایمان ومعرفت ہوتا اور ایک سیاہ چیز دھوئیں کی طرح آسمان سے نازل ہوتی جو اس کے کانوں میں داخل ہوجاتی وہ کفر اور غضب الٰہی ہوتا۔ جب وہ فرشتے اسے خبر دیتے تو وہی بات ہوتی جو مرد وعورت کے مابین جدائی ڈالنے والی تھی ویسے وہ اس سے مزید بھی جانتے تھے چونکہ وہ لوگ زیادہ تر یہی سوال کرتے تھے اس لیے وہ بھی یہی سکھاتے۔

بعض کہتے ہیں کہ جادو کے ذریعے مرد پر گرفت یوں ہوتی کہ وہ اپنی عورت سے جماع پر قادر نہیں ہوسکتا تھا۔

جادو کی علامت:۔ نصاب الاحتساب میں ہے کہ جو شخص دیکھے کہ میں اپنی اہلیہ سے جماع پر قادر نہیں ہوں لیکن غیر سے یہ قدرت حاصل ہے تو سمجھ لے کہ اس پر جادو کیا گیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جادو دفع کرنے کا طریقہ:۔ سرکنڈے (کانے) جمع کر کے یعنی ایک گٹھڑی بنا کر اس کے درمیان کلہاڑا رکھ کر آگ سلگا دو۔ جب کلہاڑا گرم ہو جائے تو اسے نکال کر اس پر پیشاب کر دو، اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ اور نہیں وہ جادوگر نقصان پہنچانے والے جو کچھ کہ وہ عمل کریں یا لوگوں کو سکھائیں۔

مِنْ اَحَدٍ کسی ایک کو اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر استثناء مفرغ ہے۔ اور باء کا متعلق محذوف ہے۔ اور ضارّین کی ضمیر سے حال ہے یا اس کے مفعول سے، اگرچہ نکرہ ہے لیکن اسے نفی پر اعتماد ہے اسی لیے ذوالحال بننے کے لائق ہے۔ یا بِهٖ کی ضمیر مجرور سے حال ہے۔ یعنی وہ کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے اور فحشاء کا امر نہیں فرماتا اس لحاظ سے جادو قضاء ساتھ نہ ہو اس کے امر سے کیونکہ اللہ تعالیٰ کفر اور کسی کو نقصان پہنچانے اور فحشاء کا امر نہیں فرماتا۔ اس لحاظ سے جادو کا کام ساحرت کا ہے لیکن اس کی تخلیق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جب جادوگر جادو کا عمل کرتا ہے تو اس وقت اللہ تعالیٰ اسے پیدا فرماتا ہے۔ یہ صرف بندوں کی آزمائش کی خاطر پیدا کرتا ہے۔ گویا یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ہوتا ہے۔ اس کا کسی کو انکار نہیں کہ سحر سے دلوں میں محبت و بغض اور شر و رد وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ بندہ کے دل پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس سے بڑے بڑے دکھوں اور بیماریوں میں مبتلا کیا جا سکتا ہے۔ یہ سب کچھ مشاہدہ سے معلوم ہوا ہے اس کا انکار ہٹ دھرمی ہے۔

سحر کی تحقیق:۔ جادو ایک ایسا امر ہے جو خارق للعادۃ ہے۔ لیکن ایسے نفس سے جو شرارت کا مجسمہ ہو اور وہ مخصوص اعمال کو عمل میں لا کر اس میں تعلیم و تعلم کو بھی دخل ہے ان دو باتوں سے معجزہ و کرامت اور سحر میں فرق ہو گیا۔ خارج میں اس کے ثبوت میں اختلاف ہے۔ علمائے اہل حق اس کے خارج کے وجود کے قائل ہیں اور معتزلہ منکر ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ خارج میں سحر کا نہ کوئی وجود ہے اور نہ ایسا کوئی ثبوت ہے بلکہ وہ ایک شعبدہ بازی اور خیالی بات ہے اور وہ صرف ایسے ہوتا ہے کہ آنکھوں میں ایسی باتیں دکھائی جاتی ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی۔ مثلاً رسیوں کا سانپ بن جانا اور وہ دفعۃً معلوم کر لینے کی بات ہے جس کا سبب صرف ہاتھ کی چالاکی اور اپنے حیلوں کو دیکھنے والوں سے پوشیدہ رکھنا ہے اور بس۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى

(اس کے خیال میں تھا کہ یہ سیاں سانپ ہیں جو بھاگتے ہوئے نظر آئے)

marfat.ocm
Marfat.com

معتزلہ کی تردید:۔ اہل حق معتزلہ کی تردید میں فرماتے ہیں کہ جادو کے خارج میں موجود ہونے کی دو دلیلیں ہیں:۱۔ جادو فی نفسہٖ ممکن الوقوع ہے جس میں قدرتِ ایزدی کو دخل ہے کیونکہ جادوگر تو صرف سبب ہے۔ خالق تو اس کا پروردگار ہے۔۲۔ آیہ مذکورہ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۚ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ اس کا مؤثر حقیقی میں ہوں فلہٰذا یہ محض خیالی بات نہیں بلکہ فی الواقع امر ہے۔

فائدہ عجیبہ:۔ شعبدہ بازی یا ایسے امور ظاہر کرنا جن میں ہاتھ کی چالاکی کو دخل ہو، یا ادویہ کے ذریعے عجیب وغریب امور ظاہر کرنا، یا ہندسہ کے آلات کے سبب سے یا کسی پتھر کے خواص سے کوئی بات دکھائی جائے یہ معاملہ اور ہے جسے جادو سے تعبیر کیا جاتا ہے یہ مجاز ہے۔ حقیقی جادو اور ہے۔ یہ باتیں دراصل ایسی ہیں کہ جن کا ماخذ دقیق اور سبب لطیف ہے جو ہر ایک نہیں جان سکتا۔ بعض لحاظ سے جادو حلال بھی ہوتا ہے۔

جادوگروں کے اقسام:۔ عام طور پر جادو عورتوں سے زیادہ ہوتا ہے خصوصاً حالتِ حیض میں اور یہ ہوتا ہی ان ارواحِ خبیثہ میں ہے جن کی طبائع خرابیوں اور فساد کی طرف راغب ہوں۔ اس کے لئے کسی قسم کی ریاضت بھی نہیں ہوتی۔ اس قسم کی عادت عورتوں، بچوں اور مخنثوں میں ہوتی ہے۔ جب کسی انسان کا مزاج فاسد ہو جاتا ہے تو وہ ایسی باتوں کی طرف میلان رکھتا ہے جو نقصان دہ ہوں اور انہی سے اسے لذت حاصل ہوتی ہے۔ بہت بار دیکھا گیا ہے کہ وہ ایسی باتوں کا عاشق ہوتا ہے، اس سے وہ اپنی عقل، دین، شکل وصورت جسم وجان اور مال کو برباد کر ڈالتا ہے۔ شیطان کی خباثت مشہور ہے جب دیکھتا ہے کہ کسی میں اس قسم کی خرابی ہوگئی ہے تو اس کا حامی ہو جاتا ہے اور وہ امور کی طبیعت میں گھس جاتے ہیں جیسے راشی کو رشوت کی عادت ہوتی ہے پھر ان کے ذریعے اپنے مقاصد پورے کرتے ہیں۔ اس کی مثال ایسے ہے جیسے کسی کو مال دے کر کہا جائے کہ فلاں کو جا کر قتل کر دو یا برائی پر اعانت کی نیت سے مال دیا جائے۔ اس وجہ سے جادوگر اور ایسے بدمعاش لوگ آیاتِ کلامِ الٰہی کو نجاسات اور خون سے لکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں کئی دوسرے غلیظ طریقے استعمال کرتے ہیں اور دھونیاں وغیرہ بھی دیتے ہیں۔ نماز وروزے کے قریب نہیں جاتے، ناجائز طریقے سے ناحق قتل کرا دیتے ہیں۔ ذی محرم عورتوں سے نکاح کر لیتے ہیں۔ قرآن پاک کو نجاست میں پھینکنے سے گریز نہیں کرتے وغیرہ وغیرہ۔ ایسے برے اعمال کا

marfat.ocm
Marfat.com

وہ ارتکاب کرتے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔ جب وہ کوئی برا عمل کرتے ہیں تو شیطان ان کی مدد کرتا ہے۔ بعض دفعہ یوں ہوتا ہے کہ وہ پانی پر تیرتے ہیں، ہوا میں اڑتے ہیں، دور دور کے مقامات پر پہنچ جاتے ہیں۔ لوگوں کے مال جمع کر کے لا دیتے ہیں، بعض کے دشمنوں کو مروا دیتے ہیں، بعض کو بیمار کر ڈالتے ہیں، بسا اوقات جادوگر عرفات میں حاجیوں کے سامنے نظر آتا ہے کہ تا کہ لوگوں کو نیک گمان ہو کہ فلاں صاحب بڑے بزرگ ہیں۔ حالانکہ وہ شیطان جادوگر کی صورت میں متصور ہو کر جاتا ہے۔ بظاہر وہ لوگوں کو کرامات محسوس ہوتی ہیں لیکن ہوتا وہ شیطان کی مکاری کا نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عبادات واجبات سے ہیں یا مستحبات، لیکن یہ جادوگری کے اعمال نہ واجبات سے ہیں نہ مستحبات سے بلکہ ان افعال سے تو منع کیا گیا ہے اور انہیں حرام قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے حرام اعتقادات سے بچائے۔

جادوگروں کی رہائشی علامتیں:۔ گمراہ لوگوں کی عبادات بھی عجیب وغریب ہوتی ہیں ان کے تمام امور غیر مشروع ہوتے ہیں۔ پھر ان سے کبھی کبھار مکاشفات کا ظہور بھی ہوتا ہے اور عجیب تاثیریں ظاہر ہوتی ہیں۔ وہ ایسے مقامات پر بسر کرتے ہیں جو شیاطین کے مسکن ہیں۔ مثلاً:۱۔ جہاں نماز پڑھنا ممنوع ہے۔ ۲۔ حمام۔ ۳۔ کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہیں۔ ۴۔ اونٹوں وغیرہ کے بیٹھنے کے مقامات۔ ۵۔ نجاست آلود مقامات۔

ایسے مقامات پر شیطان ان سے ملتا اور انہیں اپنی باتیں بتاتا ہے جیسے وہ بتوں کے اندر گھس کر کفار کو عجیب وغریب باتیں بتاتا تھا۔

مسئلہ: علماء فرماتے ہیں کہ جادو کے عمل سے اگر ایمان کے شرائط میں سے کوئی فعلی یا قولی شرط ضائع ہوتی ہو تو ایسے جادو کو اپنانا کفر ہے ورنہ نہیں۔

مسئلہ: عوام کے جھاڑ پھونک کے بعض طریقے ایسے ہیں جن کا کوئی معنیٰ ومطلب معلوم نہیں ہوتا یا وہ شرکیہ کلمات ہوتے ہیں یا جنات کی تعظیم کے الفاظ ہوتے ہیں۔ علمائے اسلام نے ایسی جھاڑ پھونک سے روکا ہے کیونکہ ان میں شرکیہ الفاظ کا خطرہ ہے اگرچہ جھاڑ پھونک والے کو معلوم بھی نہ ہو کہ یہ شرک ہے یا نہیں۔

مسئلہ: حدیث صحیح سے جھاڑ پھونک کی اجازت ثابت ہے جبکہ اس میں شرکیہ الفاظ نہ ہوں اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جہاں تک ہو سکے اپنے مسلمان بھائی کو نفع پہنچاؤ۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ: ہمارے نزدیک بیمار کے لئے آیاتِ الٰہی لکھنا جائز ہے بشرطیکہ سیاہی میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو۔ [1]

مسئلہ: اسی طرح آیات کو دھو کر پلانا یا لکھ کر گلے میں تعویذ کے طور پر ڈالنا جائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے اسماء میں شیطان کو دفع اور ذلیل کرنے کی تاثیر ہے۔

مسئلہ: بزرگوں کی جھاڑ پھونک اور دم کرنے میں بڑی برکتیں ہیں کیونکہ ان حضرات نے جب سے شہرت کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت شرعی احکام کے مطابق بجالائی تو آیت قرآنیہ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ کا حکم ان کے لئے ثابت ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جن اور شیاطین ان حضرات کی اطاعت کرتے ہیں۔ ان کی ایسے ہی فرمانبرداری کرتے ہیں جیسے وہ سلیمان علیہ السلام کی کرتے تھے۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے اذن وعطا سے ہوتا ہے۔

حکایت: حضرت الہدائی قدس سرہٗ اپنے واقعات میں اپنے شیخ حضرت الشیخ مشہود بافتادہ آفندی قدس سرہٗ سے بیان فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنا ایک خط جنات کے بادشاہ کو لکھا کہ فلاں شخص کو تمہارے ایک جن نے پکڑا ہوا ہے اسے حکم دو کہ اسے چھوڑ دے۔ چنانچہ جنات کے بادشاہ نے حکم مان لیا اور ان کے لکھے کی تعظیم کی کہ پکڑنے والے جن کی گرفت کی، جس پر بیمار تندرست ہو گیا۔ مثنوی شریف میں ہے:

ہم پیمبر فرد آمد در جہاں — فرد بود وصد جہانش در نہاں
عالم کبریٰ بقدرت سحر کرد — گرد خود را کہن نقش لورد
ابلہانش فرد دیدند وضعیف — کے ضعیفیت آنکہ باشد خریف

ترجمہ: ۱۔ پیغمبر زمین پر تشریف لاتا ہے، ہوتا تو وہ ایک فرد ہے لیکن اس میں کئی عالم پوشیدہ ہوتے ہیں۔
۲۔ قدرتِ الٰہی کے ساتھ عالم کبریٰ نے ظہور فرمایا ہے اپنے آپ پرانے نقش میں لپیٹا ہے۔
۳۔ بیوقوفوں نے اسے کمزور دیکھا وہ ضعیف کیسے ہو سکتا ہے جو ہر وقت تازہ ہو۔

مسئلہ: جادوگر کو قتل کرنا واجب ہے۔ وہ مرد ہو یا عورت، جبکہ ان کا طریقہ زمین میں فساد اور نقصان ڈالنے کا

---

[1] اسی لیے مرشدی مفتی اعظم سیدنا حضرت مصطفیٰ رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور استاذی مولانا سردار احمد لائلپوری قدس سرہٗ پین کی سیاہی استعمال نہیں فرماتے تھے ایسے ہی دیگر اولیاء کرام کا طریقہ منقول ہے۔ اویسی غفرلہٗ

marfat.com
Marfat.com

ہو۔اگران کا مقصد کفر پھیلانا ہوتو صرف مرد کوقتل کرنا چاہیے عورت کوصرف سخت سزادے کراسے قید کیا جائے۔ کیونکہ ساحر کافر ہوتا ہےاور کافر کوقتل کرنا واجب ہےاور کافرہ عورت اہل حرب سے نہیں۔جب اسے اصل کفر کی وجہ سے قتل نہیں کیا جاتا تو پھر عارضی کفر کی وجہ سے اسے کیوں قتل کیا جائے۔

مسئلہ::اگر ساحر گرفتاری سے پہلے توبہ کرلے تو توبہ قبول،ورنہ نہیں۔

نبوت وصحابیت کے بےادب کی سزا:۔

اشباہ(فقہ کی کتاب) میں ہے کہ ہر کافر کی توبہ دنیا میں قابل معافی ہے لیکن جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کرے یا شیخین (صدیق وعمر رضی اللہ عنہما) کوگالی دے یاان پر جادو کا عمل کرے اس کی توبہ قبول نہیں جبکہ توبہ سے پہلے گرفتار کرلیا جائے۔اگر چہ عورت ہی ہواور وہ بے دینی پھیلائے۔

ف: زندیق وہ ہے جو زمانہ کوقدیم سمجھےاور تمام حوادث کواس کی طرف منسوب کرے اگر وہ نبوت کا اقرار کرے اور شریعت کا بھی قائل ہو۔گزشتہ مضامین میں زیادہ تر آکام المرجان سے منقول ہیں،ان مضامین کودل پر لکھئے

وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ اور سیکھتے تھے وہ باتیں جوانہیں نقصان پہنچاتی ہیں کیونکہ ان کا اس سے عمل کا ارادہ تھا یا اس لیے کہ علم اکثر عمل کی طرف کھینچتا ہے۔ وَلَا يَنْفَعُهُمْ اورانہیں نفع نہ دیتیں۔اس کی تصریح اس لیے فرمائی تا کہ پتہ چل جائے کہ وہ ان امور سے نہیں جن میں خیر وشر دونوں ہوں بلکہ اس میں خالص شر اور ضرر محض ہے کیونکہ وہ لوگ اس سے یہ ارادہ نہیں رکھتے تھے کہ جادو سے جھوٹے نبی کی خرابیوں سے بچ جائیں یا لوگوں کو اس سے بچائیں گے۔اس لحاظ سے اس میں کسی قسم کا نفع نہ ہو بلکہ سراسر نقصان ہی نقصان۔

مسئلہ : جس علم میں اس کی خرابیوں سے بچنے کی کوئی صورت نہ ہوتو اس سے اجتناب بہتر ہے۔جیسے فلسفہ کا پڑھنا،اس کے پڑھنے سے گمراہی میں پڑنے سے نہیں بچا جاسکتا۔اگر چہ کسی شاعر نے کہا: ؎

عَرَفْتُ الشَّرَّ لَكِنْ لِلْوِقَايَةِ (میں نے شر کوشر کی وجہ سے نہیں سیکھا لیکن صرف بچنے کی خاطر)

اور جو شخص شر کونہیں جانتا وہ ضرور شر میں واقع ہوگا۔

مسئلہ : تجنیس میں ہے: نجوم کا سیکھنا حرام ہے۔ہاں قبلہ کی طرف پہچاننے اور سایہ اصلی کی خاطر سیکھا جائے تو جائز ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف: مصابیح کی بعض احادیث سے ایک حدیث یہ بھی ہے کہ جس نے نجوم کے علم سے سیکھا تو وہ سمجھ لے کہ اس نے سحر کے شعبہ کو سیکھا۔

مسئلہ: جب اس علم کے سیکھنے میں کچھ بھلائی نہیں تو جن کتابوں میں فلاسفہ وغیرہ کے بیانات ہوں تو اپنے پاس رکھنا بلکہ ان کی طرف دیکھنا بھی ناجائز ہے۔ (کذا فی نصاب الاحتساب)

وَلَقَدْ عَلِمُوْا ان یہود نے تورات سے جان لیا تھا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ کہ جس نے سحر اختیار کیا شیطان کی باتوں کو کتاب اللہ کے عوض لیتے تھے۔ پہلی لام قسم محذوف کا جواب ہے اور دوسری لام ابتدا کی ہے۔ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ اس کے لئے آخرۃ میں کوئی حصہ نہیں۔ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ البتہ بُری شئے ہے وہ جو انہوں نے خریدی۔ کیونہ شراء اضداد میں سے ہے اور لام قسم محذوف کا جواب ہے اور مخصوص بالذم بھی محذوف ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی۔ وَاللّٰهُ لَبِئْسَ مَا بَاعُوْا بِهٖ اَنْفُسَهُمُ السِّحْرَ وَالْكُفْرَ اور ایمان کو نفس سے اس لیے تعبیر فرمایا کہ نفس صرف علم وعمل اور ایمان کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ لَوْ کا جواب محذوف ہے۔ ای لَمَا فَعَلُوْا یعنی اگر انہیں علم ہوتا تو وہ سحر اور اس پر عمل کرنا نہ سیکھتے۔

سوال: پہلے ان کے لیے علم ثابت کیا پھر اسکی ان سے نفی کر دی۔

جواب: اس لیے جب اپنے علم پر عمل نہ کیا تو گویا حقیقۃً انہوں نے کچھ نہ پڑھا تو یہاں پر علم سے نفع لینے کی نفی ہے نہ کہ علم کی نفی۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اور اگر وہ یہود اٰمَنُوْا ایمان لاتے نبی علیہ السلام پر اور قرآن پر وَاتَّقَوْا اور بچتے سحر اور شرک سے لَمَثُوْبَةٌ تو ان کے لئے ثواب ہے۔ لمثوبۃ بروزن مَفْعَلَة اس کی گردان ثَابَ يَثُوْبُ بمعنیٰ رَجَعَ ہوگی اور جزاء کو ثواب اس لیے کہتے ہیں کہ وہ نیکی کرنے والے کے اس اجر کا بدلہ ہے جو اس کی طرف لوٹتا ہے۔ مبتدا ہے اور لَوْ کا جواب محذوف ہے اور تنکیر تقلیل کے لئے ہے۔ یعنی ثواب سے شئے قلیل جو ہونے والی ہے۔

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خیر۔ یہ مبتدا کی خبر ہے۔ مطلب یہ کہ انہوں نے اللہ سے کوئی خیر کا اجر پایا اس کے عوض ان کے نفوس نے خریدا۔ یہاں فعل محذوف ہے۔ عبارت کے طریقہ کو تبدیل کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان کے لئے خیریت کا ہونا یقینی ہے۔ مفضل علیہ کو محذوف کرنے میں مفضل کی شان بلند کرنا

marfat.ocm
Marfat.com

مطلوب ہے تا کہ ہر بات اسی کی طرف منسوب ہو۔ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ اگر جانتے کہ اللہ تعالیٰ کے ثواب میں بہتری ہے

ف: صرف زبان پر علم کو محدود رکھنے میں کوئی فائدہ نہیں جب تک اس کا دل پر اثر نہ ہو اور دل پر تاثیر کی نشانی یہی ہے کہ اس پر عمل کرنے کو جی چاہے اور کتاب وسنت کی پابندی کرے۔ جو اپنے اوپر کتاب وسنت مسلط کر لے اس سے حکیمانہ باتیں سرزد ہوتی ہیں اور جو اپنے اوپر خواہشاتِ نفسانیہ کو مسلط کر لے اس سے بدعت کی باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔

علم نافع کی علامت:۔

حضرت شیخ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر وہ علم کہ جس میں خطراتِ نفسانیہ اور تصورات غلط دور ہوں اور روحانی امور بھی اس میں شامل ہوں اور طبیعت کو بھی اس سے لذت نصیب ہو تو اسے حاصل کر۔ یہ وہی علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول علیہ السلام پر نازل فرمایا۔ نبی علیہ السلام اور خلفاء راشدین وتابعین وتبع تابعین اور ائمہ دین (جو خواہشات نفسانیہ سے مبرا ہیں) کی اقتدا میں اپنی نجات سمجھو۔

ان کی فرمانبرداری ظنون وشکوک واوہام اور غلط دعاوی سے بچاتی ہے۔ اگر تو چاہتا ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کا خالص بندہ بنے تو علم وعمل میں کسی کی اقتدا حاصل کر۔ ورنہ گمراہی ہے۔ پہلے وہ علم سیکھ جس میں اللہ تعالیٰ کی توحید کا بیان ہو اور عمل بھی وہی مقبول ہے جس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول علیہ السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت ہو اور اہل السنۃ والجماعت کے اعتقادات کے مطابق اعتقاد رکھ ورنہ عمل بیکار ہے۔

ف: بعض علماء کرام نے فرمایا کہ برے آدمی میں علم کا اضافہ ایسے ہے جیسے اندرائن کو پانی دیا جائے اسے جتنا پانی دیا جائے گا اس کا کڑواپن بڑھتا جائے گا۔ اسی طرح جس نے علمِ دین صرف اس لئے پڑھا کہ وہ دنیوی کاروبار چلائے گا اور اس سے دنیاوی فوائد حاصل کرے گا، تو وہ شخص ایسے ہے جیسے گندگی کو یاقوت کے آسے اٹھائے۔ یہ بہت برا وسیلہ ہے۔ اصل بات تو یوں ہے کہ بندے کو چاہیے کہ اپنی آخرت پر تمام دنیا کے امور کو قربان کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے پاس جو کچھ ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔

ف: اگر تو یہ جانتا ہے کہ اللہ کے ہاں تیرا مرتبہ کیا ہے تو اپنے اعمال کی طرف دیکھ۔ یہی اعمال علامات اور احوال کرامات اللہ تعالیٰ کے قرب کی دلیلیں ہیں۔ علوم تو صرف وسیلہ ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص معلوم کرے کہ میرا اللہ تعالیٰ کے ہاں کتنا مرتبہ ہے تو اپنے دل کو غور سے دیکھے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی کتنی عظمت ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے اتنی الفت کرتا ہے جتنی بندے کو اس سے الفت ہے، انسان تو لطیفہ ربانی ہے۔ واردات الٰہیہ کے قابل صرف یہی ہے اس کا نچلا حصہ ملکی ہے اور اوپر والا ملکوتی ہے یا یوں کہو کہ طبیعت اور نفس ملکی اور سر و روح ملکوتی ہیں۔ جو شخص عبادت حقانیہ سے علائق کو توڑ لیتا ہے تو وہ ملک و ملکوت میں پورا تصرف کرتا ہے اور یہ دونوں اس کے وجود میں ملک ملکوت عالم خارج میں ہیں وہ اسی کے دروازہ ہیں۔

ف: علماء بقدر علوم و استدلال قربِ حق تک پہنچتے ہیں لیکن اولیاء اللہ اپنے مشاہدہ و معائنہ کے مطابق قرب حاصل کرتے ہیں۔ مگر یہ مشاہدہ وہ نہیں جو دوسری اشیاء کا ہوتا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ایسی تشبیہات سے منزہ ہے کہ اس کے لئے کیف یا این کہا جا سکے۔ بلکہ یہ مشاہدہ ہے کہ دیکھنے والا پہلے اپنے وجود کو فنا کر دے۔

ف: سالک کو سب سے پہلے افعال کی تجلی نصیب ہوتی ہے۔ پھر صفات کی ذات کی تجلی تو اس وقت نصیب ہوتی ہے جب کُلّی فنا حاصل ہو۔ لیکن وہ ہر ایک کو نصیب نہیں ہوتی اور وہ فنا بقا کا عین ہوتی ہے صرف لفظی فرق ہے۔ حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میں اخلاص صرف ان فقراء کے لئے مانتا ہوں جنہیں فنا کا درس حاصل ہے۔ حضرت چراغ الشہاب کہ از خود ہمچو قندیل اداب۔

marfat.ocm
Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ

اے ایمان والو! راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سنو

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ وہ جو کافر ہیں کتابی یا مشرک وہ نہیں چاہتے

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

کہ تم پر کوئی بھلائی اترے تمہارے رب کے پاس سے اور اللہ

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ

جب کوئی آیت ہم منسوخ فرمائیں یا بھلا دیں تو اس سے بہتر یا اس جیسی لے آئیں گے کیا تجھے

تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ

خبر نہیں کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہی کے لئے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

وزمین کی بادشاہی اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی حمایتی نہ مددگار۔

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ

کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسا سوال کرو جو موسیٰ سے پہلے ہوا تھا

وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝

اور جو ایمان کے بدلے کفر لے وہ ٹھیک راستہ سے بہک گیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا

بہت کتابیوں نے چاہا کاش تمہیں ایمان کے بدلے کفر کی طرف پھیر دیں

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا

اپنے دلوں کی جلن سے بعد اس کے کہ حق ان پر خوب ظاہر ہو چکا ہے تو تم چھوڑ دو

وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اپنی جانوں کے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا لَنْ

اسے اللہ کے یہاں پاؤ گے بیشک اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ اور اہل کتاب بولے

يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۭ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ۭ قُلْ

ہرگز نہیں جنت میں جائے گا مگر وہ جو یہودی یا نصرانی ہو یہ ان کی خیال بندیاں ہیں تم فرماؤ

هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ

لاؤ اپنی دلیل اگر سچے ہو۔ ہاں کیوں نہیں جس نے اپنا منہ جھکایا اللہ کے لئے

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

وہ محسن نیکوکار ہے اور اس کا نیک اس کے رب کے پاس ہے اور انہیں نہ کچھ اندیشہ ہو اور نہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

کچھ غم۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا اے ایمان والو! رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو رَاعِنَا مت کہو۔ اس میں مومنین کو راہِ خیر کی رہبری کی جارہی ہے۔ رَاعِنَا مُرَاعَاۃ" سے رَعْع" کا مبالغہ ہے بمعنی حِفظُ الْغَیْرِ اور اس کے امور کی تدبیر اور اس کے مصالح کا تدارک۔

شانِ نزول: مومنین کا طریقہ تھا کہ جب ان پر کوئی علمی خیر بیان ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عرض کرتے رَاعِنَا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی ہماری رعایت اور ہماری طرف توجہ فرمایئے تا کہ آپ کا چہرہ ہماری طرف ہو اور ہم آپ کا کلام اچھی طرح سمجھ سکیں۔ اس سے یہود کو موقعہ مل گیا کہ ان کے ہاں لفظ رَاعِنَا لغت عبرانیہ یا سریانیہ میں گالیوں کا کلمہ تھا جو ایک دوسرے کو اس سے گالیاں دیتے تھے۔ جب انہوں نے یہ کلمہ مومنین کے منہ سے سنا تو موقع پا کر اس کلمہ سے حضور علیہ السلام کو بلانے لگے اور ان کا مقصد اس سے گالیوں کا ہوتا۔ مومنین کو اس کلمہ سے روکا گیا کیونکہ اس میں یہود کی زبان سے التباس ہوتا تھا اور انہیں حکم ہوا کہ اس کے ہم معنی لفظ کو استعمال کریں کہ جس میں کسی قسم کا التباس نہ ہو۔

وَقُوْلُوا انْظُرْنَا ہماری طرف توجہ فرمایئے۔ نَظَرَہٗ سے ماخوذ ہے بمعنی اِنْتَظَرَہٗ وَاسْمَعُوْا اور اس طرح سنو وہ کلام جو تمہارے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اور ان مسائل کو یاد کرلو جو آپ تمہیں فرماتے ہیں صرف یاد ہی نہیں بلکہ انہیں دل میں جگہ دو یہاں تک کہ تم استعداد اور طلب مراعات کے محتاج نہ رہو۔ وَلِلْكٰفِرِیْنَ یہود کے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کی اور انہیں گالیاں دیں عَذَابٌ اَلِیْمٌ عذاب دردناک ہے جبکہ انہوں نے بہت بڑی گالیاں دینے پر جرأت کی۔ اس آیت سے ثابت ہوا کہ ایسے لفظ سے احتراز کیا جائے جن میں تعریض ہو۔

سوال: فقہاء کرام فرماتے ہیں: لَا بَاْسَ بِالْتِعْرِیْضِ۔ (یعنی کلے استعمال کرنا جائز ہے) تم کہتے ہو تعریض کلمات کا استعمال ناجائز ہے؟

جواب: تعریض اسے کہتے ہیں کہ انسان منہ سے ایسا کلمہ بولے جس کا ظاہر تو کچھ اور ہو اور مراد کچھ اور۔ یہ اس وقت ہے جب انسان کو جھوٹ بولنے سے بچاؤ حاصل ہو ورنہ بلاضرورت ایسے کلمات کا استعمال ہرگز جائز نہیں

حدیث شریف: حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ

marfat.ocm
Marfat.com

سے مسلمانوں کو نقصان نہ پہنچے' یعنی ان کی عزت وحرمت کے درپے نہ رہے۔

ف: حدیث شریف میں زبان کو ہاتھ سے اس لیے مقدم کیا گیا ہے کہ زبان سے عموماً ایسی بات سرزد ہوتی رہتی ہے پھر باقی اعضاء سے ہاتھ کو دکھ دینے میں زیادہ دخل ہے اسی لئے ہاتھ کا ذکر حدیث شریف میں صراحۃً ہوا ہے۔ مثنوی شریف میں ہے:

ایں زباں چوں سنگ وہم آہن وش است — وآنچہ بجہد از زباں آتش است
سنگ وآہن رامزن برہم گزاف — کہ زوئے نقل وگاہ ازروئے لاف
زاں کہ تاریک است دہر سہ پنبہ زار — درمیان پنبہ چوں باشد شرار
عالمے رایک سخن ویراں کند — روبہاں مردہ راشیراں کند

ترجمہ: ۱۔ یہ زبان پتھر اور لوہے کی طرح ہے جو کچھ زبان سے نکلتا ہے وہ آگ ہے۔
۲۔ پتھر اور لوہے کو ایک دوسرے پر خواہ مخواہ نہ مار، نہ ہی کسی کی نقل کر کے نہ ہی لاف وگزار سے۔
۳۔ اس لیے کہ ہر طرف سے تاریکی اور روئی پڑی ہے روئی پر انگارہ پڑ جائے تو بربادی کے سوا کچھ نہیں۔
۴۔ صرف ایک سخن جہاں کو ویران کر ڈالتا ہے بلکہ یہ مردہ لومڑیوں کو شیر بنا دیتا ہے۔

آیت سے دوسرا مسئلہ یہ ثابت ہوا کہ فعل کے صدور کے ذرائع اور اسباب اور وہ اعمال جو اس کی حمایت کرتے ہوں ان کو بند کرنا ضروری ہے۔

ف: ذریعہ وہ شئے ہے جو فی نفسہٖ غیر ممنوع تو نہ ہو لیکن اس کے عمل سے دوسرے ممنوع فعل کا صدور لازم آتا ہو۔ وجہ استدلال یوں ہے کہ یہود اس کلمہ کو اپنی لغت میں گالیوں پر اطلاق کرے۔ اللہ تعالیٰ نے روک دیا کہ یہ کلمہ چونکہ گالیوں کا سبب اور ذریعہ ہے لہٰذا مسلمانوں کو بھی اس کا ایسے اطلاق نہ کرنا چاہیے۔ دوسرے مقام پر فرمایا:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

(تم کفار کو گالی مت دو ورنہ لاعلمی میں وہ تمہارے معبودوں کو گالیاں دیں گے)

اس آیت میں ان معبودوں کو گالیوں سے اس لیے روکیا گیا ہے کہ یہ عمل معبود حقیقی کو گالیوں کا سبب بنتا ہے اور فرمایا: وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ (ان سے سوال کیجئے اس گاؤں کے بارے میں جو دریا کے کنارے پر تھا)

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: واقعہ یوں ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن شکار کرنے سے منع کیا۔ قدرت کی شان کہ ہفتہ کے روز مچھلیاں زیادہ آنے لگیں جنہیں وہ گڑھوں کی مدد سے شکار کرنے لگے، چونکہ ہفتہ کے دن شکار کی ممانعت ذریعہ اور سبب بنا اس لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں بندر اور خنزیر کی صورت میں بدل دیا۔

حدیث شریف: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ بی بی ام حبیبہ اور بی بی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر حبشہ کے گرجا میں دیکھی۔ اس کا ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ آپ نے فرمایا ان لوگوں کا طریقہ تھا کہ جب کوئی ان کا کوئی نیک آدمی فوت ہوتا تو اس کی قبر کے اوپر مسجد بنا کر اس نیک آدمی کی تصویر کھنچوا کر اس مسجد میں آویزاں کر دیتے۔ ایسے لوگ اللہ کے نزدیک بہت برے ہیں۔

ف: علماء کرام فرماتے ہیں کہ ان لوگوں نے صالحین کی تصاویر اس لئے بنائیں تا کہ وہ لوگوں کو دکھائی جائیں اور لوگ انہیں دیکھ کر ان کے حالات دریافت کریں اور ان کی طرح عبادت کرنے کی سعی کریں۔ یہی طریقہ ان کے سابقین کا تھا کہ تصاویر قبروں پر آویزاں ہوتیں اور لوگ انہیں دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے۔ بعد ازاں نا اہل پیدا ہو گئے ان کو اپنے اسلاف کے اطوار کا صحیح علم نہ تھا شیطان نے انہیں وسوسہ میں ڈالا کہ تمہارے آباؤ واجداد ان تصاویر کی پرستش کرتے تھے۔ چنانچہ وہ شیاطین کے بہکاوے میں آ گئے اور ان کی پرستش کرنے لگ گئے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تصاویر کھنچوانے سے روک دیا اور اس پر سخت وعیدیں سنائیں اور فرمایا:

"اللہ تعالیٰ کا سخت غضب ہے ان لوگوں پر جو اپنے انبیاء و اولیاء کی قبور کو سجدہ گاہ بناتے ہیں"

اور فرمایا: "یا اللہ! میری قبر کو نہ بنانا کہ اس کی پرستش ہو" اور فرمایا: بندہ متقیوں کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا جب تک وہ امور ترک نہ کر دے جو اباحت کا حکم تو رکھتے ہوں لیکن ان میں خطرہ ہو" اور فرمایا: "گناہ کبیرہ ہے اس شخص کے لئے جو اپنے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے" عرض کیا: "کون بد بخت ہے جو اپنے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہاں جو کسی کے باپ کو گالیاں دیتا ہے تو وہ بھی اس کے باپ کو گالیاں دے گا" اس میں ماں باپ کی گالیوں کے سبب اور ذریعہ کو بھی روکا گیا ہے اور فرمایا: حلال بھی ظاہر ہے اور حرام بھی لیکن ان کے درمیان چند مشتبہات ہیں جو ان مشتبہات سے بچتا ہے اس نے اپنے دین اور عزت کو

marfat.ocm
Marfat.com

بچالیا۔ جوان کا ارتکاب کرتا ہے وہ حرام کا ارتکاب کرتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی راعی چراگاہ کے ارد گرد پھرے تو کسی نہ کسی طریق سے اس میں واقع ہو جائے گا'' اس میں حرام سے بچنے سے پہلے ان کے اسباب مشتبہات سے بھی روکا ہے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ عینہ کی بیع کرنے لگو گے اور گاؤ کے دُم سینے پر لگاؤ گے اور کھیتی باڑی میں انتہائی مصروف ہو جاؤ گے اور جہاد ترک کر دو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر ذلت مسلط کر دے گا۔ جس سے تم مرتد ہو جاؤ گے۔

ف: عینہ وہ بیع ہے کہ کسی کو کوئی چیز میعادِ مقررہ تک بیچ دی جائے پھر تھوڑے پیسے نقد دے کر واپس لے لی جائے

۲۔ اسے بیع عینہ اس لئے کہتے ہیں کہ صاحبِ بیع کو نقد رقم مل جاتی ہے اور مشتری اس لئے خریدتا ہے کہ اسے وہ نقد رقم جو اسے فوراً مل جائے۔ عینہ حاضر شئے کو کہتے ہیں۔

۳۔ اس حدیث میں زراعت کی مذمت کی گئی ہے۔ یہ اس وقت ہے جب زراعت جہاد کے ترک کا سبب بنے۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے گھر میں کھیتی باڑی کا سامان ملاحظہ فرمایا تو ارشاد فرمایا: ''یہ وہ گھر ہے جس میں ذلت آئے گی'' اس کی وجہ یہ ہے کہ کھیتی دنیا کے کاروبار سے ہے اور جہاد سے روکنے کا سبب ہے اس لیے اس کی مذمت کی گئی ہے اور دنیوی کاروبار میں زیادہ منہمک رہنا کافروں کا کام ہے۔ مسلمان کے لئے تو یہ ایک عارضی عمل ہے کیونکہ مسلمان تو اس عمل کو صرف آخرت کا سبب سمجھتا ہے اور کفار اسے زیب و زینت سمجھتے ہیں انہیں آخرت سے غفلت ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا: ''دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت'' یعنی بہ نسبت اس کے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے آخرت کی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں۔ یہ دنیا کافر کے لئے جنت ہے۔ یعنی بہ نسبت اس کے کہ جو عذاب اس کے لئے آخرت میں تیار ہے۔

مَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا دوست نہیں رکھتے وہ لوگ جو کافر ہیں۔

شانِ نزول: یہود کا ایک گروہ تھا جو مومنین کے لئے محبت کا اظہار کرتا اور دعویٰ کرتا کہ ہم تمہارے لئے بھلائی

marfat.ocm
Marfat.com

کاارادہ رکھتے ہیں۔ان کی تکذیب کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔

اَلْوَدُّ: کسی شئے کی آرزو رکھتے ہوئے محبوب رکھنا۔محبت کی نفی سے کراہت مقصود ہے۔یعنی دوست نہیں وہ لوگ جو کافر ہیں۔ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ ، مِنْ بیانیہ ہے کیونکہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا جنس ہے کے تحت دونوع ہیں۔

۱۔اہلِ کتاب ۲۔مشرکین۔

یوں کہا گیا ہے کہ دوست نہیں رکھتے وہ لوگ جو کافر ہیں۔یعنی اہل کتاب اور مشرکین۔پھر بیان کیا کہ وہ جو کافر ہیں وہ عموم میں باقی ہیں یعنی ہر دونوع مراد ہیں۔اب معنیٰ یہ ہوا کہ کفار دوست نہیں رکھتے۔

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ یہ کہ تمہارے نبی علیہ السلام پر کچھ نازل ہو۔کیونکہ جو نبی علیہ السلام پر نازل ہوا وہی امت پر نازل ہوا۔ مِنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فاعل کے قائم مقام ہے۔او مِنْ زائدہ ہے۔ خَيْرٍ کے استغراق کے لئے اور خَيْرٍ سے وحی اور قرآن اور نصرۃ مراد ہے۔ مِنْ ابتدا غایت کے لئے ہے۔معنی یہ ہے کہ اپنے آپ کو تو زیادہ حقدار سمجھتے ہیں کہ وحی ہم پر نازل ہونی چاہیے تھی یہ تمہارے ساتھ حسد کرتے ہیں اور مکروہ سمجھتے ہیں کہ تم پر وحی کی کوئی شئے نازل ہو۔یہود تو اس لئے حسد کرتے ہیں کہ وہ انبیاء علیہم السلام کی اولاد میں سے ہیں اور ان کا خاندان وحی کا گہوارہ رہا اور تم لوگ عموماً اَن پڑھ رہے اور مشرکین اس سے حسد کرتے ہیں کہ ان میں اکثر ذی مرتبہ اور مالدار ہیں اور ان کا گمان تھا کہ دنیوی منصب کی طرح منصب نبوت بھی صرف انہی کو ملتا ہے جو ذی مرتبہ اور صاحب جائیداد اور جس کے پاس ظاہری اسباب بہت زیادہ ہوں۔اسی لئے وہ کہتے تھے: وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ (یہ قرآن دو گاؤں کے درمیان رہنے والے بڑی شوکت مرد پر کیوں نہ اترا)

اس سے طائف کا نعیم بن مسعود ثقفی یا مکہ کا ولید بن مغیرہ مراد ہے۔ان دونوں کی آرزو یہی تھی کہ نبوت ان میں سے کسی ایک کو ملتی۔ان کی تردید کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مختص فرماتا ہے۔

حل لغات : عربی میں کہتے ہیں: خَصَّهٗ بِالشَّيْءِ وَاخْتَصَّهٗ یہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی معاملہ میں صرف اسی کو مخصوص کیا جائے۔

مَنْ يَّشَآءُ کا مفعول یہ محذوف ہے۔رحمۃ سے نبوت، وحی، حکمت اور نصرت مراد ہے۔اب معنیٰ یہ ہوا کہ اللہ

marfat.ocm
Marfat.com

تعالیٰ اپنی رحمت سے جسے چاہتا ہے نوازتا ہے اور اپنا خاص فضل وکرم صرف اسی کو عطا کرتا ہے جو اس کا مستحق ہوتا ہے۔ لیکن یہ اس کی مرضی پر موقوف ہے کہ جسے چاہے نوازے۔ نہ ہی یہ اس پر واجب اور نہ ہی کسی کا کوئی حق اس پر واجب ہے۔

سوال : بعض مشائخ کی عبارات میں واقع ہوا ہے کہ فلاں بات واجب ہے؟

جواب : اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ اس شئے کا حق اسی طرح تھا کہ وہ مستحقین کے لئے واجب ہے اور ثابت نہ ہو کہ اللہ پر دوسرے واجب کرنے والے سے واجب ہے۔

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے اپنے فضل وکرم سے نبوت ووحی کے لئے چن لیتا ہے۔ اس سے معتزلہ پر حجت قائم ہوگئی کہ کسی پر اس کا فضل وکرم کرنا اس کا اپنا احسان ہے اس پر کوئی شئے واجب نہیں کیونکہ جس پر کوئی شئے واجب ہوتی ہے اسے قاضی مَاوَجَبَ کو ادا کرنے والا کہا جاتا ہے نہ کہ فضل واحسان کرنے والا اور یہ بھی ہے کہ جس پر بہتر فعل کا عمل میں لانا واجب ہوتا ہے تو وہ ذوالجلال کہا جاتا ہے نہ کہ ذوالفضل۔ اس سے ثابت ہوا کہ نبوت ووحی کے لئے کسی بندے کو چن لینا اس کا فضل محض ہے اور ان کے علاوہ دوسروں کو اس نعمت سے محروم رکھنا فضل وکرم کی تنگی کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کی اپنی مشیت وحکمت ہے۔ پھر جو شخص اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے سے اعراض کرتا ہے تو وہ اس کی حماقت وجہالت ہے۔

ف: اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے دو قسم کے ہیں: ۱: وہ جن کو اللہ تعالیٰ نے حق کی تائید وحمایت کے لئے منتخب فرمایا مخصوص عباد وزہاد اور اہل الاعمال والاوراد ہیں۔ ۲: وہ حضرات جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کے لئے مخصوص فرمایا ہے وہ اہل محبت اور اہل عشق ہیں وہ سب کے سب اس کی خدمت کے لئے اور اس کے حکم کے ماتحت ہیں کیونکہ ان سب کا مقصد اور توجہ وہی ذات ہے اور بس اور عبودیت ایک ایسی صفت ہے کہ بندہ جب تک زندہ رہے اس سے کبھی جدا نہیں ہوتی اور عبودیت کے اسرار میں سے ایک یہ ہے کہ قلب سے حسد کو خارج کردے۔

ف: بعض حکماء نے فرمایا ہے کہ حاسد اللہ تعالیٰ سے پانچ وجوہ سے مقابلہ کر رہا ہے۔

۱: اس نے اللہ تعالیٰ کی ہر اس نعمت سے بغض کیا جو اللہ تعالیٰ نے اس کے غیر کو عطا فرمائی۔ ۲: اللہ تعالیٰ کی تقسیم سے غصہ کیا۔ گویا اللہ تعالیٰ سے کہتا ہے یارب! تو نے یہ تقسیم غلط کی تجھے چاہیے تھا کہ یوں تقسیم کرتا۔

marfat.com
Marfat.com

۳: اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنے فضل وکرم سے دیتا ہے اور حاسد اللہ تعالیٰ کے فضل فراوان سے بخل کرتا ہے۔
۴: جس پر اللہ تعالیٰ کی عطا ہوئی تو وہ گویا اللہ تعالیٰ کا منتخب بندہ ہے اور حاسد اسے رسوا کرنا چاہتا ہے اور اس کے لئے زوالِ نعمت کا خواہاں ہوتا ہے۔ ۵: حاسد اللہ تعالیٰ کے دشمن ابلیس کی مدد کر رہا ہے کہ وہ بھی آدم علیہ السلام پر حسد کر کے رسوا ہوا۔ حسد کا روحانی نقصان اور عالمِ مثال میں اس کی مثال: جان اے جان من! حسد کا نقصان تیرے دشمن پر تو اثر انداز نہیں ہوگا البتہ اس کا خمیازہ تجھے بھگتنا پڑے گا۔

اے بھائی! اگر حسد کی خرابی تیرے سامنے منکشف ہو جائے تو خواہ بیداری میں یا خواب میں، تو تجھے نظر آئے گا حسد سے تو ایک بھاری پتھر اٹھا کر جس پر حسد کر رہا ہے اس کو مارنا چاہتا ہے جو تو اس پتھر کو اپنے دشمن کی طرف پھینکتا ہے تو وہ تیری دائیں آنکھ کو پھوڑ دیتا ہے۔ پھر تیرا غضب بڑھ جاتا ہے پھر دوبارہ زور سے مارتا ہے تو تیری بائیں آنکھ پر لگتا ہے جس سے تو اندھا ہو جاتا ہے بعد ازاں پھر غصہ سے اور زور لگا کر مارتا ہے تو تیرا سر پھوڑ دیتا ہے۔ اس سے تیرے دشمن کا تو کچھ نہیں بگڑتا لیکن تو نے اپنا بیڑا غرق کر لیا جس سے تیرے اردگرد تیرے دشمن خوش گپیاں اڑاتے ہیں۔ یہ انجام ہے حسد کرنے کا۔ دراصل یہ شیطان کا کھلونا ہے۔

حکایت: شیخ ابوبکر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص بادشاہ کے پاس آیا کرتا تھا اور کہتا کہ محسن پر احسان کر، تا کہ برے کی برائی تیرے اوپر اثر انداز نہ ہو سکے۔ ایک شخص میں حسد جاگا اور تدبیر سوچی کہ اس کو اس مرتبہ سے گرائے۔ اس نے بادشاہ سے کہا جو شخص تجھ سے ہم کلام ہوتا ہے کہتا ہے کہ بادشاہ کے منہ سے بدبو آتی ہے۔ بادشاہ نے کہا: کیسے یقین ہو کہ وہ ایسے کہتا ہے۔ حاسد نے کہا: آزمائش شرط ہے، دیکھنا کل جب وہ آپ کے قریب آئے گا کلام کرتے وقت اپنے منہ پر رومال ڈال کر بات کرے گا۔ وہ صرف تیرے منہ کی بدبو کی وجہ سے ایسا کرے گا۔ ادھر حاسد بادشاہ کو یہ الفاظ کہنے کے بجائے سیدھا اس شخص کے پاس پہنچا اور اپنے گھر اسے دعوت پر بلایا اس نے دعوت قبول کر لی۔ حاسد نے طعام میں کچھ کچا لہسن ملا دیا۔ طعام سے فارغ ہو کر وہ سیدھا بادشاہ کے ہاں چلا گیا اور حسب دستور کلام شروع کر دیا لیکن قدرے دور کھڑا ہو کر۔ بادشاہ نے فرمایا: ذرا قریب ہو جایئے۔ اس نے اس خطرہ سے کہ بادشاہ کو اس کے منہ سے لہسن کی بدبو کی وجہ سے نفرت نہ ہو اپنے منہ پر رومال ڈال دیا۔ بادشاہ کو حاسد کی بات کا یقین آ گیا۔ چنانچہ غصہ میں آ کر ایک خط لکھا اور اسے کہا

marfat.com
Marfat.com

کہ یہ خط فلاں حاکم کو دے آؤ۔ اس میں لکھا تھا کہ جب یہ شخص تمہارے پاس آئے اسے قتل کر دو اور گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھال اتار کر میرے ہاں بھیج دو۔ یہ شخص خط لے کر باہر نکلا تو راستے میں وہی حاسد مل گیا۔ ماجرا پوچھا تو اس شخص نے کہا: مجھے بادشاہ نے یہ خط دیا ہے تا کہ فلاں حاکم کو پہنچاؤں۔ حاسد نے نہایت عجز و انکساری سے خط مانگا اس لالچ سے کہ شاید اس میں انعام واکرام لکھا ہو جیسا کہ اس سے قبل بادشاہ کی عادت تھی۔ اس شخص نے حاسد کے عجز کو دیکھ کر خط حاسد کو دے دیا۔ جب حاسد نے خط حاکم کو پہنچایا۔ حاکم نے خط پڑھا اور حاسد کو بتایا اس میں لکھا ہے کہ تمہیں قتل کروں اور گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھال اتار کر بادشاہ کو بھیجوں حاسد چیخا چلایا اور قسمیں کھائیں کہ یہ خط میرے نام کا نہیں دوسرے شخص کا ہے چلیے بادشاہ سے تحقیق کر لیجئے۔ حاکم نے کہا: یہ میرے بس کی بات نہیں۔ حاکم نے فوراً حکم کی تعمیل کی اور گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھال اتار کر بادشاہ کو بھیج دیئے۔ اگلے روز حسب معمول وہ شخص بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بادشاہ متعجب ہوا اور پوچھا کل جو میں نے تجھے خط دیا تھا اس کا کیا ہوا؟ عرض کیا: فلاں شخص مجھ سے بہ منت سماجت لے گیا۔ بادشاہ نے پوچھا: کل مجھ سے ہم کلام ہوتے وقت تو نے منہ پر رومال کیوں ڈالا؟ عرض کی: حضور! اسی شخص نے مجھے طعام کھلایا جس میں کچا لہسن تھا۔ ادھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بات کرتے ہوئے شرم آئی کہ کہیں میرے منہ کی بدبو آپ کو تکلیف نہ دے میں نے منہ پر رومال ڈال لیا۔ بادشاہ ہنس دیا اور کہنے لگا: واقعہ برے کا انجام برا ہوتا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا: ؎

ہر کہ او نیک مے کند یابد　　نیک و بد ہر چہ مے کند یابد

ترجمہ: جو بھی نیکی یا برائی کرتا ہے نیکی یا برائی جیسی کرے گا ویسی پائے گا۔

مَا شرطیہ اور جازم ہے اور بہ بنائے مفعولیت منصوب ہے۔ بمعنی ای شیء نَنْسَخْ مِنْ اٰیَةٍ کا محل نصب ہے۔ لفظ نَنْسَخْ مِنْ اٰیَةٍ کی تمیز ہے نسخ لغت میں ازالہ اور نقل کو کہتے ہیں۔ جیسے کہا جاتا ہے: نَسَخْتُ الْکِتٰبَ اَیْ مِنْ نُسْخَةٍ اِلٰی نُسْخَةٍ اور آیت کا نسخ بمعنی عبادت کے وقت کا انتہاء قرأۃ، یا وہ حکم جو منسوخ ہو جو اس قرأۃ سے حاصل ہو۔

اقسامِ نسخ :۔ نسخ کی کئی قسمیں ہیں: ۱: صرف قرأۃ کا منسوخ ہونا، جیسے آیہ رجم۔ مروی ہے کہ یہ آیت یوں تھی

marfat.ocm
Marfat.com

اِنَّ مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ الشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوْهُمَا اب یہ آیت منسوخ التلاوت ہے لیکن حکم موجود ہے اور اس کا نسخ کا معنیٰ یہ ہے کہ نسخ تلاوت کے وقت اس کی قرأۃ کی تکلیف اٹھالی گئی۔

۲۔ حکم منسوخ، جیسے متوفی عنها زوجها کی عدت کا ایک سال ہونا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ یہ غیر اخرج ہے اس کا حکم منسوخ ہے، آیت ہے کہ جس میں حکم ہے کہ متوفی عنها زوجها کی عدت چار ماہ دس دن ہے۔ کما قال تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا اس کی دوسری مثال یہ ہے کہ پہلے حکم تھا کہ ایک فرد مسلمان دس کفار کے ساتھ صبر کرے۔ بعد میں یہ منسوخ ہو کر حکم ہوا کہ ایک دو کے ساتھ صبر کرے۔ اسے منسوخ الحکم کہا جاتا ہے لیکن اس کی تلاوت موجود ہے۔ یہی قسم نسخ فی القرآن میں زیادہ مشہور ہے۔ آیتِ ناسخہ و منسوخہ دونوں میں تلاوت میں ثابت ہوگی لیکن منسوخہ آیت پر عمل ہرگز نہیں کیا جائے گا۔

اس جیسے نسخ کا معنیٰ یہ ہے کہ اس حکم کے ساتھ جو بندہ کو مکلف بنایا گیا تھا اس آیت سے اس کے انتہاء کا حکم بیان کیا گیا ہے۔ حکم منسوخ ہو جانے کے بعد تلاوت کا حکم باقی رکھا گیا تا کہ اس کی قرأت سے بندوں کو ثواب حاصل ہو کیونکہ قرآن کو جس طرح کہ اس کے حکم کی وجہ سے حفظ کیا جاتا ہے تا کہ اس پر عمل کرنا بآسانی نصیب ہو اسی طرح اس کی تلاوت اس لیے کی جاتی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جس پر اسے ثواب حاصل ہوتا ہے جس کا حکم و تلاوت دونوں منسوخ ہو جائیں۔ جیسے بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ کتاب اللہ میں پہلے دس رضعات یعنی دودھ چوسنے کا حکم تھا پھر پانچ کا کہ جس سے تحریم نکاح ثابت ہو جائے۔ اس قول کے مطابق اب یہ حکم بھی منسوخ ہے اور قرأت بھی اس جیسے نسخ کا مطلب یہ ہے کہ اس قرأت اور اس سے جو حکم حاصل ہو رہا تھا کی تکلیف بندہ سے اٹھالی گئی۔ یہ آیت منسوخ ہوئی۔

فائدہ: امام قرطبی فرماتے ہیں کہ جمہور کا اتفاق ہے کہ نسخ اوامر و نواہی میں ہوتا ہے نہ کہ اخبار میں۔ تا کہ اللہ تعالیٰ پر کذب کا احتمال نہ ہو۔ (کذب اللہ تعالیٰ سے محال ہے) اَوْ نُنْسِهَا یا ان کے دلوں سے آیات مٹا دیں۔

شانِ نزول: ۱: مروی ہے کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رات گزرنے کے بعد صبح کو جب اٹھے کہ سورۃ پڑھیں لیکن انہیں وہ سورۃ سوائے بسم اللہ کے اور کچھ یاد نہ تھا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

marfat.ocm
Marfat.com

خدمت میں حاضر ہوئے اور صورتِ حال بتائی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ سورۃ اب منسوخ ہوگئی ہے اب نہ اس کی تلاوت ہوگی نہ ہی اس کا حکم باقی رہا۔

۲: مروی ہے کہ مشرکین اور یہود نے کہا کہ نبی علیہ السلام کی عجیب کیفیت ہے کہ ایک دن صحابہ کو کہتے ہیں کہ یہ کام کرو۔پھر اسی سے انہیں روک دیتے ہیں بلکہ بسا اوقات اس حکم کے خلاف امر فرماتے ہیں۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جو کچھ کہتے ہیں ان کا اپنا من گھڑت ہے۔مثلاً آج کوئی بات کہی اور کل اس سے رجوع فرمالیا۔ مثلاً زنا کی سزا پہلے یوں بتائی کہ زانی مرد وعورت کو زبانی سزا کافی ہے۔چنانچہ کہا: فَاٰذُوْهُمَا (انہیں زبانی سزا دو) پھر حکم فرمایا کہ انہیں ان کے مرتے دم تک گھروں سے باہر نہ جانے دو۔

پھر یہ فرمایا: فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ یعنی انہیں سو کوڑے لگاؤ۔اس سے یہودیوں کا مقصد صرف اسلام پر طعن وتشنیع کے سوا اور کچھ نہیں تھا تا کہ جو لوگ بھی اسلام میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ اس ارادہ سے باز آجائیں۔اللہ تعالیٰ نے ان کی وجہ سے آیات منسوخ ہونے کی حکمت بتائی۔

اب معنیٰ یہ ہوا کہ جس آیت اللہ تعالیٰ منسوخ کرتا ہے اس میں حکمت اور مصلحت ہوتی ہے کہ اس کی تلاوت یا حکم دونوں منسوخ کردے۔پھر اس کے عوض دوسری آیت وغیرہ نازل فرمائے یا نہ۔یہ اللہ کی مرضی پر منحصر ہے۔ نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اس سے اور بہتر حکم (جو بندوں کی مصلحت کے مطابق ہے) لاتے ہیں کہ منسوخ ہونے والی آیت کے بجائے اس آیت میں بندوں کا نفع اور ثواب زائد ہے۔

ازالہ وہم:۔اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آیتِ ناسخہ آیتِ منسوخہ سے افضل ہے یا بہتر ہے، بلکہ دونوں شان میں برابر ہیں کیونکہ دونوں اللہ تعالیٰ کے کلام ہیں اور اسی کی کتاب ہیں۔صرف چونکہ بندہ کے فوائد ومنافع اور ثواب ناسخہ آیات میں زائد ہیں۔اسی لئے ان کو برقرار رکھا گیا اور ان منسوخہ آیات کو اٹھالیا گیا۔

اَوْ مِثْلِهَا یا یہ کہ آیتِ منسوخہ کی مثل نفع اور ثواب کے لحاظ سے دوسری آیت نازل کی گئی۔اس کے دو طریقے ہیں

۱: آیت ناسخہ عمل کے لحاظ سے منسوخہ آیت سے آسان ہے۔

۲: آیت ناسخہ میں عملی لحاظ سے مشقت کرنی پڑتی ہے۔اسی لئے اس میں منسوخہ آیت کی نسبت زائد ثواب ہے۔ پہلے کی مثال جیسے عورت معتدہ عنہا الزوج کی عدت کا ایک سال کی بجائے چار ماہ دس دن کا حکم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

دوسرے کی مثال کفار سے پہلے جنگ کرنا اختیاری تھا پھر واجب ہوگیا۔

۳۔ان دوصورتوں کے علاوہ ایک تیسری صورت بھی ہے، یہ کہ منسوخہ اور ناسخہ آیات مشقت یا آسانی میں برابر ہوں جیسے بیت المقدس کے بجائے بیت اللہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنا۔

مسئلہ : ضروری نہیں کہ نسخ آیت یا اس سے زائد پر جاری ہو بلکہ آیت کے کسی ایک ٹکڑے کو بھی منسوخ کیا جاتا ہے۔

سوال : آیت میں تو پوری آیت کا حکم ہے اور تم نے ایک ٹکڑے کا حکم کہاں سے ثابت کرلیا؟

جواب : آیت کا حکم بیان کرنا اغلبیت کے لحاظ سے ہے کہ اکثر نسخ تو آیت یا اس سے زائد میں ہوتا ہے لیکن کبھی کم میں بھی نسخ جاری ہو جاتا ہے۔

عقیدہ : ہر حکم کا حقیقی ناسخ اللہ تعالیٰ ہے یا خطابِ شرعی کو مجازاً ناسخ کہا جاتا ہے کیونکہ نسخ اسی سبب سے ہوا۔ بنا بریں فعل کا اسناد اسی کی طرف کیا جاتا ہے۔

ف: منسوخ وہی حکم ہے جو بندوں سے ہٹایا گیا ہے اور منسوخ عنہ وہ بندہ ہے جسے اس حکم کے ہٹائے ہوئے سے دور رکھا گیا ہے۔ یعنی بندہ مکلف عاقل بالغ۔

نسخ کی حکمت: [1]

تم نے اطباء کو دیکھا ہوگا کہ مریض کے مزاج کے مطابق ادویہ اور اغذیہ تبدیل کرتے ہیں۔ اسی طرح حضرات انبیاء علیہم السلام ہمارے روحانی معالج ہیں۔ ہمارے نفوس کے کوائف کو دیکھ کر اعمالِ شرعیہ اور احکامِ خلقیہ کو تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ کیونکہ ارواح کو بھی اس کی ضرورت ہے۔ جیسے اجسام کو اغذیہ کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اعمال واحکام ارواح کی اغذیہ ہیں۔ انہیں مزاجوں کے مطابق تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ دیکھئے کسی وقت ایک دوائی کسی انسان کے لئے مفید ہوتی ہے اور وہی دوائی کسی دوسرے وقت اسی انسان کے لئے زہر قاتل بن جاتی ہے۔ اسی طرح اعمال کے کوائف ہیں کہ کسی وقت مفید ہوتے ہیں اور کسی وقت نقصان دہ۔ کچھ ایسی ہی کیفیت پیر و مرید کی بھی ہے کہ سلوک کی راہ میں مختلف عادات واطوار انہیں استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ اس کا علم اسے ہے جس نے کسی مرشد کا دامن پکڑا ہے۔ مثنوی شریف میں ہے: ؎

---

[1] نسخ کی مزید تفصیل فقیر کی کتاب "القول الراسخ فی تحقیق المنسوخ والناسخ" یا "احسن البیان" کا حصہ اول میں پڑھیے۔ اویسی۔

marfat.ocm
Marfat.com

رمز ننسخ آیت او ننسها — نات خیراً درعقب می دان مها
ہر شریعت را کہ حق منسوخ کرد — او کیا بر دوعوض آوردہ ورد
اندریں شہر حوادث میرا وست — درممالک مالک تدبیر اوست
آنکہ داند دوخت او داند درید — ہر چہ رابفروخت نیکو تر خرید

ترجمہ:

۱:۔رمز آیت ننسخ او ننسها پڑھ، اس کے بعد نات بخیر کو بھی۔اے میرے عزیز! سمجھ۔

۲:۔جس شریعت کو حق تعالیٰ نے منسوخ کیا، لکڑی کو لے لیا لیکن پھول عطا فرمایا۔

۳۔اس شہر میں حوادث ہیں جن کا مالک وہی ہے اپنے ملکوں کی تدابیر کا خود مالک ہے۔

۴۔جو سینا جانتا ہے وہ پھاڑ بھی سکتا ہے۔جو کچھ بیچا اس سے بہتر خریدا۔

اَلَمْ تَعْلَمْ یہ خطاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور استفہام تقریری ہے یعنی بیشک آپ جانتے ہیں کہ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وہ ہر شئے پر قادر ہے۔جب وہ ہر شئے پر قادر ہے تو نسخ کر کے آیۃ منسوخ کی طرح دوسری آیت یا اس سے بہتر لانے پر بھی قادر ہے۔اَلَمْ تَعْلَمْ کیا تو نہیں جانتا۔

سوال: اس خطاب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیوں خاص فرمایا؟ حالانکہ غیر بھی اس میں شامل ہے؟

جواب: اس کی وجہ یہ ہے کہ خطاب سے مذکور شئے کے متعلق مخاطب کے علم کی تقریر مطلوب ہوتی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی بشر زیادہ عالم نہیں ہے کیونکہ ملک السمٰوٰت والارض کے اسرار کے عالم آپ ہیں۔کسی دوسرے کو کیا خبر!

علم غیب کا بیان:

اذقد وقف من اسرار ملکوت السمٰوٰت علی ما یطلع علیه غیره وعلم غیره بالنسبة الی علمه علیه السلام ملحق بالعدم لان علم الاولیاء من علم الانبیاء بمنزلة قطرة من مبعة ابحر وعلم الانبیاء من علم نبینا علیه السلام بهٰذه المنزلة وعلم نبینا من علم الحق سبحانه بهٰذه المنزلة . (روح البیان جلد ۱، صفحہ ۱۳۷)

کیونکہ آسمان وزمین کے ملکوت کے اسرار جو کچھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں کسی

marfat.ocm
Marfat.com

دوسرے کو ہوا بھی نہیں لگی کیونکہ دوسروں کے علم آپ کے علم کے سامنے کالعدم ہیں اسی لئے اولیاء کرام کے علوم انبیاء علیہم السلام کے علوم کے آگے ایسے ہیں جیسے قطرہ کو دریا سے نسبت ہے پھر انبیاء علیہم السلام کے علم کے سامنے ایسے ہے جیسے حضور کے علم کو اللہ تعالیٰ کے علم کے آگے اسی طرح۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور حکم دیتا ہے جو ارادہ کرتا ہے۔ بیشک آسمانوں اور زمین کے ملک اسی کے ہیں۔ یہ آیت عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کے بمنزلہ دلیل کے لئے ہے۔ مُلْكُ بمعنی تمام القدرۃ اور اس پر قابض ہونا۔

سوال : اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی تخصیص بالذکر کیوں ہے حالانکہ تمام دنیا وآخرت اس کے قبضہ قدرت میں ہے؟

جواب : اللہ تعالیٰ کی مصنوعات سے یہ دونوں اعظم بالشان اور عجیب ترین ہیں۔

وَمَا لَكُمْ تمہارے لئے نہیں اے مومنو! مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اللہ کے ماسوا۔ یہ جملہ وَلِیٍّ سے حال ہونے کی وجہ سے نصب کے محل میں ہے۔ دراصل وَلِیٍّ کی صفت ہونا چاہیے تھا لیکن چونکہ وہ مقدم واقع ہوا ہے بنابریں اسے منصوب ہونا زیادہ لائق ہے۔ مِنْ استغراق کے لئے اور وہ زائد ہے۔ وَلِیٍّ بمعنی قریب وصدیق، بعض کہتے ہیں وَلِیٍّ بمعنی والی۔ یعنی وہ جو امر کی درستی کرنے والا ہو وَلَا نَصِیْرٍ یعنی معین وناصر۔

ف: وَلِیٍّ اور نَصِیْرٍ میں فرق یہ ہے کہ ولی کبھی مدد کرنے سے ضعیف ہو جاتا ہے اور نصیر نہیں ہوتا اور نصیر کبھی اجنبی ہوتا ہے اور ولی نہیں ہوتا۔ اس میں مومنین کو تسکین دی گئی ہے کہ تمہارا یار ومددگار اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں۔ فلہٰذا اس کے ماسوا کسی دوسرے پر اعتماد مت کرو اور اس کے ماسوا کسی سے التجا بھی نہیں کرنی چاہیے۔

عقیدہ : خلاصہ یہ ہے کہ تین امور کا اعتقاد رکھنا ضروری ہے۔ ۱: اللہ تعالیٰ ہر شئے پر قادر ہے۔ ۲: اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں زمین وآسمان ہیں۔ ۳: اللہ تعالیٰ کے سوا ان کا کوئی حامی وناصر نہیں۔ اور یقین رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ دینی اور دنیوی معاملات میں سوائے بھلائی کے اور کچھ نہیں کرے گا اور اس آیت پر عمل کا موجب ہے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا چاہیے اور ہر امر اس کے سپرد کرنا چاہیے۔ کفار کی طرف نہ دھیان کرنا چاہیے اور نہ ہی ان کے شک آمیز اقوال (منجملہ ان کے امر نسخ بھی ہے) کی طرف خیال کرنا چاہیے۔

اَمْ تُرِیْدُوْنَ یہ لفظ اَمْ ہمزہ استفہام جو اَلَمْ تَعْلَمْ میں واقع ہے کہ وجہ سے ہے۔ یعنی اے لوگو! کیا تمہیں معلوم

marfat.ocm
Marfat.com

نہیں کہ اللہ تعالیٰ جملہ امور کا مالک ہے اور ہر شے پر قادر ہے۔ وہ امر و نہی جس طرح چاہتا ہے کرتا ہے۔ کیا تم عمداً سوال کرتے ہو جیسے یہودیوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے سوال کیا تھا۔ اس سے مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو تنبیہ ہو جائے کہ وہ اپنے امور خصوصاً نسخ کے معاملہ میں مضبوط ہو جائیں اور اس کی تحقیق و تفتیش کے درپے نہ ہوں اور نہ ہی سوچے سمجھے بغیر اعتراض کریں۔

اَنْ تَسْئَلُوْا یہ کہ تم اے مسلمانو! سوال کر بیٹھو رَسُوْلَكُمْ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے چونکہ ان کی شان بہت بلند ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اپنی خواہشات سے مغلوب ہو کر ان سے ناجائز سوال کر بیٹھو۔ دوم یہ کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر۔ وہ جو کچھ تمہارے پاس بھیجتا ہے یہ اس کا فضل ہے۔ تمہیں اللہ تعالیٰ کے اسرار سے کیا خبر۔ یہ ان کو اس وقت فرمایا جب صحابہ خواہ مخواہ نسخ کے احکام کی حکمتوں اور اس کی تفصیل کے پیچھے پڑ گئے۔

كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى یہ ما مصدریہ ہے اور یہ فعل مصدر بن کر تشبیہ کا فائدہ دے رہا ہے۔ اسی لیے اسے مصدر تشبیہ کہتے ہیں۔ پھر یہ مصدر محذوف کی صفت ہے اور اصل عبارت یوں تھی سوالا مشبها بسوال موسیٰ علیه السلام. یعنی ایسا سوال نہ کرو جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سوال کے مشابہ ہو۔

وہ سوال یہ تھا کہ ان کے متبعین نے جب دیکھا کہ بعض لوگ گئو سالہ پرستہ کرتے ہیں تو انہوں نے بھی کہہ دیا: اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ (ہمارا معبود بھی ایسا ہونا چاہیے) دوسرا سوال یہ کیا کہ ہمیں اپنا خدا دکھاؤ اور وہ بالکل آمنے سامنے ہو کر آئے علاوہ ازیں وہی سوالات کیے جو اس پارہ کے اول میں گزرے۔

مِنْ قَبْلُ حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے۔ یہ سُئِلَ کے متعلق اور تاکید کے لئے ہے۔

وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ جو کفر کو اپنے لئے اختیار کرتا ہے۔ بِالْاِيْمَانِ ایمان کی بجائے۔ اس سے مقصد یہ ہے کہ وہ آیات جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہاری مصلحت کے لئے نازل ہوتی ہیں اگرچہ وہ ناسخہ ہی۔ ان پر جو شخص بھی اعتبار نہ کرے۔ (حالانکہ یہ اس وقت تمہاری بہبودی اور خالص حق کے لئے ہیں) ان کے برعکس چاہے۔ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ تو وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ یعنی ایسے راستے سے بھٹکا جو ہدایت اور حق کا راستہ ہے اور وہ خواہشاتِ نفسانیہ کے چنگل میں پھنس گیا اور ہلاکت کے گڑھے میں جا گرا۔

ف: سَوَآءَ السَّبِيْلِ ہر وہ راستہ جو زیادتی و کمی سے پاک ہو اور وہی حق کی راہ ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

شانِ نزول: یہودیوں نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید یکبارگی کیوں نہیں اترتا۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات یکبارگی نازل ہوئی۔ تب یہ آیت اتری۔

کما قال اللہ تعالیٰ : يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً اس لحاظ سے اَمْ تُرِيْدُوْنَ کے مخاطب یہود ہوں گے۔

سوال : رَسُوْلَكُمْ کا خطاب تو اسی تفسیر کے خلاف ہے کیونکہ حضور علیہ السلام یہودیوں کے بھی تو رسول تھے۔

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم رسالتِ عامہ میں وہ بھی شامل ہیں کیونکہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امتِ دعوت میں داخل ہیں۔ ان کے تبدّلِ کفر کا یہ معنیٰ ہے کہ انہوں نے اپنی قدرت کو صرف کرنے کو ترک کیا انہیں قدرت حاصل ہونے کے باوجود وہ کفر اختیار کیے ہوئے ہیں۔ امام صاحب فرماتے ہیں: یہی تفسیر زیادہ صحیح ہے کیونکہ یہ آیت مدنیہ ہے اور اس سورۃ کے ابتداء يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ تک ان کی حکایت نقل ہے اور ان پر جو حجت قائم کرنی تھی قائم کر دی۔

مسئلہ : اس آیت میں آدابِ غلامانہ بھی سمجھائے گئے ہیں جو اپنے آقا اور رسول اور خلیفہ کا ادب نہیں کرتا وہ سمجھ لو کہ وہ کفر کو پسند کر رہا ہے۔

ف: ادب کا معنیٰ یہ ہے کہ بھلائی کو جمع کر لیا جائے۔

حدیث شریف: میں ہے: حضور علیہ السلام نے فرمایا:

"والد پر اولاد کے حقوق میں سے ہے کہ اولاد کا اچھا نام رکھے اور اسے اچھی عورت کا دودھ پلائے اور اسے اچھے آداب سکھائے ورنہ اس سے قیامت میں سوال ہوگا اور گرفت ہوگی اگر اس نے ان کے حقوق میں کمی کی۔"

ف: بستان العارفین میں ہے کہ ایمان کی مثال ایک ایسے شہر کی ہے کہ جس کے پانچ دروازے ہوں:

۱۔ سونے کا۔ ۲۔ چاندی کا۔ ۳۔ لوہے کا۔ ۴۔ تانبے کا۔ ۵۔ کچی اینٹ کا۔

جب تک شہر والے اس شہر کے پانچویں دروازے کی حفاظت کریں گے دشمن ان پر حملہ نہیں کر سکے گا جب اس کی حفاظت سے غفلت کریں گے تو دشمن اس میں گھس کر سارے شہر کو تباہ کر ڈالے گا۔

اسی طرح ایمان کے پانچ قلعے ہیں۔ ۱۔ یقین۔ ۲۔ اخلاص۔ ۳۔ اداء الفرائض۔ ۴۔ اتمامِ سنن۔ ۵۔ مستحبا۔

marfat.ocm
Marfat.com

جب مستحبات کی پابندی کی جائے تو شیطان دور رہتا ہے۔ جب مستحبات کو ترک کر دیا جائے تو شیطان کو حملہ کرنے کا موقعہ مل جاتا ہے۔ پھر وہ سنت کو چھڑانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے بعد فرائض، پھر اخلاص میں خلل ڈالتا ہے، پھر یقین ختم کرالیتا ہے۔

سبق: سالک کو چاہیے کہ مستحبات کی پابندی کرے۔ کسی ایک معاملہ میں وضو ہو یا نماز بیع شراء ہو یا دوستی رفاقت وغیرہ، کوتاہی نہ کرے۔

ف: شریعت احکام کا نام ہے۔ طریقت ادب کو کہتے ہیں۔ جتنے گمراہ ہوئے ادب کے ترک کرنے کی وجہ سے ہوئے۔ مثال کے طور پر ابلیس کو دیکھئے۔ ایسے ہی دوسرے گمراہیوں کو جانیے:

بے ادب مرد کے شود مہتر　　گرچہ اورا جلالت نسب است
باادب باش تا بزرگ شوی　　کہ بزرگی نتیجہ ادب است

ترجمہ:

۱: بے ادب کب سردار بن سکتا ہے، چاہے اس کی نسبت کتنی ہی بزرگ ہو۔

۲۔ باادب ہوتا کہ بزرگی نصیب ہو کیونکہ بزرگی ادب کا نتیجہ ہے۔

ف: حضرت ابنِ سعیر رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ کون سا ادب اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کی معرفت اس کی طاعت پر عمل اور ہر سکھ پر حمد اور دکھ پر صبر۔

وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ یہ لوگ علماءِ یہود کا ایک گروہ تھا۔

شانِ نزول: مروی ہے کہ فخاص بن عازوا اور زید بن قیس یہود کے چند افراد حضرت حذیفہ بن یمان اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو جنگِ احد کے بعد کہنے لگے: ''کیا تم سوچتے نہیں کہ تمہیں اس موقع پر کتنی تکلیف پہنچی ہے۔ اگر تم حق پر ہوتے تو تمہیں شکست نہ ہوتی۔ بنابریں تمہیں چاہیے کہ ہمارے دین میں داخل ہو جاؤ۔ تمہارے لئے یہی بہتر ہے۔ ہم تم سے زیادہ ہدایت یافتہ ہیں''

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''تمہارے نزدیک عہد شکنی کتنا گناہ ہے؟'' انہوں نے کہا: ''گناہ کبیرہ ہے''

marfat.ocm
Marfat.com

حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اب تم جواب دو کہ میں عہد کر چکا ہوں کہ جب تک زندہ رہوں گا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر نہیں کروں گا''

یہود نے کہا: ''افسوس! کہ عمار ہمارے دین سے صابی ہوگیا اور ایسا خارج ہوگیا کہ اب اس کے لوٹنے کی امید بھی نہیں ہے۔'' پھر پوچھا: ''اے حذیفہ! تیرا کیا حال ہے؟'' انہوں نے فرمایا: ''میں اللہ کے رب اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے اور اسلام کے دین اور قرآن کے امام اور کعبہ کے قبلہ اور مومنین کے بھائی ہونے پر راضی ہوں'' یہود نے کہا: ''اس رب کی قسم جو موسیٰ علیہ السلام کا معبود ہے تم دونوں کے دلوں میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کوٹ کوٹ کر بھری گئی ہے'' وہ دونوں حضور علیہ السلام کے حضور میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم نے بہت اچھا جواب دیا اور بڑی کامیابی حاصل کی''

خلاصہ یہ کہ بہت سے یہود لَوْ يَرُدُّونَكُمْ تمہارے دین سے پھر جانے کی تمنا رکھتے ہیں۔ کیونکہ لَوْ مصدر یہ ہے یہ جب فعل کے بعد واقع ہوتا ہے تو اس میں تمنّی کا معنی ہوتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ یعنی آرزو رکھتے ہیں کہ تمہارے لئے توحید سے پھر جانے کا۔

مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ اے مومنین کے گروہ كُفَّارًا کہ تمہیں مرتد بنا دیں۔ لفظ كُفَّارًا، رَدُّوْكُمْ کی ضمیر مخاطب سے حال ہے اور ہوسکتا ہے کہ رَدُّوْكُمْ کا مفعول ثانی ہو جبکہ وہ يُصَيِّرُوْنَكُمْ کے معنی کو متضمن ہو۔

حَسَدًا یہ فعل وَدَّ کی علت ہے۔ گویا کہا گیا ہے کہ حسد کی وجہ سے بہت سے یہود تمہارے مرتد ہونے کی خواہش رکھتے ہیں۔ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ فعل وَدَّ کے متعلق ہو تو بھی جائز ہے۔ اب معنی یہ ہوگا کہ وہ لوگ اپنے نفسوں کی آرزو اور خواہش کے مطابق تمہارے مرتد ہونے کے متمنی ہیں نہ کہ بحیثیت دین کی تائید اور میل الی الحق کی خاطر۔ اگرچہ ان کا یہی خیال ہے کہ ہم دین کی محبت سے یہ آرزو رکھتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ کیونکہ جب ان کی ذاتی خواہش ہے تو دعویٰ حق کا کیا مطلب اور جائز ہے کہ حَسَدًا کے متعلق ہو۔ اب معنی یہ ہوگا کہ یہ خواہش ان کے اصل نفسوں سے حسد کی وجہ سے بھڑک اٹھتی ہے اور حسد کے انتہائی درجہ تک پہنچ جاتی ہے۔ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ بعد اس کے کہ انہیں یقین ہو چکا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برحق رسول

marfat.ocm
Marfat.com

ہیں۔ان کا ہر قول برحق ہے اور ان کا دین بھی حق ہے۔اس لیے کہ ان کی تائید معجزات سے بھی ہو رہی ہے اور ان کی کتاب تورات میں بھی ان کے اوصاف درج ہیں۔ فَاعْفُوْا پس درگزر کرو۔

حل لغات: عفو بمعنی ترک عقوبت المذنب۔جیسے کہا جاتا ہے: عَفَتِ الرِّيْحُ الْمَنْزِلَ یعنی گھر کو ہوا نے مٹا دیا اور کہتے ہیں: عفا المنزل ویعفو بمعنی دَرَسَ متعدی ولازم دونوں طرح استعمال ہوتا ہے اور مجرم کے گناہ کو ترک کرنا۔گویا اس کے گناہ کو مٹا دینا ہے۔اس حیثیت سے کہ اس سے بدلہ لینے اور اسے سزا دینے سے گریز کیا جاتا ہے۔چونکہ یہ معنی صَفْح کو مستلزم نہیں، اسی لیے فرمایا: وَاصْفَحُوْا کیونکہ انسان کبھی معاف تو کر دیتا ہے لیکن اعراض نہیں کرتا۔

حل لغات: الصفح بمعنی ترک التقریع باللسان او الاستسقاء فی اللوم ۔جیسا کہ کہتے ہیں: صفحت عن فلان۔یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ اس کے گناہ سے بالکل روگردانی کی جائے۔
اور اہل عرب کہتے ہیں: قَدْ ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحاً (یعنی میں نے اس سے اعراض کر لیا اور اسے چھوڑ دیا)
اور عفو و صفح سے یہ مراد نہیں کہ ان کے افعال سے رضا کا اظہار کیا جائے۔کیونکہ انہوں نے تو اللہ تعالیٰ سے کفر کیا اور کفر کا اللہ تعالیٰ حکم نہیں دے گا۔ بلکہ مراد ہے کہ ان سے جنگ کرنا ان کی بری باتوں کا جواب دینا چھوڑ دو۔
حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ اللہ تعالیٰ اس حکم کے ساتھ حکم دیتا ہے جو اذنِ بالقتال اور جزیہ کا مقرر کرنا یا بن قریظہ کو قتل کرنا اور بنی نضیر کو جلاوطن کرنا وغیرہ۔

شانِ نزول: مروی ہے کہ صحابہ کرام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی اور کہا کہ ہمیں اجازت دے دیں کہ جن یہود نے کفر کیا اور مسلمانوں کو کفر کی طرف بلایا ہم ان سے لڑیں۔یہ آیت نازل ہوئی اور حکم کیا گیا کہ جنگ ترک کرو اور ان کے مقابلہ سے روگردانی کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم نازل ہوا۔
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اب سے انتقام لینے پر قادر ہے اور جب وقت آئے گا تو ان سے ضرور انتقام لے گا۔
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ اس کا فَاعْفُوْا پر عطف ہے۔گویا انہیں صبر اور استقامت اور عبادت و نیکی کی طرف

marfat.ocm
Marfat.com

رجوع کرنے کا حکم ہوا۔ مراد یہ ہے کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں فرائض وواجبات وتطوعات میں سرگرم رہو جیسا کہ قرینہ بتاتا ہے۔ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ اگر چہ خیر تمام عبادات کو شامل ہے لیکن نماز اور زکوٰۃ کو خصوصی طور پر بیان فرمایا۔ ان کے عظیم الشان اور بلند قدر ہونے پر متنبہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ نماز عبادت بدنیہ ہے تا کہ انسان کا ہر عضو عبادت کر کے اللہ تعالیٰ کی نعمت عطا کردہ کی شکر گزاری کرے اور زکوٰۃ عبادتِ مالیہ ہے۔ اس میں اغنیاء کو ان نعمتوں کی شکر گزاری کا موقع مل جائے جو انہیں لذیذ عیش کی وسعت نصیب ہوئی وَمَا تُقَدِّمُوْا جملہ شرطیہ ہے یعنی جو خیرات بھی ہو خواہ نماز ہو یا زکوٰۃ وغیرہ اپنی بہتری کے لئے آخرت کی طرف بھیجو۔ تَجِدُوْهُ یعنی عمل کا ثواب وجزاء نہ وہی بعینہٖ کیونکہ وہ باقی نہیں رہتے۔ علاوہ ازیں ان اعمال کے عین کے حصول میں رغبت دلائی جاتی۔ عِنْدَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے ہاں یعنی آخرت میں محفوظ پاؤ گے۔ یعنی اس کا ثمرہ جو کہ ایک لقمہ جو کہ احد پہاڑ کے برابر ہو جائیں گے۔ تقدیم (آگے بھیجنے کے حکم) میں اشارہ ہے کہ جو انعام اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرمائے ہیں۔ ان سے مقصد اصلی یہ ہے کہ اپنے لیے آخرت کا سامان بھیجیں اور آنے والے دن کے لئے ذخیرہ بنائیں۔

حدیث شریف: جیسا کہ حدیث شریف میں ہے:

جب بندہ مرتا ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ اس نے کیا چھوڑا؟ فرشتے کہتے ہیں اس نے آخرت کے لئے کیا بھیجا۔ یعنی لوگ دنیا کی باتیں کرتے ہیں، فرشتے آخرت کے متعلق۔

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ یعنی وہ اللہ تعالیٰ ہر شئے کو جانتا ہے خواہ تمہارے اعمال قلیل ہوں یا کثیر۔

ف: عمل کا لفظ عام ہے۔ نیک ہو یا برا۔ ترغیب ہو یا ترہیب۔ اعمال کی ترغیب اسی لیے ہونی چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر نیک عمل پر اچھی جزا دیتا ہے۔ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ جیسے کہ برے کی سزا دے گا۔ خواہ وہ برا عمل تھوڑا ہو یا زیادہ۔ اس کی بارگاہ میں کوئی عمل ضائع نہیں جاتا۔

حکایت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جنت البقیع سے گزر ہوا تو فرمایا: "السلام علیکم یا اهل القبور" ہمارے حالات سنتے ہیں تو سن لو۔ وہ یہ کہ تمہاری عورتوں کے نکاح کر دیے گئے اور تمہارے مکانات میں اور لوگ بسنے لگے ہیں اور تمہارے مال تقسیم ہو گئے" آپ کے ان کلمات کے بعد ہاتف نے جواب دیا: اے ابن

marfat.ocm
Marfat.com

الخطاب! ہمارا حال یہ ہے کہ جو اعمال ہم نے کیے ان کی ہمیں جزا مل گئی اور جو مال ہم نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیا اس کا اچھا بدلہ مل گیا۔ لیکن افسوس ہے کہ ہم جو مال پیچھے چھوڑ آئے وہ گھاٹے میں ہے۔

کسی نے کیا خوب فرمایا ہے: ؎

قدّم لنفسک قبل موتک صالحاً　　واعمل فلیس الی الخلود سبیل

ترجمہ: اپنے لئے اگلے ملک میں موت سے پہلے کوئی نیکی بھیج اور اچھے عمل کر اس دنیا میں کسی نے نہیں رہنا۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا: ؎

توغافل د۔ اندیشہ سود ومال　　کہ سرمایہ عمر شد پائمال

غبار ہوا چشم عقلت بدوخت　　سموم ہوا کشتِ عمرت بسوخت

بکن سرمہ غفلت از چشم پاک　　کہ فردا شوی سرمہ در چشم خاک

ترجمہ:

۱: سود و مال کے فکر میں غافل ہو گیا، اسی طرح زندگی کا سرمایہ ضائع ہو گیا۔

۲: خواہشات کی غبار نے تیری عقل کی آنکھ سی دی، خواہشات کی زہریلی ہوا نے تیری کھیتی جلا دی۔

۳۔ غفلت کا سرمہ آنکھ سے صاف کر، عن قریب تو خود خاک کی آنکھ کا سرمہ بننے والا ہے۔

ف: دنیا کے ہر عمل کا ثواب مرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ صرف چند اعمال ایسے ہیں جن کا مرنے کے بعد ثواب ملتا رہتا ہے۔ وہ یہ ہیں۔ پہلا اپنی نیک کمائی سے مسجد بنوانا۔ پل تعمیر کروانا۔ رباط اور اوقاف فقراء کے لئے مقرر کر جانا۔ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ اپنی بوستاں میں فرماتے ہیں: ؎

ازاں کس کہ خیرے بماند رواں　　دمادم رسد رحمتش بر رواں

نمرد آنکہ ماند پس ازوے بجائے　　پل ومسجد وخان ومہمان سرائے

ہر آنکو نماند ازپسش یادگار　　درخت وجودش نیاورد بار

دگر رفت وآثار خیرش نماند　　نشاید پس مرگ الحمد خواند

ترجمہ: جس کی مرنے کے بعد خیرات (نیکی) جاری رہی ہر لحظہ اس پر رحمت کی بارش ہوتی رہے گی۔ وہ مرتا نہیں جس کے

marfat.ocm
Marfat.com

پیچھے پل، مسجد اور خیرات اور مہمان خانہ باقی رہا۔ جس کی مرنے کے بعد کوئی یادگار نہ ہو اس کے وجود کا درخت پھل نہ لائے گا۔ کوئی مرا اور نیکی چھوڑ کر نہ گیا اس کے پیچھے فاتحہ بھی نہ پڑھنی چاہئے۔

حدیث شریف: اسی طرح حدیث شریف میں اشارہ ہے کہ جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اپنے اعمال کی جزا ختم ہوجاتی ہے صرف تین عمل ایسے ہیں جن کا ثواب ملتا رہتا ہے دوسرا یہ کہ وہ علم رائج سے فائدہ اٹھائے (یعنی علم پڑھے اور اس پر عمل کرے) حدیث کے الفاظ یہ ہیں: اَوْ عِلْمٌ یُنْتَفَعُ بِهٖ۔

بعض کہتے ہیں کہ وہ قوتِ عقلیہ جس سے شرعی امور کا مخصوص قرآن وحدیث سے استنباط کرے۔ صحیح یہ ہے کہ حکم عام ہے خواہ علم کا فائدہ تصنیف سے ہو یا تعلیم وتدریس سے، لیکن علوم شرعیہ میں یا ایسے علوم ہیں جن سے شرعی امور متعلق ہیں۔ علم کو مفید ہونے کی قید اس لئے لگائی جاتی ہے کہ وہ علم جو کہ غیر مفید ہو اس سے ثمرۃ کے حصول کا کیا معنی، وہ الٹا وبالِ جان اور موجب عذاب بنے گا۔

حدیث شریف: من کتم علما یعلمه الجم یوم القیٰمة بلجام من النار

(جو شخص اپنے علم کو چھپاتا ہے قیامت میں اس کے منہ میں جہنم کی لگام دی جائے گی)

امام سخاوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: یہ وعید اس شخص کے لئے بھی ہے جو اپنی کتاب کسی کو مطالعہ کے لئے نہیں دیتا۔ تیسرا وہ جو اس کے وجود سے صادر ہوں، جیسے نیک اولاد چھوڑ جائے حدیث شریف میں اسی طرف اشارہ ہے۔ وولد صالح یدعولہ (یا نیک اولاد جو اس کے لئے دعائے خیر کرے)

ولد کو صالح سے اس لیے مقید کیا گیا ہے کہ غیر صالح اولاد سے فائدہ کے حصول کا کیا معنیٰ؟

مسئلہ: اولاد کا گناہ والد کے نام نہیں لکھا جائے گا جبکہ اس کا ارادہ نیک ہو کہ اس کی اولاد نیک ہو۔ لیکن اولاد بذکلی "یدعولہ" کی قید میں ہر اولاد کو تنبیہ ہے کہ وہ اپنے والدین کے لئے ہر وقت دعائیں مانگیں نہ یہ کہ صرف مرنے کے بعد۔

مسئلہ: اولاد نیک دعا مانگے یا نہ مانگے والدین کو ثواب ضرور ملے گا۔ اس کی مثال ایسے ہے جیسے کوئی شخص درخت بوئے اور اس کی نیت لوگوں کو اس کے ثمرات سے فائدہ پہنچانے کی ہو تو اس کو اس کی نیت سے ثواب ملے گا خواہ لوگ اس کے ثمرات کھا کر اس کے لئے دعا مانگیں یا نہ مانگیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : حدیث کے حکم میں اولاد کے ثواب میں ماں بھی داخل ہے۔

سوال : حدیث مذکورہ کو اس حدیث سے کیا مطابقت ہوگی۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا:

من سن فی الاسلام سنة حسنة فلهٗ اجرها واجر من عمل بها الی یوم القیٰمة

(جس نے کوئی نیک طریقہ اسلام میں جاری کیا اس کا ثواب اور اس پر عمل کرنے والے کا ثواب بھی اسے قیامت تک ملتا رہے گا)

پہلی حدیث میں تین شخصوں کے لئے مرنے کے بعد ثواب ملنے کا وعدہ تھا اب ایک اور بھی نکل آیا۔ اسی طرح دوسری حدیث میں ہے: **من مات ختم عمله الا المرابط فی سبیل الله فانه له عمله الی یوم القیٰمة** ۔ (جو شخص مرجاتا ہے اس کے عمل کے ثواب پر مہر لگ جاتی ہے (یعنی عمل کا ثواب آگے کوئی نہیں ملتا) ہاں مجاہد فی سبیل اللہ کا ثواب قیامت تک بڑھتا رہے گا)

جواب : پہلی حدیث میں جو کہا گیا کہ جس نے اچھا طریقہ جاری کیا وہ علم مفید کے کھاتے میں شامل ہو گیا اور مجاہد فی سبیل اللہ کے عمل میں بڑھنے کا یہ معنی ہے کہ عمل تو اس کا وہی ہے جو اس نے زندگی میں کیا لیکن اس عمل کے ثواب میں برکت ہوگی اور حدیث میں ان اعمال کا حکم ہے وہ یہ ہے کہ مرنے کے بعد اس کے مرنے کا اثر موجود ہے۔ اسی عمل سے ہی اس کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ ان دونوں میں فرق ہے۔

چوتھا یہ کہ اس کی روح کی پرورش سے اولاد معنوی پیدا ہو۔ مثلاً پیرانِ عظام، مشائخ کرام، صوفیہ حضرات کہ جنہوں نے شریعتِ مطہرہ کے قواعد کے مطابق اپنے مریدین کی تربیت فرمائی تو ان کو بھی ان کے مرنے کے بعد ثواب ملے گا۔ ممکن ہے یہ حدیث کی پہلی قسم میں داخل ہو۔

وَقَالُوْا اور کہتے ہیں:

شانِ نزول : یہ آیت نجران کے وفد کے حق میں نازل ہوئی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں نصاریٰ مع یہود جمع ہو کر ایک دوسرے کی تکذیب کرنے لگے۔ یہودی بنی نجران کے متعلق کہتے ہیں کہ نصاریٰ بہشت میں نہ جائیں گے۔ یہود نے کہا ہمارے سوا کوئی بہشت میں داخل نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اہل کتاب میں سے یہود و نصاریٰ کہتے ہیں: **لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی**

مَنْ كَانَ کے بجائے **كَانُوْا** نہیں فرمایا: **مَنْ** کے لفظاً مفرد ہونے کی جانب پر محمول کر کے اور خبر کو جمع لایا گیا۔ لفظ

marfat.ocm
Marfat.com

مَنْ کے معنی پر محمول کرتے ہوئے اور هُوْدًا، هائد کی جمع ہے۔ بمعنی تائب۔ جیسے فرمایا "هُدْنَآ اِلَيْكَ" پہلے تو مدح کے طور پر ان لوگوں پر اس کا اطلاق ہوتا تھا جنہوں نے گئوسالہ پرستی سے توبہ کی تھی لیکن پھر جب ان کی شریعت منسوخ ہوئی تو اب ایک جماعت لازمی پر استعمال ہونے کی وجہ سے اس کا اسم علم کی طرح ہو گیا۔

نَصٰرٰى، نصران کی جمع ہے۔ جیسے سکرٰی، سکران کی جمع ہے۔

تِلْكَ یعنی وہ غلط دعوٰی جو کرتے پھرتے ہیں کہ بہشت میں سوائے یہود و نصاریٰ کے اور کوئی داخل نہیں ہوگا۔

اَمَانِيُّهُمْ یہ صرف ان کی خواہشاتِ فاسدہ ہیں کہ جن کی کوئی حقیقت ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں آرزوئیں پیش کرتے ہیں۔

حل لغات: اَمَانِيُّهُمْ، "اُمْنِيَّة" کی جمع ہے۔ بمعنی وہ شئے کہ جس کی آرزو کی جائے۔ بروزن افعوله، اعجوبه کی طرح ہے۔ اہلِ عرب ہر اس چیز کو، جس میں کسی قسم کی دلیل نہ ہو، مجازاً تمنی و غرور و اضلال و احلام سے موسوم کرتے ہیں۔

ف: اَمَانِيُّهُمْ جمع اس لیے لایا گیا کہ یہ تمنائیں دونوں یعنی یہود و نصاریٰ سے صادر ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کی لسانِ مبارک سے ان کے اقوال کے بطلان کی طرف اشارہ فرمایا۔

قُلْ هَاتُوْا حل لغات: هَاتُوْا دراصل اٰتُوْا تھا۔ ہمزہ سے تبدیل کیا گیا اور یہ تعجبی امر ہے۔ ای احضروا۔

بُرْهَانَكُمْ یعنی وہ حجت پیش کرو جس میں ثابت ہو کہ بہشت میں صرف تم لوگ داخل ہو گے۔

سوال: براہین کو جمع کر کے کیوں نہ لایا گیا؟

جواب: ان سب کا دعوٰی ایک تھا وہ یہ کہ بہشت میں ہمارا غیر داخل نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس دعوٰی پر حجت ایک ہی پیش ہوگی۔

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو، کیونکہ جس دعوٰی پر کوئی دلیل نہ ہو وہ دعوٰی ثابت نہیں ہوا کرتا۔

بَلٰى ان کا قول لَنْ يَّدْخُلَ الْخ سے اثبات اور نفی دونوں پر مشتمل تھا۔ اثبات اس طرح کہ کہتے ہیں بہشت میں یہود و نصاریٰ داخل ہوں گے اور نفی اس طرح کہ وہ قائل تھے کہ ہمارے سوا اور کوئی بہشت میں داخل نہیں ہوگا۔

marfat.ocm
Marfat.com

لفظ بَلٰی اس کلام کے اثبات کے لئے آتا ہے جس کی وہ نفی کر رہے تھے۔ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ اللہ تعالیٰ کے لئے خلوص کرے کہ اس میں دوسرے کی شرکت نہ ہو۔ اَسْلَمَ ایک شئے کو دوسری شئے کے لئے خاص کرنا۔ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ سالم اسی کے لئے مخصوص کرنا کہ اس میں کسی دوسرے کا حق نہ ہو۔ نہ بحیثیت تخلیق کے نہ بحیثیت مالکیت کے نہ بحیثیت استحقاق عبادت و تعظیم کے۔

سوال: اسے وَجْهَهٗ سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: یہ تمام اعضاء سے اشرف ہے۔ اس حیثیت سے کہ وہ تمام حواس اور فکر و تخیل کا معدن ہے۔ یہ وہ مجاز ہے کہ جز کا ذکر کر کے کل مراد لیا گیا ہے۔ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ اسی سے ہے جو کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے بولا جاتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ وجہ" کے اخلاص سے مراد ذات کا اخلاص کرنا مراد ہو کیونکہ جو شخص اپنے منہ سے سخاوت کرتا ہے وہ اپنے دیگر اعضاء سے بخل نہیں کرتا۔ اب وجہ" سے مراد عضو مخصوص ہی ہوگا۔

وَهُوَ مُحْسِنٌ، اَسْلَمَ کی ضمیر سے حال ہے۔ یعنی وہ شخص اپنے اخلاص اور نفس کو اللہ تعالیٰ کی طرف خضوع و فرمانبرداری کے ساتھ سپرد کرنے کی وجہ سے تمام اعمال میں محسن ہے بایں طور کہ جو عمل بھی کرتا ہے وہ ٹھیک ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کا اللہ تعالیٰ کے لئے خالص کرنا اسے مستلزم نہیں ہے کہ وہ شرعاً بھی مستحسن ہو اور حقیقۃً احسان اور عمل کی ادائیگی علی الوجوہ اللائق یہی حسن صفاتی ہے جو حسن ذاتی کے تابع ہے۔

حدیث شریف: حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبادت ایسے کرو گویا کہ تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو اگر ایسے نہیں ہوسکتا تو اتنا ضرور خیال رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

یہی ایمان کی حقیقت اور احسان کا ظاہری معنیٰ ہے اور احسان کا باطنی معنیٰ وہی ہے جو حدیث قدسی میں فرمایا گیا:

كُنْتُ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ۔ (میں بندے کا کان اور آنکھ بن جاتا ہوں)

اور یہ مرتبہ نوافل کی ادائیگی سے ملتا ہے وہ یہی ذاتِ حق اور اس کی ہستی بندہ کے صفات کا آئینہ بن جاتی ہے اور بندہ کے احوال ذاتِ حق کا آئینہ اور اس کی ہستی کا مظہر ہوتے ہیں۔ بندہ باعتبار قرب النوافل کے ظاہر مرکی اور مشہور ہوتا ہے اور باعتبار قرب الفرائض کے حق ہوتا ہے۔

فَلَهٗ اَجْرُهٗ اسے اس کا ثواب ملے گا اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے بہشت کا وعدہ فرمایا ہے۔ گویا وہی اعمال بہشت

marfat.ocm
Marfat.com

میں اس کے داخلہ کا سبب ہیں۔ان کے بغیر اس کا داخلہ قطعی محال ہے۔ عِنْدَ رَبِّهِمْ اس کے اعمال اس کے مالک کے پاس محفوظ ہیں۔وہ اس کے امور کی تدبیر کرنے اور انہیں کمال تک پہنچانے والا ہے۔وہ نہ کسی کے اعمال کو ضائع کرتا ہے اور نہ ہی گھٹاتا ہے۔یہ عِنْدَ شریفیہ ہے ورنہ عِنْدَ مکانیت کا مقتضی ہے اور اللہ تعالیٰ مکانیت سے پاک ہے۔یہ جملہ مَنْ کا جواب ہے اگر اسے شرطیہ سمجھا جائے۔ورنہ خبر ہے اگر اسے موصولہ بنایا جائے اور چونکہ وہ متضمن بمعنی الشرط ہے اسی لیے اس کی خبر میں فاء آئی ہے۔ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ نہ انہیں دنیا کا ڈر ہے اور نہ وہ آخرت میں غمگین ہوں گے جبکہ انہیں بہشت میں داخل کیا جائے گا۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بہشت میں داخل ہونے کے خبر دی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ

(سب تعریف ہے اس ذات کے لئے جس نے ہم سے تمام غم اور حزن دور فرمائے ہیں)

دنیا میں انہیں غم تھا کہ شاید زندگی میں کوئی مصائب اور تکالیف ہوں اور انہیں غم ہوتا ہے کہ جو اعمال کرنے کے لائق تھے وہ ان سے رہ گئے۔اسی طرح ایسی عبادات سے وہ جنت کا غم رکھتے ہیں کہ جن کی ادائیگی سے دائمی سعادت نصیب ہوتی ہے اس لئے کہ مومن کامل جس طرح اس کی رحمت سے ناامید نہیں ہوتا اس طرح اس کے غضب اور عذاب سے بھی بے خوف نہیں ہوتا اور کوتاہ اندیش تو ضائع شدہ عمر اور ثواب کی محرومی سے روئیں گے کیونکہ خوف اسے کہا جاتا ہے کہ جس کی مستقبل میں امید ہو اور حزن وہ ہے جو زمانہ ماضی میں واقع ہو۔جو دنیا میں بے خوف ہو کر گزرے وہ آخرت میں غمگین ہوگا۔

مثنوی شریف میں ہے:۔

لاتخافوا ہست نزل خائفاں ہست درخود از برائے خائف

ہر کہ ترسد مرورا ایمن کنند آں مرد دل ترسندہ را ساکن کنند

آنکہ خوش نیست چوں کوئی مترس درس چہ دہی نیست او محتاج درس

ترجمہ:

۱:۔خائفین کی مہمانی ہے لا تخافوا (نہ ڈرو) خائف اس مہمانی کے لائق بھی ہے۔

۲:۔جو ڈرتا ہے اسے بے خوف بناتے ہیں خوف والے دل کو تسکین بخشتے ہیں۔

۳:۔جسے خوف نہ ہو اس کے لئے بے سود ہے کہ کہا جائے نہ ڈر، اسے سبق کیا دیا جائے وہ سبق کے لائق نہیں ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۖ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ

اور یہودی بولے نصرانی کچھ نہیں اور نصرانی بولے

الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۗ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

یہودی کچھ نہیں حالانکہ وہ کتاب پڑھتے ہیں اسی طرح جاہلوں نے ان کی

مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

سی بات کہی تو اللہ قیامت کے دن ان میں فیصلہ کردے گا جس بات میں جھگڑ رہے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى

اور اسے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ کی مسجدوں کو روکے ان میں نام خدا لئے جانے سے اور ان کی ویرانی

فِيْ خَرَابِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَاۗىِٕفِيْنَ ۭ لَهُمْ

میں کوشش کرے ان کو نہ پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے ان کے لئے

فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ

دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب اور پورب

وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَقَالُوا

پچھم سب اللہ ہی کا ہے تو تم جدھر منہ کرو ادھر اللہ (خدا کی رحمت تمہاری طرف متوجہ) ہے بیشک اللہ وسعت والا علم والا ہے۔ اور بولے

اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ

خدا نے اپنے لئے اولاد رکھی پاکی ہے اسے بلکہ اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کے حضور

قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ

گردن ڈالے ہیں۔ نیا پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جب کسی بات کا حکم فرمائے تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ

marfat.ocm
Marfat.com

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ

ہوجا وہ فوراً ہوجاتی ہے ۔اور جاہل بولے اللہ ہم سے کیوں نہیں کلام کرتا یا ہمیں کوئی نشانی ملے

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ

ان سے اگلوں نے بھی ایسی ہی کہی ان کی سی بات ان کے دل ایک سے ہیں بیشک

بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

ہم نے نشانیاں کھول دیں یقین والوں کے لئے ۔ بیشک ہم نے تمہیں حق کے ساتھ بھیجا خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا

وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا

اور تم سے دوزخ والوں کا سوال نہ ہوگا ۔ اور ہرگز تم سے یہود اور

النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ

نصاریٰ راضی نہ ہوں گے جب تک تم ان کے دین کی پیروی نہ کرو تم فرمادو اللہ ہی کی ہدایت ، ہدایت ہے اور (اے سننے والے کے باشد) اگر تو

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ

ان کی خواہشوں کا پیروکار ہوا بعد اس کے کہ تجھے علم آچکا تو اللہ سے تیرا کوئی بچانے والا نہ ہوگا

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور نہ مددگار ۔ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جیسی چاہئے اسکی تلاوت کرتے ہیں وہی

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع

اس پر ایمان رکھتے ہیں اور جو اس کے منکر ہوں تو وہی زیاں کار ہیں ۔

تفسیر عالمانہ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ اس میں ہر ایک فریق یہود و نصاریٰ کے ایک دوسرے پر گمراہی کا فتویٰ دینے کا بیان ہے عموم کے بعد خصوص ہے کہ اس میں علی العموم ہر ایک اپنے ماسوا تمام کو

marfat.ocm
Marfat.com

گمراہی کا فتویٰ دے رہا تھا۔ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ یعنی نصاریٰ ایسے امر پر نہیں کہ جو صحیح قابل اعتماد ہو وَقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُمْ ہر ایک نے کہا حالانکہ ہر ایک يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ کتاب پڑھتا ہے اَلْكِتٰبَ میں الف لام جنس کا ہے۔ یعنی بے شک وہ اہل علم واہلِ کتاب واہلِ تلاوت ہیں اور جو بھی اللہ تعالیٰ کی کتابوں میں دوسری کتاب کی تلاوت کرتا ہے اس کا حق یہ ہے کہ وہ باقی کتب کی تکفیر نہ کرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ہر ایک کتاب میں دوسری کی تصدیق ہوتی ہے۔ كَذٰلِكَ مثل اس قول کے کہ جو گمراہ علماء کا تم نے سنا ہے۔ یہ معنیٰ اس وقت درست ہے جبکہ کاف مثلیہ ہو اور اس کا محل نصب اور قَالَ کا مفعول بہ ہو۔

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ کہتے ہیں وہ لوگ جو لاعلم ہیں یعنی بتوں کے پجاری اور فرقہ معطلہ و دیگر گروہ گمراہ فرقے یعنی ہر ایک گروہ کہتا ہے کہ دیگر ہر ایک کسی قطار میں نہیں۔ مِثْلَ قَوْلِهِمْ کاف کے محل سے بدل اور اس میں بڑی توبیخ ہے اس حیثیت سے کہ ان کے نفوس کو باوجود یکہ اہلِ علم ہیں ان جاہلوں کے ساتھ ملا دیا گیا جو علم سے بالکل بے خبر ہیں۔ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ان فریقوں کے مابین فیصلہ فرمائے گا۔ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ اس میں کہ اختلاف کرتے ہیں قیامت میں فِيْمَا الخ کا متعلق يَخْتَلِفُوْنَ ہے اس کو مقدم صرف آیات کی محافظت کے لئے کیا گیا ہے۔ يَخْتَلِفُوْنَ اختلاف کرتے ہیں امرِ دین میں۔

سوال : اللہ تعالیٰ ان کے مابین کیسے فیصلہ فرمائے گا؟

جواب : گروہ کے لائق سزا مقرر فرمائے گا۔

ف : فعل يَحْكُمُ باء اور فِي کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔ مثلاً کہا جاتا ہے:

هكذا حكم الحاكم في هذه القضية ۔(فلاں حاکم نے اس قضیہ کا فیصلہ یونہی فرمایا ہے)

آیت میں صرف محکوم فی کا ذکر ہے محکوم بہ کا ذکر نہیں۔

ف: كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ (ہر گروہ صرف اپنے معاملے پر خوش ہے)

یہ صرف گمراہ فرقوں میں نہیں بلکہ ہر شعبہ میں یہ خیالات جاری وساری ہیں۔ یہاں تک کہ ایک صوفی اپنے مشن کو دوسرے کے مشن سے بہترین سمجھتا ہے۔ اسی طرح ہر شیخ اپنے طریقے کو دوسرے کے طریقے سے اعلیٰ سمجھتا ہے اسی طرح ہر عالم اپنے مسلک کو دوسرے کے مسلک سے نمایاں محسوس کرتا ہے اور پھر ایک جماعت دوسری

marfat.ocm
Marfat.com

جماعت کو غلط کار کہتی ہے اور یہ طریقہ ہمیشہ سے جاری ہے اور جاری رہے گا۔ لیکن ایسا نہیں ہونا چاہیے بلکہ راہِ ہدایت پر چلنے کی کوشش کرنی چاہیے جس سے فائدہ بھی ہو۔

ف: جو شخص دعویٰ کرے کہ وہی صاحبِ ارشاد اور اہلِ دل ہے لیکن تزکیہ نفس سے محروم اور اسے مبداء کا علم ہے نہ معاد کا، یقین کرو کہ یہ سب کچھ دنیوی لالچ میں کرتا ہے۔ ایسے آدمیوں کو ان عورتوں سے بھی زیادہ عذاب ہوگا جنہیں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شبِ معراج میں دیکھا کہ ان کے سینے کاٹے جا رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ انہوں نے عرض کی: یہ وہ عورتیں ہیں جنہوں نے زنا کیے اور حرام بچے جنے اور دعویٰ دلیل کے بغیر باطل ہے اور ایسا مدعی خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو گمراہ کرے گا۔ اسے اسی زانیہ عورت کی طرح سمجھو اور اسی کی طرح وہ خواہش نفسانی میں گرفتار ہے۔ اسی عورت کا یہ ولد الحرام حقیقۃً ہلاک ہونے والا ہے کہ اس کی کوئی تربیت نہیں کرے گا اور بدعتی گمراہ کی فرمانبرداری بھی ایسے ہی ہے کہ اس سے بدعتِ سیئہ اور بے دینی کے سوا کچھ حاصل نہیں۔

حکایت: حضرت شیخ صدرالدین تبریزی سے عرض کیا گیا کہ تبریز میں ایک بہت مشہور شخص ہے اور علمِ عرفان میں یکتا ہے۔ اسی لیے لوگ اسے عارف کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔ ایک دن وہی شخص کسی ایک بزرگ کامل کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ عرض کی: نام تو محمود ہے لیکن لوگ مجھے عارف کہتے ہیں۔ اس بزرگ نے فرمایا: تجھے اپنی حقیقت معلوم ہے؟ اس نے کہا: میں نے بڑے بڑے مشائخ اور صوفیہ کی کتابیں اور مقالے پڑھے ہیں۔ کثرت مطالعہ کی وجہ سے عارف کہلاتا ہوں۔ بزرگ نے فرمایا: ان کا کلام تو حق ہے لیکن بتا تجھے اس سے کیا فائدہ!

پر خویش باید کرد پرواز　　ببال دیگر نتواں پریدن

ترجمہ: اپنے پروں سے اڑنا چاہیے دوسروں کے پروں سے اڑنا ناممکن ہے۔

ف: نسخہ پر جب تک عمل نہ کیا جائے صرف اس کے لکھنے سے کیا فائدہ؟ یہ تو ایسے ہے جیسے کسی تاجر کو غلام لکھے کہ میں نے فلاں شہر سے فلاں فلاں سامان خریدا ہے۔ اب تاجر اعلان کر دے کہ میرے ہاں فلاں فلاں سامان ہے اب جب تک وہ سامان اس کے پاس نہیں پہنچے گا صرف غلام کا لکھا ہوا کیا کام دے گا۔ اعلان کے مطابق

marfat.ocm
Marfat.com

تک اس میں وہی مقصود حاصل نہ ہوگا۔ گویا وہ گری ہوئی اور خراب شدہ ہے اور مسجد کی تعمیر جیسے بنا واصلاح سے ہوتی ہے۔ اسی طرح اس کی حاضری ولزوم بھی تعمیر سمجھی جاتی ہے جیسے کہا جاتا ہے: فُلَانٌ عَمَّرَ مَسْجِدَ فُلَانٍ (فلاں شخص فلاں مسجد میں حاضر ہوا کرتا ہے) آسمانوں کے ملائکہ کے مکینوں کو عمار یعنی تعمیر کنندگان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

فضائلِ حاضری مسجد

حدیث شریف: ☆.....حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جسے دیکھو کہ اسے مسجد کی حاضری کی عادت ہے اس کے متعلق ایمان کی گواہی دو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ مسجد کی حاضری کو تعمیر قرار دیا گیا ہے۔

☆.....حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:۔ چھ خصلتیں حاصل کرو۔ تین سفر کی، تین حضر کی۔

تین حضر کی جو حاصل کرنی چاہئیں۔

☆.....تلاوت قرآن ☆.....مسجد کی حاضری ☆.....اللہ تعالیٰ کی محبت میں دوست بنانا

تین سفر کی جو حاصل کرنی چاہئیں۔

☆.....خرچ ☆.....خوش خلقی ☆.....خوش طبعی، بشرطیکہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔

قیامت کی علامات میں سے ہے مساجد کے مینار بلند کرنا، انہیں منقش کرنا اور سنگارنا، لیکن حاضری نہ دینا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غیر آباد رکھنا، اللہ تعالیٰ کی مساجد کو صلوٰۃ وتلاوتِ قرآن سے غیر آباد رکھنا اور ان میں شعائرِ اسلام ظاہر نہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ بالخصوص جب دیکھو کہ شراب کے ابواب کھلے ہوئے اور مساجد کے دروازے بند ہیں وغیرہ۔ ہم نے اپنے زمانے میں روم کے اکثر بلاد کا مشاہدہ کیا ہے۔ اب تو دین کی غربت پر رونا چاہیے بلکہ خون کے آنسو بہانے چاہئیں۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

تفسیر صوفیانہ حضرت امام قشیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔ اس شخص سے کون زیادہ ظالم ہے جو شہوت سے عبادات کے مقامات کو ویران کرتا ہے۔ یعنی عبادت گزار لوگوں کے قلوب کو غلط آرزو اور گندے تعلقات سے خراب کرے اور محبت کے اوطان کو لذاتِ نفسانیہ اور خواہشات نفسانیہ سے تباہ کرنے والا بھی بڑا ظالم ہے اور اوطان المحبۃ سے وجد والوں کے ارواح مراد ہیں اور غیروں کی طرف متوجہ ہو کر

marfat.com
Marfat.com

مشاہدات کے مقامات کو خران کرنے والا بھی بہت ظالم ہے۔اور اوطان المشاہدات اہلِ توحید کے قلوب ہیں۔

ف: آیت سے بیت المقدس اور بیت اللہ کی فضیلت بھی ثابت ہوئی۔

حدیث شریف: میں ہے: ''جو شخص ثواب کی نیت سے بیت المقدس کی زیارت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ہزار شہید کا ثواب عطا فرمائے گا اور اس پر آتشِ جہنم حرام ہے۔اسی طرح جو شخص عالم باعمل کی زیارت کرتا ہے گویا اس نے بیت المقدس کی زیارت کی'' (کذافی مشکوٰۃ الانوار)

مسئلہ: قنیہ (کتاب) میں ہے کہ بیت اللہ شریف کی مسجد تمام مساجد سے افضل ہے۔پھر مدینہ طیبہ کی مسجد، پھر بیت القدس کی مسجد، پھر دنیا کی جامع مساجد (جن میں جمعہ ادا کیا جاتا ہے) پھر اپنے محلہ کی مسجد، پھر شارع عام پر واقع ہونے والی مسجدیں، مرتبہ میں یہی مسجدیں کم درجہ والی ہیں۔یہاں تک کہ ان میں اعتکاف بیٹھنا بھی جائز نہیں اگر ان میں امام اور مؤذن مقرر نہ ہوں۔ان کے بعد جو مساجد جو گھروں میں بنائی جاتی ہیں ان میں مردوں کو اعتکاف بیٹھنا جائز نہیں البتہ ان میں عورتیں اعتکاف بیٹھ سکتی ہیں۔

مسئلہ: حضرت شیخ مشہور بافقادہ آفندی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ مسجد حرام اور مسجد مدینہ اور مسجد بیت المقدس کے بعد تمام مقامات کی مساجد سے زیادہ افضل شہر بروسہ کی بڑی جامع مسجد ہے۔اس لیے کہ یہ جگہ اس بڑھیا کے مکان کی ہے جو حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لائی لیکن کشتی پر سوار نہ ہو سکی۔اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے اسے طوفان سے بچالیا۔یہ بات کسی اہل کشف بزرگ کو کشف کے ذریعے معلوم ہوئی۔

مسئلہ: جو شخص یہاں (یعنی بروسہ کی جامع مسجد میں) عبادت میں مشغول ہو تو اللہ تعالیٰ اسے غفلت سے بچالے گا

مسئلہ: مکہ مکرمہ میں صرف ایک دن نہایت خشوع وخضوع سے عبادت کی جائے تو باقی مقامات کی ایک سال کی عبادت جیسی ترقی نصیب ہوتی ہے اور فرمایا: ہمارے ملک میں شغلِ عبادت کے دو بہترین مقام ہیں۔

۱:۔شہر بروسہ میں سید بخاری علیہ الرحمہ کی جامع مسجد۔

۲:۔قسطنطنیہ میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر میں۔

؎ عابد اندر نماز و عارفاں اندر نیاز عاشقاں از شوق وصل یار در سوز و گداز

ترجمہ: عابد نماز میں، عارف نیاز میں، عاشق محبوب کے شوق وصال کے سوز و گداز میں۔

marfat.ocm
Marfat.com

دعا: یا اللہ! ہمیں ان لوگوں سے بنا جو تیرے شوق میں مستغرق ہیں۔(آمین)

تفسیر عالمانہ

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ اس سے زمین کی دو طرفیں مراد ہیں کیونکہ اس کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ صرف مشرق ومغرب مراد لیے جائیں جبکہ تمام زمین اس کی مِلک ہے کوئی خاص زمین ملک وتصرف کے لئے مقرر نہیں اور نہ ہی عبادت کے لئے کوئی خاص محل معین ہے کہ فلاں مکان پر نماز جائز ہے اور فلاں پر نہیں۔ پھر اے کافرو! مسجد حرام یا مسجد اقصیٰ سے روکو گے تو ہم کسی دوسرے مقام پر نماز ادا کرلیں گے کیونکہ ہمارے لیے روئے زمین مسجد مقرر کی گئی ہے۔

فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا جس طرف منہ پھیرو گے وہی تمہارا قبلہ ہے۔

حل لغات: وَلّٰی قبیل اضداد سے ہے۔ وَلّٰی بمعنی سامنے کو منہ کیا اور بمعنیٰ پیچھے منہ پھیر۔

فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ یعنی وہاں پر وہی قبلہ کی جہت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا اور اسی سے راضی ہے کیونکہ اس کی طرف منہ کرنا کسی خاص مسجد یا مکان کے ساتھ مخصوص نہیں یا ثم سے اس کی ذات یعنی حضور علمی مراد ہے۔ اس لحاظ سے فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ جز بول کر کل مراد لینا مجازاً ہے۔ اب معنیٰ یوں ہوگا کہ جس طرف بھی منہ کر کے نماز پڑھو گے مجھے وہاں پاؤ گے۔ یعنی اس ذات تک پہنچنے کے لئے کسی مقام کی محتاجی نہیں کیونکہ وہ ذات نہ جوہر ہے نہ عرض، اسے کسی ایسے مکان کی ضرورت نہیں کہ جس میں وہ سمائے۔ جب اس کے لئے مکانیت ممتنع ہے تو لامحالہ ماننا پڑے گا کہ اس کا علم جمیع جہات اور مکانات کو محیط ہے۔ یعنی وہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے اسی لیے ان کی جزا بھی وہی دے گا۔

حدیث شریف میں ہے: ''تم اپنی رسی زمین کی تہ تک پھینکو تو اللہ تعالیٰ کی ذات وہاں بھی موجود ہوگی'' یعنی اللہ تعالیٰ کا علم کائنات کے ذرہ ذرہ کو محیط ہے۔ مطلب یہ کہ تمہاری رسی اس کے علم سے باہر نہیں ہوگی۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تو مکانیت سے پاک ہے کیونکہ وہ تو مکانات کو پیدا کرنے سے بھی پہلے ہے۔ (کذا فی المقاصد الحسنہ)

ف: اَیْنَ ہمیشہ مکانیت میں استعمال ہوتا ہے یہاں بھی ایسے ہی ہے اور وہ تُوَلُّوْا کی وجہ سے منصوب ہے۔

اَیْنَمَا میں لفظ ما زائدہ ہے۔ صرف تاکید کے لئے لایا گیا ہے۔ اور ثَمَّ ظرف مکان یعنی ھُنَاکَ (وہاں پر) کے معنیٰ میں آتا ہے۔ کہا جاتا ہے: لَمَا قَرُبَ مِنْ ھٰھُنَا بَعُدَ ثَمَّ وھنا (جب وہ اس مکان کے قریب ہوا تو وہاں سے بعید ہوگیا)

marfat.ocm
Marfat.com

ترکیب: وَجْهُ اللّٰهِ مبتدا موخر ہے اور لفظ ثَمَّ خبر مقدم ہے اور جملہ محلاً مجزوم ہے اس لیے کہ شرط کی جزا واقع ہوا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ اللہ تعالیٰ مالک اور خالق ہونے کے لحاظ سے تمام اشیاء کو محیط ہے یہ جملہ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ کا تتمہ ہوگا۔ اسی طرح وسعت سے مراد وسعتِ رحمت بھی ہوسکتی ہے۔ کیونکہ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ اس معنیٰ پر مشتمل نہیں کہ عبادت اور صلوٰۃ صرف بعض مساجد سے مخصوص ہو، بلکہ جہاں چاہو زمین کے ہر گوشے پر عبادت اور نماز ادا کر سکتے ہو۔ تمام زمین تمہارے لئے سجدہ گاہ ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ شرعی احکام میں وسعت دیتا ہے اپنے بندوں کو ایسے امور پر مجبور نہیں فرماتا کہ جن کی ادائیگی ان کے لئے مشکل ہو۔ اس سے صرف بندوں کی سہولت مقصود ہے تاکہ وہ بآسانی عبادتِ الٰہی بجالائیں۔ قبلہ کی جہت بھی آسانی میں شامل ہے یہ عموم ہم نے لفظ واسع کی وجہ سے سمجھا ہے۔

ف: حضرت امام غزالی علیہ الرحمہ نے اسماء الحسنیٰ کی شرح میں فرمایا ہے: اَلْوَاسِع "سِعَة" سے مشتق ہے۔ یہ وسعت کبھی وسعتِ علم سے منسوب ہوتی ہے جب کسی کی وسعت علمی معلوماتِ کثیرہ کو محیط ہو اور کبھی وسعت الی الاحسان اور وفورِ نعمت کی طرف منسوب ہوتی ہے۔ لیکن علی الاطلاق واسع ذاتِ حق ہے اور بس۔ کیونکہ جب اس کے علم کو دیکھا جاتا ہے تو اس کی معلومات کا کنارہ نہیں ملتا۔ بلکہ وہ دریاؤں کو روشنائی بنا کر اس کے کمالات تحریر کیے جائیں تو دریا ختم ہو جائیں گے مگر کمالات ختم نہ ہونے پائیں گے اگر اس کے احسانات اور انعامات پر غور کیا جائے تو بھی اس کے مقدرات کا کوئی حساب نہیں اور مخلوق میں جس کی وسعت کو دیکھو کوئی نہ کوئی انتہا ضرور ہے لیکن اس کی وسعت کی کوئی انتہا نہیں ہے جس کی کوئی انتہا نہ ہو اسی کو وسعت لائق ہے۔ اس سے نتیجہ نکلا کہ علی الاطلاق واسع وہی اللہ تعالیٰ ہے۔ معلوم ہوا کہ وہ ہر وسیع سے وسیع تر ہے اور ہر وسیع اوسع سے تنگ ظرف نظر آئے گا اور پھر جو وسعت کسی کنارہ تک ٹھہر جائے اس پر زیادتی مقصود ہے اور ہمارا رب تعالیٰ ایسا ہے کہ نہ تو اس سے کوئی اور اوسع ہے اور ہی زیادتی تصور میں آسکتی ہے۔ بندہ اپنے عرفان میں جتنی ترقی بھی کر لے تاہم اپنی وسعت علمی کے مطابق محدود رہے گا بندہ کو چاہئے کہ اخلاق میں اتنی وسعت دکھائے جس میں فقر اور حاسدوں کا غیظ و غضب اور غلبہ حرص اور دیگر بری عادات کی گنجائش نہ ہو اسے بھی (مظہر) واسع کہا جاسکتا ہے۔ لیکن پھر

marfat.ocm
Marfat.com

بھی محدود ہوگا۔واسع مطلق صرف وہی حق تعالیٰ ہے۔مثنوی شریف میں ہے ۔

اے سگ گرگیں زست از حرص وچوش　　پوستن شیر را بر خور مپوش

غرہ شیرت بخواہد امتحاں　　نقش شیر و بانگ و اخلاق سگاں

ترجمہ : اے گندگی کے کتے حرص وہوس سے بھرپور شیر کی کھال مت پہن، شیر کا دھوکا تجھ سے امتحان لے گا کیونکہ تیری شکل شیروں کی اور آواز وعادات کتوں کی ہیں۔

عَلِیْمٌ بندوں کی مصلحتیں اور اعمال اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں یہ تہدید فرمایا تا کہ بندہ عبادت میں سستی اور کمی نہ کرے۔پھر اس میں نیک لوگوں کو خوشخبری بھی ہے کہ انہیں یقین ہوگا کہ جس کی وہ عبادت کرتے ہیں وہ انہیں ہر وقت جانتا ہے۔

ربط: یہ آیت وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰہِ الخ سے مرتبط ہے۔اب معنیٰ یہ ہوا کہ اے مومنو! اللہ تعالیٰ کے شہر وسیع ہیں اللہ تعالیٰ کی مساجد کو خراب کرنے والوں کی تخریب تمہیں عبادت سے نہیں روک سکتی۔کیونکہ جس طرف بھی منہ کر کے نماز ادا کرو گے خدا کی ذات موجود ہوگی۔فلہٰذا تمہاری عبادت ہر طرف منہ کرنے سے منظور ہوگی۔

شانِ نزول: حضرت مجاہد اور حسن فرماتے ہیں: جب آیت قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا) نازل ہوئی تو لوگوں نے کہا: ہم اللہ تعالیٰ سے کہاں دعا عرض کریں۔اس پر یہ آیت: وَلِلّٰہِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ الخ یعنی جس جہت جاؤ گے اللہ تعالیٰ موجود ہوگا۔اسے کسی جہت اور تحیز کی محتاجی نہیں۔

سوال : جب اللہ تعالیٰ جہت اور تحیز سے پاک ہے تو پھر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھانے کی کیا ضرورت ہے؟

جواب: ۱۔تمام انبیاء اور اولیاء علی نبینا وعلیہم السلام نے دعا کے وقت ہاتھ اٹھائے۔

۲۔اللہ تعالیٰ کے رحمت کے خزانے آسمانوں میں ہیں۔کما قال: وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ (جن باتوں کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے اور تمہارا رزق آسمانوں میں ہیں) اور فرمایا:

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُہٗ وَمَا نُنَزِّلُہٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (کوئی شے ایسی نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں اور ہم ہر شے کو انداز سے معلوم کر کے نازل کرتے ہیں) نیز عرشِ معلیٰ صفاتِ رحمانیہ کے استقرار کا مرکز ہے۔اسی لیے

marfat.ocm
Marfat.com

دعا کے وقت آسمان کی طرف ہاتھ اٹھایا جاتا ہے اے آقا! مجھے اسی خزانہ سے عطا فرمادے۔

حکایت: حضرت امام الحرمین قدس سرہٗ ایک بڑے بزرگ کے مہمان ہوئے وہاں بڑے بڑے علماء بھی مدعو تھے اور عوام بھی۔ان میں سے ایک شخص اٹھ کھڑا ہوا اور عرض کی: حضرت! میرا ایک عقدہ حل فرمایئے۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ کی مکانیت سے تنزیہ پر کون سی دلیل ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (رحمٰن عرش پر اپنے شان کے لائق مستوی ہے) اس پر حضرت امام صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی مکانیت سے تنزیہ کی دلیل حضرت یونس علیہ السلام کا قول ہے جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں عرض کیا:
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں میں سے ہوں)
سب لوگ متعجب ہوئے کہ تنزیہ پر یہ دلیل کیسی؟ میزبان نے عرض کیا: حضرت! اس کی وضاحت فرمایئے۔ آپ نے فرمایا: اسی مجلس میں ایک فقیر محتاج ایک ہزار روپے کا مقروض ہے اس کا قرض ادا کرو پھر اس کی وضاحت کرتا ہوں۔ میزبان نے قبول کرلیا۔ آپ نے فرمایا: جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج بہت بلندیوں پر تشریف لے گئے تو وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لا احصٰی ثناء علیک انت علٰی نفسک" (میں تیری تعریف کب بیان کرسکتا ہوں جیسے کہ تو نے اپنی تعریف فرمائی ہے) اور حضرت سیدنا یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ کے اندھیروں اور دریا کی تہ کے اندر پڑھا: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ الخ دونوں حضرات اللہ تعالیٰ سے مخاطب ہوئے اور یہ خطاب حضوری ہے۔ اس سے معلوم ہوا ہے کہ وہ کسی مکان میں نہیں

حدیث شریف: میں ہے: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے (تواضعاً) فرمایا: "مجھے یونس علیہ السلام پر فضیلت مت دو کیونکہ انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں اسی ذات کے جلووں کو دیکھا جسے میں نے عرش کے وراء الورا میں دیکھا" اس حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی سمجھایا کہ مجھے اور یونس علیہ السلام کو ذات حق کے جلوے نظر آئے۔

شانِ نزول: بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ آیت یہودیوں کی طعن و تشنیع پر نازل ہوئی۔ جب کعبہ مکرمہ کی تبدیلی کا حکم ہوا۔ مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے ساتھ مکہ کی

marfat.ocm
Marfat.com

طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس کی طرف منہ کرے نماز پڑھنے کا حکم دیا تا کہ یہودیوں کی تالیف قلوب ہو اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تصدیق کریں۔

اس پر دوسرے لوگ بھی اسلام میں جلد شامل ہو جائیں گے۔ سولہ ماہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے رہے لیکن دل کی تمنا یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بیت اللہ کی طرف منہ کرنے کا حکم فرمائے کیونکہ یہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قبلہ تھا اور اول القبلتین بھی وہی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا آپ مسجد بنی سلمہ میں ظہر کی نماز ادا فرما رہے تھے ابھی دو رکعت پڑھی تھیں کہ ارشاد ہوا: فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف پھیر دیجئے) اس حکم پر نماز میں ہی اپنے رخ مبارک کو پھیر دیا۔ اسی لیے اس مسجد کا نام مسجد القبلتین پڑ گیا۔ جب پھرنے کا حکم نازل ہوا تو اس میں بعض لوگ مرتد ہو گئے۔ مسلمانوں کے لئے یہ ایک بڑی آزمائش تھی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَآ إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ

وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ

(ہم نے قبلہ نہیں بنایا جس پر تم ہو صرف اس لیے تا کہ ہم ظاہر کر دیں کہ کون رسول کی تابعداری کرتا ہے اور کون پیچھے ہٹتا ہے اور یہ سخت ہے مگر ان لوگوں پر آسان ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی)

اے اللہ! ہمیں ہدایت نصیب فرما اور اپنے دین پر ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح و نصرت نصیب فرما۔

سبق: مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر مضبوطی سے عمل کرے جیسے اس کا حکم ہو۔ سر تسلیم خم کرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری میں کوئی کسر نہ چھوڑے۔ عقلِ عاجز کو ان کے حکم کے سامنے جھکا دے اور فہم قاصر کو اس میں دخل نہ بنائے۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے مدرسہ سے آداب حاصل کرے کہ جب بیت المقدس کو قبلہ بنانے کا حکم ہوا تو ادب سے سر جھکا دیا۔ یہ نہیں سوچا کہ کیوں ایسا ہوا ہے پھر جب تک حکمِ ربانی نہیں ہوا چون و چرا کو گنجائش نہ دی بلکہ ارشادِ ربانی کے منتظر رہے۔ اللہ تعالیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتکریم فرمائی کہ جس طرح آپ چاہتے تھے ویسا ہی کیا بلکہ آپ کو تمام انبیاء علیہم السلام کا سرتاج بنادیا۔

ف: تحویلِ قبلہ کا معاملہ دو گروہوں کو شاق گزرا اور دونوں ہی ذات حق سے محجوب تھے۔

پہلا گروہ وہ تھا جنہوں نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ جب بھی بیت اللہ سے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم ہوا تھا یہی مقام مکاشفہ سے عروج کی صورت تھی۔ یعنی آپ کو مقامِ قلب سے مقامِ مشاہدہ (جسے مقام صدوح کہا جاتا ہے) کا عروج ہوا۔ پھر ان کا گمان تحویلِ قبلہ کو بعد القرب اور نزول بعد العروف سمجھ بیٹھے اور انہیں بدگمانی ہوئی کہ پہلے والا مرتبہ اشرف تھا۔ وہ (معاذ اللہ) ضائع ہوگیا اور معاذ اللہ ثم معاذ اللہ ان کا یہ خیال تھا کہ اب تحویل قبلہ سے آپ اپنے عروف مرتبہ سے گر گئے۔ اس بدگمانی سے ان پر تحویلِ قبلہ شاق گزرا اور اسلام کی دولت سے محروم ہوگئے۔ انہیں یہ علم نہیں تھا کہ یہ وہ صورت ہے جسے رجوع الی مقام القلب کہا جاتا ہے۔ جو دعوت کے لئے حالت تمکین میں نصیب ہوتی ہے۔ بلکہ اسی کا نام مشاهدة الجمع فی عین التفصیل اور مشاهدة التفصیل فی الجمع ہے۔ اسی مقام تک پہنچ کر بندہ نہ وحدت کے ساتھ کثرت سے محجوب ہوتا ہے اور نہ کثرت کے ساتھ وحدت سے محجوب ہوتا ہے۔

دوسرا گروہ وہ تھا جنہیں اپنے اعمال سے پیار تھا۔ انہیں تحویل قبلہ کا راز معلوم نہیں تھا انہیں گمان تھا کہ تحویل قبلہ سے ہماری عبادت ضائع ہوگئی اور جن کا ازلی بخت یاور تھا وہ کسی گمان میں نہ پھنس سکے اس پر انہیں راہِ راست نصیب ہوا اور توحید ذاتی محمدی کے شرف سے مشرف ہوگئے۔

اے اللہ! ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں سے بنا اور انبیاء ومرسلین کے ساتھ محشر میں اٹھا۔

تفسیر صوفیانہ اہل تاویل حضرات فرماتے ہیں کہ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ سے مراد عالم نور وظہور ہے کہ جس جہت کو نصاریٰ نے قبلہ سمجھا ہوا ہے ان کا قبلہ تو دراصل اس کا باطن چاہیے تھا اور عالمِ ظلمت ومستورہ ہے جسے یہود نے اپنا قبلہ سمجھا ہے ان کا قبلہ خود درحقیقت اس کا ظہور ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو سمجھایا کہ تم جس جہت کی طرف متوجہ ہوگئے جائز ہے اس لیے کہ وہ متجلی وانور روشن ہے کیونکہ جب وہ اپنے جلوے تمہارے قلوب پر ظاہر فرماتا ہے تو وہ جلوہ اس کا صفتِ جمالیہ سے ہے جو تمہیں مشاہدہ اور فانی

marfat.ocm
Marfat.com

ہونے کے بعد نصیب ہوتا ہے۔لیکن جب تم اس سے دور ہو جاتے ہو اور درمیان میں پردہ آجاتا ہے تو یہ صفتِ جلالیہ ہے جو تمہیں بحالتِ بقا بعد الفنا نصیب ہوتی ہے۔اس اعتبار سے تم جہاں توجہ کرو گے وہاں ہی اللہ تعالیٰ کے جلوے ہوں گے کیونکہ اس کے سوا تو ہے بھی کچھ نہیں۔حضرت حافظ شیرازی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

میانِ کعبہ و بت خانہ ہیچ فرقے نیست ہر طرف کہ نظر میکنی برابر اوست

ترجمہ: کعبہ و بت خانہ میں کوئی فرق نہیں جہاں سے دیکھو گے وہی نظر آئے گا۔

سبق: بندہ کو وہ مقام حاصل ہو جائے کہ نہ وہ حق سے محجوب ہو اور نہ حق اس سے محجوب ہو۔اس کیفیت میں تمام پردے ہٹا دیے جاتے ہیں۔اسے صوفیہ کرام کی اصطلاح میں مقام جمع الجمع اور بقا کہا جاتا ہے۔یہ مرتبہ تجلی عینی سے حاصل ہوتا ہے۔حضرت شیخ بہ افتادہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ جب موسیٰ علیہ السلام اپنے اہل کے لئے آگ حاصل کرنیکی غرض سے کوہِ طور پر پہنچے تو انہیں پہلے یہ حکم ہوا اِنِّیْ اَنَا رَبُّكَ دیکھئے یہاں سب سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کو ربوبیت کے جلوے دکھائے گئے بعد ازاں فرمایا:۔

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ (اے موسیٰ! میں نے آپ کو اپنے لئے چن لیا۔اب وحی سنیے۔میں اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں اور میری ہی عبادت کرنا) اس میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کا جلوہ دکھایا بعد ازاں بھی ذات کے جلووں سے نوازا پھر حکم فرمایا کہ اب جاؤ فرعون کی رہبری کرو۔موسیٰ علیہ السلام اہل وعیال کی پرواہ کئے بغیر سیدھے فرعون کے پاس پہنچے۔جب آپ رسالت کا پیغام لے کر ملکِ مصر میں داخل ہوئے آدھی رات تھی۔فرعون کے دروازے پر اپنے عصا سے دستک دی تا کہ تعمیلِ ارشادِ خداوندی میں تاخیر واقع نہ ہو۔کہتے ہیں کہ دروازہ کی دستک سے ہیبت کے مارے فرعون کی داڑھی سفید ہو گئی۔ جب اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تو کہا: تو ہمارا پروردہ نہیں ہے؟ ایک عرصہ تک ہمارے ہاں رہا ہے۔آپ نے فرمایا: ہاں، میں وہی ہوں۔اسی لیے تو میں تیرا حق ادا کرنے آیا ہوں کہ سب سے پہلے تجھے ہی دعوتِ حق دوں۔اس بات کو سن کر فرعونیوں نے آپ کے قتل کا ارادہ کیا۔آپ نے اپنا عصا نیچے پھینکا تو وہ بڑا اژدھا بن گیا جو سب کو ہڑپ کرنا چاہتا تھا۔تو سب نے موسیٰ علیہ السلام سے پناہ کی التجا کی۔آپ نے ان کو امان دے دی۔اس معجزہ کے پیشِ نظر فرعون تو مومن ہونا چاہتا تھا لیکن ہامان بدبخت نے اسے روکے رکھا۔

marfat.ocm
Marfat.com

فرعون کو دعوتِ حق دے کر آپ وہاں پہنچے جہاں اپنے اہل وعیال کو چھوڑ آئے تھے۔ دیکھا کہ آپ کی اہلیہ جن چکی ہیں۔ قدرت نے ان کی حفاظت کے لئے بھیڑیے مقرر فرما دیے۔ بھیڑیاں کی نگرانی سے کسی کا بھی وہاں سے گزرنا ممکن نہ تھا۔

سبق: سبحان اللہ! قادر قدیر کی کیا ہی نرالی شان ہے۔

فضیلتِ حنفیت: ہمارے امام اعظم (سیدنا ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ) نے بہ ذاتِ خود اپنے مسلک کی اشاعت کا کبھی ارادہ نہ فرمایا لیکن حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ابوحنیفہ! اس مذہب کو خوب پھیلاؤ۔'' یہ حکم آپ کو عالمِ رؤیا میں ہوا۔ حالانکہ خود امام صاحب اس سے دور رہنا چاہتے تھے۔ آپ کی دلیل ہمارے حنفی مذہب کی حقانیت کے لئے شاہد وعادل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود حکم فرمائیں۔ اس کے وصول الی الحقیقۃ میں کسی قسم کا وہم تک نہیں ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہ قدس سرہٗ ساری ساری رات عبادت میں مشغول رہتے تھے ایک دن کعبہ میں ہی ہاتف سے سنا کہ اے ابوحنیفہ! تو نے میرے دین کے لئے مخلصانہ خدمات انجام دیں اور میری معرفت کا حق ادا کر دیا فلہٰذا میں نے تجھے اور تیرے مذہب پر چلنے والوں کو بخش دیا۔ (کذافی عین العلم للشیخ محمد بلخی)

مسئلہ: بعض عارفین سے منقول ہے کہ انسانوں کا قبلہ کعبہ مکرمہ، آسمان والوں کا قبلہ بیت المعمور، کروبیوں کا قبلہ کرسی اور حاملین عرش کا قبلہ عرشِ معلی ہے۔ سب کا مقصودِ اعظم ذاتِ حق ہی ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَقَالُوا اور کہا: شانِ نزول: جب یہود نے کہا کہ عزیر علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں۔ اسی طرح نصاریٰ نے کہا: عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں اور کفار نے کہا: ملائکہ اللہ تعالیٰ بیٹیاں ہیں۔ تو یہ آیت نازل ہوئی۔ قَالُوا کی ضمیر ان تینوں کی طرف لوٹتی ہے۔ یہود ونصاریٰ نے صراحۃً اور مشرکین نے اشارۃً کہا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ یعنی یہود ونصاریٰ کی طرح یہ لوگ کہتے ہیں اور جو کچھ یہ جاہل کہا کرتے ہیں یہ یہود ونصاریٰ بھی ان کے شریک ہیں۔ اِتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا

marfat.ocm
Marfat.com

حل لغات : اتخاذیا تو بمعنیٰ الصنع والعمل کے ہے۔اس معنیٰ پر صرف ایک مفعول کی طرف متعدی ہوگا یا بمعنیٰ تصییر کے ہے۔(جسے دو مفعول چاہیے) اس معنی پر یہاں پر اول محذوف ہوگا۔عبارت یوں ہوگی: اتخذ ای صیراً. یعنی یہ لوگ کہتے ہیں کہ بنایا اللہ تعالیٰ نے اپنی بعض مخلوق سے اور فلاں فلاں کو اولاد بنایا ہے۔(معاذ اللہ) یہ بات ہرگز نہیں کیونکہ اس کی کوئی اولاد نہیں، نہ وہ کسی کی اولاد یا متبنیٰ بناتا ہے اور نہ ہی اس کی شان ہے کہ کسی کو بیٹا بنائے۔اللہ تعالیٰ نے اپنی تنزیہ بیان کی۔ سُبْحٰنَہٗ

حل لغات : سُبحَان دراصل سَبَحَهٗ ،سبحاناً تھا۔اگر سبحان" کو بمعنیٰ تسبیح کا مصدر قرار دیا جائے۔یعنی سبحان کو بمعنیٰ تنزیہ کہا جائے تو اب ملطب یوں ہوا کہ وہ باری تعالیٰ اس سبب سے بھی منزہ ہے۔جو اولاد کا مقتضی ہو۔یعنی وہ اس کی طرح محتاج ہے کہ زندگی میں اس کی اعانت کرے اور مرنے کے بعد اس کے قائم مقام ہو اور اس سے بھی منزہ ہے کہ اسے ولدیت کا تقاضا ہے یعنی تشبیہ سے کیونکہ ولد اپنے والد کی جنس سے ہوگا پھر اللہ تعالیٰ کے لئے کس طرح ولد کا ہونا صحیح ہوسکتا ہے کہ اس کی مثل کوئی شئے ہو حالانکہ اس کی مثل کوئی شئے نہیں۔

مولانا روم قدس سرہٗ مثنوی شریف میں فرماتے ہیں: ؎

لم یلد ولم یولد است او زقدم　　نے پدر دارد نہ فرزند و نہ عم

ترجمہ: وہ قدیم سے لم یلد ولم یولد ہے نہ اس کا باپ ہے نہ بیٹا نہ چچا۔

بَلْ لَّهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ربط: ان کے قول مذکور کی تردید اور ان کے قول کے فساد کا بیان ہے۔کیونکہ قاعدہ ہے کہ باطل لوگوں کے قول سے اعراض کرنا بھی ان کے قول کی تردید ہے اور وسیط میں ہے:

بَلْ اَیْ لَیْسَ الْاَمْرُ الخ ۔یعنی جس طرح وہ گمان کرتے ہیں اس طرح نہیں۔اب معنیٰ یہ ہوا کہ آسمان وزمین میں جو کچھ ہے سب کا خالق اللہ تعالیٰ ہے جس میں عزیر وعیسیٰ اور ملائکہ علیہم السلام بھی ہیں۔

خلاصہ: یہ ہوا کہ جو کچھ زمین وآسمان میں ہے اس میں سے اللہ تعالیٰ کی کوئی بھی اولاد نہیں۔

کُلٌّ سب کے سب جو زمین میں ہے ،ذوی العقول یا غیر ذوی العقول لَهٗ اللہ تعالیٰ کے لئے قَانِتُوْنَ فرماں بردار ہیں۔اس کی مشیت وتکوین سے کوئی شئے ممتنع نہیں اور ہر وہ شئے کہ جس کی یہی شان ہو کہ وہ ایک

marfat.ocm
Marfat.com

مخلوق ہوتو وہ اپنے خالق واجب بذاتہٖ کی ہم جنس نہیں ہوا کرتی۔

نتیجہ یہ نکلا کہ اس کے لئے اولاد نہیں۔ کیونکہ بیٹے کا حق ہے کہ وہ اپنے بیٹے کا ہم جنس ہو۔

سوال: پہلے ان تمام کو غیر ذوی العقول سے تعبیر فرمایا اور اب انہیں قَانِتُوْنَ فرما کر ذوی العقول سے تعبیر کیا جارہا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: ان عقلمندوں کی تحقیر مطلوب ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد ثابت کررہے ہیں۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا۔

حل لغات: بَدِيْعُ بمعنی مُبْدَع" اور مُبْدَع" اسے کہتے ہیں جو کسی شئے کو اس طرز میں پیدا کرے جس کی پہلے کوئی مثال نہ ملے اور اِبْدَاع "بمعنیٰ اِخْتِرَاعُ الشَّیْءِ الخ یعنی کسی شئے سے دفعۃً پیدا کرنا۔ یعنی نہ ان کا پہلے کوئی مادہ موجود ہو نہ اس کے پیدا کرنے میں کوئی مدت گزرے اور بدعتی کو بھی مُبْدِع" اس لیے کہتے ہیں کہ جس طرح بدعت ہے اس کی نظیر ارباب شرع میں نہیں ملتی یا آیت کا یہ معنیٰ ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ پہلے معنیٰ کے اعتبار سے اَبْدَعَ سے ماخوذ ہوگا اور اضافت معنوی ہوگی۔ دوسرے معنیٰ کے اعتبار سے بَدَعَ سے ماخوذ ہوگا۔ جبکہ کسی شکل میں فوقیت اور دل لبھانے والا حسن ہو۔ اب اضافت لفظیہ ہوگی یہ ان کے برے قول کی دوسری تردید ہے جس کی تقریر یہ ہے کہ والد ولد کا عنصر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ ولد اس کے مادہ سے اثر گیر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تو علی الاطلاق مخلوق کو پیدا کرنے والا ہے۔ اثر لینے دینے سے پاک ہے۔ نتیجہ نکلا کہ وہ کسی کا والد نہیں۔ علاوہ ازیں جب وہ آسمان وزمین کو بغیر کسی مادہ کے پیدا کرنے پر قادر ہے تو وہ صرف عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کرنے پر کیوں نہ قادر ہوگا۔

وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا جب کسی شئے کے متعلق ارادہ کرتا ہے۔

حل لغات: قَضَاء" بمعنیٰ احکام، یعنی کسی شئے کو کسی شئے کے سہارے کے بغیر مضبوط کرنا۔

جب وہ ہر شئے پر قادر ہے تو پھر عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کرنے پر کیوں قادر نہیں۔

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ بیشک اللہ تعالیٰ جس شئے کو فرماتا ہے "ہوجا" تو وہ ہوجاتی ہے۔ جس میں کسی قسم کا توقف نہیں ہوتا اور نہ ہی انکار ہوتا ہے۔ یہ دونوں کَانَ تامہ ہیں بمعنیٰ اَحْدَثَ فَيُحْدِثُ یعنی فرماتا ہے ہوجا

marfat.ocm
Marfat.com

تو وہ ہو جاتی ہے۔

عقیدہ : اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ اشیاء کے وجود کا تعلق کُنْ سے متعلق ہے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق وایجاد اور تکوین سے متعلق ہے۔ یہ ازلی صفت ہے۔ کُنْ کا مطلب ہے کہ صرف اتنا کہنے سے اللہ تعالیٰ اشیاء کو پیدا کرتا ہے جس میں کسی قسم کی تاخیر نہیں یہ اس کی کمال قدرت کی علامت ہے۔

یہ کسی کے علم میں نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا اشیاء سے تعلق کس طرح ہے اس کی بحث نہیں چھیڑنی چاہیے اور نہ ہی خالق کی کیفیت سے بحث کرنی چاہیے اور نہ ہی بعد از موت کے عذاب سے بحث کرنی چاہیے۔ اسی طرح کے اور بہت سے مسائل ہیں۔ کیونکہ یہ دقیق اسرار ہیں۔

مسئلہ : وہ لوگ دو باتوں سے گمراہ ہوئے:

☆.....اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد ثابت کرنے سے۔ ☆.....یہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے لیے اولاد منتخب فرماتا ہے۔

حدیث قدسی: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''بنو آدم میری تکذیب کرتے ہیں (یعنی مجھے کذب کی طرف منسوب کرتے ہیں، حالانکہ یہ بات اس کے شایانِ شان نہیں) اور پھر مجھے گالیاں دیتے ہیں (یہ بھی اسے لائق نہیں تھا) میری تکذیب تو یوں کرتے ہیں کہ ان کا گمان ہے کہ میں انہیں مرنے کے بعد اٹھانے پر قادر نہیں، اور ان کی گالیاں یوں ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے حالانکہ میں اس بات سے منزہ ہوں کہ اولاد وازواج اپنے لیے بناؤں'' یہ گالیاں اس لیے کہ ولد بمعنیٰ جز کا کُل سے نکالنا اور یہ ترکیب کو چاہتا ہے اور ہر مرکب محتاج ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ ترکیب سے پاک ہے۔

سوال: جس طرح اس کے لئے اولاد کی نسبت کرنا گالیاں ہیں اسی طرح اس کے لئے مرنے کے بعد لوٹانے کی قدرت سے انکار بھی گالیاں ہیں۔ کیونکہ کسی شئے پر قادر نہ ہونا عجز کی علامت ہے اور اس کے لئے عجز کی نسبت کرنا بھی گالیاں ہیں۔ پھر ایک کو گالیوں سے اور دوسرے کو تکذیب سے تعبیر کیا جاتا ہے، کیوں؟

جواب : قیامت میں دوبارہ لوٹانے کی نفی سے اس کی صفتِ کمال کی نفی ہوتی ہے اور اس کے لئے اولاد کی نسبت ایک صفت نقصان ثابت کرنا ہے۔ پھر یہ قاعدہ ہے کہ شتم تکذیب سے زیادہ فحش ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے جھوٹ کی نسبت نبی علیہ السلام پر جھوٹ کی نسبت سے زیادہ بُرا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف: میں ہے کہ مجھ پر جھوٹ کی نسبت عام آدمیوں کی طرح نہیں۔
یعنی مجھ پر جھوٹ کی نسبت بہت بڑا گناہ ہے۔اس سے اللہ تعالیٰ کی ذات مستثنیٰ ہے کیونکہ حضور علیہ السلام پر جھوٹ باندھنے سے قواعدِ اسلام کو مٹانا اور شریعت واحکام میں فساد ڈالنا ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے یہ بھی ارشاد فرمایا: ''جو شخص میری طرف جھوٹ کی نسبت کرتا ہے وہ جہنمی ہے''

مسئلہ: پہلی شریعت میں اللہ تعالیٰ کو باپ کہہ لینا جائز تھا۔اسی طرح کسی بڑے کو الٰہ کہنا بھی جائز تھا۔یہاں تک کہ یوں بھی کہہ دیتے کہ باپ ربِ اصغر اور اللہ تعالیٰ رب اکبر۔مقصد یہ ہوتا کہ اللہ تعالیٰ بندہ کے پیدا کرنے میں سبب اول ہے اور باپ پرورش کے لحاظ سے سبب آخر ہے۔اسی اعتبار سے باپ بیٹے کا من وجہ معبود ٹھہرا۔ معبود بمعنیٰ مخدوم سمجھا جاتا تھا۔اللہ تعالیٰ کو رب کہنے کے جواز سے جاہلوں نے سمجھ لیا کہ یہ اس کے محبوب بندے طبعی ولادت کے لحاظ سے اس کی اولاد ہیں۔اس کے بعد اندھی تقلید سے بعد والوں نے اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد ثابت کرنی شروع کر دی۔

مسئلہ: چونکہ جاہلوں کو ایک شرعی مسئلہ سے غلط فہمی ہوئی اس لیے اب مصلحتاً اللہ تعالیٰ کو باپ کہنے اور اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کو انبیاء کہنے سے روکا گیا ہے بلکہ اس کے قائل کو کافر قرار دیا گیا ہے۔خواہ اس کی ولادت سے ولادتِ سببیہ مراد ہو یا ولادت طبعیہ۔تاکہ غلط عقیدے کی جڑ سرے سے ہی کاٹ دی جائے۔

مسئلہ: اللہ تعالیٰ کسی کو حبیب یا خلیل بنائے اسے اللہ تعالیٰ کا حبیب یا خلیل کہا جائے تو جائز ہے کیونکہ محبت کے الفاظ سے کسی قسم کی غلط فہمی نہیں پیدا ہو سکتی۔

☆.....ان کی کتاب میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی:

وَلَنْتُكَ وَاَنْتَ نَبِيّ" (میں نے تجھے پیدا فرمایا اور تو میرا نبی ہے)

لیکن یار لوگوں نے ولنتک کی لام کو مخفف کر کے پڑھا اور لام کی شد کو بالکل اڑا دیا تا کہ معنیٰ یہ ہو جائے کہ میں نے تجھے بیٹا بنا دیا (معاذ اللہ) کیونکہ لام مشدد سے تولید مشتق ماننا پڑتا ہے۔جس کا معنیٰ ہے کہ پیدا کرنا۔

☆.....نبی" میں "ی" کو "ن" کی جگہ اور "ن" کو "ا" کی جگہ پر قلب مکانی کر کے پڑھا، جس کا نبی کی

Marfat.com

بجائے بُنیّ (میرا بیٹا) کا معنیٰ بن جائے۔(تعالی اللّٰہ عما یقول الظالمون)

☆.....ایک وحی یوں تھی، اللہ تعالیٰ نے انہیں خطاب فرمایا: یَا اَحْبَارِیْ وَیَا اَبْنَاءَ رُسُلِی (اے میرے علماء اور میرے رسولوں کی اولاد) انہوں نے احباری کے بجائے **احبائی** اور اَبْناء رُسلی کی بجائے یا ابنائی پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے انکار فرمایا۔ کما قال : وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ (یہود و نصاریٰ نے کہا ہم اللہ تعالیٰ کے بیٹے اور اس کے محب ہیں) پھر فرمایا : قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ (ان سے پوچھیے اگر ایسی بات ہے تو پھر اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کی وجہ سے تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے، بلکہ تم بشری مخلوق ہو)

خلاصہ تفسیر: اللہ تعالیٰ حدود و جہات سے منزّہ ہے اور ازواج بنین و بنات سے پاک ہے نہ اس کی کوئی مثل ہے زمین میں نہ آسمان میں۔

سبق: مومن پر لازم ہے کہ وہ ٹیڑھا پن اور گمراہی اور بُرے اعمال اور گندے اقوال سے بچتا رہے اور ہر صبح و شام توحید کا پابند رہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے اندر شرکِ خفی کو بھی نہ گھسنے دے۔

حدیث شریف: اگر امیر کو معلوم ہو جائے کہ ذکرِ الٰہی میں کیا فائدے ہیں تو امیری کو اور تاجر اپنی تجارت کو ختم کر دے۔ اسے صرف اس کی ایک بار تسبیح (سبحان اللّٰہ) کہنے کے ثواب کو تقسیم کیا جائے تو اس دنیا کو دس دنیا بنایا جائے تو اس کی تسبیح کا ثواب ہر ایک کو پہنچے گا۔

حدیث شریف: مومن کے تین مضبوط قلعے ہیں:

☆.....ذکر اللہ ☆.....قرأۃ القرآن ☆.....مسجد شریف

ف: مسجد سے اس کی نماز پڑھنے کی جگہ مراد ہے خواہ اس کے گھر میں ہو یا باہر۔ لیکن عبادت میں صدق اور اخلاص ضروری ہے۔ یہاں تک کہ اس کی عبادت کی جھلک مَلک و ملکوت میں نمایاں ہو۔

حضرت مولانا روم قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

ہست تسبیحت بخار آب و گل　　مُرغ جنت شد ز نفخ صدقِ دل

ترجمہ: تیری تسبیح آب و گل کا بخار ہے صدق دل کا پھونکا بہشت میں مرغ بنے گا۔ (یعنی بہترین کمانے)

Marfat.com

اے اللہ! ہمیں یقین کے درجہ تک پہنچا اور ہمارے لیے تمکین کے مقامات میں سے کوئی مقام تیار فرما۔ آمین۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ مشرکین عرب (جو حقیقۃً جاہل ہیں) ایک اہل کتاب (جو عمداً جاہل بننے والے ہیں) کہتے ہیں ان سے علم کی نفی عدمِ انتفاع کی وجہ سے ہے کیونکہ علم سے مقصود عمل ہوتا ہے۔

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ ترکیب: لَوْلَا تخصیص کے لئے ہوتا ہے اور تخصیص کے حروف جب ماضی پر داخل ہوتے ہیں تو اس وقت توبیخ اور کسی فعل سے روکنا ای لم یفعل اور مضارع میں فاعل کو فعل کی طلب پر ابھارنا مقصود ہوتا ہے اور نیز فعل پر ابھارنا بھی بمعنی امر کے ہوتا ہے۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ بالمشافہ گفتگو کیوں نہیں فرماتا۔ تاکہ ہمیں معلوم ہو کہ واقعی اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں جیسا کہ ملائکہ کے ساتھ بلاواسطہ کلام کرتا ہے۔ یا ہمارے ہاں فرشتہ کیوں نہیں بھیجتا تاکہ اس فرشتہ کے واسطہ سے ہمارے ساتھ کلام فرمائے کہ واقعہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ جیسا کہ سابقہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ اسی طریقہ سے کلام فرمایا۔ یہ قول جہلاء بطور تکبر کرتے تھے اور ان کا خیال تھا کہ ہم بھی ملائکہ وانبیاء علیہم السلام کی طرح معظم بالشان ہیں۔ جب ہم ان کی طرح ہیں تو یہ کلام کا اختصاص ان کے ساتھ کیسا۔

اَوْ تخییر کے لئے ہے۔ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ یا ہمارے پاس کوئی ایسی حجت آئے جو آپ کی صداقت پر دلالت کرے۔ یہ بھی ہٹ دھرمی تھی ورنہ یہ قرآن اور دیگر معجزات کیا معمولی دلائل ہیں۔

ف: جحود انکار مع علم کو کہتے ہیں۔ بڑے تعجب کی بات یہ ہے کہ یہ نفس (جو حقیر ترین ہے) کو اشرف سمجھ کر ان آیات بینات کی اہانت کر رہے تھے جو سب سے عظیم الشان تھیں كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ سابقہ امتیں بھی یونہی کہا کرتیں۔ چنانچہ یہود نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا: اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً اور لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ اور نصاریٰ کہتے تھے: هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ وغیرہ وغیرہ۔

ف: كَذٰلِكَ قَالَ پھر مِثْلَ قَوْلِهِمْ میں دو تشبیہیں ہیں۔

☆.....تشبیه المقول بالمقول مؤدیٰ وماحصل میں۔

☆.....تشبیه القول بالقول لغیر رؤیة میں۔

marfat.com
Marfat.com

غرض پر)اور كَذٰلِكَ منصوب المحل اور قَالَ کا مفعول ہے مِثْلَ قَوْلِهِمْ اور مفعول مطلق ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی:قال الكفار الامم الماضيه۔

یعنی گزشتہ امتوں کے کفار بھی انکی طرح کہا کرتے تھے جس طرح یہ کہتے ہیں۔اس سے معلوم ہوا کہ ایک تشبیہ دوسری تشبیہ سے بے پرواہ نہیں کرتی۔

تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ان کے اور گزشتہ لوگوں کے قول سے وجہ تشبیہ کی وجہ تعلیل بیان کرنے میں ان کے ولد آپس میں ایک دوسرے کے مشابہ ہیں کیونکہ زبان دل کی ترجمان ہے دل میں اگر کفر وقسوۃ اور اندھا پن، بے وقوفی اور عناد گھر کر جائے تو زبان سے بھی تعلل اور تباعدعن الایمان کا پتا چلتا ہے۔جیسا کہ کہا گیا ہے:

مرد پنہاں بود بزیر زبان　　چوں بگوید سخن بداننش
خوب گوید لبیب گویندش　　زشت گوید سفیہ خوانندش

ترجمہ:

☆.....انسان زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے جب بولتا ہے تب معلوم ہوتا ہے۔ ☆.....خوب بولے تو اسے دانا سمجھتے ہیں غلط بولے تو اسے بیوقوف کہا جاتا ہے۔

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ انہیں ہم نے حجت بیان کردی کہ ان کو اب یقین ہے کہ واقعی ان کا کوئی معبود ہے۔جیسا کہ اہلِ عرب کہتے ہیں:سبحان من صغر اليعوص الخ ۔(وہ ذات پاک ہے جس نے مچھر کو چھوٹا کر کے اور ہاتھی کو بڑا کر کے پیدا کیا)اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ چیزیں پہلے حجت نہ تھیں اب حجت ہو گئیں بلکہ ہمیشہ حجت ہیں۔

لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ان لوگوں کے لئے جو یقین کے طالب ہیں،طلب کرتے ہیں۔

ف: یقین علم سے ابلغ اور مؤکد ہوتا ہے اور ایسا جازم ہوتا ہے کہ اس میں شک کا احتمال نہیں ہوتا اور ایسا ثابت ہوتا ہے کہ شک ڈالنے سے زائل نہیں ہوتا اور وہ واقع کے بھی مطابق ہوتا ہے۔پس ایقان کا طلب الیقین مجازی معنیٰ ہے۔جیسا کہ مسبب بول کر سبب کا ارادہ کیا جاتا ہے۔طالبانِ یقین کے لئے دلائل قائم کرنا کوئی بڑی بات نہیں تا کہ اسی یقین کو ان دلائل سے حاصل کریں۔البتہ اسے مجاز پر محمول کیا جائے تو بہتر ہے کیونکہ معنیٰ مذکور کے یقین کرنے والا دلائل کے قائم کرنے اور آیات کے بیان کرنے کا محتاج نہیں ہے۔اس معنیٰ پر اسے تحصیل

marfat.ocm
Marfat.com

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ ہم نے آپ بھیجا دریں حال کہ آپ بِالْحَقِّ حق سے مؤید ہیں۔اس سے حجت آیات مراد ہے۔ان کو حق سے موسوم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ اشیاء حق کی طرف لے جانے والی ہیں۔ بَشِيْرًا دریں حال کہ آپ اس شخص کو جو آپ پر ایمان لائے اسے ان چیزوں کی خوشخبری سنائیں کہ جنہیں نہ آنکھ نے دیکھا نہ کان نے سنا اور نہ ہی کسی کے وہم میں ہوں۔

وَّنَذِيْرًا اسے ڈر سنائیں جو آپ کے ساتھ کفر اور آپ کی نافرمانی کرے۔معنیٰ یہ ہے کہ آپ کی شان یہ ہے کہ آپ دلائل و معجزات سے انہیں دعویٰ رسالت کے صدق کے اظہار کے بعد آپ پر ضروری نہیں کہ آپ انہیں ایمان اور احکام قبول کرنے پر مجبور کریں صرف آپ انہیں خوشخبری اور ڈر سنا کر دعوتِ حق دیجئے۔ان کے کفر وعناد پر اصرار کرنے سے آپ کا کوئی نقصان نہیں۔کیونکہ احوال ذی الحال کے اوصاف ہوتے ہیں اور اوصاف موصوف سے مقید ہوتے ہیں۔

وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ جو ایمان نہیں لاتے،ان کے متعلق آپ سے سوال نہیں ہوگا کیونکہ ان کا انجام جہنم ہے۔

ف: جحیم: ایک سخت گرم مکان کا نام ہے۔ایک قرأت میں بفتح التاء ہے اور لام کی جزنہی کے لئے ہے یہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابوین کی دعائے خیر سے روکا جارہا ہے۔جیسا کہ روایت میں آیا ہے کہ کاش میرے والدین سے وہ نہ ہوتا جو ان سے ہوا۔نبی علیہ السلام کے والد مومن تھے۔

عقیدہ: اسلاف میں اختلاف رہا ہے کہ نبی علیہ السلام کے والدین کافر ہو کر مرے یا مسلمان ہو کر۔ دوسرا قول راجح اور صحیح ہے۔دلائل یہ ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب شریف کفر کی گرد غبار سے پاک ہے۔اگرچہ قریش میں بتوں کی پرستش عام تھی لیکن خلیل علیہ السلام کی دعا وَاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ (مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش سے بچا) سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے وہ بتوں کی پرستش کے مرتکب نہیں ہوئے۔دوسری آیت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ہے: وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ شرک سے دور تھے۔تو پہلے قول والے لوگوں کی دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کو جب حکم ہوا کہ آپ مومنوں کو خوشخبری اور کافروں کو ڈر سنایئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی سزائیں سنائیں۔اندریں اثناء

marfat.com
Marfat.com

ایک مرد کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! میرے والدین کہاں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنم میں۔ اس سے وہ شخص غمگین ہوا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا: غم نہ کھا اس لیے کہ میرے اور ابراہیم علیہ السلام کے والدین بھی تو جہنم میں ہیں۔ اس پر وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ آیت نازل ہوئی یہ آیت لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ کی طرح ہے۔ یہ قول صاحب تیسیر کا ہے۔

تحقیقی قول: بعض لوگ اس طرف گئے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے والدین ماجدین ناجی ہیں۔ یہی قول امام قرطبی کا ہے (اور یہی صحیح ہے) امام مذکور نے تذکرہ میں لکھا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ہمارے ساتھ حجۃ الوداع کے موقع پر مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو آپ قصبۃ الحجون سے گزرے تو آپ غمگین ہو کر آنسو بہانے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر میری آنکھیں بھی پرنم ہو گئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اونٹنی سے اترے اور فرمایا: اے حمیرا (عائشہ رضی اللہ عنہا) ذرا رکیے۔ میں وہاں ٹھہر گئی۔ آپ تادیر وہاں ٹھہرے رہے۔ آخر آپ تبسم فرماتے ہوئے واپس تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا: آپ پر میرے ماں باپ قربان، آپ یہاں پہلے غمگین ہوئے، گریہ فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر میرے بھی آنسو بہ نکلے۔ لیکن جب آپ لوٹے ہیں تو مسرور و متبسم، آخر اس کا سبب کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کو دیکھا تو رو دیا۔ میں والدہ کی قبر پر گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کی یا اللہ! میری والدہ کو زندہ کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کیا اور انہوں نے میرا کلمہ پڑھا۔

ف: مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر اللہ تعالیٰ نے آپ کے والد، والدہ، چچا ابو طالب اور دادا عبدالمطلب کو زندہ کیا اور انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھا۔

حضرت حافظ شمس الدین دمشقی علیہ الرحمہ نے فرمایا:

حبا اللّٰہ النبی مزید فضل ۔۔۔ علی فضل وکان بہ رؤفا

فاحیا امہ وکذا ابا ۔۔۔ لایمان بہ فضلا لطیفا

فسلم فالقدیم بہ قدیر ۔۔۔ وان کان الحدیث بہ ضعیفا

marfat.ocm
Marfat.com

ترجمہ : ☆..... اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بڑا فضل کیا اور وہ ان کے لئے بڑا رحیم ہے۔ ☆..... ان کی خاطر ان کی والدہ اسی طرح والد کو زندہ کیا تا کہ آپ پر ایمان لائیں یہ بہت بڑا فضل ہے۔ ☆..... مان لینا چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ اس امر پر قادر ہے۔ اگر چہ یہ مسئلہ حدیث ضعیف سے ثابت ہے۔

مسئلہ : الاشباہ والنظائر میں ہے کہ جو بھی کفر پر مرے اس پر لعنت بھیجنا جائز ہے مگر حضور علیہ السلام کے والدین پر لعنت نہ کی جائے کیونکہ ان کا زندہ ہو کر اسلام لانا (حدیث سے) ثابت ہے۔ (کذا فی مناقب الکردی)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کا ایمان لانا:۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے والدین کی قبروں پر بہت گریہ فرمایا۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر خشک درخت کھڑا کر دیا اور فرمایا: اگر یہ درخت سبز ہو گیا تو ان کے ایمان کی نشانی ہے اور اگر خشک رہا تو ان کے کفر کی علامت ہے۔ خدا کی شان وہ درخت سبز ہو گیا۔ وہ دونوں حضرات قبر سے باہر نکلے۔ یہ حضور علیہ السلام کی دعا مبارک کا نتیجہ تھا۔ وہ زندہ ہوتے ہی حضور علیہ السلام پر ایمان لا کر اپنی قبروں میں واپس چلے گئے۔

ف: حضرت شیخ شہیر بافقادہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں یہی قول صحیح ہے کیونکہ آپ کے والد ماجد کا نام عبداللہ تھا اور لفظ اللہ کسی بت کا نام نہیں تھا کیونکہ کہ لفظ اللہ تعالیٰ کے مخصوص علم میں سے ہے۔ جاہلیت میں ان بتوں کے نام لات وعزیٰ وغیرہ تھے۔

ف: ان حضرات کا زندہ ہونا نہ عقلاً ممتنع ہے نہ شرعاً۔ کیونکہ قرآن شریف میں بنی اسرائیل کے مقتول کا زندہ ہو کر اپنے قاتل کا نام بتانا ثابت ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کیا کرتے تھے۔ اسی طرح ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مردے زندہ فرمائے۔ جب یہ ثابت ہے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے زندہ ہو کر اسلام لانے پر کون سا اشکال ہے۔ بلکہ یہ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مزید لطف وکرم کی دلیل ہے۔

سوال: حدیث شریف میں ہے کہ حضور علیہ السلام ایک روز اپنی والدہ ماجدہ کی قبر پر تشریف لے گئے خود بھی خوب روئے اور ساتھ والوں کو بھی رلایا۔ پھر فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کے استغفار کی اجازت

marfat.com
Marfat.com

چاہی تو مجھے روکا گیا، پھر میں نے ان کی قبر کی زیارت کی اجازت چاہی تو قبر کی زیارت کی اجازت مل گئی۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبور کی زیارت کیا کرو وہ موت یاد دلاتی ہے۔

جواب: یہ حدیث مذکورہ احادیث سے پہلے یعنی حجۃ الوداع کے موقعہ کی ہے اور آپ ہر گھڑی بڑے درجات کو پہنچتے رہے یہاں تک کہ وصال شریف تک بڑے درجات آپ نے طے فرمائے۔ ممکن ہے یہ درجہ بھی اسی اثناء میں حاصل ہوا ہو۔

سوال: جب کافر کا ایمان موت کے معائنہ کے وقت غیر قابلِ قبول ہے پھر مرنے کے بعد ایمان لانا کیسا قبول ہوسکتا ہے۔؟

جواب: معائنہ موت کا ایمان خوف کی وجہ سے ہوتا ہے اسی وجہ سے نہ قابلِ قبول ہے البتہ موت کے بعد زندہ ہونے میں خوف کا ہے کا۔ چنانچہ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ آیتِ قرآنی سے بھی ثبوت ملتا ہے۔

اصحابِ کہف کا بیان:۔

حدیث شریف: اصحاب کہف علیہم الرحمہ آخر زمانے میں اپنی قبور سے اٹھائے جائیں گے اور وہ حج پڑھیں گے اور وہ اسی امت میں شمار ہوں گے۔ یہ ان کی شرافت و کرامت سے ہوگا۔

دوسری مرفوع حدیث میں ہے کہ حضرت امام مہدی علی نبینا وعلیہم السلام کے مددگاروں میں سے یہی اصحاب کہف ہوں گے اور جو کچھ اصحاب کہف اس زندگی میں عمل کریں گے انکے اعمال نامے میں لکھا جائے گا اور یہ کوئی نئی بات بھی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نبی علیہ السلام کے والدین کی تقدیر میں یہ لکھا ہو کہ ان کی عمر اتنی ہوگی لیکن وقت سے پہلے انہیں موت دی جائے گی پھر ان کی بقایا عمر اسی لحظہ میں شمار ہوگی جس میں وہ زندہ ہو کر نبی علیہ السلام پر ایمان لائے اور ان کا ایمان لانا اصحاب کہف کے اعمال کی طرح ان کے لئے اعمال نامے میں شمار ہو۔ یہ فاصلہ جوان کے مرنے اور پھر اٹھنے تک کا ہے صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و کرامت کے لئے ہو تو کچھ بعید نہیں جیسے اصحاب کہف کو اس مدت کے لئے مؤخر کر کے زندہ کیا گیا صرف ان کی شرافت و کرامت کے پیش نظر ہے تا کہ وہ حضور علیہ السلام کے امتی ہونے کے شرف سے مشرف ہوں۔

خاتم الحفاظ العلامہ شیخ [illegible] کے متعلق توقف کا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

چنانچہ مقاصدِ حسنہ میں حضرت حافظ شمس الدین دمشقی علیہ الرحمہ کا شعر مذکور نقل کر کے فرمایا کہ اس مسئلہ پر میں نے ایک مستقل رسالہ لکھا ہے۔ لیکن میرا مسلک اس میں یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے ایمان وکفر کے متعلق توقف بہتر ہے۔

ف: حضرت قاضی ابوبکر ابن العربی علیہ الرحمہ مالک مسلک کے امام ہیں سے سوال ہوا کہ آپ اس شخص کے متعلق کیا فرماتے ہیں جو حضور علیہ السلام کے آباؤ اجداد کے متعلق کہتا ہے کہ وہ جہنمی ہیں؟ آپ نے فرمایا: ایسا شخص ملعون ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ (بیشک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دیتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا وآخرت میں ملعون بنایا ہے) اور حدیث شریف میں ہے: **لا تـوذوا الاحيـاء بسبب الاموات** (زندہ لوگوں کو ان کے مردوں کی وجہ سے ایذا نہ دو)

ف: حضرت امام رستغنی علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا کہ ایسے شخص کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں جو کہتا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی تو آپ کا سارا جسم سیاہ ہو گیا۔ پھر جب آپ زمین پر اترے تو اس کے بعد آپ کو نماز اور روزے کا حکم ہوا۔ آپ نے نماز اور روزہ ادا فرمایا پھر آپ کا جسم سفید ہو گیا۔ کیا اس کا یہ قول صحیح ہے؟

آپ نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے حق میں ایسے قول نہ کہے جائیں کہ جن میں ان کا عیب کا نقص ظاہر ہوتا ہو۔ ہم ان کے متعلق خاموشی پر مامور ہیں کیونکہ ان کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بلند ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ "جب میرے صحابہ کا ذکر تمہارے سامنے نقص وعیب کے ساتھ آئے تو تم خاموش رہو" جب ہمیں حضور علیہ السلام کے صحابہ کے متعلق کفِ لسان کا حکم ہے تو پھر انبیاء علیہم السلام کے متعلق بطریق اولیٰ ہے کہ خاموشی سے کام لیں۔

مسئلہ: مسلمان پر لازم ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے متعلق جو امور خلل اور عیب پر دلالت کریں ان پر زبان درازی نہ کرے۔ کیونکہ یہ مسائل ایسے اعتقادیات سے نہیں کہ جن سے کوئی فائدہ ہو، زبان کے

marfat.ocm
Marfat.com

حقوق میں سے ایک یہ ہے کہ جس میں نقص وعیب کی بات ہو زبان کو بند رکھا جائے۔ خصوصاً ایسی باتیں جن کا عوام میں پھیلنے سے ایسا خطرہ ہو کہ پھر ان کا سنبھلنا مشکل ہو جائے۔ یہ وہ بیان شافی ہے جو میں نے مختلف کتابوں سے چُن کر عرض کر دیا ہے اور ہر مسئلے کی نظیر بھی پیش کر دی ہے۔ (الحمد للّٰہ تعالیٰ وحدہٗ)

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ اس میں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کو یہودیوں کے اسلام کے داخلہ میں طمع کرنے سے روکا ہے۔ کیونکہ انہوں نے حضور علیہ السلام کو ان کی ملت سے راضی ہونے پر معلق کیا ہے کہ ہم اس شرط پر ایمان لائیں گے اور یہ ایسی شرط ہے کہ بالکل ناممکن بلکہ اس کا وجود بھی ممتنع ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جب وہ آپ سے راضی نہیں پھر آپ کی ملت کی اتباع کیسے کر سکتے ہیں۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ آپ سے یہود راضی نہیں ہوں گے جب تک آپ یہودی نہ ہوں اور ان کے قبلہ (جو کہ مغرب ہے) کی طرف منہ کر کے نماز ادا نہ کریں۔ اسی طرح نصاریٰ بھی آپ سے راضی نہ ہوں گے جب تک کہ آپ نصرانی نہ ہوں اور ان کے قبلہ یعنی مشرق کی طرف منہ کر کے نماز ادا نہ کریں۔

سوال: ملۃ کو واحد کر کے کیوں استعمال کیا گیا ہے؟

جواب: کفر ملت ایک شئے ہے یہ ان کے قول کی حکایت ہے کیونکہ وہ کہتے تھے کہ ہم آپ سے راضی نہیں ہوں گے جب تک آپ ہماری ملت کی فرمانبرداری نہ کریں اور مدعی تھے کہ صرف ان کی ملت میں ہدایت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: قُلْ ان کی تردید بطریق قلب کے ہے۔ یعنی اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم! انہیں فرمایئے! اِنَّ هُدَى اللّٰهِ یقیناً صرف اسلام ہی هُوَ الْهُدٰى سیدھے راستے کی طرف لے جانے والا ہے۔ نہ وہ جس کی طرف تم بلا رہے ہو۔ اس لیے کہ وہ ملت زائغہ (ٹیڑھی) اور نری خواہشِ نفسانی ہے۔ جیسے کہ یہ قول اشارہ کرتا ہے: وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ یعنی ان کی ملت زائغہ جو ان کی خواہشاتِ نفسانیہ سے صادر ہونے والے ہیں جنہیں پہلے ان کی ملت فرمایا جس کی طرف وہ خوش ہو کر چلتے ہیں درحقیقت وہ راہ جو اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کی زبانِ قدس کے ذریعہ سے بیان فرماتا ہے یہی ملت ہے جسے انہوں نے بالکل تبدیل کر دیا۔

حل لغات: اَهْوَآءَ ھوی کی جمع ہے۔ وہ شہوات داعیہ جو گمراہی کی طرف بلائے۔ یہ اس نام سے اس لیے

marfat.ocm
Marfat.com

موسوم ہے کہ اپنے صاحب کو دنیا میں برے امر اور آخرت میں دوزخ ھاویہ کی طرف کھینچ لے جانے والی ہے

سوال: اَهْوَآءَهُمْ کی بجائے هَوَائَهُمْ کیوں نہ فرمایا؟

جواب: تنبیہ فرمائی کہ ہر ایک کی خواہش اپنی اپنی، اور پھر ہر ایک کی خواہش دوسرے کی خواہش کی غیر تھی اور پھر ہر ایک کی خواہش کی کوئی انتہا نہیں تھی اس لیے خبر دی کہ ان میں سے کوئی بھی راضی نہیں جبکہ ہر ایک کی خواہش کی اتباع نہ کرو گے۔

ف: شروع راہ کو ملت اس لیے کہتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام نے اسے اپنی امت کے لئے ظاہر کر کے لکھا ہے جیسا کہ دین کو دین اس لیے کہتے ہیں کہ جس راہ کا طریقہ مقرر ہے اس کی بندے اطاعت کرتے اور اس کی حکمت کے تابع ہوتے ہیں اور اس کا نام شریعت بھی اس لیے ہے کہ گویا وہ پیاسوں کی جائے ورود ہے۔ جو اپنے ثواب اور رحمت کے شفاف پانی کے لئے حاضر ہوتے ہیں اور وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ میں خطاب حضور علیہ السلام کو ہے۔

سوال: ادھر تو اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے کہ انبیاء علیہم السلام معصوم ہیں اور جانتا ہے کہ یہ حضرات نافرمانی کرنے والے نہیں۔ نہ اس کے حکم کے خلاف ورزی کرتے ہیں نہ ہی نہی کا ان سے ارتکاب ہو سکتا ہے۔ بلکہ ان کا معصوم ہونا واجب ہے اس تقریر کے مطابق وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ کا خطاب امت کو ہو نہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

جواب: کسی کو کسی کے عمل کا مکلف بنانے اور اس کو کسی فعل سے ڈرانے کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ذات میں ایسے قوی آلات موجود ہوں کہ جن پر تکلیف و تعذیر کا توقف ہے۔ چونکہ وہ باتیں ان میں محتملاً یا متصوراً پائی جاتی ہیں اسی لیے ان کو خطاب کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

خلاصہ: یہ کہ انبیاء علیہم السلام کا معصوم ہونا اور پھر اللہ تعالیٰ کا ان کو حکم دینے میں منافات نہیں کیونکہ ان باتوں میں امکان ذاتی تو ہے اور ایسی بات تکلیف و تعذیر کے لئے شرط ہے۔

بَعْدَ الَّذِیْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ بعد ازاں آپ کے پاس قرآن کا علم ہے۔ یہ جملہ جَآءَكَ کی ضمیر سے حال ہے۔

مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ سے آپ کا کوئی مِنْ قَلَّتْ دوست نہیں ہوگا جو آپ کو نفع پہنچائے۔ وَلِیّ ولی سے مشتق

marfat.ocm
Marfat.com

ہے۔ بمعنی قرب۔

وَلَانَصِيْرٍ اور نہ آپ کا کوئی مددگار ہوگا جو آپ سے عذاب کو دفع کر سکے۔ وَلِيٍّ اور نَصِيْرٍ کے مابین عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہے۔ کیونکہ ولی مدد کرنے سے کمزور پڑ جاتا ہے اور نصیر کبھی غیر واقف ہونے کے باوجود مدد کرتا ہے۔ گویا کہ وہ مدد کیے جانے والے کا بہت قریبی ہے اسی لیے ان کو ایک جگہ جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ مِنْ وَلِيٍّ محلا مرفوع مبتدا اور مَالَكَ اس کی خبر مقدم ہے اور مِنْ اتصال کے لیے ہے اور مِنَ اللّٰهِ منصوب المحل ہے اس لیے حال ہے کہ یہ صفت تو نہیں بن سکتا اس لیے کہ مِنْ وَلِيٍّ سے مقدم ہے اور صفت اپنے موصوف سے مقدم نہیں ہو سکتی۔ اس لیے اس کا صفت بننا ممتنع ہوا۔ جیسے لعزة موحشا طلل قديم. اس میں موحشا کو حال تو بنایا جا سکتا ہے لیکن صفت نہیں بن سکتا۔

ربط : جب ان لوگوں کا بیان ہوا جو حضور علیہ السلام کی نبوت سے تکبر اور حبِّ ریاست کو ترک کر کے اقرار کیا اور اس میں ان کا صرف رضائے الٰہی اور ثوابِ آخرت مقصود ہے اور خطوطِ نفسانیہ فنا کر کے آخرت کی نعمتوں کے طلب گار ہوئے تو اب ان کا ذکر فرمایا۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی اس سے حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے ساتھی مراد نہیں یہ لوگ یہودی تھے لیکن دولتِ اسلام سے نوازے گئے۔

سوال : کتاب صرف ان کو تو نہیں دی گئی تھی بلکہ جنہوں نے نبی علیہ السلام کی نبوت کا انکار کر دیا تھا ان کے پاس بھی تو کتاب تھی پھر ان کی تخصیص کیسی؟

جواب : چونکہ انہوں نے اس کی کتاب پر عمل کیا تو گویا صرف کتاب انہیں ہی ملی جنہوں نے عمل بھی نہ کیا ان کو ملنا نہ ملنا برابر ہے۔ (کتاب سے مراد تورات ہے)

يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اس کتاب کا حق ادا کر کے پڑھتے ہیں۔ یہ جملہ منکرین نبوت کے مقابلہ میں ہے کہ وہ کتاب کی تحریف وترمیم کرتے ہیں۔

ف: معانی والفاظ کے لحاظ سے ان میں بڑی عجیب مناسبت ہے کہ وہ لوگ اپنی کتاب کی تحریف کرتے ہیں اور یہ اس پر عمل اور (جو کچھ اس کے اندر ہے) اس پر تدبر کرتے ہیں۔ یہ جملہ اٰتَيْنٰهُمُ کی منصوب ضمیر سے یا الْكِتٰبَ

marfat.ocm
Marfat.com

سے حال مقدر ہے اس لئے کہ کتاب کے بھیجنے کے وقت یہ لوگ تلاوت کرنے والے نہیں تھے اور حَقَّ تِلَاوَتِهٖ صفت ہے اور اس کا موصوف مصدر محذوف ہے۔ دراصل عبارت یوں تھی: یتلونه تلاوة حق تلاوته مولانا کوائشی مرحوم فرماتے ہیں کہ: حَقَّ تِلَاوَتِهٖ کا منصوب ہونا مفعول مطلق کے لحاظ سے ہے۔ اب عبارت یوں ہوگی تِلَاوَةَ حَقاً۔

اس لیے قاعدہ نحو یہ ہے کہ مصدر کی صفت کو اس پر مقدم کر کے مضاف کیا جائے تو اس کا منصوب ہونا مفعول مطلب کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ جیسے ضَرَبْتَ اَشَدَّ الضَّرْب. اشد کا منصوب ہونا مفعول مطلب کے لحاظ سے ہے۔

اُولٰٓئِكَ وہ لوگ جن کو کتاب دی گئی ہے اور وہ اس کی تلاوت کا حق ادا کرتے ہیں۔ یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ہے۔ یعنی وہ اپنی کتاب پر ایمان رکھتے ہیں۔ محرفین کی طرح نہیں ہیں کہ ان کو اپنی کتاب پر ایمان نہیں۔ کیونکہ اس فعل کی بناء اپنے مبتدا پر ہے اگر چہ اسم ظاہر حصر کا فائدہ دے رہا ہے جیسے اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ میں ہے۔ جو ان کی کتاب کی تصدیق کرتی ہے۔ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ یہی لوگ خسارہ میں ہیں یعنی وہ ایمان کی بجائے کفر کا ارتکاب کر کے ہلاکت میں گرنے والے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

يٰبَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ

اے اولادِ یعقوب یاد کرو احسان جو میں نے تم پر کیا اور وہ جو میں نے

فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ

اس زمانے کے سب لوگوں پر بڑائی دی تمہیں بڑائی دی۔ اور ڈرو اس دن سے کہ کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ ہوگی

شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

اور نہ اسکو کچھ لے کر چھوڑیں اور نہ کافر کو کوئی سفارش نفع دے اور نہ ان کی مدد ہو۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ

اور جب ابراہیم کو اس کے رب نے کچھ باتوں سے آزمایا تو اس نے وہ پوری کر دکھائیں فرمایا میں تمہیں لوگوں کا پیشوا بنانے

اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۭ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

والا ہوں عرض کی اور میری اولاد سے فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ

اور (یاد کرو) جب ہم نے اس گھر کو لوگوں کے لئے مرجع اور امان بنایا اور

مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ

ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ اور ہم نے تاکید فرمائی ابراہیم و اسمٰعیل کو

طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ

کہ میرا گھر خوب ستھرا کرو طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع و سجود والوں کے لئے۔ اور جب

قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ

عرض کی ابراہیم نے کہ اے میرے رب اس شہر کو امان والا کر دے اور اسکے رہنے والوں کو طرح طرح

marfat.ocm
Marfat.com

مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ

کے پھلوں سے روزی دے جو ان میں سے اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائیں اور فرمایا جو

كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ

کافر ہو تھوڑا برتنے کو اسے بھی دوں گا پھر اسے عذاب دوزخ کی طرف مجبور کردوں گا اور وہ بہت بری

الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ

جگہ ہے پلٹنے کی۔ اور جب اٹھاتا تھا ابراہیم اس گھر کی بنیادیں اور اسمٰعیل

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا

یہ کہتے ہوئے اے رب ہمارے! ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی ہے سنتا جانتا۔ اے رب ہمارے اور کر ہمیں

مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا

تیرے حضور گردن رکھنے والا اور ہماری اولاد میں سے ایک امت تیری فرمانبردار اور ہمیں

مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا

ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع۔ اے رب ہمارے

وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ

اور بھیج ان میں ایک رسول انہیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵

انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمادے بیشک تو ہی غالب حکمت والا۔

تفسیر عالمانہ

یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ اے بنی اسرائیل! میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تمہارے اوپر انعام کیا ہے۔ منجملہ ان انعامات کے تورات بھی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

اور نعمت کا ذکر کرنا شکر سے ہوتا ہے اور اس کے شکر مع جمیع مافیہ کا نام ایمان ہے اور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کرنا بھی ایمان میں شامل ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا بھی ضروریاتِ ایمان میں سے ہے اور ایمان کی ضروریات سے اور یاد کرو۔ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ یعنی میں نے تمہارے ہم عصروں سے تمہیں برگزیدہ کیا۔

وَاتَّقُوْا اگر تم ایمان لاتے تو ڈرو۔ یَوْمًا اس دن کے عذاب سے اور وہ یوم قیامت ہے۔ لَا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا اس کا مادہ جزی عنی هذا الامر یجزی ہے جیسے کہا جاتا ہے: قضی عنی یقضی یہ دونوں ہم وزن اور ہم معنیٰ ہیں۔ یعنی ادا نہیں کرے گا اس دن کوئی نفس عَنْ نَّفْسٍ دوسرے سے شَیْئًا اس کے حقوق سے جو اس پر لازم ہوئے ہیں۔ کوئی شئے یعنی نہیں ادا کرے گا۔ وہ نفس کہ اس پر کوئی شئے نہیں ہے۔ اس حقوق سے جو دوسرے پر لازم ہیں۔ یعنی ایک نفس کو دوسرے کے عوض نہیں پکڑا جائے گا۔ یعنی اس سے کسی تکلیف کو رفع نہیں کر سکے گا۔ ہاں اگر اس پر کوئی حق ہو تو وہ ضرور لیا جائے گا۔ اس کی نیکیوں سے لے کر جو حقوق اس پر لازم ہوں گے اسے دیا جائے گا۔

حدیث شریف: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر کسی بھائی کے حقوق ہوں۔ عزت سے یا کوئی اور حق اس دن سے پہلے پہلے اس وقت تمہارے پاس درہم ہوں گے نہ دنیا۔ اس کی نیکیاں ہوں تو وہ اس سے لیکر اس صاحب کو دی جائے گی۔ اگر اس کے کوئی گناہ ہوں گے اس کے گناہ اسے کو دیئے جائیں گے۔ وَلَا یُقْبَلُ مِنْهَا یعنی نفس اولی سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ عَدْلٌ یعنی فدیہ۔ عَدْلٌ بفتح العین وہ ہے جو کسی شئے کے قیمتاً مماثل ہو اگر چہ اس کی جنس سے نہ ہو اور عدس بالکسری وہ ہے۔

حل لغات: کسی شئے کی جنس اس لیے وزن اور جسم میں مساوی ہو۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ نہ تو اس سے فدیہ لیا جائے گا جو اسے نار سے نجات دلائے اور نہ ہی اس وقت وہ حاصل ہو سکے گا جو اسے دے کر نجات پا سکے اور فدیہ کو عدل سے بھی اسی لیے تعبیر کیا گیا ہے کہ اس سے وہ نجات کا ارادہ رکھتا ہے وہ اس کے مساوی ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے: "فداہ" وہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کوئی شئے دے کر اپنے آپ کو چھڑا لے۔

وَلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ اگر چہ نفس اولی نفس کی شفاعت کرے تو بھی اسے شفاعت نفع نہ دے گی۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَلَاهُمْ يُنْصَرُوْنَ اور نہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے روک سکیں گے۔

دنیاوی چار چیزیں ایسی ہیں جو عذاب سے بچنے کی سبب ہیں:

☆.....طاقتور دوست اور مددگار کہ اپنی طاقت کو استعمال کر کے اسے عذاب سے بچالے۔

☆.....کسی کے حق کے بدلے میں فدیہ دے۔☆.....یا خود ایسی طاقت رکھتا ہو جس سے عذاب سے بچ سکے

☆.....کسی کو کوئی سفارش کر کے چھڑالے۔

اللہ تعالیٰ نے کفار کے لئے ان سب کو غیر مفید بتایا ہے کہ وہاں کفار کے حق میں طاقت استعمال ہو نہ فدیہ اور نہ سفارش۔

شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: ؎

قیامت کہ نیکاں باعلی رسند — زقعر ثریٰ بہ ثریا رسند

تراخود بماند سراز ننگ پیش — کہ گردت برآید علم ہائے خویش

برادر زکارِ بداں شرم دار — کہ دررو ئے نیکاں شوی شرمسار

دراں روز کہ فعل پرسند وقول — اولوالعزم راتن بلرزد زہول

بجائے کہ دہشت خورد انبیاء — توعذر گناہ راچہ داری بیا

ترجمہ:

☆.....قیامت میں کہ لوگ اعلیٰ مراتب پائیں گے تحت الثریٰ سے بلندیوں تک پہنچیں گے۔

☆.....تیرا سر رسوائی سے نیچے ہوگا اور تیرے اردگرد عمل حاضر ہوں گے۔

☆.....اے بھائی! برے کاموں سے شرم کر اس لیے کہ نیکیوں کے سامنے شرمسار ہوگا۔

☆.....قیامت میں فعل وقول کی پرسش ہوگی کہ بڑوں بڑوں کو لرزہ ہوگا۔

☆.....وہاں انبیاء علیہم السلام پر رعب ہوگا تیرے گناہ کا کوئی عذر ہے تو لے آیئے توبہ کر۔

ف: بنی اسرائیل کا قصہ ان دو آیتوں سے شروع فرمایا ہے پہلی آیت میں نعمت کی تذکیر اور دوسری میں اپنے عذاب سے ڈر کا بیان فرمایا ہے اور پھر انہی دو آیتوں پر ان کے قصہ کو ختم فرمایا تا کہ ان کی نصیحت میں مبالغہ ہو اور انہیں معلوم ہو کہ قصہ سنانے کا مقصد صرف یہی ہے نہ کچھ اور۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ : وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ میں اشارہ ہے کہ اہل ہوا اور اہل بدعت (مبتدع) کی صحبت سے کنارہ کشی کی جائے۔ ان کے اقوال وافعال کے اتباع سے کلی احتراز ہو۔

حدیث شریف: حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص کسی قوم کے افعال واقوال کا تابع ہے قیامت میں اس کا حشر انہی سے ہوگا اور انہی کے ساتھ اس کا حساب ہوگا۔ اگرچہ ان کے تمام کردار کا پابند بھی نہ ہو۔

مسئلہ : حدیث شریف میں ہے جو کسی معصیت کے موقعہ پر پہنچا لیکن اسے دلی نفرت ہے تو اسے اس فعل میں شریک نہیں سمجھا جائے گا۔

مسئلہ: کسی فعل میں اگرچہ شرک نہیں لیکن اس فعل پر خوش ہے تو اسے شریکِ کار سمجھنا چاہیے۔

مسئلہ : کسی گناہ کی مجلس میں حاضری کا یہ معنیٰ ہے کہ اتفاق سے وہاں چلا گیا یا کسی ضرورت کے پیش نظر وہاں جانا پڑا یا اتفاقاً اس کے سامنے گناہ کی مجلس قائم ہوئی جس کا دفعیہ اس کے بس میں نہیں تو وہ معذور ہے اور اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا اور عمداً شریکِ مجلس ہونا ممنوع ہے۔ اسلاف کا طریقہ تھا کہ وہ اہل لہو ولعب کی مجالس سے کنارہ کشی فرماتے اور اہل ہوٰی اور اہل بدعت (مبتدع) کی اتباع سے دور بھاگتے تھے۔

حکایت: کسی نے حضرت ابن لمبارک علیہ الرحمہ کو ان کی موت کے بعد خواب میں دیکھا کر پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا کیا؟ آپ نے فرمایا کہ مجھے اپنے سامنے تیس سال کھڑا کر دیا اور سخت زجر وتوبیخ کی، صرف اس وجہ سے کہ ایک دن میں نے گمراہ بدعتی کو نظرِ شفقت سے دیکھا۔ اس سے اندازہ لگائیے کہ ان لوگوں کا جو بے دینوں کے ساتھ نشست وبرخاست رکھتے ہیں۔

مسئلہ : جب کہ مذاہب کا اختلاف اور شر وفساد کا زور ہو تو اس وقت حضور علیہ السلام کی سنت پر عمل کرنا سو شہیدوں کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا: میری امت پر ایک ایسا وقت آئے گا کہ میری سنت پرانی ہو جائے گی لیکن بدعات کا دور دورہ ہوگا۔ جو شخص اس وقت میری سنت پر عمل کرے گا وہ غریب یعنی ان نظروں میں اجنبی سمجھا جائے گا اور وہ ان کی مجلس کے لائق نہ ہوگا فلہٰذا وہ اسے علیحدہ کر دیں گے اور جو بدعات (مبتدعہ) پر عمل

marfat.ocm
Marfat.com

کرے گا اس کے ساتھ پچاس یا اس سے بھی زائد ہو جائیں گے۔

مسئلہ : صحبت کا دوسرے پر بڑا اثر ہوتا ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے:

عدوی البلید الی الجلید سریعة　　والجمر یوضع فی الرماد فیخمد

ترجمہ : بیوقوف کی بیوقوفی دانا پر جلد اثر کرتی ہے، جیسے انگارے کو راکھ میں رکھو وہ بجھ جاتا ہے۔

حضرت حافظ شیرازی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

نخست موعظہ پیر مجلس حرفست　　کہ از مصائب ناجنس احتراز کنید

ترجمہ : بزرگ کا ایک کلمہ بہترین وعظ ہے، وہ یہ کہ ناجنس ساتھی سے کنارہ کرو۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ قرطبی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس کی تفسیر سریانی میں تو وہ ہے جو مذکور ہے اور عربیہ میں سے ہے وہ جو ابن عطیہ فرماتے ہیں کہ بمعنیٰ اب رحیم۔

سہیلی فرماتے ہیں: بہت بار عربی و سریانی میں اتفاق ہو جاتا ہے یا لفظاً متقارب ہو جاتے ہیں جیسے ابراہیم کی تفسیر اب رحیم ہے۔ چونکہ وہ بچوں سے رحمت فرماتے بنابریں اس نام سے موسوم ہوئے اور یہی وجہ ہے کہ جو بچے اہل اسلام کے صغر میں مر جاتے ہیں وہ قیامت تک ان کی کفالت حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی زوجہ محترمہ کے سپرد ہوتی ہے۔

ف: تذکرۃ الموتی میں ہے کہ ان کا نام ابرم تھا۔ پھر اس میں ہا بڑھائی گئی۔ اور ''ہا'' سریانی لغت میں تفخیم و تعظیم کے لئے آتی ہے۔ رَبُّهٗ کی ضمیر ابراہیم علیہ السلام کی طرف لوٹتی ہے اور مفعول لفظاً مقدم ہے۔ اگرچہ رتبۃً مؤخر ہے اور تقدیم محض اہتمام کی وجہ سے ہے تاکہ ذہن میں اس کا شوق اور طلب رہے کہ آزمانے والے کون ہیں یعنی یاد کرو جب کہ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کی آزمائش کی۔ ذکر سے مقصود حوادثات سے ایک واقعہ کا یاد کرنا مقصود ہے۔ کیونکہ وقت اس پر شامل ہوتا ہے۔ پس جب اسے حاضر کرنے کی طلب کی تو وہ اپنی تفاصیل سمیت حاضر ہو گیا گویا وہ آنکھوں کے سامنے ہے۔

حل لغات : ابتلاء بمعنیٰ اختیار آزمائش یعنی جس سے آزمائش مقصود ہے، ان کے سامنے ایسے فعل یا ترک فعل کا حکم پیش کرنا کہ جو نہایت مشکل ہوتا ہے کہ اس کے متعلق معلوم ہو جائے کہ فرمان بجالاتا ہے یا نہ۔ عموماً آزمائش اس سے ہوتی ہے جسے امور کے انجام سے خبر نہ ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال : اللہ تعالیٰ علیم و خبیر ہو کر بندوں کی آزمائش کیوں کرتا ہے؟

جواب : اس کے لئے لفظ کا اطلاق مجازاً ہے۔ بایں معنیٰ کہ بندے کو دو امروں میں سے ایک امر کا اختیار دے کر ظاہر کرتا ہے کہ بندہ اپنی خواہش کے پیچھے پڑتا ہے یا اللہ تعالیٰ کی رضا پہ چلتا ہے۔ گویا اس کی آزمائش صرف بندہ کی خاطر ہے کہ اس نے میری رضا جوئی کی ہے تو خبردار رہیے ورنہ مزہ دیکھئے، مثلاً اللہ تعالیٰ ابلیس کے کفر کو جانتا تھا لیکن لعنتی اس وقت کیا جب ان نے اپنی خواہش پر عمل کیا۔ جب تک اس سے لعنت کا موجب امر سرزد نہ ہوا اسے لعنتی نہیں بنایا۔

بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ کَلِمَاتٍ، بکلمہ کی جمع ہے۔ وہ لفظ جو کسی معنیٰ مفرد کے لئے موضوع ہو۔ اب کلمات سے الفاظ منظومہ مراد ہوں گے۔ لیکن کبھی مجازاً انہی الفاظ کے معانی پر بھی بولے جاتے ہیں کیونکہ دال، مدلول کی آپس میں کوئی کوئی نسبت ضرور ہوتی ہے اور متضافیان دو امروں کو کہا جاتا ہے۔ جو وجود تعقلی میں برابر ہوں۔ جیسے تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا میں ہے کہ کلمہ بمعنیٰ قبضہ وحکمت اور فرمایا: قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ یعنی انہیں اچھے طور ادا کیا کم وبیشی کے بغیر اسی لیے کہا جاتا ہے کہ دن میں جب بھی کسی کی آزمائش ہوئی تو صرف ابراہیم علیہ السلام ہی کامیاب ہوئے کہ انہوں نے حکم کی پوری تعمیل فرمائی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کی فضیلت کا بیان فرمایا: اِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤی یعنی وہ معانی جو کلمات سے ظاہر ہوئے ہیں انہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پورا کیا۔

ف: کلمات کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں:

ا:۔ وہ دس اعمال جو سنت ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دس عادات جو ان کی شریعت میں فرض تھیں وہ ہماری شریعت میں سنت ہیں۔ ان میں سے پانچ سر میں ہیں:

☆..... کلی کرنا۔ ☆..... ناک میں پانی ڈالنا۔ ☆..... مانگ نکالنا۔

☆..... مونچھیں کٹوانا۔ ☆.....مسواک کرنا۔

اور پانچ دیگر بدن میں ہیں:

☆..... ختنہ کرنا۔ ☆..... زیر ناف کے بال مونڈنا۔ ☆..... بغلوں کے بال اکھیڑنا

☆..... ناخن کترنا۔ ☆..... استنجا کرنا یعنی بول وغائط کے مقام کو پانی سے دھونا۔

marfat.ocm
Marfat.com

مذکورہ سنتوں میں سے بعض کی تشریح:۔

☆..... **مانگ نکالنا:** یعنی سر کے بالوں کو دو حصے کرنا، کیونکہ مشرکین کی عادت تھی کہ وہ اپنے بالوں میں تفریق کرتے تھے اور اہل کتاب سدل کرتے۔ یعنی بالوں کو پیشانی پر لٹکاتے اور انہیں بکری کے بالوں کی طرح کرتے۔ یعنی پیشانی کے بالوں کی مانند اور نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم عموماً اس امر میں کوئی حکم نازل نہ ہوتا تو اہل کتاب کی موافقت فرماتے۔ اس احتمال سے کہ شاید یہ حکم منزل من اللّٰہ ھو۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نازل ہو کر مانگ نکالنے کا حکم سنا گئے۔

ف: نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا بال رکھوانا عام تھا لیکن چند بار بال کٹوائے بھی تھے۔

امام غزالی فرماتے ہیں: ہمارے زمانہ میں بال لٹکانا مکروہ ہے کیونکہ یہ شعار علویوں کا ہے۔ اگر وہ علوی نہ ہوگا تو التباس پڑ جائے گا۔

مسئلہ: حیات الذخیرہ میں ہے کہ چوٹی رکھنا حرام ہے کیونکہ لوگ چوٹی رکھوانے میں طرح طرح کے غلط خیالات وتوہمات میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

حکایت: ایک شخص نے اپنے بچے کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللّٰہ عنہ کی خدمت میں لایا۔ اس کے بچے کا آدھا سر مونڈا ہوا تھا اور آدھا باقی تھا۔ حضرت نے اس شخص کے قتل کرنے کا حکم دیا، لیکن اس نے توبہ واستغفار کی جس پر حضرت نے اسے معاف فرما دیا۔

ف: حضرت شیخ المعروف بافتادہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس قتل سے حقیقی قتل مراد نہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ جو ایسا فعل کرے گا وہ قتل کا مستحق ہوگا۔ اس مسئلہ کی نظیر حکایت ہے۔

گستاخِ نبوت کا واقعہ:۔

☆..... حضرت قاضی ابو یوسف کی مجلس میں ذکر کیا گیا کہ سرکار دو عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کد وشریف کو محبوب سمجھتے تھے۔ ایک شخص نے کہہ دیا کہ کد و مجھے پسند نہیں، تو ابو یوسف علیہ الرحمہ نے اس کے قتل کرنے کا حکم دیا لیکن اس نے توبہ واستغفار کی۔ تب ابو یوسف نے اسے معاف فرما دیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

☆.....مونچھوں کے بال کترنا، انہیں مقراض سے کتروانا چاہیے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر جمعہ قبل صلوٰۃ اپنی مونچھیں کتروا تے تھے۔

مسئلہ : امام نووی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اس میں مختار مذہب یہ ہے کہ مونچھیں اتنی کتروائے کہ ہونٹ کا ایک کنارہ ظاہر ہو اور ابرو کی طرح ہو جائے۔

مسئلہ : احیاء العلوم میں ہے کہ سبالہ چھوڑنے میں کوئی حرج نہیں، یعنی مونچھوں کے دو کنار چھوڑنا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ و دیگر صحابہ کرام علیہم الرضوان یونہی کیا کرتے تھے۔ کیونکہ یہ سبالہ تو منہ کو ڈھانپتا ہے اور نہ ہی اس میں طعام کا بقایا رہ سکتا ہے۔

مسئلہ : دار الحرب میں مجاہد کے لئے جیسے ناخنوں کا بڑھانا مندوب ہے اسی طرح مونچھوں کا بڑھانا بھی مندوب ہے اگر چہ ان دونوں کا کاٹنا فطرتی امر ہے اس لیے کہ دشمنوں کو یہ ہیبت زیادہ ہیبت ناک نظر آتی ہے۔

مسئلہ : مونچھوں کا کاٹنا مستحب ہے۔ حدیث شریف میں ہے: مونچھیں کاٹو اور داڑھی بڑھاؤ۔

ف: العفو بمعنیٰ کاٹنا اور اعفاء بمعنیٰ بڑھانا اور اپنے حال پر چھوڑنا۔

داڑھی کے فضائل و مسائل:۔

مسئلہ : داڑھی کا مونڈنا قبیح بلکہ حرام اور مثلہ ہے۔ جیسے عورتوں کے سر کے بال مونڈنا ان کے حق میں مثلہ ہے۔ ایسے عورتوں کو مردوں کے مشابہ ہونا حرام ہے۔

اسی طرح مردوں کے لئے داڑھی منڈوانا ان کے لئے مثلہ اور عورتوں سے تشبیہ اور زینت کو ضائع کرنا ہے۔

مسئلہ : فقہاء فرماتے ہیں کہ داڑھی اپنے وقت میں سنگار ہے اور اسے مونڈنا حسن کو پورے طور پر ضائع کرنا ہے اور ملائکہ یوں تسبیح پڑھتے ہیں: سبحان من زین الرجان بلحیۃ الخ (پاک ہے وہ ذات جس نے مردوں کو داڑھی سے مزین کیا اور عورتوں کو زلفوں سے)

ف: کشاف میں لکھتے ہیں کہ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ الخ میں وہ مرد مراد ہیں جو داڑھی اور پگڑیوں والے ہیں۔

مسئلہ : نصاب الاحتساب میں ہے کہ اگر داڑھی ایک بالشت سے زائد ہو جائے تو زائد کو کٹوا دینے میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ حضور علیہ السلام طول و عرض میں اپنی ریش مبارک کٹوا دیتے تھے۔ جب ایک بالشت سے

marfat.ocm
Marfat.com

زائد ہو جاتی، کیونکہ زیادہ لمبی داڑھی پیدائشی صورت کو بگاڑ دیتی ہے۔

مسئلہ : سفید بال اکھیڑنا مکروہ ہے جیسا کہ آج کل بعض لوگ کرتے ہیں صرف اس خیال پر کہ بڑھاپا نہ ہو اور جوانی ہی جوانی نظر آئے۔

حافظ شیرازی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ ؎

سوادنامہ موئے چوں طے شد　　بیاض کم نہ شود گر صد انتخاب رود

ترجمہ : چہرے کے بال سیاہ کی جب منزل طے ہوگئی اس کی جڑ سفید رہے گی خواہ اسے ہزاروں سیاہ خضاب لگایا۔ گوان کے اوپر والے حصہ کو سیاہ کر لیا جائے لیکن اصل تو سفید رہے گا۔ اس اعلیٰ میں کیا بھلائی ہے کہ جس کا اصل فاسد ہو۔

☆.....ختنہ کرنا یعنی ذکر سے زائد ٹکڑا گوشت کا کاٹنا۔

مسئلہ : جمہور علماء کا خیال ہے کہ یہ سننِ مؤکدات سے ہے اور فطرتاً اسلام میں وہ درجہ رکھتا ہے کہ مردوں کے لئے اس کتاب کے ترک میں کوئی گنجائش نہیں ہاں اگر لڑکا ختنہ شدہ پیدا ہو۔

ف: تمام انبیاء علیہم السلام ختنہ شدہ اور ناف بریدہ پیدا ہوئے۔ یہ ان کے لئے کرامات ہے، سوائے ابراہیم علیہ السلام کے کہ انہوں نے قدوم شہر میں اپنا ختنہ خود کیا۔

ف: بالتخفیف و التشدید ہر دونوں پڑھنا جائز ہے۔ آپ ابراہیم علیہ السلام نے جس وقت اپنا ختنہ خود کیا تو اس وقت آپ کی عمر ایک سو بیس سال یا اسی سال تھی اس لیے آپ نے اپنا ختنہ خود کیا تا کہ سنت جاری ہو۔

مسئلہ : بچہ جب تک حدِ بلوغ کو نہ پہنچے ختنہ نہ کیا جائے۔ کیونکہ ختنہ طہارت کے لئے ہے اور قبل از حدِ بلوغ اس پر طہارت کا حکم نہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ بچہ جب دس سال کا ہو جائے، بعض کہتے ہیں کہ جب نو سال کا ہو، بعض کہتے ہیں کہ دس اور سات کے مابین ہونا چاہیے۔

مسئلہ : دس سال تک ختنہ نہ کرنا مکروہ ہے۔

ف : اس کی میعاد بتانے میں امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ نے توقف فرمایا ہے۔

مسئلہ : علماء فرماتے ہیں کہ مرد اگرچہ بڑی عمر میں مسلمان ہو تب بھی ختنہ کرنا مستحب ہے اگرچہ اسی سال کا ہو.

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : حضرت امام حسن بوڑھے کو ختنہ کی اجازت نہ دیتے اور فرماتے کوئی حرج نہیں اگر اس کا ختنہ نہ کیا جائے اور نہ ہی اس کی گواہی رد کرتے۔ اور نہ اس کی ذبح کردہ شئے کو اور نہ ہی اس کی نماز و حج کے عدمِ جواز کا فتویٰ دیتے۔ ابن عبدالرب فرماتے ہیں: علماء اسی قول پر عمل کرتے رہے۔

۴:۔ ناخن کٹوانا اور قلامہ بالضم ناخن کا وہ ٹکڑا جو کاٹ کر پھینکا جاتا ہے۔

مسئلہ : ناخن کٹوانا مستحب ہے کیونکہ جنب کی حالت میں غسل کرتے وقت بوجہ میل کچیل کے کسی وجہ سے پانی اس کے اندر نہیں پہنچ سکے گا اس بنا پر وہ ہمیشہ جنب رہے گا۔

مسئلہ : جنبی کے جسم پر سوئی برابر کوئی حصہ رہ جائے تو وہ بدستور جنب ہے جب تک کہ تمام جسم نہ دھل جائے۔

حدیث شریف: جس نے اپنے ناخن جمعہ کے دن کاٹے تو اللہ تعالیٰ اگلے جمعہ بلکہ اس سے تین روز اوپر بلا سے محفوظ رکھے گا۔

حدیث شریف: جو چاہتا ہے کہ فقر اور آنکھ کی شکایت سے محفوظ رہے تو اسے چاہیے کہ عصر کے بعد خمیس کے دن اپنے ناخن کاٹے۔

ف: مقاصد حسنہ میں ہے ناخن کاٹنے کی کیفیت اور اس کے تعین یوم کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت نہیں ملتی اور شعر جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے، باطل ہے۔ وہ یہ ہے:

تقلیمک الاظفار فیہ سنۃ وادب　　یمینہا خوابس یسارہا او خسب

حدیث شریف: جو شخص اپنے ناخن مختلف طور کاٹتا ہے تو اس کی آنکھ میں درد اور بیماری نہیں ہوگی۔

ف: یہ بہت سے ائمہ کا قول تو ہے لیکن احادیث کی روایات سے نہیں ملا، ہاں حافظ شریف ومیائی اس بات کو اپنے مشائخ سے بیان فرماتے ہیں اور اس طریق کو امام احمد مستحب قرار دیتے ہیں۔ (انتھی کلام المقاصد الحسنہ)

مسئلہ : امام نووی فرماتے ہیں کہ ناخن کٹوانے میں مستحب یہ ہے کہ پہلے ہاتھوں کے ناخن کاٹے جائیں بایں طور کہ پہلے سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی پھر درمیان والی پھر بنصر پھر انگوٹھا، پھر دائیں ہاتھ سے پہلے بنصر خنصر پھر بنصر، یہاں تک کہ انگوٹھا تک ترتیب وار چلائے۔ پھر سیدھے پاؤں کی خنصر سے شروع کر کے

marfat.ocm
Marfat.com

ترتیب وار چلائے جائے۔ یہاں تک کہ بائیں کنج بنصر ختم کرے۔ (یہی تقریر امام غزالی کی احیاء العلوم میں ہے)

حدیث شریف: "نقوا براجمکم" اپنے براجم کو صاف رکھو۔ براجم انگلیوں کے جوڑوں اور ان عقود کو کہتے ہیں جو ان کے پٹھوں میں ہے کہ جن میں میل کچیل جمع ہو جاتی ہے۔

برجمہ کی جمع برجمہ بضم الباء والجیم اور ان کے مابین ساکن پر جوڑ کے عقدہ کی پشت کو کہا جاتا ہے۔ عقدہ کی پیٹھ کا نام برجمہ ہے اور عقدہ تین کے مابین کا نام راجبہ جس کی جمع رواجب ہے۔ یعنی وہ ان پٹھوں کے قریب ہے یعنی انگلیوں کی گانڈھ۔ پس ہر انگلی میں دو براجم اور تین رواجب ہیں سوائے انگوٹھے کہ اس میں صرف ایک برجمہ اور دو رواجب ہیں۔

ف: ان کی صفائی کا حکم اس لیے ہوا کہ جنابت باقی نہ رہے۔ کیونکہ میل کچیل پانی اور چمڑہ کے مابین ہو جائے گی (کذافی تفسیر القرطبی)

حدیث شریف: مجاہد فرماتے ہیں کہ جبریل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے سے چند روز رک گئے۔ جب آئے تو آپ نے فرمایا: "رکنے کی وجہ کیا تھی۔" انہوں نے عرض کی کہ ہم کیسے حاضر ہو سکتے ہیں جب کہ آپ کے ہاں نہ تو ناخن کاٹے جاتے ہیں اور نہ مونچھیں اور نہ ان کے جوڑوں کو صاف کیا جاتا ہے اور نہ ہی مسواک کرتے ہیں۔ پھر یہ آیت پڑھی: نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ۔

ربط: قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ گویا کہا گیا کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے کلمات کی تکمیل کی تو اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا جواب ملا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابراہیم ہم نے آپ کو لوگوں کا امام بنا دیا ہے۔

اِمَامًا یعنی تیری ان عادتوں میں لوگ آپ کی پیروی اور صالحین آپ کی اقتدا کریں۔

ف: ابراہیم علیہ السلام اپنے زمانہ کے نبی تھے اور قیامت تک تمام لوگوں کے پیشوا ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وغیرہ وغیرہ۔ اس لیے تمام اہل ادیان آپ کی تعظیم پر متفق ہیں اور حضور علیہ السلام کی تمام امت اپنی نمازوں کے آخر میں کہتے ہیں: اللّٰھم صل علی محمد وعلی ال محمد الخ۔

ف: بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اس کا سبب یہ ہے کہ جب ہم نے اللّٰھم صل علی محمد وعلی ال محمد

marfat.ocm
Marfat.com

کہا تو ہمیں فرمایا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام وہ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ ان کی طرف وہ رسول بھیجیں جو رحمۃ للعالمین ہیں۔ چنانچہ قرآن میں ہے: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ پس تمہارا ان کے لئے کیا تحفہ ہے۔ تو ہم نے کہا کما صلیت علی ابراھیم الخ پھر ہم نے غور کیا کہ یہ احسانات سب کے سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں تو ہم نے عرض کی: انک حمید مجید ۔ تا کہ اس کے احسانات کی شکر گزاری ہو جائے۔

حکایت: خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک بڑا سبا چوڑا باغ دیکھا جس کے ہر درخت پر لکھا ہوا تھا: لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جبریل علیہ السلام سے اس کے متعلق دریافت کیا: تو جبریل علیہ السلام نے تمام ماجرا سنایا۔ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی: یا اللہ! میرا نام امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر چلا دے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرماتے ہوئے امتِ مصطفویہ علی صاحبہا والتحیۃ والسلام کو نماز میں درود بھیجتے وقت ابراہیم علیہ السلام پر درود بھیجنے کا حکم دیا۔

قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ کہا ابراہیم علیہ السلام نے اور میری اولاد سے بھی۔ اس کا عطف جَاعِلُكَ کے کاف پر ہے اور مِنْ تبعیضیہ اور جاعل کے متعلق ہے۔ یعنی میرے اللہ! میری اولاد سے بھی امام بنا دے تا کہ لوگ ان کی اقتدا کریں۔ اصل میں اجعل ہونا تھا لیکن ادب کی رعایت کر کے صیغہ امر استعمال فرمایا تا کہ بے ادبی نہ ہو اور بعض کی تخصیص اسی لیے کہ بدیہی بات ہے کہ سب تو امامت کے لائق نہیں، کیونکہ یہ محال ہے کہ سارے کے سارے امام بن جائیں اگرچہ سارے حق پر ہوں۔

(ذریۃ) مرد کی نسل کو کہتے ہیں۔ کبھی آباء و ابناء پر استعمال کیا جاتا ہے مرد ہو یا عورتیں، چھوٹے ہو یا بڑے۔ زکریا علیہ السلام کی دعا میں ہے: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً (اے اللہ! مجھے نیک لڑکا عطا فرما) وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ یہاں ذریۃ سے مراد ان کے آباء ہیں جو کشتی میں سوائے ہوئے۔ کبھی ذریۃ کا لفظ واحد کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

قَالَ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ جملہ مستانفہ ہے لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ میرے عہد کو ظالمین حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ تیری اولاد میں سے بعض مومن ہوں گے بعض کافر۔ پھر وہ کیسے نبوت و امامت و خلافت کو حاصل کر سکیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

جس امامت کا میں نے آپ سے وعدہ کیا ہے اسے وہ حاصل کریں گے جو ظلم سے بری ہوں نہ کہ ہر ایک مسلمان ہو یا نہ۔ کیونکہ امام تو ظلم کو روکنے کے لئے ہوتا ہے۔ پھر جب وہ خود ظالم ہو تو امامت کیسے کرے گا۔ جیسے مثال مشہور ہے: **من استرعی الذئب انفتح الظلم** ۔ (بھیڑیئے کو بکریوں کا چرواہا بنانا ظلم ہے)

ف: معتزلہ نے یہاں سے دلیل پکڑی ہے کہ فاسق نہ امامت صغریٰ کے لائق ہے اور نہ ہی کبریٰ کے۔ اس لیے اسے نماز میں امام نہ بنایا جائے۔ اہل سنت اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہاں ظالم سے مراد کافر ہے۔

مسئلہ : امام ظالم کے ظلم پر صبر کرنا اس کی بغاوت سے افضل ہے کیونکہ اس کی بغاوت میں نقصِ امن اور خونریزی اور بدمعاش گروہ کی چابکدستی اور لوٹ مار اور **فساد فی الارض** کا خطرہ ہے۔

مسئلہ : آیت سے ثابت ہوا کہ انبیاء علیہم السلام بعثت سے پہلے اور بعد کو معصوم ہوتے ہیں۔

ف: ابن شیخ اپنے حواشی میں لکھتے ہیں: ''اس مسئلہ یعنی عصمۃ انبیاء علیہم السلام میں بحث ہے۔ وہ یہ ہے کہ آیت کا مدلول ہے کہ ظالم جب تک ظالم ہے امامت کا اہل نہیں۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی وقت اس سے غلطی ہو جائے اور پھر وہ تائب بھی ہو گیا تب بھی امامت کے لائق نہیں۔ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ ظلم جو ہے وہ اسے امام بننے کے لئے مخل ہے کیونکہ امامت کا مقصد یہ ہے کہ زمین کو فساد سے خالی کیا جائے اور لوگوں کی عزت و آبرو اور مال و جائیداد کی مفسدین اور شرارتی لوگوں سے حفاظت کی جائے۔ بخلاف اس کے جس سے پہلے کسی زمانہ میں غلطی ہوئی تو وہ اس مقصد کے لئے مخل نہیں۔ کیونکہ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہوتا ہے گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں''

مسئلہ : حضرت شیخ اتاوہ آفندی قدس سرہٗ فرماتے ہیں: ولد الزنا کو بھی امامت سپرد نہ کی جائے فرمایا اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے اور اس کا شکر کرتا ہوں کہ میں وہ ہوں جسے ماں نے جنا اور اس نے کبھی ماں باپ کی نافرمانی نہیں کی۔

حضرت مولانا الہدائی قدس سرہٗ فرماتے ہیں: مولیٰ تعالیٰ نے میرے اوپر بھی یہی فضل فرمایا ہے۔

سخاوی مقاصد حسنہ میں فرماتے ہیں: حدیث شریف میں ہے کہ ولد الحرام بہشت میں ہرگز نہیں جائے گا۔ اگر یہ صحیح ہوا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اس نے اپنے باپ کی طرح عمل کیا تو تمام محدثین کا اتفاق ہے کہ یہ

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث اپنے ظاہری معنیٰ پر محمول نہیں یا اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص زنا کا ارتکاب کرتے کرتے مرے اور اسے ولدالزنا کہنا مجاز ہے۔ جیسے مشاہدین کو ولد الصحف اور بہادروں کو ولد الحرب اور مسلمانوں کو ولد الاسلام کہا جاتا ہے۔

آیت سے ثابت ہوا کہ جسے اللہ تعالیٰ یہ مرتبہ امامت عطا فرمائے اسے چاہیے کہ وہ حرج کش اور اپنے کو اطاعتِ الٰہی میں لگا دے۔ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

چوں یوسف کہ در صلاح و تمیز بسے سال باید کہ گردد عزیز

یوسف علیہ السلام جیسی صلاح و تمیز ہو تو پھر بھی کئی سالوں کے بعد ہی شاہی میسر آئے گی۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ یعنی یاد فرمایئے، اے پیارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم! اس وقت کو جب ہم نے کعبہ معظمہ کو بنایا۔ مَثَابَةً جائے رجوع۔ لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا حجاج اور عمرہ کرنے والوں کے لئے جو اس سے جدا ہو کر پھر اس کی طرف لوٹتے ہیں۔ یعنی اس کی طرف وہ لوگ لوٹتے ہیں یعنی وہ زائرین جو کئی بار کعبہ شریف کی زیارت کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ پھر ان جیسے اور آتے ہیں کہ انہیں اللہ تعالیٰ کا وفد یا اس کے زائرین کہا جاتا ہے۔

الناس: میں الف لام عہد ذہنی ہے۔ لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا یعنی امن کا مقام کیونکہ مشرکین حرم کے ساکنین کو کچھ نہ کہتے بلکہ ان کا عقیدہ تھا یہ بیت، اللہ کا گھر ہے اور اس کے ساکنین اہل اللہ ہیں یعنی اس کے اہل بیت یہاں تک کہ کوئی شخص اپنے باپ کے قاتل کو حرم شریف میں دیکھتا تو بھی اسے کچھ نہ کہتا۔ البتہ اس کے باہر والے کو ضرور پکڑ لیتے یہ طریقہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے چلا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس تک بدستور جاری رہا۔ یا یہ معنیٰ ہے کہ بیت اللہ شریف حاجی صاحب کو عذاب آخرت سے امن میں رکھتا ہے۔ اس حیثیت سے کہ اس کے پہلے گناہ معاف نہیں ہوتے۔ (کذافی حواشی ابن الشیخ)

لیکن روایت ذیل سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی معاف ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا مزدلفہ میں قبول فرمائی۔ یہاں تک کہ امت کے ایک دوسرے حقوق قتل و دیگر مظالم بھی معاف فرما دیئے۔ (کذافی الکافی وتفسیر الفاتحہ للقناری وغیرھما)

marfat.com
Marfat.com

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى یعنی اور ہم نے یہ بھی حکم دیا: اِتَّخِذُوْا یہ عبارت بارادہ قول ہے تا کہ انشائیہ کا عطف خبر یہ پر لازم نہ آئے۔ مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى یعنی بنالو مقامِ ابراہیم کو نماز کی جگہ۔ اس میں مِنْ تبعیضہ ہے اور مقامِ ابراہیم اس پتھر کا نام ہے جس میں آپ کے قدم کا نشان ہے یا وہ جگہ ہے جہاں پر آپ کھڑے ہو کر لوگوں کو حج کی طرف بلایا یا وہ جگہ ہے جہاں آپ کھڑے ہو کر کعبہ کی تعمیر فرماتے رہے جسے آج مقامِ ابراہیم کہا جاتا ہے یہ وہی پتھر کی جگہ ہے

حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو مکہ کی جگہ میں بٹھا گئے تو عرصہ گزرا واپس تشریف نہ لائے اور ان کے پاس قبیلہ جرہم اترا اور ان کے ہاں قیام پذیر ہوئے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ان کی ایک عورت سے نکاح کیا اور حضرت ہاجرہ فوت ہو گئیں ایک دن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بی بی سارہ سے ان کے ملنے کی اجازت چاہی۔ انہوں نے فرمایا: بیشک تشریف لے جائیں لیکن ان کے ہاں قیام مت فرمانا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے گھر پہنچے وہاں ان کی زوجہ کو دیکھ کر پوچھا: تیرا شوہر کہاں ہے؟ اس نے کہا: شکار کو گیا ہے۔ ان کی عادت تھی کہ حرم کے باہر عموماً شکار کو جاتے۔ ابراہیم علیہ السلام نے اس بی بی سے فرمایا کہ کیا مجھے کچھ کھلا سکتی ہو۔ اس نے کہا: میرے پاس تو کچھ نہیں ہے۔ پھر پوچھا: گزر اوقات کیسی ہے؟ اس نے کہا: تنگ اور پریشان ہیں۔ (بہت شکایت کی) آپ نے فرمایا: جب تیرا شوہر واپس آئے تو اسے میرا سلام کہنا اور کہہ دینا کہ اپنے گھر کی چوکھٹ بدل دے۔ اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ اس عورت کو طلاق دے دے۔ کیونکہ وہ عورت ان کے لائق نہیں تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام چلے گئے۔ بعد ازاں اسماعیل علیہ السلام تشریف لائے اور اپنے باپ کی خوشبو پائی۔ اپنی عورت سے پوچھا: میرے گھر میں کون تشریف لائے تھے۔ اس نے حقارت بھرے طرز سے کہا: ایک بوڑھا مرد آیا تھا۔ اس کے علاوہ بھی کم و بیش الفاظ استعمال کیے۔ ان کے اوصاف بھی بتائے۔ آپ نے پوچھا: کچھ اور بھی فرمایا: اس نے کہا ہاں، وہ تمہیں سلام بھی کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ اپنے گھر کی چوکھٹ تبدیل کر دو۔ آپ نے فرمایا: وہ تو میرے ابا جان تھے اور مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں تجھے طلاق دے دوں تم اپنے میکے چلی جاؤ میں نے تجھے طلاق دے دی ہے۔ پھر آپ نے اس قبیلہ سے دوسری عورت نکاح کر لیا۔ حضرت ابراہیم

marfat.ocm
Marfat.com

علیہ السلام چند روز ٹھہر کر اپنی بیوی سارہ سے اجازت طلب فرمائی تا کہ اسماعیل علیہ السلام سے ملاقات کر آئیں۔ بی بی نے پھر بھی وہی شرط فرمائی کہ جائیں بڑی خوشی سے لیکن ان کے ہاں ہرگز نہ ٹھہرنا۔ اب بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام کے گھر تشریف لائے اور ان کی زوجہ سے فرمایا کہ تیرا شوہر کہاں ہے؟ اس نے کہا: وہ شکار کو گئے ہیں۔ چنانچہ دودھ اور گوشت لائی۔ آپ نے فرمایا: وجہ معاش کیسی ہے؟ عرض کی: اچھی اور الحمدللہ فراخدستی ہے۔ ان کے لئے برکت کی دعا کی۔

ف: اگر وہ بی بی گندم یا جَو کی روٹی یا کھجور لاتیں تو زمین میں یہ اشیاء بکثرت ہوتیں۔ عرض کی: حضور! نیچے اتریئے، آرام فرمایئے اور سر مبارک دھوئیں، لیکن آپ نہ اترے پھر بھی پتھر سامنے لائی اور سیدھی جانب رکھ دیا۔ آپ نے صرف اپنا قدم اس پر رکھا۔ لیکن بدستور سوار رہے اور اپنے سر کی دائیں جانب دھوئی۔ پھر اس بی بی نے دوسری طرف پھیر کر دائیں جانب دھوئی۔ اس وجہ سے اس پتھر پر آپ کے قدم مبارک کے نشان باقی رہے اور روانگی کے وقت فرمایا: اپنے شوہر کو میرا اسلام کہنا اور کہہ دینا کہ اپنے گھر کی چوکھٹ کو مستقیم رکھیں۔ جب اسماعیل علیہ السلام واپس آئے اپنے باپ کی خوشبو پائی۔ بیوی سے پوچھا کون آئے تھے؟ بیوی نے کہا: ایک بزرگ تشریف لائے تھے جو نہایت حسین اور نہایت خوشبودار اطیب انسان تھے اور مجھے ایسے ایسے کلمات ارشاد فرمائے اور اپنا سر مبارک بھی دھویا اور یہ ان کے قدم مبارک کا نشان ہے۔ اسماعیل علیہ السلام نے کہا: وہ میرے والد ماجد تھے اور چوکھٹ سے مراد تو ہے اور مجھے حکم فرما گئے ہیں کہ میں تجھے ہمیشہ کے لئے اپنی رفیقہ حیات بناؤں۔

ف: یہی کیفیت انبیاء واولیاء کی ہے کہ جب انہیں کوئی ستاتا ہے تو وہ اس کے لئے رحمت کی دعا مانگتے ہیں۔ دیکھئے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا: کے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے، کیونکہ وہ میری شان سے بے خبر ہیں۔ اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین خون کے آنسو برساتے جب کہ نفس کی شرارتوں کو دیکھتے اور ہمیشہ حضور علیہ السلام سے نفس کی غلط راہ رویوں سے نجات پانے کی دعا کرواتے رہتے تھے اور دائما ظاہری باطنی صفائی میں لگے رہتے تا کہ عذابِ مہین سے نجات نصیب ہو اور سب سے بڑا عذاب یہ سمجھتے کہ کہیں ہمیں فراق میں مبتلا کیا جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

تعمیر کعبہ کا واقعہ:۔

چند روز ٹھہر کر پھر تشریف لائے تو حضرت اسماعیل علیہ السلام زمزم کے قریب ایک بڑے درخت کے نیچے تیر اندازی فرما رہے تھے۔ جب ابا جی کو دیکھا تو وہی کیا جو بیٹا باپ سے کرتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک حکم دیا ہے۔ کیا تو میرے ساتھ تعاون کرسکتا ہے؟ اسماعیل علیہ السلام نے عرض کی: ہاں، ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ یہاں پر ایک گھر تیار کروں۔ چنانچہ پھر اس کی تعمیر شروع کردی۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام پتھر سر پر لاتے اور ابراہیم علیہ السلام انہیں تعمیر میں لاتے۔ جب بنا کچھ اونچی ہوئی تو اسماعیل علیہ السلام یہی پتھر لائے جس پر ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہو کر بنا کرتے تھے اور اسماعیل علیہ السلام پتھر وغیرہ دیتے رہے۔ اور دونوں حضرات پڑھتے: رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

دور سے پکارنا اور حج کا اعلان:۔

جب کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو انہیں حکم دیا گیا کہ لوگوں کو حج کا اعلان فرمائے۔ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی: یا اللہ! کسے ندا دوں؟ حالانکہ آگے پہاڑ ہیں اور آدمی بھی سامنے کوئی موجود نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تمہارا کام اعلان کرنا ہے پہنچانا میرا کام ہے۔ ابراہیم علیہ السلام ابوقبیس پہاڑ پر چڑھے تو یہی پتھر بھی اونچا ہو گیا۔ طوفان کے دنوں ابوقبیس میں ہی اسے رکھا گیا۔ چنانچہ جتنا ابراہیم علیہ السلام اونچے ہوتے گئے یہ پتھر بھی اونچا ہوتا گیا یہاں تک کہ تمام پتھروں سے اونچا ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کے لئے زمین کو دسترخوان کی طرح سمیٹ دیا پھر اعلان کیا: اے لوگو! تمہارے رب نے تمہارے لیے گھر تیار کیا ہے اور حکم دیا ہے کہ اس کا حج کرو۔ یہ اعلان سن کر تمام لوگوں نے (جو اپنے آباؤ امہات کے اصلاب وارحام میں تھے) جواب دیا: جس نے ایک بار جواب دیا اسے ایک بار حج نصیب ہوا جس نے دس بار جواب دیا اسے دس بار نصیب ہوا وغیرہ وغیرہ۔

حدیث شریف: رکن اور مقام ابراہیم یاقوت جنت کے یاقوت ہیں اور اگر کفار ومشرکین ہاتھ نہ لگاتے تو ان کے

marfat.ocm
Marfat.com

نور سے مشرق ومغرب چمک اٹھتے (یہاں پر حجر اسود اور مقام سے یہ پتھر جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ شریف کی تعمیر کے وقت کھڑے ہوئے تھے) مراد ہے۔

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ یعنی ہم نے انہیں تاکیدی حکم دیا اور وصیت فرمائی۔

حل لغات: عهد بمعنیٰ امر وصیت۔ جیسا کہا جاتا ہے: عهد اليه اى امره ووصاه ۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ کا قول ہے: اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ اور اسمٰعیل کو اسماعیل اسی لیے کہتے ہیں کہ جب ابراہیم علیہ السلام دعا مانگتے تو کہتے: اسمع یا ایل اور "ایل" بمعنیٰ اللہ۔ جب حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تو آپ اسی نام سے موسوم ہوئے۔

اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ یعنی میرے گھر کو بتوں اور پلیدیوں اور جو اس کے لائق نہیں پاک کرو۔ اس سے مطلب یہ ہے کہ اس کی حفاظت کرو اور اس کے اردگرد کوئی گندی چیز کھڑی نہ ہونے دو۔

سوال: طہارت کا حکم کیوں ہوا حالانکہ کعبہ خود طاہر تھا؟

جواب: اس سے برقرار رکھنا مقصود ہے جیسا کہ قرآن مجید میں فرمایا گیا: وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ انہیں نجاست سے پاک ہونے کا حکم نہیں دیا گیا بلکہ وہ تو خود ہی طاہرات ہیں۔ یہ ایسے ہے جیسے درزی کو کہا جاتا ہے کہ قمیص دراز رکھنا۔ اس سے مراد یہ نہیں کہ اس سے تنگی ہٹا دے بلکہ مراد یہ ہے کہ ابتداءً اسے فراخ رکھنا۔

لِلطَّآئِفِيْنَ اس کے اردگرد کے زائرین کے لئے وَالْعٰكِفِيْنَ یعنی وہ جو اس کے مجاور ہیں یعنی اس کے نزدیک ٹھہرے رہتے ہیں اور باہر نہیں جاتے اس سے حرم شریف کے مقیم لوگ مراد ہیں اور طائفین سے وہ مسافرین مراد ہیں جو مکہ کی زیارت کے لئے باہر سے آتے ہیں۔

سوال: طواف کی ان کے لئے کیوں تخصیص ہے؟

جواب: اس لئے کہ وہ میقات سے احرام کی حالت سے آئے تھے۔ اس زیادہ عمل کی وجہ سے ان کا نام خصوصیت سے لیا گیا۔

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ نمازی لوگ۔ رکع، راکع کی اور سجود، ساجد کی جمع ہے۔ کیونکہ قیام ورکوع وسجود نماز کی ہیہات سے ہیں۔

سوال: ان کے مابین عطف کیوں ترک کیا گیا؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب: رکوع وسجود ذاتاً وزماناً قریب ہیں۔اسی اتحاد کی وجہ سے عطف ترک کیا گیا ہے۔

حدیث شریف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ کی ایک دن میں ایک سو بیس رحمتیں کعبہ پر نازل ہوتی ہیں۔ساٹھ طواف کرنے والوں کے لئے اور چالیس نمازیوں کے لئے اور بیس دیکھنے والوں کے لئے۔

مسئلہ: بیت کی طہارت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی جمیع بیوت کو پاک رکھا جائے کہ جس طرح کعبہ کی طہارت ونظافت ضروری ہے اسی طرح تمام گھروں کو۔

سوال: صرف کعبہ کو ذکر کرنے کی وجہ کیا ہے؟

جواب: وہاں پر سوائے اس کے اور کوئی نہ تھا اسی بنا پر اسی کا نام لیا۔

حکایت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد میں ایک شخص کی اونچی آواز سنی۔اسے فرمایا: تجھے پتہ نہیں تو کس متبرک مقام پر ہے؟

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی کہ اے ڈرنے والوں کے صاحب اور مرسلین کے رفیق! اپنی قوم کو فرمادو کہ جب میرے کسی گھر آئیں تو انہیں چاہیے کہ اس وقت ان کے دل صاف اور زبانی سچی اور ہاتھ ستھرے اور فروج طاہر ہوں اور ایسے وقت میرے کسی گھر میں نہ آئیں جبکہ ان کے پاس اندھیریوں میں سے کوئی اندھیری ہو کیونکہ ایسی حالت میں آئے گا تو جتنی دیر وہاں ٹھہرا رہے گا میری اس پر لعنت رہے گی۔یہاں تک کہ اس اندھیری کو دور نہ کرے۔(یعنی اس سے توبہ نہ کرے) جب صحیح حالت میں حاضری دیتا ہے تو میں اس کے کان ہوتا ہوں جن سے سنتا ہے اور آنکھ ہوتا ہوں جن سے دیکھتا ہے اور وہ میرے خالص دوستوں اور اولیاء سے ہے اور کل قیامت میں انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین کی معیت میں میرے قریب ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ جس گھر کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب فرمایا وہ دراصل قلب مومن ہے۔اس کی صفائی کا یہ مطلب ہے کہ اسے غیر اللہ سے متوجہ ہونے سے بچائے۔کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت کا مرکز ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

دل بدست آور کہ حج اکبر است　　از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
کعبہ یاد خلیل آزر است　　دل نظر جلیل اکبر است

ترجمہ:

دل ہاتھ میں کرو کہ وہ حج اکبر سے ہزاروں کعبہ سے ایک دل بہتر ہے۔
کعبہ کو خلیل کی بنا ہے اور دل جلیل کی نظر گاہ ہے۔

بنابریں اسے صاف رکھنا ضروری ہے یہاں تک کہ اس پر انوار وتجلیات اور اسرار رحمانیہ کا نزول ہو اور ساتھ ہی اسے سکون ووقار نصیب ہوگا۔ جب بندہ اس مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے تو حقیقی سجدہ ورکوع سے مشرف ہوتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی اور خصوصی رازداری سے نوازا جاتا ہے۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ یاد کیجئے اے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ ابراہیم نے دعا مانگی اور کہا: اے رب! اِجْعَلْ هٰذَا کردے اس گھر کو۔ هٰذَا کا مشار الیہ مکان ہے یعنی حرم شریف۔ بَلَدًا اٰمِنًا امن والا شہر۔ اس کو اہلِ قحط وتکلیف اور خسف ومسخ اور زلازل اور جنون وجذام وبرص اور دیگر تکالیف (جو عام شہروں میں اترتی ہیں) سے محفوظ رکھ۔ یہ باب انسب سے ہے۔ یعنی وہ شہر جو امن کی طرف منسوب ہے جیسے لفظ لابن وذو مال اور تامر کھجور والا۔ کیونکہ ان کا موصوف ماخوذ کی طرف منسوب ہے۔ گویا لابن کو لبنی (دودھ والا) اور تامر کو تمری کھجور والا کہا گیا ہے۔ اس لحاظ سے یہ اسنادِ حقیقی ہے اور یہ معنیٰ ہے کہ اس شہر کے اہل امن والے ہیں۔ یہ اسناد مجازی ہوگا کیونکہ امن حقیقتاً اہل بلاد کی طرف منسوب ہوا کرتا ہے۔ لیکن چونکہ مکان کو اسی سے ملابست ہے بنابریں اس کی طرف منسوب ہونا بھی جائز ہے۔

ابراہیم علیہ السلام جب پہلی بار مکہ میں تشریف لائے تو یہی دعا مانگی۔ کیونکہ جب سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ صاحبہ کو جو مکہ میں ٹھہر کر اپنے ملک شام کو واپس روانہ ہونے لگے تو بی بی ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے پوچھا کہ آپ ہمیں کس کے سہارے اس جنگل سنگستان میں چھوڑے جارہے ہیں۔ اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے انہیں کوئی جواب نہ دیا۔ آخر جب یہ کہا کہ آپ کو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے؟ اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: ہاں، بی بی نے کہا: اب میں راضی ہوں کیونکہ وہ کریم مجھے کہیں ضائع نہیں کرنے والا۔ ان سے الوداع کر کے کداوادی پر ٹھہرے اور کہا: رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ الآیۃ۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ اورانہیں ثمرات عطا فرما۔ ثمرات ثمرہ کی جمع ہے۔یعنی کھانے کی چیزیں جو زمین اور درخت سے نکلتی ہیں۔اس سے طعام اور میوہ جات مراد ہیں۔

سوال: صرف ثمرات کا سوال کیوں؟

جواب : کیونکہ طعام معہود تو ہر جگہ مل جاتا ہے۔لیکن میوہ جات نادر ہوتے ہیں۔اسی لیے اس کے اہل کے لئے امن اور اسی فراخی کا سوال کیا جس سے عیش اچھا اور دائمی ہو۔ان کی اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی۔

اعجوبہ : مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو ثمر دار بستیوں کو فلسطین سے نقل کرنے کا حکم دیا۔ جبریل علیہ السلام انہیں اٹھا کر لائے اور کعبہ کے اردگرد سات پھیرے لگا کر تین مراحل تک مکہ سے دور رکھا وہ یہی طائف شریف ہے۔اسی لحاظ سے اسے طائف کہتے ہیں۔اسی وجہ سے مکہ شریف میں ثمرات بکثرت ہوتے ہیں اور نیز مختلف مقامات سے بھی میوہ جات آتے ہیں۔یہاں تک کہ اس میں ایک دن میں سردیوں اور گرمیوں کے میوہ جات مل جاتے ہیں۔

مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ یہ اَهْلَهٗ سے بدل ہے۔یعنی وہ نعمتیں کہ صرف مومنین کو عطا ہوں۔قال اللّٰہ تعالیٰ : قَالَ وَمَنْ كَفَرَ اس کا عطف محذوف ہے۔یعنی ارزق من آمن ومن کفر ۔پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رزق کا قیاس امامت پر فرمایا۔اس لیے صرف مومنین کے لئے سوال کیا۔

جب پہلے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے امامت کو ان کے لے خاص فرمایا: **کما قال** : لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ابراہیم علیہ السلام نے جب دیکھا کہ میں نے اپنی اولاد کے لئے امامت کا عرض کیا،تو سب کے بجائے بعض کو اجازت ہوئی۔اسی طرح رزق بھی شاید سب کے لئے نہ ہو تو آپ نے مَنْ اٰمَنَ کی قید لگائی تا کہ سوال میں بے ادبی نہ ہو اس پر اللہ تعالیٰ نے تنبیہ فرمائی کہ رزق کو رحمت رحمانیہ سے تعلق ہے اور اسی لیے یہ مومن وکافر سب کو ملے گا۔ بخلاف امامت اور پیشوائی کے کہ وہ خاص لوگوں کو نصیب ہوگی۔

قَالَ وَمَنْ كَفَرَ پھر اس کے لئے عام کردوں گا تا کہ وہ دنیا کی تمام لذتوں کو حاصل کر لے۔پھر قیامت میں اس پر حجت قائم کی جائے گی۔ ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ لیکن یہ نفع اندوزی چند دنوں تک ہوگی۔کیونکہ دنیا چند روزہ ہے اور آخرت کی نعمتیں تو بے پایاں ہیں۔اسے اس سے کیا نسبت بنا بریں کافر اس سے جتنا ہی نفع اٹھائے بہت

marfat.ocm
Marfat.com

تھوڑا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی دنیوی نعمتیں اگر چہ کتنی ہی ہوں لیکن آخرت کی نعمتوں کی نسبت بہت تھوڑی ہیں۔ قَلِیلًا صفت ہے اس کا موصوف محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں تھی: امتعه زمانا قلیلا اور یہ قلیل مدت کافر کی زندگی کی طرف اشارہ ہے۔

پھر میں اسے جہنم کی طرف کھینچ لے جاؤں گا۔ اضطرار لغت میں انسان کو ایسی شئے کی طرف کھینچ لے جانا جو اسے نقصان پہنچائے۔ عرف میں اضطرار یہ ہے: کسی کو کفر پر مجبور کرنا۔ جب کہ وہ کفر نہ کرے۔ یعنی اسے ہر طرح کا اختیار حاصل ہو۔ لیکن اسے مجبور کر دیا جائے کہ کفر کرو نہ کرو گے قتل کر دیئے جاؤ گے۔ کفر و قتل میں سے ایک انسان امر کو اختیار کرنے سے کفر پر مجبور ہو جاتا ہے۔ لیکن کفار کو یہ بات پسند ہے کہ عذابِ نار کو اختیار کر رہے ہیں۔ جو ان کے نزدیک ایمان لانے سے آسان نظر آتا ہے اب اس مقام پر کفار کے لئے اضطرار کا استعمال مجازی ہوگا۔ اس معنیٰ پر کہ یہ امر ان پر لازم ہو رہا ہے اور ان پر ایسا چسپاں کیا جا رہا ہے کہ اب اس سے بچنا مشکل ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ اس دن جہنم میں منہ کے بل گھسیٹے جائیں گے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عذاب میں انہیں کوئی دخل نہیں ہوگا ہاں، انہیں مضطرین بمعنیٰ مختار کہا جائے تو بجا ہے کہ کفر کو انہوں نے اپنے اختیار سے کیا۔ بنا بریں انہیں جہنم میں دھکیلا جائے گا۔ اس معنیٰ پر تشبیہاً انہیں مضطرین کہا گیا۔ اب معنیٰ یہ ہوا کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے کفر کی وجہ سے عذابِ نار میں مضطر کی طرح کھینچا۔ اس لحاظ سے کہ انہیں دی ہوئی نعمتوں کو ضائع کر دیا جواب سوائے جہنم کے داخلے کے انہیں کوئی چارہ نہیں۔

وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ بہت برا ہے ان کا ٹھکانہ۔ اس میں مخصوص بالذم محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں تھی: بئس المرجع الذی یرجع الیه . الخ۔ یعنی ان کا بہت برا ٹھکانا ہے جہاں وہ جا کر اقامت کریں گے۔ اس سے مراد جہنم یا عذاب ہے۔

ف: بندہ کو یہاں دنیا فانی میں چند روز مہلت دی گئی ہے۔ مہلت کو دیکھ کر مہمل ہو کر نہ رہے کیونکہ یہاں کے اعمال کے مطابق وہاں جزا و سزا ملے گی۔ اے برادر! دنیا کی جگمگی تجھے دھوکہ میں نہ ڈال دے اطاعت کرو گے تو فائدہ ہوگا۔ معصیت کرو گے تو عذاب ہوگا۔ دنیا کا ٹھاٹھ کچھ آخرت میں بلندی درجات کا سبب نہیں بنے گا۔

حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

marfat.ocm
Marfat.com

بمہلتی کہ سپہرت دہد ز راہ مرد ترکہ گفت کہ آں زال ترک دستان کفت

ترجمہ : وہ مہلت جو تجھے زمانہ نے بخشی ہے راہ سے نہ ہٹ تجھے کیا ہے کہ وہ مکر وفریب والی تیرے ہاتھ میں ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ (ہم ایسی مہلت دیتے ہیں کہ انہیں علم ہی نہیں)

حکایت: حضرت سہیل تستری علیہ الرحمہ اس آیت کا معنیٰ یوں بیان فرماتے ہیں کہ ہم بندے کو نعمتیں دیکر مہلت دیتے ہیں پھر وہ ان کا شکر کرنا بھول جاتا ہے جب وہ نعمتوں میں غرہ ہو کر اپنے مالک کو پورے طور پر بھول جاتا ہے پھر ہم اس کی گرفت کرتے ہیں۔

سبق: سمجھدار کو چاہیے کہ دنیا کی رنگینیوں کو دیکھ کر دھوکہ میں نہ آجائے بلکہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی شئے پر خوشی نہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا باقی سب فنا ہے مٹنے والی شئے سے دل لگانا کچھ دانائی کا کام نہیں۔ نہ ہی یہ عقل وفہم اور عرفان ہے۔

سوال : اللہ تعالیٰ عاصیوں کو دنیا میں کیوں مہلت دیتا ہے؟

جواب : بندوں کو گناہوں کے باوجود مہلت اس لیے دیتا ہے تا کہ بندوں کو پتہ چل جائے کہ اللہ تعالیٰ کو عفو واحسان زیادہ پسند ہے بہ نسبت گرفت اور انتقام کے۔

سبق: اس سے بندے معلوم کریں کہ وہ کریم وشفیق ومحسن ہے۔ یہ مسئلہ یوں سمجھ میں آئے گا کہ ایک شخص کا ایسا اعلان ہو کہ میری ضیافت کو جو قبول کرے گا اس کی میں عزت کروں گا وہ میرا یوں اعلان کرے کہ جو میری ضیافت کے لئے آئے اس کی عزت کروں گا جو نہیں آئے گا اسے سخت سزا دوں گا پہلے نسبت دوسرے کا احسان اور شفقت اور کرم زائد سمجھا جائے گا۔ بلا تمثیل یوں سمجھئے کہ ادھر اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاں ضیافت کا یوں اعلان فرمایا: وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی بہشت کی دعوت دیتا ہے۔ ادھر اپنے نبی علیہ السلام کے ہاتھ میں تلوار دیدی اور فرمایا جو بھی میری ضیافت قبول نہ کرے اس کی گردن اڑا دو۔

سبق: دانا کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی دعوت کو قبول کر کے اپنے مالک کی طرف لوٹے اور دل سے ہی لوٹے ،مجبور ہو کر نہیں، کیونکہ وہی مقصود اعظم اور وہی دل کا حقیقی قبلہ ہے۔ تمام قافلے اسی کی طرف پہنچیں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

اس آیت میں بلا سے مراد صورہ جسمانیہ اور کعبہ سے مراد قلب ہے اور طواف حقیقی یہ ہے کہ قلب بارگاہِ ربوبیت کا طواف کرے۔ یہ بیت اللہ جو ظاہری طور پر اس ملک میں ہے، اسی بارگاہ کے لئے ہے جس کا آنکھوں سے مشاہدہ نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ عالم ملکوت میں ہے۔ جیسے انسان کی ظاہری شکل عالم شہادت میں مثال ہے۔ اس قلب کی جس کا آنکھوں سے مشاہدہ نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ عالم غیب ن شے ہے اور عارفین کو طواف قلبی حقیقی نصیب ہوتا ہے۔ جن کے متعلق مشہور ہے کہ کعبہ ان کی زیارت کے لئے حاضر ہوتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے: ان اللّٰہ عباد الطوف بھم الکعبۃ (بیشک اللہ تعالیٰ کے بعض ایسے بندے ہیں جن کا خود کعبہ طواف کرتا ہے) ایک صرف کعبہ کی زیارت کا ارادہ رکھتا ہے ایک وہ ہے جو رب کعبہ کا طالب ہے ان دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔

حکایت: ایک بزرگ حج کو روانہ ہوئے ان کے صاحبزادے نے پوچھا: ابا جی کہاں کا ارادہ ہے؟ بزرگ نے فرمایا: بیت اللہ کی زیارت کا۔ صاحبزادے نے خیال کیا کہ جو کسی کے گھر کو دیکھتا ہے تو لامحالہ وہ گھر کے مالک کو بھی ملے گا صاحبزادے نے کہا: مجھے بھی ساتھ لے چلئے۔ بزرگ نے فرمایا: تو اس کا اہل نہیں۔ صاحبزادہ رونے لگا مجبوراً اسے ساتھ لے جانا پڑا۔ جب میقات میں پہنچے، تو احرام باندھا۔ لبیک پکاری اور حرام میں داخل ہوئے جب بیت اللہ نظر آیا تو لڑکے نے چیخ ماری اور بے ہوش ہو کر مر گیا۔ بزرگ رونے لگا، ہائے! میرے لڑکے کو کیا ہو گیا۔ بیت اللہ سے آواز آئی تو گھر کو دیکھنے آیا تھا تو نے اسے دیکھ لیا اور وہ گھر والے کا طالب تھا۔ وہ گھر والے کو ملنے گیا ہے۔

اسی اثناء میں بچہ غائب ہو گیا۔ اس پر ہاتف نے آواز دی وہ لڑکا کسی مکان میں ہے نہ زمین پر اور نہ بہشت میں بلکہ اسے وہاں پہنچایا گیا ہے جہاں مالک حقیقی کا ٹھکانہ ہے۔

سبق: جو بھی ان جہالت کی پابندیوں سے بچ گیا۔ اس کا قبلہ اللہ تعالیٰ ہوتا ہے۔ پھر وہ جمیع کائنات کا قبلہ بن جاتا ہے۔ جیسے آدم علیہ السلام ملائکہ کرام کا قبلہ ٹھہرے۔ کیونکہ وہ فرشتوں کے لئے وسیلہ حق ہے اس لیے ان پر

marfat.ocm
Marfat.com

جلال و جمال کا جامہ تھا۔

حضرت شیخ سعدی عطار علیہ الرحمہ منطق الطیر میں فرماتے ہیں:

حق تعالیٰ گفت آدم غیر نیست — کور چشمی و ترا ایں سیر نیست
شد نفخت فیہ من روح آشکار — سرّ جاناں گشت برخاک استوار
از دمِ حق آمدی آدم توئی — اصل کرّمنا بنی آدم توئی
قبلہ کل آفرینش آمدی — پائے تا سر عین بینش آمدی

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آدم غیر نہیں تو اندھا ہے اس کا تجھے علم نہیں۔

۲:۔ نفخت فیہ من روحی صاف ہتلا رہا ہے محبوب کے اسرار خاک کے رنگ میں ہیں۔

۳:۔ حق کے دم سے آیا ہے تو ہی آدم ہے کرّمنا بنی آدم اصل میں تو ہی ہے۔

۴:۔ تمام کائنات کا قبلہ تو ہی تو ہے سر سے پاؤں تک تم سراسر بینائی ہو۔

یا اللہ! ہمیں عین تک پہنچا اور جدائی سے نجات دے۔ (آمین)

تفسیر عالمانہ

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ **سوال**: مضارع کیوں استعمال ہوا ہے حالانکہ واقعہ تو ماضی میں ہوا؟

جواب: یہ حال واقعہ کو وجہ سے ہے گویا ابھی واقع ہو رہا ہے اور مخاطب کے تصور میں ایسے ہوا کہ ابھی میری آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے۔

حل لغات: اَلْقَوَاعِدَ بقاعدہ کی جمع ہے۔ دراصل صفت ہے اور بمعنی ثابتۃ کے ہے۔ پھر بوجہ غلبہ اسم ہو گیا یہاں تک کہ اب اس کے ساتھ موصوف مذکور بھی نہیں ہوتا اور نہ ہی مقدر مانا جاتا ہے اور لفظ قعود دراصل اس ہیت کو کہتے ہیں جو قیام کے بالمقابل ہے اب استعارۃً استقرار پر بولا جاتا ہے۔ اس تشبیہ سے کہ دونوں حالت انتقال و نزول کے مباین ہیں۔

ترکیب: مِنَ الْبَيْتِ، اَلْقَوَاعِدَ سے حال ہے اور مِنْ ابتدائیہ ہے نہ کہ بیانیہ کیونکہ مِنَ الْبَيْتِ کے بجائے البیت

marfat.ocm
Marfat.com

نہیں کہا جاسکتا۔

سوال: رفع بمعنیٰ کسی شئے کو زمین سے علیحدہ کر کے زمین سے بلند و بالا کیا جائے اور اساس تو ہمیشہ زمین پر مستقر ہوتا ہے اب رفع کا کیا مطلب؟

جواب: رفع اساس سے مراد اس پر بنا کرنا اور بِنا علی الاساس مراد لے کر رفع کو استعمال کیا گیا، کیونکہ بنا کو نچائی کی ہیت سے نقل کر کے اونچائی کی ہیت میں لے جاتے ہیں۔اب رفع کا حقیقی معنیٰ مل گیا۔

سوال: بیت کا اساس تو ایک تھا لیکن قواعد جمع سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: اس کے اجزاء کے اعتبار سے گویا اس کا ہر ایک جز اپنے مافوق کے لئے اساس تھا۔اب معنیٰ یہ ہے کہ یاد فرمایئے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کو جب کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی بنیاد کو بلند فرمایا۔

وَاِسْمٰعِیْلُ اور انکے بیٹے اسماعیل علیہ السلام نے۔

ف: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چار بیٹے تھے۔

۱:۔اسماعیل ۲۔اسحٰق۔ ۳۔مدین۔ ۴۔مدائن۔

ف: اس کا عطف ابراہیم پر ہے۔

سوال: اسے مفعول سے کیوں موخر کیا گیا ہے حالانکہ اس کا عطف فاعل پر ہے تو اسے مفعول سے مقدم ہونا چاہیے؟

جواب: اس میں اشارہ ہے کہ رفع بیت میں اصل ابراہیم تھے اور اسماعیل ان کی فرع۔

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اسماعیل علیہ السلام پتھر اٹھا کر دیتے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کی بنا کرتے۔

تاریخ کعبہ: رفع اساس جس پر کعبہ کی بنا کی گئی دلالت کر رہی ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے وجود مسعود سے پہلے کعبہ کی بنیاد رکھی گئی۔پھر ابراہیم علیہ السلام نے آکر اس پر تعمیر فرمائی۔لیکن اختلاف یہ ہے کہ سب سے پہلے اس کی بنیاد کس نے رکھی۔؟

بعض کہتے ہیں: فرشتوں سے سب پہلے اس کی بنیاد ڈالی۔

marfat.ocm
Marfat.com

چنانچہ مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے انہیں فرمایا: میں اپنا خلیفہ پیدا کرنے والا ہوں تو انہوں نے کہا: مفسد اور خونریز کو پیدا کر رہا ہے۔ ہم تیری تسبیح وتقدیس کے لئے کافی نہیں؟ اللہ تعالیٰ ان پر ناراض ہوا تو انہوں نے اس کے عرش کے پاس آ کر پناہ لی اور اس کے ارگرد سات بار طواف کیا تا کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا اور فرمایا کہ میرا زمین پر ایک گھر تیار کرو۔ اس کے قریب آ کر جس بنی آدم پر میں ناراض ہوں گا پناہ مانگے گا اور جس طرح تم نے میرے عرش کا طواف کیا ہے وہ اس کا طواف کرے گا جس سے میں راضی ہو جاؤں گا۔ اس حکم کے بعد ملائکہ نے اسی بیت اللہ کو تیار کیا۔

ف: بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان پر ایک بیت تیار کرایا ہے جس کا نام بیت المعمور ہے اس کا نام ضراح ہے ملائکہ کو حکم فرمایا کہ زمین میں اس کے مقابل اس کی قدر اس جیسا کعبہ تیار کر لو۔

ف: بعض مفسرین کہتے ہیں کہ سب سے پہلے کعبہ کی بنیاد آدم علیہ السلام نے رکھی۔ پھر طوفانِ نوح سے وہ تعمیر مٹ گئی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اس کا نشان بتایا۔

چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آدم علیہ السلام جنت سے زمین پر اترے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم! زمین پر جا کر ایک گھر تیار کرو اور اس کے اردگرد طواف کرو اور وہاں پر مجھے یاد کرو۔ جیسے فرشتگان کو میرے عرش کے گرد دیکھتے ہو۔ آدم علیہ السلام حکم سن کر روانہ ہوئے ان کے لئے زمین لپیٹ لی گئی اور جنگل قبض کر لیے گئے۔ جہاں پر قدم رکھتے وہاں آبادی ہو جاتی۔ یہاں تک کہ بیت اللہ شریف کی جگہ تک پہنچ گئے۔ جبریل علیہ السلام نے زمین پر اپنے پر مارے جس سے ساتویں نیچی زمین تک اس کی بنیاد کا نشان نظر آنے لگا اور فرشتوں نے ایک پتھر لایا جس کو ستر آدمی بھی نہ اٹھا سکیں۔ حضرت آدم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر پانچ پہاڑوں سے کی۔

۱:۔طور سینا۔۲:۔طور زیتا۔۳:۔لبنان جو شام میں ایک پہاڑ ہے۔۴:۔جودی، جو جزیرہ میں ایک پہاڑ ہے۔

۵:۔حراء جو مکہ میں ہے جس کی بنیاد چوڑی رکھی گئی اور پتھروں سے بھر دی گئی تھی۔ یہ تھی آدم علیہ السلام کی بنا۔

ف: بعض روایات میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کعبہ کے مقام کو زمین سے دو ہزار سال قبل پیدا فرمایا جو اس وقت سفید جھاگ کا ٹکڑا پانی پر تھا۔ اس سے زمین کو بچھایا گیا۔ جب آدم علیہ السلام زمین پر اترے تو انہیں وحشت

marfat.ocm
Marfat.com

ہوئی۔اللہ تعالیٰ کی طرف شکایت پیش کی۔اللہ تعالیٰ نے بیت المعمور (جو اس کے یاقوت بہشت کے یواقیت سے تھا اس کے دو باب زمرد اخضر کے تھے باب شرقی ،باب غربی) کو اس ہیت کی جگہ پر رکھ کر فرمایا: اے آدم !ہم نے تمہارے لیے اس بیت کو آسمان سے اتارا ہے۔اس کا طواف کرو جیسے میرے عرش کے گرد طواف کیا جاتا ہے اور اس کے قریب نماز پڑھیے۔جیسے میرے عرش کے قریب پڑھی جاتی ہے۔بعد ازاں ایک پتھر نازل فرمایا جو پہلے سفید تھا اب زمانہ جاہلیت کی حیض والی عورتوں کے ہاتھ لگانے سے سیاہ ہو گیا ہے۔آدم علیہ السلام مکہ کی طرف زمین ہند سے پیدل روانہ ہوئے۔آپ کی رہبری کے لئے ایک فرشتہ مقرر کیا جو انہیں راستہ بتاتا تھا۔(امام مجاہد سے پوچھا گیا کہ آپ سوار ہو کر کیوں نہ آئے؟ آپ نے فرمایا: اس وقت کون سی سواری تھی جو آپ کو لے آتی)
آپ کے ایک قدم کی مسافت تین دنوں کے سفر کے برابر تھی۔آپ مکہ میں آئے حج کے مناسک ادا کیے۔جب فارغ ہوئے تو ملائکہ حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آدم علیہ السلام ! آپ کا حج مبرور ہے ہم نے آپ کی پیدائش سے پیچھے دو ہزار سال پہلے اس کا حج کیا تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام نے ہند سے مکہ تک چالیس پیدل حج کئے تھے اسی طرح وہ اور دیگر مومنین (ان کی اولاد سے) طوفان نوح تک طواف کرتے رہے۔پھر اللہ تعالیٰ نے اسے چوتھے آسمان کی طرف اٹھا لیا۔ جہاں ہر یوم ستر ہزار فرشتے حاضر ہوتے (جنہیں پھر حاضری کا موقعہ نہ ملتا) اور جبریل علیہ السلام کو بھیج کر حجرِ اسود کو جبل ابی قبیس میں چھپانے کا حکم دیا گیا تا کہ وہ غرق ہونے سے محفوظ رہے پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ تک یہ مقام خالی رہا۔پھر اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اس کی بنا کا حکم فرمایا کہ جس میں وہ رہ کر اس کی یاد کریں۔

اللہ تعالیٰ سے عرض کی: الٰہی! مجھے اس مقام کی رہبری فرمایئے۔اللہ تعالیٰ نے سکینہ کو بھیج کر ان کی رہبری کی۔ (سکینہ الحجوج کو کہتے ہیں جس کے دونوں سرے سانپ کی طرح ہوتے ہیں) پھر ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا کہ جہاں یہ سکینہ ٹھہر جائے وہاں کعبہ کی بنیاد رکھنا۔آپ اس کے پیچھے چل پڑے۔ یہاں تک کہ وہ سکینہ اس بیت اللہ والے مقام پر آ کر رک گئی اور گھومنے لگی جیسے ڈھال گھیرا مار کر گھومتی ہے اور ابراہیم علیہ السلام سے عرض کی: اسی جگہ پر قبلہ کی بنیاد رکھئے۔ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام نے مل کر تعمیر کا کام شروع کر دیا تھا۔

marfat.ocm
Marfat.com

یہاں تک کہ جب حجر اسود والے مقام پر پہنچے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا: کوئی سفید کا خوشنما پتھر لائیں اور یہاں نشان کے طور پر رکھ دیں۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام ایک خوشنما سفید رنگ کا خوشنما رنگ کا پتھر لے آئے۔ لیکن آپ نے فرمایا: اسے بھی زیادہ کوئی اور ہو تو بہتر ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام اس کی تلاش میں نکلے تو ابو قبیس نے پکار کر عرض کی: اے ابراہیم علیہ السلام میرے پاس ایک امانت ہے وہ لے جائیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام وہاں تشریف لے گئے۔ وہاں ایک شاندار بہشت کا یاقوتوں میں سے ایک یاقوتی پتھر موجود ہے۔ اور اسے حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے اپنے ساتھ لے آئے۔ جیسے بعض روایات میں آیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے بیت المعمور کو نیچے اتارا تو اس کے ساتھ بھیجا تھا۔ جیسے اس کی تفصیل گزری ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسے اسی مقام پر رکھا۔ پھر جب تعمیر کچھ بلند ہوئی تو ایک مربع شکل کا بادل اترا جس کا ایک سر تھا اس نے ندا دی کہ میری صورت کے مطابق ہی اس کی تعمیر کیجئے۔ یہ تھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر کی تفصیل۔

گھوڑا پہلے وحشی جانور تھا:۔

مروی ہے کہ جب باپ بیٹا دونوں کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں سواری کا گھوڑا انعام میں عطا فرمایا دراصل یہ گھوڑا پہلے دوسرے وحشی جانوروں کی طرح جنگلی جانور تھا۔

ف: مروی ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام کعبہ مکرمہ کی تعمیر کر رہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ کیا کہ میں تمہیں اپنے خزانوں میں سے ایک خزانہ عطا فرماؤں گا۔ پھر جب تعمیر مکمل ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو فرمایا: کہ پہاڑوں کی طرف جائیے وہاں دعا مانگیے۔ آپ پہاڑوں میں گئے لیکن انہیں نہ دعا مانگنا معلوم ہوا اور نہ خزانہ کا پتہ۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک صدا سکھائی۔ جب آپ نے دعا مانگی تو تمام دیارِ عرب کے گھوڑے آپ کے پاس آ گئے اور آپ کے قبضہ قدرت میں دے دیے گئے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا:

"اے لوگو! ان گھوڑوں کو سواری بناؤ اور گھاس کھلاؤ، ان میں بڑی برکتیں ہیں اور تمہارے لیے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی وراثت سے تمہیں عطا ہوئے ہیں"

marfat.ocm
Marfat.com

گھوڑے کو عربی بھی کہا جاتا ہے۔اس لیے کہ ایک تو اسماعیل علیہ السلام کو ان کے لئے دعا کا حکم دیا گیا تھا دوسرا یہ کہ عربی کی نسبت عربہ (بفتحتین) کی طرف ہے اور عربہ بمعنیٰ باحۃ العرب کیونکہ اسماعیل علیہ السلام نے عرب میں پرورش پائی تھی۔

ف: ابراہیم علیہ السلام سریانی میں بولتے اور اسماعیل علیہ السلام عربی میں۔لیکن ایک دوسرے کی بولی سمجھ جاتے۔ایک دوسرے کی بولی بول نہیں سکتے تھے۔

کعبہ کی تعمیر ثالث: قریب کی تعمیر کعبہ کا واقعہ تو مشہور ہے اور سانپ کا واقعہ بھی مشہور ہے۔وہ اس طرح ہے کہ قریش نے جب کعبہ کی تعمیر کا ارادہ کیا تو ایک سانپ اس کی تعمیر میں حائل ہوا وہ کعبہ کی پرانی عمارت کو ڈھانے نہ دیتا تھا۔تمام قریش جمع ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گڑگڑا کر عرض کرنے لگے:

''یا اللہ! تو جانتا ہے کہ ہم تیرے گھر کو سنگارنا چاہتے ہیں سوائے اس کی زیبائش کے ہمارا اور کوئی ارادہ نہیں۔اگر تو اس سے راضی ہے تو ہمیں توفیق دے ورنہ جیسے تو چاہے ہم راضی ہیں''

چنانچہ ان کی دعا مستجاب ہوء۔آسمان سے ایک موٹے سے پرندے کے اترنے کی آواز انہوں نے سنی۔دیکھا کہ وہ پرند چیل سے کچھ بڑا ہے۔اس کی پیٹھ سیاہ اور پیٹ اور پاؤں سفید ہیں۔اس نے سانپ کے سر کو چنگل میں دبایا اور اوپر لے اڑا۔قریش دیکھتے رہے کہ اس کی دُم بہت چوڑی تھی۔اس نے اس سانپ کو پہاڑوں میں جا پھینکا۔اس پر قریش نے پرانی عمارت کو منہدم کر دیا اور نئے سرے سے تعمیر شروع کر دی۔ وادیوں سے پتھر اٹھا اٹھا کر بیس گز اونچی عمارت تیار کر دی۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ:۔

زہری سے مروی ہے کہ جب وہ رکن یمانی کے مقام پر پہنچے تو ان کا آپس میں جھگڑا ہو گیا کہ حجر اسود کو وہاں رکھنے کی ہر قبیلہ کی خواہش تھی تا کہ یہ برکت انہیں حاصل ہو۔آخر طے پایا کہ جو اس کوچہ سے سب پہلے گزرے گا اسی کو فیصلہ کا حاکم ٹھہرایا جائے گا۔

چنانچہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ادھر سے گزر ہوا۔سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کو

marfat.ocm
Marfat.com

درست ماننے کے لئے تیار ہوگئے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حجر اسود کو ایک بڑے کپڑے پر رکھ دو اور اس کپڑے کو قبیلے کا سردار پکڑے یوں قبیلوں کے سردار سے اس مقام کے قریب لے آئیں۔چنانچہ وہ اس فیصہ پر راضی ہوگئے۔جب سب سے اسے اٹھا کر دیوار کے قریب کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے دست مبارک سے اٹھا کر وہاں رکھ دیا۔

ف: بعض روایات میں ہے کہ قریش کے رکن میں ایک کتاب سریانی لغت کی ملی۔لیکن اسے وہ پڑھنا نہیں جانتے تھے ان میں ایک یہودی عالم سریانی لغت کو جانتا تھا۔اس نے پڑھا تو لکھا تھا ہوا پایا: کعبہ کا مالک میں اللہ ہوں۔میں نے کبعہ اس وقت پیدا کیا جب زمین وآسمان بنائے اور سورف چاند پیدا کیے اور میں نے اس کی حفاظت کے لئے سات فرشتے مقرر کیے ہیں وہ اس وقت اس سے ہٹیں گے جب اس کی آخری تعمیر ہوگی ؛ہ اپنے اہل کے لئے مبارک اور اس کا پانی اور دودھ مبارک ہے۔

ف: حضرت ابو جعفر فرماتے ہیں کہ عمالقہ اور جرہم اور ابراہیم کے زمانے میں مکہ کا دروازہ زمین پر تھا قریش نے اسے اونچا کیا۔

حدیث شریف: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے دیوار کے بارے میں پوچھا کہ کیا یہ بھی کعبہ کے حکم میں ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں، پھر میں نے عرض کیا کہ قریش نے کعبہ کے اندر کیوں نہ داخل کیا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے پاس گنجائش نہیں تھی۔میں نے پھر کہا: اس کا دروازہ اونچا کیوں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تیری قوم قریش کی کارگزاری ہے۔اگر ان میں زمانہ جاہلیت کے تاثرات نہ پائے جاتے تو میں ان کے اس دروازہ کو توڑ کر زمین کے برابر کر کے اس کے دو دروازے مقرر کر دیتا۔ایک بجانبت مشرق، دوسرا بجانب غرب۔اور حجر اسود کی طرف سے چھ اور بڑھاتا۔ چونکہ قریشیوں نے اسی طرح تعمیر کی تو میں بھی اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔یہ تھی تعمیرِ ثالث کی تفصیل۔

تعمیر رابع:۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اہل شام سے جنگ کی۔ان کی زیادتیوں سے

Marfat.com

کعبہ کی تعمیر کچھ جل گئی۔تو آپ نے اسے گرا کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق کعبہ از سرِ نو تعمیر کیا۔اس کے دو دروازے رکھے گئے۔ایک دروازے سے لوگ داخل ہوتے اور دوسرے سے باہر نکلتے۔حجرِ اسود کے قریب سے چھ گز کا اضافہ کیا۔اس سے قبل کعبہ معظمہ کی لمبائی اٹھارہ گز تھی۔حجرِ اسود کی طرف سے تعمیر میں اضافہ کی وجہ سے اب طول میں کچھ کمی آ گئی۔نو گز کم ہو گئے۔

تعمیرِ خامس:۔ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہو گئے تو حجاج ظالم نے ان کی تعمیر کردہ عمارت کو گرانے کا حکم دیا جتنا اضافہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا تھا وہ ختم کرنے کے پہلی تعمیر قریش کی طرح کی عمارت تیار کرائی اور مغربی دروازے کو بند کرا دیا۔

تعمیر سادس:۔

مروی ہے کہ ہارون الرشید کو خیال گزرا کہ حجاج ظالم کی تعمیر کو گرا کر کعبہ کی تعمیر ویسے ہی کرائے جس کی خبر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے انہیں دی کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کعبہ معظمہ یوں تعمیر کرایا تھا۔ حضرت امام مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کام کا مشورہ کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اے ہارون! تجھے رب کعبہ کی قسم! ایسا نہ کر۔کیونکہ اس طرح ہر آنے والا بادشاہ عمارت کو منہدم کر کے پہلے کے خلاف تعمیر کرتا رہے گا یوں کعبہ معظمہ ایک مذاق بن کر رہ جائے گا اور لوگوں کے دلوں سے اس کی ہیبت نکل جائے گی۔

تعمیر کعبہ دس بار:۔

کہتے ہیں کہ کعبہ کی تعمیر دس بار ہوئی:۱:۔تعمیر ملائکہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے۔۲:۔تعمیر آدم علیہ السلام۔۳:۔آپ کی اولاد میں سے شیث علیہ السلام۔۴:۔ابراہیم علیہ السلام۵:۔عمالقہ۔۶:۔جرہم ۷:۔قصی بن کلاب۔۸:۔قریشِ مکہ۔۹:۔عبداللہ زبیر رضی اللہ عنہ۱۰:۔حجاج بن یوسف۔

ف: تعمیر کا مطلب یہ ہے کہ اس کی دیواروں کو درست کیا جاتا، نہ کہ اس کی اصل مکانیت کو۔

قولِ دیگر: حافظ سہیلی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

سارے زمانے میں اس کی تعمیر صرف پانچ بار ہوئی۔پہلی بار حضرت شیث علیہ السلام نے کی۔

marfat.ocm
Marfat.com

تعمیر کعبہ پندرہ بار:۔

حدیث شریف: پانچویں تعمیر ان پندرہ تعمیروں میں سے ہے جو اس سے پہلے ہو چکی تھیں۔ سات باران میں سے آسمانوں میں یوں ہوئی کہ ساتویں تعمیر اس کے عرش تک پہنچی۔ پھر ساتویں بار زمین تک اترنے کی تھی۔ جس کا نچلا حصہ زمین میں اور اوپر والا عرش کے نیچے بیت المعمور میں ہے۔ لیکن جہاں جہاں اس کی تعمیر ہوتی رہی وہاں اس کے ایسے ہی حرم مقرر ہوئے جیسے یہاں اس کا حرم شریف ہے۔ ان ساتوں میں سے کوئی ایک گرے تو ساتوں گرتے گرتے اس کو بھی گرادیں گے۔ جیسے زمین پر اس کی تعمیر کی جاتی ہے ویسے ہی آسمانوں میں بھی۔ اسی طرح محدث کارزونی علیہ الرحمہ نے اپنے مناسک میں ذکر فرمایا ہے۔

حدیث شریف: میں ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرش آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش سے پہلے پانی پر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک ہوا چلائی جس سے پانی متحرک ہوا تو اس کے اندر سے اس کعبہ معظمہ کے مقام سے لکڑی ظاہر ہوئی۔ ایسے معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک قبہ ہے۔ اس کا حدود اربعہ اس بیت اللہ کے مطابق تھا جیسے آج ہمارے ہاں موجود ہے۔ اسی سے اللہ تعالیٰ نے زمین کو بچھانے کا حکم دیا وہاں سے زمین پھیلتی گئی۔ اسے پھر پہاڑوں کی میخوں سے مضبوط کر دیا گیا۔ پہاڑوں میں سے سب سے پہلے ابو قبیس کو رکھا گیا۔ اسی لیے مکہ مکرمہ کو ام القریٰ کہا جاتا ہے۔

ف: حضرت کعب فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس کی تعمیر اس طریق سے فرمائی جیسے ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر فرمائی۔ ان دونوں کی تعمیر قدیمی تعمیر کے مطابق تھی۔ یعنی ملائکہ کی تعمیر پانی پر۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام جب کعبہ تعمیر کر رہے تھے کہ تو یہی کہتے تھے: رَبَّنَا اے ہمارے رب تَقَبَّلْ مِنَّا ہم سے قبول فرما۔

مسئلہ: دعا وغیرہ منجملہ ان قربتوں اور طاعتوں سے ہے کہ تَقَبَّلْ تکلفات کے افعال سے ہے کہ ہمارا عمل تو ناقص ہے مگر تو اپنے فضل وکرم سے قبول فرما اور قبول اس استعمال میں نہیں آتا۔ اس میں اشارہ ہے کہ ہم اپنے

marfat.ocm
Marfat.com

عمل میں عجز وانکساری اور قصور کا اعتراف کرتے ہیں۔

اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بیشک تو تمام مسموعات کو سنتا ہے منجملہ ان کے ہماری اس دعا وتضرع کو بھی تو سننے والا ہے۔ تو تمام معلومات کو جانتا ہے۔ منجملہ ان کے ہماری نیتیں بھی، جو ہمارے اعمال میں پائی جاتی ہیں۔

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ ان سے اللہ تعالیٰ کے کسی حکم میں کمی تو کوئی واقع نہیں ہوئی تھی بلکہ ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے فرمان کی تعمیل میں پوری ہمت سے کام لیا ورنہ وہ اتنی جرأت کب کرنے والے تھے کہ اے نہایت کھلے الفاظ سے اور دل کی گہرائیوں سے کیسے کہتے کہ تو ہی سن رہا ہے اور تو ہی جانتا ہے۔

مسئلہ : آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب کوئی بندہ مامور بہ کی تعمیل سے فارغ ہو جائے اور اپنی وسعت کے مطابق اس میں خلوص سے حکم کی تعمیل ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تضرع کا اظہار کرے تا کہ اس سے وہ عمل قبول ہو جائے اور اس کے منہ پر نہ مارا جائے اور اس کی تمام کوششیں ضائع نہ ہو جائیں۔

مسئلہ : کچھ ضروری نہیں کہ ہر عمل اگر چہ بڑی کوشش سے کیا جائے وہ قبول ہو جائے کیونکہ اگر ایسی بات ہوتی تو وہ حضرات اس قسم کی دعا نہ مانگتے۔ کیونکہ قبول کرنا نہ کرنا اس ذات کے ارادہ مقدسہ پر منحصر ہے۔ اس پر کوئی شئے واجب نہیں۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ یعنی اے رب! ہمیں اپنا مخلص بنا دے۔ مسلم سے وہ شخص مراد ہے جو اپنی ذات اور نفس کو اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے خالص کر دے۔ یعنی جسم وجان اور زبان ودل سے عجز وزاری کا اظہار کرے اور اس کی تعظیم جیسی کسی اور کی نہ کرے اور یہ عقیدہ رکھے کہ میری ذات وصفات وافعال ہر لحاظ سے اللہ کی ملک ہیں۔ وہی ان کا خالق ہے۔ کسی دوسرے کو اس میں دخل نہیں۔ یا یہ معنیٰ ہیں کہ یا اللہ! ہمیں اپنا فرماں بردار بنا کہ ہم اپنے مقدور بھر تیری رضا کے سوا اور کوئی کام نہ کریں۔ تیرے احکام کی ادائیگی میں حجت بازی سے کام نہ لیں۔

قاعدہ: جب لفظ اسلام کے بعد سلام آئے تو وہاں اسلام بمعنیٰ فرمانبردار اور رضا طلبی مراد ہوتی ہے۔

سوال: جب وہ دونوں حضرات اس دعا کے وقت نہایت درجہ کے فرمانبردار مخلصین تھے تو پھر دعا مانگنے کا کیا معنیٰ؟

جواب: اخلاص وتوجہ کی زیادتی اور اس پر ثابت قدمی مطلوب تھی۔ اس سے لوگوں کو تعلیم بھی ہے کہ اپنے ایمان پر

marfat.ocm
Marfat.com

ثابت قدمی کی دعائیں مانگیں۔ کیونکہ وہ حضرات جبکہ ہر طرح سے معصوم اور مصئون و مامون تھے لیکن ثابت پھر بھی ثابت قدمی کی دعا مانگ رہے ہیں تو ماوشما کہاں! باوجودیکہ ہم ہر طرح سے معرضِ نقصان میں ہیں۔ پھر اس فرماں برداری پر ثابت قدمی بھی مقصود تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی دعا مستجاب ہوئی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نار گلزار بن گئی اور اسماعیل علیہ السلام ذبح ہونے سے بچ گئے۔

وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ اور ہماری اولاد میں سے ایک جماعت کو اپنی فرمانبردار بنا تاکہ وہ تیری عبادت میں مخلص ترین ثابت ہوں۔

سوال: صرف اولاد کے لئے دعا مانگنے کا کیا معنیٰ، حالانکہ ایسے حضرات کے ظرف تو وسیع ہوتے ہیں بالخصوص انبیاء علیہم السلام کہ ان کو ہر عام وخاص کو اپنی دعا میں شامل کرنا چاہیے۔

جواب :۱:۔ شفقت کے لحاظ سے اولاد کو ترجیح دی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا اولاد کی تخصیص سے اپنے ثواب میں اضافہ مقصود تھا۔

حدیث شریف: جو شخص اپنی ایسی اولاد چھوڑ جائے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت گزار ہو اسے قیامت تک اس کے ثواب سے ثواب ملتا رہے گا۔

۲:۔ بظاہر اس میں اولاد کی تخصیص ہے لیکن درحقیقت یہ دعا سب کو شامل ہے اس لیے کہ انبیاء علیہم السلام کی اولاد کی اصلاح عوام کی اصلاح کا ذریعہ بنتی ہے۔ گویا یوں دعا کی ہے: یا اللہ! ہماری بعض اولاد کی اصلاح عوم کی اصلاح کا ذریعہ بنا۔

سوال: اولاد میں سے بعض کی تخصیص کیوں؟

جواب : ان کو معلوم تھا کہ ان کی اولاد میں سے بعض نیک ہوں گے بعض بد۔ اس سے قبل اللہ تعالیٰ نے بھی فرمایا لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔

ف: اللہ تعالیٰ کی حکمت نے چاہا کہ عالمِ دنیا میں تین قسم کے آدمی ہوں۔

۱:۔ افاضل۔ ۲:۔ اوساط۔ ۳:۔ اراذل۔

افاضل:۔ تو وہ اولیاء اللہ ہیں جو اس کی اطاعت میں ہر ساعت سرگرم ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

اوساط:۔ وہ جنہیں آخرت کا خوف ہے، گناہوں سے اجتناب کرتے ہیں تو جہنم کے خطرہ سے اور نیکی کرتے ہیں تو بہشت کی لالچ میں۔

اراذل:۔ وہ ہیں جو شب وروز دنیوی امور میں منہمک ہیں جنہیں آخرت کی کوئی فکر نہیں۔ وہ اسی کوشش میں ہیں کہ دنیا کے کاروبار خوب چلیں اور اسباب فراوانی سے ہوں۔

ف: دنیا کی تعمیر تین چیزوں سے ہے:

ف: دنیا کی تعمیر تین چیزوں سے ہے:

ا:۔ زراعت وباغبانی۔ ۲:۔ حمایت وحرب۔ ۳:۔ ایک شہر سے دوسرے شہر سامان کی نقل وحرکت۔ جو بھی ان تینوں کاموں میں الجھ گیا اسے آخرت بالکل یاد نہیں رہے گی۔ جو دنیاوی مشاغل میں اس قدر پھنس گیا کہ آخرت کو بھلا ہی دیا تو یوں سمجھو کہ اس نے جہالت کا ٹھیکہ لے لیا ہے۔ اسی لیے عربی مقولہ ہے: لولا الحمقی لخربت الدّنیا (اگر احمق دنیا میں نہ ہو تو دنیا خراب ہو جائے) مثنوی شریف میں ہے:

ایں جہاں ویراں شدے اندر زماں — حرصہا بیروں شدے از مردماں
ایں عالم اے جانِ غفلت است — ہوشیاری ایں جہاں رافت است
ہوشیاری زاں جہاں است وجواں — غالب آید پست گردد ایں جہاں
ہوشیاری آفتاب وحرص یخ — ہوشیاری آب وایں عالم وسخ

ترجمہ: ا:۔ یہ جہاں برباد ہو جاتا اگر لوگوں کے دلوں سے حرص نکل جاتی۔

۲:۔ یہ جہاں سراسر غفلت ہے ہوشیاری اس عالم کے لئے آفت ہے۔

۳:۔ ہوشیاری سے جہان جوان ہے، غالب آئے گی تو جہان ویران ہوگا۔

۴:۔ ہوشیاری آفتاب ہے اور حرص یخ، ہوشیاری پانی ہے اور جہان میل کچیل۔

وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا مناسک، منسک کی جمع ہے۔ منسک بفتح السین و کسرھا یعنی ہمیں منسک کے مقامات دکھا اور ہمارے مقتدرات کی خبر دے۔ یعنی ان مقامات کی اطلاع دے جہاں حج کے افعال ادا کیے

marfat.ocm
Marfat.com

جاتے ہیں۔یعنی وہ مواقیت جہاں سے احرام باندھا جاتا ہے اور وہ جگہ جہاں عرفات میں ٹھہر کر دعا کی جاتی ہے اور طواف اور صفا و مروہ اور ان کے مابین سعی کی جگہ اور رمی جمار وغیرہ۔یا مناسک سے یہاں صرف حج کے افعال مراد ہیں نہ کہ اس کے مقامات۔بایں معنیٰ کہ منسک مصدر میمی ہو نہ کہ اسم مکان اور اس کا جمع ہونا باعتبار مختلف انواع کے ہے اور اَرِنَا عرفنا ہے کیونکہ افعال حج کی آنکھ سے نہیں دیکھے جاتے بلکہ قلب کی آنکھ سے دیکھے جاتے ہیں۔اور نسک اللہ تعالیٰ کی عبادت کو کہتے ہیں۔اب حج کے افعال میں استعمال ہوا ہے۔اسی لیے حج کے افعال نہایت مشقت بھرے ہیں کہ تکلیف اور جدوجہد کے بغیر ادا نہیں ہو سکتے۔ وَتُبْ عَلَيْنَا جو صغار یا خلاف اولیٰ ہم سے سرزد ہوا اس کی توبہ قبول فرما، یا ہماری اولاد سے جو کبائر واقع ہوئے ہیں ان کی توبہ قبول فرما۔یہ جملہ آپ نے کسی تفسیر سے کہا ہے یا اپنی اولاد کی رہبری کے لئے فرمایا ہے کیونکہ جب انہوں نے بیت اللہ شریف کی تعمیر کا ارادہ فرمایا تو یہ مقصد مدِ نظر رکھا تھا کہ لوگوں کو نیکی کا طریقہ معلوم ہو جائے اور انہیں پتہ چل جائے کہ اس گھر کے متعلق جتنے افعال واعمال کیے جائیں گے سب میں مقصدِ اعلیٰ گناہوں سے بچنے اور ان سے توبہ کرنے کے طریقے بتائے جائیں گے۔

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ بیشک تو توبہ قبول کرنے والا رحیم ہے۔توبہ کا لغوی معنیٰ ہے رجوع کرنا اور اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی نسبت ہو تو بمعنیٰ بندہ کی توبہ قبول کرنا اور اس میں اپنی طرف رجوع کرنے کی توفیق اور گنہگاروں کے دل میں رجوع الی اللہ کی توفیق ڈالنا اور اس کے ظاہری اعضاء کو طاعات کی زینت بخشنا بعد اس کے کہ اس نے انہیں گناہوں اور غلطیوں سے ملوث کر دیا ہے۔

ف: تواب مبالغہ کا صیغہ ہے۔اللہ تعالیٰ پر اس کا اطلاق اس لیے ہوتا ہے کہ یہ فعل اس سے بکثرت ہوتا ہے اور اپنے بندوں کے گناہ کثرت سے معاف کرتا ہے۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ اے اللہ! ان میں بھیج یعنی ہماری اولاد کی جماعت امتِ مسلمہ میں سے رَسُوْلًا مِّنْهُمْ انہی کے نفسوں میں سے۔مِّنْهُمْ کی قید بڑھانے سے یہ فائدہ ہے کہ ضروری نہیں ہوتا کہ ان میں کوئی رسول تشریف لائے اور ان کی اولاد میں سے نہ ہو۔ان دونوں کی اولاد میں سے سوائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی اور تشریف نہیں لایا یہ ان کی دعا کی قبولت کی نشانی ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اسی وقت فرمادیا کہ ہم نے تم دونوں کی دعا قبول فرمائی ہے۔ چنانچہ تمہاری منشاء کے مطابق آخرالزمان نبی علیہ السلام تشریف لائیں گے۔

حدیث شریف: ''میں اس وقت سے اللہ تعالیٰ کے ہاں خاتم النبین لکھا جاچکا ہوں جبکہ آدم علیہ السلام اپنے گارہ میں تھے اور میں تمہیں اپن اول امر کی خبر دیتا ہوں، تمہیں معلوم ہو کہ میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعاؤں سے آیا ہوں اور میں وہی ہوں جس کی خوشخبری حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سنائی تھی اور میں وہی نور ہوں جبکہ میری والدہ ماجدہ نے مجھے جنتے وقت دیکھا کہ اس نور کی وجہ سے شام کے محلات روشن ہوگئے'' اور دعوتِ ابراہیم سے مراد یہی دعا ہے جو آیت میں مذکور ہوئی کہ ابراہیم علیہ السلام نے دعا مانگی کہ اللہ تعالیٰ بنی اسماعیل میں ایسا ہی نبی بھیجے۔

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ ان پر تیری آیات پڑھیں۔ یعنی انہیں تیری توحید اور اپنی نبوت کی تبلیغ کریں جو تو انہیں حکم فرمائے وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ اور انہیں ان کے نظریہ کی قوت کے مطابق قرآن پاک کی تعلیم دیں۔ وَالْحِكْمَةَ اور حکمت اور ایسے اعمال کہ جن سے معارفِ حق سے ان کے نفوس مکمل ہوں اس سے احکامِ شریعت مراد ہیں۔

ف: حضرت ابن رزید فرماتے ہیں کہ جس کلمہ سے نصیحت نصیب ہو اور وہ عمل جو عزت کی طرف لے جائے اور برے اعمال سے روکے وہی حکمت ہے۔

وَيُزَكِّيْهِمْ ان کی قوتِ عملیہ کے مطابق ان کا تزکیہ فرمائیں۔ یعنی انہیں شرک کی غبار سے بچائیں اور گناہوں کی خرابیوں سے دور رکھیں۔ گناہوں کا صدور ترک واجبات یا برائیوں کے ارتکاب سے۔

ربط: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تین دعائیں مانگ کر ان کو اللہ تعالیٰ کی ثنا پر ختم کیا۔

چنانچہ کہا: اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ بیشک وہ غالب ہے کہ جس پر کسی دوسرے کے غلبے کا امکان ہی نہیں بلکہ تو وہ ہے جس پر چاہے غلبہ کرسکتا ہے۔ الْحَكِيْمُ وہ حکیم کہ اس کا ہر کام حکمت اور مصلحت سے خالی نہیں۔ وہ سب پر غالب ہے اور باقی سب اس کے عاجز بندے ہیں۔ وہ اپنی ذات کو خود ہی جانتا ہے اس کے سوا اور کون جانے، بلکہ بندے تو اپنی حقیقت سے بھی بے خبر ہیں۔

حضرت امام غزالی علیہ الرحمہ شرح اسماء الحسنیٰ میں فرماتے ہیں عزیز'' وہ ہے جس کا ثانی ممتنع ہو اور اسی کے

marfat.ocm
Marfat.com

آگے ہر حاجت پیش کی جائے۔لیکن اس کی طرف پہنچنا مشکل ہو۔جس میں یہ تین اوصاف نہ ہوں اسے عزیز کہنا ٹھیک نہیں۔ بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن کا ثانی ملنا مشکل تو ہوتا ہے لیکن وہ ایسی نہیں کہ ان کی طرف حاجات پیش کیے جاسکیں۔ جب وہ ایسے ہو تو ان کے وجود سے اتنے بڑے منافع بھی حاصل نہیں ہوسکیں گے۔ اسی لیے انہیں عزیز کہنا مناسب نہ ہوگا۔ بہت سی چیزیں ایسی بھی ہیں جن کی شان تو بہت بلند ہیں اور ان کے وجود سے فوائد بھی بہت حاصل ہوتے ہیں اور ان کی نظیر ملنا بھی مشکل ہے اور ان تک پہنچنا بھی دشوار، تاہم انہیں عزیز نہیں کہا جاسکتا۔ مثلاً سورج، اس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔اسی طرح زمین ان دونوں (سورج اور زمین) سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں اور ان کی حاجت بھی ہے لیکن انہیں عزیز سے موصوف نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ ان کے مشاہدات کی طرف پہنچنا کچھ مشکل نہیں۔اس سے ثابت ہوا کہ مذکورہ تین امور ان کے لئے ضروری نہیں پھر ان میں کمال ونقص کا اعتبار بھی ہے۔ مثلاً قلتِ وجود کو دیکھئے کہ یہاں آخری وجود کا ورود نہ ہونے کے بعد۔ کوئی عدد ہے ہی نہیں۔ پھر وہ ایسا واحد کہ اس کی نظیر ممتنع ہے اور وہ صرف باری تعالیٰ ہے اور بس۔ سورج بھی اگرچہ وجود میں ایک ہے لیکن اس کا ثانی پایا جانا دائرہ امکان میں ہے۔اسی طرح وہ عزیز ایسا ہو کہ اس کی طرف ہر شے کا رجوع ہو۔ یہاں تک کہ ہر شے اپنے وجود اور بقا اور صفات کی وجہ سے اس کی محتاج ہو۔ یہ کمال صرف اللہ تعالیٰ کی ذات میں ہے اس سے ثابت ہوا کہ مطلقاً عزیز وہی ذاتِ حق ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔

ف: اس کے بندوں میں بھی بعض حضرات عزیز ہیں کہ جن کی طرف عام بندوں کو ان کی احتیاج ہے کہ وہ اپنے اہم امور میں ان کی خدمت میں اپنی حاجات پیش کرتے ہیں۔ خصوصیات حیاتِ خرویہ اور سعادات ابدیہ کے بارے میں اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کے بندوں میں قلیل ہیں جن کی طرف پہنچنا مشکل ہے اور یہ مرتبہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا ہے اور ان کے مرتبہ کے قریب قریب وہ حضرات بھی ہیں جو ان کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں جیسے خلفاء راشدین اور ان کے وارثین اور ان کا یہ مرتبہ ان کے حسب استعداد ہوتا ہے۔ جتنا ارشاد خلق اور طاعاتِ حق میں تکلیف اٹھاتے ہیں اتنا ہی یہ شان ملتی ہے۔

ف: حکمت کا مطلب یہ ہے کہ اجل الاشیاء یعنی ذاتِ باری تعالیٰ کی معرفت اجل العلوم سے حاصل ہو اور اس ذات کی کنہ سے تو ادراک عاجز ہے اور وہی حکیم مطلق ہے جو اپنے اجل العلوم کو جانتا ہے اور اس کا اجل العلوم

marfat.ocm
Marfat.com

علم ازلی اور دائمی ہے کہ جس کا زوال ممتنع ہے اور وہ معلوم کے مطابق علم رکھتا ہے جس میں خفاء اور شبہ کا شائبہ تک نہیں اور یہ سب اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے۔ مجازاً اور کو حکیم کہا جاتا ہے۔ جو صناعات کے دقائق سے واقف اور ان کی صنعت میں پختگی رکھتا ہو۔ لیکن کما صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے۔ ورنہ مجازی حکم میں کئی نقائص ہوتے ہیں۔

مسئلہ : جو صناعات کی حقیقت سے تو واقف ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے عرفان سے محروم ہو وہ بھی (شرعاً) حکیم نہیں کیونکہ وہ اجل اور افضل اشیاء کے عرفان سے خالی ہے۔ **مسئلہ** : حکمت اجل العلوم سے ہے۔

مسئلہ : حکمت معلوم کی قدر کے مطابق ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے کون زیادہ اجل ہو سکتا ہے۔

مسئلہ : جسے عرفان حاصل ہے (حقیقتاً) وہی حکیم ہے اگر چہ وہ رسمی علوم سے غیر واقف ہو اور بولنے میں اتنی مہارت نہ رکھتا ہو یعنی ولی اللہ۔

مسئلہ : بندہ کی معرفت کی نسبت کو اللہ تعالیٰ کی اپنی ذات کو جاننے کے مابین بہت بڑا فرق ہے۔ کہاں بندہ کا عرفان اور کہاں خلاق کون ومکان کا اپنی ذات کا عرفان۔ باوجود اس کے یہ بندہ نفیس ترین عارف سمجھا جاتا ہے۔ بلکہ اسے ہی ہر بھلائی کا مرکز سمجھا جائے۔ کیونکہ جسے ایسی حکمت دی جاتی ہے وہ خیر کثیر کا مجمع ہوتا ہے۔ لیکن اسے عقل والوں کے سوا اور کون جانے۔ مگر جو اللہ تعالیٰ کا عرفان رکھتا ہو اس کا کلام عام حکماء کے خلاف ہوتا ہے۔ اس کا کلام تو عین حکمت کے مطابق ہوتا ہے۔ وہ وقتی منافع کا خواہاں نہیں ہوتا۔ اسے تو وہ چاہیے جو آخرت میں اسے نفع دے۔ چونکہ عوام کی نظروں میں رسمی حکماء کی باتیں مفید نظر آتی ہیں اور عارف کا کلام سمجھ نہیں آتا اسی لیے رسمی حکیم پر حکمت کا اطلاق کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے وہ منطقی کو بھی حکیم کہتے ہیں۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حکمت کا سرتاج خوف خدا ہے اور جو اپنے نفس کو حقیر سمجھے اور آخرت کے لئے ہر وقت تیار رہے اور جو اپنے نفس کو اپنی خواہشات کا تابع نہ بنائے وہ عاجز بندہ ہے اور اللہ تعالیٰ سے وہ مانگتا ہے جو بالکل کچھ نہیں اور اعلیٰ بندوں کو اپنے اوپر ترجیح دیتا ہے۔ نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت کرے۔ قناعت ایسا مال ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔ صبر ایمان کا نصف ہے۔ یقین سارے کا سارا ایمان ہے'' مذکورہ جملے حکمتیں ہیں اور ان کا عامل حکیم ہے۔

امام غزالی کی تقریر شرح اسماء الحسنیٰ یہاں ختم ہوئی۔

marfat.ocm
Marfat.com

خلاصہ تفسیر: آیت میں اشارہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو بھیجنے میں حکمت میں ہے۔ وہ ایک ایسی مصلحت ہے جو انجام بخیر کی طرف پہنچاتی ہے کیونکہ ان حضرات کے صدقے ہی ظاہر و باطن سنورتا ہے اور عالم کا نظام انہی کی بدولت صحیح رہتا ہے مگر ان کے درجہ اولیاء کاملین کو بھی ان کی تعلیم کے صدقے یہ مرتبہ حاصل ہے کہ وہ عوام کی صحیح رہنماء کریں۔ عوام کو مرشد کی بیعت ضروری ہے تا کہ ان کے ذریعے منزلِ مقصود تک پہنچ سکیں۔ جس کا کوئی مرشد نہ ہو اس کا مرشد شیطان ہوتا ہے۔ حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

عشق منہ بے دلیل راہ قدم کہ من بخویش نمودم صد اہتمام نشد

ترجمہ: عشق میں رہبر کے بغیر قدم رکھنا میں نے اس کے لئے ہزاروں اہتمام کیے تو منزل پر پہنچا۔

مسئلہ: مرشد کامل اس کی رہبری کرتا ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے۔ وہ کسی کو اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر منزلِ مقصود تک نہیں پہنچاتا۔ پھر وہ ایسی صفائی کرتا ہے کہ مرید کو غیر اللہ کی توجہات سے ہٹا دیتا ہے اور ایسے انفسیہ اور آفاقیہ کے اسرار سے واقف کراتا ہے تا کہ مرید کو اہلِ یقین کا درجہ نصیب ہو اور وہ بھی نعیم روحانی سے حظ وافر حاصل کر کے اولیاء اللہ کے زمرہ میں داخل ہو جائے۔ وَيُزَكِّيهِمْ کا اشارہ انہی سلوک کی منازل کی طرف ہے۔

سبق: سالک کو چاہیے کہ یہ اسباق یاد کر لے۔ یہ اس کے لئے بہت مفید ہیں۔

اے اللہ! ہمیں ان راستوں سے بچا جو تجھ تک پہنچنے سے روکیں کیونکہ ہر امید کی پناہ گاہ تیری درگاہ ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ

اورابراہیم کے دین سے کون منہ پھیرے سوااس کے جو دل کا احمق ہے اور بیشک ضرور

اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

ہم نے دنیا میں اسے چن لیا بیشک وہ آخرت میں ہمارے خاص قرب کی قابلیت والوں میں ہے ۔

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصّٰى

جبکہ اس سے اس کے رب نے فرمایا گردن رکھ عرض کی میں نے گردن رکھی اس کے لئے جو رب ہے سارے جہان کا۔اور اسی دین کی وصیت

بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ

کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کواور یعقوب نے کہ اے میرے بیٹو بیشک اللہ نے یہ دین تمہارے لئے

الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ

چن لیا تو نہ مرنا مگر مسلمان ۔ بلکہ تم میں کہ خود موجود تھے

اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

جب یعقوب کوموت آئی جب کہ اس نے اپنے بیٹوں سے فرمایا تمہارے بعد کس کی

بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

پوجا کروگے بولے ہم پوجیں گے اسے جو خدا ہے آپ کا اور آپ کے آباء ابراہیم واسمٰعیل کا

وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ

اوراسحٰق کا ایک خدا اور ہم اس کے حضور گردن رکھتے ہیں ۔ یہ ایک امت ہے

قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا

کہ گزر چکی ان کے لئے ہے جو انہوں نے کمایا اورتمہارے لئے ہے جوتم کماؤاور ان کے کاموں کی تم سے

marfat.ocm
Marfat.com

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ

پرستش نہ ہوگی۔اور کتابی بولے یہودی یانصرانی ہوجاؤ راہ پاؤگے تم فرماؤ بلکہ ہم تو

مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا

ابراہیم کادین لیتے ہیں جوہر باطل سے جداتھے اور مشرکوں سے نہ تھے ۔ یوں کہوکہ ہم ایمان لائے

بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف اترا اورجو اتارا گیا ابراہیم واسمٰعیل واسحٰق

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ

ویعقوب اوران کی اولاد پر اورجوعطاکئے گئے موسیٰ وعیسیٰ اورجو عطاکئے گئے

النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ

باقی انبیاء اپنے رب کے پاس سے ہم ان میں کسی پر ایمان میں فرق نہیں کرتے اورہم اللہ کے حضور

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ

گردن رکھے ہیں ۔پھر اگر وہ بھی یوں ہی ایمان لائے جیسا تم لائے جب تو وہ ہدایت پاگئے اوراگر

تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ

منہ پھیریں تو نری ضد میں ہیں تواے محبوب عنقریب اللہ ان کی طرف سے تمہیں کفایت کرے گا اور وہی سنتا

الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ

جانتا ہے ۔ ہم نے اللہ کی رنگی لی اور اللہ سے بہتر کس کی رنگی اورہم اسی کو

عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ

پوجتے ہیں۔ تم فرماؤ کیا اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی اورہماری

marfat.ocm
Marfat.com

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ اَمْ

کرنی ہمارے ساتھ اورتمہاری کرنی تمہارے ساتھ اور ہم نرے اسی کے ہیں۔ بلکہ تم یوں

تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

کہتے ہو کہ ابراہیم واسمٰعیل واسحٰق ویعقوب

وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ

اوران کے بیٹے یہودی یانصرانی تھے تم فرماؤ کیا تمہیں علم زیادہ ہے یا اللہ کو

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

اور اس سے بڑھ ظالم کون ہے جس کے پاس اللہ کی طرف گواہی ہواور وہ اسے چھپائے اور خدا تمہارے

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ

کرتوتوں سے بے خبر نہیں۔ وہ ایک گروہ ہے کہ گزر گیا ان کے لئے ان کی کمائی

وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾

اورتمہارے لئے تمہاری کمائی اور ان کے کاموں کی تم سے پرسش نہ ہوگی۔

تفسیر عالمانہ

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ، مَنْ استفہامیہ ہے اس سے انکار وتقریع مراد ہے۔ یعنی مَنْ استفہامیہ وتقریعیہ ہے۔

ف: رَغِبَ کا صلہ جب لفظ فی آئے تو اس کا معنی ارادہ کرنا ہوگا۔ اگر اس کا صلہ عن آئے تو اس کا معنی ترک کرنا ہوگا۔ یعنی ابراہیم علیہ السلام کے دین کو نہ ترک کرے اور نہ ہی اس کی شریعت وطریقت سے کوئی اعراض کرے۔ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ مگر جس نے اپنے نفس کو ذلیل وخوار کیا۔ نَفْسَهٗ کا منصوب ہونا مفعول بہ کی وجہ سے ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

شانِ نزول: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے اپنے بھتیجوں سلمہ اور مہاجر کو اسلام کی طرف بلایا اور فرمایا کہ تورات میں موجود ہے کہ میں اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے ایک پیغمبر بھیجوں گا جس کا اسم گرامی احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا جو ان پر ایمان لائے گا وہ ہدایت پائے گا اور جو انکار کرے گا وہ ملعون ہوگا۔ سلمہ نے اسلام قبول کر لیا لیکن مہاجر نے انکار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا قسم ہے اللہ کی ہم نے ابراہیم کو نبوت و حکمت میں تمام مخلوق سے چن لیا۔

وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ اس کا تعلق لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ سے ہے۔ یعنی وہ آخرت میں ان لوگوں سے ہیں جن کی صلاح و خیر اور ثبات علی الاستقامۃ کی شہادت دی گئی ہے اور جس شخص کی دنیا میں آخرت کے لئے چناؤ کی گواہی دی گئی ہو اس کی اتباع کی جانی چاہیے۔ اس کی اتباع سے سوائے اس بیوقوف کے کوئی اعراض نہیں کرے گا جو اصل خلقت کے لحاظ سے بے عقل ہے۔ وہ عمداً جاہلوں جیسے اعمال کرتا ہے اور اپنے اختیار سے اور اپنے نفس کو ذلیل و خوار کرتا ہے۔ جہالت کی وجہ سے اور نظر و تامل سے اعراض کر کے وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ دے میں اس کے حسنِ خاتمہ اور اس کے وعدہ کی بشارت سے ورنہ بہت سے لوگ ہیں جو پہلے وقت تو صالح رہے لیکن ان کا انجام برا رہا اور آخرت میں سخت عذاب میں مبتلا ہوئے۔ جیسے بلعم بر صیصا، قارون، ثعلبہ۔

اِذْ قَالَ لَهٗ کی ظرف اور تعلیل ہے۔ جب اسے کہا: رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ اپنے دین کو اپنے رب کے لئے خالص کرو اور اس کے دین پر ثابت قدم رہو۔ یہ اس وقت ہے جب آپ نے غار سے نکل کر ستاروں اور سورج کو دیکھا تو ان کے دل میں اللہ تعالیٰ نے اخلاص الہام فرمایا: قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ میں نے اس کے لئے اپنا دین خالص کیا۔ چنانچہ فرمایا: اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ الآیۃ۔ جس کا انہیں حکم دیا گیا اسے خلوص اور فرمانبرداری سے پورا کیا اور اپنے قول پر مستقل رہے۔ اپنا جسم و جان اور مال و اولاد سب اسی کے سپرد کر دیا اور جب انہیں جبریل علیہ السلام نے سجدے میں گرتے دیکھا تو فرمایا: اگر کوئی حاجت ہو تو بتایئے۔ آپ نے فرمایا: اگرچہ ضرورت ہے لیکن تجھ سے نہیں۔ جبریل علیہ السلام نے کہا: تو پھر اسی سے سوال کیجئے۔ آپ نے فرمایا: اس کا علم میرے حال کو محیط ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کی ولادت کا واقعہ:۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ آپ کی ولادت نمرود بن کنعان کے زمانہ میں

marfat.ocm
Marfat.com

ہوئی۔نمرود پہلا بادشاہ ہے جس نے تاج سر پر رکھا اور لوگوں کو اپنی عبادت کا حکم دیا۔اس نے نجومی اور کاہن رکھے ہوئے تھے۔انہوں نے خبر دی کہ اسی سال ایک لڑکا تیرے شہر میں فلاں طرف سے پیدا ہونے والا ہے جو اہلِ ارض کے دین کو تبدیل کر کے تجھے ہلاک کر دے گا اور تیرا ملک بھی چھین لے گا۔نمرود نے سنتے ہی اسی سال شہر کی اس جانب کے تمام نومولود بچے ہلاک کرنے کا حکم دے دیا۔جب ابراہیم علیہ السلام کی ولادت کا وقت قریب ہوا تو آپ کی والدہ ماجدہ وہاں سے بھاگ کر ایک خشک نہر میں پہنچیں۔اس خطرہ سے کہ شاید بچے کو ذبح کر دیا جائے۔جب آپ پیدا ہوئے تو ماں نے ایک کپڑے میں لپیٹ کر حلفاء میں رکھ دیا۔حلفاء ایک گھاس کا نام ہے جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔جسے ترکی زبان میں حصیر قمشی کہتے ہیں۔واپس آ کر آپ کے باپ کو اطلاع دی اور بتایا کہ بچہ فلاں جگہ پڑا ہے۔انہوں نے وہاں جا کر بچے کو اٹھایا اور زمین میں ایک گڑھا کھود کر مکان کی طرح بنا کر ابراہیم علیہ السلام کو اس میں چھپا دیا تا کہ درندوں سے محفوظ رہیں۔اور اس گڑھے کے اوپر پتھر رکھ دیا۔آپ کی والدہ ماجدہ روزانہ آ کر آپ کو دودھ پلا جاتیں۔شباب و قوت کے لحاظ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ایک دن دیگر لڑکوں کی نسبت ایک ماہ کے برابر ہو جاتا تھا اور ایک ماہ سال کے برابر۔آپ اس غار میں پندرہ ماہ یا سات یا اس سے زائد رہے۔جب آپ اس غار میں نوجوان ہوئے۔اپنے ماں سے پوچھا: میرا رب کون ہے؟ والدہ نے کہا: میں ہوں۔آپ نے پوچھا: تیرا رب کون ہے؟ اس نے کہا: تیرا باپ۔آپ نے فرمایا: اس کا رب؟ بی بی نے فرمایا: چپ رہو۔اس کے بعد واپس چلی گئی۔اور اپنے شوہر کو کہا کہ واقعی بات سچی ہوئی کہ جو بچہ اہل ارض کے دین کو تبدیل کر دے گا وہ یہی ہے۔آپ کا سارہ گزشتہ واقعہ سنایا۔پھر آپ کے باپ یعنی چچا آذر آئے۔ابراہیم علیہ السلام نے انہیں فرمایا: تیرا رب کون ہے؟ کہا: نمرود۔آپ نے فرمایا: نمرود کا رب کون ہے؟ آذر نے آپ کے منہ پر طمانچہ دے مارا اور کہا: چپ ہو جاؤ۔پھر رات ہوئی تو غار کے دروازے کے قریب ہو کر پتھر کے سوراخ میں سے آسمان اور اس کے مافیہا (یعنی ستاروں وغیرہ) کو دیکھ کر آسمان و زمین کی پیدائش میں تفکر کیا اور کہا: بیشک وہ ذات جس نے مجھے پیدا کیا مجھے روزی اور پانی عطا کیا میرا رب ہے۔میں اس نے ماسوا کی پرستش ہرگز نہیں کروں گا۔پھر آسمان کو دیکھ کر ستارے پر غور فرما کے سوچا کہ یہی میرا رب ہے۔اسے دیکھتے رہے حتی کہ وہ غائب ہو گیا تو فرمایا: میں گم ہونے والے سے محبت نہیں کرتا۔پھر چاند کو دیکھا پھر سورج کو۔وہ بھی غائب ہو گئے تو آپ نے وہی فرمایا: جو ستاروں کے بارے میں فرمایا تھا۔

ف: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ کو بعض نے اس کے ظاہر پر محمول فرمایا ہے۔بعض فرماتے ہیں کہ چونکہ اس

marfat.ocm
Marfat.com

وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام توحید کی تلاش میں تھے اس لیے یہ کہہ دیا، بنابریں ان کا یہ کہنا کوئی غلطی نہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے توحید کی راہ کھول دی۔ ازراہِ استدلال اس میں کوئی برائی نہیں۔ بعض نے فرمایا کہ آپ اس وقت بچے تھے اور بچے مرفوع القلم ہوتے ہیں لہٰذا ان کا یہ کہنا کفر نہ ہوگا۔ متاخرین نے ان تقریروں کا انکار کیا ہے۔ اس لیے کہ جب یہ کلمات کفریہ ہیں تو پھر ان سے کیسے متصور ہوسکتا ہے کہ وہ عقیدہ رکھیں کہ یہ ستارے وغیرہ خدا ہیں اور یہ عقیدہ ہمیشہ کفر ہے خواہ طفولیت کا دور ہو یا بعد کا۔ انہوں نے اس کا مطلب کچھ اور بیان کیا ہے۔ جس کی تفصیل امام محی السنۃ کی تفسیر سورہ انعام میں موجود ہے۔

خلاصہ تفسیر:۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے رب کو پورت طور مانا اور وہ صحیح راستہ پر تھے۔ لہٰذا اب جو بھی ان کی اقتدا نہ کرے گا وہ احمق ہوگا۔ یعنی جیسے انہوں نے انفس وآفاق میں تفکر کیا ویسے کرنا چاہیے۔

کما قال تعالیٰ: وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

ف: سفاہت بمعنی جہالت وضعف الرائی۔ ہر سفیہ جاہل کرتا ہے کیونکہ جو غیر اللہ کی پرستش کرتا ہے اس جیسا احمق اور کون ہوگا اس نے یہ نہ جانا کہ ہم سب کا خالق اللہ ہے۔

ف: جس نے خود کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچانا۔

ف: اخبار میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی طرح وحی بھیجی کہ اپنے آپ کو عاجز وکمزور اور ضعیف سمجھ اور اللہ تعالیٰ کو قادر اور صاحب بقاء۔ مثنوی شریف میں ہے کہ:

چیست تعظیم خدا افروختن — خویشتن را خاک وخواری داشتن
چیست توحید خدا آموختن — خویشتن درپیش واحد سوختن
ہست درہست آں ہستی نواز — ہمچو مس درکیمیا اندر گداز
جملہ معشوق است عاشق پردہ — زندہ معشوقست وعاشق مردہ

ترجمہ: ۱:۔ تعظیم الٰہی یہ ہے کہ اسے بلند سمجھا جائے اور خود کو خاک وخواری میں ملایا جائے۔

۲:۔ توحیدِ الٰہی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پہچانا جائے اور اپنے آپ کو اس کے آگے جلا کر راکھ بنا دیا جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

۳:۔اس کی ہستی میں ہمارے وجود کی وہی کیفیت ہے جیسے تانبے کیمیا میں مل کر کیمیا بن جائے۔

۴:۔تمام عالم معشوق ہے عاشق صرف پردہ ہے زندہ تو صرف معشوق ہے اور عاشق تو مردہ ہے۔

وَوَصّٰی بِهَآ الخ: جب ابراہیم علیہ السلام خود کمال کو پہنچے تو دوسروں کو بھی اکمل بننے کی وصیت فرمائی۔

یعنی کسی کے سامنے وہ امر پیش کرنا جس میں قولاً وفعلاً بہتری ہو بطریق تفضل واحسان کے۔خواہ وہ امر دینی ہو یا دنیوی۔

بِهَآ یعنی بملۃ جو وَمَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ میں مذکور ہوئی ہے۔

اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ بعض کے نزدیک اپنی اولاد نرینہ میں سے آٹھ افراد کو وصیت فرمائی۔

☆.....اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ ہاجرہ۔☆.....اسحٰق علیہ السلام اور ان کی والدہ سارا۔

باقی چھ کو قطورا بنت یقطن کنعانیہ سے تھے۔اس کے ساتھ ابراہیم علیہ السلام نے بی بی سارا کے انتقال کے بعد نکاح کیا اور چھ لڑکے پیدا ہوئے۔

☆..... مدین	☆..... مدائن	☆..... زمران
☆..... یقشان	☆..... یشبق	☆..... نوح

وَیَعْقُوْبُ مرفوع ہے اور اِبْرٰهٖمَ پر عطف ہے۔یعنی یعقوب علیہ السلام نے بھی وصیت فرمائی تھی۔یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام کے بارہ صاحبزادے تھے:

☆..... ویبل	☆..... شمعون	☆..... لاوی
☆..... یہودا	☆..... یسعوخور	☆..... زبولون
☆..... زوانا	☆..... نفتوقا	☆..... کوزا
☆..... روشیر	☆..... بنیامین	☆..... یوسفؑ

یعقوب علیہ السلام کی وجہ تسمیہ:۔

یعقوب کو اس نام سے اس لیے موسوم کیا گیا کہ اپنے بھائی عیصو کے ساتھ جوڑا ہو کر ایک بطن سے پیدا ہوئے۔عیصو سے عجلت کر کے پہل کی آپ اس کے پیچھے آئے۔عقب بمعنی پیچھے آنا۔

واقعہ یوں ہے کہ یعقوب علیہ السلام کی والدہ بیک وقت دو بچوں سے حاملہ ہو گئیں۔جب حمل کی مدت پوری

marfat.ocm
Marfat.com

ہونے کے بعد وضع حمل کا وقت مقرر قریب آیا تو یہ دونوں پیٹ کے اندر بول رہے تھے ان کی والدہ ان کی باتیں سن رہی تھی۔ ایک دوسرے سے کہتے کہ پہلے مجھے راستہ دو میں باہر جاتا ہوں۔ ان میں سے ایک نے کہا: اگر تو نے مجھے راستہ نہ دیا تو میں ماں کے پیٹ کو چاک کر کے کمر کی طرف سے نکل جاؤں گا۔ دوسرے نے کہا: اتنی غلطی نہ کرو۔ پہلے تمہی چلے جاؤ لیکن والدہ ماجدہ کی جان نہ گنواؤ۔ والدہ دونوں کی بات سن کر رہی تھی۔ پہلے پیدا ہونے والے کا نام عیصو رکھا کیونکہ اس نے پیٹ میں نافرمانی کی تھی اور دوسرے کا نام یعقوب رکھا بوجہ پیچھے آنے کے۔ عیصو میں تو سختی اور شدت تھی۔ وہ دائما شکاری رہا۔ یعقوب علیہ السلام میں شفقت ورزی تھی ہمیشہ کھیتی باڑی میں مصروف رہتے۔

اعجوبہ : بعض روایات میں آیا ہے کہ جیسے وہ دونوں ایک ہی دن پیدا ہوئے اسی طرح ایک ہی دن فوت ہوئے اور بعض روایات میں آیا ہے کہ یعقوب علیہ السلام کی ایک سو سینتالیس سال عمر تھی اور مصر میں انتقال ہوا آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ بیت المقدس میں دفن کیا جائے۔ حضرت اسحاق علیہ السلام کے قریب یوسف علیہ السلام نے انہیں اٹھا کر حسب وصیت دفن کیا۔

يٰبَنِيَّ یہاں قول کا فعل مصریوں کے نزدیک محذوف ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک يٰبَنِيَّ جملہ ہے اور جملہ سوائے افعال قلوب اور قول کے اور کسی فعل کا مفعول نہیں ہوتا۔ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ دین سے اسلام مراد ہے۔ کیونکہ تمام ادیان سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہی دین پسندیدہ ہے اور اس کے نزدیک دین صرف یہی دین اسلام ہے۔ فَلَا تَمُوْتُنَّ تمہیں موت نہ آئے لیکن اس خیال میں: اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ کہ تم مخلصین باللہ توحید اور اپنے رب سے نیک گمان کرنے والے ہو۔ اس میں بظاہر موت سے نہی ہے لیکن حقیقت میں ترک اسلام سے نہی مطلوب ہے کیونکہ موت ان کے ہاتھ میں نہیں تھی۔

حاصل واقعہ یوں ہے کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام مصر میں تشریف لائے تو وہاں کے لوگوں کو اصنام پرستی میں مبتلا پایا۔ بنابریں اپنی اولاد کو اسلام پر ثابت قدمی کی وصیت فرمائی کیونکہ ان کی موت کہ جس میں ثبات علی الاسلام نہ ہو اس موت میں کوئی خیر نہیں۔ کیونکہ ایسی موت سعادت مندوں کی موت نہیں ہے اس لیے کہ موت کے حقوق سے ایک حق یہ ہے کہ اس میں کسی قسم کا خلل نہ ہو۔

سوال : وصیت میں ابناء کی خصوصیت کیوں حالانکہ ابراہیم علیہ السلام کے خصائل میں سے تو یوں ہونا چاہیے کہ وہ تمام

marfat.ocm
Marfat.com

لوگوں کو دین واسلام کی طرف بلائیں؟

جواب: اس طرف اشارہ ہے کہ امر اسلامی افضل ترین امور سے ہے کہ جس میں اہتمام کیا جائے۔ چنانچہ اپنے قریبی لوگوں کو وصیت فرمارہے ہیں جو کہ شفقت ومحبت اور ارادہ خیر کے زیادہ مستحق دلائل ہیں۔ علاوہ ازیں اپنی اولاد کی اصلاح عام لوگوں کی اصلاح کا موجب ہے کیونکہ متبوع اپنے جمیع احوال میں اچھا ہو جائے تو اس کے تابع بھی اچھے ہو جاتے ہیں

حدیث شریف: جب آیہ: وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ نازل ہوئی تو حضور علیہ السلام نے اپنے اقارب کو جمع کر کے نصیحت فرمائی کہ اے بنی کعب بن لوی! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ اے بنی مرہ کعب! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ اے بنی عبد شمس! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ اے بنی عبد المطلب! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ اے فاطمہ! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ۔ کیونکہ میں تمہارے لیے کسی قسم کا مالک نہیں ہوں یعنی میں قادر نہیں ہوں کہ آخرت میں تم سے کوئی دفع کر سکوں اگر اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب دینے کا ارادہ کر لے تو میں اس کی سفارش کروں گا جس کی مجھے اجازت ہوگی۔ مجھے ان کی سفارش کی اجازت نہ ہوگی جن کے لئے وہ عذاب دینے کا ارادہ کرے۔ یعنی کافر کے لئے۔

ف: یہ کلمات حضور علیہ السلام نے محض ایمان وعمل کی ترغیب کے لئے فرمائے ہیں تا کہ کوئی قرابت ورشتہ داری پر بھروسہ کر کے عمل صالح میں سستی نہ کرے۔ اسی لیے دین کے معاملہ میں وصیت ضرور کرنی چاہیے کیونکہ جب کوئی اہل شر سے مانوس ہوتا ہے تو اسے خوف ہوتا ہے کہ کہیں اس میں بھی وہ عادت نہ آجائیں جن سے وہ جہنم کا ایندھن بن جائے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

نفس از ہم نفس بگیرد خوے — پُر حذر باشی از لقائے خبیث
باد چوں بر قضائے بد گزرد — سوئے بد گیرد از ہوائے خبیث

ترجمہ: ۱: ایک نفس دوسرے نفس سے خصلت لیتا ہے لہٰذا خبیث انسان کے میل جول سے بچئے۔
۲: ہوا جب بدبودار جگہ سے گزرتی ہے تو اس خبیث طرف سے بدبو لے کر جاتی ہے۔

ف: ابو عبید صوری نے اپنے بعض احباب کو لکھا کہ اگر تو نے اللہ تعالیٰ سے درازی عمر چاہی تو پھر تیرے اندر برے اعمال کی آرزو بھی پیدا ہو جائے گی اب سرے سے آرزو کو ہی دبا دے۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : حال کی اصلاح ہوتو پھر حسنِ ظن بھی فائدہ دیتا ہے۔

ف: حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بہت لوگ آرزو میں پھنسے رہتے ہیں یہاں تک کہ مرتے وقت نیکیوں سے خالی ہاتھ جاتے ہیں۔

مسئلہ : جو شخص یوں کہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی رحمت پر حسنِ ظن ہے وہ غلط کہتا ہے جبکہ اس کے اعمال برے ہوں۔ چنانچہ آیت وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمْ سے معلوم ہوتا ہے۔

یااللہ! ہمیں مرنے سے پہلے علم وعمل کی توفیق عطا فرما۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ یہ حکم ان اہل کتاب کو ہے جو ابراہیم علیہ السلام سے روگردان تھے اور اَمْ منقطعہ ہے جو بل اور ہمزہ کے ساتھ مقدر ہے۔ تیسیر میں فرمایا کہ اَمْ سے پہلے اگر ہمزہ استفہام نہ ہوتو وہ بمنزلہ استفہام کے ہوتا ہے اور یہ ہمزہ استفہام انکار کے لئے ہے۔ یعنی کیا تم حاضر تھے۔ شُهَدَآءَ شہید کی جمع ہے بمعنی حاضر۔ معنی یہ ہوا کہ تم حاضر نہیں تھے اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ یعنی اس پر موت کے علامات واسباب پائے گئے اور روح کے خروج کا وقت قریب آیا۔

شانِ نزول: جب یہود نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا کہ آپ نہیں جانتے کہ یعقوب علیہ السلام کا جب انتقال ہوا تو اپنی اولاد کو یہودیت کی وصیت فرمائی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم ان کے وصال شریف کے وقت حاضر نہیں۔ تمہیں کیا خبر کہ انہوں نے کیا فرمایا۔ ورنہ تم ایسا دعویٰ نہ کرتے بلکہ ملتِ اسلام پر تمہیں حرص ہوتی۔

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ، اِذْ حَضَرَ سے بدل ہے اور اس کا عامل شُهَدَآءَ ہے۔ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ یعنی میرے انتقال کے بعد تم کس کی عبادت کرو گے۔ اس سے ان کی اسلام وتوحید پر ثابت قدمی مقصود تھی۔

امام راغب فرماتے ہیں کہ یعقوب علیہ السلام کا ارادہ عبادت سے عبادت مشروعہ کا نہیں تھا بلکہ یہ ارادہ فرمایا کہ تمہارا ہر عمل اس کی رضا کی خاطر ہو اور جو عمل اس کی راہ سے روکے اسے چھوڑ دو۔ گویا انہیں اس بات کی دعوت دی کہ اپنے اعمال میں سوائے اس ذات باری تعالیٰ کی رضا کسی کی خوشنودی کو جگہ نہ دو اور ان سے یہ خوف بھی نہ تھا کہ وہ بتوں کی پرستش میں مبتلا ہو جائیں گے۔ بلکہ اس خوف میں تھے کہ دنیوی امور میں منہمک ہو جائیں گے اسی لیے کہا جاتا ہے:

جو شے اللہ تعالیٰ کی راہ سے پھیر دے اس کا نام طاغوت ہے۔

اسی لیے فرمایا: وَاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ یعنی ماسوا اللہ کی خدمت کریں۔

marfat.ocm
Marfat.com

مثنوی شریف میں ہے۔

چیست دنیا از خدا غافل بدن　　نے قماش و نقرہ و میزان و زن

ترجمہ: دنیا کیا ہے اللہ تعالیٰ سے غافل ہونا نہ کھیل تماشہ دنیا و دولت اور نہ عورت وغیرہ۔

قاعدہ: علامہ تفتازانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ مَا عام ہے یعنی ضرورت کے وقت ذوی العقول وغیرہ پر اس کا اطلاق جائز ہے خواہ استفہام کے لئے ہو یا غیر استفہما کے لئے اور سب کو معلوم ہے کہ مَنْ ذوی العقول والعلم کے لئے آتا ہے یہی فرق ہے مَنْ و مَا میں کہ مَنْ ذوی العقول کے لئے آتا ہے اور مَا غیر ذوی العقول کے لئے۔

یہاں علامہ کا کلام ختم ہوا۔ یہاں ان کی انکار کی تردید ہوگئی اور ان کے گمان کے خلاف بیان نکلا کہ یعقوب علیہ السلام نے یہودیت کی نہیں بلکہ توحید کی وصیت فرمائی تھی۔

قَالُوْا گویا کہا گیا کہ انہوں نے کیا جواب دیا۔ تو فرمایا: نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ہم اس معبود کی عبادت کرتے ہیں جس کے واجب الوجود ہونے پر اور اس کی الوہیت اور عبادت پر اتفاق ہے۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اس کے آباء میں کیوں گنا گیا ہے حالانکہ وہ تو یعقوب علیہ السلام کے چچا تھے۔

جواب: ۱۔ جد کی وجہ سے تغلیباً انہیں بھی آبا میں شمار کیا گیا۔

جواب: ۲۔ چچا بمنزلہ باپ کے ہوتا ہے جیسے خالہ بمنزلہ ماں کے ہوتی ہے کیونکہ وہ دونوں ایک ہی ناگ کے دانے ہوتے ہیں بجہ اخوت کے اس میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے عم الرجل صنو ابیہ. (چچا بمنزلہ باپ کے ہے)

یعنی وہ ایک ہی ہیں جیسے کھجور کے درخت ایک تنے میں ہوتے ہیں یہ بھی اسی طرح ہیں۔

اِلٰهًا وَّاحِدًا ایک ہی معبود کی پرستش کریں گے۔ اِلٰهًا وَّاحِدًا، اِلٰهَ اٰبَآئِكَ سے بدل ہے۔

سوال: اسے بدل بنانے سے کیا فائدہ؟

جواب: ۱۔ توحید کے متعلق پوری تصریح مقصود ہے کہ کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ ان کا کوئی اور معبود ہوگا۔

جواب: ۲۔ اس وہم کا دفعیہ کہ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ عوام کا معبود اور ہے اور ان کو کوئی اور، اس لیے کہ اِلٰهَ کو اٰبَآئِكَ سے مضاف اور پھر اسے منصوب پڑھنے سے اختصاص پیدا ہو جاتا ہے۔ گویا اب یوں کہا گیا ہے کہ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ

marfat.ocm
Marfat.com

سے ہماری مراد وہ ایک معبود ہے نہ کوئی اور۔

وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ اور ہم اسی کو ہی مانیں گے۔ یہ جملہ نَعْبُدُ کے فاعل سے حال ہے۔ تِلْكَ امت مذکورہ کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی حضرت ابراہیم واسماعیل واسحٰق ویعقوب علیہم السلام اور ان کی اولاد جو اہل توحید تھے

اُمَّةٌ امت بمعنی مقصود، جیسے عہدہ بمعنی معہود ہے۔ جماعت کو امت اس لیے کہا جاتا ہے کہ لوگ اپنے دینی معاملہ میں انہیں مقصود سمجھتے ہیں اور شرعی امور میں انہی کی اقتدا کرتے ہیں۔ تِلْكَ مبتدا اور اُمَّةٌ اس کی خبر ہے۔ قَدْ خَلَتْ وہ بھی چل بسے۔ یعنی انہیں موت نے گھیر لیا اور اپنے عزیزوں سے بچھڑ گئے۔ اصل میں خَلَتْ بمعنی جنگل کے ایسے کونے میں چلے جانا جہاں کوئی ساتھی نہ ہو۔ قَدْ خَلَتْ، اُمَّةٌ کی صفت ہے۔

لَهَا مَا كَسَبَتْ انہیں وہ ملے گا جو وہ عمل کریں گے۔

سوال: مسند کو مسند الیہ پر کیوں مقدم کیا؟

جواب: صرف اس لیے کہ مسند مسند الیہ کے لئے محصور ہے یعنی انہیں صرف وہی ملے گا جو انہوں نے عمل کیا۔

وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ اور تمہیں وہی ملے گا جو تم عمل کر رہے ہو نہ کہ کسی دوسرے کا۔ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ان کے اعمال کی وجہ سے تمہارا مواخذہ نہیں ہوگا۔ چنانچہ دوسرے مقام پر فرمایا: لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا (ہمارے جرموں کے متعلق تم سے سوال نہیں ہوگا) (اس طرح ہم میں کہیں گے)

شانِ نزول: جب یہودیوں نے دعویٰ کیا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام تو یہودیت پر مرے ہیں اور انہوں نے مرتے وقت اپنی اولاد کو بھی یہودیت پر کاربند رہنے کی وصیت فرمائی تھی تو ان کا یوں رد کیا گیا۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ

پھر انہوں نے کہا ہاں بات اسی طرح ہے لیکن ہمیں فخر تو ہے کہ ہم ان حضرات کی اولاد سے ہیں اور ہمیں ان کی اس نسبت سے بہت فائدہ ہوگا۔ اس کا بھی رد ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں نسب کا کوئی فائدہ نہیں۔ وہاں اعمال صالح اور تقویٰ وطہارت کی ضرورت ہے۔

چنانچہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اے بنو ہاشم! میرے ہاں اعمال لے کر آؤ، جس کے پاس اعمال نہیں اسے نسب کوئی فائدہ نہیں دے گا۔"

marfat.ocm
Marfat.com

یعنی جس نے توشہ آخرت تیار نہیں کیا، برائی میں وقت بسر کیا اور صالح اعمال کوئی نہ کیا تو نسب اسے کوئی فائدہ نہ دے گا لہٰذا نسب پر فخر نہیں کرنا چاہیے۔ کسی شاعر نے خوب فرمایا:

اتفخر باتصالک من علیّ　　واصل البؤسة الماء القراح

ولیس بنافع نسب زکیّ　　یُدَنِّسُهٗ صنائعک القباح

ترجمہ: کیا تجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نسب کے اتصال کا فخر ہے ہر ایک کی اصل پانی ہے۔

پاکیزہ نسب کوئی فائدہ نہ دے گی جبکہ اسے تیرے گندے کردار گرد آلود بنا چکے ہیں۔

ف: اگرچہ اولاد اپنے آباء سے نفع پاتی ہے لیکن نفخِ صور کے بعد نسب کا معاملہ ختم ہو جائے گا۔ اس پر فخر کرنے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ یہ تو ایسے ہے جیسے کسی دوسرے کے اسباب پر فخر کا اظہار کیا جائے۔ اگر کوئی ایسا کرے تو اسے پاگل کہا جاتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ نیکی میں نیتِ خالص کا ہونا ضروری ہے۔ یہی بات اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات دلانے والی ہے۔

حدیث شریف: ایک طویل حدیث میں وارد ہے۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میں نے گزشتہ شب خواب میں ایک عجیب بات دیکھی، وہ یہ کہ میرے ایک امتی کے پاس ملک الموت تشریف لائے اور ان کی روح قبض کرنے لگے۔ وہ والدین کا فرمانبردار تھا۔ اس لیے اسے مہلت مل گئی۔ ایک دوسرے کو دیکھا کہ اس پر عذابِ قبر کا حملہ ہوا، وہ چونکہ وضو پر مداومت کرتا تھا اس لیے عذابِ قبر سے بچ گیا۔ ایک اور کو دیکھا جس پر شیاطین حملہ آور ہوئے وہ چونکہ ذکر اللہ کا عادی تھا اس لیے ان کے شر سے بچ گیا۔ ایک اور کو دیکھا جسے عذاب کے فرشتے ڈرانے لگے چونکہ وہ نمازی تھا اس لیے عذاب کے فرشتے دور ہو گئے۔ ایک اور کو دیکھا کہ وہ پیاس سے جاں بلب تھا اور میرے حوض سے بھی اسے ہٹا دیا گیا، وہ چونکہ روزے رکھتا تھا اس لیے روزہ نے آ کر اسے جامِ طہور پلایا اور بالکل سیراب کر دیا۔ ایک اور منظر سامنے آیا۔ وہ یہ کہ انبیاء علیہم السلام حلقہ بنا کر تشریف فرما تھے میرا ایک امتی ان کے قریب ہونا چاہتا تھا لیکن اسے دور بھگا دیا گیا تھا۔ چونکہ وہ غسلِ جنابت میں کبھی سستی نہیں کرتا تھا اس لیے غسل نے اسے پکڑ کر میرے قریب بٹھا دیا۔ ایک اور امتی کو میں نے دیکھا کہ اس کے دائیں بائیں، آگے پیچھے، اوپر نیچے اندھیرا ہی اندھیرا ہے اور وہ اس حالت میں حیران

marfat.com
Marfat.com

وپریشان ہے اس کا حج اور عمرہ اسے اجالے میں لے گئے اور وہ ہمیشہ کے لئے مسرور ومفروج ہوگیا۔اسی طرح ایک اور امتی کو دیکھا کہ وہ مومنین سے بولتا ہے لیکن وہ اس سے بات نہیں کرتے اس کا صلہ رحمی کا ایک عمل آیا اس نے مومنین سے کہا بھائیو!اس سے کلام ضرور کرو۔ایک اور کو دیکھا کہ جس کے منہ پر آگ چڑھتی ہے جسے وہ ہاتھ سے ہٹاتا ہے لیکن پھر بھی اس سے بچ نہیں پاتا۔اس کا صدقہ آکر اسے بچالیتا ہے اور اس آگ کے سامنے پردہ بن کر اس کے سر پر چھتری کی طرح کھڑا ہوجاتا ہے۔ایک اور کو دیکھا کہ دوزخ کے فرشتے اسے ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہیں لیکن اس نے امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا عمل کیا تھا جس سے وہ بچ گیا اور یہ دونوں عمل اسے وہاں سے لے کر رحمت کے فرشتوں کی جماعت میں لے گئے اور ایک کو دیکھا کہ وہ گھٹنوں کے بل پڑا ہے اس کے اور اللہ تعالیٰ کے مابین پردہ ہے اور وہ دیدار الٰہی سے محروم ہے اس کا حسنِ خلق آیا اس نے اسے اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کردیا۔ایک اور کو دیکھا کہ اس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں پکڑا گیا ہے۔وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا تھا اس لیے اس کے اسی خوف نے اس کا نامہ اعمال لے کر اس کے دائیں ہاتھ پکڑا دیا اور ایک کو دیکھا کہ اس کے اعمال نامہ کے ترازو میں نیکی کا پلڑا ہلکا ہے۔تو اس کی وہ اولاد جو بچپن میں فوت ہوئی اس کے نیکی کے پلڑے میں بیٹھ گئی۔جس سے اس کا نیکی کا پلڑا بوجھل ہوگیا اور ایک کو دیکھا کہ وہ جہنم کے کنارے تک پہنچ گیا ہے۔لیکن وہ اللہ تعالیٰ ڈرتا تھا اسی ڈرانے نے اسے بہشت کے دروازے پر پہنچادیا۔

ایک اور کو دیکھا کہ اسے جہنم میں جھونکا جارہا ہے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے گریہ کرتا تھا اس کے وہی آنسو آئے اور اسے جہنم سے بچالے گئے۔ایک اور کو دیکھا کہ وہ پل صراط سے گزر رہا ہے لیکن لرزہ طاری ہے قریب ہے کہ وہ گر کر جہنم رسید ہو۔اللہ تعالیٰ کے ساتھ دنیا میں نیک گمان رکھتا تھا،اس نیک عمل کی وجہ سے لرزہ ختم ہوگیا اور پل صراط سے باسلامت گزر گیا۔ایک اور کو دیکھا کہ وہ پل صراط پر گزر رہا ہے کسی وقت تو وہ لرزنے لگ جاتا ہے اور کبھی چھلانگیں لگاتا ہوا جاتا ہے اور کبھی پل صراط سے چمٹ جاتا ہے اور گزر نہیں سکتا۔اس کی نماز آئی اور اس کا ہاتھ تھام کر بسلامت پل صراط سے پار لے گئی۔ایک اور کو دیکھا کہ وہ بہشت کے دروازے تک پہنچ گیا ہے لیکن اس کے آگے دروازے بند کیے جاتے ہیں۔کلمہ شہادت آتا ہے بہشت کے دروازے کھلوا کر اسے بہشت میں لے جاتا ہے۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:جو شخص بھی خلوص قلب سے کلمہ شہادت پڑھتا ہے وہ ضرور بہشت میں جائے گا۔

عرض کیا گیا:حضور!اخلاص کس طرح سے ہو؟آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ تعالیٰ کے محارم سے بچ کر رہنا۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: اس طویل حدیث سے معلوم ہوا کہ اگرچہ نجات اللہ تعالیٰ کے فضل سے نصیب ہوگی لیکن اس کا دارومدار اعمال صالح پر ہے۔

مسئلہ: اگر برے عمل ہوں تو قرابت بھی کوئی فائدہ نہیں دے گی۔

سوال: کسی شاعر نے کہا:

اِذَا طَابَ اَصْلُ الْمَرْءِ طَابَتْ فُرُوْعُهٗ

(جب کسی کی اصل اچھی ہے تو اس کی اولاد بھی اچھی)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نسب سے فائدہ حاصل ہوگا۔

جواب: یہ شعر ضابطہ کے طور پر نہیں بلکہ اکثریت پر مبنی ہے کیونکہ وہ مالک مُردے کو زندہ سے اور زندہ کو مردے سے زندہ فرماتا ہے۔ کسی نے کیا خوب فرمایا:

اصل را اعتبار چنداں نیست — روئے ترگل ز خار خنداں نیست

می زغورہ شود شکر از نے — عسل از نحل حاصلست بقے

ترجمہ: اصل کا کوئی اعتبار نہیں گل کا چہرہ کانٹے سے خوش نہیں۔

شراب نچوڑ (انگور وغیرہ) سے اور شکر نے سے بنتی ہے شہد مکھی کی قے سے حاصل ہوتا ہے۔

ف: اگر بتی بھی ایک لکڑی ہے لیکن اس سے خوشبو مہکتی ہے۔ اگرچہ وہ بھی درخت ہے لیکن خوشبو کی وجہ سے اس کی لکڑی تمام لکڑیوں سے فائق ہوگئی۔ چونکہ اس میں اس کی استعداد ہے اسی لیے اتنا بڑا مرتبہ حاصل کر کے اپنے ابنائے جنس سے ممتاز ہوگئی۔ ایسے ہی مشک کا حال ہے کہ وہ بھی خوشبودار ہے۔ بہت تھوڑے لوگ ہیں جو اپنے اصل عہدے کو سنبھال سکیں۔ اسی طرح بالعکس ہو جاتا ہے کہ باپ اگرچہ فاسق ہوتا ہے لیکن بیٹا بلند پایہ متقی۔ اس کا اندرونی فساد بیٹے پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ اصل اچھی ہو تو کچھ ضروری نہیں کہ فرع بھی اسی طرح ہو۔ بہت کم ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ فرع اصل کے مطابق ہو۔ حضرت آدم علیہ السلام کیسے تھے اور ان کے دو صاحبزادے ہابیل اور قابیل کیسے ہوئے۔ اسی طرح تا قیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

marfat.ocm
Marfat.com

شانِ نزول: مدینہ کے یہود اور نجران کے سرداروں کے متعلق نازل ہوئی۔ یعنی یہود کہتے ہیں کہ یہودی ہو جاؤ۔ کیونکہ ہمارے نبی موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ جو افضل الانبیاء ہیں۔ اور ہماری کتاب تورات ہے جو تمام کتابوں سے افضل ہے اور ہمارا دین بھی تمام ادیان سے افضل اور انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام اور انجیل اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کے ساتھ کفر کیا اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ نصرانی ہو جاؤ کیونکہ ہمارے نبی عیسیٰ علیہ السلام تمام نبیوں سے افضل ہیں اور ہماری کتاب انجیل جو افضل الکتب ہے اور ہمارا دین بہترین ہے۔ انہوں نے بھی موسیٰ علیہ السلام اور تورات اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کے ساتھ کفر کیا۔

تَهْتَدُوْا امر کا جواب ہے۔ یعنی اسی طرح ہو جاؤ تو گمراہی سے ہدایت پالو گے۔

قُلْ اے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بطریق تردید کے فرمایئے کہ جو تم کہتے ہو ہم نہیں ہوں گے۔ بَلْ بلکہ ہم تو ہوں گے مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ ابراہیم علیہ السلام کی ملت و دین پر۔ اھل یہاں مضاف محذوف ہے۔ فرماؤ کہ ابراہیم علیہ السلام کی ملت کے فرمانبردار ہوں گے۔ حَنِيْفًا ہر باطل دین سے ہٹ کر دین حق کی طرف رجوع کرنے والے اور یہودیت و نصرانیت سے دور رہنے والے۔ یہ مضاف الیہ سے حال ہے یعنی ابراہیم سے جیسے اس عبارت میں رایت فی وجہ ھند ھندہ کے منہ کو دیکھنا سے دیکھنا ہے۔ یہاں پر حال مفعول یا مضاف بمعنی ملت کی ہیئت بیان کرتا ہے۔ حَنِيْفًا کو مذکر لایا گیا ہے۔ ملت کو دین سے مؤول کر کے، کیونکہ وہ دونوں ذاتی طور پر متحد ہیں اگرچہ اعتبار اً مختلف۔ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وہ مشرکین سے نہیں تھے۔ یہ جملہ بطور تعریض کے ہے اور انہیں ان کے دعویٰ کے بطلان کا پتا دیتا ہے کہ تم جو کہتے ہو کہ ہم ابراہیم علیہ السلام کے فرمانبردار ہیں تو پھر شرک کیوں کرتے ہو۔ وہ تو مشرک نہیں تھے تم عزیر اور مسیح علی نبینا وعلیھما السلام کو خدا کا بیٹا کہتے ہو۔

مسئلہ: آیت میں ابراہیم علیہ السلام کی فرمانبرداری کا حکم ہے ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ اور اولیائے ملت رضی اللہ عنہم انہی کی ملت پر ہیں۔

قُوْلُوْا اے مومنو! تم انہیں کہو۔ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ہم اللہ واحد پر ایمان لائے۔ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا اور اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل ہوا۔

سوال: آیت میں قرآن کا امت کی طرف کیوں منسوب کیا گیا ہے؟

marfat.com
Marfat.com

جواب: امت اپنے نبی علیہ السلام کے تابع ہوتی ہے، تابع اور متبوع کا ایک ہی حکم ہوتا ہے۔

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓی اِبْرٰهٖمَ اور ان صحیفوں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئے اور ان احکام پر بھی ایمان ہے جو وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ حضرت اسماعیل، حضرت اسحٰق، حضرت یعقوب علیہم السلام پر نازل ہوئے۔ وَالْاَسْبَاطِ اور جو کچھ ان کی اولاد پر نازل ہوا اس پر بھی ہمارا ایمان ہے۔

اسباط سبط کی جمع ہے او سبط دراصل اس درخت کو کہتے ہیں جس کی بہت سی ٹہنیاں ہوں اور یہاں حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد مراد ہے۔ وہ بارہ تھے۔ انہیں اسباط اس لیے کہا جاتا ہے کہ ان ہر ایک کی اولاد کثرت سے ہوئی اور سبط پوتے کو کہتے ہیں۔ بنی اسرائیل کے لئے اسباط کا اطلاق ایسے ہے جیسے عرب کے لئے قبائل کا اطلاق ہوتا ہے اور شعوب عجم کے لئے یعنی وہی قبیلے جو ماں باپ کی طرف سے ہوتے ہیں۔ اسباط میں انبیاء علیہم السلام تھے ان پر صحیفے بھی نازل ہوئے۔

سوال: صحیفے تو صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اترے پھر اسباط کی طرف صحف کی نسبت کیسی؟

جواب: چونکہ وہ حضرات سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے صحائف پر عمل کرتے ان کی طرف نسبت کا جواب وہی ہے جو وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا میں گزرا۔ یعنی تابع اور متبوع کا ایک ہی حکم ہوتا ہے۔

وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی اور ہمارا ان کتابوں پر ایمان ہے جو حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام پر نازل ہوئیں یعنی تورات و انجیل پر۔

سوال: اس آیت میں اسباط کے بعد موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کا نام خصوصی طور پر کیوں لیا گیا؟

جواب: چونکہ نبی علیہ السلام کی گفتگو یہود و نصاریٰ سے تھی، اور وہ ان کے پیروکار تھے اس لیے ان کو مخصوص کر کے بیان کیا گیا۔

وَمَآ اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ اور ہمارا باقی نبیوں پر نازل شدہ کتب پر ایمان ہے خواہ ان کا ذکر قرآن میں ہے یا نہیں۔

مِنْ رَّبِّهِمْ ترکیب میں حال کے مقام پر ہے جو ایک محذوف ضمیر سے واقع ہے۔ اصل عبارت یوں تھی:

وما اوتی النبیون منزلاً علیهم من ربهم لانفرق بین احد منهم۔

لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ہم کسی ایک نبی علیہ السلام میں فرق نہیں کرتے سب پر ہمارا ایمان ہے۔ یہودیوں کی طرح

marfat.ocm
Marfat.com

نہیں کہ بعض انبیاء پر ایمان لائیں اور بعض کے ساتھ کفر کریں اور ہم انکار کیسے کر سکتے ہیں جبکہ ہمارے پاس سب پر ایمان لانے کی دلیل موجود ہے۔ کیونکہ ہمیں ان کی خبر ایسے نبی علیہ السلام نے دی ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی تائید سے معجزات کا صدور ہوا ہے۔ اگر ہم بعض انبیاء سے کفر کریں تو پھر اپنے نبی علیہ السلام کے خلاف ہو جائیں اور ایسا ہم سے نہیں ہو سکتا۔ یہ جملہ اٰمَنَّا سے حال واقع ہوا ہے۔

سوال: ایمان لانے کی بات تو کتابوں کے بارے میں ہو رہی تھی اب انبیاء علیہم السلام میں فرق کرنے کا کیا مطلب؟

جواب: جب ان کی کتابوں پر سب کا ایمان ہے تو ان کی ذات میں تفرقہ کا کیا معنیٰ۔ اس لیے واجب ہوا کہ تصریح ہو جائے کہ جس طرح ہمارا ان کی کتابوں پر ایمان ہے اسی طرح ان کی ذات پر بھی ہے اور ایک کے انکار سے سب کا انکار لازم آتا ہے۔

وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ہم سب اسی اللہ تعالیٰ کے لئے گردن جھکانے والے ہیں۔ یعنی حال یہ ہے کہ ہم اس ذات کے لیے مخلص اور یقین رکھنے والے ہیں۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا اگر یہود و نصاریٰ ایمان لے آئیں۔ بِمِثْلِ مَا مثل اس دین کے اٰمَنْتُمْ بِهٖ جس کے ساتھ تم ایمان لے آئے ہو۔ یہ تعجب و تبکیت کے باب سے ہے۔ یعنی مخالف کو الزام دے کر اور اسے حق کے لئے اعتراف کرنے پر مجبور کرنا ہے۔ معاملہ کو کچھ ڈھیلا کر کے اس کے جھگڑے کی راہ بند کرنا ہے۔ یہ لفظ مثل زاید کے ہے۔ کیونکہ اٰمَنْتُمْ بِهٖ کی ضمیر اللہ کی طرف راجع ہے اور اللہ تعالیٰ پاک ہے نہ ہی دینِ اسلام کا کوئی مثل ہے۔

فَقَدِ اهْتَدَوْا یقینا وہ حق کی طرف ہدایت یافتہ اور حقیقت کو پہنچ جائیں گے ورنہ تم ہدایت پا گئے ہو اور تمہارے مابین اتحاد و اتفاق ہو گیا ہے۔ وَاِنْ تَوَلَّوْا اگر جس طور کہ بیان ہوا ہے اس سے روگردان ہو بایں طور کہ اس میں کسی قسم کا خلل پیدا کر دیں کہ بعض پر ایمان لائیں اور بعض سے کفر کریں جیسا کہ ان کا طریقہ ہے۔

فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ یعنی وہ خلاف عظیم میں حق سے بالکل دور ہیں اس سے ازالہ توہم کیا گیا ہے کہ شاید ان سے اتحاد کا یہ معنی ہے کہ بعض باتوں کو وہ مان جائیں تو پھر تم ان سے مل جاؤ۔ ایسا ہرگز نہ ہو بلکہ جب تک وہ تمام اسلام کی باتوں کا اعتراف نہ کر لیں تم ان سے ملنے کا نام تک نہ لو۔ فِيْ شِقَاقٍ خبر اور هُمْ مبتدا ہے اور فِيْ شِقَاقٍ، هُمْ کی ظرف بھی ہے اور هُمْ، فِيْ شِقَاقٍ کا ظروف ہے۔ بطور مبالغہ کے ایسا کیا گیا کہ وہ اتنے شریر ہیں کہ اختلاف ان پر سوار ہے۔ یہ هُمْ فِيْ شِقَاقٍ سے زیادہ بلیغ ہے۔ شِقَاقٍ شق سے مشتق ہے بمعنی جانب۔ گویا ایک گروہ دوسرے گروہ کی جانب دوسرے

marfat.ocm
Marfat.com

کنارے پر ہے بوجہ عداوت کے اور شقاق کی تنکیر بتاتی ہے کہ ان سے موافقت کا صدور ممتنع ہے کیونکہ ان کا کام جدا وقتال ہی ہے اور بس۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی اور اہل اسلام کو خوش فرمایا کہ ان کو نصرۃ اور غلبہ کا وعدہ فرمایا اور تائید واعزاز کا ارشاد فرمایا۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ" کا سین تاکید کے لئے ہے جو دلالت کرتا ہے کہ جو وعدہ دیا گیا وہ ضرور ہو کر رہے گا۔ چنانچہ فرمایا: پس عنقریب تمہاری ان سے کفایت کرے گا۔

حل لغات: فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ" کی دونوں ضمیریں منصوب المحل ہیں اس بنا پر کہ یہ دونوں یکفی کا مفعول بہ ہیں جیسے کہتے ہیں: كَفَاهُ مَسْئُوْلَهٗ" كِفَايَةً. اگرچہ اس کا استعمال متعدی بیک مفعول سے ہے۔

چنانچہ کہا جاتا ہے: كَفَاكَ الشَّيْءُ۔ اللہ تعالیٰ نے اس وعدہ کا ایفا فرمایا کہ بنو قریظہ کو قتل کر دیا اور بنی نضیر کو شام کی طرف جلا وطن کیا اور جزیہ ذلت نجران کے نصاریٰ کو دی۔

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور وہ سمیع وعلیم ہے وعدہ کے ایفاء کی طرف اشارہ ہے پھر اس کی تاکید بھی ہے کیونکہ معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری سنتا ہے اور تمہاری نیتوں کو جانتا ہے اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا دین غالب ہو تو وہ تمہاری توجہ قبول کر کے تمہیں اپنے مقصود تک پہنچائے گا۔

صِبْغَةَ اللّٰهِ حل لغات: الصبغ: جس سے کپڑا رنگا جائے اور صبغ مصدر ہے اور صبغۃ بروزن فِعْلَة ہے نوع وحالت کے لئے ہے الصبغ سے جیسے جلسۃ جلس یعنی وہ حالت جس پر رنگ واقع ہو اور صبغۃ آیت ہذا میں مستعار ہے اس فطرت سے جس پر لوگوں کو پیدا کیا۔ خلقتِ سلیمہ (کہ جس سے انسان ایمان لا کر عبادات کی استعداد حاصل کرتا ہے) کو کپڑے سے اس لیے تشبیہ دی گئی کہ جیسے رنگ زیب وزینت کا سبب ہے ویسے ہی یہ فطرت بھی روحانی زیب وزینت کا سبب ہے۔ اصل عبارت یوں تھی: صبغنا اللہ صبغۃ (ہم نے اس کو ایسی فطرت پر پیدا کیا ہے) کہ اس کی استعداد سے حق اور ایمان کو قبول کرتا ہے۔ صبغۃ مصدر اور مفعول مطلق مؤکد لفعہ ہے کیونکہ یہ اپنے عامل مقدر سے مل کر اپنے ہی جملہ مقدرہ کا مضمون بن جاتا ہے۔

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ اور اس کے سوائے مصدری معنی کے اور کوئی معنی نہیں بنتا کیونکہ ان کا اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا ان میں اسی استعداد کی

marfat.com
Marfat.com

بنا پر ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان میں پیدا فرمائی ہے کہ اس کے ذریعے وہ ایمان کے نور سے آراستہ ہوئے ہیں۔

اس کا معنی یوں بھی ہو سکتا ہے کہ طَهَّرَنَا لِلّٰهِ تَطْهِيرًا یعنی ہم نے انہیں پورے طور پر پاک کیا اس لیے کہ ایمان کفر کی تمام غلاظتوں سے پاک کرتا ہے۔ مشاکلت کی وجہ سے اسے صِبْغَةَ سے تعبیر کیا گیا ہے اس لیے کہ وہ شے اسی غیر کی صحبت میں ہے یا تو وہ غیر محقق طور پر مذکور ہو یا مقدر ہو اور مقدر بھی مذکور کے حکم میں ہوتا ہے۔ کیونکہ اس پر قرینہ دلالت کرنے والا ہوتا ہے یا جیسے دو اسموں کے مابین جاری ہوتا ہے اسی طرح دو فعلوں کے مابین جاری ہوتا ہے۔ جیسے تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ۔ اللہ تعالیٰ پر لفظِ نفس کا اطلاق کیا گیا ہے۔ جبکہ وہ نفس کے لفظ کے مقابلہ میں واقع ہوا ہے۔ اسی طرح فطرت کو صبغہ سے تعبیر کیا گیا ہے کیونکہ یہ نصاریٰ کے صبغہ کے مقابلہ میں واقع ہوا ہے کہ وہ ساتویں دن اپنے بچوں پر رنگ ڈالتے، بجائے ختنہ کرنے کے۔ کیونکہ مسلمان اپنے بچوں کا ختنہ کرتے ہیں اور وہ اپنے بچوں پر پیلا رنگ ڈالتے ہیں۔ وہ اسے معمودیہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ پانی میں غوطہ دینے کا اگرچہ ذکر نہیں۔ چونکہ ان کا فعل ہی ایسا تھا اس لیے وہ مذکور ہے قرینہ حالیہ سے معلوم ہو رہا ہے اور پھر آیت ان کے رد میں نازل ہوئی ہے کہ تمہارا رنگدار کرنا بے سود ہے۔ اصل میں رنگ اللہ تعالیٰ کا چاہیے کہ وہ اپنے بندوں کو پاک کرتا ہے نہ کہ بچوں کو معمودیہ (حنا) میں ڈبو دینے سے معمودیہ ایک پانی کا نام ہے جس سے عیسیٰ علیہ السلام نے غسل فرمایا۔ انہوں نے انہیں دوسرے پانی میں ملا دیا تھا جب بھی کسی رنگدار کرتے تو اس میں دوسرے پانی کی ملاوٹ سے غوطہ دیتے۔

وَمَنْ أَحْسَنُ مبتدا خبر میں یا استفہام انکاری ہے۔ یعنی کون زیادہ اچھا ہے۔ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً، صِبْغَةَ منصوب اور أَحْسَنُ سے تمیز ہے۔ مبتدا سے مقول ہے۔ اصل یوں تھا کہ اللہ تعالیٰ کی صِبْغَةَ سے اور کون زیادہ احسن ہے۔ یہ تفصیل صبغتین میں ہے نہ کہ طائفتین میں۔ اب معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی صِبْغَةَ سے اور کون زیادہ احسن ہو سکتا ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں کو ایمان سے رنگدار کر کے انہیں کفر کے رنگ سے پاک کرتا اور شرک سے بچاتا ہے۔ بنا بریں اس سے کوئی اور زیادہ احسن نہیں ہو سکتا۔

وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ اور ہم اسی کے لئے ہی عبادت گزار ہیں۔ یعنی اس ذات کے لئے جس نے ہمیں نعمتوں سے نوازا۔ اس کی شکر گزاری کے لئے بلکہ تمام نعمتوں کی وجہ سے ہم اس کی عبادت کرتے ہیں۔ ظرف کی تقدیم، اس کی اہمیت اور فواصل کی رعایت کی وجہ سے ہے۔ اس کا عطف امنا پر ہے اور یہ امر قُولُوا کے تحت ہے۔ جب بندے کا کام عبادت گزاری ہے

marfat.ocm
Marfat.com

تو پھر اللہ تعالیٰ نے بھی اس کے نفس کو اچھے رنگ سے رنگ کر مزین کیا اور جملہ عیوب سے دور رکھا۔

مثنوی شریف میں ہے: ؎

صبغۃ اللہ نام آں رنگِ لطیف　　لعنۃ اللہ بوئے ایں رنگِ کثیف [1]

ترجمہ: صبغۃ اللہ اس لطیف رنگ کا نام ہے اور لعنۃ اللہ اسی رنگِ کثیف کی بدبو ہے۔

تفسیر صوفیانہ

وَنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ میں اشارہ ہے کہ عارفین صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہی عبادت کرتے ہیں۔

زبور میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس سے بڑھ کر اور کون ظالم ہوگا جو میری عبادت محض اس لیے کرتا ہے کہ میں اسے جنت دوں اور دوزخ سے بچاؤں۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر میں بہشت و دوزخ کو پیدا نہ کرتا تو وہ میری عبادت ہی نہ کرتا۔

ف: عابد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کو معبود سمجھ کر صرف اس کی رضا طلبی کے لئے عبادت کرے اور بس۔ عبادت درجہ میں عبودیت سے کم ہے اور عبودیت عبودۃ سے کم ہے۔ کیونکہ جو اپنے مالک پر روح کو قربان کردے اس کا نام عبودۃ ہے اور عبادۃ یہ ہے کہ وہ اپنے مالک کی مرضی میں نفس کو قربان کرے۔ اس لحاظ سے عبادت کا درجہ عبودۃ سے کم ہوا۔

حضرت سہیل بن عبداللہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

عبادت کا حق ادا نہیں ہوسکتا جب تک چار چیزوں پر عمل نہ کیا جائے:

۱:۔ بھوک　　۲:۔ ننگ　　۳:۔ فقر　　۴:۔ ذلت

---

[1]: مطبوعہ پارہ پر اشعار غلط اور ادھورے ہیں صحیح یوں ہیں: ؎

کو گل دنگ از برون مرد را　　از درون چوں رنگ سرخ و زرورا

رنگ ہائے نیک از خُم صفاست　　زشتان از سیاہ جفاست

صبغۃ اللہ نام آں رنگِ　　لعنۃ اللہ بوئے ایں رنگِ کثیف

ترجمہ: ۱:۔ کسی کا وہ گل رنگ جو باہر سے نظر آتا ہے دراصل اندرونی سرخ و زرد رنگ کا نتیجہ ہے۔

۲:۔ مٹکا صاف ہو تو رنگ بھی صاف ہوگا، گندے رنگ دراصل غلط کرداری کی وجہ سے ہیں۔

۳:۔ صبغۃ اللہ اسی لطیف رنگ کا نام ہے لعنۃ اللہ اس کثیف رنگ کی بدبو ہے۔ اولیٰ مغفرلہٗ۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت شیخ ابوالعباس علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ بندے کے لئے چار ضروری اوقات ہیں۔

۱:۔ طاعت ۲:۔ معصیت ۳:۔ نعمت ۴:۔ مصیبت

ان سب میں عبودیت کا حق ہے۔ حق تعالیٰ بحکمِ ربوبیت ان میں سے اپنا حق چاہتا ہے۔ جسے نعمت نصیب ہو اس کے لئے شکر کرنا ضروری ہے اور اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے قلبی فرحت کا اظہار کرے۔ اگر مصیبت آئے تو صبر کرے ۔بندے کو چاہیے کہ اپنی عبادت کی ادائیگی میں سستی نہ کرے تا کہ بلند درجات حاصل ہوں۔

مثنوی شریف میں ہے:

کافرم من گرزیاں کردست کس — دورہ ایمان طاعت یک نفس

سرشکستہ نیست ایں سر رامبند — یک دو روزہ جہد کن باقی بخند

تازہ کن ایمان نہ از گفت زبان — اے ہوا راتازہ کردہ درنہاں

تاہوا تازہ است ایمان تازہ نیست — کیں ہوا جز قفل آں دروازہ نیست

ترجمہ :۱۔ میرے نزدیک وہ کافر ہے جو ایمان اور طاعت میں پل بھر بھی نقصان کرتا ہے۔

۲۔ یہ سر شکستہ نہیں اس کا سر بند کر ایک دو دن کوشش کر پھر زندگی بھر خوشی سے گزار۔

۳۔ ایمان کو صرف زبان سے نہیں حقیقی طور تازہ کر تو تو اندر سے خواہشات سے پُر ہے۔

۴۔ جب تک خواہشاتِ نفسانی تازہ ہیں ایمان تازہ نہیں ہو سکتا یہ خواہشات تو ایمان کی نورانیت کا تالہ ہیں۔

حکایت: حضرت سری سقطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

میں بیس سال خلقِ خدا کے تجسس میں رہا۔ صرف ایک ہی بندہ خدا مجھے ملا۔ وہ جامع مسجد بغداد میں جمعہ کا خطبہ دیتا تھا۔ میں نے کہا: مجھے اس ضعیف پر بڑا تعجب ہے کہ اپنی بڑی طاقت کی نافرمانی کرتا ہے۔ جب کل صبح ہفتہ کے دن میں صبح کی نماز ادا کی تو ایک نوجوان آیا اور اس کے پیچھے چند سوار تھے جن آگے آگے حسین نوجوان لڑکے اور وہ خود بھی سواری پر تھا میرے قریب آکر سواری سے اترا اور پوچھا سری سقطی کہاں ہیں؟ میرے ساتھیوں نے میری طرف اشارہ کیا مجھے السلام علیکم کہ کر بیٹھ گیا اور کہا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ مجھے اس ضعیف سے تعجب ہے جو اپنے قوی کی نافرمانی کرتا

marfat.ocm
Marfat.com

ہے اس سے آپ کی مراد کیا ہے۔ میں نے کہا: تمام ابن آدم سے۔ بہت کمزور اور کون ہو سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمام بڑی قوت والوں سے قوی ہے۔ ابن آدم اپنی کمزوری کے باوجود اس کی نافرمانی کرتا ہے۔ یہ سن کر اس نے ایک درد بھری آہ سے کہا کہ بھلا بتاؤ مجھ جیسے گناہوں میں غرق شدہ کے گناہ معاف کر دے گا۔ کہا اے سری سقطی! آپ کو معلوم ہو کہ میں بڑا مجرم و گنہگار ہوں اور مجھ پر حقوق العبادت لاتعداد ولاتحصیٰ ہیں۔ اب میں کیا کروں۔ میں نے کہا: جب تیرا ارادہ اسی ذات کو راضی کرنے کا مکمل ہو جائے گا تو وہ تیرے حقدار سے تیری معافی کرا کے تجھے بخش دے گا۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کل قیامت میں اللہ تعالیٰ کے بندے کے جب حقدار جمع ہوں گے تو ان کے لئے ایک فرشتہ آ کر کہے گا اس بندہ کو کچھ نہ کہو تمہارے معاملے اللہ تعالیٰ کے سپرد ہو گئے۔

سری سقطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں جب میں نے اسے یہ حدیث سنائی تو وہ بندہ خدا رونے لگا اور کہنے لگا اب مجھے اللہ تعالیٰ سے ملنے کا راستہ بتایئے۔ میں نے اسے کہا اگر سالکین کا راستہ چاہتے ہو تو دن کو روزے رکھو اور رات کو جاگو اور گناہوں کو چھوڑ دو اور اگر تجھے ولیوں کا راستہ چاہیے تو مخلوق سے علیحدگی اختیار کر کے صرف اللہ تعالیٰ کے ہو جاؤ۔ یہ بات سن کر وہ خوب رویا اور اس کا رو رو کر آنسوؤں سے تر ہو گیا۔ مجھ سے فارغ ہو کر اہل و عیال چھوڑ کر چین اور قرار ختم کر کے گورستان میں رہنے لگا۔ نہایت مغموم و محزون رہتا اور اسی حالت میں فوت ہو گیا۔ میں نے اسے خواب میں دیکھا کہ ریشمی لباس میں نہایت فخر و ناز سے بہشت میں ٹہل رہا ہے اور مجھے دیکھ کر کہنے لگا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ میں نے پوچھا: کیسی گزری؟ کہا: مجھے اللہ تعالیٰ نے مرتے ہی بہشت میں داخل فرما دیا اور گناہوں کا نام تک نہیں لیا۔

تفسیر عالمانہ

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا هل لغات: المحاجة: بمعنی مجادلہ و دعویٰ حق ہو اس پر جانبین سے ہر ایک کی دلیل قائم کرنا۔ ہمزہ انکار و توبیخ کے لیے ہے۔

شانِ نزول: اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ کہتے تھے کہ انبیاء علیہم السلام ہم میں سے اور ہمارے دین پر تھے اور ہمارا دین سب سے پہلے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم! یہود و نصاریٰ سے فرمایئے کہ تم ہمارے ساتھ مجادلہ و مخاصمت کرتے ہو۔ فی اللہ اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں اور دعویٰ کرتے ہو کہ ہمارا دین حق ہے یعنی یہودیت

marfat.com
Marfat.com

نصرانیت ،پھر اس پر دخولِ جنت اور ہدایت کی امید رکھتے ہو۔ لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى اور کبھی کہتے ہو: كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ حالانکہ جھگڑے کی کوئی بات ہی نہیں کیونکہ وہی ہمارے اور تمہارے جملہ امور کا مالک ہے۔ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا ہمارے لیے نیکی ہے جو اس کے امر کے موافق ہے۔ وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ تمہارے لیے تمہاری بُرائی ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مخالف ہے پھر کیوں دعویٰ کرتے ہو کہ تم اولیٰ ہو۔ وَنَحْنُ لَهٗ اور ہم اللہ تعالیٰ کے لئے مُخْلِصُوْنَ اس کی عبادت میں مخلص ہیں کہ ہم سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کسی کی طلب نہیں۔ پس تم کیسے دعویٰ کرتے ہو اور اپنے مذہب کی حقیقت پہ کیوں جھگڑتے ہو اور اس کے سبب دخولِ جنت کی امید کیوں رکھتے ہو اور لوگوں کو اس کی طرف کیوں بلاتے ہو حالانکہ اصل میں تم مشرک ہو۔ اخلاص بمعنی عمل کر شرک و ریاء سے پاک رکھنا۔ در اصل اخلاص کا معنی ہے اپنے فعل کو مخلوق کے ریاء سے پاک رکھنا۔

اَمْ تَقُوْلُوْنَ، اَمْ ہمزہ کا عوض ہے جو کہ اَتُحَآجُّوْنَنَا میں ہے امر کے مقام میں واقع ہے اب مطلب یوں ہوا کہ تم دو امروں میں سے کسے پسند کرتے ہو یا تم حجت اور دلیل مضبوط پیش کرو کہ واقعہ تم حق پر ہو جیسے کہ تمہارا گمان ہے یا یہ مانو کہ تم اندھی تقلید میں پھنسے ہوئے ہو اور خواہ مخواہ انبیاء علیہم السلام پر افترا بازی کرتے ہو اور یہ کہتے پھرتے ہو کہ بیشک ابراہیم، اسماعیل، اسحٰق، یعقوب علیہم السلام یہود و نصاریٰ تھے۔

اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ اسباط یعنی یعقوب علیہ السلام کے پوتے یعنی ان بارہ صاحبزادوں کی اولاد۔

زجاج فرماتے ہیں کہ اسباط اسحٰق بمنزلہ قبائل کے ہے۔ یعنی اسحٰق علیہ السلام کی اولاد کو سبط اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو قبیلہ کہتے ہیں۔

كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تم کہتے ہو کہ وہ حضرات یہود و نصاریٰ تھے۔ (معاذ اللہ) اور ہم ان کے مقتدی ہیں۔ آیت میں ان دونوں باتوں کا انکار ہے اور ان کو توبیخ ہے۔ یعنی اے یہود و نصاریٰ! ان انبیاء علیہم السلام کے لئے ایسی باتیں کیوں کہتے ہو جبکہ تو تورات و انجیل کے نزول سے پہلے گزر چکے ہیں۔ جب وہ تم سے پہلے گزر چکے ہیں تو پھر وہ کیسے یہود و نصاریٰ تھے اور تم کیسے ان کے مقتدی ہوئے۔

marfat.ocm
Marfat.com

قُلْ ءَاَنْتُمْ استفہام تقریر وتوبیخ کے لئے ہے۔ اَعْلَمُ کیا تم ان کے دین کو زیادہ جاننے والے ہو۔ اَمِ اللّٰہُ یا اللہ تعالیٰ زیادہ علم والا ہے۔ وَمَنْ اَظْلَمُ اور کون زیادہ ظالم ہے۔اس میں یہ بات ہے کہ تم میں سے کوئی زیادہ ظالم نہیں۔ استفہام بمعنی نفی ہے۔ مِمَّنْ كَتَمَ چھپاتا ہے۔یعنی اس سے کون زیادہ ظالم ہے جو حق چھپاتا ہے۔ شَهَادَةً شہادت کو جو ثابت ہے۔ عِنْدَهٗ جو اس کو معلوم ہے۔ مِنَ اللّٰهِ یعنی اللہ سے گواہی چھپانے والا بہت بڑا ظالم ہے۔ عِنْدَهٗ اور مِنَ اللّٰهِ دونوں صفتیں ہیں۔ان کا موصوف شہادت ہے۔یعنی ایسی شہادت جو اسے معلوم ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے صادر ہونے والی ہے۔یعنی اے کتاب! تم شہادت کو جانتے ہو اور تمہیں حاصل ہے اور اللہ تعالیٰ سے ہی صادر ہونے والی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کو اولاد (علیہم السلام) پکے سچے مسلمان تھے اور اس کی خبر اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہاری کتاب میں بیان فرمائی ہے جسے تم چھپاتے ہو اور حقیقی گواہی کے خلاف ظاہر کرتے ہو۔اس لحاظ سے تم میں سے اور کون زیادہ ظالم ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی تکذیب کی جرأت کرتے ہو۔جبکہ اس نے کچھ کہا اور تم کچھ اور اس کے خلاف بیان کرتے ہو اور اظلمیت کو مطلق کتمانِ شہادت سے معلق کیا گیا ہے۔اس طرف اشارہ ہے کہ جو شخص حق کو عمداً مخفی رکھتا ہے اس کی سزا اتنی زیادہ ہے کہ دائرہ بیان سے باہر ہے۔ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور اللہ تعالیٰ تمہارے کردار سے بے خبر نہیں ہے۔

حدیث شریف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کبیرہ گناہوں سے ہے شرک اور جھوٹی گواہی اور شہادت کو چھپانا۔"

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔"کہ جو حق کو چھپاتا ہے اس کا دل آثم ہے۔"

یعنی اس کا دل مسخ ہو جائے گا)(نعوذ باللہ من ذالک)

تِلْكَ اُمَّةٌ یعنی انبیاء علیہم السلام کی جماعت۔ قَدْ خَلَتْ گزری ہے موت کے ذریعے۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ ان کے لئے وہ اعمالِ صالح ہیں جو انہوں نے کیے۔ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ اور تمہارے لیے جو تم کر رہے ہو۔ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ یعنی کوئی کسی سے نہ پوچھا جائے گا ہر ایک اپنے عمل سے سوال کیا جائے گا۔پھر اسے جزا دی جائے گی۔

سوال: آیت کا تکرار کیوں ہے؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب : مبالغہ ہے ان کی تردید میں کہ تم اپنے آباء کے کردار کی وجہ سے فخر کر رہے ہو بے جا ہے۔ انہیں ڈر سنایا جا رہا ہے کہ تم اپنے اعمال کا محاسبہ کرو ورنہ تمہیں اپنے نسب کا تعلق کوئی فائدہ نہیں دے گا۔ اس لیے کہ جب نفخ صور ہوگا اس کے بعد تو نسب ختم ہی ہو جائے گا۔

حکایت: ہارون الرشید حج سے فراغت کے بعد چند روز کے لئے کوفہ میں مقیم ہوا، جب ہو باہر نکلا تو اسے راستے میں بہلول مجنون ملے انہوں نے بآواز بلند تین بار کہا: اے ہارون لرشید! ہارون الرشید نے تعجبا پوچھا: کون ہے جو مجھے پکار رہا ہے؟ لوگوں نے کہا: بہلول مجنون۔ ٹھہر کر حکم دیا کہ پردہ ہٹا دو۔ اس کی عادت تھی کہ لوگوں سے باپردہ ہو کر کلام کرتا تھا۔ اس نے بہلول سے کہا: کیا تو مجھے نہیں جانتا؟ بہلول نے جواب دیا: جانتا ہوں، تو وہ ہے کہ اگر کوئی مشرق میں ظلم کرے اور تو مغرب میں ہو تو تب بھی تجھ سے اللہ تعالیٰ اس کے متعلق پوچھے گا۔ ہارون الرشید نے کہا: تو میرا حال کیسے جانتا ہے؟ بہلول نے کہا: میں تیرے حال کو کتاب اللہ کے سامنے پیش کرتا ہوں، اس میں ہے کہ ابرار جنت میں ہوں گے اور فجار جہنم میں۔ ہارون الرشید نے کہا: ہمارے اعمال کس طرح ہوں گے؟ بہلول نے کہا: اللہ تعالیٰ متقین کے اعمال قبول فرماتا ہے۔ ہارون الرشید نے کہا: ہماری قرابت جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے اس کا کیا حال ہوگا؟ بہلول نے کہا: جب نفخ صور ہوگا تو تمام حسب نسب منقطع ہو جائیں گے۔

ہارون الرشید نے کہا: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کہاں جائے گی؟ بہلول نے کہا: اس دن شفاعت نفع نہیں دے گی مگر اللہ تعالیٰ جس کے متعلق اجازت دے گا اور جس سے وہ راضی ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ اعمال صالح میں خلوص ضروری ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے اعمال کو قبول کرے گا۔

جنید قدس سرہٗ فرماتے ہیں: کہ اخلاص اور بندہ کے مابین راز ہے کہ فرشتے کو بھی پتہ نہیں چلتا کہ اسے لکھ سکے۔ نہ ہی شیطان کو خبر ہوتی ہے کہ اسے خراب کر سکے۔

مسئلہ: فضیل فرماتے ہیں کہ عمل کو لوگوں کی خاطر ترک کرنا بھی ریاء ہے اور لوگوں کی خاطر عمل کرنا شرک ہے لیکن اخلاص دونوں کو خلاصی دیتا ہے۔

مسئلہ : تاتارخانیہ میں ہے کہ شروع تو کی خلوص سے لیکن بعد میں ریاء کا دخل ہوا تو وہ ریاء نہیں۔ ریاء یہ ہے کہ اگر لوگوں سے علیحدہ ہوتا تو نماز نہ پڑھتا۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ : لوگوں کے سامنے ہوتا ہے تو نماز اچھی کر کے پڑھتا ہے لیکن تنہائی میں ایسا نہیں کرتا تو اسے نفس صلوٰۃ کا ثواب ملے گا لیکن احسان کا درجہ اسے نصیب نہیں ہوگا۔

حکماء فرماتے ہیں اس شخص (جو ریاء کی طاعت کرتا ہے) کی مثال ایسی ہے جو بازار کی طرف اپنا دامن کنکریوں سے بھر کے نکلتا ہے تو لوگ دیکھ کر کہتے ہیں: دیکھئے اس کا دامن بھرا ہوا ہے اسے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ صرف لوگوں کی باتیں ہی سنتا رہے گا اور بس۔

حدیث شریف: میں ہے کہ اپنے اعمال کو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کرو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ان اعمال کو قبول کرتا ہے جو صرف اسی کے لیے کیے جائیں اور یوں بھی نہ ہو کہ یہ عمل اللہ تعالیٰ اور صلہ رحمی کی خاطر ہو۔ اللہ تعالیٰ سے اس میں کوئی ثواب نہیں۔

مشارق الانوار میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے لعنت کرتا ہے جو غیر اللہ کی خاطر ذبح کرتا ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں: غیر اللہ کے لیے ذبح کا مطلب یہ ہے کہ اس کی خاطر ذبح کیا جائے۔ مثلاً بت کے لیے یا موسیٰ علیہ السلام وغیرہ کے لئے۔

مسئلہ : شیخ ابراہیم مرادوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جو لوگ بادشاہ کے استقبال کی خاطر اس کی تقریب کے لیے ذبح کرتے ہیں اہلِ نجارا کا فتویٰ ہے کہ وہ حرام ہے کیونکہ یہ بھی مَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ میں داخل ہے۔

امام رافعی فرماتے ہیں کہ یہ حرام نہیں کیونکہ یہ تو صرف خوشی کی خاطر ذبح کیا جاتا ہے۔ یہ ایسے ہے جیسے بچے کی ولادت میں عقیقہ کی خوشی میں ذبح کیا جاتا ہے اور یہ حرام نہیں ہے۔ اسی پر مسلمانوں کے افعال کو نیکی پر محمول کرنا چاہیے تا کہ وہ کفر سے بچ جائیں اور ان کے اعمال ضائع نہ ہوں کیونکہ موحد کا مطمح نظر مولا کی رضا اور اس کی عبادت ہی ہوتی ہے۔ جس طرح بھی جو عبادت میسر ہو۔

(اللّٰهم اعصمنا من الزلات) (اے اللہ! ہمیں لغزشوں سے محفوظ رکھ)

تحقیق اویسی غفرلہٗ۔

الحمد للہ امام رافعی علیہ الرحمہ نے صدیوں پہلے وہی فرمایا جو آج امام احمد رضا قدس سرہٗ فرما رہے ہیں اور مخالفین بادشاہ کی دعوت والے قول کی آڑ میں مسلمانوں کی بہت سی نیکیاں برباد کا فتویٰ بلکہ انہیں مشرک گردان رہے ہیں۔ اس موضوع

marfat.com

Marfat.com

پر مفصل بحث فقیر کی کتاب "فیصلہ حق و باطل" میں بقدر ضرورت یہاں عرض ہے۔

مخالفین کی تقریر:۔ جس طرح بادشہ کی دعوت میں بادشہ کی خوشنودی سے جانور حرام ہو گیا ایسے ہی میلاگیارہویں، پیر کا بکرا اور دیگر وہ اشیاء جس میں پیروں، فقیروں کی خوشنودی کو دخل ہو اگرچہ اس پر اللہ تعالیٰ کا نام بھی آیا ہو جیسے بادشہ کی دعوت وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ سے ہے۔

جواب :۱۔ بادشہ کی دعوت کا قول مرجوح ہے۔ راجح قول فقہ حنفی میں امام رافعی علیہ الرحمہ کا قول ہے جو اوپر مذکور ہوا ہے اور اس کی علت بھی واضح فرمادی جو روحِ اسلام کے عین مطابق ہے اور مرجوح قول اسلامی اصول کے بھی خلاف ہے کہ مسلمان کی نیت پر حملہ کے علاوہ بدظنی اور محبوبان خدا سے رابطہ جوڑنے کے بجائے توڑنے والی بات کرتے ہیں مخالفین ان سے رشتہ توڑ چکے ہیں وہ توڑنے والی بات کریں تو انہیں سلامت۔

جواب : ۲۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء کرام کی خوشنودی و رضا کو بادشہ کی خوشنودی پر قیاس، قیاس مع الفارق ہے اس لیے کہ رضائے مصطفیٰ اور رضائے اولیاء عین رضائے خدا ہے اسی کو ہم عین اسلام سمجھتے ہیں اور مخالفین اسے شرک سے تعبیر کرتے ہیں۔ ہم اپنے فتویٰ کے مطابق حق پر ہیں اور مخالفین منافقین کے نقشِ قدم پر کہ وہ بھی رضائے مصطفیٰ سے روگرداں ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں تنبیہ فرمائی۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اور وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ ان کا یہ فتویٰ غلط بھی ہے کہ غیر اللہ کی رضا جوئی و خوشنودی کی طلب شئے کو حرام کر دیتی ہے۔ تو پھر مہمان نوازی بھی حرام ہو اور فقرو مساکین اور غربا و مسلمین کو خوش کرنا حرام اور ماں باپ، استاذ، مرشد اور دیگر جملہ اہلِ اسلام کو خوش کرنا حرام ہو بلکہ روحِ اسلام کا تقاضا تو یہ ہے کہ ؎ دل بدست آور کہ حج اکبر است

لیکن مخالفین اسلام کی روح کو مجروح کرتے ہیں کیونکہ منافقین کے وارث جو ہیں۔

عبارتِ فقہاء کرام کا جواب: جن فقہاء کرام نے بادشاہوں کی دعوت کا کہا ہے وہ ان کے دور کے مطابق ہے کہ ظالم بادشاہ جہاں جاتے غربا و مساکین کے اوپر ظلم و ستم کے پہاڑ ٹوٹ پڑتے کہ ان کی دعوتوں پر غربا و مساکین کے جانور ظلماً پکڑ کر دعوتیں اڑائی جاتیں ایسے ظالموں کی دعوت کے جانوروں کا فتویٰ حرمت ہو تو مبنی بر صواب ہے نہ کہ صلاح الدین ایوبی اور عالمگیر اورنورالدین اور سلطان محمود علیہم الرحمہ جیسے بادشاہ جو بظاہر امیر لیکن درحقیقت فقیر (ولی اللہ) تھے۔

جواب استدلال:۔ آیت وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ سے ان کا استدلال ایسے غلط ہے۔ جیسے وہ خود غلط ہیں۔ فقیر نے اس

marfat.com
Marfat.com

آیت کی تشریح اسی تفسیر "فیوض الرحمٰن ترجمہ روح البیان" کے پارہ نمبر۲ کے حاشیہ میں لکھ دی ہے۔ یہاں بقدر ضرورت حاضر ہے۔

یہ آیت قرآن مجید میں چار جگہ ہے۔ تمام جگہوں میں الفاظ کے تقدم وتاخر کا فرق ہے۔ مطلب ایک ہے فقیر (پارہ۶ رکوع ۵ (کنز الایمان) امام احمد رضا خان قدس سرہٗ کے ترجمہ وتفسیر سمیت مختصر عرض کرتا ہے۔ آیۃ مبارکہ یوں ہے:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ

تم پر حرام ہے مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا۔

ف: اصل مطلب یہی ہے جو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ نے جملہ تفاسیر ومباحث کا خلاصہ نچوڑ پیش کرتے ہوئے "کنز الایمان" میں لکھا ہے کہ اس سے مراد وہ جانور ہے "جس کے ذبح میں غیرِ خدا کا نام پکارا گیا" اور یہی معنی عقل ونقل کے مطابق ہے۔ اس لیے کہ اس میں ان مشرکین کا رد ہے جو جو بوقتِ ذبح "بسم اللات والعزیٰ" پکارتے تھے لہٰذا اس کے بالمقابل بوقتِ ذبح بسم اللہ اللہ اکبر کی تعلیم دی گئی۔

یہی مفہوم ومطلب قرنِ اوّل سے تا حال کے جملہ محققین ومفسرین (صحابہ تابعین تبع تابعین وغیرہم) نے بیان فرمایا۔ جن کے اسماء گرامی اور چند عبارات فقیر نے پارہ نمبر۲ کی تفسیر آیت ہٰذا میں نقل کیے ہیں لیکن افسوس کہ مخالفین کسی کی بھی نہیں مانتے

تحریفِ قرآن:۔ مخالفین کے تراجم وتفاسیر (نام نہاد) پڑھیں تو وہ آیت قرآنی وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ میں تحریف کر کے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء کرام سے منسوب مثلاً میلاد شریف اور عرس وگیارہویں پر چسپاں کر کے حرام ٹھہراتے اور یہ تاثر دیتے ہیں کہ ان پر چونکہ غیر اللہ کا نام دیا گیا ہے اس لیے یہ حرام ہے۔ (لا حول ولا قوۃ الا باللہ)

حال آنکہ: آیہ مبارکہ کا مذکورہ مفہوم بیان کرنا اس کی معنوی تحریف کے مترادف ہے کیونکہ اس کا اگر "بوقت ذبح کے نام کا اطلاق واستعمال ہوتا ہے تو کیا منکرین گیارہویں ان سب کو حرام قرار دیں گے؟ اگر جواب نفی میں ہے تو پھر صرف گیارہویں ہی کو کیوں نشانا بنایا جاتا ہے۔ کیا یہ محض بغض وعناد کا مظاہرہ نہیں ہے؟

سلطان اورنگ زیب عالمگیر کے استاذ محترم حضرت ملا جیون علیہ الرحمہ صاحب نور الانوار وتفسیرِ احمدی کی تحقیق وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ کے تحت اختصار کے باوجود بہت جامع وقولِ فیصل ہے۔ فرماتے ہیں "اس کا معنی یہ ہے کہ جانور کو غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے مثلاً لات وعزیٰ وغیرہ (جیسا کہ مشرکین کا طریق تھا) لیکن اگر بسم اللہ اللہ اکبر کہنے

marfat.com
Marfat.com

اور جانور لٹانے سے پہلے یا ذبح کے بعد غیر اللہ کا نام لے تو کوئی حرج نہیں جیسا کہ "ہدایہ" میں مذکور ہے۔ اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ اولیاء کے ایصال ثواب کے لئے جو گائے کی نذر مانی جاتی ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں اہل اسلام کا دستور ہے تو یہ حلال وطیب ہے۔ اس لیے کہ بوقتِ ذبح اس پر غیر اللہ کا نام نہیں لیا گیا۔ اگر چہ پہلے اس نام کی نذر مانی گئی ہے۔

(تفسیرات احمدیہ پارہ ۲، صفحہ ۲۹)

معلوم ہوا کہ صاحب "تفسیر احمدی" وغیرہ مفسرین و محققین کی وہی تحقیق ہے جسے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے "کنز الایمان" میں نقل کیا ہے۔ نیز نذرِ اولیاء کا سلسلہ پہلے سے مسلمانوں میں جاری ہے۔ مزید تحقیق و تفصیل فقیر کی تفسیرِ اویسی اور کتاب "فیصلہ حق و باطل" میں ہے۔

ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی غفرلہٗ

پارہ اول کی کی تفسیر کا ترجمہ بہ شب بدھ بتاریخ ۱۶ محرم ۱۳۸۲ھ دس بج کر پچیس منٹ پر ختم ہوا

مطالعہ گاہ مدرسہ منبع الفیوض حامد آباد

marfat.ocm
Marfat.com

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ

اب کہیں گے بیوقوف لوگ کس نے پھیر دیا مسلمانوں کو ان کے اس قبلہ سے

كَانُوْا عَلَيْهَا ۭ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۭ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ

جس پر تھے تم فرمادو کہ پورب پچھم سب اللہ ہی کا ہے جسے چاہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

سیدھی راہ چلاتا ہے اور بات یوں ہی ہے کہ ہم نے کیا تمہیں سب امتوں میں

شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۭ وَمَا

افضل کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ

جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ

اور اے محبوب اتم پہلے جس قبلہ پر تھے ہم نے وہ اسی لیے مقرر کیا تھا کہ دیکھیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے

مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰي عَقِبَيْهِ ۭ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَي

اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے اور بیشک یہ بھاری تھی مگر ان پر جنہیں

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ نے ہدایت کی اور اللہ کی شان نہیں کہ تمہارا ایمان اکارت کرے بیشک اللہ آدمیوں

بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاۗءِ

پر بہت مہربان رحم والا ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۠ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ

تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف

marfat.ocm
Marfat.com

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اور اے مسلمانو! تم جہاں کہیں ہو اپنا منہ اسی کی طرف کرو اور وہ جنہیں کتاب ملی ہے ضرور جانتے ہیں

الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۴۴

کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے اور اللہ ان کے کرتوتوں بے خبر نہیں۔

وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ

اور اگر تم ان کتابیوں کے پاس ہر نشانی لے کر آؤ وہ تمہارے قبلہ کی پیروی نہ کریں گے

اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ

اور نہ تم ان کے قبلہ کی پیروی کرو اور وہ آپس میں بھی ایک دوسرے کے قبلہ کے تابع نہیں

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ

اور (سننے والے کے باشد) اگر تو ان کی خواہشوں پر چلا بعد اس کے کہ تجھے علم مل چکا تو اس وقت تو ضرور

الظّٰلِمِيْنَ ۝ۘ۱۴۵ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ

ستم کار ہوگا۔ جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ اس نبی کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آدمی

اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝۱۴۶

اپنے بیٹوں کو پہچانتا ہے اور بیشک ان میں ایک گروہ جان بوجھ کر حق چھپاتے ہیں۔ (اے سننے والو)

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝۱۴۷

یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے (یا حق وہی ہے جو تیرے رب کی طرف سے ہو) تو خبردار تو شک نہ کرنا

تفسیر عالمانہ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ عنقریب وہ لوگ کہیں گے جن کے عقل کمزور ہیں مِنَ النَّاسِ اس سے وہ منکرین مراد ہیں جو تغیر قبلہ کو اچھا نہ سمجھتے یعنی منافقین، یہود اور مشرکین ان کو بے عقل اس

marfat.com
Marfat.com

لیے کہا گیا کہ وہ دین ابراہیم سے روگرداں تھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ابراہیم کے دین سے وہ روگردانی کرتا ہے جو ذلیل النفس اور جاہل نابکار ہے۔

سوال: واقعہ کے وقوع سے پہلے خبر دینے کا کیا فائدہ؟

جواب: تاکہ وہ واقعہ کے وقت پریشانی کا اظہار نہ کریں۔ کیونکہ جو واقعہ اچانک ہو اس سے طبیعت سخت پریشان ہو جاتی ہے اور دستور ہے کہ ضرورت سے پہلے تیار رہنا دشمن کے فساد ڈالنے کو زیادہ روکتا ہے بہ نسبت عین موقعہ کی تیاری کے تیر پھینکنے سے پیشتر ہی تیر پر تیر لگایا جاتا ہے نہ کہ عین موقعہ پر۔ یہ مثال عرب میں اس وقت دی جاتی ہے جب کہ ضرورت سے پہلے سامان تیار کرایا جائے۔

مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ، مَا استفہامیہ انکاریہ مرفوع المحل مبتداء ہے اور وَلّٰهُمْ اس کی خبر ہے جملہ يَقُوْلُ کی وجہ سے محل النصب ہے۔ اہل عرب کہتے ہیں: تَوَلّٰى عَنْ ذَالِكَ یعنی انصرف اور کہتے ہیں: وَلّٰى غَيْرَهٗ یعنی صَرَفَهٗ۔

ف: قبلہ دراصل انسان کی اس حالت کو کہتے ہیں جو اس کے آمنے سامنے ہو شرع میں منقول ہو کر اس جہت کو کہا جاتا ہے جس کی طرف انسان منہ کر کے نماز پڑھے۔ قبلہ مقابلہ سے ماخوذ ہے اور قبلہ کو اسی لیے قبلہ کہتے ہیں کہ نمازی اس کے بالمقابل کھڑا ہوتا ہے۔

ف: آیت کا معنی یہ ہے کہ ان لوگوں کو کون سی شئے نے اس جہت یعنی بیت المقدس سے پھیرا ہے کہ بیت المقدس کو چھوڑ کر کعبہ کی طرف منہ کرنے لگ گئے ہیں۔

حدیث شریف: مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لانے کے بعد یہود کی تالیف قلوب کے لئے تقریباً سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے۔ اس کے بعد مسلمانوں کا قبلہ نسخ صور تک کعبہ شریف کو ٹھہرا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب منکرین کو کیا جواب دینا چاہیے تو حکم ہوا کہ قُلْ آپ فرما دیجئے: لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ تمام امکنہ اللہ تعالیٰ کے ملک اور تمام جہتیں اس کے تصرف میں ہیں کوئی شے ذاتی طور مستحق نہیں کہ وہ خود قبلہ بن جائے کہ اس کے سوا کوئی اور قبلہ بھی بن سکے اور یہ جہات اس لیے قبلہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ تم میری عبادت کے لئے ان کی طرف منہ کرو۔ اس کی

marfat.ocm
Marfat.com

مرضی اپنی قدرت وتصرف کے تحت جس کی طرف منہ کرنے کا حکم دے اس سے کوئی پوچھنے والا نہیں۔ وہ جس طرح چاہے جیسے چاہے حکم دے۔ مخلوق کے لئے تو خالق کا فرمان ماننا اور اس کی اطاعت کرنا ہی ہے اور بس اسے کیا ضرورت ہے کہ سوال کرتا پھرے اس کا حکم اس طرح کیوں ہوا اور یہ مامور اسی طرح کیوں ہے اسے تو فرمانبرداری کرنی ہے۔ اسے علل واغراض سے کیا مطلب؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ احکام وافعال اغراض وعلل کا محتاج نہیں۔

یہود ونصاریٰ کی ایک غلطی: یہود نے بیت المقدس کی غربی جانب قبلہ اپنی خواہش کے مطابق بنایا ہوا تھا ان کو حکم ربانی تو ہوا نہیں ان کا اپنا یہ خیال تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غربی جانب شرف وحی وکلام حاصل ہوا کما قال تعالیٰ: مَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَآ إِلَىٰ مُوسَى الْأَمْرَ بنابریں ہمارا قبلہ اسی جانب زیادہ موزوں ہے اور نصاریٰ نے بیت المقدس کی مشرقی جانب کو قبلہ اختیار کیا۔ اس لیے کہ وہ یہ خیال رکھتے تھے کہ بی بی مریم (علیٰ نبینا وعلیها السلام) جب شہر سے نکلیں تو بیت المقدس کی شرقی جانب گئیں۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا اور مؤمن صرف اللہ کی اطاعت سمجھ کر اور اس کا فرمان مانتے ہوئے قبلہ کعبہ کی جانب منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں اور اہل اسلام اپنی طرف سے کسی جہت کا یقین نہیں کرتے اور یہ قبلہ خلیلی بھی ہے اور اسے مولد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا شرف بھی حاصل ہے۔

يَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ سیدھے راہ کی طرف جسے چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے یعنی بیت المقدس کی طرف اور کبھی کعبہ کی جانب۔ اسے استقامت سے اس لیے موصوف کیا گیا ہے کہ یہ حکمت ومصلحت پر مشتمل ہے۔

ف: بعض ارباب حقیقت فرماتے ہیں کہ یہود نصاریٰ ومنافقین کو بیوقوف اس لیے کہا گیا کہ دین واسلام کی حقیقت نہ سمجھنے سے ان کے عقول پر پردے آ گئے ہیں۔ اگر انہیں حق سمجھنے کا کچھ حصہ نصیب ہوتا تو مومنوں کی طرح مخلص ہوتے اور اگر ان کے عقول صحیح وسالم ہوتے تو وہ آیات سے صحیح استدلال کرتے اور تحویل قبلہ کا انکار بھی اس لیے کر بیٹھے کہ وہ خود جہت کے پابند تھے اور انہیں توحید کی معرفت نہ تھی کہ کل جہات اسی ذات کے لئے ہیں۔

عارف جامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

جہاں مرآت حسن شاہد ماست　　فشاہد وجہہ فی کل ذرات

ترجمہ: یہ جہاں ہمارے محبوب کا آئینہ ہے اسی لیے عارف ہر شے سے اسی کا مشاہدہ کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَكَذٰلِكَ یہ اشارہ متقدم کے مفہوم کی طرف ہے۔ جس طرح ہم نے تمہیں راہِ مستقیم کی ہدایت بخشی اسی طرح جَعَلْنٰكُمْ ہم نے تمہیں بنایا۔

سوال: كَذٰلِكَ میں کاف خطاب مفرد کا اور جَعَلْنٰكُمْ میں جمع کا اس کی کیا وجہ ہے حالانکہ ہر دونوں میں مومنین مراد ہیں؟

جواب: یہاں صرف حاضر و غائب کا فرق بتایا ہے۔ اُمَّةً وَسَطًا یعنی ہم نے تمہیں پسندیدہ امت بنایا۔ چونکہ اوسط ہر لحاظ سے محفوظ ہوتا ہے اور چونکہ اطراف اسے گھیرے ہوئے ہوتے ہیں اسی لیے وہ ہر دکھ و تکلیف سے بچا رہتا ہے۔

لِتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ تا کہ تم لوگوں پر قیامت میں گواہی دو کہ واقعی رسل علیہم السلام کو احکام الٰہی پہنچا چکے۔ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا تم پر گواہی دیں۔

سوال: جب شاہد کی شہادت سے ضرر مقصود ہو تو اس وقت علیٰ سے متعدی ہوتا ہے اور جب اس کی شہادت سے نفع مطلوب ہو تو اس وقت لازم سے متعدی ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے: شَهِدَلَهٗ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کی صفائی بیان فرمائیں گے اور ان کی شہادت کی اہلیت بتائیں گے تو یہ شہادت ان کے مفید ہوگی۔ بہتر یوں تھا کہ کہا جاتا: وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ لَكُمْ شَهِيْدًا۔

ف: بخلاف امت کی شہادت کے کہ امم کو اس امت کی شہادت سے ضرر ہوگا اسی لیے وہاں پر شهدا کے بعد علیٰ کا آنا اپنے محل میں ہے۔

جواب: الشهید بمعنی الرقیب المطلع ہے۔ اس بنا پر اس کا علیٰ سے متعدی ہونا صحیح ہے۔ شهید الرقیب والمطلع کے معنی کو اس لیے متضمن ہے کہ کسی کی صفائی یا عدالت بیان کرنے میں ضروری ہوتا ہے کہ وہ اس کے حال سے مطلع ہو۔ کیونکہ وہ اگر ان کے کردار سے بے خبر ہے تو پھر تزکیہ و عدالت اور صفائی کا کیا معنی اگر وہ اس کی صفائی و عدالت سے واقف ہے تو اس کی صفائی بیان کرے گا ورنہ خاموشی اختیار کرے گا۔

سوال: عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا میں "صلہ" یعنی عَلَيْكُمْ مقدم کیوں ہے؟

جواب: کیونکہ ان کی عدالت و تزکیہ کی شہادت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مخصوص ہے اگرچہ آپ

marfat.ocm
Marfat.com

دیگر انبیاء علیہم السلام کی تبلیغ کی شہادت اور منکرین کی تکذیب کے بھی شاہد ہیں لیکن امت کی تعدیل وتزکیہ صرف آپ نے ہی فرمایا ہے گویا یہ حصر حقیقی ہے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو ایک جگہ جمع فرما کر امم سابقہ کے کفار کو فرمائے گا کہ کیا تمہارے پاس کوئی حکم سنانے والا آیا تھا وہ انکار کرتے ہوئے کہیں گے یا اللہ ہمارے پاس نہ تو کوئی بشیر آیا اور نہ نذیر پھر اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام سے پوچھیں گے کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ انبیاء علیہم السلام کہیں گے یا اللہ کفار جھوٹ بولتے ہیں۔ ہم نے تیرے احکام مکمل طور پر پہنچائے۔ اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کو فرمائے گا اپنی صفائی کے گواہ پیش کرو۔ حالانکہ اسے خوب معلوم ہے صرف حجۃ قائم کرنے کی بناء پر ایسے ہوگا۔ انبیاء علیہم السلام کی گواہی کے لئے امت محمدیہ علی صاحبہ السلام حاضر ہوگی اور گواہی دے گی کہ واقعی یا اللہ انبیاء علیہم السلام تیرے احکام اپنی امتوں کو پہنچا چکے۔

امم سابقہ کے کفار کہیں گے یا اللہ انہیں کیسے معلوم ہوا یہ تو ابھی پیدا بھی نہیں ہوئے تھے۔ امت محمدیہ علی صاحبہ السلام سے سوال کیا جائے گا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا تو وہ عرض کریں گے کہ یا اللہ تو نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا اور ان پر کتاب نازل فرمائی اس میں انبیاء علیہم السلام کی تبلیغ کا ذکر بھی تھا اور تو اپنی بات میں صادق ہے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں گے۔ آپ سے امت کے متعلق پوچھا جائے گا۔ آپ بھی اپنی امت کی صفائی پیش فرمائیں گے اور ان کے صدق کی گواہی دیں گے اس کے بعد کفار کو داخل ہونے کا حکم صادر ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ ارباب حقیقت فرماتے ہیں کہ امت کا لوگوں پر شہادت دینے کا معنی یہ ہے کہ امت کو ادیان سابقہ کے حقوق پر نور توحید کی وجہ سے آگاہی حاصل تھی اور ان کو ہر دین کے حقوق کا علم تھا اور ان کے باطل کو بھی جانتے تھے۔ لیکن وہ باطل کو حق سے تعبیر کرتے حالانکہ وہ حق نہیں بلکہ وہ ان کے نفوس کے مخترعات ہیں جسے دین کی تحقیق نصیب ہوا سے تمام ادیان کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔ خصوصاً دین اسلام جسے حق اعظم کہا جائے تو بجا ہے۔

ف: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کا معنی یہ ہے کہ رسول کو ہر دیندار کے دین کا علم ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ اس کے دین کی حقیقت کیا ہے اور اس حجاب کو بھی جانتے ہیں کہ جس سے وہ اپنے دین کے کمال

marfat.com
Marfat.com

سے محجوب ہے اور آپ اپنی امت کے گناہوں کو اور ان سے ایمان کی حقیقت کو اور اعمال کو نیکیاں ہوں یا برائیاں اور ان کے اخلاق اور نفاق کو خوب جانتے ہیں۔ ا اور آپ کی امت کو نبی علیہ السلام کے نور کے صدقہ تمام امت کے گذشتہ امور بخوبی معلوم ہیں۔

ف: بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو آخر الامم بنایا ہے صرف اپنے حبیب اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کو شرف بخشنے کی بنا پر ہے کیونکہ اگر ہم ان سے پہلے ہوتے تو ہمیں قبروں میں ان کا انتظار کرنا پڑتا جیسے اب وہ قبروں میں ہمارے لئے منتظر ہیں نیز ہم اس لئے آخر میں آئے تا کہ قیامت میں ان کے گواہ بنیں۔ یہ بھی ایک ہماری شرافت کی دلیل ہے اور اس امت کی بزرگی صرف یہی ایک دلیل کافی ہے جو نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے اس امت کے علماء کرام کے متعلق فرمایا: عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ۔ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء جیسے ہیں۔

حکایت: امام راغب اصفہانی علیہ الرحمہ محاضرات میں تحریر فرماتے ہیں کہ صاحب حزب البحر نے فرمایا کہ ایک روز میں مسجد اقصیٰ میں سو رہا تھا کہ خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ مسجد اقصیٰ کے باہر حرم شریف کے وسط میں ایک تخت بچھایا گیا اور بڑی مخلوق جمع ہو رہی ہے۔ میں نے پوچھا یہ جماعت کون ہے؟ مجھے کہا گیا یہ انبیاء اور رسل علیہم السلام کی جماعت ہے۔ یہ اس لئے جمع ہو رہے ہیں تا کہ حضور سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حسین حلاج سے جو غلطی شرعی واقع ہوئی اس کے بارہ میں سفارش کریں۔ جب میں نے تخت کو دیکھا تو اس پر صرف ہمارے نبی پاک شہ لولاک سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں اور دیگر سادات انبیاء علیہم السلام جیسے ابراہیم و موسیٰ و نوح علیہم السلام نیچے زمین پر تشریف فرما ہیں۔ میں وہاں پر ٹھہر گیا اور ان کے پیارے کلام سننے کا منتظر ہو گیا۔ اس مجمع انبیاء علیہم السلام میں حضرت موسیٰ علیہم السلام بولے اور ہمارے نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے مخاطب ہو کر عرض کیا کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام جیسے ہیں آپ ان میں ایک تو ہمیں دکھائیں۔ ہمارے پیارے رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے حضرت امام غزالی علیہ الرحمہ کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہ ہیں۔

ا: کذا قال الشاہ عبد العزیز الدہلوی فی تفسیرہ فتح العزیز فی ہذا المقام.

marfat.ocm
Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہم السلام نے امام غزالی سے ایک سوال کیا۔امام غزالی نے اس کے دس جواب دیئے۔ حضرت موسیٰ علیہم السلام نے فرمایا کہ سوال کے مطابق جواب ہونا چاہیے میں نے سوال تو ایک کیا ہے لیکن آپ نے دس جواب دیئے۔امام غزالی نے عرض کی: حضور! یہی اعتراض تو پہلے آپ پر وارد ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے پوچھا تھا: وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى (تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ) آپ کو جواب میں صرف کہنا تھا هِيَ عَصَايَ (یہ میرا عصا ہے) لیکن آپ نے بڑا طویل جواب دیا۔امام شاذلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے نبی سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند قدر اور شان وشوکت کو دیکھ رہا تھا۔سبحان اللہ! آپ اکیلے ہی تخت پر ہیں اور دیگر انبیاء خلیل وکلیم اور عیسیٰ علیہم السلام نیچے ہیں۔ابھی میں اس حال میں تھا کہ کسی نے میرے سینہ پر پاؤں مارا جس سے میں جاگ اٹھا۔امام بوصیری علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے:

فَانْسُبْ اِلٰى ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ

وَانْسُبْ اِلٰى قَدْرِهٖ مَاشِئْتَ مِنْ عِظَمٍ

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا شَفَاعَتَهٗ

ترجمہ: آپ کی بزرگی کے لئے جتنا چاہو بیان کرو آپ کی قدر ومنزلت جتنا دل چاہے ظاہر کرو۔اے اللہ! ہمیں آپ کی شفاعت نصیب فرما۔

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ ، اَلْقِبْلَةَ ، جَعَلْنَا کا مفعول اوّل ہے۔ اَلَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا یہ جَعَلْنَا کا مفعول ثانی ہے اور الجهة موصوف محذوف ہے۔اصل عبارت یوں تھی: الجهة التی کنت علیها ۔اس سے مراد کعبہ ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے پر مامور تھے اور کعبہ شریف مکہ معظمہ میں ہے پھر جب آپ ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو آپ کو اس پتھر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم ہوا جو بیت المقدس میں تھا اور اس مقام سے ملائکہ آسمان کی طرف چڑھتے پھر چند روز بعد کعبہ شریف کی طرف حکم دیا گیا۔اب معنی یہ ہوا کہ ہم نے آپ کو جس طرح کا حکم دیا ہے یعنی وہ جہت کہ جس کی طرف آپ نے متوجہ ہونا ہے ہم نے آپ کو صرف اس لیے لوٹایا ہے۔

اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ تا کہ ہمیں معلوم ہو کہ کون حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتا ہے مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ اور کون اپنے گٹوں کی طرف پھر جاتا ہے عقب قدم کی طرف کو کہتے ہیں اور گٹوں کی

marfat.com
Marfat.com

طرف لوٹنا ارتداد سے استعارہ ہے اور دین سے باطل کی طرف پھر جانا مقصود ہے آیت کا معنی یہ ہے کہ ہمارا علم مظاہر رسول اور مومنین پر ظاہر ہو جائے اور واضح ہو جائے کہ ان میں صادق الاسلام کون ہے اور متردد کون۔ جو کہ معمولی سبب سے دین سے ہٹ جاتا ہے اور اس کا ایمان کمزور پڑ جاتا ہے اس کا معنی ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے قبل نہیں جانتا تھا اور اب جان لیا ہے کیونکہ وہ تو ازل سے جانتا ہے اور ان کے تمام حالات جو کسی وقت بھی واقع ہونے والے تھے تمام کو جانتا تھا اسی طرح ہر وہ شخص جو ان حالات کو جانتا ہے اسے بھی یہ علم ظاہر ہوتا ہے۔

ف: اس تقریر کے موافق ہے جو کہا جاتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنین جان لیتے ہیں اس لیے کہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہے کیونکہ وہ اس کے خواص اور اس کے قرب والے ہیں (الحمد للہ یہی اہل سنت کہتے ہیں اور یہی ہمارا عقیدہ ہے اویسی غفرلہ) یہ مطلب امام قاشانی کا اختیار کردہ ہے جو انہوں نے تاویلات میں بیان فرمایا ہے۔ انہوں نے اس مطلب کے ماسوا کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ف: اِلَّا لِنَعْلَمَ میں علم بمعنی معرفت ہے اب معنی یہ ہوا کہ اس کی معرفت ہو کہ کون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کرتا ہے علم کو معرفت لینے سے مفعول ثانی کی ضرورت نہیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ کو معرفت سے موصوف نہیں کیا جاتا اَاللّٰہُ عَارِف" نہیں کہا جا سکتا جب ایسے ہے تو پھر یہاں پر لِنَعْلَمَ بمعنی لِنَعْرِفَ کیسے مانا جائے؟

جواب: اللہ تعالیٰ معرفت سے اس وقت موصوف نہیں مانا جاتا ہے جب کہ معرفت کا معنی اِلَّا دَرَاکَ بمسبوق بالعدم کیا جائے۔ اگر معرفت بمعنی ادراک مطلق ہو کہ اسے دوسرے مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی اس وقت اللہ تعالیٰ پر معرفت کا اطلاق جائز ہے۔

ف: مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ یَدُّہٗ کے فاعل سے حال ہے یعنی ہم معلوم کر لیں کہ کون اہل ایمان سے علیحدہ ہوتا ہے۔

وَاِنْ کَانَتْ یعنی قبلہ موحولہ لَکَبِیْرَۃً سخت اور ثقیل ہے اس کے لئے جو قبلہ منسوخہ سے تعلق رکھتا ہے کیونکہ انسان کو ہر وہ بات سخت محسوس ہوتی ہے جس سے متوجہ ہو کر پھر اس سے توجہ ہٹائی جائے۔

ف: ان مخففہ من المثقلہ ہے اور اس کا اسم محذوف ہے یعنی القبلہ اور لام جو لَکَبِیْرَۃً" پر داخل ہے یہ لام فارقہ مابین ان نافیہ اور ثقلیہ کے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں واقع ہے۔ اِنْ کَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ،

marfat.ocm
Marfat.com

اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ہاں ان لوگوں پر یہ ثقیل نہیں ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی ہے احکام کے حکم کی طرف انہیں راہ دکھائی ہے اور انہیں عرفان دیا ہے کہ جن احکام کا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو مکلف بنایا ہے ان میں کوئی حکمت مضمر ہے اگر چہ انہیں ان احکام کی حکمت معلوم بھی نہ ہو سکے۔ پھر بھی انہیں یقین ہوتا ہے سعادت مندوہ ہے جو اپنے رب حکیم کے احکام کی فرمانبرداری کرے اور وہ بڑا بد بخت ہے جو اپنے رب حکیم کی بے فرمانی کرے اس کے بعد بیان فرمایا کہ وہ لوگ اس ثابت قدمی اور فرمانبرداری پر اجر وثواب کے مستحق ہیں اور ان کا کوئی عمل ضائع ہونے والا نہیں۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ کا ارادہ نہیں کہ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ تمہاری ثابت قدمی اور اس تصدیق کو ضائع کرے جو کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے احکام کو مانا اور ان میں ذرہ برابر بھی شک نہیں کرتے۔

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ بیشک اللہ تعالیٰ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رؤف سے متعلق ہے لَرَءُوْفٌ لوگوں کے لئے بڑی رحمت والا ہے کہ انہیں اس قبلہ کعبہ کی طرف منتقل فرمایا ہے جو ان کے لئے یہی زیادہ مناسب رہے رَحِيْمٌ رحم کرنے والا ہے کہ ایمان کی وجہ سے ان کے گناہ بخشتا اور انہیں رزق دیتا ہے۔

حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا:

فرو ماندگاں را بر رحمت قریب　　تضرع کناں را بدعوت مجیب

(عاجزوں کو اپنی رحمت کے لحاظ سے قریب اور عاجزی کرنے والوں کی دعا قبول کرتا ہے)

حکایت: سیدنا داؤد علی نبینا وعلیہ السلام کے زمانہ میں ایک بڑا ظالم کافر تھا اسے گرفتار کر کے سولی پر چڑھایا گیا۔ عشاء کے وقت اسے سولی پر چھوڑ کر تمام لوگ اپنے گھروں کو چلے گئے اور یہ اکیلا سولی پر چھوڑ دیا گیا اس نے اپنے معبود باطلہ کو پکارا لیکن کوئی جان رہائی نہ ہوئی پھر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر کے نہایت زاری اور انکساری سے عرض کیا کہ الٰہ العالمین مجھے اس پھانسی سے نجات دے۔ اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام سے فرمایا اس نے اپنے معبودوں کو پکارا انہوں نے اس کی کیا مدد کرنی تھی اب وہ مجھے پکار رہا ہے مجھے اس کے حال پر رحم آتا ہے اسے بآرام سولی سے اتار کر زمین پر پہنچایئے۔ چنانچہ جبریل علیہ السلام نے حکم بجالایا صبح کو لوگ آئے دیکھا تو باعافیت اور زندہ اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ اے الٰہ العالمین ماجرا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو بندہ میرے سامنے عاجزی وانکساری کرے مجھے اس کے حال پر رحم آتا ہے اس نے عاجزی کی میں نے اس کی عاجزی سے اسے چھوڑ دیا ہے اگر میں ایسے نہ کرتا تو پھر میرے اور اس کے باطل معبودوں میں کیا فرق رہتا۔

تفسیر صوفیانہ ایک جماعت تحویل قبلہ کے وقت مرتد ہوگئی اس کی وجہ وہی تھی کہ ان کا تعلق ماسوی اللہ سے تھا اور فنا فی اللہ نہیں تھے اور اس قضا پر راضی نہ ہوئے جو ان پر آنے والی تھی انہیں میلان الی الباطل نے گھیر لیا اور گمراہی کے سیلاب میں بہہ گئے اور وہ لوگ جو ازل سے سعادت مند تھے نہ وہ بیت المقدس کے خوگر تھے اور نہ ہی انہیں کعبہ سے غرض تھی بلکہ وہ تو اپنے مالک حقیقی کے عاشق تھے۔ اسی لیے مشیت ایزدی نے انہیں ارتداد سے بچالیا اور ارادہ الٰہی کی شہد سے نوازے گئے جس سے انہیں دائمی سرور وصفا نصیب ہوا۔ حضرت صائب مرحوم نے فرمایا:

مہیا نے فنا از علائق نیست پروانے نیدیش غبار آنکس کہ دامان بر کمر دارد

(فانی فی اللہ کو علائق کی پرواہ نہیں ہوتی اسے گرد کیا پہنچے گی جس کا دامن غبار سے اونچا ہو)

حکایت: سیدنا ابوالقاسم جنید بغدادی قدس سرہٗ کو لوگوں نے عشق حقیقی میں دیکھ کر سمجھا کہ وہ یا تو مریض ہیں یا مجنون ہوگئے ہیں۔ اس لیے انہیں ہسپتال میں داخل کرادیا۔ ان کے معتقدین زیارت کے لئے حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے عرض کی ہم آپ کے غلام ہیں۔ آپ نے سنتے ہی انہیں پتھر مارے جس سے وہ لوگ آپ سے بھاگے اور کہنے لگے کہ آپ پر جنون کا غلبہ ہے۔ آپ نے سن کر فرمایا کہ دعوی محبت کا کرتے ہو اور تمہارا عمل اس کے برعکس ہے کیونکہ محب تو وہ ہوتا ہے جو محبوب کی ہر دی ہوئی تکلیف کو دل وجان سے قبول کرے۔

ف: انبیاء کرام علیہ السلام واولیا عظام کے ہاں مصائب حلوہ سے زیادہ لذیز ہوتے ہیں اسی لیے وہ صبر ورضا کا جام پی لیتے ہیں اور مشکلات ومشاہدات کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہوتے ہیں اور حال وقال سے توحید اور ذکر حق میں مشغول رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ غیر اللہ کی طرف التفات حتی کہ طعام کے لقمہ اٹھانے کو بھی عبث اور مانع سمجھتے ہیں اسی لیے وہ حضرات فنا وبقاء سے اپنے اعلیٰ مقاصد پر فائز المراد ہوتے ہیں۔

حکایت: سیدنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام نے جب کہا: رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ

marfat.ocm
Marfat.com

تو مجھے فانی جسم میں نہیں دیکھ سکے گا۔ صبر کیجئے تا کہ میں آپ کو بقا عطا کروں پھر مجھے دیکھ لینا اے موسیٰ دس سال تو نے شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائی ہیں کیا صرف چالیس دن کی عبادت سے مجھے دیکھنا چاہتا ہے اس کے بعد انہیں اللہ تعالیٰ نے چن لیا اور جو کچھ عنایت کرنا تھا عطا فرما دیا۔

جب موسیٰ علیہ السلام واپس لوٹنے لگے تو راستہ میں ایک بہت بڑے اونچے پہاڑ کو دیکھ کر متعجب ہوئے کہ یہ پہاڑ کہاں سے آ گیا۔ پہاڑ بولا کہ اے موسیٰ علیہ السلام تم میرے اندر بکریاں چراتے تھے آپ کے سر پر ٹوپی ہوتی تھی اور تمہارے ہاتھ میں عصا ہوتا تھا اب اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنی رسالت سے اور کلام سے نوازا ہے اور مجھے بھی اپنے فضل وکرم سے بلند و بالا بنا دیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا عَلٰی صِرَاطِ مُسْتَقِیْمَ وَاِتِّبَاعِ رَسُوْلِکَ الْکَرِیْمَ وَاھْدِنَا اِلٰی کَعْبَةِ ذَاتِکَ وَالا نجذاب اِلَیْکَ وَالْوُصُوْلُ اِلٰی مُشَاھِدَتِکَ آمین یا رب العالمین بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ . صلی اللّٰہ علیہ وعلی آلہٖ اجمعین .

ترجمہ : اے اللہ! ہمیں سیدھے راستہ پر چلا اور اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع نصیب فرما اور اپنی ذات کے کعبہ کی توجہ عطا فرما اور اپنی طرف میلان اور اپنے مشاہدہ تک پہنچنے کی توفیق نصیب فرما۔

اس سے ثابت ہوا کہ جہاں محبوبان خدا کا گزر ہوتا ہے وہ جگہ اور وہ مقام اللہ تعالیٰ کے نزدیک مبارک و مقدس بن جاتا ہے اگر چہ ہمیں اس کا علم نہ ہو لیکن حقیقت میں نگاہوں میں اس کے متبرک ہونے میں شک نہیں اور جہاں ان کا مستقل قیام ہو اس کی بلندی شان کا کیا کہنا (اویسی غفرلہ)

اس آیت سے حدیث کلھم یطلبون رضائی وانا اطلب رضاک یامحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جس کا ترجمہ امام اہلسنت مجدد دین وملت فاضل بریلوی قدس سرہٗ نے اس شعر میں بیان فرمایا ہے:

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم　　خدا چاہتا ہے رضائے محمد (ﷺ)

آیت خداوند کریم سے اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہٗ کے شعر مذکور کی تائید ہوئی اور یہ شعر ہے کلھم یطلبون رضائی الخ کا ترجمہ۔ اگر چہ یہ روایت سند میں ضعیف ہو تب بھی باصطلاح محدثین معناً صحیح ہوگی اس لیے کہ اصول حدیث کا مسلمہ قانون ہے کہ جو روایت سند کے اعتبار سے ضعیف ہو اگر اس کا معنی آیت قرآن یا کسی دوسری صحیح حدیث سے موید و موثق ہو جائے تو وہ روایت معنی صحیح کہلاتی اور حدیث مذکورہ آیت مذکورہ کے علاوہ

marfat.com
Marfat.com

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى (عنقریب تیرا رب تمہیں اتنا عطا فرمائے گا کہ تم راضی ہوجاؤ گے) سے موثق ہے اور احادیث مبارکہ تو اس بارہ میں بکثرت ہیں۔ چند مندرجہ ذیل ہیں۔

خصائص کبریٰ میں ہے کہ:۔

۱:۔حدیث میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمد راضی نہیں ہوگا جب تک اس کی امت کا ایک آدمی بھی دوزخ میں رہے گا۔

۲:۔حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں راضی نہیں ہوں گا جب تک میرا ایک امتی بھی دوزخ میں ہوگا'' (تفسیر نیشاپوری حاشیہ طبری جلد ۱۲، صفحہ ۱۰۹)

۳:۔ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بھی آیت مذکورہ کے تحت یہی مروی ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم راضی نہیں ہوں گے جب تک کہ ان کا ایک امتی بھی دوزخ میں ہوگا۔

(تفسیر درمنثور جلد ۶ صفحہ ۳۶۱ از امام سیوطی علیہ الرحمہ)

سبحان اللہ! کیا مقام ناز و شان محبوبیت ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے حبیب کریم کو اتنا عطا فرمانے کا وعدہ فرماتا ہے کہ حبیب راضی ہوجائیں اور حبیب پاک رحمت خداوندی و اپنی شان محبوبیت کے ساتھ فرماتے ہیں کہ میں راضی نہ ہوں گا جب تک ایک امتی بھی دوزخ میں رہے۔

۴:۔سیدنا حسان صحابی رضی اللہ عنہ نے بھی اسی شان محبوبیت کی بناء پر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا ہے کہ آپ ہر عیب سے مبرا پیدا کئے گئے ہیں۔ كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ۔ گویا کہ جیسا آپ نے چاہا آپ کے خالق نے ویسا ہی آپ کو بنا دیا ہے۔

۵:۔ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی حضور کی بارگاہ میں اسی طرح عرض کی کہ مَا أَرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِي هَوَاكَ۔ یارسول اللہ! میں آپ کے رب کو نہیں دیکھتی مگر حضور کی خواہش پورے کرنے میں جلدی و شتابی کرتا ہوا۔ (بخاری شریف جلد ۳ صفحہ ۲۴۵)

۶:۔بروز حشر بھی اسی شان محبوبیت در جائے مصطفیٰ کا یوں مظاہرہ ہوگا کہ جب حبیب اپنے رب کریم کے حضور سربسجود [illegible] تو رب کریم فرمائے گا:

marfat.ocm
Marfat.com

یا محمد ارفع راسک قل تسمع سل تعطه اشفع تشفع

اے محمد اپنا سر سجدہ سے اٹھا تو جو کہے گا سنا جائے گا جو مانگے گا دیا جائے گا جو شفاعت کرے گا قبول ہوگی۔

(مسلم شریف جلد ا صفحہ ۱۰۹)

۷:۔ یہاں تک کہ رب کریم کو اپنے حبیب کریم کی رضا اتنی مطلوب ہے کہ بعض دفعہ رب کریم نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ فرمایا۔ فرماتے ہیں: اِنَّ رَبِّیْ اِسْتَشَارَنِیْ فِیْ اُمَّتِیْ مَاذَا اَفْعَلُ بِهِمْ

(الحدیث امام احمد ، بن عساکر ، عن حذیفه رضی اللّٰه عنهم)

ترجمہ: بیشک میرے رب نے میری امت کے بارے میں مجھ سے مشورہ طلب فرمایا کہ میں ان کے ساتھ کیا کروں۔

سبحان اللہ! شان محمدی و مقام محمدی اور رضائے مصطفیٰ کی کیا بات ہے مگر جن بے دین اور گستاخ لوگوں کا عقیدہ باطلہ ہو کہ نبی کریم ہمارے جیسا بشر ہے ان کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا اور ان کی خواہش کچھ نہیں چلتی وغیرہ۔ ذالک من الخرافات۔ ایسے بدنصیبوں کو شان محمدی و رضائے مصطفیٰ کے جلووں کی کیا خبر۔

آنکھ والا تیرے جلووں کے نظارے دیکھے　　دید کور کو کیا نظر آئے کیا دیکھے

۸:۔ حدیث یطلبون شیخ محقق علامہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے نقل فرمایا کہ خداوند کریم فرماتا ہے:

''اے محمد! سب میری رضا کے طالب ہیں اور میں تیری رضا کا طالب ہوں'' (تکمیل الایمان صفحہ ۲۲)

شیخ عبدالرحمٰن صفوری نے علامہ ابن جوزی سے نقل کیا ہے کہ ''بیشک اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی فرمائی کہ اے محمد! سب میری رضا چاہتے ہیں اور میں تیری رضا چاہتا ہوں'' (نزہۃ المجالس جلد ۲ صفحہ ۱۳۵)

۹:۔ مولوی ثناء اللہ امرتسری کے استاذ مولوی محمود حسن اور ان کے استاذ پیر مولوی رشید احمد گنگوہی کے فتاویٰ کا سوال و جواب ملاحظہ ہو۔

سوال: ایک روایت بطور حدیث قدسی کے اس ملک میں مشہور ہے۔ بعض علماء کو دیکھا ہے کہ خطبہ میں بھی پڑھتے ہیں یہاں تک کہ تکمیل الایمان تصنیف شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ میں بھی مندرج ہے''

کلهم یطلبون رضائی وانا اطلب رضاک یامحمد صلی اللّٰه علیه وسلم

جواب: اس کی صحت و سند بندہ کو معلوم نہیں اور اس کے معنی آیت۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی کے لئے

marfat.com
Marfat.com

جائیں تو معنی صحیح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ رشیدیہ مکمل صفحہ ۳۷۴)

۱۰:۔امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ نے بھی مذکورہ روایت والفاظ نقل فرمائے ہیں اور لکھا ہے کہ انہ تعالیٰ یفعل کل مایرضاء الرسول (کہ اللہ تعالیٰ وہی کرتا ہے جو اس کا رسول چاہتا ہے) (تفسیر کبیر جلد ۴ صفحہ ۱۰۶)

۱۱:۔حضرت مجدد الف ثانی کے صاحبزادے خواجہ محمد معصوم قیومی نے لکھا ہے کہ حدیث قدسی میں آیا ہے اطلب رضاک یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم (مکتوبات خواجہ صفحہ ۳۷)

امام نسفی نے روایت نقل فرمائی کہ موسیٰ علیہ السلام کے کلیم اللہ اور حبیب اللہ میں فرق پوچھنے پر رب تعالیٰ نے فرمایا: الکلیم یعمل برضامولاہ والحبیب یعمل مولاہ برضاہ

ترجمہ : کلیم اپنے مولا کی رضا پر عمل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی رضا کو پورا فرماتا ہے۔ (نزہۃ المجالس جلد ۲ صفحہ ۱۳۵)

۱۳:۔ملا علی قاری علیہ الرحمہ الباری نے خلیل وحبیب میں فرق نقل کیا ہے کہ خلیل کا فعل اللہ کی رضا کے لئے ہوتا ہے اور اللہ کا فعل اپنے حبیب کی رضا کے لئے ہوتا ہے۔ والحبیب یکون فعل اللہ برضاہ۔

(مرقات شرح مشکوٰۃ جلد ۵ صفحہ ۳۲۹)

قَدْ یہ لفظ جب مضارع پر داخل ہوتا ہے تو بمعنی تقلیل کے لئے آتا ہے اور کبھی تکثیر کے لئے لیکن بطریق استعارہ بوجہ مجانست مابین الضدین کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔ نَرٰی لفظاً مضارع اور معنی ماضی تلاوت کے لحاظ سے متاخر اور معنی کے لحاظ سے مقدم ہے اس لیے کہ قصہ تحویل قبلہ کی اصل بنیاد یہی ہے اب معنی یہ ہوا کہ ہم نے مشاہدہ کیا اور معلوم کیا تَقَلُّبَ وَجْهِكَ آپ کا بار بار منہ پھیرنا اور آنکھیں اٹھا اٹھا کر دیکھنا فی السَّمَآءِ آسمان یعنی ہماری طرف وحی کے انتظار میں۔

تفسیر عالمانہ

شان نزول: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دل ہی دل میں خیال فرما کر اللہ تعالیٰ سے امید رکھتے تھے کہ ان کا نماز کے لئے کعبہ کی طرف منہ پھیرا جائے کیونکہ وہ آپ کے دادا جان سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا قبلہ اور اقدام القبلتین ہے۔ علاوہ ازیں اہل عرب کی دعوت الی الاسلام کے لئے زیادہ موثر ثابت ہوگا۔ اس لیے کہ انہیں اس قبلہ پر فخر اور اسی کو اپنی پناہ گاہ مانتے تھے اور اس کی زیارت کے لئے بار بار حاضر ہوتے اور اسی کا طواف کرتے اسی سے یہودیوں کی مخالفت بھی مطلوب تھی کہ

marfat.ocm
Marfat.com

وہ کہتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ادھر تو ہماری مخالفت پہ تلے ہوئے ہیں اور ادھر ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔ اگر ہم نہ ہوتے تو انہیں معلوم نہ ہوتا کہ کس طرف منہ کر کے نماز پڑھی جاتی ہے اسی وجہ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنا نہیں چاہتے تھے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا: **وددت ان اللہ صرفنی عن قبلة اليهود الى غيرها** ۔

ترجمہ: یعنی میں چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ یہود کے قبلہ سے میرا رخ پھیر کر کسی دوسرے قبلہ کی طرف متوجہ فرما دے۔

جبریل علیہ السلام نے عرض کی میں آپ کی طرح ایک اللہ کا عبد ہوں اور آپ کی اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑی عزت ہے آپ خود ہی اپنے رب سے عرض کیجئے یہ کہہ کر جبریل علیہ السلام آسمان کی طرف چلے اور حضور علیہ السلام نے آسمان کی طرف آنکھیں لگا دیں۔ اس امید پر کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبریل کوئی نیا پیغام لائیں۔ یعنی جس کا میں نے عرض کیا ہے اس پر جبریل علیہ السلام یہی آیت لائے۔

ف: قرآنی احکام میں سب سے پہلا ناسخ و منسوخ یہی حکم ہے کہ پچاس نمازوں سے پانچ ہوئیں۔ پھر تحویل قبلہ کا نسخ ہوا کہ کعبۃ اللہ سے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنے کا حکم ہوا اور یہ نسخ مکہ معظمہ میں ہوا۔ اس سے مشرکین کی آزمائش مطلوب تھی یہ بھی ان کے بعد جب کہ نمازی کو حکم تھا کہ جس طرف چاہے منہ کر کے نماز پڑھے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اس کے بعد پھر بیت المقدس سے کعبۃ اللہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنے کا حکم ہوا اور وہ بھی مدینہ طیبہ میں اس سے یہود کا امتحان مقصود تھا۔

(كذا فى التفسير الفاتحه للمولىٰ الضارى)

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً یعنی بخدا ہم تجھے وہی قبلہ عنایت فرمائیں گے یا ہم تمہیں اس طرف منہ کرنے کی قدرت دیں گے یہ مشتق ہے ولیته كذارى صيرته واليا اور ولى الرجل ولايته سے۔ یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کوئی کسی سے قدرت پائے یا اس کا معنی یہ ہے کہ تجھے کر دیں گے اسی سمت کی جانب جس کے تم قریب ہو نہ کہ بیت المقدس کی سمت کی جانب یہ مشتق ہے۔

قُرْبَةٌ وَوَنَامِنْهُ وَاَوْلَيْتَهُ اِيَّاهُ اَیْ اَدْنَيْتُ ۔ یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی کو کسی کے قریب کر دیا جائے۔

marfat.com
Marfat.com

تَرْضٰهَا جس قبلہ سے آپ راضی ہوتے ہیں یہ محبت واشتیاق سے مجاز ہے کیونکہ حضور علیہ السلام بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے سے غصہ میں نہیں تھے اور نہ ہی اسے مکروہ سمجھتے اور نہ ہی اس سے ناراض تھے۔ اب تَرْضٰهَا کا معنی ہوگا تُحِبُّهَا وَتَشُوْقُ اِلَيْهَا یعنی آپ اس قبلہ کی محبت اور اس کا اشتیاق رکھتے ہیں نہ اس لیے کہ اس سے آپ کی نفسانی خواہش یا طبعی غرض ہے بلکہ مقاصد دینیہ کی وجہ سے اور یہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے موافق ہے۔

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اپنا چہرہ اس طرف کیجئے جو کعبہ کی طرف کے قریب ہے۔ وجہ سے یہاں پر تمام بدن مراد ہے کیونکہ مکلف پر ضروری ہے کہ وہ اپنے تمام بدن کو قبلہ کی طرف متوجہ کر دے نہ صرف اپنا چہرہ۔

سوال : چہرہ کی تخصیص کس لیے؟

جواب: چونکہ چہرہ بدن کا اصل ہے اور قاعدہ ہے جب متبوع کا ذکر آ جائے تو توابع خود بخود مذکور ہو جاتے ہیں

ف: مسجد حرام سے متبادر وہی بڑی مسجد مراد ہوتی ہے جس میں کعبہ مکرمہ ہے اور حرم سے وہ مقام مراد ہے جس میں جنگ وجدل حرام ہے یا اسے اس لئے حرام کہتے ہیں کہ ظالموں پر حرام ہے اور ان کے لئے ممانعت ہے کہ وہ اس مقام پر ظالمانہ تصرف کریں۔

سوال : لفظ کعبہ کی بجائے مسجد حرام کا نام کیوں لیا گیا؟

جواب: اس طرف اشارہ ہے کہ نماز کے لئے کعبہ کی جہت ہی کافی ہے اور یہی مذہب حنفیہ اور شافعیہ کا ہے کیونکہ جو بعید ہے اسے کعبہ کے عین کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنا حرج بلکہ ناممکن ہے بخلاف قریب کے وہ عین کعبہ کی طرف توجہ کرتا ہے۔

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ یعنی زمین کے جس مقام پر بھی تم گزر رہے ہو، دریاؤں میں یا جنگلوں میں، مشرق میں یا مغرب میں، جب بھی تم نماز کا ارادہ کرو تو فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ اس کی طرف تم اپنے چہرے پھیر دو۔ کیونکہ نفخ صور تک تمہارا وہی قبلہ ہے اس میں جمیع مومنوں کو حکم دیا گیا ہے بعد اس کے کہ حضور علیہ السلام کو حکم دیا گیا

مسئلہ : آیت کے عموم سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ حکم تمام بندوں کو ہے خواہ وہ شہری ہو یا دیہاتی۔ اس میں امت کو تنبیہ ہے کہ نبی علیہ السلام کی متابعت سب پر لازم ہے۔ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بیشک وہ لوگ جو کتاب دیئے گئے ہیں اہل کتاب کے ہر دو گروہ یعنی یہود و نصاریٰ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ تا کہ انہیں معلوم ہو کہ کعبہ کو قبلہ بنانا الحق

marfat.ocm
Marfat.com

حق ہے۔ثابت ہے مِنْ رَّبِّهِمْ انَ کے رب کی طرف سے اس لیے ان کی کتابوں میں لکھا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دونوں قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کریں گے پہلے وہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں گے پھر ان کا رخ پھیر کر کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم ہوگا۔

مِنْ رَّبِّهِمْ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہے نہ کہ اسے رسول علیہ السلام نے اپنی طرف سے اختراع فرمایا ہے۔یہ اس لئے کہ ان کا گمان تھا کہ یہ حکم نبی علیہ السلام نے اپنی طرف سے دیا ہے۔ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ اللہ تعالیٰ اس سے غافل نہیں جو تم عمل کرتے ہو۔یہ خطاب تمام مسلمانوں اور یہود کو ہے اس میں مسلمانوں کو ثواب اور بہترین جزا دینے کا وعدہ ہے اور یہودیوں کو ان کے عناد پر تہدید ہے۔ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ اور اگر آپ اہل کتاب کو تمام آیات لا کر دیں یعنی کعبہ کی طرف متوجہ ہونے کے متعلق جو کہ حق ہے برہان قاطع پیش کریں مَا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ تو وہ آپ کے قبلہ کی عناد مکابرۃ تابعداری نہیں کریں گے اور یہ ایک مخصوص گروہ کے حق میں ہے جنہیں اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ وہ ایمان لانے والے نہیں ورنہ بعض ان میں ایسے بھی تھے جو ایمان لائے اور قبلہ کی اتباع بھی کی جیسے حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے ساتھی وَمَا اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ اور نہ ہی آپ ان کے قبلہ کی تابعداری کرنے والے ہیں ان کے طمع کو پورے طور ختم کرنا مقصود ہے جبکہ وہ اسی امید میں تھے کہ حضور علیہ السلام ہمارے قبلہ کی طرف لوٹ آئیں گے اور کہتے تھے کہ اگر نبی علیہ السلام ہمارے قبلہ پر ثابت رہے تو ہم سمجھیں گے جس نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم منتظر تھے وہ یہی ہے اس لئے انہیں طمع تھا کہ حضور علیہ السلام بیت المقدس کی طرف رجوع فرمائیں گے۔ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ اور نہ ہی ان کے بعض ایک دوسرے کے تابع ہونے والے ہیں اس لئے کہ یہود کا قبلہ بیت المقدس کا پتھر اور نصاریٰ کا قبلہ مطلع الشمس ہے۔ ان کے آپس کے توافق کی امید نہیں جیسے ان کا آپ کے ساتھ موافق ہونا ناممکن ہے کیونکہ ہر گروہ اپنے خیالی قبلہ پر مضبوط ہے۔پھر ان میں جو حق پر ہے وہ موقف سے کیسے ہٹ سکتا ہے جبکہ اس کے پاس اپنے خیالی دلائل و براہین ہیں اور باطل تو اپنے غلط ارادوں سے ہٹ سکتا ہی نہیں اس لئے جبکہ وہ عناد سرکشی میں پھنسا ہوا ہوتا ہے۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ۔اور اگر تم ان کی خواہشات کی تابعداری کرو گے۔

ف: اَهْوَآءَ هَوٰى کی جمع ہے، بمعنی ارادہ و محبت یعنی اگر آپ ان کے ارادوں کی بایں طور موافقت کریں کہ ان

marfat.com
Marfat.com

کے قبلہ کی طرف منہ کرے نماز پڑھیں تا کہ وہ خوش ہو کر آپ پر ایمان لائیں۔

مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ بعد اس کے کہ آپ نے وحی سے معلوم کر لیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قبلہ یہی کعبہ ہے۔ اِنَّكَ اِذًا بیشک تم اس وقت یہ "اِذاً" جواب وجزاء کا کہلاتا ہے اِنَّ کے اسم اور اس کی خبر کے درمیان کی تاکید وتقریر جوان کے مابین نسبت ہے کے لئے واقع ہوا ہے لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ بہت بڑے ظلم کے ارتکاب کرنے والوں سے ہو جاؤ گے یہ جملہ شرطیہ فرضیہ ہے اس میں قبلہ کعبہ کے لئے برانگیختہ کرنا اور حق پر ثابت قدم رکھنا مقصود اور سامعین کو لطف وکرم کا اظہار بھی ہے اور انہیں خواہشات نفسانی سے دور رہنے کی تلقین بھی اس لئے کہ جب یہ بات ایسی ذات سے کی جارہی ہے کہ اس سے ایسے امور کا صدور ممتنع ہے اور نہ ہی ان کی یہ شان ہے کہ وہ منہی عنہ کا ارتکاب کریں بلکہ ان سے بغرض المحال ایسا معاملہ کیا جارہا ہے تو پھر اس کا کیا حال ہوگا جو برائیوں کا ارتکاب کرتا ہے حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

تازہ کن ایمان نہ آن گفت زبان　　اے ہوا را تازہ کردہ در نہاں

اے دل میں خواہش نفسانی پر دل لگانے والے ایمان کو تازگی کے اسباب تلاش کیجئے اور صرف زبانی جمع خرچ سے کچھ نہیں بنے گا حقیقی طور جدوجہد کیجئے اس لئے کہ جب تک خواہش نفسانی زندہ رہے گی ایمان کی تازگی نصیب نہیں ہوگی۔ خواہش کو بند کرو تو ایمان کا دروازہ کھلے گا)　تا ہوا تازہ است ایمان　　کیں ہوا اخیر قفل آں دروازہ نیست

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ جنہیں ہم نے کتاب دی یعنی فہم وذکا عطا کیا اس سے ان کے علماء مراد ہیں۔ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانتے ہیں كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ جیسے وہ اپنے بچوں کو پہچانتے ہیں یعنی حضور اکرم کی رسالت پر کسی قسم کا شک وشبہ نہیں تھا۔

سوال: اَبْنَآءَ کی تخصیص کیوں جب کہ اولاد میں بچیاں بھی تو ہوتی ہیں؟

جواب: بچے بہ نسبت بچیوں کے زیادہ مشہور ومعروف ہوتے ہیں علاوہ ازیں بچے آباء کے ساتھ اکثر ساتھ رہنے کی وجہ سے ان کے قلوب کے زیادہ قریب ہوتے ہیں۔

سوال: كَمَا يَعْرِفُوْنَ کی بجائے اَنْفُسَهُمْ کیوں نہ فرمایا اس لئے کہ انسان کو اپنے نفس کی معرفت بہت زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت دیگر اشیاء کے۔

جواب: امام راغب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں انسان اپنے آپ کو بہت بڑی مدت کے بعد پہچانتا ہے

Marfat.com

بخلاف اپنی اولاد کے انہیں پیدا ہوتے ہی پہچان لیتا ہے۔

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ اور بے شک ایک گروہ اس سے ان کے اکابر مراد ہیں حق سے انہیں عناد تھا لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ وہ حق چھپاتے ہیں حالانکہ انہیں علم ہے کہ حضور اکرم اور اللہ کا قبلہ ہے ان کے سوا باقی وہ حضرات جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے وہ حق کو ظاہر کرتے ہیں اور اسے چھپاتے نہیں ہاں وہ جہال جوان میں ہیں نہ انہیں کتاب کی معرفت ہے اور نہ ہی کتاب کے احکام کا علم اسی لئے انہیں اظہار سے واسطہ اور نہ چھپانے سے تعلق۔ وہ تو صرف اپنے آباء کے کفر میں محض مقلد ہیں الْحَقُّ جس پر آپ ہیں اے محمد وہ حق ہے مِنْ رَّبِّكَ تیرے رب کی طرف سے یہ الحق کی خبر ہے۔ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ نہ ہو جاؤ شک کرنے والوں میں سے مثلاً شک ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے یا نہ بظاہر یہ خطاب تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو ہے اور مراد آپ کی امت ہے کہ وہ شک میں مبتلا نہ ہوں اور شک سے روکنے سے یقین اور طمانیت قلب مقصود ہے۔

تفسیر صوفیانہ

امام قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ انہیں پوشیدہ حسد اور سوا اختیار کرنے مکابرہ پر ابھارا جب کہ انہیں معلوم ہوا کہ ہماری شان و شوکت چھینی جائے گی اسی طرح ہر وہ شخص جو نفس کے ظلمات میں غوطہ زن ہو جب کہ وہ چہرے سے حیا کی چادر ہٹا دیتا ہے تو اس پر کسی قسم کی علامت اثر نہیں کرتی اور نہ اسے انہیں خرابیوں سے کوئی بات دور کر سکتی ہے۔

ف: حضرت الشیخ الشہیر بافتادہ آفندی فرماتے ہیں:۔ ہمارے نزدیک انسان کے تین مراتب ہیں۔

☆.....مرتبہ التقلید یہ عوام کا مرتبہ ہے۔ ☆.....مرتبہ التحقیق والایقان یہ مجتہدین کو حاصل ہوتا ہے جیسے ائمہ اربعہ اور وہ حضرات جو ان کے ہم پلہ ہوں۔

☆.....مرتبہ المشاہدہ والعیان یہ کاملین کا مرتبہ ہے جو اہل سلوک ہیں انہوں نے فرمایا جس کا نفس گندی عادات سے پاک نہیں ہو سکتا اسے معارف الٰہیہ نصیب نہیں ہو سکتے اگرچہ وہ علم و عقل کے مراتب میں کتنا ہی باکمال کیوں نہ ہو دیکھئے شیطان نے بوجود عقیل اور صاحب علم ہونے کے تکبر کیا اور اللہ تعالیٰ کی بے فرمانی کی اس کے دل میں یہی کبر اور حسد تو تھا ہی کہ جس کی وجہ سے مارا گیا یہی حال تھا اہل کتاب کا قبلہ اور حضور نبی کریم ﷺ کے بارے میں حسد و کبر کی وجہ سے مارے گئے اور مبنی بر ازالہ شبہ مخالفین تھا نہ انہیں علم نے فائدہ دیا اور نہ ہی فہم و معرفت نے ان کی اندرونی خباثت نے انہیں ذلیل و خوار کیا اس لئے ضروری ہے کہ انسان تزکیہ نفس اور قلب کی صفائی اور استقامت فی باب الحق میں کوشاں رہے یہاں تک کہ اسے یقین نصیب ہو۔

حکایت: یونس نے اپنے شیخ کی تیس سال نہایت صدق سے خدمت کی اور ان کے ہر حکم کی تعمیل میں پورا

Marfat.com

اترا یہاں تک کہ ان کے لنگر کے لئے لکڑیاں اٹھاتے اٹھاتے اس کی پیٹھ پر ورم آگئے باوجود اس کے کہ ایسی تکلیف کسی کے سامنے بیان تک نہ کی ان کے شیخ کی ان پر نظر کرم بڑھنے لگی۔ اس کے ساتھیوں پر یہ بات گراں گزری ازراہ حسد کہنے لگے کہ یہ شیخ کی خدمت صرف اس لئے کرتا ہے شیخ کی لڑکی سے اسے محبت ہے اور یہی بات اپنے شیخ تک پہنچادی۔ جب شیخ نے سن پایا تو ایک دن حضرت یونس لکڑیوں کا گٹھڑا لے کر آئے تو شیخ نے فرمایا لکڑیوں کا گٹھڑا کیسا ہی موزوں ہے اے یونس! اس نے عرض کیا یا حضرت اس دربار میں ٹیڑھے کو حاضری کب نصیب ہوتی ہے اور نہ ہی اس درگاہ کے لائق ہے اور ساتھیوں نے اس پر بوجہ حسد کے ایسے کلمات تراشے تھے کہ جب یونس اتنا بہت سخت کام سرانجام دیتا ہے تو ان کو سوائے اس کے کہ وہ کہتے کہ انہیں سمجھ نہ آیا یا در ہے کہ یونس کا جواب صرف ان کی رہبری سمجھا کہ الزام تراشی سے شیخ کے ہاں حضرت یونس کی عزت میں کمی واقع ہو جائے گی لیکن شیخ کے سوال سے حضرت یونس نے بہترین جواب دیا تو شیخ کا دل مطمئن ہو گیا اگرچہ مخالفین کے ازالہ شبہ کی وجہ سے تھا ورنہ شیخ کو تو یونس کے حالات معلوم تھے انہیں اس پر ذرہ برابر بھی بدگمانی نہ تھی۔ اس لئے کہ مرشد اپنے مرید کے حالات غیر کی مدح ذم سے نہیں جانتا بلکہ اس کے خلوص ونفاق کو براہ راست جانتا ہے شیخ نے اپنی صاحبزادی کا نکاح حضرت یونس سے کر دیا اور فرمایا میں نے اس لئے یونس سے نکاح کر دیا ہے تا کہ اس کے ساتھی اپنے قول میں جھوٹے ثابت نہ ہوں اور نہ ہی اپنی بات کی وجہ سے شرمسار ہوں۔ صاحب زادی بھی ایسی باکمال تھی کہ جب قرآن شریف پڑھتی تو اس کی آواز سے چلتا پانی ٹھہر جاتا اور یونس بھی ایسا باادب واقع ہوا کہ تا زیست صاحبزادی کو ہاتھ نہ لگایا اور کہتا کہ میں کس لائق کہ اپنے شیخ کی صاحبزادی کے قریب جاؤں۔

مسئلہ : سالک کے لئے ضروری ہے کہ طبیعت کے تقاضوں کو ترک کرے اور بقدر کفایت قناعت پذیر رہے کھانے کے امور ہوں یا پینے کے اپنی طبیعت کے خواہشات میں مفید نہ رہے بھلائی اسی میں ہے کہ خواہشات کی مخالفت کرے۔

مسئلہ : نفس کی تربیت اس طرح ہوتی ہے کہ اسے مال واولاد کی محبت سے دور رکھے کیونکہ یہ دونوں نفس کے لئے فتنہ ہیں جتنا زائد ہوں گے اسی قدر نفس کو کبر میں مبتلا کریں گے ان کی زیادتی سے ایسا کبھی نہیں ہوگا کہ نفس انہیں راہ حق میں صرف کرے بلکہ ان کو جمع کرنے کی فکر میں رہے گا اور وہ اسے کبر میں مبتلا کرنے کے معین

marfat.ocm
Marfat.com

ثابت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۙ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ

مسئلہ : جب تک طبعیت و نفس اصلاح پذیر نہیں ہوں گے سالک اپنے مطلوب کو کبھی نہیں پا سکے گا۔

نکتہ : حج کی ادائیگی میں اسی طرف اشارہ ہے کہ حاجی جب تک بدن کے آرام و قرار اور مال کو راہ حق میں قربان نہیں کرتا اپنے مقصود کو نہیں پہنچتا اسی طرح ذات حق کا طالب جب تک ماسوی اللہ سے فارغ نہیں ہوتا اور اس کی توجہ ذات بحث میں فنا نہیں ہوتی اسے مشاہدہ نہیں ہوتا اور جب کلی طور پر فانی ہو جاتا ہے پھر مشاہدات سے بقا پاتا ہے۔

مسئلہ : اسی طرح نماز کی کیفیت کا حال ہے کہ نماز میں مسجد حرام کی بجائے ذات حق مستغرق ہو جائے کیونکہ بارگاہ صمدیہ کے لئے ایک مثال ہے کہ اس کی طرف توجہ سے مطلوب ذات حق کی طرف ہونا ہے ورنہ درحقیقت اس کی توجہ کے لئے طرف کی کوئی قید نہیں صرف ظاہری طور کعبہ کی طرف متوجہ ہونا ادب ملحوظ خاطر ہے کہ اس کا حکم اسی طرح ہے اس لئے اس کی ہر شئے میں حکمت و مصلحت ہے قاعدہ ہے جو قیود سے چھوٹا اس نے ذات معبود کو پالیا پھر فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ کے تجلیات اس پر متجلی ہو جائیں گے اور ظاہر مظہر کا ہر طرح سے مشاہدہ کرے گا۔

عاشقی دید از دل پر تاب — حضرت حق تعالیٰ اندر خواب
دامنش را گرفت آں غمخور — کہ ندارم من از تو دست گر
چوں برآمد ز خواب خویش درویش — دید محکم گرفتہ دامن خویش

(کسی عاشق الٰہی کو خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت ہوئی تو اس عاشق نے اللہ تعالیٰ کا دامن مضبوط پکڑ کے عرض کیا کہ اے اللہ کریم میرا تو تیرے سوا کوئی غمخوار نہیں اسی اثناء میں بیدار ہوا تو اپنا دامن پکڑے ہوئے تھا)

نوٹ : مبارک ہے اسے جو اللہ تعالیٰ کے حکم کا پابند ہے اور اسے اس کے کسی حکم پر اعتراض نہیں اس سے اسے انقباض سے ایسا چھٹکارا ملے گا کہ اپنی ہستی کو بھی بھلا دے گا اور باقی باللہ ہو کر کمالات سے فائز المرام ہوگا۔

اے اللہ ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں سے بنا تا کہ ہمیں بھی یہی مرتبہ اور درجہ علیاء نصیب ہو اور ہمیں ان راہوں پر چلا جو دنیا و آخرت کے خیالات دل سے بھلا دینے والے ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ

اور ہر ایک کے لئے توجہ کی ایک سمت ہے وہ اسی کی طرف منہ کرتا ہے تو یہ چاہو کہ نیکیوں میں اوروں سے آگے نکل

بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ

جائیں تم کہیں ہو اللہ تم سب کو اکٹھا لے آئے گا بیشک اللہ جو چاہے کرے۔ اور جہاں سے آؤ اپنا منہ مسجد حرام کی طرف

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا

کرو اور وہ ضرور تمہارے رب کی طرف سے حق ہے اور اللہ

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

تمہارے کاموں سے غافل نہیں اور اے محبوب! تم جہاں سے آؤ اپنا منہ مسجد حرام کی طرف کرو

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ

اور اے مسلمانو تم جہاں کہیں ہو اپنا منہ اسی کی طرف کرو کہ لوگوں کو تم پر

لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ

کوئی حجت نہ رہے مگر جو ان میں ناانصافی کریں تو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اور یہ اس لئے ہے کہ میں

وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ

اپنی نعمت تم پر پوری کروں اور کسی طرح تم ہدایت پاؤ۔ جیسا ہم نے تم میں بھیجا ایک رسول تم میں سے کہ تم پر ہماری آیتیں

يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ

تلاوت فرماتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے اور کتاب اور پختہ علم سکھاتا ہے اور تمہیں وہ تعلیم فرماتا ہے

مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾

جس کا تمہیں علم نہ تھا۔ تو میری یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا اور میرا حق مانو اور میری ناشکری نہ کرو۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَلِكُلٍّ اور ہر امت کے لئے وہ مسلمان ہوں یا یہود نصاریٰ وِجْهَةٌ قبلہ اور جہت ہے۔
هُوَ وہی اپنے اپنے قبلہ کی طرف مُوَلِّيهَا منہ پھیرنے اور توجہ کرنے والا ہے۔

ف: ادیان مختلفہ میں ہر ایک گروہ کا اپنا قبلہ ہے جو ہر ایک کا قبلہ اس کے دوسرے اور غیر اور مختلف ہے۔

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ پس تم اے مسلمانوں نیکیوں کی طرف سبقت کرو یہاں الیٰ کو حذف کر کے الْخَيْرَاتِ کو منصوب پڑھا گیا اور اس سے خیرات کے جمیع اقسام مراد ہیں یہ وہ امر قبلہ سے متعلق ہے۔ کسی ایسے امر سے کہ جن سے سعادت دارین حاصل ہو۔ اب معنی یہ ہوا کہ ہر ایک گروہ کا اپنا قبلہ ہے کہ جس کی طرف منہ کر کے عبادات الٰہی بجالاتے ہیں اور ایسے مضبوط ہو کر کے اس سے منہ ہٹا کر قبلہ حق کی طرف منہ کرنے کا نام تک نہیں لیتے۔ اگر چہ آپ انہیں ہر قسم کے دلائل دے کر سمجھائیں کہ قبلہ تو تمہارا کعبہ ہے لیکن پھر بھی نہیں مانیں گے۔ یہ بات ہے تو تم نیک افعال مثلاً خیرات کی طرف سبقت کرو۔

ف: خیرات ان امور کو کہا جاتا ہے جن کا حکم اللہ سے ہو اور ان لوگوں کے پیچھے نہ لگو۔ جو تمہارے لیڈروں کو اپنے گھڑے ہوئے خواہشات نفسانی کے تقاضوں پر تیار ہوئے۔ ان کا نام یہ ہے۔ کہ وہ حق کے خلاف ورزی کرے یعنی وہ لوگ احکام خداوندی کو پس پشت ڈال کر شر اور فساد کی پیروی میں لگے رہتے ہیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے تو صرف فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ فرمایا ہے کہ تم نے مفہوم مخالف کیوں بیان فرمایا ہے۔ جب کہ احناف کے نزدیک ناجائز ہے۔

جواب: حق کے پس پشت ڈالنے سے لازماً گمراہی ہی حاصل ہوگی۔ اس لئے ہم نے بھی مطلب بیان کیا ہے اس کا نام مفہوم مخالف نہیں بلکہ اسے اجمال کی تفصیل کہتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ

بعض اہل حقیقت نے فرمایا کہ اس کا معنی یہ ہے کہ ہر وہ قوم جو ہمارے غیر کے ساتھ مشغول ہو اور اس کی توجہ ہمارے غیر سے ہو تو عارفین کا وہ گروہ تم ہمارے غیر سے ہٹ کر ہمارے ساتھ مشغول ہو جاؤ کیونکہ تمہارے مرجع اور مطمح نظر صرف ہماری ذات ہے اور بس چنانچہ فرمایا کہ اَيْنَ مَا یعنی جہاں بھی تَكُونُوا اور تم اور تمہارے دشمن ہوں گے۔ يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا تم سب کو اللہ تعالیٰ محشر میں جزا وسزا کے لئے جمع فرمائے گا۔ اس کے بعد حق باطل کا فیصلہ ہو جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ : اس آیت میں اہل طاعت کو وعدہ اور گناہ گاروں کو وعید سنائی گئی ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اللہ تعالیٰ ہر شئے پر قادر ہے اسلئے وہ تمہارے مارنے اور زندہ کر کے جمع کرنے پر قادر ہے۔ وَمِنْ حَیْثُ خَرَجْتَ جس مکان یا شہر سے نکل کر تم سفر کو جاؤ فَوَلِّ وَجْهَكَ تو تم نماز کے لئے اپنا منہ پھیرو شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مسجد حرام کی طرف اس لئے کے سفر وحضر میں توجہ الی الکعبہ کے لئے حالت اختیار میں فرق نہیں پڑتا بلکہ حالت سفر کا وہی حکم ہے جو حالت اقامتہ فی البلد کا ہے وَاِنَّهٗ اور بے شک وہ معمور بے معنی تحویل القبلہ الی الکعبہ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ حق ہے میرے رب سے یعنی وہ ثابت اور حکمت ایزدی کے موافق ہے۔ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ اور اللہ غافل نہیں اس سے تم جو عمل کر رہے ہو۔ پھر تمہیں اس کی بہت اچھی جزاء دے گا۔

مسئلہ : اس آیت میں مومنین کو جزاء کا وعدہ ہے وَمِنْ حَیْثُ خَرَجْتَ اور جہاں سے تم نکلو یعنی اپنے سفروں اور جنگلوں میں وہ قریب منزلیں ہوں یا دور کی فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَیْثُ مَا كُنْتُمْ پس اپنے منہ کو مسجد حرام کی طرف پھیرو اور جہاں بھی تم ہو اپنے مومنوں یعنی زمین کے کناروں پر مقیم ہو یا مسافر اور نماز پڑھنے لگ جاؤ۔ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ تم اپنے چہروں کو پھیر دو اپنے اپنے مقامات پر شَطْرَهٗ اسی مسجد حرام کی طرف۔

سوال : اس جملہ کو یعنی تحویل قبلہ اور مسجد حرام کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کو مقرر لانے کا کیا فائدہ۔

جواب : چونکہ قبلہ کے مسئلہ کو اہمیت حاصل ہے اور اس کے منسوب ہونے کے شبہات اور فتنوں اور شیطانی حملوں کا خطرہ تھا۔ اسی لئے حکم ایزدی کا تقاضہ ہوا۔ کہ اسے بار بار ذکر کیا جائے تا کہ مذکورہ خرابیوں کا وہم دفع ہو ویسے یہ دونوں موقعوں میں عجیب وغریب فوائد بھی حاصل ہوئے جو ہر ایک اپنے اپنے مقام پر مستقل حکمت کو لئے ہوئے ہے۔ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَیْكُمْ حُجَّةٌ تا کہ لوگوں کی تمہارے اُوپر حجت نہ ہو اور یہ جملہ فَوَلُّوْا سے متعلق ہے۔ اب معنی یہ ہوا کہ بیت المقدس سے کعبۃ اللہ کی طرف منہ پھیرنے سے یہودیوں کا اعتراض دفع ہو گیا وہ کہا کرتے کہ تورات میں لکھا ہے کہ آخر زمان نبی ﷺ کا قبلہ کعبہ ہوگا لیکن اس کے برعکس بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ لہذا یہ وہ آخر زمان نبی ﷺ نہیں اور اس سے عرب کا اعتراض بھی اُٹھ گیا ہے۔ وہ کہتے کہ جب یہ نبی ﷺ ملت ابراہیمی کے مدعی ہیں تو پھر ان کے بتائے ہوئے قبلہ کی مخالف کیوں کرتے ہیں۔

ف: عَلَیْكُمْ ترکیب میں حُجَّةٌ سے محلا منصوب واقعہ ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال:۔ اسے حُجَّۃٌ کی صفت کیوں نہیں بنایا جاتا۔

جواب : قاعدہ ہے کہ صفت ہمیشہ اپنے موصوف سے مؤخر ہوا کرتی ہے اور یہ حجتہ سے مقدم ہے۔ لہذا وہ وجہ امتناع تقدیم الموصوف حجتہ کی صفت نہیں بنایا جاسکتا۔ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ مگران میں وہ لوگ جو ظالم ہیں یہ جملہ النَّاسِ سے مستثنیٰ ہے اب معنی یہ ہوا کہ حجت صرف ان یہودیوں کے حق میں ہے جو ان میں ضدی ہیں اور کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ہمارے قبلہ بیت المقدس کو چھوڑ کر کعبہ کو صرف اس لئے قبلہ بنایا کہ انہیں اپنی قوم کے دین کی طرف جھکاؤ ہو گیا اور اپنے شہر کی محبت نے انہیں مجبور کیا ہے کہ اگر انہیں حق پرستی کا خیال ہوتا تو یہ قبلہ انبیاء کو ہرگز نہ چھوڑتے اسی طرح بعض اہل مکہ جو ان میں آپ کے دشمن تھے انہوں نے بھی حضور علیہ الصلوۃ و السلام کو معلون ٹھہرایا کہ اب ان پر حق ظاہر ہوا کہ اپنے آباء کی طرف واپس لوٹے ہیں اُمید ہے اب عنقریب اپنے آباء کے دین کی طرف لوٹ آئیں گے۔

سوال : ایسے کبھی کلمات کو اللہ تعالیٰ نے حُجَّۃٌ سے کیوں تعبیر فرمایا کیوں کہ حُجَّۃُ اللہ ایک مقدس کلمہ ہوتا ہے اور ان معاندین کے اقوال تو **افحش الاباطیل** تھے۔

جواب : ۱۔ ان کے ایسے گندے اقوال حُجَّۃٌ سے تعبیر کرنا مجازاً ہے۔ کیونکہ وہ لوگ اپنی باتوں کو قوی سمجھ کر انہیں حُجَّۃٌ کے طور پر پیش کرتے جیسے ہمارے دور میں تم بدمذہب اپنے غلط عقائد اور مراسم پر دلائل کر کے انہیں حُجَّۃٌ سے تعبیر کرتے۔

جواب : ۲۔ ان کی گندگی باتوں کو حجتہ سے تعبیر کرنا تہکما ہے (جیسے کفار کو ڈرانی خبر سنا کر اسے بشارت سے تعبیر کیا گیا ہے) فَلَا تَخْشَوْهُمْ بس ان سے نہ ڈرو اپنی توجہ کو کعبہ کی طرف ہٹانے میں اور نہ ہی وہ تم پر غالب ہو سکتے ہیں اس لئے ان کی ملعن و تشنیع تمہیں کسی قسم کا نقصان نہیں دے سکتی وَاخْشَوْنِیْ اور مجھ سے ڈرو اور میرے احکام کی فرمان برداری کر کے اور میرے حکم کی خلاف ورزی نہ کرو جس میں تمہاری بہتری ہوگی۔ میں اس کا تمہیں حکم دے کر تمہاری مدد کروں گا۔ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِیْ عَلَیْكُمْ تا کہ میں تمہارے اُوپر اپنی نعمتوں کو مکمل کروں یہ جملہ ایک محذوف امر کی علت ہے۔ یعنی میں نے قبلہ کعبہ کی طرف متوجہ ہونے کا حکم اس لئے دیا ہے تا کہ میں اپنی نعمتوں کو تمہارے اُوپر مکمل کروں اس لئے کہ وہ بہت بڑی جلیل القدر نعمتیں ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ : ہر وہ اوامر و تکالیف جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ بندے پر وارد ہوں جیسے اللہ تعالیٰ کا حکم سمجھ کر بندے کا قبلہ کی طرف متوجہ ہونا اسی طرح اگر چہ وہ نعمتیں ظاہر ہوں تو ان کی ادائیگی سے بندے کو ثواب ملتا ہے.

سوال : قبلہ ابراہیمی کو بنانے میں کون سی نعمت ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے اسے نعمت سے تعبیر فرمایا ہے۔

جواب : قوم عرب اپنے تمام معاملات اور رسومات کو ابراہیم علیہ السلام کی طرف منسوب کر کے ان کو بجالا کر فخر محسوس کرتے جب انہیں قبلہ ابراہیمی سے ہٹا کر بیت المقدس کی طرف منہ کرنے کا حکم ہوا تو اسے انہوں نے ایک حادثہ سمجھا۔ حالانکہ اس میں ایک مصلحت تھی۔ پھر جب انہیں قبلہ ابراہیمی کا حکم ہوا تو انہوں نے اسے ایک عظیم نعمت تصور کیا۔

ف: جتنی نعمتیں بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عنایت ہوتی ہیں۔ دو قسم کی ہیں، ا۔ عطائی، ۲۔ کسبی عطائی جیسے صحة البدن و صلامته الا عضاء (وغیر هما) اور کسبی جیسے ایمان عمل صالح اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احکام بجالانا اور اس کی گمراہی سے بچنا ان سب جملہ امور سے بندے کو سعادت دارین نصیب ہوتی ہے۔

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ اُمید رکھو کہ تم ہدایت پالو گے یعنی میرا ارادہ ہے کہ میں تمہیں ملت حنفیہ کے شعائر اور دین قیم کے شرائع کی طرف ہدایت دوں۔ جیسے ہم نے تم میں سے رسول بھیجا یہ جملہ ما قبل سے متصل ہے۔ تا کہ میں تمہارے اُوپر تمام نعمت کروں عمل قبلہ کہ بارے میں حضور علیہ السلام کو تم میں سے بھیج کر۔

ف: یہاں رسول سے مراد حضرت محمد ﷺ ہیں۔ اس لئے کہ انہیں کی جنس میں سے رسول بھیجنا یہ ایک ایسی نعمت ہے کہ جس کا کوئی نعمت مقابلہ نہیں کر سکتی يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا ہماری آیات یعنی قرآن مجید تلاوت کریں گے۔

وَيُزَكِّيْكُمْ یعنی تمہیں تیار فرمائیں گے۔ ایسے اعمال کے لئے کہ جن کی بدولت تم گناہوں کی گندگی میل سے جو کہ نفس پر ہوتی ہے۔ دھل کر پاک اور صاف ہو جاؤ گے۔ کیونکہ رسل کرام علی نبینا و علیهم السلام کا کام ہے کہ عوام کو دعوت دیں اور ان کو ایسے اعمال کے لئے تیار کریں جن کی وجہ سے ان کے نفوس کو شرک و معاصی سے صفائی نصیب ہو اور عوام کو صفائی طہارت پہلی ہی ملاقات سے حاصل نہیں ہوتی۔ جب تک بار بار ان کے فیض و برکات کی طلب میں ان کی صحبت سے بازیاب نہ ہوں وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ اور وہ تمہیں کتاب سکھائیں گے یعنی وہ تمہیں قرآن کے معنی و اسرار و شرائع اور احکام کی تعلیم دیں گے۔ انہیں وجوہ مذکورہ کی وجہ سے قرآن کو نور اور

marfat.ocm
Marfat.com

ہدایت سے موصوف کیا جاتا ہے۔

ف: حضور نبی علیہ الصلوۃ السلام ان کے سامنے قرآن پڑھتے تا کہ وہ قرآن کے نظم اور اس کے الفاظ یاد کر لیں اور اہل اسلام کی زبانوں پر باقی رہ کر تحریف تصحیف سے محفوظ اور قیامت تک معجزہ ہو جائے۔

مسئلہ : قرآن پاک کی تلاوت اندرون نماز اور خراج از نماز ہر طرح سے عبادت اور قرب الٰہی کا سبب ہے لیکن ضروری ہے کہ جو اس کے حقائق اسرار کے جاننے کی بھی کوشش کی جائے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ کی حقیقی ہدایت اور نور حاصل ہو وَالْحِكْمَةَ حکمت اصبت فی الاقول والعمل کو کہتے ہیں اور حکیم وہی ہوتا ہے جس میں دونوں باتیں پائی جائیں۔ کذا قال الامام حکمت الشئی رددته عالا یعینه سے مشتق ہے۔ یعنی میں نے اسے ایسی باتوں سے روک دیا ہے۔ جو اس کے لئے غیر مفید ہیں۔ چونکہ حکمت عقل کو جہل اور خطا سے روکتی ہے۔ اسی لئے نام سے معصوم ہوئی۔

ف: قرآن پر عمل کرنا موقوف ہے۔ اس کے معنی سمجھنے پر اور معنی موقوف ہیں الفاظ کی پہچان اور تزکیہ ان سب کا خلاصہ ہے اور اس کا دارومدار قرآن پاک پر عمل کرنے پر موقوف ہے۔

سوال : جب تزکیہ کا حصول ان سب کے بعد ہوتا ہے تو پھر اسے سب سے پہلے ذکر کیوں کیا گیا۔

جواب : ان میں سے سب سے پہلے تصور تزکیہ کا ہی آتا ہے اسی لئے اسے سب سے پہلے ذکر کیا گیا وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ اور تم کو سکھائیں وہ امور جنہیں تم نہیں جانتے تھے۔

سوال : امام راغب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس جملہ کی ضرورت ہی کیا ہے جب کہ اس کا مفہوم الکتاب الحکمۃ ہی ادا ہو گیا ہے۔

جواب : اس جملہ سے وہ علوم مراد ہیں جو انبیاء کرام علی نبینا علیہم السلام کی زبانوں سے از جملہ وحی صدور ہوتے ہیں ان میں عقلیات کو کسی قسم کا دخل نہیں ہوتا اگر ان کو علوم کلیات و جزیات بھی حاصل ہوتے ہیں تو اسی وحی کے ذریعے ہی [1] **ف**: اور الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ سے مراد وہ علوم ہیں جن کے حصول میں عقل کو دخل ہو۔

سوال : لفظ وَيُعَلِّمُكُمْ کا تکرار کیوں؟

---

[1]: اسی لئے ہم اہلسنت انبیاء علیہم السلام کو دین و دنیا کے علوم کا عالم مانتے ہیں اور وہابی دیوبندی اسے شرک سے تعبیر کرتے ہیں اس کی تفصیل فقیر کی کتاب "آئینہ دیوبند" میں دیکھئے۔

marfat.com
Marfat.com

جواب : تا کہ تنبیہ ہو جائے کہ پہلے علوم سے یہ علوم منفرد ہیں ان کا ان مذکورہ علوم سے کوئی واسطہ نہیں۔

فَاذْكُرُوْنِيْٓ پس تم مجھے یاد کرو اطاعت سے جیسے حضور ﷺ نے فرمایا۔ من اطاع اللّٰه فقه ذكر اللّٰه وان قلت صلوته وصيامه قراته القرآن ومن عصى اللّٰه فقد نسى اللّٰه وان اكثرت صلوته قراته القرآن

(جو اللہ تعالیٰ کا مطیع ہے وہ اسے بہت یاد کرتا ہے اگر چہ اس کی نماز روزہ اور تلاوت جیسی عبادات بہت تھوڑی ہوں اور وہ اللہ تعالیٰ کا بے فرمان ہے جو اللہ تعالیٰ کو یاد نہیں کرتا اگر چہ اس کی نماز اور تلاوت قران بہت زیادہ ہوں)

اَذْكُرْكُمْ میں تمہیں یاد کروں گا یعنی ثواب اور لطف اور احسان اور خیر و برکت بہت زیادہ عطا کر کے سعادت کے دروازے کھول دوں گا۔

سوال : ذکر کہتے ہیں ایسی بات کے ادراک جو مسبوق النسیان ہو اور اللہ تعالیٰ تو نسیان سے منزہ اور پاک ہے

جواب : یہاں اللہ تعالیٰ کے لئے اس کا اطلاق مجازاً ہے۔

جواب : ۲۔ عباد کے ذکر کے بعد اس کی شکالت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ پر مستعمل ہوا۔ وَاشْكُرُوْا لِيْ اور میرا شکر ادا کرو اوپر اس کے کہ میں نے تمہارے اوپر انعامات کئے ہیں ذکر بالطاعة کا نام شکر ہے اور اس میں خصوصیات کے ساتھ شکر کا حکم اسی لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں پر انعامات واحسانات ہیں۔ فلہٰذا اسی کا شکر کریں نہ کسی غیر کا۔

ف : صاحب تیسیر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا فَاذْكُرُوْنِيْٓ میں قولی عبادات کا حکم ہے اور " واشکر والی " میں عملی عبادات کا۔

سوال : امام راغب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شكرت الزيد وشكرت زيد یعنی باب شکر کے بعد لام صلہ واقع ہو تو کیا معنی ہوگا۔ اگر وہ بلا واسطہ متعدی ہو تو پھر کیا مفہوم ہوگا۔

جواب : جب شکر کا باب بواسطہ لام ہو تو اس وقت مطلب یہ ہے کہ کسی نے تیرے اوپر احسان کیا ہے اسی احسان کو مدنظر رکھ کر تو نے اسی کی تعریف کی اور جب یہ بلا واسطہ متعدی ہوا تو اس وقت مقصود یہ ہے کہ قطع نظر اس کے احسانات کے اس کی ذات کو مدنظر رکھ کر اس کی تعریف کی گئی ہے اسی لئے یہ بات جب بلا واسطہ متعدی ہو تو زیادہ بلیغ ہوتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال : جب شکر بلا واسطہ لام بلیغ ہے تو پھر یہاں متعدی بواسطہ لام سے کیوں مستعمل ہے جبکہ یہ غیر بلیغ ہے.

جواب : اس طرف اشارہ ہے کہ اس کی ذات کی کنہہ سے ادراک عاجز ہے بلکہ اسکی نعمتوں کا شمار بھی ناممکن ہے چنانچہ فرمایا۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

(یعنی اگر اس کی نعمتیں گنو تو شمار نہیں کرسکو گے اس لئے بندوں کو متنبہ کیا گیا کہ اگر اس کا شکر کرنا ہے تو اس کی بعض نعمتوں کو مدنظر رکھو وَلَا تَكْفُرُوْنِ اور کفران نعمت نہ کرو اس کی نعمتوں کی ناشکری اور نافرنی کر کے)

سوال : جب یہی مفہوم وَاشْكُرُوْا لِيْ میں ادا ہو جاتا ہے پھر اس کے بعد تَكْفُرُوْنِ کے ذکر کا کیا فائدہ؟

جواب : اگر صرف وَاشْكُرُوْا لِيْ ہو تو تَكْفُرُوْنِ نہ لایا جائے تو وہم باقی رہتا ہے کہ اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کی کسی نعمت کو مدنظر رکھ کر ایک بار شکر کیا تو گویا اس نے شکر کا حق ادا کرلیا۔ حالانکہ ایسا نہیں کیونکہ اس کی کسی نعمت کا شکر ادا نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح وَلَا تَكْفُرُوْنِ کے ذکر کے ساتھ "واشکروا لی" کو لانا بھی ضروری ہوا اسی لئے کہ صرف وَلَا تَكْفُرُوْنِ سے اتنا سمجھا جاسکتا ہے کہ بندے کو چاہیے کہ قبیح فعل سے بچتا رہے اس سے اچھے افعال کی ترغیب کا مفہوم نہیں سمجھا جاسکتا ہے حالانکہ بندے کو جہاں برائی سے بچنا ضروری ہے وہاں نیکی کا خوگر ہونا بھی ضروری ہے۔ چونکہ ان دونوں کا ذکر اہمیت رکھتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے دونوں کو بیان فرمایا ہے۔

جواب : ۲۔ وَلَا تَكْفُرُوْنِ میں تنبیہ ہے کہ شکر کا ترک بھی کفران ہے۔

سوال : وَلَا تَكْفُرُوْنِ کی بجائے ولا تکفروا لی کیوں نہیں فرمایا۔ جیسے وَاشْكُرُوْا لِيْ فرمایا ہے؟

جواب : کفران ذات کا زیادہ قبیح ہے بہ نسبت کفران نعمت کے۔ کیونکہ نعمت کی ناشکری کی معافی ہوسکتی ہے لیکن ذات کا کفران کبھی نہیں بخشا جائے گا۔ (کذا فی تفسیر الراغب الاصفہانی)

نکتہ : اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والثناء کو فضل وقوت وکمال بصیرت میں بنی اسرائیل سے برگزیدہ بنایا ہے چنانچہ انہیں فرمایا یٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ یعنی انہیں ایسی نعمت کے یاد کرنے کا حکم دیا ہے جو ان کے ذہنوں سے نکل چکی تھی کہ اس کے ذکر کے واسطہ سے منعم حقیقی کو یاد کریں لیکن امت محمدیہ علی صاحبا السلام کو حکم ہے کہ وہ خود عین ذات کو یاد کریں تا کہ ثابت ہو جائے ان میں بنی اسرائیل سے قوت ب بصیرت بہت زیادہ ہے حضرت صائب نے فرمایا۔

marfat.com
Marfat.com

در سر ہر خادم طینت نشہ منصور نیست ہر سفالے را صدائے کاسہ فغفور نیست

ترجمہ۔ ہر سر میں منصور کا نشہ نہیں ہوتا اور نہ ہی ہر پیالے کا فغفور کا پیالہ کہا جاتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ذکر کبھی زبان سے ہوتا ہے اور کبھی دل ہے اور کبھی دیگر اعضاء سے اللہ تعالیٰ کی تحمید و تسبیح و تمجید اور تلاوت قرآن لسانی ذکر ہے قلبی ذکر کی تین اقسام ہیں۔

۱۔ ان دلائل پر تفکر جو اللہ کی ذات وصفات پر دلالت کرتے ہیں اور وہ اعتراضات جو اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات پر وارد ہوتے ہیں ان کے جوابات سوچنا۔

۲۔ ان دلائل کا تفکر جو بندوں کو مکلف بنائے و دیگر احکام اور لوامر و نواہی اور وعدہ وعید کے کوائف پر دلالت کرتے ہیں جب انہیں مکلف ہونے کی کیفیت معلوم ہو جائے گی اور پتہ چل جائے گا کہ اس عمل کے ارتکاب پر وعدہ اور دوسرے عمل کے اجتناب کی نہی میں کیا کیا حکمتیں مضمر ہیں تو اسے ان کی ادائیگی میں آسانی ہو جائے گی۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات کے اسرار میں تفکر یہاں تک کہ عالم کا ذرہ ذرہ عالم قدس کے لئے صاف وشفاف شیشہ ہو جائے جب وہ اس آئینہ پر نگاہ ڈالے تو اس کی آنکھ عالم جلال کو دیکھ لے اور یہ وہ مقام ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں۔

ذکر اعضاء :۔ یہ ہے کہ تمام اعضاء ان اعمال میں مستغرق ہو جائیں کہ جن کا انہیں حکم دیا گیا ہے اور ان افعال سے اجتناب کریں جن سے انہیں روکا گیا ہے۔

نکتہ : اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے نماز کو بھی ذکر قلب دیا ہے کما قال اللہ تعالیٰ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ اللہ تعالیٰ کے ذکر یعنی نماز کی طرف دوڑ کر آؤ۔ مذکورہ بالا تقریر کی بنا پر فَاذْکُرُوْنِیْٓ کا حکم جمیع طاعات پر مشتمل ہوگا۔

حدیث شریف:۔ حضرت سعید بن جبیر نے فرمایا اُذْکُرُوْنِیْ بِطَاعَتِیْ ایسے اجمالی طور بیان فرمایا تا کہ طاعات کے جمیع اقسام اس میں شامل ہو جائیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت:۔ حضرت لقمان علی نبینا علیہ السلام نے اپنے صاحبزادے سے فرمایا۔ جب تم ذکر کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے ساتھ بیٹھ جاؤ اس لئے کہ تم عالم دین ہو تو تجھے تیرا علم نفع دے گا اور اگر تو جاہل ہے تو تجھے وہ تعلیم دیں گے اگر ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمت برسے گی تو تجھے بھی اس سے حصہ نصیب ہوگا اگر تمہارا گزر ایسی قوم سے ہو جو ذکر الٰہی سے محروم ہیں تو ان کے پاس نہ بیٹھنا اگر تم عالم دین ہو تو تیرا علم اسے نفع نہ دے گا اگر تم جاہل ہو تو الٹا اس کی صحبت سے جہل اور گمراہی میں اضافہ ہوگا۔ بلکہ جب ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا۔ تو تم بھی اس کے ساتھ بیٹھنے سے مارے جاؤ اے اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے ذکر کرنے والوں سے بنا۔

صحبت صالح ترا صالح کند　　صحبت طالح ترا طالح کند

نیک کی صحبت تجھے نیک بنائی گی　　برے کی صحبت تجھے برا بنائے گی

اسی لئے ہم اہل سنت بدمذاہب کی یاری دوستی سے عوام بلکہ خواص کو سختی سے روکتے ہیں۔ خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ یاد آنے کے بعد ظالموں کے پاس مت بیٹھو اور رسول اکرم ﷺ نے بدمذاہب سے دور رہنے کی یوں تاکید فرمائی۔

ان مرضوا فلا تعودوهم وان ماتوا فلا تشهدوهم ان تقدموهم فلا تسلموا عليهم (ابن ماجه)

اگر بیمار ہوں تو ان کی تیمار پرسی نہ کرو اگر مر جائیں تو ان کے نماز جنازہ میں شرکت نہ کرو اگر ملیں تو انہیں سلام نہ کرو

الحمد للہ یہی طریقہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تھا چنانچہ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے لکھا کہ:

كان داب الصحابته ومن بعد هم من المؤمنين فى جميع الازمان فانهم كانوا يقاطعون من حاد الله و رسوله مع حاجتهم اليه والرار ضاء الله تعالى على ذالك

(مرقات شرح مشکوٰۃ ج ۱۰ ص ۲۹۰)

یعنی صحابہ کرام اور ان کے بعد والے ہر زمانہ کے ایمان والوں کی یہ عادت رہی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے مخالفوں، دشمنوں کے ساتھ بائیکاٹ کرتے رہے۔ حالانکہ ان ایمانداروں کی دنیاوی طور پر ان مخالفوں کی احتیاط بھی ہوتی تھی۔ لیکن وہ مسلمان خدا تعالیٰ کی رضا کو اس پر ترجیح دیتے ہوئے بائیکاٹ کرتے تھے۔ خدا تعالیٰ ہم تمام مسلمانوں کو اپنی رضا جوئی کی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ (آمین)

marfat.com
Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد چاہو بیشک اللہ صابروں

الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ

کے ساتھ ہے۔ اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو

بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ

بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں تمہیں خبر نہیں۔ اور ضرور ہم تمہیں آزمائیں گے

الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَ

کچھ ڈر اور بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں

الثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ

اور پھلوں کی کمی سے اور خوشخبری سنا صبر والوں کو۔ کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑے

قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ

تو کہیں ہم اللہ کے مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھرنا۔ یہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی درودیں

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ اِنَّ الصَّفَا

اور رحمت اور یہی لوگ راہ پر ہیں۔ بیشک صفا

وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا

اور مروہ اللہ کے نشانیوں میں سے ہیں تو جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے

جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ

اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے پھیرے کرے اور کوئی بھلی بات اپنی طرف سے کرے تو

marfat.ocm
Marfat.com

اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ﴿۱۵۸﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ

اللہ نیکی کا صلہ دینے والا خبردار ہے ۔ بیشک وہ جو ہماری اتاری ہوئی روشن باتوں

وَالْهُدَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ

اور ہدایت کو چھپاتے ہیں بعد اس کے کہ لوگوں کے لئے ہم اس کتاب میں واضح فرما چکے

يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ﴿۱۵۹﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا

ان پر اللہ کی لعنت ہے اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ۔ مگر وہ جو توبہ کریں اور سنواریں

وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۶۰﴾ إِنَّ

اور ظاہر کریں تو میں ان کی توبہ قبول فرماؤں گا اور میں ہی ہوں بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ۔ بیشک

الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ

وہ جنہوں نے کفر کیا اور کافر ہی مرے ان پر لعنت ہے اللہ

وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿۱۶۱﴾ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ لَا يُخَفَّفُ

اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی ۔ ہمیشہ رہیں گے اس میں نہ ان پر سے عذاب ہلکا ہو

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿۱۶۲﴾ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ ۖ

اور نہ انہیں مہلت دی جائے ۔ اور تمہارا معبود ایک معبود ہے

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ﴿۱۶۳﴾

اس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑی رحمت والا مہربان

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ان امور میں مدد مانگو جو تم نے ادا کرنے ہیں اور جن کا تم کو ترک کرنے کا حکم ہے بِالصَّبْرِ صبر کے ساتھ امور پر جو نفس پر شاق ہیں جیسے گناہوں اور نفس کی لذتوں سے بچنا وَالصَّلٰوةِ اور نماز کے ساتھ کہ یہ ام العبادات اور معراج المومنین اور رب العالمین کی محبوب عبادت ہے۔

حدیث شریف:۔ مروی ہے کہ حضور ﷺ کو جب کوئی غم لاحق ہوتا تو آپ نماز پڑھتے اس کی دلیل کے لئے یہی آیت تلاوت کرتے۔

سوال: صبر و نماز کی تخصیص کیوں جب کہ خدا تعالیٰ کی دوسری عبادات بھی ہیں؟

جواب: صبر باطنی عبادات میں بدن کے لئے بہت سخت ہے جیسے ظاہری طور نماز بدن پر سخت ہے کیونکہ وہ نماز کسی قسم کی طاعات مثلاً ارکان و سنن و مستحبات اور خشوع و خضوع اور توجہ و سکون و دیگر جملہ ان عبادات شاقہ (کہ جن کی بجا آوری سوائے توفیق ایزدی کے ناممکن ہے) کا مجموعہ ہے کہ جن کی ادائیگی سوائے توفیق ایزدی کے ناممکن ہے۔

سوال: حضرت حسام الدین نے فرمایا صبر کو (جو کہ منزلہ ترک کے ہے) اور صلوۃ (جو کہ بمنزلہ فعل کے ہے) پر مقدم کیوں کیا گیا ہے؟

جواب: اس لئے کہ صبر بمنزلہ تخلیہ کے ہے **صلوۃ بمنزلہ تحلیہ** (زیورات وغیرہ سے شے کو سنوارنا) کے ہے اور تخلیہ (خرابیوں سے اس کو پاک کرنا) ہمیشہ تحلیہ سے مقدم ہوا کرتا ہے۔

نکتہ: یہی وجہ ہے کہ کلمہ توحید میں نفی پہلے ہے۔

سوال: ارکان اسلام میں صرف نماز پر کیوں اکتفا کیا گیا؟

جواب: آیت میں خطاب صرف مومنین کو ہے اور یہ دونوں فعل بعد از ایمان تمام مومنین میں مشترک ہیں۔ کیوں کہ ہر گناہ سے بچنا (جسے صبر سے تعبیر کیا گیا) ہر مومن پر فرض ہے اور نماز بھی اسی طرح ہے۔ بخلاف زکوۃ کے وہ صرف صاحب نصاب پر فرض ہے اور حج صرف اصحاب استطاعت پر اور روزہ صرف کھانے پینے کی خواہشات سے روکتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے مدد کرنے اور دعا قبول کرنے میں۔

marfat.com
Marfat.com

ف : معیت کا معنی ہے ولایت دائمہ جس میں پورے طور نصرت واجابت دُعا ہو۔

سوال : معیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تابع ہے اور صابرین متبوع اور ایسا اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف ہے؟

جواب : وہ لوگ جو حقیقی صبر کرنے والے ہیں وہ اس معنی پر متبوع ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ایسے لوگوں کی باتوں کو نہیں ٹالتا اور یہ اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف نہیں۔

ف : حضرت عصام الدین اپنی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ صابرین اللہ تعالیٰ کے ذکر کو کبھی نہیں بھلاتے بخلاف صبر سے محروم لوگوں کے کہ ان کے قلوب اللہ تعالیٰ کے ذکر الٰہی سے غافل ہو جائیں تو اسے دنیا کے حرص وہوا سے بھر دیا جاتا ہے۔ اگر چہ تمام دنیا اسکے حوالے کی جائے تب بھی اس کا جی نہیں بھرے گا۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ تو فرمایا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُصَلِّیْنَ کیوں نہیں فرمایا حالانکہ دوسرے مقام پر فرمایا وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ اس میں نماز کی فضلیت کی طرف اشارہ ہے لیکن یہاں پر نماز کو کوئی اہتمام نہیں دیا گیا۔

جواب : اپنے مقام پہ ثابت ہے کہ نماز صبر سے اشرف واعلیٰ ہے کیونکہ نماز صبر سے جدا ہو سکتی ہے لیکن صبر نماز سے جدا نہیں ہوتا اس لحاظ سے اللہ تعالیٰ نے اپنی معیت صابرین کے ساتھ بیان فرمائی تو اس سے ثابت ہوا کہ جب وہ صابرین کیساتھ ہے تو نماز والوں کے ساتھ بطریق اولیٰ ہے کہ وہ ان کے ساتھ ہو کیونکہ ادنیٰ کے ذکر سے اعلیٰ کا ذکر خود بخود ہوتا ہے دوسری آیت اِنَّھَا لَکَبِیْرَۃٌ میں صبر کے ذکر نہ کرنے میں تنبیہ ہے کہ نماز مرتبہ میں صبر سے اشرف وافضل ہے۔

تفسیر صوفیانہ

بہت بڑے دکھ سر پر اُٹھا لینا اور جزع واضطراب نہ کرنا یہ ذریعہ ہے ہر بھلائی کے حصول کا اور ہر فضیلت کا اصل ہے اور توبہ کا پہلا درجہ یہی ہے کہ انسان گناہوں سے بچ جائے اور زہد کا پہلا درجہ یہی ہے کہ مباحات سے بھی دور رہنا ہے اور ارادہ کا اوّل صبر اور ماسوی کی طلب ہے اسی لئے حدیث شریف میں ہے حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا ایمان کے شعبوں میں سے صبر ایسے ہے جیسے جسم میں سر اور فرمایا صبر کا کل فضیلت ہی فضیلت ہے جو شخص بھی صبر سے آراستہ ہوگا اس کو طاعات پر عمل اور برائیوں سے

marfat.com
Marfat.com

رکنا آسان ہوگا اسی طرح نماز کا حال ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ یعنی نماز برائیوں سے روکتی ہے۔

صبر کن حافظ بسنتی روز و شب　　عاقبت روزے بیابی کام را

ترجمہ: اے حافظ شب و روز کی سختیوں پر صبر سے کام لے اسلئے کہ صبر کی برکت سے ایک دن منزل مقصود کو پالوگے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو جمع کرے گا تو ایک منادی اعلان کرے گا کہ اہل فضیلت کہاں ہیں یہ سن کر کچھ لوگ دوڑتے ہوئے بہشت تک پہنچیں گے انہیں ملائکہ کی ملاقات ہوگی فرشتے پوچھیں گے اے لوگو تم بہشت کی طرف تیز دوڑے جارہے ہو اس کی وجہ کیا ہے وہ کہیں گے ہم اہل فضیلت ہیں وہ پوچھیں گے تمہاری فضیلت کی وجہ یا ہے؟ کہیں گے کہ ہمارے اوپر ظلم ہوتا تو ہم صبر کرتے جب ہمارے ساتھ زیادتی کی جاتی تو ہم معاف کردیتے اس پر انہیں کہا جائے گا بہشت میں داخل ہوجاؤ ایسے نیک عمل والوں کا بہترین اجر یہی ہے اس کے بعد منادی پکارے گا کہاں ہیں اہل صبر اس پر بہت سے لوگ بہشت کی طرف تیز دوڑتے ہوئے جائیں گے ان سے پوچھا جائے گا تم کون ہو کہیں گے ہم صبر کرنے والے ہیں ان سے پوچھا گیا تم نے کن باتوں پر صبر کیا وہ جواباً کہیں گے ہم اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر صبر کرتے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے دور رہتے تھے اس پر انہیں کہا جائے گا بہشت میں داخل ہوجاؤ اس کے بعد منادی اعلان کرے گا کہاں ہیں وہ لوگ جو ایک دوسرے سے صرف اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کرتے تھے اس پر بہت سے لوگ بہشت کی طرف تیز بھاگتے ہوئے جائیں گے ان کی ملائکہ سے ملاقات ہوگی ان سے فرشتے پوچھیں گے تم کون لوگ ہو وہ کہیں گے ہم ہیں وہ صاحبان جنہوں نے آپس میں صرف اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کی تھی اس پر فرشتے کہیں گے تمہاری آپس کی محبت اللہ تعالیٰ کے لئے کیوں تھی وہ کہیں گے ہم اللہ تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے اور بہشت میں داخل ہونے کی وجہ بھی یہی ہے۔ (کذ آفی نزھۃ القلوب)

تفسیر عالمانہ

شان نزول: وَلَا تَقُوْلُوْا آیت شہدائے بدر کے حق میں نازل ہوئی اور وہ کل چودہ افراد تھے۔ چھ مہاجرین اور آٹھ انصار یعنی جو لوگ بدر میں شہید ہوئے تو لوگ کہتے تھے کہ

marfat.ocm
Marfat.com

افسوس کہ وہ لوگ مردہ ہوے گئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور نہ کہو لِمَنْ يُّقْتَلُ ان لوگوں کے لئے جو شہید کئے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کے راستے میں یہ بات کہ فلاں مرگیا اور وہ دنیا کے عیش اور اس کی لذتوں سے محروم ہوگیا۔

ف : قتل حیوانی زندگی کی نقیض کو کہتے ہیں۔

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اس سے مراد جہاد ہے کیونکہ یہی اللہ تعالیٰ کے ثواب اور رحمت کا ذریعہ ہے۔ اَمْوَاتٌ یعنی شہیدوں کو مردہ نہ کہو بَلْ اَحْيَآءٌ یعنی وہ زندوں کے حکم میں ہیں۔ یعنی ان کے اعمال کا ثواب منقطع نہیں ہوتا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرتے مارے گئے ہیں پھر جب تک دین دنیا میں باقی ہیں جو بھی اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید کیا جائیگا اسے ثواب ملتا رہے گا۔ وَلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ لیکن تم نہیں جانتے کہ ان کی زندگی کا (اس عالم برزخ میں) کیا حال ہے اس میں اشارہ ہے کہ شہداء کی حیات کا علم ان حواس ظاہرہ (جو اس کے ساتھ ہیں) معلوم نہیں ہوسکتا۔ یہ ایک روحانی امر ہے جس کا ادراک نہیں ہوسکتا ہاں وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوسکتا ہے۔ (اسے ہم اہلسنت علم غیب سے تعبیر کرتے ہیں)

عقیدہ:۔ آیت سے معلوم ہوا کہ ارواح جواہر قائم بنفسہا ہیں۔ یعنی جن باتوں کو حواس جسمانی معلوم کرسکتے ہیں یہ ان کے مغائر ہیں اور روح موت کے بعد بھی باقی رہ جاتا ہے اور اس کے اندر ادراک ہوتا ہے اور یہی جمہور کا مذہب ہے۔ (اسی پر سماع موتی اور بعد وصال اولیاء اللہ سے استمداد وغیرہ کے مسائل حل ہوتے ہیں دیکھئے تفسیر اویسی حصہ اول)

سوال: حیات روحانیہ تو سب کی لذت اور درد والم کو محسوس کرتی ہے پھر یہاں شہدا کی تخصیص کیوں؟

جواب: ان کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خصوصی قرب نصیب ہوتا ہے ان کو بہ نسبت دوسروں کے مزید رونق اور کرامت حاصل ہوتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جو شخص بھی کسی بہت بڑے اونچے مرتبہ والے کے مرتبہ کو نہ پاسکے تو اس کو کالعدم سمجھا جاتا ہے اسی طرح شہداء کے مراتب کو نہ پہنچنے پر دوسروں کو لاعدم قرار دے کر صرف شہداء کو زندہ قرار دیا گیا۔ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى یعنی دوزخ میں نہ مرے گا نہ زندہ ہوگا۔

عقیدہ: انسانی نفس یعنی اس کی ذات روح مخاطب اور وہی مکلف اور وہی اوامر ونواہی کا مامور اور نواہی حق سے روکے ہوئے ہے جو روح جسمانی اور لطیف ہے اور اسی ظاہری بدن محسوس میں سرایت کئے ہوئے ہے جیسے

marfat.com
Marfat.com

آگ کوئلے میں اور گلاب کا پانی پھول میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ جس کی طرف ایک بات کرتے وقت کہتا ہے "انا" میں ہوں۔ حقیقتاً انسان وہی ہے اور وہی ولی اور وہی نبی ہے اسی کو اعمال کا ثواب ملے گا اسی کو عذاب ہوگا وہی صلب آدم علیہ السلام میں تھا جب کہ انہیں ملائکہ نے سجدہ کیا۔ وہی ہے جس نے اللہ تعالیٰ کو اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے جواب میں بَلٰی کہا۔ وہی خواب میں جسم سے نکل کر سیر کرتا ہے اور وہی خواب دیکھتا ہے اور اسی باتوں سے خوش ہوتا ہے اور غم والی باتوں سے غمگین ہوتا ہے اور اگر اسے اللہ تعالیٰ روک لیتا ہے تو وہ رک جاتا ہے اور جسم کثیف جسے بدن سے تعبیر کیا جاتا ہے روح کے تابع ہوتا ہے اور روح سلطانی کا مرکز قلب صنوبری ہے اور روح حیوانی کا مرکز دماغ ہے اسی لئے وہ اس کے مظاہرین میں زیادہ قوی ہے اور روح حیوانی اسی مخصوص ہیکل میں روح سلطانی کے تعلق کے بعد حادث ہوا ہے یہ روح حیوانی روح سلطانی کے انوار کا عکس ہے تا کہ وہ افعال کا مبداء ہو سکے کیونکہ حیات ایک غیبی امر ہے اور زندہ شئے میں پوشیدہ اسے صرف آثار و علامات سے معلوم کیا جا سکتا ہے جیسے حس و حرکت علم ارادہ وغیرہ اور یہ روح حیوانی پر چکر لگاتا رہتا ہے جب تک یہ بخار باقی ہے تو حیات قائم ہے اور جب یہ ختم ہو جاتا ہے اور روح بدن سے اضطراری طور خارج ہو جاتی ہے یہی حقیقی موت ہے۔

ف: جیسے روح بدن سے اضطراری طور خارج ہو جاتی ہے اسی طرح اختیاری طور بھی اور وہ واپس لوٹتی ہے جب چاہتی ہے اسے صوفیا کرام کی اصطلاح میں انسلاخ کہتے ہیں۔

عقیدہ: اہل سنت و جماعت فرماتے ہیں کہ روح جسم لطیف ہے اور اسی ہیکل محسوس کا مغائر ہے اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ روح کیا ہے اسرار برزخ اور احوال قبر بھی معلوم ہوئے اور ثابت ہوا کہ قبر کا عذاب و ثواب جسمانی ہے اور قبر رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النِّيْرَانِ (یعنی قبر بہشت کے باغات میں سے ایک باغیچہ ہے اور جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے کہ مسئلہ حق ہے)

عقیدہ: شہدا کی حیات برزخیہ ہے وہ اس میں اسی حال کے مطابق نعمتیں پاتے ہیں کہ یعنی وہ ملائکہ کی طرح اجسام لطیفہ اور وہ اس وقت موجود اور زندہ ہیں۔

ف: علامہ فناری تفسیر الفاتحہ میں لکھتے ہیں کہ وہ ہر نعمت جو صدیقین اور شہداء و صالحین برزخ میں پاتے

Marfat.com

ہیں وہ خیالی ہیں اسی طرح ہر وہ عذاب جو جہنمیوں کو ملتا ہے وہ بھی خیالی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ جب نفخ صور ہوگا تو تمام مخلوق اس وقت اُٹھے گی تو ہر ایک اپنی برزخ کی ہر بات کو محسوس کرے گا کہ گویا وہ خواب میں تھا جیسے نیند سے جاگ اٹھتا ہے اسے خواب کی باتیں خیالی معلوم ہوتی ہیں اسی طرح جب انسان مرتا ہے اسے برزخ کی طرف منتقل کرنے میں اسے ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی نیند سے اُٹھنے والے کو خواب کی بات محسوس ہوتی ہے کیونکہ حیات دینا اس کے لئے بمنزلہ خواب کے تھی جب عالم آخرت میں اٹھے گا تو اسے برزخ اور حیات دنیا اسے نیند ہی محسوس ہوں گی۔ حقیقی بیداری تو وہی ہے جو کہ آخرت میں اٹھ کھڑا ہوگا۔

ف : اسئلہ الحکم میں ہے کہ برزخ اور آخرت کے جملہ امور دنیا کے کسی ایک امر سے بھی مناسبت نہیں رکھتے تا کہ اسے مثال دے کر سمجھایا جاسکے ارواح کو بعد الموت نعمت اور عذاب حسی وجسمانی نہیں بلکہ وہ ایک معنوی شئے ہوں گے۔ البتہ اجسام کو ارواح میں نعمت حسی ومعنوی دونوں نصیب ہوتی ہیں۔

حکایت: حضرت حافی رحمۃ اللہ علیہ کو وصال کے بعد خواب میں دیکھ کر کہا گیا کہ آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا کیا؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش کر آدھی جنت عطا فرمادی۔

ف : اس کا مطلب یہ تھا کہ وہ نعمتیں جو روح کے لائق تھیں وہ روح کو دی گئیں یہ انکے لئے آدھی بہشت تھی اور بہشت کا دوسرا آدھا حصہ وہی ہے جو انہیں (حشر میں اٹھا کر) بہشت میں داخل کیا جائیگا اس طرح سے اس کے بہشت کے دوسرے حصہ کی تکمیل ہوگی۔

ف : مردہ موت کے بعد برزخ میں کھانے پینے کو ایسے محسوس کرتا ہے جیسے خواب میں نیند والے کو کھانے پینے کا احساس ہوتا ہے ان دونوں میں کوئی فرق نہیں۔

حدیث شریف : نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کے ہاں رات گزارتا ہوں وہی مجھے کھلاتا پلاتا ہے اسی طرح برزخ میں ہوگا کہ میت اللہ تعالیٰ سے ایسی غذا پاتا ہے جس کا ہمیں احساس نہیں ہوتا البتہ میت کو محسوس ہوتا ہے۔

سوال: نبی زندہ اور غیر نبی (نیند والے) میں کیا فرق رہا؟

جواب: نبی علیہ السلام بھوکے سوتے جب بیدار ہوتے تو پیٹ کھانے سے پر پاتے یعنی سیر ہوتے ہیں اور

marfat.com
Marfat.com

غیر نبی خواب میں نیند میں کھاتا پیتا تو ہے لیکن جب جاگتا ہے تو بدستور بھوکا ہوتا ہے۔

سوال: اولیاء اللہ (تعالیٰ) تو خواب میں کھاتے پیتے ہیں لیکن جب اُٹھتے ہیں تو بھوک محسوس نہیں کرتے۔

جواب: چونکہ اولیاء اللہ وارث نبی کریم ﷺ ہوتے ہیں اسی لئے وہ کھانے پینے کا وہ اثر پاتے ہیں تو وہ نبوت کی وارثت کی وجہ سے ہے جس کا انہیں وارث بنایا گیا کیونکہ سچا خواب نبوت کے چھیالیسویں حصے سے ہے بہت سے اولیا اللہ کے واقعات (مشاہدات سے ثابت ہوتا ہے) کہ جو کچھ وہ خواب میں کھاتے پیتے ہیں تو جب اُٹھتے ہیں تو اس طعام و مشروب کی خوشبو اپنے منہ سے پاتے ہیں اور جو کچھ کھاتے ہیں اس سے سیر ہو کر اُٹھتے ہیں یہ نبوت کی وارثت کی دلیل ہے۔

ف: فرمان نبوی کہ اَلَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ میں تمہاری طرح نہیں ہوں یہ باعتبار اغلب الحال کے ہے نہ باعتبار کل کے

نتیجہ: شہدا کا نعمتوں کا برزخ میں حاصل کرنا ایسے ہے جیسے ولی اللہ کا خواب میں نعمتوں کا پانا ہے اسے اچھی طرح سمجھ لو کیونکہ جس جسم سے بحث کی جارہی ہے وہ جسم لطیف ہے اور وہ بھی لائق ہے اسے برزخ میں اس مرتبہ کے مطابق نعمتیں دی جاتی ہیں خواہ انہیں خیالی نعمتوں سے تعبیر کیا جائے یا معنوی سے یا جسمانی سے مراد لطیف ہے کثیف اور دنیا میں جسم کثیف کو وہ نعمتیں چاہیں جو کثیف ہوں نہ غیر۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا بہشت میں شہدا کیساتھ بھی کسی دوسرے کا حشر ہوگا آپ نے فرمایا ہر وہ شخص شہیدوں کے ساتھ اُٹھے گا جو دن و رات یعنی چوبیس گھنٹوں میں موت کو چوبیس بار یاد کرتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ اس شخص کے متعلق گمان بھی نہ کرو جو جہاد میں اللہ تعالیٰ کے جلال کی تلوار سے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید کیا گیا ہے وہ مردہ ہیں اگرچہ ان کے وجود کے اوصاف فانی ہو چکے ہیں۔ لیکن وہ اپنے موجد کے شہود کے ساتھ زندہ ہیں جسے فنا فی اللہ اور بقا باللہ نصیب ہو جاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کبھی تجلیات جلال کے سطوات سے فنا کرتا ہے اور کبھی اسے الطاف و جمال کے نفحات سے زندہ کرتا ہے بے شک وہ لوگ ریاض الجمال کی سیر کرتے ہیں لیکن تم ان کے احوال کو نہیں جانتے اور نہ ہی ان کے مطالعہ سے مطلع ہو سکتے ہو

marfat.ocm
Marfat.com

ف: امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر چہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں ان کے اجسام فنا ہو جاتے ہیں لیکن ان کے ارواح کو بقا ہوتی ہے۔

ف: شیخ جنید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس کی زندگی اپنے نفس تک محدود ہوتی ہے اس کی موت روح کے نکل جانے کو کہتے ہیں اور جو اپنے رب کی ذات کی وجہ سے زندہ ہے تو وہ حیات طبع سے منتقل ہو کر اصلی حیات کی طرف لوٹ جاتا ہے اس کی حقیقی حیات یہی ہے۔ مثنوی شریف میں ہے۔

میکند دندان بدر آں طبیب — تا ربد از درد و بیماری حبیب

لیس زیادہ تہادروں نفصاست — مر شہیداں راحیات اندر فناست

گر یکے سر راہبر واز بدن — صد ہزاراں سر برآرد در زمن

حلق ببریدہ خورد شربت ولا — خلقا زالا رستہ مردہ در بلا

ترجمہ: گندے دانت ڈاکٹر نکال دیتا ہے تا کہ بندے کو درد والم سے نجات نصیب ہو یہ زیادتیاں اس کے اندرونی حصے سے ہوئیں ورنہ ظاہر ہے شہیدوں کی حیات فنا میں ہے اگر کسی کو شہادت دے کر اس کا ایک سر کاٹ لیتا ہے تو فوراً اسے سینکڑوں سر نصیب ہو جاتے ہیں شہید سر کٹوا کر دوستی حق کے شربت پیتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ مخدوف کا جواب ہے یعنی اللہ کی قسم تمہارے ساتھ آزمائش کئے ہوئے لوگوں جیسا معاملہ کریں گے (اس کے بعد دیکھا جائے گا) کیا تم بلا پر صبر کرتے ہو تقدیر کے سامنے سر جھکاتے ہو یا نہ کیونکہ آزمائش جوہر نفس کے لئے کسوٹی ہے اس میں ظاہر کر کے دکھادیں گے کہ تم میں سے مطیع کون ہے اور نافرمان کون اس کا معنی یہ نہیں کہ پہلے ہم نہیں جانتے تھے اور اب جانیں گے بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ تھوڑے سے دشمنوں کے خوف سے۔

سوال: خوف اعداء کو تھوڑا کیوں فرمایا؟

جواب: اعداء کے نقصان سے ان سے حفاظت ہزار درجے بہتر ہے اور تھوڑی سی وَالْجُوْعِ بھوک یعنی قحط وغیرہ۔

سوال: ابھی تو ان پر بھوک واقع نہیں ہوئی تھی پھر قبل از وقت اس کی خبر کیوں دی گئی؟

جواب: تا کہ ان کے نفوس پہلے سے تیار رہیں اور اس پر صبر کرنا آسان ہو کیونکہ اچانک تکلیف بہ نسبت انتظار

marfat.com
Marfat.com

کے بعد زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔

وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ اس کا عطف شئے پر ہے تمہارے تھوڑے سے مال بھی گھٹا کر یعنی چوری اور لوٹ مار اور بادشاہوں کے ظلماء مال چھیننے اور اس کے ہلاک کرنے اور گھاٹے میں ڈالنے سے تمہاری آزمائش کریں گے وَالْاَنْفُسِ اور نفسوں کو گھٹانے سے قتل اور موت اور مرض اور بڑھاپا مراد ہے وَالثَّمَرٰتِ یعنی آمائش ہوگی انگوروں کے ثمرات کے چلے جانے اور درختوں کو گرمی سردی پہنچا کر اور ایسے ہی ہوا اور رنڈی بھیجنے سے اسی طرح دیگر آفات ہیں۔

ف : کبھی نقص ثمرات تعمیرات کے ضیاع سے ہوتا ہے جہاد کی وجہ سے۔

مسئلہ: حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں الْخَوْفِ سے خوف الٰہی اور الْجُوْعِ سے صیام رمضان اور وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ سے زکوٰۃ صدقات اور الانفس سے امراض اور الثمرات سے اولاد مراد ہے۔

جواب : قاعدہ ہے جب توبہ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس وقت یہی معنی مراد ہوتے ہیں مثلاً کہا جاتا ہے تَابَ اللّٰهُ يَتُوْبُ بمعنی قبول التوبة جو کہ مغفرت کے معنی کو متضمن ہے یعنی جس نے توبہ کی اس سے اللہ تعالیٰ نے عذاب کو ہٹا دیا۔

وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ اور میں توبہ قبول اور رحم کرنے والا ہوں یعنی توبہ کرنے اور رحمت بھیجنے میں بہت زیادہ فضل وکرم کرتا ہوں۔

ربط : جب اللہ تعالیٰ نے زندہ ملعونوں کا ذکر فرمایا تو انکے ساتھ ان لوگوں کا ذکر بھی فرما دیا جو مرے ہوئے ملعون ہیں چنانچہ فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا جن لوگوں نے کفر کیا یعنی اپنے کفر پر مصر رہے اور کتمان حق کے پیچھے لگ رہے لیکن توبہ نہ کر سکے وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اور مر گئے اس حال میں کہ وہ کافر تھے یعنی اپنے کفر پر اصرار کرتے رہے اور اپنی اسی حالت کفریہ سے بدل نہ سکے۔

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ان پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے یعنی وہی لوگ لعنت کے مستحق ہیں زندگی میں اور موت کے بعد بھی اور وہ حضرات جو ان پر لعنت کرتے ہیں وہ

marfat.ocm
Marfat.com

اہل ایمان ہیں کیونکہ النَّاسِ درحقیقت اہل ایمان ہی ہیں اس لئے کہ انسانیت سے یہی حضرات نفع اُٹھانے والے ہیں اور کافر تو جانوروں کی طرح بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا کوئی اعتبار نہیں یا النَّاسِ سے عام لوگ مراد ہیں اس لئے کہ قیامت میں کافر بھی ایک دوسرے پر لعنت کریں گے پھر ان پر فرشتے لعنت کریں گے پھر باقی لوگ اسی طرح ظالمین ایک دوسرے پر لعنت کریں گے۔

مسئلہ: جب ظالم پر کوئی لعنت کرتا ہے حالانکہ لعنت کرنے والا خود بھی ظالم ہو تو گویا وہ اپنے آپ پر لعنت کرتا ہے خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وہی اس میں ہمیشہ رہیں گے کیونکہ جب وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہو جائیں گے۔ لَایُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا یہ نیا جملہ ہے ان پر کثرت سے عذاب من جیث الکیف کا بیان ہے جب کہ اس سے پہلے کثرت عذاب من حیث الکم کا بیان تھا۔ یعنی نہ ان سے عذاب اُٹھایا جائے گا اور نہ ہی ہلکا کیا جائے گا وَلَاهُمْ یُنْظَرُوْنَ اور نہ ہی وہ مہلت دیئے جائیں گے ینظرون الانظار سے مشتق ہے یعنی الامھال مہلت دینا والتاجیل معیاد مقرر کرنا یعنی نہ انہیں لوٹنے کی مہلت ہوگی اور نہ توبہ کا موقعہ دیا جائے گا اور نہ ان کی معذرت قبول کی جائے گی۔ یا معنی یہ ہے کہ ان پر ہمیشہ عذاب ہوتا رہے گا۔

ف: جب ہم کہتے ہیں اِنَّا لِلّٰہِ اس میں ہم اقرار کرتے ہیں کہ تمام ملک اسی کا ہے وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ اور ہم اس کی طرف لوٹنے والے ہیں اس میں ہم اقرار کر رہے ہیں۔ کہ ہم نے ایک دن فنا ہونا ہے۔

سوال: رجوع الی اللہ کا تقاضا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے مکانیت وجہت ہو حالانکہ وہ مکانیت وجہت سے پاک ہے۔

جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ بندہ وہاں حاضر ہوگا جہاں سوائے اس مالک کے کسی کا حکم نہیں چلے گا اور وہ دار آخرت ہے کہ اس میں سوائے اللہ کے کسی کا حکم نہیں نہ حقیقۃً نہ ظاہراً بخلاف دار دنیا کے کہ اس میں ظاہری طور بعض کو کچھ نہ کچھ حاصل ہے۔

ف: مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ کہنے میں چند فائدے ہیں۔

۱۔ بندہ اس کلمہ کے پڑھنے سے لغویات سے بچ جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

۲۔ جب دوسرا اس سے پڑھتا ہوا سنے گا تو وہ اس کی تقلید کرے گا تو اس کو بھی ثواب ملے گا اور اس کو بھی۔

۳۔ جب زبان سے یہ کلمہ پڑھے گا تو قلب پر حسن اعتقاد کا اثر یعنی تقدیر ربانی کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کا خیال اترے گا کہ دیتا بھی وہی ہے اور لیتا بھی وہی۔

نکتہ : اس کی وجہ یہ ہے کہ مصیبت پر بندے کا دل گھبرا جاتا ہے اور اس کے لئے ایسے کلمہ کی ضرورت ہے جو اسے قضاوقدر کے سامنے جھکانے کا ادب سکھائے۔

حدیث شریف: میں ہے جب بھی مصیبت کسی بندے کو پہنچتی ہے تو کہتا ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ اللّٰھم اجرنی من مصیبتی واخلف لی خیرا منھا ان کلمات کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے اس مصیبت کا بڑا اجر اور نعم البدل عنایت فرماتا ہے۔

ف : مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ کہنا صرف امت محمدیہ علی صاحبا الصلوۃ السلام کو نصیب ہوا ہے ورنہ اگر کسی کو اس کلمہ کے کہنے کی اجازت ہو تو حضرت یعقوب علیہ السلام کو ہوتی۔ انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی گمشدگی پر کہا تھا۔ یٰٓاَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ

مسئلہ: مصیبت کے وقت صرف زبان سے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ کہنا ہی نہیں بلکہ قلبی طور ماننا ضروری ہے زبان سے یہ کلمات کہے اور دل سے انکی تصدیق کرے مثلاً یہ تصور کرکے کہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی ہے اور جتنا احکامات کا اسے مکلف بنایا ہے ان کو سر تسلیم کرکے فرمانبرداری کرنا اور قضا کو پورے طور پر ماننا یعنی جو کچھ دیتا اور لیتا ہے سب اسی کی تقدیر ہے جس نے ملک وملک اللہ تعالیٰ کا مانا پھر کسی کی کیا مجال ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے چھین سکے اور اس کی تقدیر نہ مانے اور یقین کرے کہ جو کچھ عالم ملک میں ہے وہ سب کا سب اللہ تعالیٰ کا ہے اسے چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرے کہ جو کچھ لے لیا ہے وہ تو کچھ بھی نہیں اور جتنی بندے کے لئے نعمتیں باقی رکھی ہیں وہ اتنی ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہوسکتا۔

ف : مبشر بہ محذوف ہے جس پر اس کا قول اُولٰٓئِکَ کرتا ہے اس سے وہ صابرین مراد ہیں جو اوصاف مذکورہ کے موصوف ہیں۔

عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ ان پر رحمتیں نازل ہوں۔ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ ان کے رب کی طرف سے اور رحمت نازل ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال: صَلَوٰتٌ کو جمع اور رَحْمَةٌ کو واحد کیوں؟

جواب ۱: ان کی کثرت اور تکرار کی طرف اشارہ ہے۔

جواب ۲: رَحْمَةٌ کی تنوین نے جمع کے صیغے لانے سے مستغنیٰ کر دیا ہے۔

جواب ۳: بندے کو جتنا رحمت عنایت ہوتی ہے اس سے دنیا کے نقصانات دفع کئے جاتے ہیں اور صلوت سے آخرت کے جمیع برکات وعنایات مراد ہیں۔

ف: صَلَوٰتٌ وَرَحْمَةٌ کو جمع کرنے میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت غیر منقطع ہے اب معنی یہ ہوا کہ رحمت کے جمیع فنون سب ان کے مالک امور کی طرف اور وہی انہیں کمالات تک پہنچانے والا ہے جو ان کے لائق ہیں۔

سوال: اس سے یعنی صَلَوٰتٌ وَرَحْمَةٌ کو جمع کرنے میں تکرار لازم آتا ہے اور یہ نامناسب ہے۔

جواب: صَلَوٰتٌ سے مراد مدح وثنا اور تعظیم مراد ہے اور رحمت سے لطف واحسان اس طریق سے تکرار لازم نہیں آتا۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ یہی لوگ حق وصواب کے ہدایت پانے کے ساتھ مخصوص ہیں اس کے لئے انہوں نے مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے سامنے سر جھکایا۔

حدیث شریف: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں آسمان سے نیچے گرائے جانے کو پسند کر سکتا ہوں لیکن یہ گوارہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے متعلق کہوں کہ کاش کہ یہ واقع نہ ہوتی۔

روشیعہ: وہ تکالیف جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہنچیں ان پر صبر کرنا ضروری ہے کیونکہ جو اللہ تعالیٰ عادل حکیم کی طرف سے پہنچتا ہے۔ اس میں عدل اور حکمت ہوتی ہے اس عدل وحکمت کا تقاضہ یونہی تھا۔ اس بناء پر بندہ کو اس پر راضی ہونا واجب ہے۔ کیونکہ اسے معلوم ہے کہ سوائے حق کے کوئی فیصلہ نہیں کرتا۔

مسئلہ: اگر ظالموں کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچے تو اس پر صبر کرنا واجب نہیں بلکہ ہر ممکن اس کے لئے مدافعت کرنا ضروری ہے بلکہ لڑنا ممکن ہو تو لڑے اگر ایسی صورت میں مارا گیا تو شہید ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

ف : ابتلاء وآزمائش تصفیہ قلوب کا سبب ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جتنی مجھے ایذاء دی گئی اتنی کسی اور نبی کو نہیں دی گئی۔ یعنی جیسے میرے لئے صفائی قلوب کے اسباب بنائے گئے کسی نبی کے لئے نہیں بنائے گئے۔

ف : عاشق صادق کی نگاہ میں وفاء جفا برابر ہے جیسے حضرت صائب نے فرمایا۔

صائب شکایت از ستم مار چوں کند ہر جا کہ عشوہ ہست وفاء و جفا یکست

(صائب اپنے دوست کے ستم کی کیوں شکایت کرے اس لئے کہ محبوبوں کے ہاں اشارے ہوتے ہیں وہاں وفاد جفا برابر سمجھا جاتا ہے)

حدیث شریف: حضرت حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے جد رسول خدا ﷺ سے سنا آپ فرمایا کرتے اے میرے بیٹے قناعت کو لازم پکڑو۔ لوگوں سے مستغنی ہو جاؤ گے اور فرض کی ادائیگی میں کمی نہ کرو۔ تمام لوگوں سے زیادہ عابد رہو گے۔ اے میرے بیٹے بہشت میں ایک درخت ہے اسے شجرۃ البلوی کہا جاتا ہے اور قیامت میں جب اہل آزمائش کو بلایا جائے گا۔ تو نہ تو ان کے لئے حساب کا دفتر کھولا جائے گا اور نہ ہی ان کے لئے ترازو رکھا جائے گا ان پر موسلا دھار بارش کی طرح اجر وثواب برسایا جائے گا اس کے بعد یہ آیت پڑھتے۔ صبر کرنے والوں کو بے حساب اجر وثواب عنایت ہوگا۔

ف : صبر کے متعلق اور مضامین نہ ہوتے تو صرف ایک سلیمان علیہ السلام کے پرندہ کی حکایت کافی تھی۔

حکایت: حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں ایک پرندہ تھا جو بہت خوش آواز تھا اور اس کی صورت بھی بڑی اچھی تھی۔ ایک شخص نے اسے ہزار درہم میں خریدا اس کے پنجرے کے قریب آ کر اس کا ہم جنس ایک آواز دے کر اڑ گیا اس کے بعد وہ پرندہ بولنے سے خاموش ہو گیا۔ اس مرد نے اس پرندہ کی شکایت حضرت سلیمان سے کی۔ آپ نے فرمایا پرندے کو میرے پاس لاؤ جب وہ حاضر کیا گیا تو آپ نے پرندے سے فرمایا کہ تیرے مالک کا تیرے اوپر حق ہے جب کہ اس نے تجھے بھاری قیمت دے کر خریدا ہے لیکن تو آج کل خاموش ہے پرندے نے عرض کی اے اللہ کے نبی علیہ السلام میرے مالک سے فرمائیں کہ اب وہ مجھے قید سے رہا کر دے میں جب تک پنجرے میں ہوں ہرگز نہیں بولوں گا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا اس کی کیا وجہ ہے۔ پرندے نے عرض کی میرا چیخنا چلانا اپنے وطن اور اولاد کے فراق کی وجہ سے تھا لیکن میرے ساتھی پرندے نے مجھے سمجھایا کہ تجھے قید صرف تیری خوش آوازی کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ جب تک تو اپنی آواز کو دبائے گا نہیں تیری

marfat.com
Marfat.com

نجات ناممکن ہے حضرت سلیمان علیہ السلام نے پرندے کے مالک کو فرمایا سنا تو نے وہ کیا کہتا ہے اس شخص نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے نبی علیہ السلام واقعی میں نے اسے اس کی آواز کے لئے محبوس کیا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے پرندے کے مالک کو ہزار درہم دے کر اس کو چھوڑ دیا وہ پرندہ اُڑتا ہوا خوش آواز سے پڑھتا جا رہا تھا۔ سبحان اللہ من صورنی فی الھوا طیر نی فی القفس صبرنی پاک وہ ذات جس نے مجھے حسین بنایا اور ہوا میں اُڑنے کی طاقت بخشی اور پنجرے میں مجھے صبر کی توفیق بخشی۔ اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا جب تک پرندہ جزع فزع کرتا رہا محبوس رہا اور جب اس نے صبر کیا اسے نجات ملی۔

تفسیر صوفیانہ دراصل اس میں اشارہ ہے اوصاف نفس کے فنا کی طرف بندہ جب تک اضطراری موت اختیار نہ کرے وہ حیات حقیقیہ کی طرف نہیں پہنچ سکتا۔ حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی شریف میں فرمایا ہے۔

دانہ باشی مرغانت پر چنید　　غنچہ باشی کودکانت بر کنند

ترجمہ : دانہ ہوگا تو تجھے پرندے کھا جائیں گے غنچہ بنے گا تو تجھے لڑکے کاٹیں گے۔

ہر کہ داد حسن خود را م زمراد　　صد قضائے بد سوائے اور رونہاد

تن قفس شکاست وتن شد خار جاں　　در فریب داخلان وخار جاں

ترجمہ : جو اپنے حسن کو بکاؤ کا مال بناتا ہے تو اس کی طرف ہزاروں مصیبتیں آتی ہیں جسم دیکھنے والوں کا پنجرہ ہے۔ اسی لئے یہ ہر ایک کے فریب میں پھنس جاتا ہے۔

حضرت الشیخ الشہیر بافتادہ آفندی قدس سرہ نے فرمایا انانیت کی نفی نہایت ضروری اور وجود عارضی کو بحر الوجود الحقیقی ہیں فنا کرنا واجب ہے تا کہ مقصود حاصل ہو یعنی روحانی تکمیل ہو۔ حضرت صائب نے فرمایا۔

ترک ہستی کن کہ آسودہ است از تاراج سیل

ہر کہ پیش از سیل رخت خود را بروں از خانہ برد

ترجمہ : ہستی کا وہم بھی ختم کر ڈالو اسی لئے سب سے آسودہ تر وہی ہے جو سیلاب کے پہنچنے سے پہلے ہی اپنا سامان محفوظ جگہ پر لے جائے۔

marfat.com
Marfat.com

ف : حضرت الشیخ افتادہ آفندی قدس سرہ نے فرمایا کہ مراتب سے عبور کرنا چاہیے اور عبور کا محل ایک مرتبہ ہے جسے وادی الحیرۃ کہا جاتا ہے اس میں سالک اپنے مطلوب کو جانتا تو ہے لیکن پہنچ نہیں سکتا پھر اسی وادی حیرۃ وحرارت سے چکر لگاتا ہے اس حرارت سے وہ اپنی انانیت کو جلا دیتا ہے۔

ف: اسے وادی حیرت اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہاں پر سالک حیران سا ہو جاتا ہے پھر نہ تو وہ آگے جا سکتا ہے اور نہ پیچھے آسکتا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ اللھم زدنی حیرہ اے اللہ میری حیرت میں اضافہ فرما۔ اسی حیرت کی طرف اشارہ ہے بہت سے سالکوں کو یہ مرتبہ نصیب ہی نہیں ہوتا جب تک مرشد کامل رہبری نہ کرے اس کا عبور بالکل ناممکن ہے اے اللہ ہمیں اسماء وصفات کی تجلیات کے لئے تیار فرما اور اپنی ذات کے مشاہدات کے پیالے عطا فرما۔ آمین۔

تفسیر عالمانہ

اِنَّ الصَّفَا مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام ہے۔

سوال : اس پہاڑی کو صفا کیوں کہتے ہیں۔

جواب : چونکہ اس پر سیدنا آدم صفی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بیٹھے تھے۔ ان کے لقب شریف صفی اللہ کی وجہ سے اس کا نام الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ ہے یہ ایک پہاڑی کا نام ہے جو کہ مکہ معظمہ میں ہے۔

سوال : مروہ کو مروہ کیوں کہتے ہیں؟

جواب : اس پر بی بی حوا علیہا الصلوٰۃ والسلام بیٹھی تھیں۔ امرأۃ آدم کی نسبت سے اس کا نام مروہ پڑ گیا۔

مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ کے شعائر سے ہیں شعائر شعیرہ کی جمع ہے۔ بمعنی علامت یعنی صفا مروہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی علامات سے ایک علامت ہے کیونکہ یہ ہر دونوں حجاج کے ٹھہرنے اور دوڑنے اور قربانی کرنے کے مقامات ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے اطاعت کا نشان بنا دیا تا کہ ہم انہیں دیکھ کر مخصوص عبادت کریں۔

ف : مروی ہے کہ صفا پر ایک بت تھا مرد کی صورت میں جسے اساف کہا جاتا۔ اسی طرح مروہ پر بھی ایک بت تھا عورت کی صورت میں اسے نائلہ کہا جاتا اسلام کے تشریف لاتے ہی انہیں ہٹا دیا گیا۔

شان نزول : بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ دونوں ایک مرد اور عورت تھی انہوں نے کعبہ میں زنا کیا اللہ تعالیٰ نے ان کی صورتیں مسخ کر کے پتھر کر دیا پھر یہاں رکھ دیئے گئے تا کہ لوگوں کو عبرت حاصل ہو جب بہت بڑا

marfat.ocm
Marfat.com

عرصہ گزرا تو ان کی پرستش ہونے لگی جاہلیت کے لوگ کعبۃ اللہ کا طواف کرتے تو انہیں تعظیم کے طور پر ہاتھ لگاتے جب دور اسلام شروع ہوا تو تمام بت توڑ دیئے گئے ان میں یہ صفاء مروہ والے بت بھی تھے۔ مسلمانوں کو صفاء مروہ کی سعی کا حکم ہوا تو ان کو یہاں صفاء مروہ پر جانے سے نفرت ہوتی صرف انہی بتوں کی وجہ سے۔ کیونکہ صحابہ کرام ہر فعل جاہلیت سے کراہت کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ ان کے مابین طواف کرنا چاہیے اور فرمایا یہ تو شعائر اللہ ہے۔

نکتہ : صفاء مروہ کے مابین دوڑنے کا حکم صرف اس لئے مشروع ہوا تا کہ بی بی ہاجرہ کی یاد تازہ ہو چنانچہ ان کی حکایت مشہور ہے جب انہیں اور ان کے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو پیاس نے تنگ کیا تو بی بی صاحبہ یہاں پر دوڑتیں اور پہاڑ پر چڑھ کر دعا مانگتیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی بدولت چشمہ زمزم کھولا اور انکی دُعا قبول فرمائی اور قیامت تک بندوں پر ان کے مابین دوڑنا اور پہاڑوں پر چڑھنا اور وہاں دُعا مانگنا عبادت بنا دیا۔

حدیث شریف: یہ ہے صفا مروہ بہشت میں دو دروازوں کا نام ہے دو مقام ایسے ہیں جن کے درمیان دُعا مستجاب ہو جاتی ہے۔ یہ ان دونوں کے درمیان ستر ہزار نبیوں کے مزارات ہیں اور ان کے درمیان دوڑنے سے ستر غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ اور وہ جو حج یا عمرہ کرے۔

ف: الحج لغت میں قصد کو کہتے ہیں جو عمرہ معنی زیارت اور ان دونوں میں قصد و زیارت ہوتی ہے اسی لئے اس نام سے موسوم ہوئے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ پس اس پر کوئی گناہ نہیں۔

ف : جُنَاحَ کا اصل جنح بمعنی مال عن العقد والخیر الی الشر ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کوئی اپنے ارادہ سے بدل جائے اور خیر سے شر کی طرف جھک جائے اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا یہ کہ ان دونوں کا طواف کرے۔

ف : طواف کے ہر چکر سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور یہ اس لئے فرمایا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خیال گزرا کہ ان کے چکر لگانا گناہ نہ ہو جب کہ ہم جاہلیت میں بھی طواف کے ایسے چکر لگاتے تھے۔

سوال: اس سے ثابت ہوا کہ یہ طواف واجب نہیں حالانکہ حنفیہ کے نزدیک یہ طواف واجب ہے۔

جواب : ایسی عبادت وجوب کے لئے بھی مستعمل ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف : اَنْ یَّطَّوَّفَ (بقانون علم صرف ان طوف ہوا)

سوال :تفعل کے باب میں کون سی حکمت ہے جب کہ مجرد کے باب سے بھی یہ مقصد حاصل ہوسکتا تھا۔

جواب: چونکہ تفعل کے باب میں تکلف ہوتا ہے اس لئے اس میں یہ حکمت ہے کہ طواف کرنے والے کو چاہئے کہ اس عمل میں جدوجہد کرے اور اپنی کوشش کو اس میں صرف کرے۔

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا جو اپنے طور پر نیکی کرتا ہے تَطَوَّعَ اصل میں اپنے طور پر فعل کو کہتے ہیں نہ کہ کسی کے مجبور کرنے سے گویا کہا گیا کہ جس نے کوئی عمل کیا یا طاعت گزار ہو کر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا۔ تَطَوَّعَ فَعِلَ کو متضمن ہے یا متعدی بنفسہ ہے یا تبرع کے معنی میں ہے جیسے کہا جاتا ہے طاع یطوع ای یتبرع اب معنی یہ ہوا کہ جو شخص اس عمل کو جو اس پر فرض نہیں محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور قرب کی وجہ سے بجالاتا ہے اس معنی پر خیرا کا منصوب بزع الخافض ہوگا اصل عبادت یوں تھی من تطوع تطوعا بخیر ، فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ بے شک بندوں کا شکر قبول کرنے والا ہے یعنی انہیں ان کے عمل کی جزا دینے والا ہے کیونکہ قاعدہ ہے کہ شاکر جب اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال ہوتا ہے تو معنی اللہ تعالیٰ کو ان کے نیک عمل پر جزا دینے والا مستعمل ہے۔

ف: حضرت ابن التمجید اپنے حواشی میں فرماتے ہیں کہ جب شکر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو رضی عن العبد کے معنی میں آتا ہے اور ثواب دینا تو رضا کو لازم ہے۔ اس طرح شکر کی ملزوم ہوئی۔ پس شکر مجازا معنی رضی ہوگا۔ پھر رضا سے معنی ثواب دینا میں مجاز ہوگا۔ اس طرح شکر بمعنی ثواب دینے کے مجاز دوسرے مرتبہ پر ہوگا۔ عَلِيْمٌ عبادت گزار کی عبادت کو جانتا ہے اور اس کی نیت کو بھی۔

مسئلہ: آیت میں نفلی طاعات کی ایسے ترغیب دی گئی ہے جیسے فرائض پر ترغیب دی جاتی ہے۔

سبق: اندازہ کیجئے کہ جو صرف ایک نفلی عبادت کی بھی اللہ تعالیٰ جزا دیتا اور اسے جانتا ہے تو پھر ایک سے زائد نفلی عبادات کا کیا کہنا۔

حکایت: حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک سال میں حج کے لئے گیا مجھے خیال گزرا کہ اب کی بار جبل عرفات سے لوٹ کر آئندہ حج کے لئے حاضر نہیں ہوں گا۔ (مشاہد عرفات کی دھوپ سے آپ کو

marfat.com
Marfat.com

تکلیف پہنچی ہوگی) یہی خیال میرے دل میں تھا کہ میں نے حجاج (حاجیوں) میں دیکھا کہ ان میں ایک بوڑھا جو عصا کے سہارے چل رہا تھا مجھے وہ غور سے تھوڑی دیر دیکھتا رہا میں نے السلام علیکم عرض کیا تو انہوں نے جواباً وعلیکم السلام یا سفیان ارجع عما نویت (اے سفیان اپنے دل کے ارادے کو بدل دیجئے) میں نے کہا سبحان اللہ آپ کو میری نیت کا علم کیسے ہوا۔ انہوں نے فرمایا میرے رب نے مجھے بتایا ہے میں نے اس کے بعد پینتیس حج پڑھے۔ میں پینتیسویں حج کے لئے جبل عرفات میں کھڑے ہو کر حاجیوں کے ٹھٹھ جانے والوں کو دیکھ کر متفکر ہوا کہ یا اللہ میرا اور ان سب حاجیوں کا حج قبول ہوتا ہے یا نہیں اسی تفکر میں میرا سارا دن گزر گیا یہاں تک کہ حجاج جبل عرفات مزدلفہ کی طرف لوٹنے لگے ان میں کوئی بھی باقی نہ رہا رات ہونے لگی میں اسی فکر میں وہاں سو گیا۔ نیند میں دیکھتا ہوں قیامت قائم ہوگئی ہے اور لوگ حساب و کتاب کے لئے میدان حشر میں جمع ہونے لگے اور سب کے اعمال نامے اڑ کر ہاتھوں میں پہنچنے لگے اور عملوں کی ترازو نصب کی گئی اور پل صراط بچھائی گئی بہشت و دوزخ کے دروازے کھلنے لگے میں نے جہنم کی آواز سنی وہ کہہ رہی تھی اے اللہ میری گرمی اور سردی سے حاجیوں کو بچا۔ اللہ تعالیٰ سے ندا آئی اے جہنم ان کے غیر کے متعلق اپنے لئے ہی سوال کر کیونکہ حجاج تو تیرے اندر آ ہی نہیں سکتے۔ اس لئے کہ انہوں نے جنگلوں کی پیاس اور گرمی برداشت کی۔ اس وجہ سے قیامت کی گرمی سے حفاظت ہے اور انہیں شفاعت کرنے کا بھی حق دیا گیا ہے۔ کیونکہ انہوں نے میری رضا کو اپنے نفسوں اور اموال پر ترجیح دی۔ حضرت شیخ سفیان ثوری فرماتے ہیں اس کے بعد مجھے جاگ ہوئی اور میں نے شکرانے کا دوگانہ پڑھا اور سو گیا اس کے بعد خواب میں اسی طرح دیکھا اس پر مجھے خیال گزرا نہ معلوم مجھے یہ بات رحمٰن سے دکھائی دیتی ہے یا شیطان سے مجھے آواز دی گئی کہ یہ بات حق سے دکھائی دیتی ہے اس کے بعد حکم ہوا ہاتھ پھیلایئے میں نے ہاتھ پھیلائے تو میرے ہاتھ پر ایک پرچہ لکھا ہوا رکھا تھا اس میں یہ مضمون تھا کہ جو بھی میدان عرفات میں ٹھہرے گا اور بیت اللہ شریف کی زیارت کرے گا اسے اپنے گھر والوں سے ستر آدمیوں کی شفاعت کا حق حاصل ہوگا۔ حضرت شیخ سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے اس پرچے کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور پڑھا حضرت شیخ موصوف فرماتے ہیں اس کے بعد میرا کوئی سال بغیر حج کئے نہیں گزرا یہاں تک کہ اس وقت میں ستر حج پڑھ چکا ہوں۔ (کذافی زھرۃ الریاض)

marfat.com
Marfat.com

الاشباہ و النظائر میں ہے کہ سرائے اس لئے بنوانا کہ اس سے لوگ نفع اٹھائیں گے حج ثانی سے افضل ہے اور نفلی حج صدقہ و نافلہ سے افضل ہے اور حج فرض نفلی حج سے افضل ہے اور نفلی حج صدقہ و نافلہ سے افضل ہے حج فرض والدین کی اطاعت سے افضل ہے بخلاف نفلی حج کے کہ اس سے والدین کی اطاعت افضل ہے دولتمند کا حج تنگدست کے حج سے افضل ہے کیونکہ تنگدست کا حج تو کعبہ میں جا کر فرض ہوگا اور باقی آنا جانا اس کا نفلی ہوگا بخلاف تونگر کے کہ اس کا حج اس پر ابتداءً فرض ہے تو اس کا آنا جانا بھی فرضی عبادات میں شامل ہوگا۔

سبق: عاقل کو چاہیئے کہ وہ بیت اللہ کی طرف جائے اور زیارت کعبہ کی کوشش کرے اگرچہ مالی حالات نامساعد ہوں جب ارادہ کرے گا تو مالی حالات بھی سازگار ہو جائیں گے کیونکہ اصلی بات تو توجہ القلب الی جانب الغیب ہے نہ صرف جسمانی ڈھانچے کی جدوجہد، حضرت مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں۔

میل تو ئے مغیلانست در ریگ　　تو چہ گل چینی ز خار مردہ ریگ

ترجمہ: تیرا خیال صرف درختوں (کیکر وغیرہ) اور ریت میں ہے پتھر اور کس طرح ان خاروں سے پھول حاصل کرسکتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ تاویلات قلبیہ میں ہے کہ صفات سے وجود القلب اور مردہ سے وجود النفس مراد ہیں اس لئے کہ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے دین کے علامات سے ہیں قلب کے مناسک یہ ہیں۔

۱۔ یقین ۲۔ توکل ۳۔ رضا ۴۔ اخلاص

اور نفس کے مناسک یہ ہیں۔

۱۔ صبر ۲۔ شکر ۳۔ ذکر ۴۔ فکر

جس نے بیت اللہ کا حج پڑھا فنا فی کل ذات سے تو وہ وحدۃ ذاتیہ کے مقام تک پہنچ کر حضرت الٰہیہ میں داخل ہوا یا عمرہ کیا یعنی توحید صفات اور انوار تجلیات الجمال والجلال کے ذریعے سے مقام مشاہدہ تک پہنچ کر بارگاہ حق کی زیارت کی پس اس وقت اس پر گناہ نہیں کہ ان دونوں کا طواف کرے یعنی ان دونوں مقامات کی طرف لوٹ کر ان کے درمیان چکر لگائے لیکن ان کے وجود نمونی کو مدنظر رکھ کر بلکہ ان کی حقیقت پر توجہ کر کے کیونکہ ایسا کرنا بہت بڑا ہے وجود سوہوی حقانی جو کہ تمکین کے وقت فنا کے بعد حاصل ہوتا ہے اس لئے گناہ کی نفی

marfat.com
Marfat.com

کی گئی ہے کیونکہ اس وجود میں وسعت ہے بخلاف اول کے کہ اس میں اتنی وسعت نہیں پس جس نے نفلی عبادت خود بخود کی یعنی جو کسی کے ساتھ بھلائی کرتا ہے یا تکمیل و تعلیم وارشاد اور شفقت خلق سے مقام قلب میں اور باب اخلاق وطرف بر وتقوی اور ضعفاء ومساکین کی معاونت اور شفقت مخلوق میں تحصیل الہم میں مقام نفس میں لیکن سلوک کے کمال حاصل کرنے کے بعد جس نے کسی کے ساتھ بھلائی کی اللہ تعالیٰ بندوں کی طاعت قبول کرنے والا اور جاننے والا ہے یعنی ان کے عمل پر ان کو مزید ثواب عطا فرماتا ہے اشیاء میں یہ باب تکوین وابتداء اور فترت میں سے نہیں بلکہ باب تصرف میں سے۔

یا خفی الذات محسوس العطاء　　انت کالریح و نحن کالغبار

انتا کالماء و نحن کالرجباء　　یختفی الریح و غیرہ جھار

ترجمہ: اے وہ ذات جو خود تو پوشیدہ ہے لیکن تیری عطائیں محسوس ہیں تو پانی کی طرح ہے اور ہم پانی کی جھاگ کی طرح ہیں تو ہوا اور ہم غبار کی طرح ہیں اور ہوا پوشیدہ رہتی ہے لیکن اسکی غبار کھلی فضاء میں نظر آتی ہے۔

تفسیر عالمانہ

شان نزول: اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ یہ آیت یہود کے لیڈروں اور ان کے علماء کی مذمت میں نازل ہوئی یا ہر اس آدمی کے لئے جو دین کے احکام میں سے کسی شئے کو چھپاتا ہے یہی مطلب زیادہ قریب ہے کیونکہ لفظ عام اور عموم سبب خاص کو منع نہیں کرتا الکتمان کے اظہار کو قصداً ترک کرنا باوجودیکہ اس کے اظہار کی ضرورت ہو اس کے اظہار کا سبب حاصل بھی ہو حق چھپانے کے کئی طریقے ہیں۔

۱۔ اصلی بات کو پوشیدہ رکھنا۔

۲۔ اصل شئے کو زائل کر کے اس کے قائم مقام کسی دوسرے شے کو بیان کرنا اور یہودیوں کا کتمان حق یہی تھا کہ وہ حضور ﷺ کے اوصاف شریفہ بیان نہیں کرتے تھے۔

مَآ اَنْزَلْنَا جو ہم نے نازل کیا مِنَ الْبَیِّنٰتِ دلائل سے جو نبی اکرم ﷺ کے فضائل مبارکہ اور مسئلہ رجم اور تحویل قبلہ اور حرام وحلال پر وضاحت کے ساتھ دلالت کرنے والے ہیں۔ وَالْهُدٰى اور ہدایت سے یعنی ایسی آیات جو کہ حضور نبی پاک ﷺ کے مناقب شریف اور آپ کی اتباع اور آپ پر ایمان لانے کی طرف رہبری کرنے والی ہیں۔ مِنْۢ اس کا تعلق یَکْتُمُوْنَ سے ہے بَعْدِ مَا بَیَّنّٰهُ بعد اس کے ہم نے اسے واضح اور مخلص کر کے بیان

marfat.com
Marfat.com

فرمایا لِلنَّاسِ تمام لوگوں کو نہ صرف حق کو چھپانے والوں کے لئے فِی الْکِتٰبِ کتاب یعنی توریت میں اور ان کے دلائل وغیرہ کو بیان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ دلائل وغیرہ ایسے واضح ہیں کہ انہیں ہر ایک سمجھ سکتا ہے ان میں کسی قسم کا شبہ نہیں رہتا۔

ف : حضرت ابن الشیخ رحمۃ اللہ علیہ اپنے حواشی میں لکھتے ہیں کہ الْبَیِّنٰتِ سے مراد وہ کتابیں ہیں جو انبیاء کرام علی نبینا علیهم السلام پر نازل ہوئیں ان میں عقلی دلائل کو کسی قسم کا دخل نہیں اور الہدی میں عقلیہ و نقلیہ ہر قسم کے دلائل شامل ہیں الْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ میں دونوں باتوں کا اتحاد لازم نہیں آتا ممکن ہے یہ عطف محض تغایر اللفظین کی بناء پر ہو کیونکہ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ جیسے جملۃ التنزیل سے ہوتا ہے ایسے ہی فائدہ ملخصہ کے طور پر بھی آتا ہے تا کہ اس سے استفادہ کیا جا سکے۔

اُولٰٓئِكَ یعنی جن لوگوں کی یہ صفت ہے يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ ان پر اللہ تعالیٰ لعنت کرتا ہے اور انہیں دھتکارتا ہے یعنی انہیں اپنی رحمت سے دور کرتا ہے بوجہ ان کے حق چھپانے کے يَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ان سب پر لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں یعنی جن سے لعنت کرنا صادر ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ان پر وہ حضرات بددعا کرتے ہیں جیسے ملائکہ کرام اور تمام اہل ایمان انس و جان۔

مسئلہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب کسی پر لعنت کی جائے اگر لعنت کرنے والا اور جس پر لعنت کی گئی ہے ان دونوں میں کوئی لعنت کا مستحق نہیں تو پھر وہی لعنت ان یہودیوں پر لوٹتی ہے جو حضور اکرم ﷺ کے اوصاف مبارکہ کو چھپاتے تھے۔

مسئلہ : لعنت کرنے والوں سے جانور اور موذی مراد ہیں جو کہ نافرمان لوگوں پر لعنت کرتے ہوئے یوں عرض کرتے ہیں۔ اے اللہ تعالیٰ بنی آدم کے ان نافرمانوں پر لعنت بھیج جن کی نحوست سے ہمیں بارش سے محروم رکھا گیا ہے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مگر وہ لوگ جنہوں نے حق چھپانے سے توبہ کر لی۔

ف : یہ استثناء متصل ہے اور مستثنیٰ يَلْعَنُهُمُ کی ضمیر ہے وَاَصْلَحُوْا اور انہوں نے اصلاح کی۔ یعنی جن باتوں میں فساد ڈالا تھا اب ان کی اصلاح کر لی کیونکہ توبہ کے بعد یہ ہوتا ہے کہ جن باتوں میں فساد ڈالا ان کی اصلاح

Marfat.com

کر لی جائے مثلاً دین میں ایسا شبہ پیدا کیا کہ جس سے فساد عقیدہ کا خطرہ ہے اب اس پر ضروری ہے کہ اس شبہ کو دور کرے اسی طرح حق کو چھپانے والے پر ضروری ہے کہ توبہ کے بعد حق کو واضح طور پر بیان کرے یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول وَبَيَّنُوْا سے یعنی ظاہر کر دیا وہ امر جو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی کتابوں میں بیان فرمایا تا کہ ان کی توبہ مکمل ہو جائے۔

مسئلہ :اس سے ثابت ہوا کہ یہ توبہ قبول نہیں ہوتی جب تک وہ عمل بجا نہ لائے جو کرنے کے لائق اور جس کا ترک کرنا ضروری ہے۔

فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ یہی وہ لوگ ہیں جن کی میں توبہ قبول کرتا ہوں اور ان پر رحمت کرتا اور ان کے گناہ معاف کرتا ہوں۔

سوال: توبہ کے معنی میں تم نے قبول اور رحمت و مغفرت کہاں سے نکال لئے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ جب کسی کا بچہ فوت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کیا تم میرے بندے کے بچے کو فوت کر آئے ہو۔ عرض کرتے ہیں ہاں پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا تم میرے بندے کے دل کا ثمر توڑ آئے ہو عرض کرتے ہیں ہاں پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا بندہ کیا کہتا ہے عرض کرتے ہیں وہ تیری حمد کر کے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھتا تھا پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے کے لئے بہشت میں محل تیار کرو اور اس کا نام رکھو بیت الحمد۔

تفسیر صوفیانہ

اہل معرفت فرماتے ہیں کہ مطالبات غیب یا حال سے یا نفس سے یا اقارب سے یا قبل سے یا روح سے ہیں جو حال کو قبول کر لیتا ہے تو اسے نجات کے درجات نصیب ہوتے ہیں جو نفس مال سے قبول کرتا ہے تو اسے درجات ملتے ہیں اور اقارب کی موت پر صبر کرتا ہے تو اس کو نعم البدل کے علاوہ قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے اور جس نے روح کو قربان کرنے سے دریغ نہ کیا اسے دائمی وصال نصیب ہوتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَبَشِّرِ رسول پاک ﷺ کے علاوہ انہیں خطاب ہے جن کو خوشخبری دینے کی صلاحیت ہو گی۔ اس میں صبر کی عظمت و جلال کا پتہ چلتا ہے کیونکہ صبر ایک عظیم الثواب عمل ہے اور

marfat.com
Marfat.com

یہ انبیاء واولیاء کے بہترین خصائل میں سے ایک خصلت ہے پھر اس کا عامل مستحق ہے کہ اسے ہر ایک خوشخبری سنائی جائے۔

الصّٰبِرِيْنَ مصائب پر صبر کرنے والوں کو الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ وہ لوگ جنہیں مصیبت پہنچتی ہے **الاصابة** خطاء کی نقیض کو کہتے ہیں ہر وہ شئے جو مؤمن کو ایذا دے مصیبت ہے۔

ف : مصیبت دراصل الوصول کو کہتے ہیں مثلاً کہتے ہیں مصیبت ہر اس تکلیف کو کہتے ہیں جو انسان کو پہنچے حضور علیہ السلام نے فرمایا **کل لشئی یوذی المومن فھو له مصیبته** ہر وہ شے جو انسان کو ایذا دے وہ اس کے لئے مصیبت ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی کو تیر پہنچے قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ کہتے ہیں بے شک ہم اللہ کے بندے ہیں۔

مسئلہ : بندہ خود جو اس کے ہاتھ میں ہو وہ سب اس کے مولیٰ کا ہے مولیٰ کی مرضی چاہے وہ بندے کے ہاتھ میں باقی رکھے چاہے اس سے لے لے پھر ہم اس کی اپنی شئے کو واپس لینے پر کیوں روئیں بلکہ ہمیں صبر کرنا چاہیے اگر ہم زندہ رہے تو وہی سب کچھ دے گا اگر مر گئے تو ہم اس کی طرف جانے والے ہیں کیونکہ ہم نے اس کی طرف لوٹنا ہے اور اس کے پاس ہمارا ثواب ہے اسی لئے ہم اس کے ہر حکم پر راضی ہیں جو کچھ ہمیں وہ عطا فرمائے وہ اس کا فضل ہے اور کریم ہے عطا یا واپس لینے میں اسے ضرورت بھی نہیں اگر اس نے واپس لیا ہے تو بہ بھی ہمارے لے ذخیرہ بنائے گا۔ عذاب ہوگا ان کی ہر دوسری حالت پہلی حالت سے بہت زیادہ ہوگی انہیں عذاب سے نہ مہلت دی جائے گی اور نہ ہی کسی ایک لمحہ کے لئے فرصت ہوگی کہ استراحت کر سکیں۔ یا تنظرون نظر سے مشتق ہے۔ بمعنی انتظار یعنی انہیں کسی قسم کا انتظار نہ ہوگا کہ وہ عذر کر سکیں۔ یا نظر بمعنی رویہ ہے اب معنی یہ ہوا کہ ان پر نظر رحمت نہیں ہوگی۔

سوال : انہیں نار جہنم میں ہمیشہ کیوں رکھا جائے گا؟

جواب : کیونکہ اپنے کفر پر انکی نیت دائمی تھی اور وہ عزم بالجزم رکھتے تھے کہ وہ اپنی بت پرستی پر منہمک رہیں گے جب تک وہ زندہ رہیں گے بت پرستی کو نہیں چھوڑیں گے بدیں وجہ ان کے لئے دائمی عذاب مقرر کیا گیا۔

ف: جہنم کے طبقات اور ان پر عذاب مختلف طور سے ہوں گے جتنا کفریات میں انہماک زیادہ اتنا عذاب زیادہ کیونکہ کفار کی نیات مختلف تھیں جیسے اعمال کے تفاوت سے بہشت کے درجات مختلف ہوں گے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: تادیب یعنی ادب سکھلانا حکمت ربانی کے لئے ضروری ہے جب کہ کفار نے ذات باری تعالیٰ کے حق میں بڑے عقیدے گھڑے تو انہیں بہشت کی نعمتوں سے محروم اور جہنم میں دائمی طور پر رکھ کر ادب سکھا گیا کسی نے کیا خوب فرمایا۔

سفیاہ نرا بوتادیب نافع　　جنونا نرا چوشربت گشت واقع

(بیوقوفوں کو سزا فائدہ پہنچاتی ہے جیسے پاگلوں کو دوائی)

سوال: یہود کے اس فعل کو کتمان حق وغیرہ اور حب ریاست سے کیوں تعبیر کیا گیا ہے؟

جواب: اس لئے کہ انہیں خطرہ تھا کہ وہ اپنے عوام سے وظائف لیتے تھے وہ بند نہ ہو جائیں حالانکہ انہیں معلوم نہیں تھا کہ ان کا یہ فعل جہنم سے نہیں بچائے گا۔

حکایت: حدیث شریف میں ہے کہ زمانہ سابق میں ایک مومن اور کافر شکار کو گئے کافر تو اپنے بتوں کا نام لے کر مچھلی پکڑ لیتا اور مسلمان اللہ کا نام لیتا لیکن مچھلی ہاتھ نہ لگتی۔ آخر اسی طرح ہوتا رہا شام کے وقت مسلمان کو صرف ایک مچھلی میسر ہوئی وہ بھی چھلانگ لگا کر پانی میں چلی گئی مومن خالی ہاتھ واپس لوٹا اور کافر توبورے بھر کر لایا۔ اس پر مسلمان کے ساتھ رہنے والے کراما کاتبین فرشتوں کو افسوس ہوا اور حیران ہوئے بارگاہ حق میں پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں فرمایا اس مومن کی رہائش گاہ کو ملاحظہ کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب مومن کی بہشت میں اتنی بڑی شان ہے تو دنیا میں اسے کچھ ہاتھ نہ آنا اس کا نقصان نہیں۔ اسی طرح کافر کا مسکن جہنم میں دکھایا اور فرمایا کہ اسے مچھلیوں وغیرہ کا ڈھیر جمع کر لینا کوئی فائدہ نہ دے گا۔ جب کہ اس کا ٹھکانہ جہنم میں ہے۔

(کذافی شرح الخطب)

نرگس اندر خواب غفلت یافت بلبل صد وصال　　خفتہ نابینا بود دولت بہ بیداراں رسد

ترجمہ: نرگس خواب غفلت میں سوتی رہی لیکن بلبل نے بیداری سے مزے لوٹے سونے والا اندھے کی طرح ہے بیدار رہنے والے ہی دولت پالیتے ہیں۔

سبق: (گناہ کے مرتکب کو اگر معلوم بلکہ یقین ہو جائے کہ گناہ کی سزا ایسے ایسے ہے تو وہ کبھی گناہ کے قریب بھی نہ پھٹکے جیسے کسی کو صرف گمان ہو کہ اس سوراخ میں سانپ ہے تو وہ کبھی اس سوراخ میں ہاتھ نہ ڈالے گا)

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: یہود کے علماء نے جب اپنے علم سے عملی نفع نہ اٹھایا تو خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا اللہ تعالیٰ انہیں رسوا کرے اور ان پر لعنت بھیجے۔

مسئلہ: خانہ میں مذکور ہے کہ کوئی قوم اپنی غلطیوں کی وجہ سے نہیں ماری جاتی بلکہ وہ اپنے لیڈروں کی غلطیوں سے تباہ و برباد ہو جاتی ہے۔

تفسیر صوفیانہ

صرف شیخ الشہیر بافتادہ آفندی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا بعینہ یہی حال پیری مریدی کے متعلق ہے کہ مریدوں کی تباہی و بربادی کا دارومدار پیر و مرشد پر ہے کہ جب تک پیر و مرشد راہ ہدایت پر ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کے مرید کو بھی گمراہی سے بچاتا رہتا ہے اس لئے کہ کسی قوم کا مصائب میں مبتلا ہو جانا اس کے لیڈر کی نحوست کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ف: مروی ہے کہ شجرہ ممنوعہ پہلے پہلے بی بی حوا نے کھایا لیکن اس وقت اس پر کسی قسم کا عتاب نازل نہ ہوا لیکن جب حضرت آدم علیہ السلام نے کھایا تو پھر زجر و توبیخ ہوئی۔

سبق: افسوس ہے ارباب حکومت پر کہ وہ اپنے آپ کو تباہی میں ڈال رہے ہیں۔ کہ ان کا ظلم عوام پر بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ دیکھ لینا وہ عنقریب یقیناً جہنم میں جائیں گے اور انہیں مفارقت و جدائی کے عذاب میں مبتلا کیا جائے گا اللہ تعالیٰ کے دیدار اور اس کی رحمت سے انہیں محروم رکھا جائے گا۔ **اللھم احفظنا** (اے اللہ ہمیں بچا)

تفسیر عالمانہ

وَاِلٰهُكُمْ یہ خطاب عوام کو ہے یعنی تمہاری عبادت کا مستحق **اِلٰهٌ وَّاحِدٌ** ایک ہی ہے وہ اپنی الٰہیۃ میں واحد لاشریک ہے کسی دوسرے کو الٰہ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ وہی معبود ہے اور پس یہ مبتدا کی خبر ہے اور **اِلٰهٌ وَّاحِدٌ** کی صفت ہے کیونکہ فائدہ اسی پر مرتب ہوتا ہے کیونکہ اسے اس صفت کے بغیر ہیت لاتا جاتا تو **لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ** کے لانے میں کوئی فائدہ حاصل نہ ہوتا یعنی اس کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں کہ جملہ وحدانیت کی تقریر ہے اور اس کے وہم کو زائل کرنے کے لئے ہے کہ کوئی یہ سمجھے کہ عالم میں اور بھی معبود ہے لیکن وہ عبادت کا مستحق نہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس کی ذات کو پورے طور سمجھ لو اور ہمیشہ صرف اسی کی عبادت کرو اس کے غیر سے کسی قسم کی اُمید نہ رکھو اور نہ اس کے سوا کسی سے ڈرو پس اس کی عبادت کرو اور مستثنیٰ اسم سے بدل ہے لیکن **لا علی المحل** کیونکہ اس کا محل تو رفع ہے **علی الا بتداء** اور اس کی

marfat.com
Marfat.com

خبر محذوف ہے یعنی دراصل عبادت "لااله الا کائن لنا موجود فی الوجود الا الله "تھی۔

قاعدہ: اسم دو قسم کے ہیں۔ ۱۔ اسم ظاہر ۲۔ اسم ضمیر

اور کلمہ ھو اسم ضمیر ہے اس سے ثابت ہوا کہ کلمہ کا ضمیر ہونا اس کی اسمیت کے منافی نہیں۔

تفسیر صوفیانہ

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے تفسیر کبیر میں ثابت فرمایا کہ ھو کی ضمیر (ہر رنگ میں راضی) کی حیثیت رکھتی ہے اور محققین فرماتے ہیں کہ ھو اسم بحث ہے کیونکہ ہر وہ ذات احدیث پر دلالت کرتی ہے وہ ان کے نزدیک اسم محض ہے وہ اسم ظاہر ہو یا ضمیر اسی لئے اسے عالم الھو یہ کہتے ہیں الف ولام کو ملا کر اس قاعدہ کو یاد کر لے تجھے بہت نفع دے گا۔

مثنوی شریف میں ہے۔

از ھو ہا کے ہوی بے جام ہو — اے زھو قانع شد با نام ہو

ہیچ نامے بے حقیقت دیدہ — باز کاف ولام گل کل چیدہ

اسم خواندی روستمی را بجو — نہ ببالا دان نہ اندر آب جو

ترجمہ: ھو ہا ہے ہو کے جام کے بغیر صرف لفظ ہو سے ہونے والے اس کی حقیقت کی تلاش کر و اس لئے کہ کوئی نام حقیقت کے بغیر نہیں ہوتا تو صرف لفظوں پہ خوش رہے حقیقت کو نہیں پہنچے ہو۔ اے بھائی جہاں کسی نام کو دیکھا ہے تو اس کے مسمی کو ڈھونڈ وہ نہ اوپر نہ نیچے بلکہ ہر جگہ

گر ز نام حرف خواہی بگذری — پاک کن خود را ز خود ہیں یکسری

ہم چو آہن ز اہنی بے رنگ شو — در ریاضت آئینہ بے زنگ شو

خویش را صافی کن از اوصاف خود — تا بینی ذات پاک صاف خود

بینی اندر دل علوم انبیاء — بے کتاب و بے معبد و اوستا

علم کان جلوہ ز ہو بے واسطہ — آن نیا بجو رنگ ما شطہ

ترجمہ: اگر صرف نام پر اکتفا کرتے ہو تو بے کار رہو گے تمہیں اپنے آپ سے فارغ ہو کر اس کام کو ہاتھ لگاؤ لوہے کی طرح بے رنگ کر ایسے حرج کش بن جاؤ جیسے شیشہ کو تکلیف ہوتی ہے خودی کے اوصاف اپنے سے دور

marfat.com
Marfat.com

کردیا اس کے بعد تجھے ذات حق صاف نظر آئے گی اس کے بعد تیرے دل میں انبیاء علیہم السلام کے علوم آجائیں گے اور ان کے حصول کے لئے نہ استاد کی ضرورت نہ کتاب کی جو علم ہو کے واسطہ کے بغیر حاصل ہو وہ سنگار نے والے کے رنگ کی طرح دائمی نہیں ہوتا۔

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ رحم کرنے والا مہربان یعنی وہ تمام نعمتوں کا مالک ہے خواہ وہ نعمتیں اصولی ہوں یا فرعی اس صفت کا صرف وہی مستحق ہے کیونکہ اس کا ماسوا یا نعمت ہے یا منعم علیہ اس سے ثابت ہوا کہ اس کے سوا کوئی دوسرا عبادت کا مستحق نہیں ہے جب کوئی عبادت کا استحقاق نہیں رکھتا تو وہ معبود نہیں ہوسکتا الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اس کی روحانیت کی حجتہ ہے۔

نسخہ روحانی: اسماء بنت یزیدؓ فرماتی ہیں کہ میں حضور سرور عالم ﷺ سے فرماتے سنا کہ یہ دو کلمے اسم اعظم ہیں۔ ۱۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۲۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

marfat.ocm
Marfat.com

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات ودن کا بدلتے آنا اور کشتی کہ دریا میں لوگوں کے فائدے

الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ

لے کر چلتی ہے اور وہ جو اللہ نے آسمان سے پانی اتار کر مردہ زمین کو اس سے جلا دیا اور

بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ

زمین میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیے اور ہواؤں کی گردش اور وہ بادل کہ آسمان وزمین کے بیچ

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

میں حکم کا باندھا ہے ان سب میں عقل مندوں کے لئے ضرور نشانیاں ہیں اور کچھ لوگ اللہ کے سوا اور معبود بنا لیتے ہیں

اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا

کہ انہیں اللہ کی طرح محبوب رکھتے ہیں اور ایمان والوں کو اللہ کے برابر کسی کی محبت نہیں اور کیسے ہوا گر دیکھیں ظالم وہ

اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ ۝ اِذْ

وقت جب کہ عذاب ان کی آنکھوں کے سامنے آئے گا اس لئے کہ سارا زور خدا کو ہے اور اس لئے کہ اللہ کا عذاب بہت سخت ہے جب

تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

بیزار ہوں گے پیشوا اپنے پیروؤں سے اور دیکھیں گے عذاب اور کٹ جائیں گی ان سب کی ڈوریں

الْاَسْبَابُ ۝ وَقَالَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا

اور کہیں گے پیرو کاش ہمیں لوٹ کر جانا ہوتا (دنیا میں) تو ہم ان سے توڑ دیتے جیسے انہوں نے

مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ یُرِیْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَیْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنَ النَّارِ ۠

ہم سے توڑ دی یونہی اللہ انہیں دکھائے گا ان کے کام ان پر حسرتیں ہو کر اور وہ دوزخ سے نکلنے والے نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

شان نزول اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کعبہ کے ارد گرد تین سو ساٹھ بت تھے جب کفار نے یہ آیت یعنی اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سنی تو متعجب ہوئے ہو کر کہنے لگے کہ یک معبود سب کو کیسے اکتفا کر سکتا ہے اگر محمد ﷺ اپنے دعویٰ توحید کے لئے کوئی ایسی دلیل دیں جس سے ہم سمجھیں کہ وہ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی یعنی بے شک آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے میں یعنی انہیں نئی طرف میں بنانے میں جو کہ یہ دونوں اپنی اپنی شان میں ہیں اور ان کے اندر جو عجائبات اور عبرتیں اور عجیب وغریب صنعتیں تیار فرمائی ہیں جن کے ادراک سے عقول عاجز ہیں۔

سوال: السَّمٰوٰتِ کو جمع اور وَالْاَرْضِ کو واحد کیوں لایا گیا؟

جواب: آسمان مختلف الاجناس ہیں بخلاف زمین کے کہ وہ ایک جنس ہے۔

ف: ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک پانچ سو سال کی مسافت ہے۔

جواب ۲: ایک آسمان کا فلک دوسرے کے خلاف ہے بخلاف زمین کے کہ اس میں یہ باتیں نہیں کیونکہ سب مٹی کی ہیں۔

ف: ابن التمجید اپنے حواشی میں لکھتے ہیں کہ ہر آسمان کا محدب دوسرے آسمان کی مقعر مافوق کو مس کرتا ہے بخلاف ثانوین آسمان عرش الٰہی کے کہ اس کا محدب کسی فلک کی مقعر نافوق کو مس نہیں کرتا کیونکہ اس کے بعد ہمارے نزدیک غیر متناہی خلاء و بعد ہے حکماء فرماتے ہیں نہ اس میں خلاء ہے اور نہ ملا۔

عقیدہ: اس کے متعلق ہونا چاہیے العلم عند اللہ یعنی ان کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اور شب و روز کے مختلف ہونے میں یعنی ان کے ایک دوسرے کے آگے پیچھے آنے جانے میں بایں طور کہ ان میں ایک جاتا تو دوسرا آتا ہے مثلاً ایک آئے گا اور دوسرا اس کے چلے جانے کے بعد آئے گا ان کے اختلاف سے ظلمت و نور کی زیادتی و نقصان مراد ہے۔

وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ اور کشتیوں کے دریاؤں کے اندر جاری ہونے میں یہاں تک کہ کشتیاں دریا کی تہ میں نہیں چلتیں باوجود یہ کہ کشتیاں ثقیل و کثیف ہیں اور پانی لطیف و خفیف ہے پھر ان کا آنا جانا ایک قسم کی ہوا سے ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف : آیت میں الفُلْك جمع ہے تجری اس کے لئے صیغہ مونث کا بوجہ جمع تاویل الجماعة ہے۔

بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ ساتھ اس کے کہ لوگوں کو نفع پہنچاتی ہیں اس میں ما موصولہ ہے اور البناء مصاحبت کی ہے اور جملہ محلاً منصوب تجری کے فاعل سے حال ہے اب عبارت یوں ہوگی۔

تجری مصحوبةً باالاعیان و المعانی "الخ "یعنی کشتیاں جاری ہوتی ہیں اور اعیان و معانی کے مصاحب ہو کر اور یہ وہ کشتیاں ہیں کہ لوگوں کو نفع دیتی ہیں بایں طور کہ لوگ ان پر سوار ہو کر اور بوجھ اُٹھا کر نفع پاتے ہیں اس معنی پر یہ کشتیاں اپنے سوار کو نفع پہنچاتی ہیں کیونکہ وہ ان کے ذریعے اپنی تجارت سے نفع پاتے ہیں اسطرح وہ بھی نفع پاتے ہیں جن کی طرف کشتیوں پر سوار ہو کر ان کے لئے سامان لے جا رہے ہیں اس لئے یہ کہ محمول الیہ یعنی جس کے لئے سامان لیا جا رہا ہے بما محمل الیه یعنی جو شئے اٹھا کر لے جا رہی ہے سے نفع پائے گا وَمَآ یعنی ان چیزوں میں جو کہ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں سے نازل کیا ہے یہ معنی ابتدا غایت کے لئے ہے یعنی آسمان کی جہت سے من ماء پانی سے یہ من بیانیہ ہے اس لئے کہ جو شئے بھی آسمان سے نازل ہوتی ہے وہ عام پانی ہو یا شے اور آسمان سے مراد یا فلک ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ بارش اولاً آسمان سے اترتی ہے اس کے بعد بادل سے یا اس سے بلندی کی جہت مراد ہے خواہ وہ آسمان ہو یا بادل کیونکہ ہر وہ شئے جو انسان کے سر پر اوپر ہے اسے عرف میں آسمان کہا جاتا ہے۔ اسی عرف کی وجہ سے ہے کہ مکان کی چھت کو سماء البیت کہا جاتا ہے۔

فَاَحْيَا بِهٖ اس کا عطف وَمَآ اَنْزَلَ پر ہے یعنی اترنے والے پانی کے ذریعے سے زمین کو بارونق فرمایا ہے الْاَرْضَ زمین کی مختلف انگوریاں اور پر بہار پھول ان کے علاوہ جو زمین پر مختلف قسم کے درخت ہیں بَعْدَ مَوْتِهَا اس کے ویران ہونے کے بعد یعنی اسکی کھیتی ختم ہونے کے بعد جب کہ درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں جس وقت کہ ان پر خشکی کا غلبہ ہوتا ہے جیسا کہ اسکی طبیعت کا تقاضا ہے۔

ف: حضرت الشیخ اپنے حواشی میں فرماتے ہیں جب زمین کو انگوریوں کے نکلنے کے اسباب ملتے ہیں تو اس کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے۔

سوال: ایسے حیوان کی زندگی سے کیوں تشبیہ دی گئی ہے؟

marfat.com
Marfat.com

جواب :اس لئے کہ جیسے حیوان کو زندگی ملنے پر حسن اور رونق بڑھ جاتی ہے ایسے ہی جب زمین کو قوت اور انگوریوں کے مختلف انواع حاصل ہوتے ہیں تو زمین کی زندگی میں بہار آجاتی ہے۔

وَبَثَّ فِيهَا اور زمین میں پھیلائے ہیں مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ہر قسم کے جانوروں میں سے

ف : دَآبَّةٍ ہر اس حیوان کو کہتے ہیں جو زمین پر چلے ذوی العقول ہوں یا غیر ذوی العقول۔اس جملہ کا عطف فحیا پر ہے۔ان دونوں کی مناسبت ظاہر ہے کہ زمین کو بارش سے زندگی ملے گی تو بیج سے پھل پھول پیدا ہوں گے اور انہیں پر حیوان وغیرہ کی زندگی کا دارومدار ہے۔

وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ اور ہواؤں کے چلنے میں اس کا عطف مَآ اَنْزَلَ پر ہے یعنی ہواؤں کے اپنے اپنے مقامات سے چلنے میں باد صبا ہو یا باد شمالی۔غربا ہو یا جنوبا اور ان کی کیفیات میں مثلاً گرم اور سرد ہو کر اسی طرح ان کے احوال میں کہ زوردار ہو کر یا نرم نرم ہو کر اور ان کے آثار میں کہ عقیم ہو کر یا مفید ہو کر۔

ف : بعض نے فرمایا ہے کہ تَصْرِيفِ الرِّيٰحِ کا مطلب یہ ہے کہ کبھی ان ہواؤں کو رحمت اور کبھی ان کو عذاب بنا دیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے لشکر:۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہوا اور پانی اللہ تعالیٰ کے لشکر ہیں۔

ف ۱۔ ریح کو ریح اس لئے کہتے ہیں کہ یہ نفوس کو راحت پہنچاتی ہے۔

۲۔ حضرت وکیع بن جراح فرماتے ہیں کہ اگر ہوائیں نہ چلیں اور مکھیاں نہ ہوں تو دنیا بدبو سے بھر جائے۔

۳۔ شریح قاضی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہوائیں بیمار کو تندرست اور تندرست کو بیمار بنانے کے لئے چلتی ہیں۔

۴۔ یہی چار ہوائیں بادل کے بارش میں کام آتی ہیں۔

I۔ صبا بادل کو ابھارتی ہے۔

II۔ باد جنوبی بادل کو بارش لانے کی قدرت دیتی ہے۔

III۔ باد غربی اس کے اندر نفع پیدا کرتی ہے۔

marfat.otm
Marfat.com

iv۔ بادشمالی بادل کو منتشر کرتی ہے۔

۵۔ ہواؤں کی اصولی ہوائیں یہی چار ہیں۔

i۔ بادشمالی جوشمال کی طرف سے آتی ہیں۔

ii۔ جنوبی اس کی بالمقابل کو کہا جاتا ہے۔

iii۔ بادصبا جو کہ از جانب مشرق چلتی ہے۔

iv۔ بادبوراس کی بالمقابل کا نام ہے۔

۷۔ ہر وہ ہوا جو دو ہواؤں کے چلنے کے درمیان سے چلے اسے نکباء (ٹیڑھی چلنے والی) کہا جاتا ہے اس لئے کہ وہ ان چاروں کے چلنے کے مقام سے روگردانی کر کے چلتی ہے۔

۶۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہوا آٹھ قسم کی ہے چار رحمت کی چار عذاب کی۔ رحمت کی چار یہ ہیں۔

أ۔ النا شرات یہی بہت بڑی خوش ہوائیں ہیں۔

ii۔ المبشرات جو بادل کو ابھارتی ہیں۔

iii۔ اللورقح یہ درختوں کے اندر پھل پیدا کرتی ہیں۔

iv۔ الذاریات یہ مٹی وغیرہ اڑاتی ہیں۔

اور عذاب کی چار یہ ہیں۔

i۔ الصرصر

ii۔ العقیم۔ یہ دونوں جنگلوں میں ہوتی ہیں۔

iii۔ العاصف

iv۔ القاصف یہ دونوں دریاؤں میں ہوتی ہیں العقیم یہ وہ ہے کہ درختوں اور بادل وغیرہ میں کسی قسم کا فائدہ نہیں ہونے دیتی۔ العاصم ہر وہ تند ہوا جو خیمے اکھیڑ دیتی ہے۔

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ اس کا عطف تَصْرِيفِ الرِّيَاحِ پر ہے یعنی وہ بادل جو اللہ کے حکم سے ذلیل و منقاد ہو کر

marfat.com
Marfat.com

چلتے ہیں یہ اسم جنس ہے اور اس کا واحد سحابتہ آتا ہے۔

ف: سحاب کو سحاب اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ خلا میں جلدی سے چلتا ہے گویا کہ وہ کسی شے کو کھینچتا چلا جارہا ہے بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ یہ باعتبار لفظ کے سحاب کی صفت ہے اور کبھی اس کے معنی کا اعتبار کر کے صفت جمع لائی جاتی ہے جیسے (سحابا ثقالا) ثقالا بمعنی لاینزل الارض ولا ینکشف یعنی ایسا بادل جو نہ زمین پر اترے اور نہ کھلے حالانکہ بادل کا طبعی تقاضا ہے کہ وہ ان دونوں میں کوئی ایک ضرور ہو یعنی نزول وانکشاف یا اس لئے کہ وہ لطیف وخفیف ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ آسمان پر چڑھ جائے اگر وہ کثیف ہے تو اس کا تقاضا ہے کہ وہ زمین پر گرے۔

لَاٰيٰتٍ اِنَّ کا اسم ہے اس پر لام داخل ہوئی ہے اس لئے کہ وہ اپنے اسم سے مؤخر ہو کر آیا ہے اگر وہ اپنے مقام پر ہوتا تو اس پر لام داخل نہ ہوتی اور اس کا نکرہ تفخیم کے لئے ہے کما بھی یعنی وہ بہت بڑی آیات جو اس کی قدرت قاہرہ اور حکمت باہرہ اور اور رحمت واسعہ پر دلالت کرتی ہیں کیونکہ یہ اوصاف تقاضا کرتے ہیں کہ الوہیت صرف اسی ذات حق کے ساتھ مخصوص ہو لِقَوْمٍ یہ محلا منصوب ہے کیونکہ یہ آیات کی صفت اور اس کا متعلق مخصوص ہے يَعْقِلُوْنَ یہ محلا وقوع اس لئے کہ قوم کی صفت ہے یعنی یہ آیات ایسی قوم کے لئے ہیں جو ان میں تفکر کرتے اور انہیں عقول وقلوب کی آنکھوں سے دیکھتے اور ان سے عبرتیں حاصل کرتے ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی عظمت اور اس کی روشن حکمت پر دلالت کرتی ہیں۔ ان اشیاء سے اللہ تعالیٰ کے خالق ہونے پر استدلال کیا جاتا ہے اور انہی وجوہ سے اسے واحد لاشریک لہ مانا جاتا ہے۔

خلاصہ تفسیر: اس میں مشرکین کی جہالت پر تعریض ہے۔ جنہوں نے نبی اکرم ﷺ سے ایسی دلیل مانگی تھی جو وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ کی تصدیق کرتی ہو ان آیات کو بیان فرما کر ایک طرف توحید کی دلیل دی گئی دوسری طرف کافروں کی بے وقوفی پر مہر ثبت کی گئی اس لئے کہ اگر انہیں عقل ہے تو مذکورہ بالا دلائل کافی ہیں۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا خرابی ہو ہر اس شخص کو جو یہ آیات پڑھتا ہے تو اسے تھوک دیتا ہے یعنی اس کی حقیقت پر غور نہیں کرتا۔

ف: لفظ البج حدیث مذکور میں واقع ہوا ہے لغت میں تھوک وغیرہ منہ سے پھینکنے کو کہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

سوال: مج جب خود متعدی ہے تو پھر اسے حدیث شریف میں باء کے ساتھ کیوں استعمال کیا گیا۔

جواب : یہاں پر دھی کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے باء متعدی کیا گیا ہے یعنی اس کے عدماعتبار وعدم اعتبار کی وجہ سے اس لئے کہ جس نے ان آیات میں تفکر کیا تو گویا اس نے پورے طور محفوظ کرلیا اور گویا اس نے منہ سے سے باہر نہ پھینکا۔

تفسیر صوفیانہ

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ رتبہ کے لحاظ سے توحید کی یہ سب سے پہلی آیت ہے یعنی سب سے قدیم توحید از جہت حق ہے نہ ہماری جہت سے کیوں کہ ہماری جہت کے لحاظ سے توحید کا پہلا رتبہ توحید الافعال کا ہے اور توحید از جہت حق یہی توحید الذات بھی کہتے ہیں توحید الذات کے بعد مقام توحید الصفات کی طرف نزول فرمایا۔ چنانچہ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ سے معلوم ہوتا ہے اس کے بعد توحید الافعال کی طرف تاکہ توحید الافعال سے اس کی ذات کے متعلق استدلال کیا جاسکے چنانچہ فرمایا۔ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ

(کذافی العا و یلات القا شانیہ)

مزید تشریح: انسان کے حق میں جو صفت الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ کے نتائج ہیں وہ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ میں بیان فرماتے ہیں یعنی ان اشیاء کے پیدا کرنے کی ایک حکمت یہ ہے کہ ہر شے اللہ تعالیٰ کی آیات کی مظہر ہو اور یہ ظاہر ہے کہ جو آیات ان اشیاء میں امانت کے طور رکھی گئی ہیں ان سے کوئی خاص مرتبہ نہیں ہوتا کیونکہ ان کا فائدہ انسان کی طرف لوٹتا ہے اس لئے کہ حضرت انسان سب کچھ سمجھتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَفِيْ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ اس سے ثابت ہوا کہ تمام عالم حضرت انسان کی خدمت میں پیدا کیا گیا ہے کیونکہ تمام عالم آیات حق کا مظہر ہے اور آیات انسان کی ذات کا آئینہ ہیں اور انسان معرفت حق کا خاص مظہر ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وما خلقت الجن والانس الا یعبدون ای یعرفون یعنی عبادت بمعنی معرفت ہے اگر یہ انسان معرفت حق کے لئے نہ ہوتا تو اسے پیدا بھی نہ کیا جاتا اور یہ عالم حضرت انسان کے لئے نہ ہوتا تو اسے ہرگز نہ بنایا جاتا جیسا کہ حدیث قدسی میں فرمایا۔

لولاک لما خلقت الکون اے محبوب ﷺ اگر آپ نہ ہوتے تو میں اس عالم کو پیدا نہ فرماتا اس سے معلوم ہوا کہ تمام عالم ایک آئینہ ہے کہ جس میں کمال حق اور اس کے جلال کی آیات کا ظہور ہوتا ہے انسان

marfat.com
Marfat.com

جمال وجلال کی آیات کو آئینہ عالم میں مشاہدہ کرتا ہے اور انسان ایک ایسا آئینہ ہے کہ اس میں آئینہ عالم جو اس ظل پر ہوتا ہے کا ظہور ہوتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

حدیث شریف: من عرف نفسه فقد عرف ربه کی یہی تحقیق ہے کہ انسان کا نفس اپنے رب کے جمال کا آئینہ ہے اور انسان کے سوا کوئی ایسا نہیں جو آئینہ حق کے ساتھ مرآۃ عالم کو بھی دیکھے اور اپنے آئینے کو بھی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا۔

سبق: سالک پر لازم ہے کہ ذکر حقیقی کے ذریعے مقصود اصلی کی طرف پہنچے کیونکہ توحید اغیار اور باطل کو مٹاتی ہے۔

حکایت: نبی کریم ﷺ نے حضرت ابو حصین سے پوچھا کہ آج کل تو کتنے معبودوں کی پرستش کرتا ہے۔ عرض کی سات معبودوں کی ان میں سے چھ زمین میں ہیں اور صرف ایک آسمان پر۔ آپ نے پوچھا انہیں کیسے رغبت ومحبت سے پوجتا ہے عرض کی جو آسمان میں ہے آپ نے فرمایا۔ بس وہی تجھے کافی ہے پھر فرمایا! اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو میں تجھے ایسے کلمات سکھاؤں گا کہ تجھے ہمیشہ فائدہ دیتے رہیں گے۔ جب وہ مسلمان ہوئے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ مجھے وہ دو کلمات سکھایئے جن کا آپ نے وعدہ فرمایا آپ نے فرمایا وہ کلمات یہ ہیں۔

اللهم الهمني رشدي واعذني من شر نفسي اے اللہ مجھے میری ہدایت بنا دے اور مجھے نفس کے شر سے بچا

تفسیر عالمانہ

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اور ان میں بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے ماسوا کو معبود بناتے ہیں۔ من دون میں من ابتدا الغایۃ کے لئے ہے اور دون دراصل ظرف مکان ہے لیکن یہاں پر مجازاً بمعنی غیر کے مستعمل ہوا ہے اور اتخاذ بمعنی الصنع والعمل کے ہے اور وہ یہاں پر ایک کی طرف متعدی ہوا ہے اور اس کا مفعول اَنْدَادًا ہے اس سے مراد بت ہے اس لئے کہ وہ ایک دوسرے کے ہم مثل تھے یا اس لئے کہ وہ اپنے ظن فاسد کی بناء پر انہیں اللہ تعالیٰ کا ہم مثل مانتے یعنی ان سے ہی نفع اور نقصان کی امید رکھتے اور اپنی ضروریات انہیں پیش کرتے اور ان سے ہی قربت کے متلاشی رہتے تھے۔

ف: اس سے معلوم ہوا کہ يُحِبُّوْنَهُمْ میں ضمیر عقلاء کی اسی لئے ہے کہ وہ مشرکین اپنے غلط خیال اور فاسد گمان کے تحت انہیں عقلاء سمجھ کر ان سے ذوی العقول جیسا معاملہ کرتے یا اس لئے کہ ضمیر ذوی العقول سے ان کے وہ

marfat.ocm
Marfat.com

لیڈر مراد ہیں کہ جن کی وہ اطاعت کرتے تھے۔

فائدہ صوفیانہ قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مذکورہ دونوں تقریروں سے ایک اور تقریر بہتر ہے وہ یہ کہ انداداً سے ہر وہ شئے مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کردے اس تقریر پر یہ معنی ان دونوں سے عم ہے اس لئے صوفیاء اور عارفین فرماتے ہیں کہ ہر وہ شئے جو تیرے دل کو ذکر الٰہی سے غافل کردے۔ اس سے سمجھنا چاہئے کہ ہم نے اپنے دل میں نفسانی خواہشات اللہ تعالیٰ کے شریک کو بٹھایا ہوا ہے اس تقریر کی تائید اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ سے بھی ہوتی ہے۔

اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ یہ جملہ انداداً کی صفت ہے یعنی ان بتوں کی تعظیم وتکریم کرتے اور ان کے سامنے جھکتے اور ان کی اطاعت ایسے کرتے ہیں جیسے محبوب کی اطاعت کی جاتی ہے كَحُبِّ اللّٰهِ یعنی ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ سے محبت کی جاتی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بتوں کو اللہ تعالیٰ کے برابر مانتے ہیں طاعت و تعظیم میں اس تشبیہ سے مقصود صرف وہ وصف ہے جو قوت وضعف پر دلالت کرتا ہے لیکن اس سے مراد معبودوں کو اللہ تعالیٰ کے برابر کا شریک ماننا ہے۔

سوال : اگر وہ معبودوں کو اللہ تعالیٰ کے برابر شریک مانتے تھے تو پھر اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے قرار کا کیا معنی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں فرمایا۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ

جواب : معبودوں کو جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے برابر کا شریک تعظیم وعبادت میں مان لیا تو اب اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار کسی قسم کا فائدہ نہیں دے گا۔

سوال: دانہ کو محبت سے کیا نسبت؟

جواب: حب القلب سے قلب کی خلط مراد ہے اور اسے دانہ سے قوی مشابہت ہے بایں معنی کہ دانے میں غشاء مبداء کا مادہ ہے اور قلب میں بھی آثار عجیبہ کے جمع رکھنے کا اثر ہے اسی لئے یہ لفظ اس کے لئے استعارہ کیا گیا ہے پھر اس سے مجاز محلان القلب کے معنی میں آتا ہے کیونکہ قلبی میلان اس پر اثر انداز اور اس کے اندر راسخ ہوتا ہے۔

مسئلہ :محبتہ العبد کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنے مطیع بندے کی تعظیم واکرام اور اسے طاعت کی توفیق دینے اور اسے گناہوں سے بچانے کا ارادہ رکھے اس کے بعد بندوں کی محبت کی تفصیل یوں بیان فرمائی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ اور ایمان والے اللہ تعالیٰ سے بہت محبت کرتے ہیں بہ نسبت کفار کے جو کہ وہ اپنے معبودوں سے محبت کرتے ہیں کیونکہ اہل ایمان کی اللہ تعالیٰ سے محبت غیر منقطع ہے بخلاف بت۔کے پجاریوں کی بتوں سے مٹ جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ جب انہیں مصائب وشدائد ستاتے ہیں تو وہ اپنے بتوں کو چھوڑ کر اللہ کی طرف توجہ کرتے ہیں۔ وَرَاَوُا الْعَذَابَ اور جب کہ عذاب دیکھیں گے اس میں واؤ حالیہ ہے اور لفظ قد یہاں پر محذوف ہے یعنی اپنے تابعداروں سے عذاب کو دیکھتے ہی بیزار ہو جائیں گے۔

وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ اس کا عطف تبرا پر ہے اور ان سے ان کے اسباب منقطع ہو جائیں گے۔

سوال: معطوف ومعطوف علیہ کے درمیان میں جملہ حالیہ لانے کا کیا فائدہ؟

جواب : تا کہ ان سے بیزاری کی علت پر تنبیہ ہو یعنی ان سے وہ واسطے اور ذرائع ٹوٹ جائیں گے کہ جن سے وہ ایک دین پر تھے اسی طرح ان کی رشتہ درایاں اور محبت کی تعلق داریاں اور ایک دوسرے کی اتباع واستباع ختم ہو جائے گی اور باء بہم میں بمعنی عن ہے جیسے اللہ کے ارشاد گرامی میں ہے کہ فاسئل به خبیر اای نسئل عنه یہ باء سببیہ بہ اب معنی یہ ہوگا بسبب کفر کے یعنی ان کے آپس کے وہ تعلقات ختم ہو جائیں گے جن کی وجہ سے اس اُمید میں تھے کہ انہیں نجات نصیب ہوگی یا یہ باء تعدیہ کی ہے یعنی قطعتهم الاسباب جیسے کہ ہے تصرفت بهم الطریق میں ہے بمعنی فرقتهم الطریق كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا جیسے آج وہ ہم سے بیزار ہو گئے یہ کاف منصوب المحل ہے اس لئے کہ یہ صفت ہے اور اس کا موصوف مصدر محذوف ہے كَذٰلِكَ یعنی ان کو خوفناک حالات دکھانا یعنی ان پر عذاب کا نزول اور ان کا ایک دوسرے سے بیزار ہونا يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ انہیں اللہ تعالیٰ ان کے اعمال حسرتیں اور ندامتیں بنا کر دکھائے گا الحسرة بمعنی شدة المندامت والکمد کو کہتے ہیں اور کمد بمعنی دل کا دکھ یعنی وہ باتیں کھل کر سامنے آجائیں گی جو ان کے دلوں کی جلن اور دکھ اور درد میں اضافہ کریں گی اور وہ اپنی حسرت میں نادم اور رسوارہ جائیں گے جیسا کہ جانوروں میں ایک کمزور جانور کی حالت ہوتی ہے جبکہ اس کی قوت وطاقت نے جواب دے دیا ہو تو اب اس سے کسی قسم کا فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا۔ دراصل الحسر الکشف کو کہتے ہیں اور ہر اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو اپنی مطلوبہ شئے سے محروم ہو اور ندامت لازم ہو جائے اگر رویت بصری ہے تو حسرات اعمالهم سے حال واقع ہے اب معنی یہ ہوگا کہ وہ

marfat.ocm
Marfat.com

اپنے اعمال حسرتوں سے نہ دیکھیں گے اور گر رویت قلبی مراد ہے تو حسرات بری کا تیسرا مفعول ہے اور عَلَيْهِمْ یا تو حسرات کے متعلق ہے اور اس کا مصاف محذوف ہے یعنی وہ اپنی کوتاہی سے حسرت کریں گے یا اس کا تعلق محذوف ہے اور یہ اپنے متعلق سے مل کر منصوب ہوگا اور حسرات کی صفت ہوگی ای حسرات مستولیۃ علیھم یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف بھاگ کر آجاتے اور یہ بھی ہوتا کہ ایک عرصہ تک کسی بت کو پوجتے جب کوئی دوسرا نہیں اچھا لگتا تو پہلے بت کو چھوڑ کر دوسرے کی پرستش میں لگ جاتے۔

اعجوبہ : باہلہ قبیلہ کے لوگوں نے خس سے بت تیار کیا لیکن قحط سالی کے دوران اسے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھا گئے۔

وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اور اگر جان لیں یہ لوگ جنہوں نے معبودان باطلہ کو اپنا معبود بنا کر ایک غیر مستحق کو اس کے غیر مقام میں رکھ کر ظلم کیا۔ اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ جب کہ اس عذاب کو دیکھیں گے جو قیامت میں ان کے لئے تیار کیا گیا ہے یہاں رویۃ بالعین مراد ہے اَنَّ الْقُوَّةَ بے شک قوت اور غلبہ وقدرت لِلّٰهِ جَمِيْعًا سب کی سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور جمیعاً جملہ سے حال واقع ہے اور جملہ یری کے دو مفعول کے قائم مقام ہے وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ اور بیشک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے اس کی عطف وَاَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ پر ہے ایسی تاکید سے معاملہ کو سخت بتانے اور امر کو خوفناک بنانے میں مبالغہ مطلوب ہے اس لئے کہ اختصاص القوۃ بباری تعالیٰ اس کا مقتضی نہیں کہ خواہ مخواہ وہ سخت بتانے اور امر کو خوفناک بنانے میں مبالغ مطلوب ہے اس لئے کہ یہ بھی تو ہے کہ وہ معاف فرمادے باوجود کہ اس کو قدرت ہے اور لو کا جواب محذوف ہے اب عبارت یوں ہوگی لو علم ھؤلاء اگر انہیں نے یعنی جنہوں نے شرک کر کے ظلم کا ارتکاب کیا ہے علم ہوتا کہ تمام قوت صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے ثواب اور عذاب دینے میں ہر شے پہ قادر ہے (نہ کہ معبودان باطلہ) اور اگر انہیں معلوم ہوتا کہ ظالموں کو کتنا سخت عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے جب کہ وہ قیامت میں عذاب کو دیکھیں گے تو بتوں کی پرستش سے نادم ہوتے اور نفرت کرتے اور جیسے اب وہ اپنے بتوں کو سمجھتے ہیں اس سے دور جاتے اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا یہ اِذْ يَرَوْنَ سے بدل ہے تبری بمعنی تخلص اور لعدمی و انعدل کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے یعنی ہر اس چیز سے (کہ جس کے ساتھ رہنے سے طبیعت کو نفرت ہو) دور اختیار کریں گے

marfat.com
Marfat.com

مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا ان لوگوں سے جنہوں نے ان کی تابعداری کی یعنی ان سے جن کی تابعدار اور وہ اپنے تابعداروں کے سامنے اعتراف کریں گے کہ جن باتوں کا ہم دنیا میں دعوی کرتے ہیں اسی طرح کفر کے مختلف اطوار اور گمراہی کی طرف بلاتے تھے۔ اب وہ ہمارے تمام دعاوی اور امور باطل ہو گئے یہاں تک کہ وہ لیڈر اپنے تابعداروں کے ساتھ نہ صرف بیٹھنے سے نفرت کریں گے۔ حسرتیں غالب ہوں گی اس لئے کہ وہ نیکیاں جو انہوں نے کیں کفر کی وجہ سے ضائع ہو جائیں گی اس کے بعد وہ حسرت کریں گے اس پر جو وہ نیکیاں ان سے ضائع ہوں گی اور ان پر ان کے کردار کی ڈائری کھل جائے گی حسرت کرتے ہوئے کہیں گے کاش کہ ہم یہ عمل نہ کرتے۔

ف : حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انہیں بہشت دکھائی جائے گی وہ بہشت کو اور اس کے اندر کے مکانات دیکھیں گے تو افسوس کرتے ہوئے کہیں گے کاش ہم بھی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے پھر انہیں کہا جائے گا کہ یہ محلات تمہارے تھے لیکن چونکہ تم نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اس لئے اب تمہارے محلات مومنوں پر تقسیم کر دیئے گئے ہیں یہ اس وقت کہا جائے گا جب کہ وہ ندامت وحسرت کریں گے۔

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ اور وہ جہنم سے ہرگز نہیں نکلیں گے اس لئے کہ وہ اسی لئے پیدا کئے گئے ہیں۔

حدیث شریف: میں ہے دوزخیوں کو دوزخ کی طرف دھکیلا جائے گا۔ تو دوزخ ان کے ہر عضو کو چمٹ جائے گی کوئی عضو بھی اس کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا ایک طرف دوزخی سانپ دھنس لگائے گا۔ دوسری طرف فرشتہ چابک مارے گا پھر وہ جہنم میں دھنس جائے گا پھر جب وہ جہنم سے سر باہر نکالے گا تو اسی طرح پھر فرشتہ چابک مارے گا اور جب اس کا چمڑا جہنم کی آگ سے سڑ جائے گا تو از سر نو تیار ہو جائیگا۔ کما قال تعالیٰ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ جب ان کے چمڑے پک جائیں گے تو پھر ان کے دوسرے چمڑے تبدیل کر دیں گے تا کہ عذاب چکھیں، اس پر کوئی کافر پیاسا ہو کر پانی مانگے گا تو اسے گرم پانی دیا جائے گا۔ جب وہ گرم پانی اس کے منہ کے قریب لایا جائے گا تو پانی ایسا گرم ہو گا کہ اس کے چمڑے کو ادھیڑ کر رکھ دے گا۔ اس کے باوجود کافر پانی منہ میں ڈالے گا تو پانی کی گرمی سے اس کی داڑھیں اکھڑ جائیں گی جب وہ پیٹ میں پہنچے گا تو اس کی آنتیں گل سڑ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گی اور چمڑا ادھیڑ کر رکھ دے گا۔ اسی طرح انہیں جہنم کی سزا ملے گی اس پر وہ نہ مریں گے نہ جئیں گے اور نہ ہی انہیں جہنم سے نکالا جائے گا۔

Marfat.com

حدیث شریف: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں حکم فرمائے گا کہ جس نے اپنے نفس کو بتوں کے لئے جلایا تھا وہ خود بتوں سمیت دوزخ میں داخل ہو تو وہ دوزخ میں نہیں جائیں گے صرف اس خطرہ سے کہ انہیں تو دوزخ کے عذاب میں ہمیشہ رہنا ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کفار کے سامنے اہل ایمان کو فرمائے گا۔ تم اے مسلمانو جہنم میں داخل ہو جاؤ اہل ایمان سنتے ہی جہنم میں چھلانگ لگا دیں گے اس پر عرش الٰہی کے نیچے سے آواز آئے گی۔

اہل ایمان اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ محبت کرتے ہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اولاً ان سے محبت کرتا ہے پھر وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے محبت کی گواہی دی محبت میں کامل ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ

تفسیر صوفیانہ جو شخص ازل سے اللہ تعالیٰ کی محبت کا اہل نہیں تھا اسے عزت و محبت اصنام کی طرف دھکیل دیتی ہے اسے محبت ماسوی اللہ سے تعبیر کیا جاتا ہے جسے نفسانی محبت کے سپرد کیا جاتا ہے تو وہ اصنام میں سے ہوائے نفس کی محبت میں پھنس جاتا ہے جیسے کفار میں سے کوئی لات کی محبت میں گرفتار ہو کر اس کی عبادت میں مصروف تھا کوئی اولاد کی محبت میں مبتلا ہو کر گویا ان کی پرستش میں لگا رہتا اور قاعدہ ہے کہ اولاد اموال اور ازواج کی محبت کی اللہ تعالیٰ کی محبت سے روکتی ہے اور یہ بھی قاعدہ ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ سے محبت ہوتی ہے وہ ماسوی اللہ کی محبت کو عداوت سمجھتا ہے جیسے حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے فرمایا فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اور جو بھی ازل سے اللہ تعالیٰ کی محبت کا اہل تھا تو اسے عنایت ربانی نے اپنی طرف کھینچا تو اس پر جلوہ حق متجلی ہوا جس سے اس محبت کے آثار اس کے قلب کے آئینہ پر منعکس ہو جاتے ہیں پھر اسے ماسوی اللہ سے کسی قسم کا تعلق نہیں رہتا کیونکہ ایسی محبت عالم وحدیث سے ہوتی ہے اس لئے کہ وہ غیر کی شرکت کو قبول نہیں کرتی دشمنوں نے فانی محبت سے بتوں سے محبت کی اور اللہ والوں نے باقی اور ربانی سے محبت سے اللہ تعالیٰ سے محبت کی بلکہ انہوں نے اپنے جمیع اجزا فانی اور باقی سے اللہ تعالیٰ سے محبت کی اللھم اوصلنا الی حقیقة المحبة و ایقین التمکین اے اللہ ہمیں محبت اور یقین و تمکین کی حقیقت تک پہنچا۔ آمین

marfat.com
Marfat.com

يَاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا

اے لوگو! کھاؤ جو کچھ زمین میں حلال پاکیزہ ہے اور شیطان کے قدم پر

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْۗءِ

قدم نہ رکھو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ وہ تو تمہیں یہی حکم دے گا

وَالْفَحْشَاۗءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ

بدکی اور بے حیائی کا اور یہ کہ اللہ پر وہ بات جوڑو جس کی تمہیں خبر نہیں۔ اور جب ان سے

لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ

کہا جائے اللہ کے اتارے پر چلو تو کہیں بلکہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ

کیا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ عقل رکھتے ہوں نہ ہدایت۔ اور کافروں کی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَاۗءً وَّنِدَاۗءً ۭ

کہاوت اس کی سی ہے جو پکارے ایسے کو کہ خالی چیخ و پکار کے سوا کچھ نہ سنے

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا

بہرے، گونگے، اندھے تو انہیں سمجھ نہیں۔ اے ایمان والو کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾

اور اللہ کا احسان مانو اگر تم اسی کو پوجتے ہو۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ

اس نے یہی تم پر حرام کئے ہیں مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جانور

marfat.ocm
Marfat.com

بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ

جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو جو ناچار نہ ہو یوں کہ خواہش سے کھائے اور نہ یوں کہ ضرورت سے آگے بڑھے

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ

تو اس پر گناہ نہیں اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ وہ جو چھپاتے ہیں اللہ کی اتاری کتاب

الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ

اور اس کے بدلے ذلیل قیمت لے لیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ ہی بھرتے ہیں

بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۪

اور اللہ قیامت کے دن ان سے بات نہ کرے گا

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى

اور نہ انہیں ستھرا کرے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی

وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ

اور بخشش کے بدلے عذاب تو کس درجہ انہیں آگ کی سہار ہے۔ یہ اس لئے کہ

اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ

اللہ نے کتاب حق کے ساتھ اتاری اور بیشک جو لوگ کتاب میں اختلاف ڈالنے لگے

لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ۝

وہ ضرور پرلے درجے کے جھگڑالو ہیں۔

تفسیر عالمانہ

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ شان نزول: یہ آیت ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے اپنے اوپر بہترین خوراک و پوشاک کو حرام قرار دیا اے لوگو! كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ کھاؤ

marfat.com
Marfat.com

اس سے جو زمین میں ہے یعنی اس کے ہران اجزاء کو جو کھانے کے اقسام میں سے ہیں کیونکہ زمین کے تمام اجزاء کو نہیں کھایا جاتا۔ حَلٰلًا یہ اسم موصول سے حال ہے یعنی درآں حالیکہ وہ شئے جو حلال ہو۔ حلال ہر اس شئے کو کہا جاتا ہے جس سے رکاوٹ کی ہر عقد ہٹ جائے طَيِّبًا ہر شک وشبہ سے پاک ہو یہ حَلٰلًا کی صفت ہے حلال ہر اس شئے کو کہا جاتا ہے جسے شرع اچھا سمجھے اور اچھی ہر وہ شئے ہے جسے طبع مستقیم چاہے یعنی اس سے طبیعت کو لذت حاصل ہے۔

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو۔ الخطوه بالفتح المرة من نقل القدم یعنی قدم کو ایک بار اٹھانا اور بالضم ہو تو چلنے والے کے ہر دونوں قدموں کے بعد و مسافت کے معنی میں ہوگا مثلاً کہا جاتا ہے اتبع خطواته ووطی علی عقبه بیشک وہ تمہارا دشمن ہے وَلَا تَتَّبِعُوْا یہ شیطان کی دشمنی کی علت ہے یعنی شیطان تمہارے ساتھ کھلی دشمنی رکھتا ہے اور یہ صاحب بصیرت کو معلوم ہے ہاں جو خواہشات کی طرف ابھار کر غلط ارادوں اور گندی لذتوں کی طرف لے جاتا ہے۔

ف: مُّبِيْنٌ "ابان" سے مشتق ہے بمعنی "بان فظهر" لیکن امام واحدی فرماتے ہیں کہ "ابان" خود متعدی ہے اب معنی یہ ہوگا کہ شیطان نے تمہارے لئے دشمنی ظاہر کر دی۔ جب کہ اس نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا اور ان کے بہشت سے نکالے جانے کا سبب بنا اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بے شک وہ تمہیں حکم دیتا ہے یعنی وسوسہ ڈالتا ہے۔

سوال: شیطان کے وسوسہ کو امر سے کیوں تشبیہ دی ہے؟

جواب: شیطان وسوسہ ڈال کر انسان پر مسلط ہو جاتا ہے گویا یہ اس کا حکم وامر ہے شیطان کے وسوسہ کو قبول کرنے اور اس کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ گویا یہ اس کا مطیع ہے اس سے ثابت ہوا کہ یہ لوگ شیطان کے تابع فرمان ہیں۔ عقل وفکر کی دنیا سے گئے گزرے ہو گئے اس سے ان کے عقل کی کمزوری اور ان کی شان کی کمی کی طرف اشارہ ہے۔

بِالسُّوْٓءِ سوء ہر اس خرابی کو کہتے ہیں جس کا انجام بُرا ہو پھر اس ہر گناہ پر اطلاق ہوتا ہے وہ اعمال جوارح سے ہوں یا قلوب سے کیونکہ ان ہر دونوں کے افعال انسان کو دکھ اور غم پہچانے میں اشتراک ہے وَالْفَحْشَآءِ عطف

marfat.ocm
Marfat.com

الخاص علی العام کے قبیل سے ہے یعنی انواع معاصی میں زیادہ قبیح اور بہت زیادہ برا اس معنی پر زنا اور بخل وغیرہ فواحش میں داخل ہیں اسی طرح ہر قبیح گناہ فاحش ہے۔

ف: لغت کی اصل وضع میں اَلْفَحْشَآء مجاورة القدر فی کل شئی کو کہتے ہیں۔

ف: قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سوء اور فحشاء میں بحسب المفہوم فرق ہے ورنہ ذاتی طور وہ ایک ہیں۔

سوال: گناہ کو سوء کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس لئے کہ گناہ بندے کی عقل پر پردہ ڈال دیتا ہے اور فحشاء کو کلی اسی لئے فحشاء کہا جاتا ہے کہ یہ انسان کو قبیح کر دیتا ہے اور ان دونوں یعنی سوء و فحشاء سے معصیت کو موصوف کرنا زید عدل کی طرح مبالغہ ہے۔ وَاَنْ تَقُوْلُوْا یعنی شیطان تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم افترا کو کرو عَلَی اللّٰہِ اللہ پر بانیطور کہو کہ فلاں فلاں شے کو اللہ نے حرام کیا یا فلاں پر حرام کیا ہے مَالَاتَعْلَمُوْنَ وہ جو تم نہیں جانتے کہ نا معلوم اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے یا نہ یہ شیطان کے قبائح سے قبیح تر ہے اس لئے کہ ان اوصاف سے اللہ تعالیٰ کو موصوف کرنا جو اس کی شان کے لائق نہیں بہت بڑا گناہ جیسے اَلْفَحْشَآء گناہوں کے انواع سے بہت قبیح ہے اسی طرح یہ۔

سوال: ہمیں شیطان ان برائیوں کا کیسے حکم دیتا ہے جب کہ نہ ہم اس کو دیکھتے ہیں اور نہ اس کا کلام سنتے ہیں اسی طرح اس کے وسوسہ کا کیا معنی یا اس کا ہمارے دل میں پہنچنا کیسی بات ہے؟

جواب: اس کا ایک خفی کلام ہے جسے صرف قلب سنتا ہے اور سنتے ہی قلب اور طبع اس کی طرف جھک جاتی ہے بعض نے کہا کہ وہ بنو آدم کے اندر گھس جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ جسم لطیف ہے جاتے ہی وسوسہ یعنی روی افکار نفس پر ڈالتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ کی دُعاؤں سے ایک دُعا یہ بھی تھی اللھم اعمر قلبی من وساوس ذکر کو اطرو عنی وساوس الشیطن اے اللہ میرا قلب اپنے ذکر کے افکار سے معمور اور میرے قلب سے شیطان کے غلط افکار دور فرما دے۔

شیطان کے وسوسہ ڈالنے کے مراتب ستہ:۔ آکام المرجان میں ہے کہ شیطان انسان کو کچھ باتوں میں

marfat.com
Marfat.com

مبتلا کرتا ہے۔

☆..... سب سے پہلے انسان کے لئے یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ کفر وشرک اور نبی پاک ﷺ کی عداوت میں مبتلا ہو جائے جب شیطان ابن آدم پر اس کارروائی میں کامیاب ہو جاتا ہے تو شیطان اپنی جد و جہد کی تھکان اتارتا ہے اس لئے کہ وہ منزل مقصود کی آخری منزل تک پہنچ گیا ہے اور یہی اس کا پہلا کام ہے جو انسان پر کر گزرتا ہے اور اس کے لئے سر توڑ کوشش کرتا ہے۔

☆..... اگر کوئی اس کے اس حملہ سے بچ جاتا ہے تو پھر اس بدعت (سیہ) کی طرف کھینچ لانے کے درپے ہوتا ہے اور یہ مشغلہ اس کے لئے دیگر فسق و فجور اور معاصی سے زیادہ محبوب ہوتا ہے اس لئے کہ فسق و فجور و دیگر معاصی کی توبہ منظور ہو جاتی ہے لیکن بدعت کی توبہ بھی قبول نہیں ہوتی اس کی وجہ یہ ہے کہ بدعتی اپنی اس بدعت سیہ کو حقیقت صحیحہ یقین کر کے اس کا دائمی طور پر مرتکب رہتا ہے جس کی وجہ سے اسے توبہ نصیب نہیں ہوتی۔

☆..... جب شیطان کسی سے بدعت (سیہ) کے ارتکاب سے عاجز آجاتا ہے کہ باوجود وسعی بسیار کے وہ شخص بدعت سیہ نہیں کرتا تو اسے گناہ کبیرہ کرنے پر مجبور کرتا ہے اور گناہ کبیرہ کے کئی اقسام ہیں ان میں سے کسی ایک کا ارتکاب سہی۔

☆..... جب کوئی کبیرہ گناہ بھی نہیں کرتا تو اس کے متعلق صغیرہ گناہ کرنے کی کوشش کرتا ہے جو کہ چند صغائر کے اجتماع سے گناہ کبیرہ بن جاتا ہے۔

ف: یاد رہے کہ گناہ کبیرہ مہلک شئے ہے چنانچہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ وایاکم ومحقرات چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بچو اس کی مثال ایسے ہے جیسے کوئی شخص جنگل میں کسی مقام پر اترے تو اس نے اپنی ضروریات کے لئے پہلے چھوٹی لکڑیاں جمع کی اس سے آگ جلائی اور اپنا طعام وغیرہ پکایا دیکھیں ان چھوٹی لکڑیوں سے ہی بڑی آگ تیار ہوئی اسی طرح صغائر کی کیفیت ہے کہ اس سے انسان کا بڑا نقصان ہوتا ہے۔

☆..... جب کوئی انسان شیطان کے صغائر گناہ کرانے سے بچ جاتا ہے تو اسے مباح فعل میں مشغول کرتا ہے وہ صرف اس خیال پر کہ اس میں ثواب نہیں تو گناہ بھی نہیں لیکن اسے معلوم ہے کہ اس کا عذاب تھوڑا ہے کہ وہ ایک ثواب کی نعمت سے محروم ہو گیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

☆..... اگر اس سے یہ بھی نہ ہو تو اسے افضل عمل سے محروم کر کے فاضل عمل میں مشغول کرتا ہے اسی طرح فاضل عمل سے مفضول میں شیطان کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ انسان کو سستی وغفلت کی عادت پڑ جاتی ہے مثلاً افضل کو چھوڑ کر فاضل کو لے گا تو مرتبہ گھٹ گیا۔ اسی طرح فاضل کو چھوڑ کر مفضول کو لے گا تو بھی مرتبہ کم ہو گیا اس کے بعد سستی سوار ہو گئی مشقت سے گھبرانے لگا مثلاً جسے سو رکعت پڑھنے کی عادت ہے اسے ایک دوگانہ بڑی بات نہیں لیکن جب مشقت سمجھ کر سو کی بجائے ایک دوگانہ پڑھا تو شیطان کو گمراہ کرنے کا موقع مل گیا اس کے بعد اسے عبادت سے نفرت کے مواقع ڈھونڈے گا پھر مشقت کے خطرے کے بعد نفرت میں مبتلا ہو گا جس سے شیطان اپنا کام بنالے گا یعنی انسان کو گمراہ کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

شیطان کی تخلیق کا موجب: شیطان کو صرف اس لئے پیدا کیا گیا تا کہ نیک اور بد میں امتیاز ہو حضرت انبیاء علیہم السلام کو پیدا کیا گیا تا کہ نیک لوگ ان کی اقتدا کریں اور ابلیس کو پیدا کیا تا کہ بد بخت اس کی پیروی کریں اس طرح سے نیک اور بد کے درمیان امتیاز ہو گا ابلیس جہنم اور اختلافات کا رہبر اور دلال ہے اور اس کا سامان دنیا ہے جب اس نے اسے تمہارے سامنے پیش کیا تو کفار نے اپوچھا اس کا ثمن کیا ہے شیطان نے کہا اس کا ثمن ہے دین یعنی دنیا لو اور دین چھوڑ دو انہوں نے دین دے کر دنیا لے لی۔ زاہدوں نے دنیا دے کر دین کو حاصل کیا اور طالب دنیا نے دینا کو تو لے لیا لیکن دین کو نہ چھوڑا انہوں نے ابلیس سے کہا کہ تمہیں تو کچھ دنیا چکھنے کے لئے دیجئے اس سے کہہ دیتا ہوں لیکن کوئی شے میرے پاس گروی رکھوں انہوں نے کہا ہماری آنکھیں اور کان حاضر ہیں شیطان نے دنیا کے طالبین سے آنکھیں اور کان گروی رکھ کر دنیا صرف چکھنے کے لئے دے دی یہی وجہ ہے کہ طلب دنیا و نیوی باتوں کے سننے اور اس کی زیب و زینت کا عاشق ہوتا ہے اسلئے کہ اس کی آنکھیں اور کان شیطان کے ہاں گروی ہیں جب اس نے یہ دونوں چیزیں اس سے قبض کر لیں تو اب اہل دنیا نہ تو اللہ والوں سے دنیا کی مذمت سن سکتے ہیں اور نہ ہی اس کے قبائح دیکھ سکتے ہیں بلکہ اس کے انہماک میں مست اور اس کے عجائبات اور اسباب میں پھنسے رہتے ہیں۔

حدیث شریف: میں ہے تجھے جس سے محبت ہو جاتی ہے پھر اس سے عیوب دیکھنے سے اندھا اور نقائص سننے سے بہرہ ہو جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

سبق: دانا پر لازم ہے کہ دنیا کو ترک کرے اور اس سے روگردانی کر کے اس سے صرف لقمہ حلال حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

مسئلہ: حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حلال لقمہ وہ ہے کہ جس کے متعلق قیامت میں پرسش نہ ہو اور پرسش ہر اس عمل کے لئے نہیں ہوگی جس کے بغیر انسان کا گزارہ نہ ہو۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ان کی ضرورت کی اشیاء عنایت فرماتا ہے مثلاً کپڑا کہ بند ڈھانپ سکے اور روٹی کہ جس سے پیٹ کی بھوک مٹا سکے اور گھر پرندے کے گھونسلے کی طرح بنائے کہ جس میں زندگی بسر کر سکے عرض کی گئی یارسول اللہ ﷺ نمک کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے آپ نے فرمایا نمک کے متعلق بھی قیامت کے روز سوال ہوگا جب کہ ضرورت سے زیادہ خرچ کیا جائے۔

تفسیر صوفیانہ

حلال وہ ہے جس کا کھانا اللہ تعالیٰ نے مباح فرمایا اور طیب وہ ہے جس میں خلق خدا کے حقوق کا اشتباہ نہ ہو اور نہ ہی اس میں خط نفس کو دخل ہو اس سے معلوم ہوا کہ ہر طیب حلال ہے لیکن ہر حلال طیب نہیں اسی لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ طیب ہے اور صرف طیب پاک اشیاء کو قبول کرتا ہے کہ جن میں نہ تو عیب ہو نہ اس میں غیر کے حق کی ملاوٹ ہو اور یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ہو حلال نہیں کہا جاتا بخلاف اس کے کہ اسے کہا جاتا ہے ان اللہ طیب جیسے حدیث شریف میں گذرا

مسئلہ: جو شخص حلال کمائی کھانے کی عادت کرتا ہے اسے طاعت الٰہی کے لئے آسانی نصیب ہوتی ہے اور شیطان کے وساوس سے محفوظ ہو جاتا ہے لقمہ حلال کا عمل صالح کا مغز ہے۔

علم و حکمت زائد از لقمہ حلال — مشق و رقت اید از لقمہ حلال
چوز لقمہ تو حسد بینی و دام — جہل و غفلت زائد آزادان حرام
تخم گندم کاری و جو بر دمد — دیدہ اش پے کہ کرہ خر و بد
لقمہ تخمست برش اندیشہا — لقمہ بحر و گوہرش اندیشہ
زائد از لقمہ حلال اندر رواں — میل خدمت عزم رفتن آن جہاں

علم و حکمت لقمہ حلال سے پیدا ہوتی ہے مشق کی رقت بھی لقمہ حلال ہی نصیب ہوتی ہے لقمہ سے حسد و مکر اور جہل و غفلت پیدا ہو

marfat.ocm
Marfat.com

سمجھو وہ لقمہ حرام ہے ایسا کبھی نہیں ہوگا کہ گندم بوئی جائے اور جو پیدا ہوں یہ بھی کبھی کہیں نہیں دیکھا گیا کہ گھوڑے کے نطفہ سے گدھا پیدا ہو لقمہ بیج ہے اور اس کا ثمر فکرات یا لقمہ دریا ہے اور اس کے موتی تفکرات (نیک یا بد) لقمہ حلال منہ میں ہوتا ہے تو اس کی برکت سے آخرت کے امور کی طرف توجہ ہو جاتی ہے۔

مسئلہ: حلال رزق کے اسباب تلاش کرنا انبیاء علی نبینا وعلیہم السلام کی سنت ہے۔

فوائد کسب حلال: کسب حلال کے بہت سے فائدے ہیں۔

☆ ..... اصل مال پر زیادتی جب کہ اس مال کو تجارت و زراعت اور باغات بونے میں خرچ کرتا ہے پھر اس میں صدقات ہی صدقات نصیب ہوتے ہیں مثلاً اس سے پرندے وغیرہ کھائیں گے۔

☆ ..... لغویات و بکواسات سے حفاظت ہوتی ہے جب کہ کمانے والا اپنے کام میں مشغول ہوتا ہے۔

☆ ..... کسر نفسی اور نفس بہت سی غلطیوں کے ارتکاب سے بچ جاتا ہے۔

☆ ..... کسب حلال فقر سے امان کا ذریعہ ہے وہ فقر جو کہ دارین میں روسیاہ بنانے کا سبب ہے۔

☆ ..... جب بھی کوئی مزدور نیک مزدوری کے لئے چلتا ہے تو دو نگران فرشتے کہتے ہیں بارک اللہ لک فی حرکاتک اللہ تعالیٰ تیرے جانے اور آنے اور کاروبار میں برکت دے اور تیرے ان معاملات کو تیرے لئے بہشت میں ذخیرہ بنائے۔ نگران ملائکہ اور آسمان و زمین کے فرشتے آمین کہتے ہیں۔

مسئلہ: سب سے افضل کسب جہاد ہے اس کے بعد کھیتی باڑی اس کے بعد صنعت۔

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ شان نزول: یہ آیت مشرکین عرب اور کفار قریش کے حق میں نازل ہوئی جب انہیں قرآن اور اللہ تعالیٰ کے باقی احکام کا حکم دیا گیا تو انکار کرے۔ صرف یہ بات کہہ کر کہ ہمیں آباؤ اجداد کی تقلید کافی ہے آیت کا معنی یہ ہوا کہ جب مشرکین کو نصیحت وارشاد کے طور کہا جاتا ہے کہ اِتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اس پر عمل کرو جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا یعنی کتاب اللہ پر عمل کرو یعنی جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حلال فرمائیں انہیں حلال اور جنہیں اس نے حرام کیا انہیں حرام سمجھو قَالُوْا بَلْ یہ بل عاطفہ ہے اس کے متصل جو جملہ واقع ہے اس کا عطف اس جملہ محذوفہ پر ہے جو اس سے پہلے ہے نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا بلکہ ہم اس کی تابعداری کریں گے جس پر پایا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا اپنے آباؤ اجداد کو وہ بتوں کو معبود بناتے اور طیبات کو

marfat.com
Marfat.com

حرام قرار دیتے رہے وغیرہ وغیرہ اس لئے کہ وہ ہم سے بہتر جانتے تھے اس لئے ہم اپنے آباؤ اجداد کی پیروی کو نہیں چھوڑ سکتے۔

سبق : اے عقلمند و ذرا دیکھو تو سہی ان احمقوں کو کہ حق کا کیا جواب دے رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے انکار و تعجب کا ہمزہ اور واؤ حالیہ سے تردید کرتے ہوئے فرمایا اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ چونکہ ہمزہ صدارت اور واؤ اوسط کلام کا تقاضا کرتی ہے اسی لئے واؤ اور ہمزہ کے درمیان ایک جملہ لایا گیا تا کہ ہمزہ کی صدارت بحال رہے اب آیت کا معنی یہ ہوا کیا وہ اپنے آباؤ اجداد کی تابعداری کرتے ہیں۔ اس حال میں کہ ان کے آباؤ واجداد لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا دین کی کوئی بات بھی نہ جانتے ہوں اس لئے وہ تو صرف دنیا کی باتیں جانتے ہیں وَلَا يَهْتَدُوْنَ اور نہ ہی وہ حق اور صواب کی طرف راہ پا سکتے ہیں۔ یعنی یہ تو نہایت ہی قبیح اور سخت غلط معاملہ ہے کہ جسے نہ کوئی عقل ہو اور نہ ہی طریق حق کی طرف راہ پا سکتا ہو اور نہ ہی کوئی صحیح بات اسے نصیب ہو تو اس کی تابعداری کی جائے وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اور کافروں اور ان کی داعی الی الحق کی مثلا كَمَثَلِ اس راعی کی ہے الَّذِيْ يَنْعِقُ جو آواز دیتا ہے عرب کا مقولہ ہے ینعق الراعی ولامؤذن [1] عین مہملہ کے ساتھ ہو تو بمعنی صوت اور عین معجمہ کے ساتھ کہا جاتا ہے نفق الغراب اب يَنْعِقُ کا معنی ہوا صوت یعنی آواز دیتا ہے بِمَا لَا يَسْمَعُ ساتھ اس کے کہ وہ نہیں سنتا جیسے بہم یعنی وہ استماع کا ادراک بھی نہیں رکھتا اِلَّا دُعَآءً یعنی صرف آواز کو سنتا ہے وَنِدَآءً وہ صرف زجر و توبیخ کو سمجھتا ہے سوائے اس کے اسے اور کوئی سمجھ نہیں ہوتی نہ ہی اسے کچھ یاد رہتا ہے بخلاف عاقل کے کہ اسے سمجھ بھی ہوتی ہے اور وہ اس کا جواب بھی دیتا ہے۔

دعا و ندا میں فرق: دعا قریب کے لئے ہوتی ہے ندا بعید کے لئے اور یہ بھی احتمال ہے کہ ندا دعا سے اہم ہے اور آیت مذکور میں تشبیہ مفرق ہے کافر کے داعی کو ناحق سے اور کافروں کے نفس کو بہائم منعوت بہا سے اور کفار کے داعی کو ناحق کی آواز سے (جو جانوروں کو آواز دیتا ہے) سے تشبیہ دی گئی ہے اب آیت کا معنی یوں ہوگا۔ کہ اے محمد ﷺ آپ کا کفار کو وعظ کرنے اور دعوت الی اللہ دینے اور پھر ان کا ہدایت نہ پانے کی مثال اس داعی کی ہے جو بکریوں کو آواز دیتا ہے اور ان سے کلام کرتا ہے اور انہیں کہتا ہے کھاؤ پیو اور چرو۔ حالانکہ وہ اس کی کوئی بات

[1] : بمعنی کوے نے کائیں کائیں کی۔

marfat.ocm
Marfat.com

بھی نہیں سمجھتیں ایسے یہ کفار جانوروں کی طرح ہیں کہ وہ نہ آپ کی کوئی بات سمجھتے ہیں اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کی۔ صُمٌّ وہ بہرے ہیں یعنی وہ حق سننے سے بہرے ہو چکے ہیں بُکْمٌ اور گونگے ہیں اس معاملہ میں کہ جس کی طرف انہیں بلایا جائے وہ اسے قبول نہیں کرتے عُمْیٌ اور وہ نابینا ہیں کہ وہ دلائل سے روگردان ہیں۔ گویا وہ انہیں دیکھتے ہی نہیں۔

ربط : جب انہیں ایسے لوگوں سے تشبیہ دی گئی جو ان تینوں (کلام سمع اور بصر) سے محروم ہیں اور ان کی وجہ سے حق و باطل کے درمیان تمیز کر کے حق کو اختیار کیا جاتا ہے اب اس تشبیہ پر تفریع کرتے ہوئے فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ پس وہ عقل نہیں رکھتے یعنی اس لئے کہ اکتساب حق نظر و استدلال سے ہوتا ہے اور جو شخص بہرے اور اندھے کی طرح ہو جائے کہ نہ دلائل دیکھے نہ سنے تو پر وہ کیسے حق پر استدلال کر سکتا ہے اسی لئے کہاوت بن گئی۔ من فقد حسا فقد فقد علما جو حس کھو بیٹھتا ہے وہ دولت علمی سے محروم ہو جاتا ہے۔

ف: آیت میں اصلی عقل کی نفی نہیں کیونکہ اس کا بالکلیہ نفی دم کی صلاحیت نہیں رکھتا اور قیامت تک انہیں وعظ فائدہ بھی نہیں دے گا کیونکہ ان لوگوں کے کان استماع حق سے مسدود اور ان کے اذھان قبول سے رکے ہوتے ہیں شیخ سعدی قدس سرہ نے کیا خوب فرمایا۔

فہم سخن چوں نکند مستمع　　قوت بلغ از متکلم مجو

نصحت میدان ارادت بیار　　تا بزند مرد سخن گوی گو

ترجمہ : سننے والا اگر سخن فہمی کی استعداد نہیں رکھتا تو اس سے بولنے والے کا کیا قصور اے مخاطب تجھی اپنے ارادات کو بلند کرو تاکہ نصیحت کرنے والا کھلے دل سے نصیحت کر سکے یعنی عقل عزیزی سے حق کو حاصل نہیں کرتے۔

تفسیر صوفیانہ

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ میں اشارہ ہے کہ برے اسلاف سے منہ موڑنا چاہیے اور اہل بدع سیئہ کی اتباع سے دور بھاگنا ضروری ہے اس لئے کہ وہ طریق حق میں سے کسی شئے کو نہیں جانتے بلکہ وہ صحرائے دنیا کی محبت میں حیران و سرگردان پھرتے ہیں ان کا دعوی تو ہوتا ہے کہ اہل علم ہیں حالانکہ انہیں علم کی بو تک نصیب نہیں ہوتی بلکہ وہ اپنے علوم کو مال اور جاہ و جلال کا ذریعہ سمجھتے ہیں اہل طلب کیلئے وہ رہزن ڈاکو ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بعض آسمانی کتب میں فرمایا کہ اس کے متعلق مت پوچھ جسے جب دنیا

marfat.com
Marfat.com

نے مخمور و مسحور کر ڈالا کیونکہ وہ تو میرے بندوں کے لئے رہزن اور ڈاکو ہیں ہاں جسے جادہ حق اور شریعت کا راستہ نصیب ہے اسے طریقت کے مقامات کے راستے معلوم ہوتے ہیں ان کی اقتداء جائز ہے وہی اس کے اہل ہیں کہ ان کو حقیقت کی طرف راہ ملتا ہے نہ وہ جو کہ مدعی ہیں کہ انہیں آباؤ سے یہ وراثت ملی ہے انہیں راہ ہدایت سے کچھ بھی نصیب نہیں ہوتا اور نہ ہی اقتداء کے لائق ہیں۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

چوں کنعاتر اطبیعت بے ہنر بود　　پیمبر زادگی قدرش نیفزود

ہنر بنما اگر داری نہ گوہر　　گل از خار است وابراہیم از آزر

ترجمہ: جب کنعان بن نوح کی طبیعت بے ہنر تھی پیغمبر زادگی سے اسکی قدر و منزلت بڑھ نہ سکی ہنر دکھا اگر کچھ تیرے پاس ہے دنیا دولت دکھانے کا کوئی فائدہ نہیں دیکھئے گل کانٹے سے اور ابراہیم علیہ السلام آزر کی برادری سے پیدا ہوئے ہیں۔

تاویلات نجمیہ کی صوفیانہ نفیس تفسیر: عالم ارواح میں میثاق کے وقت کافروں کی مثال ایسی تھی جب اللہ تعالیٰ سُبْحَانَهُ فرمایا تو انہوں نے اس آواز کو ایسے سنا جیسے جانور کو آواز دینے والا آواز دیتا ہے تو وہ کچھ نہیں سنتے تھے کیونکہ وہ آخری صف میں تھے اس لئے کہ اس وقت ارواح بہت بڑے لشکر میں بٹے ہوئے تھے اس وقت ان کی چار صفیں تھیں صف اول حضرت انبیاء کرام علی نبینا علیہم السلام کی صف دوئم حضرات اولیاء عظام رحمۃ اللہ تعالیٰ کی تیسری صف مومنین کی چوتھی کافروں کی۔ اس وقت وہ ذرات حاضر کئے گئے جو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت میں تھے ہر ذرہ کو اپنی روح کے بالمقابل کھڑا کیا گیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ حضرات انبیاء کرام علی نبینا وعلیہم السلام نے اللہ تعالیٰ کی مکمل آواز بلا واسطہ سنی اور اس کے جمال کے انوار کا بلا حجاب مشاہدہ کیا اسی وقت وہ نبوت و رسالت اور مکالمہ اور وحی کے مستحق ٹھہرے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ اللہ تعالیٰ جس سینے کو موزوں دیکھتا ہے وہاں رسالت رکھتا ہے اولیا کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ نے بھی اللہ تعالیٰ کا کلام سنا اور اس کے جمال کے انوار کا حجاب ارواح انبیاء علیہم السلام کے انوار سے مشاہدہ کیا اسی لئے انبیاء کرام علیہم السلام کی تابعداری کے لائق ٹھہرے اور متابعت کے حقوق کی ادائیگی کی بدولت کلام الہام اگرچہ حجاب سے ہی کے مستحق ہوئے اور مومنین نے بھی حق کا خطاب

marfat.ocm
Marfat.com

سنا لیکن حضرات انبیاء اولیاء کے حجاب کے واسطہ سے اسی لئے وہ ایمان بالغیب سے نوازے گئے اور حضرت انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت کو قبول کیا جب انہیں جبریل اور حضرات انبیاء علیہم السلام کی رسالت کے پردے سے پیغامات الٰہی پہنچتے ہیں تو کہتے ہیں وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا نے مانا اور اطاعت کی اس تقریر کی تائید اللہ تعالیٰ کے اس قول سے ہوتی ہے مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ یعنی حجاب کے واسطہ سے اولیاء سے کلام کرتا ہے اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا بھیجتا ہے مومنین کے لئے جب کافروں نے تین پردوں سے کلام سنا تو ان کی مثال ایسے ہوگئی جیسے کوئی آواز دے رہا ہو۔ ایسی چیز کو کسی کی پکار کو سنتا ہی نہیں ان بے چاروں کو کمال حق کے انوار کا ذرہ بھر بھی مشاہدہ نہ ہوا اور نہ ہی وہ کلام حق کو کچھ سمجھ سکے ہاں انہیں مومنین کے ذرا سے حجاب کی آز میں بلی کی آواز سنی گئی تو اس بناء پر اپنے آباؤ اجداد کی غلط تقلید میں پھنس گئے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا اور فرمایا فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ پھر جب ان کی ارواح اجسام سے متعلق ہوئی اور حواس کے میل کچیل اور قوی سے ملے اور صفات حیوانیہ کی ظلمات سے تاریکی میں پڑے اور حیوانی عادتوں اور شیطانی اخلاق کی عادت ڈالنے پر ان کے دلوں پر غفلت کا دھبہ چھا گیا اور لذت جسمانیہ میں منہمک ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں اندھا اور بہرہ بنا دیا۔ اس لئے اب وہ دعوت انبیاء علیہم السلام کو سماع قبول سے بہرے اور حق کی بات اور توحید کے اقرار سے گونگے اور آیات معجزات کے دیکھنے سے اندھے ہیں اس لئے اب وہ ہمیشہ ہمیشہ تک کچھ نہیں سمجھتے کیونکہ اپنے عقول کی چمک کو غفلت کے دھبہ سے خراب کر دیا اور انوار روحانی کے فیوضات سے محروم ہو گئے۔ حضرت صائب نے فرمایا :۔

چرا از غیر شکایت کنم کہ ہمچو حباب ۔ ہمیشہ خانہ خراب خویشتم

ترجمہ: میں غیر سے کیوں شکایت کروں میری مثال حباب کی ہے کہ اس کا خانہ خراب اس کی اپنی ہوا نے کیا ہے۔

مثنوی شریف میں ہے۔

گرچہ ناصح را بود صد داعیہ ۔ پند را اذنے بباید داعیہ

تو بصد تلطیف پندش می دہی ۔ او پندت میکند پہلو تہی

یک کس نا مستمع را بستر زدرد ۔ صد کس گو بندہ را عاجز کند

marfat.com
Marfat.com

زانبیاناصح ترو خوش لہجہ تر — کے بود کہ رفت ومشاں درحجر
زانچہ کوہ وسنگ درکار آمدند — می نشد بد بخت را بکشادہ بند
آپختاں دلہا کہ بدشاں مادمہ — نقشاں شد بل اشد قسوہ

ترجمہ : اگر ناصح کو نصیحت کے کئی اسباب حاصل ہوں لیکن اس کی نصیحت کے لئے بھی حق کو قبول کرنے والا کان ضروری ہے جب نہ ماننے والے کان ہوں تو اسے کتنا بہتر کہ وہ ہرگز نہ مانے گا۔

سبق : دانا پر ضروری ہے کہ رضائے الٰہی کے راستہ پر چل کر اپنے حال کا تدارک کرے اور گذشتہ زندگی پر ندامت کا اظہار کرے یہ محقق کامل کی ترتیب کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا اس لئے عام انسان اپنے رب سے محبوب ہوتا ہے اور اس کا پردہ یہی غفلت ہے اور فضل ربانی کے بغیر یہ غفلت دور نہیں ہوسکتی ہاں اس کے ہٹانے کے اسباب بھی ہیں اور اس کا علاج سوائے تجربہ کار حکیم کے اور کوئی نہیں کرسکتا اور وہ حکیم مرشد کامل ہے جب یہ غفلت قلب سے ہٹ جاتی ہے اور غیب کے علاقہ کی طرف قلب کا دریچہ کھل جاتا ہے تو سالک توحید کا اقرار تحقیقا کرتا ہے نہ تقلیدا اس وقت ان کی توحید تفریدا ہوتی ہے اس کے بعد اس کا معاملہ برعکس ہوجاتا ہے بایں معنی کہ محبوب کے ماسوی کی خبروں سے وہ بہرا اور حقیقت سے راز کے افشاء سے گونگا اس دار فانی میں اغیار کے دیکھنے سے اندھا ہوجاتا ہے اے اللہ ہمیں غلط تقلید سے بچا کر حقیق توحید تک پہنچادے تو حمید ومجید ہے۔

تفسیر عالمانہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا اے ایمان والو رزق کھاؤ مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ان حلال رزقوں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا۔

سوال: آیت میں حلال کی قید کیوں لگائی گئی؟

جواب : مَا رَزَقْنٰكُمْ عام ہے حلال ہو یا حرام اور اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ حلال وحرام رزق کا رازق وہی ہے لیکن مومن کو حکم ہے کہ صرف حلال رزق کھائے یا طیبات سے لذیذ اشیاء مراد ہیں کیونکہ مَا رَزَقْنٰكُمْ کا رزق شامل ہے لذیذ ہو یا ناپسندیدہ۔

ف : حضرت ابن الشیخ فرماتے ہیں یہی معنی اس مقام کے لئے مناسب بلکہ اولی ہے اس لئے کہ وہ اشتباہ سے پاک ہے اس کی وجہ یہ بتائی کہ یہ مقام مقام انسان ہے اس نے لذائذ بطور احسان عنایت فرمائے ہیں اور شکر

marfat.ocm
Marfat.com

منعم منان کا بھی انہیں لذائذ ضروری ہے۔

ف : طیب کے تین مراتب ہیں۔ ۱۔ طبعی طور لذیذ ۲۔ شرعا مباح ۳۔ وضعا پاک

تفسیر صوفیانہ آیت میں ارشارہ ہے کہ قسم وقسم کے میوہ جات سے نفع اٹھاؤ اس لئے کہ وہ طیبات ہیں۔ لیکن اس کا ترک افضل ہے تا کہ سالک اپنے مرتبہ سے گر نہ جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا

ف : کل طیبات کے امر میں دو فائدے ہیں۔

۱۔ ان طیبات کا کھانا امر الٰہی کی تعمیل ہو نہ کہ طبعی طور پر تا کہ دیگر حیوانات سے ممتاز ہوں اور نور شریعت کی برکت سے طبیعت کی تاریکی کے حباب ہٹ جائیں۔

۲۔ طیبات کو امر الٰہی کی وجہ سے کھائیں اور ثواب پائیں۔

وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کا شکر کرو اس پر کہ اس نے تمہیں طیبات عنایت فرمائے اور یہ چیزیں تمہارے لئے حلال فرمائیں شکر، ظاہری اور باطنی اعضا کو اسی پر صرف کرنا جن کے لئے وہ پیدا کئے گئے ہیں۔

مسئلہ: یہ امر وجوبی ہے استحبابی نہیں اس لئے کہ عاقل پر واجب ہے کہ یوں اعتقاد رکھے کہ وہ ذات کہ جس نے اسے پیدا کیا اور پھر لاتعداد ولاتحصی نعمتوں سے نوازا وہ نہایت درجہ کی تعظیم کا مستحق ہے اور اسے زبان اور دیگر اعضاء سے ظاہر کرے۔

تفسیر عالمانہ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ اگر تم اسی کی عبادت کرے ہو یعنی اگر اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے اور صرف اسی کو عبادت کا مستحق سمجھتے ہو تو اس کا شکر کرو کیونکہ ایمان تو شکر کو واجب قرار دیتا ہے بلکہ یہ شکر ایمان کے شرائط میں سے مثلاً کوئی شخص کہے مجھے تیرے ساتھ محبت ہے تو وہ اسے کہتا ہے ان کنت لی محبا فافعل کذا اگر تجھے میرے ساتھ محبت ہے تو تم ایسے کر کے دکھلاؤ اس جملہ میں صرف شرط اسی لئے داخل کرتا ہے تا کہ محب کو اس کے حکم کردہ امر کی ادائیگی میں جوش آجائے اور ظاہر ہو جائے کہ محبت کی علامت ایک یہ بھی ہے کہ محبوب کے حکم کی تعمیل کی جائے۔

ف : یہ بھی یاد رہے کہ یہ ان شرائط میں سے نہیں کہ انتفاء شرط سے مشروط کی نفی ہو اس لئے کہ اگرچہ بندہ عبادت

marfat.com
Marfat.com

نہیں کرتا تب بھی اس پر شکر لازم ہے۔

قدسی حدیث شریف: میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا انس وجن کا عجیب معاملہ ہے کہ ان کا خالق میں ہوں لیکن وہ میرے غیر کی پرستش کرتے ہیں اور انہیں رزق میں دیتا ہوں لیکن شکر میرے غیر کا کرتے ہیں۔ حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

مکن گردن از شکر منعم پیچ کہ روز بہ پسیں سر برآری ہیچ

ترجمہ: ایسا نہ کر اللہ تعالیٰ کے حکم سے گردن پھیر تیرے حکم سے بھی کوئی شئے گردن نہیں پھیرے گی۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر مردار کو حرام کیا الْمَيْتَةَ وہ جانور جو ذبح کے لائق تھا۔ لیکن ذبح کے بغیر مر گیا۔

مسئلہ: عرف کی رو سے ٹڈی اور مچھلی اس حکم سے مستثنیٰ ہیں مثلاً کوئی کہے فلاں نے مردار کھایا تو یہ دونوں یعنی مچھلی اور ٹڈی ذہن میں آئیں گی بھی نہیں۔

مسئلہ: شرعاً عادت کا اعتبار نہیں ہے مثلاً کوئی قسم کھائے کہ میں گوشت نہیں کھاؤں گا اس کے بعد مچھلی کھائی تو حانث نہ ہوگا اگرچہ اس نے حقیقۃً گوشت کھایا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا تاکہ تم تازہ گوشت کھاؤ۔

مسئلہ: مردار کی تحریم سے اس کے کھانے اور اس کے دودھ پینے اور اسے بیچ کر نفع اٹھانے کی حرمت مراد ہے کیونکہ احکام شریعہ کا تعلق افعال سے ہوتا ہے نہ کہ اعیان سے۔ وَالدَّمَ اور بہتے ہوئے خون کو حرام فرمایا۔

مسئلہ: جگر اور تلی اس حکم سے مستثنیٰ ہیں باعتبار عرف کے اس لئے وہ دونوں حلال ہیں۔

وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ اور خنزیر کے گوشت کو حرام کیا۔

مسئلہ: اہل اسلام کا اجماع ہے کہ خنزیر نجس العین ہے اس لئے کہ اس کے جسم کے جمیع اجزاء حرام ہیں۔

سوال: جب خنزیر کے تمام اجزاء حرام ہیں تو پھر صرف گوشت کا نام کیوں لیا گیا۔

جواب: حیوان سے نفع اٹھانے کی سب سے اعلیٰ چیز گوشت ہے نیز حیوان کے اجزاء کے اصل یہی ہے جب اصل کا ذکر ہو جاتا ہے تو فرع اس میں خود بخود شامل ہو جاتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اور حرام کیا اللہ تعالیٰ نے وہ جو پکارا ہے غیر اللہ کے لئے یعنی حرام کیا گیا ہے جو کہ بتوں کے لئے ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہے۔

ف: اہلال کا اصلی معنی رفع الصوت ہے اور بت کے پجاریوں کے عادت تھی کہ جب بتوں کے لئے جانور ذبح کرتے تو ان کے نام لے کر آواز کو بلند کرتے اور کہتے باسم الات والعزی پھر اس طرح سے ان کی ایسی عادت بن گئی کہ ہر ذبح کو مہمل کہا جاتا اگر چہ وہ ذبح کے وقت بسم اللہ جہر سے نہ بھی کہتا۔

مسئلہ: علماء کرام فرماتے ہیں کہ کوئی مسلمان کسی جانور کو ذبح کرے اگر چہ اس پر بسم اللہ بھی پڑھے لیکن اس کا ارادہ تقرب الی غیر اللہ یعنی غیر اللہ سے ثواب اور قربت کا طالب ہو تو وہ شخص مرتد خارج از اسلام اور وہ ذبح کیا ہوا جانور حرام ہے۔

مسئلہ: اہل کتاب کا ذبح کیا ہوا جانور ہمارے لئے حلال ہے۔ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ اہل کتاب کے طعام تمہارے لئے حلال ہیں۔

مسئلہ: جب یہ اہل کتاب جانور پر غیر اللہ کا نام لے تو وہ حرام ہے وہ اس آیت کے حکم سے خارج ہے اس لئے کہ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ عام ہے اور یہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ خاص ہے اور علم تفسیر کا قاعدہ ہے کہ خاص کو حکم میں عام سے مقدم کیا جاتا ہے۔

اضافہ اویسی: اس آیت کو لے کر ہمارے دور کے معتزلہ دیوبند وغیرہ طرح طرح کے مغالطے ڈالتے ہیں صاحب روح البیان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اگر چہ وضاحت فرمادی لیکن ناظرین کے لئے چند اور حوالہ جات حاضر ہیں۔ تا کہ مزید تسکین و تسلی ہو یاد رہے کہ یہ آیت قرآن پاک میں چار مقامات پر وارد ہوئی۔

☆..... پ۲ ع ☆..... پ۱ ع ۵ ☆..... پ۵ ع ۵ ☆..... پ۱۴ ع ۲۱

ان آیات کا مفہوم متقدمین نے جس طرح بیان فرمایا ہے وہ ہدیہ ناظرین کرتا ہوں مزید تحقیق کے لئے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت سیدنا الحاج علامہ امام اہلسنت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ کی تصانیف اور امام لاولیاء، مقدام العلماء اعلیٰ حضرت سیدنا پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی قدس سرہ کی کتاب اعلاء کلمۃ اللہ کا مطالعہ کیجئے۔ فی الحال چند حوالے ملاحظہ ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ مفر دات راغب اصفہانی (صفحہ ۵۶۶ مطبع مصر)

وما اهل به لغير الله اى ماذكر عليه غير اسم الله وهو كان ينبح لاجل الاصنام

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ جس پر غیر نام خدا ذکر کیا گیا یہ وہ جانور ہے جو بتوں کیلئے ذبح کیا جاتا تھا)

وماهل به لغير الله الذى اى ذبح على اسم غير ولا هلا رفع الصوت

وكانوا يرفعونه عند الذبح لالهتم

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا اور اہلال کا معنی آواز بلند کرنا ہے اور مشرکین اپنے معبودوں کے لئے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کرتے تھے)

۲۔ تفسیر مدارک تحت آیت مذکورہ بالا

وما اهل به لغير الله اى ذبح الاصنام فذكر عليه غير اسم الله واصل الاهلال رفع الصوت

رفع به الصوت المنم وذالك ولك قول اهل الجاهليه باسم الات والعزى

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو بتوں کے لئے ذبح کیا گیا اس پر غیر نام خدا ذکر کیا گیا اور اصل میں اہلال آواز بلند کرنا ہے یعنی اس کے ساتھ بت کے لئے آواز بلند کی گئی اور یہ اہل جاہلیت کا بنام لات وعزی کہلاتا تھا لات وعزی مشرکین کے بتوں کے نام ہیں ان کے لئے جو جانور قربانی کرتے تھے ان کو بنام لات وعزیٰ کہہ کر ذبح کرتے تھے۔

۳۔ تفسیر لباب التاویل (صفحہ ۱۱۵ ج ۱)

وما اهل به لغير الله يعنى ماذبح الاصنام والطو اغيب واصل الاهلا ل رفع الصوت

وذالك انهم كانوا يرفعون اصواتهم بزكر الهم اذاذبحوا لها

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو بتوں اور باطل معبودوں کے لئے ذبح کیا گیا اہلال اصل میں آواز بلند کرنا ہے اور یہ بات یوں ہے کہ مشرکین اپنے معبودوں کے ذکر کے ساتھ آوازیں بلند کرتے جس وقت کہ ان کو ذبح کرتے تھے)

۴۔ تفسیر کبیر (صفحہ ۱۴۰ ج ۲)

وما اهل به لغير الله يعنى ماذبح الاصنام وهو فعل مجاهد وضحاك وقتاده وقال

ربيع انس وابن زيد يعنى ماذكر عليه غيرا سم الله وهذا لقول اولى الله اشد مطابقيه

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ جو بتوں کے لئے ذبح کیا گیا ہو یہ قول مجاہد وضحاک وقتادہ کا ہے ربیع ابن انس اور ابن زید نے کہا یعنی وہ جس پر غیر نام خدا ذکر کیا گیا ہو اور یہ قول ادنی ہے کیونکہ اس میں مطابقت لفظی زیادہ ہے)

marfat.com
Marfat.com

۵۔ تفسیر علامہ ابی السعود (صفحہ ۲۱ ج ۲)

وما هل به لغير الله رفع به الصوت عند ذبحه الصنم

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ چیز جس کو بت کے لئے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کی گئی ہو)

ان تمام تفاسیر سے ثابت ہوا کہ وقت ذبح جس جانور پر غیر اللہ کا نام پکارا جائے اس کا کھانا حرام ہے مشرکین عرب بتوں کی قربانی کے جانور وقت ذبح غیر خدا کا نام لیتے تھے اور جس جانور پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو وہ حلال ہے اگر چہ عمر بھر اس کو غیر نام سے پکارا ہو مثلاً یہ کہا زید کی گائے، عبدالرحمٰن کا دنبہ، عقیقہ کا بکرا، ولیمہ کی بھیڑ مگر وقت ذبح بسم اللہ اللہ اکبر کہا ہو اللہ، اللہ کے سوا کسی اور کا نام نہ لیا گیا ہو تو وہ حلال طیب ہے اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں داخل نہیں اللہ رب العزت نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ اور نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا اور بے شک یہ حکم عدولی ہے تو جس پر اللہ کا نام لیا گیا اور وہ نام خدا پر ذبح کیا گیا اس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اس کی آیتیں مانتے ہو اس کے بعد ارشاد فرمایا وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اور تمہیں کیا ہوا کہ اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا ہو۔

۵۔ تفسیر احمدی (مطبوعہ کلکتہ صفحہ ۴۰)

وما اهل به لغير الله به ذبح به لاسم غير الله مثل لات وعزى واسماء الانبياء وعزى ذالك فان افرد به اسم غير الله اوذاكر معه اسم الله اطفا بان يقول باسم الله ومحمد رسول الله بالجرحرم الذبيحته وان ذكر معه مرصولا لا معطوفا بان يقول باسم الله محمد رسول الله كره ولا يجرم وان ذكر مفصولا بان يقول قل السميه وقبل ان يضبح الذبيحه اديعد الاباس به هكذا فى الهدايته من هاهنا علم ان البقره المنذورة فلا اولياء كما هو لارسم زماننا حلال طيب لانه لم ينكر اسم غير الله عليها وقت الذبح وان كانو اينذرونها له

(وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ہو مثلاً لات وعزی وغیرہ بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا ہو یا انبیاء علیہم السلام وغیرہ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو تو اگر تنہا غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا یا اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ عطف کر کے دوسرے کا نام ذکر کیا اس طرح باسم اللہ ومحمد رسول اللہ کہا لفظ محمد کے جر یعنی زیر کے ساتھ عطف کر کے تو ذبیحہ حرام ہے

marfat.com
Marfat.com

اور اگر نام خدا کے ساتھ ملا کر دوسرے کا نام بغیر عطف کے ذکر کیا مثلاً یہ کہا باسم اللہ محمد رسول اللہ تو مکروہ ہے حرام نہیں اور اگر غیر کا نام خدا ذکر کیا اس طرح کہ بسم اللہ کہنے سے پہلے اور جانور کو لٹانے سے قبل یا اس کے بعد غیر کا نام لیا تو اس سے کچھ مضائقہ نہیں ایسا ہی ہدایہ میں ہے یہ اس سے معلوم ہوا جو گائے اولیاء کے لئے نذر کی جاتی ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں رسم ہے وہ حلال طیب ہے اس لئے کہ اس پر وقت ذبح غیر اللہ کا نام نہیں لیا گیا اگرچہ ان کے لئے نذر کرتے ہوں)

ان عبارات سے روز روشن کی طرح معلوم ہو گیا کہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے اس ذبیحہ کی حرمت ثابت ہوتی ہے جس کو غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ہو اور وقت ذبح غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو اس کے علاوہ کوئی اور چیز یہ آیت حرام نہیں کرتی نہ فقیر والا آم جس پر ہمیشہ فقیر کا نام لیا جاتا ہے اور نہ کوئی اور چیز جو کسی کے نام سے مشہور ہو نہ وہ ذبیحہ جس پر ذبح سے قبل یا بعد غیر خدا کا نام ذکر کیا گیا جو حتیٰ کہ اگر ذبح میں خاص قربانی کے دن یہ کہا جائے کہ پہلے عبدالرب کی گائے ذبح ہو گئی پھر عبدالکبیر کی پھر رسول بخش کی اور اس کے بعد وہ گائیں صرف بسم اللّٰہ ،اللّٰہ اکبر کہہ کر ذبح کی جائیں تو وہ حلال ہیں۔قربانی مقبول ہے اور ایسے اطلاقات احادیث میں بکثرت ملتے ہیں لہٰذا فاتحہ دینا وصدقات وخیرات وغیرہ کو وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں داخل کرنا قرآن کریم کے معنی کی تبدیلی اور تمام تفاسیر معتبرہ کی مخالفت ہے۔اویسی غفرلہ.

فَمَنِ اس من کے متعلق احتمال ہے کہ شرطیہ وموصولہ ہو اضْطُرَّ پس وہ شخص جو محتاج اور مجبور ہو جائے اس شئے کے کھانے پر جسے اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا کہ سوائے اس حرام کے اور کوئی شے میسر نہ ہو تو پھر کھا پی لے۔

ف: اضطرار کا مطلب یہ ہے کہ اگر اس شے کو عمل میں نہیں لائے گا تو زندہ نہیں بچ سکے گا اس کا کوئی عضو تلف ہو جائے گا۔

غَيْرَ اس غیر کا منصوب ہونا بنا نے حال ہے کیونکہ قاعدہ ہے کہ جب وہ الا کے قام مقام کھڑے ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو تو اس وقت وہ غیر حالیہ ہوتا ہے اگر وہ الا کے معنی کی صلاحیت رکھتا ہے تو اس وقت وہ استثنائیہ ہوگا۔ اگر ان دونوں کے لائق نہیں تو وہ غیر صفت کا معنی دے گا۔اور یہاں پر فعل محذوف کا فاعل ہے جو کہ اضطر کے بعد محذوف ہے اصل عبارت یوں تھی فمن اضطر احدام بن الی تناول شئی من هذا المحرمات یعنی پس جس شخص کو ان حرام اشیاء کو عمل میں لانے پر ایک دو امروں سے مجبور کر دے ان دونوں میں سے ایک یہ کہ اسے سخت بھوک لاحق ہو اور اسے اس حرام شئے کے سوال اور کوئی ایسے شئے نہ ملے کہ جس سے قوت لایموت ہو

Marfat.com

سکے دوسرا یہ کہ اس حرام شئے کے عمل میں لانے سے جبر کیا جائے لیکن شرط یہ ہے کہ کھاتے وقت بغاوت کرنے والا نہ ہو۔ دوسرے مجبور و مضطر پر۔ مثلاً کسی دوسرے مضطر کو بھی اس شئے کی ضرورت ہے لیکن یہ اس سے چھین کر اپنی زندگی بچالے حالانکہ دوسرا اسی حالت میں مرجائے۔ یہ بالکل حرام ہے کیونکہ دوسرے کو بھوکا مارنا اور خود زندہ بچ جانا اچھا نہیں۔

وَلَا عَادٍ اور نہ ہی حد سے متجاوز کرنے والا ہو عـاد، عـدو سے مشتق ہے بمعنی کسی امر کا حد سے بڑھ جانا اور اس سے تجاوز کر جانا جب کہ اس امر کے متعلق حد مقرر کی گئی ہو یعنی کھاتے وقت بھوک کی جب ضرورت پوری ہو جائے تو اس کی حد سے تجاوز نہ کرے۔

مسئلہ: حرام شئے بوقت اضطرار اتنا کھائے کہ جس سے جان بچا سکے یعنی معمولی طور پر بھوک رفع کرے۔

فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ شدید ضرورت کے وقت حرام شئے کو عمل میں لائے بے شک اللہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ ہے اس لئے کہ جس نے بوقت اضطرار کھایا رَّحِيْمٌ ہے اس کے رخصت دینے پر۔

سوال: اس آیت میں باقی محرکات کا ذکر کیوں نہیں ہوا؟

جواب ۱: یہ آیت حصر کے لئے نہیں بلکہ کفار کی غلط روی کے نمونے بیان کئے جو کہ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو حلال سمجھ کر کھا جاتے تھے مثلاً مردار کو کھاتے ہوئے کہتے کہ جسے تم خود مارتے ہو وہ حلال ہے اور جسے اللہ تعالیٰ مار دے وہ کیوں حلال نہ ہو اسی طرح دم مسفوح پی جاتے اور خنزیر اور بتوں پر ذبح کئے ہوئے جانور کھا جاتے اللہ تعالیٰ نے ان کی حلال کردہ اشیا کو حرام کر کے واضح فرمایا۔

خلاصہ جواب: یہ قصر اس معنی پر ہے کہ جن اشیاء کو وہ حلال سمجھتے تھے یہ قصر مطلق نہیں۔

جواب ۲: بعض نے اس سوال کا جواب یوں دیا ہے کہ مَيْتَة کے لفظ میں المریدیہ بھی داخل ہے یعنی وہ جانور جو کنوئیں یا پانی میں یا اوپر سے نیچے گر کر مر جائے اور الـمـنـخـنـقـه یعنی وہ جانور جس کا گلا گھونٹ کر مارا جائے اور الموقوذة یعنی وہ جانور جو لکڑی سے مارا جائے اور المنخنقه وہ جانور جسے دوسرے جانور نے سینگ مار کر مارا ہو اور وہ جسے درندہ کھا جائے اور جس پر عمداً بسم اللہ ترک کی جائے وغیرہ وغیرہ سب اَلْمَيْتَةَ کے حکم میں داخل ہیں۔

مسئلہ: حلال جانور کی دس چیزیں مکروہ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ خون ۲۔ غدود ۳۔ قبل ۴۔ دبر ۵۔ ذکر

۶۔ دونوں خصیے ۷۔ پتہ ۸۔ مثانہ ۹۔ پیٹھ کی ہڈی۔ ۱۰۔ تلی

خون تو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے تصریح فرمائی حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ اور باقی اس لئے کہ یہ تمام خون سے بنتے ہیں۔

حدیث شریف: شیخ الشہید مافتادہ آفندی قدس سرہ نے فرمایا حضور ﷺ نے حلال جانور کی تلی کبھی نہیں کھائی اور نہ ہی گردہ اور نہ ہی تھوم اگرچہ ان کے کھانے سے رد کا بھی نہیں بہتر یہی ہے کہ یہ اشیاء نہ کھائی جائیں تا کہ آپ کی تابعداری صحیح معنی پر نصیب ہو۔

ف: بعض لوگ کہتے ہیں کہ پتہ نہ کھانے کی ایک وجہ یہ ہے کہ منی خروج کرتی ہے تو سب سے پہلے اسی پتے میں پہنچ کر پھر یہاں سے خارج ہوتی ہے اور تلی نہ کھانے کیوجہ یہ ہے کہ یہ جہنمیوں کا کھانا ہے۔

(کذافی واقعات والھدائی قدس سرہ)

مسئلہ: حرام شئے سے علاج جائز نہیں اگرچہ اس کے استعمال سے شفا ممکن بھی ہو اگر حرام شئے کو استعمال نہیں کیا اور مر گیا تو گنہگار نہیں ہوگا۔ کیونکہ حرام شئے کے استعمال سے شفا ظنی ہے یقینی نہیں اس لئے ممکن ہے کہ اسے اس شئے کے استعمال کے بغیر بھی شفا ہو جائے۔

مسئلہ: الاشباہ و النظائر میں ہے کہ نجاستوں اور شراب سے مریض کا علاج کرنا جائز ہے بہ بنائے احد القولین.

مسئلہ: قاضیخان میں ہے کہ نجاسات وغیرہ سے علاج کرنا ناجائز ہے اور قاضیخان نے اس کو مختار بتایا۔

مسئلہ: طبیب کو غیر کے ستر کو دیکھنا علاج کی خاطر جائز ہے اسی طرح بیگانی عورت اور مخصوص اعضاء کو بھی۔

مسئلہ: خانیہ میں تصریح فرمائی ہے کہ پیاسے کو بحالت اضطرار شراب بقدر ضرورت پینا جائز ہے۔

سوال: حضرت صدر الشہید رحمۃ اللہ فرماتے ہیں الاستشفاء بالحرام یعنی حرام شئے سے علاج کرنا حرام ہے۔

جواب: یہ ان کا ضابطہ کلیہ نہیں نہ وہ اپنے اطلاق میں ہے کیونکہ حرام شئے سے علاج کرنا اس وقت حرام ہے جبکہ ہمیں معلوم نہ ہوا کہ اس سے شفا ہوگی یا نہ لیکن جب ہو اس علاج سے شفا ضرور ہوگی تو حرام نہیں مگر اس میں

marfat.com
Marfat.com

شرط ہے کہ یہ معلوم ہو کہ اس کے سوا اس کا کوئی علاج نہیں ہے تب جائز ہے۔

سوال: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا ان اللّٰہ لم یجعل شفاؤکم فیما حرم علیکم بے شک اللہ تعالیٰ نے حرام اشیاء میں تمہاری شفا مقدر نہیں فرمائی۔

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا یہی مطلب ہے کہ جس بیمار کے متعلق معلوم ہو کہ اس کا علاج حلال شئے سے ہوسکتا ہے تو پھر اس وقت حرام شئے سے علاج کرنا حرام ہے اس لئے کہ اس وقت حلال سے روگردانی کر کے حرام شئے کی طرف رجوع کرنا لازم آتا ہے اور وہ ناجائز ہے البتہ جب یقین ہو کہ اس بیماری کا علاج اسی حرام شئے سے ہے تو پھر بامر مجبوری حرام شئے سے علاج کرنا جائز ہے۔

مسئلہ: تہذیب میں ہے کہ جس کی بیماری لاعلاج ہو اور اسے کوئی مسلمان طبیب بتائے کہ تیری شفا پیشاب یا خون پینے میں ہے تو اسے پیشاب یا خون پینا جائز ہے لیکن شرط یہ ہے کہ مباح شئے میں اس کا عوض اور بدل نہ مل سکے۔ (کذافی شرح چہل حدیث لعلامہ الروم ابن اکمال رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ)

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے یہ ظاہری اشیاء حرام فرمائی ہیں اسی طرح تمہارے لئے چند باطنی امور بھی حرام فرمائے ہیں وہ ہیں غیر اللہ کے مشاہدات مثلاً الْمَیْتَۃَ سے مراد دنیا سے ہے دم سے شہوات نفسانیہ۔

حدیث شریف: حضور کریم ﷺ نے فرمایا ان الشیطان لیجری فی ابن ادم مجری الدم بے شک شیطان ابن آدم خون کے مجاری میں ہے اس لئے کہ اگر خون میں شہوات پوشیدہ نہ ہوتیں تو شیطان کو انسان کے گمراہ کرنے کی طاقت نہ ہوتی اس لئے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا دو مجاری الشیطان بالجوع کی گذر گاہوں کو بھوک سے بند رکھو اس کی وجہ یہ ہے کہ بھوک شہوات کے غلیظ مادہ کو کاٹ کر رکھ دیتی ہے اور الْخِنْزِیْرِ میں خواہشات نفسانیہ کی طرف اشارہ ہے۔ نفس کی خنزیر سے تشبیہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ خنزیر میں چار گندی عادتیں ہیں۔ ۱۔ حرص ۲۔ لالچ ۳۔ کمینہ پن ۴۔ ظاہری حیثیت کا مجسمہ اور یہی عادات نفس میں پائی جاتی ہیں وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ سے وہ عبادات اور قربات الٰہی کے اعمال مثلاً خیرات بدنیہ و مالیہ مراد ہیں جو بغیر خلوص کے ادا کئے جائیں۔ اور ان سے رضائے الٰہی مطلوب نہ ہو بلکہ ریا اور سمعہ مقصود ہو۔

marfat.com
Marfat.com

فَمَنِ اضْطُرَّ الـــخ یعنی مجبور ہو جائے حاجت نفسانیہ کی ضروریات کی وجہ سے یا امر شرعی سے یعنی وہ امور جو اس نے بطور وجوب کے قائم کر لئے ہیں وقت مجبوری انہیں عمل میں لائے لیکن غیر باغ یعنی دنیا کے حرص اور اس کے جمع کرنے سے بطریق حلال کے یا حرام کے پاک وصاف اور نہ ہی شہوات سے حرام کی طرف جھک کر اور حفوظ نفس فی الحلال و الحرام کی طرف متوجہ ہو کر اور نہ ہی طاعات وخیرات، سنن ہوں یا بدعات حسنہ، میں ریا کرتا ہوا وَلَا عَادٍ دینوی ضروریات میں قناعت کی حد سے آگے بڑھ کر اور حد قناعت یہ ہے کہ کھائے اتنا کہ سد رمق ہو اور پہنے ایسا کہ صرف ستر عورت ہو فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ اس پر کوئی گناہ نہیں یعنی اس شخص پر جو ان شرائط کا پابند ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ بخشنا ہے عالمین کے گناہ آثار رحمت سے اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ انوار رحمت سے قائم اور اوصاف رحمت سے موصوف ہو کر اس میں فانی ہو گئے ہیں۔

تاویلات نجمیہ کی صوفیانہ نفیس تفسیر: الغفور و الغفار وہ ہے جو حسن و جمال کو ظاہر کرے اور قباحتوں و گناہوں کو چھپائے یعنی بندہ کے تمام گناہ جو اس سے صادر ہوتے ہیں دنیا میں انہیں چھپائے اور آخرت میں انہیں معاف فرما دے اور بندے کو اس اسم سے فیوض و برکات ملنے کی نشانی یہ ہے کہ وہ اپنے دوسرے بھائیوں کے عیوب چھپا کر درگزر کرے۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے مسلم بھائی کے عیوب ڈھانپتا ہے یوم قیامت میں اللہ تعالیٰ اس کے عیوب چھپائے گا۔

مسئلہ: غیبت کرنے والا اور دوسروں کے عیوب تلاش کرنے والا اور برائی کا بدلہ برائی سے دینے والا اس اسم کے فیوض و برکات سے محروم ہوگا ہاں وہ شخص اس صفت غفوری سے موصوف ہو سکتا ہے جو خلق خدا کے عیوب چھپاتا ہے اور اس کی نیکیاں بیان کرتا ہے۔

حکایت: سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک مردہ کتے کے قریب سے گزرے جس کی ہڈیوں سے دماغ باہر نکلنے کو آجاتا آپ نے ساتھیوں سے فرمایا کتے کی بدبو کتنی خراب ہے آپ نے فرمایا اس کتے کے دانت کتنے عجیب ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

سبق: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس طرح سے تنبیہ فرمائی کہ شے گندگی کیوں نہ ہو لیکن ہمیں اس کی گندگی سے آنکھ چرا کر اس کی بھلائی کو دیکھنا چاہیے (کذافی شرح اسماء الحسنی الامام الغزالی قدس سرہ)

تفسیر عالمانہ

اِنَّ الَّذِیْنَ **شان نزول**: یہ آیت یہود کے علماء کے حق میں نازل ہوئی جن کو یہ امید تھی کہ وہ نبی آخر الزماں ﷺ جن کی خوشخبری تورات میں ہے ان کی قوم سے ہوں گے لیکن جب حضور ﷺ تشریف لائے اور وہ عربوں میں بنی ہاشم اور قریشیوں سے ظہور پذیر ہوئے تو انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے اوصاف اور تعریف کی تقریریں تورات میں بدل لیں جب ان کے چیلے تورات میں حضور علیہ الصلوۃ و السلام کی سیرت وصورت کو دیکھتے تو برعکس پاتے اس لئے وہ آپ کی اتباع کی بجائے مخالفت پر تل گئے تا کہ ان کے جاہ جلال میں آنچ نہ آئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری اِنَّ الَّذِیْنَ بے شک وہ لوگ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ الْکِتٰبِ چھپاتے ہیں وہ جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا کتاب میں سے یہ حال ہے عائد محذوف سے انزلہ اللہ حال انہ من الکتب اس سے مراد ہی تورات ہے جو حضور ﷺ کی نعت پر مشتمل تھی۔ وَیَشْتَرُوْنَ بِہٖ اور حضور علیہ السلام کی نعت چھپانے کے عوض خریدتے ہیں ثَمَنًا قَلِیْلًا تھوڑا ثمن یعنی اپنے سے کم مرتبہ لوگوں سے دنیا کی حقیر اشیاء یعنی کھانے پینے کی چیزیں حاصل کرتے ہیں اُولٰٓئِکَ مَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِھِمْ اِلَّا النَّارَ یعنی وہ لوگ ہیں جو نہیں کھاتے اپنے پیٹ میں سوائے نار کے آخرت میں تو نار کا کھانا ظاہر ہے کہ آخرت میں آگ کے انگارے ان کے پیٹ میں بھر دیئے جائیں گے اور دنیا میں ان کے نار کھانے کا معنی یہ ہے کہ نار میں جہنم کے انگارے کھانے کے سبب کو کھاتے تھے اس لئے کہ اپنے سے کم مرتبہ لوگوں سے جو کچھ لیتے رہے وہ جہنم کے انگاروں کا سبب بن کر انہیں جہنم میں کھینچ لے گیا۔

ف: اس پر نار کا اطلاق از قبیل اطلاق المسبب علی المسبب کے ہے اور فِیْ بُطُوْنِھِمْ کا معنی یہ ہے کہ ان کے پیٹ بھر دیئے جائیں گے اکل فی بطنہ و اکل فی بطنہ بطونھم کے ذکر سے مقصود اسے متعلق بنانا ہے یَاْکُلُوْنَ کا کے اکل کا محل اور قرارگاہ وہی پیٹ ہے پھر جب کہ بعض بطونھم نہیں فرمایا بلکہ فِیْ بُطُوْنِھِمْ فرمایا ہے تو اس سے مقصود یہی ہے کہ ان کے پیٹ بھرے ہوئے ہوں گے اس میں مبالغہ ہے کہ وہ گویا پیٹ پر سہارا کر کے نہیں کھاتے بلکہ اسے کھلا رکھ کر کھاتے تا کہ وہ پورے طور پر بھر جائے۔

marfat.com
Marfat.com

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اور نہ ہی اللہ تعالیٰ قیامت میں غضب ناک ہو کر کلام کرے گا۔

سوال: اس میں کفار سے اللہ تعالیٰ کے کلام کی نفی ہے حالانکہ دوسرے مقام پر اثبات کما قال تعالی فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ وغیرہ

جواب: آیت وَلَا يُكَلِّمُهُمُ میں کلام کی بالکلیہ نفی نہیں بلکہ ایک قسم کے غضب سے کنایہ ہے کیونکہ عرف کا قانون ہے کہ کسی سے کلام نہ کرنے کا معنی ہے ناراضگی کا اظہار اور بادشاہوں کی عادت ہے کہ جب کسی سے ناراض ہوتے ہیں تو مغضوب علیہ سے اعتراض کرتے اور ان سے ہمکلام نہیں ہوتے اور کسی سے راضی خوشی کے وقت اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں مہربانی اور لطف وکرم سے۔

وَلَا يُزَكِّيْهِمْ اور وہی انہیں صاف اور ستھرا کرے گا یعنی ان کی تعریف نہ کرے گا اور نہ ہی ان کو قیامت میں گناہوں سے صاف وستھرا کرے گا جیسے مومنین کی مغفرت فرما کر انہیں گناہوں سے پاک اور ستھرا کرے گا۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اور ان کے لئے عذاب دردناک ہوگا یعنی دائمی درد والم کے حقدار ہوں گے اُولٰٓئِكَ یعنی ہولوگ جو کتاب اللہ کو ثمن قلیل لے کر بیچنے والے تھے وہ قلیل ثمن لینے والے نہیں تھے الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا جنہوں نے خریدا جیسے دنیا میں خرید وفروخت کا کاروبار ہوتا ہے الضَّلٰلَةَ گمراہی کو وہ گمراہی کہ جس کا خریدنا بالکل ناممکن ہے بِالْهُدٰى ہدایت کے عوض۔

ف: ہدایت بظاہر ایسی شے نہیں کہ اس پر کوئی دنیا کی شے (اگر بہت ہو) خرچ کر کے لیا جا سکے وَالْعَذَابَ اور عذاب عذاب کے یعنی انہوں نے عذاب خریدا اور یہ بھی ایسی شئے نہیں کہ اسے دنیوی اعتبار سے خریدا جا سکے بِالْمَغْفِرَةِ مغفرت کے عوض وہ مغفرت کہ جس کے حصول کے لئے لوگ بڑی رغبت رکھتے ہیں فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ (پس کس چیز نے انہیں جہنم پر صبر دلایا ہے) یعنی وہ کون سا امر ہے جو انہیں اہل نار کے اعمال پر کشاں کشاں لے جا رہا ہے جب کہ وہ راہ ہدایت چھوڑ کر گمراہی کے راستوں پر چل رہے ہیں اور نار سے مراد اس کا سبب ہے ان کے آپس کی ملابست کی وجہ سے نار بول کر اس کا سبب مراد لیا گیا ہے اور یہ تعجب بندوں کی طرف راجع ہے یعنی بندوں کو تعجب میں ڈالا گیا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ تو تعجب سے پاک ہے اور نہ اس کی شان ہے کہ تعجب کرے کیونکہ تعجب تو جہل سے ہوتی ہے قاعدہ ہے کہ تعجب نفس کو اس لئے لاحق ہوتی ہے کہ نفس سے شئے کا سبب مخفی ہوتا

marfat.com
Marfat.com

اور وہ اپنے نظائر کے خلاف آتا ہے اس لئے نفس کو تعجب لاحق ہے اور رب تعالیٰ ایسے معاملہ سے پاک ہے۔

ذٰلِكَ کا سبب یہ ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے بِاَنَّ اللّٰهَ کتب مطلق کو اتارا بِالْحَقِّ حق کے ساتھ یعنی اس حال میں کہ وہ کتاب منزل من اللہ حق کے ساتھ متلبس ہے پھر لامحالہ جو بھی تکذیب کر کے حق کو چھپا کر جہل و گمراہی کی سواری پر سوار ہو کر چھوڑے گا تو وہ جہنم کے عذاب میں مختلف طریق سے مبتلا ہوگا۔

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ اور بے شک وہ لوگ جنہوں نے کتاب کے بارے میں اختلاف کیا یعنی جنس کتاب کے متعلق اختلاف یوں کیا کہ اس کتاب اللہ کے بعض مضامین پر ایمان لایا اور بعض سے کفر کیا یا اس کتاب سے مراد تورات ہے اس کا معنی بھی یہی ہوگا کہ وہ کتاب تورات کے بعض مضامین پر ایمان لائے اور بعض کے ساتھ کفر کیا مثلاً ان آیات پر ان کا ایمان نہیں تھا جو حضور نبی اکرم ﷺ کی تعریف پر مشتمل تھیں یا آپ کی تشریف آوری کے متعلق تھے۔ یا الکتاب سے قرآن مجید مراد ہے کہ کافروں نے کفر کیا بامعنی کہ بعض کہتے تھے کہ یہ شعر بعض نے کہا یہ جادو ہے بعض نے کہا یہ کہانت ہے لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ البتہ وہ بہت بڑے اختلاف میں ہیں یعنی ایسا اختلاف جو حق اور صواب سے بعید اور بہت بڑے عذاب کا موجب ہے۔

مسئلہ: ان آیات سے بہت بڑی وعید ہے ہر اس شخص کے لئے جو کسی دنیاوی یا غلط حرص کی وجہ سے حق کو چھپاتا ہے۔

سبق: علماء کرام کو چاہیے کہ وہ کتمان حق کی خرابیوں سے بچیں جب وہ حق کو جانتے ہیں تو پھر اسے کیوں چھپاتے ہیں۔

کتمان حق کے اسباب: بادشاہوں اور امراء وزراء اور ارباب دنیا سے حق چھپانے کے چند وجوہ ہوتے ہیں۔

☆.....خطرہ ہوتا ہے کہ کہیں یہ مرتبہ چھن نہ جائے جس پر وہ ہے اور وہ قدر و منزلت کم نہ ہو جائے جو ان کی طرف سے اسے حاصل ہے۔

☆.....ان حضرات کے احسانات کی وسعت حق گوئی سے باز رکھتی ہے۔

☆.....وہ حضرات خود ان کے ساتھ جب دنیا اور دنیا جمع کرنے کی حرص و ہوا وغیرہ میں شریک ہوتے ہیں اب

marfat.com
Marfat.com

شرم کے مارے انہیں کچھ نہیں کہہ سکتے۔

☆..... چونکہ ماکول ومشروب اور طبوس ومرکوب اور مکانات اور دیگر زیب وزینت مثلاً مکانات کے اندر بہترین برتن ودیگر ازوسامان جمع کرتا اور خدام کی خدمات اور داریوں کے مشاغل وغیرہ میں ایسے منہمک ہوتے ہیں کہ انہیں حق گوئی کا موقع نہیں ملتا انہی وجوہ سے حق گوئی سے چشم پوشی بلکہ ان سے بسا اوقات کھانے پینے کی خاطر غلط باتیں تقویت کے طور کہہ دیتے ہیں۔

ف: وہ نار حرص اور شہوت اور حسد کے انگارے کھا رہے ہیں جو کہ ان کے دلوں پر جا کر انہیں جلا دیتے ہیں اور یہ امور ان کی نیکیوں کو ایسے کھا جاتے ہیں جیسے آگ سوکھی لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

تفسیر صوفیانہ ہر وہ بندہ کہ جس سے وہ عمل اور فعل وقول صادر ہو جو خلاف شرع ہوتا ہے وہ انگارے کی طرح اس پر اثر کرتا ہے جسے وہ جہنم کی آگ میں دھونس دیتا ہے اس وجہ سے فوراً ہی اس کے قلب کو جلا کر راکھ بنا دیا جاتا ہے اسی طرح جس بندے سے نیکی سرزد ہوتی ہے تو اس پر بھی وہ انگارے کی طرح اثر کرتی ہے جسے وہ محبت کی آگ میں دھونس دیتی ہے جس کا اثر قلب پر اس وقت بھی ظاہر ہوتا ہے (اور ایسا کہ اس کے قلب کو ہر محبوب جو اللہ تعالیٰ کے ماسوا ہو) کو جلا دیتی ہے پھر جیسے نار سعیر کہ وہ قلب میں صفات اور اخلاق حمیدہ کو جلا دیتی ہے اسی طرح یہ ماسوی اللہ کو جلا دیتی ہے پھر وہ آگ کو فوراً کھانے لگ جاتے ہیں۔

سوال: مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ کیوں فرمایا؟

جواب: اس لئے کہ ان کا فساد باطن میں تھا اس لئے ان کو عتاب بھی ہوگا۔

سوال: لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ کیوں فرمایا؟

جواب: اس لئے کہ عالم دنیا میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کا کلام چھپایا اور حق کی بات ظاہر نہ کی اسی لئے اللہ تعالیٰ ان سے کلام نہ کرے گا تا کہ برائی کی سزا برائی سے ہو۔

سوال: انہیں صاف وستھرا کیوں نہیں کیا جائے گا؟

جواب: تزکیہ نفس انسان کے لئے ان کے ایمان اور اعمال صالحہ بصدق النیۃ اور تہذیب الاخلاق بآداب شریعت کی وجہ سے مقدر ہوا جب انہوں نے اللہ تعالیٰ سے روگردانی کی تو پھر ان کا تزکیہ نفس کیسا؟

marfat.ocm
Marfat.com

ف: روگردانی کرنے والے علماء تھے جنہوں نے دنیا کے اظہار حق جیسی نعمت کو بیچ ڈالا اور حق تعالیٰ پر خلق کو ترجیح دی اور افضل جہاد سے روگردانی کی۔

حدیث شریف: افضل الجهاد كلمة الحق عند سلطان جابر ظالم بادشاہ کے سامنے حق کہنا بہت بڑا جہاد ہے۔

مسئلہ دلائل: دلائل اور براہین قائم کرنا جہاد اکبر ہے بخلاف تلوار اور نیزوں کے ساتھ جہاد کرنے کے کیونکہ یہ جہاد اصغر ہے۔

نسخہ روحانی: کتمان حق کا دارومدار جب دنیا پر ہے اور قاعدہ ہے دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے۔

بے عمل علماء حفاظ کی سزا کا نمونہ:۔

قیامت کے دن قرآن پاک کے بے عمل حفاظ کو دوزخ کی آگ تیزی سے گرفت کرے گی بہ نسبت بتوں کے پجاریوں کے۔ حفاظ عرض کریں گے یا اللہ اس کی کیا وجہ ہے کہ ہمیں سخت سزا مل رہی ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا عالم اور جاہل میں فرق ہے جو شخص دین دے کر دنیا خریدتا تھا اسے وہ سودا گھاٹے میں پڑا جس کی سزا آج مل رہی ہے اور ایسا شخص ہمیشہ شیطان کے جھگڑے میں معاون رہتا ہے۔

حکایت: کسی شخص نے شیخ ابو مدین سے پوچھا کہ شیطان کو ہمارے سے کیا شکایت ہے؟ شیخ نے فرمایا وہ تمہارے آنے سے پہلے تھا جب کہ اسے معلوم ہوا کہ یہ لوگ میری شکایت کریں گے وہ کہتا ہے میرا کام تو صرف اتنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دنیا کا مالک بنا دیا مجھ سے جو بھی میری دنیا چھینتا ہے تو میں اس وقت تسلی اور آرام سے نہیں بیٹھتا جب تک اس سے اس کا ایمان نہ چھین لوں۔

سبق: مبارکبادی کا مستحق ہے ہر وہ انسان جو دنیا اور اس کی زیب و زینت سے ہاتھ دھو بیٹھا اور دنیا کے گورکھ دھندوں سے جی چرا گیا۔ حضرت سکندر ذوالقرنین کا ایک ایسی قوم پر گذر ہوا جنہوں نے دنیا کو ایک لخت طلاق دے دی اور اپنے گھروں کے دروازے گورستان کی طرف کر دیے اور خوراک کے لئے ساگ اور پتوں پر گزارہ

marfat.com
Marfat.com

بنالیا اور صرف طاعت الٰہی میں مصروف تھے حضرت سکندر نے ان کی سردار کے طرف پیغام بھیجا کہ تمہیں سکندر ملنا چاہتا ہے انہوں نے کہا ہمیں سکندر کی کوئی ضرورت نہیں۔ پھر خود سکندر ان کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی تمہارے پاس سونا چاندی کیوں نہیں۔ انہوں نے کہا ہمارے ہاں ان کا کوئی طالب نہیں۔ پھر وہ ہمارے پاس کیوں ہو اور نہ ہی دنیا کسی کا پیٹ بھر سکتی ہے اس لئے ہم نے اہل قبور سے دوستی جوڑ لی ہے تا کہ ہم کسی وقت بھی موت نہ بھولیں اس کے بعد ان نیکوں کے سردار نے ایک کھوپڑی نکالی اور سکندر کو کہا یہ سر ایک بادشاہ کا ہے جو رعایا پر ظلم کرتا تھا اور دنیا کے تمام اسباب اس کے پاس موجود تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے اسے موت کے گھاٹ اُتارا تو اس پر گناہوں کی سزا کے سوا کچھ بھی نہیں اس کے بعد دوسری کھوپڑی دکھائی اور کہا یہ اس بادشاہ کا سر ہے جو رعایا سے عدل وانصاف کرتا تھا اور رعایا کے لئے بڑا شفیق تھا لیکن موت نے آنا تھا آ گئی۔ مگر اب وہ بہشت کی خوش فضاؤں میں گزار رہا ہے۔ اور اسکے درجات بھی بہت بلند ہیں اس کے بعد اس اللہ والے نے سکندر کے سر پر ہاتھ رکھ پوچھا بتایئے تیرا سر ان دونوں میں سے کونسا ہے یہ بات سن کر سکندر رو پڑے اور عرض کی حضرت جی مجھے اپنے پاس رہنے کی عرض قبول کیجئے میں آپکو اپنی بادشاہی لکھ دیتا ہوں بلکہ وزرات عظمیٰ کا قلمدان آپ کے سپرد کرتا ہوں اللہ والے نے کہا توبہ ذوالقرنین نے کہا کیوں حضور، اس اللہ والے نے فرمایا کہ تمام لوگ تیرے صرف اس لئے دشمن ہیں کہ تیرے پاس جاہ وجلال اور مال واسباب ہے اور یہ سب کے سب میرے دوست ہیں کہ میرے پاس جاہ وجلال اور مال واسباب نہیں۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

در گوشہ قناعت نان پارہ دینہ — در پیش اہل معنی بہتر از صد خزینہ

ترجمہ: اہل حقیقت کے نزدیک قناعت کے گوشہ میں باسی روٹی کا ٹکڑا سو خزانوں سے بہتر ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

کچھ اصل نیکی یہ نہیں کہ منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرو

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ

ہاں اصل نیکی یہ کہ ایمان لائے اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب

وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

اور پیغمبروں پر اور اللہ کی محبت میں اپنا عزیز مال دے رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں

وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ

اور راہ گیر اور سائلوں کو اور گردنیں چھڑانے میں اور نماز قائم رکھے اور زکوٰۃ دے

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ

اور اپنا قول پورا کرنے والے جب عہد کریں اور صبر والے مصیبت اور سختی میں

وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝

اور جہاد کے وقت یہی ہیں جنہوں نے اپنی بات سچی کی اور یہی پرہیز گار ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۭ اَلْحُرُّ

اے ایمان والو! تم پر فرض ہے کہ جو ناحق مارے جائیں ان کے خون کا بدلہ لو آزاد

بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۭ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ

کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت تو جس کے لئے اس کے بھائی

اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَاۗءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ۭ ذٰلِكَ

کی طرف سے کچھ معافی ہوئی تو بھلائی سے تقاضا ہو اور اچھی طرح ادا یہ تمہارے رب

marfat.com
Marfat.com

تَخْفِيفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

کی طرف تمہارا بوجھ ہلکا کرنا ہے اور تم پر رحمت تو اس کے بعد جو زیادتی کرے اس کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ

دردناک عذاب ہے ۔ اور خون کا بدلہ لینے میں تمہاری زندگی ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ

اے عقلمندو کہ تم کہیں بچو ۔ تم پر فرض ہوا کہ جب تم میں سے کسی کو موت آئے

تَرَكَ خَيْرَا ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا

اگر کچھ مال چھوڑے تو وصیت کر جائے اپنے ماں باپ اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے موافق دستور یہ واجب ہے

عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَاۤ اِثْمُهٗ

پرہیزگاروں پر۔ تو جو وصیت کو سن سنا کر بدل دے اس کا گناہ انہیں

عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ

بدلنے والوں پر ہے۔ بیشک اللہ سنتا جانتا ہے ۔ پھر جسے اندیشہ ہوا

مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ

کہ وصیت کرنے والے نے کچھ بے انصافی یا گناہ کیا تو اس نے صلح کرادی اس پر کچھ گناہ نہیں

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

تفسیر عالمانہ لَيْسَ الْبِرَّ ہر وہ نیک عمل جو عامل کو بہشت میں لے جائے اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ

یعنی اے اہل کتاب نماز میں تم اپنے مونہوں کو پھیر دو قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ مشرق

marfat.ocm
Marfat.com

اور مغرب کی طرف۔یعنی ان کے مقابلہ میں یہ ظرف مکان ہے اَنْ تُوَلُّوْا اور لَيْسَ الْبِرَّ کی خبر مقدم کی وجہ سے منصوب ہے اور اَنْ تُوَلُّوْا ہو اور اسم مؤخر ہے۔

سوال: اَنْ تُوَلُّوْا کو اسم مؤخر اور البر کی خبر مقدم بنانے میں کیا حکمت ہے باوجود یہ کہ الْبِرَّ معرف باللام اسم بن جاتا ہے اس لئے کہ اسے ضمیر سے مشابہت ہے کہ جس طرح ضمیر نہ موصوف بن سکتی ہے اور نہ صفت اسی طرح الْبِرَّ اموول با لمصدر بھی۔فلہٰذا اس کا اسم ہونا زیادہ اہم ہے۔

شان نزول: جب حضور کریم ﷺ نے بیت المقدس کو چھوڑ کر کعبہ شریف کو قبلہ بنایا تو یہود و نصاریٰ چہ میگوئیاں کرنے لگے اپنے اس گمان فاسد پر کہ نیکی تو اس کا نام ہے کہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے عبادت کی اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید فرمائی اور فرمایا نیکی اس کا نام نہیں کہ جس نظریے پر تم ہو اب بیت المقدس کو قبلہ بنانے کا حکم منسوخ ہو گیا اور منسوخ الحکم پر عمل کرنا نیکی نہیں۔

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ لیکن نیک وہ ہے جو نیکی کے لئے اہتمام اور جدوجہد کرے من یہاں پر بر کا مضاف محذوف ہے۔

سوال: مضاف محذوف ماننے کی کیا حکمت ہے۔

جواب: لٰكِنَّ کا اسم اسمائے معانی سے ہے اور خبر اسمائے اعیان سے ہے اگر مضاف محذوف نہ مانا جائے تو اسم کا خبر محمول ہونا ممتنع ہو جاتا ہے بنابریں مضاف ماننا پڑا۔

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ یعنی نیکی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان ہو کہ جس میں شرک کا شائبہ بھی نہ رہے جیسے یہود نصاری کا غلط عقیدہ ہے کہ حضرت عزیر علی نبینا علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مانتے ہیں۔

سوال: ایمان میں اللہ تعالیٰ کا ذکر پہلے کیوں لایا گیا؟

جواب: یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا جمیع کمالات علمیہ وعملیہ کا اصل ہے۔

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ یعنی قیامت کے دن پر ایمان ہو اس لئے کہ اس میں اعمال کی جزا دی جائے گی اور وہ لامحالہ واقع ہونے والا ہے نہ یہود و نصاری کے گمان فاسد پر کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں صرف چند دن جہنم میں ڈالا جائے گا اور ہمارے آباء یعنی انبیاء علیہم السلام ہماری سفارش فرمائیں گے۔

سوال: آخرت پر ایمان لانے کو اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کو کیوں ذکر کیا گیا؟

marfat.com
Marfat.com

جواب: آخرت پر ایمان لانا اللہ تعالیٰ نے متضرع ہے اس لئے کہ جب تک ہم یقین نہ کریں کہ وہ عبادت کا مستحق ہے اور وہ تمام ممکنات پر قادر ہے اس وقت تک ہمیں بعث ونشر یعنی قیامت پر ایمان لانا ناممکن ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا اس بات کا محرک وموجب ہے کہ اس کی رحمت پر امید اور اس سے خوف کر کے اس کی عبادت کی جائے اور جن امور سے اس نے روکا ہے ان سے بچا جائے۔

وَالْمَلٰٓئِكَةِ تمام ملائکہ پر ایمان ہو۔ اس طریق پر کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں نہ وہ مرد ہیں نہ عورتیں اور نہ وہ اللہ تعالیٰ کی اولاد بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اللہ تعالیٰ اور انبیا علیہم السلام کے مابین واسطہ ہیں یعنی القائے وحی اور انزال کتب پر مامور ہیں یہود نے غلطی کھائی کہ وہ جبریل علیہ السلام کے لئے کہتے کہ وہ ان کے دشمن ہیں وَالْكِتٰبِ یعنی کتابوں پر ایمان ہو یہاں الکتاب جنس کتاب مراد ہے یعنی فرقان حمید اور یہود نے اپنی عادت کے مطابق قرآن مجید کو کتب الہیہ نہیں مانا اگر چہ انہیں دلائل سے سمجھایا گیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے لیکن انہوں نے یہ قبول کرنے سے انکار کر دیا وَالنَّبِيّٖنَ اور تمام انبیاء علیہم السلام پر ایمان ہو بایں طور کہ وہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کی طرف بھیجے جاتے اور حق پر قائم امر ونہی اور وعدہ وعید بتانے میں سچے ہوتے ہیں ہمارا سب پر بلاتفریق ایمان ہے لیکن بنی اسرائیل کی بدقسمتی کہ بعض انبیاء علیہم السلام کو شہید کر ڈالا اور نبی اکرم ﷺ کی نبوت سے انکار کر دیا۔

سوال: ملائکہ اور کتب پر ایمان لانا انبیاء علیہم السلام پر ایمان لانے کے بعد کا عقیدہ ہے لیکن یہاں ان دونوں کو نبیوں پر ایمان لانے سے پہلے ذکر کر دیا گیا۔

جواب: صرف اس بات کا لحاظ رکھ کر کہ وجود میں ملائکہ اور کتب پہلے ہیں اس لئے کہ ملائکہ کرام پہلے وجود میں آئے پھر ان کے واسطہ سے کتابیں نازل ہوئیں بعد میں انبیاء علیہم السلام نے دعوت حق کے احکام سنائے۔

عقیدہ: جو امور پانچ مذکور ہوئے انہیں دین کے اصول اور عقائد کے قواعد سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

وَاٰتَى الْمَالَ اور جس نے مال یا صدقہ اپنی کمائی سے دیا عَلٰى حُبِّهٖ یہ اتی کی ضمیر سے مال ہے اور حبہ کی ضمیر مال کی طرف لوٹتی ہے اب عبارت یوں ہوگی واتی المال کائنہ اعلی حب المال یعنی باوجود مال سے محبت ہے تب بھی اللہ تعالیٰ کے نام پر دیتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث: حضور علیہ السلام نے فرمایا جب آپ سے پوچھا گیا الصدقة الافضل یعنی کونسا صدقہ افضل ہے؟ آپ نے فرمایا۔

تو تیه وانت صحیح شیح فامل العیش وتخشی الفقر ولا تمهل حتی اذا بلغت الحلقوم قلت بفلان کذاوغلان کذاوقد کان بفلان یعنی مال اس وقت خرچ کیا جائے جب کہ تجھے صحت ہو اور بخل دامن گیر ہو جس میں تجھے عیش کی خواہش اور فقر کا خطرہ ہو اور اسے اس انتظار تک نہ چھوڑے رکھے یہاں تک کہ روح حلق سے نکل رہی ہو اور تم کہہ رہے ہو کہ فلاں فقیر کو اتنا دو اور فلاں کو اتنا دو اور میں نے فلاں کو اتنا دینا تھا۔
شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

پریشان کن امروز گنجینہ چست — کہ فردا کلیدش نہ در دست تست
کنوں بر دست نہ ہر چہ ہست — کہ فردا بدنداں گزی پشت دست

ترجمہ: آج ہی اپنا خزانہ جلد خرچ کر دے اس لئے کہ چند روز کے بعد اس خزانہ کی چابی تیرے ہاتھ میں نہ ہوگی جو کچھ ہے آج ہی اپنے ہاتھ پر رکھ کر خرچ کر دے اس لئے کہ کل کو پریشانی سے ہاتھ کو چبائے گا۔
اتی کا مفعول بہ ہے بد لا لته الحال

سوال: دوسرے مستحقین پر اسے کیوں مقدم کیا گیا ہے؟

جواب: اس لئے کہ دوسرے مستحقین سے اسے ترجیح حاصل ہے۔

حدیث: حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا۔ عام مسلمانوں پر صدقہ کرنے سے ایک ثواب اور اپنے عزیز رشتہ دار کو صدقہ دینا دو ہرا ثواب ہے اس لئے کہ اس میں صدقہ کے علاوہ صلہ رحمی کا ثواب بھی شامل ہے۔

حدیث: افضل الصدقة علی ذی الرحم الکاشح بہترین صدقہ وہ ہے جو اپنے عزیز رشتہ دار کو دیا جائے
وَالْيَتٰمٰى یتیم سے وہ یتیم مراد ہے جو مفلس ہو نہ کہ دولت مند۔

سوال: یتیم کو دوسرے مستحقین پر کیوں مقدم کیا گیا ہے؟

جواب: اس لئے کہ وہ یتیم جو صغیر ہو اور پھر فقیر بھی تو ضرورت کے لحاظ سے دیگر مستحقین سے زیادہ محتاج ہے۔
وَالْمَسٰكِيْنَ مسکین کی جمع ہے مسکین دو قسم ہے ایک وہ جو کسی سے کچھ نہ مانگے اور یہاں بھی یہی مراد

marfat.com
Marfat.com

ہے دوسرا وہ جو لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتا پھرے اور یہ دوسرا مسکین سائلین کے زمرہ میں داخل ہے مسکین لفظ ساکن کا مبالغہ ہے چونکہ مسکین کو اپنی ضرورت کی مقدار کے لئے لوگوں کے ہاں سکون ملتا ہے اس لئے اسے مسکین کہا جاتا ہے۔

وَابْنَ السَّبِيْلِ یعنی وہ مسافر جو اپنے مال سے بعید ہو چونکہ مسافر سفر کا التزام رکھتا ہے بنا بریں اسے ابْنَ السَّبِيْلِ کہا جاتا ہے جیسے ڈاکو کو ابن الطریق اور بوڑھے کو ابن اللیالی اور پانی کے پرندے کو ابن الماء کہا جاتا ہے ضعیف یعنی مہمان کو بھی ابْنَ السَّبِيْلِ کہا جاتا ہے اس لئے کہ وہ راستہ کو طے کر کے آتا ہے گویا اس سے پیدا ہوا

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ فرماتے ہیں من کان یومن باللّٰہ والیوم الاخر فلیکرم ضیفہ جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ وہ مہمان کی عزت کرے۔

حدیث شریف: اور فرمایا اگر اکرموا الضیف ولو کان کافر مہمان کی عزت کرو اگرچہ کافر ہو۔

وَالسَّآئِلِيْنَ یعنی وہ لوگ جنہیں ضرورت سوال پر مجبور کرے۔

حدیث شریف: السائل حق و لو جاء علی ظھر فرسہ سائل کا تم پر حق ہے اگرچہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔

نہ خوابندۃ بر در دیگراں　　شکرانہ خواہند از در مراں

(تم دوسروں کے دست نگر نہیں ہو اس لئے کہ بطور شکریہ سائل کو اپنے دروازے سے خالی نہ لوٹا)

وَفِي الرِّقَابِ گردنیں آزاد کرانے میں یعنی مکاتبین کی معاونت کر کے رقاب ، رقبہ کی جمع ہے دراصل رقبہ گردن کے پچھلے حصہ کو کہتے ہیں جو راقبہ سے مشتق ہے اس لئے کہ جگہ قوم کے منتظر رقیب کی انتظار گاہ ہے جب کہا جائے کہ اعتق اللّٰہ رقبۃ اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انتظار کے بعد اسے عذاب سے خلاصی دی بعض مفسرین فرماتے ہیں یہاں پر وہ عبد مراد ہیں جنہیں دولت مند لوگ آزاد کرانے کے لئے خریدتے ہیں بعض کہتے ہیں وہ قیدی مراد ہیں جنہیں دولت مند رقم دے کر قید سے چھڑاتے ہیں یہی وہ مقامات ہیں جہاں اللہ تعالیٰ کے حسب الحکم اپنی جائیداد تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کی جاتی ہے لیکن یہود نے ان مصارف میں بھی

marfat.ocm
Marfat.com

خیانت کی کہ لوگوں کے ناحق مال کھائے اسلام کی حقیقت کے دلائل لوگوں سے چھپائے اور لوگوں سے معمولی رقم لے کر دین کو بیچا جیسے کہ ان کی عادت تھی کہ اپنے سے کم درجہ کے لوگوں سے مال لیا کرتے وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ اور فرض نماز ادا کرے۔ اس کا عطف مـــن کے صلہ یعنی اٰمَنَ وَاٰتَیٰ پر اور یہود اس کے برعکس لوگوں کے نماز اور زکوٰۃ سے روکتے ہیں۔ وَاٰتَیَ الزَّکٰوۃَ اور زکوٰۃ دے یعنی مذکورہ مصارف پر مال خرچ کرے۔

سوال: فرضی صدقہ کو نفلی صدقہ سے کیوں مؤخر کیا؟

جواب: ان لوگوں پر خرچ کرنے کی ترغیب میں مبالغہ کیا گیا ہے پہلے زکوٰۃ کے مضاف کا ذکر کیا اب وجوب ادا کا ذکر ہے۔

وَالْمُوْفُوْنَ اس کا عطف مَنْ اٰمَنَ پر ہے دراصل عبارت یوں تھی ومن اوفو . بعھدھم یعنی اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرنے والے ہیں یعنی اس کے اوامر ونواہی یا منتیں پوری ۱۰۱ کرنے والے ہیں اِذَا عٰھَدُوْا یعنی ان کے اور اللہ تعالیٰ کے یا ان کے اور لوگوں کے مابین وعدے ہیں جو وعدہ کرتے ہیں تو پورا کرتے ہیں یا جب منت مانتے ہیں تو اسے ادا کرتے ہیں اور جو بات کرتے ہیں تو سچ بولتے ہیں اور جب کسی کی امانت رکھتے ہیں تو اسے پورا کرتے ہیں۔

حدیث شریف: ومن اعطی عھداللّٰہ ثم نقضہ فاللّٰہ ینظر الیہ یعنی جو اللہ تعالیٰ کا عہد دے کر توڑ دیتا ہے قیامت میں اللہ تعالیٰ اس پر نظر عنایت نہیں فرمائے گا۔

حدیث شریف: ومن اعطی ذمتہ رسول اللّٰہ علیہ وسلم ثم فالنبی خصمہ یوم القیمۃ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا ذمہ دے کر دھوکے کرتا ہے تو قیامت میں اللہ تعالیٰ کا نبی اس سے جھگڑے گا یہود نے اللہ تعالیٰ کے عہد کو توڑا اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وَاَوْفُوْا بِعَھْدِیْٓ اُوْفِ بِعَھْدِکُمْ یعنی تم میرے عہد کو پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔ مثنوی شریف میں ہے۔

چوں درخت آدمی و بیخ عہد — بیخ را چہ ارمی باید الجہد

عہد فاسد بیخ بوسیدہ بود — در شمار و لطف ببریدہ بود

شاخ و برگ نخل گرچہ سبز بود — چوں تبہ شد بیخ سبزے نیست بود

marfat.com
Marfat.com

ورندارد برگ وسبز و بیخ چست　　عاقبت بیروں کند صد برگ و بست

ترجمہ: آدمی درخت اور اس کا عہد بمنزلہ جڑ کے ہے جڑ کو مضبوط کرنا لازم ہے جب عہد کمزور ہو سمجھو جڑ کمزور ہے تو درخت بے کار پھر اسے سوائے کاٹنے کے چارہ نہیں ہوتا کوئی کھجور سرسبز تازہ ہو لیکن جب اس کی جڑ کھوکھلی ہو جائے تو اسے کاٹ لیا جاتا ہے اگر پتے سبز اور جڑ سوکھ جائے تو اس درخت کی ہستی ختم ہو جاتی ہے۔

وَالصّٰبِرِيْنَ یہ مدح کے طور منصوب ہے یعنی یہاں لفظ اعنی محذوف ہے اور اس کا درحقیقت معنوی طور مَنْ اٰمَنَ پر عطف ہے تا کہ صبر کی فضلیت پر تنبیہ ہو اب عبارت یوں ہوگی الذین صبرو فی البأساء یعنی وہ لوگ فقر وشدۃ میں صبر کرنے والے ہیں وَالضَّرَّآءِ اور مرض وتکلیف میں وَحِيْنَ الْبَأْسِ یہ الصّٰبِرِيْنَ کی وجہ سے منصوب ہے یعنی وقت الشدة والباس بمعنی سختی خصوصاً جنگ کی سختی دراصل باس مطلق شدۃ کو کہتے ہیں اور پھر حِيْنَ کے اضافہ سے اس طرف اشارہ ہے کہ جنگ کا خوف کبھی کبھی ہوتا ہے اور پھر جلد ہی ختم ہو جاتا ہے اہل کتاب اس وصف میں بھی ناقص ہیں کہ انہیں جنگ سے نہایت درجہ کا خوف ہوتا ہے اور بے حد بزدل ہیں۔

خلاصہ تفسیر: اہل کتاب نے تحویل قبلہ کے بعد ڈھونگ رچا رکھا تھا کہ نیکی صرف مشرق مغرب کی طرف منہ کرنے کا نام ہے اور کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے قبلہ کو منسوخ کرنے سے نیکی کا کام نہیں کیا گویا انہوں نے نیکی کا دارومدار استقبال قبلہ کو سمجھ رکھا تھا اللہ تعالیٰ نے فرمایا نیکی صرف استقبال کا نام نہیں نیکی کے لئے دوسرے ارکان بھی ہیں فلہٰذا تمہیں چاہیے کہ جہاں استقبال قلب کو نیکی سمجھتے ہو وہاں دوسرے ارکان کو بھی عمل میں لاؤ۔

اُولٰٓئِكَ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دین میں سچ کہا اور حق کی تابعداری کی اور نیکی میں جدوجہد کی تو ان کو حالات کی تبدیلی نقصان پہنچاتی ہے اور نہ ہی حالات کے بدلنے سے اپنے حال کو بدلتے ہیں الَّذِيْنَ صَدَقُوْا اور یہ وہی لوگ ہیں جو کفر اور دیگر تمام رذیل کردار سے بچتے ہیں۔

سوال: اُولٰٓئِكَ کا تکرار کس لئے؟

جواب: تا کہ معلوم ہو کہ ان لوگوں کی شان بلند ہے۔

سوال: درمیان میں ھم ضمیر لانے کا کیا فائدہ؟

marfat.ocm
Marfat.com

جواب: تا کہ اشارہ ہو جائے کہ تقوی صرف انہی اوصاف سے موصوف ہونے کا نام ہے۔

تفسیر صوفیانہ

یہ آیت تمام کمالات انسانیہ کی جامع ہے اور اس کے کمالات کو صراحۃ اور ضمناً تمام پر دلالت کرنے والی ہے۔

ف: معلوم باد کہ کمالات انسانیہ جو کثیر اور ان کے مختلف شعبہ جات ہونے کے باوجود صرف تین چیزوں میں منحصر ہیں۔ ۱۔ اچھا معاشرہ ۲۔ اعتقاد صحیح ۳۔ تہذیب نفس

مَنْ اٰمَنَ تک پہلے کی طرف اور النَّبِیّٖنَ تک دوسرے کی طرف اور اَقَامَ الصَّلٰوۃَ تک تیسرے کی طرف اشارہ ہے اسی لئے صحت ایمان اور اعتقاد کی وجہ سے انہیں صدق سے (جامع صفت ہے) اور خلق سے حسن معاشرہ اور حق سے نیک معاملہ کی وجہ سے انہیں تقوی سے موصوف کیا گیا۔

حدیث شریف: حضور علیہم السلام نے فرمایا من عمل بھذا الایۃ فقد استکمل الایمان جس نے اس آیت پر عمل کیا اس نے اپنے ایمان کی تکمیل کر لی۔

ف: ہمارے شیخ البقا اللہ تعالیٰ با لسلامۃ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں مجھے دل میں القاء ہوا کہ مرد کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ بہترین اخلاق تسلیم و رضا ہیں اور خلق سے بہترین معاملہ عفو سخا ہے۔

ف: مال کی محبت نفس کی عادت سے ہے اور عجلت اخلاق رویہ میں شمار ہوتی ہے اسی لئے کہا گیا یعنی صبر شکر سے افضل ہے۔

حدیث شریف: قیامت میں عالی شاکر کو لایا جائے گا اور اسے شکر گزار لوگوں کی طرح جزا دی جائے گی پھر صابر انسان کو لایا جائے گا اور اسے اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ انعام تجھے عطا کر رہا ہوں۔ تو اس کا شکر ادا کر اس لئے کہ میں نے تجھے مصیبت میں مبتلا کیا تو تو نے صبر کیا میں تجھے دوگنا اجر دیتا ہوں اس کے بعد اسے شکر گزار لوگوں کا اجر دیا جائے گا۔

ف: حقیقت یہ ہے کہ تہذیب النفس توحید بطریق المخصوص سے حاصل ہوتی ہے جیسے کہ ایمان توحید شہادت سے۔

تفسیر عالمانہ

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی یہ خطاب مومنین کے آئمہ کو ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے امام یا اس کے قائم مقام پر واجب فرمایا ہے کہ وہ قصاص کے حدود قائم

marfat.com
Marfat.com

کرے اصل عبارت یوں تھی۔یاایھا الائمته یعنی اے آئمہ تم پر قصاص کے حدود قائم کرنا فرض ہے جب کہ ولی الدم اس کا مطالبہ کرے یہ بھی احتمال ہے کہ یہ خطاب قاتلین کو ہو۔اب معنی یوں ہوگا کہ اسے عمداً قتل کرنے والو تمہارے اوپر اپنے نفسوں کا حدود کے لئے پیش کر دینا واجب ہے جب کہ تم سے ولی الدم اس کا مطالبہ کرے یہ اس لئے کہ قاتل کو قصاص سے روگردانی درست نہیں اس لئے کہ یہ حقوق العباد میں سے ہے بخلاف زانی اور شرابی کے کہ وہ حدود سے روگردانی کریں تو کر سکتے ہیں اس لئے کہ وہ حقوق اللہ کے گمراہ ہیں۔

ف: قصاص یہ ہے کہ انسان کے ساتھ اسی طرح کیا جائے جس طرح اس نے کیا اگر کسی کو قتل کیا تو اسے قتل کیا جائے اگر کسی کی آنکھ نکالی تو اس کی بھی آنکھ نکالی جائے۔وغیرہ وغیرہ دراصل قصاص برادری اور مماثلت فی الانفس والاطراف والاعضاء کو کہا جاتا ہے قتلی قتیل کی جمع ہے اور فی سبیہ ہے فِی الْقَتْلٰی میں اسی سبب قتل الْقَتْلٰی جیسے کہ حدیث شریف میں ہے ان امرلة دخلت النار فی هرة وطها بسبب وبطهاایاها یعنی ایک عورت دوزخ میں جائے گی ایک بلی کی وجہ سے کہ اس نے اسے باندھ رکھا تھا۔یہاں فی سبیہ ہے اور وقف لفظ الْقَتْلٰی پر بہتر ہے اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ یہ دونوں مبتدا خبر ہیں یعنی آزاد آدمی آزاد آدمی کی طرح ماخوذ اور مقتول ہے وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰی

شان نزول: عرب کے دو قبیلوں کے زمانہ جاہلیت کے قصاص یوں تھے کہ ان میں ایک دوسرے پر فوقیت و فضیلت حاصل تھی اس بناء پر آپس میں معاہدہ کر رکھا تھا فوقیت والے کے عبد کے عوض میں آزاد اور عورت کے عوض مرد اور ایک مرد کے عوض دو کو قتل کیا جائے جب اسلام کا دور آیا تو انہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں یہی فیصلہ پیش کیا تو مذکورہ آیت نازل ہوئی گویا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپس میں عدل وانصاف قائم کرو۔

ف: اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ حصر کے لئے نہیں کہ قصاص صرف دو آزاد مردوں یا دو عورتوں پر ہی جاری ہو۔بلکہ اس سے ہر دیت ثابت ہو رہی ہے کہ مذکورہ لوگوں پر بھی قصاص واجب ہے قطع نظر جس کے کہ اس میں دیگر اقسام کی طرف اشارہ ہے یا نہیں اس لئے کہ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى یہ مستقل جملہ ہے اور اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ جملہ مذکورہ کے جزئیات میں سے ایک جزو ہے اور قاعدہ ہے کہ جملہ کے بعض جزئیات کا ذکر اس کے باقی جزیات کی نفی نہیں کرتا بلکہ ممکن ہے کہ یہ تخصیص کسی اور فائدے کے لئے ہو کہ جس میں اس کے باقی اقسام کی نفی مقصود نہ ہو اور وہ

marfat.ocm
Marfat.com

فائدہ یہی ہے کہ زمانہ جاہلیت کی بری رسم مٹ جائے کہ وہ ایک قبیلے کے آزاد کی بجائے دوسرے قبیلہ کے آزاد کو قتل کرتے وغیرہ اس میں اس بات کی بھی نفی نہیں کہ حرو عبداور مرد عورت کے مابین قصاص جاری نہ ہو بلکہ اس میں اس سے روکا گیا ہے کہ قاتل کی بجائے غیر قاتل سے قصاص نہ لیا جائے۔

مسئلہ :امام ابوحنیفہ اور امام ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عبد کا آزاد سے اور کافر کا مومن سے قصاص لیا جائے اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ یعنی ہم نے ان پر فرض کیا تھا کہ نفس کا نفس کے عوض قصاص ہے اس آیت میں عموم ہے مومن کافر آزاد اور حر کی کوئی تخصیص نہیں اور قاعدہ ہے کہ سابقہ شرائع کے احکام کے لئے جب ناسخ نہ ملے تو احکام ہماری شریعت میں بھی جاری رہتے ہیں فلہٰذا یہ حکم بھی ہم پر جاری ہوگا دوسرے یہ کہ مسلمان کی شان ہے کہ وہ ایک کے خون کی پاسداری کرے۔ تیسرا یہ کہ تفاصل فی النفس ہے اس لئے شرع نے حکم دیا ہے کہ اگر جماعت نے ایک کو قتل کیا تب بھی جماعت پر قصاص واجب ہے چوتھا یہ کہ قصاص مساوات کو چاہتا ہے تا کہ جان و مال کی حفاظت ہو۔

مسئلہ :امام شافعی وامام مالک رحمۃ اللہ علیہ مومن کو کافر کے عوض قتل نہیں کراتے چنانچہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

خذوا بدلی هذالغزال فانه　　زمانی بسمهی معليهه على عمد

ولا نقتلوا انني انا عبده　　وفی مذهبی لايقتل الحر بالعبد

ترجمہ: اسی غزال کو میرے خون کے عوض پکڑو کہ جس نے عمداً اس کی آنکھوں کے پردوں نے مجھے قتل کیا ہے لیکن اسے قتل مت کرنا اس لئے کہ میں اس کا عبد ہوں اور میرا مذہب ہے کہ حر کے عوض قتل نہیں کیا جاتا۔

پس وہ شخص مَنْ سے مراد قاتل ہے خواہ من شرطیہ ہو یا موصولہ فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ اس جملہ کی دونوں ضمیریں قاتل کی طرف مرجوع ہیں شَيْءٌ یعنی معافی کا کچھ تھوڑا سا حصہ۔

سوال : شَيْءٌ مرفوع کیوں ہے؟

جواب: عُفِيَ کے فاعل کا قائم مقام ہے اس لئے کہ شیٔ مصدر کے حکم میں ہے اب عبارت یوں ہوگی۔

سوال : عُفِيَ تو فعل لازم ہے پھر میں کا مفعول کیسا؟

marfat.com
Marfat.com

جواب: فعل لازم کا مفعول مطلق آتا ہے بنابریں ہم نے شَیْءٌ کو مصدر کے معنی میں کر کے فاعل کے قائم مقام بنانا پڑا جیسے اللہ تعالیٰ کے فرمان میں فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ نَفْخَةٌ یعنی صور کو پھونکا جائے گا۔ یہاں پر نُفِخَ السیر وشئی تاویلاً نائب فاعل ہے۔

ف: شی میں اس طرف اشارہ ہے کہ قاتل سے جب تھوڑا سا حصہ معاف کیا جائے یا مقتول کے ورثا میں سے کوئی ایک اپنا حق معاف کر دے تو قاتل سے قصاص معاف ہو جائے گا البتہ دیت ادا کرنی پڑے گی۔

قاعدہ: لفظ عفی ذنب اور جانی کی طرف متعدی ہوتا ہے پھر جب یہ ذنب کی طرف متعدی ہو تو ذنب پر عن داخل ہوگا جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ اور جب جانی کی طرف متعدی ہو تو جانی پر لام داخل ہوگا جیسے عفوت لفلاں۔ جانی کو معاف کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس سے جنایت کا موجب چھوڑ دیا جائے یہاں پر جنایت کا موجب قصاص ہے گویا یوں فرمایا گیا ہے جب قاتل کو اس کا وارث یعنی مقتول کا بھائی معاف کر دے خواہ مکمل معافی ہو یا یں طور کہ تمام ورثا مقتول کے حق کا مطالبہ نہ کریں خواہ معافی غیر مکمل ہو کہ بعض ورثا معاف کریں اور بعض کا مطالبہ ابھی قائم ہو ان ہر دونوں صورتوں میں قاتل سے قصاص ساقط ہو جائے گا۔

شان نزول: حضرت ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت اس لئے نازل ہوئی کہ قصاص کی سطح مالی پر ہو یعنی قاتل مقتول کے ورثا کو مال دے کر راضی کر کے اپنے سے قصاص ساقط کرائے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے ولی الجنایۃ کو بھائی سے کیوں تعبیر فرمایا؟

جواب: تاکہ اسے قاتل کے لئے اخوت کا تصور آئے اور اس پر نرمی کرے اور اس میں لطیف اشارہ ہے کہ قتل جیسے بڑے گناہ سے بھی اخوت اسلام باقی رہتی ہے اس میں معتزلہ کی بھی تردید ہو گئی وہ کہتے ہیں کہ انسان کبیرہ گناہ کرنے سے خارج از ایمان ہو جاتا ہے۔

فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ یہ خبر ہے اس کا مبتداء محذوف ہے دراصل عبارت یوں تھی واذا حصل شئی من العفو بطل الدم بعفو البعض فالامر اتباع بالمعروف یعنی جب قاتل کو معاف کیا جائے یا بعض ورثا کی وجہ سے اس سے قصاص ساقط ہو جائے تو مقتول کے ورثا پر لازم ہے کہ نیکی کا اتباع کریں یعنی مقتول کے ولی پر لازم ہے کہ قاتل سے صلح کے وقت جائز طور پر مطالبہ کرے اس کے ساتھ تنگی و تلخی سے پیش نہ آئے اور جب معا

marfat.com
Marfat.com

ملہ صلح پر طے ہوتو شئے زائد کا مطالبہ نہ کرے۔

وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ اس میں معفو عنہ یعنی قاتل کو تنبیہ ہے کہ مال کو احسان ومروت کے طور ادا کرے یہ یعنی قاتل پر لازم ہے کہ معاف کرنے والے مال کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے اور نہ ہی کھوٹا مال دے اور نہ ہی اسے ستائے کہ اس کا معاف کرنا اس پر عظیم احسان ہے کہ اس نے اس کی جان بچائی ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ یعنی معاف کرادینا اور قصاص کے عوض دیت ادا کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے آسانی اور توسیع ہے اور وَرَحْمَةٌ کمال مہربانی ہے کہ نہ ہی تو علی الاطلاق معافی کا حکم دیا اور نہ ہی مطلقا دیت لینے کا حکم صادر فرمایا بلکہ ہمیں تین امور میں سے ایک کا اختیار بخشا۔ ا۔قصاص ۲۔ دیت ۳۔ معافی اس لئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں صرف قصاص ہی واجب تھا تا کہ قاتل ومقتول کا پورا انصاف ہو اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں معافی کا حکم تھا اور یہ فضل واحسان پر مبنی تھا لیکن ہماری شریعت میں ہر تین امور کو روا رکھا گیا ہے کہ اگر مقتول کے ورثا کا دل ٹھنڈا یوں ہوتا ہے کہ قاتل کو مقتول کے عوض قتل کیا جائے تو قصاص لازم اور اگر مقتول کے ورثا قاتل پر نرمی کرنا چاہیں تو دیت واجب ہے اگر مقتول کے ورثا کرم واحسان کا مظاہرہ کریں تو سرے سے قاتل کو معاف ہی کردیں فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ جو شخص معاف کردینے کے بعد کی قسم کی زیادتی کرے مثلاً قاتل کی بجائے اس کے کسی عزیز کو قتل کردے یا خود قاتل کو قتل کردیا جائے فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ پس اس کے لئے اس زیادتی کی وجہ سے دردناک عذاب ہے دنیا میں تو قتل کا قصاص لے کر اور آخرت میں جہنم کی آگ کا عذاب ہے۔

شان نزول: زمانہ جاہلیت میں عادت تھی کہ قاتل سے دیت لے کر اسے معاف کردیا جاتا اور اسے ہر طرح سے مطمئن کرا کے جب بھی موقعہ ملتا تو اسے قتل کردیتے پھر مال اس کے ورثا کو لوٹا دیتے۔

وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ یعنی اس قسم کے حکم یعنی قصاص میں بڑی زندگانی حاصل ہوگی چنانچہ زمانہ جاہلیت کی رسم تھی کہ ایک کے عوض جماعت کو قتل کردیتے جیسے مہلل بن ربیعہ نے اپنے بھائی کے عوض میں قلب قبیلہ کو مار ڈالا یا یوں ہوتا کہ قاتل کے بجائے کسی دوسرے کو قتل کردیا جاتا تو اس کے فتنہ کی آگ بھڑک اٹھتی اس سے ان کا اختلاف لڑائی جھگڑا طول پکڑ جاتا یہاں تک کہ اسلام تشریف لایا تو قصاص شروع فرمایا جس سے ان

marfat.com
Marfat.com

لوگوں کو چین نصیب ہوا جوان کے لئے ایک بڑی زندگانی ہے کیونکہ جب قاتل کو معلوم ہوگا کہ اگر میں کسی کو قتل کروں گا مجھے اس کے عوض قتل کر دیا جائے گا تو وہ کسی دوسرے کو قتل کرنے سے رک جائے گا اسی طرح دوسروں کو بھی عبرت ہوگی اسی وجہ سے قصاص دو نفوس یا بہت زیادہ نفوس کی جان بچ جائے گی۔

ف: یہ کلام فصاحت و بلاغت کمال اعلیٰ درجہ کا رکھتا ہے اس حیثیت سے کہ ایک شئے کو اپنی ضد کے قائم مقام کھڑا کیا گیا بایں طور کہ ایک کا تحقق دوسرے کو مٹا دے مثلاً قصاص حیوۃ کو ختم کرنے کا نام ہے لیکن باوجود اس کے حیوۃ کا سبب ہے نیز قصاص کو حیوۃ کا ظرف بنا کر ظرف حقیقی سے تشبیہ دی گئی ہے بایں طور کہ ظرف جب مظروف کو جاری ہوتا ہے تو مظروف کو ہر طرح کے فساد و نقصان سے محفوظ کر لیتا ہے اسی طرح قصاص (ظرف) نے ظروف (حیوۃ) کو ہر طرح کی خرابیوں سے بچا لیا اس طریق سے قصاص حیوۃ کے لئے ظرف ہے اس سے کلام کی لطافت واضح ہوگئی کہ شئے کی ضد کو اس کا حامی و حافظ بنایا یہ بلاغت کے طریق میں سے ایک احسن طریقہ ہے۔

يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ایسے عقل والوں کہ جن کی عقل پر ایک غلط خیال و وہم کے اختلاط سے محفوظ ہے ان کو اس لئے ندا فرمائی کہ ان کو غور کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے قصاص کا حکم دے کر کسی عجیب حکمت سے ارواح و نفوس کو بچا لیا لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تا کہ تم اہل تقوی کا عمل یعنی قصاص پر محافظت اور اس کا یقین کے ساتھ حکم دو یا قصاص کے خوف سے دوسرے کو قتل کرنے سے بچ جاؤ اس میں ناحق قتل کرنے کے فعل سے خوف دلایا گیا ہے اس لئے کہ حقوق العباد میں سب سے بڑا گناہ ناحق قتل کرنا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق میں سے سب سے بڑا حق نماز ہے۔

حدیث شریف: قیامت میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقتول حاضر ہوگا ایک ہاتھ پر اپنا سر لئے ہوئے اور دوسرے ہاتھ میں قاتل کی گردن میں کپڑا ڈالا ہوگا اور اس کی رگیں خون سے بہہ رہی ہوں گی دونوں اللہ تعالیٰ کے حضور میں ٹھہرے ہوں گے مقتول عرض کرے گا یا اللہ اس نے مجھے مار ڈالا تھا اللہ تعالیٰ قاتل کو جھڑک دے کر فرمائے گا کہ اسے جہنم میں لے جاؤ پھر اسے جہنم میں ڈالا جائے گا۔

ف: گناہ تین قسم ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے بندے کے متعلق جیسے زنا اور لواطت اور غیبت اور بہتان۔

مسئلہ: اگر اس کا گلہ کیا ہے لیکن اس کو معلوم نہ ہو جب اس کو معلوم ہو جائے اور گلہ کی اس سے معافی لے اور

Marfat.com

اس گناہ سے توبہ کرلی ہو تو امید ہے شاید اللہ تعالیٰ اسے بخش دے۔

مسئلہ: زانی نے کسی شخص کی عورت سے زنا کیا ہو اگر اس کا شوہر زندہ ہے اور اس نے معافی بھی نہیں دی تو اللہ تعالیٰ زانی کو ہرگز نہیں بخشے گا اس لئے قیامت میں زانی کا خصم بندہ ہے ہاں اگر زانی توبہ کرے اور وہ شخص اس زانی کو معاف بھی کر دے تو اللہ تعالیٰ بخش دے گا۔

مسئلہ: زانی اس شخص سے اس طرح معافی حاصل کرسکتا ہے مثلاً کہے جو تیرے حقوق میرے اوپر ہیں وہ معاف کر دے وہ کہے کہ میں نے معاف کر دیے اسے صلح المعلوم علی الجھول کہتے ہیں اور یہ جائز ہے اور یہ طریقہ صرف اسی امت سے خاص ہے سابقہ امتوں کے گناہ معاف نہیں ہو سکتے تھے جب تک کہ اپنے گناہوں کی تفصیل نہ سنائی جاتی اللہ تعالیٰ کے حقوق بندے پر جیسے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی توبہ کا مطلب یہ ہے کہ اس نماز کی قضا دے یا کفارہ (اسقاط کیا جائے) کیونکہ اس قسم کی توبہ کا معنی یہ ہے کہ جو عمل کو ترک کیا ہے اسے عمل میں لائے جب تک اسے عمل میں نہ لائے گا تو گویا اس نے توبہ ہی نہیں کی بندے کے بندے پر حقوق مثلاً اس کا مال غصب کرے یا اسے ضرب ستم کرے یا اسے قتل کر دے اس میں توبہ قبول نہیں ہوتی جب تک خصم معاف نہ کرے یا اتنی نیکیاں کرے کہ قیامت میں خود اس کی آپس میں صلح کرا دے کیونکہ جب بندہ سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اگر اس پر بندوں کے حقوق ہوتے ہیں اولاً تو اسے چاہیے کہ ارباب حقوق کو ان کے حقوق لوٹا دے اگر حقوق نہ لوٹا سکا تو اگر اللہ تعالیٰ اس کی بخشش کا ارادہ فرمائے گا تو اس خصم کو بلا کر اس کے سامنے شاندار بلڈنگ کھڑی کر دے گا بندہ عرض کرے گا یا اللہ یہ بلڈنگ کس کی ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو اس کو حاصل کرسکتا ہے اس کا ثمن صرف یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کو اپنے حقوق معاف کر دے عرض کرے گا یا اللہ میں نے اپنے حقوق اپنے اس بھائی کو معاف کر دیے اللہ تعالیٰ فرمائے گا اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑ کر دونوں بہشت میں چلے جاؤ۔

تفسیر صوفیانہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح تمہارے لئے فرض کیا ہے کہ کسی کو قتل کرنے پر قصاص ہے جس طرح اپنے ذمہ کرم فرمایا ہے کہ جس شخص سے میں محبت کرتا ہوں تو اسے قتل کر دیتا ہوں اور جسے قتل کرتا تو اسے ہم کلامی کا شرف بخشتا ہوں مثنوی شریف میں ہے۔

گر نیکے رر اہبر واز بدن ۔ صد ہزاراں سر برآرود در زمن

marfat.com
Marfat.com

اقتلونی یا ثقاتی لا ئما ای فی قتلی حیاتی دوائما

ان فی موتی حیاتی یا فتی لم افارق موطنی حتی متی

شیر دنیا جوید اداشکار و برگ شیر مولی جوید آزادی و مرگ

چونکہ اندر مرگ بیند صد وجود ہمچو پروانہ بسوزاند وجود

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ جب تمہارے ایک کے کو موت آئے تو تمہارے اوپر فرض ہے یعنی جب موت کے آثار ونشانات پائے جائیں مثلاً سخت بیماری ہو اور کوئی تکلیف ہو اس لئے کہ موت کے وقت تو وصیت کی طاقت مفقود ہو جاتی ہے اِذَا کا عامل کتب کا مولول ہے کیوکہ کتاب بمعنی ایجاب ہے اس لئے کہ ایجاب موت کے حاضر ہوئے وقت نہیں ہوتا بلکہ اس کا تعلق مکلف کے ساتھ ہوتا ہے گویا یوں کہا گیا اللہ تعالیٰ کا ایجاب اور اسکا اقتضا تمہارے لئے متوجہ ہوا توجہ ایجاب اور اس کے تعلق کو۔

نکتہ: کتب سے تعبیر کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ بات ازل سے لکھی جا چکی ہے۔

اِنْ تَرَكَ خَيْرًا اگر خیر چھوڑ جائے یعنی مال قلیل یا کثیر مال کثیر کو کہا جاتا ہے فلاں دو مال یعنی فلاں مال کثیر کا مالک ہے یہ استعمال قلیل مال کیلئے نہیں آتی۔

حکایت: مرتے وقت ایک مرد نے وصیت کا ارادہ کیا تو بی بی عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے پوچھا تیرا کتنا مال ہے عرض کی تین ہزار آپ نے پوچھا تیرے عیال میں کتنے فرد ہیں عرض کی چار آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنْ تَرَكَ خَيْرًا یعنی بہت مال چھوڑے اور تیرا یہ مال بہت تھوڑا ہے فلہٰذا یہی مال اپنے ورثا کیلئے چھوڑ کر جا۔

ف: اصل میں خیر اس شئے کو کہتے ہیں جس کی طرف طبائع راغب ہوں اور وہ نافع بھی ہو کیونکہ یہ شر کی ضد ہے۔

ف: اخوان الصفا کتاب میں فرمایا کہ خیر ہر اس فعل کو کہا جاتا ہے جو مناسب وقت میں ہو کہ اس وقت اس کا ہونا لائق مناسب ہے الْوَصِيَّةُ کتب کا نائب فعل ہے ای فرض الایصاء یعنی وصیت فرض کی گئی ہے۔

لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ والدین اور ان رشتہ داروں کے لئے جو وراثت کے حق دار ہیں یا نہ بِالْمَعْرُوْفِ یہ مال ہے یعنی وصیت عدل کے طور پر ہو تو ثلث سے زائدہ اور نہ ہی صرف دولت مند کیلئے کہ فقیر کا نام تک نہ لے

Marfat.com

شان نزول: اہل جاہلیت کی عادت تھی کہ وصیت دور کے رشتہ داروں کے لئے کرتے صرف ریاء اور شہرت اور فخر کے پیش نظر اور قریب رشتہ دار اگر چہ نہایت مفلس اور غریب ہوتے تو اپنی وصیت سے انہیں محروم رکھتے اللہ تعالیٰ نے ان کی بری رسم کا پہلو تبدیل فرمایا کہ والدین کے ساتھ ان رشتہ داوں کیلئے وصیت کرو جو قریبی ہوں اس میں صلاح وحکمت کا واضح پہلوان کے سامنے رکھا۔

ف: یہ حکم آیت میراث سے منسوخ ہوگیا جو سورۃ النساء میں موجود ہے یہ حکم کسی قریبی یا بعیدی رشتہ دار کے لئے وصیت جاری نہ ہوگی۔

مسئلہ: اگر وصیت کرے تو قریبی بعیدی سب کو مدنظر رکھے لیکن جسے وراثت کا حق حاصل ہے اس کے لئے وصیت جاری نہ ہوگی۔

حَقًّا ای لازماً (مفعول مطلق ہے) اصل عبارت یوں تھی (احق هذا الوصية حقا) عَلَى الْمُتَّقِيْنَ یعنی یہ وصیت ان لوگوں پر واجب کرتا ہوں جو مال کو ضائع کرنے اور قریبی رشتہ داروں کو محروم کرنے سے بچتے ہیں یعنی اے لوگو! اگر تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہو تو اس عمل کو نہ چھوڑو۔

سوال: ابن الشیخ اپنے حواشی میں فرماتے عَلَى الْمُتَّقِيْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم صرف متقین کو ہے حالانکہ اجماع سے ثابت ہے کہ تمام واجبات وتکالیف (امور) متقین وغیر متقین سب پر واجب ہے۔

جواب: حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ سے مراد ہے کہ یہ حکم ہر اس شخص پر واجب ہے جو تقوی کے نشانات وطہارت کا عاشق اور اس کے حصول میں کوشاں اور اس کو اپنا مشغل سمجھتا ہے اس لحاظ سے ہر ایک کو یہ حکم شامل ہوگا۔

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ پس وہ شخص جو وصیت کو تبدیل کرے۔

سوال: وصیت مونث ہے اور ہو ضمیر مذکر ہے۔

جواب: وصیت مؤول بہ ایصاء ہے یعنی وصیت کے بجائے غیر وصیت جو شرعی کے خلاف بتاتا ہے مشہور یہی ہے کہ وصیت کا تبدیل کرنا وصی مختص جس پر موت کے آثار ہیں یا گواہ کا کام ہے وصی تو اس معنی پر کہ وہ ناجائز طور پر وصیت لکھے یا تقسیم کے وقت غلط طریقہ اختیار کرے اور گواہ بامعنی کہ وہ شہادت غلط دے یا اسے سرے سے بیان نہ کرے۔

marfat.com
Marfat.com

ف: یہ تبدیلی تمام لوگوں سے سرزد ہونے کا امکان ہے کہ وصیت کا مال مستحق کو نہ دیں اس معنی پر آیت عام ہوگی اور ہر ایک کو یہ حکم شامل ہوگا۔

بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ سننے کے بعد یعنی جب انہیں یہ حکم پہنچا اور اس کی اسے تحقیق ہو چکی فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ یعنی یہ گناہ صرف ان لوگوں پر ہے جنہوں نے اس وصیت کو تبدیل کیا کیونکہ انہوں نے ہی خیانت اور خلاف شرعی امر کا ارتکاب کیا یہ گناہ موصی یعنی وصیت کرنے والے میت پر نہیں وہ ایسے گناہ سے بری ہے اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ بے شک وہ اللہ سمیع ہے وصیت کرنے والے اور وصیت تبدیل کرنیوالے کو جانتا ہے۔ اس کے ثواب و جزا وغیرہ کو کہ وہ قیامت میں ہر ایک کو اس کے اعمال کے مطابق جزا دے گا فَمَنْ خَافَ پس وہ شخص جو خوف کرتا اور جانتا ہے یہاں لازم کا ملزوم پر اطلاق ہے مِنْ مُّوْصٍ یعنی اس شخص سے کہ جس نے وصیت کی ہو سکتا ہے کہ اس کا متعلق خَافَ ہو کیوں کہ یہ من ابتدائیہ عارضی کے لئے ہے اور اس کا متعلق محذوف اور جَنَفًا سے حال ہو۔

سوال: اسے مقدم کیوں کیا گیا؟

جواب: دراصل یہ جَنَفًا کی صفت تھی لیکن چونکہ صفت اپنے موصوف سے مقدم نہیں ہو سکتی اور حال ذوالحال سے مقدم ہو سکتا ہے اس لئے اسے مقدم کیا گیا۔

جَنَفًا یعنی وصیت میں خطا کر کے حق سے روگردانی کرے اَوْ اِثْمًا یعنی یا عمداً حق سے روگردانی کریں یعنی یا تو وصیت کرنے والا وصیت کے مقام کو بھول کر وصیت کر دے یا وصیت کی مقدار کو بڑھا دے یا ایسے شخص کے لئے وصیت کرے جس کے لئے اسے وصیت جائز نہیں۔

فَاَصْلَحَ ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد وصیت کرنے والا ہو کیونکہ وصیت کو اس سے زیادہ تعلق ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس سے صرف وصی مراد نہ لیا جائے بلکہ ہر وہ شخص جس سے میت کی وصیت کے متعلق فساد کا دفعیہ حاصل ہو خواہ وہ ولی ہو یا والی یا وصی خواہ وہ نیکی کا حکم دے یا وہ مفتی ہو یا قاضی یا وارث بَيْنَهُمْ یعنی موصی لهم یعنی اس کے والدین اور اس کے اقربا کے مابین اصلاح کرے یعنی میت کی وصیت کو تبدیل کر دے لیکن شرع کے مطابق بَيْنَهُمْ اس تبدیلی کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں کیونکہ اس میں باطل کو حق کی طرف

marfat.com
Marfat.com

لانا مطلوب ہے اور یہ جائز ہے بخلاف پہلی بات کے کہ اس میں حق کی تبدیلی تھی اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اس میں صلح کے لئے رب کا وعدہ ہے اور اثم کی وجہ سے مغفرت کا ذکر کیا گیا یہ وہ فعل ہے جو لفظاً اثم ہے ہاں بعض تبدیلیاں گناہ ہوتی ہیں اور یہ تبدیلیاں وہ ہیں جو حق کو باطل کی طرف پھیر دیں یہ ظاہرہ طور پر حقیقہ اثم نہیں کیونکہ خیر کی طرف تبدیلی گناہ نہیں ہاں صرف لفظ اثم ہے۔

مسئلہ: وصیت کرنا مستحب ہے کیونکہ لوگوں کو اس کی ضرورت ہے اس لئے کہ انسان اپنی امیدوں کا فریب خوردہ ہے یعنی اسے مدت طویل کی ہمیشہ ہی امید رہتی ہے اور عمل سے ہمیشہ کوتاہی کرتا رہتا ہے پس جب اسے موت دکھائی دیتی ہے اور سمجھتا ہے کہ اب میں نہیں بچنے والا تو وہ اپنے مال کو کسی جائز جگہ خرچ کرنے کی فکر کرتا ہے تا کہ اگر وہ اس حالت میں مر بھی جائے تو مال کے بارے میں اس کا مقصد پورا ہو اور اگر اسے موت چھوڑ دے تو پھر بھی مال کو اپنے مقصد پر خرچ کر سکے۔

حدیث شریف: ان اللّٰہ تصدق علیکم بثلث اموالکم فی اخر اعمارکم زیادۃ لکم فی اعمالکم تفعلونھا حیث شئتم بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہاری آخری عمروں میں تمہارے تہائی اموال کو تمہارے اوپر صدقہ فرمایا ہے تا کہ تم اپنے اموال کو بڑھا کر اس وصیت کے مال کو جہاں چاہو خرچ کرو۔

ثبوت اسقاط: ہر نماز اور ہر روزے کے لئے گندم کا نصف صاع وصیت کرے اسی لئے ہر وتر کے لئے بھی نصف صاع ضروری ہے اسی طرح رمضان اور نذر کے روزہ کا حکم ہے۔ (کذافی تفسیر الشیخ)

مسئلہ: جس شخص پر حج یا کفارہ فرض ہے تو اسے وصیت کرنا ضروری اگر واجب نہیں تو پھر وصیت کرنے میں مختار ہے اور اسی پر فتوی ہے۔

مسئلہ: اپنے خصما اور قرضداروں کو راضی کرنے کے لئے وصیت کرے۔

حکایت: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا جب انتقال ہونے لگا تو فرمایا جب میں مر جاؤں تو فلاں کو میرے غسل کا کہنا جب ان کا انتقال ہو گیا تو اسی شخص کو بلایا گیا تو اس نے آتے ہی کہا امام صاحب کا وصیت نامہ دکھاؤ اسے وصیت نامہ دکھایا گیا تو اوپر تھا کہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ پر ستر ہزار دینار قرض ہے اس شخص نے کہا کہ اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے اور امام صاحب نے بھی غسل سے یہی مراد لی تھی اور میرے غسل دینے کا بھی یہی

marfat.com
Marfat.com

مطلب ہے۔

حدیث شریف: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قال من لم یومن لم یؤذن له فی الکلام مع الموتی قیل یارسول اللہ وهل تتکلم الموتی قال نعم ویتزارون حضور سرور دو عالم ﷺ سے مروی ہے آپ نے فرمایا جو وصیت کر کے نہیں مرتا تو اہل اموات سے اسے کلام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عرض کیا گیا اہل اموات آپس میں ہم کلام ہوتے ہیں آپ نے فرمایا ہاں بلکہ وہ تو ایک دوسرے کی ملاقات کو بھی جاتے ہیں۔

ف: امام صاحب بعض آئمہ عظام سے نقل کر کے فرماتے ہیں کہ ارواح دو قسم ہیں۔

۱۔ انعام والے ۲۔ عذاب والے

عذاب والے تو عذاب میں مبتلا ہیں۔ انہیں نہ تو کہیں جانے دیا جاتا ہے اور نہ ہی وہ کسی کی ملاقات کو جاتے ہیں اور انعام والے کو کسی قسم کی رکاوٹ نہیں وہ ملاقات کے لئے آتے جاتے ہیں اور ملتے ملاتے ہیں اور دنیا میں آ کر دنیا کے معاملات کو دیکھتے ہیں اور جو باتیں اہل دنیا سے ہوتی ہیں ان کا مشاہدہ کرتے ہیں ہر روح ہر اس شخص کے ساتھ رہتی ہے جو شخص اس کے عمل کے مشابہ ہوتا ہے اور یہ رفاقت عالم برزخ میں بھی ثابت ہے اور دار الجزاء میں بھی اور ہر مردان تین واروں میں مقام پر اس کے ساتھ رہتا ہے جس سے اسے محبت ہے۔

سبق: دانا کو چاہیے کہ وہ نیک بزرگوں کی صحبت اختیار کرے رات دن اسی مشغلہ میں گزارے مال و منال میں مغرور نہ پھرے اور نہ ہی عمر بھر اللہ کے ذکر سے غافل رہے کیونکہ یہ دنیا فانی ہے اور جو بھی اس میں آیا وہ فنا ہو کر رہا پھر چاہیے کہ ہر لحہ اور ہر گھڑی اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں ہو صائب نے فرمایا۔

دو سرائے غافلاں طول امل دانی کہ چیست　　آشیاں کردست ماری در کبوتر خانہ

ترجمہ: غفلت کی سزائیں تمہیں معلوم ہے کہ لمبی آرزوئیں کیا ہیں یہ سانپ ہیں جنہوں نے کبوتر دیس میں رہائش رکھ لی ہے

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ غنیا پر وصیت فرض ہے مال دینے کے لحاظ سے اور اللہ والوں پر کی وجہ سے دولتمند تو اپنی آخری عمر میں تہائی مال کو وصیت کر لیتے ہیں لیکن اللہ والے ابتداء سے ہی تمام ماسوی اللہ سے فارغ ہو جاتے ہیں اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ جب تمہارے کسی ایک کا دل اللہ تعالیٰ کے حضور میں ہو اور صفات طبیعہ حیوانیہ سے ارادۃ موت کے گھاٹ اتر جائے جیسا کہ حضور علیہ السلام

marfat.ocm
Marfat.com

نے فرمایا موتو قبل ان تموتو بمعنی مرنے سے پہلے مرجاؤ اور خیر وشر کو خیر باد کہہ دے اور دنیا وعقبے کے گورکھ دھندے سے فارغ ہو جائے تو اس پر لازم ہے کہ اپنے والدین کے لئے وصیت کرے یعنی روح علوی جسم اور سفلی کے لئے اس لئے کہ روح اور جسم کے اجتماع سے نفس کا تولد ہوا اور اقربین کے لئے یعنی قلب اور سر اور باقی خواہشات بشریہ کو ترک کی وصیت کرے یعنی ان کے مشارب کو خواہ مشارب روحانہ باقیہ ہوں یا مشارب فانیہ نیکی کی وصیت کرے لیکن حد اعتدال پھر اسراف پر مشتمل ہے جیسا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا بعثت لرفع العادات وترک الشهوات یعنی بری عادت اور ترک شہوات کو ہٹانے کے لئے مبعوث ہوا ہوں اور فرمایا لاتمم مکارم الاخلاق میں اس لئے مبعوث ہوا ہوں تا کہ اچھے اخلاق کی تکمیل کروں بایں طور کہ تمام مشارب کو چھوڑ کر ایک مشرب کو اختیار کیا جائے اور تمام محبوبوں سے ہٹ کر ایک محبوب بنایا جائے اور تمام مذاہب کو ترک کر کے ایک مذہب کو اختیار کیا جائے حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ یعنی جو شرک خفی سے بچنے والے ہیں ان پر یہ مجموعہ احکام واجب ہے اسی لئے فرمایا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ، عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ یا عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ نہیں فرمایا کیونکہ وہ اہل ظواہر ہیں اور متقین اہل بواطن اور حضور علیہ السلام نے دل کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تقوی یہاں ہے۔

ف: جیسے قرآن مجید اہل ظواہر کے لئے نازل ہوا ہے اسی طرح اہل بواطن کیلئے بھی کما قال علیہ السلام ان للقرآن ظهرا وبطناً یعنی قرآن کے ظاہری احکام بھی ہیں اور باطنی بھی ظاہری احکام تو اہل ظواہر کے لئے ہیں اور ان میں بعض احکام منسوخ نہیں یعنی اگر چہ اس کے ظاہر حکم میں منسوخ کا حکم ہے لیکن اہل بواطن کے لئے کوئی نسخ نہیں ہوتا بلکہ ان میں بدستور مواعظ واسرار وحقائق موجود ہوتے ہیں حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ متقی پر اس لئے واجب ہے کہ وہ لوگ متقین والی ہدایت سے مختص ہیں جیسے هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ خلاصہ یہ کہ اہل حق کے لئے وصیت کا حکم منسوخ نہیں۔

(کذا فی تاویلات نجمیہ)

marfat.com
Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسے اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ

قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ

کہیں تمہیں پرہیزگاری ملے۔ گنتی کے دن ہیں تو تم میں جو کوئی بیمار یا سفر میں ہو

عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ

تو اتنے روزے اور دنوں میں اور جنہیں اس کی طاقت نہ ہو وہ بدلہ دیں

مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

ایک مسکین کا کھانا پھر جو اپنی طرف سے نیکی زیادہ کرے تو وہ اس کے لئے بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لئے زیادہ بھلا ہے

تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ

اگر تم جانو۔ رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا لوگوں کے لئے ہدایت و رہنمائی

مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ

اور فیصلہ کی روشن باتیں تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے

مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ

اور جو کوئی بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں

بِكُمُ الْعُسْرَ ۚ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

چاہتا اور اس لئے کہ تم گنتی پوری کرو اور اللہ کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی اور کہیں تم حق گزار ہو

تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا

اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں دعا قبول کرتا ہوں

marfat.ocm
Marfat.com

دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿١٨٦﴾ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ

پکارنے والے کی جب مجھے پکارے تو انہیں چاہیے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں کہ کہیں راہ پائیں۔ روزوں کی راتوں میں

الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ

اپنی عورتوں کے پاس جانا تمہارے لئے حلال ہوا وہ تمہاری لباس ہیں اور تم ان کے لباس اللہ نے جانا کہ

اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۖ فَالْآنَ

تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمایا تو اب ان سے

بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ

صحبت کرو اور طلب کرو جو اللہ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہو اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمہارے لئے ظاہر ہو جائے

الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ ۚ

سپیدی کا ڈورا سیاہی کے ڈورے سے (یعنی پھٹ کر) رات آنے تک روزے پورے کرو

وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ

اور عورتوں کو ہاتھ نہ لگاؤ جب تم مسجد میں اعتکاف سے ہو یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جاؤ

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٨٧﴾ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم

اللہ یوں ہی بیان کرتا ہے لوگوں سے اپنی آیتیں کہ کہیں انہیں پرہیزگاری ملے۔ اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ

بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ

اور نہ حاکموں کے پاس ان کا مقدمہ اس لئے پہنچاؤ کہ لوگوں کا کچھ مال ناجائز طور پر کھالو

وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٨٨﴾

جان بوجھ کر۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اے ایمان والو

ف: اہل لغت کہتے ہیں کہ صرف یا محبوب کی ندائے محبت کے لئے اَیُّھَا محبوب کی تنبیہ محبوب کے لئے اور لفظ آمنو المحبوب کی شہادت محبوب کے لئے آتا ہے۔

ف: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب اللہ تعالیٰ سے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ کا ارشاد سنائی دے تو غفلت کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ اس لئے اس کے بعد یا تو وہ کسی امر کے لئے مامور فرمائے گا یا کسی برے عمل سے روکے گا۔ حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حرف ندا کی لذت عبادت کی تکلیف کو دور کرتی ہے اور اس میں ایک لطیف اشارہ بھی ہے کہ محب کو چاہیے کہ اپنے محبوب کا ہر حکم مانے خواہ وہ فرمائے کہ اپنے آپ کو آگ میں ڈال دے تو محب کو چاہیے کہ فوراً آگ میں چلا جائے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ یعنی تمہارے اوپر ماہ رمضان کا روزہ فرض ہے کیونکہ اس کے بعد فرمایا اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ اور فرمایا فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ اور اس سے قبل فرمایا شَهْرُ رَمَضَانَ

روزہ کے اصطلاحی معنی: ☆.....اہل شرع کے نزدیک دن کو کھانے پینے اور جماع سے باز رہنے کا نام ہے لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں نیت بھی روزہ کی ہو اور روزہ میں ان رکاوٹوں میں ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ان اشیاء کو نفس خوب چاہتا ہے اس کی مخالفت کی بنا پر ان اشیاء سے روکا گیا یہ عوام کا روزہ ہے ☆.....خواص کے نزدیک تمام منہیات سے رکنے کا نام روزہ ہے ☆.....اخص الخواص کا روزہ ترک ماسوی اللہ کا نام ہے كَمَا كُتِبَ جیسے فرض کیا گیا۔

ترکیب کما: منصوب ہے اس لئے کہ یہ مصدر محذوف کی صفت ہے دراصل عبارت یوں تھی كتب كتابا كائنا مثل ما كنت اور ما مصدریہ ہے یا الصیام سے حال ہے اور اس وقت ما موصلہ ہوگا اب عبارت یوں گی كتب عليكم الصيام شهابا الذى كتب تمہارے اوپر ان لوگوں کی طرح روزہ فرض ہے۔

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ اور اوپر ان لوگوں کے جو تم سے پہلے تھے یعنی دیگر انبیاء علیہم السلام اور ان کی امتیں یعنی سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک اس میں حکم کی تاکید اور اس کی

marfat.ocm
Marfat.com

ترغیب اور نفوس کو خوش کرنا ہے اس لئے کہ روزہا یک مشقت بھری عبادت ہے اور قاعدہ ہے کہ جب مشقت بھری عبادت عام ہو جائے تو وہ آسان معلوم ہوتی ہے اس کی ادائیگی میں ہر ایک کو رغبت ہوتی ہے۔

ف: یہ شبہ اصل روزہ میں ہے نہ کہ اس کی مقدار میں اور نہ ہی وقت کے تعین میں کیونکہ آدم علیہ السلام کے زمانہ میں ایام بیض کے روزے فرض تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں عاشورا کے روزے فرض تھے اور یہ بھی ہے کہ تشبیہ میں من کل الو جوہ برابری نہیں ہوتی جیسے ہم دعا میں کہتے ہیں اللّٰھم صلی محمد وعلی ال محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم اسی طرح انکم سترون ربکم کالقر لیلة البدر میں تشبیہ رؤیت کی رؤیت سے ہے کہ مری کی مری سے۔

ف: مری صیغہ مفعول از رؤیت ہے۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تا کہ تم گناہوں سے بچو اس لئے کہ روزہ شہوت کو توڑتا ہے۔

حدیث: یا معشر الشباب من استطاع منکم الباۃ فلیتزو ج فانه اغض للبصر واحصن اللفروج ومن لم فعلیله الصوم فان الصوم له اے نوجوانو! تم میں سے جس کی طاقت زوروں پر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نکاح کرے کیونکہ نکاح سے آنکھ برائی سے بچ جاتی ہے اور فرج زنا سے محفوظ ہو جاتا ہے اور جسے نکاح کی طاقت نہیں تو اس پر لازم ہے کہ وہ روزے رکھے کیونکہ روزہ صرف اسی لئے مقرر کیا گیا ہے۔

ف: اشباب شباب کی جمع ہے شباب اسے کہتے ہیں جو بالغ ہو جائے اور تیس سال کی عمر کو نہ پہنچے۔

(کذا قال النووی)

ف: الباۃ بمعنی بیاہ اور نکاح کرنا یہ للباء فی المنزل سے ماخوذ ہے یعنی گھر تیار کر دینا کیونکہ جب کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرتا ہے تو وہ اسے گھر تیار کر دیتا ہے۔ الوجاء خصی ہونے کی ایک قسم ہے وہ یہ کہ کسی کے خصیے کی رگوں کو ست کیا جائے لیکن خصیوں کو کچھ نہ کیا جائے یہ بھی تشبیہ کی بناء پر ہے کہ جس طرح خصی ہونے سے شہوت کا اندفاع ہو جاتا ہے اسی طرح روزہ رکھنے سے شہوت نفسانیہ کمزور پڑ جاتی ہے۔

ف: حدیث میں امر وجوب کے لئے ہے کیونکہ روزہ کا حکم اس وقت ہے جب کہ شہوت کا غلبہ ہو جیسے یا شباب سے معلوم ہوتا ہے یعنی نوجوان اپنی فطری صحیح سالم عادت سے تجاوز کر جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

روحانی نسخے: علماء کرام فرماتے ہیں کہ شہوت چند ایک چیزوں سے ست پڑ جاتی ہے۔

۱۔ دن کا روزہ رکھنا ۲۔ رات کو نماز کے لئے کھڑا ہونا۔ ۳۔ شہوت بھری اشیاء کو چھوڑ دینا۔

۴۔ شہوانی اشیاء کا تصور دل سے مٹا دینا۔ ۵۔ نفس امارہ کو شہوانی خیالات سے دور رکھنا۔

سوال: اگر کوئی شخص سوال کرے کہ بہت سے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو باوجود یکے روزہ رکھتے ہیں رات کو نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور کھانا پینا بھی ترک کرتے ہیں لیکن شہوت نفسانیہ کا شکار ویسے ہی رہتے ہیں اس کا کیا علاج ہے؟

جواب: یہ بیماری دراصل اس کی شہوت کی وجہ سے ہے جو اس کے اندر گھسی ہے اس کے چند علاج ہیں۔

☆ ..... نفس کو غم والم کی خبروں میں ہر وقت بیقرار رکھے۔

☆ ..... موت کا ذکر ہر وقت سامنے رکھے۔

☆ ..... نفس کو سمجھائے کہ موت کا وقت بالکل قریب ہے تو کب تک یہ خرابیاں کرتا رہے گا۔

☆ ..... آہستہ آہستہ آرزوئے نفس کو گھٹاتا جائے۔

☆ ..... نفس پر عبادت واطاعت کے ذریعے کنٹرول کرے۔

اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ یعنی دن نہایت قلیل اور گنتی کے ہیں یعنی جو مال گنتی کا ہو اسے گنا جاتا ہے اور جو مال ان گنت ہو اسے ایسے ہی ڈالا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر زندگی بھر کا روزہ فرض نہیں فرمایا اور نہ ہی کثیر التعداد روزے واجب فرمائے ہمارے لئے تخفیف اور رحمت بہ نسبت دوسری امتوں کے سہولت فرمائی اور ایاما کا منسوب ہونا قلت عدد کی وجہ سے ہے۔ جو اس کا فائدہ یعنی ایاما دلالت کرتا ہے یعنی دراصل عبادت یوں تھی صوموا ایاما لیکن طریق توسع کے مقبول قرار پائے گا۔

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا پس تم میں سے جو مریض ہو یعنی ایسا مریض کہ اسے روزہ نقصان پہنچائے یا روزہ رکھنے سے نقصان ہو۔ اَوْ عَلٰى سَفَرٍ یا سفر میں ہو لفظ علی سے تعبیر میں اس طرف اشارہ ہے کہ گویا مسافر سفر پر ہوتا ہے۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ دن کے کسی حصہ میں سفر کا آغاز کرے تو روزہ رکھے کیونکہ اس لئے اس سے

marfat.ocm
Marfat.com

سوار ہونے کا مفہوم ادا نہیں ہوتا بلکہ وہ سفر سے ایک قسم کی علابست حاصل ہوئی اور رخصت اس وقت ہے جب کہ ہر طرح سفر پر سوار ہونے کا مفہوم حاصل ہو۔ آیت میں لفظ استعارہ تبعیہ ہے کہ سفر اور مسافر کی سواری اور سوار سے مشابہت دی گئی ہے جس طرح سوار اپنی سواری پر جیسے چاہے تصرف کرے اسی طرح مسافر بھی اپنے سفر کو جس طرح چاہے استعمال کرے اس معنی کی دلالت کی وجہ سے اسم سے عدول کیا ورنہ فرماتے او مسافر کیونکہ اس میں وہ مفہوم نہیں جو عَلٰی سَفَرٍ میں سوار ہونے کا مفہوم ادا ہوتا ہے۔

فَعِدَّةٌ پس گنتی چاہے یعنی کہ مرض اور سفر کے دن گن کے دوسرے ایام میں روزے رکھے فَعِدَّةٌ سے ہے بمعنی معدود وہ جماعت جو لوگوں میں شمار ہو اسے عدت کہتے ہیں۔

مِنْ اَيَّامٍ اُخَرَ یعنی اس کے سفر اور مرض کے ایام کے بغیر چاہے مسلسل قضا کرے یا غیر مسلسل آیت کا مطلب یہ کہ تندرست لوگوں پر ان گنی کے ایام میں روزے فرض ہیں باقی رہے بیمار اور مسافر سو وہ ان ایام کے بغیر بعد میں جب چاہیں قضا کر لیں وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ اور اوپر ان لوگوں کے کہ جنہیں طاقت ہے اکثر مفسرین اس طرف گئے ہیں کہ الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ سے وہ لوگ مراد ہیں جو تندرست اور مقیم ہیں لیکن ابتدائے اسلام میں اللہ تعالیٰ نے انہیں اختیار دیا تھا کہ چاہے روزہ رکھیں چاہے فدیہ دیں تا کہ ان کو دکھ نہ ہو کیونکہ اس سے قبل ان کی روزہ رکھنے کی عادت نہ تھی پھر یہ آیت منسوخ ہو گئی اور لازم کیا گیا کہ جب ہی رمضان کا مہینہ ہو روزہ رکھنا فرض ہے اس آیت کی ناسخ یہ آیت ہے۔ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ یعنی جن لوگوں کے پاس رمضان شریف کا مہینہ آجائے تو ان پر لازم ہے کہ روزے رکھیں فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ یعنی ایک مسکین کا فدیہ گندم سے ایک صاع اور گندم کے سوا پورا صاع ادا کرنا ہوگا۔ فدیہ جزاء کے معنی میں ہے دراصل فدیہ کہتے ہیں کسی کا قائم مقام ہو کر بدل بن جانا شیخ کی تفسیر میں ہے۔ یطیق اطاق فلان سے ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب اس فلاں سے طاقت چھن جائے یہاں ہمزہ سلب کے لئے ہے یعنی وہ لوگ روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے یعنی یہی وہ لوگ تھے کہ جوانی کے وقت تو انہیں روزہ رکھنے کی طاقت تھی لیکن اب بڑھاپے میں انہیں طاقت نہیں رہی۔

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا پس وہ شخص جو احسان کرتا ہے ساتھ بھلائی کے پھر فدیہ کا اضافہ کر دیتا ہے یا نیکی کا کوئی عمل کرتا

marfat.com
Marfat.com

ہے فَهُوَ پس وہ نیکی خَيْرٌ لَّهٗ اس کے لئے بہتر ہے۔ خیر مطلوع میں تین وجہیں ہوسکتی ہیں۔

۱۔ ایک مسکین پر ایک اور مسکین کا اضافہ کرے یعنی ایک کی بجائے دو مسکینوں یا اس سے زائد کو طعام دے۔

۲۔ مسکین واحد کو قدر واجب سے زائد دے۔

۳۔ فدیہ بھی دے اور روزہ بھی رکھے یہ سب کی سب بھلائی ہی بھلائی ہے۔

وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ مصدر مرفوع بالا بتدا ہے یعنی اے مسافر اور وہ لوگ جنہیں روزہ رکھنے کی طاقت نہیں ہے خَيْرٌ لَّكُمْ تمہارے اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ فدیہ سے بہتر ہے اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اگر تمہیں معلوم ہوتا کہ روزے کے کتنے بڑے فضائل ہیں اس جملہ کا جواب محذوف ہے اس کے واضح طور پر ظاہر ہونے کی وجہ سے وہ مجذوف اختر اتموہ ہے یعنی تم اسے اختیار کرتے۔

مسئلہ :الاشباہ میں ہے کہ سفر میں روزہ افضل ہے ہاں جب اسے خوف ہو کہ روزہ رکھنے سے بہت تکلیف ہوگی یا اس کے دوست اس کے زادراہ میں شریک ہیں لیکن نہیں رکھتے تو پھر روزہ نہ رکھنا جائز ہے۔

سوال: مسافر کو روزہ رکھنا افضل کیوں ہے؟

جواب: اس لئے کہ روزہ رکھنا عزیمت ہے اور نہ رکھنا رخصت اور عزیمت پر عمل کرنا افضل ہے۔

سوال: حدیث شریف میں ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لیس من البر الصیا فی السفر.

سفر میں روزہ رکھنا نیکیوں میں سے نہیں اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ سفر میں روزہ رکھنا گناہ ہے۔

جواب: یہ حدیث شریف محمول ہے اس معنی پر جب کہ سفر میں روزہ نقصان دیتا ہو یہاں تک کہ اسے مرجانے کا خطرہ ہو جائے۔ (کذافی شرح الجمع الا بن الملک)

مسئلہ: روزے کی معافی ہر اس شخص کو ہے جسے نماز قصر کی اجازت ہے یعنی تین شب و روز کا سفر جو بہ تحقیق اعلیٰ حضرت سیدنا احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ ساڑھے ستاون میل ہے یہی قول امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب کے مطابق ہے۔

نکتہ: اللہ تعالیٰ نے ہمیں ماہ رمضان کے روزوں کا حکم اس لئے دیا کہ بندے کو سال کی گنتی کے مطابق ثواب

marfat.ocm
Marfat.com

نصیب ہوا اور یہ اس کا وعدہ ہے کما قال مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا اور ماہ کامل تیس دنوں کا ہوتا ہے اس حساب سے تین سو روزوں کا ثواب ملا۔ پھر اس کے ساتھ ماہ شوال کے چھ روزے ملا لئے گئے جو ساٹھ روزے بنے اس طرح بندے کو سارے سال کے تین سو ساٹھ روزے نصیب ہوئے۔

مسئلہ: کسی ماہ کے ایک دن کی کمی سے روزوں کی کمی نہیں کی جاتی۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ نے اپنی زندگی مبارک میں کل آٹھ ماہ رمضان کے روزے رکھے ان میں پانچ روزے انتیس دنوں کے اور تین تیس دنوں کے۔

ف: رمضان کے روزے کا حکم نبوت کے پندرہ سال اور ہجرت کے تین سال بعد ہوا۔

ف: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور عالم ﷺ نے اظہار نبوت کے بعد کلمہ شہادت کا اعلان فرمایا جب اس کی مکمل تصدیق ہوگئی تو پھر نماز کا حکم فرمایا جب اس کی تصدیق ہوگئی پھر زکوٰۃ کا اعلان فرمایا جب اس کی تصدیق ہوگئی پھر روزے کا اعلان فرمایا جب اس کی تصدیق ہوگئی پھر حج کا اعلان فرمایا جب اس کی تصدیق ہوگئی پھر جہاد کا اعلان فرمایا اس کے بعد دین مکمل ہوگیا۔

ف: فقرا کی وجہ سے دولتمندوں پر سب سے پہلے روزے کا حکم طہمورث بادشاہ کے زمانے میں فرض ہوا جو بنی آدم کے بادشاہوں میں تیسرا بادشاہ ہوگزرا ہے۔

روزے کی فرضیت کا سبب: روزے کی فرضیت کا سبب یوں ہوا کہ بادشاہ طہمورث کے زمانے میں سخت قحط پڑا اس نے دولتمندوں کو حکم فرمایا کہ غروب شمس کے بعد ایک ایک مسکین کو کھانا کھلائیں اور دن کو سارا دن بھوکے رہیں تاکہ فقرا کے حال پر شفقت کا موقع ملے اور دولت مندوں کے دن کا طعام فقراء کو نصیب ہو اور پھر اس سے عبادت الٰہی بجالا کر اس کے سامنے تواضع وانکسار کا اظہار کریں۔

فائدہ روحانیہ: روزہ رکھنے سے انسان جسمانیت کے تاریک وتنگ گوشہ (جسے نشاۃ ثانیہ سے تعبیر کیا جاتا ہے) سے خارج ہوکر ملکوت السمٰوٰت میں داخل ہوجاتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فرمان ہے کہ کوئی بھی ملکوت السمٰوٰت میں ہرگز داخل نہیں ہوسکتا جب تک اس کی ولادت نہ ہو بلکہ مجاہدہ صوم تو مشاہدہ ربانی کا

marfat.com
Marfat.com

بہترین رابطہ ہے اسی کی طرف (حدیث قدسی کا بھی اشارہ ہے) روزہ میرے لئے اور میں ہی اسے جزا دوں گا یعنی میں ہی اس کی جزا ہوں نہ اس میں زیادتی ہوگی اور نہ کمی اسی لئے اللہ تعالیٰ نے زیارت کی رؤیت کو بھوک سے متعلق فرمایا چنانچہ ارشاد ہوا کہ جب عیسیٰ علیہ السلام نے خطاب فرمایا کہ تجوع ترانی بھوکے رہو تب مجھے دیکھو گے۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا۔

ندارند تن پروراں آگہی کہ پر معدہ باشد ز حکمت تہی

ترجمہ: تن پرور شہوت پرستوں کو کسی قسم کی آگاہی نصیب نہ ہوگی اس لئے جو پیٹ بھر کر کھائے گا وہ حکمت سے محروم رہے گا۔

سوال: روزے کو حدیث شریف میں اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں منسوب کیا گیا؟

جواب: روزہ دار ریا سے پاک ہوتا ہے اس لئے کہ وہ ایک مخفی فعل ہے سوائے خدا تعالیٰ کے اسے کوئی نہیں جانتا لیکن شرط یہ ہے کہ بندہ روزہ کے وقت اپنے قلب اور سر اور روح کو ماسوی اللہ سے پاک رکھے اور خواص کے ہاں حقیقی روزہ بھی یہی ہے۔

حضرت مولانا روم قدس سرہ نے فرمایا۔

ہر کرا دارد ہوسہا جان پاک روز بیند حضرت و ایوان پاک

(**ترجمہ**: جو اپنی روح کو خواہشات سے پاک رکھتا ہے وہ بہت جلد ذات حق کا مشاہدہ کرلے گا)

تفسیر صوفیانہ جیسے ظاہر کا روزہ ہوتا ہے اسی طرح باطن کا بھی ہوتا ہے اور باطن کا خطاب اشارہ کرتا ہے یہ کہ مومن کے قلب روح کا روزہ یہ ہے کہ بندہ کو انوار الحضور مع اللہ کا شہود حاصل ہو قلب کا صوم یہ ہے کہ قلب معقولات کے مشربوں کے حصول سے رک جائے اور روح کا روزہ یہ ہے یہ روح روحانیت کے مشاہدات سے دور رہے اور سر کا روزہ یہ ہے کہ وہ غیر اللہ کے شہود سے محفوظ ہو جو صرف کھانے پینے کی اشیاء وغیرہ سے رکا ہوا ہے اس کے روزے کی انتہا صرف یہ ہے کہ رات آئے گی اور وہ خوش ہوگا اور جو غیر اللہ سے رکا ہوا ہے اس کے روزے کی انتہا مشاہدہ حق ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا صوم الروبتہ و افطر و الرؤیتہ اس کا مطلب حقیقۃ یہ ہے رؤیت سے مراد مشاہدہ حق ہے یعنی روزہ رکھو تو صرف مشاہد حق کی آرزو کے لئے اور افطار کرو تو مشاہدہ حق کی تمنا میں روزے دار کو چاہیے کہ وہ ظاہر اور باطن ہر طرح کا روزہ رکھے مثلاً زبان کا روزہ جھوٹ اور فواحش اور غیبت سے اور آنکھ کا روزہ یہ ہے کہ غفلت اور شک وشبہ سے بچے اور کان کا روزہ یہ ہے کہ مناہی و ملاہی کے سننے سے محفوظ رہے اسی طرح باقی اعضاء کا قیاس کیجئے۔ مثلاً نفس کا روزہ ہے کہ وہ غلط تمنا اور حرص وشہوات سے بچے اور قلب کا روزہ یہ ہے حب دنیا اور اس کے نقش ونگار میں نہ پھنسے اور روح کا روزہ یہ ہے کہ وہ آخرت اور اس کی لذات کے نشہ میں نہ رہے اور سر کا روزہ یہ ہے کہ غیر اللہ کے وجود واثبات کو معدوم کرے كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ میں اشارہ ہے کہ وجد انسان کے اجزاء جسمانیہ روحانیہ کی ترکیب سے قبل مشارب وغیرہ سے روزہ دار تھے۔ جب جسم روح سے متعلق ہوا تو ارواح کی امداد سے جسم اور روح کو خطوظ حیوانیہ ونفسانیہ کی آرزو پیدا ہوئی اس کے بعد جسم کے قالب کے حواس کی وجہ سے روح کو مشارب حیوانیہ وروحانیہ کی ضروریات محسوس ہوئیں اس پر اللہ تعالیٰ نے روزہ فرض فرمایا جیسے کہ وہ عالم ازل میں روحانیت میں فرداً فرداً ان پر روزے کا حکم فرمایا لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ تاکہ تم مشارب مرکبات سے بچ جاؤ اور روزے رکھ کو شراب طہور کی استعداد کے ساتھ اور ان مشارب سے افطار کریں جن کے لئے خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو پلائے گا جب کہ انہیں شراباً طہوراً سے نواز کر انہیں پورے طور پاک کردے گا یہ شراب حظوظ حیوانیہ روحانیہ کی آلائش سے پاک کردے گا۔ جیسا کہ فرمایا۔ وَلَٰكِن يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ اور اللہ تعالیٰ کا تمہارے متعلق پاک کرنے کا ارادہ ہے مگر جب بندے کے حظوظ کی تمنا کا ستارہ گم ہوگا تو مطلع بقائے ربانی سے شمس لقاء طلوع فرمائے گا اس وقت ایفائے وعدہ ہوگا جو حضور علیہ السلام نے روزہ داروں کے لئے فرمایا۔ للصائم فرحتان روزے دار کو دو خوشیاں نصیب ہوتی ہیں۔ ۱۔ افطار کے وقت ۲۔ دیدار ربانی کے وقت۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو گنتی کی قلت کی خوشخبری سنائی یعنی اے میرے بندو! تمہارے روزہ رکھنے کے ایام تو بالکل معمولی اور گنتی کے ہیں۔ لیکن تمہارے روزوں کے ثمرات ان گنت ہیں پس روزہ کا نام سن کر گھبراؤ نہیں۔ (کذا فی التاویلات نجمیہ)

تفسیر عالمانہ شَهْرُ رَمَضَانَ یہ مبتدا اور اس کا بعد اس کی خبر ہے اس کے ذکر سے بندے کو رمضان

marfat.com
Marfat.com

شریف کی فضلیت اوراس کے علومرتبہ پر تنبیہ کرنا مقصود ہے اور اشارہ ہے اس طرف کہ یہ مہینہ دوسرے مہینوں سے خصوصی شان رکھتا ہے کہ اس کا روزہ فرض فرمایا فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ اس آیت سے مراد ماہ رمضان ہے اور روزے کی فرضیت فَلْيَصُمْهُ سے فرمائی۔

سوال: ماہ کو شہر کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس کی شہرت کی وجہ سے جب شروع ہوتا ہے تو سب کے ہاں مشہور ہو جاتا ہے۔

حل لغات: رمضان رمض کا مصدر ہے بمعنی احتراق شہر کو رمضان کی طرف مضاف کر کے مجموع کو علم اور غیر منصرف مانا جاتا ہے اس میں دو سبب ہیں معرفہ اور الف نون زائدتان رمضان کو رمضان اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس میں بھوک اور پیاس کی وجہ سے جگر کمزور اور جل جاتا ہے اس وجہ سے کہ روزوں سے گناہ جھڑ جاتے ہیں یا اس وجہ سے کہ جب اس ماہ کے نام رکھنے کی باری آئی تو اس وقت سخت گرمی تھی بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مہینوں کے اسماء لغات قدیمہ سے منقول ہوئے ہیں پھر جس ماہ کے نام رکھنے کی باری آئی تو جو موسم تھا اس کے مطابق اس کا نام رکھا گیا ماہ رمضان کے نام کی باری آئی تو موسم گرما تھی جیسے ربیع الاول والآخر کا نام رکھتے وقت موسم بہار تھا اسی طرح جمادی الاولی والاخری کی باری آئی تو پانی کے جم جانے کا موسم تھا۔

ف: رمضان اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام ہے اب شہر اس کی طرف مضاف ہے اسی لئے مروی ہے **لاتقولوا رخاء رمضان وذهب رمضان** نہ کہو کہ رمضان آیا اور گیا بلکہ کہو ماہ رمضان آیا اور گیا اس لئے کہ رمضان اللہ تعالیٰ کے اسماء سے ہے۔

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ ماہ رمضان وہ ہے جس میں قرآن پاک نازل ہوا یعنی پہلے ایک بارگی بیت العزۃ (جو کہ آسمان دنیا میں واقع ہے) میں نازل ہوا اس کے بعد تیئس سال کی عمر میں آہستہ آہستہ نازل ہوتا رہا جیسے مشیت ایزدی کا تقاضا ہوتا۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے کہ صحف ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام رمضان المبارک میں نازل ہوئے اور توارت رمضان المبارک کی چھٹی تاریخ کو نازل ہوئی اور انجیل تیرہ تاریخ رمضان میں نازل ہوئی اور قرآن پاک چوبیس رمضان کو نازل ہوا قرآن قرء سے مشتق ہے بمعنی الجمع کیونکہ قرآن پاک

marfat.com
Marfat.com

میں علوم الاولین وآخرین جمع ہیں۔

هُدًى لِّلنَّاسِ یعنی وہ قرآن نازل ہوا ہے اس کا حال یہ ہے کہ لوگوں کو اپنے اعجاز وغیر کے ذریعے جو لوگوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى اور اس کا یہ حال ہے کہ اس میں آیات واضحات ہیں جو ان سے حق کی طرف راہ دکھاتا ہے اور حق و باطل کے مابین فرق کرتا ہے اس اعتبار سے کہ اس میں حکمتیں اور احکام ہیں۔

ف: ہدایت دو اقسام کی ہیں۔ ۱۔ جو بالکل واضح اور کھلی ہو۔ ۲۔ اتنی واضح اور کھلی نہ ہو۔ پہلی قسم دوسری سے افضل ہے پہلے اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی جنس عمومی طور بیان فرمائی اسکے بعد جو اشرف واعلیٰ کا ذکر فرمایا بلکہ اس میں مبالغہ فرمایا گویا کہا گیا ہے کہ وہ قرآن ہدایت ہے بلکہ کھلی اور واضح ہدیت ہے اور ظاہر ہے کہ ایسی عبادت میں انتہا درجے کا مبالغہ ہے کیونکہ یہ مرتبہ ثالث میں ہے (یعنی ادنی سے اوسط پھر اعلیٰ) اس کا عطف بینات پر از قبیل تشریف ہے۔

فَمَنْ یہ فاء تفریع وترتیب کی ہے شَهِدَ پس وہ جو حاضر ہوا سکا استعمال وہاں ہوتا ہے جو کسی کو کسی شہر یا گاؤں میں اقامت حاصل ہو مِنكُمُ الشَّهْرَ شہر کا منصوب ہونا علی الظرفیہ ہے فِي الشَّهْرِ یہ مفعول بہ نہیں اس لئے کہ مقیم ومسافر شہر میں حاضر ہوتے فَلْيَصُمْهُ پس چاہیے کہ اس میں روزہ رکھے اس میں حرف جار محذوف ہے اصل عبارت فلیصم فیہ تھی اور حرف جار کے بغیر پہچانے میں اتساع مطلوب ہے اور شاہد سے عاقل وبالغ وتندرست مراد ہے کیونکہ صبی مجنوں اگر چہ موضع میں حاضر ہوں تب بھی ان پر روزہ فرض ہے اس سے روزہ رکھنا یا نہ رکھنا یا اس کے بدلے فدیہ دینے کا حکم منسوخ ہو چکا ہے وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا اور وہ شخص جو مریض ہو اگر چہ مقیم یعنی گھر میں ہو اَوْ عَلٰى سَفَرٍ یا سفر میں ہو اگر تندرست ہو یہاں پر علی بمعنی فی ہے۔ قاعدہ ہے کہ حروف جارہ ایک دوسرے کے قائم مقام کھڑے ہو سکتے ہیں۔

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ پس گنتی کے اور دنوں میں یعنی ان اعذار کی وجہ سے یہ لوگ دوسرے دنوں میں روزے رکھ لیں۔

سوال: حرف تخییر یعنی حرف اور عاطفہ کو دوبارہ کیوں لایا گیا؟

marfat.com
Marfat.com

جواب: اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں جب تندرست مقیم اور مسافر اور مریض کے متعلق روزے رکھنے اور نہ رکھنے کا اختیار دے کر دوسری آیت میں اس حکم کو منسوخ فرمایا اگر صرف اسی منسوخ کے مضمون تک بات محدود رہتی تو حکم کی یکسانیت کا احتمال رہتا اس لئے ضروری ہوا کہ منسوخ کے بعد پھر مقیم و مسافر اور مریض کی وضاحیت ہوتا کہ معلوم ہو کہ ان احکام سابقہ میں بعض اپنے اصل پر ہیں۔

یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ اللہ تعالیٰ تمہارے متعلق آسانی کا ارداہ فرماتا ہے اور دکھ کا ارادہ نہیں رکھتا یعنی یہ نہیں فرماتا کہ دکھ کے وقت بھی روزہ رکھو یعنی سفر اور مرض میں روزہ رکھنے کی اجازت نہیں بخشی یہ اس کی نہایت درجہ کی مہربانی اور بے حد درجہ کی رحمت ہے۔

ف: امام محمد بن علی الترمذی (صاحب نوادر الوصول) قدس سرہ فرماتے ہیں کہ الصوا یک بہشت کا نام ہے کہ تمام آسانیاں اسی میں رکھی گئی ہیں اور الیســـــر ایک جہنم کا نام ہے جس میں ہر قسم کے دکھ رکھے گئے ہیں اب آیت کا معنی یوں ہوا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں روزے رکھنے کا حکم دیتا ہے تا کہ تمہیں بہشت میں داخل کرے اور دوزخ سے بچائے۔

ف: ہمارے شیخ العلامہ الفضلی قــدس مــــرہ اس آیت کی تفسیر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لئے روزے رکھنے کے حکم میں تمہاری دارین کی سعادت کا ارادہ رکھتا ہے نہ کہ دارین کی بدبختی۔

ف: دنیا کی سعادت کی یہ معنی ہے کہ بندے کو ملکیت اور روحانیت کی طرف ترقی اور یہ لفظ و معرفت کی جانب پہنچنا نصیب ہوتا ہے اور دنیا میں بدبختی کا یہ معنی ہے کہ انسان اپنی بشریت و حیوانیت میں محدود رہے اور اوصاف طبعیہ و انسانیہ میں مقید رہے اور یســـــر یعنی آخرت کی سعادت کا یہ مطلب ہے کہ اسے جنت و نعمت اور قرب وصال اور رؤیت حق نصیب ہو اور آخرت کی بدبختی کا یہ معنی ہے کہ اسے جہنم اور اس کے عذاب اور اور اس کے مختلف درکات نصیب ہوں۔

تفسیر صوفیانہ شیخ نجم الدین قدس سرہ اپنی تاویلات نجمیہ میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لئے یسر کے ساتھ عسر کا ارادہ رکھتا ہے بمعنی کہ تعمیل ارشاد میں بندے کو اس کا انتظار بھی نہ ہو کہ مجھے اس کی وجہ سے عســـــر نجات ملے گی۔ (گویا نیکی کر اور دریا میں ڈال کا مصداق بن جائے) ہاں اس آسانی

marfat.ocm
Marfat.com

کے خیال میں رہے کہ جس سے دکھ ٹل جاتے ہیں تو کوئی حرج نہیں اس لئے کہ جب دانا کو طبیب کڑوی دوائی مرض کی تکلیف کی وجہ سے پلاتا ہے (جو وہی دوائی تندرستی لانے والی ہوتی ہے) تو دانا دوائی پیتے ہوئے دوا کے کڑوا پن کو نہیں دیکھتا بلکہ اس کی نگاہ اس کڑواپن سے تندرستی کی چاشنی پر لگی ہوتی ہے اسے دوائی کے کڑواپن کی پرواہ نہ کرتے ہوئے قوت وہمت سے کڑوی دوائی پی جاتا ہے۔ حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

وبالست داون بر بخور رقند　　کہ داروئے تلخش بوسودمند

زعلت مداری خرومند بیم　　چودارو ئے تلخت فرستد حکیم

(بیمار کو میٹھا کھلانا نقصان دہ ہے اس لئے کہ اسے کڑوی دوائی مفید ہے بیماری سے

دانا کو خوف نہیں کرنا چاہئے جب حکیم کڑوی داوئی دے تو فوراً پی لینی چاہئے)

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ اور تا کہ تم اپنی تنگی پوری کرو یعنی اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے واجب کرنے کے بعد گنتی کی رعایت اس لئے دی ہے تا کہ تم سفر یا مرض کی وجہ سے جتنے دن تم نے روزے نہیں رکھے اتنی مقدار دوسرے دنوں میں مکمل کرلو۔ چنانچہ فرمایا فعدة ای فعلیکم عدة ماافطر تم وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ اور تا کہ تم اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرو یعنی ہم نے جو تمہیں روزوں کی قضا کا حکم (جو منا یام اخر سے معلوم ہو رہا ہے) دیا مطلق ہے خواہ وہ مسلسل رکھو یا مختلف ایام میں تا کہ اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کرو حمد کرتے ہوئے عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ جس پر اس کے کہ اس نے تمہیں ہدایت بخشی ہے یہاں پر ما مصدر یہ ہے ای علی هدا یه ایا کم ۔۔۔۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے تمہیں تکلیف سے عہد برا ہونے کے لئے سیدھے راستے بتائے وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ یعنی ہم نے تمہیں سفر اور مرض میں روزے نہ رکھنے کا حکم فرمایا تا کہ تم شکر کرو اس نعمت کا زبان اور قلب اور بدن سے۔

احادیث شریفہ

حدیث شریف ۱۔ میں ہے کہ جس نے تین چیزوں کی حفاظت کی وہ یقیناً ولی اللہ ہے اور جو ان تینوں کو ضائع کر دیتا ہے۔ یقین جانو وہ اللہ کا دشمن ہے۔

۱۔ نماز　۲۔ روزہ　۳۔ جنابت کا غسل

حدیث شریف ۲۔ اللہ تعالیٰ کی تمام ہشتیں چار آدمیوں کی مدد کرتی ہیں۔

Marfat.com

۱۔ رمضان کے روزے رکھنے والا ۲۔ قرآن پاک کی تلاوت کرنے والا ۳۔ زبان کی حفاظت کرنے والا۔ ۴۔ بھوکے ہمسایوں کو کھانا کھلانے والا۔

ف: اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کے تمام گناہ بخش دیتا ہے جو روزہ افطار کراتا ہے خواہ اس نے وہ گناہ پاؤں سے چل کر کئے یا ہاتھوں یا آنکھوں سے کئے اور کانوں سے سنے اور زبان سے کئے یا اس کے قلب سے صادر ہوئے

حدیث شریف: جب قیامت میں اللہ تعالیٰ اہل قبور کو قبروں سے اُٹھنے کا حکم دے گا تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائے گا کہ اے رضوان میرے روزے داروں کو آگے چل کر ملو کیونکہ وہ میری خاطر بھوکے پیاسے رہے اب تم بہشت کی خواہش کی تمام اشیاء لے کر ان کے پاس پہنچ جاؤ اس کے بعد وہ رضوان زور سے پکار کر کہے گا اے جنت کے غلمان و ولدان نور کے بڑے بڑے تھال لاؤ اس کے دنیا کے ریت کے قطرات اور بارش کی بوندوں کے اور آسمان کے ستاروں اور درختوں کے پتوں کے برابر میوہ جات اور کھانے پینے کی لذیذ اشیاء جمع کر کے روزہ داروں کے سامنے رکھ دی جائیں گی اور ان سے کہا جائے گا جتنا مرضی کھاؤ پیو یہ ان روزوں کی جزاء ہے جو تم نے دنیا میں رکھے۔

ایک عجیب الخلقت فرشتہ: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے شب معراج سدرۃ المنتہیٰ پر ایک فرشتہ دیکھا جسے میں نے اس سے قبل نہیں دیکھا تھا اس کے طول و عرض کی مسافت لاکھ سال کے برابر تھی اس کے ستر ہزار سر تھے اور ہر سر میں ستر ہزار منہ اور ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں اور ہر سر پر ستر ہزار نورانی چوٹی تھی اور ہر چوٹی کے سر پر بال میں لاکھ لاکھ موتی لٹکے ہوئے ہر ایک موتی کے پیٹ پر لکھا ہوا ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور اس فرشتے نے اپنا سر اپنے ایک ہاتھ پر رکھا ہے اور دوسرا ہاتھ اس کی پیٹھ پر ہے اور وہ حظیرۃ القدس یعنی بہشت میں ہے جب وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھتا ہے تو اس کی خوش آواز سے خوشی سے عراش الٰہی کانپ جاتا ہے میں نے جبریل امین علیہ السلام سے ان کے متعلق پوچھا تو انہوں نے عرض کیا کہ یہ وہ فرشتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے دو ہزار سال پہلے پیدا کیا تھا پھر میں نے کہا اس کی لمبائی چوڑائی کہاں سے کہاں تک ہے؟ انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے بہشت میں ایک چراگاہ بنائی ہے اور یہ اسی میں رہتا ہے اس جگہ کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ وہ آپ کے اور آپ کی امت کے ہر شخص کے لئے تسبیح پڑھے جو روزہ رکھتے ہیں حضور علیہ الصلوۃ

Marfat.com

والسلام نے اس فرشتہ کے آگے دو صندوق دیکھے اور ہر صندوق پر ہزار نورانی تالہ تھا میں نے پوچھا اے جبریل علیہ السلام یہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا اس فرشتہ سے پوچھئے میں نے اس سے پوچھا یہ صندوقیں کیسے ہیں اس نے کہا اس میں آپ کی روزہ رکھنے والی امت کی برأت کا ذکر ہے آپ کو آپ کی امت کے روزہ رکھنے والوں کو مبارک ہو۔

مسئلہ: ہر عمل میں نیت ضروری ہے خصوصاً روزہ میں؟

مسئلہ : نیت کا مطلب یہ ہے کہ کم از کم دل سے جانتا ہو کہ آج میرا روزہ ہوگا اور یہ تقریباً رمضان کی ہر رات خیال ہی ہوتا ہے۔

سوال: روزہ میں نیت کو کیوں ضروری قرار دیا گیا؟

جواب: کھانے پینے وغیرہ سے رک جانا کبھی عادتاً اور کبھی بھوک کے نہ ہونے کی بناء پر اور کبھی مرض کی وجہ سے اور کبھی ریاضت کی بنا پر اور کبھی عبادت کے طور پر ہوتا ہے اس لئے ضروری ٹھہرا کہ نیت کر لے تا کہ خالص عادت متعین ہو۔

مسئلہ: یہ نیت ہر روز کے لئے علیحدہ شرط ہے کیونکہ ہر دن کا روزہ ایک علیحدہ فرض ہے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ جو شخص روزہ رکھ کر توڑ دے تو وہی روزہ ٹوٹے گا یہ نہیں کہ اس کے تمام روزے خراب ہو گئے بخلاف تراویح کے کہ اس میں تمام کے لئے ایک ہی نیت کافی ہے کہ وہ تمام (بیس رکعات) گویا ایک ہی نماز ہے یہی صحیح تر ہے۔

مسئلہ: روزے رمضان کی نیت دوپہر سے پہلے ہو سکتی ہے اگر کھانا پینا نہ وہ تو روزہ ہو جائے گا۔

سوال: احادیث تو اس کے خلاف ہیں؟

جواب: وہ احادیث مبارکہ جو اس کے خلاف آئی ہیں ان میں فضیلت کی نفی ہے کہ جو رات کو روزہ کی نیت نہیں کرتا اس کا روزہ نہیں یعنی اس کو روزہ کی فضیلت حاصل نہیں ہوگی۔ جیسا کہ شریعت کا قاعدہ مشہور ہے۔

مسئلہ: قضا اور کفارات اور نذر مطلق میں رات کو نیت ضروری ہے کیونکہ ان امور کے لئے اوقات متعین نہیں اسی لئے ضروری ہے کہ رات کو نیت کی جائے تا کہ دوسرے اعمال کی مزاحمت ہو سکے۔

مسئلہ: جو کہا گیا ہے کہ رمضان کے روزے کی نیت دوپہر سے پہلے جائز ہے اس سے نصف النہار مراد ہے

marfat.com
Marfat.com

یعنی صبح صادق سے لے کر ضحوہ کبریٰ یعنی چاشت کے وقت تک اس وقت سے پہلے نیت کا ہونا ضروری ہے تا کہ اکثر وقت اس کا روزہ میں گزرے اس میں کل کا حکم ہوگا یہاں تک کہ اگر کسی نے اس کے بعد نیت کی تو وہ روزہ نہ ہوگا لیکن اس کا اکثر وقت روزہ کی نیت سے خالی گزرا ہے اس میں اکثریت کے غلبہ کا اعتبار کیا گیا ہے۔

مسئلہ: تراویح میں احتیاط اسی میں ہے کہ ان میں تراویح یا قیام اللیل یا ستنہ الوقت یا قیام رمضان کی نیت کرے۔

مسئلہ: تراویح سنت مؤکدہ ہے اسی پر خلفاء راشدین نے مواظبت فرمائی ہے۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر رمضان کے روزے فرض فرمائے ہیں اور میں تمہارے لئے اس کی راتوں کا قیام سنت مقرر کرتا ہوں۔

سوال: حدیث مذکورہ سے تو تراویح کا سنت ہونا ثابت ہے لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اے نعمة البدعة هذا یعنی رمضان کی راتوں میں قیام اچھی بدعت ہے فرما کر بدعت کہا ہے (بدعت اور سنت میں تضاد ہے)

جواب: حضور کریم ﷺ نے تراویح چند راتیں پڑھ کر پھر ترک کر دیں آپ نے ان پر مواظبت نہیں فرمائی اور نہ ہی ان کے لئے لوگوں کو جمع فرمایا البتہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی مواظبت فرمائی اور ان کے لئے لوگوں کو جمع بھی فرمایا اسی ہیئت کذائیہ کی بناء پر انہوں نے اسے بدعت سے تعبیر فرمایا اور گروہ بدعت بھی ہے تو بدعت محمودہ ممدوحہ حسنہ ہے اور بدعت حسنہ سنت کے منافی نہیں ہوتی۔

(کذافی تفسیر القرطبی جلد اول، تحت قولہ تعالی بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ)

فضائل رمضان: حضور نبی اکرم ﷺ رمضان المبارک کی تشریف آوری سے اپنے صحابہ کرام کو خوشخبری سناتے ہوئے فرماتے تمہارے ہاں ماہ رمضان آیا اور یہ ماہ بہت بڑی برکت والا ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر اس کے روزے فرض فرمائے ہیں اور اس ماہ میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو باندھ دیا جاتا ہے اور اس ماہ میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار ماہ سے افضل ہے جو اس کی برکت سے محروم ہو گیا اس جیسا محروم دنیا میں نہیں ہوگا۔

مسئلہ: بعض لوگوں نے اس حدیث سے مسئلہ استنباط کیا ہے کہ خوشی کے وقت ایک دوسرے کو مبارک باد پیش کرنا اسی حدیث سے ثابت ہے جب کہ بعض مقامات پر رواج ہے کہ رمضان شریف کی تشریف آوری کے

Marfat.com

وقت ایک دوسرے کو مبارک باد پیش کرتے ہیں امام سخاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ مقاصد حسنہ میں لکھتے ہیں کہ مہینوں اور عیدوں کی آمد پر مبارک باد پیش کرنا لوگوں کی عادت ہے ورنہ کوئی مسئلہ نہیں۔

حدیث شریف: حضرت ابن عباس مرفوعاً روایت فرماتے ہیں کہ بھائی کو حج کی واپسی پر ملو اور اسے کہو تقبل اللہ منا ومنک اللہ تعالیٰ ہم تم سب سے قبول فرمائے۔ یہ بھی ایک خوشی پر مبارک باد ہے۔

حدیث شریف ومسئلہ: مرفوع حدیث میں ہے کہ ہمسایہ کے حقوق میں سے ایک حق یہ ہے کہ اس کو خوشی کے وقت مبارک باد پیش کرو اور اس کے غم کے وقت اس کے پاس تعزیت کے لئے جائے اور وہ بیمار ہو جائے تو اس کی طبع پرسی کرے۔

مسئلہ: روزے کے مستحبات میں سے ہے کہ اپنے ظاہری اعضاء کو گناہوں سے بچائے اور خواطر باطنہ کی نگرانی کرے اور اللہ تعالیٰ کا قرب ہرگز حاصل نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء کو ترک نہ کرے۔

ف: حضرت شمس الدین وارانی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ میں دن کو روزہ رکھوں اور رات کو حلال لقمہ سے افطار کروں مجھے زیادہ محبوب ہے کہ رات دن نوافل پڑھتے گزاروں۔

تفسیر صوفیانہ

شمس توحید پر حرام ہے کہ بندے کے قلب پر حرام کا لقمہ اثر کرے خصوصاً روزے کے افطار کے وقت سالک کو چاہیے کہ حرام لقمے سے اجتناب کرے اس لئے کہ یہ دین کے لئے زہر قاتل ہے۔

مسئلہ: ہم اہل اسلام کی تین عیدیں ہیں۔

☆.....عید الافطار اور یہ طبعی عید ہے۔

☆.....عید الموت جب کہ خاتمہ ایمان پر ہو بہت بڑی عید ہے۔

☆.....عید التجلی آخرت میں تو پھر تمام عیدوں سے بہت بڑی عید ہے۔

حدیث شریف اور مسئلہ: امام ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ روایت کرتے ہیں اور اس روایت کی تصحیح بھی فرمائی

marfat.com
Marfat.com

حضرت زید بن حارث سے مروی ہے کہ جس نے روزہ دار کو کھانا کھلایا تو اسے روزہ دار کے روزہ کا ثواب ملے گا بغیر اس کے کہ روزہ دار کے روزہ میں کمی آئے۔

حکایت: حضرت امام حافظ حماد بن لمہؒ رمضان کی ہر رات میں پچاس آدمیوں کو روزہ افطار کراتے تھے جب عید الفطر کی رات آئی تو پچاس آدمیوں کو علیحدہ علیحدہ پوشاک عنایت فرمائی اسی لئے انہیں ابدال اولیا میں شمار کیا جاتا ہے۔

حدیث شریف: حضرت امام سیوطی جامع صغیر میں اور امام سخاوی نے مقاصد حسنہ میں لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ فرمایا کہ میری امت کے ہر زمانہ میں پچاس برگزیدہ انسان اور چالیس ابدال ہوتے ہیں نہ ان پچاس میں کمی آتی ہے اور نہ ہی ان چالیس میں۔ جب ان میں سے کوئی ایک فوت ہوتا ہے تو اس کے عوض دوسرے کو مقرر کیا جاتا ہے تا کہ تعداد مکمل رہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی حضور ہمیں ان ان کے اعمال سے آگاہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا وہ لوگ ہیں کہ جب ان پر ظلم ہوتا ہے تو معاف کرتے ہیں اور انہیں جو تکلیف پہنچاتا ہے تو وہ ان کے ساتھ احسان کرتے اور اسی پر راضی ہوتے ہیں جو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عنایت ہوتا ہے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ جس نے بھوکے کو کھانا کھلایا اور ننگے کو کپڑا پہنایا اور مسافر کو پناہ دی تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کی تکالیف سے محفوظ رکھے گا۔

حکایت: حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ فقراء اور طلبائے اسلام پر ہر سال لاکھ درہم خرچ فرماتے اور حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ سے فرماتے اگر تم لوگ نہ ہوتے تو میں کبھی تجارت نہ کرتا اور ساتھ ہی انہیں یہ فرماتے اے طالب علمو! دنیا کے کسی معاملہ میں مشغول نہ ہونا صرف طلب علم میں بسر کرو تا کہ تمہاری ضروریات پورا کرنے میں کافی ہوں۔

حکایت: حضرت یحیٰی برمکی رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ پر ہر ماہ ہزار درہم خرچ کرتے اور حضرت یحیٰی برمکی کے لئے حضرت سفیان سر سجدہ میں رکھ کر یوں دُعا کرتے اے اللہ تعالیٰ یحیٰی نے دنیا میں میری

marfat.com
Marfat.com

ضرورویات کا ذمہ اُٹھایا ہے تو آخرت میں اسے اپنے ذمہ لے لے۔ جب یحیٰ برمکی کا انتقال ہوا تو انہیں بعض دوستوں نے خواب میں دیکھ کر پوچھا کہ تمہارے ساتھ کیسی گزری انہوں نے کہا حضرت ابوسفیان کی دُعا سے میری بخشش ہوگئی۔ حضرت صائب مرحوم نے فرمایا۔

تیرہ روزان جہانزا بچر نے ادریاب　　تا پس از مرگ ترا شمع مزارے باشد

ترجمہ: ان کمزور لوگوں کو تاریکیوں میں تلاش کرو جو روزی سے عاجز ہیں ان کی برکت سے تیری قبر روشن ہو۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی کتاب کے مقتضی اور اپنے خطاب کے مدلول کے مطابق بنائے (آمین)

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ ، **ربط**: اس مضمون کا سابق سے ربط یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ماہ رمضان کے روزے رکھنے اور اس کی گنتی کی حفاظت کا حکم فرمایا اور ساتھ اس کی راتوں کے جاگنے اور ان میں عبادت کرنے کی ترغیب فرمائی کہ ان ایام میں بندے اس کی عظمت و بڑائی بیان کریں اور اس کا شکر ادا کریں تو اس کے بعد اس آیت کو ذکر کیا تا کہ بندوں کو معلوم ہو کہ رب تعالیٰ ان کے حالات سے باخبر اور ان کے ذکر و شکر پر مطلع اور ان کی باتوں کو سنتا ہے اور ان کی دُعاؤں کو قبول کرتا اور ان کے اعمال کی انہیں جزا دینے والا ہے۔

شان نزول: اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ حضور سرور عالم ﷺ سے ایک عربی نے سوال کیا کیا ہمارا رب تمہارے قریب ہے تا کہ ہم اس سے مناجات کریں یا بعید ہے تا کہ اسے پکار کر معروضات پیش کریں اس کے جواب میں فرمایا کہ مجھ سے میرے بندے جب بھی کوئی بات عرض کرتے ہیں تو میں ان کے سوال کی اجابت بہت جلد کرتا ہوں۔

فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اے پیارے حبیب ﷺ میرے ان بندوں کو فرما دیجئے کہ میں تمہیں علم کے لحاظ سے قریب اور محیط ہوں۔

ف: اس میں اللہ تعالیٰ کے علمی کمال کی تمثیل ہے کہ وہ کریم بندوں کے تمام افعال و اقوال کو جانتا ہے اور ان کے تمام احوال پر مطلع ہے جیسے کوئی کسی کے قرب مکانی کے لحاظ سے قریب ہوتا ہے۔

ھ: اس اعتبار سے قرب کا لفظ استعارہ تبعیہ تمثیلیہ ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

سوال: یہاں پر قرب حقیقی یعنی قرب مکانی کیوں مراد نہیں لیا جاتا؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے قرب مکانی ممتنع ہے کیونکہ اگر وہ کسی مکان میں ہو تو پھر وہ سب کے ساتھ قریب نہ ہوگا اس لئے کہ اگر وہ عرش کے حاملین کے قریب ہوگا تو اہل زمین سے بعید ہوگا اور اہل مشرق کے قریب ہوگا تو اہل مغرب سے بعید ہوگا اسی طرح برعکس۔

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری فرماتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اپنی آوازوں کو پست کرو اس لئے کہ تم کسی بہرے اور غیب کو نہیں پکار رہے بلکہ جسے تم پکارتے ہو وہ تو سمیع اور قریب اور تمہارے ساتھ ہے۔

مسئلہ: یہ باعتبار مشارب مقامات کے ہے ورنہ اہل غفلت کے لئے تو ذکر بالجہر مناسب ہے تاکہ دل کا نشہ دور ہو اور حضور قلب کے لئے ذکر خفی مناسب حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

دوست یک نزدیکتر از من بمن ویں عجبتر کہ من از وے دورم

ترجمہ: دوست تو میرے نزدیک تر ہے لیکن افسوس کہ میں اس سے دور ہوں۔

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ دعا مانگنے والا جب مجھ سے مانگتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔

ف: اس میں قرب مجازی کی تقریر ہے یعنی جہاں اللہ تعالیٰ کے لئے کیف قرب کو قرب مکانی سے تشبیہ دی گئی ہے جیسا کہ علم معانی میں ہے کہ مستعار منہ کے مناسبات کو مستعار لہ کے لئے ثابت کرنا جس سے استعارہ کی ترشح بلکہ اس مستعارہ کو ثابت کرنا مطلوب ہوتا ہے۔

مسئلہ: اس آیت میں دعا مانگنے والے کو اجابت دعا کا وعدہ ہے۔

سوال: ہم نے بہت سے دعا مانگنے والوں کو دیکھا کہ باوجود یہ کہ دعا میں عجز و انکسار کرتے ہیں لیکن ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔

جواب: یہ آیت مطلق ہے اور دوسری جگہ مقید اور قاعدہ ہے کہ مطلق مقید پر محمول ہوتا ہے چنانچہ دوسرے مقام پر فرمایا بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ إِلَيْهِ إِنْ شَآءَ اب آیت کا معنی یوں ہوا کہ میں بندے کی دعا قبول کرتا ہوں اگر چاہوں ورنہ نہیں۔

دعا کی شرائط: دعا کی قبولیت کے لئے چند شرطیں ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ مشیت ایزدی ۲۔ قضاء وقدر کی موافقت ۳۔ کسی محال بات کا سوال نہ ہو۔ ۴۔ اس کے لئے دُعا کی قبولیت مفید بھی ہو۔

ف: اجابت کا معنی ہے جیسے کوئی مانگے ویسے دینا اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا سوال پورا کرتا اس کی دعا قبول کرتا اور مجبور لوگوں کی ضروریات کی کفایت فرماتا ہے۔

فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي بندوں کو چاہئے کہ وہ میری بات کو مانیں یعنی جب میں انہیں ایمان واطاعت کے لئے بلاؤں تو وہ اسے قبول کریں جیسے میں ان کی بات مانتا ہوں جبکہ وہ اپنے مقاصد کے لئے مجھے پکارتے ہیں۔

ف: استجابہ واستجاب لہ واجابہ ایک ہی ہیں یعنی بندے کے سوال کو ختم کر کے اپنے مقصد تک پہنچانا۔ یہ دراصل الجوب سے ہے بمعنی کاٹا وَلْيُؤْمِنُوا بِي ایمان پر ثابت قدم رہنے کا امر ہے حضرت ابن الشیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہا الاستجابتہ بمعنی الانقیتا دو الاسلام اور ایمان قلب کی صفت ہے۔

نکتہ: استجابت کو ایمان پر مقدم کرنے میں اشارہ ہے کہ کورونق ونورانیت نصیب نہیں ہوتی جب تک پہلے طاعات وعبادات ادا نہ کی جائیں۔

نکتہ: اس جملہ کی فا میں اشارہ ہے کہ گویا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں تیری دُعا قبول کرتا ہوں باوجود یہ کہ بے پرواہ اور غنی ہوں پھر اے میرے بندے تو بھی میرے بلانے پر سر جھکا دے اور میرے کہنے پر چل باوجود یہ کہ ہر لحاظ سے تو میرا محتاج ہے سبحان اللہ کیسا ہی کرم ہے اس کریم کا کہ اپنے بندے کو اپنے پاس کیسے محبت اور پیار سے بلاتا ہے۔

لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ انہیں رشد کی امید میں رہنا چاہئے رشد بمعنی ہدایت پانا دنیا کی مصالح ہوں یا آخرت کی اب آیت کا معنی یوں ہوگا کہ بے شک انہوں نے جب اللہ تعالیٰ کے احکام کو قبول کیا اور ایمان لائے دین دنیا کے مصالح سے ہدایت پا گئے کیونکہ ہدایت پانے والے کے یہی علامات ہیں۔

مسئلہ: دکھ کو ٹالنے کے لئے دعا مانگنا مذموم ہے اہل شریعت بھی یہی کہتے ہیں اور اہل طریقت بھی کیونکہ دُعا نہ مانگنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ مقابلہ کرنے کے مترادف اور دکھ درد کو سر پر رکھنے کا دعوی کرنا مثنوی شریف میں ہے۔

تا فرد آید بلا ہے دافع چوں بنا شد واز تفرع شافع

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: دافع کے بعد بلاٹل جائے جب زاری جیسا شافع نہ ہو۔

مسئلہ: عوام اور مبتدی الکون کو اسباب کی تلاش ضروری ہے اور اوسط درجہ کے سالکوں کو توکل مناسب ہے اور کاملین کے احوال کی تو کوئی انتہا نہیں ان کے لئے اسباب اور توکل برابر ہیں۔

حکایت: مروی ہے کہ سیدنا ابراہیم علی نبینا علیہ السلام کو جب نار میں ڈالا جارہا تھا حضرت جبریل علیہ السلام ان کو ہوا میں اُڑتے ہوئے یعنی آگ میں پہنچنے سے پہلے ملاقی ہوئے اور عرض کی حضرت کوئی ضرورت ہو تو فرمایئے آپ نے فرمایا تمہارے ہاں مجھے ضرورت نہیں ہے جبریل علیہ السلام نے عرض کی تو اللہ تعالیٰ سے عرض کیجئے آپ نے فرمایا وہ میرے سوال کو جانتا ہے میں اسے کیوں عرض کروں۔

ف: دراصل یہ مقام کامل ومکمل حضرات کا ہے جو انانیت سے فارغ ہیں بلکہ وجود کے متعلقات سے بھی جدا یعنی ہر حال میں فانی فی اللہ اور باقی باللہ ہیں اے سالک ذرا غور کر تو کس حال میں ہے تجھے اللہ تعالیٰ سے عفو اور مغفرت مانگنی چاہئے۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم ﷺ لوگوں کو ان کے اپنے مراتب کی مقدار کے مطابق گفتگو فرماتے ہیں اس لئے اعرابی سے فرمایا۔

حدیث شریف: ایک اعرابی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں اپنے اُونٹ کو باندھے بغیر حاضر ہوا صرف اس خیال سے کہ یہ بھی توکل ہے آپ نے فرمایا اُونٹ کو باندھو اور اس کے بعد اللہ پر توکل کرو۔

شرح الحدیث: اس حدیث میں حضور علیہ الصلوۃ السلام نے اعرابی کو اونٹ کا باندھنا ہی توکل فرمایا جب کہ اس نے اونٹ کو چھوڑ کر چلے آنے کو توکل سمجھا اس پر حضور نبی پاک ﷺ نے اعرابی کو توکل پر برانگیختہ کیا جیسے پرندوں کی حالت ہے کہ وہ توکل کے عامل ہیں اور انہیں روزی کی تنگی نہیں۔

ف: توکل کا یہ معنی ایسے ہے جیسے قضاء وقدر پر تو ایمان ہے لیکن تسکین وتسلی کی نعمت سے محروم ہے۔

ف: اجابت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ایسا وعدہ کرے جس کا خلاف محال ہے۔

حل اشکال: جس نے دُعا مانگی لیکن فوراً اجابت نہ ہوئی تو اس کے چند وجوہ ہوتے ہیں بندے کو یقین رکھنا

marfat.ocm
Marfat.com

چاہیے کہ دُعا قبول تو ضرور ہوتی ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ اسے منہ مانگی بات ملے اس لئے کہ منہ مانگی بات کا نام اجابت نہیں اور نہ ہی منہ مانگی بات کو اجابت کہا جاتا ہے بلکہ اجابت اللہ تعالیٰ کی مرضی پر موقوف ہے جو بندے کے مناسب حال پر اس کا کام کر دیتا ہے۔

ف: اجابت دعا کا مطلب یہ ہے کہ جب بندہ عرض کرے اے میرے رب اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتا ہے لبیک۔ حاضر ہوں اے میرے بندے تو کیا کہتا ہے یہ وعدہ مانگنے والے اور ہدایت پانے والے اور توجہ کرنے والے کے لئے ہوتا ہے اور دُعا کی اجابت کا یہی معنی ہے کہ بندے کا مقصد پورا کر دیا جائے اور اسے اس کی مراد تک پہنچایا جائے اور یہ کبھی جلد تر ہوتا ہے اور کبھی دیر بعد اور کبھی آخرت میں۔

ف: کبھی اجابت دُعا یوں ہوتی ہے کہ اس کی مانگی شئے کی بجائے اور شئے عنایت کی جائے اجابت صرف ایک وجہ سے نہیں ہوتی بلکہ اس کے مختلف طریقے ہوتے ہیں۔

حدیث شریف: مسلمان کی دُعا صرف چھ وجہوں سے رد ہوتی ہے۔

۱۔ گناہ کی دُعا مانگے ۲۔ یا اس سے قطع رحم لازم آتی ہے۔

۳۔ اس کی دُعا کو اعمال نامہ میں ثواب بنا کر اس کے لئے ذخیرہ بنایا جاتا ہے۔

۴۔ اجابت اللہ تعالیٰ کی مشیت سے مفید ہوتی ہے جیسا کہ گزرا ہے۔

۵۔ اس اجابت کو بندے کے قبول کرنے سے مشروط فرمایا ہے چنانچہ گزرا۔

۶۔ اجابت دُعا کے لئے چند شرائط اور آداب ہیں جو دراصل دُعا کے قبول ہونے کے اسباب ہیں جو انہیں مکمل کرلے گا تو وہ اہل اجابت ے ہوگا جو ان میں ایک میں خلل کرے گا تو وہ اہل اعتدا سے ہوگا یعنی حد سے گزرنے والوں سے ہوگا اور نہ ہی وہ جواب کا مستحق ہوگا اور وہ اسباب جو عوام سے متعلق ہوں ان کی تو کوئی حد اور حساب نہیں اور ان کے ذکر میں بہت طوالت ہے یہاں پر انہیں لکھا نہیں جا سکتا اور ان میں بعض خواص سے تعلق رکھتے ہیں جو چند ایک یہ ہیں۔

تزکیہ صفائی: اس لئے کہ دُعا مانگنے والے کیلئے صفائی کا ہونا ضروری ہے دعا مانگنے والے کو چاہیے کہ پہلے اپنے بدن کو صاف کرے یعنی لقمہ حلال ے اصلاح کرے اس لئے کہا کہ دعا اسمان کی کنجی ہے لیکن اس کنجی کے دندانے

marfat.com
Marfat.com

لقمہ حلال ہے۔

حدیث شریف: کوئی بہت بڑا لمبا سفر کر کے مسافری میں ہاتھ پھیلا کر اگر چہ بال بکھرتے ہوئے اور غبار آلودہ ہوتے ہوئے عرض کرتا ہے اے میرے رب میرا کام بنادے لیکن اس کا کھانا پینا اور لباس حرام کا ہوتا ہے اور اس کی غذا حرام کی ہوتی ہے۔ پھر اس کی دُعا قبول کیسے ہو۔

حکایت: کوفہ میں ایک جماعت ایسی تھی جن کی ہر دعا مستجاب ہوتی جب بھی کوئی حاکم کوفہ میں آتا اس کے لئے بددعا کرتے تو وہ ہلاک ہو جاتا حجاج بن یوسف ظالم نے ان کے لے ایک تدبیر کی جب کہ مروان کی طرف سے وہ کوفہ کا حاکم بنا تو ان تمام حضرات کو دعوت دی جب وہ دعوت کھا بیٹھے تو کہا اب میں ان کی بدعا سے محفوظ ہو گیا اس لئے کہ اب ان کے پیٹ میں حرام کا طعام داخل ہو گیا ہے چنانچہ ایسے ہی ہوا۔

سبق: سالک کو چاہیے کہ وہ اپنے نفس کو اوصاف بشریہ اور اخلاق ذمیمہ سے پاک وصاف رکھے اس لے کہ دعا کی اجابت کو اوصاف بشریہ وغیرہ روکنے والے ہیں اسی طرح قلب کو بھی تعلقات انسانیہ جو انسانی و روحانی طریق سے متعلق ہوتے ہیں اسے پاک رکھے قلب کو اذکار سے صاف کرے اور اسے اخلاق حمیدہ کے نور سے نورانی بنائے اس لئے کہ یہ اجابت کے اسباب ہیں اور انہیں کے ذریعے سے دُعا بارگاہ الٰہی میں پہنچتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُهٗ اور روح کو التفات الی غیر اللہ کی میل و کچیل سے دھوئے تا کہ الطاف ربانی کے فیضات کو حاصل کر سکے اور سر کو شرک کی آلائش سے بچائے بایں طور کہ سر کو دعا کے وقت صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف متوجہ رکھے اور صرف طلب بھی حق کی ہو اور غیر حق کو سر میں جگہ نہ دے۔ تا کہ اس کی دُعا قبول ہو اور خائب خاسر ہو کر نہ لوٹے چنانچہ حدیث قدسی میں ہے خبردار جو مجھے طلب کرتا ہے وہ مجھے ضرور پالے گا اور جو میرے غیر کا طالب ہے وہ مجھے ہرگز نہیں پا سکے گا۔

ف: اللہ تعالیٰ نے اپنی اجابت کا وعدہ کیا ہے جو اسے دُعا سے طلب کرتا ہے چنانچہ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

خلاف طریقت بود کاولیاء　　تمنا کنند از خدا جز خدا

(ترجمہ: یہ خلاف طریقت ہے کہ اولیاء اللہ غیر اللہ کی تمنا کریں)

marfat.com
Marfat.com

سبق: جو شخص بھی ان شرائط میں سے کسی ایک کو چھوڑے گا وہ اجابت کو ہرگز نہیں پا سکے گا جیسے ارکان نماز میں سے کی ایک رکن کو چھوڑ دے تو نماز قبول نہیں ہوتی ہاں اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اپنے بندے کے ہر نقصان اور کمی پورا کرے تو وہ علیحدہ بات ہے۔

مسئلہ: اللہ تعالیٰ کا فضل بندے کے اعمال سے مقدم ہے کیونکہ وہ سوال کئے بغیر بھی دیتا ہے سوال کرنے پر تو عطا کرتا ہے۔

ف: دُعا دو اقسام کی ہیں۔ ۱۔ نیت دُعا سے دُعائیہ کلمات کہنا۔ ۲۔ دُعائیہ کلمات صرف زبان سے بولنا جو دُعا کی نیت سے کلمات کہتا ہے تو اس کے لئے تمام آسمانوں کے دروازے کھل جاتے اور اسکی دُعا عرش معلی تک پہنچ جاتی ہے اور صرف دُعائیہ کلمات منہ سے نکلتے رہیں تو وہ دعا آسمانوں تک نہیں پہنچتی جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی اجازت نہ ہو۔

ف: تفسیر فاتحہ میں امام فناری رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ دعا کے وقت تصور اور حضور قلب کو دعا کی قبولیت میں بڑا اثر ہے خود سرور عالم ﷺ اس پر عمل کرتے اور سیدنا حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ عنہ کو اس پر ترغیب دلائی جب کہ انہیں دعا مانگنے کا طریقہ سکھایا اور وہ دعا یہ ہے اللھم اھدنی وسددنی مجھے راہ ہدایت پر سیدھا چلا اور فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ اپنی دعا میں ہدایت سے ہدایت طریق کا خیال رکھنا اور ایسی راہ کے تصور میں بیٹھے جیسے تیر سیدھا ہوتا ہے۔

ف: اس سے ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ عنہ کو دعا کے وقت ان دونوں باتوں کی خصوصی ہدایت فرمائی۔

نکتہ: انبیاء مرسلین اور اولیاء کاملین اور پھر ان جیسے اور بزرگوں کی دعاؤں کی قبولیت میں یہی راز ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ دعا مانگتے وقت توجہ خاص اور ندا کا ہونا شرط اولین ہے جس نے دعا کے وقت خصوصی توجہ رکھی اور دعا کے وقت اس کا نگاہ اولین وآخرین کے طریقوں پر لگی ہو۔ خصوصاً اس وقت دعا مانگے جب اسے دعا مانگنے کا حکم ہے تو بفضلہٖ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو جائے گی اور جو شخص بلاتے وقت ارادہ تو زید کا رکھتا ہے لیکن گفتگو دوسرے سے کرے اس کا مقصد حاصل نہ ہو تو وہ اپنے آپ کو ملامت کرے جب کہ اللہ کو دعا کی اجابت کے طریق سے نہ

marfat.com
Marfat.com

پکارے وہ اس وجہ سے کہ اسکا یہ خیال اس کے تصورات کے صفات سے پیدا ہوا ہے جو اس کی حالت پر غالب ہوگیا ہے۔ یاد رہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنے میں اگرچہ خطا کر رہا ہے تو اسے بھی کسی ایک وجہ سے فائدہ حاصل ہوگا۔ مجتہد مخطی کو اجر وثواب ملتا ہے اسے محروم نہیں رکھا جاتا۔

حدیث شریف: رسالہ قشیری میں لکھتے ہیں کہ حدیث شریف میں ہے کہ جب بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو اس بندے سے محبت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ جبریل علیہ السلام کو فرماتا ہے کہ اے جبریل علیہ السلام میرے بندے کی ضرورت کو چند دن کے لئے تاخیر کی جائے کیونکہ مجھے بندے کی دُعا پیاری لگتی ہے اور جس بندے سے غصہ ہو تو اس کے لئے جبریل علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے جبریل علیہ السلام جلدی پوری کر دو اس کی آواز مجھے پسند نہیں ہے۔

حکایت: بغداد میں ایک وقت سخت قحط واقع ہوا تو بادشاہ نے صرف اہل اسلام کو استسقاء کے لئے شہر سے باہر نکلنے کا حکم دیا۔ حکم سے تمام مسلمان شہر سے نکل کر استسقاء کی دعائیں پڑھتے رہے لیکن بارش نہ ہوئی اس کے بعد بادشاہ نے صرف یہود کو حکم دیا کہ اب وہ بارش کے لئے دعا کریں چنانچہ جب یہودیوں نے دعا کی تو بارش ہوگئی اس سے بادشاہ حیران ہوگیا علما کرام کو بلا کر اس کے متعلق پوچھا کہ ماجرا کیا ہے مسلمان دعا مانگیں تو قبول نہ ہو اور یہود مانگیں تو فوراً قبول ہو جائے۔ یہ عقدہ علماء سے حل نہ ہو سکا۔ حضرت سہیل بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے اور فرمایا اے بادشاہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسلام کی وجہ سے ہم مسلمانوں سے محبت کرتا ہے اور اس کی مہربانی ہے کہ اس نے ہمیں راہ ہدایت بخشی وہ ہماری دعا مانگنے اور تضرع وزاری سے پیار رکھتا ہے اسی لئے ہمارے دینے میں تاخیر فرماتا ہے اور چونکہ یہودیوں سے ناراض ہے اور ان پر اس کی لعنت برستی ہے اس لئے ان کی دعا مانگنے پر انہیں دینے میں جلدی کرتا اور دروازے سے ہٹتا ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا دنیا کا نظام چار چیزوں پر ہے۔

۱۔ علماء کرام کے علم پر۔

۲۔ بادشاہوں کے انصاف پر۔

marfat.ocm
Marfat.com

۳۔ دولت مند کی سخاوت پر۔

۴۔ فقرا کی دعاؤں پر بندے کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے مانگے اس کے اسماء الحسنیٰ کے صدقے سے اوراد عیہ ماثورہ کی برکت سے اور وہ ادعیہ ماثورہ جو نیک لوگوں سے منقول ہیں اور لائق ہے کہ اپنی دعا میں انبیاء واولیاء وصالحین کو وسیلہ بنائے۔ دعا کے لئے چند ایسے مقامات ہیں جہاں قبولیت یقینی ہے۔

☆.....کعبۃ اللہ ☆.....مساجد ثلاثہ یعنی بیت اللہ۔ بیت المقدس۔ مسجد نبوی کو دیکھتے وقت۔☆.....سورہ انعام کے جلاتین کے مابین ☆.....طواف میں ☆.....ملتزم کے وقت☆.....بیت اللہ کے اندر ☆.....زمزم کے نزدیک ☆.....زمزم کا پانی پیتے وقت ☆.....صفا پر☆.....مروہ پر☆.....سعی میں ☆.....مقام ابرہیم کے پیچھے ☆.....عرفات میں ☆.....مزدلفہ میں ☆.....منی میں ☆.....تینوں دن کنکریوں کو پھینکتے وقت ☆.....حضرات انبیاء کرام علی نبینا علیہم الصلوۃ و السلام کے مزارات کے نزدیک۔

ف: بعض نے کہا سوائے ہمارے نبی کریم ﷺ کے مزار کے باقی کسی نبی علیہ السلام کے مزار کے نزدیک دعا مانگنا صحیح نہیں یہ قول ضعیف ہے۔

ف: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مزار کعبہ کی چار دیواری کے اندر ہے لیکن یقین نہیں۔

اولیاء کرام کی مزارات پر دعا مستجاب ہوتی ہے۔ اہل اللہ کے نزدیک چند شرائط ادا کرنے پر اولیاء اللہ کے مزارات پر دعا یقیناً مستجاب ہوتی ہے اور وہ شرائط صرف اللہ والے جانتے ہیں اللھم افض علینا من برکات الصالحین (اے اللہ ہمارے اوپر نیک لوگوں کی برکات نازل فرما)

تفسیر عالمانہ أُحِلَّ لَكُمْ

سوال: فاعل کے قائم مقام پر ظرف کی تقدیم کیوں؟

جواب: شوق دلانے کی وجہ سے کیونکہ قاعدہ ہے کہ جس چیز کا ذکر پہلے کرتا تھا اسے موخر کیا جائے تو نفس ان کے لئے منتظر اور شائق رہتا ہے پھر اس کا ذکر آتا ہے تو دل پر اس کا گہرا اثر پڑتا ہے یعنی تمہارے لئے حلال یعنی مباح کیا گیا ہے۔

لَيْلَةَ الصِّيَامِ روزے کی رات میں یہ وہ رات ہے کہ جس کی صبح کو اٹھتے ہی بندہ روزہ دار ہوتا ہے

marfat.com
Marfat.com

الرَّفَثُ بمعنی قول فحش اور قبیح بات، بولنا اور عرف میں نام ہے اس بات کا جو عورتوں کے سامنے میل و جول وغیرہ کی گفتگو کی جائے پھر کنایہ ہوتا ہے جماع سے کیونکہ جماع نہیں ہوتا مگر تفریح سے کہ جس کے لئے لائق ہوتا ہے کہ اسے الفاظ فاحشہ سے کنایہ کیا جائے۔

ف: حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ رفث ایسا جامع کلمہ ہے کہ جو عمل بھی مرد اپنی عورت سے کرے وہی الرَّفَثُ کہلائے گا مثلاً اشارہ یا بوسہ لینا وغیرہ اِلٰی نِسَآئِکُمْ

سوال: رفث تو ہمیشہ جاء سے متعدی ہوتا ہے مثلاً کہا جاتا ہے رفثت بالمراۃ اور یہاں الیٰ کے ساتھ کیوں؟

جواب: رفث الفضاء کو متضمن ہے اور افضاء الی سے متعدی ہوتا ہے چنانچہ قرآن مجید میں ہے بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ یہاں افضی سے مراد جماع ہے۔

شان نزول: ابتدائے اسلام میں دستور تھا کہ روزہ میں شام کے وقت افطار کا کھانا پینا جماع وغیرہ حرام ہو جاتا جب عشاء کی نماز تک جائز تھا یا جب تک نیند نہ آتی اس کے بعد کھانا پینا جماع وغیرہ حرام ہو جاتا جب عشاء کی نماز پڑھی جاتی یا کوئی سو جاتا تو اس کے بعد اس پر کھانا پینا اور جماع وغیرہ آئندہ شام تک حرام ہو جاتا۔

ایک روز سیدنا فاروق رضی اللہ عنہ نے نماز عشاء کے بعد اپنی عورت سے جماع کر لیا جب غسل کیا تو رونے لگے اور اپنے نفس کو ملامت کرتے ہوئے حضور سرور عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں اللہ تعالیٰ کی طرف معذرت کرتا ہوں اور اپنے گناہ کی معافی چاہتا ہوں اس لئے کہ میں عشاء کی نماز کے بعد گھر گیا تو میں نے اپنی عورت کو دیکھا اس سے ایک عجیب خوشبو صادر ہوئی مجھ سے رہا نہ گیا آخر جماع ہو گیا حضور علیہ السلام نے فرمایا اے عمر یہ بات تیرے لائق نہ تھی اور اس پر چند آدمی اُٹھ کھڑے ہوئے اور اسی غلطی کا اعتراف کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

نکتہ: حضرت عمرؓ کی یہ غلطی تمام اُمت کے لئے رحمت بن گئی۔

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ یہ نیا جملہ ہے اس میں اپنی عورتوں کے ساتھ میل جول کی حلت کا سبب بیان کیا گیا ہے اور ان کے ساتھ میل جول رکھ کر اور اکٹھے رہ کر بچ جانا بہت مشکل ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال: عورت مرد کا اور مرد عورت کا لباس کیوں؟

جواب ۱: گاہے دونوں بوقت نیند ننگے ہو کر اور گلے لگا کر سوتے ہیں۔

جواب ۲: یا بوقت جماع ایک دوسرے پر مشتمل ہونے کی وجہ سے

جواب ۳: یا اس لئے کہ ایک دوسرے کا حال چھپانے

جواب ۴: یا اس لئے کہ ایک دوسرے کو غلط کاری سے بچاتے اور ایسی خرابیوں سے ایک دوسرے کو محفوظ رکھتے ہیں کہ جن کا صدور ان سے نامناسب ہے۔

حدیث شریف: جس نے نکاح بیاہ وغیرہ کر لیا اس نے اپنے دین کا دو تہائی حصہ بچا لیا۔

جواب بطرز دیگر: آیت کا مطلب یہ ہے تم اپنی عورتوں کا سکون ہو اور وہ تمہارا سکون ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اور یہ بھی مشاہدہ ہے کہ جتنا مرد عورت کو آپس میں سکون ملتا ہے ایسے کسی اور شئے سے نہیں سکون نصیب ہوتا بشرطیکہ ان کی آپس میں محبت اور سلوک اچھا ہو ورنہ پناہ بخدا۔

عَلِمَ اللّٰہُ نے ازل سے جان لیا اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ بے شک تم اپنے نفسوں کے ذریعے خیانت کرو گے یعنی اپنے نفسوں کی خیانت کرو گے بامعنی کہ اپنے نفسوں پر ظلم کر کے اپنے آپ کو عذاب کے لئے پیش کرتے ہو پھر رمضان کی راتوں میں جماع کر کے اپنے نفس کے ثواب کو گھٹاتے ہو اور الخیانۃ امانت کی ضد ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اوامر و نواہی سے نواز کر احسان فرماتا ہے لیکن جب بندے پوشیدگی میں گناہ کرتے ہیں تو وہ گویا اپنے آقا کی خیانت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ حضرت صائب نے فرمایا۔

ترا بگو ہر دل کردہ انداماںتدار　　رو رو امانت حق نگاہ دار محتسب

(اے انسان تجھے دل کا گوہر دے کر اللہ تعالیٰ نے اپنا امانت دار بنایا ہے فلہٰذا تم اس امانت کی خوب حفاظت کرو)

فَتَابَ عَلَيْكُمْ اس کا عطف حلم پر ہے یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول کرتا ہے اور جو گناہ تم سے سرزد ہوئے ہیں۔ انہیں معاف فرماتا ہے وَعَفَا عَنْكُمْ یعنی گناہ کے نشانات تمہارے سے مٹاتا ہے فَالْئٰنَ یعنی اب جب کہ اس کی

marfat.com
Marfat.com

حرمت منسوخ ہوچکی یہ ظرف ہے اس کے قول بَاشِرُوْهُنَّ کا الان اصل میں یہ فعل ہے بمعنی حان اب زمانہ حاضر کا نام بن گیا ہے اس کے بعد اس پر الف لام تعریف کا داخل ہونے لگا اور اس کی اصلی فتح اپنے مقام پر باقی رہی والمباشرہ لغت میں چمڑے کو چمڑے سے چمٹانے کو کہتے ہیں اب جماع سے کنایہ ہے چونکہ جماع میں چمڑے سے چمڑے کا چمٹانا لازمی امر ہے۔

ف: اس کے تمام توابع اس میں داخل ہیں۔

مسئلہ: اس سے ثابت ہوا کہ کتاب اللہ حدیث رسول اللہ کی ناسخ ہوسکتی ہے جب کہ کھانا پینا و جماع حدیث سے ثابت ہوا اور اگر اس کا ثبوت پہلی شریعتوں سے ہو تو پھر یہ نسخ اس قانون میں داخل نہ ہوگا جیسے بعض کا مذہب ہے۔

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ اور اسے طلب کرو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے اولاد لوح محفوظ میں مقدر فرمائی ہے۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ جماع کرتے وقت یہ نیت ہو کہ اللہ تعالیٰ صاحب اولاد بنائے اور نسل انسانی میں اضافہ ہو۔

نکتہ: شہوت کی تخلیق اور نکاح کی مشروعیت میں ایک حکمت یہی ہے یعنی اولاد بڑھے اور نسل انسانی میں اضافہ ہو نہ صرف شہوت رانی۔

حدیث شریف: نکاح کر کے نسل انسانی بڑھاؤ اور انسانی افراد کی کثرت کرو تا کہ میں تمہاری وجہ سے قیامت میں امتوں پر فخر کرسکوں۔

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا اس کا عطف بَاشِرُوْهُنَّ پر ہے حَتّٰى يَتَبَيَّنَ یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ تمہارے لئے سفید دھاگہ اس سے مراد وہ سفیدی ہے جو صبح صادق کے آغاز میں ظاہر ہوتی ہے اور وہ باریک دھاگے کی طرح ابتداء پھیلتی ہے مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ کالے دھاگے سے رات کی وہ سیاہی مراد ہے جو دن کے غروب کے بعد سپیدی میں مل کر آسمان میں پھیل جاتی ہے اس لئے کہ جب صبح صادق کا آغاز ہوتا ہے تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ گویا سفید دھاگہ افق آسمان میں پھیلا ہوا ہے اور اس میں شک نہیں کہ صبح صادق کے وقت رات

marfat.ocm
Marfat.com

کی سیاہی سپیدی میں ملی ہوئی ہوتی ہے ایسے معلوم ہوتا ہے گویا سیاہی سفیدی میں ہے اور سفیدی سیاہی میں اس لئے کہ صبح کا نور رات کی اندھریوں کو چیر کر نکلتا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے دو دھاگوں یعنی سفید اور سیاہ دھاگے سے تشبیہ دی ہے مِنَ الْفَجْرِ یعنی صبح کے عمود کا اشتقاق یہ من بیانیہ ہے۔

سوال: الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ کا بیان تو کر دیا الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ کا بیان کیوں نہیں کیا؟

جواب: الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ کے بیان سے ضمن الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ کا بیان بھی ہو گیا اصل عبارت یوں تھی حتی یتبین لکم الخیط ا لا بیض من الفجر من الخیط الاسود من الیل امور ثلاثہ مذکور یعنی۔ ا۔مباشرہ ۲۔ اکل ۳۔ شرب کے لئے غایت ہے۔

مسئلہ . جماع کو صبح صادق سے تھوڑا پہلے جائز رکھنے سے ثابت ہو کہ اگر غسل میں تاخیر ہو تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ :اس طرح اس شخص کے روزے میں بھی کوئی فرق نہیں آئے گا جو صبح کو جب ہو کر اٹھتا ہے اس لئے کہ جب صبح صادق سے تھوڑا پہلے جماع کرنا جائز رکھا گیا تو پھر اس کے بعد غسل کا موقع بھی نہیں ملے گا لامحالہ ثابت ہوا کہ صبح کے بعد جب کو غسل کرنا جائز ہے ورنہ ایسے شخص کو صبح صادق سے اتنی دیر پہلے جماع کرنا حرام ہو جسے صبح صادق ے پہلے غسل کرنے کا موقعہ نہ ملے اور یہ کلمہ حتی کے استعمال کے خلاف ہے۔

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ یعنی نہار (دن) کے تمام اجزاء میں کھانے پینے اور جماع پس رک جاؤ اِلَى غایت کے لئے ہے اَلَّيْل یعنی رات کے داخل ہونے کے وقت تک اور سورج کے غروب کے بعد رات شروع ہو جاتی ہے اور تمام بمعنی شئے کو مکمل طور پر ادا کرنا۔

حدیث شریف: میں ہے جب رات آئے اور دن چلا جائے اور سورج پورے طور چھپ جائے تو اب روزہ دار افطار روزہ افطار کرے۔

نکتہ :رات کے جانے اور دن کے آنے کے سورج کے چھپ جانے میں یہی نکتہ ہے کہ روزہ افطار کرنا ہوگا جب کہ سورج پورے طور پر چھپ جائے تا کہ کوئی گمان نہ کرے کہ سورج غروب ہوا یا نہ۔ سورج کے غروب کے متعلق جب پورا اطمینان ہو جائے پھر روزہ افطار کرے۔

نکتہ :اس کی دوسری وجہ ایک اور بھی ہے وہ یہ کہ کسی وقت وادی میں ہو اور سورج نظر نہیں آتا اسے ضرورت

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ سورج کے یقینی گم شدگی کی کوئی دلیل ملے اس کے لئے یہی بتایا گیا کہ سورج کے چھپ جانے کا پورا اطمینان کر لے۔

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ رمضان کے روزے کی نیت دن کو بھی کر سکتے ہیں۔

مسئلہ : صوم وصال کی کراہت بھی یہاں سے معلوم ہوئی پہلے مسئلہ کی وجہ ظاہر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے صبح صادق تک کھانے پینے جماع کی اجازت بخشی ہے تو روزہ کی نیت اس کے بعد ہوگی اور وہ دن کی گھڑی ہے اب عبارت یوں گی اتموا الم ابتدو ا الم بالصوم واتمو االی اللیل یعنی مکمل کر کے پھر روزے کو شروع ہو جاؤ اور اسے رات تک مکمل کرو اس سے نتیجہ نکلا کہ روزے کا حکم فجر کے بعد ہوگا روزہ صرف کھانے پینے سے رک جانے کا نام نہیں بلکہ اس کے ساتھ نیت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ دوسرے مسئلہ کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روزے کی غایت رات بتائی ہے اور قاعدہ ہے کہ غایتہ الشئی مقبططوہ یعنی شئے کی غایت شے کے اختتام پر ہوتی ہے جب روزہ رات کے ابتدائی حصہ میں بتایا گیا تو اس کے بعد روزہ نہ رکھنے کا حکم ہوا یہی ہم کہتے ہیں کہ صوم وصال نہ ہونا چاہیے بعض نے فرمایا کہ رات روزہ کے وجوب کی انتہا کا نام ہے جب رات داخل ہو جائیگی روزے کا وجوب نہیں رہے گا بہر حال رات کی گھڑیوں میں روزہ نہ ہونا چاہیے اس سے یہ ثابت نہیں کہ صوم وصال مکروہ ہے اس لئے ان جیسے اوامر سے یعنی فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ اور کلو او اشربوا اباحتہ اور رخصت کے لئے ہیں وجوب کے لئے نہیں اس سے صوم وصال کی نفی کا ثبوت نہیں۔

ربط: گمان پڑتا تھا کہ اعتکاف کا حال بھی روزہ کی طرح ہوگا بمعنی کہ مباشرت یعنی اپنی عورت سے جماع دن کو تو حرام ہو لیکن رات کو جائز۔ اس کی وضاحت فرمائی کہ اعتکاف والے کو جس طرح دن کو جماع حرام ہے اس طرح رات کو بھی چنانچہ فرمایا وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ اور عورتوں سے جماع نہ کرو وَاَنْتُمْ جب کہ تم لوگ عَاكِفُوْنَ فِی الْمَسٰجِدِ جب کہ تم اعتکاف کی نیت سے مساجد میں ٹھہرے ہوئے ہو۔

مسئلہ: اعتکاف شریعت میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے تقرب کے لئے مسجد میں ٹھہرنے کو کہتے ہیں اور یہ شرائع قدیمہ سے ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَنْ طَهِّرَا بَيْتِیَ لِلطَّآىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

شان نزول: یہ آیت اس شخص کے حق میں نازل ہوئی جو مسجد میں اعتکاف بیٹھتا لیکن جب اسے جماع کی

marfat.ocm
Marfat.com

خواہش ہوتی تو مسجد سے نکل کر اپنی عورت سے جماع کر لیتا ہے اور غسل کر کے مسجد میں لوٹتا اس آیت کے بعد مسلمان اعتکاف کی حالت میں جماع سے روکے گئے۔

مسئلہ: معتکف پر جماع حرام ہے بلکہ جماع سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: لفظ مساجد سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر مسجد میں اعتکاف بیٹھنا جائز ہے لیکن جامع مسجد میں افضل ہے تا کہ اسے جمعہ کے لئے کہیں جانا نہ پڑے۔

مسئلہ: اعتکاف افضل الاعمال ہے جب کہ خالص نیت سے ہو اس لئے کہ اس میں قلب ماسوی اللہ سے فارغ ہو جاتا ہے۔

نکتہ: حضرت عطاء رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں معتکف اس شخص کی طرح ہے جسے کسی سے کوئی کام نہ ہو اور وہ جا کر اس کے دروازے پر بیٹھ جائے اور کہے کہ یہاں سے نہیں جاؤں گا جب تک میرا کام پورا نہ ہو اسی طرح معتکف بھی اللہ تعالیٰ سے عرض کرتا ہے اے الہ العالمین میں تیرے دروازے سے اس وقت تک نہیں جاؤں گا جب تک میرے گناہ بخش نہ دیئے جائیں۔

حدیث شریف: میں ہے کہ جو شخص کسی بھائی کے کام کے لئے جاتا ہے گویا وہ بیس سال اعتکاف بیٹھا رہا یعنی بیس سالہ اعتکاف کا ثواب ملے گا۔

فضائل اعتکاف: ☆..... جو شخص صرف ایک دن اعتکاف بیٹھا ہے اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقیں حائل کی جائیں گی ہر خندق کے درمیان کی مسافت ایسی ہے جیسے مشرق و مغرب کے مابین کی مسافت۔

☆.....لوگوں سے تنہائی میں اور خلوت میں رہنے کے بڑے فوائد ہیں منجملہ ان کے ایک یہ ہے لوگوں کے غلط رویوں سے بچ جاتا ہے اور لوگ اس سے۔☆..... نفس کشی نصیب ہوتی ہے۔☆.....دنیا سے اعراض کا سبق ملتا ہے۔☆.....اعتکاف طریق صدق اور اخلاص کا پہلا باب ہے۔☆.....اس سے اللہ تعالیٰ کی ذات کا قرب حاصل ہوتا ہے۔☆.....توکل علی اللہ۔۸۔قناعت پر راضی رہنا نصیب ہوتا ہے قاعدہ جو شخص لوگوں سے میل جول رکھتا ہے وہ معصیت میں تکلف کا شکار ہو جاتا ہے اسے پھر حرام و حلال کی تمیز نہیں رہتی جس کی وجہ سے ہلاکت کے گھاٹ اتر جاتا ہے۔☆.....تنہا رہنے والا لوگوں کے لڑائی جھگڑے سے بچ جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

☆.....بہت بڑے گناہوں میں مبتلا نہیں ہوتا جو کہ عام طور پر لوگوں کے اختلاط سے صادر ہوتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ حضرت الشیخ الشہیر بافتادہ آفندی قدس سرہ نے فرمایا کہ اس امر سے بچ جانا جس میں حرام معمولی سا اشباہ ہو اور زبان کو لغویات سے روکنا اور لوگوں کے میل جول سے دور رہنا اسے ہم تصوف کہتے ہیں چلہ کشی میں بھی یہی بات ہوتی ہے کہ کثرت کے تخیلات سے ہٹ کر وحدت میں محو ہو جانا اور خلوت کا مقصد عظیم بھی یہی بات ہے اور کثرت میں ان باتوں کا حصول تو اعلیٰ درجہ ہے اس لئے کہ جو بھی خلوت میں ہوتا ہے لوگوں کے میل جول سے بچ جاتا ہے لیکن ان کی خدمات سے محروم ہوتا ہے ہم تو حضور نبی اکرم ﷺ کے طریقے پر ہیں اور ان کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی یہی طریقہ تھا اسی لئے حضور نبی کریم ﷺ نے کسی چلہ کشی کا طریقہ متعین نہیں فرمایا بلکہ آپ کا طریقہ یہی تھا کہ رمضان المبارک کے آخری دس دن اعتکاف میں گزارتے ہاں یہ چلہ کشی کا طریقہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں فرمایا۔ چلہ کشی کرنے والوں نے اپنے طریقے کا استدلال اسی آیت سے کیا ہے۔ **(ذافی و اقعات الھدای قدس مرہ)**

تفسیر عالمانہ تِلْكَ یہ احکام آیت صیام سے لے کر یہاں تک مذکور ہوئے حُدُوْدَ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں۔

ف: حُدُوْدَ حد کی جمع ہے دو چیزوں کے درمیان کی آڑ کو حد کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے اپنے احکام حدود مشروع فرمائے تا کہ وہ حق و باطل کے درمیان آڑیں بنیں اور اس لئے کہ ان کی حدود کی وجہ سے بندہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی مخالفت اور ان حدود سے تجاوز کرنے سے بچ جائے۔

فَلَا تَقْرَبُوْهَا پس ان حدود کے قریب بھی نہ جاؤ نہ یہ کہ ان سے آگے تجاوز کر جاؤ۔

ف: بندے کو اس آڑ (جو حق و باطل کے درمیان واقع ہے) کے قریب پھٹکنے سے روک دیا تا کہ باطل سے دور رہے نہ یہ کہ ان حدود سے آگے قدم رکھے۔

حدیث شریف: میں ہے حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہر شئے کی آڑ ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی آڑ کا مطلب یہ ہے کہ اسکے روکے ہوئے امور کے قریب نہ جائے جو شخص بھی اس آڑ کے قریب پھٹکتا ہے پھر الا محالہ وہ اس کے اندر چلا جاتا ہے فَلَا تَقْرَبُوْهَا، فَلَا تَقْرَبُوْهَا سے زیادہ مبالغہ ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

ربط: جب اللہ تعالیٰ نے ان مختصر الفاظ میں روزے کے مکمل احکام بیان فرمائے اور یہ بیان کافی وافی ہے تو اس کے بعد فرمایا كَذٰلِكَ اس طرح یعنی ایسا بیان جسے تم نے پڑھا اور سنا جو کہ وافی اور واضح ہے۔

ف: یہ کاف محل نصب میں ہے اس اعتبار سے کہ مصدر محذوف کی صفت واضح ہوئی ہے۔

يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ اللہ تعالیٰ اپنی آیات لوگوں کو بیان فرماتا ہے۔

ف: آیات دین کے دلائل اور احکام کے نصوص کو کہا جاتا ہے بیان کی عظمت ظاہر کرنے سے بندوں کو ہدایت دینا اور ان پر رحمت کرنا مقصود ہے۔ تقوی کے تین مرتبے ہیں۔

۱۔ شرک سے بچنا ۲۔ معاصی وسیات سے ۳۔ شہوات سے بچنا۔ اس کے بعد پھر فضول باتوں سے بچنے کی کوشش کرے۔

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ تا کہ تم اللہ تعالیٰ کے اوامر کی مخالفت سے ڈرو۔

حدیث شریف: میں ہے کہ بندہ متقین کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ معمولی فضول بات سے نہ بچے اس خوف سے کہ کہیں کسی گناہ میں مبتلا نہ ہو جائے۔

سیدنا شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

ترا آنکہ چشم و دہاں داد و گوش اگر عاقلی در خلافش مکوش

چو پاک آفریدت بہش باش و پاک کہ ننگ است ناپاک رفتن بخاک

(**ترجمہ**: تجھے جب تک اللہ تعالیٰ نے آنکھ منہ اور کان عطا فرمائے ہیں اگر تم عاقل ہو تو اس کے خلاف کوشش مت کرو جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں ہوش کے ساتھ اور پاک پیدا فرمایا تو نہایت شرم کی بات ہے کہ تم ناپاک ہو کر قبر میں جاؤ)

یعنی ان حدود تک رک جاؤ۔

مرو زیر بار گنہ اے پسر حمال عاجز بود در سفر

مکن عمر ضائع بافسوس وحیف کہ فرصت عزیز است والوقت سیف

(**ترجمہ**: قبر میں گناہوں کا بوجھ اٹھا کر مت جا اس لئے کہ بوجھ اٹھانے والے سفر میں تنگ ہو جاتے ہیں افسوس وحیف کے ساتھ)

marfat.com
Marfat.com

عمر ضائع نہ کرو فرصت کو عزیز سمجھو اس لئے کہ وقت تلوار کی طرح تمہاری زندگی کاٹتا جارہا ہے۔ اللہ ہم سب کو اہل یقظہ و یقین سے بنائے آمین۔

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اور آپس میں باطل سے ایک دوسرے کا مال نہ کھاؤ یعنی آپس میں ایک دوسرے کا اس طریقے سے مال نہ کھاؤ کہ جس کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی اور نہ ہی اس طریق سے مباح فرمایا جیسے۔ ☆.....غضب کر کے ☆.....چھین کر ☆.....چوری کر کے ☆..... جھوٹی قسم کھا کر ☆..... قماری بازی کے ذریعے سے ☆.....رشوت لے کر ☆..... کاہن کے پاس جا کر ☆.....سرود بجا کر ☆.....نوحہ کر کے ☆.....غلط حیلوں سے ☆.....اور خیانت کر کے مختلف طریقوں سے اسی طرح سینما وغیرہ کی کمائی اور بلیک وغیرہ کی کمائی وغیرہ وغیرہ۔

ف: بَيْنَكُمْ منصوب علی الظریفتہ ہے لَا تَاْكُلُوْٓا کے متعلق ہے اب معنی یوں ہوا کہ ایک دوسرے کو لینا دینا صرف ایک دوسرے کو کھانے کے لئے ہو۔

مسئلہ: آیت میں صرف کھانے کی اشیاء مراد نہیں بلکہ اسباب باطلہ کے ذریعے سے جتنے معاملات ہوں سب حرام ہیں اسے کھانا عرف عام میں بولا جاتا ہے لیکن اس سے ہر قسم کے تصرفات مراد ہوتے ہیں علاوہ ازیں ان امور میں مقصود اعظم کھانا ہوتا ہے اس لئے اس کا نام لیا گیا۔

بِالْبَاطِلِ بھی فعل مذکور کے متعلق ہے لَا تَاْكُلُوْٓا کے یعنی اموال کے باطل کے سبب نہ کھاؤ۔

شان نزول: ان دو مخصوں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی جن کا آپس میں زمین کا جھگڑا تھا ان دونوں کو خیال ہوا کہ جھوٹی قسم کھا کر زمین پر قابض ہو جائیں چنانچہ دونوں حضور سرور عالم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور واقعہ بیان کیا حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے انہیں نصیحت کے طور پر فرمایا کہ سن لو میں تمہاری طرح بشر ہوں میری طرف اللہ تعالیٰ سے وحی آتی ہے تم لوگ میرے پاس فیصلے کے لئے آتے ہو اور تم میں سے بعض ایسے ہوتے ہیں کہ چالاکی سے حجت قائم کر لیتے ہیں اور میں بھی ان کی حجت پر فیصلہ کر دیتا ہوں اور اس کے ساتھی سے مال لے کر اس کی حجت کے مطابق اس کے قبضہ میں دے دیتا ہوں کیونکہ میں تو ویسے ہی فیصلہ کروں گا جیسے تم سے سنوں گا لیکن یاد رکھو جس کے لئے میں ظاہری طور پر فیصلہ کروں اور حق دوسرے بھائی کا ہو تو پھر

marfat.com
Marfat.com

یوں سمجھ لو کہ آگ کا ٹکڑا اسے دے رہا ہوں وہ دونوں حضور نبی کریم ﷺ کی نصیحت سن کر رو پڑے اور ہر ایک کہنے لگا حضور میں اپنی یہ زمین اپنے بھائی کو دینا چاہتا ہوں حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جاؤ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ الٰہی کی حاضری کو سامنے رکھ کر قرعہ اندازی کر لو اس طرح ایک دوسرے کو اپنا حق حلال کرو۔ [1]

حدیث شریف مذکور کے بعض مشکل الفاظ کی تشریح: الحس الحجته اقوام بها واقدر عليها من صاحبه یعنی خصم کی دلیل مان کر مال اس کے قبضہ میں دے دوں اور اس کے ساتھی چھین کر مال کا مالک بنا دوں التوحی قصد الحق یعنی توحی بمعنی حق کا ارادہ کرنا الاستهام ، الاقتراع یعنی قرعہ اندازی۔

مسئلہ: اس سے ثابت ہوا کہ قاضی کو اپنے علم پر فیصلہ نہ کرنا چاہیے چنانچہ امام شافعی رحمة الله تعالیٰ کا یہی مذہب ہے۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صرف اموال و مالک تک محدود رکھتے ہیں کہ ظاہر پر فیصلہ کرنا جائز ہے لیکن عقود النکاح اور اس کا فسخ اس سے مستثنیٰ ہوں گے اس کے مکمل مسائل و دلائل فقہ کی کتاب استعفاء میں ہیں۔

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ اور انہیں احکام کی طرف نہ لٹکاؤ اس کا عطف منی عنہ پر ہے یعنی وَلَا تَاْكُلُوْٓا پر اسی وجہ سے یہ ناہیہ مذکورہ کی وجہ سے مجزوم بواسطہ حرف عطف کے اور یہ الاولاء سے بے بمعنی الالقاء اور ضمیر بہا کی اموال کی طرف لوٹتی ہے ساتھ مقدر کرنے مضاف کے ہے جیسے وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ میں (باء زائدہ) ہے اب معنی یہ ہوا کہ اموال کے معاملات کو نہ لٹکاؤ اور فیصلہ نہ لے جاؤ احکام کی طرف۔

لِتَاْكُلُوْا تا کہ تم کھاؤ حکام کی طرف فیصلہ لے جانے سے فریقا ایک حصہ کو اور بعض اموال سے مِنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بالاثم لوگوں کے مالوں سے گناہ کے سبب سے یہ باسیہ ہے لِتَاْكُلُوْا کے ساتھ متعلق ہے یعنی بسبب اس کے

---

[1] ایسی اے حدیثوں سے وہابیوں دیوبندیوں نے غلطی کھائی کہ وہ نبی علیہ السلام کو اپنے جیسا بشر سمجھنے لگے حالانکہ حقیقت مسئلہ کی یہ کہ حضور علیہ السلام کی حقیقت بشر نہیں اگرچہ ظاہر میں ہماری طرح بشر ہیں ہمارا اور ان کا اختلاف حقیقت کے متعلق ہے ہم کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی حقیقت نور ہے اور وہ اسے بشریت کی حقیقت کہتے ہیں۔ مزید تفصیل فقیر کی کتاب نور و بشر میں دیکھئے۔

marfat.com
Marfat.com

جو گناہ کو واجب کردے جیسے شہادۃ الزور جھوٹی قسم اور صلح کرانا جب کہ معلوم ہو کہ جسے مال دلایا جارہا ہے وہ ظالم ہے اور جس سے مال لیا جارہا ہے وہ حق پر ہے بعض نے اس کا معنی یوں کہا ہے کہ ان کے فیصلے ایسے حکمرانوں کی طرف لے جاؤ جن کا کام ظلم او، رشوت لے کر غلط فیصلہ کی عادت ہو وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ حالانکہ تم جانتے ہو کہ بے شک تم باطل پر ہو۔

مسئلہ: گناہ کو گناہ جانتے ہوئے اس کا ارتکاب بہت زیادہ قبیح ہے اور اسکے مرتکب کو توبیخ زیادہ ضروری ہے۔ **ف**: دنیا میں تین چیزیں ہوتی ہیں۔

☆..... حلال ☆..... حرام ☆..... مشتبہ

حرام سزا کا مستحق بناتا ہے اور مشتبہ عتاب کا سبب بنتا ہے اور حلال ثواب کا موجب ہوتا ہے۔

حضرت حکیم سنائی فرماتے ہیں۔

ایں جہاں بر مثال مردار است　　کرگساں اندوں ہزار ہزار

ترجمہ: یہ جہاں مردار کی مثال ہے اس میں بے شمار گدھ ہیں

ایں مرا زاہمی زند محلب　　وان مریں را ہمی زند منقار

آخر الامر بگذرند ہمہ　　واز ہمہ باز ماند ایں مردار

ترجمہ: کوئی گدھا سے چنگل مارتی ہے تو کوئی اسے اپنی چونچ سے کھاتی ہے تمام کھا کر چلی جاتی ہیں لیکن وہ مردار جوں کا توں پڑا ہوتا ہے۔

سبق: دانا کو چاہیے کہ وہ حقوق العباد اور ظلم کے معاملات سے اجتناب کرے۔

حکایت: نوشیرواں جب فوت ہوا تو اس کی وصیت کے مطابق اسکے جنازہ کو اٹھا کر گلی کوچوں اور شہر بازار جنگل اور دیات میں پھرایا گیا اور اعلان ہوتا رہا کہ جس کا کوئی حق نوشیراواں پر ہو تو وہ آکر شاہی خزانے سے لے باوجود کافی دیر تک اعلانات ہونے کے بعد کوئی ایک بھی نہ آیا کہ جس نے کہا ہو کہ نوشیرواں کے پاس میرا کوئی حق ہے۔

حکایت: حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک مجوسی نے قرضہ دینا تھا آپ اس سے قرضہ وصول

marfat.ocm
Marfat.com

کرنے کے لئے اس کے گھر تشریف لے گئے جب اس کے گھر کے قریب پہنچے تو آپ کے جوتے کو نجات لگ گئی آپ نے جوتا جھاڑا تو نجاست مجوسی کے مکان کو جا لگی آپ حیران تھے کہ اگر نجاست رہنے دیتا ہوں تو مجوسی کا مکان بدزیب ہوتا ہے اگر نجاست کو کھرچ دوں تو نجاست کے ساتھ مکان کی دیوار کی مٹی بھی ساتھ نکل کر نیچے گرے گی یہ بھی مجوسی کی حق تلفی ہے آپ نے مجوسی کو بلایا مجوسی کی لونڈی آئی آپ نے اسے فرمایا مجوسی کو کہو کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ بلا رہے ہیں مجوسی نے سمجھا شاید قرضہ مانگنے کے لئے تشریف لائے ہیں اسی فکر میں باہر آتے ہیں معذرت کرنے لگا آپ نے فرمایا معذرت چھوڑیے مجھے اس مخمصے سے بچایئے کہ نجاست دیوار کو لگ گئی ہے اسے کیسے پاک کیا جائے مجوسی کے دل پر اس واقعہ کا گہرا اثر ہوا کہنے لگا حضرت میں اپنے دل کو کفر کی نجاست سے پاک کرتا ہوں فوراً کلمہ پڑھا اور مسلمان ہو گیا۔

سبق: سیدنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے جب معمولی سے ظلم سے احتراز کیا تو مجوسی کو آپ کے اس نیک عمل کی برکت سے سعادت ابدی نصیب ہوئی ورنہ ہمیشہ کی بے دینی کی خرابی میں رہتا۔

حکایت: ایک نصرانی اپنی عورت کو گدھے پر بٹھا کر کہیں جا رہا تھا مسلمانوں کے گاؤں سے اس کا گذر ہوا تو وہاں کے ایک بے حیا نے گدھے کی دم کاٹ دی جس سے گدھا تڑپنے لگا اور نصرانی کی عورت گر پڑی اور اس بچاری کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ حاملہ تھی اس حادثہ سے اس کا حمل بھی گر گیا نصرانی نے وقت کے قاضی سے فریاد کی قاضی رشوت خور تھا۔ اس نے اسی ظالم مسلمان کو کہا اس نصرانی کا گدھا لے جا جب تک گدھے کی دم اس پیمانہ پر نہ ہو گی گدھے کو تم اپنے پاس رکھو اور اعورت کو بھی اپنے قبضہ میں لے لو جب تک حاملہ ہو کر اتنے ماہ کا حمل نہ ہو اور اسی طرح جب تک اس کی عورت کے دونوں ہاتھ صحیح اور درست نہ ہو جائیں نصرانی کو واپس نہ دینا نصرانی نے رو کر کہا مسلمانو! کیا تمہاری شریعت پاک کا یہی حکم ہے نصرانی آسمان کی طرف سر اٹھا کر کہنے لگا اے الہ العلمین! تو حلیم تو ہے ہی لیکن میرے صبر کا جام چھلک پڑا ہے یہ قاضی کا فیصلہ ہے سراسر ظلم ہے تو ہی فیصلہ فرما اے عاجزوں کو دیکھنے والے اور مظلوموں کی مدد کرنے والے خدا۔ نصرانی کی فریاد آسمان کی چھت کو چیرتی ہوئی بارگاہ حق میں پہنچی اور دادا انصاف لائی کہ قاضی رشوت حور کی شکل فوراً گدھے کی صورت میں تبدیل ہو گئی۔

سبق: اس واقعہ سے دو سبق حاصل ہوئے۔ ا۔ قاضی رشوت خور ظلم کی اعانت کی وجہ سے ایک بڑے عذاب

marfat.com
Marfat.com

میں مبتلا ہوا۔ ۲۔ ظلم سے بچنا ضروری ہے اگرچہ مظلوم کار ہو کیونکہ کافر کی دعا بھی کبھی قبول ہو جاتی ہے۔

تفسیر عالمانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ اموال اقوام نفس کی مصالح کی خاطر پیدا کئے گئے ہیں اور نفوس کو مراسم عبودیت کی ادائیگی کیلئے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ تاکہ معلوم ہو جائے کہ اموال ونفوس صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کے سواء کوئی تصرف نہیں کر سکتا وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ کا مطلب یہ ہے کہ خواہش نفسانی اور حرص وشہوت اور غفلت میں پھنس کر اموال نہ کھاؤ ہاں حق اور قناعت اور تقویت علی الطاعة اور قیام بالعبودیت کو مدنظر رکھ کر کھاؤ۔

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ یہاں پر حکام سے مراد نفس امارہ ہے لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ تاکہ ایک حصہ اموال سے کھاؤ اور وہ اموال جو عبادت کی استعانت کے لئے پیدا کئے گئے ہیں بِالْاِثْمِ سے دنیا کا پھنس، پھنساؤ اور غفلت مراد ہے یعنی اموال کو گناہ پر مدد دینے کی خاطر نہ کھاؤ جیسے حیوانات اور بہائم نری غفلت میں رہتے ہیں تم ان کی طرح نہ ہو جاؤ اگر ایسا طریقہ کرو گے تو پھر تمہارا ٹھکانا اور رہنا سہنا جہنم میں ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور کھانے پینے میں ایسے مست نہ ہو جاؤ جیسے جانور کھانے پینے میں مست ہیں وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ یعنی اس کے انجام کو جانتے ہوئے بھی لاعلمی میں گزار رہے ہو۔ (کذافی التاویلات النجیمه)

اس کا انجام برا نکلے گا انسان پر لازم ہے کہ وہ اپنے لئے آخرت کیلئے نیک انجام کا ہر وقت خیال رکھے بلکہ میرا تو مسلمانوں بھائیوں کو یہی مشورہ ہے کہ اس آرزو میں مست ہوتے رہو کہ مرنے کے بعد مصطفیٰ ﷺ کا دیدار نصیب ہو صحابہ کرامؓ کا یہی مشغلہ تھا صرف دو واقع ملاحظ ہوں۔

۱۔ حضرت خالد بن صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کام کاج سے فارغ ہو کر بستر پر سونے کے لئے آتے تو (ان کا وظیفہ یہ تھا) حضور ﷺ اور آپ کے مہاجر وانصار صحابہ کا نام لے لے کر ان کی یاد میں روتے اور کہتے میرا سب کچھ وہی ہیں میرا دل (ہر وقت) انہی کی یاد میں تڑپتا رہتا ہے لیکن ہجر وفراق کی گھڑیاں لمبی ہوتی جا رہی ہیں اے میرے رب میری روح کو جلد قبض فرما لے (تاکہ میں ان سے جا ملوں) انہی حسین یادوں میں محویت کے عالم میں سسکیاں لیتے لیتے سو جاتے۔

۲۔ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے

marfat.ocm
Marfat.com

میں مروی ہے ایک رات آپ نے ایک گھر میں دیکھا کہ چراغ جل رہا ہے اور ایک بوڑھی خاتون اون کاتتے اشعار پڑھ رہی ہے۔ محمد پر اللہ کے تمام ماننے والوں کی طرف سے سلام ہو اور آپ کے تمام متعلقین کی طرف سے بھی آپ ﷺ راتوں کو اللہ کی یاد میں کثیر قیام اور سحری کے وقت آنسو بہانے والے تھے۔ ہائے افسوس اسباب موت متعدد ہیں کاش مجھے یقین ہو جائے کہ روز قیامت مجھے آقا ﷺ کا قرب نصیب ہو سکے۔ یہ اشعار سن کر حضرت فاروق اعظم کو اپنے آقا کی یاد شدت سے آئی جس پر وہ زار و قطار روئے اور دروازے پر دستک دی۔

خاتون نے پوچھا کون ہے۔ آپ نے کہا عمر بن الخطاب خاتون نے کہا رات کے ان اوقات میں عمر کو یہاں کیا کام؟ آپ نے فرمایا اللہ تجھے جزا و خیر دے دروازہ کھولا اور آپ کے پاس بیٹھ گئے اور کہ کہ جو اشعار تو پڑھ رہی تھی ان کو دوبارہ پڑھ اس نے جب دوبارہ اشعار پڑھے تو آپ خوب روئے۔ (اولی غفرلہ)

marfat.com
Marfat.com

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

تم سے نئے چاند کو پوچھتے ہیں تم فرمادو وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لئے اور یہ کچھ بھلائی نہیں کہ گھروں میں

الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۠ وَاتَّقُوا

پیچھ توڑ کر آؤ ہاں بھلائی تو پرہیزگاری ہے اور گھروں میں دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو

اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَقَاتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ

اس امید پر کہ فلاح پاؤ۔ اور اللہ کی راہ میں لڑو ان سے جو تم لڑتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ

اللہ پسند نہیں رکھتا حد سے بڑھنے والوں کو۔ اور کافروں کی جہاں پاؤ مارو اور انہیں نکال دو جہاں سے

مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

انہوں نے تمہیں نکالا تھا اور ان کا فساد تو قتل سے بھی سخت ہے اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو

الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ كَذٰلِكَ جَزَاۗءُ

جب تک وہ تم سے وہاں نہ لڑیں اور اگر تم سے لڑیں تو انہیں قتل کرو کافروں کی یہی سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ۝ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ

پھر اگر وہ باز رہیں تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ

فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ۝

باقی نہ رہے اور ایک اللہ کی پوجا ہو پھر اگر وہ باز آئیں تو زیادتی نہیں مگر ظالموں پر۔

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

ماہ حرام کے بدلے ماہ حرام اور ادب کے بدلے ادب ہے جو تم پر زیادتی کرے اس پر زیادتی کرو

marfat.ocm
Marfat.com

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

اتنی ہی جتنی اس نے کی اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے۔

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ

اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو

وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ۭ فَاِنْ

اور بھلائی والے ہو جاؤ بیشک بھلائی والے اللہ کے محبوب ہیں۔ اور حج اور عمرہ اللہ کے لئے پورا کرو پھر

اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ

اگر تم روکے جاؤ تو قربانی بھیجو جو میسر آئے اور اپنے سر نہ منڈاؤ جب تک قربانی

الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ

اپنے ٹھکانے نہ پہنچ جائے پھر جو تم میں بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہے تو بدلہ دے

مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۠ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى

روزے یا خیرات یا قربانی پھر جب تم اطمینان سے ہو تو جو حج سے عمرہ ملانے کا فائدہ اٹھائے

الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ

اس پر قربانی ہے جیسی میسر آئے پھر جسے مقدور نہ ہو تو تین روزے حج کے دنوں میں رکھے

سَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ۭ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي

اور سات جب اپنے گھر پلٹ کر جائے یہ پورے دس ہوئے یہ حکم اس کے لئے ہے جو مکہ کا رہنے والا نہ ہو

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾

اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ [1] شان نزول: معاذ بن جبل انصاری اور ثعلبہ بن ختم انصاری نے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کی کیا وجہ ہے کہ پہلے دھاگے کی طرح ہوتا ہے پھر بڑھتا ہوا مکمل ہو کر گھٹنے لگ جاتا ہے یہاں تک کہ آخر میں اس طرح کا ہو جاتا ہے جیسے پہلی شب کا تھا ایک ہی حالت پر کیوں نہیں رہتا اللہ تعالیٰ نے یہی آیت اتاری کہ آپ سے چاند کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

حل لغات: اَهِلَّةِ ہلال کی جمع ہے ہلال بمعنی پہلی رات سے تیسری رات تک چاند کی روشنی۔

سوال: ہلال کو ہلال کیوں کہتے ہیں؟

جواب: چونکہ پہلے دوسری راتوں میں چاند کو دیکھ کر آواز بلند کرتے ہیں چنانچہ اہل عرب کہتے ہیں استھل الصبی یہ اس وقت بولتے ہیں جب نومولود بچہ پیدائش کے وقت چیخ مارے اور کہتے اھل القوم بالحج یہ اس وقت بولتے ہیں جب حج کے ایام لوگوں کو تلبیہ پڑھتے ہوئے سنتے۔ قل اے محبوب محمد عربی ﷺ فرمایئے ھی یعنی چاند کا گھٹنا بڑھنا اوقات ہیں۔

حل لغات: مواقیت وقت سے مشتق ہے۔

ف: وقت اور مدت اور زبان میں فرق یہ ہے کہ مدت فلک کی حرکات کا امتداد از مبدا تا منتہا کا نام ہے اور زمان ان گھڑیوں کو کہا جاتا ہے جو ماضی حال استقبال میں منقسم ہیں اور وقت اس زمانہ کو کہتے ہیں جو کسی امر کے لئے فرض کیا گیا ہو۔

لِلنَّاسِ لوگوں کے لئے یعنی ان امور کے لئے چاند گھٹتے بڑھتے ہیں جو ان کی ضروریات اور مصالح اور معاملات اور حج کے لئے یعنی وہ امور جو اوقات مخصوصہ سے متعلق ہے۔

---

[1]: اس آیت سے ثابت ہوا کہ اگر سائل میں استعداد نہ ہو تو اس کے سوال کے مطابق جواب نہ دینا لاعلمی اور عدم اختیار کی دلیل نہیں جیسے یہاں ہے کہ سائلوں نے تو سوال کیا ہے چاند کے گھٹنے بڑھنے کا لیکن جواب مطابق نہیں اس لئے کہ اس کا گھٹنا بڑھنا علم ہیئت سے متعلق ہے اور اس کا استعداد عوام میں کہاں اسی لئے جواب کے طرز کو بدل دیا اسی قاعدہ پر ہم سینکڑوں سوالات وہابیہ کا جواب دیتے ہیں کہ جہاں حضور ﷺ نے سوالات کے جوابات مطابق نہیں دیئے وہاں بھی استعداد کی کمی یا کوئی اور مصلحت ہوگی۔ (اویسی غفرلہ)

marfat.ocm
Marfat.com

سوال: جب پہلے بتایا گیا ہے کہ چاند کا گھٹنا بڑھنا انسان کو ان اوقات کے بتانے کے لئے ہے جو اسے اپنی ضروریات و معاملات کی وجہ سے متعلق ہیں اور حج بھی منجملہ انہیں سے ہے پھر اسے علیحدہ ذکر کرنے کا کیا معنی؟

جواب: قاعدہ عامہ الورود ہے کہ عام کے بعد خاص کا ذکر ہوا کرتا ہے دوسرا اس سے تنبیہ بھی مقصود ہے کہ حج باقی امور سے فضیلت رکھتا ہے اس لئے کہ حج ایک ایسی مخصوص عبادت ہے کہ اس کی ادائیگی مخصوص اوقات میں ہوتی ہے اور قضاء ہو جائے تو اس کی ادائیگی بھی ان مخصوص اوقات کے بغیر نہیں ہو سکتی بخلاف باقی عبادت کے کہ ان کی ادائیگی میں خصوصی اوقات کی کوئی پابندی نہیں خلاصہ کلام یہ ہوا کہ ہلال صرف تمہارے مصالح اور ضروریات کی وجہ سے گھٹتا بڑھتا ہے اور اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ چاند جتنا سورج کے قریب ہوگا اتنا نورانیت میں گھٹ جائے گا اور جتنا دور ہوگا اتنا اس کی نورانیت زیادہ ہوگی جیسا کہ فن ہیت میں مفصلاً مذکور ہے۔

ف: تفسیر تیسیر میں ہے کہ سورج ایک ہی حالت پر رہتا ہے اس لئے کہ اس سے صرف عوام کو روشنی پہنچانا اور اس سے لوگوں کے مصالح کا قیام مقصود ہے اور چاند گھٹتا بڑھتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ ہی انسانی ضروریات و معاملات کے متعلق فرمایا ہے اور وہ معاملات ضروریات پورے نہیں ہو سکتے جب تک کہ چاند میں اسی طرح تغیر و تبدیل نہ ہو اسی لئے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی ضروریات پورا کرنے کے لئے چاند کو ایسے ہی بنایا ہے۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا اور نیکی نہیں کہ تم گھروں کی پچھلی طرف سے آؤ۔

شان نزول: انصار کی عادت تھی کہ جو مرد حج یا عمرے کا احرام باندھتا تو وہ باغ اور گھر اور حویلی کے دروازے سے داخل نہ ہوتا اگر اس کا گھر مٹی کا ہو تو بجائے دروازے کے گھر کے پچھلے جانب سے نقب لگا کر داخل ہوتا اور وہاں سے نکلتا یا مکان کی پچھلی طرف سیڑھی لگا کر مکان کے اوپر چڑھ کر آتا جاتا اگر اس کا مکان خیمہ نما ہوتا تو پھر خیمے کی پچھلی جانب سے آمد و رفت ہوتی بہر حال ان کا یہی طریقہ تھا کہ احرام سے فراغت پر گھر کی پچھلی طرف سے آنا جانا ہوتا تھا گھروں کے عام دروازوں سے آنا ان کے لئے حرام تھا اسی طریقہ کو وہ اپنے لئے نیکی سمجھتے تھے تمام اہل عرب کا یہی طریقہ تھا سوائے حمس کے یعنی قریش کا طریقہ اور تھا اس گمان پر کہ احرام کے وقت اپنی تمام عادت کو بدلنا چاہیے اس لئے انہوں نے احرام کے دوران اپنی عادات کو لباس اور خوشبو وغیرہ کے بارہ میں بدل دیا وہ کہتے تھے ہم اپنے گھروں کے دروازوں سے ہرگز داخل نہیں ہوں گے جب تک اللہ تعالیٰ کے گھر

marfat.com
Marfat.com

داخل نہ ہولیں۔ان میں بعض تو ایسے تھے کہ انہیں احرام کی حالت میں مکان کی چھت کے سایہ تلے بیٹھنا گوارہ نہ تھا اور نہ وہ پنیر بنا کر کھاتے اور نہ ہی ان دنوں بکریوں کے بال کاٹتے اور یہ باتیں اپنی طرف سے گھڑلی تھیں انہیں کسی شریعت سے یہ امر معلوم نہیں ہوئے ان کی ان غلط عبادتوں کی بناء پر اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ یہ سختیاں جو تم نے احرام کی حالت میں مقرر کر رکھی ہیں نہ نیکی ہے اور نہ ان سے قرب الٰہی نصیب ہوسکتا ہے۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ لیکن نیک وہ ہے مَنِ اتَّقٰى جو ڈرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء اور خواہشات نفسانی سے بچنے کا نام نیکی ہے صرف احرام کی حالت میں گھروں میں پیٹھ کی طرف آنے کو نیکی نہیں کہا جاتا۔

ربط: کشاف میں سوال کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس مضمون کو سابق مضمون سے کیا رابطہ ہے پھر اس کا خود جواب دیتے ہیں کہ جب انہیں ان کے چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کے سوال کا جواب بتایا گیا اور چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کی حکمت بھی بتائی گئی ویسے ان کو یہ بھی معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ کا ہر فعل بہت بڑی حکمتوں کا حامل ہوتا ہے اور اس میں بندوں کے لئے کئی مصلحتیں مضمر ہوتی ہیں اس لئے ان کو حکم ہوا کہ سوال کو چھوڑ دو اور غور کرو کہ احرام کے دوران گھروں میں دروازوں سے نہ آنا کوئی نیکی ہے حالانکہ وہ کوئی نیکی نہیں۔ وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا حالت احرام اپنے گھروں میں دروازوں کی طرف سے آؤ کیونکہ اس کے برعکس دروازوں کی بجائے پیٹھ کی طرف سے آنا کوئی نیکی نہیں وَاتَّقُوا اللّٰهَ اس کے احکام کو تبدیل اور اس کے افعال پر اعتراض کرنے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ تاکہ تم نیکی اور ہدایت پانے میں کامیاب ہو جاؤ۔

دوسرا شان نزول: حضرت حسن رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت کے لوگوں کی عادت تھی کہ جن کا سفر کا ارادہ ہوتا یا کسی کام کو سفر کے لئے جانا ہوتا یا کوئی کام کرنے کا ارادہ کرتا تو وہ جب تک اپنی منزل مقصود تک نہ پہنچتا مکان کے دروازے سے نہیں بلکہ اس کی پیٹھ سے آتا۔

تیسرا شان نزول: قریش اور قبائل عرب کی عادت تھی کہ جس کا سفر کا ارادہ ہوتا یا کسی کام کو جاتا اور ناکام ہو کر لوٹتا تو اسے بدفال سمجھ کر بجائے مکان کے دروازے سے داخل ہونے کے اس کی پیٹھ سے آتا اللہ تعالیٰ نے انہیں اس غلط روی سے روکا اور فرمایا کہ بدفالی کوئی نیکی نہیں بلکہ حقیقی نیکی وہ ہے جو غیر اللہ سے نہیں ڈرتا اسے بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ پر ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: جاحظہ نے فرمایا کہ ابراہیم بن یار جو نظام کے نام سے مشہور معروف ہیں بدفالی کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے اس نے کہا کہ میں ایک دفعہ بہت بھوکا ہوا یہاں تک کہ میں مٹی کھانے لگا تب بھی بھوک ستاتی رہی میں نے سوچا یہاں کسی آدمی کو ملوں جو مجھے طعام کھلائے میں اس ارادہ پر اہواز کی طرف روانہ ہوا۔ (اہواز فارس کے شہروں سے ایک شہر ہے) میرا کوئی وہاں واقف نہ تھا اور نہ ہی میرے پاس کوئی ایسی شئے تھی جس سے اس پریشانی کو دور کر سکتا۔ آگے چلا تو دریا کا کنارا ملا لیکن کشتی نہیں کہ اسے پار کر سکوں اسے میں نے بدفالی پر محمول کیا آگے دیکھا ایک کشتی ہے جس کے اندر سوراخ ہے یہ دوسری بدفالی ہوئی میں نے اس کے ملاح کا نام پوچھا تو معلوم ہوا کہ اس کا نام دیوزادہ ہے فارسی لفظ ہے جے عربی میں شیطان کہا جاتا ہے یہ تیسری بدفالی تھی آخر میں اس کشتی پر سوار ہو گیا۔ جب ہم دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچے تو میں نے چیخ کر پکارا یا حمال اے بوجھ اٹھانے والے مزدور میرا سامان لے جا اس وقت میرے پاس پرانا لحاف اور ایک ضروری سامان تھا جس مزدور نے مجھے جواب دیا وہ (اعور) کانا تھا میں نے کہا یہ چوتھی بدفالی ہے ارادہ ہوا اب یہاں سے واپس لوٹ جاؤں اسی میں سلامتی ہے لیکن چونکہ آ چکا تھا اس لئے ارادہ ہوا کہ کسی سے کم از کم اپنا مقصد تو ظاہر کروں جب میں نے کسی سے کہا کہ میں کئی روز سے بھوکا ہوں یہاں تک کہ بھوک کے مارے مٹی کھا رہا ہوں اب میں موت کے گھاٹ اتر چکا ہوں اس کے بعد میں ایک سرائے میں چلا گیا لیکن حیران تھا کہ اب کیا کروں ابھی اس حال میں تھا کہ جس گھر میں تھا اس کا دروازہ کھٹکا میں نے کہا تو کون ہے اس نے کہا میں تجھے بلانے آیا ہوں میں نے کہا میرا نام ابراہیم بن سیار ہے نظام کے نام سے معروف ہوں اس کے بلانے پر مجھے یہ خیال گزرا کہ یہ کوئی دشمن ہے یا بادشاہ کا قاصد ہے میں نے دروازہ کھولا اس نے کہا مجھے تیرے بلانے کے لئے ابراہیم بن عبدالعزیز نے بھیجا اور انہوں نے فرمایا ہے اگرچہ ہم اور آپ بعض باتوں میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن ہمیں حقوق الاخلاق والحرمۃ کی ادائیگی ضروری ہے ہم نے تمہاری داستان سنی اور تمہارا در بدر کی ٹھوکریں کھانا ہمیں ناگوار گزرا ہے اس لئے ہمارے اوپر واجب ہے کہ ہم تمہاری ضروریات کی کفالت کریں اب اگر آپ یہاں ہمارے ہاں ایک یا دو ماہ قیام فرمائیں تو آپ کی زندگی بھر کی کفالت کے متعلق کچھ سبب بنا لیں گے اگر آپ جانا چاہتے ہیں تو لیجئے یہ تیس دینار ہیں انہیں اپنی ضروریات پر خرچ کیجئے اور تشریف لے جایئے آپ کی معذوری ہے ہمیں انکار نہیں میں

marfat.com
Marfat.com

نے سوچا کہ اس وقت تک بہت سی پریشانیاں لاحق ہیں فلہٰذا واپس جانا مناسب ہے اس لئے کہ مجھے اس سے قبل تین دینار تک میسر نہیں ہوئے اب بفضلہٖ تعالیٰ تیس دینار ملے ہیں بہت کافی ہیں زیادہ کا حرص کیوں اور گھر اور بال بچوں سے جدا ہوئے کافی وقت ہوا ہے زیادہ دیر ٹھہرنا نامناسب ہے اور یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ بدفالی نہا یت ہی مذموم ہے ورنہ مجھے اتنا مال اور سہولت میسر نہ ہوتی۔ (کذافی شرح رسالة الزیر بن زیدون)

سبق: اس سے ثابت ہوا کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض امور طبع ناگوار گذرتے ہیں لیکن ان میں بہت بھلائی ہوتی ہے۔

حکایت: شیخ وقت کے دور میں قحط پڑا انہوں نے اپنے طلباء کے لئے قرعہ اندازی فرمائی کہ کس کام میں بھلائی ہے چنانچہ ان کے ایک کے نام ڈاکہ زنی کا قرعہ پڑا وہ طالب علم چل پڑا۔ اس کا ڈاکوؤں کے ایک گروہ سے واسطہ پڑا وہ ان کے ساتھ ایک تاجروں کے گھر میں نقب زنی کرنے لگا بعد فراغ کے ڈاکوؤں نے تاجروں کو قید کر کے اس شخص کو کہا جا کر انہیں ذبح کر دے اس کے دل میں خیال گذرا کہ انہیں مارنے میں کوئی فائدہ نہیں بلکہ یوں چاہیے کہ انہیں چھوڑ دوں اور ہتھیار لے کر ڈاکوؤں کو قتل کر دیا جائے تا کہ آئندہ ہمیشہ تک ڈاکہ زنی کی لعنت ختم ہو جائے چنانچہ انہیں تمام ماجرا سنایا تاجروں نے اس کے مشورہ کو قبول کر لیا وہ لوگ ڈاکوؤں کے پاس پہنچے وہ غفلت کے نشہ میں چور چور تھے ان پر یکبارگی حملہ کر دیا انہوں نے ڈاکوؤں پر قابو پا لیا انہوں نے ماجرا پوچھا تو اس نے کہا کہ میں فلاں بزرگ کا شاگرد ہوں ڈاکوؤں نے کہا اب ڈاکہ زنی سے ہماری توبہ ہے ہمیں اپنے شیخ کے پاس لے جایئے ہم تمام گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور لوٹا ہوا مال واسباب بھی واپس کرتے ہیں چنانچہ ایسے ہی کیا گیا وہ ڈکو سب کے سب شیخ کی خدمت میں حاضر ہو کر تائب ہو گئے اور ان کے غلاموں اور شاگردوں میں شمار ہوئے۔

سبق: سالک کو چاہیے کہ ہر معاملہ میں صبر اور سکون سے کام لے تا کہ اپنے مقاصد میں کامیاب ہو۔ حضرت صائب فرماتے ہیں۔

چوں سرو در مقام رضا استادہ ام　　آسودہ خاطرم ز بہار و خزاں خویش

(ترجمہ: سرو کی طرح مقام رضا پہ با آرام کھڑا ہوں اب نہ مجھے بہار سے خوشی ہے اور نہ خزاں کا خطرہ)

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

وَلَيْسَ الْبِرُّ میں اشارہ ہے کہ ہر شئے کا کوئی نہ کوئی سبب ضرور ہوتا ہے کہ اس شئے تک اس سبب کے بغیر پہنچنا ناممکن ہوتا ہے چنانچہ اللہ فرماتا ہے وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا فَاَتْبَعَ سَبَبًا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کا ایک ذریعہ اور سبب ہے اور اس کا نام تقویٰ اور تقویٰ لفظ ایسا جامع ہے کہ اعمال ظاہرہ باطنہ اور جملہ مامور بہا پر عمل کرنے اور تمام منہی عنہا سے بچنے اسی طرح قلوب کی صفائی اور سرائر کا مراقبہ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

فائدہ: مراتب تقویٰ میں جتنا مرتبہ بندے کو نصیب ہوتا ہے اتنا قدر وہ بارگاہ ربوبیت تک باریاب ہوتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ اور حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا علیکم بتقوی اللہ فاتہ جماع کل خیر تقوی حاصل کرو اس لئے کہ وہ تمام نیکیوں کا جامع ہے اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ نیکی اسے نہیں کہا جاتا کہ مکانوں کی پیٹھ سے آؤ یعنی شئے کے سبب کے بغیر شئے کو حاصل کرو کہ اعمال ظواہر کو پابندی سے ادا کرو اور تقویٰ کا دامن چھوڑ کر ان اعمال کے بواطن کی پرواہ نہ کرو بلکہ نیک وہ ہے جو تقوی کا عامل ہو چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ آیت کا معنی یہ ہے کہ بندہ فرمانبرداری میں ایسا منہمک ہو کہ اس سے نافرمانی کی بو تک نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کو ایسا یاد کرے کہ کبھی بھولنے کا نام نہ لے اور شکر گزار ایسا ہو کہ اسے ناشکری کا وہم نہ ہو وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا یعنی امور کو ان کے اسباب سے حاصل کرو اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے منزل مقصود تک پہنچنے کا ذریعہ بتایا ہے وہ یہ کہ وَاتَّقُوا اللّٰهَ یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرو یعنی ماسوی اللہ سے دور ہو جاؤ ایسے ہے جیسے کہا جاتا ہے فلان تقی بترھیہ یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب ڈھال کو سامنے رکھ لے تا کہ دشمن کے حملوں سے بچ جائے بندے کو چاہیے کہ وہ اپنے مولیٰ سے ہی ڈرے اور اس کی پناہ کو اپنی پناہ سمجھے اور ایس کو اپنا ملجا وماویٰ مانے اور اسی کی طرف رجوع ہو اور بس جیسے حضور اکرم ﷺ کی عادت کریمہ تھی آپ فرمایا کرتے اعوذبک منک اے اللہ تعالیٰ تیری مدد سے تیرے ماسوی سے پناہ مانگتا ہوں لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ تا کہ اپنے مالک قدوس کی اعانت سے نفوس قدسیہ کی ہلاکتوں سے چھٹکارا پاؤ۔ (کذافی التاویلات النجمیہ)

تفسیر عالمانہ

وَقَاتِلُوْا اور جہاد کرو فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے راستہ کے لئے اور اس کے اعزاز میں آیت میں سبیل اللہ اور اللہ کا دین مراد ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی رضا کا

marfat.com
Marfat.com

راستہ یہی ہے الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ اور لوگوں سے جو تمہارے ساتھ لڑتے ہیں یعنی قریشیوں سے یہ آیت اس حکم سے پہلے کی ہے جو کہ تمام مشرکین سے جہاد کرنے کا حکم نازل ہوا یعنی ان لوگوں سے جو تمہارے ساتھ لڑتے ہیں یعنی لوگوں سے جہاد کرو جو تمہارا مقابلہ کرتے اور جو تمہیں دین کے راستے سے روکتے ہیں۔

ف: جہاد کے متعلق مدینہ طیبہ میں سب سے پہلے یہی آیت نازل ہوئی جب یہ آیت اتری تو حضور نبی کریم ﷺ صرف ان سے جہاد کا حکم دیتے جو ان کا مقابلہ کرتے یا جو آپ کے دینی امور میں آڑے ہوتا جو آپ کا نہ مقابلہ کرتا اور نہ ہی آڑے آتا تو اس کے مقابلہ کا حکم نہ فرماتے اگر چہ کفار کا ہر معاملہ آپ سے لڑائی اور دین سے روکاٹ کا تھا چنانچہ روایت ذیل اس مضمون کی تائید کرتی ہے۔

شان نزول: حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ یہ آیت صلح حدیبیہ کے موقع پر نازل ہوئی اس کی وجہ یہ ہوئی کہ حضور سرور عالم ﷺ اپنے صحابہ کرام کو لے کر مدینہ طیبہ سے مکہ معظمہ میں صرف عمرہ کے لئے تشریف لے گئے آپ کا تشریف لے جانا ذیقعدہ ۶ ہجری میں ہوا۔ اس وقت آپ کے ساتھ کل تعداد ایک ہزار چار سو اصحاب کی تھی آپ نے مکہ شریف کو جاتے ہوئے حدیبیہ میں قیام فرمایا حدیبیہ ایک مقام کا نام ہے جو مکہ معظمہ کے قریب ہے یہاں پر پانی کی فراوانی اور درختوں کی کثرت تھی لیکن مشرکین نے آپ کو مکہ معظمہ میں داخل ہونے سے روک دیا آپ یہیں پر ایک ماہ قیام فرمار ہے اور مشرکین سے چند شرائط پر صلح فرمالی وہ شرائط یہ تھیں ہم اس سال واپس لوٹ جاتے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ سال مدینہ طیبہ سے بیت حرام کی زیارت کے لئے آ کر عمرہ کریں گے یہ شرائط مشرکین کی طرف سے تھیں آپ نے قبول فرمالیں اور اپنے ارادہ مبارک کو بدل کر واپس لوٹنے کا ارادہ فرمایا لیکن صحابہ کو یہ بات ناگوار تھی کہ مشرکین سے شہر حرام اور حرم شریف میں لڑیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَقَاتِلُوْا الخ یعنی جب میرا حکم ہے تو پھر شہر حرام اور حرم کا ڈر کیوں۔

وَلَا تَعْتَدُوْا حد سے نہ بڑھو یعنی حرم میں جب کہ تم احرام باندھ کر آؤ تو جنگ وجدال کا آغاز تمہاری طرف سے نہ ہو۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتا یعنی ان کے لئے بھلائی کا ارادہ نہیں رکھتا وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ انہیں قتل کرو جہاں بھی ملیں حرم ہو یا حل یعنی غیر حرم خواہ ماہ حرام ہو اس کیلئے کہ حرم اور ماہ حرام کی توہین کا آغاز انہیں سے ہوا ہے پھر تم بھی اتنا قدر ان کے ساتھ کرلو۔

marfat.ocm
Marfat.com

حل لغات: ثقف دراصل الحذق فی ادرک الشئی علما کان اوعملا کو کہتے ہیں یعنی شئے کو علماً یا عملاً پورے طور پر پالینا اور یہ غلبہ کے معنی کو متضمن ہے۔

وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ اور انہیں وہاں سے نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا یعنی مکہ معظمہ سے اس لئے کہ مشرکین نے اہل اسلام کو ابتدائے اسلام میں مکہ معظمہ سے نکالا تھا پھر فتح مکہ کے موقع پر حضور علیہ السلام نے مکہ معظمہ سے ہر اس شخص کو نکال دیا جس نے اسلام سے روگردانی کی۔

حل لغات: دراصل فتنہ کہتے ہیں سونے کو آگ پر ڈالنے کو تا کہ آگ کے جوش سے اس کے اندر کھوٹ دور ہو جائے اب اس کا استعمال ہر اس اسم پر ہوتا ہے جو آزمائش کا سبب ہو اس لئے کہ اس کو سونے کو آگ پر رکھنے سے مشابہت ہے یعنی وہ محبت ومشقت پھر فعل کہ جس سے انسان کی آزمائش کی جائے مثلاً اسے اپنے وطن سے نکال دینا وغیرہ۔

وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ اور آزمائش قتل سے زیادہ سخت ہے کہ اس کی تکلیف دائمی ہے اور نفس کو اس کی مشقت ہر لحاظ سے ستاتی رہتی ہے یہ جملہ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ سے تعلق رکھتا ہے تا کہ اس کے مضمون کا تتمہ بن کر کفار کو مکہ معظمہ سے نکالنے پر برانگیختگی کا سبب بنے اب معنی یہ ہوا کہ اے مسلمانو! تمہارا کفار کو مکہ معظمہ سے خارج کرنا ان کے قتل سے آسان نہیں بلکہ قتل کرنے کے بجائے انہیں مکہ معظمہ سے نکالنا زیادہ سخت ہے یہ بہترین سزا ہے کہ ان کے کفر پر اصرار کرنے اور تمہارے ساتھ ان کا مقابلہ بازی سے۔

ف: کسی دانا سے پوچھا گیا کہ موت سے بھی کوئی اور شئے زیادہ سخت ہے؟ اس نے فرمایا ہاں وہ امر موت سے زیادہ سخت ہے کہ جس کی وجہ سے موت کی تمنا کی جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے وطن سے نکالنے کی آمائش سے تعبیر فرمایا ہے اس لئے کہ اس میں موت کی آرزو کی جاتی ہے۔

ف: دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ آیت وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ سے تعلق رکھتی ہے اب اس کا مطلب یہ ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو مشرکین کو حرم میں قتل کرنے کی ترغیب دیتا ہے کہ اے مسلمانو! اس کی کچھ پرواہ نہ کرو کہ مشرکین کو ہم حرم میں قتل کر رہے ہیں اس میں حرج ہی کیا ہے جب کہ میرا حکم ہے فلہٰذا جہاں بھی وہ تمہیں ملیں انہیں قتل کر دو کیونکہ انہوں نے کون سی کمی کی ہے انہوں نے تمہیں حرم شریف میں قتل کرنا روا رکھا اور پھر تمہیں مکہ

marfat.com
Marfat.com

معظمہ کی حاضری سے روک دیا یہ امور بہت بڑے ہیں یہ انہیں حرم میں قتل کرنے سے۔

وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یعنی تم مسجد حرام کے قریب مشرکین کے قتل کرنے کا آغاز نہ کرنا حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ جب تک کہ وہ حرم میں جنگ کرنے کا آغاز نہ کریں اور یہ جملہ صرف اسی مقام پر جنگ کی کیفیت کے ساتھ مخصوص ہوگا ورنہ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ کا حکم عام ہے فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ اگر وہ لوگ اس مقام یعنی بیت اللہ شریف میں بھی تمہارے ساتھ لڑنے لگ جائیں فَاقْتُلُوْهُمْ تو تم بھی ان کے ساتھ لڑو یہ پرواہ نہ کرو کہ بیت اللہ تو امن کی جگہ ہے ہم کیسے لڑیں اس لئے کہ یہاں کی لڑائی کا آغاز اور بیت اللہ کی ہتک کا سلسلہ مشرکین نے شروع کیا ہے فلہٰذا اب وہ سخت سے سخت عذاب کے مستحق ہیں اور عذاب کی ایک صورت یہ ہے کہ تم انہیں جہاں پاؤ مار ڈالو كَذٰلِكَ یعنی اس جزا کی مثل یہ کاف محیل الرفع بالا بتداء سے ہے جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ کفار کی جزا ہے یعنی ان کے ساتھ وہی کیا جائے جو انہوں نے اپنے غیروں سے کیا فَاِنِ انْتَهَوْا پس اگر وہ جنگ سے یا کفر سے رک جائیں اس سے معلوم ہوا کہ ان سے جنگ روک دینے سے یہ ثابت نہیں ہو تا کہ اب وہ مغفرت کے مستحق ہو گئے ہیں چہ جائے کہ انہیں رحمت کا مستحق ٹھہرایا جائے فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ بیشک اللہ تعالیٰ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ہے ان کی گزشتہ غلطیاں بخش دے گا۔ وَقٰتِلُوْهُمْ اور مشرکین سے جنگ کرو حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ یہاں تک کہ نہ پایا جائے یا نہ باقی رہے فِتْنَةٌ یعنی شرک ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ مسلمان ہو جائیں۔

مسئلہ: بت پرست کو اسلام پیش کیا جائے اگر بت پرستی سے پورے طور پر تائب ہو کر اسلام قبول کر لیں تو درست ورنہ اسے قتل کر دینا جائز ہے۔

وَيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ اور ہو جائے دین خالص اللہ تعالیٰ کے لئے شیطان کو اس میں ذرا بھر بھی کچھ نصیب نہ ہو فَاِنِ انْتَهَوْا پس اگر وہ شرک کرنے سے اور تمہارے جنگ کرنے سے رک جائیں فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ پس نہیں تجاوز مگر ظالمین پر یعنی جو لوگ شرک کرنے سے رک گئے ہیں ان کو کچھ نہ کہو کیونکہ ایسی سختی اس پر ہونی چاہیے جو کفر وغیرہ کا ارتکاب کرتا ہے ظلم صرف ظالم پر کیا جائے اس سے تجاوز نہ کیا جائے اس جملہ میں نفس جزا کو محذوف کر کے اجزا کی علت کا ذکر کیا گیا ہے اور چونکہ علت حکم کو مستلزم ہے اسی لئے علت بول

marfat.ocm
Marfat.com

کر حکم سے کفار کیا گیا ہے گویا یوں کہا گیا فان انتھوا فلا تعدو اعلیھم اس لئے کہ عدو ان ظالموں کے ساتھ خاص ہے اور چونکہ شرک کرنے سے رکنے والے ظالمین نہیں ہیں فلہٰذا ان پر عدوان بھی نہ ہو۔

سوال: کفار کو جن امور سے سزا دی جائے گی اس سے عدو ان اور ظلم سے کیوں تعبیر کیا گیا ہے حالانکہ اس کے ساتھ جو کچھ کیا جائے گا وہ سراسر حق اور عدل وانصاف پر مبنی ہوگا کیونکہ وہ ظلم کی سزا ہے۔

جواب: صرف لفظی مشارکت کی وجہ سے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا اس آیت میں برائی کی سزا کو سیئہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

تفسیر عالمانہ

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ حرام کے مہینے عوضی بنتے ہیں بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ حرام مہینوں کے اللہ تعالیٰ کی معظمات کی ہتک اور توہین ہے جسے مشرکین نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو ذیقعدہ میں بیت اللہ شریف کی زیارت سے روکا۔

شان نزول: حضور نبی کریم ﷺ اپنے معاہدے کے مطابق دوسرے سال یعنی ساتویں سن ہجری کو عمرۃ القضاء کے لئے تشریف لائے جب حرم شریف میں داخل ہوئے تو مشرکین نے تیروں اور پتھروں کا نشان بنایا صحابہ کرام ان کی جوابی کاروائی سے خاموش رہے تھے کہ ماہ حرام اور حرم شریف میں انکا کیا کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری اور فرمایا ماہ حرام ماہ حرام کے عوض ہوگیا اور بیت اللہ کی ہتک اور توہین اس کا بدلہ بن جائے گی بے فکر ہو کر تم بھی تیر چلاؤ۔

وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ یعنی جو بھی اللہ تعالیٰ کی معظمات کی ہتک کرتا ہے جیسی معظمات ہوں وہ ماہ حرام ہو یا حرم شریف اس کا بدلہ لینا جائز ہے اس لئے ان عظمات کی رعایت اس وقت ضرور ہے جو ان کی رعایت کرتا ہے اور اس کے ساتھ رعایت ضروری ہے جو ان کی رعایت نہیں کرتا پھر ان کی ہتک کرتا ہے تو تم بے شک ان کا بدلہ لے سکتے ہو اس کے ساتھ وہی کر سکتے ہو جیسے اس نے تمہارے ساتھ کیا ہے۔

مسئلہ: زیادہ واضح یہ ہے کہ حرمات سے حرمت مراد ہے اور حرمت ہر وہ شئے کہ جسکی محافظت ضروری ہو خواہ وہ نفس ہو یا عرض یعنی جس سے قصاص کے احکام جاری کئے جا سکیں۔

آیت کا خلاصہ: یہ ہوا کہ اے مسلمانو! جس طرح مشرکین نے تمہیں مکہ شریف کی حاضری سے روکا جو

marfat.com
Marfat.com

جنگ کرنے کا پیش خیمہ اور ماہ حرام کی توہین ہے تو تم بھی ان کے ساتھ اسی قدر کرلو اور ان پر جرأۃ قہراً داخل ہو جاؤ اور اگر وہ اس سال بھی تمہیں قضاء العمرہ جنگ وغیرہ کر کے روکتے ہیں تو تم بھی انہیں بے شک قتل کرو چنانچہ فرمایا۔

فَمَنِ اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ پس جو بھی تمہارے اوپر ماہ حرام میں جنگ کر کے زیادتی کرتا ہے فَاعْتَدُوْا عَلَیْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ پس تم بھی اس پر اتنا کرو جتنا قدر اس نے تمہارے اوپر زیادتی کی ہے یعنی جزا مماثلت کے طور پر تا کہ انہیں تجاوز کرنے کی سزا حاصل ہو یہ تجاوز بمنزلہ قصاص کے ہوگا اسی طرح اس کی حرم شریف اور ماہ حرام میں اجازت دی گئی لیکن اسی قدر کہ جس قدر مشرکین کاروائی کریں ورنہ ابتداء تو ویسے ہی حرام ہے بلکہ ظلم عظیم ہے یہی مراد اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کی ہے چنانچہ فرمایا وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ اللہ سے ڈرو اور یقین کرو کہ اللہ تعالیٰ متقین کے ساتھ ہے۔

ف: معیت سے قرب معنوی مراد ہے اس کی تائید یوں ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی نگرانی کرتا ہے ان کے امور میں انہیں قدرت اور فتح ونصرت دیتا ہے۔

حدیث شریف: مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کرامؓ اسی سال مکہ معظمہ میں آئے اور ہمیشہ بیت اللہ شریف کا طواف کیا قربانیاں بھی کیں لیکن مشرکین نے آپ سے شرط کر لی تھی کہ آپ تین دن قضا العمرہ کے بعد واپس چلے جائیں حضور نبی پاک ﷺ نے بی بی میمونہ بنت حارثؓ سے نکاح کیا تھا آپ چاہتے تھے یہاں مکہ معظمہ میں قیام فرمائیں تا کہ صحابہ کرام کو دعوت ولیمہ دی جائے لیکن مشرکین آپ کو مکہ سے تشریف لے جانے کا مطالبہ کر رہے تھے اور کہتے کہ آپ نے معاہدہ فرمایا تھا وہ پورا کریں چنانچہ آپ ایفائے عہد کے مطابق مکہ سے چل پڑے اور مقام سرف پر پہنچ کر بی بی کے لئے صحابہ کرام کو دعوت ولیمہ دی اور وہاں پر رسم بیاہ ادا فرمائی اور مندرجہ ذیل تقریر فرمائی۔

فوائد اور جامع تقریر نبوی ﷺ: اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں ہمیں جنگ کرنے کا حکم فرمایا تا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان خرچ کرنے والے مدعی کا دعوی ظاہر ہو اسی طرح ہمیں مال خرچ کر کے زکوٰۃ کا حکم ہے تا کہ اس مدعی کو جو اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعوی کرتا ہے معلوم ہو جائے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جنگ کرنا محبت الٰہیہ کا معیار

Marfat.com

ہے کیونکہ انسان جبلی طور حیات اور مال کی محبت میں مبتلا ہے اس لئے قطعی طور جنگ اور زکوۃ فی سبیل اللہ سے آزمائش کی گئی تا کہ مدعی کا دعوی سچا یا جھوٹا ثابت ہو۔ کیونکہ ہر ایک اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعوی کرتا ہے جہاد کے حکم میں ایک راز یہی ہے

ف: سیدنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا سب سے بہترین خصلت شجاعت وسخاوت ہے اور یہ دونوں جڑواں کی طرح ہیں یعنی ہر بہادر سخی بھی ہوتا ہے۔

ف: حضرت عبداللہ بن عمر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ سے پوچھا گیا کہ اسلام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا اچھا کلام کرنا، بھوکے کو طعام کھلانا، اور السلام و علیکم کی عادت ڈالنا پھر پوچھا گیا مسلمانوں میں افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا اچھا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ ہوں پھر عرض کیا گیا کون سی نماز بہتر ہے آپ نے فرمایا جس نماز میں قیام لمبا ہو پھر پوچھا گیا بہترین صدقہ کون سا ہے آپ نے فرمایا جس کی آمدنی قلیل ہو اور خرچ زائد ہو پھر اللہ تعالیٰ کیلئے خرچ کرے آپ سے عرض کیا گیا کہ کون سا ایمان افضل ہے آپ نے فرمایا صبر اور مروت پھر سوال ہوا کون سا جہاد افضل ہے فرمایا وہ کہ جس کی سواری ماری جائے اور خود بھی لت پت ہوا جائے پھر سوال ہوا کون سی گردن آزاد کرانا افضل ہے آپ نے فرمایا وہ جو قیمت کے لحاظ سے مہنگی ہو۔

ف: جہاد دو اقسام کے ہیں: ۱۔ ظاہری ۲۔ باطنی۔ ظاہری تو یہ ہے کہ کفار و مشرکین سے لڑنا باطنی نفس و شیطان کی مخالفت کرنا یہ جہاد ظاہری جہاد سے زیادہ سخت ہے کیونکہ کافر کبھی اپنے ارادہ سے باز آجاتا ہے مثلاً جنگ سے یا صلح کر کے یا مر جائے گا یا مال دے کر جان چھڑا جائے گا ان وجوہ سے کوئی نہ کوئی وجہ اس کے مقابلہ میں پیش آئے گی لیکن شیطان تو جب تک کسی کے دین کو برباد نہیں کر لیتا ان کی جان نہیں چھوڑتا۔ مثنوی شریف میں ہے۔

اے شہان کشتیم با خصم بروں ما ند خصمی زو بتر در اندروں
کشتن ایں کار وہش نیست شیر باطن خرہ خرگوش نیست
سل شیری دان کہ صفات شکن آنست کہ خو دار ہلکند

Marfat.com

ترجمہ: عزیزو! ہم اپنے ظاہر دشمنوں سے بہت بڑے ہیں لیکن باطنی دشمن اندر میں ہیں اور وہ بہت برا ہے اس دشمن کو مارنا معمولی کام نہیں اور وہ تو ایک بہت بڑا شیر ہے فلہٰذا بہادر وہ ہے جو اندر والے شیر کو مار ڈالے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات قاشانیہ میں ہے وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ ان لوگوں سے جہاد کرو جو شیطان اور نفس امارہ کے حامی بن کر تمہارے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں وَلَا تَعْتَدُوْا جنگ کرنے میں حد سے نہ بڑھو نفس کے حقوق کی کمی کر کے اسے یک لخت نہ مٹا دو کہ جس سے وہ اپنی حدود پر قائم نہ رہ سکے پھر اس سے قصور وفتور اور کوتاہی سرزد ہو اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ بے شک اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا اس لئے کہ یہ لوگ ظل محبت اور وحدت جو کہ دراصل عدل ہے خارج ہیں وَاقْتُلُوْھُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْھُمْ یعنی انہیں یکسر مٹا دو اور انہیں ان کی خواہشات سے روکو وہ خواہشات ان کی روح ہیں جہاں بھی ہوں وَاَخْرِجُوْھُمْ اور انہیں مکہ صدر سے نکالو جب کہ وہ حملہ کریں مِنْ حَیْثُ اَخْرَجُوْکُمْ جیسے انہوں نے تمہیں بقعہ نفس میں اتارا اور مقعر قلب سے تمہیں دور پھینکا ہے۔

وَالْفِتْنَۃُ فتنہ سے ان کی خواہشات کی پرستش اور لذات وشہوات کے بتوں کی عبادت مراد ہے اور زیادہ سخت ہے بہ نسبت خواہشات وجڑے نکالنے اور خواہشات کو یکسر ختم کرنے سے یا یہ مطلب ہے کہ تمہارا محنت اور بلا میں مبتلا ہونا جب کہ ان کا حملہ ہوتا ہے تمہارے لئے زیادہ سخت ہے قتل سے جو کہ اسے مارنے اور بالکل مٹانے سے کیونکہ درد والم کا ضرر بہت زیادہ ہے وَلَا تُقٰتِلُوْھُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مسجد الحرام کے ہاں انہیں قتل نہ کرو یہاں مسجد حرام سے مقام قلب یعنی حضور قلبی کے وقت ان سے لڑائی نہ کرو جبکہ وہ توجہات کے موافق ہو جائیں کیونکہ وہ تمہارے سلوک کے لئے تمہارے معین ومددگار ہیں حَتّٰی یُقٰتِلُوْکُمْ فِیْہِ یہاں تک کہ تمہارے ساتھ لڑائی کریں یعنی تمہارے سلوک کے مطالب میں تمہارے ساتھ جھگڑیں اور تمہیں حیات قلب اور دین حق سے کھینچ کر مقام نفس کی طرف پہنچا دیں اور ان کے دین سے ان کے بچھڑے کی پرستش مراد ہے وَاِنْ قٰتَلُوْکُمْ فَاقْتُلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے ان کے جھگڑے اور ان کے اسباب کی طرف کھینچ لے جانے اور خواہشات کی پرستش ہے وَیَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰہِ پھر سب کا سب اللہ کا دین ہو جائے

marfat.com
Marfat.com

تمام توجہات کو جناب قدیں کی طرف پھیرنا اور ان خواہشات کو راز الٰہی کے حصول کیلئے توجہ حق میں صرف کرنا تا کہ شیطان اور نفسانی خواہشات کو کسی قسم کا حصہ نہ ہو پس اگر وہ رک جائے ان پر کوئی زیادتی نہ کرو ہاں تجاوز ان پر ہونا چاہیے جو حد سے بڑھنے اور تجاوز کرنیوالے ہیں۔

حضرت شیخ نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ کی صوفیانہ تقریر:۔ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ الخ میں اشارہ ہے کہ وہ جو تمہارے نفس کی سستی اور اس کی خرابیوں سے اوراوراد وظائف میں کمی واقع ہوئی تو اس کے پورے کرنے میں کوشش کرو مہینے کی غلطیاں مہینوں سے اور دن کی دن سے گھڑی کی گھڑی سے اور وقت کی وقت سے اور اوراد کی وارراد سے غرضیکہ جو اعمال فوت ہوئے ان کی قضا کرو اور ہر ایک کے حقوق ادا کرو نفس کی کوئی بری عادت بھی جب غلبہ پا جائے تو اس کی ضد سے علاج کرو مثلاً بخل کی عادت ہو تو سخاوت کی عادت ڈالو اور غیظ وغضب کی عادت ہو تو حوصلہ سیکھو حرص کا غلبہ ہو تو ترک ارادات کرو شہوات غالب ہیں نفس کو ریاضت ومشقت میں ڈالو اسی طرح تمام امور کو سمجھئے۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ حد سے بڑھتے وقت اللہ تعالیٰ کا خوف مدنظر رکھو اور یہ بھی ہے کہ کثرت مجاہدات سے نفس کو ہلاک نہ کر ڈالو وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کو نفس کی شرارت کو دبانے میں مدد دیتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو انفاق بمعنی مال کو ضروریات میں خرچ کرنا اور سبیل سے مراد دین ہے جو اللہ تعالیٰ کے ثواب اور علیہ رحمت کی طرف پہنچائے۔

مسئلہ: ہر وہ امر جو اللہ تعالیٰ نے اعزاز دین اور اس کے قائم کرنے کی خاطر خرچ کرنے کا حکم فرمایا ہے وہ تمام اس آیت میں داخل ہیں خواہ وہ حج کا معاملہ ہو یا عمرہ کا جہاد کفار کے امور ہوں یا صلہ رحمی کے متعلق ہو۔ مساکین اور فقرا کے ضعفا کی مدد کرنا ہو یا اہل وعیال اور آل واولاد کے حقوق کی رعایت غرضیکہ قرب الٰہی میں خرچ کے جو معاملات ہیں وہ تمام اس آیت میں داخل ہیں۔

ف: پہلے اللہ تعالیٰ نے نفس سے جہاد کرنے کا حکم دیا ہے اس کے بعد خرچ کرنے کا۔ اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ خرچ کرو اپنے مالوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں اور انہیں پورے طور روکے نہ رکھو۔

marfat.com
Marfat.com

وَلَا تُلْقُوْا یہ القاء سے مشتق ہے بمعنی شئے کو ایسے مقام پر پھینکنا جہاں پر وہ نظر آرہی ہو عرف میں ہر پھینکنے پر بولا جاتا ہے یہ الیٰ کے ساتھ متعدی ہوتا ہے متضمن بمعنی الانتھاء بِاَیْدِیْکُمْ مفعول بہ ہے اور یہ باء زائدہ ہے کیونکہ اعلی کا فعل بلاواسطہ متعدی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَاَلْقٰی مُوْسٰی عَصَاهُ ہاں اَلْقٰی بِیَدِهٖ وہاں مستعمل ہوتا ہے جہاں شر کا معنی مطلوب ہو۔

ف: آیت میں ایدی سے مراد نفوس ہیں کیونکہ بدنفوس کو مستلزم ہے تمام اعضا سے صرف ید کی تخصیص اسی لئے ہے کہ نفس کو ید لازم ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اکثر اعمال ہاتھ کے ذریعہ سے صادر ہوتے ہیں اب معنی یہ ہوا اپنے نفسوں کو نہ پھینکو۔

اِلَى التَّهْلُكَةِ فضول خرچی کر کے اور معاش کے اسباب کو ضائع کر کے ہلاکت میں یہ آیت دوسری آیت کی نظر ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا یا یہ معنی ہے کہ اے لوگوں! اپنے نفسوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو غزوات میں رک کر اور جنگ کی ضروریات میں خرچ کر کے کیونکہ اس طرح سے تمہارے دشمن کو تقویت ملے گی اور وہ تمہارے اوپر مسلط ہو جائے گا۔ اس ترجمہ کی تائید حدیث شریف سے ہوتی ہے یعنی مندرجہ ذیل سے۔

شان نزول: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب دین اسلام کو غلبہ دیا وار اپنے رسول کریم ﷺ کی مدد فرمائی تو ہم آپس میں سوچنے لگے کہ ہم اپنے اہل وعیال مکہ میں چھوڑ آئے اور ہمارے، مال واسباب بھی وہاں رہ گئے اب بفضلہٖ تعالیٰ اسلام ہر جگہ پھیل گیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی مدد کی ہے اگر ہم واپس اپنے اہل وعیال اور مال واسباب کی طرف لوٹ جائیں وہاں جا کر قیام کریں اور جو ہمارے سے ضائع ہوا اس کو واپس قبضہ میں کر کے اس کی اصلاح کریں اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ مقولہ مہاجرین کی گفتگو کی نقل ہے ورنہ ان کا کہنا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے وہ تو انصاری تھے یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ پر خرچ کرو اور نہ ڈالو اپنے ہاتھوں کو ہلاکت کی طرف یعنی ایسے اسباب میں جو تمہاری ہلاکت کا سبب بنیں مثلاً یہ خیال آجائے کہ کاش ہم اپنے وطن میں مقیم رہتے اور مال اسباب کی نگرانی کرتے اس سے جہاد تمہارے سے رک جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

حکایت: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس آیت کو سننے کے بعد جہاد فی سبیل اللہ میں زندگی بسر کی یہاں تک کہ آخری لمحات بھی آپ کے مسافری اور جنگ میں ختم ہوئے جب آپ کا وصال ہوا تو اس وقت قسطنطنیہ کی جنگ لڑائی جاری تھی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بزمانہ خلافت حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیات میں قسطنطنیہ میں لڑتے لڑتے فوت ہوئے[1] وہاں ہی آپ کو دفن کیا گیا یعنی آپ کو قسطنطنیہ کے قلعہ کے نیچے دفنایا گیا اور وہاں کے لوگ آپ کے مزار شریف پر حاضری دے کر آپ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کا وسیلہ بنا کر اپنی حاجات پوری کراتے ہیں (اس سے وہابی دیوبندی سوچیں کہ مزارات کی حاضری اور انہیں قضاء حاجات کا وسیلہ بنانا تمہارے نزدیک شرک کیوں؟)

حدیث شریف: میں ہے جو شخص مرجائے اور اسے جہاد فی سبیل اللہ کا خیال تک نہ ہو تو وہ منافقت کے کھاتے میں لکھا جائے گا۔

وَاَحْسِنُوْا اور احسان کرو یعنی فقراء پر کرم واحسان کرو اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ بیشک اللہ تعالیٰ تمہاری بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے۔

حکایت: مروی ہے کہ جب حجاج عراق کا حاکم مقرر ہوا تو ہر روز ہزار دستر خوان طعام کا تیار کرتا اور ہر دستر خوان پر دس آدمی کھانا کھاتے اور لوگوں کو دعوت کا اعلان کرتا اس کی دعوت پر لوگ بکثرت جمع ہوتے حجاج نے ایک دن کہا اے لوگو! اب کے بعد سورج میرا قاصد ہے یعنی سورج کے طلوع ہوتے ہی کھانا کھانے آجایا کرو اور جب سورج غروب ہو تو شام کا کھانا بھی میرے ہاں آکر کھاؤ۔ اسی طرح ہوتا رہا ایک دن لوگ بہت کم جمع ہوئے حجاج نے پوچھا آج لوگ تھوڑے کیوں جمع ہوئے ایک مرد نے کہا تو نے لوگوں کو یہاں کی حاضری سے بے پرواہ کر دیا ہے اس لئے کہ لوگوں کے گھروں میں آپ کی طرف طعام پہنچ جاتا ہے حجاج نے کہا تیری اس

---

[1]: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ۵۲ھ میں ہوا چونکہ اس غزوہ کی قیادت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ہوئی اسی لئے مفسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا نام لکھا ہے اور خود امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں قسطنطنیہ کی پہلی جنگ لڑی تھی۔ اسی لئے مفسر سے ایسا تسامل ہوا اور قسطنطنیہ میں قیادت یزید عملی نظر اور تفصیل طلب ہے۔ (اویسی غفرلہ)

marfat.com
Marfat.com

اطلاع دینے کا شکریہ اللہ تعالیٰ تجھے خوش رکھے۔

سبق: باوجود یہ کہ حجاج بہت بڑا ظالم تھا لیکن دیکھئے اس کا لوگوں پر کتنا احسان اور فضل وکرم تھا۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

کرم کن کہ فردا کہ دیوان نہند　　منازل بمقدار احسان نہند

(ترجمہ: سخاوت کیجئے اس لئے کہ کل قیامت میں ہر ایک کو مراتب احسان ومروت کے مطابق عطا ہوں گے)

حکایت: ہدائی حکایت کرتے ہیں کہ چند ایک سوار قبیلہ بنی اسد اور قیس یعنی نعمان حاتم کو ملے اور وہ سخاوت میں بہت بڑا مشہور تھا آنے والے لوگوں نے کہا کہ اے حاتم تیری سخاوت کا بڑا شہرہ ہے لوگوں نے تیری طرف خط بھیجا ہے اگر اجازت ہو تو پیش کیا جائے حاتم نے کہا کیوں نہیں اسدیوں نے نابغہ کے اشعار پڑھ کر سنائے جب اشعار پڑھ لئے تو کہنے لگے کہ ہمیں شرم آتی ہے کہ آپ سے کوئی سوال کریں صرف ایک ضرورت درپیش ہے وہ یہ کہ ہمارے ساتھی کی سواری گم ہوگئی ہے اگر ازراہ عنایت عطا فرمادیں تو زہے کرم۔ حاتم نے اپنی سواری پیش کردی اور کہا اسے لے جائیں گھوڑی لے کر چلے تو لونڈی نے گھوڑی کا بچہ کپڑے کے ساتھ باندھا لیکن وہ بچہ لونڈی کا کپڑا لے کر اپنی ماں کے پیچھے بھاگا۔ لونڈی نے ہر چند کوشش کی لیکن وہ بچہ گھوڑی کے پیچھے بڑھتا رہا حاتم کو معلوم ہوا تو پکار کر کہا اے بھائیو! جو شئے تمہارے پیچھے آرہی ہے وہ تمہاری ہے یعنی گھوڑی اور اس کا بچہ بلکہ لونڈی بھی میں نے تمہیں دی۔ (کذافی شرح رسالہ ابن زید و ن الوزیر)

حکایت: حضور سرور عالم ﷺ جب معراج پر تشریف لئے گئے جہنم کے طبقات کو ملاحظہ فرمایا تو انمیں ایک جہنم کا طبقہ دیکھا جس میں ایک مرد ہے جسے آگ نہیں لگتی آپ نے پوچھا اسے آگ مس کیوں نہیں کرتی جبریل علیہ السلام نے عرض کی یہ حاتم طلائی ہے اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی جود وسخا کی وجہ سے جہنم کی آگ سے دور رکھا ہے۔ (کذافی انیس الوحدۃ و جلیس الخلوۃ)

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمایا اے عیسیٰ علیہ السلام اگر تم چاہتے ہو کہ تم آسمان پر ملائکہ مقربین کے ساتھ لڑتے رہو تو شفقت میں سورج کی طرح ستر عیوب میں رات کی طرح اور تواضع میں زمین کی طرح اور حوصلہ میں مردہ کی طرح اور سخاوت میں جاری نہر کی طرح ہو جاؤ۔

Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

اہل حقیت فرماتے ہیں اور یہی قول غایت ہی احسن ہے کہ وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنی ارواح کو خرچ کرو وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ اور اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ پڑو کہ تم شہادت فی سبیل اللہ سے رک جاؤ دراصل یہی شہادت حیات ابدیہ ہے اور اگر قوت کرو گے تو ہلاک ہو جاؤ گے اور نیکی کرو اپنے نفسوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سپرد کر کے جو اس نے تمہارے نفسوں کو تم سے خریدا ہے۔ مثنوی شریف میں ہے۔

مرگ بے مرگی بود ما را حلال — برگ بے برگی بود ما را توال
ظاہر مرگ و بباطن زندگی — چوں مرا سوائے اجل عشق و ہواست
زانکہ نہی از دانہ شیریں بود — تلخ راہ خود نہی حاجت کی شود
دانہ کش تلخ بامد مغز د پوست — تلخی و کرد ہیش خود نہی اوست
دانہ مردں مرا شیریں مذاست — بل ہم احیا پے من آمد ست

ترجمہ: بقا کی موت ہمارے لئے حلال ہے بے سامانی ہمارا سامان ہے اسلئے کہ ایسی موت ظاہرا موت لیکن حقیقتاً بقا ہوتی ہے اسی طرح بے سروسامانی بظاہر ذلت اور بباطن خوش منظر ہے میرے اجل کی منزل عشق ہے لَا تُلْقُوْا کی نہی ہمارے لئے بھی اسی لئے ہے اس لئے کہ نہی کا ذائقہ بہت بڑا میٹھا ہے اگر تلخ ہوتا تو اس کے لئے نہی نہ ہوتی جو شئے کڑوی ہو اس کی وہی تلخی نہی ہے بہشت کا دانہ میٹھا ہے اس لئے وہیں جا کر ہر کس زندہ ہوگا۔

تاویلات نجمیہ کی صوفیانہ تقریر: تاویلات نجمیہ میں ہے وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنے اموال اور نفوس کو خرچ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ اور نہ ڈالو اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں ساتھ روک دینے بیع کے سپرد کرنے سے اس طرح تم ہلاک ہو جاؤ کہ تمہیں اس کا ثمر نہیں ملے گا اور وہ ثمر بہشت ہے اور حد سے بڑھ کر یعنی جہاد سے کوئی ایک مجاہد بھاگ جائے وَاَحْسِنُوْا اور اپنے نفسوں کے ساتھ نیکی کرو انہیں شہوت کی آگ سے بچا کر اور اپنے قلوب کے ساتھ غفلتوں کے زنگ سے محفوظ کر کے اور اپنی روحوں کے ساتھ تعلقات کے حجابات سے بچا کر اور اپنے اسرار کے ساتھ مکونات کے ملاحظہ

marfat.com
Marfat.com

سے حفاظت کر کے اور مخلوق کے ساتھ ان سے اذیات دفع کر کے اور ان پر احسانات کر کے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ اظہار عبودیت مامورات ومہیات میں اور دکھ دینے والی چیزوں اور بلیات سے صبر کر کے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور راحت دینے والی اشیاء سے شکر کر کے اور تمام حالات میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے اور جزئیات و کلیات کے تمام امور اس کی طرف سپرد کر کے اور تمام احکام ازلیہ میں تسلیم اور اس کے اولیات کے فیصلوں پر رضا اور اللہ تعالیٰ کے ارادہ قدیم کے سامنے اپنے جمیع نئے ارادوں کو فنا کر کے اسی ذات کو مدنظر کر رکھ کر اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ بے شک اللہ تعالیٰ ان نیکوں سے محبت کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں بوصف مشاہدہ نیکی کرتے ہیں۔

تفسیر عالمانہ

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ حج اور عمرہ کو پورا کرو۔

مسئلہ: حج اس شخص پر فرض ہے جو حج کے راستہ پر خرچ کرنے کی طاقت رکھتا ہو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک عمرہ سنت ہے۔

مسئلہ: عمرہ اس پر واجب ہوتا ہے جب کوئی اپنے اوپر واجب کر دے جیسے نفل اس وقت واجب ہوتی ہے جب شروع کر دے اب معنی یہ ہوا کہ جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کو شروع کرے تو وہ اسے تمام کرے۔

مسئلہ: فقہاء فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ابتداء کسی شئے کو شروع کرنا واجب نہیں لیکن جب شروع ہو جائے تو اس کا اتمام اس پر واجب ہے۔

لِلّٰهِ سے متعلق ہے اور یہ لام مفعول کی ہے یعنی تمام حج اور عمرہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے ہو۔

شان نزول: اس میں وجہ تحقیق یہ ہے کہ اہل عرب حج کو اس لئے جاتے تھے کہ وہاں اجتماع ہوگا ایک دوسرے سے ملیں گے بازاروں کا چکر لگائیں گے یہ حج اللہ تعالیٰ کے لئے نہیں تھا نہ ہی اس کی اطاعت اور نہ ہی اس میں قرب الٰہی نصیب۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے فرمایا کہ تم حج کو جاؤ صرف اس غرض پر کہ اللہ تعالیٰ کا فرض حق ادا کریں گے اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ حج اور عمرہ کے ارکان اور شرائط اور ان کے دو جمیع اور افعال جو شرعاً مشہور ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے مشروع فرمایا ہے صرف اسی کو راضی کرنے کے لئے مکمل کرو ان میں کسی قسم کا خلاف نہ ہو صرف عبادت سمجھ کر ادا کرو ان میں کسی قسم کی غلط نیت نہ ہو مثلاً تجارت کا خیال اسی طرح

marfat.ocm
Marfat.com

دیگر دینوی اومور کے ارادے اور حلال مال سے خرچ کرو۔حج کے ارکان پانچ ہیں۔

۱۔ احرام ۲۔ عرفات میں ٹھہرنا ۳۔ طواف ۴۔ سعی بین الصفاء والمروہ

۵۔ سر کے بال منڈوانا کٹوانا

ف: حج کے رکن کا مطلب یہ ہے کہ جب تک یہ ادا نہ ہو حج کی دولت نصیب نہ ہوگی واجب وہ ہے کہ جو کسی غلطی سے ترک ہونے پر دینی پڑے۔سنن حج کی وہ ہیں کہ جنکے ترک سے کوئی شئے لازم نہ آئے۔

عمرہ کے لئے بھی یہی تین امور ہوتے ہیں عمرہ کے ارکان چار ہیں۔

۱۔ احرام ۲۔ بیت اللہ شریف کا طواف ۳۔ سعی بین الصفاء و المروہ ۴۔ حلق

حج کے دو تحلل ہیں اور تحلل کے اسباب تین ہیں ۱۔ دسویں کے دن جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارنا

۲۔ طواف زیارت ۳۔ حلق۔جب ان تینوں میں سے دو ادا ہو جائیں تو احرام سے فراغت ہوگی۔ان میں تیسرے کی ادئیگی دوسرا تحلل ثابت اور پہلے سے تمام روکے ہوئے افعال مباح ہو جاتے ہیں یعنی وہ روکاوٹیں جو احرام کی حالت میں سوائے اپنی عورت کے ساتھ جماع کے پھر دوسرے سے اپنی عورت سے جماع بھی جائز ہوگا تمام امت کا اجماع ہے کہ حج اور عمرہ کی تین اقسام ہیں۔۱۔افراد،۲۔تمتع ۳۔قرآن،افراد حج کی صورت یہ ہے کہ افرادی نیت سے احرام باندھے اس کی فراغت کے بعد حل سے یعنی مواقیت وحرم کے درمیان سے عمرہ کرنے۔

۱۔کی صورت یہ ہے کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کا احرام باندھے اور اس کے تمام مناسک ادا کر کے چھوڑ دے پھر حج کا احرام مکہ شریف سے باندھے اور حج کے ایام میں مناسک ادا کرے۔

۲۔کی صورت یہ ہے کہ حج اور عمرہ دونوں اکٹھا ہی احرام باندھے اور نیت کے وقت دونوں کا ارادہ کرے پھر حج کے مناسک۔

۳۔ادا کرنے سے عمرہ کے بھی ادا ہو جائیں گے کیونکہ حج اور عمرہ کے ایک ہی مناسک ہیں اور بالعکس نہیں یعنی حج کے مناسک عمرہ کے نہیں بلکہ حج کے مناسک عمرہ کے مناسک سے زائد ہیں اس کی دوسری صورت یہ ہے کہ عمرہ کا احرام باندھ کر پھر اس میں حج کا احرام داخل کر دے لیکن طواف سے پہلے کر سکتا ہے بعد میں حج کا احرام

marfat.com
Marfat.com

داخل کردے لیکن طواف سے پہلے کرسکتا ہے بعد میں نہیں اس وجہ سے اسے قارن کہا جائے گا۔ اگر کسی نے حج کا احرام باندھا پھر عمرہ کا بعد تو اس طریق سے عمرہ کا احرام منعقد نہ ہوگا۔ احناف کے نزدیک قرآن تمتع اور افراد سے افضل ہے۔

حدیث شریف: حج کے ساتھ عمرہ کو ملاؤ اس لئے کہ دونوں افلاس اور گناہ کو ایسے مٹاتے ہیں جیسے لوہار کی بھٹی لوہے اور چاندی اور سونے کے رنگ کو کاٹتی ہے۔

مسئلہ: حج مبرور کی جزا بہشت ہی ہے۔

فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ اگر تم روکے جاؤ حج اور بیت اللہ شریف تک پہنچنے سے بوجہ مرض یا دشمن یا عجز یا خرچ ختم ہونے یا سواری نہ ہونے سے یا کسی اور عوائق سے احرام کے بعد حج وعمرہ میں سے کسی ایک کی ادائیگی سے۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ حکم عام ہے یعنی تمام لوگوں کے لئے ہے اگرچہ یہ خطاب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ان کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ہے جو اس وقت دشمن کی وجہ سے حج وعمرہ سے روکے گئے لیکن اعتبار لفظ کے عموم کا ہوتا ہے۔

فَمَا اسْتَيْسَرَ پس جو آسان ہو جس طرح تجھے آسانی ہو مِنَ الْهَدْيِ قربانی سے یہ مِنْ تبعیضیہ یا بیانیہ ہے یعنی دار الحالیکہ قربانی کا بعض ہو یا کل حصہ هدی هدیته کی جمع جیسے ثمر ثمرہ کی جمع ہے یعنی ہر وہ شئے جو اللہ تعالیٰ کی قربت کے لئے جانوروں کی قسم دی جائے اس کا ادنی درجہ بکری کا ہے۔ درمیانہ گائے اور سب سے اعلیٰ اونٹ ہے اور اسے اس لئے ہدی کہتے ہیں کہ یہ عرض ہے بندے کی اس عبادت کا جو بندہ اپنے مولیٰ تعالیٰ کی طرف یعنی بیت اللہ شریف بھیجتا ہے۔

مسئلہ: اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ محرم کو جب روک دیا جائے اور چاہتا ہے کہ وہ احرام سے فارغ ہو جائے تو اسے چاہیے جس طرح اسے آسانی ہو اونٹ یا گائے یا بکری جہاں روکا گیا یعنی جس جگہ روکا گیا ہے وہاں انہیں ذبح کرے یہ امام شافعی کا مذہب یہ احناف کے نزدیک اس قربانی کو حرم شریف میں بھیج دے اور بھیجے ہوئے کے ہاتھ میں نشانی دے تاکہ وہ حرم میں پہنچ کر اس کی قربانی خیرات کرے جب اندازہ لگائے کہ اب میری قربانی حرم شریف میں پہنچ کر ذبح ہوگئی تو اب احرام سے فارغ ہو جائے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ یعنی احرام سے فراغت نہ پاؤ سر کے بال منڈوا کر حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ تک پہنچ جائے یعنی یہاں تک کہ تمہیں یقین ہو جائے کہ بھیجی ہوئی قربانی حرم شریف میں اس جگہ تک پہنچ گئی ہوگی جہاں جا کر قربانی کو ذبح کیا جاتا ہے۔

المحل (بکسر الحا) الحاءِل سے مشتق ہے بمعنی النزول اس کا اطلاق زمان و مکان ہر دونوں پر ہوتا ہے مثلاً کہا جاتا ہے محل الدین قرضہ ادا کرنے کے وجوب کا وقت اور محل الھدی یعنی وہ جگہ جہاں قربانی کو ذبح کیا جائے اور وہ ہم احناف کے نزدیک حرم شریف ہے چنانچہ اللہ فرماتا ہے ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ اس قربانی کے ذبح کی جگہ عزت والا گھر ہے۔

مسئلہ: یہ حکم ہر قسم کے حاجی کے لئے ہے مفرد ہو یا متمتع یا قارن اور اسی طرح عمرہ کرنے کے لئے بھی یعنی اسے یہ جائز نہیں کہ وہ قربانی کی جگہ پر پہنچنے سے پہلے سر منڈائے۔

مسئلہ: احرام کے بعد سر منڈانا سر کتروانے سے افضل ہے۔

مسئلہ: صرف چوتھائی حصہ سر کا منڈانا بھی جائز ہے لیکن سالم سر منڈوانا افضل ہے تا کہ حضور اکرم ﷺ کی اقتدا نصیب ہو اور یہ مسئلہ حق کے متعلق ہے۔

مسئلہ: حج کے علاوہ حضور نبی اکرم ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ سر کے بال نہیں منڈواتے تھے کتنی کے چند ایک بار منڈوایا بھی تھا لیکن اکثر اوقات سر مبارکہ کے بال رکھوائے [1]

مسئلہ: سیدنا حضرت علیؓ اپنے بال اکثر منڈوایا کرتے جب سے حضور نبی کریم ﷺ سے سنا کہ ہر بال کے بن میں جنابت ہے فَمَنْ یہ مَنْ شرطیہ ہے اور موصولہ بھی كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا پس وہ جو مریض ہو یعنی اسے ایسا مرض ہے جو ادائیگی فرض کیلئے احرام کے وقت حرج پیدا کرتا ہے مَرِيْضًا، كَانَ کی خبر اور مِنْكُمْ حال ہے یہ دراصل صفت ہے لیکن مقدم واقع ہوا ہے اسی کے لئے اب اسے محلا منصوب حال قرار دیا جائے اَوْ بِهٖٓ اَذًى یا

---

[1]: وہابی دیوبندی وغیرہ ایک طرف تو سنت پر عمل کرنے کے مدعی ہیں لیکن سر کے بالوں کے دشمن ہیں اس سے ان کی محمد بن عبدالوہاب کی سنت سے پیار کی محبت ٹپکتی ہے تفصیل کے لئے فقیر اویسی کی کتاب الاحادیث النبویہ فی علامات الوھابیہ میں ہے۔ (اویسی غفرلہ)

marfat.com
Marfat.com

اسے درد ہے جو ہونے والا ہے من راسہ اس کے سر سے یعنی سر میں زخم ہو جاویں یا سر میں جوئیں پیدا ہو جائیں یا سر کا درد ہو اب آیت کا معنی یہ ہوگا کہ حج کرنے والا اپنے احرام میں ثابت ہے سر نہ منڈائے یہاں تلکہ اس کی قربانی ذبح کی جائے ہاں سر کے بال منڈانے کے لئے اگر مجبور ہو کہ سر کے بال منڈائے بغیر چارہ کار نہیں فَفِدْيَةٌ تو اس پر فدیہ لازم ہے مِّنْ صِيَامٍ روزہ سے یعنی اس پر تین دن کے روزے واجب ہیں اَوْ صَدَقَةٍ یعنی صدقہ دینا یعنی چھ مسکینوں کو صدقہ دے ہر مسکین کے لئے نصف صاع گندم کا ہونا چاہیے اَوْ نُسُكٍ بضمتین نسیکتہ کی جمع ہے بمعنی ذبیحہ اس کے تین درجے ہیں ا۔ اعلی اونٹ ۲۔ متوسط گائے ۳۔ ادنی (بکری) اَوْ تخییر کے لئے ہے فَإِذَآ أَمِنتُمْ جب تمہیں خوف سے امن ملے اور تندرست ہو جاؤ اور وسعت میسر ہو جائے نہ کہ بندش ابھی تک موجود ہو فَمَن تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ پس جو شخص کہ تقرب الی اللہ کا نفع پالے عمرہ سے قبل نفع اٹھائے تقرب الی اللہ یعنی حج سے اس کے مہینوں میں یا وہ شخص جو کہ عمرہ کے احرام سے فراغت پا کر احرام کے ممنوعات کے مباح ہونے سے نفع پائے حتی کہ وہ حج کا احرام باندھ سکے فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ پس جو آسان ہو قربانی سے یعنی اس پر دم ہے جسے وہ آسانی سے ادا کر سکے بسبب تمتع کے اس سے تمتع کی قربانی مراد ہے۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ وہ قربانی ہے جو دسویں کے دن کی جاتی ہے اور اس کے گوشت کا حکم عید کی قربانی جیسا ہے۔

فَمَن لَّمْ يَجِدْ پس وہ شخص کہ جسے قربانی میسر نہیں فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ تو اسے تین دن روزے رکھنے چاہیں۔ صیام مصدر ہے اپنے ظرف کی طرف (معنی) مضاف ہے اگرچہ علی الاتساع لفظاً مفعول بہ ہے یعنی اسے تین روزے رکھنا ضروری ہیں فِي الْحَجِّ یعنی حج کے ایام میں اور اس کے مہینوں میں دو احراموں یعنی عمرہ اور حج کے درمیان۔

مسئلہ: یہ روزے چاہے متفرق کر کے رکھے چاہے پے در پے۔

مسئلہ: مستحب ہے کہ یہ روزے ساتویں آٹھویں اور نویں ذوالحج کو رکھے۔

مسئلہ: دسویں ذوالحج اور ایام تشریق یعنی ذوالحج کی گیارہ، بارہ، تیرہ کو روزہ رکھنا ناجائز ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ اور سات روزے رکھو جب تم واپس لوٹو یعنی جب اعمال حج سے فارغ ہو جاؤ۔

ف: اس پر رجوع کا اطلاق سبب بول کر سبب خاص کے ارادہ کے قبیل سے ہے یعنی رجوع سے واپس اور فارغ ہو جانا اور ہے اور یہ رجوع کے سبب ہیں۔

تِلْكَ وہ تین اور سات روزے عَشَرَةٌ کل میزان دس روزے ہوئے۔ ان کو علیحدہ ذکر کر کے پھر کل دس کی گنتی سے کیا فائدہ تا کہ کوئی وہم نہ کرے کہ واؤ بمعنی او کے ہے جیسے مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ میں واؤ بمعنی اور ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جیسے اس عدد کو اجمالاً معلوم کر لیا جائے اور قاعدہ ہے کہ دو ایک سے افضل ہے تیسرا فائدہ کہ اکثر اہل عرب حساب نہیں جانتے تھے عام طور پر عادت تھی کہ جو کوئی اپنے کسی ساتھی سے اعداد متفرقہ گفتگو کرتا تو اسے مجموعی طور حساب لگا کر گفتگو کرتا تا کہ اسے سمجھنے میں آسانی ہو۔

ف: یہاں سَبْعَةٍ سے پورے سات مراد ہیں اس سے کثرت مراد نہیں اگر چہ اس کا استعمال ہر دونوں کے لئے ہوتا ہے كَامِلَةٌ، عَشَرَةٌ کی صفت موکدہ ہے کیونکہ کبھی وصف تاکید کے لئے بھی آتی ہے جب کہ موصوف اسی معنی کا فائدہ دیتا ہو جیسے اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ میں اور تاکید اس وقت مطلوب ہوتی ہے جب کہ اس حکم مؤکدہ میں اہتمام اور اس کی قطعت مقصود ہو اور یہاں پر مؤکدہ یہ ہے کہ اس روزے میں عدد کی رعایت رہے اس کی اس لئے تاکید کی کہ اس کے اہم مقاصد سے یہ ہے کہ انہیں پورا کیا جائے اور انہیں ہرگز ترک نہ کیا جائے ذٰلِكَ یہ اشارہ ہم احناف کے نزدیک نفس تمتع کی طرف ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک تمتع کے حکم کی طرف ہے یعنی متمتع کو اگر قربانی میسر ہے تو اس پر قربانی لازم ہے اگر قربانی میسر نہیں تو اس پر روزے لازم ہیں ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یہ اس کے لئے ہے جو مسجد حرام کے قرب و جوار کا نہیں حاضر بمعنی لازم ہے یعنی وہ جو کہ مکہ میں اقامت پذیر نہیں اہل سے شخص کے اخص لوگ مراد ہیں اہل کا ذکر اس لئے ہے کہ عموماً انسان جہاں بھی ٹھہرتا ہے تو اس کے اہل و عیال بھی ساتھ ہوتے ہیں۔

مسئلہ: جس شخص کا مسکن مواقیت کے اندر ہے اس کے لئے تمتع ہے نہ قران۔

مسئلہ: جو شخص بھی ان میں تمتع یا قران کی نیت کرے گا اس پر دم لازم آئے گی اور اس کا گوشت بھی نہیں کھا سکے گا۔

marfat.com
Marfat.com

وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ اور سات روزے رکھو جب تم واپس لوٹو یعنی جب اعمال حج سے فارغ ہو جاؤ۔

ف: اس پر رجوع کا اطلاق سبب بول کر سبب خاص کے ارادہ کے قبیل سے ہے یعنی رجوع سے واپس اور فارغ ہو جانا اور ہے اور یہ رجوع کے سبب ہیں۔

تِلْكَ وہ تین اور سات روزے عَشَرَةٌ کل میزان دس روزے ہوئے۔ ان کو علیحدہ ذکر کر کے پھر کل دس کی گنتی سے کیا فائدہ تا کہ کوئی وہم نہ کرے کہ واؤ بمعنی او کے ہے جیسے مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ میں واؤ بمعنی اور ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جیسے اس عدد کو اجمالاً معلوم کر لیا جائے اور قاعدہ ہے کہ دو ایک سے افضل ہے تیسرا فائدہ کہ اکثر اہل عرب حساب نہیں جانتے تھے عام طور پر عادت تھی کہ جو کوئی اپنے کسی ساتھی سے اعداد متفرقہ گفتگو کرتا تو اسے مجموعی طور حساب لگا کر گفتگو کرتا تا کہ اسے سمجھنے میں آسانی ہو۔

ف: یہاں سَبْعَةٍ سے پورے سات مراد ہیں اس سے کثرت مراد نہیں اگر چہ اس کا استعمال ہر دونوں کے لئے ہوتا ہے كَامِلَةٌ، عَشَرَةٌ کی صفت موکدہ ہے کیونکہ کبھی وصف تاکید کے لئے بھی آتی ہے جب کہ موصوف اسی معنی کا فائدہ دیتا ہو جیسے اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ میں اور تاکید اس وقت مطلوب ہوتی ہے جب کہ اس حکم مؤکدہ میں اہتمام اور اس کی قطعت مقصود ہو اور یہاں پر مؤکدہ یہ ہے کہ اس روزے میں عدد کی رعایت رہے اس کی اس لئے تاکید کی کہ اس کے اہم مقاصد سے یہ ہے کہ انہیں پورا کیا جائے اور انہیں ہرگز ترک نہ کیا جائے ذٰلِكَ یہ اشارہ ہم احناف کے نزدیک نفس تمتع کی طرف ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک تمتع کے حکم کی طرف ہے یعنی متمتع کو اگر قربانی میسر ہے تو اس پر قربانی لازم ہے اگر قربانی میسر نہیں تو اس پر روزے لازم ہیں ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یہ اس کے لئے ہے جو مسجد حرام کے قرب و جوار کا نہیں حاضر بمعنی لازم ہے یعنی وہ جو کہ مکہ میں اقامت پذیر نہیں اہل سے شخص کے اخص لوگ مراد ہیں اہل کا ذکر اس لئے ہے کہ عموماً انسان جہاں بھی ٹھہرتا ہے تو اس کے اہل و عیال بھی ساتھ ہوتے ہیں۔

مسئلہ: جس شخص کا مسکن مواقیت کے اندر ہے اس کے لئے تمتع ہے نہ قران۔

مسئلہ: جو شخص بھی ان میں تمتع یا قران کی نیت کرے گا اس پر دم لازم آئے گی اور اس کا گوشت بھی نہیں کھا سکے گا۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: مکہ شریف کے قرب وجوار کے لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ حج کے مہینوں کے سوا وہ کسی دوسرے مہینہ میں عمرہ کریں وادر افراد کا حج کریں صرف حج کے ایام میں۔

مسئلہ: قرآن اور تمتع صرف افاقیوں یعنی مکہ شریف سے دور رہنے والوں کے لئے ہیں ان کی قربانی کا حکم عام نسک کا ہے یعنی ایسے لوگ قربانی کا گوشت کھا سکتے ہیں۔

مسئلہ: امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سے اہل حرم اور وہ لوگ مراد ہیں جنکی نماز قصر نہیں ہوتی۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اللہ تعالیٰ سے اس کے اوامر ونواہی کے محافظت کے بارہ میں خصوصاً حج کے مسائل میں ڈرو۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ اور جان لو بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے۔ اس کے لئے جو اس سے نہیں ڈرتا تا کہ اس کا علم اسے گناہ کرنے سے روکے۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

مرد زیر بار گنہ اے پسر　　کہ حمال عاجز بود در سفر

تو پیش از عقوبت در عفو کوب　　کہ سودے ندارد فغان زیر چوب

(ترجمہ: اے عزیز گناہ کے بوجھ تلے جانے کی کوشش نہ کر واس لئے سفر میں بوجھ تکلیف دیتا ہے سزا سے پہلے ہی اپنی غلطیوں کی معافی مانگ لے اس لئے کہ لکڑی جب سر پر پڑتی ہے تو اس وقت آہ وفغاں کوئی فائدہ نہیں دیتی)

ف: جیسے اتمام الحج ظاہری طور ہوتا ہے اسی طرح باطنی طور پر ہوتا ہے۔

حکایت: بعض بزرگوں کا واقعہ ہے کہ وہ حج کو گئے جب حج سے فارغ ہوئے تو ساتھی سے پوچھا کیا ہم نے حج مکمل کر لیا حالانکہ اس طرح حج تو نہیں ہوتا کیا تم نے ذی الرمہ کا قول نہیں سنا۔

تمام الحج ان تقف المطايا　　على خرقاء واضعة اللثام

حل لغات: خرقاء شاعر کی محبوبہ کا نام ہے واضعۃ لثام یعنی کھلے طور آمنے سامنے آجانا شاعر نے محبوبہ کے سامنے سواریوں کے کھڑے ہونے کو مناسک حج کہ وہ امور مراد لئے جن کے بغیر حج نامکمل ہوتا ہے ترجمہ حج اس وقت مکمل ہوتا جب کہ ہمارے حج کے بعد ہمارا محبوب آمنے سامنے ہو۔

حقیقی حج: بزرگ کی بات حق ہے کہ جو کوئی حج کو جائے تو سفر طے کرتا ہوا جب بیت اللہ اور اس کے حرم میں

marfat.com
Marfat.com

پہنچے تو وہ اپنی تمام خواہشات کو طے کر لے اور قلب کے تمام پردے اٹھ جائیں یہاں تک کہ مشاہدہ کے مقام میں پہنچ جائے اور حرم سے فراغت کے بعد اللہ تعالیٰ کے کرم کے آثار آنکھوں سے ملاحظہ کرے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ عوام کا حج یہ ہے کہ وہ بیت اللہ شریف کا قصد اور اس کی زیارت کا ارادہ رکھتے ہیں اور خواص کا حج یہ ہے کہ رب البیت اور اس کا شہود کا ارادہ رکھتے ہیں چنانچہ سیدنا خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ یا اس شخص کی طرح کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کا مقصد رکھے اور اس کی طلب میں رہے اور بالکلیہ اسی کی طرف متوجہ ہو اور اپنے نفس مال واولاد کو اس پر قربان کر دے اور ماسوی اللہ کو اپنا دشمن سمجھے چنانچہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کے پورے پابند تھے یہی سب کے سب حقیقی حج کے مناسک ہیں اور اسی کے لئے انہیں اللہ تعالیٰ نے یہی وہ پہلا انسان پیدا کیا جس نے اللہ تعالیٰ کے گھر کی بنیاد رکھی اور اس کا طواف کیا اور حج بھی پڑھا اور پھر لوگوں کو حج کی دعوت دی اور طریقہ مناسک حج کا آغاز فرمایا۔

حبیب وخلیل کا فرق: حضرت ابراہیم علیہ السلام ظاہری اور باطنی حج کے جامع تھے اور یہ انہیں کا مقام تھا لیکن ان سے ہمارے نبی اکرم ﷺ کا مرتبہ مقام بلند وبالا ہے کیونکہ مقامات ومنازل اور احوال عطائے الٰہی پر منحصر ہیں۔ سلوک مقامات عطائے الٰہی کے بغیر بھی ممکن ہے لیکن مواجب ربانی سلوک المقامات کے بغیر نصیب نہیں ہوتے چونکہ حضرت خلیل علیہ الصلوۃ و السلام اہل مقامات سے تھے اس لئے کہا اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ اور چونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام اہل مواہب سے تھے آپ کے لئے کہا گیا سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ پھر چونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کا حج حقیقی کی طرف جانا خود بخود تھا اس لئے انہیں ساتویں آسمان پر روک کے کہا گیا کہ اگر تم رک گئے ہو تو جو میسر ہو سکے قربانی دو چنانچہ انہوں نے سیدنا اسماعیل علیہ السلام کو قربانی کے لئے پیش کیا اور ہمارے نبی پاک ﷺ نے حج حقیقی کی طرف خود بخود نہیں جانا تھا اس لئے انہیں کوئی رکاوٹ نہ ہوئی بلکہ انہیں کہا گیا اپنا حج اور عمرہ مکمل کر لو انہوں نے حج کو مکمل فرمایا بایں طور کہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہوئے جیسے خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ پھر آپ نے عمرہ کیا بایں طور

marfat.com
Marfat.com

کہ آپ پر مقصود کے چاند شہود کے معزز مرتبہ سے منکشف ہو کر متجلی ہوئے اور وصال کے سورج سے عنائت محبت حاصل ہوئی پھر دو محبوں کے درمیان ہوا جو کچھ ہوا یا وہ جانے یا پھر یہ جانے پھر اللہ تعالیٰ نے وحی کو جیسے چاہا و اللّٰہ اعلم کیا چاہا پھر آپ کو جلال کے پردوں سے حج اکبر کے دن حجۃ الوداع میں جبل عرفات کے قریب پکارا گیا کہ اے محبوب حج پورے طور پر ادا کر لو یہی اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا کی آخری حجت ہے۔

صوفیانہ وعظ: اے عزیز و معرفت رب کے لئے ہر قلب صلاحیت نہیں رکھتا اور نہ ہی ہر نفس خدمت ربانی کے لائق ہے اور نہ اچھا مال اللہ تعالیٰ کے خزانے کے لئے ہوتا ہے پس اے عزیز اپنے حال کو سنوارنے کی کوشش کیجئے اپنے مال کو خرچ کرنے کے لئے سخاوت کے خوگر بنو اگر تیرے پاس مال نہیں تو اس کی راہ میں نفس کو خرچ کرو بلکہ اگر تمہیں دونوں یعنی مال اور نفس کے خرچ کی توفیق ہے تو بسم اللہ کر کے دونوں کو ہی اللہ تعالیٰ کی راہ میں لوٹا دے کیا تمہیں سیدنا ابرہیم علیہ الصلوۃ والسلام کا واقعہ یاد نہیں کہ وہ اپنا مال مہمانوں پر کتنی محبت سے خرچ کرتے اور عشق میں آ کر اپنے آپ کو کیسے ہی آگ میں ڈال دیا آپ کی اس قربانی پر ملائکہ کرام دنگ تھے اسی وجہ ہی سے اللہ تعالیٰ نے انہیں خُلّت جیسے اعلیٰ مرتبہ پر فائز المرام فرمایا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا

حکایت: حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں میں ایک دفعہ مکہ شریف کی طرف روانہ ہوا تو راستہ میں ایک نوجوان کو دیکھا کہ رات کے وقت سر آسمان کی طرف اٹھا کر عرض کر رہا ہے اے وہ ذات جو طاعات سے خوش ہوتی ہے اور کسی کے گناہ سے نقصان نہیں پہنچاتی مجھے وہ کردار عطا فرما جس سے تیری خوشی ہو اور میری وہ غلطیاں معاف فرما جو مجھ سے سرزد ہوئیں لیکن اس سے تیرا کوئی نقصان نہ ہوگا۔ جب لوگوں نے احرام باندھا اور لبیک پکارنے لگے تو میں نے اسے کہا اے عزیز تم لبیک کیوں نہیں کہتے کہنے لگا اے شیخ میرا لبیک کہنا میرے ان گناہوں اور غلطیوں سے مجھے نہیں بچا سکتا جو مجھ سے سرزد ہوئیں مجھے خطرہ ہے کہ میں کہوں لبیک اور وہ جواب دے لا لبیک تو پھر کیا ہوگا اور ساتھ مجھے یہ بھی جواب دیا کہ میں تیری کوئی بات نہیں سنتا اور نہ ہی تیری طرف دیکھتا ہوں یہ کہہ کر وہ نوجوان وہاں سے چل پڑا اس کے بعد صرف منی میں نظر آیا اور وہاں یہ کہہ

marfat.ocm
Marfat.com

رہا تھا اے میرے سب کچھ مٹل دینے والے لوگوں نے آج کے دن فرمایا ہیں کیسی بہتر چیز حاصل کر لیا
میرے پاس ہوتو کچھ نہیں کہ میں بھی چیز حاصل کر سکوں سوائے میرے سامنے قلس کے پھر تو بھی کبول
فرمائے یہ کہہ کر نعرہ مارا اور نعرہ مارتے ہی وہیں قتل ہو گیا اے اللہ اپنے کمال کرم کے صدقے میں ہمیں بھی
اپنے لائق بنا اور ہمیں اپنی بارگاہ کی حاضری سے مشرف فرما۔ آمین۔

[redacted]

marfat.com
Marfat.com

الْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ

حج کے کئی مہینے ہیں جانے ہوئے تو جو ان میں حج کی نیت کرے تو نہ عورتوں کے سامنے صحبت کا

وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ

تذکرہ ہو نہ کوئی گناہ نہ کسی سے جھگڑا حج کے وقت تک اور تم جو بھلائی کرو اللہ اسے جانتا ہے اور توشہ لو کہ سب سے

خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

بہتر توشہ پرہیزگاری ہے اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو۔ تم پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے رب کا

تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

فضل تلاش کرو اور جب عرفات سے پلٹو تو اللہ کی یاد کرو

عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ

مشعر حرام کے پاس اور یاد کرو اس کو جیسا اس نے تمہیں ہدایت فرمائی اور بیشک اس سے پہلے تم

الضَّآلِّيْنَ ۝ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

بہکے ہوئے تھے۔ پھر بات یہ ہے کہ اے قریشیو تم بھی وہیں سے پلٹو جہاں سے لوگ پلٹتے ہیں اور اللہ سے معافی مانگو بیشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ

بخشنے والا مہربان ہے۔ پھر جب اپنے حج کے کام پورے کر چکو تو اللہ کا ذکر کرو

اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ

جیسے اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے تھے بلکہ اس سے زیادہ اور کوئی آدمی یوں کہتا ہے کہ اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں دے

فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں اور کوئی یوں کہتا ہے کہ اے رب ہمارے ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں

marfat.ocm
Marfat.com

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ

عذاب دوزخ سے بچا۔ ایسوں کو ان کی کمائی سے بھاگ ہے

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ

اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔ اور اللہ کی یاد کرو گنے ہوئے دنوں میں تو جلدی کر کے دو دن میں چلا جائے

فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

اس پر کچھ گناہ نہیں اور جو رہ جائے اس پر کچھ گناہ نہیں پرہیزگار کے لیے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو

اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

کہ تمہیں اسی کی طرف اٹھنا ہے۔ اور بعض آدمی وہ ہے کہ دنیا کی زندگی میں اس کی بات تجھے بھلی لگے

وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى

اور اپنے دل کی بات پر اللہ کو گواہ لائے اور وہ سب بڑا جھگڑالو ہے۔ اور جب پیٹھ پھیرے

فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝

تو زمین میں فساد ڈالتا پھرے اور کھیتی اور جانیں تباہ کرے اور اللہ فساد سے راضی نہیں۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ

اور جب اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈر تو اسے اور ضد چڑھے گناہ کی ایسے کو دوزخ کافی ہے اور وہ

الْمِهَادُ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

ضرور برا بچھونا ہے اور کوئی آدمی اپنی جان بیچتا ہے اللہ کی مرضی چاہنے میں اور اللہ بندوں

رَءُوْفٌ ۢ بِالْعِبَادِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَلَا تَتَّبِعُوْا

پر مہربان ہے۔ اے ایمان والو اسلام میں پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان

marfat.com
Marfat.com

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

کے قدموں پر نہ چلو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور اس کے بعد بھی بچ لو کہ

جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ

تمہارے پاس روشن حکم آچکے تو جان لو کہ اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ کا ہے کے انتظار میں ہیں مگر

يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى

یہی کہ اللہ کا عذاب آئے چھائے ہوئے بادلوں میں اور فرشتے اتریں اور کام ہو چکے اور سب کاموں کی

اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

رجوع اللہ کی طرف ہے۔

تفسیر عالمانہ اَلْحَجُّ یہاں مضاف محذوف ہے ای و قتہ یعنی حج کا وقت اس لئے کہ حج ایک فعل ہے اور فعل اَشْهُرٌ نہیں ہوسکتا اشہر چند مہینے ہیں اور وہ یہ ہیں ۱۔ شوال ۲۔ ذیقعدہ ۳۔ ذوالحج کے دس دن ہیں یہ احناف کے نزدیک ہے۔

سوال: انہیں اَشْهُرٌ (جمع) سے کیوں تعبیر کیا گیا حالانکہ اشہر جمع ہے اور اس کے لئے کم از کم تین کا مکمل عدد ضروری ہے اور یہاں پر دو ماہ مکمل اور تیسرے کے دس دن ہیں۔

جواب: قاعدہ ہے کہ کبھی بعض کل کے قائم مقام آتا ہے نیز کبھی جمع کا اطلاق مافوق الواحد پر بھی ہوتا ہے وہ مہینے لوگوں کو معلوم اور معروف ہیں کیونکہ ان کا علم انہیں توارثاً چلا آرہا ہے پھر شریعت اسلامیہ نے بھی ان کی توثیق کردی یعنی جسے وہ پہلے جانتے تھے شریعت نے اس میں کسی قسم کا تغیر وتبدل نہ فرمایا بلکہ جوں کا توں رہنے دیا۔

سوال: حج کو انہی ایام میں متعین فرمانے کا کیا فائدہ؟

جواب: تاکہ معلوم ہوجائے کہ حج صرف انہی ایام میں ادا ہوسکتا ہے اور بس۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک احرام صرف انہیں مہینوں میں باندھا جاسکتا ہے اگر ان کرسکے [illegible]

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ :امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک انہی مہینوں کے اندر احرام باندھنا حج کے شرائط میں سے ہے۔ پھر جیسے نماز کے لئے وقت سے پہلے وضو جائز ہے ایسے ہی حج کے اوقات سے پہلے احرام باندھنا جائز کیونکہ احرام بمنزلہ وضو کے ہے۔

سوال اہل عرب کہتے ہیں وقت اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ حج کا وقت وہی مخصوص مہینے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ احرام وقت سے پہلے نہ ہو کیونکہ احرام حج کا جزو ہے۔

جواب اس مقولہ سے ثابت نہیں ہوتا کہ احرام وقت سے پہلے ناجائز ہے بلکہ اس مقولہ کا مقصد یہ ہے کہ حج کے مناسک اور دیگر امور انہیں ایام میں ادا کرنے چاہیں۔

مسئلہ :یہ تینوں مہینے ہی حج کے اوقات ہیں جس وقت بھی احرام باندھے جائز ہوگا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ اس آیت میں مہینہ کی ہر گھڑی کو حج کے اوقات سے مخصوص فرمایا ہے اور یہ سب کو معلوم ہے کہ ان تمام دنوں میں حج نہیں ہوتا بلکہ مخصوص دنوں میں ہوتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ ان مہینوں میں احرام باندھا تو بھی جائز ہے اور اس میں کسی قسم کی کراہت ہی نہیں امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی مذہب ہے۔ (کذافی ھو امثی من الشرح)

فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ پس جس شخص نے انہی دنوں میں اپنے اوپر حج فرض کیا اس کے اوپر لبیک پکارنا اور قربانی کے جانور کی گردن میں چمڑے کا ہار باندھنا واجب ہے۔

سوال آپ نے یہاں سے کیسے سمجھ لیا کہ آیت میں لبیک پکارنا اور قربانی وغیرہ بھی فرض ہے؟

جواب: حج کے مناسک میں احرام باندھنا اور اس سے فارغ ہونا بھی ہوتا ہے اور اس میں نماز کی طرح صرف نیت ہی کافی نہیں جب تک کہ حج کے امور میں کوئی امر بجا نہ لائے اور وہ بھی لبیک پکارنا اور قربانی کے جانور کے گلے میں چمڑا باندھنا ہی ہے اس سے معلوم ہوگا کہ حج کرنے والا اس کام کو شروع کر رہا ہے۔

ف تقلید الھدی یعنی قربانی کے جانور کے گلے یا اس کے پاؤں میں چمڑا وغیرہ باندھنا۔

فَلَا رَفَثَ پس جماع اور اس کے ماسوا وہ افعال جو جماع کے سبب بنتے ہیں جیسے بوسہ دینا اور آنکھوں سے اشارہ کرنا چاہیے کیونکہ یہ امور احرام میں حرام ہیں بلکہ مرد کو عورتوں سے پہلے اس سے حج کا ارادہ

marfat.com
Marfat.com

جاتا ہے اس کے بعد بھی قربانی واجب ہو جاتی ہے اور جماع کے اسباب یعنی بوسہ وغیرہ بھی حرام ہیں تا کہ ان کے ارتکاب سے جماع کا مرتکب نہ ہو جائے۔

مسئلہ: رَفَثَ اور اس کے ساتھ جو دیگر امور مذکور ہیں مثلاً فسوق اور جدال اگر چہ بظاہر بصیغہ نفی مذکور ہوئے ہیں جس کا مطلب یہ ہوا ہے کہ ان امور میں سے کوئی امر واقع نہ ہوگا لیکن اس سے نہی مراد ہے اس لئے کہ اسے اپنے اصلی بمعنی نفی پر رکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی خبر میں کذب واقع ہوگا اور وہ کذب سے منزہ و پاک ہے اس لئے ظاہر ہے کہ ان امور میں اکثر کا حج کے دوران وقوع ہوتا ہے اس طرح نفی کو اپنے معنی پر رکھنا مناسب نہیں۔

سوال: پھر صاف طور پر نفی کا صیغہ کیوں نہیں لایا گیا۔

جواب: اس طریق سے مبالغہ ہوتا ہے یعنی نفی لانہی مراد لی جائے تو مبالغہ ہو جاتا ہے اور یہاں بھی مبالغہ مطلوب تھا گویا مکلف انسان کو جب معلوم ہوا کہ مجھے ان امور سے روکا گیا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے خوف کو مدنظر رکھ کر ان امور سے اجتناب کرے گا اس کے بعد گویا اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ حج کے دوران ان امور کا کوئی بھی مرتکب نہیں ہوگا۔

وَلَا فُسُوْقَ اور نہ ہی ارتکاب کر کے حدود شرع سے باہر نکلنا چاہیے تلاش میں اس کے تمام انواع داخل ہیں یہاں تک کہ حج کے دوران گالیاں بکنا یا کسی دوسرے کو گندے اور برے القاب سے یاد کرنا سب ناجائز ہیں وَلَا جِدَالَ اور نہ ہی اپنے خادموں اور ساتھیوں اور برائی کرنے والوں سے لڑائی کرو اس لئے کہ لڑائی سے بغض وعداوت بڑھتے ہیں اور ایک دوسرے سے محبت الفت کم ہوتی ہے۔

مسئلہ: دینی شرعی مسائل میں بحث کرنا وغیرہ جائز ہے خواہ بطریق مناظرہ کے بھی ہو۔

فی الْحَجِّ حج کے دنوں میں۔

سوال: یہ امور حج کے علاوہ دیگر اوقات میں بھی حرام ہیں پھر حج کے ساتھ خصوصی طور پر ذکر کرنے کا کیا فائدہ؟

جواب: تا کہ معلوم ہو کہ یہ امور دیگر اوقات میں نامشروع ہیں وہ دوران حج بہت زیادہ برے ہیں جیسے ریشم پہننا ویسے ہی حرام ہے لیکن نماز میں پہننا اس سے زیادہ اسی طرح نغمہ سرائی ویسے بھی ناجائز ہے لیکن قرآن میں اس سے اور زیادہ۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: تطریب یعنی حروف میں ایسا الحان اور آواز نکالنا جو سرور اور گانے کے مشابہ ہو اور یہ قرآن میں حرام ہے۔

مسئلہ: قرآن مجید کو اچھے لہجہ سے اور اس کے قواعد کے ساتھ پڑھنا جائز ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ اپنی آواز کو قرآن پاک پڑھتے وقت اچھا بناؤ اس لئے کہ قرآن میں اچھی آواز بنانا قرآن پاک کے حسن کو بڑھاتا ہے اور اچھا لہجہ بنانا رقت قلبی اور دل کو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کا سبب ہے اور یہ امام ابوحنیفہ اور دیگر اسلاف رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول ہے۔

وَمَا یہ شرطیہ ہے تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَّعْلَمْهُ اللّٰهُ اور وہ جو تم کرتے ہو اسے اللہ تعالیٰ جانتا ہے یعنی جو نیکی بھی بندہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے اس سے ثواب دینا مراد ہے۔

ف: تین گناہوں سے روکا ہے اور ہر نیکی کو حاصل کرنے کی ترغیب دی ہے شر سے روکنے کے بعد نیکی کے ذکر میں کار خیر کی طرف برانگیختہ کرنا ہے۔

ف: اچھا کلام کرنا برے کلام کے عوض اور تقوی کا عمل فسق کے بدلے عوام سے مواقف اور اخلاق حسنہ حلال کے بجائے بہتر ہے۔

وَتَزَوَّدُوْا یعنی میدان حشر اور آخرت کے لئے سامان تیار کرو برائیوں سے بچ کر فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی پس بہترین زادِ راہ پرہیزگاری ہے کہ طعام وغیرہ جمع کیا جائے۔

ف: اس میں تحقیق یہ ہے کہ انسان کیلئے دو سفر ہیں ۱۔ دنیا کا سفر ۲۔ دنیا سے کوچ کر جانے کا سفر۔

دنیا کے سفر میں بھی زادراہ ضروری ہے اور اس کا زادراہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی معرفت یہ ہے کہ بندہ ماسوی اللہ سے روگردانی کرے اور اس کی اطاعت میں مشغول رہے اور اس کے احکام پر پابندی کرے اور اس کی مناہی کی مخالفت کرے اور یہ زادِ راہ اس مسافر کی زادِ راہ سے افضل ہے جو دنیا کا مسافر ہے اس لئے کہ دنیا کا زادراہ چند روز کے دکھ سے بچاتا ہے اور آخرت کا زادراہ دائمی عذاب سے محافظت کرتا ہے علاوہ ازیں دنیا کا زادراہ فانی ہے اور آخرت کا زادراہ دائمی لذات کی طرف پہنچاتا ہے۔

شان نزول: اہل یمن کا طریقہ تھا کہ حج کے لئے روانہ ہو جاتے لیکن زادراہ ساتھ نہ لے جاتے اور کہتے کہ ہم تو متوکل الی اللہ ہیں اور یہ بھی کہتے کہ جب ہم بیت اللہ کو جا رہے ہیں تو پھر وہ ہمیں طعام کھلائے گا لیکن اس

marfat.com
Marfat.com

طرح سے لوگوں پر بوجھ بن جاتے اور مکہ پہنچتے ہی لوگوں سے سوال کرنے شروع ہو جاتے بلکہ لوٹ گھسوٹ تک نوبت پہنچ جاتی اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا خرچ لے جاؤ یعنی جو کچھ طلب کرتے ہو اور اپنے وجوہ کو روک دو کیکر اور زیتون اور ستوں اور کھجور وغیرہ وغیرہ کے حصول سے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو کہ لوگوں سے طعام نہ مانگو اور لوگوں کو تنگ نہ کرو اور ان پر بوجھ نہ ہو اس لئے کہ بہترین زاد راہ سوال اور لوٹ گھسوٹ سے بچنا ہے۔

وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ اور مجھ سے ڈرو اے عقل والو! اس لئے کہ عقل کا خلاصہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں اور تقوی کی عادت ہو اس میں اللہ تعالیٰ نے تقوی کی ترغیب دی ہے اس سے مقصد اصلی وہی خود ذات حق ہے۔

ف: سالک کو چاہیے کہ ماسوی اللہ سے بالکل آزاد ہو جائے اور عقل جو خواہشات نفسانیہ کی خرابیوں سے محفوظ ہے کا تقاضہ بھی یہی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے صرف عقل والوں کو مخاطب فرمایا ہے کیونکہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا گویا اسے عقل کی دولت نصیب نہیں۔

سبق: دانا پر لازم ہے کہ وہ عقل کو تمام غلط ملاوٹوں سے دور رکھے اور نفس کے تزکیہ میں لگا رہے اور اسے بلند مراتب اور اعلیٰ مناصب تک پہنچانے کی جدوجہد کرے کسی شاعر نے کہا۔

و لم ارنی عیوب للناس شیا کنقص القادر ین علی التمام

ترجمہ: میں لوگوں میں سب سے بڑا نقص یہ پاتا ہوں کہ وہ اپنی تکمیل پر قادر ہونے کے باوجود پھر بھی کوتاہ ہیں۔

تفسیر صوفیانہ

حضرت امام قدس سرہ فرماتے ہیں کہ انسان میں تین قوتیں رکھی گئی ہیں۔

۱۔ قوت شہوانیہ بہیمیہ ۲۔ قوت غضبیہ شیطانیہ ۳۔ قوت وہیمہ عقلیہ ملکیہ

ان تمام عبارات سے مقصود یہی ہے کہ یہ قوتیں مغلوب ہو جائیں اسی اعتبار سے فَلَا رَفَثَ میں قوت شہوانی بہیمیہ کو مغلوب کرنا اور وَلَا فُسُوْقَ میں قوت غضبیہ سبعیہ شیطانیہ کو دبانا مطلوب ہے قوت وہیمہ عقلیہ ملکیہ وہ قوت ہے کہ جس سے معصیت اور گناہوں پر غرور ہو جاتا ہے وَلَا جِدَالَ میں اشارہ ہے کہ قوت وہمیہ عقلیہ کو اپنے قابو میں رکھو یہ ایسی قوت ہے جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور اس کے افعال واحکام اور اسماء میں جھگڑنے پر بھارتی ہے یہی قوت لوگوں کو آپس میں لڑاتی ہے اور فتنہ اور شرارت اور دنگا فساد اسی قوت کی وجہ سے ہوتے

marfat.ocm
Marfat.com

ہیں چونکہ تمام شرور ان تین قوتوں میں محصور ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت اور محبت کا ارادہ رکھتا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کے نور وجلال کی طلب ہے اور اللہ تعالیٰ کے مخصوص بندوں کی لڑی میں منسلک ہونا چاہتا ہے تو اسے ان تین امور کے ارتکاب سے بچنا چاہیے۔

مسئلہ: اہل شرع فرماتے ہیں جسے پیدل چل کر حج کرنے کی طاقت ہے تو اس کیلئے پیدل چل کر جانا افضل ہے لیکن اس طرح سے ضعف وکمزوری ہو جاتی ہے اور بدخلقی کا مظاہرہ کرنے لگ جاتا ہے اسی عمل سے کوتاہی کر جاتا ہے تو اسے سوار ہو کر حج پڑھنا افضل ہے جیسے مسافر اور مریض کو روزہ رکھنا افضل ہے۔

حکایت: سیدنا ابو جعفر باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حج کرنے والے کا حج نامنظور ہے جب تک کہ وہ تین کام نہ کرے۔ (۱) پرہیز گاری جو اللہ تعالیٰ کے محارم سے بچائے (۲) حوصلہ جو اللہ تعالیٰ کے غضب سے محفوظ رکھے (۳) جس کے ساتھ دوستی کرے اس کی صحبت اور دوستی کا حق ادا کرے مسافر کو ان تینوں چیزوں کی اشد ضرورت ہوتی ہے خصوصاً حج کے مسافر کے لئے بہت زیادہ ضروری ہے جو بھی ان تینوں کو مکمل طور ادا کرتا ہے اس کا حج مکمل طور ادا ہوتا ہے ورنہ جتنی کوتاہی ہوگی اتنی ہی کم ہوگی۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا۔

از من بگو حاجی مردم گزائے را — کو آستیں خلق بازاری درد

حاجی تو نیستی شتر است از برائے آنکہ — بے چارہ خاری خوردہ باری برد

(**ترجمہ:** میری طرف سے اس حج کرنے والے کو کہو کہ تمہارا لوگوں کو ستا کر حج پڑھنا بے کار ہے تیرے سے تو وہ اونٹ بہتر ہے جو گھاس کھا کر لوگوں کے بوجھ سر پر اٹھاتا ہے)

ف: حج کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ اپنے ساتھی اور اونٹ والے سے الوداعی سے پہلے ایک دوسرے کے حقوق بخشوالیں مثلاً غیبت وشکوہ یا کسی دوسرے کی عزت پر حملہ کرنا یا کسی کا مال لینا اس لئے کہ ان باتوں سے بہت تھوڑے لوگ بچتے ہیں اور چاہیے کہ اپنے رفیق کو تعریف کے کلمات سے یاد کر لے اور ایسے ہی وہ شخص بھی اپنے آپ کو بچائے کہ جس کا عمل نامہ پاک ہے یعنی اس کے گناہ معاف کر دیے ہیں تا کہ وہ پھر گناہوں میں

marfat.com
Marfat.com

مبتلا نہ ہو جائے۔

تقریر صوفیانہ: آیت میں اشارہ ہے کہ بندے کا اللہ تعالیٰ کی طلب کا قصد چند معلوم مہینوں یعنی اس ظالم دنیا میں ہوسکتا ہے اس کے بعد جب اجل ختم ہوگیا تو کوشش کوئی فائدہ نہیں دے گی جیسے حج کے مہینوں کے بعد حج کا ارادہ رکھنے والے کی جد وجہد کوئی فائدہ نہیں دیتی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّكَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُهَا جیسے حج والوں کے لئے حج کے میقات ہیں کہ وہاں سے احرام باندھتے ہیں اسی طرح سالک کے میقات ہیں یعنی جوانی کے ایام یعنی بالغ ہونے سے چالیس سال کی عمر تک یہی مطلب ہے۔ اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ کے لئے مشائخ صوفیاء نے فرمایا کہ **بعد الاربعین نادر** یعنی اگر چہ اس کے ارادہ اور طلب کا ظہور چالیس سال کے بعد ہوتا ہے لیکن باجود ارکان کی تکمیل کے مقصد حقیقی کو پانا نادر ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک کو طلب وصدق **فی الارادۃ** چالیس سال سے پہلے ہوتی ہے ہاں وہ اسباب جو وصال الٰہی کے لئے متعین ہیں ان میں احتمال یہ ہے کہ وہ چالیس سال کے بعد ہوں کہ اس عمر میں اپنا مقصود حاصل ہو جائے بایں طور کہ اپنی کوشش پر انتہائی طور اس کے شرائط وحدود ادا کر کے اس کے حدود کے دائرہ میں رہ کر زور لگائے۔ خلاصہ یہ کہ جس نے شباب کی وقت کے طلب ضائع کر دی تو بڑھاپے میں منزل مقصود تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس وقت افسوس کے ہاتھ ملنے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنا دودھ بگاڑ دے اور پھر امید چھاچھ اور گھی کی رکھے۔

البتہ: بڑھاپے میں اللہ تعالیٰ کی عبادت سے محروم نہ رہے اس عبادت سے اسے بہشت تو میسر ہوگی۔

حکایت: ایک اللہ کا بندہ جامع مسجد کے دروازہ پر کھڑا خلق خدا کا منظر دیکھ رہا تھا یہاں تک کہ مسجد لوگوں سے بھر گئی پھر اس سے کوئی جا رہا ہے کوئی آ رہا ہے وہ بندہ خدا کہتا تھا کہ یہ سب سے بہشت کی بھرتی ہے اللہ تعالیٰ کے ہمنشین کوئی اور لوگ ہیں۔ **(کذا فی تاویلات نجمیہ)**

ف: حضرت قاشانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حج کے وقت کے اوقات مقرر ہیں وہ یہی ہیں کہ بالغ ہونے سے چالیس سال کی عمر تک تین دور ہیں ہر زمانہ بمنزلہ ایک ماہ کے ہے پہلا دور نشو ونما کا دوسرا جوانی کا تیسرا

marfat.ocm
Marfat.com

بڑھاپے کا اور وہ بعض ہے بہ نسبت پہلے دو دوروں کے۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے گائے کے وصف میں یوں فرمایا لَا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ اس میں ان تین فرمانوں کی طرف اشارہ ہے۔

حضرت حافظ شیراز قدس سرہ نے فرمایا۔

عشق وشباب ورندی مجموعہ مرد است　　چوں جمع شد معانی کوئے بیاں تواں زد

تفسیر عالمانہ

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ تمہارے اوپر کسی قسم کا گناہ نہیں جُنَاحٌ میں عن القصد کو کہتے ہیں اَنْ تَبْتَغُوْا یہ کہ ارادہ وار طلب کرو فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ اپنے رب کے فضل اور اس سے رزق کو اس سے مراد وہ نفع ہے جو تجارت میں ایام حج میں حاصل ہوتا ہے۔

شان نزول: یہ آیت ان لوگوں کے رد میں نازل ہوئی جو کہتے تھے کہ حج کے ایام میں تجارت کے معاملات سے حج نہیں رہتا اور نہ ہی اونٹ والے کو حج کا ثواب ملتا ہے۔

مسئلہ: حج کے ایام میں تجارت مباح ہے کسی قسم کا گناہ نہیں لیکن افضل یہ ہے کہ ان ایام میں تجارت نہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اخلاص کا تقاضا یہی ہے کہ ان دنوں میں سوائے اللہ تعالیٰ کی عبادت واطاعت کے اور کوئی کام نہ ہو۔

حل لغات: اَفَضْتُمْ میں ہمزہ تعدیت کا ہے اور اس کا مفعول محذوف ہے ای دفعتم انفسکم یعنی اپنے نفسوں کو عرفات سے نکالو لیکن غروب شمس کے بعد وہاں سے وقوف کے بعد رجوع کرو۔

ف: تفسیر تیسیر میں ہے کہ یہاں پر افاضہ کا معنی اجتماع الکثیر الذہاب والمیسر ہے یعنی واپس ہونے اور چلنے میں کثیر اجتماع سے جانا۔

ف: عرفات جہاں حجاج ٹھہرتے ہیں اس جگہ کا علم ہے درحقیقت یہ جمع بلکہ یہ ان اسماء میں سے ہے کہ جس پر کوئی حرف خواہ مخواہ زائد کیا جائے اس کے معنی زیادتی کی وجہ سے معرفت کی خبر دینے کے لئے مبالغہ کیا گیا ہے۔

عرفات کی وجہ تسمیہ: عَرَفَاتٍ کو عَرَفَاتٍ نام رکھنے کی کئی وجہیں ہیں۔

۱۔ مروی ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس جگہ کی تعریف سنائی تو انہیں اس کے دیکھنے کا اشتیاق ہوا جب انہوں نے اس مقام کو جانا پہچانا تو اس کا نام عرفات پڑ گیا۔

marfat.com
Marfat.com

۲۔ مناسک میں حضرت جبریل علیہ السلام نے عرفت کا دور تھا یعنی اسے بار بار ذکر کرتے ابراہیم علیہ السلام سے کہتے عرفت وہ کہتے عرفت اس بار بار کے تکرار سے اس کا نام عرفات ہوا۔

۳۔ مروی ہے کہ جب سیدنا آدم علیہ السلام کو بہشت سے نکالا گیا تو انہیں ہند میں اور بی بی حوا علیہا السلام کو جدہ میں رکھا گیا پھر یہ دونوں حضرات ایک دوسرے کو تلاش کرتے رہے آخر اسی مقام عرفات میں ان دونوں کی ملاقات ہوگئی اور وہ دن بھی عرفہ کا تھا ان کی ملاقات اور ایک دوسرے کو پہچاننے کی بنا پر اس مقام کا نام عرفات رکھا گیا ان کے علاوہ دیگر وجوہ بھی تفاسیر میں مذکور ہیں۔

مسئلہ : اس سے معلوم ہوا کہ ٹھہرنا عرفات میں ہی واجب ہے جیسا کہ افاضہ کی اضافت سے معلوم ہوتا ہے اور مامور بہ بھی وہی ہے جب تک عرفات میں حاضری نہ دی جائے اور اس میں آکر ٹھہرا نہ جائے ادائیگی واجب نہیں ہوگی اس سے نتیجہ یہی نکلا کہ عرفات میں ٹھہرنا واجب ہے۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ تلبیہ وتہلیل وتحمید اور ثناء ودعوات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کرو عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ مشعر حرام کے ہاں اس سے قزح مراد ہے اور قزح ایک پہاڑی ہے جس پر امام کھڑا ہوتا ہے مغرب (کتاب) میں ہے کہ مئے قدہ مشعر حرام میں قزح پر ایک مقام ہے چونکہ اس پر اہل جاہلیت آگ جلاتے تھے اس لئے اسے میقدہ سے تعبیر کرتے ہیں۔

سوال: ذکر اللہ اور وقوف کے لئے اس مقام کی تخصیص کیوں؟

جواب : اس میں تنبیہ ہے کہ اگرچہ مزدلفہ کی ساری زمین پر کھڑے ہو کر ذکر اللہ جائز ہے لیکن افضلیت قزح پہاڑی کے قرب میں ہے۔

ف: اس میں منافات نہیں ہے کہ مزدلفہ کی ساری زمین بھی مراد ہو اور افضلیت قزح کی پہاڑی کے قرب میں ہے جیسے عرفات کی ساری زمین ٹھہرنے کے لئے لیکن جبل رحمت کے قرب میں ٹھہرنا افضل واعلیٰ ہے اور المشعر بمعنی المعلم یعنی عبادت کرنے لے جاننے کی جگہ المشاعر یعنی العلامات شعار سے ہے بمعنی علامت

سوال: مشعر کو حرام سے کیوں موصوف کیا گیا؟

جواب: اس مشعر کی حرمت کی وجہ سے کہ جن امور سے روکا گیا ہے ان میں ان امور کے ارتکاب کو حرام کیا گیا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ اور اللہ کو یاد کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی ہے یعنی جیسے اس نے تمہیں ہدایت کی کہ اسے یوں یاد کیا جاتا ہے مثلاً اس کا بہت زیادہ ذکر کرنا لیکن علی وجہ الخیفتہ ایسے ذکر کرو کہ جس میں رغبت وہیبت اور اللہ تعالیٰ کے جلال و جمال کے مشاہدہ کی طلب ہو جیسے حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ احسان یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کرو گویا کہ تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو کانک تراہ جو حدیث میں کاف واقع ہے یہ کاف تشبیہ کا ہے اور اس سے مقصود محض تقلید ہے نہ کہ تشبیہ یعنی اسے یاد کرو اور اوپر ایسے طریق کے کہ جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی ہے جس طرح اس نے تمہیں ہدایت دی اس سے تم روگردانی نہ کرو اس کی مثال ایسی ہے جیسے کہا جاتا افعل کما علمتک ایسے کرو جیسے میں نے تمہیں سکھایا یعنی اس عبادت میں کاف تشبیہ کا نہیں بلکہ تقلید کا ہے۔

سوال: اس آیت میں ذکر اللہ کا تکرار کیوں یہ تو فصاحت وبلاغت کے خلاف ہے؟

جواب: فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ میں ذکر کرنے کا محل ومقام بتایا ہے اور بتایا گیا ہے کہ وہاں ذکر کے لئے یوں ٹھہرنا ہے اور اس میں ان مناسک کی تعلیم دی گئی ہے جو اس محل کے لائق ہیں دوسری یعنی وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ میں اس کے وجوب کا اظہار ہے کہ تم اسے ایسے یاد کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی گویا ہدایت کے بدلہ میں تم اس کا ذکر کر کے اسکا شکرانہ ادا کرو اس میں ذکر کے وجوب اور اس کیف وکم کا بیان ہے۔

وَاِنْ محففہ المتفلہ ہے اور یہ واؤ فارقہ ہے۔ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ اور بے شک اللہ تعالیٰ کی ہدایت پانے سے پہلے لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ تم گمراہوں میں سے تھے یعنی تم ایمان واطاعت سے لاعلم تھے۔

تفسیر صوفیانہ حضرت قاشانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے انسان کو مقام نفس میں لسانی ذکر کی ہدایت دی پھر ذکر قلبی یعنی ذکر الافعال کی یعنی اس کی نعمتوں کا تصور پھر ذکر سر یعنی معاینۃ الافعال کی یعنی تجلیات وصفات کے علوم مکاشفہ کی پھر ذکر روح یعنی انوار وتجلیات الصفات کے انور کا مشاہدہ مع ملاحظۃ الذات کی پھر ذکر نفی یعنی مشاہدہ جمال الذات میں بساق الانیۃ کی پھر ذکر ذات یعنی مشہود ذاتی کی کہ جس سے بندے اور ذات حق کے درمیانی حجابات اٹھ جائیں اور اگرچہ تم ان مقامات کی طرف ہدایت پانے سے پہلے ان اذکار کے طریقوں سے گمراہ تھے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

ثُمَّ اَفِيْضُوْا بندوں کو ذکر اللہ کا حکم ہوا جبکہ واپس لوٹیں پھر حکم ہوا لوٹیں وہاں سے جہاں سے بزرگ لوٹیں اس میں ثم کے لفظ سے دوسرے کو پہلے پر مرتب کیا چنانچہ فرمایا ثُمَّ اَفِيْضُوْا پھر لوٹو مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں یعنی عرفہ سے نہ کہ مزدلفہ سے۔

شان نزول: قریش مکہ اور ان کے خلفاء یعنی حمس مزدلفہ میں ٹھہرتے اور کہتے ہم اللہ والے اور حرم کے مکین ہیں ہم تو حرم سے نہیں نکلیں گے عرفات میں وہ لوگوں کے ساتھ ٹھہرنے کو اچھا نہیں سمجھتے تھے اس لئے کہ عرفات حل میں ہے باقی اہل عرب سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اتباع میں عرفات میں ٹھہرتے جب دوسرے لوگ مزدلفہ سے واپس لوٹنے لگے تو وہ حمس بھی عرفات سے لوٹنے شروع ہوئے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور انہیں حکم فرمایا کہ وہ عرفات میں ٹھہریں اور عرفات سے ہی لوٹیں جیسے دیگر لوگ کرتے ہیں۔

ف: النَّاسُ سے حمس کے سوا تمام عربی مراد ہیں اور حمس دراصل احمس کی جمع ہے اور احمس بہادر مرد کو کہتے ہیں نیز سخت اور متصلب فی الدین والقتال کو کہا جاتا ہے اب قریش اور کنانہ وجذیلہ اور قیس کہ کہا جاتا ہے اس لئے کہ اپنے معاملات میں بڑے سخت اور مضبوط تھے ایام منیٰ میں سایہ کے نیچے نہیں بیٹھتے تھے اور نہ ہی انہی ایام میں گھروں میں دروازوں سے داخل ہوتے بلکہ جو انکا حلیف بنتا یا رشتہ ناطہ کرتا تو اس سے بھی یہی سلوک کراتے۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو ان غلطیوں کی جو تم نے زمانہ جاہلیت میں کیں حج کے مناسک کو تبدیل کر کے اور موقف کے بارے میں مخالفت کر کے اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ بے شک اللہ تعالیٰ نے بخشش مانگنے والوں کو بخشا بلکہ ان پر انعام فرماتا ہے اس کے بعد حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ وہ تمام لوگوں کو لے کر عرفات جا ٹھہریں۔

حدیث شریف: مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ملائکہ کرام کے سامنے اہل عرفات کو دیکھ کر خوشی کا اظہار فرماتا ہے اور فرماتا ہے اے ملائکہ میرے بندوں کو دیکھو کہ دور دور سے میلے کچیلے کپڑے پہن کر آئے ہیں تم گواہ ہو جاؤ میں نے ان کو بخش دیا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف: شیطان کسی ایک دن بھی ذلیل وخوار اور پریشان نظر نہیں آتا جتنا کہ عرفات کے دن نظر آتا ہے اس کی وجہ وہی ہے کہ اس دن دیکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت موسلا دھار بارش کی طرح حجاج پر برستی ہے اور ان کے تمام بڑے بڑے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کا سبب صرف یہی ہوتا ہے کہ انہیں اسی دن بعرفات میں ٹھہرنے کا موقع نصیب ہوتا ہے۔

حدیث شریف: سب سے بڑا گنہگار وہ ہے جو عرفات میں ٹھہرتے وقت گمان کرتا ہے کہ اس کے گناہ اللہ تعالیٰ بخش دے گا یا نہیں؟

مسئلہ: ایک حج بیس غزوات فی سبیل اللہ سے افضل ہے۔

فضائل حج: جو اونٹ پر سوار ہو کر حج پر جاتے ہیں اس اونٹ کو چالیس پشتوں تک برکت دی جاتی ہے اور جس پر سات بار حج کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم پر واجب ہے کہ اس اونٹ کے لئے بہشت کے باغیچوں میں چراگاہ بنائے اس فضیلت کی تائید ذیل کی حکایت سے بھی ہوتی ہے۔

حکایت: حضرت نہرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ ایک آگ جلانے والا حمام کو گرم کرنے کے لئے کسی اونٹ کی ہڈیاں لے کر آیا اور انہیں آگ میں ڈال دیا تا کہ آگ بھڑک اُٹھے وہ خود کہتا ہے کہ میں نے جونہی آگ میں ڈالا تو وہ ہڈیاں باہر آپڑیں دوبارہ میں نے انہیں ڈالا وہ باہر آگئیں۔ تیسری بار میں نے انہیں آگ میں ڈالا وہ ہڈیاں میرے سینے کو چمٹ گئیں اور وہاں سے ایک غیبی ہاتھی آواز آئی کہ تیرے لئے افسوس ہے تمہیں معلوم نہیں کہ یہ ہڈیاں کس اونٹ کی ہیں جو مکہ شریف کی طرف بار ہا گیا اور اب انہیں آگ کیسے جلا سکتی ہے۔

سبق: جب حج کرنے والے کی سواری کی یہ شان ہے تو پھر حج کرنے والے کا کتنا مرتبہ ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ

فضلیت با لنسبہ الی العبد تین قسموں کی ہے۔

سوال: فضلیت کو با لنسبتہ الی العبد کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: نوع بہ نوع ہونا بندے کے احوال کے تغیر وتبدل کی وجہ سے ہوتا ہے حق کی صفات میں کسی صفت کو تغیر و

marfat.com
Marfat.com

تبدل نہیں ہوتا ان تینوں اقسام میں سے پہلی قسم یہ ہے کہ اسے معاش تفسیر سے تعلق ہوگا جیسے مال جاہ اور غذا اسی طرح ضروری لباس اس افضلی کو رزق سے تعبیر کیا جاتا ہے چنانچہ فرمایا وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ دوسرا وہ جو بندے کے لئے اخروی مصالح سے تعلق ہو یہ دو اقسام کی ہے ایک وہ جسے اعمال بدن سے تعلق ہے بموافق شرع اور بمتابعت شارع اور شیطان شرارتی کے فساد اور جھگڑے سے بچ کر چنانچہ فرمایا يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا دوسرا یہ کہ اسے اعمال قبل اور تزکیہ نفس سے تعلق ہے یہ دو قسم پہلی یہ کہ اسے مواہب قربت سے تعلق ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا افضل کبیر سے قرب کبیر مراد ہے اس لئے کہ یہ دنیا و آخرت سے بہت بڑا ہے دوسرا وہ ہے کہ اسے مواہب وصلۃ سے تعلق ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ یہاں فضل و عظیم سے مواہب وصلۃ مراد ہے اور یہی تمام اقسام سے اعظم ہے۔

ف: طلب میں ان تمام کا علیحدہ علیحدہ مقام ہے مثلاً وہ کہ جسے مصالح اخرویہ سے تعلق ہے جسے فضل الرحمۃ سے تعبیر کرتے ہیں اس کی طلب میں ترک الموجود و بذل الجہود کرنا پڑتا ہے اور بزل الجہود سے یہی سیر الی عرفات مراد ہے اور وہ جسے ذات اللہ تعالیٰ سے تعلق ہے یعنی فضل المواہب اس کی طلب عرفات میں ٹھہرنے کا نام ہے اور عرفات کا اشارہ معرفۃ کی طرف ہے اور ارکان الوصلۃ سے یہی بہت بڑا رکن ہے اور وہ جسے مصالح دینویہ سے تعلق ہے یعنی فضل الرزق اس کی طلب کا مقام وفات المعرفۃ کے وقوف کی تکمیل کے بعد عند الرجوع میں ہے۔

ف: آیت میں تقدیم و تاخیر ہے دراصل عبارت یوں تھی اذا قضیتم من عرفات فلیس علیکم یہ اس لئے کہ سالک کا ابتدائی مقام یہ ہے ابتدا ترک دنیا کرے یعنی اس سے بالکل علیحدگی اختیار کرے اور اس کی درمیانی منزل یہ ہے کہ توکل و تفرید کو اپنائے اور اس کی آخری منزل یہی ہے کہ اسے معرفۃ و توحید کا مرتبہ نصیب ہو مصالح دینویہ میں بھی وہ بچ کر آخری منزل تک پہنچ سکتا ہے جسے قوت فی المعرفت حاصل ہوتی ہے لیکن اس کے لئے اس کی ہمت بلند ہو ورنہ مشکل ہے اس لئے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے قلوب حب دنیا کی نجاست سے پاک وصاف کر کے الطاف خفیہ سے منور فرما دیتا ہے ایسے حضرات کے ہاں دنیا اور اسی کی شہوات کا کوئی اعتبار نہیں اور

marfat.ocm
Marfat.com

نہ ہی آخرت کی نعمتوں اور اس کے درجات کی انہیں پرواہ ہوتی ہے وہ کسی چیز میں کوئی تصرف نہیں کرتے۔ہاں ان کا تصرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور اس کی ذات میں گم ہو کر اور صرف اسی کے لئے ہوتا ہے حظوظ النفس کے لئے نہیں بلکہ وہ جو کچھ تصرف کرتے ہیں مصالح دین کے پیش نظر اور دوسروں کو بھلائی پہنچانے کی غرض سے اور بس۔

(کذافی التاویلات النجمیہ)

حضرت عاف رومی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

کار پاکاں راقیاس خود مگیر　　گرچہ یکساں در نوشتن شیر و شیر

شیر آں باشد مرد او را خورد　　شیراں باشد کہ مردم راہ درد

ترجمہ: پاک لوگوں کا اپنے اوپر قیاس مت کر دیکھئے شیر شیر لکھنے میں یکساں ہیں

(دودھ) وہ ہے جو لوگ پیتے ہیں اور شیر وہ ہے جو لوگوں کو پھاڑتا ہے۔

اے اللہ ہماری ہمت صرف اپنے تک محدود رکھ۔ آمین۔

تفسیر عالمانہ

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ جب تم اپنی عبادات کو مکمل کرو جن کا تمہیں حج کے بارے میں حکم ہوا اور ان سے فارغ ہو جاؤ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ پس اللہ تعالیٰ کو یاد کرو جیسے تم اپنے آباؤ اجداد کو یاد کرتے ہو یعنی جاہلیت کی تمام عادات کو چھوڑ کر صرف اسلام کے طریقے اپناؤ اور اپنے رب کریم کے ذکر پاک میں مشغول ہو جاؤ۔

شان نزول: اہل عرب کی عادت تھی کہ موسم حج میں جب حج کے مناسک ادا کرتے تو مسجد اور جبل کے درمیان منیٰ میں ٹھہر جاتے اور پھر یہاں اپنے آباؤ اجداد کی تعریف کے پل باندھ دیتے اور ان کی کارگزاریاں بیان کرتے اس سے ان کا مقصد یہی ہوتا کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی وجہ سے شہرت پالیں گے اور ان کی بدولت ہمارا نشان بلند ہوگا اللہ تعالیٰ نے ایسے غلط طریق سے روکا اور حکم فرمایا کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی بجائے اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کی بزرگی اور اس کی ثنا کریں کیونکہ تمام بھلائی اس کے ذکر میں ہے اور تمام خیرات اسی سے ہی ملتی ہے اور ان کے آباؤ اجداد تو اس کے بندے ہیں انہیں یہ مراتب اللہ تعالیٰ نے ہی عطاء فرمائے۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

گر از حق نہ توفیق خیر رسد کے از بندہ خیرے بغیرے رسد

ترجمہ: اگر اللہ تعالیٰ کی نوازش نہ ہو تو کون کسی کو خیر و بھلائی پہنچا سکتا ہے۔

اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا یہ مجرور ہے اور اس کا عطف ذکر پر ہے اسے مجاز ذکر بنایا گیا ہے یعنی اسے ایسے یاد کرو جیسے تمہارا ذکر تمہارے اباؤ اجداد سے متعلق ہے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ بہت زیادہ ذکر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر تمہارے آباؤ اجداد کے ذکر پر غالب ہو۔

قاعدہ: افعل التفضیل کا قاعدہ ہے کہ اپنے مابعد کی طرف اس وقت مضاف ہوتا ہے جب کہ مابعد اس کے ماقبل کا ہم جنس ہو۔

جیسے کہا جاتا ہے وجھک احسن وجہ یعنی تیرا چہرہ تمام چہروں سے حسین و جمیل ہے اور جب افعل التفضیل کا مابعد ماقبل کا غیر ہو تو پھر اس کا مابعد منصوب ہوتا ہے جیسے زید افرہ عبدا اس مثال میں فراہت صرف عبد تک محدود ہے زید کا اس سے کوئی تعلق نہیں آیت میں اشد سے پہلے ذکر مذکور ہے وہ ذکر مذکور نہیں ہو سکتا جب تک اسے اشد ذکرا نہ کہا جائے۔

سوال: قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ یہاں پر اشد کو مضاف اور ذکر کو مضاف الیہ بنایا جائے جیسا کہ تم نے قاعدہ لکھا ہے۔

جواب: یہاں پر ذکر کو ذاکر مجازا قرار دیا گیا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ذکر سے مراد ایسا ذکر جو انسان کا ذکر کر پہلے ذکر سے منسوب کیا گیا۔

فَمِنَ النَّاسِ پس ایسے لوگ بھی ہیں جو حج پہ حاضری دیتے ہیں مَنْ يَّقُوْلُ جو کہتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر کو حصول دنیا کا ذریعہ بناتے ہیں رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا ہمارے رب ہمیں صرف دنیا ہی میں عنایت فرما دے جو کچھ بھی دنیا میں دینا چاہتا ہے یعنی ہمیں دنیاوی مال و متاع چاہیے جیسے جاہ و غنا اور نصرت علی الاعداء اور یہ حظوظ نفد ہیں یہ مشرکین تھے جو ایام حج میں صرف دنیا مانگتے تھے وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ اور اسے آخرت میں کسی قسم کا حصہ حاصل نہیں ہوگا اس لئے کہ اس کا مقصد تو صرف حصول دنیا ہے کہ اس نے ایک اعلیٰ مقام پہ خسیس سے خسیس شئے مانگی ہے اس کو چاہیے تھا کہ آخرت کی دائمی نعمتوں کا سوال کرتا اور مانگتا کہ اے اللہ مجھے

marfat.ocm
Marfat.com

آخرت کا وائی اور بہت بڑا ملک عطا فرمالیکن اس نے اس سے اعراض کیا ہے فلہٰذا اسے آخرت میں کچھ نہیں ملے گا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اور بعض ان میں وہ ہیں جو حج کی حاضری میں اس کے ذکر کے ساتھ دارین کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی عنایت فرما یعنی صحت ووجہ معاش بقدر ضرورت اور بھلائی کی توفیق۔ تفسیر تیسیر میں ہے کہ لفظ الحسنہ جامع ہے ہر ان تمام بھلائیوں کو جو دارین میں نصیب ہوتی ہے۔

وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً اور آخرت میں بھلائی اس سے ثواب اور رحمت مراد ہے۔

ف: حضرت ابوالقاسم حکیم رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حسنہ دنیا سے سعادت کی زندگی اور شہادت کی موت اور حسنہ آخرت سے قبر سے خوشخبری دیا ہوا اٹھنا اور پل صراط سے آسانی سے گزرنا مراد ہے۔

وَقِنَا اور ہمیں بچا عَذَابَ النَّارِ دوزخ کے عذاب سے۔

ف: حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حسنہ سے حسین وجمیل عورت اور آخرت سے حور مراد ہے اور عذاب النار سے بری عورت مراد ہے۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

چوں مرد باشد زن خوب روئے　　بدیدار او بہشت ست شوئے

ترجمہ: جس کی عورت حسین اور نیک ہو اسے دنیا میں بہشتی حور ملی۔

خلاصۃ التفسیر: خلاصہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بکثرت کرو اور اپنی دارین کی سعادت اسی سے مانگو۔

سوال: آیت میں اس کا ذکر کیوں چھوڑا گیا جو صرف آخرت کا طالب ہو۔

جواب: وہ طالب آخرت جسے دنیا کی کسی شئے کی حاجت نہ ہو ایسے لوگ عالم دنیا میں نہیں اور نہ ہی ایسے ہو سکتا ہے۔ (الا نادرا)

اُولٰٓئِكَ اس میں دوسرے گروہ کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ لوگ جو دنیا وآخرت کی بھلائی کے طالب ہیں اس لئے کہ پہلے گروہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ فرما کر ان کا ذکر ختم کر دیا لھٰذا

marfat.com
Marfat.com

نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا اس آیت میں مِنْ تبعیضیہ ہے یعنی بہت بڑا عظیم حصہ ہے ان سے جو اعمال حسنہ صادر ہوتے ہیں اس سے وہ ثواب مراد ہے جسے ان کی نیکیوں کے منافع سے تعبیر کیا جاتا ہے یا مِنْ اَجَلِ کے معنی میں ہے اَیْ مِنْ اَجَلِ مَا كَسَبُوْا اس لئے کہ وہ لوگ اس ثواب حسن کے انہی اعمال کی وجہ سے مستحق ہوئے اس تقریر سے من ابتدائیہ ہوگا علت حکم کا مبدا ہوا کرتی ہے۔

ربط: اس کے بعد اپنی قدرت کی طرف اشارہ فرمایا موت سے ڈرا کر اور اعمال خیر کی طرف برانگیختہ کر کے چنانچہ فرمایا وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ اور اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔

ف: حساب سے نفس جزء مراد یہ جو کہ اعمال کی وجہ سے حاصل ہوگی اس لئے کہ حساب گرفت اور عطا کا سبب ہے اور سبب بول کر سبب مراد لینا جائز اور شائع و ذائع ہے یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی کثرت اور ان کے بکثرت اعمال کے باوجود ایک لمحہ میں حساب لے گا اس لئے کہ اسے ہاتھ کی گنتی اور قلب کی یادداشت اور نظر و فکر کی محتاجی نہیں ہے اسی لئے اے لوگو جس کی اتنی بہت شان ہے اس کی اطاعت میں کمی نہ کرو اور اس سے ڈرو یا یہ معنی ہے کہ قریب ہے قیامت قائم کر کے حساب لے گا۔

ف۱: بعض حقد مین کے خطبات میں یہ کہ اب دنیا کے آخری لمحات ہیں اس کا صرف اتنا وقت رہ گیا یہ جیسے برتن سے پانی نکال لیا جائے تو اس سے چند قطرات ٹپک رہے ہوتے ہیں مومن کو ضروری ہے کہ وہ طاعات میں عجلت کرے اور نیکیوں کو عمل میں لائے اور ہر حال میں ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔

ف۲: سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسے یاد کرو جیسے چھوٹا بچہ بچپن میں ماں باپ کو یاد کرتا ہے اور بار بار کہتا ہے ابا جی ابا جی وغیرہ اس لئے ہر مسلمان کا فرض یہ کہ وہ ہر وقت کہے یارب یارب۔

حدیث شریف ۱: حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ کل قیامت میں لوگ سب سے زیادہ اس بندہ پر رشک کریں گے جو آمدنی میں کم اور کثیر الصلوٰۃ اور حسن العبادۃ ہوگا اور تنہائی میں اس کی اطاعت میں سرگرم ہو اور لوگوں کی نظروں میں اتنا اوجھل کہ لوگ اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں اور اس کی آمدنی معمولی سی ہو اور وہ اسی پر خوش ہو پھر آپ نے اپنے ہاتھ مار کر فرمایا کہ اسی طرح اس کی موت آئے گی اور اس پر رونے والی بہت کم ہوں گی اور گھر کا ساز و سامان بھی بہت کم۔

marfat.ocm
Marfat.com

حدیث شریف ۲: حضور نبی کریم ﷺ دعا میں اکثر فرمایا کرتے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

تفسیر صوفیانہ کہ فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ یعنی جب تم تعلقات حقانیہ کے مناسک مکمل کرلو اور اہل کمال لوگوں کے مراتب علیا کو پہنچ جاؤ تو پھر بھی اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بے خوف نہ رہو اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے افکار و وظائف سے غفلت کرو پس اللہ تعالیٰ کو یاد کرو جیسے تم طفولیت کے زمانہ میں اپنے آباء کو اپنی ضروریات کے لئے عجز و انکسار کی وجہ سے پکارتے تھے اور حالت درجولیت میں محبت کے لئے محبت و اشتیاق کی بناء پر فخر کر کے پس اللہ تعالیٰ کو یاد کرو اپنے آپ کو محتاج ظاہر کر کے اور اس کی ذات پر فخر و ناز کر کے کیونکہ ممکن ہے کہ بچہ اپنے متولی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے مستغنی ہو اور بڑا آدمی بھی غیر اللہ پر فخر کرے لیکن اللہ تعالیٰ کے بندے تو سوائے اپنے مالک کے نہ کسی کو حامی سمجھتے ہیں اور نہ دوست پس بعض اہل طالب اور اہل سلوک ایسے ہیں جو نفس کے حملہ اور اس کے دھوکہ و فریب کی وجہ سے کہ وہ اصل اور باکمال ہیں انہیں یہ بھول ہو گی اور حالات کے تبدل کی وجہ سے کہیں گے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً یعنی ان کے نفوس دنیا کی طرف مائل ہوں گے اور اصلی مقصد کو بھول جائیں گے اور طالب ناقص گمان میں مبتلا ہوگا جو کہ اجتہاد کی دولت سے محروم ہو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر کے طریق اور ریاضت نفس اور قلب کی نگرانی اور مراقبہ سر کو چھوڑ بیٹھے گا جس کی وجہ سے اس پر غلبہ نفس اور شہوات نفسانیہ کا حملہ ہوگا اور شیطان اسے زمین میں حیران کر کے بچھاڑ دے گا جہاں تک کہ اس جدائی اور فراق میں ڈال دے گا اس لئے آخرت میں اسے کوئی حصہ نصیب نہ ہوگا وَمِنْهُمْ اور بعض اہل وصول اور ارباب الفتوۃ ایسے ہیں جو کہتے ہیں رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً اے ہمارے رب ہمیں ظاہری نعمتوں میں سے کوئی نعمت جیسے کشوف و مشاہدات و انواع القربات و مواصلات عطا فرما وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ یعنی جدائی و مقا رقت کی نار اور فرقت کی گرمی سے بچا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِیْبٌ ان لوگوں کے لئے (یعنی وہ جو واصل باللہ ہیں) بہت بھاری حصہ یہ مِّمَّا كَسَبُوْا اس وجہ سے کہ انہوں نے مقامات و کرامات حاصل کئے اور جو انہوں نے مانگا انہیں حسنات سے عطا ہوا وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ اللہ ہر گروہ سے جلد حساب لینے والا ہے۔ یعنی جو کچھ مانگتے ہیں انہیں عطا ہوتا یہ ان کے ارادوں کے مطابق اور ان ہی ہمتوں کے موافق۔ (کذا فی التاویلات النجمیہ)

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ نمازوں اور قربانیوں کے ذبح اور رمی الجمار وغیرہ کے بعد اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرو فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ گنتی کے دنوں میں یعنی ایام تشریق میں وہ قربانی کے بعد تین یوم ہیں پہلا ان کا ذوالحجہ کی گیارہویں کا دن ہے اسے یوم القر کہا جاتا ہے اس لئے کہ اس دن لوگ منیٰ میں قرار پاتے ہیں دوسرا بارہویں کا دن یہ اسے یوم النہار لاول کہا جاتا ہے اس لئے کہ اس دن لوگ منیٰ سے چلے جاتے ہیں تیسرا دن تیرھویں ذوالحج کا ہے اسے یوم النفر الثانی کہا جاتا ہے یہی ایام مع یوم النحر نمازوں کے بعد تکبیرات اور کنکریوں کے مارنے کے ہوتے ہیں۔

حدیث شریف: یوم عرفہ سے لے کر ایام تشریق کے آخر تک ہر نماز کے بعد تکبیر کہو۔

سوال: انہیں معدودات سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: اس لئے کہ وہ چند گنتی کے دن ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا دراھم معدودات ای قلیلته اسی طرح الایام المعلومات اللہ تعالیٰ کے قول وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ جو کہ سورہ حج میں واقع ہوا یہ ان ایام سے مراد ذوالحج کے ایام ہیں آخری دن ان کا یوم النحر ہے۔

ف: تفسیر کواشی میں ہے معدودات معدودہ کی جمع ہے اور ایام یوم کی جمع۔

سوال: اور قاعدہ ہے کہ مذکر کی صفت مؤنث نہیں ہوتی اس لحاظ سے یوم معدودہ نہیں کہا جائے گا یہاں پر قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ کہا جائے اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ اس لئے کہ جمع مذکر و واحد مؤنث کے ساتھ موصوف ہوتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے قول میں ہے۔ لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ

جواب: اسکی وجہ یہ کہ معدودات کو ایام کے لفظ پر جاری کیا گیا یعنی جمع کو جمع کے مقابلے میں مجازاً کہا گیا ہے۔

فَمَنْ تَعَجَّلَ پس جو شخص عجلت کرے اور منیٰ سے نکلنے کا ارادہ کرے فِيْ يَوْمَيْنِ یوم النحر کے بعد مکمل دو دن ہیں۔

مسئلہ: انہی تین دنوں سے مکمل دو دن تو رمی جمار کے لئے گزارے پھر تیسرے روز صرف رمی جمار کر کے روانہ ہو جائے فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ اس تعجیل میں اسے کوئی گناہ نہیں۔ اس کے لئے اجازت ہے کہ پہلے چلا جائے۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس تیسرے روز میں طلوع فجر سے بے شک چلا جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

خلاصۃ التفسیر: حج کرنے والے پر ضروری ہوتا ہے کہ ایام تشریق کی پہلی اور دوسری رات منیٰ میں گزارے اور انہی دنوں بعد زوال الشمس ہر روز شیطان کو اکیس کنکریاں مارے جو مجرہ عقبہ پر سات کنکریاں مارتا ہے اور یہاں پر رات نہ گزارنے کی اجازت صرف اس لئے دی گئی تا کہ مسافر لوگ رات کو باہر جنگلوں میں اپنے اونٹ چرا سکیں اسی طرح حجاج کو پانی پلانے والے لوگ آرام وسکون حاصل کر سکیں۔

مسئلہ: جو شخص چاہے کہ پہلے اور دوسرے دن کنکریاں مار لی ہیں اب تیسرے دن کی کنکریاں دوسرے روز اکٹھی مار لے اور اسی دوسرے روز منیٰ میں چلا جائے تو جائز ہے اس کے لئے شریعت پاک نے وسعت رکھی ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے فَلَآ اِثْمَ سے معلوم ہوتا ہے۔

مسئلہ: جو شخص ایام تشریق کے دوسرے روز کنکریاں سے فارغ ہو کر غروب شمس کے بعد منیٰ سے نہ جا سکا تو اب اس کے لئے ضروری ہے کہ اب منی سے نہ جائے بلکہ یہ تیسری رات یہاں گزارے یہاں تک کہ تیسرے روز کی کنکریوں سے فراغت پا کر پھر منیٰ سے نکلے۔

وَمَنْ تَاَخَّرَ اور وہ جو منیٰ کو مؤخر کر دے یہاں تک کہ تیسرے روز رمی جمار کر کے جائے زوال سے پہلے یا بعد کو پھر نکلے جب رمی جمار سے فارغ ہو جائے جیسے آج کل کیا کرتے ہیں۔ یہی امام شافعی اور امامین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کا مذہب ہے فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ تو اس پر کوئی گناہ نہیں ترخص کر ترک کی وجہ سے آیت کا معنی یہ ہے کہ حجاج تعجیل وتاخیر دونوں میں مختار ہیں۔

سوال: کیا تاخیر افضل نہیں پھر آپ نے کیوں کہا کہ حجاج تاخیر وتعجیل میں با اختیار ہیں۔

جواب: یہ اختیار فاضل اور افضل کی حیثیت سے ہے جیسے روزہ کے دنوں اختیار ہوتا ہے کہ وہ روزہ رکھے یا نہ رکھے لیکن اس کے لئے روزہ رکھنا افضل ہوتا ہے۔

سوال: اس میں فَلَآ اِثْمَ کا تکرار اور بار بار تصریح کیوں؟

شان نزول اور جواب: اہل جاہلیت کا رد کرنا مطلوب ہے کہ ان میں دو گروہ تھے ایک کا خیال تھا عجلت کرنے میں گناہ ہے ایک نہیں یہ کہتا کہ تاخیر میں گناہ ہے اللہ تعالیٰ نے دونوں کا رد فرمایا۔

لِمَنِ اتَّقٰى یہ خبر ہے اس کا مبتدا محذوف ہے اصل عبارت یوں تھی۔

marfat.com
Marfat.com

یعنی وہ جو مذکورہ ہوا اختیار اور عجلت کرنے اور تاخیر کرنے والے کی نفی اس کے لئے ہے جو اللہ تعالیٰ کا ڈر دل میں رکھتا ہے یعنی یہ حکم مخصوص ہے اس کے لئے جو مناہی سے بچتا ہے کیونکہ حقیقۃً حاجی تو وہی ہے جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف ہے اور حج سے صحیح معنی میں نفع اٹھاتا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ متقین سے محبت کرتا ہے اور انہیں کے اعمال قبول فرماتا ہے اور جو شخص گناہوں میں ملوث ہو کر حج ادا کرے اس کا حج قبول تو ہو جاتا ہے لیکن اسے ایسے حج سے فائدہ کوئی نہیں اگرچہ ایسے شخص کا فریضہ تو ادا ہو جائے گا لیکن حج کی روح اسے نصیب نہیں ہوگی اور وہ حج اسے نفع نہیں دے سکے گا۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ حج کرتے وقت اور اس کے بعد بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرو تا کہ تمہارے اعمال کا تمہیں ثواب ملے ورنہ گناہ تو نیکیوں کو کھا جاتے ہیں جب قیامت میں اعمال تولے جائیں گے تو برائیاں نیکیوں پر غالب آجائیں گی۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ اور جان لو کہ تم قیامت میں اپنے اعمال کی جزاء وسزا کے لئے جمع کئے جاؤ گے اس آیت میں تقویٰ کی تاکید ہے اور اس پر عمل کرانے کا سبب ہے اس لئے کہ جسے یہ ذہن میں آئے گا کہ میں نے قیامت میں اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہو کر اپنی زندگی کے ایک ایک لمحہ کا حساب دینا ہے تو لازماً تقوی طہارت اور اس کے جمیع اسباب پر عمل کرنے کی جدوجہد کرے گا۔

ربط: حج کی فراغت کے بعد لوگ گناہوں کا ارتکاب کرتے اللہ تعالیٰ نے انہیں گناہوں سے روکا تا کہ حج کی حقیقت ضائع نہ ہو جائے۔

ف: حضرت ابوالعالیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حاجی قیامت میں حاضر ہوگا لیکن اس کے اعمال نامے میں کوئی گناہ لکھا ہوا نہیں ملے گا لیکن شرط یہ ہے کہ دوران حج اس نے طہارت وتقوی کو ہاتھ سے نہ جانے دیا ہو اور حج کے بعد اپنی بقایا عمر میں بھی حتی الامکان کسی گناہ کا ارتکاب نہ کیا ہو جب کہ حج کے دوران اس کے تمام گناہ بخش دیئے گئے۔

مسئلہ: حج مبرور کی علامت یہ ہے کہ حج کے دوران اسے دنیا کے ساتھ خس برابر بھی لگاؤ نہ ہو بلکہ اس کا دل آخرت میں لگ جائے جب ایسے طریق سے حج سے لوٹے تو اسے حج مبرور نصیب ہوگا اور گناہ سے مغفور ہوگا اور اس کی ہر دعا مستجاب ہوگی۔

marfat.ocm
Marfat.com

نکتہ: حاجی کو واپسی پر استقبال کے حکم میں یہی راز ہے کہ اگر وہ حج مبرور کر کے آرہا ہے تو اس کی دعا مستجاب ہوگی اس لئے جب اسے السلام علیکم کہا جائے گا تو وہ ملنے والے کے لئے دعا مانگے تو ملاقاتی کو اس کی مستجاب الدعوۃ سے وافر حصہ نصیب ہوگا۔

حکایت: حج مبرور کی ایک کہانی بڑی مشہور ہے وہ یہ کہ حضرت ابرہیم بن ادہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ساتھی کے ساتھ حج سے واپس لوٹے جو وہ بھی بڑا نیک تھا اور اس کی رفاقت بلخ سے ہوئی۔ حضرت ابراہیم بن ادہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رفیق کی کیفیت ہوگئی کہ وہ دنیا کو سہ طلاق دے چکا ہر وقت آخرت کے امور میں محو اور اپنے تمام مِلک مُلک مال کو چھوڑ کر اہل وعیال اور خویش واقارب سے علیحدگی اختیار کر چکا اور اپنے شہر سے دور کہیں جنگلوں میں گزارنے لگا اور مزدوری کر کے گزراوقات کرتا کھیتی باڑی کرتا کبھی باغات کی نگرانی کرتا وغیرہ وغیرہ۔

سبق: بہترین اور نیک انسان وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے وعدہ قدیم کو نہ توڑے سالک کو چاہیے کہ جب نفس اسے اللہ تعالیٰ کا وعدہ توڑنے کا کہے تو اسے جواب دے مَعَاذَ اللّٰہِ اِنَّہٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ یعنی ایسی غلطی سے پناہ مانگتا ہوں اس لئے کہ میرے رب نے مجھے بڑی شان بخشی ہے۔

مثنوی شریف میں ہے ۔

نقص میثاق وشکست توبہا　　موجب لعنت شود در انتہا

چوتر اروئے تو کژ بود دغا　　راست چوں چوبی ترازوی جزا

(**ترجمہ:** میثاق کی خلاف ورزی اور توبہ توڑنے سے لعنت نصیب ہوتی ہے۔
اگر آج تم اپنے ترازو کو غلط رکھتے ہو تو کل قیامت میں تمہارا حال برا ہوگا۔

حکایت: کسی بزرگ کا واقعہ ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب میں حج سے فارغ ہو کر گھر آیا تو نفس امارہ نے مجھے بُرائی کی طرف ابھارا ہاتف غیبی کی آواز میرے کانوں میں سنائی دی کہ افسوس ہے ابھی تو تو حج سے واپس آیا ہے اور پھر ایسی غلطی اس طریق سے مجھے اللہ تعالیٰ نے ایسی غلطی سے بچالیا اور بفضلہٖ تعالیٰ اس وقت تک گناہوں

marfat.com
Marfat.com

سے محفوظ ہوں۔

سبق: بعض گناہ بندے کے لئے دیدار حق سے حائل ہو جاتے ہیں جب کہ بندہ صرف اعمال پر بھروسہ کرے اور انہی پر اعتماد رکھے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے غافل ہو جائے۔

حکایت: بعض ترک حضرت شیخ الاسلام احمد لانافقی الجامی قدس سرہ کی صحبت سے باریاب رہتا اور اس کی گدی کے اوپر ڈھال کی طرح نور چمکتا دکھائی دیتا تھا اتفاقاً حج پر چلا گیا واپس لوٹا تو وہ نور اس سے جاتا رہا حضرت الشیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا پہلے تیرے دل میں عجز وانکسار اور تواضع وعاجزی بہت تھی اب تیرے اندر غرور آ گیا یہ تو نے حج پڑھتے ہی دھوکہ کھایا اور سمجھا ہے کہ اب میں کچھ اور ہو گیا ہوں اس لئے تو اس بلند مرتبے سے گر گیا اب وہ نور تیرے سے چلا گیا ہے اس لئے اب وہ نظر نہیں آتا۔

سبق: حاجی کے لئے خصوصاً ضروری ہے کہ حج کی واپسی سے اللہ تعالیٰ کے منہیات سے بچتا رہے اور صرف رزق حلال پر اکتفا کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ صرف پاک شئے کو قبول کرتا ہے۔

حکایت: ایک صاحب حج کر کے واپس لوٹے تو راستہ میں اسے اجل آ پہنچی اسے ساتھیوں نے قبر میں دفن کر دیا دفن کرنے کے بعد یاد آیا کلہاڑا قبر میں رہ گیا چنانچہ اس کی قبر کھودی گئی اس کی حالت یہ تھی کہ اس کے دو ہاتھ اور پاؤں کلہاڑے سے باندھے گئے ہیں۔ اس کے متعلق پوچھا گیا تو معلوم ہوا کہ اس نے حرام مال سے حج پڑھا تھا یعنی ایک ساتھی کا مال چرایا تھا اب اسی چرائے ہوئے مال سے حج پر گیا تھا۔

سبق: حدیث شریف میں ہے جو شخص حلال کمائی سے حج کو جاتا ہے تو اس کے ایک ایک قدم پر ستر ستر نیکی لکھی جاتی ہے اور ستر ستر گناہ معاف ہوتے ہیں اور ستر ستر مرتبے بلند ہوتے ہیں اسی طرح خالصہ کتاب میں مذکور ہے

مسئلہ: اگر کسی کو اپنے مال پر کسی قسم کا اشتباہ ہو تو وہ دوسرے کسی دوست سے قرضہ لے اور اپنا مال اپنے قرض کی ادائیگی میں دے۔ (یہ ایک شرعی حیلہ ہے)

حکایت: حضرت ابوالقاسم الحکیم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عادت کریمہ تھی کہ وہ بادشاہوں سے نذرانے و تحائف منظور نہ فرماتے اگر اتفاقاً ان کا کوئی مال آپ کے ہاں پہنچتا اور آپ اسے اپنی ضرورت میں صرف کرنا

Marfat.com

چاہتے ہیں تو اسی قدر کسی دوست سے قرض لیتے اور بادشاہ کا دیا ہوا مال اسی قرضہ میں دے دیتے۔

مسئلہ: حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے بادشاہوں سے بادشاہوں کے وظائف کا مسئلہ پوچھا گیا تو آپ نے وہی طریقہ بتایا جو صرف ابولقاسم رحمۃ اللہ تعالی علیہ کا تھا۔ (کذافی حزائنہ الفتاوی)

تفسیر عالمانہ

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ اور ہر وہ انسان جس کا قول ظاہری طور تم کو اچھا لگتا ہے اور تم بھی اچھا اور مستحسن سمجھتے ہو اعجاب کہتے ہیں ہر اس اچھے اور مستحسن عمل کو جسے ظاہراً بہت اچھا سمجھا جائے اور دل اس کی طرف میلان رکھے اور اسے بہت بہتر ماننا پڑے لیکن اس کی حقیقت معلوم نہ ہو سکے۔

ف: حضرت امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں کہ تعجب اس حیرت کو کہتے ہیں کہ جو انسان کو بوقت جہل کسی سبب سے عارض ہو امام موصوف رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں کہ اعجاب کی حقیقت مجھے اس طرح معلوم ہوتی ہے لیکن اس کے ظہور کا سبب ابھی تک مجھے معلوم نہیں ہو سکا۔

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا یہ قول سے متعلق ہے یعنی تمہیں اس کی تقریر پر خوشی لگتی ہے کہ بایں معنی کہ اسے دنیا سے تعلق ہے اور اس کا تمہارے سے دعوی محبت کا اظہار بھی صرف حصول دنیا کی خاطر یہ اسی بناء پر اس کا مطلب یہ ہے کہ تمہیں اسکا قول اچھا لگتا ہے اس کی حلاوت فصاحت کی وجہ سے وہ بھی صرف دینوی لحاظ سے ورنہ آخرت میں تو اس کے کلام کا کذب اور قبح ظاہر ہو جائے گا۔

وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ اور کہا جاتا ہے کہ جو بات میں کہہ رہا ہوں اللہ تعالی شاہد ہے کہ میرے دل میں آپ کی محبت ہے اور اسلام کا میں شیدائی ہوں اور یہی میرا قلبی کلام ہے جس کی ترجمان میری زبان ہے یعنی میری زبانی بات میرے قلب کے موافق ہے وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ یعنی وہ مسلمانوں کی عداوت اور ان کے ساتھ دشمنی میں ان کے ساتھ جھگڑالو ہے۔ خصام قتال وجدال کی طرح مصدر یہ اور یہ اضافت بمعنی فی کے ہے اور لد بمعنی شدۃ الخصومۃ۔

شان نزول: یہ آیت شریف ابن اخنس بن شریف ثقفی کے حق میں نازل ہوئی اور وہ ویسے بھی حسین وجمیل اور شیریں کلام انسان تھا حضور اکرم ﷺ سے محبت کا دم بھرتا تھا۔

عقیدہ: محبت کا دم بھرنا اور خلوص کا دعوی کرنا لیکن اس میں صحیح طور موافقت نہ ہو صرف منافقت ہی منافقت ہو

marfat.com
Marfat.com

تو یہ ملاحدہ اور نادقہ کا شیوہ ہے ورنہ محب اور اصلی مسلمان وہ ہے جو وہی کرے جس پر اس کا محبوب راضی ہو۔
ایک شاعر کہتا ہے۔

تعصی الاله وانت تظهر حبه　　هذا العمری فی الفحال بدیع
تو کل حبک صادق الاطعته　　ان الصاحب لمن احب مطیع

ترجمہ: اپنے معبود کی نافرمانی کرتا ہے اور پھر اسکی محبت کا اظہار کرتا ہے واللہ قسم ہے یہ عجیب بات یہ کہ اگر تو محبت میں سچا ہوتا تو اس کی اطاعت کرتا کیونکہ محب وہ ہوتا ہے جو اپنے محبوب کا مطیع ہو۔

حضرت حافظ شیرازی قدس سرہ نے فرمایا۔

بصدق کوش کہ خورشید زاید از نفست　　کہ از دروغ سیہ روئے کشت صبح نجست

وَاِذَا تَوَلّٰی اور جب واپس لوٹتا اور آپ کی مجلس سے ہٹتا ہے یا اس کا مطلب یہ کہ جب وہ غلبہ اور کسی طرح کی حکومت پاتا ہے تو سَعٰی فِی الْاَرْضِ بمعنی قدموں کے چلنے میں بہت تیزی کرنا یعنی دوڑنا کبھی عمل اور کسب میں کوشش کرنے کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔

سوال: سعی ہر وہ معنوں میں زمین میں ہوتا ہے پھر اس کے بعد فی الارض کے لانے کا کیا مطلب۔

جواب: اس طریق سے فساد کے لئے مبالغہ ہو جائے گا اس لئے کہ عرض کا لفظ عام ہے اپنے جمیع اجزاء کو اور قاعدہ ہے کہ ظرف اپنے تمام مظروف کو حاوی ہوتا ہے اب مطلب یہ ہوا کہ وہ شخص زمین کے جس حصہ سے گزرتا ہے تو وہیں فساد ڈالتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ اس عبارت سے اس کی مراد فساد ہی فساد ہے۔

لِيُفْسِدَ فِيْهَا یہ سعی کی علت ہے یعنی وہ اس لئے جھگڑا کرتا ہے تا کہ زمین میں فساد ہو وَيُهْلِكَ اہلاک سے مشتق ہے۔ بمعنی اضاعت یعنی ہلاک کرنا الْحَرْثَ کھیتی وَالنَّسْلَ اجناس حیوان سے جو شئے بھی مادنی سے پیدا ہوا سے نسل کہا جاتا ہے جیسے نسل ینسل یہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شئے کسی سے منفصل ہو کر خارج ہو۔

ف: حرث و نسل اگر چہ در اصل مصدر ہیں لیکن یہاں مفعول کے معنی ہیں اس لئے کہ اولاد اپنے والدین کی نسل ہوتی ہے یعنی بچہ اپنے والدین سے منفصل ہو کر نکلا اور یہ ایسے ہی جیسے ثقیف میں اخنس (منافق) نے کہا جب کہ اس کے پاس رات گزاری تو ان کے جانوروں کو ہلاک کر ڈالا اور ان کی کھیتی کو جلا دیا اس لئے کہ اس کے اور

marfat.ocm
Marfat.com

ثقیف کے درمیان عداوت تھی اسی طرح ظالم حکام کی عادت ہے کہ وہ اپنی رعایا پر ظلم کرتے ہیں ان کے بچے مروا دیتے ہیں واران کے اموال کوضائع کرادیتے ہیں یا یہ کہ ظالم پر ظلم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بارش بند کردیتا ہے تو ان کی کھیتی اور نسل میں نقصان پڑ جاتا ہے۔

حدیث شریف: جب قیامت میں حاکم کو جہنم کی سیڑھی پر ڈالا جائے گا سیڑھی حرکت میں آجائے گی اور اس کی حرکت اس قدر ہوگی کہ جہنم کا جوڑ جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا اگر وہ حاکم عادل اور اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار ہوگا تو اس سیڑھی سے باسلامت گزر جائے گا اور اگر وہ بے فرمان حاکم ظالم ہوگا تو وہ سیڑھی پھٹ جائے گی تو وہ ظالم حاکم جہنم کے اندر گر جائے گا اور پچاس سال کی مقدار جہنم کے گڑھے میں چلا جائے گا۔

وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ اور اللہ تعالیٰ فساد کو دوست نہیں رکھتا بمعنی اس سے راضی نہیں اور اسے مبغوض رکھتا ہے بلکہ اس کا مرتکب ہوتا ہے تو وہ بھی اللہ تعالیٰ کا مبغوض ہے۔

سوال: اگر سوال کیا جائے کہ کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے جب فرمایا لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ حالانکہ وہ خود بھی تو اشیاء میں تغیر وتبدل فرماتا ہے یہی تو افساد کی حقیقت ہے۔

جواب: افساد کا لغوی معنی ہے اخراج الشئی من حلاتہ معھودۃ لا لغرض صحیح یعنی اچھی شئے کو غرض فاسد کے لئے ظاہر کرنا اور اللہ تعالیٰ کے کسی فعل میں غرض فاسد نہیں بلکہ اس کا ہر فعل محمود ہے اور نہ ہی وہ کسی کو غرض فاسد کا حکم دیتا ہے اور نہ ہی اسے دوست رکھتا ہے اگر چہ ہم اپنی ظاہر بینی کے لحاظ سے کسی فعل میں غرض فاسد دیکھیں تو وہ ہماری اپنی نگاہ کا قصور ہوتا ہے خلاصہ یہ کہ افساد کی نسبت اگر مخلوق کی طرف ہو تو اس میں غرض فاسد کا اعتبار ہوسکتا ہے اور جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس میں خیر ہی خیر ہوتی ہے۔

وَاِذَا قِیْلَ لَہٗ اور جب اس منافق ومفسد کو بطور وعظ نصیحت کہا جاتا ہے اِتَّقِ اللّٰہَ اللہ سے ڈرو اور اپنے گندے فعل وقول اور وہ فساد ونفاق جو تیرے سے سرزد ہوتا ہے اس سے باز آ اَخَذَتْہُ الْعِزَّۃُ تو اسے وہ عار روکتی ہے جو اس کے اندر ہے اور وہ جاہلیت کے رسومات معاصی وماثم پر ابھارتے ہیں جن سے روکا گیا ہے۔

مسئلہ: اس میں رد ہے اس واعظ جو چاپلوسی اور عناد کے درپے رہتا ہے یہ اس محاورہ سے ہے جو اہل عرب کہتے ہیں اخذتہ کذا یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کسی کو کسی فعل پر ملامت کیا جاتا ہے اور اس پر اس کی لزومی

Marfat.com

بات کا اظہار کیا جائے اس میں باتعدیہ کی ہے اس فعل کو مابعد کے ساتھ ملانے کے لئے جو اس کے ماقبل میں ہے۔

فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ یہ مبتدا خبر ہیں یعنی ایسے بندے کی سزا اتنا کافی ہے کہ وہ جہنم میں دائمی طور داخل ہوگا اور یہ خلود اس فعل کی سزا ہے جو اس نے ارتکاب کیا ہے اس میں وعید شدید ہے وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ یہاں قسم محذوف ہے دراصل عبارت یوں ہے واللّٰہ بئس الفراش جھنم بخدا برا بچھونا جہنم ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا سب سے بڑا کبیرہ گناہ یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو کہے اللہ تعالیٰ سے ڈر اور وہ شخص اسے جواب میں کہے تو اپنا کام کر۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ سے عرض کیا گیا اللہ سے ڈرو آپ نے یہ الفاظ سنتے ہی اپنا چہرہ زمین پر رکھ دیا۔ فاروق اعظم رضی اللّٰہ عنہ نے یہ عمل اللہ تعالیٰ کے سامنے عبودیت کے اظہار کے لئے کیا۔

ربط: آیت بالا میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا ذکر فرمایا جو اپنے دین کو دنیا کی طلب میں صرف کرتے ہیں۔ چنانچہ فرمایا۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ اور بعض لوگ وہ ہیں جو اپنے نفس کو بیچتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں۔

سوال: آیت میں نفس کے بیچنے کا کیا معنی؟

جواب: بندہ جب نماز روزہ اور حج و جہاد اور زکوٰۃ میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے اپنے نفس کو خرچ کرتا ہے اور اس اطاعت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے ثواب کو حاصل کر لیتا ہے تو گویا اس طریق سے اللہ تعالیٰ کے یہاں نفس بیچ کر اللہ تعالیٰ کے ثواب کو پایا۔ گویا اس نے اپنے نفس کو بیچا اس کے عوض جو اسے اللہ کی طرف سے ثواب اور فضل نصیب ہوا۔

اِبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی رضا کی طلب کر کے وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لئے رؤف ہے اسی لئے اپنے بندوں کو تقوی کا مکلف بنایا ہے اور ان کو ثواب کے لئے امور کی تابعداری کا حکم فرماتا ہے۔ بندوں پر اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں میں سے ایک مہربانی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو نفوس و اموال خریدتا ہے حالانکہ تمام اشیاء اس کی ملک اور اس کا اپنا حق ہے اور پھر یہ ہے کہ بندوں کے نفوس و اموال لے کر اپنا بے بہا فضل اور بے پایاں رحمت عطا فرماتا ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

شان نزول: حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ سے ہجرت کر کے نبی اکرم ﷺ کی طرف مدینہ منورہ کو جارہے تھے اس وقت آپ کی عمر ایک سو سال تھی آپ کے پیچھے مشرکین آدھمکے آپ کے ساتھیوں کو مشرکین نے آتے ہی قتل کر دیا حضرت صہیب کے پاس تیروں کا کشکول تھا اور آپ چوٹی کے تیر انداز تھے اور تیر بھی نشان پر لگتا تھا آپ نے کہا اے قریشیو سن لو میری تیر اندازی اور نشانہ پر تیر لگانا میرا خاصہ ہے فلہٰذا میرے پاس جتنے تیر ہیں ایک ایک تیر تمہارے ایک ایک کے دل پر ضرب کاری لگے گا اور تیر ختم ہو جائیں گے تو میرے پاس شمشیر برآں ہے اس سے تمہارے بقایا کا صفایا کروں گا اب تم جو چاہو کر لو اور میرا واپس لوٹ کر تمہارے پاس رہنا تمہیں کوئی فائدہ بھی نہیں اور سن لو میں بوڑھا آدمی ہوں میں نے چند روز کے بعد مرنا ہی ہے اور میرے پاس بہت مال ہے جو مکہ میں میرے گھر مدفون ہے تم واپس چلے جاؤ میں وہ مال تمہیں دیتا ہوں لیکن مجھے مدینہ جانے دو اور میں اسلام قبول کر چکا ہوں اور اس مرتے دم تک رجوع نہیں کر سکتا۔ انہوں نے حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات مان لی ان کا مال کفار نے لے لیا اور آپ مدینہ طیبہ کی طرف چل پڑے جب حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ طیبہ میں پہنچے تو سب سے پہلے آپ کی سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ملاقات ہوئی تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مبارک دی اور فرمایا تجارت میں بہت نفع ہوا۔ حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا وہ کیسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آیت مذکور کے نزول کا واقعہ سنایا اس سے حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت خوش ہوئے۔

ف: یہاں پر یَشْرِیْ بمعنی یشتری یہ اس لئے کہ اس میں ظاہر کے مطابق خرید و فروخت ہوئی ہے کیونکہ حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا نفس بچالیا۔

تفسیر صوفیانہ مومنین اپنے اختیار سے اپنے نفوس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیتے ہیں ان کا ثمن انہیں بہشت نصیب ہوتی ہے لیکن اولیاء اللہ تعالیٰ اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں تو انہیں ثمن ملتا ہے۔ یعنی رضائے الٰہی عام مومنین اور اولیاء اللہ کے احوال میں بہت بڑا فرق ہے۔

سبق: سالک کو لازم ہے کہ اوطان بشریت سے نکل کر اپنی خودی سے اجنبی بن جائے بلکہ اپنے اقران سے

marfat.com
Marfat.com

بیگانہ ہو جائے یہاں تک کہ وہ مجاہد حقیقی اور شہید معنوی کے درجہ تک پہنچ جائے اس لئے حضور علیہ السلام نے فرمایا: غریبوں کو مبارک ہو یہاں پر غریب سے یہی سالک مراد ہے ان احادیث میں اشارہ ہے کہ سالک کو چاہیے کہ مخلوق سے منقطع ہو کر خالق سے تعلق جوڑے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ سالک عوام کی عادات و شہوات کے معاملات میں مخالفت کرے۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا اے انس جہاں تک تم سے ہو سکے باوضو رہا کرو اس لئے کہ جب ملک الموت روح قبض کرتے ہیں اور جو شخص باوضو ہو تو وہ شخص شہیدوں میں شمار ہوتا ہے لیکن یہاں پر وضو سے انقطاع عن الخلق الی الحق مراد ہے یعنی ماسوی اللہ سے فارغ ہو کر مرے۔ جیسے تصوف کے قانون میں نماز سے اتصال باللہ مراد ہے۔

حدیث شریف: حضور علیہ الصلوۃ و السلام نے فرمایا وضو پر مداومت کرو اس سے رزق میں وسعت پیدا ہوتی ہے جب ظاہری وضو ظاہری رزق کی وسعت کا سبب ہے تو پھر باطنی طہارت سے معارف والہامات واردات کیوں نہ نصیب ہوں۔ اس سے قبل زندہ ہو کر حیاۃ طیبہ نصیب ہوتی ہے اور نفس اپنے اوصاف رذیلہ کے ساتھ مٹ جاتا ہے یہ صرف اسے نصیب ہوتا ہے جسے جہاد حقیقی سے کوئی اثر حاصل ہو۔ قاعدہ ہے جو شخص نفس کی قیود سے چھوٹ جاتا ہے تو موت اس کے اپنے اختیار میں ہو جاتی ہے اور وہ دائمی طور پر زندہ رہتا ہے۔

مثنوی شریف میں ہے۔

اے بسا نفس شہید معتمد　　مردہ در دنیا و زندہ می رود

(ترجمہ: بہت سے اعلیٰ درجہ کے شہیدوں کو ظاہری طور موت آتی ہے لیکن درحقیقت وہ زندہ ہوتے ہیں)

سبق: بندے پر فرض ہے کہ وہ خلق سے عروج کر کے حق تک پہنچے نفس کی تمام ضروریات و حاجات سے بچ کر حق کے غنائے تام کو حاصل کرے یہی ہے تحصیل کل الخیرات و دفع کل الافات جو شخص اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف جاتا ہے تو اس کے جمال کو پالیتا ہے پھر اس کے جلال کے مشاہدات میں غرق ہو جاتا ہے بلکہ راز حق کا راز دان بن جاتا ہے چنانچہ فرمایا قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ سالک کی پہلی منزل ترک الاولاد تیسری منزل ترک النفس ہے پہلی منزل طے کرنے پر سالک کو توحید الافعال کے جلوے نصیب ہوتے ہیں دوسری منزل سے توحید

marfat.ocm
Marfat.com

الصفات تیسری منزل سے توحید الذات اور یہی منزل تمام منازل سے اعلیٰ ہے۔

سبق: دانا کو ضروری ہے کہ وہ ذکر اللہ کی کثرت کرے کیونکہ ذکر اللہ تصفیہ قلوب بلکہ اس کا مصقلہ ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اور سالک کو سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ اسے اپنا مطلوب حاصل ہو جائے اے اللہ ہمیں مفلحین سے بنا۔

تفسیر عالمانہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اے لوگو جو صرف زبان سے کلمہ پڑھتے ہو یہ اس وقت ہے جب کہ خطاب منافقین کو ہو ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً اسلام میں پورے طور پر داخل ہو جاؤ یعنی پورے طور ظاہری و باطنی طور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو۔

ف: اسلم بمعنی استسلام واطاعت ہے اور وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ کی ضمیر سے فاعل ہے اور یہ حال بمعنی عموم (جو کہ جمع کے صیغہ میں ہمیر ہے) کی تاکید کرتا ہے یہ ایسے ہے جیسے کہا جاتا ہے **قام القوم كافة** بمنزلہ **قاموا كلهم** کے ہے۔

ف: **كافة وقاطبة وعامة** کی تا تانیت کی ہیں اگرچہ دراصل یہ تا تانیث پر دلالت کرتی یہاں پر تا تانیث اس لئے داخل ہوگئی تا کہ ان الفاظ کو بمعنی کل جمیع کے منقول ہو یا معنی یہ ہے کہ **فالقوم كافة** یعنی اسلام میں کلی طور داخل ہو جاؤ اس میں غیر کو مخلوط نہ کرو۔

شان نزول: اس تفسیر کی تقریر کے مطابق اہل کتاب کے اہل اسلام مراد ہیں کیونکہ اس کی عادت تھی کہ وہ اسلام میں داخل ہو کر پھر بھی اپنے بعض پرانے مسائل کی رعایت کرتے تھے جیسے کہ مروی ہے کہ سیدنا عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے ساتھی تورات کے بعض مسائل کے پابند تھے مثلاً ہفتہ کی تعظیم اور اونٹ کے گوشت اور دودھ کی تحریم اسی طرح دیگر اشیاء بھی جس سے دور رہنا اسلامی طور مباح سمجھتے تھے اگرچہ ان کے دین میں اشیاء واجب تھیں اور وہ اسی طرح اس پر ثابت رہے جب کہ ملت کے معتقد تھے صرف طبعی طور ان کو عمل میں لانے سے وحشت کرتے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ تورات بھی اللہ کی کتاب ہے لہٰذا ہمیں اجازت بخشے تا کہ ہم اسے رات کی نماز میں پڑھا کریں اس پر انہیں حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو امور منسوخ ہو گئے ان سے تم کسی پر بھی عمل نہ کرو اگر چہ ان میں بعض امور سے تم مانوس ہو تب انہیں ترک کرنا پڑے گا اور ان

Marfat.com

کے ترک سے وحشت بھی نہ کرو اس لئے کہ حق سے وحشت کیسی بلکہ وہ تو شیطان کو خوش کرنا ہے چنانچہ فرمایا۔
وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ قدموں کی درمیانی مسافت کو کہتے ہیں یعنی ان راستوں پر نہ چلو جو شیطان کے ہیں اور نہ ہی ان کی اطاعت کرو جو کہ وہ اپنے ٹیڑھے راستوں کی طرف تمہیں بلاتا اور گندے وسوسے ڈالتا ہے اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور وہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے وساوس کے ذریعے تمہارے اسلام میں رخنہ ڈالے فَاِنْ زَلَلْتُمْ اگر تم ڈگمگا جاؤ گے زلل دراصل قدم کے پھسلنے کو کہا جاتا ہے اور عرف میں حق اعتقاد اور صحیح عمل سے روگردانی کو کہتے ہیں اب معنی یہ ہوا کہ حق سے بھٹک کر علماً عملاً حق سے تجاوز کر جاؤ گے۔
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ بعد اس کے تمہارے پاس دلائل آئے الْبَيِّنٰتُ بمعنی حج یعنی دلائل وشوائد اس پر موجود ہیں جو تم اپنے داخل فی الاسلام ہونے پر دعوی کرتے ہو فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ پس جان لو کہ اللہ تعالیٰ بے شک اپنے امر پر غالب ہے تمہارے انتقام سے عاجز نہیں حَكِيْمٌ حکیم ہے حق ہی کا انتقام لیتا ہے۔
مسئلہ: آیت میں غلط کاروں کے لئے زجر وتوبیخ ہے خصوصا ان کو جو داخل فی الاسلام ہو کر پھر عملاً واعتقاداً مذبذب تھے آیت کا محاورہ ایسے ہے جیسے باپ بیٹے کو کہے انت عصیتنی وانت عارف بی وبشمرہ اگر تو میری نافرمانی کرے گا پھر تو مجھے جانتا ہے کہ میں اپنے مخالف سے کیا کرتا ہوں یہ اس سے بلیغ ہے جب کہ زجر و توبیخ کو صراحۃً ذکر کیا جائے۔
مسئلہ: جیسے آیت میں وعید ہے اسی طرح اس میں وعدہ کریمہ بھی ہے جیسا کہ لفظ حکیم سے معلوم ہوتا ہے کہ حکیم وہ ہوتا ہے جو اچھے اور برے امور کی تمیز رکھے جیسے حکیم برے کو سزا دیتا ہے اس طرح اس سے امید رکھی جاتی ہے کہ وہ اچھے کو انعام وکرام سے نوازے بلکہ یہ اس کی حکمت کے لائق اور اس کی رحمت کے زیادہ قریب ہے۔
هَلْ يَنْظُرُوْنَ یہ استفہام بمعنی نفی یہ اور نظر بمعنی انظر ہے اب معنی یہ ہوا کہ جو دخول فی الاسلام کے تارک اور شیطان کا پیروکار ہیں وہ نہیں انتظار کر رہے اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب ان پر آئے یہاں مضاف محذوف ہے ای عذاب اللّٰہ کیونکہ اللہ آنے جانے سے پاک ہے اس لئے کہ ان دونوں کو حرکت و سکون مستلزم ہے کیونکہ یہ دونوں حادث ہیں اور قاعدہ ہے کہ جس پر حرکت وسکون صادق آسکیں وہ حادث اور مخلوق ہوا کرتا ہے حالانکہ ان سب کو خالق وہی اللہ تعالیٰ ہے اور الٰہ قدیم کی شان میں مستحیل ہے کہ وہ مخلوق کی

marfat.ocm
Marfat.com

صفات سے موصوف ہو۔

حکایت: سیدنا علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال ہوا کہ زمین وآسمان پیدا کرنے سے پہلے اللہ کہاں تھا آپ نے فرمایا اس کی ذات کے متعلق مکان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جب کہ وہ مکان سے پاک ہے جیسے زمین وآسمان کی پیدائش سے پہلے تھا اب بھی ویسے ہی ہے۔ (الآن کما کان)

عقیدہ: اس آیت اور اس طرح کی دیگر آیت میں متقدمین کا عقیدہ ہے کہ ہمارا ان آیات کے ظاہر پر ایمان ہے اور باطن کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں اس لئے کہ ایک معنی متعین کرنے پر اللہ تعالیٰ کی مراد کے خلاف خطا ہوگا اسی لئے ان میں سکوت اولیٰ ہے لیکن متکلمین کا خیال ہے ان جیسی آیات میں تاویل لازمی ہے ہر آیت میں علیحدہ علیحدہ مطلب لینا ہوگا۔

فِیْ ظُلَلٍ سایوں میں جو کہ ہونے والے ہیں ظل ظلة بادل سے ظلل، ظللة کی جمع ہے جو شئے بھی اوپر سایہ کے طور ہو اسے عربی میں ظلة کہتے ہیں (انعمام) سفید رنگ اور رقیق بادل کو کہا جاتا ہے اور غمام کو اس لئے غمام کہتے ہیں کہ غمام بمعنی چھپانا اور چونکہ بادل سورج اور آسمان کو چھپا دیتا ہے اس لئے اس نام سے موسوم ہوتا ہے اور بادل کو اس وقت ظللته کہا جاتا ہے جب کہ وہ مجتمع اور تہ بہ تہ ہو اب ظل من الغمام کا مطلب ہوا متفرق قطعات جس کا ہر قطعہ نہایت ہی کثافت وعظمت کے ساتھ ہو اس اعتبار سے ہر قطعہ ظلة ہوگا۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ اور ان کے ہاں فرشتگاں آئیں اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے امر لانے کے وسائط ہیں بلکہ حقیقۃً عذاب لانے بھی وہی ہیں۔ خلاصہ یہ کہ اب تمہارے ہاں دلائل مکمل ہو چکے ہیں اب سوائے عذاب کے تمہارے لئے اور کوئی چارہ کار نہیں۔

سوال: انہیں بادل میں عذاب کیوں نہ نازل ہوا جیسے یونس علیہ السلام اور عاد اور شعیب علیہ السلام کی قوموں پر بادل میں عذاب آیا۔

جواب: دراصل بادل میں رحمت (بارش) کا گمان ہوتا ہے۔

قاعدہ: جب اس شئے سے خلاف توقع عذاب نازل ہو تو زیادہ ڈراؤنا اور خوف ناک ہوتا ہے اس لئے وہ شر جو ہمارے گمان کے خلاف ہو تو وہ زیادہ ہی غم میں ڈالتا ہے جیسے خلاف توقع کسی سے بھلائی حاصل ہو تو اس میں

marfat.com
Marfat.com

بہت زیادہ سرور ہوتا ہے اور پھر شر میں اس طریق سے زیادہ غم کیوں نہ لاحق ہو یہی وجہ ہے کہ سابقہ امم کے لئے صاعقہ گھبراہٹ میں ڈالنے والی کو شدید ترین عذاب قرار دیا گیا جب کہ انہیں بادل سے صرف بارش کی امید تھی لیکن خلاف توقع ان پر عذاب آ گیا اس لئے اہل تفکر و تدبر پر آیت وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ کا سمجھنا مشکل ہو گیا اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ جن اعمال میں بہت سخت منہمک تھے اور اس خیال میں تھے کہ اعمال سے ہمیں بہت بری جزا ملے گی۔ لیکن ان کی توقع کے خلاف انہیں سزا ملی کیونکہ ان کا گمان یہی تھا کہ یہ ہماری نیکیاں ہیں حالانکہ وہ برائیاں تھیں جب ان پر معاملہ برعکس ظاہر ہوا تو گھبرائے۔

حکایت: حضرت محمد بن واسع رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دفعہ یہی آیت پڑھی اور اس میں تدبر و تفکر کیا تو آہ آہ کر تے وفات پا گئے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ، وَقُضِيَ الْاَمْرُ ان کے ہلاک کرنے کا معاملہ مکمل ہو گیا اور اللہ تعالیٰ انہیں مٹا کر فارغ ہوا اس کا عطف يَاْتِيَهُمُ اللّٰهُ پر ہے یہ بھی هَلْ يَنْظُرُوْنَ یعنی ان کی انتظار کے چیز میں داخل ہے

سوال: يَاْتِيَهُمُ اللّٰهُ الخ ماضی ہے مضارع سے ماضی کی طرف عدول میں کیا حکمت ہے۔

جواب: تا کہ حقیقت پر دلالت ہو گویا اشارہ کیا گیا ہے کہ وہ معاملہ ہو چکا ہے۔

وَاِلَى اللّٰهِ صرف اللہ تعالیٰ نہ کہ غیر کی طرف تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ لوٹائے جاتے ہیں تمام مخلوق کے امور اور ان کے اعمال قیامت میں اللہ تعالیٰ ان کے مابین فیصلہ فرمائے گا ثواب اور عذاب دینے والا صرف وہی ہے۔

سبق: مومن پر لازم ہے کہ وہ فرمانبرداری میں ہی گزارے اور نافرمانی سے بچتا رہے اور خواہشات نفسانیہ اور شیطان کی پیروی سے کنارہ کش رہے۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ میرے اللہ نے میری امت کے متعلق مجھے فرمایا کہ میں ان سے شیطان کو دور ہٹاتا ہوں لیکن وہ الٹا میری نافرمانی اور شیطان کی تابعداری کرتے ہیں۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

کجا سر برآریم ازیں عار و ننگ — کہ با او صلحیم و با حق بجنگ

نظر دوست تا در کند سوئے تو — چو در روئے دشمن بود روئے تو

عدائی کہ کمتر نہد دوست پائے — چو بیند کہ دشمن بود در سرائے

marfat.ocm
Marfat.com

(**ترجمہ**: ہمارے شرم سے سر جھکے ہوئے ہیں کہ شیطان سے ہماری صلح اور حق سے جنگ ہے تیرا دوست تجھے کس طرح نظر شفقت سے دیکھے جب تیری توجہ اس کے دشمن کی طرف ہے تجھے معلوم ہے کہ دوست اس گھر میں نہیں آتا جہاں اس کا دشمن قیام گزیں ہو)

سبق: انسان کی سب سے بڑی عبادت اپنے شیطان کے دور رکھنے اور نفس کو ملامت کرنے میں ہے۔

حکایت: ایک شخص نے مسلسل چالیس سال روزے رکھے اسے ایک ضرورت درپیش تھی اس نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جو قبول نہ ہوئی اس پر اس نے اپنے نفس کو ملامت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ساری تیری ہی نحوست ہے اس کے اس عمل سے اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا اے میرے نبی علیہ السلام اس بندہ کو بلا کر فرمایئے کہ تیرا نفس کو زجر توبیخ اور ملامت کرنا میرے نزدیک چالیس سال کے روزوں سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

خورندہ کہ خیرے برآید زدست　　بہ از صائم الدہر دنیا پرست

(اس روزہ دار دنیا پرست سے وہ روزہ نفلی نہ رکھنے والا بہتر جو دوسروں کو خیر اور بھلائی سے نوازتا ہے)

تفسیر صوفیانہ

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا اس کا معنی عام بھی ہے اور خاص بھی عام تو یہی ہے کہ یہ خطاب عام مومنین کو ہے یعنی جتنے لوگ اس آیت پر ایمان لائے اب معنی یہ ہوا کہ اے لوگو اسلام کے ظاہری اور باطنی شرائط کے ساتھ اسلام میں داخل ہو جاؤ اسلام کے منجملہ شرائط میں سے ایک وہ ہے جو حضور علیہ السلام نے فرمایا مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے اہل اسلام کو سلامتی ہو اور مومن وہ ہے کہ جس کے شر سے اہل ایمان کو امن ہو اور معنی خاص یہ ہے کہ آیت میں خطاب خاص ہے یعنی اس میں حضرت انسان کے تشخص اور اس کے جمیع اجزا ظاہرہ و باطنہ کو خطاب ہے اس لئے انسان پر لازم ہے کہ اپنے ہر عضو کو اسلام میں داخل کرے مثلاً آنکھ کو دیکھنے کے اسلامی عمل میں اور کان کو سننے اور منہ کو کھانے اور فرج کو شہوات اور ہاتھ کو پکڑنے اور پاؤں کو چلنے میں مشغول رکھے اور ان اعضاء کا اسلام میں داخل کرنے کا معنی یہ ہے کہ ہر ایک عضو امر الٰہی میں بجالانے اور نواہی سے بچنے میں چست و چالاک ہو بلکہ جہاں تک ہو سکے لایعنی امور سے دور رہیں اور جو امور قابل عمل ہیں ان کے بجالانے کے درپے ہیں۔ یاد رہے کہ اجزاء ظاہرہ کو شرائع

marfat.com
Marfat.com

اسلام میں داخل کرنا تو منافق کو بھی حاصل ہے مقصد تو یہ ہے کہ اجزاء باطنہ کو شرائع اسلام میں داخل کیا جائے اور وہ یہ کہ دشمنان اسلام کے سامنے سینہ سپر ہو جائے اور کامل اکمل بزرگوں کے مراتب تک پہنچنے کی جدو جہد کرے باقی رہا نفس کے اسلام میں داخل ہونے کا معنی وہ یوں ہے کہ نفس اپنے صفات ذمیمہ کے کفر سے توبہ کرے اور اپنی من بھاتی باتوں کو یک لخت طلاق دے دے اور عبادت الٰہی میں مطمئن نظر آئے تا کہ اسے بھی اللہ تعالیٰ کے مخصوص بندوں اور مخلصین میں شمولیت کا استحقاق حاصل ہو جنہیں اللہ تعالیٰ نے یٰٓاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْٓ خطاب فرمایا یہ اور قبل کا اسلام میں داخل ہونے کا معنی یہ ہے کہ اسے نفس کے اخلاق رذیلہ سے پاک وصاف رکھے اور اسے روحانی اخلاق وعادات سے سنگارے اور روح کا اسلام میں داخل ہونے کا معنی ہے کہ اسے اخلاق الٰہی سے متصف کیا جائے اور احکام الٰہیہ سے متصف کیا جائے اور احکام ازلیہ کے سامنے سر جھکانے کی عادت ڈالی جائے اس پر تصرف جذبات الٰہیہ کا دباؤ ڈال کر ماسوی اللہ کے تعلقات اور ان کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھنے سے دور رکھا جائے اور اسلام میں داخل ہونے کا معنی یہ ہے کہ بندہ فانی فی اللہ اور باقی باللہ ہو جائے وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ یعنی شیطانی سیرت اور اس کے طریقے جیسے حق کا انکار اور تکبر کو نہ اپنائے کیونکہ یہ اسلام کے نقیض ہیں اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ تمہاری عداوت اس کے دل میں راسخ ہو چکی ہے فطرتی طور تم اور وہ ایک دوسرے کے مخالف ہو وہ تمہارے نور فطرتی کو نہیں مانتا بلکہ وہ خود بھی ناری الخلقت ہے اس لئے چاہتا ہے کہ تم بھی اس کی طرح بھٹک جاؤ نوری نہ رہو وہ تمہارا دوست نما دشمن ہے۔ فَاِنْ زَلَلْتُمْ جب کہ تمہارے پاس افعال الصفات کے تجلیات کے دلائل آ چکے ہیں۔ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ وہ عزیز ہے اس لئے کہ اپنی اس بلندی مرتبہ کی وجہ سے اپنی طرف کسی ذلیل اور کمینے کو راہ نہیں دیتا جو نہایت کمزور اور اہمیت اور ضعیف النظر ہو حَكِیْمٌ وہ ایسا حکیم ہے کہ وہ اپنی عزت کے پردوں کے قریب جسے چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے هَلْ یَنْظُرُوْنَ نہیں انتظار کرتے مگر اللہ تعالیٰ انہیں جلوہ دکھائے صفات قہریہ کے سایوں میں جو وہ بھی منجملہ ان صفات کے تجلیات سے ہیں جو ذات کے شمس کو چھپاتی ہیں یعنی قوی سماویہ کے ملائکہ اور لوح محفوظ میں ان کے ہلاک کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے فانی فی اللہ بن کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔

(کذافی العاویلات النجمیہ)

marfat.ocm
Marfat.com

سَلْ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ

بنی اسرائیل سے پوچھو ہم نے کتنی روشن نشانیاں انہیں دیں اور جو اللہ کی

اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ

آئی ہوئی نعمت کو بدل دے بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے ۔ کافروں کی

كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا

نگاہ میں دنیا کی زندگی آراستہ کی گئی اور مسلمانوں سے ہنستے ہیں اور ڈر والے

فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ كَانَ

ان سے اوپر ہوں گے قیامت کے دن اور خدا جسے چاہے بے گنتی دے ۔

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠

لوگ ایک دین پر تھے پھر اللہ نے انبیاء بھیجے خوشخبری دیتے اور ڈر سناتے

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا

اور ان کے ساتھ سچی کتاب اتاری کہ وہ لوگوں میں ان کے اختلافوں کا فیصلہ کردے

فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ

اور کتابوں میں اختلاف انہیں نے ڈالا جن کو دی گئی تھی بعد اس کے کہ ان کے پاس

الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

روشن حکم آچکے تھے آپس کی سرکشی سے تو اللہ نے ایمان والوں کو وہ حق بات سجھادی ہے جس میں جھگڑ رہے تھے

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

اپنے حکم سے اور اللہ جسے چاہے سیدھی راہ دکھائے ۔

marfat.com
Marfat.com

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ

کیا اس گمان میں ہو کہ جنت میں چلے جاؤ گے اور ابھی تم پر اگلوں کی روداد نہ آئی

خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ

پہنچی انہیں سختی اور شدت اور ہلا ہلا ڈالے گئے یہاں تک کہ

الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ

اٹھا رسول اور اس کے ساتھ کے ایمان والے کب آئے گی اللہ کی مدد سن لو بیشک اللہ کی مدد

قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ

قریب ہے۔ تم سے پوچھتے ہیں۔ کیا خرچ کریں تم فرماؤ جو کچھ مال نیکی میں خرچ کرو تو وہ

فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ

ماں باپ قریب کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور راہ گیر کے لئے ہے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ

اور جو بھلائی کرو بیشک اللہ اسے جانتا ہے۔ تم پر فرض ہوا خدا کی راہ میں لڑنا

وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى

اور وہ تمہیں ناگوار ہے اور قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں بری لگے اور وہ تمہارے حق میں بہتر ہو اور قریب ہے کہ کوئی بات

اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ ع ۲۶ ۱۰

تمہیں پسند آئے اور وہ تمہارے حق میں بری ہو اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

تفسیر عالمانہ

سَلْ یہ خطاب حضور نبی کریم ﷺ کو ہے یعنی اے رسول پوچھیے یا یہ خطاب ہر اس شخص کو ہے جو اس خطاب کا اہل ہے بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اے بنو اسرائیل اس سے وہ بنی اسرائیل مراد ہیں

marfat.ocm
Marfat.com

جو حضور اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں موجود تھے اور ان میں سے بھی وہ جواب سب کے سردار تھے کَمْ اٰتَیْنٰهُمْ ہم نے ان کے آباؤ اسلاف کو کتنے عنایت فرمائے مِنْ اٰیَةٍ ان کے انبیاء علیہم السلام کے ذریعے معجزات ظاہرہ۔

ف: اہل فہم کو معلوم ہے کہ معجزات اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوئے مثلاً موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور ان کا ہاتھ سفید ہو جانا اور من وسلوی کا نازل کرنا وغیرہ وغیرہ اور آیات سے ان کی وہ کتابیں جو آپ کے دین اسلام کی شاہد ہیں۔

کَمْ اٰتَیْنٰهُمْ یہ محلاً منصوب ہے یا مجروراً ضمنی کو مسئل کا مفعول ثانی ہے اس لئے کہ یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے پہلے کی طرف خود اور دوسرے کی طرف بواسطہ حرف جر یا عن یا باء سے جیسے کہا جاتا ہے سالته عن کذا و هکذاء اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَسْئَلْ بِهٖ خَبِیْرًا کبھی حرف جر محذوف بھی ہوتا ہے اسی قاعدے کے اعتبار سے اٰتَیْنٰهُمْ کو منصوب اور مجرور ہر دونوں طرح پڑھنا جائز ہے اور لفظ کم کی تمیز مِنْ اٰیَةٍ ہے۔

قاعدہ: نحوی قاعدہ ہے کہ جب کم اور اس کی تمیز میں فاصلہ ہو تو مِنْ کا لانا احسن وافضل ہے جیسے یہاں ہوا۔

ف: یہ سوال تقریع وتبکیت کا ہے جیسے قیامت میں کفار سے سوال ہوگا تو وہ بھی تبکیتا ہوگا نیز معجزات کے آنے کی تقریر بھی ہے یہ کم استفہامیہ خبریہ ہے اس لئے استفہام مراد نہیں۔

وَمَنْ یُّبَدِّلْ تبدیل بمعنی تغیر الشئی علی غیر ما کان علیه یعنی شئے کا اپنے اس حال سے ہٹا دینا جس پر وہ پہلے تھی یعنی وہ جو تبدیل کرتا ہے نِعْمَةَ اللہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یعنی اس کی آیات روشن اس لئے بھی ہدایت کا اصل ہیں اور ہدایت ہی تمام نعمتوں سے افضل نعمت ہے اور ان کا نعمت کو تبدیل کرنے کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات کو ان کے لئے اس لئے ظاہر فرمایا تا کہ یہی آیات ان کی ہدایت کا سبب ہو جائیں لیکن انہوں نے ان آیات کو گمراہی کا سبب بنا لیا۔ انہی کی وجہ سے وہ کافر ہو گئے اور ان نعمتوں کے شکر کو چھوڑ دیا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ اس کے بعد انہیں وہ نعمتیں نصیب ہوئیں اور وہ انہیں پہچان بھی چکے۔

سوال: آیات کے لئے جائتہ سے تصریح کیوں کی ہے حالانکہ ان کی تبدیلی قبل از وقت ناممکن ہوتی ہے۔

جواب: اس طرف اشارہ ہے کہ کفار نے ان آیات کو تفاصیل سے جاننے کے باوجود تبدیلی میں کسی قسم کی کسر نہ

marfat.com
Marfat.com

چھوڑی۔ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے یہ من شرطیہ کے جواب کی علت ہے گویا پوچھا گیا کہ وہ دنیا وآخرت کے سخت عذاب دینے والا ہے اور انہیں اللہ تعالیٰ نے دنیا میں قتل کرا کر عذاب دیا جیسے بنی قریظہ کا حشر ہوا اسی طرح انہیں جلا وطن کر دیا۔ جیسے بنو نضیر کے ساتھ ہوا اور قیامت میں جہنم کی آگ میں عذاب دیئے جائیں گے۔

مسئلہ: حضرت ابن المجید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا نعمت کو لاعلمی میں تبدیل کرنا بھی جرم ہے اور عمداً تبدیل کرنا تو اس سے زیادہ گناہ ہے اس لئے ان علماء کو سخت سزا ملے گی جو علم ہوتے ہوئے گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں بہ نسبت لاعلم اور جاہل لوگوں کے کیونکہ کبھی جہل کا عذر بھی قبول ہو جاتا ہے اگرچہ باب التکالیف میں عذر نا قابل قبول ہوتا ہے۔

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا کافروں کے لئے حیوۃ دنیا کی زینت دی گئی یعنی ان کی آنکھوں میں دنیا کی محبت حسین بنا دی گئی اور ان کے دل میں اس کی محبت راسخ کر دی گئی یہاں تک کہ اس محبت میں اندھے ہو گئے اور اس پر ٹوٹ پڑے ہیں اس کے غیر سے روگردان ہیں۔

سوال: تزئین کو اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں منسوب کیا گیا؟

جواب: اس کا خالق اور موجد وہی ہے خلق اور ایجاد کی نسبت کی حیثیت سے اس کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور ہے بھی ایسے ہی کہ کوئی شئے نہیں کہ جس کا خالق اللہ تعالیٰ نہ ہو وہ شیاطین ہو یا قوائے حیوانیہ دنیا میں جتنے ہی عجیب امور اور اچھی چیزیں ہیں سب کی سب عارضی طور پر مزین ہیں۔

وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور کفار مؤمنین فقراء سے ہنسی مذاق کرتے ہیں جیسے عبداللہ بن مسعود اور عمار اور صہیب اور بلال اور خبیب وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور انہیں رذیل سمجھتے ہیں اور انہیں کہتے ہیں کہ ان حضرات نے خواہ مخواہ ہی دنیا کی لذات کو ترک کیا اور عبادت سے اپنے نفوس کو نقصان میں ڈال رہے ہیں اور دنیا کی خوشیاں اور کرامات کو ترک کر رہے ہیں اس کا عطف زین پر ہے اور جملہ میں من ابتدائیہ ہے گویا ٹھٹھہ مخول کا آغاز کفار کی طرف سے ہوا وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور فقر کو اختیار اقبول کیا۔

marfat.ocm
Marfat.com

سوال: جب یہاں پر اطاعت اور اختیار فقر مراد ہے تو پھر اسے تقوی سے معنون کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: تا کہ اشارہ ہو جائے کہ اہل ایمان کا دنیا کا ترک اس کی خرابیوں کے ڈر سے ہے کہ وہ دنیا بہت سے دینی امور میں خلل ڈالتی ہے بلکہ جناب قدس تک پہنچنے نہیں دیتی اور اپنے میں ایسے مشغول کر دیتی ہے کہ لحہ بھر بھی یاد الٰہی کے لئے فرصت نہیں دیتی اس میں ایک اور اشارہ بھی ہے کہ ہاں قرب صرف اسے نصیب ہو سکتا یہ جو مومن متقی پرہیز گار ہو۔

فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ یعنی مؤمنین قیامت میں کفار سے مراتب میں بلند ہوں گے اس لئے کہ مومن اعلی علیین میں ہوں گے اور کفار اسفل السافلین میں اس اعتبار سے مومنین کو کفار پر حقیقی فوقیت حاصل ہوگی یا کہ مؤمنین اگرا کراماً واعزازاً بہت بلند مرتبہ پر ہوں گے اور مشرکین نہایت ہی ذلت وخوار میں۔ اس تقریر پر یہ فوقیت مجازی ہوگی اور یوم منصوب ہے اس فعل استقرار سے جو متعلق ہے وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ اور اللہ دارین میں جسے جو چاہتا ہے عطا کرتا ہے کثیر اور بے انداز اس لئے کہ اس ذات کو عطا کرنے میں شئے کے ختم ہونے کا کوئی خوف نہیں کیونکہ وہ غنی ہے اور اس کی مقدورات بھی لانہایت ہیں پھر وہ اپنی حکمت اور مشیت کے تحت و سعت فرماتا ہے چنانچہ بعض بندوں پر وسعت اس لئے ہوتی ہے کہ اسے چند روز مہلت مل جائے جیسے یہی کفار اور قارون اور ان جیسوں کو مہلت ملی اور ملتی رہتی ہے اور بعض لوگوں کو یہ وسعت کرامتہ نصیب ہوتی ہے جیسے اغنیاء مومنین سلیمان علیہ السلام اور ان جیسے دیگر حضرات ہے۔

حدیث شریف: میں ہے حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا میں بہشت کے دروازہ پر ٹھہر کر دیکھا کہ اس میں اکثر مساکین ہیں۔ پھر میں نے دوزخ کے اندر جھانکا تو اس میں اکثر عورتیں تھیں ادھر اچانک دوزخ کے دروازہ پر چند لوگ محبوس نظر آئے ان میں جو اہل نار تھے انہیں نار میں بھیجا گیا۔

حضرت حافظ شیرازی نے فرمایا۔

ازیں رباط دو در چون ضرورتست رحیل — رواق وطاق معیشت چہ سر بلند وچہ پست

نہست ونیست مرنجاں ضمیر وخوش دل باش — کہ نیست سرانجم ہر کمال کہ ہست

ببال وپر مرو ازرہ کہ تیر پرتابی — ہوا گرفت زمانے ولے بخاک نشست

marfat.com
Marfat.com

(**ترجمہ**: اس دو دروازے والی حویلی سے ہر ایک نے کوچ کرنا ہے خواہ کوئی بلند محلوں میں بسر کرے خواہ جھونپڑیوں میں فلہٰذا تمہیں اس میں خوشی دل ہو کر زندگی بسر کرنی چاہیے اس لئے کہ یہاں ہر کمال کو زوال ہے تم اس دنیا میں بلند پرواز بھی نہ کرو اس لئے کہ ہر بلند پرواز والے کو سختی سے تیر مار کر مٹایا جاتا ہے)

حکایت: سیدنا عیسی علیہ الصلوۃ والسلام سفر کر رہے تھے آپ کے ساتھ ایک یہودی تھا حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کے پاس تین سونے کے ٹکڑے تھے۔ وہ یہودی کو دے دیئے اور فرمایا نہیں محفوظ رکھنا بوقت ضرورت کام آئیں گے ان میں سے ایک قرص یہود نے صرف کر دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کو ضرورت محسوس ہوئی تو یہودی سے وہ قرص طلب کئے یہودی نے صرف دو قرص پیش کئے آپ نے فرمایا تیسرا قرص کہاں گیا یہودی نے کہا یہی تو تھے آپ خاموشی سے چل پڑے یہودی ساتھ تھا اثناء سفر میں یہودی نے آپ کے بڑے بڑے کمالات دیکھے اس پر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے اسے قسم دے کر فرمایا اب بتایئے وہ تیسرا قرص کہاں ہے یہودی پھر بھی انکار کر گیا آگے چل کر تین سونے کی اینٹیں ملیں آپ نے یہودی سے فرمایا ایک اینٹ میری اور دوسری تیری اور تیسری اس کی جس نے قرص خرچ کیا یہودی نے کہا وہ قرص میں نے ہی خرچ کیا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا اب میرے سے دفع ہو جب کہ تو نے اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے دیکھے اور قرص کھانے کا اقرار نہ کیا اب دنیا کے لالچ میں آ کر اقرار کر رہا ہے فلہٰذا تیرا اور میرا ساتھ نہیں نبھ سکتا آپ نے دو اینٹیں سونے کی یہودی کو دے دیں یہودی کو تین ڈاکو ملے انہوں نے یہودی کو قتل کر کے اینٹیں چھین لیں۔ ان تین ڈاکوؤں نے ایک کو طعام لینے کے لئے بھیجا جب وہ چلا گیا تو باقی دونوں نے مشورہ کیا کہ اسے آتے ہی قتل کر دیا جائے تا کہ اینٹیں ہم دونوں کو بچ جائیں طعام لینے والے نے خیال کیا کہ طعام میں زہر ملا دیا جائے جب وہ کھائیں گے تو مر جائیں گے اور اینٹیں میں ہی لے لوں گا جب وہ پاس لوٹا تو ان دونوں نے اسے قتل کر دیا اور بھوکے تھے طعام کو کھانے لگے اور طعام کھاتے ہی مر گئے۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام لوٹے تو دیکھا یہودی اور تینوں ڈاکو مرے پڑے ہیں اور سونے کی اینٹیں بچ گئی ہیں آپ متعجب ہوئے جبریل امین علیہ الصلوۃ والسلام حاضر ہوئے اور سارا واقعہ سنایا۔

تعلیق: دانا کو چاہیے کہ وہ کثرت دنیا سے دھوکہ نہ کھائے اور نہ ہی اس کے جمع کرنے کا اہتمام کرے بلکہ اس دنیا

marfat.ocm
Marfat.com

کی کھیتی میں نیک عمل کا بیج ڈالے تا کہ آخرت میں اس کا پھل اٹھائے اس لئے کہ دنیا آخرت کی کھیتی یہ نیز دنیا داروں کو بھی چاہیے کہ کثرت دنیا کے غرور سے فقیروں کو حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھیں اور نہ ہی ان سے ٹھٹھہ مخول کریں۔

کیونکہ یہ کفار کا طریقہ ہے۔ حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

چو منعم کند سفلہ را زروزگار　　نہد بر دل تنگ درویش بار

چو بام بلندش بود خود پرست　　کند بول و خاشک بر بام پست

(ترجمہ: جب کسی کمینے کو اللہ تعالیٰ دولت بخشتا ہے تو وہ غریبوں کو ستاتا ہے جب کسی نالائق کی چھت اونچی ہو تو وہ خس و خاشاک اپنے سے نیچے والوں پر ڈالتا ہے)

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کے دل پر ملکوت کا دروازہ کھولتا ہے تو اسے ملک وملکوت کی آیات دکھاتا ہے اگر اس سے وہ بندہ مغرور ہوتا ہے اور اپنے اس کمال سے عجب کرتا ہے تو وہ اپنے نفس کی مرادوں میں سے کسی مراد کو قبول کر لیتا ہے اس کی نحوست سے نفس کی موافقت اور اس کی رضا میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کو تبدیل کر لیتا ہے پھر اسے اللہ تعالیٰ سخت عذاب میں مبتلا کرتا ہے اس لئے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت کو بدلا اس لئے اس کے حال کو اللہ تعالیٰ بدل دیتا ہے اور اس سے دیا ہوا وہ کمال چھین لیتا ہے اس تقریر پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرمی تائید کرتا ہے (کمال قال)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ اللہ تعالیٰ کے شدت عذاب کا ایک نمونہ یہ ہے کہ جب گناہ صغیرہ کا مرتکب ہوتا ہے اور پھر اس سے وہ تائب نہیں بلکہ اس پر اصرار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے گناہ کبیرہ کے ابتلاء کی سزا دیتا ہے نیز اس کے شدت عذاب کا ایک نمونہ یہ ہے کہ کافر کو حیوۃ دنیا کی زینت دی جاتی ہے تو وہ اس میں دھوکہ کھا جاتا ہے جس کی وہ سے اس پر حب دنیا کا غلبہ ہوتا ہے پھر وہ ان ایمان والوں سے ٹھٹھہ مخول کرتا ہے فقراء سے دین کے پیشوا مراد ہیں اس کی علامت یہ ہے کہ اس عذاب میں مبتلا ہونیوالا اولیاء اللہ کی عیب چینی میں لگا رہتا ہے اور اولیاء اللہ کے ماننے والوں اور ان سے محبت کرنے والوں پہ طعن و تشنیع کرتا ہے (جیسے وہابیوں دیوبندیوں اور ان کی پارٹیوں کی عادت ہے) اس کا نتیجہ عنقریب وہ معلوم کر لیں گے۔ کہ وہ ظالم

marfat.com
Marfat.com

کون سی کروٹ بدلتے ہیں اور وہ لوگ جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف ہے وہ قیامت میں کافروں پر فوقیت رکھتے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اعلیٰ علیین کے درجات عنایت فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے اسفل سافلین کے درکات سے عذاب دیتا ہے جس کی نہایت ہی کوئی نہ ہو تو پھر اسے دینے سے کمی نہیں ہوتی اور نہ ہی اس کے ہاں کوئی حساب ہوتا ہے۔

ف: بغیر حساب کا معنی اور بھی ہے وہ یہ کہ بندوں کو دنیا میں دنیا کو عطا فرماتا ہے حرام سے سزا اور حلال سے جزاء ہاں جو انہیں آخرت میں میں عطا کرے اس کا کوئی حساب نہیں۔ (کذافی التاویلات النجمیہ)

تفسیر عالمانہ

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً تھے لوگ ایک ہی جماعت یعنی ایمان واتباع حق میں حضرت آدم سے لے کر نوح علیہ السلام تک متفق تھے اور ان دونوں حضرات کے مابین بیس قرن گزرے ہیں اور اکثر کے نزدیک ہر قرن اسی سال کا تھا۔ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ پس اللہ تعالیٰ نے انبیا کرام کو بھیجا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ دلالت کرتا ہے یعنی انبیاء علیہم السلام کو بھیجا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے لوگوں کے اختلاف کا فیصلہ کرے مُبَشِّرِيْنَ خوشخبری سنانے والے ہیں اس پر جو ایمان لاتا اور اطاعت کرتا ہے وَمُنْذِرِيْنَ اور عذاب سے ڈرانے والے اسے جو نافرمانی کرتا ہے وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ اور ان کے ساتھ کتاب بھی اتاری یا معنی یہ ہے کہ ان ہر ایک کے پاس کتاب ہوگی کتاب سے خاص کتاب مراد ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان پر ہر ایک کے پاس علیحدہ علیحدہ ہوگی بلکہ اس سے مراد یہ ہے ان پر مطلقاً کتاب نازل ہوئی اس لئے کہ ان میں بعض پیغمبر ایسے بھی تھے جن کے ہاں علیحدہ کوئی کتاب نہیں اتری تھی بلکہ وہ اپنے سابق انبیاء علیہم السلام کی کتابوں پر عمل کرتے اور کراتے۔

سوال: عمومی لحاظ سے یہی مطلب بنتا ہے کہ ہر نبی علیہ السلام کو علیحدہ علیحدہ کتاب ملی ہو اس لئے کہ ہم ضمیر کا تقاضا یہی ہے۔

جواب: قاعدہ کہ ضمیر کی عمومی حیثیت مطلب کہ کسی سے مخصوص گروہ کی طرف سے راجع کیا جاتا ہے یہاں بھی ایسے ہی ہوا جیسا کہ مقام کا تقاضا ہے۔

باقی سوال ہے اس کتاب کا کہ وہ حق سے ملتبس اور عدل وصدق اس پر گواہی دیتا ہے لِيَحْكُمَ تا کہ

marfat.ocm
Marfat.com

اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ لوگوں کے درمیان اس حق میں کہ جس میں انہوں نے اتفاق کے بعد اختلاف کیا وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ اور انہیں اختلاف کیا اس میں إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مگر ان لوگوں نے جو کتاب آسمانی دیئے گئے اور انہیں کتاب اسی لئے دی گئی تا کہ وہ اختلاف کو مٹائیں۔

سوال: اسے انزال کی بجائے ایتاء کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: تا کہ تنبیہ ہو کہ یہ لوگ شروع میں احکام کتاب کے حق پر پورا یقین آسمانی کتب کی حقانیت پر پورے طور واقفیت رکھتے تھے اسے ایتاء سے بیان کیا گیا اور یہ مطلب انزال سے حاصل نہیں ہو سکتا یعنی ان لوگوں نے کتاب کے امور کو برعکس کر دیا کہ کتب اس لئے اتاری گئیں تا کہ ان کا اختلاف مٹ جائے الٹا انہوں نے اس اختلاف کو مضبوط اور راسخ کر دیا۔

مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بعد اس کے ان کے پاس جنابت آئے لیکن ان کے باوجود ان میں اختلاف راسخ ہو چکا مَا اخْتَلَفَ سے متعلق ہے اور یہ جائز ہے جیسے عربی عبارات میں آتا ہے مثلاً ما قام الا زید یوم الجمعة یوم جمعہ کو قائم نہ رہا سوائے زید کے بَغْيًا بَيْنَهُمْ یہ مَا اخْتَلَفَ الخ کا مفعول لہ ہے یہ استثناء تینوں اشیاء سے متعلق ہے اصل عبارت یوں ہے وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ الـــخ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِنْ بَعْدِ الخ وما مکان الا اختلاف الا للغی یعنی ان کا اختلاف صرف بغاوت کی بنا پر ہے اور اس لئے کہ وہ دنیا کی محبت میں مبتلا ہیں اور اس لئے کہ ان پر حسد اور ظلم سوار ہے جیسے قابیل نے ہابیل سے کیا اس نے ہابیل اس لئے قتل نہیں کیا کہ اسے حق معلوم نہیں تھا۔ بلکہ قتل کیا تو صرف حسد کی بنا پر جو اسے اپنے بھائی پر تھا اور یہ حسد کی بیماری ہر زمانہ میں ہوتی ہے اور یہ فعل ان کے سردار کا تھا اور عوام تو اس کے توابع تھے اور ان کا ہر فعل ان کے روساء کی طرف منسوب ہوتا ہے اس سے معلوم ہوا اختلاف فی الحق دین کا ایک قدیمی معاملہ ہے۔

فَهَدَى اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو ہدایت دی جو کتاب پر ایمان لائے لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ یہ یھدی کے متعلق ہے اور ما موصولہ ہے اب معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس کی طرف ہدایت دی جو اس میں انہوں نے اختلاف کیا مِنَ الْحَقِّ حق سے موصولہ کا بیان ہے باذنہ اللہ تعالیٰ کے اذن اور امر اور آسان کر دینے اور لطف اور نیک ارادہ اور رحمت سے یہاں تک کہ انہوں نے نور توفیق کے ساتھ باطل سے حق کو دیکھ لیا۔

marfat.com
Marfat.com

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اور جسے اللہ چاہتا ہے سیدھی راہ پر چلاتا ہے اور پھر اسے گمراہی کی راہ پر چلنے نہیں دیتا۔ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

ربط: یہ خطاب حضور اکرم ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہے سابقہ نبیوں سے اختلاف کا ذکر کر کے اب نبی اکرم ﷺ اور آپ کے غلاموں کو خطاب فرمایا تا کہ ان کی بہادری بڑھے اور کفار کی مخالفت پر صبر کرنے میں ثابت قدمی کا درس سیکھیں کہ صبر کا انجام کامیابی ہی ہے۔

ف: یہ ام منقطعہ ہے اور اس میں لفظ بل اور ہمزہ مقدر یہ بعض نے کہا کہ یہ اس خبر سے جو پہلے بیان ہوئی ہے سے عارض ہے اور اس انکار کی طرف رجوع ہے جو ہمزہ استفہام سے مفہوم ہوتا ہے اب معنی یہ ہوا کہ تمہیں لائق نہیں کہ تم گمان کر دیا مطلب یہ ہوا کہ مسلمانو! تم کیوں گمان میں مبتلا ہوئے۔

وَلَمَّا يَاْتِكُمْ اور حال یہ کہ تمہارے پاس نہیں آئی مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا ان لوگوں کی کہاوت جو تمہارے سے پہلے گزرے ہیں یعنی طریقہ ان لوگوں کا جو تمہارے سے پہلے گزرے ہیں مِنْ قَبْلِكُمْ تمہارے سے پہلے گزرے ہیں۔ یعنی انبیا علیہم السلام اور ان کے ساتھ جو مومنین تھے جیسے تم مبتلا ہوئے ہو اس طرح وہ لوگ بھی مبتلا ہوئے تھے اس میں فضیحہ وشدۃ کی تمثیل مقصود ہے اگر چہ تمہیں ان کی طرح تکالیف ومصائب نہیں پہنچیں۔ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ سابقہ مضمون کا بیان ہے لیکن جملہ مستانفہ کی صورت میں گویا سوال ہوا کہ ان کی کہاوت کیا ہے اور ان کا عجیب حال کیسا ہے تو فرمایا پہنچا انہیں سخت خوف اور سخت فاقے وغیرہ وَالضَّرَّآءُ یعنی درد اور بیماریاں وَزُلْزِلُوْا اور انہیں جو سختیاں اور درد پہنچے ان کی وجہ سے وہ بہت زیادہ بلائے گئے حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ یعنی ان کا معاملہ اتنا سنگین ہو چکا تھا کہ وہ اضطراب کے اظہار پر مجبور ہو گئے یہاں تک کہ رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے معاملات کو بہت ماننے والے ہوتے ہیں اور مومنین بھی جو صحیح طور پر رسول خدا ﷺ کے نقش قدم پر چلنے اور ان کے انوار کی چمک پانے والے ہوتے ہیں مَتٰى كب آئے گی نَصْرُ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کی وہ مدد جس کا اس نے ہمیں وعدہ دیا مدد طلب کرتے اور اس کی آرزو کے اظہار میں یہی کہتے کہ ان کو دکھ اور تکلیف اٹھاتے بڑی مدت گزر گئی ویسے بھی دکھ اور درد کا وقت اگر چہ تھوڑا ہو طویل محسوس ہوتا ہے اسی لئے مدد الٰہی کو دیکھ کر انہوں نے کہا اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ خبر

marfat.ocm
Marfat.com

دار بے شک اللہ تعالیٰ کی مدد قریب یہ چونکہ انہوں نے مدد مانگی اور جلد ملنے کی تمنا کی اس لئے کہ ان کی تمنا پوری کرنے پر نہ صرف فرمایا بلکہ وعدہ پورا کر کے دکھایا یعنی میں اپنے دوستوں کا مددگار ہوں اور میری مدد ان کے قریب ہے یہ اس لئے فرمایا کہ جب وعدہ ہو گیا تو وہ پورا ہو کر رہے گا یہ بھی گویا سوال کا جواب ہے سوال یہ ہے کہ مدد الٰہی قریب ہے یا بعید اس پر فرمایا۔ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ الخ

سوال: آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ سوال کا جواب ہے؟

جواب: قرینہ بتاتا ہے وہ قرینہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مدد الٰہی قریب ہے قرب کی خبر دینا پتہ دیتا ہے کہ اس سے کسی کے سوال کا جواب دینا ہے۔

سوال: ممکن ہے کہ سوال اصل مدد کے بارے میں ہو؟

جواب: اگر اصل مدد کے بارے میں سوال ہوتا تو عبارت اس طرح نہ ہوتی اور یہ عبارت اس سوال کے مطابق بھی نہیں حالانکہ سوال اور جواب کی عبارت میں تطابق ضروری ہے۔

تقریر دلپذیر: آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ جب تک انسان خواہشات نفسانیہ اور لذات دنیویہ نہیں چھوڑے گا اور شدائد و ریاضات پر صبر نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ تک پہنچنا مشکل ہے چنانچہ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔

فلک مشام سے خوش کند بوئے مراد　　کہ خاک معرکہ باشد عبیر و عنبر او

(ترجمہ: فلک اس کو بامراد ہے جو مصائب و تکالیف کو اپنے لئے راحت جان سمجھے)

حکایت و حدیث: حضرت خباب بن ارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کفار و مشرکین کی تکالیف پیش کیں۔ آپ نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ تمہارے سے پہلے امتوں کو بہت بڑی سخت تکالیف دی جاتیں تب بھی وہ اپنے دین سے نہ ہٹے انہیں ایسے عذاب میں مبتلا کیا جاتا کہ ان کے مرد کے سر پر آرہ رکھا جاتا تو اس کا جسم دو ٹکڑے ہو جاتا اور کسی کے سر پر لوہے کا کنگھار کھا جاتا تو ہڈیاں گوشت اور پٹھے علیحدہ علیحدہ ہو جاتے پھر بھی اپنے دین پر جمے رہتے ہمارے اس امر یعنی اسلام پر احسان فرمائے گا کہ تمہارا سوار صنعاء سے حضر موت تک اکیلا چلا جائے گا اس وقت اسے سوائے خدا تعالیٰ کے کسی کا

marfat.com
Marfat.com

خوف وخطرہ نہ ہوگا اور ایک وقت آئے گا کہ بکری کو بھیڑیئے سے کوئی خوف نہ ہوگا لیکن تم پر معاملہ میں عجلت کرتے ہو گذشتہ دور میں نبی جو اپنی امت کے لئے مبعوث ہوتے تو انہیں جب مصائب وتکالیف کا سامنا ہوتا تو کہتے مَتٰی نَصْرُاللّٰہِ اللہ تعالیٰ کی مدد کب آئے گی۔

ف: حضور نبی اکرم ﷺ کو بھی ایک موقع ایسا درپیش ہوا وہ فتح مکہ سے پہلے آپ کو تکالیف ومصائب پہنچے آپ نے یوم احزاب میں جب کہ آپ کے صحابہ کرام کے صبر کا جام لبریز ہوا اور آپ کو بھی طرح طرح کی تکلیفیں پہنچیں تو اللہ تعالیٰ سے فتح ونصرت کی دعا مانگنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے بہترین ہوا بھیجی اور کفار کے مقابلہ کیوقت اپنا لشکر لینے ملائکہ کرام کو بھیجا جس کی وجہ سے کفار ومشرکین کو شکست ہوئی۔

ف: حضور نبی کریم ﷺ کی منجملہ تکالیف وشدائد کے ایک خندق کا موقع بھی ہے جب کہ مسلمانوں کی سخت سے سخت تکلیف کے علاوہ شدید خوف اور سردی اور رزق کی تنگی اور مختلف قسم کے دکھ پہنچے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ) بہرحال انہیں جو دکھ اور مصائب یہود ونصاریٰ سے پہنچے اور جتنی تکلیفیں انہیں منافقین ومشرکین وغیرہ سے پہنچیں کہ ہر ممکن مسلمانوں کو پریشان کرنے کی کوشش کی جاتی خصوصاً مکہ مکرمہ مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کا دور بہت بڑا پرفتن تھا لیکن ان حضرات نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیا ان حضرات کے ان واقعات سے ہمیں عبرت حاصل کرنی چاہیے ان کی طرح ہمیں بھی اسلام کی راہ میں درد وآلام میں صبر وتحمل سے کام لینا چاہیے۔

تنبیہ: ہمارا زمانہ بھی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ جیسے آلام ومصائب سے کم نہیں جب کہ ہمیں اسلامی روایات پر عمل کرنے کی وجہ سے عوام سے قسم قسم کی طعن وتشنیع سنائی دیتی ہے۔ ہمیں ان کی طعن وتشنیع سے صبر کرنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ مصائب وآلام سب سے زیادہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام پر ہوتے ہیں ان کے بعد ان کی اتباع میں اولیاء اللہ کو پھر اسی طرح جتنا ہی قرب نبوت سے ہوگا اتنا قدر مصائب وآلام پہنچیں گے کسی نے فرمایا۔

غبار لازمہ سیاہ بود صائب　　اماں ز حادثہ آسمان بہ مخواہی

(ترجمہ: مکھی پر غبار کا ہونا لازمی ہے اور تم بھی ایسے ہوتو آسمان کے مصائب سے پناہ مانگنے کا کیا معنی)

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ تاویلات نجمیہ شریف میں ہے كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً (الآیۃ) جتنی گندی عادت انسانوں میں پائی جاتی ہیں یہ سب ان کے لئے عارضی ہیں اس لئے کہ جب روز میثاق میں اللہ تعالیٰ کے سامنے ایمان واسلام کی گواہی دی تھی تو سب کے سب نیک اور برابر تھے اور جب پیدا ہوئے تو فطرت انسانی پر تھے یعنی ان میں برائی تھی۔ چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہر بچہ فطرت اسلامی پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں۔

جواب ۱: کفر کسی کی تقلید سے حاصل ہوتا ہے اور ایمان حقیقی ہوتا ہے اسے کسی کی تقلید کی ضرورت نہیں ہوتی۔

جواب ۲: اصلی ابوین ستارے اور اربع عناصر ہیں ان کی وجہ سے اسلام کو بھی عارضی کہا گیا خلاصہ یہ کہ بچہ اپنے ماں باپ کی تربیت پر چلتا ہے ان کی تربیت سے جادہ حق اور صراط مستقیم سے بھٹکتا ہے اگرچہ انبیاء کرام علیہم السلام کو ہادی مطلق کی ہدایت سے عصمت ہوتی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے لئے فرمایا وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى معلوم ہونا چاہیے کہ ہر ایک کے لئے سعادت شقاوت کی تقدیری کتاب ہوتی ہے چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کوئی بھی ایسا نہیں جسے کتاب میں نہ لکھ دیا جاتا ہو کہ وہ اہل جنت سے ہے یا اہل نار سے اور اسے لکھا جاتا ہے کہ یہ سعید ہے یا شقی صحابہ کرام نے عرض کی تو پھر ہمیں اس لکھی ہوئی تقدیر پر بھروسہ کرنا چاہیے عملی کی ضرورت ہی کیا ہے۔ آپ نے فرمایا عمل کی بڑی ضرورت ہے اس لئے کہ جو بھی کسی کی اہلیت رکھتا ہے اسے اس کے عمل کی توفیق ملتی ہے جو اہل شقاوت سے ہوتا ہے وہ اہل شقاوت کے اعمال میں منہمک ہوتا ہے اور اگر وہ اہل سعادت سے ہوتا ہے تو نیک اعمال کی طرف لگا رہتا ہے۔

سبق: سالک کے لئے ضروری ہے کہ وہ ترک وتجرید کرے اور فقر وفقیری کے شدائد کو نبھائے یہاں تک کہ اسے جمال الٰہی کی جنت اور دار القرار کا داخلہ نصیب ہو اس پر انہیں جواب میں طویل مدت نہیں رہنا پڑے گا۔ اور کثرت جہاد سے صبر کا پہاڑ مشاہدہ جمال اور ذوق وصال سے حائل نہ ہوگا انہوں نے اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کی تجلی کے ساتھ نفوس کے صفات کے قلع قمع کے لئے مع قوت صبر اور اس پر حوصلہ کرنے کے جو ان کا محبوب انہیں کہتا اور ان کے لئے ارادہ کرتا ہے یہاں تک کہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی مدد پہنچی تو ان کے حجابات اٹھ جاتے ہیں اور جمال الٰہی کے انوار روشن ہوتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

جیسے حضرت خواجہ غلام فرید قدس سرہ نے فرمایا ۔

کھولی عشق کلیدوے ہر وقت یار تے دیدوے

(یعنی عشق کی چابی نے پردے ہٹائے تو اب میری نگاہ ہر وقت یار پہ ہے)(اویسی غفرلہ)

تفسیر عالمانہ

يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ اپنے اموال میں سے کون سی چیز کو خرچ کریں۔

شان نزول: یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب کہ نبی کریم ﷺ نے صدقہ دینے کی ترغیب دلائی تو عمر بن جموع (جو بہت بڑا آدمی تھا) نے سوال کیا اور اس کا بہت بڑا مال تھا۔ عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم اپنے اموال میں سے کیا خرچ کریں تو یہ آیت نازل ہوئی۔

قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فرمایئے اے پیارے رسول ﷺ بھلائی میں سے جو بھی خرچ کرو گے یہ خرچ کا بیان ہے۔

سوال: مال کو خیر سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: مال کا حق یہ ہے کہ اسے خیر میں خرچ کیا جائے اس اعتبار سے وہ مال سب کا سب خیر ہی خیر ہے

فَلِلْوَالِدَيْنِ پس اولاً ماں باپ پر۔

سوال: یہ جواب سوال کے مطابق نہیں سوال تو انہوں نے کیا تھا کہ اپنے اموال میں سے کونسا مال خرچ کریں جواب دیا گیا مصرف کے متعلق؟

جواب: مال کے خرچ کرنے کا کوئی اعتبار نہیں جب تک کہ اس کا مصرف صحیح نہ ہو۔

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى اور وہ لوگ جو رشتہ میں زیادہ قریب ہیں اور یتامی بشرطیکہ وہ محتاج بھی ہوں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اور مساکین و مسافرین۔

سوال: اس میں سائلین اور گردن آزاد کرنے کا ذکر نہیں حالانکہ وہ بھی اموال کا مصرف ہیں۔

جواب ۱: چونکہ ان کا ذکر دوسرے مقامات پر آچکا ہے اسی پر اکتفا کیا گیا۔

جواب ۲: اگلے مضمون کے عموم کے تحت یہ بھی شامل ہیں چنانچہ فرمایا وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ اور وہ جو تم عمل میں

marfat.ocm
Marfat.com

لاتے ہو خیر سے یہ تمام نیکی کی مصارف کو شامل ہے۔

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ یعنی جو بھی خیر کا کام کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی حقیقت کو جانتا ہے اور اس کا ثواب دیتا ہے۔

مسئلہ: اس آیت میں والدین کے ساتھ نیکی اور صلہ رحمی علی سبیل التطوع ہر ذی حاجت کی حاجت پوری کرنے کی ترغیب ہے۔

ف: یہ آیت زکوٰۃ اور اس کے مصارف کے منافی نہیں جو دوسرے مقام پر فرمایا اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اس کا تفصیلی بیان دسویں پارہ میں آرہا ہے۔ فرض کیا گیا ہے عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ تم پر جہاد یعنی تمام کفار (حربی) کے ساتھ جہاد کرنا تمہارے اوپر فرض ہے۔

مسئلہ: جمہور کے نزدیک جہاد فرض کفایہ ہے جیسے نماز جنازہ اور سلام کا جواب دینا فرض کفایہ ہے وَهُوَ حالانکہ وہ جہاد كُرْهٌ لَّكُمْ تم پر شاق ہے اور تمہاری طبیعتیں اس سے کراہت کرتی ہیں۔

فائدہ: کرہ مصدر ہے بمعنی کراہت۔

سوال: اسے مصدر کے ساتھ کیوں لایا گیا؟

جواب: مبالغہ مطلوب ہے گویا یہ جہاد فی نفسہ کراہت ہے اس لئے کہ لوگ اس سے سخت کراہت کرتے ہیں اور اس کی کراہت طبیعتوں کی نفرت کی وجہ سے ہے اس لئے کہ مال کا خرچ کرنے کے علاوہ نفس کو مشقت میں ڈالنا پڑتا ہے اور روح اس سے اکتا جاتی ہے اور اس کا مطلب نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کراہت کی اور طبعی کراہت مذموم نہیں بلکہ اس میں عبودیت کا معنی متحقق ہو جاتا ہے جب کہ اس پر حکم شرع مان کر عمل کیا جائے تا کہ باوجود یہ کہ طبیعت نفرت کرتی ہے لیکن پھر بھی عمل کیا جا رہا ہے۔

مسئلہ: اسے اعتقادی صورت میں مکروہ سمجھنا منافقین کا کام ہے۔

وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا بہت سی چیزوں کو تم مکروہ سمجھتے ہو اس سے وہ امور مراد ہیں جن میں تکالیف اور مشقت و منجملہ ان کے جہاد بھی ہے وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اور حالانکہ اس میں تمہاری بھلائی ہے اس کے لئے جہاد میں دو بھائیوں میں سے ایک کا ہونا لازمی ہے۔ فتح و نصرت اور اس پر حصول مال غنیمت، شہادت اور اس پر جنت۔

marfat.com
Marfat.com

قاعدہ: کلمہ عَسٰی بمعنی لعل ہے اس کی نسبت بندوں کی طرف ہو تو بمعنی ترجی یعنی امید رکھنا اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو بمعنی ترجتہ بمعنی امید لانا۔

وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا اور بہت سی چیزوں سے تم محبت کرتے ہو اس سے وہ تمام امور لذیذہ مراد ہیں جن سے روکا ہے۔ منجملہ ان کے جہاد بھی ہے۔ وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ اور اس میں تمہاری خرابی ہے اس لئے اس میں ایک تو غنیمت اور اجر و ثواب سے محروم ہو جاؤ گے دوسرا تمہارے اوپر دشمنوں کو غلبہ ملے گا اور پھر وہ تمہارے شہر کو تباہ و برباد کریں گے۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ اس میں تمہاری دینی اور دنیوی بھلائی ہے اسی لئے تمہیں اس کا حکم دیتا ہے۔ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور اسے تم نہیں جانتے اسی لئے تو تم اس سے کراہت کرتے ہو۔

مثنوی شریف میں ہے۔

مالتصوف قال و جدان لفر ح	فی فوادی عند ایتان الترح
جملہ و رز نجیر بیم و ابتلاء	میر وند ایں راہ بغیر اولیاء

(**ترجمہ**: تصوف کیا ہے قلبی فرحت جو روحانی سرور سے نصیب ہوتی ہے یہی تصوف ہے دنیا میں ہر ایک خوف و ہراس میں مبتلا ہے سوائے اولیا کرام کے) یعنی مقلد تو بارگاہ حق تک اضطرار سے پہنچتا ہے لیکن ولی اللہ کو یہ اضطرار نہیں۔

ف: سیدنا ذوالنون مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ خلق خدا کو چھ چیزوں سے تباہی و بربادی پہنچتی ہے۔

۱۔ عمل کے لئے نیت کی غلطی

۲۔ بندے جب اپنے جسموں کو شہوات میں ڈال دیں۔

۳۔ باوجود یہ کہ جانتے ہیں کہ آخر مرنا ہے لیکن آرزو اور حرص و ہوا میں مبتلا ہو جائیں۔

۴۔ خالق کی مرضی پر مخلوق کی رضا کو ترجیح دیں۔

۵۔ خواہشات نفسانیہ سے پیار اور سنت نبویہ علی صاحبا السلام کو پس پشت ڈال دیں۔

۶۔ اسلاف کی معمولی غلطی پر اپنی ضروریات کے لئے دلیل بنائیں لیکن ان کے مناقب اور اچھے اعمال کی پیروی نہ کریں۔

سبق: دانا پر لازم ہے کہ وہ اپنے نفس اور طبیعت کے ساتھ جہاد کرے تا کہ اس سے خواہشات و شہوات اور

marfat.ocm
Marfat.com

بدعات دور ہوں اور اس کے دل پر کتاب وسنت کی محبت غلبہ کرے۔

حکایت: سیدنا ابراہیم الخواص رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں جبل لکام میں تھا دیکھا کہ انار پر بہت سے بھڑ جمع ہیں میری خواہش ہوئی کہ میں بھی اس سے کچھ لے لوں چنانچہ آگے چل کر ایک انار اٹھایا اور اسے چیرا تو وہ کھٹا نکلا اسے چھوڑ کر میں آگے چلا تو ایک مرد کو زمین پر پڑا ہوا دیکھا کہ اسے بھڑ چمٹے ہوئے ہیں میں نے کہا السلام علیک اس نے کہا وعلیک السلام یا ابراہیم میں نے پوچھا جناب آپ نے مجھے کیسے پہچانا انہوں نے فرمایا من عرف اللہ لا یخفی علیہ شی جسے اللہ تعالیٰ کی معرفت نصیب ہوتی ہے اس سے کوئی چیز اوجھل نہیں ہوتی میں نے کہا جب اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کا اتنا بڑا مرتبہ ہے تو اس سے سوال کیوں نہیں کرتے تا کہ وہ آپ کو ان بھڑوں سے بچائے انہوں نے فرمایا تم کیوں نہیں اس سے سوال کرتے کہ وہ تمہیں انار کی شہوات نفسانی سے بچائے پھر فرمایا یاد رکھیے کہ انار کی ڈنس کا درد انسان کو آخرت میں محسوس ہوگا اور بھڑ کے ڈنس کا درد صرف دنیا میں ہوتا ہے اس ولی اللہ کو اس حال میں چھوڑ کر چلا گیا۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

مبر طاعت نفس شہوت پرست — کہ ہر ساعتش قبلہ دیگر است

کند مرد نفس امارہ خوار — اگر ہوشمندی عزیزش مدار

(**ترجمہ:** نفس شہوت پرست کا کہنا مت مان اس لئے کہ نفس کا ہر لحظہ نیا قبلہ ہوتا ہے نیک بخت مردود ہے جو نفس امارہ کو ذلیل وخوار رکھتا ہے تمہیں بھی اگر عقل ہے تو نفس سے پیار مت کرو)

تفسیر صوفیانہ تاویلات قاشانیہ شریف میں ہے کہ تمہارے اوپر نفس وشیطان کا مقابلہ کرنا فرض ہے اور یہ تمہارے لئے مکروہ محسوس ہوتا ہے یعنی اندرائن سے زیادہ کڑوا اور شیر کے حملہ سے بھی زیادہ حملہ محسوس کرتے ہو حقیقی جہاد یہ ہے کہ وجود مجازی کو درمیان سے ہٹا دیا جائے اسلئے کہ یہ عبد اور رب تعالیٰ کے درمیان آڑ ہے جیسا کہ منقول ہے کہ تیرا وجود خود گناہ ہے پھر اس سے دیگر اور گناہ کیا ہوگا اس طرح حضرت منصور رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا۔

بینی و بینک انی قد یز حمنی — فارفع بجودک لمی من البین

marfat.com
Marfat.com

(ترجمہ: اے اللہ میرے اور تیرے درمیان میں خود حجاب ہوں براہ کرم مجھے درمیان سے ہٹادے)

اور بہت سی چیزوں کو تم مکروہ سمجھتے ہو حالانکہ اس میں تمہاری بھلائی ہے اس لئے کہ وہی وجود خواہشات اور لذات کے درمیان حجاب ہے اس سے جو اسی کے اندر خیر کثیر اور لذت عظیمہ روحانیہ ہے یہی شدت شریعہ الا نقضاء حقیر سمجھی جاتی ہے بہ نسبت اسی خیر باقی اور لذت سرمد کے اور بہت سی چیزوں سے تم محبت کرتے ہو یعنی لذات جسمانیہ اور تمتعات نفسانیہ سے اور وہ تمہارے نفس کے لئے بری ہیں کہ وہ نفس لذات روحانیہ سے محروم ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کراہت نفوس میں اور راحت قلوب میں رکھی گئی ہیں اور تم نہیں جانتے ہو کہ حیات قلوب نفوس کو ہٹانے میں ہے اور حیات نفوس قلوب کے مٹانے میں ہے جیسے کسی نے کہا ہے۔

اقتلو نی یا ثقاتی ان فی قتلی حیاتی

(ترجمہ: اے میرے دوستو! مجھے مار ڈالو اس لئے کہ میری دائمی زندگی میری موت میں ہے)

مثنوی شریف میں ہے۔

خنجر شمشیر شد ریحان من مرگ من شد بزم و نرگسدان من

(ترجمہ: میری ریحان خود میری خنجر و شمشیر ہے میری بزم و نرگستان ہی میری موت ہے۔

marfat.ocm
Marfat.com

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ

تم سے پوچھتے ہیں ماہ حرام میں لڑنے کا حکم تم فرماؤ اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۡ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ

اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس پر ایمان نہ لانا اور مسجد حرام سے روکنا اور اس میں بسنے والوں کا نکال دینا

اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

اللہ کے نزدیک یہ گناہ اس سے بھی بڑے ہیں اور ان کا فساد قتل سے سخت تر ہے اور ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے

حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ

یہاں تک کہ تمہارے دین سے پھیر دیں اگر بن پڑے اور تم میں جو کوئی اپنے دین سے پھرے

دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

پھر کافر ہوکر مرے تو ان لوگوں کا کیا اکارت گیا دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور آخرت میں اور وہ دوزخ والے ہیں انہیں اس میں ہمیشہ رہنا ۔ وہ جو

اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ يَرْجُوْنَ

ایمان لائے اور وہ جنہوں نے اللہ کے لئے اپنے گھربار چھوڑے اور اللہ کی راہ میں لڑے وہ رحمت الٰہی

رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ

کے امیدوار ہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ تم سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں

قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ

تم فرمادو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے کچھ دنیوی نفع بھی اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے

marfat.com
Marfat.com

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ

اور تم سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں تم فرماؤ جو فاضل بچے اسی طرح اللہ تم سے آیتیں

الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ

بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم دنیا اور آخرت کے کام سوچ کر کرو ۔ اور تم سے یتیموں کا

الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

مسئلہ پوچھتے ہیں تم فرماؤ ان کا کھلا رہنا بہتر ہے اور اگر اپنا ان کا خرچ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں

يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اور خدا خوب جانتا ہے بگاڑنے والے کو سنوارنے والے سے اور اللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈالتا

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ

بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ اور شرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک مسلمان نہ ہو جائیں اور بیشک مسلمان لونڈی

خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ

مشرکہ سے اچھی ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتی ہو اور مشرکوں کے نکاح میں نہ دو جب تک وہ ایمان نہ لائیں

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ

اور بیشک مسلمان غلام مشرک سے اچھا ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتا ہو وہ

اِلَى النَّارِ ۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ

دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے اپنے حکم سے اور اپنی آیتیں

اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

لوگوں کے لئے بیان کرتا ہے کہ کہیں وہ نصیحت مانیں ۔

marfat.ocm
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ آپ سے حرام کے مہینوں کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

شان نزول: مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے پھوپھی زاد حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو بدر کی جنگ سے دو ماہ قبل جمادی الاخری میں بھیجا جب کہ آپ مدینہ تشریف لائے ان کے ساتھ آٹھ حضرات (مہاجرین میں سے) بھیجے وہ آٹھ حضرات یہ تھے۔

۱۔ سعید بن ابی وقاص الزہری ۲۔ عکاشہ بن محصن الاسدی

۳۔ عتبہ عزوان السلمی ۴۔ ابو حذیفہ بن ربیعہ

۵۔ سہیل بن بیضا ۶۔ عامر بن ربیعہ

۷۔ واقد بن عبداللہ ۸۔ خالد بن بکیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم

ان کے امیر یعنی حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک تحریر لکھ کر فرمایا اس تحریر کو لے کر اللہ تعالیٰ کے نام سے چلئے لیکن اسے کھول کر نہ دیکھنا دو یوم کے بعد اسے کھولنا جب کہیں آرام کے لئے اترو اور اس کا مضمون اپنے تمام ساتھیوں کو سنا دینا اور اس میں جو حکم مکتوب ہو اس پر عمل کرنا لیکن اپنے ساتھیوں کو اس پر مجبور نہ کرنا جس کی مرضی آئے تیرا ساتھ دے جو نہ چاہے وہ مختار ہے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ تحریر لے کر چل پڑے اور حسب الارشاد دوسرے دو زوہاں جا کر کھولا جہاں آرام کے لئے ٹھہرے اس میں لکھا ہوا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اما بعد فر علی برکۃ اللہ لمن تبعک من اصحابک
حتی تنزل بطن نخلۃ نرصد بھا عیر قریش لملک ان تاتینا منھا بخبر
(اللہ کا نام لے کر چلئے یہاں تک کہ جب بطن نخلہ (مقام کا نام) میں پہنچو وہاں
قریش کا قافلہ ملے گا امید ہے اس میں تم بھلائی لے کر واپس لوٹو گے)

جب حضرت عبداللہ نے تحریر پڑھی تو کہا سمعا و طاعۃ مجھے یہ حکم بدل و جان قبول ہے اپنے ساتھیوں سے کہا اب تمہاری مرضی میرے ساتھ چلو ورنہ تمہیں اختیار ہے مجھے روکا گیا ہے کہ میں تمہیں اس امر پر مجبور کروں سو جو واپس جانا چاہے تو میری طرف سے اجازت ہے یہ کہہ کر چل پڑے اور آپ کے ساتھی بھی آپ کے

marfat.com
Marfat.com

ساتھ ہو لئے کوئی ایک بھی پیچھے نہ رہا یہاں تک کہ مقام قرع (حجاز میں ایک مقام کا نام ہے جسے بحران کہا جاتا ہے) تھوڑی دیر کے لئے بیٹھے یہاں حضرت سعد بن ابی وقاص اور عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اونٹ گم ہو گئے یہ دونوں ان کی تلاش کرنے لگے اس وجہ سے یہ بچھڑ گئے لیکن باقی حضرات حضرت عبداللہ بن جحش کے ساتھ چلتے رہے۔ یہاں تک کہ بطن نخلہ میں پہنچ گئے بطن نخلہ (مکہ معظمہ اور طائف کے درمیان واقع ہے) یہ حضرات جب یہاں پہنچے تو ان کے ساتھ قریش کا قافلہ بھی پہنچ گیا یہ لوگ طائف سے کشمش اور گندم اور دیگر تجارتی سامان لے کر آرہے تھے وہ بھی یہاں بطن نخلہ میں آرام کے لئے اترے ان میں عمر بن الحضرمی اور حکیم بن کیسان مولی ہشام بن المغیرہ اور اس کا بھائی نوفل بن عبداللہ مخزومی تھے جب انہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کے غلاموں کو دیکھا تو گھبرا گئے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ مشرکین ہمیں دیکھ کر ڈر گئے ہیں فلہٰذا اپنے میں سے کسی ایک کا سر مونڈ دو اور وہ ان کے پیچھے پڑ جائے چنانچہ ان حضرات نے حضرت عکاشہ کا سر مونڈا اور وہ ان مشرکین کو جھانک کر دیکھنے لگے تو انہوں نے کہا کوئی خطرہ نہ کرو یہ اپنا آدمی ہے اور یہ واقعہ جمادی الاخر کی آخری تاریخ کو ہوا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسے جمادی الاخرۃ سمجھ کر یہ کاروائی کر رہے تھے۔ حالانکہ رجب کا چاند چڑھ گیا تھا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے مشورہ کیا کہ اگر رات تک معاملہ چھوڑ دو گے تو رجب کا چاند چڑھ جائے گا اور اس میں جنگ حرام ہے فلہٰذا ابھی وقت ہے اس سے جو کاروائی کرنی ہے کر لو چنانچہ حضرت واقد بن عبداللہ السہمی نے عمر بن الحضرمی کو تیر مارا وہ وہیں ٹھنڈا ہو گیا مشرکین میں ہجرت کے بعد یہ پہلا مقتول ہے پھر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بکم بن کیسان اور عثمان بن عبداللہ کو قید کر لیا اسلام میں سب سے پہلے یہی قیدی ہیں جنہیں مسلمانوں نے قید کیا نوفل اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگ گیا تلاش بسیار کے باوجود نہ مل سکا۔ صحابہ کرام قافلہ اور قیدیوں کو لے کر بارگاہ رسالت علی صاحبہا الصلوۃ والسلام میں حاضر ہوئے اس پر قریش نے شور مچایا کہ حضرت محمد ﷺ نے ماہ حرام میں جنگ کو حلال کیا اب تو دنیا سے امن اٹھ گیا اور ان کی وجہ سے معاش تنگ ہو جائے گی کوئی بھی اپنی معاش کے لئے باہر نہیں جا سکے گا کیونکہ یہ لوگ شہروں میں پھیل جائیں گے اور ناحق قتل کریں گے۔ قریش نے ان مسلمانوں کو بتانا شروع کر دیا جو مکہ میں رہ گئے تھے اسی قافلہ کے بدلہ میں بلکہ وہاں کے لوگوں کو شہید کرنا

marfat.ocm
Marfat.com

شروع کر دیا اور ان کے مال بھی چھینے اور کہا کہ اے صحابیو! تم نے ماہ حرام کو حلال کر دیا اور خود تم نے ہی اس میں ہمارے لوگوں کو مارا اور لوٹا (یعنی وادی نخلہ میں صحابہ کرام نے) پھر ہم کیوں نہ تمہیں ماریں اور لوٹیں یہ بات حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچی تو آپ نے حضرت عبداللہ بن جحش اور ان کے ساتھیوں سے فرمایا کہ میں نے تمہیں ماہ حرام میں لڑائی کے لئے نہیں بھیجا تھا آپ نے فرمایا اب قافلہ اور قیدیوں کے بارے میں توقف کرو یعنی مال کو تقسیم کرو اور نہ ہی قیدیوں کو کچھ کہو اللہ تعالیٰ کے حکم کا انتظار کرو جو حکم ہوگا اسی پر عمل ہوگا حضرت عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کو پریشانی ہوئی اور حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کی یا رسول اللہ ہم نے ابن حضرمی کو دن میں مارا پھر شام کو چاند رجب کا دیکھا یہ ہمیں معلوم نہ تھا کہ ہم نے یہ معاملہ رجب میں کیا ہے یا جمادی الاخری میں۔ غرض یہ معاملہ لوگوں کے لئے بہت بڑی پریشانی کا موجب بن گیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اس کے بعد حضور نبی کریم ﷺ نے قافلہ کا سامان منگوا کر پانچواں حصہ نکالا اور باقی حضرت عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کے حوالے کر دیا اور یہ اسلام میں سب سے پہلا مال غنیمت ہے۔

واقعات

۱۔ اہل مکہ نے اپنے دو قیدیوں کو چھڑانے کے لئے فدیہ بھیجا۔ آپ نے فرمایا جب تک ہمارے دو اصحاب حضرت سعید اور عتبہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) واپس نہیں آئیں گے ہم انہیں نہیں چھوڑیں گے۔ اگر وہ واپس نہ آئے تو ہم قتل کر دیں گے۔ جب وہ دونوں حضرات آگئے تو آپ نے فدیہ لے کر ان دونوں مشرک قیدیوں کو چھوڑ دیا۔

۲۔ ان میں حضرت حکم بن کیسان تو مسلمان ہو گئے (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر باش رہے یہاں بئر معونہ کے موقع پر شہید ہوئے لیکن عثمان بن عبداللہ مکہ کی طرف لوٹا اور کافر ہو کر مرا۔

۳۔ اور نفل احزاب کی لڑائی میں کفار کی طرف سے گھوڑے پر سوار ہو کر مسلمانوں کی خندق میں چھلانگ لگائی تا کہ انہیں شکست دے لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے گھوڑے سمیت خندق میں دبا دیا اور وہیں گھوڑے سمیت مر گیا مشرکین نے حضور نبی کریم ﷺ سے اس کی لاش قیمتاً مانگی حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: خذہ فانہ خبیث

marfat.com
Marfat.com

الجیفته و الدیته اس لے جاؤ خبیث کو اس کی لاش بھی مردار ہے اور اس کی دیت بھی۔

خلاصہ تفسیر: اے پیارے حبیب ﷺ آپ سے مسلمان تو مسئلہ معلوم کرنے کی بنا پر سوال کرتے ہیں لیکن کفار بوجہ سرکشی اور ضد کے پوچھتے ہیں ماہ حرام کے بارے میں یعنی رجب کے متعلق۔

ف: ماہ حرام کو اس لئے حرام کہا جاتا ہے کہ اس ماہ میں جنگ کرنا حرام ہے۔

قِتَالٍ فِيْهِ الشَّهْرِ سے بدل الاشتمال ہے اس لئے کہ ماہ حرام قتال کو بھی مشتمل ہے قل اے پیارے حبیب ﷺ ان کے سوال کے جواب میں فرمایئے قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ اس میں جنگ کرنا اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا گناہ ہے قتال مبتدا ہے اور اس کی خبر کبیر ہے۔

سوال: نکرہ مبتدا نہیں ہوسکتا اور یہاں قتل نکرہ مبتدا کیسے کیا گیا؟

جواب: جب نکرہ موصوف ہو تو وہ نکرہ مبتدا بن سکتا ہے یہاں یہ نکرہ لفظ فیہ کی وجہ سے موصوف ہے۔

مسئلہ: اکثر اہل علم کے نزدیک یہ آیت فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ سے منسوخ ہے۔

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صد مبتدا اور مابعد کے عمل کی وجہ سے موصوف ہے اگرچہ نکرہ ہے لیکن اس تاویل سے مبتدا ہوتا ہے جائز ہوا اب معنی یہ ہوا اور اس کا اسلام سے روکنا جو کہ بندے کو اللہ سے ملاتا ہے وَكُفْرٌ بِهٖ یعنی اللہ تعالیٰ سے کفر کرنا وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اس کا عطف سبیل اللہ پر ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کے راستہ سے روکنا بھی کفر کے افراد میں ہے۔

سوال: یہ عطف احسن نہیں کیونکہ اس طرح سے اجنبیت پیدا ہوتی ہے؟

جواب: اس طرح کے عطف سے معطوف علیہ اور معطوف میں اجنبیت ہے ہی نہیں کیونکہ دونوں کا مفہوم ایک ہو جاتا ہے مثلاً کہا جائے منع المسلمین عن دخول مکه وزیاده بیت الله دخول اور زیارت ایک ہی بات ہے اس اعتبار سے عطف صحیح ہوا۔ (اگرچہ تفسیری)

وَاَهْلُهٗ یعنی مسجد حرام کے اہل ان سے نبی کریم ﷺ اور مومنین مراد ہیں منہ یعنی مسجد حرام سے۔ اس کا عطف کفر یہ پر ہے۔

سوال: تمام اہل اسلام کو مسجد حرام کا اہل کیوں قرار دیا گیا کیونکہ اہل عرف میں اس کو کہا جاتا ہے جو وہاں کا

marfat.ocm
Marfat.com

مکین ہو اور تمام اہل اسلام تو مکہ کے مکین نہیں تھے۔

جواب: دلالت التزامی کے لحاظ سے وہ بھی مکہ کے مکین ہیں کہ اہل اسلام کہیں بھی ہوں تب بھی ان پر مسجد حرام کی ادائیگی واجب ہے اور پھر وہ بالاخر اس کے مکین ہی ہوں گے کیونکہ عاقبت اہل اسلام کی مسجد حرام میں ہی ہے اس لئے اس کا نام عاقبت ہے اور کفار کو اس کا اہل نہیں کہا جا سکتا اس لئے کہ ان کی مسجد حرام کی مکانیت عارضی ہے۔

اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ سابقہ جملہ بوجہ عطف کے مبتدا ہوا اور یہ جملہ ان سب کی خبر ہے یعنی مذکورہ بالا چار امور گناہ اور بدانجام کے لحاظ سے بہت بڑے ہیں بہ نسبت ابن الحضرمی کو ماہ حرام میں مسلمانوں کے قتل کرنے سے کیونکہ ماہ حرام میں قتل کرنا کسی وقت تو حلال ہو سکتا ہے لیکن کفر کا تو کسی وقت بھی حلال ہونے کا امکان نہیں اس لئے کہ مسلمانوں نے اس وقت ماہ رجب کا ہونا نہ سمجھا تھا اور وہ اس تاویل کی وجہ سے ماہ حرام میں قتل کر بیٹھے اور یہی ان کے لئے جواز کی دلیل ہے اور کفر تو کسی وجہ سے بھی تاویل کی گنجائش نہیں رکھتا۔ وَالْفِتْنَةُ یعنی وہ امور جن کے کفار مرتکب ہوئے مثلاً مسلمانوں کو مکہ مکرمہ سے نکالا اور شک میں مبتلا ہیں اور لوگوں کو اسلام سے روکتے ہیں یہ فتنہ ابتداء بھی ہے اور بقاء بھی اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ بہت سنگین امر ہے ابن الحضرمی کو ماہ حرام میں قتل کرنے سے۔

ف: جب آیت اتری تو حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکہ مکرمہ کے رہنے والے مسلمانوں کو کہا کہ اگر کفار تمہیں ماہ حرام میں جنگ کرنے کی عار دیں تو انہیں یہی کہو کہ تم کفر میں مبتلا ہو اور تم نے اللہ تعالیٰ کے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کو مکہ مکرمہ سے ہجرت کرنے پر مجبور کیا اور اب مسلمانوں کو بیت اللہ شریف کی زیارت سے روکتے ہو۔

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ اس آیت میں کفار کے مسلمانوں کی عداوت میں مستحکم ہونے اور فتنہ پر مصر رہنے کا بیان ہے یعنی اے مسلمانو! کفار تمہارے ساتھ لڑائی پر تلے رہیں گے حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ تا کہ تمہیں دین حق سے پھیر کر اپنے باطل دین کی طرف لے جائیں۔ اِنِ اسْتَطَاعُوْا اس میں اشارہ ہے کہ وہ اپنے دین پر بڑے مضبوط اور ثابت قدم ہیں گویا کسی کے سوال پر یہ جواب دیا گیا ہے سوال یہ کہ یہ بات کیسے ہو سکتی ہے اس کا جواب مثال کے طور پر یوں ہے کہ کوئی کسی سے کہے اگر تو میرے اوپر قابو پالے تو جو مرضی آئے کرنا۔ جب اسے

marfat.com
Marfat.com

یقین ہو کہ نہ وہ میرے اوپر قابو پا سکے گا اور نہ ہی وہ مجھے کچھ کہہ سکے گا۔

ف: اس میں مسلمانوں کو تسلی دی جا رہی ہے کہ تم یقین رکھو کہ تمہارے دشمن تم پر غالب نہیں ہو سکیں گے (بشرطیکہ تمہارے اندر اسلام کے اطوار موجود ہوں)

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ ادغام نہیں کیا گیا اور اس کی دوسری دال کو ساکن پڑھا جائے اور اس کی فتح بھی جائز ہے جب کہ پہلی دال میں ادغام کیا جائے اور فتح اس لئے کہ یہ اخف الحرکات ہے اور الارتداد بمعنی ہٹنا۔ اس میں ارتداد سے ڈرایا گیا ہے یعنی جو بھی یہ عمل ان کے گمراہ کرنے اور اغواہ کرنے سے کرے فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ وہ دین اسلام کی طرف نہ لوٹے اور اسی حالت میں یعنی کافر ہو کر مرے۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا موت سے پہلے اگر ارتداد سے توبہ کر کے لام داخل ہو جائے تو بھی اس کا اسلام قبول ہے۔

فَاُولٰٓئِكَ یعنی وہ لوگ جو موت تک اپنے ارتداد پر رہے۔ حَبِطَتْ باطل اور لاشی ہو گئے۔ اَعْمَالُهُمْ ان کے وہ اعمال جو انہوں نے بحالت اسلام کئے اور ایسے کہ پھر ان کا حصول ناممکن ہے فِي الدُّنْيَا یعنی دنیا میں ایسے کہ ان کا مارنا قتل کرنا اس کے ارتداد کی وجہ سے اور مسلمانوں سے موالات ختم اور نہ ہی وہ اس کی مدد کریں اور نہ ہی وہ اس کی تعریف کریں گے اور نہ ہی ان کے ساتھ نکاح و بیاہ کا سلسلہ ہوگا اور اہل اسلام کے ساتھ وراثت کے حقوق بھی ضائع وغیرہ وغیرہ یعنی وہ احکام جو مرتد اور اس کے اہل وعیال اور مال واسباب پر جاری ہو سکتے ہیں دنیا میں اس پر تمام جاری ہوں گے وَالْاٰخِرَةِ یعنی آخرت میں ثواب اور حسن انجام سے محرومی کیونکہ مرتد کی عبادت جب دنیا میں اس لائق نہ تھی کہ قبول ہو پھر اس ثواب آخرت میں کیسا فلہٰذا آخرت میں ثواب اور حسن انجام سے محروم۔

فائدہ: حبط اعمال سے نفس اعمال کا ابطال مراد نہیں کیونکہ وہ تو اعراض ہیں اور ان کی حقیقت یہ کہ وہ ہوئے اور مٹے اور مسلم ہے کہ اعدام المعدوم محال (معدوم کو مٹانا محال ہے) بلکہ وہی مراد ہے جو ہم نے پہلے عرض کیا کہ ارتداد ایمان کے ثواب اور اس کے ثمرات کو ضائع کر دیتا ہے اور بس۔

مسئلہ: آیت کا بظاہر تقاضا یہ ہے کہ ثبوت احکام مذکورہ یعنی آخرت و دنیا میں حبط اعمال کے لئے وفات کے

marfat.ocm
Marfat.com

وقت ارتداد شرط ہے اس بناء پر وہ شخص دائمی طور پر جہنم میں رہے گا اگر اس ارتداد کے بعد پھر اسلام قبول کرے تو اسے حبط شدہ اعمال کا ثواب نہیں ملے گا اسی لئے امام شافعی رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ نے اس آیت سے استدلال فرمایا ہے کہ ارتداد سے سابقہ اعمال کا اعادہ نہیں ہوتا اور امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ عنہ نے فرمایا اور ارتداد سے پہلے جو فرائض ادا کئے اب ارتداد پر وہ سب ضائع ہو گئے فلہٰذا اسے دوبارہ ان کی قضا کرنی چاہیے اس طرح حج کے متعلق مسئلہ ہوگا۔

ف: ارتداد اعمال کو ضائع نہیں کرتا ہاں وہ شخص اسی حالت یعنی ارتداد میں فوت ہوا تو پھر اس کے اعمال ضائع ہوں گے اور حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ عنہ نے فرمایا کہ ارتداد مطلقاً حبط اعمال کرتا ہے اگرچہ وہ بعد میں مسلمان ہو جائے کیونکہ آیت وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ اور وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ کے عموم کا تقاضا یونہی ہے۔

مسئلہ: اس آیت سے دو مسئلہ ثابت ہوئے۔ ۱۔ متکلمین کہتے ہیں کہ ایمان وکفر کے لئے شرط ہے کہ بوقت وفات ان دونوں میں سے ایک کا ہونا لازمی ہے ان کے نزدیک وہ شخص کافر ہے جسے وقت وفات ایمان نہیں۔ اسی طرح وہ شخص مومن ہے جسے بوقت وفات دولت ایمان حاصل ہوتی ہے۔ ۲۔ کسی شخص نے نماز پڑھی پھر معاذ اللہ مرتد ہو گیا پھر ابھی نماز کا وقت باقی ہو تو پھر مسلمان ہو گیا امام شافعی رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک اس نماز کا اعادہ نہیں اور امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس شخص پر نماز کا اعادہ ضروری ہے اسی طرح حج وغیرہ کا مسئلہ ہے۔

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ وہی لوگ جہنم والے ہیں هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ دوسرے کافروں کی طرح ان کو بھی دائمی طور پر جہنم میں رہنا ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ مومن کے لئے ضروری ہے کہ اعمال صالحہ میں مشغول رہے اور ان برائیوں سے بچے جو ارتداد کا سبب بنتی ہیں دراصل ارتداد کا سبب یقین کا معدوم ہونا ہے ورنہ شیطان اور مشرک موحد کے قریب تک نہیں پھٹکتے کیونکہ موحد تو برزخ وقیود کے گورکھ دھندوں سے آزاد ہے اور وہ اپنے معبود حقیقی سے واصل ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف: عمل صالح وہ ہے جس میں صرف اور صرف رضائے حق مطلوب ہو اور بس کیونکہ اس کے ماسوا کے ارادہ سے عبادت فاسد ہوتی ہے اس سے صاحب عمل کا کوئی فائدہ نہیں۔

حضرت حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

فردا کہ پیشگاہ حقیقت شود پدید　　شرمندہ رہونے کہ عمل برمجاز کرد

(ترجمہ: کل قیامت میں ہر حقیقت ظاہر ہو جائے گی اس وقت وہ شرمندہ ہوگا جو مجاز کے رہ پر چلتا ہے)

مسئلہ: بہترین نیکیوں میں سے توحید ہے کیونکہ یہ سب نیکیوں کی سرتاج ہے اس لئے اس کی بھر تول بھی نہیں ہوگی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا **کل حسنته تعملاها توزن یوم القیمته الاشهادة ان الاالله الاالله** ہر نیکی جسے بندہ عمل میں لاتا ہے اسے قیامت میں تولا جائے گا سوائے کلمہ شہادت کے اس لئے جو بھی اُسے خلوص دل سے پڑھتا ہے اگر اسے میزان میں ایک طرف اور ساتوں آسمان زمین اور جو کچھ ان کے اندر ہے کو دوسری طرف رکھا جائے تو کلمہ توحید کا پلڑا بھاری ہوگا۔

ف: تمام اعمال صالحہ سے نور ایمان میں اضافہ ہوگا انسان کو چاہیے کہ اعمال صالح اور اطاعت الٰہی اور معارف حقیقہ کا مشغل رکھے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا عرفان تمام عبادات سے افضل ہے حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے سوال ہوا ای الاعمال افضل آپ نے فرمایا **اعلم بالله** عرفان الٰہی آپ سے عرض کیا گیا کہ ہم آپ سے عمل کا عرض کرتے ہیں اور آپ علم کا بتاتے ہیں آپ نے فرمایا **ان قلیل العمل ینفع مع العلم وان کثیر لا نفع مع الجهل** علم ہو تو تھوڑا عمل بھی مفید ہے اگر عمل زیادہ ہو اور جہالت کا غلبہ ہو تو اتنا مفید نہیں ہاں یہ اس وقت حاصل ہو جب کہ باطن کی صفائی توحید کے صیقل سے کی جائے باقی رہا اذکا کا انواع سو وہ صرف اولیاء اللہ ہی جانتے ہیں۔ مثنوی شریف میں ہے۔

ذکر حق کن بانگ غولاں را بسوز　　چشم نرگس را ازیں کرگس بدوز

(ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کے غولوں کی آواز کو جلا دے نرگس کی آنکھ کو گدھ سے سی دو)

حکایت: حضرت شیخ حسن محمد بن السراج فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں ابلیس کو دیکھا کہ وہ ننگا پھر رہا تھا میں نے اسے کہا تجھے لوگوں سے

marfat.ocm
Marfat.com

شرم نہیں آتی شیطان نے کہا اگر یہ انسان ہوتے تو میں انہیں گیند بنا کر نہ کھیلتا حضرت جنید رضی اللہ عنہ نے پوچھا بتایئے انسان کون ہیں۔ شیطان نے کہا انسان وہ لوگ ہیں جو شونیزی میں جنہوں نے میرے جسم کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا وار میرے دل کو جلا کر راکھ بنا دیا جب میں ان کے پاس وسوسہ ڈالنے کے لئے گذرتا ہوں تو وہ مجھے اللہ تعالیٰ کے ذکر کا اشارہ کرتے ہیں اور ان کے ذکر کے نور سے میرا دل پارہ پارہ ہو جاتا ہے حضرت جنید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نیند سے جاگا اور جاتے ہی رات کو فوراً شونیزی کی طرف چلا گیا میں مسجد میں گیا تو وہاں صرف تین آدمی موجود تھے اور انہوں نے اپنے سروں کو پھٹے پرانے کپڑوں سے ڈھانپا ہوا تھا جب انہوں نے مجھے محسوس کیا ان میں سے ایک نے اپنا سر باہر نکالا اور کہا اے ابوالقاسم (حضرت جنید کی کنیت ہے) آپ وہی ہیں کہ جو بات آپ سے کی جاتی یہ آپ اسے سن کر قبول کر لیتے ہیں۔

سبق: ان کے جہاد فی اطاعت اللہ کو اور ان کے باطنی صفائی پر غور کیجئے کہ انہوں نے اپنے دل سے ماسوا اللہ کو ہٹا دیا تھا در اصل یہی اسلام حقیقی سے موصوف ہیں فقیر ناظم ھذہ الدرد یعنی صاحب روح البیان قدس سرہ فرماتے ہیں مجھے میرے شیخ نے فرمایا حضور علیہ السلام کی حدیث شریف بدا غریبا وسیعود غریبا کا معنی یہ ہے کہ اسلام سے مراد یہی اسلام حقیقی ہے ایسا صاحب اسلام کبھی مرتد نہیں ہو سکتا اور ان کا غریب ہونا یہ ہے کہ کوئی ساتھی نہیں۔

مثنوی شریف میں حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ **حکایت**

بود گبرے وزمان بایزید — گفت ورا یک مسلمان سعید
کہ چہ بادگر تو اسلام آوری — تا بیابی صد نجات وسروری
گفت ایں ایمان گرہست اے مرید — آنکہ دارد شیخ عالم بایزید
مومنم وایمان آرم در نہاں — گرچہ مہرم ہست محکم بر دہاں
باز ایمان خود گر ایماں شما است — نے بداں میلستم ونے مصطفیٰ است
آنکہ صد میلش سوئے ایمان بود — چوں شمارا دید زاں فائز شود
زانکہ نامے بیند ومینیش نے — چوں بیاباں را مغازہ گفتے

marfat.com
Marfat.com

(خلاصہ: حکایت یہ ہے کہ کسی نے ایک کافر سے کہا تم مسلمان ہو جاؤ اس نے کہا اگر مومن بایزید جیسا ہو تو میں مومن ہوں اگر مومن تمہارے جیسے ہوں تو میرا اسلام کو سلام اس لئے کہ تمہارے اندر اسلام کی خوشبو تک نہیں)

تفسیر عالمانہ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شان نزول: یہ آیت حضرت عبداللہ بن جحش اور ان کے ساتھیوں کے حق میں نازل ہوئی جب کہ اللہ تعالیٰ نے سابقہ آیت میں انہیں خوشخبری سنائی کہ انہیں اس بات کا غم تھا کہ نا معلوم ہمارے لئے کیا سزا مقرر ہوتی ہے جب کہ ہم نے ماہ حرام میں جنگ کی لیکن فضل و کرم ہوا کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے مژدہ سنایا تو پھر وہ لوگ اس طمع میں پڑ گئے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں ثواب نصیب ہوگا چنانچہ انہوں نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ جو کچھ ہم نے کیا اس پر ہمیں سزا نہیں لیکن یہ تو بتایئے کہ ہمیں اس پر کوئی اجر و ثواب بھی ہوگا کیا ہم طمع کر سکتے ہیں کہ ہمارا یہ سفر جنگ کے ثواب اور اطاعت میں لکھا جائے گا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان کے خیال کے مطابق نازل ہوئی کیونکہ وہ مومن بھی تھے اور مہاجر بھی اور وہ اس جنگ کی وجہ سے مجاہد بھی ٹھہرے اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ وہ اپنے ایمان پر مستحکم رہے اور مرتد نہ ہوئے۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا اور وہ لوگ جو اپنے منال اور اہل سے جدا ہو گئے وَجٰهَدُوْا (المجاهده) بمعنی اپنی تمام طاقت کو صرف کرنا یعنی وہ لوگ جو مشرکین سے لڑتے ہیں فی سبیل اللہ کے راستے میں اس کی اطاعت سمجھ کر اس کے دین کو بلند رکھنے کے لئے اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ وہی اس کی امید رکھتے ہیں جو انہیں کامیابی کے مبادی ہیں رَحْمَتَ اللّٰهِ یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ثواب اور نہ ہی ان کے اعمال حبط ہوں گے جیسے مرتدین کے عمل حبط ہو گئے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے ان کی رجا تو ثابت فرمائی ہے اس سے کامیابی کا ثبوت تو نہیں ملا؟

جواب: سب کو معلوم ہے کہ اجر و ثواب کا حصول اعمال پر منحصر نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کا اپنا فضل و کرم ہے اس سے یہ ثابت ہوتا کہ انہیں کامیابی بھی حاصل نہیں۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی بہت مغفرت فرماتا ہے اگر چہ ان سے بہت زیادہ کوتاہیاں ہو جاتی ہیں۔ رَحِيْمٌ ایسا رحیم کہ ان کا اجر و ثواب وافر اور بکثرت عنایت فرمایا ہے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے

marfat.ocm
Marfat.com

فرمایا کہ اس سے حضور نبی کریم ﷺ کے پسندیدہ لوگ مراد ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے اہل رجاء فرمایا ہے کیونکہ اصول ہے کہ من رجا طلب ومن خاف ھرب جو امید کرتا ہے وہ طلب کرتا ہے اور جو خوف کرتا ہے وہ بھاگتا ہے۔

حکایت: حضرت ابوعمر بیکندی رحمۃ اللہ تعالیٰ ایک دن ایک کوچہ سے گزرے ایک قوم کو دیکھا کہ وہ ایک نوجوان کو اپنے محلہ سے باہر نکال رہے ہیں اس لئے کہ وہ بڑا مفسد تھا اور اس نوجوان کی ماں اس پر رو رہی تھی لوگوں سے کہا لوگو! اسے آج میری وجہ سے چھوڑ دو آئندہ اگر غلطی کرے تو تم جانو تمہارا کام جانے نوجوان کو چھڑا کر حضرت ابوعمر اپنے کام کو چلے گئے چند روز بعد اسی محلہ سے گزرے تو اس بڑھیا کے رونے کی آواز سنی آپ نے سمجھا شاید اسی نوجوان سے غلطی ہوئی اور لوگوں نے اسے نکال دیا ہوگا اس پر بڑھیا رو رہی ہے آپ نے بڑھیا کا دروازہ کھٹکایا اور نوجوان کا حال پوچھا بڑھیا نے کہا میرا وہی نوجوان بیٹا فوت ہوگیا ہے آپ نے فرمایا اس کی موت کیسے واقع ہوئی ہے بڑھیا نے عرض کیا جب اسے موت نزدیک ہوئی تو اس نے کہا ماں جی میری موت کی خبر ہمسایوں کو نہ دینا کیونکہ میں نے انہیں عمر بھر ستایا اور اب وہ میری موت پر مجھے گالیاں دیں گے اور نہ ہی جنازہ پر آئیں گے لیکن اتنا ضرور کریں کہ جب مجھے دفن کرلو تو یہ میری مہر ہے اسے میرے ساتھ دفن کر دینا اور دفن کی فراغت کے بعد میرے لئے دعا کریں میں نے اس کی وصیت کو پورا کیا اس کی مہر پر لکھا ہوا بسم اللہ الرحمن الرحیم جب میں اس کی قبر سے فارغ ہو کر اٹھی تو قبر کے اندر سے آواز آئی میرا بیٹا کہہ رہا تھا اماں جی آپ چلے جاؤ کیونکہ اب میں رب کریم کے سامنے حاضر ہوگیا ہوں۔ (یعنی بخشا گیا ہوں)

کسی نے خوب فرمایا ہے۔

بہ بہانہ می دہد بہانے دہد (یعنی کسی خاص سبب سے معاف کر دیتا ہے وہ قیمت لے کر نہیں بخشتا)

حکایت: حجاج بن یوسف پر جب موت کا وقت قریب آیا تو کہتا تھا اللھم اغفرلی فان الناس یزعمون انک لاتفعل (اے اللہ مجھے بخش دے لوگوں کا میرے متعلق گمان ہے تو مجھے نہیں بخشے گا مگر مجھے امید ہے کہ تو کریم ہے اس لئے مجھے تیری رحمت کی امید ہے) حجاج واسطہ (وہ ایک شہر جو اس نے خود بنایا تھا) میں سن ۹۵ میں فوت ہوا اس کی موت کے دن کا نام لوگوں نے عرس العراق رکھا (اس لئے کہ اس کی موت تمام عراق کے لئے نجات کا سبب بنی) پہلے

marfat.com
Marfat.com

اس کی موت کا کسی کو علم نہ تھا آخر اس کی لونڈی محل پر چڑھ کر روتی ہوئی کہتی تھی الا ان مطعم الطعام ومفلق الهام مات طعام کھانے والے مگر لوگوں کی کھوپڑیاں اڑانے والا (دینی قتل عام کرنے والا) مر گیا جب اسے دفن کیا گیا تو ایک شخص اس کی قبر پر کھڑا ہو کر کہتا تھا اللهم لاتحر مناشفاعته الحجاج اے اللہ ہمیں حجاج کی شفاعت سے محروم نہ فرما وہاں ایک شخص نے قسم کھائی اگر حجاج بخشا گیا تو میری عورت کو طلاق ہے (کیوں کہ وہ بڑا ظالم تھا کسی کو اس کی بخشش کی امید نہ تھی) حضرت طاؤس سے اس شخص کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وما اظنها الا طلقت اللہ تعالیٰ جسے چاہے بخش دے میرا گمان ہے کہ تیرے اس جملے سے تیری عورت مطلقہ ہو گئی پھر یہی فتوی حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا جا تو اپنی عورت کو لے جا اور اس سے ازواجی زندگی گزار اگر حجاج جہنم میں جائے تو تمہیں اس سے کون سا نقصان ہے۔

سبق : اس سے مجھے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ہے اپنے بندوں کے گناہ بخش دیتا ہے خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں۔

نصیحت: امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ یہی تین باتیں یعنی ایمان مہاجرت جہاد مراد لی گئی ہیں کیونکہ مہاجرت نصیب نہیں ہوتی جب تک ایمان نہ ہو اور شہوات کے ترک کا نام جہاد ہے جسے یہ تینوں مراتب حاصل ہو جائیں اسے حق پہنچتا ہے کہ وہ بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار ہو۔

تفسیر صوفیانہ ہجرت دو اقسام کی ہیں۔ظاہری، باطنی۔ظاہر کا حکم تو منقطع ہو گیا جب کہ فتح مکہ ہوئی جیسا کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا لاهجرة بعد الفتح یعنی فتح مکہ کے بعد کوئی ہجرت نہیں اور معنوی ہجرت یہ ہے کہ نفس کی خواہشات کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ تک پہنچنا قلب کے کعبہ کو فتح کی وجہ سے یعنی اسے خواہشات نفسانیہ اور شرک کے بتوں سے خالص کر لینا ایسی ہجرت قیامت تک جاری رہے گی جہاد دو قسم کے ہیں۔

۱۔اصغر یعنی کفار کے ساتھ لڑائی کرنے کا نام جہاد اصغر ہے۔ ۲۔اکبر یعنی نفس کے ساتھ جہاد کرنے کا نام جہاد اکبر ہے اس کا نام اکبر اور پہلے کا نام اصغر اس لئے ہے کہ پہلے سے ظاہر کی اور دوسرے سے باطن کی اصلاح

marfat.ocm
Marfat.com

ہوتی ہے اور باطن کی صفائی ظاہری صفائی کے لحاظ سے سخت تر ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ پہلے جہاد سے جنت و رحمت اور دوسرے سے مشاہدہ حق اور جمال مطلق کی زیارت نصیب ہوتی ہے تیسری وجہ یہ ہے کہ پہلے شہادت اور دوسرے سے صدیقیت نصیب ہوتی ہے اور صدیقیت شہداء سے مرتبہ کے لحاظ سے اعلیٰ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ آیت میں اللہ تعالیٰ نے صدیقوں کو پہلے اور شہدا کو بعد میں ذکر فرمایا ہے جب بندہ جہاد اکبر کر کے نفس کی اصلاح کرتا ہے (جو کہ کبریت احمر سے زیادہ نفیس ہے) تو اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم کرتا ہے اور اسے نقصان نہیں پہنچاتا۔

حکایت: ایک شخص کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کی بہت خدمت کی اور ایک دن اس نے بزرگ سے عرض کی کہ مجھے اسم اعظم سکھایئے بزرگ نے فرمایا کیا تجھے اس کی اہلیت بھی ہے اس نے عرض کی ہاں جی۔ بزرگ نے فرمایا شہر کے دروازہ پر جو واقعہ درپیش ہو دیکھ کر مجھے سنایئے وہ شخص شہر کے دروازہ کے کنارے جا کر بیٹھ گیا دیکھا ایک بوڑھا لکڑیاں کا گٹھر گدھے پر لادے ہوئے آرہا ہے ایک سپاہی آیا اور لکڑیوں کا لدا ہوا گدھا چھین لیا اور اسے دو چار چابک بھی رسید کر دیے۔ جب وہ شخص اسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا شیخ نے ماجرا پوچھا تو سارا واقعہ سنایا بزرگ نے فرمایا اگر تجھے اسم اعظم معلوم ہوتا تو اس سپاہی سے کیا کرتا تو اس نے کہا اگر مجھے اسم اعظم معلوم ہوتا تو میں اس کی برکت سے بددعا کر کے اسے تباہ و برباد کرتا بزرگ نے فرمایا جس لکڑہارکو تو نے مار کھاتے ہوئے دیکھا وہ شخص ہے جس نے مجھے اسم اعظم سکھایا ہے اور اسم اعظم اس شخص کو سکھایا جاتا ہے جو مصائب کے وقت صبر کرے اور خلق خدا سے دکھ اٹھا کر ان پر شفقت کرے۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

مکن تا توانی دل خلق ریش　　وگر مکینی میکنی بیخ و خویش

(**ترجمہ**: جب تک تمہارے میں طاقت ہے کسی کا دل نہ دکھا اگر کسی کا دل دکھاتا ہے تو اپنی جڑ کاٹتا ہے)

نسخہ روحانی: قلت کلام۔ اصلاح نفس کے لئے بہترین علاج ہے جیسے مکلف غذا کو طبیعت کے لئے نافع سمجھا جاتا ہے اصلاح نفس سے قلب کی صفائی نصیب ہوتی ہے۔

حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

طفل جاں از شیر شیطاں باز کن　　بعد ازانش با ملک انبار کن
تا تو تاریک و طو تیرہ　　وانگہ با دیو لعیں ہمشیرہ
لقمہ کو نور افزود و کمال　　آں بود آوردہ از کسب حلال
روغنی آید چراغ ما کشد　　آب خوانش چوں چراغی را کشد

(ترجمہ: روح کو شیطان کے دودھ سے دور رکھو اس کے بعد اسے اپنے ملک اسے شریک بناؤ جب تک تم تاریک اور طول اور ظلمات میں ہو اس وقت تک دیو لعین کے ساتھ تم ساتھ ہو کسب حلال کا لقمہ نور اور کمال بڑھاتا ہے)

تفسیر عالمانہ

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ روغن سے ہی ہمارا دیا روشن ہوتا ہے دیا بجھا دے تو اسے روغن مت کہو بلکہ وہ پانی ہے۔

شان نزول: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے کسی قوم کو حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرامؓ سے بہتر نہیں دیکھا کہ انہوں نے کل تیرہ مسلموں کے متعلق اپنے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا اور وہی سب کے سب قرآن پاک میں ہیں اور وہ سب کے سب ان کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے نافع ہیں۔

شراب الخمر یعنی شراب پینے کے متعلق سوال کرتے ہیں جیسا کہ جواب کے قرینے سے معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ حلت و حرمت اور گناہ و ثواب مکلفین کے افعال کے عوارض سے ہیں ورنہ اشیاء کے ذوات باعیاں میں کوئی گناہ نہیں۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ شراب کے بیع و شراء کے علاوہ جملہ امور اس کی حرمت میں شامل ہو گئے جن میں تصرف شرعی کو دخل ہے یعنی وہ جملہ امور جو غیر مشروع ہیں۔

ف: الخَمْر، خمرہ کا مصدر ہے بمعنی سترہ یعنی اسے ڈھانپنا شراب کو خمر اس لئے کہا جاتا ہے کہ اسے انگور سے نچوڑا جاتا ہے پھر وہ جوش مارتا ہو جب سخت ہو جاتا ہے پینے والے کی عقل و تمیز کو مخمور (مستور) کر دیتا ہے بوجہ مبالغہ اسے خمر کہا گیا گویا کہ وہ خود بہتر ہے جیسے کہ سکر (گنا) کو رس کہا جاتا ہے کہ وَالْمَيْسِرِ یعنی آپ سے میسر کے متعلق سوال کرتے ہیں میسر یسر کا مصدر میمی ہے جیسے موعد و مرجع مصدر میمی ہیں مثلاً کہا جاتا ہے

marfat.ocm
Marfat.com

ایسرته ای قمرته یعنی میں نے اس سے قمار بازی کی یا یہ تویسر سے مشتق ہے اس لئے کہ اس کے ذریعے بلا تکلف مال حاصل ہوتا ہے یا یسارء سے ماخوذ ہے اس لئے کہ اسی کے لئے مال حاصل کیا جاتا ہے۔

مسئلہ: میسر سے قمار وشطرنج وغیرہ جا کے جمیع اقسام شامل ہیں یہاں تک کہ کھیل جو لڑکے اخروٹ کے کھیلتے ہیں وہ بھی اس کی حرمت میں شامل ہیں قُلْ فِيْهِمَآ یعنی شراب اور خمار کے کاروبار اور اس کے استعمال میں اثم کبیر بڑا گناہ ہے اس لئے شراب عقل کو سلب کر لیتا ہے اور عقل دین ودنیا کا قلب ہے اور یہ دونوں شراب وقمار مال اسباب کو ضائع کرنے والے ہیں۔ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ اور لوگوں کے اس میں منافع بھی ہیں۔

شراب کے فائدے

۱۔ سرور ومستی ۲۔ شراب کے بیوپار میں مال کا حصول اس کے ذریعے بہت سا مال جمع کیا جا سکتا ہے۔ ۳۔ اس میں کمزور کو تقویت ملتی ہے ۴۔ طعام ہضم کرتا ہے۔ ۵۔ قوت باہ میں مدد کرتا ہے ۶۔ غمگین کو خوشی دلاتا ہے ۷۔ بزدل کو بہادر بناتا ہے ۸۔ بخیل کو سخی کرتا ہے۔
۹۔ جسم کے رنگ کو نکھارتا ہے ۱۰۔ بچے کو بولنے پر قدرت دیتا ہے ۱۱۔ ارادے بلند کرتا ہے۔

قمار کے فائدے

۱۔ بلا تکلف مال ودولت حاصل ہوتی ہے ۲۔ فقراء کو نفع پہنچاتا ہے اس زمانہ کے قمار باز گوشت ودیگر اشیا خرید کر محتاجوں پر تقسیم کرتے تھے۔

حکایت: امام واقدی فرماتے ہیں کہ اگر ایک ہی مجلس میں کوئی قمار باز سو اونٹ حال کرتا تو وہ عوام میں تقسیم کر دیتا اس سے اسکا بڑا چرچا ہوتا۔

وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا اور ان کا گناہ ان کے منافع سے بہت بڑا ہے۔

شراب کے نقصانات

۱۔ آپس میں بغض وعداوت بڑھتی ہے ۲۔ اللہ کے ذکر اور نماز سے روکتا ہے۔ ۳۔ آدمی کو بے حوصلہ اور اتنا بیوقوف احمق بنا دیتا ہے کہ بسا اوقات شرابی اپنے پیشاب سے لکھنے لگ جاتا ہے اسی طرح ٹٹی اور قے سے لہولہب اس کا مشغلہ بن جاتا ہے۔ (کذا ذکرہ ابن ابی الدنیا)

marfat.com
Marfat.com

حکایت: حضرت ابن ابی الدنیا کا ایک شرابی کے پاس سے گزر ہوا وہ اپنے پیشاب کے ساتھ کھیل رہا تھا اور اسے ہاتھ میں لے کر وضو کرنے والے کی طرح اپنے منہ پر مل رہا تھا اور کہتا تھا الحمدللّٰہ الذی جعل الاسلام نورا والماء طھورا شکر ہے اس ذات کا جس نے اسلام کو نور اور پانی کو پاک کرنے والا بنایا۔

قمار کے نقصانات

جس کسی کا مال بغیر کسی کاروبار کے چلا گیا تو وہ اپنے بالمقابل کا جانی دشمن بن جاتا ہے اور اس کی دشمنی کا انجام یہ ہوتا ہے کہ جب تک وہ اپنے بالمقابل کو زک نہیں پہنچاتا اسے چین نہیں آتا۔

فائدہ تفسیر یہ: مفسرین فرماتے ہیں کہ شراب کے متعلق چار آیات پے در پے نازل ہوئیں وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا اس پر اہل اسلام انگور وغیرہ سے شراب وغیرہ نچوڑ کر پیتے تھے اس وقت یہ ان کے لئے حلال تھا اس پر حضرت عمر حضرت معاذ اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ فرمایئے شراب کیوں حلال ہے؟ جب کہ یہ عقل کو سلب کرتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ اس سے بعض حضرات نے اسے پینا چھوڑ دیا اور کہتے کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں جب کہ اس کے اندر بہت بڑا گناہ ہے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دعوت دی اور انہوں نے شراب پی اس پر انہیں نشہ طاری ہو گیا نماز کا وقت تھا ان میں ایک نے نماز پڑھائی تو پڑھنے لگے قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ یعنی لا کو چھوڑ دیا جس سے کفر لازم آتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى اس سے اکثر نے شراب پینا چھوڑ دیا اور کہتے ہم ایسا عمل کیوں کریں جو ہماری نمازوں میں خلل ڈالے لیکن بعض اس کے بعد بھی پیتے رہے لیکن رات کو عشا کی نماز کے بعد پی لیتے جس کا صبح سے پہلے نشہ اتر جاتا پھر نماز صبح کے بعد پیتے جس کا ظہر تک نشہ اتر جاتا ایک دن عتبان بن مالک نے ان کی دعوت میں اونٹ کے سر کا گوشت پکایا انہوں نے گوشت کھا کر شراب پیا تو مخمور ہو گئے اس پر فخر کرتے ہوئے اشعار پڑھنے لگے سعد نے ایسے اشعار پڑھے جس میں انصار کی ہجو اور اپنی قوم کی تعریف کی اس پر ایک شخص نے اونٹ کی ہڈی اٹھا کر سعد کے سر پر مار دی جس سے سعد کا سر پھٹ گیا سعد حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور انصاری کی شکایت کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا مانگی اللّٰھم بین لنا فی الخمر بیانا شافیا یا اللہ شراب کے متعلق واضح راہبری فرمایئے

marfat.ocm
Marfat.com

اس پر آیت اتری اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ جو کہ سورہ مائدہ میں موجود ہے جس کا آخری جملہ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ہے حضرت عمر نے کہا فانتھینا یارب ہم شراب خوری سے رک گئے۔

فوائد شراب نوشی

ف: شراب کی مکمل تحریم غزوہ احزاب کے چند دن بعد سن ۸ ہجری میں ہوئی۔ حضرت قفال فرماتے ہیں کہ شراب کی حرمت اس ترتیب میں ایک حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ قوم عرب شراب خوری کی خوگر ہے اور اس سے انہیں بہت بڑے منافع ہوتے تھے اگر انہیں یکبارگی روکا جاتا تو انہیں شاق گذرتا اس لئے اس ترتیب سے شراب کی حرمت تدریجاً اور نرم حقوق سے ہوئی۔

ف: جب شراب کی حرمت مکمل طور پر نازل ہوئی تو اس کے بعد تمام شراب ضائع کر دیئے گئے۔

حکایت: حضرت ابن عمر نے فرمایا ہم سب شراب کے بڑے بڑے مٹکے لے کر راستہ پر چلے ہم میں سے بعض نے مٹکے راستے میں توڑ دیے اور بعض نے مٹکے گارے میں بہا دیے مدینہ کی گلیاں کوچے بڑی دیر تک شراب سے موسلا دھار بارش کی طرح بہتے رہے۔ شراب کا رنگ گلی کوچوں میں بکھرا ہوا تھا اور شراب کی بو سارے شہر میں پھیل گئی عرب میں اس دن سے کوئی دن زیادہ عجیب تر نہیں ہوا اور نہ ہی شراب سے کوئی اور سخت آرڈر ہوا۔

حدیث شریف: حضرت جبریل علیہ السلام نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ کو جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی چار خصلتیں بڑی پسند آئی ہیں جن کے وہ زمانہ جاہلیت میں بھی پابند رہے اور اسلام میں بھی حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا وہ کون سی چار خصلتیں ہیں۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ اگر اللہ تعالیٰ آپ کو ان کے متعلق مطلع نہ فرماتا تو میں ہرگز ظاہر نہ کرتا وہ چار خصلتیں یہ ہیں۔

۱۔ میں نے شراب کبھی نہیں پی اس لئے کہ وہ عقل کو سلب کرتی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ عقل تیز ہو۔

۲۔ میں نے بت کے سامنے کبھی سر نہیں جھکایا کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ یہ نہ نفع دیتے ہیں نہ نقصان۔

۳۔ میں نے زنا بھی نہیں کیا صرف اپنے اہل پر غیرت کی بناء پر اس لئے کہ جس طرح میں غیر عورت سے

marfat.com
Marfat.com

زنا کروں اسی طرح میرے اہل سے بھی کوئی کرے تو۔

۴۔ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا اس لئے کہ اس کے اندر خسیس پن ہے۔

حکمت: حضرت عمر بن اوہم جو بنی تمیم کے سادات سے ہیں شراب کی مذمت کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ عقل اگر خرید وفروخت کی شئے ہوتی تو دنیا میں کوئی شئے نہ ملتی جو اس کے بدلہ میں دی جاتی لیکن تعجب ہے اس بیوقوف پر جو پیسے دے کر حماقت خریدتا اور اس اپنے سر کے اندر ڈالتا ہے (یعنی شراب پی کر مال ضائع کر کے عقل کھو دیتا ہے پھر اسے قے کرتا ہے اور اپنے دامن پر بیٹ کر دیتا ہے)

ف: حضرت علی کرم اللہ وجھہ الکریم فرماتے ہیں اگر کسی کنوئیں میں شراب کا قطرہ ڈال دیا جائے پھر کنوئیں پر مکان تیار ہو اور اس پر اذان کا کہا جائے تو میں اس منارہ پر ہرگز اذان نہیں دوں گا اسی طرح کسی دریا میں شراب کا ایک قطرہ ڈالا جائے پھر وہ دریا خشک ہو جائے اور اس میں گھاس اگ جائے تو میں اس گھاس میں اپنے جانور کو ہرگز نہیں چراؤں گا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اگر میری انگلی شراب میں پڑ جائے تو وہ میرے ہاں واپس نہیں آئے گی۔ یعنی میں اسے کاٹ ڈالوں گا یہی حقیقی ایمان اور تقوی ہے۔

سبق: مسلمان کو چاہیے کہ دل میں شراب پینے کا خیال تک نہ لائے چہ جائیکہ اسے خریدے۔

مسئلہ: شراب خور سے قطع تعلق رکھے تا کہ اس کے ساتھ میل جول سے کہیں شراب نہ پی بیٹھے یا کم از کم اس کے قطرات تو اس کے جسم پر پڑیں گے اس طرح سے ایک پلید اور نجس شئے اسے لگ گئی۔

حضرت حسین واعظ کاشفی فرماتے ہیں۔

ترا رحمان ہمی گوید کہ اے مومن مخور بادہ — ترا ترسا ہمی گوید کہ در صفرا مخور حلوہ

نے مانی زنا پاکی برائے گفتہ رحمان — بمانی شہد وشکر را برائے گفتہ ترسا

ف: بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے اپنی لڑکی شراب خور کے نکاح میں دی گویا اس نے اپنی لڑکی کو زنا میں جھونک دیا اس لئے کہ شراب خور مستی میں اسے طلاق دے گا جس کا اسے علم نہیں ہوگا پھر وہ اس سے وطی کر کے زنا کا مرتکب ہوتا رہے گا۔

مسئلہ: متولی کو چاہیے کہ اپنی لڑکی اور بہن وغیرہ کا نکاح فاسق سے نہ کرے اور نہ ہی ایسے سے جو جرائم کا

marfat.ocm
Marfat.com

مرتکب ہوتا ہے۔

مسئلہ: شراب کا سرکہ بنانا جائز ہے اگر علاج کے لئے ہو مثلاً گرم پانی یا نمک یا روٹی ڈال کر اس اعتبار سے شراب کا سرکہ بنانا مکروہ نہیں۔

حدیث شریف: میں یہ خیر خلکم خل خمر کم تمہارے لئے بہترین وہ سرکہ ہے جو شراب سے تیار ہوتا ہے۔

قمار کی تحقیق: عربی میں میســـر قمار کو کہتے ہیں اور قمار باز کو یاسر کہا جاتا ہے دراصل میسر اونٹ کے متعلق ہوتا تھا کیونکہ عرب کے اہل ثروت اونٹ کو خرید لیتے تھے لیکن قیمت ادا نہ کرتے تھے صرف اس نیت پر وہ قمار میں غلبہ پالیں گے۔

ف: جس پر وہ اونٹ واجب ہو جاتے اس کے اونٹ لے کر ذبح کر لئے جاتے اور ان کے دس حصے ہوتے بعض کے نزدیک اس کے اٹھائیس حصے ہوتے پھر اس کو دس تیروں پر حصہ بناتے ان تیروں کو ازلام واقلام کہا جاتا ہے ان میں سات وہ ہیں جن کے حصص متعین تھے۔

۱۔ القد۔ ہر اس کا ایک تھا ۲۔ التوام اس کے دو حصے۔ ۳۔ الرقیب۔ اس کے تین حصے۔ ۴۔ الحس۔ اس کے چار حصے ۵۔ النافس۔ اس کے پانچ۔ ۶۔ المسبل۔ اس کے چھ۔ ۷۔ المعلی اس کے سات حصے۔

تین ایسے ہیں ان کا کوئی حصہ نہیں تھا وہ تین یہ ہیں۔

۱۔ المیخ ۲۔ المسفیح ۳۔ الوعد۔ پھر ان تیروں کو ایک کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹتے اس کا نام رہا یہ ہوتا اس ہر ایک کو معتبر آدمی کے ہاتھ پر رکھ دیتے جس کے نام وہ تیر نکلتا وہی متعین حصے اس کو دیے جاتے اور جس کے نام ان تینوں میں سے کوئی نکلا جس کا کوئی حصہ متعین نہیں اسے کچھ نہ ملتا بلکہ ان اونٹوں کے مطابق قیمت ادا کرتا اور ان اونٹوں کا گوشت فقراء پر تقسیم کیا جاتا اور خود اس سے نہ کھاتے اس پر انہیں بڑا ناز تھا اور جو اس میں داخل نہ ہوتا اس کی مذمت کرتے اور اسے البرم کہتے اس کا معنی ہوتا لئیم بد بخت یعنی (عدیم المروۃ والکرم) یہ وہ قمار ہے جو عرب میں رائج تھی جس سے مسلمانوں کو روکا گیا۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: اس میں اختلاف ہے کہ کیا قمار سے وہی مخصوص قمار مراد ہے یا اس کے دیگر تمام انواع جیسے نرد شطرنج وغیرہ۔

حکایت: ایک مرد نے کسی سے شرط لگائی کہ اگر اتنے انڈے (کثیر المقدار) کھا جائے تو اس کی شرط یہ ہے کہ اسے اتنے اتنے دراہم دنانیر ملیں گے۔ حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہ ناجائز ہے اس لئے کہ یہ قمار ہے۔

مسئلہ: حضرت ابن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جس بات میں شرط لگائی جائے وہی قمار ہے

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا وایاکم وھاتین الکعبتین المشؤمتین فانھما من میاسیر العجم حضور نبی کریم ﷺ کی مراد اس سے نرد اور شطرنج ہے اور وہ دونوں حرام ہیں۔

سوال: گھوڑ دوڑ اور اونٹ بھگانا اور تیر اندازی بھی تو ایک قسم کی کھیل ہے پھر یہ کیوں جائز ہے؟

جواب: یہ امور جنگی ضروریات ہیں فلہٰذا خص عنہ البعض کے قبیل سے ہیں اسی لئے جائز ہیں۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

کہن گشتی و ہمچناں طفلی — شیخ بودی و ہمچناں شابی

تو بازی نشستہ در چپ و راست — میرسد تیر چرخ پرتابی

جائے گر حب حست بر مصیبت پیر — کہ تو کردک ہنوز لعابی

(ترجمہ: تم بوڑھے ہو گئے لیکن تا حال تیرا مزاج بچوں کا سا ہے کھیل کود کے لئے دائیں بائیں بیقرار رہتا ہے لیکن اچانک تجھے موت کا تیر پہنچے گا ایسے بوڑھے کی اس مصیبت پر رونا چاہیے جب کہ اس کی بچوں کی سی طبیعت ہے)

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ جیسے ظاہر کی شراب مختلف اجناس جیسے کھجور اور زبیب اور مختلف اناج جیسے گندم اور جو اور جوار سے بنتا ہے اسی طرح باطن کا شراب بھی مختلف برائیوں سے تیار ہوتا ہے مثلاً غفلت و شہوت، ہوا و ہوس اور حب دنیا اس طرح کے اور بھی یہ وہ شراب ہے جس نے انسانی عقل اور نفوس مخمور ہو جاتے ہیں اور اس میں گناہ بھی بڑا ہے اس لئے کہ ہر نشہ دینے والی شئے حرام ہے اور

۱: یعنی ان دونوں منحوس سے بچو اس لئے کہ یہ دونوں مجمیوں کی قمار ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

قاعدہ ہے کہ جو شئے نشے دے اس کا قلیل وکثیر حرام ہوتا ہے کہ وہ فعل کہ جس سے قلوب وارواح اور اسرار مخمور ہوتے ہیں وہ اردات کا شراب ہے جو ساقی تجلی الصفات کے ہاتھوں مشاہدات کے پیالوں سے نصیب ہوتا ہے جو بہ نفوس پر وار ہوتا ہے تو قلب مست ہو جاتا ہے اور ایسے وجد میں شرشار ہوتا ہے جو وحدت کے ملک سے حاصل ہوتا ہے اس سے ارواح شہود عن الوجود اور اسرار و جمال کے غمزوں کے ذریعے ملاحظہ کمال سے پاتے ہیں ایسا شراب لوگوں کے لئے منافع اور حلال ہے بہت بڑا تعجب ہے کہ بعض ایسے ہیں جنہیں شراب وجود نشہ دیتا ہے اور بعض کو ساقی کا مشاہدہ ہوتا ہے جیسے کسی عربی شاعر نے کہا۔

فاسکر القوم ودرکاس وکان من المدیر

(**ترجمہ**: لوگ پیالہ کے دور سے مخمور ہوئے جو دراصل ساقی کی نگاہ کا نشہ تھا)

مثنوی شریف میں ہے۔

ما اگر قلاش اگر دیوانہ ایم — مست آں ساقی وآں پیمانہ ایم

مست می شیار بود ور نشور — مست حق ناید بخود تا نفخ صور

جرعہ چوں ریخت ساقی الست — برسر ایں خاک شد ہر ذرہ مست

جوش کرد آں خاک مازاں جوشیشم — جرعہ دیگر کہ بس کموشیشم

(**ترجمہ**: ہم اگر چہ تنگدست اور دیوانے ہیں لیکن ازلی شراب اور اس کا پیمانہ اور ساقی سے ہم مست ہیں شراب ازلی کا مست بھی ہوش میں نہیں آئے گا اس لئے کہ حق کا مست نفخ صور تک بے خبر رہے گا شراب ازلی کا جب ایک گھونٹ عالم دنیا پر ہو تو اس سے دنیا کا ذرہ ذرہ مست ہے جب اس کے نشہ میں زمین کو جوش ہوا تو ہم دسرے گھونٹ کی خواہش میں کوشاں ہیں)

شراب کے پیالوں سے روگ دانی کا بہت بڑا گناہ ہے بہ نسبت ہدایت کے ہزار سال نفع کی طلب کے جیسے شراب کے نشے میں نماز ممنوع ہے اسی طرح غفلت کا نشہ وصال یار سے ماجب ہے اور میسر کا گناہ قمار کے نشانوں سے ہے اور یہ ان دیار کے شعار سے ہے کہ جس کا راستہ حیلوں کی طرف جاتا ہے جن میں اسرار عملی دھوکے اور قولی فحش وگناہ ہی ہیں اور یہ بزرگوں کے نزدیک بہت بڑا گناہ اور نیکوں کی عادات سے بہت دور ہیں باقی رہا اس کا نفع اس میں سوائے عدم التفات الی الکونین اور نقش العافین کے فردانیۃ بنقش الکعبتین کے صرف کرنے کے اور کچھ نہیں لیکن ان کا گناہ عوام کے لئے زائد ہے خواص کے نفع سے اور عوام خواص سے زائد

marfat.com
Marfat.com

ہیں بلکہ خواص بالکل تھوڑے ہیں۔ (کذا فی التا ویلات النجیمہ)

تفسیر عالمانہ

یَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ خرچ کریں یہ سوال جس طرح خرچ کی ہوئی شئے کے متعلق ہے اسی طرح اس کی مقدار کے متعلق بھی ہوسکتا ہے۔

شان نزول: جب قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ اتری تو عمر بن الجموح نے سوال کیا کہ کتنا خرچ کروں تو فرمایا قُلِ الْعَفْوَ فرمایے اے میرے پیارے حبیب محمد ﷺ خرچ کرو جو زائد ہو۔

ف: عفو جہد کی نقیض کو کہتے ہیں اور جہد بمعنی مشقت جو یسر وسہولت کی نقیض ہے گویا کہا گیا ہے وہ خرچ ہو تجھے میسر ہو اور آسانی سے ہو سکے ایسا نہیں کہ تمہارے اوپر اس کا خرچ کرنا بار گراں ہو۔

قاعدہ: لعفو من المال سے کہا جاتا ہے کہ جس کا خرچ کرنا آسان ہو اور الجهد من المال وہ ہے جس کا خرچ کرنا مشقت ہو اور آسانی سے وہ مال خرچ کیا جاتا ہے جو نفس اور اہل وعیال اور جن لوگوں کو خرچ دینا ضروری ہو ان کی ضرورت پر خرچ کیا جائے كَذٰلِكَ اس طرح یعنی مثل اس کے کہ بیان کیا گیا ہے عفو جہد سے زیادہ مناسب ہے۔

ف: كَذٰلِكَ کا کاف محل نصب میں ہے اور مصدر محذوف کی صفت ہے۔

سوال: کاف واحد کیوں ہے حالانکہ خرچ کرنیوالے تو لا تعداد ولا تحصی ہیں؟

جواب: انہیں ایک گروہ یا فریق یا قوم یا وہ اسم جو لفظاً مفرد اور معناً جمع ہے قرار دیا گیا ہے۔

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ اللہ تعالیٰ تمہارے لئے وہ آیات بیان کرتا ہے جو احکام شرعیہ پر دلالت کرتی ہیں۔

ف: آیات کے ساتھ تبین کا ہونا اس پر دلالت کرتا ہے کہ ان کا نازل کرنا ابتداءً واضح طریق اور روشن مدلول سے ہے نہ یہ کہ وہ پہلے مشتبہ وملتبس تھیں پھر انہیں واضح کیا گیا ہے۔

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تا کہ تم دنیا وآخرت کے امور میں تفکر کرو پھر ان سے جو چیزیں تمہارے لئے مناسب ہیں انہیں باقی چھوڑ دو اسی طرح وہ چیزیں جو تمہیں دنیا میں آسانی دیں اور آخرت میں نجات دین ان کو حاصل کرو اور جو تمہیں آخرت میں نقصان دیتی ہیں ان سے دور رہو۔

ف: امام بغوی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ امر دنیا وآخرت کے آیات بیان کرتا ہے تا کہ تفکر کرو کہ

marfat.ocm
Marfat.com

دنیا کو زوال اور فنا ہے اس لئے اس سے کنارہ کش رہو اور آخرت کو بقا ہے پس اس میں رغبت کرو۔

مسئلہ: اس آیت میں صدقہ دینے کی فضیلت ہے بشرطیکہ مال زائد از حاجات ضروریہ ہو

حکایت و حدیث: ایک شخص حضور سرور عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور مرغی کے ایک انڈے برابر سونا لایا جو اسے بعض غزوات میں مال غنیمت سے حاصل ہوا اور عرض کی حضور! یہ مال صدقہ ہے اور آپ اسے جہاں چاہیں خرچ کریں لیکن یہ بھی آپ کو معلوم ہو کہ گھر میں بس یہی تھا جو حاضر کر دیا آپ نے سنتے ہی اس سے چہرہ مبارک پھیر لیا پھر وہی شخص آپ کے دائیں جانب حاضر ہوا اور وہی کلمات دہرائے جو اس نے پہلے عرض کئے لیکن آپ نے اس سے چہرہ مبارک پھیر لیا پھر وہی شخص آپ کی بائیں جانب حاضر ہوا آپ نے غصہ کے لہجہ میں فرمایا! مجھے دیجئے آپ نے اس سے وہی سونا لیتے ہی ایسے زور سے زمین پر دے مارا کہ اگر اس شخص کو لگتا تو پھٹ جاتا یا زخمی ہو جاتا پھر فرمایا تم لوگ سالم مال لے کر صدقہ کے لئے پیش کر دیتے ہو پھر بھیک مانگنے لگ جاتے ہو جان لو صدقہ اس وقت دو جب تمہارے پاس وافر مال ہو اب اپنا یہ سونا لو ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں۔

تفسیر صوفیانہ آیت میں لفظ عفو میں اشارہ ہے کہ بندہ مال خرچ کرتے وقت اس کا نشان دل سے بالکل مٹا دے یعنی بطیب خاطر کرے اس لئے کہ عفو کا حقیقی معنی ہے محو طمس (مٹانا) زائد مال سے بقدر کفایت خرچ کرنا خواص کا طریقہ ہے باقی رہے خاص الخالص ان کا طریقہ ایثار ہے ان کا کام بھی یہی ہے کہ وہ اپنے نفس پر دوسرے کو ترجیح دیں اگرچہ انہیں فاقہ انہیں فاقہ کی مشقت اٹھانی پڑے یہاں تک کہ جب تک اپنا مال اللہ تعالیٰ کے راہ نہیں لٹاتے انہیں قرار نہیں آتا اگرچہ ان کا دوسرا ساتھی دولتمند ہو لیکن اسے ضرورت ہو تو وہ اس کی دولت مندی کو نہیں دیکھتے آخر مال اس پر خرچ کر ہی دیتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَة

حدیث شریف: سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کریں ایک دفعہ مجھے بہت سا مال حاصل ہوا مجھے خیال گذرا کہ ہمیشہ مجھ سے حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سبقت لے جاتے ہیں اس دفعہ ان سے بڑھ جاؤں گا چنانچہ میں

marfat.com
Marfat.com

نے اپنے تمام مال کے دو حصے کئے آدھا مال گھر رکھ لیا اور آدھا بارگاہ رسالت میں حاضر کیا تا کہ صدقہ کروں حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے پوچھا اے عمر اپنے بال بچوں کے لئے کیا چھوڑ کر آئے ہو میں عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آدھا مال ان کے لئے رکھ کر آیا ہوں اس کے بعد آپ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پوچھا انہوں نے عرض کی ابقیت لھم اللہ ورسولہ حضور میں ان کے لئے اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑ کر آیا ہوں اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا آئندہ میں کبھی بھی ان سے سبقت لے جانے کا ارادہ نہیں کروں گا اس کے بعد حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تمہارے مابین ایسے ہی فرق ہے جیسے تمہارے دونوں کے کلام میں فرق ہے۔

ف: اس سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر فضیلت کا مسئلہ معلوم ہوا۔

قاعدہ: یہ ضروری نہیں کسی کو ہر کسی پر ہر لحاظ سے فضیلت ہو بلکہ ممکن ہے کہ کسی دوسرے اعتبار سے افضل پر فضیلت حاصل ہو کیونکہ قاعدہ ہے کہ کامل ہر طرح سے یعنی من کل الوجوہ کامل نہیں ہوتا اس لئے کہ تقدم تأخر کو صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے (لیکن یہ عقیدہ تو اجتماعیہ ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فاروق رضی اللہ عنہ سے افضل ہیں)

حضرت الشیخ المشہور بافتادہ قدس سرہ نے فرمایا کہ حضرت صدیق پر معرفت اور عمر پر شریعت اور حضرت عثمان پر طریقت اور حضرت علی پر حقیقت غالب تھی اگرچہ چاروں مراتب میں یکتا تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، حضرت امام حسین واعظ کاشفی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

مایہ توفیق کرم کردنست　　کنج یقین ترک دم کردن است

زاردہ رہ مرگ زنان داون است　　زندگی عشق زجاں داون است

(ترجمہ: توفیق الٰہی کا کام کرم کرنا ہے یقین کا کام یہ ہے کہ اسے دم کا خیال نہ ہو موت کا زاد راہ مساکین کو کھانا کھلانا ہے عشق کی حیات جان قربان کرنے میں ہے)

مسئلہ: عوام کی سخاوت مال خرچ کرنا اور خواص کی سخاوت روح لرنا ہے لیکن ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں۔

ہست جوانمرد درم صد ہزار　　کار جویا جاں نھد آنست کار

حکایت: حضور نبی کریم ﷺ صحابہ کرام کو صدقہ کی فضیلت کی ترغیب دی تو لوگ حسب استطاعت مال خرچ

marfat.ocm
Marfat.com

کرنے لگے۔ حضرت ابوامامہ حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے بیٹھے تھے وہ صرف لب ہلانے لگے حضور نبی کرم ﷺ نے فرمایا کیا کہہ رہے تھے جب تم لب ہلا رہے تھے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ مال خرچ کررہے ہیں اور میرے پاس مال نہیں تھا میں بھی کچھ خرچ کرتا پھر دل میں پڑھتا تھا سبحان اللہ والحمد للہ والا الہ الا اللہ واللہ اکبر آپ نے فرمایا یہی کلمات تیرے ثواب کے لئے بہترین ہیں اس لئے کہ تو ایک بار (چار سیر) سونا اللہ تعالیٰ کی راہ پر خرچ کرتا۔

تا زندہ ایم ذکر بش در زباں ماست　　یادش ومونس جان وروان ماست

(ترجمہ: جب تک ہم زندہ ہیں اس کا ذکر ہماری زبان پر جاری رہے گا اس کی یاد ہماری جان ودل کی انیس ومونس ہے)

ف: مروی ہے کہ سب سے پہلے جس نے سبحان اللہ کہی وہ آدم صفی اللہ علیہ الصلوۃ والسلام ہیں وہ اس طرح جب کہ ان میں روح پھونکی گئی تو یہی کلمہ ان کے منہ سے نکلا پھر فرمایا جو شخص بھی یہ کلمہ کہتا ہے اسے آدم علیہ السلام جیسی فضلیت ہوگی۔

ف: سب سے پہلے جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا وہ نوح نجی علیہ السلام ہیں جب کہ انہوں نے طوفان اور اس کی شدت کو ملاحظہ فرمایا تو یہی کلمہ کہا پھر فرمایا جو شخص اسے پڑھتا ہے تو اسے بہت سی فضیلت اور نوح علیہ السلام جیسا ثواب ملتا ہے۔

ف: جس نے سب سے پہلے اللہ اکبر پڑھا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں جب کہ انہوں نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ یعنی دنبہ کو دیکھا جو شخص یہ کلمہ کہتا ہے تو اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فیوضات سے فیض نصیب ہوتا ہے۔ اے اللہ ہمیں ذاکرین وشاکرین سے بنا۔ (آمین یارب العالمین)

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى آپ سے یتیموں کے اموال سے اپنے اموال ملانے کے متعلق سوال کرتے ہیں اس لئے

تفسیر عالمانہ

کہ قاعدہ ہے کہ جب بھی کسی شئے کے متعلق سوال ہوتا ہے تو اس سے وہ شئے مراد ہے جو مقاصد میں سے اہم ہو اور مال سے مال لانا ان کے نزدیک اہم مقابلہ تھا۔

شان نزول: جب یہ حکم نازل ہوا کہ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا تو مسلمانوں نے یتامی کو اپنے سے علیحدہ کردیا بلکہ اپنے ساتھ کھلانے سے بھی احتراز کرتے یہاں تک کہ کسی کے گھر کوئی یتیم ہوتا تو اس کے لئے

marfat.com
Marfat.com

ایک علیحدہ کمرہ تیار کرنا پڑتا اور اس کا طعام بھی علیحدہ پکتا اس طرح سے انہوں نے یتامی کو بالکلیہ علیحدہ کر دیا طعام میں قیام میں وغیرہ وغیرہ بلکہ وہ طعام جو یتامی کے لئے پکتا ان کے کھانے سے جتنا وہ صاحبان کھا لیتے باقی جو بچتا اسے ڈر کے مارے کوئی نہ کھاتا اسی طرح پڑا خراب ہو جاتا یہ کام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو شاق گذرا۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم ﷺ سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم سب کے پاس مکانات نہیں کہ یتامی کو علیحدہ علیحدہ ٹھہرائیں اور نہ ہی سب کے ہاں طعام وغیرہ کا انتظام ہو سکتا ہے تو یہ آیت اتری۔

قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ اے میرے محبوب محمد ﷺ فرمایے کہ ان کا ساتھ نبھانا ان کی اور ان کے اموال کی اصلاح کرنا خَيْرٌ اس سے اچھا ہے کہ انہیں اپنے سے دور رکھو اور ان کے ساتھ مل کر نہ رہو بلکہ مقصد تو یہ ہے کہ ان پر نظر عنایت رہے۔

ف: اصلاح مصدر ہے اس کا فاعل محذوف ہے یعنی مصلح اور مصلح کہ یعنی یتیم کو مال کی افرت اور کثرث حاصل ہو گی۔

وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ اور اگر تم ان کے ساتھ ایسا گذارہ کرو اس میں ان کا فائدہ ہو تو فَاِخْوَانُكُمْ تمہارے دین۔ کے بھائی ہیں اور یہ نسبی علاقہ سے بہت زیادہ قوت رکھتا ہے اور بھائیوں کے حقوق میں سے ایک حق یہ ہے کہ ایک دوسرے کی اصلاح اور انہیں نفع پہنچایا جائے۔

مسئلہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مخالفت کا یہ معنی ہے کہ تم یتیم کی کھجور اور دودھ وغیرہ اور اس کے برتنوں میں کھاؤ اور وہ تمہاری کھجور اور دودھ وغیرہ اور تمہارے برتنوں میں کھائیں لیکن شرط یہ ہے کہ ضرورت کی مقدار کے مطابق ہو بلکہ اس سے بھی کم حد سے زائد نہ ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ

مسئلہ: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس آیت سے مسئلہ کا استخراج ہو سکتا ہے کہ عام طور پر سفروں میں ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر کھانا کھایا جاتا ہے یعنی اگر بقدر ضرورت اپنے ساتھی سے کھاتا ہے تو جائز ہے ورنہ حرام اس لئے کہ عام طور پر ہم سفروں کی عادت ہے کہ کبھی برابر برابر مال ایک دوسرے کے پاس جمع رکھتے ہیں اور کبھی ان میں کمی بیشی بھی ہوتی ہے اس میں اگر ساتھی کے قلب و

marfat.ocm
Marfat.com

کثرت کے خرچہ پر راضی ہوتو جائز ہے ورنہ ناجائز اس لئے کہ جب اس میں یتامی کے لئے وسعت رکھی گئی ہے تو باقی تو بطریق اولی جواز کے حقدار ہیں اگر اس کا جواز یونہی ثابت نہ کیا جائے تو لوگوں پر معاملات تنگ ہو جائیں گے۔

مسئلہ: مخالطت کا مسئلہ مصاہرت یعنی رشتہ ناطہ کے مسئلہ پر قیاس کیا گیا ہے صورت مسئلہ یوں ہے کہ کسی کو اپنی لڑکی کا نکاح کرے انس ومحبت کے اضافہ کی نیت پر انہیں اپنے ساتھ ملالے اور اسی طرح اپنے تمام برادری میں ان کے رشتہ ناطہ و دیگر معاملات کے مراسم جاری کردے صرف اس ارادہ سے کہ ان سے وحشت دور ہو اور انہیں غیرت کا خیال تک نہ رہے۔ یہی حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اور اللہ تعالیٰ کو سب کچھ معلوم ہے۔

سوال: علم کے باب کو دو مفعول چاہئیں اور یہاں متعدی بیک مفعول ہے۔؟

جواب: یہاں علم معرفت کے معنی کو متضمن ہے اسی لئے کہ متعدی بیک مفعول ہے۔

الْمُفْسِدَ اس فسادی کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو یتیم کے مال خراب اور برباد کردیتا ہے مِنَ الْمُصْلِحِ اور اس مصلح کو بھی جانتا ہے جو یتیم کے مال کے منافع کے درپے رہتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں کہ تم میں فسادی کون ہے اور مصلح کون وہ تو ہر ایک کو اس کے عمل کے مطابق جزا دے گا۔ فلہٰذا تم ایسی غلطیوں سے بچو اور اصلاح کے سوا باقی اقدام نہ کرو۔

سوال: مصلح سے مفسد کو پہلے کیوں ذکر کیا گیا؟

جواب: مزید تہدید مطلوب ہے یعنی تا کہ مفسد کو تنبیہ ہو کہ جو غلطی میں کرتا ہوں اسے اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔

سوال: علم کے باب کے بعد مِنْ کیوں آتا ہے؟

جواب: علم تمیز کے معنی کو متضمن ہے اور تمیز کے بعد من آتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جانتا ہے جو یتامی کے اموال کو اپنے اموال میں ڈال کر خرابی ڈالتے ہیں بلکہ اسے میں نمایاں کرتا ہوں اس سے جو یتامی کے متعلق اصلاح کا ارادہ رکھتا ہے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ اور اگر اللہ تعالیٰ تمہیں تکلیف میں ڈالنا چاہے (اعنات) بمعنی کسی کو ایسے مکروہ امر میں مبتلا

marfat.com
Marfat.com

کرنا جوامر کو بجالانے کی طاقت نہ رکھتا ہو چنانچہ فرمایا لَاَعْنَتَكُمْ تمہیں مشقت میں ڈالے۔ العنت بمعنی مشقت یعنی جب تمہیں مشقت میں ڈالا جائے تو تم اس کو بجالانے کی طاقت نہیں رکھ سکو گے عربی میں کہا جاتا ہے عنت فلان یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ کوئی ایسے معاملہ میں پھنس جائے کہ جس میں اس کے ضائع ہو جانے کا احتمال ہو اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ بے شک اللہ تعالیٰ غالب ہے تمہارے مشقت میں ڈالنے پر حَكِيْمٌ وہی فیصلہ فرماتا ہے جو اس کی حکمت تقاضا کرتی ہے۔

ف: اس سے لفظ لو کا قاعدہ ثابت ہوا کہ اس کا کام ہے کہ وہ مقدم کی نفی کرے جسے منطقی کہتے ہیں۔

یتیم پروری کے فوائد: یتیم پروری وہ کرتے ہیں جو فطرۃ کریم ہوتے ہیں ویسے بھی ان پر نظر عنایت رکھنے میں بہت بڑے فائدے ہیں منجملہ ان کے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یتیم کے سر پر رحم کرتے ہوئے ہاتھ رکھتا ہے تو یتیم کے جتنے بال اس کے ہاتھ کے نیچے سے گزریں گے اسے اسی قدر ثواب ملے گا اور حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کل قیامت میں تین شخصوں کو عرش الٰہی کے نیچے جگہ ملے گی۔ ا۔ وہ عورت کہ جس کا شوہر فوت ہو کر چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ جائے اس عورت کو نکاح کرنے کی ضرورت بھی ہے اور اسے نکاح کے لئے کہا بھی جاتا ہے لیکن وہ چھوٹے بچوں پر ترس کھا کر نکاح نہیں کرتی بلکہ بچوں کی تربیت میں لگی رہے بشرطیکہ پاک دامنی سے گذارے اور کہے کہ میں یتامی کی پرورش میں ہی زندگی بسر کروں گی یہاں تک کہ یہ بچہ جوان ہو جائے یا اس پر موت آجائے یا میں مر جاؤں۔۲۔ دوسرا وہ شخص جو بہترین اور اعلیٰ سے اعلیٰ طعام پکا کر صرف یتیم کو بلا کر کھلائے۔ تیسرا وہ جو صلہ رحمی کرے ان کے رزق و عمر میں برکت دی جاتی ہے اور اسے مرنے کے بعد عرش الٰہی کے نیچے جگہ دی جائے گی اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ یتیم سے شفیق باپ کی طرح اور بیوہ کے ساتھ شوہر سا سلوک اور مسافر کے لئے بہترین دوست کی طرح گزارا کرو پھر میں بھی تمہارے ساتھ نیک سلوک کروں گا حضرت حافظ شیرازی قدس سرہ نے فرمایا۔

تیمار غریباں سبب ذکر جمیل است　　جاناں مگر ایں قاعدہ در شہر شما نیست

(ترجمہ: غریبوں کی غم خواری ایک بہتر طریقہ ہے لیکن اے محبوب شاید تمہارے ملک میں یہ رواج نہیں)

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں اور یتیم کی تربیت کرنے والا یعنی وہ شخص جو یتیم کی

marfat.ocm
Marfat.com

ضروریات پوری کرتا ہے اپنے مال سے یا یتیم کے مال سے (یتیم اس کا قریبی رشتہ دار ہو یا نہ) وہ ان دونوں انگلیوں کی طرح اکٹھے ہوں گے ان دونوں انگلیوں یعنی سبابہ اور وسطی کی طرف اشارہ کر کے یعنی یتیم کی پرورش کرنے والا بہشت میں حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں ہوگا۔ اس کا معنی یہ نہیں کہ جس مرتبہ پر حضور نبی پاک ﷺ ہوں گے اسی مرتبہ پر وہی ہو۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

چو بینی یتیمے سرافگندہ پیش — مدہ بوسہ بر روئے فرزند خویش

الا تا نگرید کہ عرش عظیم — بلرزد ہمی چو بگرید یتیم

(**ترجمہ**: جب کوئی یتیم تمہارے ہاں موجود ہو تو تم اپنے بیٹے کو بوسہ مت دو خبردار یتیم نہ رونے پائے اس لئے کہ جب یتیم روتا ہے تو عرش الٰہی کانپ جاتا ہے)

مسئلہ: انسان کو چاہیے کہ یتیم کے حقوق میں کسی ایک حق میں کمی نہ کرے اور اس کے مال میں سے ایک رتی کے برابر نہ کھائے اور نہ ہی اس پر ظلم کرے اور نہ تشدد۔

حکایت: رستم بن زال اسفندیار سے کشتی لڑا لیکن اسے قابو نہ پا سکا باوجود یہ کہ اس سے قوت میں زائد تھا بلکہ الٹا ہر بار اسفندیار سے مار کھاتا اور اسفندیار کا جسم مچھلی کے چھلکے کی طرح تھا اس میں کوئی شئے اثر نہ کرتی تھی رستم نے اپنے باپ سے مشورہ لیا اس کے باپ نے فرمایا تم اس پر غلبہ نہیں پا سکو گے ہاں یوں کیجئے کہ ایک تیر بنایئے جس کے دو پر ہوں اور انہیں اسفندیار کی آنکھوں میں چبوئیں تب کہیں کام بن سکتا ہے چنانچہ رستم نے ایسے ہی کیا اور وہی تیر اسفندیار کی آنکھ میں مارا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا دراصل یہ سزا اسفند کو ایک یتیم کو ستانے کی وجہ سے ملی چنانچہ اس کا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ اسفندیار نے جوانی میں ایک یتیم بچے کو لکڑی ماری تھی تو اس سے اس یتیم بچے کی آنکھ نکل پڑی وہ یتیم رو پڑا اور وہ لکڑی لے کر باغ میں گاڑ دی ایک عرصہ کے بعد وہ لکڑی ایک درخت بنا رستم نے اس درخت سے ہی اپنا تیر تیار کیا اور وہی تیر اسفندیار کی آنکھ میں پہنچا جس طرح اس یتیم کی آنکھ نکالی تھی اسی طرح ہی اس کی آنکھ نکالی گئی۔

مسئلہ: یتیم کی ایسی پرورش کرے جیسے اپنے بچے کی تربیت کی جاتی ہے ورنہ اس کے متعلق قیامت میں سوال

marfat.com
Marfat.com

ہوگا اس لئے ضروری ہے کہ یتیم کی اصلاح میں جدوجہد کرے۔

یتیم کو آداب سکھانا

تربیت کی کئی قسمیں ہیں۔ ۱۔ وعید اور ڈر سنانا ۲۔ مارنا ۳۔ بعض ضروریات کے منافع سے روکنا۔ ۴۔ یتیم کو عطیات دینا۔ ۵۔ اس کے ساتھ احسان کرنا اس لئے کہ انسان کی طبیعتیں مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ بعض ایسے ہوتے ہیں جو سختی اور شدت سے نرم ہوتے ہیں الٹا ان کے ساتھ نرمی اور احسان کرنا انہیں نقصان دیتا ہے اور بعض اس کے برعکس ہوتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے حدود اور تعزیزات مقرر فرمائے تا کہ بندوں کو سرزنش ہو اور برائیوں سے بچ جائیں احرار کو بادشاہوں سے آدب سکھائے اور ممالیک اور اولاد کو بزرگوں اور والدین سے۔

مسئلہ: ادب سکھانے والے کو ادب سکھانے سے ثواب ملتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا اور حدیث شریف میں ہے کہ تم سب کے سب راعی ہو اور تم سب کے سب سوال کئے جاؤ گے اپنی رعیت سے۔

تفسیر صوفیانہ

وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ میں اشارہ ہے کہ سالک کو چاہیے کہ وہ اکیلا کھانے کی عادت نہ بنائے بلکہ لوگوں سے مل کر کھانا کھائے اس لئے کہ شرور کا بنیاد اکیلا کھانے میں ہے۔

حدیث شریف: اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ وہ طعام ہے جس میں ہاتھوں کی کثرت ہو عوارف میں ایسے ہی مذکور ہے اور مصابیح میں مذکور ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ہم کھاتے ہیں لیکن سیری نہیں ہوتی آپ نے فرمایا شاید تم کیلے کھاتے ہو عرض کی ہاں آپ نے فرمایا اب جمع ہو کر کھایا کرو۔

حکایت: کسی صاحب لطیفہ نے کسی صاحب نوادر کو کہا کہ آپ نے فلاں کے ساتھ صبح کا کھانا کھایا ہے اس نے کہا نہیں البتہ میں صبح کے وقت گزر رہا تھا تو وہ صبح کا کھانا کھا رہا تھا اس سے پوچھا گیا تمہیں کیسے معلوم ہوا اس نے کہا مجھے یوں معلوم ہوا کہ اس کے لڑکے بندوق اور تیر لے کر آسمان کے خلا میں پرندوں کے مارنے کے لئے خالی فائر کر رہے تھے۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: بخیل سے پوچھا گیا تمہارے نزدیک سب سے بہادر کون ہے اس نے کہا ہر وہ شخص جو کسی کھانے کے وقت ڈاڑھ سے طعام چبانے کی آواز سنتا ہے لیکن اس کا جگر ٹکڑے نہیں ہوتا۔

حدیث شریف: جو کسی مومن کی مہمانی کرتا ہے گویا اس نے حضرت آدم علیہ السلام کو مہمانی دی اور جو مسلمان کو مہمان دیتا ہے گویا اس نے حضرت آدم علیہ السلام اور حوا علیہ السلام کو مہمان بنایا۔

(کذافی الر سا لته العلیه لحسین الواعظ)

تفسیر عالمانہ

وَلَا تَنْكِحُوا بفتح التا یعنی نکاح نہ کرو الْمُشْرِكٰتِ حربی مشرک عورتوں سے۔ اس لئے کہ کتابیات [1] اگرچہ مشرکات ہیں لیکن جمہور کے نزدیک ان کے ساتھ نکاح جائز ہے انہوں نے سورہ مائدہ کی آیت وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ سے استدلال کیا ہے اور قاعدہ ہے کہ سورہ مائدہ سب کی سب محکمہ ہے اس میں کوئی آیت بھی منسوخ نہیں۔ حَتّٰى يُؤْمِنَ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول حضرت محمد ﷺ کی تصدیق کریں۔

شان نزول: مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت مرثد غنوی رضی اللہ عنہ کو مکہ شریف بھیجا تا کہ وہ چپکے چپکے مسلمانوں کو مکہ شریف سے لائیں آپ، مکہ معظمہ پہنچے آپ کے ہاں عناق عورت (کافر) حاضر ہوئی اور اس سے زمانہ جاہلیت میں آپ کو عشق تھا اس نے کہا اے مرثد میرے ساتھ خلوت کیجئے اب میں اسلام قبول کر چکا ہوں اور اسلام ایسی باتوں سے روکتا ہے اس نے عرض کیا نکاح کرلوں گی لیکن حضور علیہ السلام سے مشورہ کرلوں آپ نے حضور علیہ السلام سے مشورہ کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ اور مومنہ لونڈی باوجود یہ کہ اس کے وہ بوجہ لونڈی ہونے شان میں کمی ہے لیکن خَيْرٌ وہ بہتر ہے دین و دنیا کے لحاظ سے مِّنْ مُّشْرِكَةٍ مشرکہ عورت سے باوجود یہ کہ اس کے پاس مال اور حریت کی شرافت بھی اسے حاصل ہے اور شان میں رفیع المنزلۃ ہے وَلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ اگرچہ وہ مشرکہ عورت اپنے حسن و جمال اور مال و اسباب نور نسب کی شرافت کے علاوہ اس کے پاس تمام زیب و زینت کے سامان ہیں اور وہ تمہیں اپنے حسن و جمال میں پھنسا لے اور یہ واؤ حالیہ ہے اور حال کے معنی کے باوجود عاطفہ بھی ہے اس لئے کہ اس کا مدخول حال محذوف ہے۔

---

[1]: لیکن دور حاضر میں اس کے ساتھ نکاح نہیں چاہیے کیونکہ وہ اگرچہ کتابیہ ہیں لیکن حقیقتاً دہریہ۔ اویسی غفرلہ

Marfat.com

کیونکہ اصل عبارت یوں ہے۔ خیر من مشرکته علی کل حال ولوفی هذه الحال یعنی وہ مومنہ عورت ہر حال میں مشرکہ عورت سے بہتر ہے اگر چہ وہ اس حال میں ہو جس کا ذکر اوپر آیا ہے اس ترکیب سے تمام احوال کا احاطہ مقصود ہے۔ (کذافی تفسیر الکواشی)

ف: یہاں پر لو بمعنی ان ہے اسی طرح ہر اس مقام پہ لو بمعنی ان ہوگا جہاں اس کا مابعد ماضی اور اس کا جواب اس سے مقدم ہو اب آیت کا معنی یہ ہوا کہ اگر چہ تمہیں مشرک عورت اپنے حسن و جمال میں پھنسالے لیکن تمہارے لئے عورت مومنہ کئی درجہ بہتر ہے۔

وَلَاتَنْكِحُوا بضم التاء الانكاح سے مشتق ہے الْمُشْرِكِيْنَ یعنی کفار وہ بت پرست ہوں یا کوئی اور نئی مشرکین کو اپنی عورتیں مومنات نکاح میں نہ دو خواہ وہ آزاد ہوں یا لونڈیاں حَتّٰى يُؤْمِنُوْا یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں یعنی وہ تمام کفریہ امور ترک کریں۔

ف: ابن الشیخ رحمة الله علیه نے اپنے حواشی میں فرمایا اے مسلمانو اپنی چھوٹی لڑکیاں یا جوان کے حکم میں ہیں اور وہ تمہاری ولایت میں ہیں اسی طرح چھوٹی مومنہ بالغہ عورتیں کفار سے نکاح نہ کریں۔

ف: ولا تنکحوا تغلیب الذکور علی الاناث کے قبیل سے ہے اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔

ف: ابھی تک مشرک کا حکم باقی ہے کہ مومنہ عورت کا کسی قسم کے کافر کے ساتھ نکاح جائز نہیں۔ ولعبد مومن اور مومن غلام باوجود یہ کہ اس میں ملوکیت کی کمی ہے خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ مشرک سے بہتر ہے اگر چہ اس میں آزادی کی شرافت ہے وَلَوْ اَعْجَبَكُمْ اگر چہ وہ مال و جمال اور نیک خصال کی وجہ سے تمہیں اچھا لگے وہ جو مذکور ہوئے مشرکین اور مشرکات سے يَدْعُوْنَ بلاتے ہیں انہیں جو ان کے ساتھ گذارتے اور ساتھ رہتے ہیں اِلَى النَّارِ جہنم کی طرف یعنی ان اعمال کی طرف بلاتے ہیں جو جہنم کی طرف لے جاتے ہیں جیسے کفر و فسق۔

مسئلہ: کافر و مشرک مرد و عورت سے اجتناب ضروری ہے اور نہ ہی ان کے ساتھ رہنا چاہیے اور نہ دوست چاہیے۔ وَاللّٰهُ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے اولیاء یعنی مومن یہاں پر مضاف محذوف ہے اس کے قائم مقام پر مضاف الیہ کو رکھا گیا ہے تا کہ اولیاء اللہ کی عظمت کا اظہار ہو۔ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بلاتا ہے بہشت مغفرت کی طرف یعنی حق کے اعتقاد اور عمل صالح جو کہ بہشت و مغفرت پہنچانے والے ہیں کی طرف بلاتے ہیں اور وہی

marfat.ocm
Marfat.com

ایسے تعلق کے حقدر ہیں بِاِذْنِهٖ یہ یَدْعُوْا کے متعلق ہے یعنی اللہ تعالیٰ بلاتا ہے اور حالانکہ اس کی توفیق سے ملتبس ہے منجملہ اس کے مومنین کی رہبری ہے جو کہ وہ خیر ورحمت سے ملے ہوئے ہیں اور ان کا نصیحت کرنا بھی وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ اور اپنے آیات بیان کرتا جو کہ عجیب احکام اور بہترین حکمتوں پر مشتمل ہیں لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ لوگوں کے لئے تا کہ نصیحت حاصل کریں اور معلوم کریں جو اس کے اندر ہے تا کہ (جس کی طرف بلائے جاتے ہیں) کامیاب ہو جائیں یعنی بہشت ومغفرت نصیب ہو۔

سوال: آیت میں تذکّر کیوں کہا گیا؟

جواب: اس طرف اشارہ ہے کہ وہ امر ایسا واضح ہے کہ اس میں تفکر کی ضرورت نہیں جیسے سابقہ انبیاء علی نبینا و علیہم السلام کے احکام میں تفکر کی ضرورت ہوتی تھی۔

مسئلہ: آیت میں کفار کے ساتھ دوستی وتعلق سے روکا گیا ہے اور مومنین سے محبت والفت ودوستی کی ترغیب دی گئی ہے۔

مسئلہ: مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ مشرکہ عورت کے مال وجمال کو دیکھ کر حیران نہ ہو اس لئے کہ مسلمان عورتوں میں بعض اس جیسی ہوتی ہیں بلکہ اس سے بڑھ کر بھی تو مومن خواہ مخواہ کیوں جہنم خریدتا ہے۔

مسئلہ: محیط میں ہے کہ کوئی مسلمان نصرانیہ کے حسن وجمال کو دیکھ کر دل میں آرزو کرے کہ کاش وہ نصرانی ہوتا تا کہ اس سے نکاح کر لیتا اس آرزو کی وجہ سے وہ کافر ہو جائے گا علاوہ ازیں اس کی حماقت بھی ہے اس لئے کہ اس جیسی حسین وجمیل اسلام میں بھی بیشمار ہیں یہ آرزو اسے جہنم کی طرف لے گئی کیونکہ اس سے نکاح مشکل تھا جب تک ایک جنس نہ بنتا چنانچہ اس کی علت قرآن مجید میں موجود ہے اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً اس لئے مشہور ہے کہ گندی طبیعتیں ہی گندی دنیا کی لالچ کرتی ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ کسی نے کیا خوب کہا۔

ہمہ مرغاں کنند با جنس پرواز کبوتر با کبوتر باز با باز

(**ترجمہ**: ہر مرغ اپنے ہم جنس کی طرف پرواز کرتا ہے کبوتر کبوتر کے ساتھ اور باز باز کے ساتھ)

ف: زمخشری کے اس بلاغت بھرے قول کو سراہا گیا ہے چنانچہ اس نے کہا **لا اترض لمجالسعد الا بمجانیستک**

marfat.com
Marfat.com

یعنی اس پر ہرگز راضی نہ ہونا جب تک تیرا انیس تیرا ہم جنس نہ ہو کیونکہ سب سے بڑا عذاب یہی ہے کہ انسان کا رفیق غیر جنس ہو۔

تفسیر صوفیانہ اسائته الحکم میں ہے کہ عادات کے اختلاف کی ایک وجہ ہے وہ یہ کہ عالم شہادت میں ملاقات سے پہلے عالم ارواح میں ارواح کو ارواح سے آپس میں روشناسی ہوئی جسے نیک روح سے تعارف ہوا سے ازل سے نیکی نصیب ہوئی اسی وجہ سے بعض میں نیکی کی عادت ہوتی ہے اور بعض میں بری عادت اس لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ اپنے کسی ہم جنس سے تعلق جوڑے وہ ہم جنس از جہت جسمانیہ ہو یا از جہت روحانیہ لیکن یاد رہے کہ جہت جسمانیہ کا کھچاؤ مٹی کی طرف ہوگا اور جہت روحانیہ کا روحانیہ کی طرف سے جو کہ روز اولین کی مناسبت سے ایک دوسرے سے تھی۔ حضرت امام سخاوی رحمة اللّٰه تعالیٰ مقاصد حسنہ میں فرماتے ہیں۔ حدیث الأرواح جنود مجندة تمام ارواح ایک بڑا لشکر تھے جسے ایک دوسرے سے اس وقت تعارف ہوا وہ آج ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور جنہیں ایک دوسرے سے روشناسی نہ ہوئی ان کا زندگی بھر آپس میں اختلاف رہا۔

شان ورود: اس حدیث کے ورود کے متعلق سیدنا عائشہ رضی اللّٰه تعالیٰ عنها فرماتی ہیں کہ مکہ معظمہ میں ایک عورت تھی جس کا کام تھا کہ وہ قریش کی عورتوں کو ہنساتی تھی جب عورتوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ نے اسلام کو وسعت بخشی تو وہ بھی مدینہ شریف آ گئی میں نے اس عورت کے بارے میں پوچھا کہ وہ کہاں مہمان ہوئی تو کہا گیا کہ وہ فلاں عورت کے ہاں مہمان ٹھہری اور وہ بھی ہنسانے والی مشہور تھی۔ بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللّٰه تعالیٰ عنها۔ فرماتی ہیں حضور سرور عالم ﷺ تشریف لائے تو فرمایا کہ فلاں ہنسانے والی عورت مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے آئی ہے ہم نے کہا ہاں جی آپ نے فرمایا پھر وہ کہاں مہمان ہوئی ہم نے کہا مدینہ طیبہ کی فلاں عورت جو یہاں مدینہ طیبہ میں عورتوں کو ہنساتی ہے آپ نے فرمایا الحمد للّٰه ان الارواح جنود مجند ةالخ کسی شاعر نے کہا ہے۔

بینی وبینک فی المحبته نسبته　　مستورة عن سر هذا لعالم

نحن اللذان تحابت ارواحنا　　من قبل خلق اللّٰه طینته آدم

marfat.ocm
Marfat.com

(**ترجمہ**: تیرے اور میرے مابین محبت کے بارے میں ایک نسبت ہے جو اس عالم سے پوشیدہ ہے ہم وہ ہیں جو روحیں آپس میں محبت کرتی تھیں جب کہ ابھی اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کا گارا بھی نہیں بنایا تھا)

حضرت حسین کاشفی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

جاذب ہر جنس را ہم جنس داں　　جنس بر جنس است عاشق جاوداں

تخم با تخمے یقین ملحق شود　　کے دم باطل قرین حق شود

طیبات آمد بسوئے طیبین　　الخبیثات للخبثین است ہم نشیں

(ترجمہ: ہم جنس کو ہم جنس کھینچتا ہے اس لئے کہ ہم جنس اپنے ہم جنس کا عاشق ہے کڑوے کو یقیناً کڑوے سے الحاق ہوتا ہے باطل ایک گھڑی کے لئے بھی حق کے سامنے نہیں ٹھہر سکتا طیبات کو طیبین کی طرف میلان ہوتا ہے اور خبیثات کو خبیثین سے تعلق ہے)

تفسیر صوفیانہ عقول میں بھلائی کا میدان اور برائی سے نفرت طبعی طور ہے اس لئے دانا پر لازم ہے کہ وہ نصیحت حاصل کرے وہ شخص بڑی سمجھ رکھتا اور اپنے مال سے باخبر ہوتا ہے تو جو لوگ حق سے دور ہوتے ہیں وہ ان سے علیحدگی اختیار کر لیتا اور برائی کے داعی سے نفرت کرتا ہے عجم کے بعض اہل قربت بزرگوں نے فرمایا اللہ بس باقی ہوس۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا اور مقربین وہ ہیں جو مَا فِی الْاَرْض کے باوجود کو فانی سمجھ کر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ماسوی ذات حق کے وہ کسی طرف متوجہ نہیں ہوتے اور اپنے مولیٰ سے ماسوی اس کے اوپر کچھ نہیں مانگتے اور نیت اور عمل کے لحاظ سے بہتر سے بہتر ہوتے ہیں اور یہی سیدھا راستہ ہے اے اللہ ہمیں ہماری ہدایت کی باتیں الہام فرما اور ہمیں اپنے نفس کے شر سے بچا اس لئے کہ تو مجیب الدعوات ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا

اور تم سے پوچھتے ہیں حیض کا حکم تم فرماؤ وہ ناپاکی ہے تو عورتوں سے الگ رہو

النِّسَآءَ فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ

حیض کے دنوں اور ان سے نزدیکی نہ کرو جب تک پاک نہ ہولیں

فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

پھر جب پاک ہولیں تو ان کے پاس جاؤ جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا بیشک اللہ

يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠

پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں کو۔ تمہاری عورتیں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں

فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

تو آؤ اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو اور اپنے بھلے کا کام پہلے کرو اور اللہ سے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا

ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اس سے تمہیں ملنا ہے اور اے محبوب بشارت دو ایمان والوں کو۔ اور ایمان والوں کو

اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ

اپنی قسموں کا نشانہ نہ بنالو کہ احسان اور پرہیزگاری اور لوگوں میں صلح کرنے کی

النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِىْٓ

قسم کرلو اور اللہ سنتا جانتا ہے۔ اللہ تمہیں نہیں پکڑتا ان قسموں میں جو بے ارادہ

اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

زبان سے نکل جائیں ہاں اس پر گرفت فرماتا ہے جو کام تمہارے دلوں نے کئے اور اللہ

marfat.ocm
Marfat.com

غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ

بخشنے والا علم والا ہے ۔ وہ جو قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی عورتوں کے پاس جانے کی انہیں چار

اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ عَزَمُوا

مہینے کی مہلت ہے پس اگر اس مدت میں پھر آئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اور چھوڑ دینے کا ارادہ پکا

الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ

کرلیا ہے تو اللہ سنتا جانتا ہے ۔ اور طلاق والیاں اپنی جانوں کو روکے رہیں

بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ

تین حیض تک اور انہیں حلال نہیں کہ چھپائیں وہ جو اللہ نے ان

اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ

کے پیٹ میں پیدا کیا اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں

وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ

اور ان کے شوہروں کو اس مدت میں اندر ان کے پھیر لینے کا حق پہنچتا ہے اگر ملاپ چاہیں

مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ

اور عورتوں کا بھی حق ایسا ہی ہے جیسا ان پر ہے شرع کے موافق اور دوسرے کو ان پر فضیلت ہے

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ ع

اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

تفسیر عالمانہ

سوال: تین وَيَسْئَلُوْنَكَ واؤ کے ساتھ ہیں اور باقی واؤ کے بغیر اس کی کیا وجہ ہے۔

جواب: دراصل لوگوں نے ان تینوں کے متعلق بیک وقت سوال کیا اور اس کے ماسوا

marfat.com
Marfat.com

کے متعلق متفرق اوقات میں سوال کئے اسی لئے انہیں واؤ کے ساتھ اور باقیوں کو واؤ کے بغیر ذکر کیا گیا ہے۔

عَنِ الْمَحِيْضِ یہ مصدر ہے جیسے ''محی اور میت'' مصدر ہیں اور حیض وہ گندی الائش ہے جو عادت کے طور رحم سے خارج ہوتی ہے یعنی آپ سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔

فائدہ: سوال میں ابہام تھا لیکن جواب میں پوری تفصیل کی گئی ہے اس لئے کہ ان کے سوال کا منشاء یہ تھا کہ حیض کی حالت میں عورتوں سے اختلاط جائز ہے یا نہ قُلْ هُوَ اَذًى فرمایئے اے حبیب ﷺ وہ اذی ہے یعنی حیض ایک ایسی شے ہے جسے طبیعت کو نفرت ہوتی ہے اور وہ اسے ایذاء دینے والی ہے یعنی بحالت حیض عورتوں سے قربت کرنے سے طبعی نفرت اور کراہت بھی ہے اور موجب ایذاء بھی۔

شان نزول: مروی ہے کہ اہل جاہلیت اپنی عورتوں کو بحالت حیض اپنے گھروں سے نکال دیتے تھے اور نہ ہی ان کے ساتھ کھاتے پیتے مجوس اور یہود کی عادت تھی اور اسی رسم پر قائم رہے یہاں تک کہ ابولا دحداع (صحابہ کرام میں سے تھا) نے سوال کیا یارسول اللہ ﷺ کیا ہم اپنی عورتوں سے حیض کی حالت میں ہمبستری کریں یا نہ اس کے سوال پر یہ آیت نازل ہوئی۔

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ، الْمَحِيْضِ یہاں پر اسم مکان ہے اس لئے کہ فرج سے ہی حیض ظاہر ہوتا ہے یعنی حیض کے دوران عورتوں کے جماع سے پرہیز کرو۔

شان نزول: مروی ہے کہ اہل اسلام نے ظاہری طور پر عورتوں سے علیحدگی اختیار کر لی اس لئے کہ عورتوں کو اپنے گھروں سے نکال دیا چند اعرابیوں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ سخت سردی ہے اور کپڑوں کی کمی ہے اگر ہم ان کو کپڑے دیتے ہیں تو تمام کنبہ ہلاک ہوتا ہے اور اگر ہم خود استعمال کرتے ہیں تو حیض والی عورتیں ہلاک ہوتی ہیں آپ نے فرمایا جب وہ حیض کی حالت میں ہوں تو تم صرف جماع سے روکے گئے ہو یہ نہیں کہ عجمیوں کی طرح حیض والی عورتوں کو گھروں سے نکال دو اسلام میں میانہ روی کا ایک مسئلہ یہ ہے اور یہود حیض والی عورتوں کو گھروں سے نکال دیتے تھے اور نصاری حیض کی پرواہ کئے بغیر ان سے جماع کرتے تھے اسلام میں فرمایا گیا کہ نہ بالکل حیض والی عورتوں کو گھروں سے نکالو اور نہ ہی ان سے جماع کرو۔

وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ اور نہ ہی ان سے جماع کرو حَتّٰى يَطْهُرْنَ یہاں تک کہ حیض سے پاک ہو جائیں

marfat.ocm
Marfat.com

یعنی ان کا حیض پورے طور ختم ہو۔

مسئلہ: سیدنا امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب عورت کے حیض کے ایام دس پورے ہوں تو اس سے جماع کرنا جائز ہے اگر چہ عورت غسل کر سکے اور دس دنوں سے کم مدت میں حیض ختم ہو تو جماع نہ کرے یہاں تک کہ حائضہ غسل کر لے اور اس پر نماز کا وقت گزر جائے۔

فَاِذَا تَطَهَّرْنَ پس جب وہ نہالیں اس لئے کہ تطہر بمعنی اغتسال ہے فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ پس ان کے پاس آجاؤ جہاں سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے یعنی عورت کے ساتھ جماع کرو اس مقام پر جو تمہارے لئے حلال ہے یعنی قبل میں اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ بے شک اللہ تعالیٰ گناہوں سے توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ اور پاک رہنے والوں سے بھی محبت کرتا ہے یعنی فواحش اور طبع سے نفرت والی اشیاء سے تنزہ کرتے ہیں جیسے حائضہ کا جماع اور قبل کے بغیر دوسرے مقام میں وطی کرنے سے نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں یعنی وہ کھیتی کی جگہ ہیں۔

ف: عورتوں کے اندر نطفہ ڈالنے کو زمین کے اندر بیج ڈالنے سے اس لئے تشبیہ دی گئی ہے کہ ان دونوں کو آپس میں مشابہت ہے۔ بامعنی کہ ہر دونوں میں ایسا مادہ پایا جاتا ہے جو کہ اصل مقصود ہے۔

ف: حرث اور زرع میں فرق یہ ہے کہ حرث کو بیج ڈالنے اور زمین کو اس لئے تیار کرنے اور مرع بیج کے اگانے اور پھر انگوری کی نگرانی وغیرہ کرنے کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ کفار کے لئے حرث اور زرع کی نفی کی ہے۔ فَاْتُوْا اپنی کھیتی کے پاس آؤ۔

ف: عورتوں کو کھیتی سے اور ان سے جماع کرنے کو ایتان تعبیر کیا گیا ہے اَنّٰى شِئْتُمْ الی یہاں پر بمعنی کیف ہے یعنی جیسے اور جس طرح اور جہت سے چاہوں بعد اس کے کھیتی اور وطی کی جگہ ایک ہو اس لئے کہ دبر کھیتی کی جگہ نہیں ہے اَنّٰى شِئْتُمْ کے عموم میں مکانات کا عموم مراد نہیں کہ عورتوں کو دبر میں بھی وطی کرنا جائز ہے البتہ یہ عموم کیفیات میں ہو سکتا ہے اور کیفیات کے عموم پر اس آیت کا شان نزول بھی دلالت کرتا ہے۔

شان نزول: مروی ہے کہ یہودیوں کا گمان تھا کہ جو شخص اپنی عورت سے قبل میں پیچھے کی طرف سے جماع کرے تو بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے۔ یہودیوں کی یہی بات حضور سرور عالم ﷺ کو پیش کی گئی تو یہی آیت نازل ہوئی اور عقد نکاح

marfat.com
Marfat.com

سے یہی مقصود ہے کہ عورت کھیتی کی جاہ ہے اور اس کے کھیتی کی جگہ پر جیسے ہی اور جس طرح سے جماع ہو جائز ہے۔

لواطت کی مذمت

حدیث شریف: لعنتی ہے جو اپنی عورت کی دبر میں وطی کرے۔

مسئلہ: عورت کی دبر میں وطی کرنا لواطت صغریٰ ہے اور مرد سے دبر وطی کرنا لواطت کبریٰ ہے۔

مسئلہ: حضرت امام نے فرمایا جس نے کسی بے ریش لڑکے کو شہوت کے طور بوسہ دیا گویا اس نے اپنی ماں سے ستر بار وطی کی اور جس نے اپنی ماں سے زنا کیا گویا اس نے ستر باکرہ عورتوں سے زنا کیا اور جس نے ستر باکرہ عوتوں سے زنا کیا گویا اس نے ستر ہزار عورت سے زنا کیا۔

مسئلہ: لواطت کی سزا تعزیر ہے اور اسے جیل خانہ میں محبوس کیا جائے یہاں تک کہ توبہ کرے اور صاحبین کے نزدیک اسے زانی جیسی حد لگانی چاہیے یعنی سو کوڑا اور اگر وہ شادی شدہ نہیں ہے اگر شادی شدہ ہے تو اس کو سنگسار کرنا لازمی ہے۔

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ اور اپنے نفسوں کے لئے اعمال صالحہ مقدم کرو یعنی وہ ثواب جس کا تمہیں وعدہ کیا گیا ہے وہ اللہ کے ہاں اس دین کے لئے ذخیرہ محفوظ ہے جس دن کہ تمام محتاج ہوں گے اور عورتوں کے ساتھ جماع کرنے پر اس قید میں بھی نہ پھنسو کہ ان سے شہوت رانی مقصود ہے بلکہ اس ارادہ سے جماع کرو کہ شرع کا جو اس میں مقصود ہے یعنی اولاد پیدا کرنا تمہارا بھی وہی مقصود ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اور اللہ سے ڈرو گناہوں سے اجتناب کر کے یعنی وہ امور جن سے اللہ تعالیٰ نے روکا ہے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ اور یقین کرو کہ بے شک تم اللہ تعالیٰ سے ملنے والے ہو مُّلٰقُوْهُ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹتی ہے لیکن یہاں پر مضاف کا حذف ضروری ہے ایملا قوا جزائہ یعنی اللہ تعالیٰ کی جزاء سے تم ملنے والے ہو اس دن کے لئے ایسا زادراہ تیار کرو کہ جس سے تمہیں شرمساری نہ ہو۔ وَبَشِّرِ اور اے میرے محبوب محمد ﷺ خوشخبری سنایئے الْمُؤْمِنِيْنَ مومنین کو یعنی ان لوگوں کو جو اوامر و نواہی کے مخاطب ہیں اور وہ انہیں سن کر بدل و جان قبول کرتے ہیں اور جس کا انہیں حکم ہے اس پر بطیب خاطر عمل کرتے ہیں انہیں کرامت اور دائمی نعمتوں کی خوشخبری سنادو کہ۔

marfat.ocm
Marfat.com

دارامان خانہ ایمان بنشیں ایمن باش کہ امان بایدت البتہ مرد زیں مسائمن

(ترجمہ: ایمان کے امن خانہ میں اطمینان سے بیٹھو اگر امن چاہتے ہو تو اس امن خانہ سے باہر قدم مت رکھو)

ف: اس کی علامت یہ ہے کہ جس بندے کا ایمان گناہوں سے روکے اور نیکی کی رغبت دے تو سمجھو ایسا مؤمن خوشخبری کا مستحق ہے اور اگر اس کا ایمان نہ اسے برائی سے روکتا ہے اور نہ ہی اطاعت الٰہی میں دلچسپی دلاتا ہے تو وہ خوشخبری کا حق نہیں رکھتا اس لئے کہ وہ ایمان کے رہنے کی جگہ نہیں کیونکہ ایمان ایسے مقام پر نہیں ٹھہرتا جہاں اس کے رہنے کی جگہ صاف ستھری نہ ہو یعنی گناہوں سے منزہ اور پاک نہ ہو۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ میں اشارہ ہے کہ سالک پر لازم ہے کہ وہ اپنے مرجع اور انجام کو یاد کرے اور کوشش کرے ان چیزوں کے حصول کی جو اسے نفع پہنچائیں یعنی اعمال صالحہ اور گھٹیا درجہ ہے کہ عمل آخرت کے لئے میسر ہوں اور بلند مراتب فضل مقاصد اور اعلیٰ مطالب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے کمال قال تعالیٰ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ وہ اسلئے کہ عمل صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے کئے جاتے ہیں نہ کہ جنت کی طلب کے لئے اور نہ ہی دوزخ سے بچنے کے لئے۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ میں ہے کہ عورتوں کے لئے حیض مقرر کیا گیا ہے یہ ان کے ایمان کا نقصان ہے اس لئے کہ یہ روزے نماز کی حقیقت سے مانع ہے جو کہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا موجب ہے اور یہ روزے کی حقیقت سے مانع یہ اور یہ مشتہیات نفس سے روکتا ہے اور جیسے حیض فرج سے نکلنے کا نام ہے اسی طرح خواہشات بھی صفات بشریہ کے غلبات اور حاجات انسانیہ کو کہا جاتا ہے خواہشات نفسانیہ کے غلبہ سے روحانی صفائی مکدر ہو جاتی ہے اور اذی پہنچتا ہے بزرگوں نے فرمایا کہ خواہشات نفسانیہ کا ایک قطرہ روحانی صفائی کے دریا کو مکدر کرتا ہے اس لئے حقیقۃً نفس کو نماز روزہ سے روکا گیا ہے اگرچہ وہ بظاہر ان میں مشغول ہو۔

ف: مومنین کے تین طبقات ہیں۔ ۱۔ عوام ۲۔ خواص ۳۔ خاص الخاص عوام چونکہ اہل غیب سے ہیں ان کے لئے ہم شکل لوگوں میں ٹھہرنے کی اجازت ہے جب کہ علی وصف الاذن ہو ان کے لئے کہا گیا ہے نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ اور خواص چونکہ وصف حضور سے موصوف ہیں ان پر لازم ہے کہ وہ اپنے ہم مثل لوگوں میں گذرایں اور ان کے لئے کہا گیا ہے قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ اس کے بعد وہ لوگ تفرید کے راہ چلتے ہیں یہاں تک کہ

marfat.com
Marfat.com

کعبہ توحید تک پہنچ جاتے ہیں اور خاص الخاص وہ حضرات ہیں جو حق تک پہنچتے اور حقیقت کے ملنے والے ہوتے ہیں خلافت حق سے عالم حقیقت میں ماسوی اللہ کے متصرف ہوتے ہیں یہی مردان حق کہلاتے اور اللہ تعالیٰ کے قرب میں بیٹھنے والے ہوتے ہیں ان کی عورتیں ماسوی اللہ ہیں انہیں کہا جاتا ہے یہ ماسوی اللہ تمہاری کھیتی ہے اور اس کے پاس جس طرح چاہو آؤ یہ حضرات انبیاء کرام اولیاء علی نبینا و علیہم السلام ورحمۃ اللہ علیہم ہیں پس جیسے ایک قوم کے لئے دنیا آخرت کی کھیتی ہے لیکن ان لوگوں کے لئے دنیا وآخرت دونوں کھیتی باڑی ہیں ان میں جو چاہیں بیج بوئیں جہاں چاہیں اور جیسے چاہیں اور یہ بھی قاعدہ ہے کہ یہ لوگ وہی چاہتے ہیں جو اللہ چاہتا ہے اس لئے کہ ان کی مشیت کا انحصار اللہ تعالیٰ کی مشیت پر ہے اور ان کی قدرت کا تصرف اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت ہے وہ جو کچھ کرتے ہیں اپنے نفع کے لئے کرتے ہیں نہ کہ اپنے نقصان کے لئے بلکہ یہ وہی شئے مقدم کرتے ہیں جس کی تقدیم کا انہیں حکم ہے اور وہی چیز مؤخر کرتے ہیں جس کا انہیں تأخر کا حکم ہوتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ یعنی اے اللہ تعالیٰ کے خواص ولی و دنیا وآخرت کی کھیتی میں تصرف کرنے والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اس لئے کہ تم اللہ تعالیٰ کو ملنے والے ہو اللہ تعالیٰ سے تمہیں کوئی شئے آڑ نہیں بنتی اور مؤمنین کو خوشخبری دو کہ بے شک وہ اللہ تعالیٰ کو ملنے والے ہیں اگر اللہ تعالیٰ سے ڈریں یعنی خواص اولیا کا مرتبہ مومنین کو آسانی سے میسر ہوتا ہے جب کہ وہ اس کی طلب میں جدوجہد کا حق ادا کریں۔

حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

جمال یار نہ ندارد حق نقاب و پردہ و لے　　غبار رہ رہ بنشاں تا نظر توانی

(ترجمہ: جمال یار پر کسی قسم کا پردہ نہیں ہے تم اپنے سے غبار کو دور کرو تا کہ تم دیدار پاسکو)

تفسیر عالمانہ

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ

شان نزول: مروی ہے کہ بشر بن نعمان انصاری نے اپنی عورت کو طلاق دے دی اور یہ حضرت عبداللہ بن رواحہ کی بہن تھیں پھر بشر بن نعمان کا ارادا ہوا کہ ان سے نکاح کریں اور حضرت عبداللہ نے قسم کھائی تھی کہ اب بشر بن نعمان سے علیک سلیک ختم اور نہ ہی اس سے سلام وکلام ہوگا اور نہ ہی اپنی بہن کے بارے میں ان کے ساتھ صلح کریں گے جب انہیں کہا گیا کہ آپ کی بہن کے ساتھ بشر بن نعمان دوبارہ شادی کرنا

marfat.ocm
Marfat.com

چاہتے ہیں تو انہوں نے یہی فرمایا کہ اب میں قسم کھا چکا ہوں کہ اپنی بہن کا نکاح دوبارہ بشر بن نعمان سے نہیں کروں گا اور میں اپنی قسم پر پختہ ہوں اس سے کسی طرح حانث نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

حل لغات: عُرْضَةً بمعنی معروض نام ہے اس شئے کا جو کسی شئے کے آگے عارض ہو یعنی وہ شئے جو آگے کی بجائے اس حیثیت سے کہ وہ حاجز و مانع بن جائے یہ مشتق ہے عرض العود علی الاناء سے یعنی لکڑی کو برتن میں ڈال کر اس کا اسے سترہ بنایا اس حیثیت سے کہ اسے برتن یا جس کی طرف توجہ کی جاری ہے سے عاجز و حائل بنایا جائے اب آیت کا ترجمہ یہ ہوا جس پر کہ تم قسم کھاتے ہو انواع خیر سے جیسے پاک دامنی اور پرہیز گاری کا اظہار اور اصلاح کرنا یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے نام کی قسم کھانے کو آڑ نہ بناؤ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھانا اس سے مانع نہیں یہاں پر قسم کھانا مجاز مرسل ہوگا اس خیرات سے کہ جس پر قسم کھائی جارہی ہے۔

سوال: محلوف علیہا یعنی جس پر قسم کھائی جارہی ہے اسے یمین (قسم کھانے) سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

جواب: اس لئے کہ قسم کو اس سے تعلق ہے۔

ترکیب: لایمنکم عرضتہ سے متعلق ہے اور اس کا اس سے معمولیت کا تعلق ہے نہ کہ علیت کا کیونکہ عرضہ وہ ہے جو کسی شئے کو عارض اور وہ شئے اس سے معرض ہو یعنی وہ شئے جسے تم کسی دوسری کے آگے مقدم کرو تو پہلی شئے اس دوسری شئے کے آگے ہو اب مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم کو ایسی شے نہ بناؤ جو عارض اور وہ محلوف علیہ یعنی بر اور خیر کے آگے واقع اور وہ قسم شئے کی ادائیگی سے مانع ہو۔ اَنْ تَبَرُّوْا بیان ہے اَیْمَانِکُمْ کے لئے یعنی اَنْ تَبَرُّوْا ان امور کے لئے عطف بیان ہے جس پر قسم کھائی جارہی ہے۔ یعنی بر و تقوی اور اصلاح کے لئے۔

وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ اور اللہ تمہاری قسم کو سنتا ہے اور عَلِیْمٌ تمہاری نیات کو جانتا ہے یہاں کہ تم قسمیں کھانا چھوڑ دو صرف اللہ تعالیٰ کے نام کی تعظیم اور اس کے اجلال و اکرام کی وجہ سے جو کہ تم اسے اپنی دینویہ اغراض پر استعمال کرتے ہو اور وہ تمہارے قلوب و نیات کو جانتا یہ بلکہ اس پر پورے طور محافظت کرو جس کا مکلف بنائے گئے ہو۔ مثنوی شریف میں ہے۔

از پے آن گفت خود را حق سمیع — تا بندی لب ز گفتار شنیع

از پے آں گفت خود را حق بصیر — کہ بود دیدویت ہر دم نذیر

marfat.com
Marfat.com

از پے آں گفت خود را حق علیم　　تا نیندیشی فسادے تو زبیم

(**ترجمہ**: اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو اس لئے سمیع فرمایا ہے تا کہ تم اپنی زبان کو بری باتوں سے روکو اور اس نے اپنے آپ کو بصیر اس لئے فرمایا ہے کہ تمہیں دیکھنے کے متعلق اس کا خوف ہو اور اس نے اپنے آپ کو علیم اس لئے فرمایا ہے تا کہ تم فساد کے اندیشے سے پاک وصاف رہو)

تفسیر صوفیانہ

آیت عام ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ کی قسم اس لئے کھاتا ہے کہ وہ کسی سے احسان نہ کرے اور نہ ہی گناہوں سے بچے اور وہ کام کرے جو اس کا جی چاہے اور نہ ہی لوگوں کے درمین صلح وصفائی کرائے جب کہ ان کے مابین بغض وعداوت پھیلے گویا اللہ تعالیٰ نے فرمایا تمہارا ہر معاملہ خیر اور بھلائی ہے اس سے تمہاری قسم مانع نہیں پس اگر تم قسم کھاؤ تو پہلے اسے سوچ لیا کرو اور نیکیاں یعنی احسان وتقوی اور اصلاح مابین الناس کا معاملہ کرو پس ایسے نہ کہو کہ قسم کھا کر کہو کہ ہم یہ کام اس لئے نہیں کرتے کہ اس پر قسم کھا چکے ہیں اگر ہم یہ کام کریں تو ہم اپنی قسم میں حانث ہو جائیں گے اس لئے انہیں چاہیے کہ ایسے مواقع پر حانث ہو جائیں کیونکہ ان کا حانث ہونا فعل بر واحسان سے یعنی وہ کہ جس سے احسان وتقوی اور اصلاح مابین الناس سے تعلق رکھتا ہے۔

حدیث شریف: حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا جس نے قسم کھائی اور وہ جانتا ہے کہ اس کے غیر میں بھلائی ہے تو اسے چاہیے کے قسم کا کفارہ دے اور وہ کرے جس میں بھلائی ہے۔

مسئلہ: کام پہلے کرے کفارہ بعد کو ادا کرے۔

مسئلہ: یہ جائز نہیں ہاں حانث ہونے کے بعد کفارہ بالاتفاق واجب ہے۔

مسئلہ: اسحاق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک بھی حانث ہونے سے پہلے کفارہ ناجائز ہے۔

مسئلہ: شرح کتاب میں کہ اہل شرع فرماتے ہیں کہ قسم کھا کر اپنے سامان کو رواج نہ دو قسم سچی ہو یا جھوٹی اس لئے کہ اگر وہ جھوٹی قسم کھاتا ہے تو وہ یمین غموس ہے اور کبیرہ گناہ ہے اور کبیرہ گناہ ملک کو تباہ کرتا ہے اور سچی قسم سے اللہ تعالیٰ اس کے سامان کیلئے اچھا سبب تو بنائے گا لیکن تجارت کو فروغ دینے کے لئے سچی قسم کھا کر اس نے برا کیا کیونکہ دنیا خسیس ہے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر مبارک رفیع الشان اور رفیع الشان کو ایک خسیس شئے کے لئے

marfat.ocm
Marfat.com

بلاضرورت سبب بنانا بہت برا ہے۔

نکتہ: جس کی ہر چھوٹی بڑی بات پر قسم کھانے کی عادت بن جائے تو اس کی زبان قسم کھانے پر مجبور ہو جائے گی جس کی وجہ سے قسم کی قدر و منزلت اس کے دل سے اٹھ جائے گی اس اعتبار سے جھوٹی قسم کا کھا جانا اس کے لے کوئی بری بات نہ سمجھی جائے گی اور اصل غرض کے لئے جو قسم سے مطلوب تھا وہ مقصود ہو جائے گا۔

حدیث شریف: بہت بڑی خرابی ہے اس تاجر کے لئے جو اپنے تجارتی کاروبار کے ہر معاملہ میں کہتا ہے اللہ تعالی کی قسم اللہ کی قسم۔

مسئلہ: بستان العارفین میں ہے کہ اپنے سامان کی ترویج کے لئے درود پڑھتا ہوا کہے کہ یہ بہتر سامان ہے وہ اس سے برا کرتا ہے۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا تاجر لوگ بہت برے فاجر ہیں عرض کی گئی اس کی وجہ کیا ہے اللہ تعالیٰ نے تو بیع کو حلال اور سود کو حرام کیا ہے آپ نے فرمایا یہ لوگ اس لئے فاجر ہیں کہ یہ سامان بیچتے ہوئے جھوٹی قسم کھاتے ہیں اس وجہ سے گنہگار ہو جاتے بلکہ بات بات پر جھوٹ بولتے ہیں۔

مسئلہ: اللہ تعالی کو کسی قسم کی قسم نہ دے مثلا یوں نہ کہے واللہ لیفعلن اللہ کذا اللہ تعالی کی قسم اللہ تعالی ایسے ہی کرے گا۔

مسئلہ: اگر ولی اللہ مذکورہ بالا قسم اللہ تعالی کو پیش کرے تو اللہ تعالی اس قسم میں ولی اللہ کو حانث نہیں ہونے دیتا بلکہ اس قسم میں اسے سچا بنا دیتا ہے تا کہ ولی اللہ کی عظمت کا اظہار ہو۔

حکایت با کرامت: حضرت ابو حفص رحمۃ اللہ تعالی علیہ ایک دن کہیں جا رہے تھے تو راستہ میں آپ کو ایک مزدور درویش پڑا ملا آپ نے اسے ہوش میں لا کر پوچھا کیا ہوا اس نے کہا میرا گدھا گم ہو گیا ہے اور میرے گھر کا ساز و سامان صرف وہی گدھا تھا حضرت ابو حفص کھڑے ہو گئے اور کہا وعزتک لا اخطوا خطوۃ مالم نزد حمرا اے اللہ مجھے تیری عزت کی قسم میں یہاں سے ایک قدم نہیں بڑھوں گا جب تک اس شخص کا گدھا واپس نہیں لوٹے گا ابھی یہ بات ہو ہی رہی تھی دیکھا تو گدھا سامنے ہے۔

(کذا فی شرح المشارق)

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ اللہ تعالیٰ تمہاری لغو قسم سے تمہارا موخذہ نہیں کرے گا۔

فائدہ: لغو وہ کلام ہے جو درجہ اعتبار سے ساقط ہو جائے مثلاً کہا جاتا ہے لغو یہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی باطل کلام بولے فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ تمہاری قسموں میں۔

ف: ایمان یمین کی جمع ہے بمعنی قسم اسے اس معنی میں دو جہتوں سے مستعمل کیا گیا ہے ۱۔ یمین بمعنی سیدھا ہاتھ چونکہ اہل عرب کی عادت تھی کہ جب کسی سے معاہدہ کرتے تو قسم کھاتے وقت ایک دوسرے کو دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرتے اسی مناسبت سے اسے یمان کہا گیا۔ ۲۔ یمین بمعنی قوت اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ اور ہم نے اسے مضبوطی سے پکڑا اس لئے کہ قسم کھانے والا فعل کے کرنے یا نہ کرنے کی مضبوطی کی بناء پر قسم کھاتا ہے۔

یمین لغو وہ ہے کہ نہ اس میں عقد ہو اور نہ قصد مثلاً اب کسی معاملہ میں اللہ کی قسم کھا کر اقرار یا انکار کرے اور اس کا گمان ہو کہ وہ اپنے فعل میں سچا ہے حالانکہ معاملہ برعکس ہے خواہ وہ معاملہ جس پر قسم کھاتا ہے زمانہ ماضی کا ہو یا کوئی یا اسی قسم پر نہ گناہ ہے اور نہ کفارہ یہ حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے نزدیک لغو یمین اسے کہا جاتا ہے جو زبان سے بلا قصد کوئی لفظ نکل جائے مثلاً کہے لا واللہ بلی واللہ اسی طرح وہ الفاظ کہ جن سے کلام کو موکد کیا جاتا ہے جن میں قسم کھانے کا دل میں خیال تک نہیں گزرتا یہاں تک کہ اگر کسی کو کہا جائے کہ میں نے تجھے بیت الحرم میں قسم کھاتے دیکھا تو وہ اس کا انکار کر جائے آیت کے دو معنی ہیں ایک ان میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری قسموں پر تمہاری گرفت نہیں کرے گا تمہارے اس گمان پر کہ تم اپنی قسموں میں سچے ہو۔

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ لیکن تمہاری گرفت کرے گا المواخذۃ اخذ سے ہے یہاں پر بمعنی معاقبت کے ہے۔ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ اس پر کہ تمہارے قلوب اس کے مرتکب ہوئے اور اس قسم کا طریقہ یہ ہے کہ جان بوجھ کر خلاف واقعہ کے قسم کھانے اسے یمین غموس کہا جاتا ہے۔

سوال: اسے غموس کیوں کہتے ہیں؟

جواب: اس لئے یہ قسم کھانے والے گناہ میں غوطہ دیتی ہے اب معنی یہ ہوا کہ تمہیں یمین لغو پر کوئی گناہ نہیں اور نہ

marfat.ocm
Marfat.com

ہی کفارہ اس لئے کہ اس میں تمہاری نیت نہیں البتہ جس قسم پر تمہاری نیت ہے اور قصد اقسم کھاتے ہو تو اس پر تمہیں کفارہ لازم ہے۔

ف: تفسیر تیسیر میں ہے کہ آیت آخرت کے مواخذہ کے متعلق ہے اور اسی مواخذہ سے وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ میں مواخذہ کفار مراد ہے لیکن کفارہ کا مواخذہ صرف یمین معقودہ میں ہے خلاصہ یہ کہ دونوں آیتیں مواخذہ کے بارہ میں مختلف ہیں۔

الْاَيْمَانَ اور اللہ غفور ہے بایں معنی کہ تمہاری غلطی کو معاف کر دیتا ہے مثلاً یمین لغو پر تمہارا مواخذہ نہیں فرماتا باوجود یہ کہ یمین بھی قابل گرفت تھی اس لئے کہ لاپرواہی سے قسم کھائی گئی حَلِيْمٌ حلیم ہے کہ مواخذہ میں عجلت نہیں فرماتا۔

مسئلہ: اس سے ثابت ہوا کہ مواخذہ سے معاقبت مراد ہے ایجاب الکفارہ اس لئے کہ مغفرت اس میں ہو سکتی ہے جس میں کفارہ نہ ہو نہ یہ کہ جس پر کفارہ لازم ہو اور اس کی مغفرت فرمائے۔

فائدہ: الحلیم و الصبور میں فرق ہے صبور وہ ہے جس کسی امر سے نفرت نہ کرے اور نہ ہی اس پر غیظ و غضب طاری ہو اور نہ ہی وہ کسی پر طیش اور عجلت پر انتقام لیتا ہے باوجود یہ کہ قدرت اور بڑی قدرت کا مالک ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا بندے کا حلیم کی صفت سے فائدہ اٹھانا ظاہر ہے اور ایسا علم بندے کے بہترین اوصاف سے شمار ہوتا ہے۔

حدیث شریف: مسلمان مرد کو حوصلہ سے روزہ دار اور شب بیدار کا ثواب نصیب ہوتا ہے۔ جناب حسین واعظ الکاشفی مرحوم فرماتے ہیں۔

علم با حلم حال روئے بود　　علم بے حلم خاک کوئے بود

بردباری چو زینت خراست　　ہر کرا حلم نیست زیور است

(**ترجمہ**: علم حلم کے ساتھ ہو تو وہ علم مفید ہے علم بے حلم ہو تو وہ خاک ہے بردبار ایسے ہے جیسے گدھے پر زیور یعنی بردباری انسان کے عیب چھپا دیتی ہے جسے حوصلہ نہیں سمجھو بے زیور ہے)

یمین کے اقسام: یمین کے تین اقسام ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

☆.....حسین کاشفی نے فرمایا کہ علماء فرماتے ہیں کہ کوئی عمدہ قسم کھائے تو اس پر کفارہ ہے اسے یمین منعقد کہتے ہیں۔

☆.....اس نے جو قسم کھائی ہے اگر اسے زمانہ ماضی سے تعلق ہے اور قسم کھانے والا واقعہ کو جانتا بھی ہے لیکن قسم اس کے خلاف کھاتا ہے تو اس پر صرف گناہ ہے اور وہ بھی کبیرہ لیکن اس پر کفارہ نہیں یہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالی علیہ کا مذہب ہے کیونکہ کبائر پر کفارہ نہیں ہوتا اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس پر کفارہ واجب ہے۔اسے یمین غموس کہتے ہیں۔

☆.....اگر قسم کھانے والا واقعہ سے بالکل بے خبر ہے اور قسم کھاتے وقت اپنے موقف کو سچا سمجھ کر قسم کھاتا ہے حالانکہ معاملہ برعکس ہے لیکن اسے اس کا علم نہیں تو اس میں کسی قسم کا کفارہ نہیں اور اسے یمین لغو کہا جائے گا امام ابو حنیفہ کے نزدیک لیکن امام شافعی اسے یمین غموس کہتے ہیں اور وہ فرماتے ہیں کہ اس قسم میں بھی کفارہ ہے۔

مسئلہ: قسم اللہ تعالی کی یا اس کے اسماء میں سے کسی ایک اسم کی یا اس کی صفت میں سے کسی صفت کی ہونی چاہیے مثلاً اللہ تعالی کی قسم میں یوں کہے والذی اصلی له مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کی میں نماز پڑھتا ہوں یا یوں کہ والذی نفسی بیدہ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔

مسئلہ: اس کے اسماء سے قسم کھانے کی صورت یوں ہے واللّٰہ والرحمن ونحوہ مجھے اللہ کی قسم، مجھے رحمٰن کی قسم وغیرہ وغیرہ۔

مسئلہ: جو شخص غیر اللہ کی قسم کھائے مثلاً کہے والکعبة وبیت اللّٰہ ونبی اللّٰہ مجھے کعبہ اور اللہ کے گھر اور نبی علیہ السلام کی قسم یا اپنے باپ کی قسم کھائے وغیرہ وغیرہ تو وہ شرعی قسم نہ ہوگی اور نہ ہی اس سے کفارہ واجب ہے ایسی قسم مکروہ ہے۔

مسئلہ: حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ ایسی قسم کھانے والے کے لئے مجھے خوف ہے کہ وہ گنہگار نہ ہو جائے۔

حدیث شریف: جو شخص غیر اللہ کی قسم کھاتا ہے تو وہ اللہ تعالی کے ساتھ دوسرے کو شریک ٹھہراتا ہے۔

شرح: اس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ ایسا شخص اگر غیر کی قسم کھا کر اس کی تعظیم کا اعتقاد رکھتا ہے تو اس

marfat.ocm
Marfat.com

نے محلوف بہ کو اللہ تعالیٰ کا اس قسم میں شریک ٹھہرالیا جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص تھی (نہ کہ مطلقاً مشرک ہوا)۔

مسئلہ: اگر اس کا اس قسم میں تعظیم مقصود نہیں اور نہ ہی محلوف بہ کو معظم بالشان رکھ کر قسم کھاتا ہے تو کوئی حرج نہیں مثلاً سبقت لسانی یا بطریق عادت کے کہتا ہے لاوابی وغیرہ وغیرہ تو مشرک نہیں۔

مسئلہ: علی رازی مرحوم فرماتے ہیں جو شخص قسم کھاتے وقت کہتا ہے بحیاتی وبحیاتک وغیرہ مجھے اپنی تیری زندگی کی قسم ہے وغیرہ وغیرہ تو ایسے شخص کے متعلق مجھے خطرہ ہے کہ وہ کافر نہ ہو جائے۔

مسئلہ: اگر ایسے کلمات عوام کی زبان زد نہ ہوں اور انہیں مسئلہ کا علم ہو تو ایسے قسم کھانے والے کو مشرک کہا جا سکتا تھا اس لئے کہ قسم صرف اللہ تعالیٰ کی ہوتی ہے اور بس۔

مسئلہ: اسلام سے برأت کی قسم نہ کھائے اگر وہ سچی قسم اس طریق سے کھاتا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اسلام کی دولت سے محروم ہو جائے گا اگر جھوٹی قسم اس طریق کی کھائی تو اس کے لئے کفر کا خطرہ ہے۔

حدیث شریف: جو شخص جھوٹی قسم غیر ملة الاسلام کی کھاتا ہے تو وہ جیسے کہتا ہے ویسے ہی ہوگا۔

شرح: حدیث سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص یوں کہے کہ اس نے اگر یہ کام یونہی کیا تو وہ یہود ہو جائے گا تو جیسے وہ کہہ رہا ہے ویسے ہی وہ گا یعنی وہ کافر ہو جائے گا یہی امام شافعی کا معمول ہے ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ کافر نہ ہوگا اس حدیث کو انہوں نے تہدید پر محمول فرمایا ہے۔

مسئلہ: اگر صورت مذکورہ کو ماضی زمانہ سے متعلق کیا مثلاً کہا اگر اس نے یہ فعل کیا ہو تو وہ یہودی ہو حالانکہ وہ فعل اس نے کیا تھا تو اس صورت میں احناف کا اختلاف ہے صحیح یہ ہے کہ وہ شخص کافر نہ ہوگا اگرچہ جانتا ہے کہ یہ صورت قسم کی ہے۔

مسئلہ: ہاں اگر صورت مذکورہ میں اسے معلوم ہے کہ ایسے کلمات کہنے سے بندہ کافر ہو جاتا ہے پھر بھی وہ کلمات استعمال کرتا ہے تو کافر ہو جائیگا کیونکہ کفر پر راضی ہوا یہی حدیث شریف کا صحیح محمل ہے اور اسی پر اکثر کا اتفاق ہے۔

مسئلہ: فتاوی بزازیہ میں ہے کہ صورت مذکورہ میں فتوی اس پر ہے کہ وہ یمین ہے اس پر کفارہ واجب ہے۔

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ جو قول ظاہر بلا قصد اور ارادہ زبان پہ جاری ہو جاتا ہے اور اس کا

marfat.com
Marfat.com

باطن سے کوئی تعلق نہیں تو اسے اگرچہ شر سے کوئی تعلق نہیں لیکن خیر سے بھی اسے امید نہ رکھنی چاہیے کیونکہ اللہ تعالی نے ایسے لوگوں کی مذمت فرمائی ہے جو زبان سے کچھ اور دل سے کچھ چنانچہ فرمایا:
يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اسی طرح جو شخص زبان پر جو کچھ چلاتا ہے اس پر اس کا دل بھی شاہد ہے لیکن عمل اس کے خلاف ہو تو اسے بھی اللہ تعالی نے غلط کار کہا ہے چنانچہ فرمایا كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ اگر ایسی بات بولنے والے کا مقصد صرف یہ ہو کہ اتہام سے بری ہو جاؤں تو اللہ تعالی نے اس کے لئے وسعت رکھی ہے چنانچہ فرمایا لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ اسی طرح ہی مجبوری کے وقت کفریہ کلمات بولنے پر معاف فرماتا ہے چنانچہ فرمایا اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کا دل بمنزلہ زمین کے ہے اور اعضاء بمنزلہ ان ہتھیاروں کے ہیں جو کھیتی باڑی کے لئے ہوتے ہیں اور اعمال واقوال بمنزلہ زمین کے ہیں جو شخص ایسے عمل بجالاتا ہے اس کا معمولی طور قلب پر اثر اترتا ہے اگرچہ بقدر مثقال ذرہ کے تب بھی اللہ تعالی اپنے فضل وکرم سے اس کے اعمال کو ضائع نہیں ہونے دیتا اس لئے کہ وہ قلیل کو کثیر اور صغیر کو عظیم بناتا ہے اگر اس کے اعمال ظاہری سے قلب پر معمولی شر اثر انداز ہوتا ہے تب بھی اپنے لطف واحسان سے اس بندے سے مواخذہ نہیں فرماتا بلکہ حوصلہ فرماتا ہے اس کی توبہ قبول کر کے اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔ چنانچہ فرمایا۔ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ (کذافی التاویلات النجمیہ)

تفسیر عالمانہ

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ، الایلاء بمعنی قسم کھانا ایلا دراصل علی سے مستعمل ہوتا ہے لیکن چونکہ ایسے افعال بعد کے معنی کو متضمن ہوتے ہیں اس لئے ان کا صلہ من آتا ہے اب معنی یوں ہوا کہ ان لوگوں کے لئے جو اپنی عورتوں کو دور رکھتے ہیں قسمیں کھا کر تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ چار ماہ کا انتظار ضروری ہے تربص مصدر ظرف کی طرف مضاف ہے اس لئے کہ ظرف میں وسعت ہے کہ وہ ظرفیت کے باوجود مفعول بہ کا بھی کام دے چنانچہ کہا جاتا ہے صمنا صیرۃ یوم ای مسیرۃ فی یوم انہیں چاہیے وہ اس مدت تک انتظار کریں کہ رجوع کریں اور نہ طلاق دیں۔

مسئلہ: ایلاء کی صورت یہ ہے کہ مرد عورت سے کہے کہ میں چار ماہ تک تیرے قریب نہیں آؤں گا اسے چار ماہ کی یا زائد کی قید لگائے بہر حال مہینوں کی قید ضروری ہے یا یوں کہے کہ میں تیرے قریب نہ آؤں گا یعنی کسی قسم کی

marfat.ocm
Marfat.com

قید نہ لگائے۔

مسئلہ: ایلاء دو حکم ہیں۔ا ۔حکم الخنث ۲۔ حکم البر۔ حکم الخنث میں کفارہ ضروری ہے مدت ایلا میں اگر اللہ تعالی کے نام کی قسم کھائی تو جزا لازم ہوگی اگر اس قسم کا طلاق وعتاق سے مقید کیا ہو تو نذر معین ہوگی اگر اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھائی اگر قسم ثانی سے ہو تو اس میں ایلاء کی مدت گزرنے کے بعد طلاق بائنہ واقع ہوگی۔

مسئلہ: ایلاء کی مدت کم از کم چار ماہ ہے اگر عورت آزاد ہو اگر عورت لونڈی ہو تو دو ماہ گزرنے کے بعد وہ لونڈی بائنہ ہو جائے گی۔

ف: حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت کے نزدیک ایلاء بھی طلاق کی ایک قسم ہے حضرت سعید بن المسیب فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت کے ہاں عورتوں کو دکھ پہنچانے کا ایک طریقہ یہی ایلاء بھی تھا مثلاً کوئی شخص اپنی عورت کو نہ تو خود اپنے پاس رکھنا چاہتا اور نہ وہ چاہتا کہ کوئی دوسرا اس سے نکاح کرے تو قسم کھاتا کہ وہ اپنی عورت سے ہمیشہ ہمیشہ تک جماع نہ کرے گا اس کے بعد سے چھوڑے رکھتا وہ عورت اس طرح سے نہ غیر شادی شدہ سمجھی جاتی ہے اور نہ ہی شادی شدہ ابتدائے اسلام میں بھی اس پر عمل کرتے رہے لیکن اللہ تعالی نے اسلام کی برکت سے عورتوں سے یہ عظیم ضرر دور فرما دیا اور مرد کے لئے ایلا کی مدت متعین کر دی تا کہ اس مدت کے اندر وہ سوچ بچار کر سکے اس کے بعد چاہے تو اپنی عورت کو پاس رکھے اور چاہے اسے طلاق دے۔

فَاِنْ فَآءُوْ پس اگر وہ جماع کریں اس سے جو انہوں نے قسم کھائی ترک جماع کی تو فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اللہ تعالی اپنے بندے کو اس رجوع کا گناہ بخش دیتا ہے یہ بھی توبہ کی طرح ہے کہ اس کے خلاف عمل کرنا گناہ ہے اس لئے کہ ایلاء سے عورت کو ضرر پھر جب اس سے رجوع کرے گا تو اللہ تعالی اس کے گناہ بخش دے گا وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ دراصل کسی شئے کا دل سے ارادہ کر کے اسے کر گزرنے کو کہتے ہیں اب معنی یہ ہوا کہ جب وہ طلاق دینے پر تل جائیں اور پختہ ارادہ کر لیں کہ اس مدت کے اندر اپنی عورت سے ہرگز ہرگز جماع نہ کریں یہاں تک کہ مدت گزر جائے۔ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ بے شک اللہ ان کی طلاق کو سنتا اور ان کی غرض کو جانتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ دونوں آیتوں کی تحقیق میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندے کو یقین رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالی اپنے کسی بندے کا حق ضائع نہیں کرتا جب عورت کی زبان بولنے سے کوتاہ ہو جائے کہ

marfat.com
Marfat.com

وہ اپنے مرد کی قید میں آجاتی ہے تو اللہ تعالی اس کے امور کا متولی ہو جاتا ہے زوج کو چاہیے کہ یا تو اس سے گزارہ اچھا کرے یا طلاق دے دے یہاں تک کہ مرد اگر عورت سے اچھا گزارہ کرے تو فبہا ورنہ اس کی وجہ سے مرد کو سخت گرفت ہوگی اس لئے کہ سالک کو ضروری ہے کہ وہ ہر ایک کے حقوق کی رعایت میں اہتمام کرے۔

نکتہ: چار ماہ کی قید میں ایک عجیب نکتہ ہے وہ یہ کہ جنین یعنی پیٹ میں نطفے کے ٹھہرنے کے بعد بچے کا روح سے تعلق چار ماہ کے بعد ہوتا ہے چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان احدکم یجمع خلقه فی بطنی امه اربعین یوم بے شک نطفہ ماں کے پیٹ کے اندر چالیس دن میں جمع کیا جاتا ہے۔

شرح: یہاں یجمع بمعنی یحزر و یقر ہے یعنی تمہاری پیدائش کے مادہ کو اکٹھا کرتا اور ایک جگہ جمع فرماتا ہے فی بطن امه ای فی رحمها یہاں پیٹ بول کر رحم مراد لی گئی ہے جیسے عام طور عرب کا دستور ہے کہ کل بول کر جز مراد لیتے ہیں۔

ف: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنه فرماتے ہیں کہ جب نطفہ رحم میں قرار پکڑتا ہے اگر اللہ تعالی کا ارادہ ہوتا ہے کہ اس سے بچہ پیدا کرے تو نطفہ کے پہنچتے ہی وہ عورت کے جسم کے ذرہ ذرہ کے اندر پھیل جاتا ہے یہاں تک کہ ناخنوں اور بال بال کے نیچے تک پھیل جاتا ہے اس حالت میں چالیس دن گزار دیتا ہے پھر وہ خون بن کر رحم میں اترتا ہے یہی مطلب ہے جمع کرنے کا جو کہ حدیث شریف میں واقع ہوا۔ پھر خون کا لوتھڑا ہو جاتا ہے جسے قرآن نے علقہ سے تعبیر کیا ہے اور وہ اس حالت میں بھی چالیس دن گذارتا ہے اس کے بعد وہ گوشت کا ٹکڑا بن جاتا ہے اتنا قدر کہ اسے دانتوں میں دے کر چبایا جا سکے جسے قرآن میں "مضغه" سے تعبیر کیا گیا ہے اس کے بعد اللہ تعالی روح پھونکنے کے لئے ایک فرشتہ بھیجتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ صورت کشی یعنی نفخ روح تیسرے اربعین (چلہ) کے بعد ہوتا ہے اس وقت فرشتے کو چار کلمات لکھنے کا حکم ہوتا ہے حدیث کے الفاظ یہ ہیں ویومر باربع کلمات کلمات یعنی فرشتے کو ان چار چیزوں کے لکھنے کا حکم ہوتا ہے جنہیں اللہ تعالی نے پہلے مقدر فرمایا ہے اس کا عطف قوله تکون علقه پر ہوگا جو حدیث شریف میں واقع ہے اس لئے کہ ان چار کلمات کی کتابت دوسرے چلہ میں ہوتی ہے ویکتبه رزقه اور اسے بصیغہ مجہول بھی پڑھا گیا ہے اور بصیغہ

marfat.ocm
Marfat.com

معلوم بھی یعنی اس کا رزق لکھتا جاتا ہے اور اس کا اجل بھی اور اجل کا اطلاق انسان کی تمام زندگی پر آتا ہے اور یہی مراد ہے ویسے انسان کی آخری زندگی کو بھی اجل کہا جاتا ہے اس استعمال سے اللہ تعالیٰ کا قول اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ اس کے بعد عمل لکھا جاتا ہے کہ یہ بد بخت ہے کہ اس کی عادت اہل نار کی ہوگی یا لکھا جاتا ہے کہ وہ سعید نیک بخت ہوگا یعنی کہ اس کی فطرت اہل جنت کی ہوگی۔

ف: بد بخت کو نیک بخت سے اس لئے مقدم کیا گیا کہ اکثریت بد بختوں کی ہے۔ (کذا قال القاضی)

ف: کتابت سے مراد یہ ہے کہ ان امور کو فرشتہ کے سامنے ظاہر کیا گیا ورنہ تقدیر ربانی کا لکھا جانا تو اس سے مدت پہلے ہے اس مختصر تمہید کے بعد جاننا چاہیے کہ جس سالک سے اثناء سلوک میں کوئی ایسی خرابی واقع ہو جو اسے نقصان دہ ہے یعنی اس سے نفس کو ملال ہو اور طبع کو نفرت تو شیخ یا سالک کے ساتھیوں پر واجب ہے کہ اس سے جدائی اختیار نہ کریں بلکہ اس کی بہتری کے لئے اسے مدد دیں تا کہ وہ اپنے حقیقی امور میں نفع یاب ہو سکے اور اس کے رجوع کے لئے چار ماہ کا انتظار کریں اگر وہ شخص طلب صدق اور رعایت حق صحبت کی طرف رجوع کر لے اور اس غلطی سے استغفار کرے جو اس سے سرزد ہوئی ہے پھر چابک دستی سے اپنے ارادوں میں دوبارہ کام کرے تو یہ بھی اس کی طرف متوجہ ہو کر اسے درگزر کریں اس لئے کہ یہ ایسی جراگاہ ہے کہ جسے صرف کمزور لوگ ہی حاصل کر سکتے ہیں اور ایسا چشمہ ہے کہ جس پر یہ لوگ اترتے ہیں جو نہایت ہی غافل قسم کے ہیں اور یہ وہ دروازہ ہے جسے وہ کھٹکا سکتے ہیں او اس در پر ٹھہر سکتے ہیں بلکہ یہ ایسی شراب ہے جس کا مزہ صرف عارفین کو نصیب ہوتا ہے اور یہ ایک ایسا غنا ہے جسے صرف عشاق ہی سنتے ہیں اگر یہ لوگ چار ماہ کی مدت گزرنے کے بعد کی منکوحہ کو طلاق دے دیں اور پھر جدائی کے گناہ پر اصرار کریں تو پھر انہیں حق کی رسی کو تھامنا پڑے گا اللہ تعالیٰ ان کی گفتگو کو سنتا اور ان کے حال کو جانتا ہے۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا:۔

نہ در میان ما را وفاؤ عہد بود — جفا کردی و بد عہدی نمودی

ہنوز گر سر صلحت باز آئی — کزاں محبوب تر باشی کہ بودی

(ترجمہ: ہمارے درمیان وفا کا معاہدہ تھا لیکن تو نے خلاف عہد کر کے ہم پر ظلم کیا اگر اب تمہیں صلح کا خیال ہے تو ہم حاضر

marfat.com
Marfat.com

ہیں صلح کے بعد تم پہلے کی طرح محبوب بلکہ اس سے بھی محبوب تر ہو گے)

حکایت: اپنے وقت کے شیخ حضرت ابوعبداللہ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا وہ فرما رہے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کے ملنے کی راہ جانتا اور اس پر چلتا ہوا واپس لوٹتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ ایک ایسے عذاب میں مبتلا کرے گا کہ کسی کو عالمین میں ایسا عذاب نہیں دیا ہوگا۔

(کذافی الواقح الانوار القدسیه فی مناقب العلماء و الصوفیاء)

تفسیر عالمانہ

وَالْمُطَلَّقٰتُ ان سے وہ آزاد عورتیں مراد ہیں جو مدخول بہا ہیں اور جنہیں حیض آتا ہے ورنہ غیر مدخولہ عورتوں کی کوئی عدت نہیں ہوتی اور وہ عورتیں جنہیں صغر سنی یا بڑھاپے کی وجہ سے حیض نہیں آتا ان کی عدت تو مہینوں کی گنتی پر ہوتی ہے اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے۔

مسئلہ: لونڈیوں کی عدت دو قرو دو ماہ۔

حل لغات: تطلیق لغت میں قید ہٹانے کو کہا جاتا ہے یعنی وہ عورتیں جو اپنے شوہروں کی رسیوں سے آزاد کی گئی ہیں یَتَرَبَّصْنَ یعنی چاہئے کہ وہ عورتیں انتظار کریں۔ بِاَنْفُسِهِنَّ یہ باتعدیہ کی ہے یعنی اپنے نفسوں کو برانگیختہ کریں انتظار پر یا یہ کہ وہ اپنے آپ کو انتظار کرنے والی بنائیں ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ کی جمع ہے کلام عرب میں واضداد میں سے ہے کبھی طہر کے لئے اور کبھی حیض کے لئے مستعمل ہوتا ہے اور مشہور یہی ہے کہ یہ دونوں معنی اس کے لئے حقیقت ہیں جیسے شفق کی سرخی اور سپیدی دونوں کے لئے مستعمل ہوتا ہے سیدنا ابوحنیفہ اور آپ کے متبعین کا مذہب ہے کہ یہاں پر قرء بمعنی حیض ہے اس لئے کہ دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے عورت کی عدت کو قروء کی بجائے مہینوں کو عدت قرار دیا ہے چنانچہ فرمایا وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ پھر جب کہ اس عورت سے حیض کی حیثیت مرتفع ہوئی تو اس کی اصلی حالت لوٹی اس سے ثابت ہوا کہ قروء بمعنی حیض ہے۔

مسئلہ: حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ سے استدلال کیا ہے کہ قرء بمعنی طہر ہے اس لئے کہ لِعِدَّتِهِنَّ کی لام وقت کے لئے ہے اور عدت کا وقت صرف طہری ہو سکتا ہے اور آیت میں اللہ تعالیٰ نے طلاق کا حکم فرمایا اور طلاق حیض میں ممنوع ہوتی ہے احناف کا جواب اس کے متعلق یہ ہے کہ فَطَلِّقُوْهُنَّ

marfat.ocm
Marfat.com

لِعِدَّتِهِنَّ معنی ہے فَطَلِّقُوْهُنَّ مستقبلاً لِعِدَّتِهِنَّ یعنی ان عورتوں کوطلاق دو درآں حالیکہ وہ عورتیں اپنی عدت کے وقت کی طرف متوجہ ہونے والی ہوں اوران کی عدت یہی تین حیض ہیں اب مطلب یہ ہوا کہ انہیں طلاق واقع ہوگی تو وہ اپنی عدت کی طرف رجوع کریں گی اور عدت کی گنتی میں شروع ہوجائیں گی آیت کا معنی یہ نہیں کہ انہیں طلاق عدت میں واقع ہوا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک عورت مطلقہ کی عدت تھوڑی ہے اور حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کے نزدیک بہت بڑی ہے یہاں تک کہ جس نے اپنی عورت کوطہر میں طلاق دی تو عورت کی عدت وہی طہر اور اور باقی دوطہر ہوگی اگر چہ طلاق والے طہر کے بعد فوراً ہی اس عورت کو حیض شروع ہو جائے اور جب تیسرا حیض شروع ہوگا تو اس کی عدت ختم ہوجائے گی اور حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کے نزدیک جب تک کہ وہ تیسرے حیض سے فارغ نہ ہولے اس کی عدت ختم نہیں ہوگی اگر اسے طہر کی حالت میں طلاق دی گئی ہے اور اگر اسے حیض کی حالت میں طلاق دی گئی ہے تو اسے چوتھے حیض کو ختم کرنا ضروری ہے تب اس کی عدت ختم ہوگی۔

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ اوران کے لئے حلال نہیں کہ وہ چھپائیں مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ جو اللہ تعالی نے ان کی رحموں میں پیدا فرمایا یعنی حمل یا حیض کو چھپالیں مثلاً یوں کہ میں حاملہ یا حائضہ نہیں ہوں حالانکہ وہ حائضہ ہوتا کہ زوج کا حق باطل ہو اولاد سے یا اسے رجعت کا حق نہ ملے یہ اس وقت ہے جب کہ عورت چاہے کہ وہ جلد ہی اپنے شوہر سے گلو خلاص کرے اس لئے کہ وہ حمل کو چھپاتی ہے تا کہ طلاق کے بعد اسے وضع حمل کا انتظار نہ کرنا پڑے اور بسا اوقات ایسے خوف سے حمل گر بھی جاتے ہیں یا حمل اس لئے چھپاتی ہیں تا کہ اس کا شوہر اپنے بچہ کی لالچ میں شفقت پر رجوع کرلے اس طرح سے عورت کی تمنا پوری نہ ہو یا حیض کو اس لئے چھپاتی ہے تا کہ اسے دوسری طلاق جلد حاصل ہو اس لئے کہ طلاق السنۃ کا قاعدہ ہے کہ وہ طہر میں واقع ہوگئی ہے۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ اسے معاملات میں عورت کا قول معتبر ہے اثبات ہو یا نفی۔

اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اگر وہ اللہ تعالی اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہیں یعنی عورتیں مذکورہ بالا غلطی کا ارتکاب نہیں کرسکتیں اس لئے کہ جب وہ اللہ تعالی اور یوم آخرت پر ایمان لا چکی ہیں تو ان سے ایسے امور کا صدور اس کے منافی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: اس میں عورتوں کے لئے سخت وعید ہے۔

مسئلہ: یہ حکم عام ہے خواہ وہ عورت مومنہ ہو یا کافرہ ایمان کی قید اتفاقی ہے۔

وَبُعُوْلَتُهُنَّ ،بعول۔ بعل ۔کی جمع ہے اور بعلۃ عورت کو کہتے ہیں دراصل بعل سردار اور مالک کو کہا جاتا ہے مرد کو اس لئے بعل کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی عورت کے معاملات میں خود کفیل ہوتا ہے گویا کہ وہ اپنی عورت کا مالک اور مرب ہے اور البعولتہ میں تا تانیث الجمع کی ہے اس لئے کہ جمع بمعنی الجماعۃ مونث کے حکم میں ہے اور تاء تانیث کی تاکید کی وجہ سے ہے۔

مسئلہ: طلاق کے بعد بھی زوج کو بعل کہا گیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ بعد طلاق بھی مرد کا نکاح باقی ہے اور اس کے لئے حلت ثابت ہے۔

ف: ھن کی ضمیر مطلقات کے افراد کے لئے ہے اس لئے کہ ھن عام ہے جو جمیع مطلقات کو شامل ہے خواہ وہ طلاق رجعی ہو یا بائنہ۔لیکن بائنہ طلاق میں شوہر کا کوئی حق نہیں ہوتا نہ نکاح میں نہ رجعت میں۔

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ وہ شوہر زیادہ حقدار ہیں نکاح اور ان کی طرف رجوع کرنے کے متعلق فِیْ ذٰلِكَ یعنی انتظار کے زمانہ میں اس لئے کہ شوہر کو رجعت کا حق اس وقت تک حاصل ہے جب تک کہ عورت عدت میں ہو جب عدت ختم ہو جائے تو رد اور رجعت ختم یہاں پر احق افعل التفضیل بمعنی اسم فاعل ہے اب معنی یہ ہے کہ مرد اپنی عورت کے رد اور رجعت کے حقدار ہیں اس لئے کہ یہاں پر افعل التفضیل کا معنی نہیں ہو سکتا کیونکہ عورتوں پر مردوں کے سوا اور کسی کا حق نہیں۔

مسئلہ: طلاق وغیرہ میں صرف مردوں کا حق ہے۔عورتوں کو اس میں انکار یا اقرار کی کوئی گنجائش نہیں اگر مرد طلاق دے کر رجوع کرنا چاہے تو عورت کا انکار غیر معتبر ہے اِنْ اَرَادُوْٓا اگر مرد رجوع کرنا چاہیں اِصْلَاحًا آپس میں اصلاح اور احسان و مروت نہ کہ عورتوں کو نقصان دینے کا جیسے دور جاہلیت میں کرتے تھے۔

شان نزول: زمانہ جاہلیت میں عادت تھی کہ جب کوئی شخص اپنی عورت کو طلاق دے دیتا جب عورت کی عدت قریب الاختتام ہوتی تو وہ عورت سے رجوع کر لیتا پھر اسے طلاق دے دیتا پھر رجوع کر لیتا اس طرح سے اس کی عدت لمبی ہو جاتی اور اس کا مقصد بھی یہی ہوتا کہ کسی طرح عورت کی عدت طویل ہوتا کہ اسے ضرر پہنچے۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ: عورت مطلقہ رجعی کے رجوع کو حرف شرط سے ذکر کرنا ضروری نہیں کہ رجوع صرف اصلاح نیت سے ہوسکتا ہے بلکہ ضرر دینے کی نیت سے اگر رجوع کرے تو وہ بھی جائز ہے اسے اصلاح سے مشروط کرنے میں اصلاح کی ترغیب اور ضرر دینے سے زجر وتوبیخ مطلوب ہے۔

ربط: جب اللہ تعالی نے بیان فرمایا کہ عورتوں کو طلاق دینے کے بعد رجوع کرنے سے مقصود صرف اصلاح ہو نہ کہ عورتوں کو ضرر دینا اب بتانا چاہتے ہیں کہ مرد وعورت کے ایک دوسرے پر حقوق کیا ہیں چنانچہ فرمایا وَلَهُنَّ اور ان مردوں پر عورتوں کے حقوق ہیں مِثْلُ الَّذِیْ جیسے ان کے لئے عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ عورتوں پر حقوق ہیں ساتھ نیکی کے بالمعروف اور لَهُنَّ کا ایک ہی متعلق ہے یعنی استقر اردر اصل عبارت یوں تھی استقر لهن بالمعروف حقوق الزوجین میں وہ حقوق داخل ہیں جسے شرع نے انکار نہیں کیا لوگوں کے عادات بھی اس میں شامل ہیں عورتوں کو ایسی باتوں کا مکلف نہ بنایا جائے جنہیں ان کا ضرر اور مردوں کا فائدہ ہو۔

مسئلہ: زوجین کو ایک دوسرے سے نفرت نہ ہونی چاہیے اور دونوں حقوق کے درمیان وجہ مماثلت صرف وجود واستحقاق المطالبہ ہے نہ اتحاد فی جنس الحقوق مثلاً عورت پر مرد کا حق ہے کہ زوج سے حق مہر وصول کرے اور اس سے نفقہ اور مسکن حاصل کرے لیکن مرد عورت سے یہ امور حاصل نہیں کرسکتا جنس حقوق میں مرد اور عورت برابر ہیں۔

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ اور مردوں کا عورتوں پر درجہ ہے یعنی مرد کا عورت پر زیادہ حق ہے اور اسے عورت پر فضیلت ہے اور مرد کی عورت پر فضیلت عقل اور دین اور ان امور جوان سے متفرع ہوسکتے ہیں کی وجہ سے ہے اور اس میں کسی قسم کا شک بھی نہیں اور وہ فضیلت جو اس مقام کے مناسب اس کے دو وجوہ ہیں ا۔ مرد مستحق ہے اس بات کا کہ وہ عورت سے افضل ہے اور اس سے زیادہ استحقاق رکھتا ہے جو عورت کا اس پر حق ہے اس لئے کہ وہ مرد اپنی عورت کا مالک ہے اور اس کے نفس پر حق رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ عورت نفلی روزے نہیں رکھ سکتی جب تک کہ مرد کی اجازت نہ ہو اور نہ ہی مرد کے گھر سے مرد کی اجازت کے بغیر نکل سکتی ہے اور مرد عورت کی طلاق پر قدرت رکھتا ہے اور جب طلاق دے دے تو اس کے رجوع پر قادر ہے عورت چاہے نہ چاہے عورت ان جملہ امور میں کسی ایک امر کی بھی مالک نہیں اس کا حق مرد پر اتنا ہے کہ وہ اس سے حق مہر وصول کرے اور نان ونفقہ

marfat.com
Marfat.com

اور مسکن حاصل کرے اور مرد اس کے ضرر کے درپے بھی نہ ہو ۲۔ یہ وہ حق ہے جو زجاج نے فرمایا جیسے مرد کو نکاح سے عورت سے لذت حاصل ہوتی ہے اسی طرح عورت کو بھی لذات نصیب ہوتی ہیں عورت کے لئے نفقہ مرد پر ضروری ہے اور اس کے جملہ امور کا انتظام بھی یہ فضیلت اس وجہ سے ہے کہ مرد نے اپنی عورت کے حقوق اپنے ذمہ لگائے ہیں اور یہ رحمت اور احسان کا موجب ہے جیسے حق مہر کی ادائیگی اور نفقہ اور گھر میں ٹھہرانا اور عورت سے تکالیف دور رکھنا اور اس کی ضروریات پوری کرنا اور جمیع آفات سے حفاظت کرنا۔

حدیث شریف: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو غیر اللہ کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے اس لئے کہ اللہ تعالی نے مرد کے عورت پر بڑے حقوق مقرر فرمائے ہیں اللہ تعالی فرماتا ہے اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ اس سے معلوم ہوا کہ عورت پر مرد کے حقوق زائد ہیں۔

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ اور اللہ تعالی قدرت رکھتا ہے اس پر کہ جو بھی اس کے احکام کی مخالفت کرے اس سے بدلہ لے حکیم ایسا حکیم ہے کہ اس کی شریعت کئی اسرار و رموز اور حکمتوں اور مصلحتوں کی حاوی ہے۔

زوجیت کے مقاصد نامکمل رہتے ہیں جب تک کہ ہر دونوں ایک دوسرے کے حقوق کی رعایت نہ کریں اور ہر دونوں کا خیال رہے کہ ہم نے دوسرے کے احوال کی اصلاح کرنی ہے۔ مثلاً ۱۔ طلب النسل ۲۔ تربیت اولاد ۳۔ ہر دونوں کے معاشرہ کی اصلاح کا خیال ۴۔ گھر کی حفاظت ۵۔ گھر کی چیزوں کی اچھی تدبیر بنانا ۶۔ ایک دوسرے کے معاملات میں سیاسی طور پر معاملہ کا سلجھانا اسی طرح وہ جملہ امور جو شرعاً مستحسن اور عادت کے موافق ہیں۔

حدیث شریف: جهاد المراة حسن التبعل یعنی عورت کا جہاد یہ ہے کہ وہ اپنے مرد کے حقوق میں شاطر و چالاک ہر عربی کا مقولہ ہے امرئة حسنة التبعل یہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ عورت اپنے شوہر کے ساتھ گزارنے میں بہتر کارکردگی میں مشہور اور گھریلو امر سنوارنے میں بے مثل ہو۔

مسئلہ: مرد کے عورت پر حقوق میں سے ایک یہ ہے کہ وہ اپنے مرد کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ پیش ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

حکایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا میں اس لئے زیب وزینت سے رہتا ہوں کہ میری عورت میرے لئے زیب وزینت کے ساتھ رہتی ہے اور یہ بھی حکم ربانی ہے چنانچہ فرمایا۔ ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف.

حکایت: ایک شخص نے کہا میرے گھر میں کبھی شر اور فساد داخل نہیں ہوا ایک دانا نے فرمایا تو یہ عورت تیرے گھر میں کیسے داخل ہوئی یعنی عورت بھی شر ہے تو پھر تو کیوں کہتا ہے کہ میرے گھر میں شر داخل نہیں ہوا۔

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالی نے فرمایا

ولارام باشد زن نیک خواہ ولے از زن بد خدایا پناہ

(ترجمہ: خدا کرے عورت محبوب اور خیر خواہ ہو ورنہ بری عورت سے پناہ بخدا)

کسی دوسرے شاعر نے کہا۔

عصمت زن را بمقام جمال جلوہ حرامست مکر با حلال

(ترجمہ: حسن وجمال کے ساتھ عورت کو عصمت ضروری ہے ایسی عورت کو حلال امر کے ساتھ دوسروں کے سامنے مکر کا جلوہ حرام ہے)

حکایت: بنی اسرائیل میں ایک نیک مرد تھا اس کی عورت تھی اس کے ساتھ اس کی بڑی محبت تھی اللہ تعالی نے اس نیک کے ہاں پیغام بھیجا کہ تیرے لئے میں نے تین خصوصی دعائیں قبول کر لی ہیں مانگ لے جو تیری مرضی ہو اس نے اپنی عورت سے کہا میری ضروریات تو بہت ہیں اور اللہ تعالی نے صرف تین دعائیں قبول کرنے کا فرمایا ہے اب میں کیا کروں عورت نے کہا دعائیں مانگ لے دو اپنے لئے اور ایک میرے لئے اس نے کہا تیرے لئے کیا حاجت مانگوں عورت نے کہا میرے لئے یہ مانگئے کہ میں حسین وجمیل ہو جاؤں کہ میرے جیسی اور کوئی دنیا میں حسین وجمیل نہ ہو اس نے پہلے یہی دعا مانگی چنانچہ وہ عورت ایسی حسین وجمیل ہو گئی کہ اس کے حسن وجمال سے گھر روشن ہو گیا اس حیثیت کو دیکھ کر عورت گھر سے باہر جانے لگی مرد نے پوچھا یہ کیا اس نے کہا اب میں تیرے لائق نہیں رہی اب تو میں کسی بادشاہ کے یہاں گزاروں گی کیونکہ میں اپنے اس حسن وجمال

marfat.com
Marfat.com

کو تیرے جیسے کے ہاں رہ کر ضائع نہیں کرنا چاہتی۔ مرد نے اسے سختی سے روک لیا بادشاہ کو اس عورت کے حسن و جمال کا شہر پہنچا تو اس نے اپنے نوکروں وغیرہ کو بھیج کر اس عورت کو اس مرد سے جبراً پکڑ لیا کہا یا اللہ اب میری باقی دو دعائیں ایک تو یہ اس عورت کو بندریہ بنا دے چنانچہ اللہ تعالی نے اس عورت کو بندریا بنا دیا بادشاہ نے اسے واپس اس مرد کے ہاں بھیج دیا جب وہ عورت اس حال میں اپنے شوہر کے پاس پہنچی تو مرد نے کہا اے اللہ اسے ویسے ہی بنا دے جیسے پہلی تھی اس مرد کی وہی تین مستجاب دعائیں ویسے ہی ضائع گئیں نہ تو اس مرد کو ان سے کوئی فائدہ ہوا اور نہ ہی اس کی عورت کو۔

مسئلہ: مطلقہ عورتوں کو حکم ہے کہ عدت گزار دیں اس میں اشارہ ہے کہ اس عدت سے صحبت کا حق ادا کریں اگرچہ یہ جدائی (طلاق) مرد سے واقع ہوئی ہے لیکن عورت کے لئے ضروری ہے کہ اسی مقام پر رہ کر عدت کے ایام گزارے تا کہ صحبت کا حق پورے طور پر ادا ہو سکے۔

تفسیر صوفیانہ

اس سے اہل حق کو معلوم ہوا کہ عبودیت پر ربوبیت کے حقوق کیسے ہیں اللہ تعالی ہر طرح سے اپنے بندے پر فضل و کرم سے مہلت ہی مہلت عطا فرماتا ہے اور اس پر قسم قسم کے انعامات کرتا ہے اگرچہ بندے کی طرف سے نالائقی وار غلط کاری کا صدور ہوتا ہے لیکن وہ کریم اپنے فضل و احسان کو ترک نہیں فرماتا اور اسے مہلت دے کر ثابت فرماتا ہے کہ تو جفا کئے جا اور ہم وفا کئے جائیں گے اپنی وفا و احسان کی وجہ سے جلد تر بندے کی گرفت نہیں کرتا تا کہ وہ مہلت لے کر اس مدت کیا اندر اپنی غفلت سے بیدار ہو اور اپنے دل میں ندامت کر کے محبت حق کی طرف متوجہ ہو اس سے فرقت کی محنت میں اس لئے مبتلا کیا ہے تا کہ وہ کسی وقت نادم ہو کر راجع الی اللہ اور اصل مقصود سے بہرہ ور ہو گویا اسے اس ابتلاء میں کہا گیا ہے اے دروازہ کھٹکھٹانے والے پہلے تو اپنے حضور میں حاضر ہو کر ہم سے اپنی کامیابی کی دعا مانگ اسی طرح تجھے ہماری بارگاہ کی حاضری نصیب ہوگی۔

marfat.ocm
Marfat.com

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

یہ طلاق دو بار تک ہے پھر بھلائی کے ساتھ روک لینا ہے یا نیکی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے اور تمہیں روا نہیں کہ جو کچھ عورتوں کو دیا

شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

اس میں سے کچھ واپس لو مگر جب دونوں کو اندیشہ ہو کہ اللہ کی حدیں قائم نہ کریں گے پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ دونوں ٹھیک اپنی حدوں پر نہ رہیں گے تو ان پر کچھ گناہ نہیں

فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ

اس میں جو بدلہ دے کر چھٹی لے عورت سے یہ اللہ کی حدیں ہیں ان سے آگے نہ بڑھو اور جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے تو وہی

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ۭ فَاِنْ طَلَّقَهَا

لوگ ظالم ہیں۔ پھر اگر تیسری طلاق اسے دی تو اب وہ عورت اسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے پھر وہ دوسرا اگر اسے طلاق دیدے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا

تو ان دونوں میں کچھ گناہ نہیں کہ پھر آپس میں مل جائیں اگر سمجھتے ہوں کہ اللہ کی حدیں نبھائیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں جنہیں بیان کرتا ہے

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ

دانش مندوں کے لئے۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دو ان کی میعاد آ لگے تو اس وقت تک یا بھلائی کے ساتھ روک لو یا

سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۠ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ

نیکی کے ساتھ چھوڑ دو اور انہیں ضرر دینے کے لئے روکنا نہ ہو کہ حد سے بڑھو اور جو ایسا کرے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۠ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ

اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بنالو اور یاد کرو اللہ کا احسان جو تم پر ہے اور جو تم پر کتاب

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

اور حکمت اتاری تمہیں نصیحت دینے کو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

اَلطَّلَاقُ، مَرَّتٰنِ یعنی وہ طلاق رجعی جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ یعنی دو دفعہ اس لئے کہ یہ متفرق طور پر ہوگا کیونکہ جو شخص کسی کو دو درہم دیتا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ کہا جائے اس نے دو بار دیا ہے یہاں تک کہ وہ اسے دو درہم دے تب مرتان (دو دفعہ) کا محاورہ صادق آئے گا

مسئلہ: حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک دو یا تین یکبارگی طلاق واقع کرنا حرام ہے انہیں سنی الوقوع تو کہا جا سکتا ہے لیکن سنی الایقاع نہ کہا جائے گا۔

مسئلہ: مرد کو دو طلاق دینے کے بعد رجوع کا حق حاصل ہوتا ہے (اگرچہ تجدید نکاح کی ضرورت ہے) لیکن جب وہ دو طلاق کے بعد تیسری طلاق دے گا تو اب سے رجعت کا حق نہ ہوگا اور نہ ہی یہ عورت اس کے لئے حلال ہو سکتی ہے جب تک کہ حلالہ نہ ہو۔

ف: اگرچہ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ جملہ خبر یہ ہے لیکن معنی امر ہے یعنی یہ جملہ انشائیہ ہے اس لئے کہ اگر اسے اپنے ظاہر پر باقی رکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کے حکم میں خلاف امر واقع ہوتا ہے اس لئے کہ کبھی ایقاع الطلاق علی وجہ الجمع بھی ہوتا ہے اس طور سے اللہ تعالیٰ کی خبر میں خلاف واقع ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ہر خبر خلاف لینے کذب سے منزہ ہوتی ہے گویا اس جملہ سے امر مراد ہے گو در اصل عبارت یوں ہے۔ فطلقوهن مرتين اى دفعتين فامساک ان دو طلاقوں کے بعد حکم ہے انہیں بند رکھنا بمعروف ساتھ نیکی کے وہ یہ کہ عورت کو طلاق کے بعد اس سے رجوع کر لے لیکن ضرر کا ارادہ نہ ہو بلکہ اصلاح اور حسن معاشرہ کے ارادہ پر اَوْ تَسْرِيْحٌ یا چھوڑ دینا بِاِحْسَانٍ ساتھ احسان کے بایں طور کہ رجوع کا معاملہ ترک کر دے عدت کے ختم ہونے پر اور احسان فی التسریح کا مطلب یہ ہے کہ اس چھوڑ دینے کے بعد اس کے حقوق مالیہ پورے ادا کرے اور طلاق کے بعد اس کا برائی سے ذکر نہ کرے اور نہ ہی لوگوں کو اس سے نفرت دلائے۔

مسئلہ: تمام حکم اس باب میں یہ ہے کہ جب آزاد مرد اپنی عورت کو بعد دخول ایک یا دو طلاہیں دیں مرد کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی عورت کی رضا کے بغیر ہی رجوع کر لے لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ وہ عورت اپنی عدت میں ہو۔

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ: اگر اس کے ساتھ اس کی عدت میں رجوع نہیں کر سکا یہاں تک کہ اس کی عدت ختم ہوگئی اس کو قبل دخول طلاق دے دی یا عورت سے خلع کر لے تو اس کے ساتھ تجدید نکاح ضروری ہے اور وہ بھی عورت کی اجازت پر موقوف ہے یا اس کا ولی اجازت دے۔

مسئلہ: اگر اسے تین طلاقیں دی ہیں تو اس عورت سے نکاح جائز نہیں جب تک کہ حلالا نہ ہو یعنی وہ عورت عدت گزارے عدت گزارنے کے بعد کسی مرد سے نکاح کرے پھر وہ اپنی مرضی سے طلاق دے پھر اس کی عدت گزرے پھر عورت کی مرضی سے نکاح لے۔

مسئلہ: غلام کے نکاح میں لونڈی ہو تو اسے دو طلاق دینے سے حلالہ ضروری ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: طلاق کی گنتی میں مرد کا اعتبار ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کے نزدیک یہی وجہ ہے کہ عبد حرہ عورت سے نکاح کرے تو اس پر تین طلاقیں واقع ہونگی اگر آزاد مرد لونڈی سے نکاح کرے تو اس پر دو طلاقیں واقع ہوگی۔ وَلَا یَحِلُّ

شان نزول: مروی ہے کہ جمیلہ بنت عبداللہ بن ابی سلول اپنے شوہر ثابت بن قیس سے محبت کرتی تھی حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی میرے اور میرے شوہر کی نہیں بن رہی اس کا سر میرے سر کے موافق نہیں یعنی آپس میں طبعی موافقت نہیں اور یہ بھی ہے کہ نہ مجھے اس کے دینی معاملہ میں اعتراض ہے اور نہ ہی کسی عادت سے اس کے ساتھ بغض ہے لیکن مجھے اس کے ساتھ ایسا بغض ہوا کہ اب مجھے ڈر ہے کہ اس کی وجہ سے کسی وقت کفر میں مبتلا نہ ہو جاؤں واقعہ یوں ہوا کہ میں عدت گزار رہی تھی تو ایک دفعہ میں نے اپنے خیمہ سے اسے دیکھا تو اس کی صورت بہت سیاہ اور قبیح نظر آئی اور قد و قامت میں بہت چھوٹا اور شکل میں قبیح ترین نظر آیا اس پر آیت نازل ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر وہ مرد سے نہیں گزار سکتی تو اسے چاہئے کہ اپنے شوہر کو کچھ مال دے کر طلاق حاصل کر لے یعنی خلع کر لے چنانچہ اس کے بعد جمیلہ نے اپنا وہ باغ جو اسے حق مہر ملا تھا ثابت بن قیس کو واپس لوٹا دیا اور یہ بھی اس وقت جب کہ ثابت بن قیس نے جمیلہ سے ایسی باتیں سنی تو حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ جمیلہ کو فرمائیں مجھے وہ باغ واپس لوٹا دے جو میں نے حق مہر میں دیا ہے اسے میں طلاق دیدوں گا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے جمیلہ کو کہا کیا خیال ہے جمیلہ نے عرض

marfat.com
Marfat.com

کی یارسول اللہ ﷺ مجھے منظور ہے بلکہ میں تو اس سے اور بھی کچھ زائد دینے کے لئے تیار ہوں آپ نے فرمایا صرف پانچ باغ کافی ہیں زائد کی ضرورت نہیں آپ نے ثابت بن قیس کو فرمایا باغ لے کر طلاق دے دے اس نے جمیلہ کو باغ لے کر طلاق دے دی۔

ف: اسلام میں یہ پہلا خلع ہے

ف: لکم کا خطاب جیسے عوام کو ہے ایسے ہی حکام کو بھی تا کہ اللہ تعالی کے قول فَاِنْ خِفْتُمْ کے مطابق اس لئے کہ یہاں پر عوام کی طرح حکام بھی مراد ہیں۔

سوال: حکام کو داخل کرنے کا کیا معنی کہ وہ مال لینے والے اور نہ دینے والے۔

جواب: چونکہ وہ دینے اور لینے کا حکم نافذ کرتے ہیں جب کہ ان کے پاس فیصلہ جات جاتے ہیں گویا اب وہی دینے اور لینے والے ہیں اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ یعنی ان عورتوں سے لے لو طلاق کے مقابلہ میں وہ مال جو تم نے انہیں حق مہر میں دیا ہے شَيْـًٔا معمولی سی چیز مراد ہے چہ جائیکہ بہت بڑا مال دیا ہو اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ مگر یہ کہ زن وشوہر خوف کریں اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ یہ کہ حقوق زوجیت کی رعایت نہیں کر سکیں گے۔ اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ استثنا مفرغ ہے۔ ان یتخافا محلا منصوب اور مفعول ہے اسی وجہ سے یہ عام محذوف سے مستثنیٰ ہے عبارت یوں تھی۔ ولا یحل لکم ان تاخزو السبب من الاسباب شیاالا بسبب خوف عدم اقامته حدود الله پس اگر تمہیں خوف ہو اے حاکمو اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ یہ کہ وہ حدود اللہ کی پابندی نہیں کریں گے یعنی وہ حقوق جو نکاح کی وجہ سے ان پر مقرر ہوئے ہیں۔ یہ قرآن اور طرز روشن سے معلوم ہو جاتا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ پس ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ عورت اپنے مرد کو کچھ دے کر اپنی گلو خلاصی کرا لے یعنی جو کچھ عورت اپنے مرد کو خلع کا بدل دیتی ہے نہ ہی مرد کو گناہ ہے کہ وہ اپنی عورت کا مال لے کر اسے طلاق دیتا ہے اور نہ ہی عورت کو مال دے کر طلاق لینا گناہ ہے یہ اس وقت ہے جب کہ عورت کی طرف سے زیادتی ہو کہ وہ مال دے کر طلاق لے اس لئے کہ عورت کو منع کیا گیا ہے کہ وہ بلا وجہ مال ضائع نہ کرے۔

مسئلہ: اگر زیادتی مرد کی طرف سے ہو تو جائز نہیں کہ وہ عورت سے مال لے کر طلاق دے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا

marfat.ocm
Marfat.com

مسئلہ: مرد کے لئے چاہئے کہ اس کے ساتھ ایسے امور نہ برتے کہ جس سے وہ عورت طلاق لینے پر مجبور ہو جائے اور کچھ مال دے کر طلاق لے کیونکہ اس طرح سے مرد کو روکا گیا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ نساء میں فرمایا وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ یعنی انہیں تنگ نہ کرو تاکہ جو کچھ تم نے انہیں دیا اس کا بعض مال واپس لے لو۔

مسئلہ: فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ کے عموم سے معلوم ہوا کہ عورت کا مرد سے خلع کرنا جائز ہے خواہ وہی مال واپس لوٹا دے جو مرد سے حق مہر میں لیا ہے خواہ اسے زائد دے یا اس سے کم کر کے اسی پر جمہور فقہا متفق ہیں۔

مسئلہ: آیت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ خلع صرف اس وقت جائز ہے جب کہ غصہ میں ہو یا مرد اور عورت کا گزارہ بظاہر ناممکن ہو لیکن جمہور مجتہدین فرماتے ہیں کہ خلع ہر طہر سے جائز ہے خواہ ان کا گزارہ خطرہ میں ہو یا نہ ہو۔

ترکیب: اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ کے لئے ضروری ہے کہ یہ استثناء منقطع ہو جیسے اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا میں استثناء منقطع ہے اِلَّا خَطَـًٔا کا معنی لکن ان قتل خطاء فدیته مسلمته الی اهله.

مسئلہ: امام بغوی نے فرمایا مرد عورت سے زیادتی ہو یا نہ ہو ہر حالت میں خلع جائز ہے لیکن زیادتی نہ ہو تو اس وقت خلع مکروہ ہے اس لئے کہ اس میں بلاوجہ قطع تعلق کرنا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ کی مبغوض ترین حلال طلاق ہے۔

تِلْكَ یعنی وہ احکام جو مذکور ہوئے حُدُوْدُ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حدود ہیں اس کے اوامر و نواہی فَلَا تَعْتَدُوْهَا پس ان سے مخالفت کر کے یا ان احکام کو چھوڑ کر حدود سے تجاوز نہ کرو وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ اور جو اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کرتے ہیں وہی لوگ حد سے بڑھنے والے هُمُ الظّٰلِمُوْنَ وہی ظالم ہیں یعنی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں اس لئے کہ وہ نفسوں کو اللہ تعالیٰ کے عذاب اور ناراضگی کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

مسئلہ: جب عورت تمام غلط کاریوں سے بری الذمہ اور پاک دامن ہو تو مرد پر لازم ہے کہ ایسی عورت سے اچھا معاشرہ رکھے اور اس کی سخت کلامی پر صبر کرے اور اس کی معمولی غلطیوں سے چشم پوشی کرے اور حضور نبی کریم ﷺ کی عادات مبارکہ کے مطابق عمل کرے حضور نبی کریم ﷺ اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ احسن

marfat.com
Marfat.com

سلوک رکھتے تھے۔

مسئلہ: عورتوں کے ساتھ نیک معاشرہ رکھنا اوران کی معمولی غلطیوں کی چشم پوشی کرنا بھی اچھے اخلاق سے شمار ہوتا یہ بلکہ ایسے شخص کو ایسے صبر پر مجاہدین فی سبیل اللہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

حکایت: مروی ہے کہ ایک عابد اپنی عورت سے اچھا معاشرہ رکھتا تھا یہاں تک کہ فوت ہوگئی اسے کہا گیا کسی دوسری عورت سے نکاح کر لیجئے اس نے انکار کر دیا ایک عورت نے کہا میرے ساتھ ضرور نکاح کرو تا کہ میرا جی خوش ہو لیکن وہ عابد نہ مانا اس کے بعد اس عابد نے کہا میں نے اپنی عورت کی وفات کے بعد شب جمعہ کو دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور لوگ ہوا میں اترتے اور اوپر کو بھی چڑھتے ہیں اور اسی طرح ایک دوسرے کے آگے پیچھے جاتے ہیں جب ان میں کسی ایک کی نگاہ میرے اوپر پڑتی تو وہ اپنے پیچھے والے کو دیکھ کر کہتا ہے یہی ہے وہ بد بخت دوسرا اس کے پیچھے والا کہتا ہے ہاں تیسرا کہتا ہے یہی ہے یہی ہے مجھے ان سے ماجرا پوچھنے سے ڈر لگتا جب آخری آدمی میرے سامنے سے گزر رہا تھا تو میں نے پوچھا کون ہے بد بخت جسے یہ لوگ بار بار کہتے اور ایک دوسرے کی تصدیق کر رہے ہیں اس نے کہا تم ہی ہو میں نے کہا وہ کیوں اس نے کہا وہ اس لئے کہ اس سے قبل ہم تیرا عمل مجاہدین فی سبیل اللہ کے ساتھ لے جاتے لیکن ایک ہفتہ سے ہمیں حکم ہے کہ ہم تیرا عمل مخالفین کے ساتھ لے جائیں اس کی وجہ پس معلوم نہیں اسے احساس ہوا کہ یہ نحوست نکاح کرنے کی ہے چنانچہ اٹھتے ہی کہا میرا نکاح کرو چنانچہ دیکھا گیا کہ اس کے بعد اس کے پاس دو عورتیں نکاح میں بیک وقت ہوتیں۔ حضرت کاشفی لکھتے ہیں کہ

مرد گمان مبر بزور ست و بزدلی　　بانفس اگر جہاد کشی مرد کاملی

(ترجمہ: جوانمردی زور اور بزدلی سے نہیں بلکہ نفس سے جہاد بھی جاتی ہے لہٰذا جوانمرد ہے جو نفس سے جہاد کرتا ہے)

اور یہ ایک دوسرے کے بعد حاصل جیسے کہا گیا ہے کہ جہاد کے لئے بھی مرد میدان چاہیں اور کہا گیا ہے اگر تو طلاق دینا چاہتا ہے تو اپنے نفس کو طلاق دے۔ کسی نے خوب کہا ؎

ہر کہ زن نفس شوم را داد طلاق　　رفتش بنود بزید ایں نیلی طاق

از زمانہ نفس قدم بیروں نہ　　تا روحت کز رنسیم وصل اسحاق

marfat.ocm
Marfat.com

(**ترجمہ**: جو بھی نفس کو طلاق دیتا ہے تو اس کی شادی اس نیلی چھت کے نیچے نہیں بلکہ اوپر ہوگی نفس کی خرابیوں سے دور رہو پھر تمہیں روحانی ملک کی خوشبو سونگھائی جائے گی)

سبق صوفیانہ: جب تک تیرے نفس کی بڑھیا تیرے اندر کو پریشان اور تیرے قلب کو خراب کرتی رہے گی تو عروس یعنی تجلی روح نقاب کی وجہ سے نظر نہیں آئے گی اور نہ ہی وہ عروس تیرے مشاہدہ کے کمرے میں آئے گی اللہ تعالیٰ اس مرد پر رحم کرے جس نے اپنی قدر پہچانی اور وہ طریق حق سے متجاوز نہ ہوا۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ اہل سلوک حریم یار سے جدا نہیں ہوتے وہ حریم جو دوست شفیق اور نہایت ہی سچے دوست سے نصیب ہوتا ہے اسے تو صرف وہ ایک ہی حریم کافی ہو جاتا ہے وہ حریموں سے لاتعلق ہوتا ہے ہاں تجاوز کرتا ہے تو ایک یا دو بار پھر تیسری بار اسے حکم ہوتا ہے یا تو بندر کھے ساتھ معروف کے یا چھوڑ دے ساتھ احسان کے یعنی صحبت رکھے تو بہتر سے بہتر یا چھوڑ دے تو احسن طریق سے جیسے حضرت خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کے لئے ایک دو بار تو درگزر فرمایا لیکن تیسری بار فرمایا هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ اور وہ صحبت کہ جس میں تعظیم دوست نہ ہو اور بداخلاق سے زندگانی کی لذت کو ضائع کرنا اور عذاب کو خریدنے میں تصحیح اوقات کی جائے تو ایسی صحبت طریقت سے اچھی ہے نہ شریعت میں پسندیدہ بلکہ طریقہ حق کے لئے سخت ترین مضر۔ اہل صحبت کے لئے ضروری ہے کہ جب اتفاقاً جدائی پڑ جائے تو یاران صحب سے کلی طور پر دل ہٹا نہ لیں اور نہ ہی دینی بھائیوں سے قطع تعلق کر لیں نہ ہی ان سے ہم عالیہ دے کر ان سے قلوب واپس نہ کر لیں اس لئے کہ ہبہ سے رجوع ہے جیسے قے کر کے پھر کھالی جائے ہاں اگر ان سے اللہ تعالیٰ کی حدود یعنی حقوق صحبت کی رعایت سے تجاوز کرنے کا خوف ہو اور تمہیں خطرہ ہو کہ وہ حدود اللہ تعالیٰ کو قائم نہیں رکھ سکیں گے بایں طور کہ مقابلہ پر تل آئیں گویا دینی حقوق میں سے کسی حق کو چھوڑ دیں گے تو ان پر گناہ نہیں رعایت حقوق کے لئے لذتوں میں سے اس کا فدیہ دیں یہ حظوظ و حقوق اللہ کے حدود ہیں حظوظ کے حاصل کرنے کے لئے ترک حدود کر کے حد سے نہ بڑھو۔ (کذا فی التاویلات النجمیہ قدس اللہ تعالیٰ نفسہ الزکیۃ القدسیہ)

تفسیر عالمانہ

فَاِنْ طَلَّقَهَا پس اگر وہ مرد اپنی عورت کو دو طلاقوں کے بعد طلاق دے فَلَا تَحِلُّ لَهٗ تو وہ عورت اس مرد کے لئے حلال نہیں مِنْۢ بَعْدُ تین طلاقوں کے بعد نہ بطریق رجعت کے

marfat.com
Marfat.com

اور نہ ہی تجدید نکاح سے حَتّٰى تَنْكِحَ نکاح کرے عورت زَوْجًا غَيْرَهٗ طلاق دہندہ کے غیر سے۔

سوال : ابھی غیر تو اس کا شوہر ہوا نہیں لیکن قرآن نے اسے زوج سے تعبیر کیا اس کی وجہ کیا ہے؟

جواب: چونکہ جو شخص اس عورت سے نکاح کرے گا اور اس کا شوہر ہو جائے گا اس عمل کے انجام کے اعتبار سے اسے زوج کہا گیا۔

مسئلہ یہاں پر نکاح، بمعنی عقد نکاح نہیں بلکہ وطی رہا یہی معنی حضرت سعید بن المسیب نے وطی مراد لی ہے اور آیت کا لفظ بھی یہی شہادت دیتا ہے اس لئے وہ نکاح بمعنی وطی ہو تو عبارت یوں ہوگی تطاء المرا ۃ الزوج ایسا کلام عرب میں نہیں اس لئے کہ عورت موطوءۃ ہوتی ہے نہ کو وطی کرنے والی۔

سوال : آیت مطلق ہے تو نے اسے مقید کیوں کیا اس کی تقریر یہ ہے کہ آیت دلالت کرتی ہے کہ عورت شوہر اول کے لئے حلال نہیں جب تک کہ شوہر ثانی اس سے وطی نہ کرے اور ان دونوں کا اس عقد کے بغیر بھی نکاح ہو سکے اس کے ساتھ شوہر کا وطی کرنا ضروری نہیں لیکن تم ضروری سمجھتے ہو۔

جواب: تم نے آیت کو حدیث شریف اور اجماع امت سے مقید کیا یہ کہ جب تک اس عورت سے وطی نہ ہو تو وہ پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں جیسا کہ مروی ہے کہ رفاعہ کی عورت حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی رفاعہ نے مجھے مغلظہ طلاق دی ہے اس کے بعد میرے ساتھ عبدالرحمٰن بن زبیر نے نکاح کیا ہے اس کے پاس وہ شئے نہیں اور وہ نامرد ہے اور مجھے اس کی ضرورت نہیں اور اس کی قوت مردی کی طرف اپنا کپڑا پکڑ کر اشارہ کیا یعنی جیسے کہ کپڑا بے زور ہے ایسے ہی اس کی قوت مردی کا حال ہے آپ اس بات پر ہنس پڑے اور فرمایا کیا چاہتی ہو کہ تو اپنے پہلے شوہر یعنی رفاعہ کو واپس چلی جائے عرض کی ہاں آپ نے فرمایا یہ نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ تیری شہد نہ کچھ لے اور تو اس کی شہد نہ چکھ لے تو واپسی نہیں ہو سکتی۔

ف: حدیث شریف میں شہد چکھنے سے مراد جماع کرنا ہے اور شہد چکھنے کو جماع کی لذت سے تشبیہ دی ہے فَاِنْ طَلَّقَهَا پس اگر شوہر ثانی اس عورت کو دخول کے بعد طلاق دے دے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ تو شوہر اول اور عورت کو کوئی گناہ نہیں اَنْ يَّتَرَاجَعَآ یہ کہ دونوں عقد جدید سے رجوع کر لیں اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ اگر ان کے گمان میں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم رکھ سکیں گے حدود سے مراد وہ احکام ہیں جو اللہ تعالیٰ نے زن و شوہر کے

marfat.ocm
Marfat.com

درمیان متعین فرمائے ہیں۔

سوال: اِنْ ظَنَنَّآ کی بجائے ان علما کیوں نہیں فرمایا؟

جواب: اس لئے کہ عوام کو امور کا انجام کار معلوم نہیں اور نہ ہی انہیں معلوم ہوتا ہے کہ کل کیا ہوگا البتہ گمان کے طور پر کچھ باتیں معلوم کر لیتے ہیں۔ وَتِلْكَ ان احکام کی طرف اشارہ ہے جو ابھی مذکور ہوئے حُدُوْدُ اللّٰهِ یعنی اللہ تعالی کے وہ احکام جو معین ہیں جن کی تبدیلی وتغیر اور مخالفت سے حفاظت کی گئی ہے یُبَیِّنُهَا اللہ تعالی انہیں بیان کرتا ہے لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ان لوگوں کے لئے جو اپنے مقتضی کے مطابق جانتے سمجھتے ہیں۔

سوال: یہاں پر علم والوں کو مخصوص کیا گیا ہے کیوں؟ باوجود یہ کہ قرآن کے احکام کی دعوت وتبلیغ عام ہے۔

جواب: ان احکام سے صرف اہل علم ہی نفع اٹھاتے ہیں باقی رہے جاہل وہ اولاً تو احکام کو یاد نہیں رکھتے اگر کچھ یاد ہوتا ہے تو اس پر عمل نہیں کرتے۔

نکتہ گفتن پیش کر فہماں زحکمت بیگماں　　جوہری چند از جواہر پیش خراست رہاں

(**ترجمہ**: بدفہمیوں کو نکتہ کہنا ایسے ہے جیسے جوہرات گدھے کے سامنے ڈالے جائیں)

نکتہ: طلاق مغلظہ کے لے حلالہ کی شرط سے اس عورت سے نکاح کافی نہیں جب تک اس کے ساتھ شوہر ثانی جماع نہ کرے اس میں حکمت یہ ہے کہ عموماً مرد کی غیرت اجازت نہیں دیتی کہ اس کی عورت کے ساتھ کوئی دوسرا جماع کرے اس غیرت کی بنا پر وہ طلاق دینے سے رکتا رہے گا یہ اس وقت ہوگا جب اس کے ذہن میں آئے گا کہ عورت کو طلاق دوں گا تو میری عورت کے ساتھ غیر جماع کرے گا طلاق سے نفرت کا یہی بہت بڑا سبب ہے اور غیرت کے ابھارنے کا بھی اس لئے شرط لگائی گئی ہے کہ جب تک دوسرا شوہر اس مطلقہ مغلظہ سے جماع نہ کرے پہلے شوہر کے لئے حلال نہ ہوگی۔

مسئلہ: حلالہ کی شرط پر نکاح کرنا اور کہنا کہ حلالہ کر کے طلاق دے دینا اکثر کے نزدیک یہ نکاح فاسد ہے لیکن امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کے نزدیک جائز ہے مگر مکروہ۔

مسئلہ: اگر اس شرط کو دل میں رکھ کر زبان پر نہ لائیں اور حلالہ کے بعد طلاق ہو جائے تو بلا کراہت جائز ہے

مسئلہ: شرح ایلز یلعی میں ہے اگر عورت کو خوف ہو کہ یہ شوہر ثانی میرے ساتھ نکاح کر کے حلالہ کے بعد بھی

marfat.com
Marfat.com

طلاق نہ دے گا تو اس کے ساتھ نکاح کرتے وقت یوں کہے کہ میں تیرے ساتھ نکاح کرتی ہوں لیکن طلاق کا معاملہ میرے ہاتھ میں ہوگا کہ جب چاہوں گی طلاق لے لوں گی اور اس مرد نے قبول کرلیا تو ایسی شرط لگانا جائز ہے۔

مسئلہ: اسی شرح ایلزیلعی میں ہے کہ لطائف الحیل میں سے ایک حیلہ یہ ہے کہ عورت مطلقہ مغلظہ کسی چھوٹے عبد سے نکاح کرلے کہ جس کا آلہ تناسل حرکت کرتا ہے جب اس سے وطی کرا لے تو اسے قیمۃً خرید لے اب وہ اس کا مالک ہو جائے گا تو ان دونوں کا نکاح خود بخود فسخ ہو جائے گا۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ لعن اللّٰہ المحلل و المحل له .

حل لغات: المحل (آیت اسم فعال بکسر اللام بصیغه اسم فاعل) حلالہ کرنے والا (بفتح الام بصیغه اسم مفعول) جس کے لئے حلالہ کیا جائے یعنی حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے حلالہ کیا جائے اللہ تعالیٰ دونوں پر لعنت کرتا ہے (بکسر اللام) المحل حلالہ کرنے والا اس سے دوسرا شوہر مراد ہے اور المحل له (بفتح اللام) جس کے لئے حلالہ کیا جائے اس سے شوہر اول مراد ہے۔

سوال: ان دونوں کو لعنتی کیوں کہا گیا؟

جواب: محلل حلالہ کرنے والے پر تو لعنت اس لئے ہے کہ اس نے عورت سے جدائی کی نیت پر نکاح کیا حالانکہ نکاح میں استمرار و دوام ہوتا ہے اس محلل کی مثال (مانگے ہوئے) تیس کی ہے۔

ف: عربی میں تیس اس نر بکرے کو کہا جاتا ہے جو بکریوں کا گابھن کرانے کے لئے مانگ کر بکریوں میں چھوڑا جاتا ہے اور محلل له پر اس لئے لعنت ہے کہ وہ اس قبیح فعل کا سبب بنا اور قاعدہ ہے کہ سبب اور مسبب ہر دونوں جزا و سزا میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔

ویسے لعنت سے مراد ان کی خاست کمینہ پن کا اظہار ہے محلل کی خساست بالیمعنی ہے کہ وہ اس قبیح امر کا مرتکب ہوا حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میں تمہیں تیس کا پتہ دوں یعنی محلل کی اسے حضور نبی کریم ﷺ نے مستعار تیس جیسی قبیح صفت سے موصوف فرمایا ہے اور محلل له کی خساست اور کمینہ پن یہ ہے کہ وہ ایسے فعل کا سبب بنا ہے جس سے اچھی طبیعتوں کو نفرت ہے کہ جب اس کی عورت دوسرے کے قبضہ میں آچکی پھر وہ اس کے لئے چاہتا ہے کہ وہ دوبارہ اس کے قبضہ میں آجائے اور وہ اس سے نفع اٹھائے یہ غیرت کے بھی خلاف ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف : یہاں حقیقی لعنت مراد نہیں کونکہ یہ منصب رسالت کے خلاف ہے کہ اپنی امت کو لعنت جیسے قبیح صفت سے موصوف فرمائیں خود فرمایا میں لعنت کرنے والا ہو کر مبعوث نہیں ہوا۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ جب کوئی اپنے دوستوں کی صحبت کے حقوق میں ایک یا دو بار کوتاہی کرے تو درگزر کیا جا سکتا ہے لیکن جب وہ تیسری بار بھی اس کا مرتکب ہوتا ہے تو سمجھ لو کہ اس نے جدائی اور مفارقت کے طریق کو اختیار کیا اور دوستی کے حقوق سے نکل گیا پس دوستوں کے لئے بھی لائق نہیں کہ ایسے لوگوں سے حقوق دوستی ادا کریں ایسا آدمی خائن ہے جو دوست کے ساتھ گزار رہا ہے اگر ایسا شخص اپنے کئے پہ نادم ہو اور اپنے دوست سے معافی چاہے اور اظہار ندامت کرے کہ مجھ سے غلطی ہوئی کہ میں نے تجھ سے علیحدگی کی ٹھان لی اب میں ان قبائح سے باز آیا اور آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ ساتھ رہ کر حق صحبت ادا کروں گا تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ آپس میں اتفاق سے گزاریں بشرطیکہ انہیں گمان ہو کہ ہم شرائط عبودیت اور صحبت فی اللہ کے حقوق ادا کر سکیں گے جان لو کہ یہی ہیں اللہ تعالیٰ کی قربت کی راہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف جانے والے لوگوں کے طریقے انہیں اللہ تعالیٰ کبھی صراحۃً اور کبھی دلالۃً اور کبھی عبارت اور کبھی اشارات سے بیان کرتا ہے صرف ان حضرات کے لئے جو اشارات و کنایات کو جانتے اور اشارات کو سمجھتے ہیں۔

(کذافی التاویلات النجمیہ)

حضرت احمد بن خضریہ فرماتے ہیں کہ حق کا راستہ واضح اور دلائل روشن ہیں اور داعی بھی اس کا زور زور سے سنا رہا ہے اس کے باوجود بھی اندھا پن ہے کہ اس راہ پر نہ چلا جائے یعنی امور مذکورہ کے باوجود بھی کوئی سیدھی راہ سے بھٹک جائے تو وہ اندھا ہے۔

حضرت حافظ شیخ شیرازی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

وصل خرشید بشیرہ اعمی نرسد　　کہ دریں آئینہ صاحب نظراں حیرانند

(ترجمہ: سورج کی روشنی اور چمک کا اندھے کو کیا پتہ اس شیشہ کی روشنی سے نظر والوں کو حیرانی ہے)

تفسیر عالمانہ

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ اور جب تم اپنی عورتوں کو طلاق فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ اور وہ اپنی عدت کو پہنچ جائیں یعنی عدت کے آخری ایام تک پہنچیں یعنی وہ وقت آجائے کہ عدت قریب

marfat.com
Marfat.com

الاختتام ہے اس سے حقیق عدت کی انتہا مراد نہیں اس لئے کہ جب مطلق عورت کی عدت ختم ہو جائے تو مرد کو حق نہیں پہنچتا کہ اسے اپنے پاس روکے۔

شان نزول: یہ آیت اس انصاری شخص کے حق میں نازل ہوئی جسے ثابت بن یسارہ کے نام سے پکارا جاتا ہے جس نے اپنی عورت کو طلاق دے دی جب کہ اس کی عدت قریب الاختتام ہوئی تو اس سے رجوع کر لیا کچھ عرصہ کے بعد پھر اسے طلاق دے دی اس سے اس کا صرف عورت کو دکھ پہنچانا مقصود تھا تو یہی آیت اتری۔

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ انہیں نیکی کے ساتھ روکو یعنی ان سے رجوع صرف اس نیت پر کرو کہ انہیں دکھ نہ پہنچاؤ المعروف سے مراد وہ عمل ہے جس سے عقل کو الفت حاصل ہو اور شرعاً و عرفاً و عادتاً اسے نفوس مستحسن سمجھیں یہاں اچھا معاشرہ مراد ہے اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ یا انہیں نیک طریقہ سے چھوڑ دو یعنی پورے طور پر چھوڑ دو یہاں تک کہ بلا تطویل ان کی عدت ختم ہو جائے وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا اور نہ ہی دکھ کے ارادہ پر ان کی عدت لمبی کر کے رجوع کرو یعنی اس عورت کو اپنے پاس بند رکھ کر نقصان دینا مقصود نہ ہو اس میں ضرار علت یا ضرار حال ہے بمعنی مضارین۔

سوال: اَمْسِكُوْهُنَّ بمعروف اور لَا تُمْسِكُوْهُنَّ میں بظاہر کوئی فرق نہیں اس لئے کہ کسی شئے کا حکم دینا اس شئے کی ضد سے روکنا ہوتا ہے پھر تکرار میں کیا فائدہ؟

جواب: اس امر میں نہ تکرار ہے اور نہ ہی مامور بہ کی فرمانبرداری ہر وقت مطلوب ہوتی ہے بلکہ اس سے کبھی مبالغہ مطلوب ہوتا ہے یہاں بھی وہی مبالغہ مطلوب ہے کہ مرد عورتوں کے ساتھ احسان و مروت کریں۔

لِتَعْتَدُوْا ضِرَارًا سے متعلق ہے کیونکہ اسے مقید کرنے سے ہی یہی مطلوب ہے یعنی ان کو اس لئے روکتے اور ان پر ظلم کرتے ہو کہ وہ طلاق لینے کے لئے فدیہ دینے پر مجبور ہو جائیں وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ اور وہ شخص جو مذکور امور مثلاً عورت کو اپنے پاس روک کر رکھے (جو سراسر ظلم ہے) کا ارتکاب کرتا ہے۔ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ تو بیشک وہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے یعنی عورتوں کو ظلم کا نشانہ بنا کر اپنے آپ کو ظلم میں ڈال رہا ہے وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ اور اللہ تعالیٰ کی آیات کو ٹھٹھا آیات سے یہی احکام مذکور مراد ہیں یا اللہ کی جمیع آیات مراد ہیں اور ان کا اس حکم میں داخل ہونا بھی ہے۔ مُزَاحًا اللہ تعالیٰ کی آیات سے روگردانی اور ان پر عمل کرنے میں سستی دکھا کر ان سے ٹھٹھا نہ کرو۔

ف: اس نہی سے امر مقصود ہے اس لئے کہ اس کے مخاطب مومن ہیں اور مومن کی شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی آیات

marfat.ocm
Marfat.com

سے ٹھٹھا کرے اب معنی یوں ہوا کہ اے مومنو! اللہ تعالی کی آیات کو لینے اور ان پر عمل کرنے میں پوری کوشش کرو اور ان کے حقوق کی ادائیگی میں پوری پابندی کرو۔

حضرت حکیم سنائی رحمۃ اللہ تعالی نے فرمایا۔

داشت ہست وکار بستن کو　　خنجرت ہست وصف شکستن کو

(ترجمہ: اپنی ہستی کا تصور باندھکر دنیا کے کاروبار میں پھنسنا کیا معنی جب خنجر تیرے پاس ہے تو پھر شکست کا تصور کیسا)

ربط: جب اللہ تعالی نے امور تکلیفیہ کی نگہداشت اور ان پر عمل کرنے کی ترغیب دی اور ان سے سستی برتنے کی سزا سنائی تو انہیں اب انعامات عطا کرنے سے مؤکد فرماتا ہے اس لئے کہ جو ان پر کاربند ہوکر اللہ تعالی کا شکر کرتا اور تمام حقوق کی ادائیگی میں پوری کرتا ہے چنانچہ فرمایا۔ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ اور اللہ تعالی کی ان نعمتوں کو یاد کرو جو ہونے والی ہیں عَلَيْكُمْ تمہارے اوپر کہ تمہیں اس راستہ کی طرف ہدایت دی جس میں تمہاری دینی دنیوی سعادتیں ہیں یعنی ان نعمتوں کو شکر سے قبول کرکے ان کے حقوق ادا کرو بعض نے اس کا یہ معنی کیا ہے کہ اللہ تعالی کے ہر انعام کو یاد کرو بایں طور کہ تمہیں اس نے عدم سے وجود بخشا پھر انسان بنا کر مرد پیدا فرمایا پھر عورتوں کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت بخشی تا کہ تم ان کے ساتھ رہ کر سکون حاصل کرو پھر نکاح وطلاق ورجعت کے امور تمہارے قبضہ میں دیے اور تمہارے اوپر کوئی تنگی نہیں رکھی جیسے سابقہ امتوں پر تنگی رکھی تھی یہاں تک کہ انہیں صرف ایک عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت دی جاتی اور عورت کو اس کے مرد کے فوت ہونے کے بعد اسے دوسری جگہ نکاح کرنے کی اجازت نہیں تھی۔

وَمَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ اسکا عطف نِعْمَتَ اللّٰهِ پر ہے یعنی جو اللہ تعالی نے نازل کیا مِنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ کتاب اور حکمت یعنی قرآن اور حدیث سے انہیں خصوصی طور پر ذکر کرنے سے ان کی شرافت کا اظہار مطلوب ہے يَعِظُكُمْ بِهٖ اللہ تعالی تمہیں اسکی نصیحت کرتا ہے یعنی وہ جو تمہارے اوپر نازل فرمایا یہ انزل کے فاعل کی ضمیر سے حال ہے عبارت یوں تھی اذکروا انعمت اللّٰہ وما انزل علیکم واعظا بہ لکم ومحفوفاً یعنی اللہ تعالی کی نعمتوں کو یاد کرو اور وہ جو تمہارے اوپر نازل کیا وہ تمہارے لئے واعظ اور ڈرانے والا ہے وَاتَّقُوا اللّٰهَ اللہ تعالی سے ڈرو اس کے حقوق کی محافظت اور اس کے حقوق واجبہ کی ادائیگی کرکے۔

marfat.com
Marfat.com

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اور جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر شئے کو جانتا ہے اس سے کوئی شئے مخفی نہیں جو تم عمل میں لاتے ہو یا چھوڑتے ہو اس متقیو مختلف قسم کے عذاب سے تمہارا مواخذہ نہیں ہوگا۔

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ کسی کو دکھ پہنچانا اسلام اور ایمان کے شعار میں نہیں اور نہ ہی مسلمانوں کے شعار سے ہے چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا مومن وہ ہے کہ جس سے لوگ امن میں رہیں اور فرمایا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ کی ایذا سے دوسرے مسلمان سالم رہیں۔

مسئلہ :اچھا معاشرہ ویسے تو تمام مخلوق کے ساتھ ضروری ہے لیکن زن وشوہر کی خصوصیت رکھی گئی ہے کہ مرد کو چاہئے کہ عورت کے ساتھ اچھا معاشرہ رکھے نہ اسے ایذا دے اور نہ ہی اس پر غصہ کا اظہار کرے یہ عام مجمع کی بات یہ اور وہ بھی بطریق جھگڑا کے ورنہ تخلیہ یعنی تنہائی میں جس میں لڑائی جھگڑا کے لحاظ سے نہ ہو بلکہ صحبت کی ادائیگی حقوق کی بنا پر بطریق محبت کے اور اس میں حد سے تجاوز بھی نہ ہو اور جو شخص ان افعال یعنی اذیت اور دکھ پہنچانے اور تجاوز کر کے ظلم کرنے کا مرتکب ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے اور اس لئے کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ ظالم ومظلوم دونوں کو جزا دے گا کوئی کسی پر برائی کرتا ہے وہ سمجھے کہ میں اپنے نفس پر ظلم کر رہا ہوں بلکہ ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دے کر اور مظلوم کی برائیاں ظالم کے پلڑے میں ڈال دے گا اور جو کسی پر احسان کرتا ہے وہ سمجھے کہ میں اپنے ساتھ نیکی کر رہا ہوں اس سے معلوم ہوا کہ ظالم جو برائی کر رہا ہے وہ کسی دوسرے پر نہیں بلکہ در حقیقت وہ اپنے اوپر ظلم ڈھا رہا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

مکن تا توانی دل خلق ریش وگر میکنی میکنی بیخ خویش

(ترجمہ: جب تک تیرے امکان میں ہے کسی کا دل زخمی نہ کر اگر کرتا ہے تو اپنی جڑ کاٹ رہا ہے)

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا اور اللہ تعالیٰ کی آیات سے ٹھٹھا نہ کرو انہیں ظاہری طور پر پڑھو لیکن ان کے معانی میں تدبر نہ ہو اور ان کے اشارات کے سمجھے بغیر اور ان اسرار کے تحقق کے سوا اور ان کے حقائق کے تتبع کو چھوڑ کے اور ان کے انور سے نورانیت حاصل کرنے کی غرض نہ ہو اور ان کے مواعظ اور حکمتوں سے نصیحت نہ کی جائے۔

marfat.ocm
Marfat.com

نکتہ : وعظ شاہین کی طرح ہے اور شاہین کی پکڑ زندہ پر ہوتی ہے نہ مردہ پر جس کا دل مر چکا ہو وہ قرآن سے اثر نہیں لے گا ہم پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ وہ دل مواعظ سے اثر پذیر نہیں ہوتا۔

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا آج تم اللہ تعالی کی دلیل پر ہو یعنی ایسے بیان پر ہو کہ اس نے اپنا راستہ تمہارے لئے واضح طور پر بیان فرمایا ہے وہ ایسے ہی واضح رہے جب تک کہ تم میں سکراتوں کا ظہور نہ ہو ا۔ سکرات العین ۲۔ سکرات الجہل

حکایت: سیدنا حسن بصری رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی حج کے راستہ میں سواری گم ہو گئی آپ کو اس راہ پر ایک لڑکا ملا آپ نے اس سے پوچھا تو اس نے سواری کا پورا پتہ بتایا جب سواری مل گئی تو اس لڑکے نے حضرت حسن بصری سے سوال کیا کہ اے شیخ آپ کیا کھاتے اور پہنتے ہیں آپ نے فرمایا کہ روٹی کھاتا ہوں اور اون کا کپڑا پہنتا ہوں تا کہ شہوت نفسانی کا زور ٹوٹے۔ لڑکے نے کہا اے شیخ کھاؤ اور پہنو جو مرضی میں آئے لیکن حلال کے مال سے ہو، پھر لڑکے نے پوچھا آپ رات کہاں گزارتے ہیں۔ آپ نے فرمایا جھونپڑے میں۔ اس نے کہا کسی پر ظلم نہ کرو پھر جہاں مرضی آئے گزارو حضرت حسن بصری نے کہا اگر تو لڑکا نہ ہوتا تو میں تجھ سے کچھ حاصل کرتا۔ اس پر وہ ہنس پڑا اور کہا آپ تو بہت بڑے غافل ہیں میں نے دنیا کی باتیں سنائیں ہیں تو تم قبول کرتے چلے گئے اور دین کی بات آئی تو تم میرے کلام سے نفرت کر رہے ہو اب گھر جاؤ تمہارا حج قبول نہیں۔
(اللہ اکبر وہ لڑکا اتنا بلند قدر ولی اللہ تھا کہ حسن بصری رضی اللہ تعالی عنہ جیسے کامل کو جھڑک دیا)

شیخ سعدی قدس سرہ نے سچ فرمایا:۔

بزرگی بعقل است نہ بسال　　بزرگی ایک اور شئے ہے بزرگی بڑی عمر کا نام نہیں (اویسی غفرلہ)

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔

فرد باید کرد اندر گوش　　در نوشتہ است پند بر دیوار

ترجمہ: نصیحت کو کان میں جگہ دو اگر چہ دیوار پر لکھی ہو

marfat.com
Marfat.com

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ

اور جب تم عورتوں کو طلاق دو ان کی میعاد پوری ہو جائے تو اے عورتوں کے والیو انہیں نہ روکو اس سے کہ اپنے شوہروں سے نکاح کر لیں

اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ

جبکہ آپس میں موافق شرع رضا مند نہ ہو جائیں یہ نصیحت اسے دی جاتی ہے جو تم میں سے

مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو یہ تمہارے لئے زیادہ ستھرا اور پاکیزہ ہے اور اللہ جانتا ہے

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ

اور تم نہیں جانتے ۔ اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۭ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ

اس کے لئے جو دودھ کی مدت پوری کرنی چاہے اور جس کا بچہ ہے اس پر عورتوں کا کھانا اور پہننا ہے

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا

حسب دستور کسی جان پر بوجھ نہ رکھا جائے گا مگر اس کے مقدور بھر ماں کو ضرر نہ دیا جائے اس کے بچہ سے

وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا

اور نہ اولاد والے کو اس کی اولاد سے یا ماں ضرر نہ دے اپنے بچہ کو اور نہ اولاد والا اپنی اولاد کو اور جو باپ قائم مقام ہے اس پر بھی ایسا ہی واجب ہے

عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ

پھر اگر ماں باپ دونوں آپس کی رضا اور مشورے سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر گناہ نہیں اور اگر تم چاہو کہ

تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

دائیوں سے اپنے بچوں دودھ پلواؤ تو بھی تم پر مضائقہ نہیں جب کہ جو دینا ٹھہرا تھا بھلائی کے ساتھ

marfat.ocm
Marfat.com

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ

انہیں ادا کردو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔اور تم میں جو مریں

مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ

اور بیبیاں چھوڑیں وہ چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

توجب ان کی عدت پوری ہوجائے تو اے والیو!تم پر مواخذہ نہیں اس کام میں جو عورتیں اپنے معاملہ میں موافق شرع کریں

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ

اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے ۔ اورتم پر گناہ نہیں اس بات میں جو پردہ رکھ کر

بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاۗءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ

تم عورتوں کے نکاح کا پیام دو اپنے دل میں چھپا رکھو اللہ جانتا ہے کہ

سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬

اب تم ان کی یاد کرو گے ہاں ان سے کفیہ وعدہ نہ کر رکھو مگر یہ کہ اتنی بات کہو جو شرع میں معروف ہے

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

اور نکاح کی گرہ پکی نہ کرو جب تک لکھا ہوا حکم اپنی میعاد کو نہ پہنچ لے اور جان لو کہ اللہ

يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع ۲۰ ۱۴

تمہارے دل کی جانتا ہے تو اس سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ بخشنے والا حلم والا ہے

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ یہاں پر فَبَلَغْنَ کا بلوغ اپنے حقیقی یعنی انتہاء بے معنی میں ہے اس لئے کہ اس کے بعد نکاح کا ذکر ہے اور نکاح مکمل عدت ختم ہونے کے بعد ہوسکتا ہے فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ پس انہیں مت روکو العضل بمعنی الحبس و المنع اور کسی کو تنگ کرنا پہلے خطاب کی مخاطب ازواج ہیں اور دوسرے کے عورتوں کے متولی۔

شان نزول: مروی ہے کہ یہ آیت معقل بن یسار کے حق میں نازل ہوئی جب کہ اس نے اپنی بہن جمیلہ کو روکا تھا جب کہ وہ اپنے پہلے شوہر البداح بن عبداللہ بن عاصم کے پاس واپس جانا چاہتی تھی۔

القصہ عدت کے بعد اسے البداح نے دوبارہ نکاح کا کہا اور اس کی عورت جمیلہ بھی چاہتی تھی کہ وہ اپنے شوہر کے پاس چلی جائے تو یہ آیت اتری تو حضرت معقل نے کہا میری ناک گھس جائے میں اپنی ہمشیرہ کا نکاح کر دوں گا تاکہ میں اپنے رب کے فرمانبردار بندوں میں شمار ہوجاؤں گا اب معنی یہ ہوا کہ جب تم اے شوہر اپنی عورتوں کو طلاق دو تو اے عورتوں کے متولیو تم انہیں مت روکو۔

سوال: ایک ہی جملہ میں دو علیحدہ علیحدہ خطاب کیوں؟

جواب: اگرچہ ایسی عبارت اہل عرب کے ہاں نہایت ہی رکیک سمجھی جاتی ہے اس جملہ کے جواز کی تقریر یہ ہے کہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی علم حضوری میں حاضر ہے چونکہ وہ تمام مخلوق اس کے آگے بمنزلہ ایک ہی جماعت کے ہے اس لئے جملہ میں دو علیحدہ علیحدہ مخاطبوں کو خطاب کرنا جائز ہے جب کہ ایک مخاطب کے لئے تو جیہہ ہو اور دوسرے کے لئے کوئی اور۔

سوال: شوہر اول تو عدت کے اندر بھی نکاح یا رجوع کرسکتا ہے لیکن آیت میں واضح ہوتا ہے کہ اس کا نکاح بھی بعد انقضاء عدت ہو۔

جواب: عورت کے متولیوں سے روکنے کی نہی ہے خواہ وہ شوہر اول کا نکاح عدت کے اختتام کے بعد ہو یا پہلے۔

سوال: عورت نکاح کی خود کفیل ہے جب کہ وہ بالغ ہے تو یہاں پر عورت کے متولیوں سے خطاب کیوں؟

جواب: اس میں عورتوں سے ضرر کا دفع کرنا مقصود ہے اگرچہ وہ خود بھی قادر ہیں کہ وہ اپنا نکاح جہاں چاہیں کریں لیکن انہیں اس سے احتراز کرنا چاہیے تاکہ ان پر علامت نہ ہو اور اپنے خیال پر عمل کرنے پر متولیوں سے

marfat.ocm
Marfat.com

قطع تعلق نہ ہو۔

ف: بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ دونوں خطاب ازواج کو ہیں اس لئے کہ عام طور مردوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنی عورتوں پر ظلم اور تکلیف ڈھاتے ہوئے مراسم جاہلیت کی بنا پر نہ عورتوں کو طلاق دیتے ہیں اور نہ ہی ان سے اچھا سلوک کرتے ہیں ان کے لئے یہ آیت اتری۔

اَنْ يَّنْكِحْنَ یہ کہ انہیں نہ روکو جہاں چاہیں نکاح کریں اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں کی اپنی کاروائی سے بھی نکاح ہو جائے گا اپنے شوہروں سے نکاح کرلیں اس سے مراد ان کے وہ شوہر ہیں جنہوں نے انہیں طلاق دے دی اس لئے کہ زوجیت دو اعتباروں سے ہوتی ہے۔ ۱۔ پہلے تعلق کی وجہ سے اگرچہ اب وہ ان سے مطلقہ ہو گئی ہیں ۲۔ بعد کے تعلق کی وجہ سے کہ اب نکاح کر کے وہ عورتیں ان کی ہو جائیں گی اور دوسرے معنی کو لے کر ترجمہ یوں ہوگا کہ عورتیں جن سے چاہیں نکاح کرلیں اب نکاح کے بعد وہ مرد ان کے شوہر ہوں گے اِذَا تَرَاضَوْا جب کہ وہ ایک ودسرے سے راضی ہوں یہ خطاب نکاح چاہنے والوں اور عوتوں کو ہے اور اَنْ يَّنْكِحْنَ کے لئے ظرف ہے عبارت یوں ہوگی اَنْ يَّنْكِحْنَ وقت التراضی وہ عورتیں نکاح کریں رضامندی کے وقت بَيْنَهُمْ ان کے مابین تَرَاضَوْا کا ظرف ہے یہ رضامندی کے رسوخ واستحکام کا فائدہ دیتا ہے بِالْمَعْرُوْفِ تَرَاضَوْا کے فاعل سے حال ہے ای اذا تراضوا ملتبین بالمعروف یعنی جب کہ راضی ہوں اور دریں حال کہ ملنے والے ہیں ساتھ معروف کے عقد صحیح اور جائز طور حق مہر اور اچھے معاشرہ اور نیک عادل گواہوں سے المعروف وہ امر جسے شرع اچھا سمجھے اور عند المروۃ مستحسن ہو۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو غیر کفو میں اور مہر مثل سے کم میں نکاح کرنے سے روکنا عضل سے نہیں یعنی شرعاً ممنوع نہیں ذٰلِكَ گزشتہ مضمون کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ مضمون جو تمہیں سنایا گیا ہے اعضل (وغیرہ یعنی اے عورتوں کے متولیوں یعنی شوہرو)

سوال: خطاب واحد کے لئے ہے اور وہ جہاں مناسب نہیں اس لئے مخاطب تو جمع ہیں۔

جواب: تاویلاً جمع کو واحد قرار دے کر واحد کا صیغہ لایا گیا یا بتاویل کل واحد کے ہے یا محض کلام کو حاضر کی طرف متوجہ کرنا مطلوب ہے قطع نظر اس کے وہ واحد ہے یا جمع يُوْعَظُ بِهٖ اس کی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے یعنی اس سے

marfat.com
Marfat.com

روکا جاتا ہے یا اس کا حکم دیا جاتا ہے مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ جو ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ پر اور یوم آخرت پر اس لئے کہ صرف مومن ہی اس سے نصیحت حاصل کرتا ہے یا اس سے صرف نفع اٹھاتا ہے (ورنہ قرآن کا وعظ تو عام ہے) ذٰلِكُمْ قرآن سے نصیحت حاصل کرنا اور اس کے حکم کے مقتضی پر عمل کرنا اَزْكٰى لَكُمْ تمہارے لئے بہت زیادہ پاکیزہ اور بابرکت اور زیادہ نافع ہے اَزْكٰى زكى الزرع سے ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کھیتی نشو ونما کے دور میں ہو اس سے بندے کو ثواب کے استحقاق کی خوشخبری سنانا مطلوب ہے وَاَطْهَرُ زیادہ پاک ہے گناہوں کی میل و کچیل اور اس کی آلائش سے اور یہ افعل التفضیل کے صیغے ہیں ان کا مفضل علیہ محذوف ہونے کا قرینہ واضح اور معلوم ہے یعنی وہ مفضل علیہ محذوف من العضل ہے وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اور اللہ تعالیٰ منع اور باصلاح اور تفصیل کو جانتا ہے وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور تم نہیں جانتے کیونکہ تمہارے علوم قاصر ہیں اس لئے کہ بندہ اگرچہ ان تکالیف کو اجمالی طور پر کچھ نہ کچھ جانتا ہے مگر تفصیل کو تو نہیں جانتا کیونکہ جن احکام کا حکم دیا یا روکا ہے اور پھر وہ بندوں کو بھی بیان کیا ہے انہیں تفصیلی طور وہی جانتا ہے۔

بر وعلم یک ذرہ پوشیدہ نیست کہ پنہاں و پیدا بنزوش یکسیت

(ترجمہ: اس کے علم کے آگے ذرہ برابر چیز کوئی شئے پوشیدہ نہیں کہ ظاہر و باطن اس کے ہاں برابر)

تفسیر صوفیانہ اے اللہ کے بندو! اپنی رائے کو ترک کر کے ان کے فرمان کو بجالاؤ اور اس کے روکے ہوئے سے رک جاؤ اس کی مثال ایسے ہے جیسے باپ بیٹے کو بعض کھانے پینے کی اشیاء سے روکتا ہے جب کہ باپ کو معلوم ہے کہ یہ اشیاء بیٹے کے مزاج کے ناموافق ہیں اس سے باپ کو صرف بیٹے کی اصلاح مطلوب ہوتی ہے کیونکہ جو کچھ باپ جانتا ہے بیٹا نہیں جانتا اس سے یقین کرنا چاہیے کہ جن امور کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں عمل کرنے کا حکم دیا ہے ان میں ہماری خیر ہے اور جن امور سے روکا ہے ان میں ہماری تباہی و بربادی ہے لیکن نصیحت سن کر قبول کرنا صرف اہل ودانش کو نصیب ہے۔

ف: حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا نصیحت کرنا آسان ہے لیکن اسے قبول کرنا مشکل ہے اس لئے کہ جو شخص خواہشات نفسانیہ میں منہمک ہو اسے نصیحت کڑوے گھونٹ محسوس ہوتے ہیں اصلی وجہ یہ ہے قلوب کو مناہی برے اعمال محبوب ہوتے ہیں۔

marfat.ocm
Marfat.com

ف: نصیحت سے صرف حقیقی مومن ہی نفع پاتا ہے اور حقیقی مومن وہ ہے جس کی تعریف اللہ تعالی نے فرمائی۔

حدیث شریف: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے۔

سبق: اے عوام تمہارے وعظ سننے کی مثال اس شخص جیسی ہے جیسے کہ مذکور ہے کہ ایک مرد نے پرندہ شکار میں پکڑا جب اسے ذبح کرنے بیٹھا تو پرندے نے کہا مجھے ذبح نہ کر میرے ذبح کرنے سے تجھے کوئی فائدہ نہیں ہوگا میں تجھے تین کام کی باتیں بتاتا ہوں شرط یہ ہے کہ انہیں سن کر مجھے چھوڑ دینا اس شخص نے پرندے کو اس شرط پر چھوڑنے کا وعدہ کیا پرندے نے کہا وہ تین باتیں یہ ہیں۔

☆..... یقینی فائدہ کو ظنی فائدہ کی امید پر ترک نہ کرنا۔

☆..... جو شئے عادتاً محال ہو اس کے حصول میں کوشش کرنا۔

☆..... جہاں تیرا ہاتھ نہ پہنچے اس کی طرف ہاتھ نہ بڑھانا۔

یہ نصیحت سن کر اس شخص نے پرندے کو چھوڑ دیا یہ پرندہ اڑنے لگا اور کہا ہمارے گھونسلہ میں ایک بہت بڑا جوہر ہے اسے ہاتھ بڑھا کر اٹھالے اگر تو اسے اٹھالے گا تو اپنے جمیع احکام میں کامیاب رہے گا جب اس شخص نے گھونسلہ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو پرندہ گھونسلہ سے ہٹ کر دوسری جگہ بیٹھ کر کہنے لگا اے فلاں تو بڑا احمق ہے کہ جلد ہی میری بتائی ہوئی نصیحتوں کو بھول گیا، میں تیرا یقینی فائدہ تھا اس امید پر کہ وہ تین فائدے معلوم ہو جائیں گے تو نفع پاؤں وہ تیرا ظنی فائدہ تھا مجھے چھوڑ دیا تو میری پہلی نصیحت پر عمل نہ کر سکا اور ادھر میرے گھونسلے کی طرف ہاتھ بڑھا رہا ہے اس لئے دوسری نصیحت کو چھوڑ دیا ہے کہ میں نے کہا تھا کہ وہاں ہاتھ نہ بڑھانا جہاں تیرا ہاتھ نہ پہنچے اور میری تیسری نصیحت تھی کہ محال امر کی تصدیق نہ کرنا لیکن تو نے اسے بھی ترک کیا کہ میرے گھونسلے میں موتی جواہر کا ہونا مان لیا حالانکہ تو دیکھ رہا ہے کہ میرا گھونسلہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں ایک دانہ یا دو دانے مشکل سے سما جائیں گے چہ جائے اتنا بڑا موتی اور جواہر۔

حکایت: حضرت شفیق بلخی قدس سرہ ابتداز مانہ میں بہت بڑے تاجر تھے انگریزوں کے علاقوں میں تجارت کے لئے تشریف لے جاتے ایک دن ایک انگریز کے امیر نے پوچھا جناب شفیق بلخی تمہیں ہمارے ہاں آنے

marfat.com
Marfat.com

جانے کے لئے کتنا عرصہ لگتا ہے آپ نے فرمایا تین ماہ ہوتے ہیں آپ نے فرمایا تین ماہ آتے ہوئے خرچ ہوتے ہیں اور تین ماہ جاتے ہوئے۔

سوال: جب عقد نکاح میں لباس وخوراک ہر دونوں ضروری ہیں کہ جب بھی عورت کو گھر میں لائے گا تو ہر دونوں کو یہ ضروری ہوں گی لیکن رضاع میں ان کی تصریح سے کیا فائدہ؟

جواب: عقد نکاح کے بعد اس وقت خوراک اور پوشاک دینا ضروری ہے جب وہ عورت جماع کرنے دے اگر جماع سے انکار کرے تو پھر نان ونفقہ ضروری نہیں اور یہ بھی ہے کہ کبھی بچے کی تربیت میں انیسا انہماک و اشتغال ہوتا ہے کہ عورت کو اپنے مرد سے جماع کا موقع بھی میسر نہیں ہوتا اس پر کسی کو وہم ہو کہ جب وہ عورت مرد کو جماع کا موقعہ نہیں دیتی تو اب نان ونفقہ کا کیا معنی تو اس وہم کو دور کرنے کے لئے فرمایا دودھ پلانے والی عورتوں کے لئے لباس وخوراک ضروری ہے خواہ وہ جماع کا موقع دے یا نہ۔ کذا قال الوحدی فی البسیط)

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا کسی نفس کو صرف اس کی وسعت پر تکلیف دی جائے۔

حل لغات: التکلیف یعنی واجب کرنا اور کسی امر کے مکلف بنانے کا یہ معنی ہے کہ کسی پر اس امر کا اثر ظاہر کرنا۔

ترکیب: وُسْعَهَا لَا تُكَلَّفُ کا مفعول ثانی ہے اس لئے کہ مکلف متعدی بدو مفعول ہوتا ہے گویا یہ جملہ دو سوالوں کا جواب ہے۔

سوال: یہ ہے کہ دودھ پلانے والی عورتوں کی ضروریات پوری کرنا مردوں پر کیوں ضروری ہیں دوسرا یہ کہ ان ضروریات کو مردوں کی ضروریات سے کیوں مقدم کیا گیا ہے تو اس کے جواب میں فرمایا لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ عورتوں کی ضروریات مردوں پر اس لئے ضروری ہیں کہ عورتیں ضعیف البیان ہیں اس لئے وہ اپنی ضروریات کے لئے کمائی کی قدرت نہیں رکھتیں دوسرا وہ اپنے ازواج کی خدمات میں لگی رہتی ہیں بنا بریں انہیں فرصت ہی کہاں کہ وہ کمائی کریں اسی بنا پر ان کی کفالت مردوں پر رکھی گئی تا کہ اسلام پر تکلف العاجز کا شکوہ نہ رہے اسی طرح دوسرے سوال کی تقریر ہے کہ کفالت میں کفایت بالمعروف کی قید بھی اس لئے ہے۔ تا کہ اسلام سے تکلیف العاجز کا شکوہ نہ ہو۔

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا ماں کو بچے کی وجہ سے دکھ نہ پہنچایا جائے۔

marfat.com
Marfat.com

حل لغات: نہی ہے دراصل لَاتُضَآرَّ (بکسر الراء الاولی) تھا اس وقت اس کا فاعل یہی عورت یعنی وَالِدَةٌ ہوگا اور اگر (بفتح الراہ الاولی) ہو تو پھر وَالِدَةٌ مفعول بہ ہوگا اور ضِرَارًا فعل سے مفعول بہ واقع ہوگا پہلی ترکیب کے لحاظ سے معنی یوں ہوگا کہ وہ عورت اس بچہ کو سبب بنا کر بچے کے والد کو نقصان نہ پہنچائے مثلاً یہ کہ وہ دودھ پلانے سے انکار کر دے تا کہ بچے کی وجہ سے اس کا باپ خوراک ولباس میں اضافہ کرے اس کے بعد دودھ پلائے گی ایسے عورت کو نہ چاہئے۔

وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ اور نہ باپ بچہ کی وجہ سے ماں کو دکھ پہنچائے مثلاً عورت سے بچہ چھین لے باوجود یہ کہ عورت خود دودھ پلانا چاہتی ہے اور اسے اپنے بچے سے محبت بھی ہے بہر حال مرد کو لائق نہیں کہ وہ عورت کو بچہ کی وجہ سے دکھ پہنچائے اور نہ ہی عورت کو چاہیے کہ وہ مرد کو بچہ کی وجہ سے تکلیف دے کر بچہ جنتے ہی جواب دیدے کہ میں اسے دودھ نہیں پلا سکتی۔ دونوں مطالب کا حال ایک ہے وہ یہ کہ ہر دونوں مرد اور عورت کو چاہئے کہ ایک دوسرے پر بچہ کی وجہ سے رنج وغصہ نہ کریں۔

سوال: اس جملہ میں بچہ دونوں کی طرف کیوں منسوب ہوا ہے حالانکہ پہلے تو صرف باپ کی طرف منسوب ہوا

جواب: تا کہ ان دونوں کو بچہ کی محبت اور ملاطفت ذہن میں اترے کیونکہ وہ ان کا اپنا جگر ہے غیر تو ہے نہیں پھر اس کی وجہ سے جھگڑنے کا کیا معنی دونوں پر حق ہے کہ اس پر شفقت کریں یا اس میں تنبیہ ہے کہ وہ بچہ اس کا مستحق ہے کہ تم دونوں مل کر اس کی اصلاح کرو یہ بالکل نامناسب ہے کہ اسے تم ضرر پہنچاؤ یا اس کی وجہ سے تمہیں ضرر پہنچے۔

وَعَلَى الْوَارِثِ سے مراد یہ ہے کہ اگر وہ مرے تو اس کی وراثت کا حقدار یہی بچہ ہو کہ جسے اب دودھ پلانا ہے یعنی بچے کو دودھ پلانے کے لئے دودھ پلانے والی کی ضروریات وارث کو ادا کرنا واجب ہیں یہ اس وقت ہے جب کہ بچہ کا باپ نہ ہو تو پھر ہر وہ ذی رحم محرم خرچ ادا کرے کہ ان میں کسی ایک کو مرد اور دوسرے کو عورت قرار دیا جائے تو نکاح جائز نہ ہو سکے اس سے ہر قسم کے وارث مراد نہیں خواہ وہ ذی رحم محرم ہو یا نہ بلکہ وہی مخصوص وارث مراد ہیں جس کو ابھی ہم نے کہا خواہ وہ مرد ہو یا عورت مِثْلُ ذٰلِكَ یعنی جتنا مقدار بچہ کے باپ پر عورت دودھ پلانے والی کا نان نفقہ اور لباس وخوراک کا خرچہ واجب ہے اب اس کے نہ ہونے پر وارث ادا کرے۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ تعالی عنہ نے فرمایا یہ آیت مدت استحقاق پر محمول ہے اس لئے کہ اجماع امت ہے کہ مدت رضاع تک باپ پر دودھ پلانے کی مزدوری دینا ضروری ہے اور وہ دوسال کی مدت مقرر ہے یہاں تک کہ اس کے بعد باپ کو مزدوری دینے پر مجبور نہ کیا جائے گا اللہ تعالی نے فرمایا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ (آلایتہ)

مسئلہ: اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دوسال کے بعد بھی حرام نہیں ورنہ حرام ہوتا تو اللہ تعالی کے اس ارشاد لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ کا کوئی فائدہ نہیں۔

مسئلہ: حرمت مصاہرۃ کا ثبوت اڑھائی سال کے اندر دودھ پینے پلانے سے ہوگا امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ تعالی عنہ کے نزدیک اڑھائی سال کے بعد دودھ پینے پلانے سے حرمت ثابت نہ ہوگی اور وہ سال کے بعد ان کے نزدیک حرمت نہ ہوگی اور یہی امام شافعی کا مذہب ہے۔

مسئلہ: دوسال تک تکمیل بھی امام ابوحنیفہ رضی اللّٰہ تعالی عنہ کے نزدیک شرط نہیں وہ بھی اس آیت سے ثابت ہوتا ہے وہ اس لئے کہ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ دلالت کرتی ہے کہ دوسال سے پہلے وہ دونوں راضی ہو کر دودھ چھڑالیں تو کوئی حرج نہیں۔

مسئلہ: مرد پہلے دودھ چھڑانا چاہتا ہے لیکن عورت اس کی تکمیل دوسال چاہتی ہے تو مرد پر اس کا خرچہ دینا ضروری ہے۔

مسئلہ: اگر مدت رضاع سے پہلے ہی بچہ کا دودھ چھڑالے اور بچہ اتنا قوی محسوس ہوتا ہے کہ اسے دودھ چھڑا دینے سے نقصان نہ ہوگا اور دودھ کے علاوہ طعام پر گزارا کرسکتا ہے تو عورت کو تکمیل مدت پر مجبور نہ کیا جائے گا ہاں اگر بچہ کو دودھ پینا ہے لیکن عورت نے خواہ مخواہ ایسے ہی دودھ چھڑا دیا ہے تو اب جہاں بھی دودھ پئے گا حرمت نکاح ثابت ہوسکے گی یہی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور اسی پر فتوی ہے۔ (ذکرہ الزیلعی)

ف: جیسے اللہ تعالی نے وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ میں بچے کی ماں کو حکم دے کر بچہ کی رعایت فرمائی ہے اسی طرح بچہ کے باپ کو اس کی ماں کی بھی رعایت فرمائی تا کہ بچہ کی تربیت صحیح طور پر ہو مثلاً دودھ والی عورت کے لئے کہا کہ اس کا طعام اور لباس بچے کے باپ پر ضروری ہے جب کہ دودھ پلانے سے پہلے عقد نکاح کرتے وقت متعین

marfat.ocm
Marfat.com

کیا جائے اور طعام ولباس بھی مقدار معین ہو اور کبھی عرف کی وجہ سے یہ شرط متعین نہیں ہوتی مثلاً کہہ دیا جاتا ہے کہ جتنا تجھے خوراک اور لباس کی ضرورت ہوگی وہ میں ادا کروں گا اب اجرت کی تعین کی ضرورت ہی کیا ہے جب وہ جملہ امور کا کفیل بن رہا ہے چنانچہ مذکورہ بالا مسائل کو یوں بیان فرمایا وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ اور جس کے لئے بچہ پیدا ہوا ہے یعنی باپ پر ضروری ہے۔

سوال: وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ کیوں نہیں فرمایا؟ مختصر بھی ہے اور مقصد بھی ایک ہے؟

جواب: تا کہ معلوم ہو کہ اولاد صرف آباء کے لئے ہوتی ہے اگر ولد کا لفظ ہوتا تو اس سے یہ مقصد ظاہر نہ ہوتا اس لئے اولاد باپ کی طرف منسوب ہوتی ہے۔

حکایت: مامون الرشید بن ہارون الرشید نے جب خلافت کا مطالبہ کیا تو اسے ہشام بن علی نے کہا کہ تم خلافت کے حقدار کیسے ہو جب تو لونڈی کا بچہ ہے مامون نے جواباً کہا درست ہے لیکن حضرت اسماعیل علی نبینا وعلیہ السلام بھی ہاجرہ لونڈی کے صاحبزادے تھے اور حضرت اسحاق علی نبینا وعلیہ السلام بی بی سارہ عورت کے صاحبزادے تھے لیکن ساری خدائی کے آقا حضرت محمد ﷺ حضرت اسماعیل کی اولاد سے ہیں اس کے بعد مامون نے یہ اشعار پڑھے۔

لا تر عین بفتی من ان یکون له ام من الروم او سوداء و عجاء

فا نما امهات الناس او عیهة مستو د عات وللا بناء آباء

(**ترجمہ**: کسی کو طعنہ مت مت لگاؤ کہ اس کی ماں روم کی نسل سے ہے یا سیاہ رنگ اور زشت رو اس لئے کہ مائیں تو صرف بچوں کی حفاظت گاہ ہیں ورنہ اصل تو آباء ہیں لیکن میری ماں اگرچہ لونڈی ہے لیکن ہارون الرشید کا بیٹا تو ہوں) کسی نے کیا خوب کہا۔

مکن زنہا اصل عود چو بست دودش کہ چو مشی وخوبست

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ ان کا طعام اور لباس جب کہ اپنے بچوں کو دودھ پلائیں اسی طرح ہر دودھ پلانے والی دائیاں جب کہ دودھ پلانے کے لئے متعین ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر بچہ کی ہر طرح کی نگہداشت ان کے ذمہ ہے اسی طرح طعام بھی کیونکہ کھانے کی بوجہ دودھ پلا سکے گی اس لئے دودھ غذا ہی سے پیدا ہوتا ہے چونکہ لباس

marfat.com
Marfat.com

اور خوراک ہر دونوں حوائج ضروریہ سے ہے ان کا دینا ضروری ٹھہرا بالمعروف ساتھ معروف کے یعنی جیسے حاکم مناسب دیکھے اور باپ بھی وسعت رکھتا ہو ماہ اسباب خریدنے پر پھر تین ماہ واپسی پر اور تین ماہ اسباب بیچنے پر اس انگریز نے کہا سال کے بارہ ماہ ہوتے ہیں اور یہ بارہ ماہ تو تو نے بیع وشرا پر خرچ کر دیئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے کونسا وقت باقی رہا انگریز کی بات حضرت شفیق کے قلب پر اثر کر گئی آپ نے یک بار تجارتی امور ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت شروع کر دی اور مرتے دم تک آپ اسی مشغلہ میں رہے۔

سبق: اگر توفیق ربانی کسی رفیق ہو تو بندہ منازل طے کر لیا کرتا ہے اگر چہ اس کے مقابلہ میں کئی آفات آئیں یہاں تک کہ وہ مقصود کو پالیتا ہے اگر وہ نفس کا بندہ بن جائے تو اسے نہ کسی کی نصیحت اثر کرتی ہے اور نہ ملامت۔

حدیث شریف: حضور اکرم ﷺ کی نصیحتوں میں سے ایک نصیحت یہ ہے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بندے سے منہ پھیرنے کی ایک علامت یہ ہے کہ بندہ غیر مفید کلام میں مشغول رہے۔

ف: جس بندے کا کوئی لمحہ خدا کی یاد کے بغیر گزرے اسے سخت سخت ندامت کرنا چاہئے اور جس پر چالیس گھڑیاں گزریں لیکن اس کی نیکی اس کی برائی پر غالب نہ ہو تو اسے جہنم کے لئے تیار رہنا چاہیے اہل علم کے لئے یہ نصیحت کافی ہے۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

بگو آنچہ دانی سخن سودمند وگر ہیچ کس نیائد پسند

کہ فردا پشیمان برآرد خروش کہ اوج چرا حق نہ کردم بگوش

(ترجمہ: اے اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے ارشادات گرامی کے نصائح کی نصیحت قبول کرنے کی توفیق عطا فرما۔ امین)

تفسیر عالمانہ

وَالْوَالِدٰتُ اس سے تمام مائیں مراد ہیں خواہ وہ مطلقہ ہوں یا غیر مطلقہ کیونکہ یہ لفظ عام اور اس پر تخصیص کی کوئی دلیل بھی نہیں اس لئے اسے اپنے عموم میں رکھنا ضروری ہے خبر ہے لیکن بمعنی امر یُرْضِعْنَ یعنی ماؤں پر ضروری ہے کہ وہ دودھ پلائیں بمعنی پستان کو دودھ کے لئے چوسنا اَوْلَادَهُنَّ اپنی اولاد کو والد، ولد کی جمع ہے بچہ کو کہتے ہیں نر ہو یا مادہ اور یہ امر ندب کا ہے اور وہ اس لئے کہ بچہ کی تربیت کے لئے دودھ ماں کا ہی اچھا ہوتا ہے بہ نسبت دوسری کے دودھ کے اس لئے کہ ماں کی ممتا مشہور ہے دوسروں کی

marfat.ocm
Marfat.com

شفقت ماں کی شفقت میں کالعدم ہے اور خدب کا حکم اس لئے کہ بچہ کو صرف اس کے دودھ پر مجبوری نہیں ہاں اگر مجبوری ہو مثلاً وہاں اس کی ماں کے بغیر اور کوئی دودھ پلانے والا نہ ہو صرف بچہ ماں کے دودھ کے بغیر اور کسی کا دودھ پیتا ہی نہیں یا والد دودھ پلانے کی مزدوری ادا نہیں کر سکتا تو اس وقت ماں پر واجب ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو دودھ پلائے جیسے بھوک سے مرنے والے کے لئے ہر اس شخص پر واجب ہو جاتا ہے کہ اس کی خبر گیری کریں۔

مسئلہ: دودھ پلانے کے حقوق میں سے ایک یہ ہے کہ وہ عورتیں سوائے اولاد کے قریبی رشتہ داروں کے اوروں سے نکاح نہ کریں اگر وہ مطلقہ ہیں اس لئے کہ نکاح کے بعد وہ اپنے شوہروں کی خدمت میں مشغول ہو جائیں گی تو وہ اپنے بچوں کی تربیت کا حق ادا نہیں کر سکیں گی علاوہ ازیں تربیت پانے والے پر عورت کے شوہر کی نظر شفقت بہت کم ہوتی ہے اس لئے اس پر خرچ وغیرہا میں تنگی کرے گا۔

حَوْلَيْنِ یہ حال المشی سے مشتق ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شئے منقلب ہو جائے اور سال چونکہ وقت اول سے وقت ثانی کی طرف منقلب ہوتا ہے اس لئے اسے حول کہا جاتا ہے كَامِلَيْنِ مکمل دو سال حَوْلَيْنِ کو كَامِلَيْنِ کی صفت سے اس لئے مؤکد کیا ہے کہ کبھی حولین میں چشم پوشی کی جا سکتی ہے اس لئے کبھی حولین بول کر ایک سال کامل اور دوسرے سال کا بعض حصہ مراد لیا جاتا ہے اقمت عند فلان حولین میں فلاں شخص کے ہاں فلاں مکان میں دو سال ٹھہرا لیکن وہاں وہ ایک سال کامل اور دوسرے سال کا بعض حصہ ٹھہرتا ہے اس اعتبار سے اسے کاملین کی صفت مؤکد کیا گیا تا کہ مجاز کا احتمال باقی نہ رہے لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ اس کے لئے جو دودھ پینے کی مدت مکمل کرنا چاہتا ہے یہ بیان اس کا ہے جس کی طرف دودھ پلانے کا حکم متوجہ ہو گویا پوچھا گیا کہ یہ حکم کس کے لئے ہے تو اس کے جواب میں کہا گیا یہ حکم اس کے لئے ہے جو دودھ پینے کی مدت کو مکمل کرنا چاہتا ہے مراد وہ دودھ پلانے والی مائیں ہیں یا ان کے ساتھ ان کے آباء بھی مراد ہیں۔

مسئلہ: حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک مدت رضاع دو سال چھ ماہ ہے اور صاحبین کے نزدیک صرف دو سال ہیں دونوں کا استدلال اسی آیت سے ہے۔

مسئلہ: مدت رضاع علی اختلاف القولین کے بعد دودھ پلانا غیر مباح ہے اس لئے کہ اباحت بوجہ ضرورت

marfat.com
Marfat.com

کے تھی اس لئے کہ دودھ انسان کا ایک جزو ہے اور انسان کا ایک جزو دوسرے کے اندر ڈالنا مناسب نہیں اس لئے اتنی مدت تک مقدر کیا جائے جتنی ضرورت ہے۔

مسئلہ: دودھ پلانے والی عورتوں اور ذی رحم محرم عورتوں کا نان ونفقہ کا وجوب ہم احناف اسی آیت سے ثابت کرتے ہیں فَاِنْ اَرَادَا پس اگر ماں باپ ارادہ کریں فِصَالًا دودھ چھڑانے کا۔

ف: دودھ چھڑانے کو فِصَالًا سے اس لئے تعبیر کیا جاتا ہے کہ اس وقت بچہ کو اپنی ماں کے دودھ سے جدا کر کے دوسری غذاؤں کی طرف لگایا جاتا ہے یعنی جب بچہ کو مدت رضاع سے پہلے دودھ چھڑانے کا ارادہ کرلیں بشرطیکہ عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وہ دونوں آپس میں اس بات پر راضی ہوں ان میں ایک کی رضا کافی نہیں اس لئے ممکن ہے۔ کہ دودھ چھڑانے سے بچہ کو تکلیف دینا مطلوب ہو مثلاً عورت دودھ پلانے سے تھک گئی ہے یا مرد خرچ دینے میں بخل کرتا ہے اور بسا اوقات قبل از وقت دودھ چھڑانے سے بچہ کو جسمانی تکلیف لاحق ہو جاتی ہے۔ وَتَشَاوُرٍ اور احوال کے متعلق پورے طور تفتیش وتجسس کے بعد طے کیا اور اس پر دونوں متفق ہو جائیں۔

حل لغات: وَتَشَاوُرٍ مشورۃ سے مشتق ہے بمعنی استخراج الرای من المستشار جس سے مشورہ لیا جائے اس کی رائے کا اظہار۔

سوال: ماں باپ دونوں کی رائے کا متفق ہونا ضروری کیوں ہے۔

جواب: باپ کی رائے اس لئے کہ اسے ولایت حاصل ہے اور ماں کی اس لئے کہ وہ بچہ پر زیادہ شفقت رکھتی اور اس کے حال کو بہت اچھا جانتی ہے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا پس دونوں پر اس کے متعلق کوئی گناہ نہیں اور نہ ہی کوئی حرج ہے جب کہ دونوں دودھ چھڑانے پر راضی ہوں جب کہ دونوں کی رائے متفق ہو گئی اور دونوں نے سوچ بچار کے بعد طے کیا کہ اب بچے کی بہتری دودھ چھڑانے میں ہے اور بہت کم اتفاق ہوا ہے کہ اس معاملہ میں دونوں کی رائے میں خطا واقع ہو۔

مسئلہ: کلام یہ کہ جب دونوں ماں باپ بچہ کے متعلق اڑھائی سال یا دو سال سے کم میں چھڑانے پر راضی ہیں تو انہیں بچہ کے دودھ چھڑانے میں کوئی گناہ نہیں جب کہ دونوں بچہ کی بھلائی اسی میں سمجھتے ہیں وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اور اگر تم اے بچہ کے اباء ارادہ رکھتے ہو اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا یہ کہ دودھ پلانے والی عورتوں سے دودھ پلانے کا

marfat.ocm
Marfat.com

مطالبہ کرو اَوْلَادَکُمْ اپنی اولاد کے لئے۔

ترکیب: اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا کا مفعول ثانی محذوف ہے اس لئے کہ استرضاع بلاواسطہ بدو مفعول ہوتا ہے مثلاً اہل لغت کہتے ہیں رضع الوالدامه بچے نے ماں کا دودھ پیا اور رضعت المراة ولدها ماں نے اپنے بچے کو دودھ پلایا و استرضعتها الولد اس عورت سے بچہ کے دودھ پلانے کا مطالبہ کیا پچھلا فعل بلاواسطہ متعدد بدو مفعول کی طرف حرف جر کے واسطہ سے متعدی ہوتا ہے اس کا اصل اَوْلَادَکُمْ تھا یعنی جب تم اپنی اولاد کے لئے دودھ پلانے کے لئے دودھ پلانے والی کو بچوں کے دودھ پلانے کا کہو۔ فَلَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ تو تمہیں اس کا کوئی گناہ نہیں دودھ پلانے کا کہو۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ باپ کو حق پہنچتا ہے کہ غیر عورت کو دودھ پلانے کے لئے کہے اور بچہ کی ماں کو دودھ پلانے سے روک دے اِذَاسَلَّمْتُمْ جب تم دودھ پلانے والی کے سپرد کرو مَّآاٰتَيْتُمْ وہ جو تم انہیں دودھ پلانے کی اجرت دینے کا ارادہ رکھتے ہو یہ محاورہ وہی ہے جو دوسری آیت میں ہے فَاِذَاقَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ یعنی یہاں نفس فعل مراد نہیں بلکہ اس فعل کا ارادہ مقصود ہے بالمعروف اس کا تعلق سَلَّمْتُمْ ساتھ ہے یعنی وہ شے انہیں دو جو شرعاً عرفاً اچھی اور مستحسن ہے۔

مسئلہ: یہ عطیہ دودھ پلانے کے لئے شرط نہیں کہ بلکہ ندباً و استحساناً کہ انہیں دودھ پلانے کے لئے کچھ دینا بہت مناسب ہے اس لئے دودھ پلانے کی مزدوری یا عطیہ عورتوں کو نقد اور دست بدستی دیا جائے تو بچوں کے دودھ پلانے میں انہیں آسانی ہوگی اور بچوں کی اصلاح و تربیت احسن طریق سے ہوگی۔

ف: بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اَلْمَعْرُوْف سے مرد حلال کی کمائی سے دودھ پلانے والی مزدوری دی جائے اس لئے کہ دودھ پلانے والی اگر حلال کا رزق کھائے گی تو بچہ کو نفع ہوگا اور اس کی تربیت کے لئے زیادہ مفید ہوگا اہل حکمت کہتے ہیں فطر کا تقاضا ہے جو شخص کسی عورت کا دودھ پیتا ہے تو اس کے اخلاق کا اثر اسی بچہ پر پڑتا ہے اچھے اخلاق ہوں یا برے اسی لئے کہا گیا ہے کہ بچہ کو ایسی عورت کا دودھ پلانا چاہیے جو احسن الاخلاق اور صلاحیت کی مالک ہو اس لئے کہ بیوقوف اور غلط کار عورت کا دودھ بچے کے اخلاق پر برا اثر انداز ہوتا ہے جس کا ظہور کسی نہ کسی وقت ضرور ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف: دودھ عادات کو تبدیل کر دیتا ہے۔

حکایت: شیخ ابن محمد الجوینی رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اپنے گھر میں داخل ہوئے دیکھا کہ ان کے صاحبزادے امام محمد ابو المعالی رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کو ان کی والدہ کے بغیر کوئی دیگر عورت دودھ پلا رہی ہے آپ نے آتے ہی بچے کو اس عورت سے چھین لیا اور اس لٹا کر الٹا کر کے اس کے اندر جو دودھ داخل ہوا انڈیل دیا بلکہ بچے کے پیٹ کو مل کر اور منہ میں نگلی ڈال کر جتنا دودھ پیٹ کے اندر گیا تھا سب کا سب باہر نکال دیا اور فرماتے تھے کہ بچے کا مر جانا مجھے اتنا تکلیف دہ نہیں ہوگا جتنا کہ اس کی طبیعت بیگانی عورت کے دودھ سے بگڑنے کا غم ہوگا یہی وجہ تھی کہ جب امام ابو المعالی رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کو کسی وقت مناظرہ میں تنگی محسوس ہوتی تو فرماتے کہ افسوس ابھی اس عورت کے دودھ کا بقایا میرے اندر موجود ہے ورنہ اتنی تنگی محسوس نہ کرتا۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ مذکورہ احکام کی رعایت اور بچوں کے دودھ پلانے اور دودھ پلانے والی عورتوں کے حقوق کے بارہ میں اللہ سے ڈرو وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ یقین جانو کہ بے شک اللہ تمہارے اعمال سے با خبر ہے اس پر تمہیں جزا و سزا دے گا بعض نے کہا اس میں وعید اور تہدید ہے جیسا کہ اہل فہم سے مخفی نہیں۔

حضرت حسین کاشفی فرماتے ہیں۔

گر برہنہ برہ بروں آئی — زود در تہمت جنون آئی
جامعہ ظاہری کہ نیست ببر — تو فصیحت شوی میان بشر
فکر آں کن کہ بے لباس ورع — چہ کنی در مقام ہول و فزع
خویشتن ور لباس تقوی دار — تا شوی در دو کون برخوردار

تفسیر صوفیانہ یہ آیت قواعد صحت کی تمہید اور احکام معاشرہ میں محاسن اخلاق کی عظمت بیان کرنے پر مشتمل ہے بلکہ مخلوق کے لئے جمیع انواع رحمت و شفقت کو حاوی ہے اس لئے کہ قاعدہ ہے جو کسی پر رحم نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جائے گا۔

حدیث شریف: حضور نبی پاک شہ لولاک ﷺ نے اس شخص کے لئے فرمایا جس نے کہا میں نے تو کبھی اپنی اولاد کو بوسہ نہیں دیا فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر بد بخت سے رحمت چھین لیتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف: اولاد کی محبت نار جہنم کی آڑ ہے اور ان کو باعزت بنانے میں پل صراط سے باآسانی گزرنا نصیب ہوگا اور ان کے ساتھ مل کر کھانا کھانے میں نار جہنم سے برأت حاصل ہوگی۔

حدیث شریف: بندے سے چار خرچوں کے بارے میں سوال نہ ہوگا۔

۱۔ ماں باپ پر خرچ کرنا۔ ۲۔ افطار ۳۔ سحری ۴۔ اپنے عیال پر

ف: نرمی و مہربانی ایسے امور ہیں جو فطرتاً ممدوح ہیں جس کی عوام و خواص تعریف کرتے ہیں چنانچہ حدیث شریف میں ہے حدیث شریف کا مضمون حکایت کی صورت میں مندرجہ ذیل ہے۔

حکایت: ایک عورت تھی بدکار اس نے ایک دن کتے کو گرمی میں ایک کنوئیں کے اردگرد پھرتے دیکھا کہ وہ پیاس کے مارے زبان باہر نکالے ہوئے تھا اس نے کنویں سے پانی نکال کر پیاسے کتے کو پلایا اللہ تعالیٰ نے اسے اس عمل پر بخش دیا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس عورت نے اپنا موزہ اتار کر اسے اپنے دوپٹہ سے باندھ کر کنویں کے اندر پانی نکال کر پیاسے کتے کو پلایا تو اللہ تعالیٰ نے اسے بخش دیا۔

سبق: توبہ کے بغیر بھی اہل کبائر کی بخشش ہو سکتی ہے یہی اہل سنت کا مذہب ہے دوسرا یہ بھی معلوم ہوا کہ جو بھی کسی بھوکے محتاج کو کچھ کھلائے تو وہ ثواب کا مستحق ہے۔

تفسیر عالمانہ

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ اور وہ جو تم میں فوت ہو جاتے ہیں یعنی ان کی روحیں موت کی وجہ سے قبض کی جاتی ہیں۔

ف: يُتَوَفَّوْنَ کی یاء کو فتح سے پڑھا جاتا ہے یعنی وہ لوگ جو اپنے اجل اور عمروں کو ختم کر چکے ہیں۔

حل لغات: دراصل شے کو پورا اور مکمل کر لینے کو کہتے ہیں مثلاً کہا جاتا ہے توفی الشئی واستوفاہ مردے پر اس کا اطلاق اس لئے ہے کہ اس نے اپنی عمر اور اجل کو پورا کیا ہے وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا اور اپنے پیچھے عورتیں چھوڑ جاتے ہیں۔

ف: ازواج، زوج کی جمع ہے منکوحہ پر زوج اور ازواج کا اطلاق ہوتا ہے لیکن اکثر لفظ زوج مرد پر مستعمل ہوتا ہے اور عورتوں کے استعمال کی مثال قرآن پاک میں ہے اُسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ اور مرد کے لئے جمع ازواج

marfat.com
Marfat.com

آئے گی اور عورت کے لئے زوجات یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ یہ باء تعدیہ کی ہے یعنی وہ اپنے نفسوں کو انتظار میں ڈالیں جب کہ ان کے شوہر فوت ہو جائیں یہ ترجمہ ہم نے اس لئے کیا ہے تا کہ مبتداء عائد کے بغیر نہ ہو اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا چار ماہ اور دس دن یعنی اتنی مدت کسی سے نکاح نہ کریں اور عشرہ کی تمیز محذوف ہے یعنی عشرۃ ایام اور عشر کی تانیث لیالی کے اعتبار سے ہے اس لئے کہ اہل عرب کے نزدیک تاریخ اعتبار راتوں سے ہے اس کی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ مہینہ کا آغاز رات سے ہوتا ہے اس لحاظ سے دن رات کا تابع ہے۔

نکتہ: متوفی عنہا عورت کی عدت چار ماہ دس دن اس لئے متعین ہوئی کہ پیٹ کے اندر اگر لڑکا ہے تو تین ماہ پر متحرک ہوگا اگر لڑکی ہے تو چار ماہ پر ان دونوں میں جو مدت تھی اسی کا اعتبار کیا ہے اور دس دن بڑھانے میں اس مدت کو مزید تقویت پہنچانا مطلوب ہے تا کہ یقین ہو جائے کہ عورت کو حمل نہیں اور وہ یقینی طور پر کسی سے نکاح کر سکتی ہے ویسے بھی دس دن بڑھانے کی ضرورت کبھی پڑتی ہے کیونکہ ابتدا میں پیٹ میں رہنے والا بچہ ضعف کی وجہ سے معمولی سی حرکت کرے گا اور معمولی سی حرکت سے معلوم نہیں ہو سکتا۔

فائدہ: آغاز اسلام میں متوفی عنہا عورت کی عدت مکمل ایک سال تھی اس کے بعد اسی آیت سے وہ حکم منسوخ ہو گیا صرف حاملہ کے حکم کو باقی رکھا گیا کہ ان کی عدت وضع حمل کے بعد ختم ہوگی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔
وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ

مسئلہ: اگر متوفی عنہا لونڈی ہو اور ہو بھی منکوحہ تو اس کی عدت آزاد کی عدت کا نصف ہوتی ہے اور اسی پر اسلاف کا اجماع ہے۔ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ کا خطاب مومنین کو ہے۔

ف: اس سے معلوم ہوا کہ عورت کا کتابیہ کے لئے یہ عدت نہیں۔ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ پس جب کہ عدت ختم ہو جائے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ پس تمہیں کوئی گناہ نہیں یہ خطاب حکام اور نیک مسلمانوں کو ہے اس لئے کہ اگر عورت اس عدت کے اندر کہیں نکاح کرنا چاہے تو یہ حضرات اسے روک سکتے ہیں اگر انہیں روکنے کی طاقت ہے ورنہ سلطان وقت کو درخواست دے کہ اس عورت کو روک دیں۔ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ اس معاملہ میں جو نفسوں کے بارہ میں کرتی ہیں مثلاً زیب و زینت اور نکاح کے طالبین سے میل جول اسی طرح وہ امور جو عورت کو عدت کے دوران ناجائز اور حرام ہیں بِالْمَعْرُوْفِ یہ فعلن کے فاعل سے مفعول ہے اب عبارت یوں ہوگی یعنی وہ عمل

marfat.com
Marfat.com

کرتی ہیں دریں حال کہ ملانے والی ہیں اسی وجہ کو جس کا شریعت انکار کرتی ہے۔ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ اور جو بھی تم عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ تمہارے ہر عمل کو جانتا ہے اور وہ تمہیں جزا دے گا فلہٰذا ان کے خلاف عمل نہ کرو۔

ہر کہ عاصی شود بامر خدا بیخ اورا بکند فہر خدا

ف: اس آیت میں تربص سے تین چیزیں مراد ہیں۔

۱۔ عدت کے اندر نکاح نہ کرنا اور یہ فرض ہے۔ ۲۔ جہاں اس کا شوہر فوت ہوا یہ اس جگہ کو چھوڑ کر کسی دوسری جگہ جا کر عدت گزارنا الا بقدر ضرورت اور یہ واجب ہے۔ ۳۔ زیب و زینت نہ کرے۔

سوال: آیت تو مجمل ہے اس میں کہاں لکھا ہے کہ عورت فلاں کام نہ کرے اور گھر سے باہر نہ جائے اور زیب و زینت بھی نہ کرے۔

جواب ۱: عدت میں عورت کا نکاح نہ کرنا اجماع اسلاف سے ثابت ہے اسی طرح جہاں اس کے شوہر کی وفات ہوئی ہے وہاں عدت گزارنا اور گھر سے باہر نہ جانا الا بقدر ضرورت اسی طرح زیب و زینت بھی نہ کرے یہ تمام مسائل اجماع سے ثابت ہیں۔

جواب ۲: حدیث پاک سے ثابت ہے چنانچہ بی بی عائشہ وحفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا جو عورت اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتی ہے حلال نہیں کہ وہ کسی میت پر تین دن سے زائد سوگ منائے ہاں اپنے شوہر کے لئے اسے چار ماہ دس دن کی اجازت ہے۔

سوال: عورت پر سوگ منانا کیوں ضروری ہے؟

جواب: وہ اس لئے کہ جب اسے عدت کے اندر نکاح کرنا حرام ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ انہی ایام میں زیب و زینت سے پرہیز کرے تا کہ کوئی وہم نہ کرے کہ یہ نکاح کی طالبہ ہے علاوہ ازیں سوگ سے ظاہر ہوگا کہ واقعی اسے نعمت نکاح کے چھن جانے سے بہت سخت افسوس ہے اور وہ نعمت ایسی تھی کہ اسے ہر طرح کی تکلیف سے بچاتی تھی اور نان ونفقہ اور قیام وطعام کی ضروریات پوری کرتی تھی وغیرہ وغیرہ۔

مسئلہ: سوگ صرف تین دن ہوتا ہے البتہ تیسرے روز عورت کو چاہیے کہ خوشبو لگائے تا کہ سوگ تین یوم سے زائد از حکم کے جرم کا ارتکاب کر بیٹھے گی اور وہ اس کے لئے حرام ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: یہ بھی سنت میں شامل ہے کہ جاہلیت کی تمام رسوم کو مٹایا جائے تا کہ وہ مردوں کے لئے دامن پھاڑے اور چہروں پر تھپڑ اور بال نوچے جیسے جاہلیت کے دور میں اہل عرب کی عادت تھی اس طرح کپڑے پھاڑنا عجمیوں کی عادت تھی اور چیخ مار کر رونا اور نوحہ کرنا۔

حدیث شریف: میں ہے حضور نبی کریم ﷺ نے ایسے امور کے مرتکب سے برأت کا اظہار فرمایا ہے اور جاہلیت کے امور کا ارتکاب کرتا ہے لیکن ہمارے دور کے لوگوں کے اکثر شہروں میں عادت ہے کہ وہ ان عادتوں میں مبتلا ہیں خصوصاً عورتیں ان کی عادت ہے کہ وہ سیاہ لباس پہنتی ہیں کئی ماہ تک ایسے ہی کرتی رہتی ہیں بہت تھوڑے لوگ ایسے ملیں گے جو میت کی فوتیدگی کے بعد اچھے اور نئے کپڑے پہنتے ہوں ورنہ اکثر سیاہ اور پرانے کپڑے پہنتے ہیں ان سے پوچھا جائے کہ تم ایسا کیوں کرتے ہو تو جواباً یہی کہتے ہیں کہ ماں مرگئی ہے باپ مرگیا ہے وغیرہ وغیرہ اور یہ سلسلہ کئی ماہ تک رہتا ہے۔

شیعہ کی تردید: اسی طرح رافضیوں کی عادت ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کی مصیبت کے خون پر بہت غلو کرتے ہیں اور عاشورہ کے ایام حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے وصال کا ہر سال سوگ مناتے ہیں اور اس کا نام رکھتے ہیں اور ان ایام میں علاوہ مذکورہ خرابیوں کے اور زیادتیاں کرتے ہیں بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو غلیظ گالیاں بکتے ہیں اور یہ کام تو ان لوگوں کا ہو سکتا ہے جن پر اللہ تعالی کا غضب اور عذاب ہوا وہ لوگ گمراہ ہیں شیعوں نے گویا سوگ کی ممانعت کی احادیث سنی بھی نہیں ہیں اللہ تعالی ہدایت دے۔

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ مومن کی موت اپنی عورت کی جدائی کیلئے اختیاری ہوئی اور یہ جدائی بہت بڑی طویل ہوتی ہے اسی طرح بندہ سالک کا حال ہے کہ اس کی موت بھی اس کے مابین غیر اختیاری ہوتی ہے پھر اس کی عدت وفاء کی تکمیل بھی مطلوب کے حصول پر موقوف ہے جب اس کا محبوب کرم فرمائے تو اسے وصال کی دولت سے نوازے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ مومنین کو تسلی دی جارہی ہے تا کہ اسے شیطان کے وساوس مطلوب کی ملاقات کے اسباب سے منقطع نہ کریں مثلاً شیطان کا بہت بڑا وسوسہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا

marfat.com
Marfat.com

وصال تو ایک بہت امر ہے بلکہ وہاں تک پہنچنا تو ناممکنات سے ہے پھر اے سالک تو تو نہایت کمزور ہے اور اتنا دور دراز سفر اور تیری عمر تو کچھ بھی نہیں پھر کیسے وہاں پہنچ سکے گا اس پر مولیٰ تعالیٰ کا کرم پکار اٹھتا ہے کہ اے سالک گھبرایئے مت جو شخص مجھے تلاش کرتا ہے وہ مجھے ضرور پالیتا ہے اور تیرے جیسے بہت سے عشاق اب بھی میری طلب میں موجود ہیں(**كذافي التا ويلات النجميه قدس الله تعالى لينفسه الز كيه القدسيه الرضيه**)

تفسیر عالمانہ

وَلَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ اور اللہ تعالیٰ کے ہاں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ جب عورت کا شوہر فوت ہو جائے اور وہ عورت صاحب مال اور حسین وجمیل ہو اور اس میں بہت سی ایسی خوبیاں پائی جاتی ہوں جن کی وجہ سے اسکے نکاح کے لئے رغبت ہے تو پھر ان کے لئے گناہ نہیں کہ نکاح میں اشارہ وکنایہ سے کام لیں چنانچہ فرمایا فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ **المعتريض بمعنى افهام المعنى بالشى المتحمل له ولغيره** کسی شئے کا مطلب ایسے طریق سے بیان کرنا کہ اس میں مطلوب کے علاوہ کوئی دوسرا مفہوم بھی ہوسکتا ہو۔

مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ **الخطبته** (بالكسر) بمعنی نکاح کی منگنی و**بالضم** بمعنی وہ کلام جو وعظ اور زجر پر مشتمل ہو خطاب سے ماخوذ بمعنی کلام مثلاً کہا جاتا ہے **خطب المراة اى خاطبها فى امر النكاح** یعنی فلاں نے عورت سے نکاح کی بات کی۔

ف: یہاں پر اَلنِّسَآءِ سے مراد عورت **منكوحة الغير** مراد ہے یا طلاق رجعی کے سوا کسی دوسری طلاق کی وجہ سے عدت گزار رہی ہے تو اسے صراحت کے ساتھ نکاح کا پیغام بھیجا ہے تو اس کی حق تلفی نہ کرے اس وقت اس عورت سے نکاح کا صراحۃً پیغام بھیجنا جائز ہے چنانچہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا تمہارے میں سے کوئی نکاح کا پیغام نہ بھیجے جب اس کے بھائی نے اس سے پہلے نکاح کی بات کی ہو۔

مسئلہ: اس سے قبل کسی نے نکاح کا پیغام بھیجا ہے تو اس کی حق تلفی نہ کرے اس وقت اس عورت سے نکاح کا صراحۃً پیغام بھیجنا ناجائز ہے چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا تمہارے میں سے کوئی نکاح کا پیغام نہ بھیجے جب اس کا بھائی اس سے پہلے نکاح کی بات کر چکا ہو۔

مسئلہ: اگر کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیج کر پھر صراحۃً اس کے نکاح کی بات سے باز آجائے تو پھر ایسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجنا جائز ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ: جس عورت کو نکاح کا پیغام تو بھیجا جا چکا ہے لیکن شک ہے کہ نامعلوم شخص نے اس کے ساتھ نکاح کا ارادہ ترک کر دیا ہے تا حال بدستور ہے تو ایسی عورت کو نکاح کے پیام کے متعلق اختلاف ہے بعض کہتے ہیں جائز ہے بعض کہتے ہیں ناجائز ہے۔

مسئلہ: اسی طرح وہ عورت جسے طلاق مغلظہ ہوئی یا جائز ہے بوجہ لعان یا تو اس کو نکاح کا پیغام بھیجنا اشارۃً کنایۃً جائز ہے یا نہ بعض کہتے ہیں جائز ہے اور بعض کہتے ہیں ناجائز ہے۔

مسئلہ: وہ عورت جو بائنہ ہوتی ہے لیکن شرعاً اس کے شوہر کے لئے روا ہو کہ وہ عدت کے اندر دوبارہ نکاح کرے مثلاً جس عورت سے خلع ہوا ہے یا جس عورت کا نکاح فسخ ہوا یہ بوجہ عیب کے یا نامرد ہونے کے تہمت سے یا مرد کی تنگدستی کے ثبوت پر تو اس وقت صرف اس عورت کو صراحۃً نکاح کا پیغام بھیجے یا کنایۃً ہاں اس کے شوہر کے غیر کو اجازت نہیں کہ وہ صراحۃً یا کنایۃً نکاح کا پیغام بھیجے کیونکہ وہ متعدہ ہے صرف زوج کو اس کے پیغام بھیجنے کا حق پہنچتا ہے اور وہ بھی صرف عدت تک اس کے بعد حکم تبدیل ہو جاتا ہے اور وہ عورت رجعی طلاق کی عدت میں ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

تعریض کی چند صورتیں: تعریض کی صورت یہ ہے کہ مثلاً کہے کہ میں اچھے اخلاق کا مالک ہوں میں بہت زیادہ خرچ کرتا ہوں اور معاشرہ کے لحاظ سے میرے جیسا اور کوئی نہیں اسی طرح اپنے نفس کی خوب تعریف کرے (مگر نہایت مہذب اور شائستہ طریقہ سے) تا کہ اس عورت کو اس کے ساتھ نکاح کی رغبت ہو یا یوں کہے اے فلانی تیرے چاہنے والے بہت اور تیرے لئے بہت لوگ حرص رکھتے ہیں اسی طرح ایسے الفاظ استعمال کرے جس میں اس عورت کو محسوس ہو کہ وہ اس سے نکاح کا ارادہ رکھتا ہے تا کہ عدت گزارنے کے بعد وہ عورت کسی کو نکاح کا وعدہ نہ دے اگر اس سے نکاح کا ارادہ رکھتی ہے اور عدت اور نکاح کی تصریح نہ کرے مثلاً یوں نہ کہے کہ میرا ارادہ ہے کہ میں تیرے ساتھ نکاح کروں یا تیرے ساتھ میرا بیاہ یا تیرے ساتھ میری منگنی ہو جائے وغیرہ وغیرہ بہر حال جیسے متعدہ (عدت والی عورت کے) ساتھ عدت میں نکاح حرام ہے اسی طرح صراحت کے ساتھ اسے نکاح کی دعوت دینا بھی حرام ہے۔

لَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْ اَنْفُسِكُمْ ، لَوْ اَكْنَنْتُمْ کا مفعول بہ محذوف ہے اور وہ ضمیر ہے جو ما موصولہ کی طرف لوٹتی ہے جو کہ

marfat.com
Marfat.com

فِیْمَا عَرَّضْتُمْ میں یہ بمعنی یا تم ان کے ساتھ نکاح کرنے کو چھپاؤ اپنے دلوں میں کہ نہ اسے زبان پر لاؤ اور نہ ہی اسے اشارہ و کنایہ سے کچھ پوچھو۔

مسئلہ: پہلی آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ عدت میں نکاح کے لئے اشارہ کنایہ مباح ہے لیکن تصریح حرام ہے اور اس آیت کے دوسرے بمعہ یعنی اَوْ اَكْنَنْتُمْ سے ثابت ہوتا ہے کہ نکاح کی ضرورت کو دل ہی دل میں رکھے اس کا عزم ہو تو بالجزم ہو کہ عدت کے گزارنے کے بعد ضرور بالضرور اسی عورت سے نکاح کروں گا۔

هُنَّ عدت میں اشارہ کنایہ کے ساتھ نکاح کی اباحت بتا کر اب اس اباحت کی وجہ جواز بتاتے ہوئے فرمایا عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ بے شک تم انہیں ضرور یاد کرو گے اور تمہیں چونکہ ان سے رغبت ہے اس لئے ان کے ساتھ بولنے سے رکو گے نہیں اس سے مقصود وہی ہے کہ تمہارے لئے عدت میں نکاح کی دعوت اشارہ کنایہ سے جائز ہے وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا ، سِرًّا کا منصوب ہونا تو تُوَاعِدُوْهُنَّ کے دوسرے مفعول بہ ہونے کی وجہ سے ہے اور یہ جملہ محذوفہ استدراک ہے جس پر سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ دلالت کرتا ہے یعنی انہیں یاد کرو اور بے شک انہیں اپنی رغبت کا اظہار کرو لیکن اس نے عدت ختم ہونے تک نکاح کا وعدہ نہ لو بلکہ جس قدر تمہیں رخصت دی گئی ہے اسی قدر اس پر اکتفا کرو مثلاً یہ کہ نکاح کے لئے صرف اشارہ و کنایہ سے کام لو اور صرف اسے دل ہی دل میں رکھو کیونکہ اس کا سبب وہی وطی ہے جس سے تم خوش پاؤ گے اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا یہ استثناء مفرغ ہے مستثنی منہ وہ ہے کہ جس پر نہی دلالت کرتی ہے یعنی ان متعدد عورتوں سے کسی قسم کا وعدہ نہ لو ہاں وہ وعدہ لے سکتے ہو جس میں شرعاً کسی قسم کی قباحت نہ ہو یعنی جس میں وہ نکاح کا وعدہ بطریق تعریض و تلویح ہو وَلَا تَعْزِمُوْا یہ عزم سے مشتق ہے العزم عبارۃ عن عقد القلب علی فعل من الافعال قلبی ارادہ میں کسی فعل پر پختہ ارادہ کرنا یہ خود بخود بھی اور الی کے ساتھ بھی متعدی ہوتا ہے۔

فائدہ لغویہ: انسان سے فعل کے صدور کے اسباب کے چند مراتب ہیں۔

۱۔ساخ ۲۔خاطر ۳۔تفکر ۴۔ ارادہ ۵۔ ہمت ۶۔ عزم ۷۔ ہمت نفس کے کسی امر پر جمع ہونا اور عزم اس امر کو کر گزرنے کا نام ہے۔

عُقْدَةَ النِّكَاحِ یعنی عقد نکاح کے لئے پختہ ارادہ نہ کرو کیونکہ عزم دلی ارادہ کو کر گزرنے کو کہتے ہیں اس کا نکاح

marfat.com
Marfat.com

تعلق فعل سے ہوگا اور عقد النکاح کی اضافت بیانیہ ہے اس لئے کہ یہاں پر عقدہ بمعنی ربط المکلف اجراء تصرف نہیں کیا جائے گا بلکہ اس سے حاصل مصدر مراد ہے یعنی ارتباط شرعی جو کہ ارتباط شرعی جو کہ عاقدین یعنی زن وشوہر کے نکاح سے حاصل ہوگا۔

مسئلہ: اس میں نہی کی گئی ہے کہ عورت جب عدت گزار رہی ہو اس کے ساتھ نکاح نہ کرو۔

سوال: آپ نے نکاح کی نہی کہاں سے سمجھی جب کہ آیت میں صرف عزم نکاح کی نہ کا ذکر ہے؟

جواب: اس میں مبالغہ ہے کہ جب نکاح کا عزم ناجائز ہے تو نکاح تو بر طریق اولی ناجائز ہے اور ویسے عزم فعل کے صدور سے مقدم ہوا کرتا ہے جب مقدم الشئی سے نہی کی گئی تو شئی کی نہی خود بخود ہوگئی کیونکہ قاعدہ ہے مقدمات الشئی کی نہی مستلزم ہے شئی کی نہی کو۔

حَتّٰی یَبْلُغَ الْکِتٰبُ اَجَلَهٗ یہاں تک کہ کتاب اپنی میعاد تک پہنچ جائے یہاں کتاب پر مکتوب یعنی فرض کیا ہوا حکم اب معنی یہ ہوا کہ عدت مقررہ اپنی آخری میعاد کو پہنچے وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اور جان لو کہ بے شک اللہ تعالی جانتا ہے وہ جو تمہارے نفسوں میں ہے یعنی وہ تمہارے ارادہ جو شرعاً ناجائز ہیں اور جان لو بے شک اللہ تعالی بخشنے والا ہے تمہارے ان ارادوں کو جو صرف خیال میں ہیں لیکن اللہ تعالی کے خوف سے عمل درآمد نہیں ہوا حلیم حوصلے والا ہے کہ سزا دینے میں جلد نہیں کرتا اس لئے تم دلیل نہ پکڑو کہ جن امور سے تم روکے گئے اس کے ارتکاب پر سزا میں تاخیر کرتا ہے تو اس وجہ سے تمہارے لئے جواز نکل آتا ہے تمہارا یہ خیال غلط ہے فلہٰذا جن اوامر کا اللہ تعالی نے تمہیں حکم فرمایا ہے ان پر کاربند ہو جاؤ اور زندگی کو غنیمت سمجھ کر حکم الٰہی مانو اور اس پر عمل کرو ورنہ پھر پچھتاؤ گے جیسے کہ کوتاہی کرنے والے حسرت کرتے ہوں گے۔

چوں تو انستم ندانستم چہ سود　　چوں بدانستم تو انستم نبود

فائدہ: آیات میں اللہ تعالی نے اس شخص کو زجر وتوبیخ فرمائی ہے جو خواہشات نفسانیہ اور شہوات کی طرف میلان رکھتا ہے اور پھر ان کی کسی طرح بھی رخصت شرعیہ نہیں۔

سبق: دانا پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالی کی خوشنودی کو اپنی خواہشات پر ترجیح دے اور آل واولاد اور جان اور عورت میں اگر کوئی مطلب ہو تو صرف اللہ تعالی کے لئے۔

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس کی ہجرت اللہ تعالی اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی طرف ہو تو اس کی ہجرت اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کے لئے ہے اور جس کی ہجرت دنیا کی طرف ہو جس کی طرف اس نے ارادہ کیا ہے غور کیجئے کہ رسول اللہ ﷺ نے جزا کا ترتب ویسے فرمایا جیسے ان کی آرزو اور تمنا ہے اور ہر ارادہ کرنے والے کو وہی ثواب ملتا ہے جو اس کی قصد اور ارادہ ہے۔

تنبیہ : حدیث شریف میں دوبارہ دنیا کا ذکر نہیں فرمایا اس میں غور خوض کا سبق ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے نزدیک دنیا اتنی خیس و ذلیل ہے کہ اس کا ذکر کرنا بھی گوارہ نہیں کرتا اور حق یہ ہے کہ دنیا صرف لہو ولعب ہے گویا اس کا وجود نہیں غور کیجئے حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے **فھجرتہ الی ماھاجر الیہ** فرما کر کیسی حکمت سے ماسوی اللہ سے دور رہنے کا درس دیا ہے۔

حدیث شریف: میں مزید تدبر کا مقام ہے کہ ایک ہی مقام پہ دنیا اور عورت کا ذکر فرمایا ہے باوجود یہ کہ ان دونوں کی آپس میں بظاہر کوئی مناسبت نہیں لیکن حقیقت میں نکاح سے مخفی نہیں کہ یہ اس طرف اشارہ ہے کہ دنیا کی ہر شئے کا مقصد اعلی شہوت ہے یا مال شہوت کی طرف امراۃ سے اور مال کی طرف دنیا سے کنایہ فرمایا۔

سبق: حدیث شریف میں اشارہ ہے کہ انسان کو چاہیے کہ دنیا بلکہ ہر ماسوی اللہ سے علیحدگی اختیار کرے۔

ف: حضرت ابوسفیان دارانی قدس سرہ نے فرمایا جس نے تین چیزیں طلب کیں وہ دنیا کی طرف جھک گیا۔

۱۔ طلب معاش ۲۔ طلب تزوج عورت ۳۔ طلب قصص وکہانیاں

تفسیر صوفیانہ

سالک کو چاہیے کہ علوم شرعیہ میں سے وہ علوم حاصل کرے جو حق و باطل کے مابین امتیاز پیدا کریں اور علوم رسمیہ اور فنون متداولہ سے بھی اتنا قدر پڑھے جتنا کہ حدیث و تفسیر کو سمجھنے کی تقویت نصیب ہو اس سے زائد جھگڑے میں نہ پڑے مثلاً فلسفیات یا دیگر دقیق علوم وفنون ہیں اس لئے کہ قدر ضرورت ہے زائد بلکہ حقیقت کی رو سے انہیں پڑھنا ممنوع ہے یہی اہل شریعت وطریقت کا اصول ہے اور یہ مبتدی کے احوال سے ہے اور اہل نہایت کی بات کچھ اور ہے اور یہ کہ سالک علوم ظاہر سے بھی اتنا مشغلہ رکھے جو ضرورت کے مطابق ہو ضرورت سے بڑھے گا تو حق سے محروم ہو جائے گا اس لئے کہ اس کے وظائف میں سے کہ وہ تنہا رہے اور انقطاع ماسوی اللہ کا عامل ہے اور تم کلام اس کا شیوہ ہے بلکہ کسی سے بات کرنا بھی

Marfat.com

گوارہ نہ کرے اور باطل کو علائق سے فارغ رکھے اگر چہ وہ علائق علوم ہی کیوں نہ ہوں اپنے سے مشاغل خارجیہ وداخلیہ کو دفع کرے ومشاغل خصوصی ہوں یا عمومی لیکن یاد رہے کہ ان مشاغل کا بالکلیہ ترک کا حکم نہیں اور بلکہ ان مشغولیت غیر مقصود ہے نہ کہ جیسا کہ بعض جہال صوفیہ کا خیال ہے (نعوذ باللہ من ھذا) اس لئے کہ علم مطلقاً نور علی نور ہے اور سی سے سالک اپنی منازل طے کرتا ہے باقی رہے منتہی سالکین ان کے احوال کا تو کوئی کنارہ ہی نہیں نہ وہ کثرت کی وجہ سے وحدت سے محجوب ہوتے ہیں اور نہ ہی وحدت کی وجہ سے بلکہ وہ مقام اغیار سے پار ہوتے ہیں بلکہ عین مشاہدہ میں مستغرق ہوتے ہیں وہ جہاں نظر ڈالتے ہیں انہیں حق کا مشاہدہ ہوتا ہے بلکہ انہیں غیریت بھی حقیقت نظر آتی ہے ان کی نظروں میں حقیقت غیرت یکساں ہو جاتی ہے نہ صرف اعتبار بلکہ حقیقۃً حضور علیہ السلام نے عورتوں کو محبت کا اظہار فرمایا ہے وہ یہی محبت نہیں جیسے عوام سمجھتے ہیں اس محبت کا راز مخفی خزانہ ہے اسے وہی جانتے ہیں جنہیں حضور سرور عالم ﷺ کی وارثت کبریٰ نصیب ہو۔

تنبیہ : فقری جامع بذہ المجالس النفسہ یعنی مصنف روح البیان قدس سرہ کہتا (فرماتے ہیں) ہے کہ ہم نے یہ کلام اس لئے طویل کر دیا یہ تا کہ کوئی گمان نہ کرے کہ بعض صوفیانہ جنہیں جہال سے تعبیر کیا گیا ہے ان کے اقوال خرافات اور اباطیل ہیں بلکہ ان کا بھی کوئی محمل ہے ان میں بعض کی طرف میں نے اشارہ کر دیا ہے ہاں وہ شخص معذور ہے جو یہ راستہ نہیں چلا جب وہ اس راہ پر آیا نہیں تو وہ اہل تحقیق وتدقیق کے تعارف میں کیسے واقف ہو سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَالَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْتَفْرِضُوْا لَهُنَّ

تم پر کچھ مطالبہ نہیں تم عورتوں کو طلاق دو جب تک تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا کوئی مہر مقرر کر لیا

فَرِيْضَةً ۖ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

ہو اور ان کو کچھ برتنے کو دو مقدور والے پر اس کے لائق اور تنگ دست پر اس کے لائق حسب دستور کچھ برتنے کی چیز

حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ

یہ واجب ہے بھلائی والوں پر ۔ اور اگر تم نے عورتوں کو بے چھوئے طلاق دیدی اور ان کے لئے کچھ مہر

لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ

مقرر کر چکے تھے تو جتنا ٹھہرا تھا اس کا آدھا واجب ہے مگر یہ کہ عورتیں کچھ چھوڑ دیں یا وہ زیادہ دے جن کے ہاتھ میں

النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

نکاح کی گرہ ہے اور اے مردو تمہارا زیادہ دینا پرہیز گاری سے نزدیک تر ہے اور آپس میں ایک دوسرے پر احسان کو بھلا نہ دو بیشک اللہ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۤ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝

تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ نگہبانی کرو سب نمازوں کو اور بیچ والی نماز کی اور کھڑے ہو اللہ کے حضور ادب سے

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ

پھر اگر خوف میں ہو تو پیادہ سوار جیسے بن پڑے پھر جب اطمینان سے ہو تو اللہ کی یاد کرو جیسا اس نے سکھایا

تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۙ وَّصِيَّةً

جو تم نہ جانتے تھے ۔اور جو تم میں مریں اور بیبیاں چھوڑ جائیں وہ اپنی عورتوں کے لئے وصیت

لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ

کر جائیں سال بھر تک۔ نان و نفقہ دینے کی بے نکالے پھر اگر وہ خود بخود نکل جائیں تو تم پر اس کا مواخذہ نہیں جو انہوں نے اپنے معاملہ میں

marfat.com
Marfat.com

فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ

مناسب طور کیا اور اللہ غالب حکمت والا ہے اور طلاق والیوں

مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَي الْمُتَّقِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ

کے لئے بھی مناسب طور پر نان ونفقہ ہے یہ واجب پرہیزگاروں پر اللہ یونہی بیان کرتا ہے تمہارے لئے اپنی

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

آیتیں کہ کہیں تمہیں سمجھ ہو

تفسیر عالمانہ لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ تمہارے اوپر کوئی گناہ نہیں اس آیت میں جناح سے مراد حق مہر ہے یعنی تمہارے حق مہر کا مطالبہ نہیں اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَالَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اگر تم ان عورتوں کو طلاق دے دو جب ان سے تم نے جماع نہیں کیا۔

ف: اب اشیخ نے فرمایا کہ آیت میں کلمہ ما مصدریہ ظرفیہ ہے اور اس کا ظرف زماں محذوف ہے اصل عبارت یوں تھی اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً کہ ان کے لئے مقرر کردہ حصہ ادا کرو یہاں پر الا لازمک اوتعطینی حقی کی طرح بمعنی الا ان ہے یعنی ادا کرو ان کے لئے وہ جو عقد کے وقت حق مہر مقرر کی تھی خلاصہ یہ ہوا کہ کوئی مطالبہ نہیں حق مہر کا طلاق دینے والے پر جب کہ طلاق جماع سے پہلے ہو۔

مسئلہ: اگر حق مہر مقرر کر دی گئی ہو تو اس وقت نصف حق مہر ادا کرنا لازمی ہے۔

مسئلہ: جب عورت کے لئے حق مہر کی بالکل نفی کی گئی ہو تو اس عورت کے لئے حسب حال چند کپڑے ہے نہ نصف حق مہر۔

مسئلہ: اگر جماع کے بعد طلاق دی گئی تو مہر دیکھا جائے گا یعنی اگر حق مہر مقرر کی گئی ہے تو کامل حق مہر ادا کرنا ہوگی اگر مقرر نہیں کی گئی تو پھر مثل کامل ادا کرنی ہوگی۔

marfat.com
Marfat.com

وَمَتِّعُوْهُنَّ اس کا عطف مقدر فعل پر ہے اصل عبارت یوں تھی فَطَلِّقُوْهُنَّ وَمَتِّعُوْهُنَّ یعنی انہیں طلاق دے کر انہیں متعہ کی ادائیگی سے وحشت کا بدلہ دیا ہے۔

شرعی متعہ کی تفسیر: متعہ تین کپڑوں کا نام ہے ۱۔ درع یعنی وہ کپڑا ہے جو تمام بدن کو ڈھانپتا ہے۔

۲۔ ملحفہ وہ کپڑا جو عورت کو چھپالیتا ہے جب وہ گھر سے باہر نکلتی ہے ۳۔ خمار وہ کپڑا جو عورت کے سر کو چھپالیتا ہے یعنی دوپٹہ یہ کپڑے شوہر کے حال کے مطابق ہوتے ہیں چنانچہ اللہ تعالی نے فرمایا عَلَى الْمُوْسِعِ یہ اوسع الرجل سے ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی کی حالت وسعت پذیر ہو یعنی وہ شخص صاحب وسعت ہو کر دولت مند ہو جائے یعنی وہ شخص کہ جسے دنیوی وسعت حاصل ہو۔ قَدَرُهٗ اس کی طاقت اور امکان کے مطابق وَعَلَى الْمُقْتِرِ اور تنگدست پر۔ یہ اقتر الرجل سے ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کوئی محتاج اور تنگدست ہو تتر غبار کو کہتے ہیں یعنی مٹی کے ذرات قلیل آمدنی والے اور تنگدست پر بولا جاتا ہے قَدَرُهٗ اس کی طاقت وامکان کے مطابق اس سے نتیجہ نکلا کہ متعہ کا اعتبار مرد کے حال کے مطابق ہوگا نہ عورت کے حال کے مطابق وہ پانچ درہم سے کم اور نصف مہر مثلی سے زائد نہ ہو اس لئے کہ جو حق مہر ہو جائے وہ مہر مثلی پر فوقیت رکھتی ہے اور متعہ بھی مقرر کردہ مہر کے نصف سے زائد نہ ہو قدر بالسکون وبفتح تین ہر دونوں کا ایک ہی معنی ہے بعض کہتے ہیں کہ اگر بالسا کن ہو تو مصدر ہے اگر متحرک ہو تو اسم مصدر ہے جیسے عدو عدہ اور مد ومدد اور قدر باسکون بمعنی وسعت جیسے کہا جاتا ہے ینفق علی قدرہ یعنی وہ خرچ کرتا ہے اپنی طاقت وامکان کے مطابق اور بالتحریک بمعنی مقدار مَتَاعًا فعل مذکورہ کا مصدر یہ انبتکم من الارض نباتا کے قبیل سے ہے یعنی فعل مزید کے ابواب سے ہے اور مصدر مجرد کے ابواب سے یعنی نفع اٹھانے میں جو کچھ حاصل ہونے والا ہے بِالْمَعْرُوْفِ اس وجہ کے ساتھ جسے شریعت اور مروت نے مستحسن فرمایا حَقًّا یہ مَتَاعًا کی صفت ہے یعنی عورتوں کو نفع دینا واجب ہے عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ نیک لوگوں پر یعنی وہ لوگ جو اپنے نفسوں کے لئے اللہ تعالی کی فرمانبرداری میں نیکی کرنے میں جلدی کرتے ہیں۔

فائدہ اصولیہ: ابن التجید فرماتے ہیں کہ مطلقہ عورتوں کے چار احوال ہیں۔

۱۔ طلاق سے پہلے اس عورت سے دخول نہیں ہوا اور اس کے لئے حق مہر مقرر بھی نہیں ہوئی۔

۲۔ اس سے دخول بھی ہوا ہے اور حق مہر بھی مقرر ہوئی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

۳۔اس سے دخول ہوا ہے لیکن حق مہر مقرر نہیں ہوئی۔۴۔اس سے دخول نہیں ہوا لیکن حق مہر مقرر نہیں ہوئی ہے

ف: رفع الجناح سے مہر کی نفی مراد ہے وہ بھی مذکورہ بالا صورتوں میں سے صرف پہلی صورت میں اور باقی صورتوں میں حق مہر ادا کرنی پڑیگی اور پہلی صورت میں بھی حق مہر نہ تمام واجب اور نہ بعض اس لئے کہ مہر مثلی کو نصف نہیں کیا جاتا ہے کل حق مہر اس لئے نہیں کہ وہ غیر مدخول ہوتا ہے ہاں اس کے لئے متعہ ہے جیسے اللہ تعالی نے فرمایا ہے وَمَتِّعُوْهُنَّ یہ ان کے حق میں ہے جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے یعنی وہ عورتیں جو غیر مدخولہ بھا ہیں اور ان کی حق مہر متعین بھی نہیں ہاں جب ان کے لئے حق مہر مقرر ہو جائے تو اس وقت کامل حق دینی ہوگی نہ متعہ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً یعنی اگر انہیں طلاق دے دو جماع کرنے سے پہلے جب کہ نکاح کے وقت ان کے لئے تم نے مہر مقرر نہیں کی فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ پس ان کے لئے نصف مہر ہے اس کا جو تم نے مقرر کیا ہے۔

مسئلہ: اگر مرد عورت میں سے کوئی دخول سے پہلے فوت ہو جائے تو کامل حق مہر ادا کرنی پڑے گی جب کہ وہ متعین کر چکے ہیں اگر متعین نہیں ہوئی تو مہر مثلی کامل دینی ہوگی۔

اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ یہ استثناء ازعم الاحوال ہے یعنی پس ان کے لئے مہر مقرر کردہ شدہ کا آدھا حصہ ہے ہر حال میں ہاں اس وقت جب کہ دو عورتیں حق مہر معاف کر دیں یعنی اگر مطلقہ عورتیں اپنی حق مہر معاف کر دیں پس اس وقت وہ حق مہر معاف ہو جاتی ہے اگر چہ اس سے قبل حق مہر واجب ہے اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ یا وہ معاف کر دے جس کے ہاتھ میں عقد نکاح ہے یعنی عقد نکاح کا مالک یعنی زوج چھوڑ دے وہ جو نکاح کی وجہ سے واجب ہوا تھا نصف مہر سے مکمل طور جیسا کہ عام عادت تھی ہے عزت واحترام کی بناء پر ہے اس لئے کہ جب مرد اپنی عورت سے اپنا حق معاف کر سکتا ہے تو عورت بھی اپنا حق معاف کر دے تو کیا حرج ہے۔

ف: اَلَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ سے مراد زوج ہے کہ متولی اور عفو کا مطلب یہ ہے کہ وہ مرد عورت کو حق مہر کامل طور پر دے آدھا حصہ تو اس لئے کہ اس پر واجب ہے اور دوسرا آدھا حصہ جو اس سے معاف ہو گیا تھا وہ بھی دے دے

سوال: عفو تو وہ شئے ہوتی ہے جو وجوب سے زائد ہو یہاں پر زائد از وجوب کا کیا معنی؟

جواب: اہل عرب کی عادت تھی کہ نکاح کرتے ہی عورت کو مکمل حق مہر ادا کر دیتے لیکن از دخول طلاق مرد کو حق

marfat.com
Marfat.com

پہنچتا کہ وہ آدھا حصہ واپس لے لے واپس لوٹانے کے وقت مرد عورت کو آدھا بچایا حصہ معاف کر دیتا اس بناء پر اسے عفو سے تعبیر کیا گیا وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی تقوی کی لام علت کی ہے جو کہ قرب عفو کی علت پر دلالت کرتی ہے اصل عبارت یوں تھی العفو اقرب من رجل التقوی یعنی عفو زیادہ قریب ہے تقوی کی وجہ سے اس لئے کہ اس وقت مرد کا کچھ مال لینا سمجھا جائے گا کہ گویا یہ عوض معوض عنہ کے بغیر لے رہا ہے یا یوں کہو کہ ترک مروت بھی تقوی کے خلاف ہے۔

حدیث شریف: مرد کے بخل پر اتنا دلالت کافی ہے کہ وہ کہے کہ میں حق کیوں چھوڑوں میں تو مکمل طور پر لوں گا۔

حکایت: اصمعی کی کہانیوں میں ہے کہ ایک اعرابی کسی قوم کے ہاں آیا تو انہوں نے پوچھا کہ بہتر کیا شئے ہے اعرابی نے کہا معاف کر دینا دوسرے پر احسان کر کے حق کا مطالبہ نہ کرنا کسی سے اپنا حق وصول کرنے سے بہتر ہے۔ (کذافی المقاصد الحسنہ)

وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ اور آپس میں اللہ تعالی کے فضل کو مت بھولو یہاں پر نسیان کا عین مراد نہیں کیونکہ وہ انسان کے امکان میں نہیں بلکہ نسیان سے ترک الفضل مراد ہے اب معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالی کے فضل کو نہ بھلاؤ اور فِيمَا بَيْنَكُمْ کا مطلب یہ ہے کہ مرد اپنی عورت کو مکمل طور پر ادا کرے اور عورت اپنے حق مہر کا مکمل حصہ حاصل کرے آیت میں زن و شوہر سب کو احسان و افضال پر برانگیختہ کرنا مطلوب ہے اور بَيْنَكُمْ ، لَا تَنْسَوُا کی وجہ سے منصوب ہے۔ حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

کسے نیک بیندہ بہر دو سرا کہ نیکی رساند بخلق خدا

ترجمہ: (دونوں جہانوں میں ہر وہ شخص نیکی دیکھے گا جو خلق خدا کو نیکی پہنچاتا ہے)

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ بے شک تمہارے اعمال کو دیکھنے والا ہے جو کچھ بھی تفضل و احسان کرتے ہو اسے ضائع نہیں کرتا اور بصر اللہ تعالی کے حق میں عبارت ہے اس وصف سے کہ جس سے مبصرات کے اوصاف مکمل طور پر منکشف ہو جائیں اس سے واضح اور روشن تر ہے کہا گیا ہے ھو ادرک البصر یعنی بصر کا ادراک اس لئے کہ یہ ظاہری اشیاء تک محدود رہتا ہے۔

ف: انسان کو بصر سے دینی فائدے دو ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔اسے معلوم ہو کہ آنکھ اس لئے پیدا کی گئی ہے کہ آیات اور عجائب الملکوت و السموت کو دیکھے اس کی نظر صرف عبرت کے لئے ہو۔

حکایت: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے کہا گیا آپ جیسا کوئی اور بھی دنیا میں ہے آپ نے فرمایا ہاں وہ شخص کہ جس کی نگاہ عبرت کے اور اس کی خاموشی فکر اور فکر اور اس کا کلام ذکر کے طور ہو تو وہ میرے مثل ہے۔

۲۔اسے معلوم ہو کہ اس کی آنکھ اللہ تعالی کے دیکھنے اور سننے کی جگہ ہے پس اللہ تعالی کے دیکھنے اور سننے اور اس کی اطلاع کو حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھے جو شخص غیر اللہ سے چھپ کر کام کرتا ہے حالانکہ جانتا ہے کہ وہ اللہ تعالی سے مخفی نہیں تو پھر وہ اللہ تعالی کی نگاہ کی حقارت کرتا ہے۔

ف: مراقبہ اسی طریق سے ہو تو ایمان کے ثمرات میں سے ہے وہ شخص جو جانتا ہے کہ اللہ تعالی میرے حال کو دیکھ رہا ہے پھر بھی گناہ کرتا ہے پھر اس جیسا خسارہ اور نقصان کسے حاصل ہوگا اور جسے گناہ کے وقت یہ گمان ہو کہ وہ مجھے نہیں دیکھ رہا تو اس جیسا کافر اور کون ہوگا۔ (کذافی شرح الاسماء الحسنی الامام الغزالی قدس سرہ)

تفسیر صوفیانہ آیت میں اشارہ ہے کہ جب اپنے ہمجولیوں اور دوستوں اور اہل وعیال سے دنیوی لحاظ سے جدا رہنا کوئی گناہ نہیں تو پھر دینی مصلحت پر ان سے جدا ہونا کیسے گناہ ہو سکتا ہے بلکہ جب بیت اللہ کی زیارت کے لئے ان سے جدا ہونے پر تم مامور من اللہ ہو تو پھر اللہ تعالی کی زیارت کے لئے جدا ہونے پر تمہیں کیسے گناہ ہو سکتا ہے بیت اللہ کی زیارت کے لئے اہل وعیال اور وطن سے جدا ہونا واجب ہے لیکن اللہ تعالی کی زیارت کے لئے ارواح اور ابدان سے جدا ہونا واجب ہوتا ہے اور درگاہ میں پہنچنے سے پہلے اپنے نفس کو چھوڑ دو پھر آؤ اللہ تعالی نے فرمایا قل اللہ ثم ذرھم اور مرتحنوطہن کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص کے چاہنے والے اور ارادتمند بہت ہوں اس کے لئے چاہیے کہ وہ اپنا مال اپنے قرباء اور احبا کو دے کر اللہ تعالی کی طلب میں جائے تا کہ انہیں مال کی لذت میں اس کی جدائی کا درد محسوس نہ ہو کیونکہ قاعدہ ہے کہ جسے کسی شئے سے محبت ہوتی ہے تو اس سے جلدی سے جان چھڑانا مشکل ہے اور ان پر وہ مال ان کے قرب و بعد کی جہت سے خرچ نہ کیا جائے بلکہ حکم الی کے مطابق تقسیم کیا جائے جیسے علم میراث کا قانون ہے اس لئے کہ یہ حقیقی طور پر فوت ہو گیا ہے وکن تنالوا البر اشارہ میں اشارہ کہ تقوی کی طرف دامن تھام لینا اللہ تعالی کے تقوی کا حق ادا

marfat.com
Marfat.com

کرنا ہے اور تقوی یہ ہے کہ ماسوی اللہ کو بالکل ترک کردے بلکہ ماسوا کی نفی اللہ تعالی کا وصال اتنا ہی اس کا قرب نصیب ہوگا وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ اس دنیا میں اللہ تعالی کا فضل مت بھولو آخرت میں داخل ہونے اور اس میں پہنچنے کے بعد تو تمام فضل ہی فضل ہوگا۔ جیسے اللہ تعالی نے فرمایا۔ بے شک اللہ تعالی جانتا ہے جب تم اس کے فضل کو پاتے ہو یا اسے چھوڑتے ہو اور بے شک وہ دیکھنے والا ہے (کذافی التاویلات النجمیہ)

یہ قاعدہ ہمیشہ یاد رکھنے کا ہے کہ بندہ جب مخلوق کی طرف التفات کرتا ہے تو اس سے وہ نور ہٹا لیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اس پر مخلوق کے حالات منکشف ہو جاتے ہیں ورنہ اگر اس پر یقین کا نور کھل جائے جو کہ اسے اس علم کی طرف دے اس سے معلوم ہوا کہ دار آخرت دنیا سے بہتر اور جو کچھ اللہ تعالی کے پاس ہے وہ اعلی اور باقی رہنے والا ہے اور اسے یہ عین الیقین کی طرح نظر آئے بلکہ اسے ایسے دیکھے جیسے کسی شخص کو اپنے زیادہ قریب دیکھتا ہے اور اسے یہ بھی معلوم ہو جائے کہ دنیا میں کون سی شئے اچھی ہے اور یہ بھی خبر ہو جائے گی کہ کس کو فنا ہے قاعدہ ہے کہ جو چیز آنے والی ہو وہ یوں سمجھو کہ وہ موجود ہے خصوصا جب کہ قرینہ بتا رہا ہے کہ دنیا کے احوال تبدیل ہو رہے ہیں اور اس کے رہنے والے فنا پا رہے ہیں۔

حدیث شریف: حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا بے شک جب کسی کے قلب میں نور داخل ہوتا ہے تو دل کھل کر روشن ہو جاتا ہے عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ کیا اس کی کوئی علامت ہے جس سے ہم معلوم کر لیں کہ واقعی یہ دل روشن ہے آپ نے فرمایا اس کی علامات یہ ہیں۔

۱۔ دار الغرور سے دوری ۲۔ دار الخلود کی طرف رجوع ۳۔ موت کے نزول سے پہلے تیار رہنا۔ اے اللہ ہمیں ان لوگوں سے بنا جو تیرے دیدار کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں اور انہیں تڑپ رہتی ہے کہ کسی طرح تیرے وصال کا لقمہ نصیب ہو۔ (آمین)

تفسیر عالمانہ

حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ نمازوں پر محافظت کرو یعنی ان کے اپنے اوقات میں مداومت کر کے انہیں ادا کرو اور الصلوٰت سے دن اور رات کی پانچ نمازیں مراد ہیں جن کی گنتی آیا تو احادیث متواترہ سے ثابت ہوتی ہے اور اس آیت شریف کے اشارہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ آگے فرمایا وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى اور وہ ہے جسے برابر کے دو عدد آگے پیچھے لگیں اور اس کا کم درجہ پانچ ہے اور تین کو یہ درجہ حاصل

marfat.com
Marfat.com

نہیں اس لے کہ اس کے آگے اور پیچھے دو عدد نہیں بلکہ ایک ایک یہ اور ایک عدد نہیں اس لئے کے عدد اسے کہتے ہیں جس میں دو طرفین آ کر جمع ہو سکیں اور دونوں طرفین اس سے دوگنی ہوں اور واحد کے آگے پیچھے کوئی طرف نہیں بلکہ کوئی شے بھی نہیں وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى اور درمیانی نماز پر یعنی جو ان دو کے درمیان واقع ہے الوسطی صفت مشبہ کا صیغہ ہے یعنی ان سب سے بڑی فضیلت والی یا افضل التفضیل کا صیغہ اوسط کی تانیث ہے اور اوسط الشی وہ ہوتی ہے جو کسی دوسری سے بہتر اور اعلیٰ ہو۔

اَلصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى کی تفسیر ترجیح کے دلائل وفضائل: الوسطی سے صلوۃ العصر مراد ہے جو کہ نماز دن اور رات کی دو دو نمازوں کے درمیان واقع ہے۔

۱۔ خود حضور نبی کریم ﷺ نے بھی یوم الاحزاب میں اسی نماز عصر کے فوت ہونے پر کفار کے لئے فرمایا اللہ تعالی ان کی قبروں اور ان کے گھروں کو آگ سے بھر دے۔

۲۔ یہ وقت لوگوں کے کاروبار کا ہے کوئی اپنی تجارت میں کوئی اپنی ضروریات میں مصروف ہوتا ہے اس لئے ضروریات کو ترک کر کے اسے ادا کرنے میں بہت بڑی فضیلت ہوگی۔

۳۔ اسی وقت دن اور رات کے ملائکہ کا اجتماع ہوتا ہے۔

۴۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس سے عصر کی نماز فوت ہو گئی گویا اس نے اپنے مال اور اہل وعیال سے نقصان اٹھایا اس کے اوپر خوف خدا نازل ہوگا جیسے وہ اپنے مال وعیال کے ضائع ہونے سے خوف کرتا ہے۔

ف: حدیث یوم الاحزاب سے اس پر حجت ہے جو کہتا ہے کہ صلوۃ الوسطی سے نماز عصر مراد نہیں۔

ف: بعض لوگ کہتے ہیں کہ جمعہ کی اجابت کی گھڑی کی طرح یہ نماز مخفی رازوں سے ایک راز ہے تا کہ لوگ اس کی ادائیگی میں جد وجہد کریں۔

سوال: سیدتنا بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ نمازوں پر محافظت کرو اور صلوۃ وسطی اور صلوۃ وسطی اور صلوۃ العصر پر بھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى سے عصر کی نماز مراد نہیں۔

جواب: اس میں احتمال یہ کہ الوسطی نماز عصر کا لقب ہے عصر کا لفظ اس کا نام ہے حدیث شریف میں حضور علیہ

marfat.com
Marfat.com

السلام نے پہلے عصر کا لقب ذکر فرمایا ہے اس کے اس نام۔ (کذا فی شرح المشارق لا بن الملک)

وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ اور اللہ تعالی کے لئے قیام کرو نماز میں قٰنِتِيْنَ فرمانبردار ہو کر یہ قُوْمُوْا کے فاعل سے حال ہے ای ذاکرین له فی القیام یعنی اللہ تعالی کو یاد کرو نماز کے قیام میں اس لئے کہ قنوت کا لفظ نماز میں ذکر کو کہتے ہیں یا قٰنِتِيْنَ بمعنی خاشعین ہے یعنی اللہ تعالی سے ڈرتے ہوئے۔

ف: مروی ہے کہ صحابہ کرام نماز میں کھڑے ہوتے تو اللہ تعالی کا خوف طاری ہو جاتا نہ وہ آنکھ کھولتے نہ ادھر ادھر دیکھتے اور نہ ہی نماز میں کنکریوں کو ہٹاتے اور نہ ہی دنیوی بات دل میں لاتے البتہ نسیان ایسے امور سرزد ہو جاتے ہیں نماز کے اختتام تک ان کی یہی کیفیت رہتی۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اگر تمہیں دشمن یا کسی کا خوف ہو فَرِجَالًا یہ حال ہے اور اس کا عامل محذوف ہے اصل عبارت یوں تھی وصلوا راجلین پس نماز ادا کرو پیدا ہو کر رجال رجل کی جمع ہے جیسے صحاب صاحب کی جمع ہے اَوْ رُكْبَانًا یا سوار ہو کر رُكْبَانًا راکب کی جمع ہے جیسے فرسان فارس کی جمع ہے۔

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کا مذہب ہے کہ نماز پیدل یا سوار ہو کر پڑھنا جائز ہے جب ٹھہرنا ناممکن ہو جائے تو پھر جائز ہے اور جب اسے ٹھہرنا ممکن ہو تو پھر پڑھے ان کی دلیل یہی آیت فَاِنْ خِفْتُمْ ہے فَاِذَآ اَمِنْتُمْ جب تمہیں امن نصیب ہو اور خوف چلا جائے فَاذْكُرُوا اللّٰهَ تو اللہ کو یاد کرو یعنی نماز پڑھو اس لئے کہ نماز ہی اللہ کا ذکر ہے چونکہ نماز کا معظم بالشان رکن ذکر الٰہی ہے اس لئے اسے ذکر الٰہی سے تعبیر کیا گیا ہے۔

كَمَا عَلَّمَكُمْ جیسے اس نے تمہیں بتایا یعنی اس کا ایسے ذکر کرو جیسے اس نے تمہیں تعلیم دی مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ جو تم نہ جانتے تھے یعنی نماز کی کیفیت تمہیں معلوم نہ تھی اس تشبیہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ نماز اس طرح ہو جو اللہ تعالی کے ارشاد گرامی کے موافق ہو اور اس عنوان سے بیان کرنے میں ایک راز یہ ہے کہ بندے اللہ تعالی کی نعمتیں یاد کریں یا اُذْكُرُوا اللّٰهَ بمعنی اُشْكُرُ اللّٰهَ یعنی اللہ تعالی کا شکر کرو ان نعمتوں کے عوض میں کہ اس نے تمہیں احکام شرائع کی تعلیم دی کہ تم انہیں نہیں جانتے تھے منجملہ ان کے بوقت امن وخوف اقامۃ الصلوۃ ہے۔

نماز کا فلسفہ: نماز بمنزلہ مہمانی کے ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے ماننے والوں کے لئے پانچ وقت مہمانی کے طور مقرر فرمائے جیسے مہمانی میں مختلف قسم کے طعام چنے جاتے ہیں اور ہر طعام میں نرالی لذت اور نرالہ رنگ ہوتا

marfat.com
Marfat.com

ہے اسی طرح نمازوں میں بھی مختلف قسم کے احکام مقرر کئے گئے ہیں کہ ان میں ارکان ہیں اور دیگر افعال مختلف بھی پھر ہر فعل میں نرالی لذت کے علاوہ گناہوں کا کفارہ بھی ہیں۔

حکایت: حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام سے فرمایا اے موسی علیہ السلام چار رکعتیں ایسی ہیں جنہیں میرا محبوب (احمد صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کی امت پڑھے گی (یعنی نماز ظہر کی چار رکعت) تو میں انہیں پہلی رکعت پر مغفرت فرماؤں گا اور دوسری رکعت میں ان کے نامہ اعمال کے پرچے کو میزان میں بھاری کردوں گا تیسری رکعت پر ان کے لئے فرشتوں کو ان کی بخشش کے لئے دعا مانگنے پر مامور فرماؤں گا جو ان کے لئے تسبیح پڑھیں گے آسمان اور زمین میں کوئی فرشتہ نہ ہوگا جو ان کے لئے بخشش اور تسبیح نہ پڑھیں، بخشش نہ مانگیں۔ اسے میں کبھی عذاب میں مبتلا نہیں کرتا اور چوتھی رکعت پر ان کے لئے آسمان کے دروازے کھول دوں گا انہیں حوریں دیکھیں گی اے موسی علیہ السلام چار رکعت اور ہیں میرا محبوب احمد ﷺ اور ان کی امت پڑھے گی یعنی (صلوۃ العصر) اس نماز کے پڑھنے والے مجھ سے جو مانگیں گے میں انہیں عطا کروں گا اے موسی علیہ السلام تین رکعتیں اور ہیں جنہیں میرا محبوب احمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت پڑھے گی (یعنی صلوۃ المغرب) جو انہیں پڑھے گا میں اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دوں گا اے موسی علیہ السلام چار رکعتیں اور ہیں انہیں میرا محبوب محمد ﷺ اور ان کی امت پڑھیں گی یعنی (صلوۃ العشاء) وہ ان کے لئے دنیا مافیہا سے بہتر ثابت ہوں گی اور دنیا سے کوچ کریں گے تو گناہوں سے ایسے پاک اور صاف ہو کر جائیں گے گویا انہیں ماں نے ابھی جنا ہے۔

مسئلہ: جو شخص اذان سن لے تو اسے نماز باجماعت ترک کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اس لئے کہ وہ سنت مؤکدہ ہے اور اس کی بہت بڑی سخت تاکید آئی ہے یہاں تک کہ جس علاقہ کے لوگ نماز باجماعت ترک کرنے کے عادی ہیں ان کے ساتھ جنگ کرنا واجب ہے کیونکہ وہ شعار اسلام سے ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی ایک شخص ترک جماعت کی عادت کرے تو اس پر تعزیر لازم ہوگی اور اس کی گواہی بھی قابل قبول نہ ہوگی اسے نصیحت نہ کرنے کی وجہ سے اس کے ہمسائیگان اور موذن و امام بھی گنہگار رہوں گے۔

مسئلہ: خلاصۃ الفتاوی میں ہے جامع مسجد سے محلہ کی مسجد میں نماز پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے اگرچہ جامع

marfat.com
Marfat.com

مسجد میں جماعت کی کثرت بھی ہو اور محلہ کی مسجد میں اگر چہ تھوڑے لوگ بھی ہوں کیونکہ محلہ کی مسجد کا اس پر حق ہے دوسری مسجد کی نہ کثرت جماعت فائدہ دے گی اور نہ لمبا سفر کر جانا اسے مفید ہے۔

مسئلہ: پہلی صف اور امام کے بالمقابل کھڑے ہونے میں بہت بڑا ثواب ہے۔

حدیث شریف: حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صف اول اور امام کے بالمقابل کھڑا ہوتا ہے اس کے اعمال نامے میں سو نماز کا ثواب لکھا جائے گا اور جو شخص صف اول کی دائیں جانب کھڑا ہو اسے پچھتر نماز اور جو بائیں جانب کھڑا ہو اسے پچاس نماز اور جو باقی صفوں میں جہاں بھی ہو اسے پچیس نمازوں کا ثواب ملے گا (کذافی التفسیر)

مسئلہ: صف اول میں پہنچنے کے لئے لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر نہ جائے اگر چہ درمیان میں کوئی کشادگی بھی ہو۔

مسئلہ: گٹے سے گٹا (ٹخنہ) ملا کر کھڑے ہوں یہاں تک کہ ایک دوسرے کی گردنین اور مونڈھے بالمقابل نظر آئیں

حدیث شریف: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا صفوں کو برابر رکھو اور ایک دوسرے کے بالکل قریب کھڑے ہو جاؤ اور گردنوں کو ایک دوسرے کے بالمقابل بناؤ مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم میں شیطان کو تمہاری صفوں کے سوراخوں سے بکری کے بچہ کی طرح گھستا ہوا دیکھتا ہوں۔

شرح الحدیث: قوله الخليل بفتح الخاالمعجمة الفرجه یعنی سراغ قوله الحذف بفتحتی الی المهملة والذال المعجمة العم اسود الصفار الحجازیته.

ترجمہ: (یعنی حجازی سیاہ بکریوں کا چھوٹا بچہ، کذافی التنویر، حقیقی نماز حضور قلب اور توجہ تام کا نام ہے)

کسی نے کیا خوب کہا۔

محراب ابروائی تو اگر قبلہ ام بنود ۔۔۔ کسے بر فلک برند ملائکہ نماز من

حکایت: حضرت شیخ ابوالعباس الجوانی ابتدائی دور میں بوری فروشی کا کام کرتے تھے ان کی خرید و فروخت سے گزارہ چلاتے تھے ایک دن چند بوریاں ادھار پر بیچیں لیکن وہ شخص چند بوریاں بھول کر وہاں چھوڑ گیا نماز کا

marfat.com
Marfat.com

وقت ہو گیا حضرت شیخ نماز میں کھڑے سوچتے رہے کہ نا معلوم یہ کون چھوڑ گیا بعد از فراغت اپنے نوکر سے پوچھا کہ بوریاں کس کی ہیں اور یہ بھی معلوم نہیں کہ میں نے یہ کسے دی تھیں نوکر نے کہا آپ نماز پڑھتے رہے یا بوریاں بیچتے رہے یہ بات ان کے دل پر اثر کر گئی آپ نے تمام کاروبار ترک کر دیا اور بوریاں پھن کر ذکر الٰہی میں مشغول ہو گئے پھر وہ مرتبہ پایا کہ دنیا یاد کرتی ہے۔ چنانچہ کسی نے کہا۔

مردن بسعی ورنج بجائے رسیدہ اند　　تو بے ہنر کجا رسی از نفس پروری

تفسیر عالمانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے حفظ نماز کے متعلق بطور مبالغہ کے فرمایا ہے جو کہ دو کے درمیان معاملہ ہے چنانچہ فرمایا حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ یعنی اس نماز پر محافظت کرو جو میرے اور تمہارے مابین ہے جیسا کہ میں نے اپنے اور بندے کے درمیان نماز کو تقسیم فرمایا اس کا آدھا حصہ میرے لئے اور دوسرا آدھا حصہ بندے کے لئے ہے میرے بندے کے لئے وہ ہے جو مجھ سے مانگے اب اس کا مطلب یہ ہوا کہ میں تمہاری حفاظت کروں گا توفیق اور اجابت وقبول اور اس پر ثواب دینے سے اور تم نماز پر محافظت کرو صدق واخلاص اور حضور قلب اور خشوع وخضوع اور عجز وانکسار کے ساتھ مناجات قلب کی محافظت کر کے اسی سے استعانت اور اسی سے ہدایت طلب کرو سکون ووقار اور تعظیم اور دوام شہود کے لئے اسی کو صلوۃ وسطی کہتے ہیں اس لئے کہ وہ انسان کے وسط میں واقع ہے کیونکہ وہ روح اور جسم کے درمیان واسطہ ہے اسلئے اسے صلوۃ القلب کہا جاتا ہے اور جس نماز کی محافظت کا حکم ہے وہ یہی صلوۃ القلب ہے جس پر دائمی طور شہود نصیب ہو اس لئے کہ جسم تو کبھی ارکان نماز کے ظاہری مسائل پر محافظت کرتا ہے لیکن کبھی انہیں ترک بھی کر دیتا ہے اس لئے اسے محافظت کی صفت سے موصوف نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے حضور شہود کے وصف پر اس کے معانی کی محافظت کی جا سکتی ہے اس لئے کہ یہ قلب کی شان ہے کہ وہ اس طرح اس کی محافظت کرے جسے حضور وشہود کا حق ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ اس لئے کہ یہ ارباب القلوب کے اوصاف میں سے ہے کیونکہ وہ ہمیشہ نماز میں رہتے ہیں۔

(کذا فی العاویلات النجمیہ)

سبق: سالک کو چاہیے کہ وہ موت اور قبر میں داخل ہونے سے پہلے حضور کے حرم میں پہنچنے میں جلدی کرے

marfat.com
Marfat.com

اس لئے کہ جس نماز میں کمی واقع ہو وہ کبھی منظور و مقبول نہیں ہو سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ بڑا غیور ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ کائنات سے پورے طور پر روگردانی کرے تا کہ اسے نور ذات کا جلوہ نصیب ہو ورنہ اس پر اس شخص کی مثال صادق آئے گی جو عمر کی تلاش میں زید کو پکارتا ہے تو مرتے دم تک اسے کوئی جواب نہ ملے گا۔

حضرت شیخ سعدی شیرازی قدس سرہ نے فرمایا۔

آنکہ چوں پستہ دیدیش ہمہ مغز　　پوست بر پوست بود ہمچو پیاز

پار سا یاں روئے در مخلوق　　پشت بر قبلہ میکند نماز

اللہ تعالیٰ سے توفیق کی درخواست ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ اور وہ لوگ مرجاتے ہیں یہاں پر موت کے منہ کا لقمہ بننے والے کو میت کہا گیا ہے یہ مجاز ہے کہ شئے کا نام لے کر اس سے اس کا مال و دل مراد لیا گیا ہے اور مجازی معنی پر قرینہ یہ ہے کہ میت کو وصیت نہیں کرتا بلکہ زندہ یا زندگی کے آخری لمحات والا وصیت کرتا ہے وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا اور اپنے بعد اپنی ازواج کو چھوڑ جاتے ہیں وَصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ ان کی ازواج کے لئے وصیت ہے یعنی وہ اپنی ازواج کو وصیت کریں یہ جملہ الَّذِيْنَ کی خبر ہے مَّتَاعًا یعنی اسباب کی وصیت کریں اِلَى الْحَوْلِ سال تک

یا یوں وصیت کریں کہ ان کی عورتوں تک سال تک نفع پہنچاؤ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ازواجھم سے حال ہے (ای غیر مخرجات) اب معنی یہ ہوا کہ ان لوگوں کے لئے ضروری ہے جو فوت ہونے والے ہیں کہ مرنے سے پہلے اپنی عورتوں کے لئے وصیت کر جائیں کہ ہماری موت کے بعد ہماری عورتیں ہمارے گھروں میں سال تک ٹھہری رہیں اور انہیں نان و نفقہ ملتا رہے اور انہیں گھروں سے باہر نہ نکالا جائے۔

شان نزول: یہ آیت طائف کے ایک شخص کے حق میں نازل ہوئی اس کا نام حکیم بن الحارث تھا جو طائف سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ حاضر ہوا اس کی اولاد بھی تھی اور ماں باپ اور ایک زوجہ بھی اور وہ یہاں فوت ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہی آیت نازل فرمائی حضور نبی کریم ﷺ نے اس کی وراثت اس کے ماں باپ اور اس کی اولاد کو دے دی اور اس کی عورت کے لئے انہیں حکم دیا کہ سال بھر تک اسے خرچہ دیتے رہیں اور اسے اپنے زوج کے گھر سے

marfat.com
Marfat.com

باہر نہ نکالیں اس عورت کو میراث سے کچھ نہ دیا۔

ف: ابتدائے اسلام میں عورت معنوفی عنها الزوج کی عدت ایک سال تھی ورثاء پر حرام تھا کہ متوفی عنها الزوج کی عورت کو گھر سے باہر نکالیں اس عورت کے لئے طعام وقیام شوہر کے مال سے ضروری اور واجب تھا جب تک وہ گھر سے خود بخود نہ چلی کجائے البتہ اسے میراث سے اور کچھ نہیں ملتا تھا اگر وہ گھر سے چلی جاتی تو اس کا نان ونفقہ بھی ختم ہو جاتا اور مرد پر بھی موت سے پہلے وصیت کرنا واجب تھی یہاں تک کہ آیت میراث نازل ہوئی تو اللہ تعالی نے یہ حکم منسوخ فرمایا کہ اس کے لئے سال تک قیام وطعام واجب ہے بلکہ میراث سے چوتھائی حصہ ہے اگر زوج کی اولاد نہ ہو ورنہ آٹھواں حصہ آیت میراث سے قیام کا انتظام بھی مسنوخ امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنکا یہی مذہب ہے۔

مسئلہ: متوفی عنہا زوجہا کی سال تک کی عدت چار ماہ دس دن کے حکم سے منسوخ ہوگئی اگرچہ وہ تلاوت کے لحاظ سے مقدم ہے لیکن نازل ہونے کے لحاظ سے یہی آیت مقدم ہے فَاِنْ خَرَجْنَ پس اگر وہ عورتیں اپنے شوہروں کے گھر سے اپنے اختیار سے چلی جائیں فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ تو تمہارے اوپر اے ائمہ وحکام کوئی گناہ نہیں فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ اس میں جو وہ کرتیں ہیں نیکی جس سے شرع پاک انکار نہیں کرتی مثلاً زیب و زینت اور خوشبو لگانا وغیرہ اور سوگ ترک کر دینا اور نکاح کے خواہشمندوں سے بات چیت کے پیچھے لگی رہنا۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ ابتدائے اسلام میں شوہروں کے گھروں میں رہنا ان کے لئے ضروری نہیں تھا اور نہ سوگ واجب بلکہ انہیں ان امور پر اختیار تھا کہ شوہروں کے گھروں میں رہ کر نان ونفقہ لیں یا گھر سے چلی جائیں اور پھر نان ونفقہ کا کوئی مطالبہ نہ کریں۔ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ اور اللہ تعالی اپنے حکم کے اجراء پر اپنے مخالف کو سزا دینے پر غالب ہے حَكِيْمٌ اپنے احکام کی رعایت اور اپنے بندوں کے امور کی مصلحتوں کے متعلق حکیم ہے۔

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ اور مطلقہ عورتیں خواہ مدخولہ ہوں یا غیر مدخولہ مَتَاعٌ نفع دینا یعنی مطلقہ عورتوں کو متعہ دو یہ عام ہے واجبہ ہو یا مستحبہ۔

مسئلہ: وہ مطلقہ مفوضہ لیکن اس سے دخول نہیں ہوا تو اس کے لئے متعہ واجب ہے ورنہ اسے (چند کپڑے) دینا مستحب ہے۔

marfat.com
Marfat.com

فائدہ: پہلی آیت میں مَتِّعُوْهُنَّ سے معلوم ہوا تھا کہ متعہ دینا ملتبس ومعروف ہے یعنی وہ جسے شرع وعادت مستحسن سمجھے۔ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ متقین پر ضروری ہے یعنی متقین کے لئے لائق ایسے ہی ہے یہ حکم وجوبی نہیں لیکن تقوی کے شرائط میں سے ہے کہ عورت سے بترع ہوتا کہ اس کے قلب کو تسلی ہو اور طلاق سے جو وحشت طاری ہوئی ہے وہ دور ہو جائے كَذٰلِكَ یہ اشارہ ان احکام کی طرف ہے جو پہلے اللہ تعالی نے اپنے بندوں کے لئے مشروع فرمائے ہیں۔

ف: قاضی صاحب نے فرمایا اللہ تعالی نے وعدہ فرمایا ہے کہ عنقریب وہ اپنے بندوں کو وہ دلائل واحکام بیان فرمائے گا جن کے لئے وہ معاش اور آخرت کے لحاظ سے محتاج ہیں لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ تمہیں معلوم ہو کہ ان میں کیا اسرار ہیں پھر ان کے لئے اپنی عقل کو عمل میں لاؤ اور ان کے موجبات کے مطابق عمل کرو۔

مثنوی شریف میں ہے۔

کشتی بے لنگر آمد مرد شد — کے زباد کثر نباد او حذر

لنگر عقلست عاقل را اماں — لنگرے در یوزہ کن از عاقلاں

تفسیر صوفیانہ

مطلقہ عورت جب طلاق کے معاملہ میں مبتلا ہوئی تو اللہ تعالی نے اس کے دل کی تسلی کے لئے متعہ (چند کپڑے) واجب فرمائے یہ اس طرف اشارہ ہے کہ مرید صادق جب اپنی طلب صادق میں دوست واقارب اور رفیقوں کی جدائی اور مال دنیا اور اس کے مرتبہ سے فراق کی وجہ اور اپنے اوطان اور اس کے رہنے والوں سے ہجرت کر کے خواص عباد کے شہروں میں اور طلب فوائد کے لئے دکھ درد اٹھائے تو اللہ تعالی اس پر احسان فرما کر اس کے درد والم کو دور فرماتا ہے اور اس کے قلب کو انا عند المنکسرۃ قلوبھم من اجلی میں ان قلوب کے قریب ہوں جو میرے وجہ سے منکسر ہوں گے متعہ سے جبر نقصان کرتا ہے یہی پریشان حال سالک کے لئے متاع معروف ہوتا ہے جسے وہ حاصل کرنے کے درپے ہے اسی طرح اللہ تعالی اپنے آیات قسم وقسم الطاف اور ذیشان مہربانیاں ظاہر کرتا ہے تا کہ تم اس کے انوار الطاف سے کمالات الطاف کو سمجھ سکو۔ (کذا فی تاویلات النجمیہ)

سبق: عاقل کو چاہیے کہ وہ نہ تو دنیا کو دیکھے اور نہ اس کی رنگینیوں پر مست ہو بلکہ اس کے منافع اور اس کے

marfat.com
Marfat.com

اغراض سے تیزی سے گزر جائے بلکہ طریق حق کے حصول کے لئے تکالیف کو سر پر اٹھائے تا کہ لذات ذات مطلق تک پہنچ سکے۔

حکایت: حضرت شقیق بلخی قدس سرہ کا واقعہ ہے کہ انہیں تین دن تک طعام نہ ملا لیکن عبادت الٰہی میں ذرہ برابر بھی فرق نہ آنے دیا جب عبادت میں بھوک کی وجہ سے ضعف ہونے لگے تو آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر کہنے لگے اے میرے رب مجھے طعام عنایت فرما جب دعا سے فارغ ہوئے تو ایک شخص کو دیکھا کہ وہ انہیں دیکھ رہا ہے جب حضرت نے انہیں دیکھ کر السلام علیکم کہا تو اس نے کہا اے شیخ میرے ساتھ چلئے تا کہ میں آپ کو طعام پیش کروں حضرت شقیق اس کے ساتھ چل پڑے اس نے حضرت شیخ کو اپنے گھر داخل کیا تو دیکھا کہ گھر میں مختلف قسم کے تخت ہیں اور ان پر قسم قسم کے طعام چنے ہوئے ہیں اور دستر خوان کے قریب غلمان اور نوجوان لڑکیاں کھڑی ہوئی ہیں شیخ صاحب نے اس سے کچھ کھایا وہ شخص اس کے ساتھ کھڑا رہا جب حضرت شیخ طعام سے فارغ ہوئے تو باہر جانے کا ارادہ فرمایا اس شخص نے کہا اے شیخ کہاں جاتے ہیں آپ نے فرمایا مسجد میں اس نے عرض کی آپ کلنام کیا ہے آپ نے فرمایا شقیق اس نے عرض کی میں آپ کے والد گرامی کا غلام تھا مجھے انہوں نے تجارت کے لئے بھیجا اس دن سے آج تجارت سے واپس لوٹا ہوں لیکن آپ کے والد مرحوم فوت ہو چکے ہیں۔ حضرت شقیق اب یہ تمام مال آپ کا ہے آپ نے فرمایا اگر یہ لونڈیاں اور غلام میرے ہیں تو میں نے انہیں سبیل اللہ آزاد کیا اور یہ مال میرا ہے تو میں نے اسے تمہیں ہبہ کیا اسے لے جاؤ آپس میں تقسیم کر لو مجھے اس دولت کی کوئی ضرورت نہیں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے روکے۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

تعلق حجابست دے حاصلی　　چو پیوند ہا بگسلی واصلی

سبق: دنیا ایک ایسا تعلق ہے خصوصاً دور حاضر میں اس لئے کہ یہ دور بڑا پرفتن ہے اس میں دنیا سے دور ہونے والا اس میں مشغول ہونے والے سے افضل ہے۔

حکایت: حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے بہشت کا شراب پیش کیا گیا اور عرض کی گئی کہ آپ اسے پی

marfat.com
Marfat.com

لیں تو موت نہیں آئے گی آپ نے اپنے لشکر سے مشورہ لیا سب نے پینے کا مشورہ دیا صرف قنفذ رہ گیا اس سے مشورہ لینے کے لئے گھوڑے اور بازی کو لینے کے لئے بھیجا اس نے آنے سے انکار کر دیا پھر کتے کو بھیجا وہ اس کے ساتھ چلا آیا آپ نے پہلے یہ پوچھا کہ تو گھوڑے اور بازی کے ساتھ نہیں آیا اور کتے کے ساتھ کیوں چلا آیا اس نے کہا گھوڑے اور بازی کے ساتھ اس لئے نہیں آیا کہ وہ دونوں پاؤں سے ننگے ہیں گھوڑا تو دشمن کے ساتھ بھی ہو لیتا ہے اور بازی بھی اپنے مالک کے غیر کی اطاعت کر دیتا ہے اور کتا باوفا ہے کہ اپنے مالک کے سوا کسی دوسرے کی بات نہیں مانتا اور اگر اسے مالک اپنے دروازہ سے ہٹائے تب بھی کہیں نہیں جاتا بلکہ بار بار اپنے مالک کے گھر لوٹتا ہے آپ نے فرمایا کیا بہشت کا شراب پی لوں اس نے کہا نہیں اس لئے کہ آپ کی دنیا کے قید خانے میں عمر بڑھ جائے گی عزت کی موت بھلی اس عیش سے جو قید خانے میں گزاری جائے۔

بہمہ حال ایسری کہ زبندی بدہد　　بہترش داں زامیر یکہ گرفتار آید

آپ نے فرمایا بہتر کیا تو نے اس کے بعد آپ نے اس شراب بہشت کو دریا میں بہا دینے کا حکم فرمایا یہی وجہ ہے کہ اس روز سے دریا کا پانی میٹھا ہے۔

تزود من الدنیا فانک راجل　　وبادر فان الموت لاشک نازل

وان امرا قدعاش سبعین حجته　　ولم تیزود للمعاد الجاهل

ودنیاک ظل فلترک الحرص بعدما　　علمت فان الظال لابد زائل

ترجمہ:. دنیا میں آخرت کا سامان تیار کر اس لئے کہ یہاں سے تو کوچ کرنے والا ہے اور اس میں عجلت سے کام لے اس لئے کہ موت یقینا آنے والی ہے اور بے شک اگر کوئی شخص ستر ہزار برس گزارے لیکن آخرت کا سامان تیار نہیں کیا تو وہ بہت بڑا جاہل ہے اور تجھے معلوم ہے کہ یہ دنیا تیرے سایہ کی طرح ہے اور یہ بھی تمہیں یقین ہے کہ سایہ آخر مٹ جاتا ہے۔ حضرت شیخ سعدی قدس سرہ نے فرمایا۔

کہ اندر نعمتی مغرور غافل　　گہے از تنگ دستی خستہ ریش

چو در سرا و خرا حالت نیست　　ندانم کے بحق پردازی از خویش

اے اللہ ہمیں موانع سے محفوظ فرمایئے۔

marfat.com
Marfat.com

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ

اے محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا تھا انہیں جو اپنے گھروں سے نکلے وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے تو اللہ نے ان سے فرمایا

لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ

مر جاؤ پھر انہیں زندہ فرما دیا بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے

لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا

مگر اکثر لوگ ناشکرے ہیں۔ اور لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

اللہ سنتا جانتا ہے۔ ہے کوئی جو اللہ کو قرض حسن دے

فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ

تو اللہ اس کے لئے بہت گنا بڑھا دے اور اللہ تنگی و کشائش کرتا ہے اور تمہیں اسی کی

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى

طرف پھر جانا۔ اے محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا بنی اسرائیل کے گروہ کو جو موسیٰ کے بعد ہوا

اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ

جب اپنے ایک پیغمبر سے بولے ہمارے لئے کھڑا کر دو ایک بادشاہ کہ ہم خدا کی راہ میں لڑیں نبی نے فرمایا

هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا

کہ کیا تمہارے آثار ایسے ہیں کہ تم پر جہاد فرض کیا جائے تو پھر نہ کرو بولے ہمیں کیا ہوا

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَ

کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں حالانکہ ہم نکالے گئے ہیں اپنے وطن اور اپنی اولاد سے

marfat.com
Marfat.com

اَبْنَآىِٕنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ

تو پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا منہ پھیر گئے مگر ان کے تھوڑے — اور

اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ

اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو۔ — اور ان سے ان کے نبی نے فرمایا بیشک اللہ نے طالوت کو

لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ

تمہارا بادشاہ بنا کر بھیجا ہے بولے اسے ہم پر بادشاہی کیونکر ہوگی اور ہم اس سے زیادہ

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ

سلطنت کے مستحق ہیں اور اسے مال میں وسعت نہیں دی گئی فرمایا اسے اللہ نے تم پر چن لیا

عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ

اور اسے علم اور جسم میں کشادگی زیادہ دی — اور اللہ اپنا ملک جسے چاہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ

اور اللہ وسعت والا علم والا ہے — اور ان سے ان کے نبی نے فرمایا اس کی بادشاہی کی

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ

نشانی یہ ہے کہ آئے تمہارے پاس تابوت جس میں تمہارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی

اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ

چیزیں معزز موسیٰ اور معزز ہارون کے ترکہ کی اٹھائے لائیں گے فرشتے بیشک اس میں بڑی نشانی ہے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

تمہارے لئے اگر ایمان رکھتے ہو۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ دیار، دار کی جمع ہے یعنی اپنے گھروں سے اگرچہ بظاہر یہ خطاب نبی کریم ﷺ کو ہے لیکن معنوی اعتبار سے یہ خطاب ہر اس شخص کو ہے جو بھی ان اہل کتاب واہل تواریخ کا قصہ سنے گا پھر بمقتضائے ظاہر الم تسمع قصتهم کہنا چاہیے تھا لیکن ان کے سماع کو بمنزلہ رویت کے قرار دیا گیا ہے اس بات پر تنبیہ ہے کہ ان کا واقعہ اتنا ظاہر اور مشہور ہے کہ گویا وہ آنکھوں کے آگے ہے اس لیے اَلَمْ تَرَ سے خطاب کیا گیا اس سے ان کے قصہ سے تعجب دلانا اور ذہنوں میں راسخ کرنا مطلوب ہے یعنی اس پر نفی داخل ہوئی اس کا اقرار کرنا مقصود ہے۔

ف: امام واحدی علیہ الرحمہ فرماتے تھے کہ یہاں رویت سے رویت قلبی بمعنیٰ علم مراد ہے۔

سوال: اَلَمْ تَرَ کو اِلٰی سے متعدی کیا گیا ہے حالانکہ یہ باب تو متعدی بنفسہ ہوتا ہے کیونکہ اس سے ادراک قلبی مراد لیا جاتا ہے۔

جواب: یہ اصول انتہاء کے معنیٰ کو متضمن ہے اب معنیٰ یوں ہوا المنتہ علمک الیهم کیا تمہارا علم ان کے واقعہ تک نہیں پہنچا اسی لیے اسے اِلٰی سے متعدی کیا گیا ہے۔

فائدہ: مفسرین فرماتے ہیں جہاں پر بھی قرآن پاک میں اَلَمْ تَرَ کا لفظ آیا ہے اور وہ واقعہ بظاہر حضور علیہ السلام نے معائنہ نہیں فرمایا تو وہاں پر یہی معنیٰ مراد ہوگا اگرچہ بہ باطن وہ واقعہ حضور علیہ السلام کے پیش نظر ہوتا ہے۔

ف: تفسیر تیسیر میں ہے کہ اَلَمْ تَرَ بمعنی اعلم ذالک یعنی میرے محبوب ﷺ اس واقعہ کو جان لیجئے۔

ف: کواشی کی تفسیر میں ہے کہ اس میں معنیٰ وجوب کا ہے اس لئے قاعدہ ہے کہ جب ہمزہ استفہام نفی یا استفہام پر داخل ہو تو اس وقت تقریر وایجاب کا معنیٰ ہوتا ہے اب معنیٰ یہ ہوا کہ آپ کو ان لوگوں کا واقعہ معلوم ہے جو اپنے گھروں سے نکلے تھے۔

ف: ابن العمید اپنے حواشی میں فرماتے ہیں کہ اَلَمْ تَرَ کے لفظ سے کبھی وہ شخص مخاطب ہوتا ہے جس کو اس قصہ کا علم پہلے ہو اور کبھی وہ شخص مخاطب ہوتا ہے جسے اس کا علم پہلے نہ ہو مثلاً کوئی شخص دوسرے سے کہے: الم تر الی فلان ای شیء فلاں کو تم نے نہیں دیکھا کہ وہ کیا شئے ہے اس سے اس کی ابتدا تعریف کرنا مطلوب ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ف: اس کے مخاطب یہاں پر وہ لوگ ہیں جو اس کا حکم سنیں لیکن انہیں اس واقعہ کا علم خطاب سے پہلے تھا۔ مثلاً مورخین وغیرہ انہیں یہ واقعہ اللہ تعالیٰ نے یاد دلا کر عبرت دلائی ہے یا اس کا مخاطب ہر وہ ہے جسے اس کی رویت حاصل ہو سکے اس لئے کہ یہ واقعہ اتنا عام اور مشہور ہے کہ ہر شخص کے لئے ضروری ہے کہ اسے معلوم کر کے اس کا آنکھوں سے مشاہدہ کرے تا کہ اسے عبرت حاصل ہو۔ وَهُمْ اُلُوْفٌ (الف کی جمع ہے) جو کہ یہ بھی منجملہ اسمائے عدد سے ہے۔ اس میں اختلاف ہے کہ وہ لوگ گھروں سے نکلنے والے کل کتنے تھے اس کے ظاہر سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ دس ہزار سے زائد تھے اس لیے کہ الوف جمع کثرت تھی اور قاعدہ ہے کہ دس ہزار اور اس سے کم پر الوف کا استعمال نہیں ہوتا۔ حَذَرَ الْمَوْتِ یہ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ کا مفعول لہ ہے یعنی وہ لوگ موت کے خوف سے اپنے گھروں سے نکلے۔ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ پس اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے فرمایا:

سوال: اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں مسند کیا گیا ہے؟

جواب: صرف ڈرانے اور دھمکانے کی وجہ سے اس لیے کہ قادر قہار اور مالک جبار کے قول کی شان کچھ اور ہے اور مخلوق کی کچھ اور۔ مُوْتُوْا مرجاؤ عبارت کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے بعد فماتوا ہو (پس وہ مر گئے) جیسے قول باری تعالیٰ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کر کے لوٹایا تا کہ وہ اپنی بقایا عمریں گزار دیں اور سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے بھاگنے کی یہ سزا ہے۔

ف: حضرت ابن العربی علیہ الرحمہ نے فرمایا یہ موت انہیں سزا کے طور طاری ہوئی اور یہ عام قاعدہ ہے کہ سزا کی موت کے بعد زندہ کیا جاتا ہے[1] لیکن حقیقی موت کے بعد پھر زندہ نہیں کیا جاتا۔

ف: حضرت حسن بصری علیہ الرحمہ نے بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سزا کے طور پر موت طاری کر کے پھر انہیں بقایا زندگی گزارنے کے لئے زندہ فرمایا۔

واقعہ کی تفصیل: ان کے واقعہ کی تفصیل یوں ہے جیسے مفسرین نے لکھا کہ وہ بنی اسرائیل کی ایک قوم تھی جو واسط کے دیہاتوں میں داوردان نامی گاؤں میں رہائش رکھتی تھی اس میں طاعون آیا جو ان میں اعلیٰ درجہ کی دولت اور دنیا دار

---

[1]: غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے جس بڑھیا کے بیٹے کی بارات کشتی سمیت زندہ کر کے دکھلایا وہ اسی قسم کی موت تھی۔ تفصیل فقیر کے رسالہ "اماطته الاذی" میں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

قسم کے لوگ تھے طاعون کی وجہ سے چلے گئے لیکن غرباء اور عوام وہاں ہی قیام پذیر رہے جو نہ جا سکے ان میں اکثر طاعون کی وجہ سے مر گئے اور جو چلے گئے تھے انہیں کچھ نہ ہوا اور وہ صحیح سالم گھروں کو واپس لوٹے وہ غرباء اور عوام جو بچ گئے انہوں نے کہا ہمارے وہ صاحبان اچھے رہے جو گھروں کو چھوڑ کر چلے گئے اب اگر طاعون آیا تو ہم بھی اپنے گھروں کو چھوڑ کر چلے جائیں گے اور وہاں جا کر بسیں گے جہاں وباء طاعون نہ ہوگا۔ چنانچہ پھر دوسرے سال طاعون آیا تو وہ غرباء اور عوام بھی گھروں کو چھوڑ کر چل نکلے اور دو پہاڑوں کے درمیان ایک وادی میں ڈیرہ جما لیا جب وہ پھر پورے طور پر اس وادی میں اتر چکے اور اب ان کا خیال تھا کہ ہم ہلاکت سے بچ گئے لیکن جونہی آرام وسکون کا سانس لیا تو ایک فرشتے نے اس وادی کے نیچے سے اور دوسرے نے اوپر سے آواز دی مر جاؤ! اس آواز سے بغیر کسی بیماری کے وہ سب کے سب اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی مشیت سے مر گئے۔ یہاں تک کہ ان کے جانور بھی جو ان کے ساتھ تھے وہ بھی مر گئے انہیں صرف آٹھ دن گزرے تھے کہ ان کے اجسام سوج کر پھوٹنے لگے اور بدبو پھیلنے لگی اس علاقہ کے لوگ انہیں دفنانے آئے لیکن عفونت کی وجہ سے انہیں دفن نہ کر سکے۔ چنانچہ یہ تجویز ہوئی کہ ان کے اردگرد چار دیواری کھڑی کر دی جائے تا کہ انہیں درندے نہ کھا سکیں۔ چنانچہ ایسے ہی کیا گیا اس کے بعد ایک عرصہ گزرا جس میں ان کے اجسام گل سڑ گئے اور ہڈیاں چور چور ہو گئیں اس کے بعد ان پر وقت کے نبی بنام حضرت حزقیل بن یوزی علیہ السلام کا گزر ہوا یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد تیسرے خلیفہ تھے جو بنی اسرائیل میں نبوت موسوی کے پیغام پہنچانے پر مامور تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد بنی اسرائیل کے لئے موسیٰ علیہ السلام کی خلافت میں یوشع بن نون نبی مقرر ہوئے پھر کالب بن یوحنا پھر حزقیل علیہ السلام انہیں ابن العجوز بھی کہا جاتا ہے کیونکہ ان کی والدہ نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ مجھے بچہ عطا ہو جب کہ وہ بوڑھی اور بالکل بانجھ ہو چکی تھیں اس کی دعا مستجاب ہوئی بڑھاپے میں بچہ پیدا ہوا حضرت حسن فرماتے ہیں کہ یہ وہی ذوالکفل علیہ السلام تھے اور ان کو اسی لیے ذوالکفل کہا جاتا ہے کہ وہ ستر نبیوں کے کفیل ہوئے ان کی وجہ سے انہیں قتل سے نجات ملی۔

ستر نبیوں کا واقعہ: واقعہ یوں ہوا کہ ستر نبیوں کے قتل پر یہود آمادہ تھے۔ حضرت ذوالکفل نے نبیوں سے کہا تم چلے جاؤ میں تمہارے عوض مارا جاؤں گا اور کہا تمہارے لئے میرا قتل کیا جانا میرے لئے بہتری ہے۔ چنانچہ

marfat.com
Marfat.com

جب وہ چلے گئے تو یہود آ گئے ذوالکفل بیٹھے ہوئے تھے ان سے نبیوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: واللہ اعلم وہ کہاں گئے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ذوالکفل کو بھی یہودیوں کے قتل سے بچالیا۔

بنی اسرائیل کا بقایا واقعہ: جب حضرت حزقیل علیہ السلام کا ان مرے ہوئے لوگوں پر گذر ہوا ان کی کیفیت سے متعجب ہوئے اور بڑی دیر تک انہیں دیکھتے رہے اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کو ان کے متعلق عجوبہ دکھائیں۔ عرض کی ہاں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ ان پر کھڑے ہو کر کہیں اے ہڈیو! اللہ تعالیٰ تمہیں فرماتا ہے کہ تم اکٹھی ہو جاؤ۔ آپ نے یہی کلمات کہے تو وہ ہڈیاں اوپر نیچے سے ایک دوسرے کے ساتھ مل گئیں اور پھر مجسم بن گئیں۔ جن میں نہ خون اور نہ ہی ان پر گوشت تھا صرف خالی ڈھانچے پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انہیں فرمایئے اے ارواح اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم ان میں قائم ہو جاؤ۔ چنانچہ آپ کے اس طرح کہنے پر وہ سب لوگ زندہ ہو گئے اور زندہ ہوتے ہی کہنے لگے: [1]

سبحانک اللّٰھم وبحمدک لا الہ الا انت . اس کے بعد ان میں اور ان کی اولاد میں آج تک وہی بو آتی ہے۔ پھر وہ لوگ زندہ ہو کر اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹے اور ایک عرصہ تک زندہ رہے۔ لیکن موت کے آثار ان کے چہروں سے نمودار تھے۔ وہ جب کپڑے پہنتے تو کفن کی طرح پرانے اور غبار آلودہ ہو جاتے یہاں تک کہ وہ پھر طبعی موت سے مرے۔

سبق: اس واقعہ سے سبق ملتا ہے کہ مسلمانوں کو جہاد کے لئے بہادری دکھانی چاہیے اور شہادت کے اسباب میں درپے رہنا چاہیے یہ واقعہ توکل پر برانگیختہ کرتا ہے اور مسلمان پر لازم ہے کہ وہ سر تسلیم خم رہیں اس لیے کہ موت نے تو چھوڑنا نہیں جہاں بھی کوئی ہو موت سے بھاگنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ پھر موت کے منہ میں جانا جہاد فی سبیل اللہ سے کم نہیں۔ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے۔ عَلَی النَّاسِ تمام لوگوں پر ان لوگوں کو اس لیے زندہ کیا گیا تا کہ وہ عبرت پکڑیں اور پھر سعادت عظمیٰ حاصل کرنے کے لئے کوشاں رہیں اور وہ لوگ جو اس واقعہ کو سنیں انہیں عبرت اور غور فکر کی جانب ہدایت ملے گی۔

---

[1] یہی ہمارا عقیدہ ہے کہ مردوں کو زندہ اور حیات بخشنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے لیکن سبب اولیاء وانبیاء کرام علیہم السلام بنتے ہیں اور اسی سبب سے ہم مجازاً کہہ دیتے ہیں کہ اولیاء وانبیاء مردہ زندہ کرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ اور لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے اہل اسلام تو اپنے عجز کے اظہار سے اور اہل کفر کر کے

وَقَاتِلُوْا یہ خطاب حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو ہے اور اس کا محذوف مقدر پر عطف ہے۔ اصل

عبارت یوں تھی۔ فاطیعوا و قاتلوا پس اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے جنگ کرو۔ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اللہ تعالیٰ کے راستہ

میں اس کے دین کو بلند کرنے کے لئے یہ یقین کر کے کہ جنگ سے بھاگنے سے موت سے جان نہیں چھوٹے گی

اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہو کر رہے گی پھر دو لذتوں میں سے کسی ایک سے محروم نہ ہو جاؤ۔

۱:۔ مدد الٰہی اور ثواب ۲:۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرجانا۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ اور یقین کرو بیشک اللہ تعالیٰ سَمِیْعٌ ہے۔ اس کی بات بھی سنتا ہے جو کسی دوسرے کی ترغیب

سے جنگ پر حاضر ہو اور اس کی بات بھی جو کسی دوسرے کی نفرت دلانے سے جنگ پر نہ جا سکا۔ عَلِیْمٌ جانتا ہے

تمہارے وہ اعمال جو تم اپنے دلوں میں چھپاتے ہو اور اسے یہ بھی معلوم ہے کہ جنگ سے محروم رہنے والا جنگ

پر کیوں نہ حاضر ہو سکا اور مجاہد کے جہاد اور اس کی غرض اور نیت کو بھی جانتا ہے کہ وہ جنگ پر حاضر ہوا تو کیوں

اسے دینی مفاد مدنظر تھا یا دنیوی اس کی اگر دنیوی غرض ہے تو اسے اخروی ثواب نصیب نہ ہوگا۔

ف: اَلَمْ تَرَ الخ سے ان لوگوں کی مذمت کرنا مطلوب ہے جو اپنے گھروں سے نکل گئے پھر ان کی سزا ان کی موت

مقرر فرمائی اور جس بات کو وہ اپنی نجات سمجھتے تھے ان کو ان کے لئے خسارہ اور نقصان بنا دیا۔

مسئلہ : اس واقعہ سے ثابت ہوا کہ جنگ سے بھاگنا مکروہ ہے۔

مسئلہ : اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ طاعون آ جائے تو توکل علی اللہ کر کے وہاں ثابت قدم رہنا بہت بڑا

ثواب ہے۔

حدیث شریف: میں ہے طاعون سے بھاگنا جنگ سے بھاگنے کی طرح ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ

منہی عنہ فعل کا ارتکاب کرنا حرام ہے اور وہ کبائر سے ہے۔

حکایت : مروی ہے کہ عبد الملک طاعون سے رات کو سواری پر سوار ہو کر بھاگ نکلا اور ایک نوکر کو ساتھ لیا

طاعون کے ڈر کے مارے سواری سے نہ اترتا تھا یہاں تک کہ نیند بھی سواری پر کرتا تھا۔ ایک دن اپنے غلام سے

کہا: مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔ اس نے کہا میں کون لگتا ہوں کہ آپ کو نصیحت کروں۔ اس نے کہا کچھ تو سنائیے اس

marfat.com
Marfat.com

نے پھر بھی انکار کیا۔عبدالملک نے کہا کوئی سنی سنائی بات سناؤ۔غلام نے کہا میں نے سنا ہے کہ ایک لومڑی شیر کی خدمت کرتی تھی اور اس کے ذمہ تھا کہ وہ شیر کی نگرانی کرے اور ہر اس برائی کو روکے جو شیر کو نقصان دینے کے درپے ہو۔لومڑی نے دیکھا کہ عقاب اوپر اڑ رہا ہے۔لومڑی نے شیر کو کہا کہ کہیں آپ کو عقاب اٹھا کر نہ لے جائے۔لومڑی نے یہ تدبیر کی کہ شیر کو پیٹھ پر اٹھا کر وہاں سے بھاگ نکلے۔شیر لومڑی کی پیٹھ پر بیٹھ گیا اور لومڑی اسے اٹھا کر وہاں سے بھاگ نکلی۔لیکن اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو کون روک سکتا ہے۔جونہی عقاب نے نیچے نظر دوڑائی اسے وہی شیر نظر آیا اس نے ایک جھپٹ ماری اور شیر کو اٹھا چلا لومڑی روتی رہی اور کہتی تھی اے ابو الحارث (شیر کی کنیت ہے) میں نے اپنا پورا زور لگایا ہے لیکن خدا تعالیٰ کی تقدیر کا کون مقابلہ کرسکتا ہے۔زمین والوں سے تو میں تیری حفاظت کرتی تھی لیکن آسمان والوں کی حفاظت سے میں بے بس ہوں یہ کہانی سن کر عبدالملک نے اپنے غلام سے کہا اس نے مجھے بہترین نصیحت کی ہے۔بس اب واپس لوٹتے ہیں۔

سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔یہ کہانی سن کر عبدالملک اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر راضی ہوگیا۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

قضا کشی آنجا کہ خواہد برد　　وگرنا خدا جامہ برتن درد

درآبیکہ پیدا نباشد کنار　　غرور شنا در نباید بکار

مسئلہ : تقدیر مبرم ہو کر رہتی ہے وہاں کوئی تدبیر کام نہیں دیتی۔

حدیث شریف: حضور علیہ السلام نے فرمایا: خطرہ تقدیر کو نہیں روکتا۔

مسئلہ : تقدیر معلق صدقہ وغیرہ سے ٹل جاتی ہے۔

حدیث شریف: حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ اور صلہ رحمی عمروں کو بڑھاتے ہیں۔

فائدہ : بعض محققین فرماتے ہیں کہ مقدرات دو قسم پر ہیں:

۱۔ مخصوص بالکلیات۔　۲۔ مخصوص بالجزیات التفصیلیہ۔

کلیات مخصوصہ بالاسنان وہ ہیں کہ جن کی حضور نبی کریم ﷺ نے خبر دی اور وہ چار ہیں۔

۱۔ روزی۔ ۲۔ عمر۔ ۳۔ اجل۔ ۴۔ سعادت وشقاوت۔

marfat.com
Marfat.com

یہ امور تغیر پذیر نہیں ہوسکتے انہیں دعا بھی صدقہ کی طرح کوئی فائدہ نہیں دیتی ہاں بطریق فرض محال کہا جاسکتا ہے کہ اگر کسی کا رزق بڑھتا۔ صلہ رحمی کرنے والے کا بڑھتا اگر کسی کی عمر بڑھتی تو اس کی بڑھتی یہ اس وقت ہے جب کوئی حکمت بتانا مطلوب ہو۔ چنانچہ بطریق فرض محال کے اللہ تعالیٰ کی اولاد کا کہا گیا۔

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ باقی رہے جزیات اور اس کے لوازم تفصیلیہ تو ان کے متعلق یہ ہے کہ کبھی ان کا ظہور ہو ہی جاتا ہے اور انہیں انسان کبھی پالیتا ہے جب کہ ان کے اسباب وشرائط پائے جائیں ان کے اسباب کے بغیر ناممکن ہوتا ہے۔

حکایت: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سامنے ایک دھوبی گزرا آپ کے پاس آپ کے خدام بیٹھے تھے۔ آپ نے فرمایا اسی دھوبی کو موت ظہر کے وقت واقع ہوگی اور اس کا جنازہ میرے پاس لانا لیکن ظہر کے وقت نہ مرا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حیران تھے کہ اس کی تقدیر کیوں بدل گئی۔ جب کہ میں نے اس کی تقدیر کو دیکھ کر کہا تھا اتنے میں حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے ان سے عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: یہ کیسے ہوا تم نے تو مجھے اس کی موت کی خبر دی تھی لیکن وہ مرا نہیں۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کی اس کی موت تین روٹیاں دینے کے صدقے ٹل گئی ہے۔

ف: اس تفسیر کے پہلے پارہ میں: فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا الخ اگر تمہیں کوئی دکھ درد پہنچے پھر تم سے کوئی آہ وفغان ہوئی تو یقین کرلو اللہ تعالیٰ تمہارے آہ وبکا کو سنتا ہے اور تمہارے حالات کو جانتا ہے۔

مسئلہ: یہ آیت ان لوگوں کے لئے تسلی کا سامان ہے جنہیں دکھ اور درد پہنچتے ہیں۔

کسی نے خوب فرمایا: ؎

اذا ماتمنی روحاور احته　　تمنیت ان ان شکروالیک وتسمع

ترجمہ: جب لوگ راحت وسرور طلب کرتے ہیں تو میں دکھ اور درد مانگتا ہوں کہ میرے دکھ ودرد کے بعد میرے آہ وفغان کو تو ہی سنتا ہے۔

اے اللہ ہمیں ان لوگوں سے بنا جو تیری جناب میں بھاگ کر آتے ہیں اور ان کا صرف تیری طرف میلان ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

مَنْ استفہامیہ ہے اس میں صدقہ دینے کی ترغیب ہے اور یہ مبتدا ہے ذَا یہ اشارہ قرض دینے والے کی طرف ہے اور یہ مبتدا کی خبر ہے یعنی کون ہے وہ اَلَّذِیْ لفظ کی ذَا صفت ہے۔ یُقْرِضُ اللّٰہَ اللہ تعالیٰ کو قرض دے۔ قرض دراصل کاٹنے کو کہتے ہیں۔ اسے قرض اس لیے کہا جاتا ہے کہ دینے والا اسے اپنے مال کا کچھ حصہ کاٹ کر دیتا ہے تا کہ اس کی طرف اتنا مقدار حاصل ہو اللہ تعالیٰ کو قرض دینے کا معنیٰ یہ ہے کہ آج ایسے عمل کرو کہ جن کا ثواب تمہیں آخرت میں نصیب ہو۔ قَرْضًا، یُقْرِضُ کا مصدر، بمعنیٰ اَقْرَضَ مصدر مجرد بمعنیٰ مزید ہے۔ چنانچہ دوسرے مقام پر آیا ہے: انبتکم من الارض نباتا ای نباتا۔ اس لحاظ سے قرضا بمعنی اقراضا ہوا یعنی قرض دینا۔ حَسَنًا یعنی وہ قرض جو اخلاص اور خوشی و رضا کو مقرون ہے۔

ف: یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قرض بمعنیٰ مقرض بمعنیٰ المفعول اس اعتبار سے یہ یُقْرِضُ کا مفعول ثانی ہوگا اور حسن کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ قرض حلال اور طیب کمائی کا ہو کہ جس میں غیر کے مال کی ملاوٹ ہرگز نہ ہو۔

بعض نے کہا: کہ قرض حسن مجاہدہ اور انفاق فی سبیل اللہ کو کہتے ہیں اور اس قرض کے انواع سے ہے۔ سبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر۔

فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ اس فعل کا منصوب ہونا ان مقدر کی وجہ سے ہے جو مؤولاً مصادر ہو کر اس کا قَرْضًا پر عطف ہوگا اور یہ معنیٰ یُقْرِضُ اللّٰہَ سے معنوی طور پر معلوم ہوا اس اعتبار سے مصدر کا عطف مصدر پر ہوا عبارت یوں بنے گی من ذالذی یکون منه اقراض فمضاعفته من اللّٰه یا منصوب ہے بالمعنی کہ وہ معنوی طور پر استفہام کا جواب ہے اس لیے کہ یہ استفہام اگرچہ لفظاً مقرض سے ہے لیکن معنی اقرار سے ہے گویا یوں فرمایا گیا کوئی اللہ تعالیٰ کو قرض دے گا تا کہ اللہ تعالیٰ اسے دہرا دے۔ تضعیفه کے عوض اس کی مثل یا اس سے کئی گناہ زائد دینا۔

اَضْعَافًا ضعف (دوہرا) کی جمع ہے۔ یضاعفه کی هُوَ ضمیر سے حال ہے یہ مبلغ حساب کے اوہام کو قطع کرنے کے لئے ہے۔ یعنی وہ جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عطا فرمائے گا اتنا ہے کہ اسے سوائے اس کے اور کوئی نہیں جانتا۔

بعض نے کہا کہ ایک کے عوض سات سو عنایت فرمائے گا نیکیوں کو دہرا کرنے میں ایک حکمت یہ ہے کہ کل قیامت میں جب اس کے حقوق العباد ادا کئے جائیں تو بندہ مفلس نہ رہ جائے اس لیے کہ کل قیامت میں حقوق العباد کی ادائیگی انہی تضعیفات (دوہری کی ہوئی) نیکیوں سے ہوگی نہ کہ اصل عبادات سے اس لیے کہ

marfat.com
Marfat.com

تضعیف (دوہرا ثواب) تو اللہ تعالیٰ کا ایک فضل ہوگا اور اصل نیکی کا مطلب یہ ہے کہ اسے ایک نیکی کے عوض ایک نیکی نصیب ہو۔

ف: امام بیہقی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ تضعیفات تو فضل الٰہی ہے اسے کسی کے عوض نہیں دیا جائے گا بلکہ بندہ کے لئے ذخیرہ بنا کر اسے دیا جائے جیسے اسے روزے کی نیکیاں احسان کے طور دی جائیں گی اور یہ رب کریم کا فضل وکرم ہے جو بندوں کو عنایت فرماتا ہے جب کہ بندہ بہشت میں داخل ہوگا تو اسے فضل ربانی نصیب ہوگا۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا: ؎

نکوکاری از مردم نیک رائے — یکے را بدہ می نویسد خدائے

کرم کن کہ فردا دیوان نہند — منازل بمقدار احسان نہند

ربط: جب بندوں کو راہ خدا میں نکلنے کا حکم فرمایا تو انہیں قرض دینے سے آسانی بتا کر انہیں خبر دی کہ یہ کام سوائے توفیق ربانی کے ناممکن ہے۔ چنانچہ فرمایا: وَاللّٰہُ یَقْبِضُ اور اللہ تعالیٰ کمی کرتا ہے بعض پر وَیَبْصُطُ فراخی کرتا ہے بعض پر یا کبھی کمی کرتا ہے یا کبھی فراخی کرتا ہے۔ جیسے کہ اس کی مشیت کا تقاضا ہوتا ہے جس میں بے شمار حکمتیں اور مصلحتیں مضمر ہوتی ہیں۔ جب بندے کو اس کی حکمت معلوم ہو جاتی ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا آسان محسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ اسے معلوم ہے کہ سب کا روزی رساں وہی ہے اس نے ہی مجھے وسعت بخشی ہے پھر جو کچھ دیا ہے اس کے متعلق مجھ سے سوال بھی ہوگا اور میرے مرنے کے بعد یہ مال ویسے ہی رہ جائے گا اگر میں کچھ راہ خدا میں دے دوں تو مجھے آخرت میں ثواب بھی وہی دے گا گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے میرے بندو! جب تم جانتے ہو کہ وہی اللہ تعالیٰ روزی گھٹاتا اور بڑھاتا ہے اور یہ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ اس کا عنایت کردہ ہے پھر بخل کیوں کرتے ہو تمہیں چاہیے کہ اسے قرض دو اور اس سے جو تمہیں عنایت فرمایا ہے اس کے راہ میں خرچ کرو اس کے برعکس بخل نہ کرو تا کہ وہ تمہارے ساتھ برعکس معاملہ نہ کرے کہ اب دولت مند ہو پھر وہ تمہیں تنگ دست بنا دے۔

نکتہ: روزی بڑھانے اور گھٹانے میں ایک نکتہ یہ ہے کہ وسعت رزق تاخیر سے ہوا کرتی ہے اس سے فقراء مساکین کو تسلی دینا مقصود ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ

امام غزالی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ۔القابض الباسط وہ ہے جو ارواح کو اجسام سے موت کے وقت قبض اور ارواح کو اجسام میں حیات کے وقت اور صدقات اغنیاء سے لے کر فقراء کو دلاتا ہے اور کمزوروں کی وجہ سے دولت مندوں کا رزق بڑھتا ہے یہاں تک کہ فقر وفاقہ ختم ہو جاتا ہے اور فقراء کا رزق تنگ کرتا ہے یہاں تک کہ جان لبوں پر آجاتی ہے اور قلوب کو قبض کرتا ہے یعنی ایسا تنگ کر دیتا ہے کہ اس کے لئے لاپرواہی اور بلندی وجلال منکشف ہو جاتے ہیں اور پھر قلوب کو کھول دیتا ہے یہاں تک کہ انہیں قرب نصیب ہو جاتا ہے اس کے فضل وکرم اور احسان اور جمال کا اور وہ کریم اپنے بندوں کے لئے قابض وباسط ہے اس کے وہ بندے جنہیں حکمتوں کے عجائبات الہام اور جوامع الکلم حاصل ہوتے ہیں پھر کبھی ان کے قلوب کو کھول دیتا ہے اور اس کی نعمتوں کو یاد کرتے اور کبھی ان کو تنگ کر دیتا ہے کہ انہیں جلال وکبریائی اور قسم قسم کے عذاب اور آزمائش اور دشمنوں کے انتقام سے ڈراتا ہے۔جیسے حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان سے کیا کہ کبھی ان کے قلوب کو عبادت کے حرص پر ابھارا اور نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ کل قیامت میں اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام سے فرمائے گا کہ اپنی اولاد کو نار جہنم کے لئے تیار کیجئے وہ عرض کریں گے کتنا حکم ہوگا کہ ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے ایسی بات سن کر صحابہ کرام علیہم الرضوان کے دل مرجھا گئے یہاں تک کہ ان کا عبادت سے بھی جی نہ لگتا۔جب حضور علیہ السلام دوسری صبح کو تشریف لائے تو دیکھا کہ تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان حزن وملال میں ہیں تو ان کے قلوب کو خوش کرنے اور انہیں تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ تم (یعنی امت محمدیہ) باقی امتوں میں سے ایسے ہوں گے جیسے مشک کے سیاہ دھبوں میں سفید نور۔

ف: حضرت امام قشیری علیہ الرحمہ اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں کہ قبض وسط سالک کی دو حالتوں کا نام ہے جو بندے کی ترقی کا موجب ہیں۔خوف ورجاء کے قسم ہیں۔عارف باللہ بمنزلہ خوف ہوتا ہے جو مبتدی کو لاحق ہوتا ہے اور عارف باللہ کا وسط وہی ہے جو مبتدی کو رجاء سے حاصل ہوتا ہے۔

وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر تمہیں ان اعمال کی جزا دے گا جو تم نے کیے بھلے یا برے۔ مثلاً بھلے کو جود وسخاوت کی عادت تھی تو بہشت اور اگر بخل کی عادت تھی تو دوزخ۔اسی کو وعید کہتے ہیں اس میں تنبیہ ہے اس دولت مند کو موت کے وقت اس سے تمام مال چھین لیا جائے تو اسے چاہیے کہ موت سے پہلے اس

marfat.com
Marfat.com

مال کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے۔

حکایت: ایک مقام پر دولت منداور فقراء جمع ہوئے۔ دولت مندوں نے کہا اللہ تعالیٰ نے ہمارے درجات بلند فرمائے کہ لوگ ہم سے قرضہ لیتے ہیں۔ فقراء نے کہا ہمارے درجات بلند ہیں کہ وہ قرضہ جات ہمارے ہی لیے لیتے ہیں اگر ہم نہ ہوتے تو تم سے قرضہ نہ لیا جاتا اور قرضہ غیر سے بھی لیا جاتا ہے لیکن قرضہ صرف حبیب کے لئے لیا جاتا ہے۔

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ قیامت میں اپنے بندے سے فرمائے گا کہ میں نے تجھ سے طعام مانگا لیکن تو نے مجھے طعام نہ دیا۔ بندہ عرض کرے گا یا اللہ تجھے طعام مانگنے کی ضرورت کیوں ہے تو رب العزت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے فلاں بندے نے تجھ سے طعام مانگا لیکن تو نے اسے محروم رکھا۔ اگر تو نے اسے طعام دیا ہوتا تو آج تو اسے میرے پاس پاتا۔

ف: قرض محتاج مانگتا ہے اللہ نے اپنے لیے قرض مانگنے کا ذکر فرمایا گویا اس سے اپنی ذات کو بمنزلہ محتاج کے بنا کر ایسے فرمایا جیسے حدیث شریف میں ہے کہ اے میرے بندے میں بیمار ہوا تو نے میری طبع پرسی بھی نہ کی میں بھوکا ہوا تو نے مجھے طعام بھی نہ کھلایا۔ یہ فقیر پر شفقت اور اس پر لطف کرنے کی وجہ سے ہے۔ اسے محققین تنزلات رحمانیہ سے تعبیر کرتے ہیں کہ بندے کی محبت اور اس کے جذبہ کی تکمیل ہو جائے جو کہ اہل شہود کو نصیب ہوتا ہے اور معلوم ہوا کہ جذبات الحق کا ایک جذبہ ثقلین کے عمل کے برابر ہوتا ہے۔ یہ وہی ہے جو عبد فقیر کو مشاہد احیائیہ میں تنزلات کے مختلف اطوار سے جمال الرحمٰن کا جلوہ نصیب ہوتا ہے۔ مثنوی شریف میں ہے:

روئے خوباں زینت زیبا شود — روئے احسان از گدا پیدا شود
پس ازیں فرمود حق در والضحیٰ — بانگ کم زن اے محمد بر گدا
چوں گدا آئینہ جود ست ہاں — دم بود بر روئے آئینہ زبان

اللہ تعالیٰ اپنے کمال فضل اور کرم سے جو اس کا بندوں پر ہے مثلاً اس نے انہیں پیدا کیا اور انہیں اموال کا مالک کیا پھر ان کے نفوس اور اموال کو خریدا پھر انہیں چند روز کے لئے رعایت کے طور پر دیا پھر ان سے قرض

marfat.com
Marfat.com

مانگ کران پر انہیں کرم بنایا پھر انہیں وہ جو خرچ کرتے ہیں بہت بڑے فضل واحسان کا مژدہ بہار سنایا تو عبد صادق وہ ہے جو اپنی ہمت کے مطابق سوال کرتا ہے اور جو کچھ خرچ کرتا ہے اس کا سوائے ذات حق کے مشاہدہ کے اور کوئی مطالبہ نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ بھی بندے کو وہی دیتا ہے جو اس کی ہمت کا مطالبہ ہوتا ہے بلکہ اسے اس کے مطلوب کے علاوہ اور بھی بہت کچھ عطا فرماتا ہے۔ باری تعالیٰ کے وہ عطایا ایسے مخفی ہیں جنہیں آج آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں جب دیکھیں گی تو ٹھنڈی ہوں گی اور اتنا وسعت کے ساتھ نصیب ہوں گی جن کا کوئی شمار نہیں یہ سب کچھ اس کا فضل واحسان ہے اور جن کا مطالبہ صرف دنیا ہے تو وہ متاع قلیل ہے پھر اسے وہ کثیر المقدار نعمتیں کب نصیب ہوں گی۔ اے اللہ ہمیں ان نعمتوں سے بہرہ ور فرما جو اپنے اولیاء کے قلوب کو نصیب فرماتا ہے اور ہمیں ان لوگوں سے بنا جو تیرے دیدار پر انوار کے لئے ترستے رہتے ہیں اور ان کا مقصد وحید صرف وہی ہوتا ہے۔

تفسیر عالمانہ

اَلَمْ تَرَ کیا تو نے نہیں دیکھا یعنی تمہارا علم وہاں نہیں پہنچا اس جماعت کے قصہ کو کہ جن کا قصہ اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم میرے بتانے سے آپ کو معلوم ہے اس قصہ کو پڑھ کر سن کر تعجب کیجئے کہ کیسے ہے وہ۔

ف: اَلْمَلَاُ ہر وہ جماعت جو مشورہ کے لئے ایک جگہ جمع ہوں اور انہیں املاء اس لیے کہا جاتا ہے کہ مشورہ میں وہ لوگ جمع ہوتے ہیں جو ان میں برگزیدہ ہوتے ہیں جو لوگوں کو اپنی ہیبت سے اور مجلسوں کو رونق سے بھر دیتے ہیں یہ لفظ جمع ہے لیکن اس لفظ کا کوئی واحد نہیں۔ جیسے لفظ قوم جمع ہے لیکن اس کے لفظ سے اس کا کوئی واحد نہیں۔

مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ یہ مِنْ تبعیضیہ ہے۔ یعنی وہ ہونے والے ہیں بعض بنی اسرائیل ہے۔

ف: بنی اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو کہا جاتا ہے۔

مِنْ یہ مِنْ ابتدائیہ اس کا متعلق وہی ہے جو پہلے حرف جارہ کا متعلق ہے۔ بَعْدِ مُوْسٰی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد۔ اِذْ قَالُوْا جب کہ انہوں نے کہا یہ اس مضاف سے منصوب جو ملائیں مقدر ہے اصل عبارت یوں تھی: الم تر الی قصتہ الملاء او حدیثھم حین قالوا. مقدر اس لیے مانا گیا ہے کہ تعجب ذوات سے نہیں بلکہ احوال سے ہوتی ہے۔ لِنَبِیٍّ لَّهُمُ اپنے نبی علیہ السلام سے۔ وہ حضرت شموئل علیہ السلام تھے مشہور اور زیادہ قوی یہی ہے۔ اِبْعَثْ لَنَا مَلِكًا ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کیجئے جو ہمارا مقتدا ہو اور ہمیں جنگ کی

marfat.com
Marfat.com

تدبیریں بتائے۔ نُقَاتِلْ ہم اس کی سرپرستی میں کفار سے لڑیں۔اس کا مجزوم ہونا جواب کی وجہ سے ہے۔ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنے نبی علیہ السلام سے امیر مانگا۔جیسے ہمارے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ جنت کے وقت ایک امیر لشکر مقرر فرماتے کہ جس کی سرپرستی میں عام لوگ جنگ لڑتے۔

حدیث شریف: مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو حکم فرمایا کہ جب وہ سفر پہ جائیں تو اپنے لیے ایک امیر منتخب کرلیا کریں۔ فَلَمَّا گویا کہا گیا ہے کہ ان کے مطالبہ پر اس نبی علیہ السلام نے کیا فرمایا تو اس پر جواب ملا کہ اس نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ: هَلْ عَسَيْتُمْ قریب ہے۔ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اگر تمہارے اوپر جنگ فرض کی جائے اور تمہارے مطالبہ کے مطابق ایک امیر بھی ہو عَسٰی اور اس کی خبر کے درمیان جملہ معترضہ واقعہ ہے اور وہ جملہ معترضہ یہ ہے اَلَّا تُقَاتِلُوْا یہ کہ تم امیر لشکر کے ساتھ مل کر جنگ نہیں کرو گے۔

ف: تفسیر کشاف میں ہے معنی یہ ہے کہ تم جنگ نہیں کرسکو گے اس جملہ کا مقصد یہ ہے کہ وہ نبی علیہ السلام اپنی قوم سے فرماتے تھے کہ قریب ہے کہ تم جنگ نہیں کرسکو گے۔ بمعنی الرفع جبنکم عن القتال یعنی مجھے توقع یہ ہے کہ تم جنگ سے کنارہ کشی کرو گے اس معنی پر هَلْ داخل کیا گیا ہے۔استفہام کے طور پر اس امر سے کہ اس میں توقع ہے اور اس توقع میں وہ مصیب تھی جیسے اللہ تعالیٰ کے قول: هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ الخ میں فعل کا اثبات اور اس کی تقریر مطلوب ہے۔

وَمَا لَنَا وَمَا استفہام انکاری ہے اور اس کی خبر لنا ہے یعنی انہوں نے کہا کہ کیا ہے ہمارے لئے اس میں کہ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ہم اللہ تعالیٰ کے راستے میں جنگ نہ کریں۔ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا حالانکہ ہم اپنے گھروں اور بیٹوں سے نکالے گئے ہیں۔یعنی حال یہ ہے کہ ہمیں وہ امر عارض ہوا ہے جو ہمارے اوپر جنگ واجب ہونیکی ہے اور وہ یہ کہ انہوں نے ہمیں اپنے گھروں اور وطنوں اور بیٹوں سے نکالا یعنی انہوں نے اہل وعیال واولاد سے ہمیں جلاوطن کیا۔

سوال: اَبْنَآء کو دِیَار کے بعد خصوصی ذکر کا کیا معنی ہے؟

جواب: جنگ کرنے کے اسباب میں مزید تقویت ہوگی۔

marfat.com
Marfat.com

ف: وَقَدْ اُخْرِجْنَا الخ۔ یعنی انہوں نے ہمیں اپنے گھروں اور بیٹوں سے جلاوطن اور قید کر کے نکالا یہ باتیں قطعاً ذکر کی جاتی ہیں۔

سبب واقعہ: بنی اسرائیل کا اپنے نبی علیہ السلام سے سوال کرنے کا سبب یوں ہوا کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصال ہوا تو بنی اسرائیل میں اپنی نیابت میں حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کو چھوڑ گئے وہی ان کی نیابت ہیں۔ تورات کے احکام جاری فرماتے آخران کا وصال ہو گیا انہوں نے اپنی نیابت میں کالب علیہ السلام کو چھوڑا ان کا وصال ہوا تو پھر بنی اسرائیل میں ہزار ہا خرابیاں پیدا ہو گئیں اور اللہ تعالیٰ کے ارشادات کو پس پشت ڈال دیا بلکہ بت پرستی میں منہمک ہو گئے اور ان کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے الیاس علیہ السلام کو بھیجا اور وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات سناتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل میں جتنے انبیاء علیہم السلام تشریف لائے سب کے سب بنی اسرائیل تھے اور تورات کے احکام کی تجدید کرتے یعنی کوئی نئی شریعت نہیں لاتے تھے۔ حضرت الیاس علیہ السلام کے بعد الیسع علیہ السلام آئے وہ بھی اپنی زندگی مبارک گزار کر راہی ملک بقا ہوئے۔ پھر بنی اسرائیل میں وہی خرابیاں شروع ہو گئیں۔ جوان میں پہلے تھیں ان کی ان غلطیوں کی نحوست سے ان پر دشمنوں کا غلبہ ہونے لگا ایک شخص جوان پر غالب ہوا اس کا نام البانا انا تھا اور یہی قوم جالوت تھی جو بحر روم کے ساحل پر مقیم تھی اور بحر روم مصر و فلسطین کے درمیان واقع ہے۔ یہی عمالقہ کی اولاد تھی۔ جو عملیق بن عاد کی ایک نسل تھی۔ بہر حال یہ لوگ بنی اسرائیل پر غالب ہو گئے ان کی بہت سی جاگیروں کو قبضہ میں لے لیا اور انہوں نے بہت سے لوگوں کو قید کر لیا اور ان کی اولاد کو غلام بنا لیا اور بنی اسرائیل کے جتنے بادشاہ تھے ان کے تمام شہزادوں کو جیل میں بند کر دیا اور وہ چار سو چالیس تھے۔ ان لوگوں پر جزیہ مقرر کیا اور ان سے تورات چھین لی اور بنی اسرائیل کو قسم قسم کی تکالیف و مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا کیا۔ ان میں کوئی نبی علیہ السلام تو تھا نہیں جوان کی خامیوں کو دور کرتا بلکہ نبیوں کی اولاد میں سے بھی کوئی نہ رہا۔ سب کا رفتہ رفتہ وصال ہو گیا ہاں ایک بی بی ان میں حاملہ تھی اس بی بی تبرک سمجھ اس کی خدمت کو راحت اور رحمت سمجھا لیکن اسے ایک گھر میں محبوس رکھا کہ شاید اس سے لڑکی پیدا ہو تو ہم اس لڑکی کے بجائے کسی لڑکے کو اس کی طرف منسوب کر دیں گے تاکہ قوم کے بگڑے ہوئے حالات سنور جائیں اس لیے کہ بنی اسرائیل کی رغبت اس طرف تھی کہ

marfat.com
Marfat.com

اگر کسی نبی کا لڑکا ہماری راہبری کرے تو ہم ان تمام غلطیوں سے تائب ہو جائیں۔ چنانچہ بی بی اس اثناء میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی رہی کہ مولا کریم مجھے فرزند عطا فرما تا کہ بنی اسرائیل کے معاملات سدھر جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس بی بی کی دعا مستجاب فرمائی کہ اس بی بی کو بچہ پیدا ہوا اس نے اس کا نام شمویل رکھا اس محاورہ سے کہتی رہی سمع اللہ دعائی اس کا عبرانی لغت میں معنیٰ اسماعیل ہوتا ہے اس نے سین کو شین سے تبدیل کر کے شمویل رکھا اور لغت عبرانی میں قاعدہ ہے کہ سین کو شین سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ جب وہ بچہ جوان ہوا تو بنی اسرائیل نے اسے بیت المقدس میں تورات سیکھنے کے لئے معلم کے پاس بٹھا دیا اور شمویل کی تمام ضروریات کی کفالت ان کے شیخ (جو ان کے علماء تھے) نے اٹھائی اور اسے اپنی ذمہ داری لے کر متبنّیٰ بنالیا۔ جب وہ بچہ بالغ ہوا تو حضرت جبریل علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے جب کہ وہ شیخ کے قریب آرام کر رہے تھے لیکن اسے کسی کی بات پر اعتماد نہ تھا سوائے اپنے شیخ کے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے حضرت شمویل کو اس شیخ کی آواز میں کہا اے شمویل! یہ آواز سنتے ہی شمویل اس شیخ کی طرف بھاگے اور کہا ابا جی مجھے کیوں بلایا ہے۔ شیخ نے سوچا کہ اگر کہوں میں نے نہیں بلایا تو اچھا نہیں کیونکہ اس طرح بچہ گھبرا جائے گا۔ شیخ نے فرمایا بیٹا بیٹھ جا۔ جا آرام کیجئے۔ شمویل علیہ السلام ان کے حکم سے جا کر سو گئے۔ جبریل علیہ السلام نے انہیں دوبارہ اسی طرح کہا: اے شمول۔ شمویل علیہ السلام نے پھر شیخ سے کہا آپ نے مجھے بلایا ہے۔ شیخ نے کہا جاؤ سو جاؤ۔ اگر دوبارہ بلاؤں تو جواب نہ دینا۔ چنانچہ جا کر سو گئے۔ لیکن بار سوم حضرت جبریل علیہ السلام حضرت شمویل علیہ السلام کے پاس کھلم کھلا حاضر ہوئے اور کہا آپ اس قوم کے نبی ہیں۔ آپ ان کے ہاں تشریف لے جایئے اور انہیں اللہ تعالیٰ کے احکام سنایئے۔ جب وہ اپنی قوم کے ہاں آئے اور پیغام ربانی سنایا تو انہوں نے آپ کی تکذیب کی اور کہا تو نے اظہار میں عجلت کی ہے ابھی تیری نبوت کے اظہار کا وقت نہیں آیا۔ ہاں اگر آپ نبوت میں سچے ہیں تو ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر فرمایئے تا کہ ہم ان کی سرپرستی میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں کفار سے جنگ کریں یہی آپ کی نبوت کی نشانی سمجھی جائے گی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ بنی اسرائیل کے امور کا انتظام بادشاہوں کے سپرد تھا اور بادشاہ انبیاء علیہم السلام کے ماتحت بادشاہت چلاتے۔ بادشاہ دنیوی امور کا نظم و نسق کرتا اور نبی اس بادشاہ کی غلطیوں کی نگہداشت کرتا اور اس طرح اسے احکام الٰہی کے مطابق چلاتا اور بادشاہ کو یقین ہوتا کہ یہ حکم

marfat.com
Marfat.com

جو مجھے نبی سے ملا ہے یہ حکم ربانی ہے وہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے۔

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ پس جب کہ ان پر جنگ فرض کی گئی یہ اس وقت فرض کیا گیا جب انہیں ان کے نبی شمویل نے ان سے سوال کیا تھا کہ کیا تم جنگ کرو گے؟ انہوں نے کہا ہاں اس پر اللہ تعالیٰ نے جنگ کا حکم دیا اور ان کے سوال کے مطابق ان کے لئے بادشاہ مقرر فرمایا۔ تَوَلَّوْا انہوں نے منہ پھیرا یعنی جہاد سے ہٹ گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کو ضائع کر دیا یہ نہیں کہ انہوں نے ابتدا امر الٰہی سے روگردانی کی بلکہ بار بار دشمن کی تنگیوں اور تلخیوں کو دیکھا اور اب وہ ان کے دشمن ان کے سر پر تھے یہاں پر اللہ تعالیٰ نے ان کے انجام کو اجمالاً بیان فرما دیا۔ اس لیے کہ ان کے قول و فعل میں منافات اور تباین تھا۔ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ مگر تھوڑے ان میں یہ وہ تھے جنہوں نے طالوت کے ساتھ نہر کو عبور فرمایا اور صرف پانی کے ایک گھونٹ پر اکتفا فرمایا وہ تین سو تیرہ تھے اہل بدر کی گنتی کے مطابق۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب جانتا ہے ان کے ظلم یعنی جنگ سے روگردانی کی وجہ سے وعید سنائی گئی ہے جب کہ ترک جہاد کر کے قول و فعل میں منافات و مبانیت پیدا کر دی۔

ف: آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ قوم نے دل میں کچھ اور زبان پر کچھ یعنی منافقت کا مظاہرہ کیا اور جو چھپاتے تھے ان کا خلاف نکلا تو اللہ تعالیٰ نے ان کا ظاہری دعویٰ کے نقد کو معنی کی حقیقت کو کسوٹی پر رکھا لیکن وہ اس امتحان میں کامیاب نہ ہو سکے اس لئے کہ اپنے دعویٰ پر دلیل قائم نہ کر سکے اور قاعدہ ہے کہ امتحان کے وقت انسان کی یا تو عزت ہوتی ہے یا ذلت۔

حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمہ نے فرمایا:

خود بود گر محک تجربہ آید بمیاں — یا سیہ روئی شود ہر کہ در غش باشد

تفسیر صوفیانہ

یہی اہل سلوک وغیرہ کے مدعیوں کا حال ہے کہ اہل حقیقت نے انہیں جب خواہشات نفسانیہ کے مٹانے کی جنگ کا کہا تو وہ روگردان ہو کر کہتے کہ ہم کیسے جنگ کریں لیکن حقیقت میں وہ اللہ تعالیٰ کے بے فرمان ہوئے اور اس کے شہروں کو برباد کیا بلکہ اس کے بندوں پر ظلم برسایا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے نور بجھایا اس کے برعکس ہوتا تو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتح و نصرت نصیب ہوتی۔

مسئلہ: آیت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندے تھوڑے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: [illegible]

marfat.com
Marfat.com

یُحِبُّ الشَّکُوْرُ اور یہ ہر زمانے میں ہوتا ہے اور یہ بھی قاعدہ ہے کہ اچھی شئے کم یاب ہوتی ہے اور قیمت کے لحاظ سے بھی اعلیٰ ہوتی ہے۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

خاک مشرق شنیدہ ام کہ کنند — بچمل سالہ کاسہ چینی
صد بروزی کنند در بغداد — لاجرم قیمتش ہمی مینی

نکتہ: حق کی طلب اس لیے ہے کہ باوجود یہ کہ انس وجن صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے پیدا کیے گئے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ کیونکہ مقصود اعظم تو صرف حضرت انسان ہے اور وہ حاصل ہو گیا یا اس لیے کہ ہدایت یافتہ لوگ اگرچہ گنتی کے لحاظ سے تھوڑے لیکن شرف کے لحاظ سے بہت زیادہ ہیں۔ جیسا کہ مقولہ عرب مشہور ہے کہ: قلیل اذا علا کثیر اذا شدای اظہر واللقوۃ۔ لیکن وہ گنتی میں تھوڑے ہیں جب شمار کیے جاتے ہیں لیکن جب دشمن پر حملہ کرتے ہیں تو کثیر التعداد معلوم ہوتے ہیں۔

ف: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "سواد اعظم" وہی ہے جو حق پر ہو اگرچہ ایک ہو۔

ف: اور حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ سب کے سب اخلاص اور توجہ الی اللہ کی طرف لگ جاتے اگر اس طرح جو جائے تو وجہ معاش تنگ ہو جائے گی اسی لئے مشہور ہے: لولا الحمقی لخربت الدنیا۔ اگر پاگل نہ ہوں تو دنیا ویران و برباد ہو جائے۔ حکمت ربانی کا یہی تقاضا ہے کہ جن دونوں ہاتھوں کو جس طرف منسوب کیا گیا ہے اس کا اسی طرح ظہور ہو ان میں ایک تو سعادت مندی کی طرف منسوب ہے جس میں رحمت و جنان ہے دوسرے میں قہر و غضب اور ان کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں اور دونوں بابرکت ہیں۔ لیکن ہر ایک کا حکم علیحدہ علیحدہ ہے۔ جو ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ لہٰذا دانا پر لازم ہے کہ وہ غضب کے اسباب سے احتراز کرتا رہے اور اپنے رب تعالیٰ کے کرم کا متلاشی رہے۔

ف: سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس کا یہ گمان ہو کہ وہ جدوجہد کے بغیر بارگاہ حق تک پہنچ جائے گا وہ صرف آرزو کرنے والا ہے اور جس کا گمان ہو کہ جدوجہد سے پہنچے گا وہ مقصد پانے والا ہے۔ اے اللہ ہمارے اوپر اپنے فضل و کرم کے ڈول ڈال اور ہمیں اپنے تک اپنے ذریعہ سے پہنچا۔ (ارحم الراحمین)

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ ان کے نبی علیہ السلام نے انہیں فرمایا یہاں نبی علیہ السلام سے مراد حضرت شمویل علیہ السلام ہیں جب قوم نے سوال کیا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر فرمایئے۔ جس کی سرپرستی میں ہم اپنے دشمنوں سے لڑیں ان کے اس سوال پر حضرت شمویل علیہ السلام ایک ڈنڈا اور ایک قرن لائے جس میں قدس کا تیل تھا اس میں انہیں حکم تھا کہ جوان بنی اسرائیل کا بادشاہ ہوتا اس کا قد ڈنڈے کے برابر ہوگا اور جب وہ بادشاہ شمویل علیہ السلام کے پاس حاضر ہوگا تو یہی بنی اسرائیل کا بادشاہ ہے تو وہ تیل اس کے سر پر لگا دینا اور بنی اسرائیل پر اس کی بادشاہی کا اعلان کر دینا۔

حضرت وہب نے فرمایا کہ انہی دنوں میں حضرت طالوت کے والد کے اونٹ گم ہو گئے تو اس نے طالوت کو انہیں تلاش کرنے کے لئے نوکر دے کر بھیجا یہ دونوں حضرت شمویل علیہ السلام کے گھر سے گزرے تو غلام نے کہا اگر ہم اس نبی علیہ السلام کے پاس حاضر ہو جائیں تو بہتر ہے تا کہ وہ ہمیں اونٹوں کی خبر دیں اور دعا فرما دیں تو ممکن ہے ہمیں اونٹ مل جائیں۔ چنانچہ وہ دونوں حضرت شمویل علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ بھی اونٹوں کی بات کر رہے تھے کہ اچانک وہی تیل جو قلعہ میں تھا جوش مارنے لگا۔ حضرت شمویل علیہ السلام اٹھے اور اسی ڈنڈے کو طالوت کے قد پر ناپا جو کہ اس کے قد کے عین مطابق ہوا۔ حضرت شمویل علیہ السلام نے طالوت سے فرمایا کہ اپنا سر میرے قریب کیجئے۔ طالوت نے اپنا سر حضرت شمویل علیہ السلام کے قریب کیا تو انہوں نے وہی قدس کا تیل ان کے سر پر لگایا اور فرمایا آج کے بعد تو ہی بنی اسرائیل کا بادشاہ ہو گیا اور یہ حکم میرے اللہ کا ہے اس نے مجھے فرمایا ہے کہ میں تجھے بنی اسرائیل کا بادشاہ بنا دوں طالوت نے کہا اس کی علامت کیا ہے۔ شمویل علیہ السلام نے فرمایا اس کی علامت یہ ہے کہ جب تم لوٹو گے تو اونٹ مل چکے ہوں گے۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا اس کے بعد شمویل علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے طالوت کو بھیجا۔ طالوت عجمی لفظ اور غیر منصرف ہے اس لیے کہ معرفہ اور عجمہ ہے۔

مَلِكًا طالوت سے حال ہے یعنی یہ تمہارا بادشاہ ہے اب اس کی طاعت کرو اور ان کی سرپرستی میں دشمنوں سے لڑو۔ قَالُوْٓا وہ متعجب ہو کر کہنے لگے بلکہ انہیں اس سے انکار کر دیا۔ بعض مفسرین نے کہا ہے کہ انہوں نے اس انکار سے اپنے نبی علیہ السلام کی تکذیب کی جس سے وہ کافر ہو گئے۔ بعض نے کہا کہ وہ مومن تھے انہوں نے

marfat.com
Marfat.com

تعجب صرف اس لیے کیا تا کہ طالوت کو بادشاہ بنانے کی حکمت معلوم کریں۔ جیسا کہ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالیٰ سے عرض کیا: اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا ، اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا اس کی ہمارے اوپر کیسے بادشاہی ہوسکتی ہے جب کہ وہ طالوت اس کا اہل نہیں۔ وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ ہم بہ نسبت اس کے بادشاہی کے زیادہ حقدار ہیں۔ اسے ہمارے اوپر بادشاہی کرنے کا کس طرح حق ہوسکتا ہے۔ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ اور نہ ہی اس کے پاس مال وثروت کی کثرت ہے۔ اس لحاظ سے وہ ہمارا بادشاہ نہیں بن سکتا اور جب کوئی کوئی دوسرا مستحق ہوتو پھر یہ ہمارے اوپر بادشاہی کرنے کا حق نہیں رکھتا۔ نیز جس شئے پر شاہی چلانے کا دارومدار ہے یعنی مال وہ بھی اس کے پاس نہیں اور مال ایسی شئے ہے کہ اس سے شاہی چلائی جاسکتی ہے۔ ورنہ مشکل ہے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ نبوت مخصوص حضرات کے لئے مختص سمجھتے تھے۔ یعنی دین یعقوب کی اولاد میں ہے انہی میں سے حضرت موسیٰ وحضرت ہارون علیہما السلام تھے اور بادشاہی یہود ابن یعقوب کی اولاد سے انہی میں سے داؤد سلیمان علیہ السلام تھے اور طالوت ان میں کسی کی اولاد میں سے نہ تھے بلکہ وہ بنیامین بن یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے تھے اور وہ لوگ بہت بدچلن ہوگئے تھے اور گناہوں کے ارتکاب میں ایسے سرگرم تھے کہ دن دہاڑے سرراہ عورتوں سے جماع کر لیتے تھے اس لیے یہ بات انہیں عقلاً ونقلاً مستبعد نظر آئی لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کی زبان سے انہیں کہلوادیا اس کے باوجود بھی انکار کررہے تھے تو اللہ تعالیٰ ان پر ناراض ہوگیا اس لئے ان سے اللہ تعالیٰ نے بادشاہی چھین لی تھی اور مال ودولت بھی ان کے پاس نہ رہنے دیا اس کی اس بدکرداری کی وجہ سے ان کا نام مسبط الاثم پڑ گیا اور حضرت طالوت معمولی سا کاروبار کرتے تھے مشہور ہے کہ وہ سقہ اور نہایت تنگدست یا ماشکی یا مزدور تھے۔

قال رد کرتے ہوئے نبی علیہ السلام نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ بیشک اسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر چن لیا اگرچہ اس کا نسب اچھا ہے اور نہ اس کے پاس مال ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں دوسری وجہ سے فضیلت بخشی ہے وہ یہ ہے کہ وَزَادَهٗ بَسْطَةً اور اللہ تعالیٰ نے انہیں فراخی اور وسعت بخشی ہے علم میں یعنی اسے علم حاصل ہے جس کی وجہ سے بادشاہی چلا سکتے ہیں اور لوگوں کے حالات سے پورے طور واقفیت رکھتے ہیں اور جسم میں طویل القامت ہیں یعنی جسمانی طور بہتر ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان دو چیزوں کی وجہ سے اعلیٰ سمجھا جاتا ہے: ا۔ علم

marfat.com
Marfat.com

۲۔جسم۔ان دونوں وجوہ سے لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت اور وجاہت ہوتی ہے۔حضرت طالوت کا سر دوسروں کی بہ نسبت موٹا تھا اور آپ کے کاندھے بھی چوڑے تھے یہاں تک کہ پورا ہاتھ دراز کرنے پر کہیں جا کر ان کے سر پر ہاتھ پہنچتا۔

ربط : جب بنی اسرائیل نے طالوت کی بادشاہی کو ناممکن سمجھا کہ نہ اسے نسبتی طور پر فضیلت حاصل ہے اور نہ ہی وہ مالدار ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بادشاہی ایک عطیہ ایزدی ہے جسے وہ چاہے عنایت فرمائے اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر اپنے فضل وکرم سے طالوت کو بادشاہ بنایا ہے اور وہ تمہاری ضروریات و مصلحتوں کو تم سے زیادہ جانتا ہے۔دوسرا اسے تبحر علمی نصیب ہے اس لحاظ سے وہ امور سیاست پر بہت زیادہ عبور رکھتا ہے اور جسمانیت میں بھی موزونیت رکھتا ہے اور جنگی مہارت میں بھی قابلیت کے مالک ہیں۔بہر حال اللہ تعالیٰ نے اسے علمی وعملی خوبیوں سے نوازا ہے اس لیے وہ تمہارے اوپر بادشاہی کرنے کی اہلیت رکھتا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے چنا ہے۔ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنا ملک عطا فرماتا ہے اس لیے کہ وہ مالک الملک الملکوت ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے اس کی مرضی ہے جسے چاہے جتنا چاہے عنایت فرمادے۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہے۔فقیر اور محتاج کو بہت کچھ دیتا اور غنی کر سکتا ہے۔ عَلِيْمٌ اسے سب کا علم ہے وہ شاہی کے لائق کو بھی جانتا ہے اور نااہل کو بھی۔

تفسیر صوفیانہ

تاویلات نجمیہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو بادشاہی سے اس لئے محروم فرمادیا کہ وہ لوگ ہمچو مادیگرے نیست کی بیماری میں مبتلا ہو چکے تھے اور ان پر حضرت طالوت کی حالت سے تکبر کا بھوت سوار ہو گیا اور انہیں حقارت کی نظر سے دیکھنے لگے۔اس عجب بیماری کی وجہ سے کہنے لگے کہ ہم بادشاہی کے حقدار ہیں اور طالوت کو ہمارے اوپر بادشاہی کرنے کی اہلیت ہی نہیں یہ حقارت کی نگاہ سے کہا اور یہ بھی کہا کہ وہ طالوت ملک ومال سے فارغ ہے جب انہوں نے تکبر کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان سے بادشاہی چھین لی۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

یکے قطرہ باراں زابرے چکید　　خجل شد چو پہنائے دریا بدید

marfat.com
Marfat.com

کہ جائیکہ دریاست من کیستم — گر او ہست حقا کہ من نیستم
چو خود را بچشم حقارت بدید — صدف در کنارش بجاں پر درید
سپہرش بجائے رسانید کار — کہ شد نامور لولوے شاہوار
بلندی ازاں یافت کو پست شد — در نیستی کوفت تا ہست شد

اعجوبہ : زمخشری کے بلاغات سے ایک یہ ہے کہ وہ لکھتا ہے کہ دو خبیثوں سے جو کچھ پیدا ہوتا ہے وہ لازماً خبیث ہوتا ہے۔ لیکن گوبر اور خون سے جو پیدا ہوتا ہے وہ طیب وطاہر ہے۔ یعنی دودھ۔

ف: یعنی مشاہدہ میں آیا ہے کہ زوجین خبیثین سے بچہ طیب پیدا نہیں ہوتا لیکن دودھ ایسی شئے ہے کہ یہ دو خبیثوں سے نکل کر پھر بھی طیب ونفیس ہے باوجودیکہ وہ گوبر اور خون کے درمیان سے نکل کر آتا ہے گوبر اور خون اس پر اثر انداز نہیں ہوتے نہ دودھ کے ذوق میں کمی ہوتی ہے اور نہ ہی اس کے رنگ میں خرابی۔ بلکہ دودھ ان کے درمیان سے نکلتا ہے تو نہایت لطیف ونظیف اور پینے والوں کو بہت ہی خوشگوار اور رچتا پچتا ہے۔

فائدہ : کہا جاتا ہے کہ دودھ کو اللہ تعالیٰ گوبر اور خون سے پیدا کرتا ہے حالانکہ یہ دونوں وہ دودھ کو محیط ہوتے ہیں لیکن دودھ اور ان کے درمیان قدرت نے ایک آڑ بنا رکھی ہے جو ان کے ایک دوسرے پر اثر نہیں ڈالنے دیتی نہ رنگ میں نہ ذائقہ میں اور نہ ہی بو میں بلکہ ہر ایک اپنی حالت میں خالص رہتی ہے۔

فائدہ : مشہور ہے کہ جب جانور گھاس کھاتا ہے تو وہ گھاس اس کے معدے میں جا کر ٹھہرتی ہے تو وہ اسے پکاتا ہے جب وہ تقسیم ہوتی ہے تو اس کا نچلا حصہ گوبر بن جاتا ہے اور درمیان میں دودھ کا مادہ ہوتا ہے اوپر والا حصہ سے خون کا مادہ بنتا ہے جگر ان سب پر حاوی ہے جو اپنے طور انہیں تقسیم کرتا ہے خون تو رگوں میں چلا جاتا ہے اور دودھ تھنوں میں اور باقی گوبر معدہ میں رہ جاتی ہے سبحان اللہ! کیسی عظیم قدرت کا مالک ہے اور لطیف اور نازک حکمت والا ہے یہ نکتہ اسے معلوم ہوتا ہے جو اس میں تامل کرتا ہے۔

فائدہ : انسان میں بھی دونوں مادے ہیں اصلاح کا بھی اور فساد کا بھی۔ کبھی اولاد میں اس کا مظاہرہ ہوتا ہے اگر ماں باپ اصلاح رکھتے ہیں تو اولاد پر اصلاح اثر کرتی ہے اور اگر معاملہ برعکس ہو تو اولاد بھی ویسے ہی ہوگی۔

فائدہ : دراصل امر ایجاد کا تعلق اظہار وابطال پر ہے۔ آدم علیہ السلام کی اولاد اور ان کے دو صاحبزادوں

marfat.com
Marfat.com

(ہابیل اور قابیل) کو دیکھئے۔اسی طرح قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

نکتہ : دراصل بنی اسرائیل کی نگاہ طالوت کے ظاہر پر تھی اور اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت اس کے باطن پر تھی اور وہ اس بطون کے لحاظ سے بہت بڑا شریف النفس تھا اور اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت پتھر پر ہو جائے تو اسے جوہر بنا دیتی ہے۔اگر کانٹے پر پڑ جائے تو اسے گلاب اور ریحان بنا دیتی ہے۔معترض کو اس کے حکم سے روگردان نہیں ہونا چاہیے عاقل اگر ان میں بغور وفکر دیکھے تو اس میں باری تعالیٰ کا انصاف پائے گا اگر اس کی سمجھ سے بالاتر ہے تو اس کے لئے سکوت افضل ہے بلکہ یہ معاملہ حی وقیوم کی طرف سپرد کر دے اور یوں عرض کرے کہ اللہ تعالیٰ جو کچھ فرماتا ہے وہ حق ہے۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اور ان کے نبی علیہ السلام نے انہیں فرمایا۔یہ اس وقت جب کہ انہوں نے اپنے نبی علیہ السلام سے مطالبہ کیا کہ ہمیں طالوت کے بادشاہ ہونے کی علامت چاہیے۔چنانچہ انہوں نے کہا کہ طالوت کی بادشاہت پر کون سی علامت ہے۔ان کے جواب میں فرمایا کہ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ بیشک اس کی سلطنت کی علامت یہ ہے کہ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ تمہارے پاس تابوت آسمان سے آئے گی۔

حل لغات : اَلتَّابُوْتُ توب سے ہے۔بمعنی رجوع اور اَلتَّابُوْتُ اس نام سے اس لئے موسوم کیا گیا کہ ان میں اشیاء رکھی جاتی ہیں گویا وہ اشیاء کی امانت گاہ ہے اور وہ اشیاء جو ایک بار نکل گئیں پھر رہنے کے لئے اس میں آئیں اور اس کا مالک اس کی طرف رجوع کرتا ہے کہ جو اشیاء اس میں امانت کے طور رکھی تھیں وہ اٹھائے گا۔ اس سے تورات کی صندوق مراد ہے۔اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد بنی اسرائیل پر ناراضگی کی وجہ سے اسے آسمان پر اٹھا لیا تھا۔جب بنی اسرائیل کی نافرمانیاں حد سے بڑھ گئیں پھر جب انہوں نے اپنے نبی علیہ السلام سے طالوت کی بادشاہت کی نشانی مانگی تو انہیں کہا گیا کہ ان کی بادشاہت کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آسمان سے فرشتے لائیں گے اس صندوق کی حفاظت ملائکہ کرتے رہے۔چنانچہ اسی طریق سے فرشتے صندوق لائے اور قوم وہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی یہاں تک کہ وہ صندوق حضرت طالوت کے ہاں رکھ دی یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا ہے۔

فائدہ : مؤرخین فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک صندوق حضرت آدم علیہ السلام پر نازل فرمائی جس میں

marfat.com
Marfat.com

حضرات انبیاء علیہم السلام کی تصویریں تھیں۔ تمہیں اور وہ شمشاد کی لکڑی سے تیار کی گئی تھی اور تین ہاتھ لمبی اور دو ہاتھ چوڑی تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام کے ہاں تادم زندگی پاس رہی پھر ان کے وصال کے بعد آپ کی اولاد میں وراثۃ چلی آئی یہاں تک کہ یعقوب علیہ السلام کے پاس پہنچی اس کے بعد بنی اسرائیل کی وراثت میں دست بدست حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں پہنچی آپ اس میں تورات کے علاوہ اپنا ضروری سامان رکھتے تھے۔

ف: حضرت موسیٰ علیہ السلام جب جنگ کے لئے تشریف لے جاتے تو اس صندوق کو آگے آگے رکھتے جس کی برکت سے بنی اسرائیل کو اطمینان اور سکون نصیب ہوتا یہاں تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصال ہو گیا پھر اس طرح بنی اسرائیل دست بدست لیتے دیتے رہے۔

اعجوبہ عجیبہ: بنی اسرائیل کا اگر کسی معاملہ میں جھگڑا ہو جاتا تو وہ اپنا فیصلہ اسی صندوق کے پاس لاتے تو وہ صندوق بول پڑتی اور ان کے مابین فیصلہ کر دیتی۔

مسئلہ وسیلہ جلیلہ: بنی اسرائیل جب کہیں جنگ کو جاتے تو اس صندوق کو اپنے لشکر کے آگے آگے رکھتے اور اس کو وسیلہ بنا کر دشمنوں پر فتح یاب ہوتے اسے فرشتے ہی لشکر کے اوپر اٹھاتے پھرتے تھے اور جنگ میں لے جاتے جب اس صندوق کے اندر سے آواز صادر ہوتی تو سمجھتے بلکہ یقین کرتے کہ فتح ہمارے حصہ میں ہے جب ان سے نافرمانی شروع ہوئی اور فساد برپا کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے اس پر عمالقہ کو مسلط کر دیا۔ انہوں نے بنی اسرائیل سے وہی صندوق چھین کر (معاذ اللہ) پیشاب اور گندگی میں دفن کر دی پھر جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہوا کہ طالوت کو بنی اسرائیل کا بادشاہ بنائے تو عمالقہ کو مصائب میں مبتلا کر دیا یہاں تک کہ ان میں جو بھی اس مدفونہ صندوق کی جگہ پر پیشاب کرتا بواسیر میں مبتلا ہوتا اور اس نحوست سے پانچ شہر ویران ہو گئے۔ اس سے کفار عمالقہ کی آنکھ کھلی یہ ساری نحوست اس صندوق کی بے حرمتی اور بے ادبی کی وجہ سے ہے۔ اس لیے انہوں نے اس صندوق کو نکالا اور جلدی اٹھا کر اسے دو بیلوں پر باندھ دیا اور انہیں وہاں سے روانہ کر دیا۔ ان بیلوں پر اللہ تعالیٰ نے چار فرشتے مقرر کر دیئے جو انہیں ہانکتے چلے گئے۔ یہاں تک کہ حضرت طالوت کے گھر پہنچا دیا۔ جب بنی اسرائیل نے اپنے نبی علیہ السلام سے طالوت کی بادشاہت کی دلیل مانگی تو فرمایا کہ ان کی بادشاہت کی دلیل

marfat.com
Marfat.com

یہ ہے کہ وہ صندوق جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے تمہیں وراثۃ ملی تھی وہ طالوت کے گھر میں ملے گی چنانچہ جب دیکھا کہ واقعہ صندوق حضرت طالوت کے پاس موجود ہے تب انہیں یقین ہوا کہ طالوت ان کا بادشاہ ہے۔

ف: اس تقریر پر ایتان کا لفظ مجازاً مستعمل ہوا ہے کیونکہ اسے لایا گیا تھا نہ کہ وہ خود بخود آئی تو اس کی طرف ان کی نسبت بطور مجاز کے توسعاً ہے جیسے کہا جاتا ہے: ربحت التجارۃ اور پہلی تقریر پر ریتان کا لفظ حقیقی معنیٰ میں مستعمل ہوا ہے۔

فِیْہِ یعنی اس صندوق کے آنے میں سَکِیْنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ یعنی تمہارے لئے سکون واطمینان ثابت ہونے والا رب سے ہے۔ تین معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔

۱۔ وہ شئے بنی اسرائیل کو صندوق میں دی گئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اٰیَۃَ مُلْکِہٖٓ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ التَّابُوْتُ فِیْہِ سَکِیْنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ ریح ہے جو سکون دینے والی اور نہایت نئی اچھی جو دشمنوں کے دل میں رعب ڈال کر اپنی آواز سے ہلا دے جب کہ دشمنوں کا مقابلہ ہوتا تھا یہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے لئے معجزہ اور ان کے بادشاہوں کی کرامت بن کر ظاہر ہوئی۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کے بھیدوں میں ایک عجیب بھید ہے جو حکمت بن محدث (ولی اللہ) کی زبان پر ڈالی جاتی ہے جیسے فرشتے انبیاء علیہم السلام کے قلوب پر وحی ڈالتا تھا جو ان کے لئے ترویح الاسرار وکشف الاسرار ہوتا۔

۳۔ وہ واردات جو حضور نبی پاک شہ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک اور ان کے طفیل مومنین کے دلوں پر وارد ہوتے ہیں یہ واردات اور قوت اور روح کو جمع کرتی ہے جس کی طرف خائف انسان کو سکون اور حزین کو تسلی نصیب ہوتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَاَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ

ف: بعض نے فرمایا تابوت سے وہ علم اور اخلاص وذکر مراد ہے جس سے قلوب کو اطمینان ملتا ہے اور ایمان کا مطلب یہ ہے کہ اس کا قلب علم اور وقار کا مقر بن جاتا ہے جو اس سے قبل اسے حاصل نہ تھا۔

وَبَقِیَّۃٌ اور ہونے والا بقیہ۔ مِمَّا یہ من تبعیضیہ ہے بعض اس میں سے جو کہ تَرَکَ اٰلُ مُوْسٰی وَاٰلُ ھٰرُوْنَ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام نے چھوڑا وہ تورات والی تختی کے چند ٹکڑے اور موسیٰ علیہ السلام کا عصا (جو بہشتی مورد کے

marfat.com
Marfat.com

درخت سے بنایا تھا) اوران کے کپڑے اور نعلین شریف اور ہارون علیہ السلام کی دستار مبارک اور تورات شریف کے چند آیات اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم اور من یعنی وہ ترنجبین کی بوری جو بنی اسرائیل پر اتری تھی۔ جسے وہ ارض تیہ میں کھاتے تھے مراد ہے۔

ف: آل سے مراد ان حضرات کے اپنے نفوس مقدسہ ہیں یہاں آل کا لفظ زائد ہے یا ان کے ابناء یا اتباع مراد ہیں۔

تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ اسے فرشتے اٹھاتے تھے یہ تابوت سے حال ہے یعنی طالوت کی بادشاہی کی علامت یہ ہے کہ اس کے لئے صندوق آئے گی تو اس کا جواب ملا کہ اسے فرشتے اٹھا کر لائیں گے۔

سوال: اس صندوق کو فرشتے اٹھا کر نہیں لائے اسمیں اگرچہ بعض روایتیں ہیں لیکن ہر دونوں سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً پہلی روایت میں ہے کہ یہ صندوق خود بخود آسمان سے اتری تھی صرف ملائکہ اس کی حفاظت کرتے تھے دوسری روایت میں ہے اسے آسمان کی گاڑی پر رکھ کر دو بیلوں پر لایا گیا جنہیں فرشتے ہانکتے تھے۔

جواب: دونوں روایتوں کے لحاظ سے فرشتوں کی طرف منسوب کیا گیا ہے کہ وہ اس صندوق کی حفاظت کرتے تھے اور قاعدہ ہے کہ جو بھی کسی شئے کے راستہ کی حفاظت کرتا ہے تو اسے اس شے کے اٹھانے سے موصوف کیا جاتا ہے اگرچہ اسے اٹھانے والا کوئی اور ہو۔ جسے کہتے ہیں: حملت الامتعد الی زید۔ یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کوئی راستہ میں اس شے کی حفاظت کرے اگرچہ اسے اٹھانے والا کوئی اور ہو۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ ممکن ہے کہ یہ بنی اسرائیل یہ نبی علیہ السلام کے قول کا تتمہ ہو یا یہ نیا جملہ ہے اور خطاب اللہ تعالیٰ سے ہے یعنی اس تابوت میں لَاٰیَةً البتہ بڑی آیت تھی۔ لَّكُمْ جو تمہارے لیے دلالت کرتی طالوت کی بادشاہی اور تمہارے نبی علیہ السلام کے قول کی صداقت پر جب کہ انہوں نے فرمایا کہ طالوت کو اللہ تعالیٰ نے تمہارا بادشاہ بنایا بیشک یہ امر عادت کے مناقض ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ اگر تم مومن ہو یعنی اگر اللہ تعالیٰ کو مانتے ہو تو اس کی یہ بات بھی سچ مانو کہ اس نے نبی طالوت کو تمہارا بادشاہ بنایا۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ بندے کی خلافت (بادشاہی) کی علامت یہ ہے کہ وہ قلب کے

marfat.com
Marfat.com

صندوق پر کامیاب ہوجائے۔ جس میں رب تعالیٰ کی طرف سے سکینہ ہے۔ یعنی اپنے ایمان اور انس مع اللہ پر مطمئن ہونے والے اور وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ الخ سے مراد ذکر یعنی لا الہ الا اللہ کا عصا مراد ہے اور یہی کلمہ تقویٰ ہے اور یہ وہی سانپ ہے جس نے جب منہ کھولا تو فرعون نفس کے صفات کے تمام جادوگروں کے پھندوں کو ہڑپ کر دیا ذکر اللہ کے عصا کو قلوب کے صندوق میں اللہ تعالیٰ نے اپنے جمال وجلال کے دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھا جیسے حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا قلب اللہ تعالیٰ کی صرف دو انگلیوں میں ہے صفت جلال سے اس فجور کا الہام فرمایا ہے اور صفت اکرام سے اس کا تقویٰ۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا اور یہ بات نہ تو اللہ تعالیٰ نے ملک ومقرب کے ہاں امانت رکھی اور نہ اسے قبل کسی مرسل کو۔ پچھلی امتوں کے سکینہ اور حضور علیہ السلام کی امت کے سکینہ سے ان کے اولیاء وانبیاء کا حصہ نہیں تھا اگرچہ اس صندوق میں تورات کی بعض آیات رکھی ہوئی تھیں لیکن اس امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے قلوب مبارک کے صندوق میں تمام قرآن پاک محفوظ ہے اور ان کے تابوت میں چند گھر ہوتے ہیں۔ جیسے حضرات انبیاء علیہم السلام کی صورتیں ہیں اور ان کے قلوب کے صندوق میں چند خلوت خانے ہیں جن کے اندر سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی غیر کو آنے کی اجازت نہیں ہوتی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا نہ میں زمین پر سما سکتا ہوں اور نہ آسمان میں لیکن مومنین کے قلب میں سما جاتا ہوں جب روح انسان طالوت کے لئے میسر ہو یعنی جب اسے قلب ربانی کا تابوت دیا گیا تو اس کو ملک وخلافت اور سر پر سلطنت عطا ہوئی اس پر صفات انسانی کی تمام اسباط نے اعتماد کیا اس کے بعد وہ انسان کامل غدار دنیا کی طرف نہ صرف غیر متوجہ ہوتا ہے بلکہ اس سے پورے طور پر علیحدہ ہو کر جالوت نفس امارہ کی لڑائی میں لگا رہتا ہے اور یہ صرف فضل الٰہی اور طریقت کی راہ چلنے اور حقیقت سے تمسک کرنے سے نصیب ہوتا ہے۔

رہ نیست روئے از طریقت متاب بنہ کام وکامی کہ خواہی بیاب

ترجمہ: جو شخص چاہتا ہے کہ وہ سکینہ میں متجاوز ہو کر معرفت تک پہنچے تو اسے چاہیے کہ قلب کی صفائی کرے اس کے لئے معرفت الٰہی ہی قلب کے سکینہ کا نام ہے جیسا کہ قلب سکون کا موجب ہے۔

حکایت: حضرت ابو یزید رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا معرفت کیا شے ہے؟ تو آپ نے یہ آیت اِنَّ اللّٰهَ لَا

marfat.com
Marfat.com

مَلَكُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً تلاوت فرمائی۔ یعنی معرفت کی مثال ان بادشاہوں جیسی ہے جو کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو وہاں کے اہل غلبہ کو کمزور بناتے ہیں یعنی ان کے وہ حالات تبدیل کر دیتے ہیں جن پر وہ ہوتے ہیں اسی طرح جب واردات ربانیہ پر (جو کہ شہوات وخواہشات سے پر ہوتی ہیں) وارد ہوتے ہیں تو ان قلوب کو ردی اوصاف سے پاک وصاف کر دیتے ہیں۔ حضرت ابو یزید سے پوچھا گیا کہ آپ نے معرفت کو کیسے پایا تو آپ نے فرمایا پیٹ کو بھوکا کر کے اور بدن کو ننگا رکھ کر یعنی اچھے لباس سے محروم رکھ کر۔

حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ نے فرمایا:

باندازہ خور زادا گر مسروی — چنیں پر شکم آدمی یا خمی

ندارند تن پروران آگہی — کہ پر معدہ باشد ز حکمت تہی

اے اللہ ہمیں ان رکاوٹوں سے بچا جو تیرے تک پہنچنے میں مانع ہوتی ہیں۔ (آمین)

marfat.com
Marfat.com

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ

پھر جب طالوت لشکروں کو لے کر شہر سے جدا ہوا بیشک اللہ تمہیں ایک نہر سے آزمانے والا ہے تو جو اس کا پانی پیے وہ میرا

مِنِّيْ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا

نہیں اور جو نہ پیے وہ میرا ہے مگر ہو جو ایک چلو اپنے ہاتھ سے لے لے تو سب نے اس سے پیا مگر تھوڑوں نے

مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ

پھر جب طالوت اور اس کے ساتھ کے مسلمان نہر کے پار گئے بولے آج ہم میں طاقت نہیں جالوت اور اس کے لشکروں کی

قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ

بولے وہ جنہیں اللہ کا یقین تھا کہ بارہا کم جماعت غالب آئی ہے زیادہ گروہ پر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

اللہ کے حکم سے اور اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔ پھر جب سامنے آئے جالوت اور اس کے لشکروں کے عرض کی اے رب ہمارے ہم پر

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ

صبر انڈیل اور ہمارے پاؤں جمے رکھ کافر لوگوں پر ہماری مدد کر۔ تو انہوں نے ان کو بھگا دیا اللہ کے حکم سے اور قتل کیا

دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

داؤد نے جالوت کو اور اللہ نے اسے سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور اسے جو چاہا سکھایا اور اگر اللہ لوگوں میں بعض سے بعض کو دفع نہ کرے

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝

تو ضرور زمین تباہ ہو جائے مگر اللہ سارے جہان پر فضل کرنے والا ہے۔

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ ہم اے محبوب تم پر ٹھیک پڑھتے ہیں اور تم بیشک رسولوں میں ہو۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر عالمانہ

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ پس جب طالوت اپنے لشکر کو لے کر شہر سے جدا ہوئے فصل دراصل فصل نفسہ کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے لیکن چونکہ یہ فاعل ومفعول کے لحاظ سے متحد ہے اس لیے یہ عموماً محذوف المفعول ہوکر آتا ہے یہاں تک کہ اب اتصال کے معنیٰ میں بمنزلہ فعل لازم کے ہوگیا ہے اب معنیٰ یہ ہوا کہ جب وہ اپنے شہر سے جدا ہوئے بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر عمالقہ کی جنگ کے لئے اور جنود، جند کی جمع ہے بہت بڑے سخت لشکر کو کہا جاتا ہے جند سے ماخوذ ہے بمعنی وہ زمین جو سخت قسم کی ہو اور ہر قسم کی مخلوق کو جند (لشکر) کہا جاتا ہے۔

ف: مروی ہے کہ جب انہوں نے صندوق طالوت کے ہاں دیکھی تو اب انہیں اپنی فتح مندی کا پورا یقین ہوگیا اس لیے جہاد کی طرف تیزی سے روانہ ہونے لگے حضرت طالوت نے فرمایا کہ میرے ساتھ جنگ کے لئے بوڑھے مریض نہ چلیں اور نہ ہی وہ لوگ جو دوسروں کی خدمت میں مصروف ہیں اور نہ ہی تاجر اور نہ قرض دار اور نہ ہی وہ جس نے ابھی ابھی بیاہ کیا ہو اور پھر اپنی عورت سے پہلی رات بھی نہ گزار سکا ہو میرے ساتھ صرف نوجوان چلیں اور وہ بھی بطیب خاطر اور ہر دنیوی خیال سے فارغ ہوکر طالوت کے اس اعلان پر ان کے اپنے انتخاب پر اسی ہزار (80000) جنگی جمع ہوگئے اور وہ سخت گرمی کا موسم تھا اور راستہ بھی وہ اختیار کیا جس کے ہر سو جنگل ہی جنگل تھے جس میں پانی کی قلت تھی اس لیے انہوں نے پانی کا شکوہ کیا اور کہا دعا کیجئے تا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے لئے نہریں جاری کرے۔

قَالَ اپنے شمویل علیہ السلام کی خبر دینے پر طالوت نے انہیں فرمایا کہ: اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرنے والا ہے۔ یعنی تمہارے ساتھ وہ معاملہ کرے گا جس کی کسی سے آزمائش کی جاتی ہے آزمائش بھی اس سے ہوگی جس کی تم نے طلب کی ہے یعنی پانی سے یہ آزمائش اس لیے ہوئی کہ طالوت کو مخلص اور غیر مخلص کا علم ہوجائے تا کہ پھر اس غیر مخلص کو اپنے لشکر سے ہٹا دے اس لیے کہ قاعدہ ہے کہ اگر غیر مخلص لشکر میں موجود ہو تو مخلصین پر برا اثر پڑتا ہے پھر اس سے لشکر میں ضعف پڑ جاتا ہے جس کی نحوست سے شکست ہوتی ہے۔

آنکہ جنگ آرد بخون خویش بازی می کنند　　روز میدان آنکہ بگریزد بخون لشکری

(چنانچہ اس کے بعد سونے اور چاندی کی طرح نکھر گئے جیسا کہ سونے میں کھوٹ ملا ہوتا ہے تو ان میں آگ کی بھٹی سے نکھارا

marfat.com
Marfat.com

جاتا ہے پھر خالص علیحدہ ہو جاتا ہے اور کھوٹ علیحدہ)

فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ پس وہ شخص جو اس سے پئے گا یعنی اس نہر سے ابتداء پانی پئے گا بایں طور کہ منہ کے بل سے پانی پی لے الکرع لغت میں پانی کی جگہ پر منہ لگا کر پی لینا بغیر اس کے کہ اسے چلو میں یا برتن میں پیا جائے۔

فَلَيْسَ مِنِّيْ پس وہ مجھ سے یعنی ہماری جماعت مومنین کے گروہ سے نہیں اس تقریر پر مَنْ تبعیضیہ ہے۔ متکلم کی ضمیر پر داخل ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان اصحاب کو آپس میں قوت وطاقت اور باہمی اختصاص واتصال اور اتحاد کی وجہ سے وہ گویا ایک دوسرے کا جز ہیں یا یہ معنیٰ ہے کہ جو پانی پئے گا میرے ساتھ متحد نہیں اس معنیٰ پر یہ من اتصالیہ ہوگا۔ جیسے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ میں مَنْ اتصالیہ ہے یعنی متحمل بالبعضالا خر و متحدمعه یعنی ان کا بعض دوسرے بعض کے ساتھ متصل اور اس کے ساتھ متحد ہے۔ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ اور جو اس سے نہیں چکھے گا الطعم یہاں پر بمعنی چکھنے کے ہے۔ لغت میں کسی چیز کو تھوڑا سا لینے کے لئے کہا جاتا ہے۔ طعم الشئی یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ کھانے پینے کی چیز سے تھوڑا سا چکھ لے۔ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ بے شک وہ میرے سے ہے۔ یعنی وہ میرے اہل دین سے ہے۔

اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ ہاں جو اس میں سے ہاتھ سے صرف ایک چلو لے گا یہ فَشَرِبُوْا مِنْهُ سے استثناء ہے اس کے درمیان جملہ معترضہ ہے۔ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ کو درمیان میں لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ اس نہر کا پانی نہ پینا عزیمت ہے اور تھوڑا سا پی لینا رخصت ہے اور قاعدہ ہے کہ عزیمت کا بیان رخصت سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

حل لغات : الغرفة بالضم نام ہے پانی کی اس مقدار کا جو چلو سے حاصل ہوتا ہے۔ (الغرف) پانی کو آلہ سے لینا جیسے چلو یا برتن دراصل الغرف بمعنیٰ القطع اور الغرفه بروزن العبته عمارت کے ایک حصہ کو کہا جاتا ہے اور اس کی الباء اختلاف سے متعلق ہے۔

ف: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت طالوت کے حکم کی برکت یہ ہوئی کہ صرف اس ایک غرفہ انہیں اور آپ کی سواریوں اور آپ کے خدام کو مکتفی ہو کر باقی بچ رہتا۔ حضرت امام نے فرمایا ابن عباد کے قول میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ طالوت کو پانی پیتے وقت یوں اجازت ہوئی کہ آپ اس مہر سے یکبارگی جس طرح سے لے سکتے ہیں لے لیں اور بس اور ان کا وہی ایک بار لے لینا انہیں اور ان کی

marfat.com
Marfat.com

سواریوں اور خدام کو کافی رہے گا اس لیے بچے ہوئے پانی کو پی کر باقی جو بچ جائے اسے ساتھ لے جائیں تو کوئی حرج نہیں۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس نہر سے تھوڑا سا پانی لے لیا پھر اس تھوڑے میں اتنی برکت ہوئی کہ اسے آپ اور آپ کی سواریوں اور خدام کو کافی رہا یہ اس زمانے کے نبی کے معجزات میں سے تھا جیسے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں تھوڑے سے پانی سے ایک بہت بڑے لشکر کو سیراب کرایا تھا۔

فَشَرِبُوْا مِنْهُ مگر ان میں تھوڑے (وہ تین سو تیرہ تھے) اصحاب بدر کی گنتی کے مطابق یعنی وہ جنہوں نے صرف ایک چلو پر اکتفا کیا اس لیے وہ سیر بھی ہو گئے اور جن لوگوں نے حضرت طالوت کی مخالفت کی وہ جونہی گھٹنوں کے بل پانی پینے لگے تو الٹا ان کی پیاس بڑھ گئی اور پانی پیتے پیتے ان کے ہونٹ سیاہ ہو گئے اور پیاس کی شامت میں نہر پر پڑے رہے اس طرح سے مخالف و موافق کی پہچان ہوئی طالوت ان مخالفین کو چھوڑ کر چلے گئے۔

نہ بے حکم شرع آب خوردن خطا است　　وگر خون بفتویٰ بریزی رواست

سبق: وہ لوگ اس لیے مردود ہوئے کہ وہ پانی اگرچہ انہیں حلال تھا لیکن اسے مخصوص طریق سے پینے کے خلاف کیا تو پھر وہ صرف مردود ہی نہ ہوئے بلکہ تھوڑی دیر کے بعد مر گئے۔ غور کیجئے اس کا کیا حال ہوگا جو کھانے پینے کی حرام اشیاء کو ہضم کر جاتا ہے پھر اس کی بات کیسے قبول ہو اور کیسے اسے کامل انسان سمجھا جا سکتا ہے؟

ف: مفسرین میں کسی کا خلاف نہیں کہ جنہوں نے نہر کو عبور کیا چنانچہ باری تعالیٰ کے ارشاد گرامی سے معلوم ہوتا ہے. فَلَمَّا جَاوَزَهٗ پس جب کہ اس نے نہر کو عبور کیا۔ هُوَ اس طالوت نے وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور ان لوگوں نے جو ایمان لائے وہ تھوڑے تھے جنہوں نے طالوت کا فرمان مانا اور ان کی مخالفت نہ کی اس امر میں جس کی طرف انہوں نے انہیں پیش کیا اس سے معلوم ہوا کہ ان کے ماسوا بے فرمان لوگ ایمان کی دولت سے محروم ہو گئے۔ یعنی اس طالوت کے ساتھ اس کا تعلق جَاوَزَهٗ سے ہے نہ کہ اٰمَنُوْا سے قَالُوْا کہا ان بعض نے جو طالوت کے ساتھ تھوڑے سے مسلمان رہ گئے اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو يَظُنُّوْنَ الخ میں ہیں پس مومن وہ تھے جو نہر کو عبور کر گئے۔ اس وقت بیدو گروہ بن گئے ایک تو زندگی چاہتا اور موت سے کراہتا تھا ان کی طبع پر خوف و جزع غالب ہو گیا۔ دوسرا گروہ بہادر اور قوی القلب تھا انہیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی وجہ سے موت کی پروانہ تھی قسم

marfat.com
Marfat.com

اول وہی لوگ ہیں جنہوں نے کہا: لَاطَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ہمیں آج جالوت اور اس کے لشکر کے لئے کوئی طاقت نہیں ہے۔ بمعنیٰ ان کے ساتھ جنگ کرنے کی قوت نہیں ہے۔ چہ جائیکہ ہمیں ان پر کوئی غلبہ ہو وہ اس لیے کہ جب انہوں نے جالوت کے لشکر کی کثرت وقوت کو دیکھا تو گھبرا گئے اس لیے کہ وہ ایک لاکھ جنگی ہتھیار سے لیس تھے دوسرا گروہ وہ تھا جنہوں نے بطیب خاطر طالوت کا ساتھ دینے کا دم بھرتے ہوئے کہا: كَمْ مِّنْ فِئَةٍ الـــخ قَالَ گویا کہا گیا کہ پھر ان کے مخاطب نے انہیں کیا کہا؟ تو جواب دیا گیا کہ کہا: الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ان لوگوں نے جنہیں یقین تھا کہ بے شک وہ اللہ تعالیٰ کی مدد اور اس کی تائید کو ملنے والے ہیں۔ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بہت سا تھوڑا گروہ بہت بڑے گروہ پر غالب آجاتا ہے۔ یعنی بہت بار مٹھی بھر جماعت بہت بڑے لشکر پر غلبہ پا جاتی ہے۔ الفئتہ جماعت کو کہا جاتا ہے۔ وہ قلیل ہوں یا کثیر۔ بِاِذْنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کے آسان کر دینے کی وجہ سے اس لیے کہ جملہ امور کا دارومدار اس کی مشیت پر ہے اس لیے وہ کبھی ذلیل نہیں ہوسکتا جس کی اللہ تعالیٰ مدد کرے اگرچہ وہ گنتی کے لحاظ سے تھوڑے کیوں نہ ہوں۔ اسی طرح جسے اللہ تعالیٰ ذلیل کرے اسے کوئی عزت نہیں دے سکتا اگرچہ اس سے اسباب کثیر اور گنتی کے لحاظ سے اس کا بہت بڑا لشکر بھی ہو بنابریں ہم بھی انشاء اللہ جالوت اور اس کے لشکر پر غالب ہو جائیں گے۔ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ دشمن پر غلبہ اور صبر کی توفیق بخشتا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کے دشمن سے مقابلہ ہوتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ حضرت امام راغب اصفہانی علیہ الرحمہ نے فرمایا قصہ میں دنیا اور اہل دنیا کی مثال دی گئی ہے۔ کہ جو شخص دنیا سے اتنی مقدار لیتا ہے جو اسے دنیوی ضروریات کو مکتفی ہوتا ہے تو وہ بچ گیا اور نجات پا گیا اور جو اس سے ضروریات سے زائد حاصل کرتا ہے وہ پیاس میں بڑھتا رہتا ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ دنیا نمک کی طرح ہے جو ضرورت سے زائد لیتا ہے اسے پیاس ستاتی ہے۔

حدیث شریف: میں ہے کہ اگر ابن آدم کے لئے دو وادیاں نہر سونے کی ہوں تو چاہتا ہے کہ تیسری بھی حاصل ہو ابن آدم کو صرف مٹی ہی بھرے گی یعنی وہ ہمیشہ دنیا کے حرص میں لگا رہتا ہے یہاں تک کہ مر جاتا ہے ہاں جو توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے یعنی اس حرص سے (جو کہ مذموم ہے) اسی طرح تمام برائیوں سے

marfat.com
Marfat.com

توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔

نکتہ : حضور علیہ السلام نے فرمایا انسان لفظ نہیں اس میں اشارہ ہے کہ ابن آدم مٹی سے پیدا کیا گیا اور اس کی طبیعت میں ہے اور اس کا ازالہ ممکن ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ اس پر توفیق کی بارش برسائے۔

نتیجہ : غافل پر لازم ہے کہ وہ اپنے نفس کو دنیا کی تمام اشیاء کو حاصل کرنے کے دکھ میں نہ ڈالے اس لیے کہ رزق مقرر کردہ اور تقسیم شدہ ہے۔

وحی ربانی: مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام سے فرمایا جو کچھ میں چاہتا ہوں تم بھی چاہتے ہو یا نہ۔ یاد رکھو جو میں چاہتا ہوں اگر تم اس پر راضی ہو جاؤ تو میں تجھے وہ دوں گا جو تم چاہتے ہو اگر تم میری رضا پر راضی نہ ہو گے تو میں تمہیں تکلیف میں مبتلا کروں گا پھر وہی ہو گا جو میں چاہتا ہوں۔

ف: لوگوں کو جس نہر سے آزمائش کی گئی اس سے طبیعت جسمانیہ کا چشمہ مراد ہے جو حرص کر کے اس سے سیر ہو کر بہت زیادہ پیتا ہے تو وہ اہل حقیقت سے نہیں بلکہ اہل طبیعت سے اور شہوات کا پجاری ہے اور وہ شہوات میں مشغول ہو کر اللہ تعالیٰ سے دور ہے۔ ہاں جو متاع دنیا سے کنارہ کش رہتا ہے مگر اتنی مقدار جو ماکولات و مشروبات وملبوسات اور مسکن میں سے اسے ضرورت ہے وہ معافت ہے اگر دنیا سے اتنا تعلق رکھتا ہے جتنا اس کے جسم کی مجبوری ہے اس قدر کرتا ہے جتنا اس کا قوام ہے تو اولیاء اللہ سے ہے۔

خلاصہ یہ کہ یہ دنیا اور اس کی زینت نہر ہے جو ہمیشہ اس کے کنارہ پر رہے وہ زیادہ مطمئن رہے گا جو اس نہر کو عبور کرتا ہو اس کی طرف توجہ بھی نہیں کرتا وہ کامیاب ہے لیکن ایسے لوگ عوام کی نسبت عشر عشیر ہوتے ہیں اور عوام تو گنتی سے باہر ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو قوت وقناعت نصیب فرمائے اور ہمیں اہل سنت کے عقائد سے جدا نہ کرے۔

حدیث شریف: مروی ہے کہ حضور علیہ السلام نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اپنی وصیت میں فرمایا کہ اے ابو ہریرہ نیک لوگوں کے طریقے نہ چھوڑنا جب کہ قیامت میں لوگوں کو گھبراہٹ ہو گی لیکن وہ مطمئن ہوں گے اور جب کہ لوگ جہنم کی آگ سے پناہ مانگتے ہوں گے لیکن وہ اس وقت بے خوف خطرہ ہوں گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی وہ لوگ کون ہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ نے فرمایا قرب قیامت میں میری امت میں وہ ہیں جن کا حشر حضرات انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہو گا۔ لوگ

marfat.com
Marfat.com

جب انہیں دیکھیں گے تو سمجھیں گے کہ یہ انبیاء ہیں۔ کیونکہ ان کے وہی مراتب ہوں گے جو انبیاء علیہم السلام ہوں گے یہاں تک کہ میں پہچان کر کہوں گا کہ اے میرے امتیو! اے میرے امتیو! اس سے مخلوق کو معلوم ہوگا کہ یہ انبیاء نہیں ہیں۔ وہ جب وہاں چلیں گے تو ان کی رفتار بجلی یا ہوا کی طرح ہوگی اور ان کے انوار سے لوگوں کی آنکھیں چندھیا جائیں گی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بھی وہی عمل بتایئے تا کہ میں ان کی طرح ہو جاؤں۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ سخت راستہ پر چلنے والے ہیں انہوں نے بھوک کو اختیار کیا جب کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہر طرح کی ناز و نعمت سے نوازا اور وہ پھٹے پرانے کپڑوں میں زندگی گزارتے ہیں باوجود یہ کہ ان کے پاس ہر طرح کی بہترین پوشاک ہوتی ہے اور پیاسے رہتے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں پینے کے بہترین مشروبات عنایت فرمائے ہیں۔ صرف اس امید پر کہ ہم اللہ تعالیٰ کے اس حلال رزق کو استعمال کریں تو کل قیامت میں اس کا حساب کس طرح دیں گے وہ اہل دنیا کے ساتھ گزارتے ہیں ان کے جسم تو ان کے ساتھ ہوتے ہیں لیکن وہ ان کے ساتھ ذرہ بھی مشغول نہیں ہوتے ان کی عبادت سے انبیاء علیہم السلام وملائکہ کو تعجب ہوگا انہیں مبارک باد۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: میری تمنا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مجھ سے جلد ملائے اس کے بعد آپ ان کی ملاقات کے شوق میں روئے۔

اولیاء اللہ کے برکات اور ان کا وسیلہ

حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا اہل زمین پر عذاب بھیجنے کا ارادہ ہوتا ہے لیکن اپنے پیاروں کو دیکھتا ہے تو ان کی وجہ سے اہل زمین سے عذاب ہٹا لیتا ہے اے ابو ہریرہ تم ان کے طریقے کو لازم پکڑو۔

حضرت شیخ عطار قدس سرہٗ نے فرمایا:

در راہ مرداں از خویش نہاں ماندہ — بی جسم و جہت کشتہ بے نام و نشاں ماندہ
تمکان شریعت ہم دلشان حقیقت ہم — ہم دل شدہ و ہم جاں نہ ایں و نہ آں ماندہ

ان پر اللہ تعالیٰ کے سلام اور رحمت و برکتیں ہوں اے اللہ ہمیں بھی ان سے بنا دے۔ (آمین)

تفسیر عالمانہ وَلَمَّا بَرَزُوْا اور جب وہ ظاہر ہوئے یعنی طالوت اور ان کے ساتھ اہل ایمان ظاہر ہوئے اور

marfat.com
Marfat.com

آ گئے جنگ کے میدان کی زمین پر پہنچ گئے۔ لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ جالوت اور اس کے لشکر کے لئے اور ان کی تعداد اور ان کی اپنے متعلق دشمنی کا معائنہ کیا اور یقین کیا کہ ہمارا بظاہر ان سے مقابلہ نہیں ہو سکے گا۔ قَالُوْا جب اہل ایمان کے دل قوی ہو گئے تھے تو کفار کی طعن و تشنیع سے عجز و انکسار کر کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرنے لگے :رَبَّنَا وہ اپنی عبودیت کا اقرار اور اپنی اصلاح کی طلب کر رہے تھے اس لیے لفظ رب سے صرف یہی مفہوم ظاہر ہے۔ اَفْرِغْ عَلَيْنَا یہ افراغ الاناء کے محاورہ سے ہے یہ اس وقت بولتے ہیں جب کہ برتن کو اس شئے سے خالی کر لیا جائے جو اس کے اندر ہو یعنی ہمارے اندر صبر ڈال دے یہ کمال واکثار سے استعارہ ہے۔

سوال: جب افراغ خود متعدی ہے پھر اسے علی سے متعدی کرنے کا کیا مطلب؟

جواب: افراغ میں طلب کا معنیٰ مقصود ہے اس لئے کہ صبر ان پر غالب اور ان کو ایسے شامل ہوتا ہے جیسے ظرف مظروف کو۔ صَبْرًا جنگ کی شدائد کی سختیوں اور تنگیوں کے موارد کے ہجوم کے وقت صبر کی توفیق عطا فرمانا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہمیں وہ امور عطا فرما کہ جن کی وجہ سے ہم جنگ کی سختیوں اور قدموں کے ڈگمگانے کی پریشانیوں سے بچ جائیں۔ مثلاً قلوب کا مضبوط ہونا اور دشمنوں کے دلوں پر رعب چھا جانا اور دیگر وہ اسباب جن کی وجہ سے ہمیں فتح و نصرت نصیب ہو۔

ف: ثبات قدم سے اس کا کمال مراد ہے یعنی مقابلہ کے وقت رسوخ حاصل ہو اور اس وقت ہمارے قدم ڈگمگانہ جائیں صرف ثابت قدمی ہی مطلوب نہیں۔ وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ اور ہمیں کافروں پر فتح اور غلبہ عطا کر اور انہیں شکست دے۔

ف: دعا میں ترتیب بلیغ کی رعایت کی گئی ہے کہ پہلے انہوں نے اپنے قلوب کے لئے صبر کا سوال کیا اس لیے کہ جنگ کا دارومدار اسی پر ہے اس کے بعد انہوں نے ثابت قدمی کا عرض کیا جو صبر سے متفرع ہے اس کے بعد کفار پر فتح و نصرت کا سوال کیا جو اصلی مقصد تھا۔

فَهَزَمُوْهُمْ پھر جالوت کے لشکر کو طالوت کی جماعت نے بلا تاخیر شکست دے دی۔ بِاِذْنِ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی مدد و تائید سے اس سے معلوم ہوا کہ ان کی دعا قبول ہو گئی۔ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ اور جالوت کو داؤد علیہ السلام نے قتل کر دیا۔

marfat.com
Marfat.com

جالوت کا تعارف: جالوت بہت بڑے سرکش اور عمالقہ کا سردار بلکہ ان کا بادشاہ تھا اور عملیقہ بن عاد کی اولاد سے تھا۔ بہت جنگجو اور بہت طاقتور تھا اور بہت بڑے بہادر لشکروں کو منٹوں میں شکست دے دیتا تھا اس کی لوہے کی تلوار السیفہ ایسی بھاری اور سخت تھی جس کا وزن تین سو رطل تھا اور طویل القامت اتنا کہ ایک میل تک اس کا سایہ پڑتا تھا۔

حضرت داؤد علیہ السلام کا تعارف: حضرت طالوت کے لشکر میں ایشی نامی یعنی داؤد علیہ السلام کے والد گرامی منجملہ ان میں سے تھے جو طالوت کے ساتھ نہر سے عبور کر کے آئے تھے ان کے ساتھ صاحبزادے تھے ان میں سب سے چھوٹے حضرت داؤد علیہ السلام تھے اور بکریاں چراتے تھے اس لیے وہ ان میں شامل نہ تھے بلکہ اپنے گھر میں رہ گئے تھے۔

اشمویل علیہ السلام کا علم غیب: ۔اللہ تعالیٰ نے اس لشکر کے نبی یعنی حضرت اشمویل علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ داؤد بن ایشی ہی جالوت کو قتل کریں گے۔ فلہٰذا انہیں بلوا لیجئے۔ چنانچہ حضرت شمویل علیہ السلام نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بلایا اور شمویل علیہ السلام نے انہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے ہاتھوں جالوت کو مارے گا فلہٰذا آپ جنت میں ہمارے ساتھ رہنا۔ حضرت داؤد علیہ السلام ان کے ساتھ ہو لئے۔

حضرت داؤد علیہ السلام اور ایک پتھر کا واقعہ:۔

جب حضرت داؤد علیہ السلام جنگ کے لئے روانہ ہوئے تو راستہ میں آپ سے ایک پتھر مخاطب ہوا کہ اے داؤد مجھ کو اٹھا لیجئے میں وہی پتھر ہوں جس کے ذریعے حضرت ہارون علیہ السلام نے فلاں فلاں بادشاہ کو قتل کیا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اسے اپنے کشکول میں رکھ لیا اس کے بعد کچھ آگے چلے تو دوسرا پتھر بولا کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لیجئے اس لیے کہ میں موسیٰ علیہ السلام کا پتھر ہوں میری وجہ سے فلاں فلاں بادشاہ کو قتل کیا آپ نے اسے بھی اپنے کشکول میں رکھ لیا اس کے بعد تیسرا پتھر بولا کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لیجئے اس لیے کہ آپ میری وجہ سے جالوت کو قتل کریں گے آپ نے اسے بھی کشکول میں رکھ لیا آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ آپ قذافہ سے ہی تیر مارتے تھے آپ اس قذافہ سے جسے بھی تیر مارتے تھے خواہ بھیڑیا ہو یا شیر یا چیتا تو ایک ہی وار سے اسکا خون ٹھنڈا کر دیتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

جنگ کے حالات:

جب دونوں لشکر جنگ کے لئے آمنے سامنے ہوئے تو سب سے پہلے ہی جالوت سرکش میدان میں کودا اور اعلان کیا کہ آؤ میرے مقابلہ میں کون آتا ہے۔اس کی ہیبت دیکھ کر کوئی بھی میدان میں آنے کی ہمت نہ کر سکا۔اس پر جالوت نے کہا اے بنی اسرائیل اگر تم حق پر ہو تو میدان میں نکلو کیوں چھپے بیٹھے ہو۔حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا کہ تم میں کون ہے جو اس غیر مختتوں کے مقابلہ کو جاتا ہے۔سب کے سب خاموش ہو گئے۔حضرت طالوت نے داؤد علیہ السلام سے فرمایا کہ آپ ہی مقابلہ کیجئے اگر آپ کامیاب گئے تو میں اپنی لڑکی آپ کے نکاح میں اور آدھی بادشاہی دے دوں گا۔

مقابلہ کے لئے میدان میں تشریف لائے:۔

حضرت داؤد علیہ السلام پہلے ہی جنگ کے لئے تیار تھے صرف حکم کے منتظر تھے آپ نے جالوت کے اعلان جنگ کے لئے لبیک کہا اور تیاری کے لئے روانہ ہونے لگے تو حضرت طالوت نے انہیں اپنا شاہی گھوڑا دیا اور زرہ اور ہتھیار عنایت فرمائے آپ جنگی لباس پہن کر گھوڑے پر سوار ہوئے میدان جنگ کے قریب جا کر اپنے بادشاہ کے پاس واپس لوٹے بادشاہ کے حواری کہنے لگے یہ جواب بھی جالوت کے رعب کی تاب نہ لا سکا اس لئے واپس لوٹ رہا ہے۔حضرت داؤد علیہ السلام نے آتے ہی فرمایا بادشاہ سلامت! اگر میرا اللہ تعالیٰ مجھے مدد نہ دے تو مجھے آپ کے ہتھیار کوئی فائدہ نہیں دیں گے۔لیکن عام اختیار دیدے کہ میں جالوت کا مقابلہ جس طرح چاہوں کروں کچھ ضروری نہیں کہ میں تیرے ان ہتھیاروں سے لڑوں طالوت نے کہا جاؤ تمہیں عام اختیار ہے۔جس طرح دل چاہے لڑتے رہو۔

جالوت اور داؤد علیہ السلام کا مکالمہ:۔

حضرت داؤد علیہ السلام پھر واپس میدان جنگ میں چلے گئے اور اپنے کشکول کو لے کر گلے میں ڈالا فلاخن (فلاخن کو پنجابی میں گوسا کہا جاتا ہے) لے کر جالوت کے مقابلہ کے لئے چل پڑے۔مروی ہے کہ جالوت نے آپ کو دیکھتے ہی رعب ڈالنے کی کوشش کی وہ اس طرح کہ کہنے لگا کہ اے بیٹے مجھے تیری جوانی پر رحم آتا ہے لہٰذا تم واپس چلے جاؤ۔حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا غم نہ کھایئے انشاء اللہ میں ہی تجھے تباہ و برباد کر دوں گا

marfat.com
Marfat.com

جالوت نے کہا تجھے میں تیری فلاخن اور پتھر میں ایسے کھینچوں گا جیسے کتے کو کھینچا جاتا ہے۔ داؤد علیہ السلام نے فرمایا تم ہی کتے سے ذلیل ترین ہو کر مرو گے۔ جالوت نے کہا میں تیرا گوشت زمین کے درندوں اور آسمان کے پرندوں کو کھلاؤں گا۔ داؤد علیہ السلام نے فرمایا انشاء اللہ اللہ تعالیٰ میرا رب تجھے ایسے ہی کرے گا وہ بڑا قادر ہے۔

داؤد علیہ السلام کا جالوت کو قتل کر کے کھینچ کر طالوت کے سامنے لانا:۔

یہ گفتگو کرتے ہی حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے مکرر تینوں پتھر کشکول کرتے ہی حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے تینوں پتھر کشکول سے نکالے پہلے پتھر کو نکالا تو کہا بسم اللہ ابراہیم دوسرے پتھر کو نکالتے ہوئے کہا اسحٰق تیسرے پتھر کو نکال کر کہا بسم اللہ (یعقوب علی نبینا وعلیہم السلام) ان تینوں کو اپنی فلاخن میں رکھا خدا کی شان وہ تینوں خود بخود یکجان ہو گئے آپ نے فلاخن کا ڈورا ہاتھ میں لیا اور زور سے وہ پتھر جالوت کی طرف پھینکے۔ اللہ تعالیٰ نے ہوا کو حکم فرمایا وہ وہی پتھر لے کر اس کی تلوار کی نوک پر لگا تو اس کا زور دماغ کے اندر چلا گیا بلکہ دماغ کو چیرتا ہوا گدی سے باہر نکلا تو اس کے پیچھے کھڑے ہونے والے تیس جنگیوں کو مار ڈالا اللہ تعالیٰ نے کفار کو شکست دی جالوت زخم کی تاب نہ لا سکا نیچے گرا حضرت داؤد علیہ السلام نے اسے کھینچتے ہوئے طالوت کے آگے لا پھینکا اس سے مسلمانوں کو بیحد خوشی ہوئی اور فتح و نصرت سے صحیح سالم اپنے شہر کو لوٹے۔

طالوت کا داؤد علیہ السلام پر حسد کرنا:۔

واپس لوٹتے ہی طالوت نے حضرت داؤد علیہ السلام سے حسب وعدہ اپنی لڑکی کا نکاح کر دیا اور آدھی بادشاہی بانٹ کر داؤد علیہ السلام کی مہر کا اجراء کر دیا۔ اس سے عوام کالانعام حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف ہو گیا۔ ہر وقت اس کی تعریف کرتے ان کے گن گاتے اور ان کی محبت کا دم بھرتے اس لئے طالوت کو حضرت داؤد علیہ السلام سے حسد ہو گیا اور ارادہ کر لیا کہ انہیں قتل کر دوں حضرت داؤد علیہ السلام کو معلوم ہوا تو آپ نے وہاں سے بھاگ کر ایک پہاڑ میں عبادت گزار لوگوں کی رفاقت میں زندگی بسر کرنا شروع کر دی اور بہت عرصہ یہاں پہ بسر فرمایا لیکن طالوت کو حسد کا بھوت ایک مدت تک سوار رہا اسے علماء و صالحین داؤد علیہ السلام کے قتل کرنے سے باز رہنے کی نصیحت فرماتے لیکن ہر ناصح کی گردن اڑا دیتا اس سے وہ اپنے ارادہ پر سرگرم ہو گیا جو بھی نصیحت کرتا اسے مار ڈالتا بلکہ اب عام آرڈ جاری کر دیا کہ جتنے ہی علماء اور داؤد علیہ السلام

marfat.com
Marfat.com

کے خیر خواہ ہوں ان کو چن چن کر مار دو۔

طالوت کی توبہ اور شمویل علیہ السلام کا بعد وصال مدد کرنے اور وسیلہ بننے کا بیان:۔

ایک عرصہ تک طالوت یونہی کرتا رہا لیکن پھر اس کا نشہ اترا تو اپنے کئے پر نادم ہوا اور کہنے لگا ہائے میں نے کیا کیا رونے اور آنسو بہانے لگا رات دن بے قرار رہتا اور اتنا بے بس ہو گیا کہ اس کی زاری اور آہ و بکا پر لوگوں کو ترس آتا تھا ہر رات گورستان میں گزارتا اور روتے روتے اور دھاڑیں مارتے ہوئے کہتا کہ کوئی ہے جو بارگاہ حق میں میری توبہ قبول کرا دے یا مجھے خبر دے کہ تیری توبہ قبول ہو گئی۔ اس کی اتنی بہت بڑی زاری اور آہ و بکا کو دیکھ کر کسی نے کہا اے بادشاہ اب بھی اگر داؤد علیہ السلام کو قتل کرنے کی ہوس باقی ہے تو میں بتاؤں کہ داؤد علیہ السلام کہاں ہیں۔ اس نے کہا واللہ اب اگر مجھے داؤد علیہ السلام ملیں تو میں ان کی تعظیم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑوں گا بلکہ ان کا سچا پکا غلام بن کر رہوں گا اس عہد و پیمان کو باقاعدہ لکھا اور شاہی مہر لگا کر عام اعلان کر دیا اس کے بعد اس عورت کی خدمت میں حاضر ہوا جو اسم اعظم جانتی تھی اس کے قدموں پر سر رکھ دیا اور عرض کرنے لگا اے بی بی کیا تیرے علم میں ہے کہ میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ اس نے کہا تیری توبہ ہرگز قبول نہیں ہو سکتی البتہ ایک تدبیر باقی ہے وہ یہ کہ اگر تمہیں کسی نبی علیہ السلام کا مزار شریف معلوم ہو تو ان کے مزار شریف پر حاضری دو اور وہاں سے ہی تمہاری نجات ہو سکتی ہے۔ طالوت اس بی بی کو لے کر حضرت شمویل علیہ السلام کے مزار شریف پر حاضر ہوا، بی بی نے وہیں جا کر نوافل پڑھے اور دعا مانگی اور ندا دی صاحب مزار کی امداد اس کی ندا سن کر حضرت شمویل علیہ السلام مٹی سے بال جھاڑتے ہوئے مزار شریف سے باہر تشریف لائے لوگوں کے ہجوم کو دیکھ کر کہا تمہیں کیا ہو گیا ہے کیا قیامت تو قائم نہیں ہو گئی۔ بی بی نے کہا یہ طالوت ہے آپ سے عرض کرتا ہے کہ اس کی توبہ قبول ہو سکتی ہے۔ حضرت شمویل علیہ السلام نے فرمایا اے طالوت میرے بعد تو نے کیا کیا جب کہ میں نے تجھے کسی برائی کا سبق نہیں دیا۔ اس نے کہا حضرت نہ پوچھئے کہ آپ کے بعد میرے سے اتنے خطا سرزد ہوئے کہ جن کا شمار ناممکن ہے اب آپ کے پاس اس لئے آیا ہوں کہ مجھے درگاہ حق سے معافی دلوایئے آپ نے فرمایا آپ کے کتنے لڑکے ہیں۔ طالوت نے کہا میرے دس لڑکے ہیں۔ حضرت شمویل علیہ السلام نے فرمایا میں تیری توبہ کا کوئی علم نہیں رکھتا ہاں یوں ہو سکتا ہے کہ شاہی امور سے

marfat.com
Marfat.com

فارغ ہو جا پھر تو اور تیرے تمام لڑکے اللہ کی راہ میں مارے جائیں اس کی صورت یہ ہے کہ تیرے ایک ایک لڑکے کو تیرے سامنے قتل کیا جائے تو ان سب سے آخر میں قتل کیا جائے۔ یہ کہہ کر حضرت شمویل علیہ السلام مزار میں چلے گئے۔ جب طالوت یہ سن کر واپس لوٹا تو ویسے ہی عمل کیا جیسے شمویل علیہ السلام سے سنا۔ طالوت مارا گیا تو اس کا قاتل فوراً حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاں پہنچا اور سمجھا کہ انہیں طالوت کی موت کی خبر سناؤں گا تو خوش ہو جائیں گے۔ لیکن آپ سنتے ہی ناراض ہوئے اور اس کی فوراً گردن اڑا دی اور فرمایا: اگر وہ مارا گیا ہے تو بتایئے باقی کون زندہ رہے گا طالوت کو چالیس سال بادشاہی کرتے ہوئے گزرے تھے آخر مارا گیا اس کے بعد بنی اسرائیل نے مل کر طالوت کا تمام شاہی خزانہ حضرت داؤد علیہ السلام کے حوالے کر دیا اور نہیں اپنا بادشاہ چن لیا۔ چنانچہ داؤد علیہ السلام نے طالوت کے بعد ستر سال تک بادشاہی کی۔

وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں ملک عطا فرمایا یعنی تمام بنی اسرائیل کی شاہی اور مشارق یعنی ارض مقدسہ اور اس کے مغارب کی۔

ف: داؤد علیہ السلام سے قبل کسی ایک نبی پر بادشاہی پر بنی اسرائیل کو اتفاق نہ ہوا وَالْحِكْمَةَ اور حکمت یعنی نبوت۔

ف: داؤد علیہ السلام سے قبل بنی اسرائیل میں کوئی ایسا نہیں گزرا جس کے پاس ملک اور نبوت دونوں ہوں یہ صرف داؤد علیہ السلام کا خاصہ تھا کہ انہیں نبوت اور بادشاہی ملی ورنہ اس سے قبل بادشاہی ایک قبیلہ میں اور نبوت دوسرے قبیلہ کے لئے ہوتی۔ جیسا کہ پہلے تفصیل سے گزرا ہے۔

ف: حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور نازل ہوئی اس کی ایک سو چوبیس سورتیں تھیں۔

ف: حضرت داؤد علیہ السلام وہ ہیں جنہوں نے کہا اما بعد! اس کو فصل الخطاب کہا جاتا ہے جو صرف داؤد علیہ السلام کو عنایت ہوا۔

وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ اور انہیں اللہ تعالیٰ نے وہ علم عنایت فرمایا جو وہ چاہتا مثلاً زرہ بنانا داؤد علیہ السلام لوہے کی زرہ بنا کر بیچتے تھے اور آپ کی وجہ معاش اپنی کمائی سے تھی آپ کو دوسری تعلیم اللہ تعالیٰ سے نصیب ہوئی کہ آپ پرندوں کی بولی سمجھتے تھے اور پہاڑوں کی تسبیح جان لیتے تھے اسی طرح آپ کو خوش الحانی عطا ہوئی جو آپ سے قبل کسی کو نصیب نہ ہوئی کہ جب آپ زبور شریف پڑھتے تو پرندے آپ کے قریب ہو جاتے تھے اور اتنا قریب کہ

marfat.com
Marfat.com

انہیں ان کی گردنوں سے پکڑا جاسکتا بلکہ پرندے آپ کی آواز کے عاشق تھے کہ جب بھی کہیں آپ کی آواز سنائی دیتی تو جمع ہو جاتے اسی طرح آپ کے پڑھنے سے پانی جاری ہو جاتا اور چلتی ہوئی ہوا رک جاتی۔

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ اور اگر اللہ تعالیٰ کا دفع کرنا نہ ہوتا۔ الدفع مصدر ہے اور اپنے فاعل کی طرف مسند ہے ای صرفہ یعنی اللہ تعالیٰ کا پھیرنا۔ اَلنَّاسَ یہ الدفع کا مفعول بہ ہے۔ بَعْضَهُمْ ان کے بعض کو یعنی وہ لوگ جو شر اور فساد کرتے ہیں یہ بَعْضَهُمْ ، اَلنَّاسَ سے بدل البعض من الکل ہے۔

بِبَعْضٍ یعنی بعض کی وجہ سے جو انہی لوگوں سے ہیں جو ان فسادیوں کو اس سے رد کرتے ہیں جس پر ان کا عزم ہوتا ہے ساتھ اس کے کہ ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمایا۔ مثلاً ان کے عزائم میں سے ہے قتل کرنا وغیرہ۔ مذکورہ قصہ وغیرہ سے اندازہ کیجئے۔ بِبَعْضٍ مصدر سے متعلق ہے یعنی الدفع سے۔

لَفَسَدَتِ الْاَرْضُ البتہ زمین میں فساد آجائے گا اور اس کے منافع باطل ہو جائیں گے اور اس کے مصالح معطل ہو جائیں گے مثلاً کھیتی اور نسل اور وہ تمام امور جن سے زمین آباد اور بہتر سے بہتر رہتی ہے۔ بعض نے کہا کہ اگر مومنین وابرار کے ذریعہ فجار کو دفع نہ کیا جائے تو زمین ہلاک ہو جاتی اور وہ خود بھی برباد ہو جاتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ مومن کے طفیل کفار کو دور فرماتا ہے اور نیکوں کے ذریعے فاجروں کو دفع کرتا ہے۔

حدیث شریف: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ نیک مسلم کے صدقے اس کے چالیس ہمسائیگاں کے گھروں کو بلاؤں اور مصیبتوں کو دور فرماتا ہے۔ اس کے بعد آپ نے یہی آیت تلاوت فرمائی وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ الخ۔

دوسرے ان میں تنبیہ بھی ہے کہ بادشاہی بھی بہت بڑا امر ہے کہ اگر بادشاہی نہ ہو تو عالم دنیا کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے اسی لیے کہا جاتا ہے کہ بادشاہی اور دین دونوں جڑواں ہیں اس میں ایک کے مٹنے سے دوسرے کا مٹ جانا لازمی امر ہے۔ کیونکہ دین ایک بنیاد ہے اور بادشاہی اس کی نگران جس عمارت کی بنیاد نہ ہو وہ عمارت مٹ کر رہ جاتی ہے اور جس عمارت کا نگہبان کوئی نہ ہو تو وہ تعمیر ضائع ہو جاتی ہے۔ لوگوں کے حالات دیکھئے کہ وہ اپنے نبی علیہ السلام کے بے فرمان رہتے ہیں اگر ان کے پاس ظاہری حکومت نہ ہوتی تو برباد ہو جاتے ہاں دونوں کے لئے مجاہدات کی ضرورت ہے۔ تاکہ عوام الناس کی زبان اور تلوار سے رہبری کی جائے

marfat.com
Marfat.com

اس لیے ان کی ہدایت کے لئے انبیاء کرام تشریف لائے اور ان کے بعد ان کے خلفاء آتے رہے ان کی مقرر زندگی تک جہاد اور زبان کے ذریعے عوام الناس کی رہبری ہوتی رہی ان کے وصال کے بعد خلفاء دین کی زبان وجہاد کے ذریعے تبلیغ ہوتی رہی یہی بعض کو بعض سے دفع کرنے کا مفہوم ہے۔

ف: اس کی تفصیل یہ ہے کہ لوگوں کو بعض سے بعض دفع کرنا دو قسم ہے۔ ا۔ ظاہراً۔ ۲۔ باطناً۔

ظاہر کی چار قسمیں ہیں: ا۔ انبیاء۔ ۲۔ بادشاہ۔ ۳۔ وہ حکماء جو آیت کریمہ میں مذکورہ ہیں۔

وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا ۴۔ واعظین انبیاء علیہم السلام کا غلبہ خواص انسانوں پر ہوتا ہے ان کے ظاہر پر بھی اور باطن پر بھی اور بادشاہ کا غلبہ تمام لوگوں پر صرف ان کے ظاہر پر ہوتا ہے باطن پر نہیں جیسا کہ بادشاہوں کا مقولہ مشہور ہے۔ نحن ملوک ابدانهم لاملوک ادیانهم۔

ہم ان کے بدنوں کے بادشاہ ہیں نہ کہ ان کے دین کے اور حکماء کی شاہی خواص پر ہوتی ہے نہ کہ عوام پر اور واعظین کی حکومت عوام کے بواطن پر ہوتی ہے نہ کہ ان کے ظواہر اور باطنی طور یوں ہے کہ سلطان العقل بہت ہی قباح سے بچالیتا ہے اور درحقیقت سلطان الظاہر کے التزام کا سبب یہی ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ لیکن اللہ تعالیٰ بہت بڑا فضل والا ہے اس کی مقدار کا اندازہ ناممکن ہے۔ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ جہاں والوں کے لئے لیکن وہ باری تعالیٰ بعض کو بعض کے فساد سے روکتا ہے اس لئے زمین پر کسی قسم کا فساد نہیں اور جمیع عالم کے مصالح نظم ونسق سے ہو رہے ہیں اور امتوں کے تمام حالات صحیح طور پر چلتے رہے ہیں اور چل رہے ہیں۔

بہرحال اس کا فضل جملہ عالم کے لئے ہے عالم دنیا میں یوں ہے کہ وہ ہدایت واصلاح کا راہ دکھاتا ہے اور آخرت میں جنات ودرجات اور نجات وفلاح عنایت فرمائے گا یہ بھی اس کے فضل سے ہے کہ اپنے بعض بندوں سے دفع بلیات فرماتا ہے۔ جنہیں کسی واسطہ اور وسیلہ کی ضرورت نہیں جیسے انبیاء واولیاء علی نبینا وعلیہم السلام اور ان کے طفیل وہ حضرات جو ان صاحبان کی تابعداری کرتے ہیں۔ تِلْكَ یہ اشارہ سابقہ مضامین کی طرف ہے۔ بنی اسرائیل کے ہزاروں افراد جو طاعون سے بھاگے طالوت کے بادشاہی اور اس کے لئے صندوق کا آنا اور اس کے مقابلہ میں سرکشوں کا شکست کھا جانا اور حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں جالوت

marfat.com
Marfat.com

کا قتل ہونا۔ اٰیٰتُ اللہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں جو اس کی طرف نازل ہوئے۔ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ ہم جبریل علیہ السلام کے واسطہ سے آپ پر پڑھتے ہیں۔ بِالْحَقِّ یہ نَتْلُوْهَا کے مفعول بہ سے حال ہے یعنی درآنحالیکہ وہ متلبس ہے اس وجہ سے جو مطابق ہے اس کے کہ جس میں اہل کشاف کسی طرح شک نہیں کر سکتے اسی طرح اہل تواریخ کو بھی وہم وگمان نہیں ہوسکتا کیونکہ اسے اس کے موافق پاتے ہیں جو ان کی کتابوں میں موجود ہے۔

وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اور بیشک آپ منجملہ ان رسولوں سے ہیں جو امتوں تک ہمارے پیغامات پہنچانے اور ہمارے اوامر واحکام کو جاری کرنے کے لئے تشریف لائے ورنہ آپ انہیں بغیر کسی تعارف اور سننے کے کیسے خبر دیتے ہیں۔

شانِ نزول: یہ ان کفار کے حق میں نازل ہوئی جو کہتے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اللہ تعالیٰ کے رسول نہیں ہیں۔

ف: کسی نے خوب کہا ہے اس آیت کے ترجمہ میں:۔

الا اے احمد مرسل شود بہ مشکل از تو حل　　کنم وصف ترا مجمل توئی سلطان ہر مولے

شریعت از تو روشن شد طریقت ہم بمہر ہن شد　　حقیقت خود معین شد ز ہے سلطان بے ہمتا

ترجمہ: یقیناً اے احمد مرسل صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے ہی ہر مشکل حل ہوتی ہے آپ کے وصف میں مجملاً بیان کر سکتا ہوں اس لئے کہ آپ ہر آقا کے آقا ہیں شریعت آپ سے روشن ہوئی طریقت کو بھی برہان نصیب ہوا اے بے مثل آقا حقیقت آپ سے معین ہوئی ہے۔

تفسیر صوفیانہ

آیت میں اشارہ ہے کہ نفس امارہ جالوت ہے اس قوت وطاقت سے مقابلہ نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ کی طرف عجز وانکساری کر کے اسے مدد کے لئے عرض کیا جائے کہ اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر ڈال اپنی اطاعت وعبادت کی فرمانبرداری کرنے میں اور تیری بے فرمانی سے بچنے میں اور ہمیں ثابت قدم رکھ سر جھکانے میں۔

سختی نرمی میں اور احکام قضاء کے ہجوم کے وقت دکھ اور سکھ میں اور ہماری کافروں پر مدد فرما اور وہ کافر ہمارے دینی دشمن ہیں عموماً اور خصوصاً نفس امارہ دشمن پر جو ہمارے دشمنوں سے بہت بڑا سخت دشمن ہے اور وہ ہے بھی

marfat.com
Marfat.com

ہمارے دونوں پہلوؤں میں اگر یہ نداء رب الارض والسماء سے صدق وصفا اور امید ورجا کی بنا پر ہو تو اس پر قبول ہونا لازمی اور دشمنوں پر غالب ہو جانا ضروری ہے اسی لیے ایسے لوگوں نے اپنے دشمنوں کو شکست دے دی اللہ تعالیٰ کے اذن لیکنے اس کی مدد سے اس لیے کہ اس کا اپنے بندوں کے ساتھ مدد دینے کا وعدہ ہے اور ان کے بالمقابل لوگوں کو شکست دی پھر داؤد قلب نے جالوت کو مار ڈالا جب کہ اس نے حرص علی الدنیا اور رجوع الی العقبی اور نفس کے تعلق بالہوی کے تینوں کے لئے اور وہ تینوں ایک ہو گئے۔ یہ ان سب کا رجوع الی اللہ ہو گیا اور غیر اللہ سے توجہ ہٹالی تو اس نے انہیں تسلیم ورضا کی فلاخن پر رکھ کر نفس جالوت کو مارا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے لطف وکرم کی ہوا تابع کر کے نفس کی خواہشات کے ناک پر وہ پتھر مارا تو فضول اشیاء اس کی گدی سے نکل گئیں اور اس کے ساتھ اس کی تمیں بری عادتیں مٹ گئیں اسی طرح سے نفس کے باقی لشکر کو شکست دی مثلاً شیطان اور اس کا تمام لشکر اور اللہ تعالیٰ نے اسے ملک اور حکمت سے نوازا۔ یعنی داؤد قلب کو خلافت الٰہیہ کی بادشاہی اور الہامات ربانیہ کی حکمت اور اسے جو کچھ چاہا حقائق قرآن اور اس کے اسرار واشارات بتا دیئے اور اگر لوگوں کا بعض سے دفع کرنا نہ ہوتا یعنی ارباب طلب کو واصل باللہ مشائخ کے ذریعہ دفع کرنا نہ ہوتا تو زبان حرب ہو جاتی۔ یعنی ان کی استعداد جو احسن تقویم سے تیار کی گئی ہے تا کہ دین قدیم کے کمالات کو حاصل کرنے کے لئے تیار رہے اور نفس اور اس کی بری عادات کے لشکر کہ جن کا مقابلہ کرنے کا عزم ہے کہ ارواح کے شہر ویران ہوں اور انہیں اچھے اخلاق حاصل نہ ہو سکیں اور ان کے ذوات وصفات مکدر ہو کر بہائم اور جانوروں کی صفات میں دھکیلے جائیں اور انہیں اس کے نچلے طبقات میں پہنچنا نصیب ہو۔ لیکن اللہ تعالیٰ عالمین کے لئے بڑے فضل والا ہے۔ یعنی یہ اس کا بہت بڑا فضل اور رحمت ہے کہ وہ طالبین کے سلسلہ کو متحرک رکھتا ہے اور ان کے قلوب میں مشائخ کاملین کے ارادوں کو الہام فرماتا ہے اور انہیں توفیق دیتا ہے کہ وہ مشائخ کی تربیت کے دامنوں کو مضبوطی سے تھام سکیں اور اپنی صفائی کے لئے مشائخ کے تصرفات کے سامنے سر جھکا سکیں اور انہیں صبر کی توفیق بخشتا اور سکون دیتا ہے جب کہ ان کے اوپر تزکیہ نفس کی ریاضتوں اور مجاہدات کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں اور مشائخ کو ان کی حالت درست کرنے کا اشارہ فرماتا ہے اور انہیں حکم ہوتا ہے کہ انہیں مخالفین کی تکالیف پر تقویت پہنچائیں اگر اللہ تعالیٰ کی طرف یہ الطاف نہ ہوتے تو انہیں ہمیشہ ہمیشہ تک

marfat.com
Marfat.com

تزکیہ نفوس نصیب نہ ہوتا اور یہ اشارہ صرف اہل خیر کو حاصل ہوتا ہے اور بس اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی تحقیق سے مخصوص فرمایا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آیات اللہ الخ یعنی انہی آیات کے ضمن میں حقائق ودقائق جنہیں ہم آپ پر محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے ہیں۔ یعنی ہمیں انہیں آپ کے ہاں حق کے ساتھ لینے حقیقت کے ساتھ جیسا کہ وہ ہے بتاتے ہیں۔ بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں۔ یعنی ان حضرات سے ہیں جو ان مقامات کو عبور فرما چکے ہیں اور انہیں مقامات وکرامات کا انہیں مشاہدہ ہوا۔ (کذا فی التاویلات النجمیہ)

آیت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی یقین دہانی کرائی گئی ہے لیکن ان بددماغوں کو جنہیں ضد اور ہٹ دھرمی سے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ونبوت سے انکار ورنہ انہیں انصاف پسند اور تعصب سے دور ہیں انہیں نہ صرف اعتراف ہے بلکہ وہ دلائل سے دوسروں کو آپ کی رسالت کی حقانیت بتاتے ہیں۔ چند حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

باغی ادیب والٹیر:۔ میں آپ سے پھر کہتا ہوں کہ وہ لوگ جاہل اور ضعیف العقل ہیں جو محمد پر عیش پرستی اور راحت کوشی کا الزام عائد کرتے ہیں۔ پادریوں، راہبوں، مجاور اگر ماہ جولائی میں رمضان آئے اور تم پر صبح چار بجے سے شام کے آٹھ تک کھانے پینے کی پابندی عائد کردی جائے اگر تم کو ہر قسم کی قمار بازی سے منع کردیا جائے اگر تمہارے لیے شراب حرام کردی جائے اگر تم سے کہا جائے کہ اپنی آمدنی کا اڑھائی فیصد محتاجوں اور ناداروں میں تقسیم کردو اگر تم اٹھارہ عورتوں کی رفاقت کا لطف اٹھاتے ہو اور تم کو چودہ عورتوں سے یکدم محروم کرلیا جائے تو کیا ایمانداری سے کہہ سکتے ہو کہ ایسا مذہب عیش پسند ہے۔

فرانسیسی مترجم قرآن ڈاکٹر موئیسن:۔

روم کے عیسائیوں کو اس آواز کے سوا کوئی چیز قہر وذلت سے نہیں نکال سکتی جو سرزمین عرب میں غار حرا سے بلند ہوئی اس آواز نے دنیا کو ایسا سیدھا سادھا اور پاک صاف مذہب سکھایا جس میں بقول فاضل محقق گاڈ فرنکس نہ پاک پانی ہے نہ مورت نہ تقریر اور نہ سینٹ۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک ایسی کتاب دی جس کے نغمے فلاسفہ یونان کے نغموں سے کہیں بڑھ کر

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ جس کی ایک سورۃ کا بھی مقابلہ نہیں ہوسکتا۔ جس کے اسرار کبھی ختم نہیں ہوتے اور جس کو مسلمان ادیب جب پڑھتا ہے تو سجدہ ریز ہوجاتا ہے اور قیامت تک کے لئے اپنے لیے سرمایہ ناز سمجھتا ہے۔

(رسالہ بارول فرانس رومان)

مسٹر ہربرٹ وائل:۔ حضرت مسیح کے سو سال بعد جب عرب کے اخلاق کا معیار بہت گر گیا تھا۔ 30 اپریل 570ھ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ آپ نے بت پرستی کو مٹایا اور عرب کے وحشیوں کو تہذیب و تمدن کا سبق دیا۔ عام لوگ آپ کی دیانت اور سچائی دیکھ کر آپ کو امین کہہ کر پکارتے تھے آپ نے گمراہوں کو راہ راست پر ڈالا اور لوگوں کے اخلاق و اعمال کی اصلاح کی۔ (گریٹ ٹیچر)

پروفیسر ہرگرونجے:۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نئے دین کے مدعی نہ تھے اور عیسائیت اگرچہ اسلام سے پہلے ہی یونانیوں، سمیتیوں اور غلام و آزاد کی تفریق مٹا چکی تھی لیکن پیغمبر اسلام نے جس مجلس اقوام کی داغ بیل ڈالی اس نے تمام دنیا کے انسانوں کو اتحاد و اخوت کے ایک رشتے میں منسلک کر دیا اور اسے دیکھ کر تمام اقوام کو شرمندہ ہونا چاہیے۔

مسیحی مورخ ریورنڈ باسورتھ سمتھ:۔ اتفاق سے (اور اس اتفاق کی کوئی مثال نہیں ملتی) محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی وقت میں تین چیزوں کی بنیاد رکھی قوم، سلطنت، مذہب اور ایک ایسا شخص ہونے کے باوجود جو لکھ پڑھ نہ سکتا تھا۔ آپ نے دنیا کو ایک ایسی کتاب دی جو ایک ہی وقت میں نظم بھی ہے قانون بھی ہے کتاب الدعا بھی ہے اور بشارتوں کا مجموعہ بھی ہے اور آج کے دن تک نسل انسانی کا چھٹا حصہ اس کے طرز تحریر حقانیت اور مقبولیت کو ایک زندہ معجزہ سمجھتا ہے۔

آمد سے پہلے:۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے اہل کتاب کو آپ کی نبوت و رسالت کا یقین تھا۔ ابونعیم شہر بن حوشب سے اور ابن عساکر رافع وغیرہ سے حضرت کعب احبار سے راوی ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے اپنے باپ توراۃ کے سب سے بڑے عالم تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ موسیٰ علیہ السلام پر اتارا اس کا علم ان کے برابر کسی کو نہ تھا وہ اپنے علم سے کوئی شے مجھ سے نہ چھپاتے تھے جب مرنے لگے مجھے بلا کر کہا: اے میرے بیٹے! تجھے معلوم ہے کہ میں نے اپنے علم سے کوئی چیز تجھ سے نہیں چھپائی مگر وہاں دو ورق

marfat.com
Marfat.com

روک رکھے ہیں ان میں ایک نبی کا بیان ہے جس کی بعثت کا زمانہ قریب آپہنچا۔ میں نے اندیشے سے تجھے ان دونوں ورقو کی خبر نہ دی کہ شاید کوئی جھوٹا مدعی نکل کھڑا ہو اور تو اس کی پیروی کرے۔ یہ طاق تیرے سامنے ہے میں نے وہ اوراق رکھ کر اوپر سے مٹی لگادی ہے ابھی اس سے تعرض نہ کرنا نہ ابھی دیکھنا۔ جب وہ جلوہ فرما ہو اللہ تعالیٰ تیرا بھلا چاہے گا تو تو آپ ہی اس کا پیرو ہو جائے گا یہ کہہ کر وہ مر گئے۔ ہم ان کے دفن سے فارغ ہوئے مجھے ان اوراق کے دیکھنے کا شوق ہر چیز سے زیادہ تھا میں نے طاق کھولا۔ ورق نکالے تو کیا دیکھتا ہوں ان میں لکھا ہے؟ **محمد رسول اللّٰہ خاتم النبین لانبی بعدہ مولدہ بمکۃ ومھاجرہ طیبۃ۔**

محمد اللہ کے رسول ہیں سب انبیاء کے خاتم ہیں ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کی پیدائش مکہ میں اور ہجرت مدینے کو۔

(صلی اللّٰہ علیہ وسلم)

ہندو مذہب: نہ صرف اہل کتاب بلکہ ہندو مذہب کے پیشوا بھی۔ (چند حوالے ملاحظہ ہوں)

۱:۔ وہ ہر مقدس اسم کا مربی۔ گرجدار انتہا درجہ کا تعریف کیا گیا۔ (محمد) قلعوں کا توڑنے، والا جوان، عقیل اور بے اندازہ قوت کے ساتھ پیدا کیا گیا تو نے اسے پتھر رکھنے والے۔ گوالا کے گایوں سے مالا مال گڑھے کو پھاڑا دیوتا دوڑتے ہوئے تیرے پاس آئے اور خوف سے آزاد ہو کر اندر کی شان بیان کی جو اپنی قوت سے حکومت کرتا ہے جس کے پاس ہزاروں کی تعداد میں عطیے آتے ہیں۔

(بھوشن پران چوتھا باب (سام دید محمد رشی کتاب))

۲:۔ اے دیوتاؤ سمبل گرام (مربستان) میں یہ کلکی اوتار (۱۳ بیویوں والا) پیدا ہوگا اور وشو دیشا نام (رسول اللہ) سے مشہور ہوگا اور دشنو کیرتی (عائشہ) اس کی چہیتی بیوی ہوگی۔ (مہا بھارت) وہ رشی سمبل گرام (عربستان) میں پیدا ہوگا اس کی تیرہ بیویاں ہوں گی اور اس کی ایک چہیتی بیوی ہوگی جس کا نام عائشہ ہوگا۔ وہ رشی کرشن لیکا کے گرنتھ، انسانوں کو سنائے گا تو نند کل میں پیدا ہونے والے لوگ چاروں طرف سے ایک جگہ جمع ہو کر اس وشنو دیشا (رسول اللہ) برہمن کو پکڑ کر معہ اس کی بیوی کے ایک جگہ بند کر دیں گے وہ بے حد چالاک جہنمی ہوں گے۔

(بھوشن پرائن)

ف: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تیرہ بیویاں تھیں ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔حضرت خدیجہ۔۲۔حضرت سودہ بنت زمعہ۔۳۔حضرت عائشہ۔۴۔حضرت حفصہ بنت عمر۔۵۔حضرت زینت بنت خزیمہ الہلالیہ۔۶۔ام المساکین حضرت ام حبیبہ۔۷۔ام سلمہ ہندہ بنت ابوامیہ۔۸۔ام حکیم زینب بنت جحش۔۹۔جویریہ بنت الحرب الخزاعیہ۔۱۰۔صفیہ بنت الحی۔۱۱۔میمونہ بنت الحی۔۱۲۔حضرت ماریہ قبطیہ ۱۳۔اسماء بنت الکعب الحوینہ۔

آفتاب آید دلیل آفتاب۔

۳:۔کلکی پوران:۔کلیک کے آخر میں جب تمام لوگ وشنو کا نام بھول جائیں گے تب وشنو اوتار دنیا سے تمام گناہ معاف کرائے گا۔اس وقت سچا مذہب قائم ہوگا اور اس وقت کو سب جگ کہا جائے گا۔

۴:۔شری کرشن مہاراج کی پیش گوئی:۔

آخر زمانہ میں ایک اوتار سمبل ویپ میں پیدا ہوگا اور اس کی ماں کا امتی یا سمتی (آمنہ) ہوگا اور اس اوتار کے باپ کا نام دشنوداس (عبداللہ) ہوگا اور یہ اوتار پہاڑوں کے غاروں (غار حرا) میں پہلے عبادت کریگا۔ خدا اس کو وہاں سبق دے گا۔اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ پھر اس کو خود اس کے ہی خاندان کے لوگوں سے تکلیف ہوگی۔جس کی وجہ سے مجبور ہو کر شمالی پہاڑوں میں (مدینہ) چلا جائے گا اس کے چار بھائی (چار یار، ابوبکر، عمر، عثمان، علی) ہوں گے جو اس کے دین دھرم (اسلام) کو تمام دنیا میں پھیلائیں گے اور اس کی ایک بہت خوبصورت سرخ رنگ کی چہیتی بیوی (عائشہ) ہوگی۔اے لوگو جب اس اوتار کا ظہور ہو تو تم اس کے قدموں پر اپنا سر رکھ دینا کیونکہ ہدایت اور نجات اسی کے پاس سے حاصل ہوگی۔

رنگ اللہ رسول محمد رکنگ برشیا اولا بوک ومیکا گنگ اللہ بوگنگ نیکا مکم۔ (شلوک نمبر ۶)

(اللہ رسول محمد رسولوں سے افضل ہے اللہ صرف واحد ہے وہ پاک اور بے عیب ہے)

۵:۔اشیا الانگ الکہتے مترا برون راجہ نید دود ہوا جامی مترووالانگ گبرووالانگ رسول محمد گنگ برشیا اے اللہ پرودھوا۔ (شلوک نمبر ۱)

(اللہ بہشتیوں کا دوست اور پانی کا راجہ ہے الا اللہ کے نام سے اللہ کو پکارو محمد رسول اللہ سب سے افضل ہیں۔اس دنیا میں ہر طرف اللہ ہی کی حکمرانی ہے)

marfat.com
Marfat.com

۶:۔اللہ جگدیو ہوت اللہ سورجہ چندرہ شرف نکھترہ اللہ رشینگ شیدا اندر رائے پرب دمایہ پرم انت انتر یکھا۔

(شلوک نمبر ۷)

(نہایت گڑگڑا کر خدا کی عبادت کرو۔اللہ چاند سورج ستاروں کا افریند ہے رشیوں کا بدھاتا ہے۔حصول مال و دولت کے لئے اسی کو پکارو وہ ازلی ہے وہ ابدی ہے) (اتھروید کا اللہ نیشد)

سوئے برتنا دیناد گارانتے پرکرنیستا بشنو نانگ تیو سدا بید شاشترے حشر بتا (سام دید)

جس بزرگ کے نام کا پہلا حرف ''م'' اور آخری ''ذ'' ہے جس کے پیرو گئو بھگھن کرتے ہوں وہی دید شاستر کی رو سے رشی ہے۔

بشارت احمدیہ:۔مصنفہ عبدالرحمٰن چشتی میں بحوالہ مرات الخلوقات مصنفہ عبدالعزیز صاحب منقول ہے کہ شاہ عبدالحق صاحب کانپوری نے بمقام حیدرآباد مجھ سے بیان کیا کہ دو جوڑہ ندی کے کنارے جورام پور اور بریلی کے درمیان بہتی ہے ایک ہندو عالم رہتا تھا جوانی کے دنوں میں علم رسمی سے فراغت حاصل کرنے کے بعد رامپور سے واپس آتے ہوئے میں اس ہندو عالم کے پاس حاضر ہوا اور اس سے کہا کہ مجھے آپ سے کچھ دریافت کرنا ہے۔اس نے جواب دیا کہ کوئی دینی بات دریافت کرنی ہے۔اس نے فوراً ان لوگوں کو جو وہاں بیٹھے تھے اٹھا دیا اور مجھ سے کہا کہ اب پوچھو کیا پوچھنا چاہتے ہو۔میں نے کہا کیا ہندو مذہب کی کتابوں میں بھی کہیں ہمارے رسول کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر پایا جاتا ہے۔اس نے کہا تم نوجوان ہو ممکن ہے اس راز کو مخفی نہ رکھ سکو اس لئے میں بیان نہیں کرنا چاہتا۔میں نے کہا میں عہد کرتا ہوں کہ آپ جو کچھ بیان کریں گے اس کا ذکر جب تک آپ زندہ رہیں گے بجز اپنے استاد اور والد صاحب کے کسی سے نہیں کروں گا۔ اس نے عہد لے کر کہا: بہت بہتر تو سنو چوتھے وید میں تمہارے رسول کریم کا ذکر موجود ہے کہ کسی نے شری رام چندر جی سے پوچھا کہ کتنے درجات ہیں جن کو طے کر کے بندہ خدا سے واصل ہو جاتا ہے۔شری رام چندر جی نے فرمایا چودہ درجے طے کرنے کے بعد بندہ خدا سے واصل ہو سکتا ہے۔اس نے پوچھا کہ کیا آپ نے چودہ درجے طے کر لیے ہیں۔رام چندر جی نے فرمایا کہ نہیں میں نے ان چودہ درجوں کو طے نہیں کیا۔اس نے پوچھا کیا آپ ان چودہ درجوں کو طے کرنا چاہتے ہیں؟ رام چندر جی نے فرمایا کہ نہیں میں طے کرنا نہیں چاہتا۔ہم

marfat.com
Marfat.com

اپنے موجودہ درجہ سے آگے نہیں بڑھیں گے۔اس نے پوچھا کہ آپ سے پہلے کون ایسا شخص گزرا ہے جس نے یہ چودہ درجے طے کر لیے ہوں؟ انہوں نے فرمایا نہیں۔اس نے پوچھا کیا آپ کے بعد کوئی شخص آئے گا جو یہ سب درجات طے کرلے گا۔رام چندر جی نے فرمایا کہ ہاں آخر زمانہ میں ایک شخص ایسا آنے والا ہے جو یہ سب درجات طے کرلے گا۔اس نے پوچھا اس شخص کا نام کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔اس نے پوچھا وہ کہاں پیدا ہوگا؟ فرمایا وہ ایک پتھروں والے ملک میں پیدا ہوگا اور ہجرت کر کے کھجوروں والے شہر (مدینہ) میں بود و باش اختیار کرے گا اور وہیں سے اس کا دین (اسلام) ساری دھرتی پر پھیلے گا اور جو کچھ وہ کہے گا وہی کرے گا جو اس دین کو لازم پکڑے گا وہ بیکنٹھ (بہشت) میں جائے گا جو ان کے دامن کو نہ پکڑے گا یا پکڑ کر چھوڑ دے گا (مرتد) وہ نرگ (دوزخ) میں جائے گا۔اس نے پوچھا اس شخص کا لباس کیسا ہوگا اور خوراک کیسی ہوگی؟ آپ نے فرمایا اس کی خوراک دودھ، گوشت، شہد، سرکہ ہوگی۔پوشاک دھوت پگیا اور اپنے دین کو پھیلانے کے لئے برچھی تلوار کے ساتھ منکروں سے لڑے گا اور بددعا سے ملک کو فتح نہیں کرے گا۔

۸:۔فتح پور سوہ (یوپی) کے ایک ہندو عالم ستیل نامی نے اس بیان کی تصدیق کی اور کہا پیدا کرنے والے نے اپنا سارا کمال اس دیوتا (اوتار) پر ختم کر دیا۔کوئی اوتار دیوتا اس سے پہلے اتنا باکمال نہیں ہوا اور نہ آئندہ ہوگا۔

۹:۔پارسی قوم کے نامہ شست سلمان لنسک:۔

۱۔جب ایرانی لوگ اپنے بادشاہ سے سرکشی اور مصلحتیں کی نافرمانی کریں گے تو اس وقت عرب میں ایک عظیم الشان انسان پیدا ہوگا۔

۲۔جس کے متبعین کے ذریعہ ایران کا تاج وتخت اور ملک و مذہب جاتا رہے گا۔

۳۔بت خانہ، آتش کدہ کی بجائے پیغمبر کا بنایا ہوا گھر بتوں سے خالی ہوگا نماز قبلہ رخ پڑھی جائے گی۔

۴۔اس عربی کے پیروکار شہر مدائن اور اس کے گرد و نواح طوس بلخ کے آتش کدوں اور بڑے بڑے مقامات پر قبضہ کرلیں گے۔

۵۔ایران کے مقدس لوگ اور دوسرے ممالک کے لوگ ان کی جماعت میں داخل ہو جائیں گے۔

(کتاب اتشتاباب ۱۸، آیت ۱۵ تا ۱۹)

marfat.com
Marfat.com

خداوند تیرا خدا تیرے لئے ہی درمیان سے تیرے بھائیوں میں سے میرے مانند ایک نبی مبعوث کرے گا تم اس کی طرف کان دھرنا اور خداوند نے مجھے کہا کہ انہوں نے جو کچھ کہا سو خوب کہا۔ میں ان کے لئے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی اٹھاؤں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے حکم دوں گا وہ سب ان سے بیان کرے گا اور ایسا ہوگا جو کوئی میرے کلام کو جو وہ میرے نام سے بیان کرے گا نہ سنے گا تو میں اس کا حساب اس سے لوں گا۔

خداوند آیا اور ان پر سعیر سے طلوع ہوا وہ کوہ فاران سے جلوہ گر ہوا اور دس ہزار قدسیوں کے ساتھ آیا اس کے داہنے ہاتھ پر ان کے لئے آتشین شریعت تھی۔

انبیاء علیہم السلام بھی فرما گئے:۔

حضور نبی کی پیش گوئی: خدا تیمان سے آیا اور وہ جو قدوس ہے کوہ فاران سے ظاہر ہوا۔ سلاہ اس کے جلال نے آسمانوں کو ڈھانپ لیا اور اس کی حمد سے زمین معمور ہوگئی۔ اس کی تجلی نور کی مانند تھی اس کے ہاتھ سے کرنیں نکلیں اور اس میں اس کی قدرت مستور تھی۔ باد اس کے آگے چلی اور اس کے قدموں پر دہکتا ہوا انگارہ روانہ ہوا وہ کھڑا ہوا اور اس نے زمین کو لرزا دیا۔ اس نے نگاہ کی اور قوموں کو لرزا دیا۔ اس نے نگاہ کی اور قوموں کو پراگندہ کر دیا۔

قدیم پہاڑ ریزہ ریزہ ہو گئے اور پرانی پہاڑیاں اس کے آگے جھک گئیں۔ (باب ۳ آیت ۳،۶)

ملاکی نبی کی پیش گوئی:۔ خداوند تم سب جس کی تلاش میں ہو وہاں عہد کا رسول جس سے تم خوش ہو وہ اپنی ہیکل میں گہانی آئے گا۔ رب الافواج فرماتا ہے پھر اس کے آنے کے دن کون ٹھہر سکے گا اور جب وہ نمودار ہوگا کون ہے جو کھڑا رہے گا۔

حضرت سلیمان کی پیش گوئی:۔ وہ تو ٹھیک ہے محمد ہے میرا خلیل اور میرا حبیب یہی ہے اے دختران یروشلم (استثناء باب ۳۳) ان پر جو کتاب دی گئی اس کو قیدار پر اترا اور یورپ کے لوگوں کو ہلاک کرو۔

زبور کی پیش گوئی:۔ اے دلاور شمشیر حمائل کر اور لو ابی میں آ۔ یہاں تک کہ امت تیری طرف خاطب ہو اور پیشوا ہی ملت کو خدا کے ذمہ سے اپنا ملیج کرے۔ (بحوالہ تذکرہ اکرام صفحہ ۱۸)

marfat.com
Marfat.com

(صحف شعیب) میرا ایک بندہ ہے کہ مہر نبوت اس کے مونڈھوں کے درمیان میں ہے۔

(بحوالہ تذکرہ اکرام صفحہ ۱۹)

(انجیل برناس) جب فارقلیط مبعوث ہو جوان کا زمانہ پائے ایمان پائے۔

دانیال نبی کی پیش گوئی:۔

محمد تیری کمان میں خوب کھچاؤ پیدا ہوگا اور تیرے حکم سے تیر سیراب ہوں گے۔

(اجویہ فاخرہ ھدایۃ الخیاری والجواب الصحیح)

یوحنا کی پیش گوئی:۔ پھر میں نے آسمان کو کھلا ہوا دیکھا اور دیکھا کہ ایک نقری گھوڑا اور اس کا سوار امانت دار (امین) اور سچا (صادق) کہلاتا ہے وہ راستی سے لڑتا ہے اور عدالت کرتا ہے۔ اس کی آنکھیں آگ کے شعلہ کی مانند سرخ ہیں۔ اس کے سر پر بہت سے تاج ہیں اس کا کلام خدا کا کلام ہے اور وہ فوجیں جو آسمان میں صاف اور سفید کتانی لباس میں ہیں نقری گھوڑوں پر سوار اس کے پیچھے ہولیں۔ اس کے منہ سے ایک تیز تلوار نکلتی ہے کہ وہ اس سے قوموں کو مارے گا اور لوہے کے عصا سے ان پر حکمرانی کرے گا۔ اس کے لباس اور اس کی ران پر یہ نام بخط جلی لکھا ہوا ہے۔ ''بادشاہوں کا بادشاہ'' خداوندوں کا خداوند۔

حضرت یحییٰ کی پیش گوئی:۔ جب یہودیوں نے یروشلم سے کاہن اور سیوی یہ پوچھنے کو بھیجے کہ تو کون ہے۔ تو اس نے اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ انہوں نے پوچھا تو کون ہے کیا الیاس ہے۔ اس نے کہا کہ میں نہیں ہوں۔ کیا تو وہ نبی ہے (محمد) اس نے جواب دیا کہ نہیں پس انہوں نے کہا کہ پھر تو کون ہے۔ تا کہ ہم اپنے بھیجنے والوں کو جواب دیں۔ تو اپنے حق میں کیا کہتا ہے۔ کہا میں جیسا یسعیاہ نبی نے کہا ہے کہ میں بیاباں میں ایک پکارنے والی کی آواز ہوں کہ تم خداوند کی راہ کو سیدھا کرو۔

بدمذہب کا اعتراف:۔

مہاتما بدھ کی پیش گوئی: نندا نے آخری وقت پوچھا کہ کیا آپ کے بعد ہماری رہنمائی کے لئے کوئی آئے گا؟ آپ نے جواب دیا اے نندا میں جاؤں گا تو مہابدھ (محمد) آئے گا اس کی تعلیمات پر ہونا وہ، دنیا کا حقیقی نجات دہندہ ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

ا:۔ (یوحنا باب ۱۴، آیت ۱۵، ۱۷) اگر تم مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا وکیل بخشے گا کہ ابد تک جو تمہارے ساتھ رہے گا۔ یعنی حق کی روح جسے دنیا حاصل نہیں کر سکتی کیونکہ نہ اسے دیکھتی ہے اور نہ اسے جانتی ہے۔

۲۔ میں نے یہ باتیں تمہارے ساتھ رہ کر تم سے کہیں لیکن وکیل جو روح القدس ہے جسے میرے نام سے بھیجے گا وہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا اور جو کچھ میں نے تم سے کہا وہ سب تمہیں یاد دلائے گا اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا کیونکہ دنیا کا سردار آتا ہے اور میرے پاس اس کا کچھ نہیں ہے۔

(یوحنا باب ۱۴، آیت ۲۵، ۱۳)

۳۔ انہوں نے مجھ سے بے سبب عداوت کی لیکن جب فارقلیط (وکیل) آئے گا جس کو میں تمہارے پاس باپ کی طرف سے بھیجوں گا یعنی روح حق جو باپ کی طرف سے نکلتی ہے وہ میری گواہی دے گا۔ (یوحنا باب ۱۵)

۴۔ لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو وکیل (فارقلیط) تمہارے پاس نہ آئے گا لیکن اگر جاؤں گا تو اس کو تمہارے پاس بھیج دوں گا اور وہ آکر دنیا کو گناہ اور راست بازی اور عدالت کے بارے میں ملزم ٹھہرائے گا مجھے تم سے اور بہت سی باتیں کہنی ہیں مگر اب تم ان کو برداشت نہیں کر سکو گے۔ لیکن جب وہ حق کی روح آئے گی تو تم کو حق کی راہ دکھائے گی اس لئے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہ کہے گا بلکہ جو کچھ سنے گا وہ کہے گی اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گی اور میرا جلال ظاہر کرے گی یہ شہادات اور پیش گوئیاں سب کی سب حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے علاقہ رکھتی ہیں ان سے بہترین شہادتیں ملنی غیر ممکن اور محال ہیں۔ ہٹ دھرمی کا کوئی علاج نہیں۔ ہر ملہم نے اپنے الہام کی رو سے اپنے متبعین کو آگاہ کیا کہ آخر زمانہ میں ایک ایسا نبی آرہا ہے جو خاتم الانبیاء و خاتم الرسل ہوگا۔

التنبیہ: یہ حوالہ جات حق کے متلاشی کے لئے مفید ہیں ضدی اور ہٹ دھرم فائدہ نہ اٹھائے تو اپنی قسمت پر ماتم کرے مزید تحقیق چاہیے تو فقیر کی کتاب "چہ چا محمد کا" اور "آدم تا ایندم" کا مطالعہ کریں۔

بفضلہ تعالیٰ ترجمہ تفسیر پارہ ۲ سے ۲۰ ربیع لاخر (شب ثمیس) ۱۳۹۳ھ میں فراغت ہوئی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

marfat.com
Marfat.com

انتساب	۳	مکالمہ جبریل و آدم نبینا وعلیہم السلام	۱۶۰
تعارف مترجم	۴	قصہ معراج کا ایک حصہ	۱۶۸
وجہ تالیف	۸	گرج کے وقت کی دعا	۱۸۳
سبب ترجمہ ہذا	۹	آغاز رکوع یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ ترجمہ مع تفسیر	۱۸۹
روح البیان اور اس کا مصنف	۱۰	غائبات دنیا	۱۹۲
معتبر تفسیر روح البیان	۱۷	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت معاذ کو ایک دلچسپ دعا	۱۹۵
آغاز سورۃ فاتحہ	۲۱	آغاز رکوع عربی مع ترجمہ و تفسیر وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ	۲۲۰
عارف کا استغاثہ	۲۶	آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ	۲۲۳
حدیث در حکایت ابلیس خبیث	۲۷	میت کو خوشبو لگانے میں حکمت	۲۳۳
تحقیق اسم اعظم	۳۳	انسان کی ناف سے کعبے کی پیدائش	۲۳۹
فضائل بسم اللہ شریف	۳۳	آدم کے جسم میں نو دروازے	۲۴۷
سورۃ فاتحۃ الکتاب	۳۹	بچہ میں روح کا آنا	۲۵۸
شاہراہ سلوک	۴۸	نکاح کرنے کے فضائل و فوائد	۲۶۳
رحمٰن و رحیم میں فرق	۴۹	آدم علیہ السلام کی زمین پر پیدائش میں کیا حکمت تھی	۲۷۳
ربا بین الاسماء الحسنیٰ	۵۱	آدم حوا علیہما السلام کا شیطان کے زمین پر اترنے کا واقعہ	
معتقدات و عبادات کے اقسام	۵۷	وقفہ	۲۷۴
نفس کے اوصاف چار ہیں	۵۹	وصیت نبی علیہ السلام	۲۷۹
استقامت کے فضائل	۶۵	توبہ کی شرائط	۲۸۰
فضائل آمین	۷۳	آغاز رکوع عربی مع ترجمہ و تفسیر فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ	۲۸۷
خلاصہ سورۃ فاتحہ	۷۸	وسوسہ کی تعریف	۲۹۳
آغاز سورۃ البقرہ	۷۹	شجرہ ممنوعہ علیہ السلام کی کیا تھا	۲۹۷
حدیث جبریل	۹۷	گیہوں میں فرق	۳۰۴
فضائل و مسائل نماز	۹۹	عالم بے عمل کی سزا	۳۰۵
صوفیہ کا وضو	۱۰۳	طیبہ و خبیثہ میں فرق	۳۱۰
صوفیہ کی نماز	۱۰۳	آغاز رکوع عربی مع ترجمہ و تفسیر وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ	۳۱۷
شان خلفائے راشدین	۱۰۷	فرعون کی تاریخ	۳۲۹
حل مشکل	۱۱۸	فرعون کے ظلم کا آغاز	۳۳۱
آغاز رکوع وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ترجمہ و تفسیر	۱۲۷	حضرت یوسف علیہ السلام	۳۳۹
کذب کی مذمت	۱۵۲		

marfat.com
Marfat.com

نبی علیہ السلام کا علم غیب پر تبصرہ	۳۲۹	علم غیب کا بیان	۵۰۶
عاشورہ کے فضائل و مسائل	۳۳۹	آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ	۵۱۹
حضرت علیہ السلام کا سپہ سالار	۳۳۲	فضائل مسجد	۵۲۵
نور اللہ کا شان نزول	۳۳۳	فضیلت حنفیہ	۵۳۴
حضرت یونس کے فضائل	۳۳۶	تحقیق قول	۵۴۳
حضرت اسرائیل کی توبہ کا واقعہ	۳۳۸	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کا ایمان لانا	۵۴۳
حضرت اسرائیل پہاڑ کا وقوع	۳۴۷	اصحاب کہف کا بیان	۵۴۵
کعبی کے فضائل	۳۵۰	آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	۵۵۱
حضرت کے فضائل و مسائل	۳۵۷	گستاخ نبوت کا واقعہ	۵۵۸
رکوع عربی ترجمہ تفسیر وَاِذَا اسْتَفْتٰى مُوْسٰى	۳۶۴	حضرت کے فضائل تعمیر کعبہ کا واقعہ	۵۵۹
حجر مہری کا واقعہ	۳۷۳	تعمیر کعبہ کا واقعہ	۵۶۸
حضرت کی حال کے فضائل	۳۷۵	حجر پکارنا اور حج کا اعلان	۵۶۸
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ	۳۸۷	تاریخ کعبہ	۵۷۷
ایک حدیث کی تحقیق بیان	۳۹۱	گھوڑا پہلے وحشی جانور تھا	۵۸۰
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر فَاَنْتَقَمْنَا	۴۰۱	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ	۵۸۱
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم	۴۰۹	تعمیر کعبہ کی بار	۵۸۳
حضرت کے حال کے اسباب	۴۲۳	آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر وَمَنْ يَّرْغَبُ	۵۹۳
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ	۴۳۷	حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت کا واقعہ	۵۹۶
حضرت داؤد کی	۴۴۱	حضرت علیہ السلام کی عمر تعمیر	۵۹۹
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ	۴۵۳	حضرت کی عمر	۶۱۹
حضرت سبا کے واقعہ کا بیان	۴۶۱	حضرت کی قبر	۶۳۰
حضرت سلیمان کی	۴۶۵	حضرت ابراہیم کا جواب	۶۳۰
حضرت ہدہد کا	۴۷۶	ترجمہ قرآن	۶۷۱
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر قَالَ عِفْرِيْتٌ	۴۸۸	[illegible]	۷۷
حضرت سلیمان کے واقعہ کی تکمیل	۴۹۲		
حضرت سلیمان کی آخر عمر	۴۹۶		
آغاز رکوع عربی ترجمہ تفسیر [illegible]	۴۹۸		

marfat.com
Marfat.com

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ	۲
یہود و نصاریٰ کی ایک غلطی	۴
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ	۲۴
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا	۳۴
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ	۶۳
اللہ تعالیٰ کے لشکر	۶۶
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر	۷۶
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ	۷۷
شیطان کے وسوسہ ڈالنے کے مراتب	۷۹
فوائد کسب حلال	۸۲
دعا اور ندا میں فرق	۸۴
بے عمل علماء و حفاظ کی سزا کا نمونہ	۱۰۳
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا	۱۰۵
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر	۱۲۶
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ	۱۲۷
روزہ کے اصلاحی معنی	۱۲۸
روزے کی فرضیت کا سبب	۱۳۳
ایک عجیب الخلقت فرشتہ	۱۴۰
فضائل رمضان	۱۴۲
فضائل اعتکاف	۱۴۶
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ	۱۵۹
فوائد اور جامع تقریر نبی صلی اللہ علیہ وسلم	۱۶۸
حبیب و خلیل کا فرق آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر	۱۸۰
اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ	۱۹۵
فضائل حج آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر	۱۹۸
سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	۲۱۱
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ	۲۳۵
شراب کے فوائد	۲۵۳
	۲۶۹
یتیم پروری کے فوائد	۲۸۲
یتیم کو ادب سکھانا	۲۸۴
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر	۲۹۰
وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ	۲۹۱
لواطت کی مذمت	۲۹۴
یمین کی اقسام	۳۰۲
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ	۳۱۵
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ	۳۳۰
شیعہ کی تردید	۳۴۸
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ	۳۵۵
شرعی متعہ کی تفسیر	۳۵۶
الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى کی تفسیر و ترجیح کے دلائل و فضائل	۳۶۴
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا	۳۷۲
مسئلہ وسیلہ جلیلہ	۳۹۶
آغاز رکوع عربی، ترجمہ و تفسیر فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ	۴۰۱
اولیاء اللہ کے برکات اور ان کا وسیلہ	۴۰۷
جالوت کا تعارف	۴۰۹
اشمویل علیہ السلام کا علم غیب	۴۰۹
طالوت کی توبہ	۴۱۲
باغی ادیب والطیر	۴۱۸
ہندو مذہب	۴۲۰
شری رشن مہاراج کی پیشن گوئی	۴۲۱
آفتاب آید دلیل آفتاب	۴۲۱
بشارت احمدیہ	۴۲۲
انبیاء علیہم السلام بھی فرما گئے	۴۲۴
بدمذہب کا اعتراف	۴۲۵
انتباہ	۴۲۶
اختتام پارہ دوئم	۴۲۶

marfat.com